امام طبرانی کی شہرہ آفاق کتاب المُعجم الاوسط کی احادیث
کا فقہی ترتیب سے پہلی مرتبہ آسان سلیس اُردو ترجمہ مع تخریج

# المُعجمُ الاوسط

جلد اوّل

تالیف الإمام الحافظ ابی القاسم سلیمان بن احمد بن ایوب اللخمی الطبرانی
المتوفی ۳۶۰ھ

مُترجم غلام دستگیر چشتی سیالکوٹی
مدرس جامعہ رسولیہ شیرازیہ رضویہ بلال گنج لاہور

پروگریسو بکس

امام طبرانی کی شہرہ آفاق کتاب المُعجم الأوسط کی احادیث
کا فقہی ترتیب سے پہلی مرتبہ آسان سلیس اُردو ترجمہ مع تخریج

جلد اوّل

# المُعجم الأوسط

تالیف

الإمام الحافظ ابی القاسم سلیمان بن احمد بن ایوب اللخمی الطبرانی

المتوفی ۳۶۰ھ

مترجم

غلام دستگیر چشتی سیالکوٹی
مدرس جامعہ رسولیہ شیرازیہ رضویہ بلال گنج لاہور

پروگریسو بکس
یوسف مارکیٹ ٥ غزنی سٹریٹ
اُردو بازار ٥ لاہور
فون 042-37124354 فیکس 042-37352795

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم



# المعجم الاوسط

جلد اوّل

تالیف

الامام الحافظ ابی القاسم سلیمان بن احمد بن ایوب اللخمی الطبرانی

المتوفی ۳۶۰ھ

مترجم

غلام دستگیر چشتی سیالکوٹی

مدرس جامعہ رسولیہ شیرازیہ رضویہ بلال گنج لاہور


| | | |
|---|---|---|
| بار اول | ..................... | اگست 2015ء |
| پرنٹرز | ..................... | آصف صدیق، پرنٹرز |
| تعداد | ..................... | 1100/- |
| ناشر | ..................... | چوہدری غلام رسول۔ میاں جواد رسول<br>میاں شہزاد رسول |
| قیمت | ..................... | =/ روپے |

ملنے کے پتے

ملت پبلی کیشنز
فیصل مسجد اسلام آباد Ph: 051-2254111
E-mail: millat_publication@yahoo.com

اسلام بک ڈپو
۱۲۔ گنج بخش روڈ لاہور فون 042-37112941
0323-8836776

شوروم ملت پبلی کیشنز دوکان نمبر 5- مکہ سنٹر نیو اردو بازار لاہور 0321-4146464
Ph: 042-37239201 Fax: 042-37239200

پروگریسو بکس
یوسف مارکیٹ ○ غزنی سٹریٹ
اُردو بازار ○ لاہور
فون 042-37124354 فیکس 042-37352795

# فہرست
## (بلحاظِ فقہی ترتیب)

## کتاب العلم

## کتاب الحیض والنفاس



## کتاب الصلوٰۃ

## کتاب صلوٰۃ الفطر والاضحی



## کتاب الجنائز

## کتاب فضائل القرآن

## كتاب التفسير

## كتاب الجنة والجهنم

## کتاب آداب السفر



## کتاب البیوع

## کتاب الجهاد

## كتاب المريض

## كتاب الدعاء

## کتاب فضائل سیّد الانبیاء

## کتاب فضائل الصحابة

## كتاب مناقب الامة

## کتاب المواریث



## کتاب الزکوٰۃ والصدقۃ

## كتاب الذكر

## کتاب الموت

## كتاب علامات الساعة والفتن

## کتاب البر

## کتاب اللباس

## کتاب الحدود



## کتاب الطلاق

# کتاب متفرق المسائل

☆☆☆☆☆

# فہرست
## (بلحاظِ حروفِ تہجی)



☆☆☆☆☆

# انتساب

راقم الحروف اپنی اس کاوش کو حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے والدین طیبین طاہرین جناب سیّدنا ومولانا حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ اور سیّدہ طیبہ طاہرہ عفیفہ مخدومہ کائنات حضرت آمنہ رضی اللہ عنہا اور مولا مشکل کشا شہنشاہِ ولایت کی والدہ ماجدہ سیّدہ طیبہ طاہرہ حضرت فاطمہ بنت اسد رضی اللہ عنہا کے نامِ نامی سے منسوب کرتا ہوں، جن کی خاص توجہ ومہربانی سے احقر العباد اس قابل ہوا۔

غلام دستگیر چشتی سیالکوٹی
خادم التدریس جامعہ رسولیہ شیرازیہ بلال گنج وسگیاں

☆☆☆☆☆

# الاهداء

راقم الحروف اپنی اس کاوش کو اپنے والد ماجد محترم المقام اللہ رکھا اور اپنی والدہ ماجدہ اور اپنے برادرِ اکبر محترم المقام حافظ عبدالمجید صاحب کے نامِ نامی سے ہدیہ کرتا ہوں' جن کی شفقت اور دعاؤں سے احقر کو دین پڑھنے کی سعادت حاصل ہوئی ہے۔

غلام دستگیر چشتی غفرلہ
خادم التدریس جامعہ رسولیہ شیرازیہ' بلال گنج وسگیاں

☆☆☆☆☆

# عرضِ ناشر

اللہ عزوجل کے فضل اور رسولِ پاک ﷺ کے فضل و کرم اور والدین کی دعاؤں کے صدقے سے ادارہ پروگریسو بکس نے بہت تھوڑے عرصہ میں کتب احادیث کے کئی تراجم منظر عام پر لائے ہیں۔ اُن میں سے مسند حمیدی، صحیح ابن خزیمہ، صحیح ابن حبان، مؤطا امام مالک، مؤطا امام محمد، شرح مسند امام اعظم کے تراجم آ چکے ہیں، جن کو ہر قاری نے بڑا پسند کیا ہے۔ اس تسلسل کو برقرار رکھتے ہوئے اب امام طبرانی کی انتہائی مشہور کتاب ''المعجم الأوسط'' کا ترجمہ کروایا ہے۔ اس کتاب کے ترجمہ کے لیے ہم نے عالم اسلام کی عظیم دینی و روحانی درسگاہ جامعہ رسولیہ شیرازیہ رضویہ، بلال گنج کے مدرس محترم المقام علامہ مولانا غلام دستگیر چشتی سیالکوٹی کی خدمات حاصل کی ہیں، جنہوں نے بڑی محنت اور سرعت کے ساتھ ترجمہ کیا ہے، اللہ عزوجل مولانا کے علم میں مزید برکت دے اور مزید دو دین کی خدمت کی توفیق دے۔

ماشاء اللہ! مولانا کی ایک کتاب جو اپنے موضوع پر بے مثال ہے: ''دورِ صحابہ کے زمانہ میں ایصالِ ثواب کی مختلف صورتیں'' جو کہ علامہ ظفر الدین بہاری کی کتاب ہے، ادارہ نے اس کی تخریج کروا کے اور کچھ اضافہ کر کے شائع کیا ہے۔

آپ لوگوں کی دعاؤں کے طلبگار:

چوہدری غلام رسول

چوہدری شہباز رسول

چوہدری جواد رسول

چوہدری شہزاد رسول

☆☆☆☆☆

# عرضِ مترجم

اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے فضل وکرم اور اس کے نیک بندوں کی خاص توجہ اور اساتذہ کرام اور والدین کی دعاؤں کے صدقے احقر العباد نے المعجم الاوسط کا ترجمہ مکمل کیا۔ یہ ترجمہ احقر نے بے پناہ مصروفیت کے ساتھ ساتھ بڑی سرعت کے ساتھ دو ماہ میں مکمل کیا ہے' اس میں میرا کوئی کمال نہیں ہے بلکہ بزرگوں کی دعاؤں کا صدقہ ہے۔ احقر العباد کے اندر ایک بات ہے کہ جو کام احقر کو سپرد کیا جاتا ہے' اس کو جلد از جلد پایۂ تکمیل تک پہنچانے کی کوشش کرتا ہے۔ معجم الاوسط کے ترجمہ کے دوران احقر کے دل میں خیال یہ خیال آیا کہ اس کتاب میں امام طبرانی نے اپنے شیوخ کے حوالہ سے احادیث نقل کی ہیں۔ جس سے عوام کے لیے فائدہ اُٹھانا ذرا مشکل معلوم ہوتا تھا' اس لیے عوام کی سہولت کے لیے اس کی فہرست کو فقہی انداز میں ترتیب دیا گیا ہے' جو ایک منفرد کام ہے۔

الحمدللہ! احقر کا تعلق مسلک حق اہل سنت و جماعت سے ہے' جن کے عقائد ونظریات بالکل وہی ہیں جو صحابہ کرام کے زمانہ سے لے کر آج تک رہے ہیں۔

آخر میں اُن لوگوں کا شکریہ ادا کرنا ضروری سمجھتا ہوں جنہوں نے احقر کی بےلوث مدد کی ہے' کیونکہ حدیث پاک میں آتا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو لوگوں کا شکریہ ادا نہیں کرتا ہے وہ اللہ کا کیسے شکریہ ادا کرے گا۔ اس حدیث کے پیش نظر اُن کے نام بطور تبرک ذکر کرتا ہوں:

(۱) استاذ الاساتذہ حضور شیخ الحدیث والتفسیر مفتی گل احمد خان عتیقی کا' جنہوں نے احقر کے ساتھ بہت تعاون کیا۔

(۲) اور استاذی المکرم حضرت علامہ مولانا صاحبزادہ رضائے مصطفیٰ نقشبندی صاحب کا جنہوں نے احقر کے ساتھ بے حد تعاون کیا' جن کا میں شکریہ ادا نہیں کرسکتا ہوں۔

(۳) اور خصوصاً اپنے اس عظیم استاذ کا جنہوں نے راقم الحروف کو طالب علمی کے زمانہ سے تحریر کا شوق دلایا اور بے پناہ محبت کرنے والے جن کا شکریہ ادا کرنے کے لیے احقر کے پاس الفاظ نہیں ہیں۔ میری مراد مفکر اسلام ڈاکٹر محمد عارف نعیمی مدظلہ العالی کا' اور استاذی المکرّم حضرت شیخ الحدیث مفتی اشرف بندیالوی صاحب کا' جن کی بے پناہ دعائیں احقر کے شامل حال ہیں۔

(۴) اور اپنے اس عظیم بھائی جناب حافظ عبدالمجید صاحب کا جن کی انتہائی شفقت کے ساتھ راقم کو دین پڑھنے کی سعادت

حاصل ہوئی ہے۔

(۵) اور اپنے اس عظیم محسن کا جن کے ادارے کی طرف سے یہ کتاب شائع ہو رہی ہے۔ انتہائی مخلص اور محنت کرنے والے محترم المقام جناب چوہدری جواد رسول صاحب جنہوں نے دن رات ایک کر کے کتاب کو دیدہ زیب انداز میں طبع کروا کے مارکیٹ میں لانے میں اہم کردار ادا کیا۔ اور محترم المقام ریحان علی صاحب کا جنہوں نے بڑی محنت اور خوبصورتی کے ساتھ نہایت سرعت سے دیدہ زیب انداز میں کمپوزنگ کی۔ اللہ عزوجل اس ادارہ کو دن رات ترقی عطا فرمائے!

## اعتذار

آخر میں قارئین کرام سے درخواست ہے کہ اگر کتاب میں کوئی غلطی یا ایسی بات جو قابلِ توجہ ہو اس کی اصلاح فرمائیں اور مطلع فرمائیں تا کہ آئندہ ایڈیشن میں اس کا ازالہ کیا جائے۔ اللہ عزوجل ہم کا حامی و ناصر ہو۔

غلام دستگیر چشتی غفرلہ

☆☆☆☆☆

بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم

ذلك فضل اللّٰہ یعطیه من یشاء

## استاذ الاساتذہ یادگارِ اسلاف شیخ الحدیث والتفسیر

## مفتی محمد گل احمد خان عتیقی صاحب' حال شیخ الحدیث جامعہ رسولیہ شیرازیہ' جامعہ ہجویریہ

## سابق مدرس ومفتی جامعہ رضویہ فیصل آباد' سابق شیخ الحدیث جامعہ نظامیہ رضویہ

الحمد للّٰہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علٰی سیّدالانبیاء والمرسلین خاتم النبیین رحمة للعٰلمین الذی کان نبیًا وآدم لَمُنجَدل فی طینةٍ وعلی آلِہِ الْمُجْتبٰی وَعلٰی اصحابه الذین ھم نجوم الھدی وَبَعْدُ .

بعض لوگ طبعًا بہت سادہ مزاج ہوتے ہیں مگر خالق کائنات عزاسمہ' نے انہیں فطرتِ سلیمہ سے نوازا ہوتا ہے اوران سلیم الفطرت لوگوں میں سے بعض کو علم دین کی نعمت عظمیٰ عطا کردی جاتی ہے' چنانچہ ارشادِ نبوی ہے: ''مَنْ یُّرِدُ بِهِ اللّٰهُ خَيْرًا يُفَقِّهُهُ فِي الدِّيْنِ '' کہ اللہ تعالیٰ جس کے ساتھ خیر کا ارادہ فرماتا ہے اسے دین میں فقاہت فرما دیتا ہے اور بعض سلیم الفطرت لوگ ایسے بھی ہوتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ ان کے قلبِ سلیم میں دینِ اسلام کی تبلیغ کی لگن' جذبہ اور شوق پیدا فرما دیتا ہے' پھر وہ اسی شوق اور لگن میں مگن ہوکر دنیا اور مافیہا سے بے نیاز ہوکر شب وروز علمِ دین کی تبلیغ میں ایسے منہمک ہوجاتے ہیں کہ نہ اپنوں کی بے حسی ان کے آڑے آتی ہے اور نہ ہی بیگانوں کا بیگان پن' نہ انہیں داد وتحسین کی کوئی چاہت ہوتی ہے اور نہ ہی کسی ناقد کی تنقید کی پراہ' ہر حال میں وہ تبلیغ دین کے لیے کمربستہ رہتے ہیں اور ان کا قلم تبلیغ دین کے لیے رواں دواں رہتا ہے۔ انہی خوش قسمت اور سعادت مندوں میں سے ایک مولانا غلام دستگیر صاحب بھی ہیں جو قدیمی مشہور دینی درسگاہ جامعہ رسولیہ شیرازیہ بلال گنج اور جامعہ رسولیہ سگیاں دونوں مدارس میں تدریسی خدمات سرانجام دیتے ہیں' علاوہ ازیں اپنے علاقے کی ایک مرکزی جامع مسجد کے امام اور خطیب بھی ہیں۔ منع کرنے کے باوجود میرے گھر کے چھوٹے موٹے کام سعادت سمجھ کر کرتے ہیں' گاہے بگاہے چھوٹے عزیز محمد عمیر احمد خاں کو سکول چھوڑنے کے لیے لے جاتے' علاوہ ازیں شرح ترمذی جس کا کام نہایت سست روی سے ہورہا ہے اس کے لیے حوالہ جات اور کتب بھی مہیا کرتے ہیں' شرح ترمذی کا کام نہایت ہی سست روی سے کیوں ہورہا ہے اس کا ذکر نہ کرنا ہی مناسب تر ہے مگر حقیقتِ حال سے آگاہ کرنا بھی ضروری ہے جسے صرف اس ایک شعر میں عرض کردیا جائے تو بہتر ہے:

| | |
|---|---|
| صبتُ علیّ مصائب | لوصبت علی الایام صرن لیالیا |
| فالی اللّٰہ المشتکی | الحمد للّٰہ علی ذلك |

علاوہ ازیں گوناگوں مصروفیات کے باوجود بتوفیق خالقِ کائنات جل جلالہٗ وعزاسمہ بوسیلہ باعثِ تخلیق کائنات ورحمتِ

کائنات ﷺ متعدد کتب کے مؤلف بھی ہیں اور کچھ کتب کی تخریج بھی کر چکے ہیں اور متعدد بڑی بڑی ضخیم کتب احادیث کے تراجم کرنے کا شرف بھی حاصل کر چکے ہیں جن میں ابوداؤد طیالسی کا ترجمہ تین جلدوں میں اور المعجم الصغیر کا ترجمہ زیورِ طباعت سے مزین ہو کر منظرِ عام پر آ کر عوام و خواص میں قبولیتِ عامہ اور شرفِ پذیرائی حاصل کر چکے ہیں اور یہ دونوں کتابیں میرے مطالعہ میں بھی رہتی ہیں۔ اب ماشاء اللہ بہت جلد المعجم الاوسط کا ترجمہ کی پہلی دو جلدیں چھپ کر منظرِ عام پر آنے والی ہیں' آپ کی یہ کاوشیں' یہ جذبہ اور شوق قابلِ صد تحسین ہیں اور اصاغر و اکابر سب کے لیے قابلِ رشک اور قابلِ تقلید ہیں۔

این قوت بازو باز و نیست بلکہ ذٰلِکَ فَضْلُ اللّٰهِ یُعْطِیْهِ مَنْ یشاء ۔

جو علماءِ حق علمِ حدیث کی درس و تدریس ترجمہ و تحقیق اور اشاعت میں مصروف رہتے ہیں انہیں بارگاہِ رسالت سے بڑے بڑے اعزازات سے نوازا گیا' انہیں انبیاء کے وارث کہا گیا ہے' نیز ان کے بارے میں یہ ارشادِ نبوی ہے: (ترجمہ:) میری اُمت کے علماء انبیاءِ بنی اسرائیل علیہم الصلوٰۃ والسلام کی طرح مشقتیں برداشت کر کے علمِ حق بلند رکھیں گے' نیز سرورِ دوعالم ﷺ نے اپنے خلفاء اور نائبین قرار دیا ہے۔ چنانچہ ایک مرتبہ آپ ﷺ اپنے فدا کار اور جاں نثار صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم کے جھرمٹ میں جلوہ افروز تھے تو آپ ﷺ نے فرمایا: اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ خُلَفَائِی کہ اے اللہ! میرے خلفاء کی بخشش فرما! صحابہ کرام نے عرض کی: مَنْ خُلَفَائُکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْکَ وَسَلَّمَ کہ یارسول اللہ ﷺ! آپ کے خلفاء کون ہیں؟ تو آپ نے فرمایا: اَلَّذِیْنَ یَرْوُوْنَ اَحَادِیْثِیْ وَیُبَلِّغُوْنَهَا وَیَعْمَلُوْنَ بِهَا او کما قال علیه السلام کہ میرے خلفاء وہ ہیں کہ جو میری احادیث بیان کرتے ہیں اور انہیں لوگوں تک پہنچاتے ہیں اور ان پر عمل کرتے ہیں۔

تو ان معلمین' مترجمین اور شارحینِ احادیث کو یہ شرف حاصل ہے کہ یہ سرورِ دوعالم ﷺ کے نائبین اور خلفاء ہیں' زہے عز و شرف۔ بہرحال مولانا کا مشن کثرت سے احادیث کی اشاعت ہے اور یہ کوئی وقت ضائع کیے بغیر حتی المقدور اس میں مصروف رہتے ہیں اور ان کے متعدد تراجم احادیث آمد دلیل آفتاب کے مصداق ہیں۔ کسی تحریر اور ترجمہ کا کمالِ حسن یہ ہے کہ وہ عام فہم' آسان تر اور کَلِّمُوا النَّاسَ عَلٰی قَدْرِ عُقُوْلِهِمْ کا مصداق و مظہر ہوں کہ لوگوں کی عقلوں کے مطابق ان سے بات کرو۔ اور مولانا کے جو تراجم سطحی نظروں سے میرے سامنے آئے ہیں' ان کا بھی کمالِ حسن یہی ہے کہ وہ عام فہم اور آسان تر ہیں۔ اللہ تعالیٰ بوسیلۂ سیّد الانبیاء مولانا کے علم' عمل' عمر' کوششوں اور للّٰہیت اور خلوص میں برکتیں عطا فرمائے اور ان کی کاوشوں کو ان کے لیے ان کے معاونین اور ناشرین بشمول میرے اور میری اولاد کے آخرت کی نجات و بخشش کا ذریعہ بنائے۔ آمین!

جب مولانا کا المعجم الاوسط کی دو جلدوں کی طباعت کا شروع تھا تو اسی دوران اللہ تعالیٰ نے آپ کو فرزندِ ارجمند مسمّی محمد حسن دستگیر سیالکوٹی کی نعمتِ عظمیٰ کا تحفہ عنایت فرمایا' اللہ تعالیٰ ان کی عمر دراز فرمائے اور اسے مولانا کا صحیح جانشین بنائے۔ آمین ثم آمین!

حررہٗ (المفتی) محمد گل احمد خان عتیقی

خادم الحدیث الشریف' جامعہ ہجویریہ داتا دربار لاہور

خادم التدریس والحدیث جامعہ رسولیہ شیرازیہ لاہور

## استاذ الاساتذہ ماہر علم المیراث شیخ الحدیث والتفسیر پیر طریقت
## حضرت علامہ مفتی غلام محمد بندیالوی شرقپوری دام اللہ ظلہ

الحمد الله هدٰنا علم الحديث رواية ولمع سراج علم الحديث دراية فی افئدتنا وانار مصباح الحديث فی صدورنا واقر عيوننا برؤية حديث رسول الله صلى الله عليه وسلم والصلوٰة والسلام علٰى رسوله المختار وآله الاطهار وصحبه الاخيار .

امابعد!

حدیث نبوی ﷺ کی خدمت اور اشاعت وابلاغ کے دوطریق ہیں: (۱) تدریس (۲) تحریر' بعض نفوس کو اللہ تعالیٰ نے ان دونوں صفتوں سے متصف فرمایا' یعنی وہ مدرس ہیں اور محرر اور مؤلف بھی ہیں۔ **ذلك فضل الله يوتيه من يشاء .**

مدرس اور محرر کے درمیان نسبت عموم وخصوص من وجہ کی ہے اور اس نسبت مذکورہ میں دو مادے افتراق اور ایک مادہ اجتماعی ہوا کرتا ہے۔

پہلا مادہ افتراق: مثلاً بعض لوگ مدرس تو ہیں مگر محرر نہیں ہیں۔

دوسرا مادہ افتراق: مثلاً بعض لوگ محرر تو ہیں مگر مدرس نہیں ہیں۔

مادہ اجتماعی: مثلاً بعض لوگ مدرس ہیں اور محرر بھی ہیں۔ فالحمد علٰی ذٰلک حمدًا کثیرًا طیبًا مبارکًا۔

فاضل جلیل عالم نبیل بدر المعلمین حضرت قبلہ مولانا غلام دستگیر صاحب حفظہ اللہ تعالیٰ میں مادہ اجتماعی علٰی طریق اتم پایا جاتا ہے۔

فاضل موصوف بیک وقت بہترین مدرس ہیں اور مؤلف اور محرر بھی ہیں۔

فاضل جلیل نے اس سے پہلے المعجم الصغیر' مسند ابوداؤد طیالسی کا ترجمہ بھی تحریر فرمایا جو کہ اپنی جمیع خصوصیات کی وجہ سے منظر عام پر آ گئے ہیں اور زیورِ قبولیت سے متجلی ہو چکے ہیں۔ **ذلك فضل الله يؤتيه من يشاء .**

''المعجم الاوسط للطبرانی'' کا ترجمہ تحریر فرمار ہے ہیں' انشاء اللہ اس کتاب کی پہلی دو جلدیں زیورِ طبع سے متصف ہو کر جلد ہی منظر عام پر آ رہی ہیں۔

احقر کو فاضل موصوف کا ترجمہ دیکھنے کا اتفاق ہوا' قلبی فرحت محسوس ہوئی' فاضل موصوف علم الفرائض والمواریث میں بھی

ید طولیٰ رکھتے ہیں۔

علم فرائض کے مقامات عسیرہ اور زوایا مکنونہ پر ایسے طریق متوحد اور اسلوب منفرد سے سیر حاصل بحث کرتے ہیں کہ آپ سے پڑھنے والے طالب علم آپ کی خداداد ذہانت اور فطانت اور عرق ریز محنت کو خراجِ تحسین پیش کرنے پر مجبور ہو جاتے ہیں۔ انشاء اللہ العزیز ''المعجم الاوسط للطبرانی'' کا یہ عظیم شاہکار ترجمہ اسالیب فریدہ و اطرزہ ساحرہ سے متحلہ اپنی عبقریت میں عالم اسلام کا پہلا ترجمہ ہوگا۔

المعجم الاوسط للطبرانی کے قراطیس جو نقوش ملمعہ اور خطوط غالیہ سے مزخرف کیے گئے ہیں۔ انشاء اللہ العزیز ناظرین کے لیے قرۃ العینین و تسکین الخواطر ثابت ہوں گے اور حضرت مترجم زید مجدہ کا یہ ترجمہ نسلِ آدم کے غیر محصور ذوات کو ظلماتِ جہل سے نکال کر لمعات اور تنورات علم پر اور صفۂ تصورات سے منصۂ تصدیقات پر فائز کر دے گا اور یہ ترجمہ شکوک کے غیاسب اور اوھام کے ظلمات کے لیے بدر الھدیٰ ثابت ہوگا اور طریق مستویٰ سے بھٹکے لوگوں کی ظلام اللیالی کے لیے سراجِ منیر ہوگا۔ اطاعت اور املال سے مصون اور محفوظ ہوگا اور اطناب اور اخلال کی معضلات سے منجی ہوگا۔

اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں دعا ہے کہ مترجم موصوف کا یہ شاہکار ترجمہ عرب و عجم میں مقبول فرمائے۔

العبد الضعیف (المفتی) غلام محمد بندیالوی خویدیم العلوم
الشریعۃ النبویہ علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسلام دائما ابدًا مدینۃ العلوم جامعہ نبویہ شرقپور شریف روڈ

☆☆☆☆☆

## شیخ الحدیث والتفسیر' جانشین محقق اسلام عالم نبیل مبلغ یورپ
## مفسر قرآن شارح ابن ماجہ' ابوداؤد' مسند حمیدی
## قاری محمد طیب نقشبندی دام اللہ ظلہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حامدًا و مصلّیًا

مکرمی مولانا غلام دستگیر طول اللہ عمرہ نے متعدد کتب حدیث کا اُردو ترجمہ کیا ہے' اس سے قبل وہ مسند ابوداؤد طیالسی اور معجم الصغیر للطبرانی کا ترجمہ کر چکے ہیں اور اب المعجم الاوسط للطبرانی کا ترجمہ کر رہے ہیں' میں نے اس ترجمہ کو چند مقامات سے پڑھا ہے' ماشاء اللہ ترجمہ میں ایک روانی ہے' ترجمہ کرنے کے لیے ضروری ہے کہ مترجم منہ اور مترجم الیہ دونوں زبانوں پر لکھنے والے کو عبور ہو۔ الحمد للہ! مولانا موصوف کو جہاں عربی زبان پر دسترس ہے وہاں اُردو پر بھی ان کا کنٹرول ہے اور اللہ نے کم عمری ہی میں ان کو احادیثِ نبویہ کے تراجم کا شوق دے دیا ہے اور وہ سرعت کے ساتھ پے در پے کتابوں کے تراجم لکھتے جا رہے ہیں۔ اُمید کی جاسکتی ہے کہ ان کی کوششیں اُمت مسلمہ کے علمی معیار کو بلند کرنے میں مد ثابت ہوں گی۔ اللہ رب العزت ان کے زورِ قلم میں اضافہ فرمائے اور وہ ہمیشہ اسی طرح خدمت دین میں مصروف رہیں' آپ جامعہ رسولیہ شیرازیہ لاہور کے قابلِ فخر فضلاء میں سے ہیں جن کے ذریعہ جامعہ کا فیض دور دور تک پہنچے گا۔ انشاء اللہ!

والسلام!

محمد طیب غفرلہ

ناظم جامعہ رسولیہ مانچسٹر' انگلینڈ

سرپرست جامعہ رسولیہ شیرازیہ' بلال گنج' لاہور

☆☆☆☆☆

# حالات امام طبرانی رحمۃ اللہ علیہ

## نام ونسبت' ولادت' خاندان' وطن

آپ کا نام سلیمان ہے اور کنیت ابوالقاسم ہے اور سلسلۂ نسب یوں ہے: سلیمان بن احمد بن ایوب بن مطیر۔ آپ ۲۶۰ھ ماہِ صفر میں پیدا ہوئے۔ آپ کا تعلق قبیلہ لخم سے تھا' اس لیے آپ کو لخمی کہا جاتا تھا۔ لخم' یمن کا ایک قبیلہ ہے۔ امام طبرانی کے والد ماجد کو علم سے بڑا شغف تھا' یہی وجہ تھی کہ وہ اپنے بیٹے (یعنی امام طبرانی) کو بھی علم حاصل کرنے کی نصیحت کرتے تھے۔ ان (یعنی امام طبرانی) کا وطنِ اصلی طبریہ ہے' یہ اُردن کے قریب موجود ہے۔

## مشائخ کرام

امام طبرانی نے لاتعداد محدثین کی صحبت حاصل کی' جن میں سے اکثر کے اسماءِ گرامی درج ذیل ہیں:

☆ احمد بن عبدالقاہر
☆ حسن بن سہل
☆ حفص بن عمر
☆ ابراہیم بن ابوسفیان قیسرانی
☆ ابوزرعہ دمشقی
☆ احمد بن انس
☆ بشر بن موسیٰ
☆ یحییٰ بن ایوب علاف
☆ ابوخلیفہ فضل بن حباب
☆ حسن بن عبدالاعلیٰ بوسی
☆ ادریس بن جعفر عطاء
☆ ابراہیم بن موید شیبانی۔

## حدیث میں درجہ

امام طبرانی اہل علم وفضل میں نہایت اہمیت کے حامل تھے۔

ابوبکر بن علی کہتے ہیں کہ وہ بہت وسیع علم کے مالک تھے۔

حافظ ذہبی کا کہنا ہے کہ کثرتِ احادیث اور متعدد اسناد میں ان (امام طبرانی) کی ذات بہت اہمیت کی حامل تھی۔

## تصانیف

امام طبرانی نے متعدد کتب تصنیف کیں' لیکن اس دور کے دوسرے مصنفین ومؤلفین کی طرح ان کی بھی متعدد کتب محفوظ نہ رہ سکیں۔ ان (امام طبرانی) کی چند تصنیف کے نام درج ذیل ہیں:

(۱) کتاب الفرائض
(۲) کتاب المامون
(۳) کتاب الزہری عن انس
(۴) مسند ابی جحادہ
(۵) مسند عمارۃ بن غزیہ
(۶) احادیث ابی عمرو بن العلاء
(۷) وصیۃ ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ
(۸) کتاب الطہارۃ
(۹) مسند زیاد الجصاص
(۱۰) مسند زافر
(۱۱) کتاب المناسک
(۱۲) کتاب مسند شعبہ
(۱۳) فوائد معرفۃ الصحابہ
(۱۴) مسند ابی ذر رضی اللہ عنہ
(۱۵) کتاب الرد علی الجہمیۃ
(۱۶) کتاب الغسل
(۱۷) کتاب فضل العلم
(۱۸) کتاب ذم الرای
(۱۹) کتاب تفسیر الحسن
(۲۰) معرفۃ الصحابہ
(۲۱) کتاب مسند سفیان
(۲۲) کتاب السنۃ
(۲۳) حدیث حمزۃ الزیات
(۲۴) مسند ابی جحادہ
(۲۵) حدیث مسعر
(۲۶) کتاب من اسمہ عطاء
(۲۷) حدیث ابی سعد البقال
(۲۸) طرق حدیث من کذب علی
(۲۹) کتاب النوح
(۳۰) کتاب غرائب مالک
(۳۱) جزو ابان بن تغلب
(۳۲) جزء حدیث ابن ابی مطر
(۳۳) مسند الحارث العکلی
(۳۴) مسند ابن عجلان
(۳۵) کتاب الدعاء
(۳۶) کتاب من اسمہ عباد
(۳۷) المعجم الالویہ
(۳۸) کتاب الرد علی المعتزلہ
(۳۹) کتاب الجود
(۴۰) حدیث ایوب۔

## وفات

امام طبرانی نے ۲۸ ذوالقعدہ ۳۶۰ھ کو انتقال فرمایا' اُس وقت آپ کی عمر سو سال کے قریب تھی۔ آپ کی قبرِ انور حضرت حمدوسی رضی اللہ عنہ کے مزارِ انور کے قرب میں ہے۔

☆☆☆☆☆

# امام طبرانی کا علمی مقام...... حضرت شاہ عبدالعزیز کی نظر میں

## امام طبرانی کی معاجم ثلاثہ کا تعارف

ان معاجم میں سے ایک کبیر' دوسرا اوسط اور تیسرا صغیر ہے' جاننا چاہئے کہ مسند معجم کبیر کو مرویاتِ صحابہ رضی اللہ عنہم کی ترتیب پر مرتب کیا گیا ہے چونکہ یہ مدنظر تھا کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے مسندات کو جدا مرتب کریں' اس وجہ سے ان کی مرویات میں سے کسی روایت کو اس میں بیان نہیں کیا گیا ہے لیکن انہیں اس کا موقع نہ مل سکا' یا اگر موقع ملا تو اس کو شہر تنصیب نہیں ہوئی۔ معجم اوسط کی چھ جلدیں ہیں' ہر ایک جلد ایک ضخیم کتاب ہے اور یہ ترتیب اسماءِ شیوخ مرتب ہے۔ ان کے شیوخ کی تعداد تقریباً ایک ہزار ہے۔ اپنے ہر شیخ سے جو عجائب وغرائب سنے تھے' ان کو اس میں بیان کیا ہے۔ یہ کتاب دار قطنی کی کتاب الافراد کی مانند ہے۔ اصطلاحِ محدثین میں افراد وغرائب ان حدیثوں کو کہتے ہیں جو اپنے شیخ کے سوا اور کسی کے پاس نہ ہوں۔ طبرانی اس کتاب کی نسبت یہ فرمایا کرتے تھے کہ یہ میری جان ہے۔ اور فی الواقع علم حدیث میں ان کی فضیلتِ علمی اور وسعتِ روایت کا پتہ اسی سے چلتا ہے۔ لیکن محققین اہل حدیث نے فرمایا ہے کہ اس میں منکرات بہت ہیں۔ اس کا منشاء یہ ہے کہ غرابت اسی کو مقتضی ہے اور تفرد ثقہ کا جس کو اصطلاح میں ''غریب صحیح'' بھی کہتے ہیں' ایک باب ہے۔ معجم صغیر بھی شیوخ ہی کی ترتیب پر مرتب ہے اور اس کتاب میں ان شیوخ کا بھی ذکر کیا ہے جن سے صرف ایک ایک حدیث کا استفادہ کیا۔ معجم کبیر کے آخر میں حدیث حلب العنز کے سلسلہ میں یہ حدیث بیان کی ہے۔

عبید بن غنام' ابوبکر بن ابی شیبہ' وکیع' اسحاق' عبدالرحمٰن بن زید الفائشی' بنت خباب فرماتی ہیں کہ میرے والد حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حیات میں ایک جہاد میں تشریف لے گئے۔ ان کی غیر موجودگی میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہمارے پاس تشریف لایا کرتے تھے اور ہماری بکری کا دودھ نکالا کرتے تھے۔ اس کو کٹیرے (لکڑی کا بڑا برتن) میں دوہتے تھے تو وہ بھر جاتا تھا' پھر جب خباب آئے اور وہ دوہنے لگے تو دودھ پھر اپنی اصلی مقدار پر لوٹ آیا (یعنی وہ برکت زائل ہوگئی)۔

معجم صغیر کے آخر میں فضیلت نساء کے بارے میں یہ حدیث منقول ہے:

سمانہ بنت محمد بن موسیٰ' محمد بن موسیٰ' محمد بن عقبہ السدوسی' محمد بن حمران' عطیۃ الدعاء' حکم بن حارث سلمی فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے: جو شخص مسلمانوں کے راستے میں سے ایک بالشت زمین کو بھی دبالے گا تو قیامت کے روز ساتوں زمینوں سے اسی قدر لے کر طوق بنا کر اس کی گردن میں ڈالا جائے گا اور صلیحہ بنت فضل بن دکین فرماتی ہیں کہ میں نے اپنے والد سے سنا ہے کہ قرآن اللہ تعالیٰ کا کلام ہے' مخلوق (حادث) نہیں ہے۔

طبرانی کی کنیت ابوالقاسم ہے اور نام سلیمان ہے' احمد بن ایوب بن مطیر لخمی طبرانی کے بیٹے ہیں۔ ملک شام کے شہر عکہ میں بماہ صفر ۲۶۰ھ میں پیدا ہوئے اور ۲۷۳ھ میں آپ نے طالب علمی شروع کی۔ ملک شام کے اکثر شہروں حرمین شریفین

یمن، مصر، بغداد، کوفہ، بصرہ، اصفہان، جزیرہ اور اسلام کی دیگر آباد بستیوں میں سیر وسیاحت کی۔ علی بن عبدالعزیز بغوی، بشر بن موسیٰ، ادریس عطاء، ابوزرعہ دمشقی اور ان کے ہمعصروں سے حدیث شریف کی سماعت حاصل کی۔ طبرانی کے والد بزرگوار ان کو علم حدیث طلب کرنے کی بے حد ترغیب دیا کرتے تھے اور خود انہیں اپنے ہمراہ لے کر شہر بہ شہر پھرتے ہوئے استادوں کی خدمت میں پہنچاتے تھے۔ ان تینوں معجموں کے علاوہ جن کا ابھی ذکر ہوا ہے، ان کی اور بھی بہت سی تصانیف موجود ہیں۔

## امام طبرانی کی کتاب الدعاء کا تعارف

اس کے شروع میں ذیل کی حدیث نقل کی ہے اور اسی کتاب سے صاحب حصن حصین نے بھی نقل کیا ہے۔

حافظ ابوالقاسم نے فرمایا: اس کتاب میں، میں نے رسول اللہ ﷺ کی سب دعاؤں کو جمع کیا ہے (چونکہ) میں نے بہت سے آدمیوں کو دیکھا کہ انہوں نے ایسی دعاؤں سے تمسک کیا ہے جو مقفا ہیں۔ (نیز) ایسی دعائیں جو ہر دن کے لئے وضع کی گئی ہیں اور جنہیں وراقوں یعنی واعظین وغیرہم نے بلاتحقیق جمع کر دیا ہے، حالانکہ وہ نہ جناب رسول اللہ ﷺ سے مروی ہیں اور نہ صحابہ رضی اللہ عنہم اور نہ ان لوگوں سے جو احسان کے ساتھ ان کے پیرو ہیں یعنی تابعین سے۔ بلکہ رسول اللہ ﷺ سے تو یہ منقول ہے کہ دعا میں قافیہ بندی اور تعدی نہ کرو۔ لہٰذا مجھ کو ان اُمور نے ایک ایسی کتاب کے جمع کرنے کی جرأت دلائی کہ جس میں وہ اسانید ہوں جو جناب رسول اللہ ﷺ سے منقول ہیں۔ میں نے اس کتاب کی ابتداء فضائلِ دُعا اور اس کے آداب سے کی ہے اور جس حال میں جو دُعا رسول اللہ ﷺ کیا کرتے تھے، اس کے لیے علیحدہ علیحدہ باب کر کے اس کتاب کو مرتب کیا اور ہر ایک دُعا کو اس کے موقع پر لکھ دیا تاکہ وہ لوگ جو اس کو سنیں یا جن کو یہ پہنچے، اس کی ترتیب کے موافق خدا کی توفیق سے استعمال کریں، جس طرح ہم نے مرتب کیا ہے۔

اس کے بعد ایک باب قائم کیا جس میں اس آیت: ''اُدْعُوْنِیْ اَسْتَجِبْ لَکُمْ'' کی تفسیر فرمائی اور اس میں ایک حدیث اس کے مناسب بیان کی، جس کا ترجمہ یہ ہے:

عبداللہ بن محمد بن سعید بن مریم، محمد بن یوسف فریابی، ح، علی بن عبدالعزیز، ابوحذیفہ، سفیان، منصور، ذر بن عبداللہ، یسیع الحضرمی، نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے کہ عبادت دعا ہی ہے، پھر آپ نے اس کے استشہاد میں وہی آیت پڑھی جس کا ترجمۃ الباب منعقد کیا ہے، یعنی اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: مجھ سے دعا مانگو میں قبول کروں گا اور جو لوگ میری عبادت (دعا) سے تکبر کرتے ہیں، وہ عنقریب ذلت وخواری کے ساتھ جہنم میں داخل ہوں گے۔

یہ کتاب بھی بہت ضخیم ہے، کتاب المسالک، کتاب عشرۃ النساء اور کتاب دلائل النبوۃ، یہ سب کتابیں انہیں کی تصنیف کردہ ہیں۔ تفسیر میں بھی ایک بہت بڑی کتاب تالیف فرمائی ہے۔ ان کے علاوہ اور بہت سی ایسی تصنیفات جو اس زمانہ میں نہیں پائی جاتی، چنانچہ حافظ ابن مندہ نے ان سب کا ذکر کیا ہے۔

## علم حاصل کرنے کے لیے مشقت لازم

طبرانی نے علم حدیث کی طلب میں بہت محنت اور مشقت اُٹھائی ہے' اپنی راحت و آرام کو بالائے طاق رکھ کر تین برس تک بوریہ پر سوتے رہے۔ استاذ ابن العمید جو مشہور و معروف وزیر اور علم عربیت واشعار ولغت میں اپنے وقت کے سردار ہیں اور دولت دیالمہ میں کوئی وزیر اس قابلیت اور لیاقت کا نہیں گزرا ہے۔ اور صاحب بن عباد جو منجملہ وزیران دولتِ دیالمہ کے ایک وزیر ہیں' طبرانی کے شاگرد اور انہی کے تربیت یافتہ ہیں۔

## اصل عزت حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے دین کی خدمت کی وجہ سے ہے

ابن العمید سے منقول ہے' وہ فرماتے ہیں: میرا خیال تھا کہ دنیا میں کوئی مرتبہ اور کوئی منصب وزارت کے برابر نہیں ہے اور مجھ کو جو لذت اور ذائقہ اس مرتبہ میں حاصل ہوا' وہ دنیا کی لذیذ چیزوں میں سے کسی چیز میں بھی نہیں پایا۔ وجہ اس کی یہ تھی کہ میں اس وقت مرجع خلائق تھا اور طرح طرح کے آدمی مجھ کو اپنا ملجا و ماویٰ سمجھتے تھے۔ میں اسی گمان اور خیال میں مست رہتا تھا۔ ایک دن میرے رُوبرو مشہور محدث ابوبکر جعانی اور ابوالقاسم طبرانی کے مابین مذاکرۂ حدیث واقع ہوا۔ کبھی طبرانی اپنی کثرتِ محفوظات کے باعث ان پر غالب آتے تھے اور کبھی ابوبکر اپنی فطانت اور ذکاوت کے سبب سے ان پر سبقت لے جاتے تھے۔ یہی قصہ دیر تک ہوتا رہا' نوبت بایں جا رسید کہ طرفین سے آوازیں بلند ہوئیں اور جوش وخروش پھیل گیا۔ ابوبکر جعابی نے کہا: ''حدّثنا ابو خلیفة قال حدثنا سلیمانُ بن ایوبَ''۔ ابوالقاسم طبرانی نے اسی وقت کہا کہ میں ہی سلیمان بن ایوب ہوں اور ابوخلیفہ میرا ہی شاگرد ہے اور وہ مجھ سے ہی حدیث کی روایت کرتا ہے۔ پس تم کو مناسب ہے کہ خود مجھ سے اس حدیث کی سند حاصل کرو تاکہ تم کو علوِ اسناد حاصل ہو۔ ابن العمید کہتے ہیں کہ اس وقت ابوبکر جعابی شرم سے پانی پانی ہوگئے اور جو شرمندگی انہیں اس وقت حاصل ہوئی دُنیا میں کسی کو نہ ہوئی ہوگی۔ میں اپنے دل میں یہ کہتا تھا کہ کاش میں طبرانی ہوتا اور جو فرحت وغلبہ طبرانی کو حاصل ہوا ہے' وہ مجھ کو ہوتا۔ میں وزیر ہو کر اس قسم کے تحصیل فضائل اور اسباب جاہ سے محروم ہوں۔ راقم الحروف کہتا ہے کہ ابن العمید کی اس تمنا کا سبب اس کی ریاست اور وزارت تھی' ورنہ علماءِ ربانیین کو ایسے غلبوں کے سبب سے نہ کوئی تغیر پیش آتا ہے اور نہ ان کے نفوس کو کسی قسم کی کوئی جنبش ہوتی ہے۔ لیکن ''اَلْمَرْءُ یَقِیْسُ عَلٰی نَفْسِہٖ''۔ غرض یہ ہے کہ طبرانی علم حدیث میں کامل وسعت رکھتے تھے اور کثرتِ روایت میں مستثنیٰ اور ممتاز تھے۔ ابوالعباس احمد بن منصور شیرازی فرماتے ہیں کہ میں نے طبرانی سے تین لاکھ احادیث لکھی ہیں۔ زنادقہ یعنی فرقہ قرامطہ اسماعیلیہ نے جو اس زمانہ میں اہل سنت کے دشمن تھے' طبرانی پر ان کی آخر عمر میں اس وجہ سے سحر کرا دیا تھا کہ وہ احادیث سے ان کے مذہب کا ردّ کیا کرتے تھے' جس سے ان کی بصارتِ ظاہری جاتی رہی تھی۔ آپ نے ماہِ ذیقعدہ ۳۶۰ھ میں وفات پائی۔ جنازہ کی نماز حافظ ابونعیم اصبہانی صاحب حلیة الاولیاء نے پڑھائی' دو ماہ اور ایک سو سال کی عمر پائی۔

☆☆☆☆☆

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

# بَابُ الْاَلِفِ

# الف کا باب

# مَنِ اسْمُهُ اَحْمَدُ

# جس راوی کا نام احمد ہے اس کی روایات

1 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ بْنِ نَجْدَةَ الْحَوْطِيُّ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ صَالِحِ الْوُحَاظِيُّ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ يَزِيدَ بْنِ ذِي عَصْوَانَ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ اَبِي بُرْدَةَ، عَنْ اَبِي مُوسَى قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اُمَّتِي اُمَّةٌ مَرْحُومَةٌ، لَا عَذَابَ عَلَيْهَا فِي الْآخِرَةِ، فَاِذَا كَانَ يَوْمُ الْقِيَامَةِ، دُفِعَ اِلَى كُلِّ رَجُلٍ مِنَ الْمُسْلِمِينَ رَجُلٌ مِنْ اَهْلِ الْكِتَابَيْنِ، فَيُقَالُ: يَا مُسْلِمُ، هَذَا فِدَاؤُكَ مِنَ النَّارِ

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میری اُمت' اُمت مرحومہ ہے' اس پر قیامت کے دن عذاب نہیں ہوگا' جب قیامت کا دن ہوگا تو مسلمانوں میں سے ہر آدمی کے بدلے اہل کتاب کا ایک آدمی اس کی جگہ رکھا جائے گا (یعنی جس مسلمان کو جہنم میں ڈالا جانا تھا' اس کی جگہ یہودی یا عیسائی کو ڈالا جائے گا) پس کہا جائے گا: اے مسلمان! یہ تیری جگہ جہنم سے فدیہ ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ اِلَّا سَعِيدُ بْنُ يَزِيدَ، وَلَا عَنْ سَعِيدِ بْنِ يَزِيدَ اِلَّا يَحْيَى بْنُ صَالِحِ الْوُحَاظِيُّ

یہ حدیث عبدالملک سے سعید بن یزید ہی روایت کرتے ہیں اور سعید بن یزید سے صرف یحییٰ بن صالح الوحاظی روایت کرتے ہیں۔

2 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ بْنِ نَجْدَةَ الْحَوْطِيُّ قَالَ: نا اَبُو الْمُغِيرَةِ قَالَ: نا الضَّحَّاكُ بْنُ حُمْرَةَ قَالَ: نا قَتَادَةُ، اَنَّ اَبَا مِجْلَزٍ، اَخْبَرَهُ عَنْ اَبِي

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ دو آدمی اونٹ کا جھگڑا لے کر نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں آئے' دونوں میں سے ہر ایک کا دعویٰ تھا کہ وہ

1- أخرجه ابوداؤد رقم الحديث: 4278' وأحمد جلد 4 صفحه 410-418' وعبد بن حميد في مسنده (536- المنتخب)' والروياني في مسنده رقم الحديث: 505' والحاكم جلد 4 صفحه 444 .

2- أخرجه النسائي في القضاة جلد 8 صفحه 217' وابن ماجة في الأحكام جلد 2 صفحه 780' وأبو داؤد في الأقضية جلد 3 صفحه 309' والدارقطني في الأفراد (ق 1/186-مخطوط)' والبيهقي في السنن الكبرى جلد 10 صفحه 257 .

بُرْدَةَ بْنِ اَبِي مُوسَى، عَنْ اَبِي مُوسَى، اَنَّ رَجُلَيْنِ، اخْتَصَمَا اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي بَعِيرٍ، ادَّعَاهُ كِلَاهُمَا اَنَّهُ لَهُ، فَجَاءَ مَعَ كُلِّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا شَاهِدَانِ يَشْهَدَانِ اَنَّ الْبَعِيرَ لَهُ، فَقَضَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ بَيْنَهُمَا نِصْفَيْنِ

اونٹ میرا ہے' اُن میں سے ہر ایک کے پاس دو گواہ تھے دونوں گواہی دیتے تھے کہ اونٹ اُسی کا ہے' تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دونوں کے درمیان آدھے آدھے اونٹ کا فیصلہ کر دیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَبِي مِجْلَزٍ اِلَّا الضَّحَّاكُ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَبُو الْمُغِيرَةِ

از قتادہ از ابی مجلز' اس حدیث کو ضحاک ہی روایت کرتے ہیں' اس میں ابومغیرہ اکیلے ہیں۔

**3** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ قَالَ: نا اَبُو الْمُغِيرَةِ قَالَ: نا مُبَشِّرُ بْنُ عُبَيْدٍ، عَنِ الْحَجَّاجِ بْنِ اَرْطَاةَ، عَنْ عَطَاءٍ، وَعَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تُنْكِحُوا النِّسَاءَ اِلَّا الْاَكْفَاءَ، وَلَا يُزَوِّجُهُنَّ اِلَّا الْاَوْلِيَاءُ، وَلَا مَهْرَ دُونَ عَشَرَةِ دَرَاهِمَ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: عورتوں کا نکاح کفو میں ہی کرو' ان کے نکاح ان کے ولی ہی کریں اور حق مہر دس درہم سے کم نہیں ہونا چاہیے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَمْرٍو اِلَّا الْحَجَّاجُ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُبَشِّرُ بْنُ عُبَيْدٍ

یہ حدیث عمرو سے حجاج ہی روایت کرتے ہیں' اس کو مبشر بن عبید روایت کرنے میں اکیلے ہیں۔

**4** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ قَالَ: نا اَبُو الْمُغِيرَةِ قَالَ: نا صَفْوَانُ بْنُ عَمْرٍو قَالَ: نا يَزِيدُ بْنُ خُمَيْرٍ الرَّحَبِيُّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُسْرٍ الْمَازِنِيِّ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ: مَا مِنْ اَحَدٍ اِلَّا وَاَنَا اَعْرِفُهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ. قَالَ: وَكَيْفَ تَعْرِفُهُمْ يَا رَسُولَ اللّٰهِ فِي كَثْرَةِ الْخَلَائِقِ؟ فَقَالَ: اَرَاَيْتَ لَوْ دَخَلْتَ صِيرَةً وَفِيهَا خَيْلٌ دُهْمٌ بُهْمٌ، وَفِيهَا

حضرت عبداللہ بن بسر المازنی رضی اللہ عنہ' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: قیامت کے دن میں اپنی اُمت کو پہچان لوں گا۔ آپ سے عرض کی گئی: یارسول اللہ! اتنی زیادہ مخلوق میں آپ اپنی اُمت کو کیسے پہچانیں گے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: مجھے بتاؤ کہ اگر تم میں کوئی باڑ میں داخل ہو اور اس میں کچھ گھوڑے کالی پیشانی والے ہوں اور ان میں کچھ گھوڑے

---

3- أخرجه الدارقطني جلد 3 صفحه 244-245' والبيهقي جلد 7 صفحه 240 . أخرجه ابو يعلى رقم الحديث: 2094 . وانظر: نصب الراية للزيلعي جلد 4 صفحه 196 .

4- أخرجه أبو عبد القاسم بن سلام في الطهور برقم الحديث: 30' من طريق صفوان بن عمرو به . وسنده صحيح .

فَرَسٌ اَغَرُّ مُحَجَّلٌ، مَا كُنْتَ تَعْرِفُهُ مِنْهَا؟. قَالَ: بَلَى. قَالَ: فَاِنَّ اُمَّتِي يَوْمَئِذٍ غُرٌّ مُحَجَّلُونَ مِنَ الْوُضُوءِ

ایسے ہوں کہ اُن کی پیشانی چمکتی ہوتو کیا تم اُن میں سے اپنے گھوڑے کو پہچان نہیں لو گے! عرض کی: کیوں نہیں! آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا: میری اُمت کے وضو والے اعضاء اس دن چمک رہے ہوں گے (میں ان کی وجہ سے انہیں پہچان لوں گا)۔

**5** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ قَالَ: نا اَبُو الْمُغِيرَةِ قَالَ: نا عُفَيْرُ بْنُ مَعْدَانَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْتَخْلَفَ ابْنَ اُمِّ مَكْتُومٍ عَلَى الْمَدِينَةِ مَرَّتَيْنِ، وَكَانَ اَعْمَى يُصَلِّي بِالنَّاسِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے حضرت ابن اُم مکتوم رضی اللہ عنہ کو مدینہ منورہ میں دو مرتبہ اپنا خلیفہ بنایا اور وہ (یعنی حضرت ابن اُم مکتوم) نابینا تھے' لوگوں کو نماز پڑھاتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ اِلَّا عُفَيْرٌ. تَفَرَّدَ بِهِ: اَبُو الْمُغِيرَةِ

یہ حدیث قتادہ سے صرف عفیر ہی روایت کرتے ہیں' ابومغیرہ اسے اکیلے روایت کرتے ہیں۔

**6** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ قَالَ: نا اَبُو الْمُغِيرَةِ قَالَ: نا عُفَيْرُ بْنُ مَعْدَانَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: صُرِفَتِ الْجِنُّ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّتَيْنِ، وَكَانَ اَشْرَافُ الْجِنِّ بِنَصِيبِينَ.

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ جنوں کی جائیداد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے دو مرتبہ تقسیم فرمائی' جنوں کے سرداروں کو دو دو حصے دیئے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ اِلَّا عُفَيْرٌ. تَفَرَّدَ بِهِ: اَبُو الْمُغِيرَةِ

قتادہ سے صرف عفیر ہی یہ حدیث روایت کرتے ہیں۔ ابومغیرہ اسے روایت کرنے میں اکیلے ہیں۔

**7** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ قَالَ: نا اَبُو

حضرت انس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ

---

5- أخرجه البزار (469-كشف)' من طريق أبي المغيرة به . وسنده ضعيف لضعف عفير بن معدان الشديد' وقتادة مدلس وقد عنعنه . والحديث من الزوائد' وهو في مجمع البحرين في زوائد المعجمين الأوسط' والصغير للهيثمي رقم الحديث: 722 .

6- والحديث في مجمع البحرين رقم الحديث: 3394' وانظر: مجمع الزوائد جلد 7 صفحه 106 .

7- والحديث في مجمع البحرين رقم الحديث: 3893' وانظر: مجمع الزوائد جلد 9 صفحه 381' حيث أعله الهيثمي

الْمُغِيرَةِ قَالَ: نا عُفَيْرٌ قَالَ: حَدَّثَنِي قَتَادَةُ، عَنْ اَنَسٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُولُ: يَأْتِينِي جِبْرِيلُ عَلَى صُورَةِ دِحْيَةَ الْكَلْبِيِّ قَالَ اَنَسٌ: وَدِحْيَةُ كَانَ رَجُلًا جَسِيمًا جَمِيلًا اَبْيَضَ

رسول اللہ ﷺ فرمایا کرتے تھے کہ حضرت جبریل علیہ السلام میرے پاس حضرت دحیہ کلبی کی شکل میں آتے ہیں۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت دحیہ بڑے موٹے اور بہت سفید وخوبصورت تھے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ، اِلَّا عُفَيْرٌ. تَفَرَّدَ بِهِ: اَبُو الْمُغِيرَةِ

یہ حدیث قتادہ سے عفیر ہی روایت کرتے ہیں۔ ابومغیرہ اسے اکیلے ہی روایت کرتے ہیں۔

8 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ قَالَ: نا اَبُو الْمُغِيرَةِ قَالَ: نا صَفْوَانُ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ رَاشِدِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَمَّا عُرِجَ بِي، مَرَرْتُ بِقَوْمٍ لَهُمْ اَظْفَارٌ مِنْ نُحَاسٍ يَخْمُشُونَ وُجُوهَهُمْ وَصُدُورَهُمْ، فَقُلْتُ: مَنْ هٰؤُلَاءِ يَا جِبْرِيلُ؟ قَالَ: هٰؤُلَاءِ الَّذِينَ يَأْكُلُونَ لَحْمَ النَّاسِ، وَيَقَعُونَ فِي اَعْرَاضِهِمْ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: جب مجھے سیر کروائی گئی تو میں ایسی قوم کے پاس سے گزرا کہ اُن کے ناخن تانبے کے تھے' وہ ان ناخنوں کے ساتھ اپنے چہرے اور سینوں کا گوشت نوچ رہے تھے' میں نے کہا: اے جبریل! یہ کون لوگ ہیں؟ انہوں نے بتایا: یہ وہ لوگ ہیں جو لوگوں کا گوشت کھاتے تھے اور ان کی عزتوں کے درپے رہتے تھے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ اِلَّا صَفْوَانُ. تَفَرَّدَ بِهِ: اَبُو الْمُغِيرَةِ

حضرت عبدالرحمٰن بن جبیر بن نفیر سے صرف صفوان ہی روایت کرتے ہیں' ابومغیرہ اسے روایت کرنے میں اکیلے ہیں۔

9 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ قَالَ: نا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

---

بعفير' وفاته تدليس قتادة .

8- أخرجه أحمد جلد 3 صفحه 224' حدثنا أبو المغيرة به . وأخرجه أبو داؤد رقم الحديث: 4878' حدثنا ابن المصفى' حدثنا بقية' وأبو المغيرة' قالا: حدثنا صفوان به . وأخرجه رقم الحديث: 4879' حدثنا عيسى بن أبي عيسى السيلحيني' عن أبي المغيرة' كما قال ابن المصفى .وأخرجه ابن أبي الدنيا في ذم الغيبة رقم الحديث: 26' حدثنا أبو بكر محمد بن أبي عتاب' حدثنا عبد القدوس أبو المغيرة بنحوه .

9- أخرجه ابن ماجة رقم الحديث: 224' وابن عدي في الكامل جلد 6 صفحه 2091' وابن عبد البر في الجامع جلد 1 صفحه 9' وحمزة السهمي في تاريخ جرجان صفحه 316' وابن الجوزي في العلل جلد 1 صفحه 68-69 من طريق حفص بن سليمان به .

عَلِيُّ بْنُ عَيَّاشٍ الْحِمْصِيُّ قَالَ: نا حَفْصُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ كَثِيرِ بْنِ شِنْظِيرٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: طَلَبُ الْعِلْمِ فَرِيضَةٌ عَلَى كُلِّ مُسْلِمٍ

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: علم کا حاصل کرنا ہر مسلمان پر فرض ہے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ مُحَمَّدٍ اِلَّا كَثِيرٌ، وَلَا عَنْ كَثِيرٍ اِلَّا حَفْصُ بْنُ سُلَيْمَانَ

اس حدیث کو محمد سے کثیر اور کثیر سے صرف حفص بن سلیمان روایت کرتے ہیں۔

**10** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ بْنِ نَجْدَةَ الْحَوْطِيُّ قَالَ: نا اَبُو الْمُغِيرَةِ قَالَ: نا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ يَزِيدَ بْنِ تَمِيمٍ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: عَادَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلًا مِنْ اَصْحَابِهِ، بِهِ وَجَعٌ، وَاَنَا مَعَهُ، فَقَبَضَ عَلَى يَدِهِ، فَوَضَعَ يَدَهُ عَلَى جَبْهَتِهِ، وَكَانَ يَرَى ذَلِكَ مِنْ تَمَامِ عِيَادَةِ الْمَرِيضِ، وَقَالَ: اِنَّ اللّٰهَ قَالَ: نَارِي اُسَلِّطُهَا عَلَى عَبْدِي الْمُؤْمِنِ لِتَكُونَ حَظَّهُ مِنَ النَّارِ فِي الْآخِرَةِ.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے اپنے صحابہ مین سے کسی ایک آدمی کی عیادت فرمائی اور میں آپ کے ساتھ تھا' آپ نے اس کا ہاتھ پکڑا اور اپنا ہاتھ اس کی پیشانی پر رکھا' آپ اسے مریض کی مکمل عیادت خیال فرماتے تھے۔ اور فرمایا: بے شک اللہ عزوجل فرماتا ہے کہ میں اپنی آگ اپنے بندۂ مؤمن پر مسلط کروں گا تاکہ آخرت کی آگ کا حصہ اس کو دنیا میں مل جائے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ اَبِي صَالِحٍ وَهُوَ الْاَشْعَرِيُّ اِلَّا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ. تَفَرَّدَ بِهِ عَبْدُ الرَّحْمَنِ

ابوصالح اور یہ اشعری ہیں' ان سے صرف اسماعیل بن عبیداللہ روایت کرتے ہیں' اس حدیث کو روایت کرنے میں عبدالرحمٰن اکیلے ہیں۔

**11** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ بْنِ نَجْدَةَ

حضرت اُم حبیبہ رضی اللہ عنہا' نبی کریم ﷺ سے

---

**10-** أخرجه البيهقي في السنن الكبرى جلد**3**صفحه**382**' وفي سنده عبد الرحمن بن يزيد' ضعيف . انظر مجمع البحرين رقم الحديث: **1191**' ومجمع الزوائد جلد**2**صفحه**301** والمرض والكفارات لابن أبي الدنيا برقم ( **19**- بتحقيق مسعد السعدني) .

**11-** أخرجه أحمد جلد**6**صفحه**326-327-426-428**' ومسلم رقم الحديث: **728**' وأبو داؤد رقم الحديث: **1237**' والنسائي جلد **3** صفحه**261-262-263-264**' وابن ماجة رقم الحديث: **1141**' وابن خزيمة رقم الحديث:

قَالَ: نا اَبِی قَالَ: نا اِسْمَاعِیلُ بْنُ عَیَّاشٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ، عَنْ اَبِی اِسْحَاقَ، عَنْ اَوْسَطَ الْبَجَلِیِّ، عَنْ عَنْبَسَةَ بْنِ اَبِی سُفْیَانَ، عَنْ اُمِّ حَبِیبَةَ، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ صَلَّى فِی یَوْمٍ اثْنَتَی عَشْرَةَ رَكْعَةً، بَنَى اللّٰهُ لَهُ بَیْتًا فِی الْجَنَّةِ: اَرْبَعًا قَبْلَ الظُّهْرِ، وَرَكْعَتَانِ بَعْدَهَا، وَرَكْعَتَانِ قَبْلَ الْعَصْرِ، وَرَكْعَتَانِ بَعْدَ الْمَغْرِبِ، وَرَكْعَتَانِ بَعْدَ الْعِشَاءِ، وَرَكْعَتَانِ قَبْلَ الْفَجْرِ.

روایت کرتی ہیں کہ آپ نے ارشادفرمایا: جس نے دن میں بارہ رکعت نوافل ادا کیے' اللہ عزوجل اس کے لیے جنت میں گھر بنا دے گا۔ (اس کی تفصیل یہ ہے:) چار رکعت ظہر سے پہلے' دو رکعت ظہر کے بعد' دو رکعت عصر سے پہلے' دو مغرب کے بعد اور دو عشاء کے بعد اور دو فجر کے فرضوں سے پہلے۔

لَمْ یَرْوِ هَذَا الْحَدِیثَ عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ، عَنْ اَبِی اِسْحَاقَ، عَنْ اَوْسَطَ الْبَجَلِیِّ اِلَّا اِسْمَاعِیلُ بْنُ عَیَّاشٍ " وَرَوَاهُ اللَّیْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ، عَنْ اَبِی اِسْحَاقَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ اَوْسٍ، عَنْ عَنْبَسَةَ

اس حدیث کو از ابن عجلان از ابواسحاق از اوسط البجلی صرف اسماعیل بن عیاش روایت کرتے ہیں۔ اور اس حدیث کو لیث بن سعد از محمد بن عجلان از ابواسحاق از عمرو بن اوس از عنبسہ روایت کرتے ہیں۔

**12** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الْمُغِیرَةِ قَالَ: نا مُبَشِّرُ بْنُ عُبَیْدٍ، عَنِ الْحَجَّاجِ بْنِ اَرْطَاةَ، عَنْ اَبِیهِ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَمْ یَدَعْنَا فِی لَبْسٍ مِنْ دِینِنَا، نَهَانَا عَنِ النَّفْخِ فِی الشَّرَابِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ہمارے دین میں کوئی مشتبہ چیز نہ چھوڑی (جس کو بیان نہ کیا ہو) اور ہم کو پانی میں پھونکنے سے منع کیا۔

**13** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ بْنِ نَجْدَةَ

حضرت عبدالرحمٰن بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں

---

**1189-1188**' والدارمی رقم الحدیث: **1445** . وغیرهم' من طریق عن عنبسة به .

**12**- فیه مبشر تقدم بیانه فی الحدیث: **3**' والحجاج مدلس وقد عنعنه' وفیه أیضًا ضعف . وأبوه لم أجده . وانظر: مجمع البحرین رقم الحدیث: **4133** ومجمع الزوائد رقم الحدیث: **8115**' وقد أعله بمبشر فقط' وقال فیه: وهو ضعیف' وهذا قصور منه رحمه الله .

**13**- أخرجه البخاری رقم الحدیث: **7147-6622**' ومسلم رقم الحدیث: **1652**' والدارمی رقم الحدیث: **2351**' وأبو یعلٰی فی المسند رقم الحدیث: **1516**' وفی المفارید رقم الحدیث: **28**' وأبو عوانة جلد**4** صفحه**407**' وأبو نعیم فی الحلیة جلد**9** صفحه**18-19** .

الْحَوْطِیُّ قَالَ: نا ابی قَالَ: نا خَالِدُ بْنُ يَزِيدَ الْقَسْرِيُّ، عَنْ وَائِلِ بْنِ دَاوُدَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا حَلَفْتَ عَلَى يَمِينٍ، فَرَاَيْتَ مَا هُوَ خَيْرٌ فَاتِ الَّذِى هُوَ خَيْرٌ، وَكَفِّرْ عَنْ يَمِينِكَ

کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب تُو کسی شے پر قسم اُٹھا لے پھر اس کے علاوہ میں بہتری دیکھے تو تُو اس کو اختیار کر جو بہتر ہے اور اپنی قسم کا کفارہ دیدے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ وَائِلِ بْنِ دَاوُدَ اِلَّا خَالِدُ بْنُ يَزِيدَ. تفَرَّدَ بِهِ: الْحَوْطِیُّ

یہ حدیث وائل بن داؤد سے صرف خالد بن یزید روایت کرتے ہیں' حوطی اسے روایت کرنے میں اکیلے ہیں۔

**14** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ قَالَ: نا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُوسَى اللَّاحُونِيُّ قَالَ: نا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ: قَالَ لِی رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا عَبْدَ الرَّحْمَنِ، لَا تَسْاَلِ الْإِمَارَةَ، فَاِنَّكَ اِنْ اُعْطِيتَهَا عَنْ غَيْرِ مَسْاَلَةٍ اُعِنْتَ عَلَيْهَا، وَاِنْ اُعْطِيتَهَا عَنْ مَسْاَلَةٍ وُكِلْتَ اِلَيْهَا، وَاِنْ حَلَفْتَ عَلَى يَمِينٍ، فَرَاَيْتَ غَيْرَهَا خَيْرًا مِنْهَا، فَاْتِ الَّذِى هُوَ خَيْرٌ، وَكَفِّرْ عَنْ يَمِينِكَ

حضرت عبدالرحمٰن بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھے فرمایا: اے عبدالرحمٰن! حکومت نہ مانگنا' ہاں! اگر تجھے بن مانگے حکومت دی گئی تو تیری اس پر مدد کی جائے گی اور اگر مانگنے پر دی گئی تو تجھے اس کے سپرد کر دیا جائے گا اور تُو اگر کسی کام (کے نہ کرنے) پر قسم اُٹھالے اور پھر تُو اس کے علاوہ میں بہتری دیکھے تو اس کو اختیار کر جو بہتر ہے اور اپنی قسم کا کفارہ ادا کر۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ خَالِدٍ اِلَّا يَزِيدُ . تفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ الْعَزِيزِ

یہ حدیث خالد سے صرف یزید روایت کرتے ہیں' عبدالعزیز اسے روایت کرنے میں اکیلے ہیں۔

**15** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ قَالَ: نا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ الضَّحَّاكِ قَالَ: نا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ عَبَّادٍ، عَنْ عُرْفُطَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ: قَالَ

حضرت عبدالرحمٰن بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے اسی کی مثل فرمایا۔

---

14- أخرجه ابن عدى فى الكامل جلد7صفحه2546 من طريق عُرفطة به . وانظر: المصدر السابق .

15- انظر: السابق .

رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ.

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُرْفُطَةَ اِلَّا الْوَلِيدُ بْنُ عَبَّادٍ، وَلَا عَنِ الْوَلِيدِ اِلَّا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ. تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ الضَّحَّاكِ

یہ حدیث عرفطہ سے صرف ولید بن عباد روایت کرتے ہیں اور ولید سے صرف اسماعیل بن عیاش روایت کرتے ہیں' عبدالوہاب بن ضحاک اسے روایت کرنے میں اکیلے ہیں۔

**16** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ قَالَ: نا اَبِي قَالَ: نا الْجَرَّاحُ بْنُ مَلِيحٍ، عَنْ اَرْطَاةَ بْنِ الْمُنْذِرِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَرْفَعُ يَدَيْهِ عِنْدَ التَّكْبِيرِ لِلرُّكُوعِ، وَعِنْدَ التَّكْبِيرِ حِينَ يَهْوِي سَاجِدًا

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ رکوع کی تکبیر کے وقت اور جس وقت سجدے کے لیے جھکتے' اس وقت رفع یدین کرتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَرْطَاةَ اِلَّا الْجَرَّاحُ

یہ حدیث ارطاۃ سے جراح ہی روایت کرتے ہیں۔

فائدہ: امام ترمذی' امام ابوداؤد اور امام نسائی علیہم الرحمۃ نے اپنی اپنی کتب میں حدیث پاک بیان کی ہے کہ حضرت سیدنا عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ صرف شروع کی تکبیر کہتے وقت ہاتھ اُٹھاتے تھے' اس کے علاوہ کسی اور رکن کی ادائیگی میں آپ ہاتھ نہیں اُٹھاتے تھے۔

**17** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ قَالَ: نا اَبُو الْمُغِيرَةِ قَالَ: نا اَبُو مَهْدِيٍّ سَعِيدُ بْنُ سِنَانٍ قَالَ: حَدَّثَتْنِي اُمُّ الشَّعْثَاءِ، عَنْ اُمِّ عِصْمَةَ الْعَوْصِيَةِ، امْرَاَةٌ مِنْ قَيْسٍ قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا مِنْ مُسْلِمٍ يَعْمَلُ ذَنْبًا، اِلَّا وَقَفَ الْمَلَكُ الْمُوَكَّلُ بِاِحْصَاءِ ذُنُوبِهِ ثَلَاثَ سَاعَاتٍ، فَاِنِ اسْتَغْفَرَ اللّٰهَ مِنْ ذَنْبِهِ ذَلِكَ فِي شَيْءٍ مِنْ تِلْكَ السَّاعَاتِ، لَمْ يُوقَفْ عَلَيْهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

حضرت اُمِ عصمہ العوصیہ رضی اللہ عنہا' یہ قبیلہ قیس کی ایک خاتون ہیں' فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو مسلمان بھی کوئی گناہ کرتا ہے تو ایک فرشتہ وکیل بن کر تین ساعت تک اس کے گناہ شمار کرتا ہے' اگر وہ ان ساعتوں میں اللہ عزوجل سے اپنے گناہ کی معافی مانگ لے تو اس کو قیامت کے دن روکا نہیں جائے گا۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ اُمِّ عِصْمَةَ اِلَّا بِهَذَا

یہ حدیث اُمِ عصمہ سے اس سند کے علاوہ نہیں

---

16- اسنادہ حسن: والحديث في مجمع البحرين رقم الحديث: 791' ومجمع الزوائد جلد2صفحه102 .

17- والحديث في مجمع البحرين رقم الحديث: 4749' ومجمع الزوائد جلد10صفحه208 .

الْإِسْنَادِ. تَفَرَّدَ بِهِ: اَبُو الْمُغِيرَةِ

روایت کی گئی' ابومغیرہ اس کو روایت کرنے میں اکیلے ہیں۔

**18** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ بْنِ نَجْدَةَ قَالَ: نَا اَبِي قَالَ: نَا سُوَيْدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، عَنْ اَبِي وَهْبٍ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُبَيْدٍ الْكَلَاعِيِّ، عَنْ مَكْحُولٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَسْنَدَ حَدِيثًا اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: مَنْ اَتَى مِنْكُمُ الْجُمُعَةَ فَلْيَغْتَسِلْ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما مسنداً روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: جو تم میں سے جمعہ پڑھنے کے لیے آئے تو اس کو چاہیے کہ وہ غسل کرے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَكْحُولٍ اِلَّا اَبُو وَهْبٍ، وَلَا عَنْ اَبِي وَهْبٍ اِلَّا سُوَيْدٌ. تَفَرَّدَ بِهِ: الْحَوْطِيُّ

یہ حدیث مکحول سے ابووہب ہی روایت کرتے ہیں' ابن ابی وہب سے صرف سوید روایت کرتے ہیں' حوطی اس کی روایت کرنے میں اکیلے ہیں۔

**19** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ قَالَ: نَا عَلِيُّ بْنُ عَيَّاشٍ الْحِمْصِيُّ قَالَ: نَا حَفْصُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ: حَدَّثَنِي عَاصِمُ ابْنُ بَهْدَلَةَ، عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ قَالَ: غَدَوْتُ عَلَى صَفْوَانَ بْنِ عَسَّالٍ الْمُرَادِيِّ، فَقَالَ: مَا غَدَا بِكَ يَا زِرُّ؟ قُلْتُ: اَلْتَمِسُ الْعِلْمَ. فَقَالَ: اغْدُ عَالِمًا اَوْ مُتَعَلِّمًا، وَلَا تُعْدِيَنَّ ذٰلِكَ . فَاِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَا مِنْ عَبْدٍ مُسْلِمٍ يَلْتَمِسُ عِلْمًا، اِلَّا وَضَعَتْ لَهُ الْمَلَائِكَةُ اَجْنِحَتَهَا مِنْ رِضَاهَا بِمَا يَفْعَلُ، قَالَ:

حضرت زر بن حبیش رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت صفوان بن عسال المرادی رضی اللہ عنہ کے پاس آیا' تو انہوں نے فرمایا: اے زر! کیسے آئے ہو؟ میں نے عرض کی: علم کی تلاش کے لیے' تو انہوں نے فرمایا: عالم یا طالب علم بن جاؤ! اس سے ہرگز نہ پھرنا' کیونکہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا: جو بندۂ مسلمان علم کی تلاش کے لیے نکلتا ہے تو فرشتے اس کی رضا حاصل کرنے کے لیے اپنے پر بچھاتے ہیں۔ کہتے ہیں کہ میں نے آپ سے موزوں پر مسح کے متعلق پوچھا اور میں نے

---

18- أخرجه مالك جلد 1 صفحه 102 ومن طريقه البخارى رقم الحديث: 877' والنسائى جلد 3 صفحه 93' وأحمد جلد 2 صفحه 64' والدارمى جلد 1 صفحه 361' وأبو بكر المروزى فى الجمعة وفضلها رقم الحديث: 25' والبيهقى جلد 1 صفحه 293 من طريق مالك' عن نافع به .

19- أخرجه الترمذى رقم الحديث: 96' والنسائى رقم الحديث: 127' وابن ماجة رقم الحديث: 478' وابن خزيمة رقم الحديث: 193 وأحمد جلد 4 صفحه 239-240' والطيالسى رقم الحديث: 1166' وغيرهم من طرق عن عاصم به . وسنده حسن للكلام الذى فى عاصم' فحديثه لا ينزل عن رتبة الحسن ان شاء الله .

فَسَأَلْتُهُ عَنِ الْمَسْحِ عَلَى الْخُفَّيْنِ، وَقُلْتُ: اِنِّي اَجِدُ فِي نَفْسِي مِنْ ذٰلِكَ. فَقَالَ: كُنَّا اِذَا سَافَرْنَا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُمِرْنَا اَنْ لَا نَخْلَعَ خِفَافَنَا ثَلَاثَ لَيَالٍ وَاَيَّامَهُنَّ، اِلَّا مِنْ جَنَابَةٍ، لٰكِنْ مِنْ غَائِطٍ وَبَوْلٍ وَنَوْمٍ. وَلِلْمُقِيمِ يَوْمٌ وَلَيْلَةٌ

عرض کی: میں اس کے متعلق اپنے دل میں کچھ کھٹک پاتا ہوں' تو انہوں نے فرمایا: ہم سفر میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ تھے' آپ نے ہم کو حکم دیا کہ ہم اپنے موزے تین دن راتیں نہ اُتاریں' سوائے جنابت لاحق ہونے کے لیکن پیشاب اور پاخانہ اور سوئے کے وقت نہیں اُتارنے اور مقیم کے لیے (اس کی مدت) ایک دن اور ایک رات ہے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ حَفْصِ بْنِ سُلَيْمَانَ اِلَّا عَلِيُّ بْنُ عَيَّاشٍ

حفص بن سلیمان سے اسے علی بن عیاش ہی روایت کرتے ہیں۔

20 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ قَالَ: نا اَبُو الْمُغِيرَةِ قَالَ: نا مُبَشِّرُ بْنُ عُبَيْدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ الزُّهْرِيَّ، يُحَدِّثُ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْاِحْصَانُ اِحْصَانَانِ: اِحْصَانُ عَفَافٍ، وَاِحْصَانُ نِكَاحٍ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: پاک دامنی دو اشیاء کے ساتھ وابستہ ہے: (۱) حرام کاموں سے بچنے کی پاک دامنی (۲) نکاح کے ساتھ پاک دامنی۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ اِلَّا مُبَشِّرُ بْنُ عُبَيْدٍ

یہ حدیث زہری سے صرف مبشر بن عبید ہی روایت کرتے ہیں۔

21 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ قَالَ: نا اَبِي قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ حِمْيَرٍ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ اَبِي عَبْلَةَ، عَنِ ابْنِ اَبِي مُلَيْكَةَ الْاَعْمَى، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، اَنَّهُ اَتَى ابْنَ عَبَّاسٍ، فَقَالَ: يَا ابْنَ عَبَّاسٍ، طَالَمَا اَضْلَلْتَ النَّاسَ. قَالَ: وَمَا ذَاكَ يَا عُرَيَّةُ؟ قَالَ:

حضرت ابن ابی ملیکہ الاعمی رضی اللہ عنہ' حضرت عروہ بن زبیر رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ وہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے پاس آئے' عرض کی: اے ابن عباس! آپ نے برابر لوگوں کو گمراہ کیا ہے۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: اے عروہ! وہ

---

20- أخرجه البزار (217/2-كشف) من طريق أبي المغيرة به. قلت: وهذا اسناد موضوع' والمتهم به مبشر' وقد تقدم حاله. والحديث في مجمع البحرين رقم الحديث: 2437' وفي مجمع الزوائد جلد6صفحه263.

21- والحديث في مجمع البحرين رقم الحديث: 1718' وفي المجمع جلد3صفحه234' وقال الهيثمي: اسناده حسن.

الرَّجُلُ يَخْرُجُ مُحْرِمًا بِحَجٍّ اَوْ عَمْرَةٍ، فَاِذَا طَافَ، زَعَمْتَ اَنَّهُ قَدْ حَلَّ، فَقَدْ كَانَ اَبُو بَكْرٍ وَعُمَرُ يَنْهَيَانِ عَنْ ذَلِكَ. فَقَالَ: اَهُمَا، وَيْحَكَ، آثَرُ عِنْدَكَ اَمْ مَا فِي كِتَابِ اللّٰهِ، وَمَا سَنَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي اَصْحَابِهِ وَفِي اُمَّتِهِ؟ فَقَالَ عُرْوَةُ: هُمَا كَانَا اَعْلَمَ بِكِتَابِ اللّٰهِ، وَمَا سَنَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنِّي وَمِنْكَ. قَالَ ابْنُ اَبِي مُلَيْكَةَ: فَخَصَمَهُ عُرْوَةُ .

یہ حدیث حضرت نعمان سے صرف اسی اسناد کے ساتھ روایت کی گئی ہے۔

**422** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ خُلَيْدٍ قَالَ: نا اَبُو تَوْبَةَ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ مُهَاجِرٍ قَالَ: حَدَّثَنِي الْعَبَّاسُ بْنُ سَالِمٍ، عَنْ اَبِي سَلَّامٍ، عَنْ اَبِي اُمَامَةَ الْبَاهِلِيِّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ عَبَسَةَ قَالَ: اَتَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَوَّلَ مَا بُعِثَ، وَهُوَ يَوْمَئِذٍ مُسْتَخْفٍ، فَقُلْتُ: مَا اَنْتَ؟ قَالَ: اَنَا نَبِيٌّ قُلْتُ: وَمَا نَبِيٌّ؟ قَالَ: رَسُولُ اللّٰهِ. قُلْتُ: فَاللّٰهُ اَرْسَلَكَ؟ قَالَ: نَعَمْ قُلْتُ: بِمَ اَرْسَلَكَ؟ قَالَ: بِاَنْ تَعْبُدُوا اللّٰهَ، وَتَكْسِرُوا الْاَوْثَانَ، وَتَصِلُوا الْاَرْحَامَ. قُلْتُ: نَعَمْ اَرْسَلَكَ، فَمَنْ تَبِعَكَ عَلَى هٰذَا؟ قَالَ: حُرٌّ وَعَبْدٌ يَعْنِي: اَبَا بَكْرٍ

حضرت عمرو بن عبسہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں رسول اللہ ﷺ کے پاس آیا جس وقت آپ نے اعلانِ نبوت کیا' اس دن آپ کے پاس بہت کم صحابہ کرام تھے' میں نے عرض کی: آپ کون ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: میں اللہ کا نبی ہوں' میں نے عرض کی: نبی کیا ہوتا ہے؟ آپ نے فرمایا: اللہ کا رسول' میں نے عرض کی: آپ کو اللہ نے بھیجا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ہاں! میں نے عرض کی: کیا دے کر بھیجا ہے؟ فرمایا: اللہ کی عبادت' بتوں کو توڑنے اور صلہ رحمی کرنے کے لیے۔ میں نے عرض کی: جی ہاں! آپ کو بھیجا گیا' آپ کے ساتھ اس

422- أخرجه مسلم: المسافرين جلد1صفحه569' وأحمد: المسند جلد4صفحه138 رقم الحديث: 17021 .

وَبِلَالًا، فَكَانَ عَمْرُو بْنُ عَبَسَةَ يَقُولُ: أَنَا رُبُعُ الْإِسْلَامِ، فَأَسْلَمْتُ، ثُمَّ قُلْتُ: أَتَّبِعُكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: لَا، وَلَكِنِ الْحَقْ بِقَوْمِكَ، فَإِذَا سَمِعْتَ أَنَّا قَدْ ظَهَرْنَا، فَأْتِنَا

معاملہ میں کون ہے؟ فرمایا: ایک آزاد اور ایک غلام یعنی ابوبکر وبلال رضی اللہ عنہما۔ حضرت عمرو بن عبسہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں اسلام لانے والوں میں چوتھے نمبر پر تھا۔ میں اسلام لایا تو میں نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا میں آپ کی اتباع کروں؟ آپ نے فرمایا: نہیں! بلکہ اپنی قوم کے پاس چلے جاؤ، جب تو سنے کہ ہم غالب ہوگئے ہیں تو آ جانا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْعَبَّاسِ بْنِ سَالِمٍ إِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ مُهَاجِرٍ

یہ حدیث عباس بن سالم سے صرف محمد بن مہاجر ہی روایت کرتے ہیں۔

**423** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ خُلَيْدٍ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي أُسَامَةَ، عَنْ ضَمْرَةَ بْنِ رَبِيعَةَ، عَنْ سَعْدَانَ بْنِ سَالِمٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي سُمَيَّةَ، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ، يَقُولُ: مَا قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْإِزَارِ فَهُوَ فِي الْقَمِيصِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے جو حکم تہبند کے متعلق فرمایا ہے وہی حکم قمیص کے متعلق بھی ہے۔

**424** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ خُلَيْدٍ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي أُسَامَةَ قَالَ: نا مُبَشِّرُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، عَنْ تَمَّامِ بْنِ نَجِيحٍ، عَنْ كَعْبِ بْنِ ذُهْلٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا الدَّرْدَاءِ، يَقُولُ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا قَامَ مِنْ مَجْلِسِهِ، فَأَرَادَ الرُّجُوعَ إِلَيْهِ، تَرَكَ نَعْلَيْهِ أَوْ بَعْضَ مَا يَكُونُ عَلَيْهِ

حضرت کعب بن ذہل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابوالدرداء سے سنا، انہوں نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ جب مجلس سے اُٹھتے اور آپ کا واپسی کا ارادہ ہوتا تو نشانی کے طور پر آپ اپنی نعلین مبارک یا جو بھی شے آپ کے پاس ہوتی، اس کو وہاں چھوڑ جاتے۔

**425** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ

حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم نبی

---

423- أخرجه أبو داؤد: اللباس جلد 4 صفحه 59 رقم الحديث: 4095، وأحمد: المسند جلد 2 صفحه 150 رقم الحديث: 5895.

424- أخرجه أبو داؤد: الأدب جلد 4 صفحه 265 رقم الحديث: 4854، والبيهقي: سننه جلد 6 صفحه 250 رقم الحديث: 11840.

425- أخرجه أحمد: المسند جلد 5 صفحه 56 رقم الحديث: 20479، والحاكم: المستدرك جلد 4 صفحه 291.

عِيسَى الطَّبَّاعُ قَالَ: نا بَكَّارُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ اَبِي بَكْرَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي بَكْرَةَ قَالَ: كُنَّا عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَوَجَّهَ سَرِيَّةً فِي بَعْضِ الْوُجُوهِ، فَجَاءَهُ الْبَشِيرُ يُبَشِّرُهُ، بِاَنَّ وَلِيَ اَمْرِ الْعَدُوِّ امْرَاَةٌ، فَخَرَّ سَاجِدًا، ثُمَّ رَفَعَ رَاْسَهُ، وَهُوَ يَقُولُ: هَلَكَتِ الرِّجَالُ حِينَ اَطَاعَتِ النِّسَاءَ

کریم ﷺ کے پاس تھے اور آپ نے ایک سریہ بھیجا ہوا تھا تو آپ کے پاس ایک خوشخبری دینے والا آیا اور عرض کی کہ دشمن کا معاملہ عورت کے سپرد ہے' تو آپ ﷺ سجدہ میں گر گئے' پھر آپ نے سر اُٹھایا اور آپ فرما رہے تھے: وہ مرد ہلاک ہو گئے جس وقت انہوں نے عورتوں کی اتباع کی۔

**426** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا عُبَيْدُ بْنُ جَنَّادٍ قَالَ: نا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيدِ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُلْثُومٍ، عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْمُسْتَحَاضَةُ تَغْتَسِلُ مِنْ قُرْءٍ اِلَى قُرْءٍ

حضرت عمرو بن شعیب از والد خود از جد خود روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: استحاضہ والی عورت ایک حیض کے ختم ہونے سے لے کر دوسرے حیض کے شروع ہونے تک کے لیے غسل کرے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ، اِلَّا سَلَمَةُ بْنُ كُلْثُومٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: بَقِيَّةُ

یہ حدیث اوزاعی سے صرف سلمہ بن کلثوم ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں بقیہ اکیلے ہیں۔

**427** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ خُلَيْدٍ قَالَ: نا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِي اُوَيْسٍ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي، عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَجُلًا، جَاءَ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، سَعِّرْ لَنَا. فَقَالَ: بَلْ اَدْعُو اللّٰهَ، ثُمَّ جَاءَهُ رَجُلٌ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، سَعِّرْ لَنَا. فَقَالَ: بَلِ اللّٰهُ يَرْفَعُ وَيَخْفِضُ، وَاِنِّي لَاَرْجُو اَنْ اَلْقَى اللّٰهَ وَلَيْسَتْ لِاَحَدٍ عِنْدِي مَظْلَمَةٌ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ ایک آدمی رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ میں آیا' اس نے عرض کی: یارسول اللہ! ہمارے لیے آپ نرخ مقرر کریں! آپ ﷺ نے فرمایا: میں اللہ سے دعا کرتا ہوں' پھر ایک اور آدمی آیا اور اس نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ ہمارے لیے نرخ مقرر کریں! آپ ﷺ نے فرمایا: میں اللہ سے دعا کرتا ہوں' وہ بلند بھی کرتا ہے اور جھکاتا بھی ہے اور میں اُمید کرتا ہوں کہ میں اللہ سے اس حالت میں ملوں کہ میرے ذمہ کسی پر ظلم کرنا نہ ہو۔

---

427- أخرجه الامام أحمد في مسنده جلد3 صفحه85 بنحوه .

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ اِلَّا مِنْ حَدِيثِ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ

یہ حدیث حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے صرف علاء بن عبدالرحمٰن ہی روایت کرتے ہیں۔

428 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ خُلَيْدٍ قَالَ: نا يُوسُفُ بْنُ يُونُسَ الْاَفْطَسُ قَالَ: نا عَتَّابُ بْنُ بَشِيرٍ، عَنْ خُصَيْفٍ، عَنْ اَبِي عُبَيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، اَنَّهُ كَانَ اِذَا افْتَتَحَ الصَّلَاةَ قَالَ: سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ، مِثْلَ قَوْلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت ابی عبیدہ' حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ وہ جب نماز شروع کرتے تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے فرمان کی طرح سبحانک اللّٰھم وبحمدک سے شروع کرتے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ خُصَيْفٍ اِلَّا عَتَّابٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: يُوسُفُ بْنُ يُونُسَ

یہ حدیث خصیف سے صرف عتاب ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں یوسف بن یونس اکیلے ہیں۔

429 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ خُلَيْدٍ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ السَّرِيِّ الْاَنْطَاكِيُّ قَالَ: نا هَارُونُ اَبُو الطَّيِّبِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ بَدَاَ بِالسُّؤَالِ قَبْلَ السَّلَامِ فَلَا تُجِيبُوهُ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو سلام کرنے سے پہلے سوال کرے' اُس کا جواب نہ دو۔

430 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ خُلَيْدٍ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ السَّرِيِّ الْاَنْطَاكِيُّ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ زَكَرِيَّا الْمَدَائِنِيُّ، عَنْ عَنْبَسَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ زَاذَانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا لَعَنَ آخِرُ هَذِهِ الْاُمَّةِ اَوَّلَهَا، فَمَنْ كَانَ عِنْدَهُ عِلْمٌ فَلْيُظْهِرْهُ، فَاِنَّ كَاتِمَ الْعِلْمِ يَوْمَئِذٍ كَكَاتِمِ مَا اُنْزِلَ عَلَى مُحَمَّدٍ صَلَّى

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب اس اُمت کے آخر والے لوگ پہلے لوگوں پر لعنت شروع کر دیں تو جس کے پاس علم ہو' اس کو اپنے علم کا اظہار کرنا چاہیے (یوں کہ اُن کے فضائل ومناقب بیان کیے جائیں) اگر وہ اپنے علم کو چھپائے گا تو اس دن علم چھپانے والا اس شخص کی طرح ہوگا جو حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر نازل کیے گئے کو چھپاتا ہے۔

428- انظر: مختصر الكامل للمقريزى رقم الحديث: 2079 .

429- انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 3518 .

430- أخرجه ابن ماجة: المقدمة جلد 1 صفحه 97 رقم الحديث: 263 .

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

**431** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ خُلَيْدٍ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ سَعِيدٍ الْقُرَشِيُّ قَالَ: نا شَبِيبُ بْنُ شَيْبَةَ السَّعْدِيُّ قَالَ: نا الْحَسَنُ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبُو بَكْرَةَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ قَتَلَ مُعَاهَدًا، لَمْ يَجِدْ رَائِحَةَ الْجَنَّةِ، وَاِنَّ رِيحَهَا لَتُوجَدُ مِنْ مَسِيرَةِ خَمْسِمَائَةِ عَامٍ

حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا: جس کسی نے معاہد کو قتل کیا (یعنی جس کے ساتھ معاہدہ کیا ہوا تھا) تو وہ جنت کی خوشبو بھی نہیں پائے گا حالانکہ جنت کی خوشبو پانچ سو میل سے محسوس کی جائے گی۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ شَبِيبِ بْنِ شَيْبَةَ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ سَعِيدٍ الْقُرَشِيُّ

یہ حدیث شبیب بن شیبہ سے محمد بن سعید القرشی ہی روایت کرتے ہیں۔

**432** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ خُلَيْدٍ قَالَ: نا اَبُو الْيَمَانِ الْحَكَمُ بْنُ نَافِعٍ قَالَ: نا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي مَرْيَمَ، عَنْ حَكِيمِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْجُدُ عَلَى جَبْهَتِهِ عَلَى قِصَاصِ الشَّعَرِ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا کہ آپ بالوں کے گچھے پر سجدہ کر رہے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ حَكِيمِ بْنِ عُمَيْرٍ اِلَّا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي مَرْيَمَ

یہ حدیث حکیم بن عمیر سے صرف ابوبکر بن ابی مریم ہی روایت کرتے ہیں۔

**433** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ خُلَيْدٍ قَالَ: نا اَبُو الْيَمَانِ الْحَكَمُ بْنُ نَافِعٍ قَالَ: نا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي مَرْيَمَ، عَنْ رَاشِدِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ سَعْدِ بْنِ اَبِي وَقَّاصٍ

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ سے اس آیت کے متعلق پوچھا گیا: ''سو وہ اس پر قادر ہے کہ تم پر اپنا عذاب بھیجے' تمہارے

---

431- أخرجه أحمد: المسند جلد5صفحه63 رقم الحديث: 20531 . أخرجه أبو داؤد: الجهاد جلد3صفحه84 رقم الحديث: 2760' والنسائي: القسامة جلد8صفحه22 (باب تعظيم قتل المعاهد)' والدارمي: السير جلد 2 صفحه308 رقم الحديث: 2504 .

432- انظر: مجمع الزوائد جلد3صفحه128 .

433- أخرجه الترمذي: التفسير جلد 5صفحه262 رقم الحديث: 3066' وأحمد: المسند جلد1صفحه215 رقم الحديث: 1470 .

قَالَ: سُئِلَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَنْ هَذِهِ الْآیَةِ: (هُوَ الْقَادِرُ عَلَی اَنْ یَبْعَثَ عَلَیْکُمْ عَذَابًا مِنْ فَوْقِکُمْ اَوْ مِنْ تَحْتِ اَرْجُلِکُمْ) (الانعام:65)، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّهَا کَائِنَةٌ، وَلَمْ یَاْتِ تَاْوِیلُهَا بَعْدُ.

اوپر سے اور تمہارے پاؤں کے نیچے سے‘‘(الانعام:۶۵)۔تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ہوکر رہے گا‘اس کے بعد اس کی کوئی تاویل نہیں آئے گی۔

لَا یُرْوَی هَذَا الْحَدِیثُ عَنْ سَعْدٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَبُو بَکْرِ بْنُ اَبِی مَرْیَمَ

حضرت سعد سے یہ حدیث صرف اسی سند سے ہی مروی ہے‘ اسے روایت کرنے میں ابوبکر بن ابی مریم اکیلے ہیں۔

**434** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ خُلَیْدٍ قَالَ: نا اَبُو الْیَمَانِ قَالَ: نا اَبُو بَکْرِ بْنُ اَبِی مَرْیَمَ، عَنْ حَبِیبِ بْنِ عُبَیْدٍ، عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: یَکُونُ فِی آخِرِ الزَّمَانِ قَوْمٌ اِخْوَانُ الْعَلَانِیَةِ، اَعْدَاءُ السَّرِیرَةِ . فَقِیلَ: یَا رَسُولَ اللّٰهِ، وَکَیْفَ یَکُونُ ذَلِکَ؟ قَالَ: یَکُونُ بِرَغْبَةِ بَعْضِهِمْ اِلَی بَعْضٍ، وَلِرَهْبَةِ بَعْضِهِمْ مِنْ بَعْضٍ

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: آخر زمانہ میں ایسی قوم ہوگی جو ظاہراً دوست اور اندر سے دشمن ہوں گے۔عرض کی گئی: یارسول اللہ! اس وقت یہ لوگ کیسے ہوں گے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اُن میں سے بعض بعض سے رغبت رکھیں گے اور اُن میں سے بعض بعض سے ڈریں گے۔

لَا یُرْوَی هَذَا الْحَدِیثُ عَنْ مُعَاذٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَبُو بَکْرِ بْنُ اَبِی مَرْیَمَ

یہ حدیث حضرت معاذ سے صرف اسی سند سے مروی ہے‘ اسے روایت کرنے میں ابوبکر بن ابی مریم اکیلے ہیں۔

**435** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ خُلَیْدٍ قَالَ: نا عَبْدُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں

---

434- والحدیث أخرجه الامام أحمد فی مسنده جلد 5صفحه235‘ والبزار جلد4صفحه105 کشف الأستار . وانظر: مجمع الزوائد جلد7صفحه289 .

435- أخرجه البخاری: الأحکام جلد 13صفحه228 رقم الحدیث: 7224‘ ومسلم: المساجد جلد 1صفحه451‘ وأبو داؤد: الصلاة جلد1صفحه147 رقم الحدیث: 548‘ والترمذی: الصلاة جلد 1صفحه422 رقم الحدیث: 217‘ والنسائی: الامامة جلد 2صفحه83 (باب التشدید فی التخلف عن الجماعة)‘ وابن ماجة: المساجد جلد 1صفحه259 رقم الحدیث: 791‘ ومالك فی الموطأ: الجماعة جلد 1صفحه129

اللّٰہِ بْنُ جَعْفَرٍ الرَّقِّیُّ قَالَ: نا عُبَیْدُ اللّٰہِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ زَیْدِ بْنِ اَبِی اُنَیْسَۃَ، عَنْ عَدِیِّ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ اَبِی حَازِمٍ، عَنْ اَبِی ھُرَیْرَۃَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُولُ: لَقَدْ ھَمَمْتُ اَنْ آمُرَ بِالصَّلَاۃِ فَتُقَامُ، ثُمَّ آمُرَ رَجُلًا یُصَلِّی بِالنَّاسِ، ثُمَّ آخُذُ حُزَمًا مِنْ حَطَبٍ، ثُمَّ آتِی اَقْوَامًا فِی دُورِھِمْ لَا یَشْھَدُونَ الصَّلَاۃَ، فَاُحَرِّقُ عَلَیْھِمْ بُیُوتَھُمْ

نے رسول اللہ ﷺ کوفرماتے سنا: میں نے ارادہ کیا کہ میں کسی کو اقامت پڑھنے کا حکم دوں، وہ اقامت پڑھے پھر میں ایک آدمی کو حکم دوں کہ وہ لوگوں کو نماز پڑھائے اور میں آگ کا ایک انگارہ لوں اور اُن لوگوں کے پاس جاؤں جو نماز نہیں پڑھتے ہیں اور اُنہیں اُن کے گھروں کے اندر جلادوں۔

لَمْ یَرْوِ ھَذَا الْحَدِیثَ عَنْ عَدِیِّ بْنِ ثَابِتٍ اِلَّا زَیْدُ بْنُ اَبِی اُنَیْسَۃَ

یہ حدیث عدی بن ثابت سے صرف زید بن ابی اُنیسہ ہی روایت کرتے ہیں۔

436- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ خُلَیْدٍ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ جَعْفَرٍ الرَّقِّیُّ قَالَ: نا عُبَیْدُ اللّٰہِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ زَیْدِ بْنِ اَبِی اُنَیْسَۃَ، عَنْ اَبِی بَکْرِ بْنِ حَفْصٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عَامِرِ بْنِ رَبِیعَۃَ، عَنْ اَبِیہِ، اَنَّ رَجُلًا، مِنْ ثَقِیفٍ یُکْنَی اَبَا تَمَامٍ اَھْدَی اِلَی رَسُولِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ رَاوِیَۃَ خَمْرٍ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: اِنَّھَا قَدْ حُرِّمَتْ یَا اَبَا تَمَامٍ، فَقَالَ لَہُ: یَا رَسُولَ اللّٰہِ، فَاَسْتَنْفِقُ ثَمَنَھَا؟ فَقَالَ لَہُ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: اِنَّ الَّذِی حَرَّمَ شُرْبَھَا حَرَّمَ ثَمَنَھَا

حضرت عبداللہ بن عامر بن ربیعہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ قبیلہ ثقیف کے ایک آدمی جس کی کنیت ابوتمام تھی، نے رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ میں شراب کا مٹکا ہدیہ دیا تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اے ابوتمام! یہ حرام کی گئی ہے، اس نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ اس کو فروخت کر کے پیسے لے لیں، تو نبی کریم ﷺ نے فرمایا: اس کو پینا اور اس کی کمائی بھی حرام کی گئی ہے۔

لَمْ یَرْوِ ھَذَا الْحَدِیثَ عَنْ اَبِی بَکْرِ بْنِ حَفْصٍ اِلَّا زَیْدُ بْنُ اَبِی اُنَیْسَۃَ وَلَا یُرْوَی عَنْ عَامِرِ بْنِ رَبِیعَۃَ اِلَّا بِھَذَا الْاِسْنَادِ

یہ حدیث ابوبکر بن حفص سے صرف زید بن ابی اُنیسہ ہی روایت کرتے ہیں اور حضرت عامر بن ربیعہ سے یہ حدیث اسی سند سے مروی ہے۔

---

رقم الحدیث: 3، والدارمی: الصلاۃ جلد 1 صفحہ 327 رقم الحدیث: 1274، وأحمد: المسند جلد 2 صفحہ 327 رقم الحدیث: 7347 .

436- وانظر: مجمع الزوائد جلد 4 صفحہ 92 .

**437** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ خُلَيْدٍ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ الرَّقِّيُّ قَالَ: نا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَبِي اُنَيْسَةَ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: كُنَّا لَا نُمْسِكُ لُحُومَ الْاَضَاحِيِّ فَوْقَ ثَلَاثَةِ اَيَّامٍ، فَاَمَرَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ نَاْكُلَ وَنَتَزَوَّدَ.

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم قربانی کا گوشت تین دن سے زیادہ نہیں رکھتے تھے' پس رسول اللہ ﷺ نے ہمیں کھانے اور ذخیرہ کرنے کا حکم دیا۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ زَيْدٍ اِلَّا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو

زید سے صرف عبیداللہ بن عمرو ہی روایت کرتے ہیں۔

**438** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ خُلَيْدٍ قَالَ: نا عُبَيْدُ بْنُ جَنَّادٍ الْحَلَبِيُّ قَالَ: نا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ مَالِكٍ اللَّخْمِيِّ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ جَرِيرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَجَلِيِّ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمْسَحُ عَلَى الْخُفَّيْنِ بَعْدَ نُزُولِ الْمَائِدَةِ

حضرت ابراہیم بن جریر بن عبداللہ البجلی اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو سورۂ مائدہ کے نزول کے بعد موزوں پر مسح کرتے ہوئے دیکھا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ حُمَيْدِ بْنِ مَالِكٍ اِلَّا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ

یہ حدیث حمید بن مالک سے صرف اسماعیل بن عیاش ہی روایت کرتے ہیں۔

**439** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ خُلَيْدٍ قَالَ: نا عُبَيْدُ بْنُ جَنَّادٍ قَالَ: نا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سُلَيْمَانَ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنِ الطُّفَيْلِ بْنِ عَمْرٍو

حضرت طفیل بن عمرو الدوسی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ قرآن پڑھاتے تھے' میں نے ان کو کھجوریں بطور ہدیہ دیں' وہ صبح

---

437- أخرجه مسلم: الأضاحي جلد3صفحه1562' والنسائي: الضحايا جلد 7صفحه206 (باب الاذن في ذلك)' ومالك في الموطأ: الضحايا جلد 2صفحه484 رقم الحديث: 6' وأحمد: المسند جلد3صفحه474 رقم الحديث:15176 .

438- أخرجه مسلم: الطهارة جلد1صفحه227' والترمذي: الطهارة جلد 1صفحه156-157 رقم الحديث:94-93 .

439- انظر: الجرح والتعديل رقم الحديث:4316' وانظر: مجمع الزوائد رقم الحديث:9814 .

الدَّوْسِيِّ قَالَ: أَقْرَأَنِي أُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ الْقُرْآنَ، فَأَهْدَيْتُ إِلَيْهِ قَوْسًا، فَغَدَا إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَقَدْ تَقَلَّدَهُ، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَقَلَّدَهَا مِنْ جَهَنَّمَ . قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، إِنَّا رُبَّمَا حَضَرْنَا طَعَامَهُمْ، فَأَكَلْنَا مِنْهُ . فَقَالَ: أَمَّا مَا عُمِلَ لَكَ فَإِنَّكَ إِنْ أَكَلْتَهُ، فَإِنَّمَا تَأْكُلُهُ بِخَلَاقِكَ، وَأَمَّا مَا عُمِلَ لِغَيْرِكَ، فَحَضَرْتَهُ فَأَكَلْتَ مِنْهُ، فَلَا بَأْسَ بِهِ

کے وقت نبی کریم ﷺ کی بارگاہ میں آئے' اس حالت میں کہ انہوں نے وہ کھجوریں اپنے گلے میں لٹکائی ہوئی تھیں' نبی کریم ﷺ نے اُن کو فرمایا: تم نے جہنم کا قلادہ ڈال رکھا ہے۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم بسا اوقات اپنی کھانے والی اشیاء اکٹھی کرتے ہیں پھر اس سے کھاتے ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: جو تیرے لیے کیا جائے تو تُو اس سے کھا' تُو اس سے اپنا حصہ کھائے گا اور اگر تیرے سوا کسی کے لیے کیا گیا اور وہ شی آ جائے تو نے اس سے کھایا اس میں کوئی حرج نہیں۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنِ الطُّفَيْلِ بْنِ عَمْرٍو إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ

یہ حدیث طفیل بن عمرو سے اسی سند سے ہی مروی ہے' اسے روایت کرنے میں اسماعیل بن عیاش اکیلے ہیں۔

**440** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ خُلَيْدٍ قَالَ: نا أَبُو الْيَمَانِ الْحَكَمُ بْنُ نَافِعٍ قَالَ: نا صَفْوَانُ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ مُهَاجِرِ بْنِ مَيْمُونٍ، عَنْ فَاطِمَةَ، أَنَّهَا قَالَتْ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَيْنَ أُمُّنَا خَدِيجَةُ؟ قَالَ: فِي بَيْتٍ مِنْ قَصَبٍ، لَا لَغْوٌ فِيهِ وَلَا نَصَبٌ، بَيْنَ مَرْيَمَ وَآسِيَةَ امْرَأَةِ فِرْعَوْنَ ، قَالَتْ: أَمِنْ هَذَا الْقَصَبِ؟ قَالَ: لَا، بَلْ مِنَ الْقَصَبِ الْمَنْظُومِ بِالدُّرِّ، وَاللُّؤْلُؤِ، وَالْيَاقُوتِ

حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ انہوں نے نبی کریم ﷺ سے عرض کی: ہماری والدہ خدیجہ کہاں ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ایسے گھر میں جو بانسوں کا بنا ہوا ہے نہ اس میں لغویات ہیں اور نہ تھکاوٹ ہو گا' وہ حضرت مریم اور حضرت آسیہ زوجۂ فرعون کے درمیان ہیں۔ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے عرض کیا: کیا ان بانسوں کا (گھر ہوگا)؟ آپ ﷺ نے فرمایا: نہیں! بلکہ موتی' ہیرے اور یاقوت کے ساتھ مزین بانسوں کا گھر ہوگا۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ فَاطِمَةَ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: صَفْوَانُ

یہ حدیث حضرت فاطمہ سے صرف اسی سند سے مروی ہے' اُن سے روایت کرنے میں صفوان اکیلے ہیں۔

**441** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ خُلَيْدٍ الْحَلَبِيُّ قَالَ:

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

---

440- انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 22619 .

441- والحديث أخرجه الطبراني في الكبير جلد 18 صفحه 168 رقم الحديث: 371 . وانظر: مجمع الزوائد

نَا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ مُطَرِّفٍ اَبُو سُفْيَانَ السُّرُوجِيُّ قَالَ: نَا اَيُّوبُ بْنُ اَبِي هِنْدٍ قَالَ: نَا اَبُو مَرْوَانَ الْوَاسِطِيُّ، عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ الْحُصَيْنِ قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ اِجَابَةِ طَعَامِ الْفَاسِقِينَ

رسول اللہ ﷺ نے فاسقوں کی دعوت قبول کرنے سے منع فرمایا ہے۔

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ الْحُصَيْنِ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ. تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ مُطَرِّفٍ

یہ حدیث عمران بن حصین سے صرف اسی سند سے مروی ہے' اسے روایت کرنے میں عبدالرحیم بن مطرف اکیلے ہیں۔

**442** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ خُلَيْدٍ قَالَ: نَا اَبُو الْيَمَانِ قَالَ: نَا صَفْوَانُ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ شُرَيْحِ بْنِ عُبَيْدٍ الْحَضْرَمِيِّ، يَرُدُّهُ اِلَى اَبِي ذَرٍّ، قَالَ: لَمَّا كَانَ الْعَشْرُ الْاَوَاخِرُ مِنْ رَمَضَانَ، اعْتَكَفَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْمَسْجِدِ، فَلَمَّا صَلَّى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَاةَ الْعَصْرِ مِنْ يَوْمِ اثْنَيْنِ وَعِشْرِينَ قَالَ: اِنَّا قَائِمُونَ اللَّيْلَةَ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ، فَمَنْ شَاءَ اَنْ يَقُومَ فَلْيَقُمْ، فَهِيَ لَيْلَةُ ثَلَاثٍ وَعِشْرِينَ، فَصَلَّى لَنَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَمَاعَةً بَعْدَ الْعَتَمَةِ، حَتَّى ذَهَبَ ثُلُثُ اللَّيْلِ، ثُمَّ انْصَرَفَ، فَلَمَّا كَانَتْ لَيْلَةُ اَرْبَعٍ وَعِشْرِينَ لَمْ يَقُلْ شَيْئًا، وَلَمْ يَقُمْ، فَلَمَّا كَانَتْ لَيْلَةُ خَمْسٍ وَعِشْرِينَ، قَامَ بَعْدَ صَلَاةِ الْعَصْرِ يَوْمَ اَرْبَعٍ وَعِشْرِينَ، فَقَالَ: اِنَّا قَائِمُونَ اللَّيْلَةَ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ، يَعْنِي: لَيْلَةَ خَمْسٍ وَعِشْرِينَ، فَمَنْ شَاءَ فَلْيَقُمْ. فَصَلَّى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب رمضان کے آخری عشرہ میں آیا تو نبی کریم ﷺ نے مسجد میں اعتکاف کیا' جب نبی کریم ﷺ نے بائیس (۲۲) رمضان کو عصر کی نماز پڑھی تو آپ نے فرمایا: ہم ان شاء اللہ رات کو قیام کریں گے' جو قیام کرنا چاہتا ہے وہ قیام کرے۔ وہ رات تیئس (۲۳) رمضان کی تھی' سو نبی کریم ﷺ نے ہمیں عشاء کے بعد تہائی رات تک جماعت کے ساتھ نماز پڑھائی' پھر آپ چلے گئے' جب چوبیں رمضان کی رات آئی تو آپ نے کچھ نہیں فرمایا اور نہ ہی قیام کیا' جب پچیس رمضان کی رات آئی تو آپ چوبیں رمضان کی عصر کی نماز کے بعد کھڑے ہوئے' آپ نے فرمایا: ہم ان شاء اللہ رات کو قیام کریں گے' یعنی پچیسویں رمضان کی رات تو جو قیام کرنا چاہے وہ قیام کرے۔ پس نبی کریم ﷺ نے آدھی رات تک نماز پڑھائی' جب چھبیسویں رات تھی تو آپ کھڑے ہوئے

رقم الحديث: 5714.

442- أخرجه الامام أحمد فی مسنده جلد5صفحه205 رقم الحديث: 21566.

حَتَّى ذَهَبَ نِصْفُ اللَّيْلِ، فَلَمَّا كَانَتْ لَيْلَةُ سِتٍّ وَعِشْرِينَ، قَامَ، فَقَالَ: إِنَّا قَائِمُونَ إِنْ شَاءَ اللَّهُ يَعْنِي: لَيْلَةَ سَبْعٍ وَعِشْرِينَ فَمَنْ شَاءَ أَنْ يَقُومَ فَلْيَقُمْ ۔ قَالَ أَبُو ذَرٍّ: فَتَجَلَّدْنَا لِلْقِيَامِ، فَقَامَ بِنَا النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى ذَهَبَ ثُلُثَا اللَّيْلِ، ثُمَّ انْصَرَفَ إِلَى قُبَّةٍ فِي الْمَسْجِدِ، فَقُلْتُ لَهُ: إِنْ كُنَّا لَقَدْ طَمِعْنَا يَا رَسُولَ اللَّهِ تَقُومُ بِنَا حَتَّى نُصْبِحَ قَالَ: يَا أَبَا ذَرٍّ، إِنَّكَ إِذَا صَلَّيْتَ مَعَ إِمَامِكَ، وَانْصَرَفْتَ إِذَا انْصَرَفَ، كُتِبَ لَكَ قُنُوتُ لَيْلَتِكَ"

اور فرمایا: ہم ان شاء اللہ قیام کریں گے یعنی ستائیسویں رات کو تو جو قیام کرنا چاہے وہ کرے۔ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم نے قیام کی تیاری کی تو نبی کریم ﷺ نے ہمیں نماز پڑھائی حتیٰ کہ دو تہائی حصہ رات گزر گئی پھر آپ پھر اس کے بعد آپ مسجد کے قبہ میں تشریف فرما ہوئے۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم طمع رکھتے ہیں کہ صبح تک قیام کریں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اے ابوذر! جب تُو نے اپنے امام کے ساتھ نماز پڑھلی ہے تو تُو بھی چلا جا جب وہ چلا گیا ہے تیرے لیے ساری رات ہی کا قیام لکھا جائے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ شُرَيْحِ بْنِ عُبَيْدٍ إِلَّا صَفْوَانُ بْنُ عَمْرٍو

یہ حدیث شریح بن عبید سے صرف صفوان بن عمرو ہی روایت کرتے ہیں۔

443 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ خُلَيْدٍ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى الطَّبَّاعُ قَالَ: نا أَبُو بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ حُمَيْدٍ الْكِنْدِيِّ، عَنْ عُبَادَةَ بْنِ نُسَيٍّ، عَنْ أَبِي رَيْحَانَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنِ انْتَسَبَ إِلَى تِسْعَةِ آبَاءٍ كُفَّارٍ يُرِيدُ بِهِمْ عِزًّا، فَهُوَ عَاشِرُهُمْ فِي النَّارِ

حضرت ابوریحانہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے اپنے نو کافر باپوں کی طرف عزت حاصل کرنے کے لیے نسبت کی وہ اُن کے ساتھ جہنم میں وہ دسواں ہوگا۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ أَبِي رَيْحَانَةَ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: أَبُو بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ

یہ حدیث ابوریحانہ سے صرف اسی سند سے مروی ہے اسے روایت کرنے میں ابوبکر بن عیاش اکیلے ہیں۔

444 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ خُلَيْدٍ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى الطَّبَّاعُ قَالَ: نا مُعَاذُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مُعَاذِ بْنِ أُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ أُبَيِّ

حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اے ابومنذر! مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں تجھے قرآن پڑھ کر سناؤں۔ حضرت ابی بن

---

443- والحديث أخرجه الامام أحمد في مسنده جلد4صفحه135 . انظر: مجمع الزوائد جلد8صفحه88 .

444- انظر: مجمع الزوائد جلد9صفحه351 .

بْنِ كَعْبٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا اَبَا الْمُنْذِرِ، اِنِّي اُمِرْتُ اَنْ اَعْرِضَ عَلَيْكَ الْقُرْآنَ. فَقَالَ: بِاللّٰهِ آمَنْتُ، وَعَلَى يَدَيْكَ اَسْلَمْتُ، وَمِنْكَ تَعَلَّمْتُ. قَالَ: فَرَدَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْقَوْلَ. فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، وَذُكِرْتُ هُنَاكَ؟ قَالَ: نَعَمْ بِاسْمِكَ وَنَسَبِكَ فِي الْمَلَاِ الْاَعْلَى. قَالَ: فَاقْرَاْ اِذًا يَا رَسُولَ اللّٰهِ

کعب رضی اللہ عنہ نے عرض کی: میں اللہ پر ایمان لایا اور آپ کے دست مبارک پر اسلام قبول کیا اور آپ سے علم حاصل کیا۔ کہا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اُن کی بات مسترد کر دی، تو انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! میرا بھی وہاں ذکر ہوتا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تیرے اور تیرے نسب کا ملاء اعلیٰ میں ذکر ہوتا ہے، عرض کی: یارسول اللہ! تب تو پڑھیے۔

**445** - عَنْ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ، اَنَّهُ قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَا جَزَاءُ الْحُمَّى؟ قَالَ: تَجْرِي الْحَسَنَاتُ عَلَى صَاحِبِهَا مَا اخْتَلَجَ عَلَيْهِ قَدَمٌ، اَوْ ضَرَبَ عَلَيْهِ عِرْقٌ، فَقَالَ: اللّٰهُمَّ اِنِّي اَسْاَلُكَ حُمَّى لَا تَمْنَعُنِي خُرُوجًا فِي سَبِيلِكَ، وَلَا خُرُوجًا اِلَى بَيْتِكَ، وَلَا مَسْجِدِ نَبِيِّكَ، فَلَمْ يُمَسَّ اُبَيٌّ قَطُّ اِلَّا وَبِهِ حُمَّى

حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ ہی روایت کرتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! بخار میں کیا جزاء ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اس کے ساتھ نیکیاں لکھی جاتی ہیں اور گناہ معاف ہو جاتے ہیں۔ عرض کی گئی: اے اللہ! میں تجھ سے ایسا بخار مانگتا ہوں کہ وہ بخار مجھے تیری راہ میں نکلنے سے نہ روکے، اور نہ بیت اللہ کے حج سے، نہ تیرے نبی کی مسجد سے۔ راویٔ حدیث فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابی کو ہاتھ لگایا تو ایسا محسوس ہوا کہ اُن کو بخار ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنْ مُعَاذِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ اُبَيٍّ، اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى الطَّبَّاعُ

یہ دونوں حدیثیں معاذ بن محمد بن ابی سے صرف محمد بن عیسیٰ الطباع ہی روایت کرتے ہیں۔

**446** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ خُلَيْدٍ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى الطَّبَّاعُ قَالَ: نا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عَجْلَانَ، عَنِ ابْنِ وَثِيمَةَ النَّصْرِيِّ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب تمہارے پاس کوئی ایسا رشتہ آئے جس کا دین اور اخلاق تمہیں پسند ہو تو اس کے ساتھ شادی کر دو، اگر ایسا نہیں کرو گے تو زمین میں بڑا فساد ہو

445- والحديث أخرجه الطبراني في الكبير رقم الحديث: 540 . وانظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 30812 .

446- أخرجه الترمذي: النكاح جلد 3 صفحه 385 رقم الحديث: 1084، وابن ماجة: النكاح جلد 1 صفحه 632 رقم الحديث: 1967 .

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا آتَاكُمْ مَنْ تَرْضَوْنَ دِينَهُ وَخُلُقَهُ فَزَوِّجُوهُ، إِلَّا تَفْعَلُوا تَكُنْ فِتْنَةٌ فِي الْأَرْضِ وَفَسَادٌ عَرِيضٌ

گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ إِلَّا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ سُلَيْمَانَ

یہ حدیث ابن عجلان سے صرف عبدالحمید بن سلیمان ہی روایت کرتے ہیں۔

**447** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ خُلَيْدٍ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى الطَّبَّاعُ قَالَ: حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ حَبِيبِ بْنِ نُدْبَةَ قَالَ: نا الْمُثَنَّى بْنُ الصَّبَّاحِ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي بَعْضِ غَزَوَاتِهِ: اسْتَكْثِرُوا هَذِهِ النِّعَالَ، فَإِنَّ أَحَدَكُمْ لَا يَزَالُ رَاكِبًا مَا كَانَتَا فِي رِجْلَيْهِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے بعض غزوات میں فرمایا: جوتے کثرت سے پہنا کرو' کیونکہ تم میں سے کوئی ایک مسلسل سواری پر ہوتا ہے جب تک کہ دونوں جوتے اس نے پاؤں میں پہنے ہوتے ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْمُثَنَّى إِلَّا الْحَسَنُ بْنُ حَبِيبٍ

یہ حدیث مثنیٰ سے صرف حسن بن حبیب ہی روایت کرتے ہیں۔

**448** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ خُلَيْدٍ قَالَ: نا يُوسُفُ بْنُ يُونُسَ الْأَفْطَسُ، أَخُو أَبِي مُسْلِمٍ الْمُسْتَمْلِي قَالَ: نا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِينَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِذَا كَانَ يَوْمُ الْقِيَامَةِ، دَعَا اللّٰهُ عَبْدًا مِنْ عَبِيدِهِ، فَيُوقَفُ بَيْنَ يَدَيْهِ، فَيَسْأَلُهُ عَنْ جَاهِهِ، كَمَا يَسْأَلُهُ عَنْ مَالِهِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا: جب قیامت کا دن ہوگا تو اللہ عزوجل اپنے بندوں میں سے کسی بندے کو بلائے گا اور اس کو اپنے سامنے کھڑا کرے گا اور اس سے اس کی عزت کے متعلق ایسے ہی پوچھے گا جس طرح اس کے مال کے متعلق پوچھے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِينَارٍ إِلَّا

یہ حدیث عبداللہ بن دینار سے صرف سلیمان بن

---

447- أخرجه مسلم: اللباس جلد 3 صفحه 1660، وأبو داؤد: اللباس جلد 4 صفحه 67 رقم الحديث: 4133، وأحمد: المسند جلد 3 صفحه 441 رقم الحديث: 14886 .

448- والحديث أخرجه الطبراني في الصغير جلد 1 صفحه 15 . وانظر: مجمع الزوائد جلد 10 صفحه 349 .

سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: يُوسُفُ بْنُ يُونُسَ

بلال ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں یوسف بن یونس اکیلے ہیں۔

**449** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ خُلَيْدٍ قَالَ: نا اِسْحَاقُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ اَبُو يَعْقُوبَ التَّمِيمِيُّ الْاَذَنِيُّ قَالَ: نا شَرِيكٌ، عَنْ هِلَالٍ الْوَزَّانِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُكَيْمٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا مِنْكُمْ مِنْ اَحَدٍ اِلَّا وَسَيَسْاَلُهُ رَبُّهُ تَبَارَكَ وَتَعَالَى، فَيَقُولُ: عَبْدِى مَا غَرَّكَ بِى؟ مَاذَا اَجَبْتَ الْمُرْسَلِينَ؟.

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ' نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: تم میں سے ہر کسی سے اللہ عزوجل فرمائے گا کہ میرے بندے تجھے میرے متعلق کس نے دھوکہ میں ڈالا تھا؟ تُو نے انبیاءِ کرام کی دعوت کیوں قبول نہیں کی؟

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ هِلَالٍ الْوَزَّانِ اِلَّا شَرِيكٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: اِسْحَاقُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ

یہ حدیث ھلال الوزان سے صرف شریک ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں اسحاق بن عبداللہ اکیلے ہیں۔

**450** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ خُلَيْدٍ قَالَ: نا عُبَيْدُ بْنُ هِشَامٍ الْحَلَبِيُّ قَالَ: نا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِى خَالِدٍ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقْرَاُ فِى الْعِشَاءِ بِالتِّينِ وَالزَّيْتُونِ

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نمازِ عشاء میں والتین والزیتون پڑھتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِى خَالِدٍ اِلَّا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو، تَفَرَّدَ بِهِ: عُبَيْدُ بْنُ هِشَامٍ

یہ حدیث اسماعیل بن ابی خالد سے صرف عبیداللہ بن عمرو ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں عبید بن ہشام اکیلے ہیں۔

---

449- أخرجه الطبرانی فی الكبير جلد9 صفحه182 رقم الحديث: 8899 .

450- أخرجه البخاری: الأذان جلد 2 صفحه293 رقم الحديث: 769' ومسلم: الصلاة جلد 2 صفحه115 رقم الحديث: 310' والترمذی: الصلاة جلد 1 صفحه339' والنسائی: الافتتاح جلد 2 صفحه134 (باب القراء ة فيها بالتين والزيتون)' وابن ماجة: الاقامة جلد 1 صفحه272 رقم الحديث: 834' وأحمد: المسند جلد4 صفحه348 رقم الحديث: 18531 .

451 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ خُلَيْدٍ قَالَ: نَا اِسْحَاقُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ التَّمِيمِيُّ الْاَذَنِيُّ قَالَ: نَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عُلَيَّةَ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: مِنَ السُّنَّةِ اَنْ لَّا تَخْرُجَ يَوْمَ الْفِطْرِ حَتّٰى تَطْعَمَ، وَلَا يَوْمَ النَّحْرِ حَتّٰى تَرْجِعَ .

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ سنت یہ ہے کہ عید الفطر کے دن نماز کے لئے نکلنے سے پہلے کچھ کھایا جائے اور عید الاضحیٰ کے دن واپسی پر کھایا جائے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ اِلَّا ابْنُ عُلَيَّةَ، تَفَرَّدَ بِهِ: اِسْحَاقُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ .

یہ حدیث ابن جریج سے صرف ابن علیہ ہی روایت کرتے ہیں اسے روایت کرنے والے اسحاق بن عبداللہ اکیلے ہیں۔

452 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ خُلَيْدٍ قَالَ: نَا اِسْحَاقُ قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ اَنَسٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَلَّلَ لِحْيَتَهُ.

حضرت انس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ داڑھی کا خلال کرتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ حُمَيْدٍ اِلَّا اِسْمَاعِيلُ بْنُ جَعْفَرٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: اِسْحَاقُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ

یہ حدیث حمید سے صرف اسماعیل بن جعفر ہی روایت کرتے ہیں اسے روایت کرنے میں اسحاق بن عبداللہ اکیلے ہیں۔

453 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ الْحَلَبِيُّ قَالَ: نَا اَبُو نُعَيْمٍ الْفَضْلُ بْنُ دُكَيْنٍ قَالَ: نَا شَيْبَانُ اَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي قَتَادَةَ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: بَيْنَمَا نَحْنُ نُصَلِّي مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اِذْ سَمِعَ جَلَبَةَ رِجَالٍ خَلْفَهُ، فَلَمَّا

حضرت عبداللہ بن ابی قتادہ رضی اللہ عنہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ نماز پڑھ رہے تھے کہ اچانک آپ نے مردوں کی آواز سنی اپنے پیچھے سے جب آپ نماز سے فارغ ہوئے تو آپ ﷺ نے فرمایا: تمہیں کیا ہوا

---

451- أخرجه الطبراني في الكبير جلد 11 صفحه 141 رقم الحديث: 11296، والبزار رقم الحديث: 31211 كشف الأستار . وانظر: مجمع الزوائد جلد 2 صفحه 202 .

452- أخرجه أبو داؤد: الطهارة: جلد 1 صفحه 36 رقم الحديث: 145، وابن ماجة: الطهارة جلد 1 صفحه 149 رقم الحديث: 431 .

453- وانظر: مجمع الزوائد جلد 2 صفحه 34 .

قَضَى صَلَاتَهُ قَالَ: مَا شَأْنُكُمْ؟ قَالُوا: أَسْرَعْنَا إِلَى الصَّلَاةِ قَالَ: فَلَا تَفْعَلُوا، لِيُصَلِّ أَحَدُكُمْ مَا أَدْرَكَ، وَلْيَقْضِ مَا فَاتَهُ

ہے؟ انہوں نے عرض کی: ہم نماز کی طرف جلدی کرتے ہیں' آپ نے فرمایا: ایسے نہ کیا کرو' تم میں سے ہر کوئی سکون سے آئے' جتنی نماز مل جائے اس کو پڑھ لو' جو رہ جائے اس کو بعد میں ادا کرلو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ إِلَّا شَيْبَانُ

یہ حدیث یحییٰ بن ابی کثیر سے صرف شیبان ہی روایت کرتے ہیں۔

**454** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ خُلَيْدٍ قَالَ: نا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ الدَّرَاوَرْدِيُّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ أَخِي الزُّهْرِيِّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَدِيِّ بْنِ الْحَمْرَاءِ قَالَ: وَقَفَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْحَزْوَرَةِ، فَقَالَ: وَاللّٰهِ إِنِّي لَأَعْلَمُ أَنَّكِ خَيْرُ أَرْضِ اللّٰهِ، وَأَحَبُّ أَرْضِ اللّٰهِ إِلَى اللّٰهِ، وَلَوْلَا أَنِّي أُخْرِجْتُ مِنْكِ مَا خَرَجْتُ

حضرت عبداللہ بن عدی بن حمراء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ مقامِ حزورہ پر کھڑے تھے' آپ نے فرمایا: اللہ کی قسم! میں جانتا ہوں کہ تُو اللہ کی بہترین زمین ہے' مجھے اللہ کی زمینوں میں سے اللہ کی طرف تُو سب سے زیادہ پسند ہے' اگر مجھے تجھ سے نہ نکالا جاتا تو میں ہرگز نہ نکلتا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ أَخِي الزُّهْرِيِّ إِلَّا الدَّرَاوَرْدِيُّ

یہ حدیث ابن زہری کے بھائی کے بیٹے سے صرف الدراوردی ہی روایت کرتے ہیں۔

**455** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ خُلَيْدٍ قَالَ: نا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ طَلْحَةَ التَّيْمِيُّ قَالَ: حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَالِمِ بْنِ عُوَيْمِ بْنِ سَاعِدَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: عَلَيْكُمْ بِالْأَبْكَارِ، فَإِنَّهُنَّ أَعْذَبُ أَفْوَاهًا، وَأَنْتَقُ أَرْحَامًا، وَأَرْضَى بِالْيَسِيرِ

حضرت عبدالرحمٰن بن سالم بن عویم بن ساعدہ رضی اللہ عنہ اپنے والد سے' وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تم کنواری لڑکیوں سے شادی کیا کرو کیونکہ وہ منہ کی زیادہ میٹھی ہوتی ہیں' اُن کا رحم بچہ جننے کے زیادہ قابل ہوتا ہے اور وہ تھوڑے پر ہی راضی ہوجاتی ہیں۔

454 أخرجه الحاكم في المستدرك جلد3صفحه280 .

455 أخرجه ابن ماجة: النكاح جلد1صفحه598 رقم الحديث: 1861 .

456 - وَعَنْ جَدِّهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ اللّٰهَ تَبَارَكَ وَتَعَالَى اخْتَارَنِي، وَاخْتَارَ لِي أَصْحَابًا، فَجَعَلَ لِي مِنْهُمْ وُزَرَاءَ، وَأَنْصَارًا، وَأَصْهَارًا، فَمَنْ سَبَّهُمْ، فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللّٰهِ وَالْمَلَائِكَةِ وَالنَّاسِ أَجْمَعِينَ

حضرت عبدالرحمٰن بن سالم بن عویم بن ساعدہ رضی اللہ عنہ اپنے دادا سے ہی روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بے شک اللہ عزوجل نے مجھے چنا اور میرے لیے میرے صحابہ کو چنا' اُن میں سے میرے وزیر اور انصار اور سسرال بنائے' جو اُن کو گالی دے اُس پر اللہ اور فرشتوں اور تمام لوگوں کی لعنت ہو۔

لَا يُرْوَى هَذَانِ الْحَدِيثَانِ عَنْ عُوَيْمِ بْنِ سَاعِدَةَ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِمَا: مُحَمَّدُ بْنُ طَلْحَةَ التَّيْمِيُّ

یہ دونوں حدیثیں عویم بن ساعدہ سے اسی سند سے ہی مروی ہیں' ان سے روایت کرنے میں محمد بن طلحہ تیمی اکیلے ہیں۔

457 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ خُلَيْدٍ قَالَ: نا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي فُدَيْكٍ قَالَ: حَدَّثَنِي سَعِيدُ بْنُ سُفْيَانَ الْأَسْلَمِيُّ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَعْفَرٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ اللّٰهَ تَبَارَكَ وَتَعَالَى مَعَ الْمَدِينِ حَتَّى يَقْضِيَ دِينَهُ، مَا لَمْ يَكُنْ دِينُهُ فِيمَا يَكْرَهُ اللّٰهُ

حضرت عبداللہ بن جعفر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بے شک اللہ عزوجل قرض دینے والے کے ساتھ ہوتا ہے یہاں تک کہ اس کا قرض ادا کر دے' جب تک ایسا قرض نہ ہو جسے اللہ ناپسند کرتا ہے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَعْفَرٍ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُ أَبِي فُدَيْكٍ

یہ حدیث عبداللہ بن جعفر سے اسی سند سے مروی ہے' اسے روایت کرنے میں ابن ابی فدیک اکیلے ہیں۔

458 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نا إِسْمَاعِيلُ بْنُ أَبِي أُوَيْسٍ قَالَ: حَدَّثَنِي أَخِي، عَنْ حَمَّادِ بْنِ أَبِي حُمَيْدٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ وَرْدَانَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَجُلًا، قَامَ عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ ایک آدمی رسول اللہ ﷺ کے پاس کھڑا تھا' صحابہ کرام نے اس کو دیکھا کہ وہ قیام سے عاجز ہے' صحابہ کرام نے فرمایا: فلاں کو کس نے عاجز کر دیا؟ تو رسول اللہ ﷺ

456- أخرجه الحاكم: المستدرك جلد3صفحه632 .

457- أخرجه الدارمي: البيوع جلد2صفحه342 رقم الحديث:2595 .

458- انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث:9718 .

فَرَاَوْا فِی قِیَامِهِ عَجْزًا فَقَالُوا: مَا اَعْجَزَ، فُلَانًا فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: اَكَلْتُمْ اَخَاكُمْ وَاغْتَبْتُمُوهُ

نے فرمایا: تم نے غیبت کر کے اپنے بھائی کا گوشت کھایا ہے۔

لَمْ یَرْوِ هَذَا الْحَدِیثَ عَنْ مُوسَی بْنِ وَرْدَانَ اِلَّا حَمَّادُ بْنُ اَبِی حُمَیْدٍ

یہ حدیث موسیٰ بن وردان سے حماد بن ابی حمید ہی روایت کرتے ہیں۔

**459** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ یَزِیدَ بْنِ رَاشِدٍ الدِّمَشْقِیُّ قَالَ: نا صَدَقَةُ بْنُ یَزِیدَ قَالَ: حَدَّثَنِی مُحَمَّدُ بْنُ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، اَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُولُ: لَا طَلَاقَ لِمَنْ لَا یَمْلِكُ، وَلَا عِتْقَ لِمَنْ لَا یَمْلِكُ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا: جو عورت نکاح میں نہ ہو اُس کو طلاق نہیں اور جو غلام ملکیت میں نہیں‘ اُس کو آزاد کرنا درست نہیں۔

لَمْ یَرْوِ هَذَا الْحَدِیثَ عَنْ صَدَقَةَ بْنِ یَزِیدَ اِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ یَزِیدَ

یہ حدیث صدقہ بن یزید سے صرف عبداللہ بن یزید ہی روایت کرتے ہیں۔

**460** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا اَبُو نُعَیْمٍ الْفَضْلُ بْنُ دُكَیْنٍ قَالَ: نا اَبُو الرَّبِیعِ السَّمَّانُ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ عُبَیْدِ اللّٰهِ بْنِ عَاصِمٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَامِرِ بْنِ رَبِیعَةَ، عَنْ اَبِیهِ قَالَ: كُنْتُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِی لَیْلَةٍ سَوْدَاءَ مُظْلِمَةٍ، فَنَزَلْنَا مَنْزِلًا، فَجَعَلَ الرَّجُلُ یَاْخُذُ الْحِجَارَةَ، فَیَجْمَعُهَا مَسْجِدًا فَیُصَلِّی اِلَیْهِ، فَلَمَّا اَصْبَحْنَا، اِذَا نَحْنُ عَلَی غَیْرِ الْقِبْلَةِ، فَقُلْنَا: یَا رَسُولَ اللّٰهِ، صَلَّیْنَا لَیْلَتَنَا هَذِهِ لِغَیْرِ الْقِبْلَةِ، فَاَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالَی: (وَلِلّٰهِ الْمَشْرِقُ وَالْمَغْرِبُ فَاَیْنَمَا تُوَلُّوا فَثَمَّ وَجْهُ اللّٰهِ) (البقرة:115)"

حضرت عبداللہ بن عامر بن ربیعہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ میں ایک اندھیری رات میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ تھا‘ ہم ایک جگہ اُترے تو ایک آدمی پتھر لا رہا تھا‘ اُس نے مسجد میں پتھروں کو جمع کیا اور اس کی طرف منہ کر کے نماز پڑھنے لگا‘ جب ہم نے صبح کی تو دیکھا کہ ہم قبلہ کے علاوہ کسی سمت میں منہ کر کے نماز پڑھ رہے تھے‘ ہم نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم نے اس رات قبلہ کے علاوہ کسی اور طرف منہ کر کے نماز پڑھی ہے‘ تو اللہ عزوجل نے یہ آیت نازل فرمائی: ’’وَلِلّٰهِ الْمَشْرِقُ وَالْمَغْرِبُ فَاَیْنَمَا تُوَلُّوا فَثَمَّ وَجْهُ اللّٰهِ‘‘ (البقرہ:۱۱۵)۔

---

459- انظر: لسان المیزان رقم الحدیث: 18713.

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَاصِمِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ إِلَّا أَبُو الرَّبِيعِ السَّمَّانُ

یہ حدیث عاصم بن عبیداللہ سے صرف ابوالربیع السمان ہی روایت کرتے ہیں۔

461 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ خُلَيْدٍ قَالَ: نا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مَهْدِيٍّ الْمِصِّيصِيُّ قَالَ: نا أَبُو حَفْصٍ الْأَبَّارُ قَالَ: نا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْأَوْدِيُّ، عَنْ أَبِي بُرْدَةَ، عَنْ أَبِي مُوسَى، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: أَوَّلُ مَنْ صُنِعَتْ لَهُ النُّورَةُ، وَدَخَلَ الْحَمَّامَ، سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ، فَلَمَّا دَخَلَهُ وَوَجَدَ حَرَّهُ، وغَمَّهُ قَالَ: أَوَّهْ مِنْ عَذَابِ اللّٰهِ، أَوَّهْ، أَوَّهْ، قَبْلَ أَنْ لَا يَنْفَعَ أَوَّهْ

حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ' نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: سب سے پہلے جس کے لیے چونا بنایا گیا اور وہ حمام میں داخل ہوا' وہ سلیمان بن داؤد علیہما السلام ہیں' جب وہاں داخل ہوئے تو وہاں گرمی اور غم پایا' فرمانے لگے: اللہ کے عذاب سے پناہ! پناہ! پناہ! اس سے پہلے کہ اس کو پناہ نفع نہ دے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ أَبِي مُوسَى إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: إِبْرَاهِيمُ بْنُ مَهْدِيٍّ

یہ حدیث ابوموسیٰ سے صرف اسی سند سے مروی ہے' اسے روایت کرنے میں ابراہیم بن مہدی اکیلے ہیں۔

462 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ خُلَيْدٍ قَالَ: نا عُبَيْدُ بْنُ جَنَّادٍ قَالَ: نا سُلَيْمَانُ بْنُ حَيَّانَ أَبُو خَالِدٍ الْأَحْمَرُ، عَنْ أَشْعَثَ بْنِ سَوَّارٍ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: وُقِّتَ لِلنُّفَسَاءِ أَرْبَعِينَ يَوْمًا

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نفاس والی عورتوں کی مدت (نفاس) چالیس دن مقرر کی گئی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَشْعَثَ إِلَّا أَبُو خَالِدٍ

یہ حدیث اشعث سے صرف ابوخالد ہی روایت کرتے ہیں۔

463 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ خُلَيْدٍ قَالَ: نا مُوسَى بْنُ عِيسَى الطَّبَّاعُ قَالَ: نا يُوسُفُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: قَالَ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: لوگوں کا مال زکوٰۃ دینے سے پاک ہوتا ہے۔

---

461- والحديث أخرجه ابن عدى فى الكامل جلد 1 صفحه 383' والطبرانى فى الكبير قاله الحافظ الهيثمى . انظر: مجمع الزوائد جلد 8 صفحه 210 .

462- انظر: مجمع الزوائد جلد 1 صفحه 284 .

463- انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 2018 .

رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مُدَارَاةُ النَّاسِ صَدَقَةٌ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يُوسُفَ بْنِ مُحَمَّدٍ إِلَّا مُوسَى بْنُ عِيسَى

یہ حدیث یوسف بن محمد سے صرف موسیٰ بن عیسیٰ ہی روایت کرتے ہیں۔

**464** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ خُلَيْدٍ قَالَ: نا إِسْحَاقُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْأَذَنِيُّ، قَالَ نا عَمْرُو بْنُ الْأَزْهَرِ الْوَاسِطِيُّ، عَنْ حُمَيْدٍ الطَّوِيلِ، عَنْ أَبِي نَضْرَةَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَزَوَّجَ أُمَّ سَلَمَةَ عَلَى مَتَاعِ بَيْتٍ قِيمَتُهُ عَشَرَةُ دَرَاهِمَ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا سے ایک گھر کی قیمت کے مہر پر شادی کی' اس گھر کی قیمت دس درہم تھی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ حُمَيْدٍ إِلَّا عَمْرُو بْنُ الْأَزْهَرِ

یہ حدیث حمید سے صرف عمرو بن الازھر ہی روایت کرتے ہیں۔

**465** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ خُلَيْدٍ قَالَ: نا أَبُو تَوْبَةَ الرَّبِيعُ بْنُ نَافِعٍ قَالَ: نا سُوَيْدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، عَنْ عَاصِمٍ الْأَحْوَلِ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: سُتْرَةُ الْإِمَامِ سُتْرَةُ مَنْ خَلْفَهُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ' نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: امام کا سترہ مقتدی کا سترہ ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَاصِمٍ إِلَّا سُوَيْدٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: الرَّبِيعُ

یہ حدیث عاصم سے صرف سوید ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں ربیع اکیلے ہیں۔

**466** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ خُلَيْدٍ قَالَ: نا أَبُو تَوْبَةَ الرَّبِيعُ بْنُ نَافِعٍ قَالَ: نا مُعَاوِيَةُ بْنُ سَلَّامٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ سَلَّامٍ، أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا سَلَّامٍ، يَقُولُ: حَدَّثَنِي

حضرت عبداللہ الھوزنی فرماتے ہیں کہ وہ مؤذنِ رسول ﷺ حضرت بلال سے ملا' وہ مقامِ حلب میں مسواک کر رہے تھے' میں نے عرض کی: اے بلال! مجھے

---

464- أخرجه ابن عدى الكامل جلد5صفحه1785 . وانظر: مجمع الزوائد جلد4صفحه285 .

465- انظر: مجمع الزوائد جلد2صفحه65 .

466- أخرجه مسلم: الحيض جلد1صفحه252' والبيهقي: سننه جلد1صفحه261 رقم الحديث: 798 .

عَبْدُ اللّٰهِ الْهَوْزَنِيُّ، اَنَّهُ لَقِيَ بِلَالًا مُؤَذِّنَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَسَوَّكُ بِحَلَبَ قَالَ: فَقُلْتُ: يَا بِلَالُ، حَدِّثْنِي كَيْفَ كَانَ مِهْنَةُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ فَقَالَ: مَا كَانَ لَهُ شَيْءٌ، كُنْتُ اَنَا الَّذِي اِلَى ذٰلِكَ مِنْهُ مُنْذُ بَعَثَهُ اللّٰهُ حَتّٰى تُوُفِّيَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ. وَكَانَ اِذَا اَتَاهُ الْاِنْسَانُ الْمُسْلِمُ فَرَآهُ عَارِيًا، يَاْمُرُنِي بِهِ، فَاَنْطَلِقُ، وَاَسْتَقْرِضُ فَاَشْتَرِي الْبُرْدَةَ، فَاَكْسُوهُ، وَاُطْعِمُهُ، حَتّٰى اعْتَرَضَنِي رَجُلٌ مِنَ الْمُشْرِكِينَ، فَقَالَ لِي: يَا بِلَالُ، اِنَّ عِنْدِي سَعَةً، فَلَا تَسْتَقْرِضْ مِنْ اَحَدٍ اِلَّا مِنِّي، فَفَعَلْتُ، فَلَمَّا كَانَ ذَاتَ يَوْمٍ تَوَضَّاْتُ، ثُمَّ قُمْتُ لِاُؤَذِّنَ لِلصَّلَاةِ، فَاِذَا الْمُشْرِكُ قَدْ اَقْبَلَ فِي عِصَابَةٍ مِنَ التُّجَّارِ. فَلَمَّا رَآنِي قَالَ: يَا حَبَشِيُّ، قُلْتُ: لَبَّيْكَ. فَتَجَهَّمَنِي، وَقَالَ قَوْلًا غَلِيظًا، فَقَالَ: اَتَدْرِي كَمْ بَيْنَكَ وَبَيْنَ الشَّهْرِ؟ قُلْتُ: قَرِيبٌ. قَالَ: اِنَّمَا بَيْنَكَ وَبَيْنَهُ اَرْبَعٌ، فَآخُذُكَ بِالَّذِي لِي عَلَيْكَ، فَاِنِّي لَمْ اُعْطِكَ الَّذِي اَعْطَيْتُكَ مِنْ كَرَامَتِكَ، وَلَا كَرَامَةِ صَاحِبِكَ عَلَيَّ، وَلٰكِنِّي اِنَّمَا اَعْطَيْتُكَ لِآخُذَكَ عَبْدًا، فَاَرُدَّكَ تَرْعَى لِي الْغَنَمَ، كَمَا كُنْتَ تَرْعَى قَبْلَ ذٰلِكَ. فَاَخَذَ فِي نَفْسِي مَا يَاْخُذُ فِي اَنْفُسِ النَّاسِ. فَانْطَلَقْتُ، ثُمَّ اَذَّنْتُ بِالصَّلَاةِ، حَتّٰى اِذَا صَلَّيْتُ الْعَتَمَةَ، رَجَعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى اَهْلِهِ. فَاسْتَاْذَنْتُ عَلَيْهِ، فَاَذِنَ لِي؛ فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اِنَّ الْمُشْرِكَ الَّذِي كُنْتُ اَدَّنْتُ مِنْهُ قَالَ لِي: كَذَا

بتائیں کہ رسول اللہ ﷺ کا روزمرہ کا کام کاج کیا تھا؟ حضرت بلال نے فرمایا کہ آپ کچھ بھی نہیں کرتے تھے میں آپ کے ساتھ رہا ہوں جب سے آپ نے اعلانِ نبوت فرمایا اس وقت سے لے کر آپ کے وصال مبارک تک آپ کے پاس جب کوئی مسلمان آدمی آتا تھا آپ اس کو ننگا دیکھتے مجھے آپ اس کے متعلق حکم دیتے میں جاتا اور میں قرض لیتا۔ پس میں اس کے لیے چادر خریدتا پھر میں اس کو پہناتا اور اس کو کھلاتا یہاں تک کہ میرا سامنا مشرکوں میں سے ایک آدمی سے ہوا۔ مجھے اس نے کہا: اے بلال! میرے پاس گنجائش ہے تُو قرض صرف مجھ سے ہی لیا کر میں نے ایسے ہی کیا۔ جب ایک دن میں وضو کر رہا تھا تو میں نماز کی اذان کے لیے اُٹھا دیکھا ایک مشرک تاجروں کے ایک گروہ کے ساتھ آرہا ہے جب اس نے مجھے دیکھا تو اس نے کہا: اے حبشی! میں نے کہا: حاضر ہوں! وہ میرے ساتھ ترش روئی سے پیش آیا اور سخت بات بھی کہی۔ اس نے کہا: کیا آپ کو معلوم ہے کہ آپ کے درمیان اور میرے درمیان قرض کے کتنے مہینے مہلت رہ گئی ہے؟ میں نے کہا: قریب ہے! اس نے کہا: میرے اور آپ کے درمیان چار ماہ رہ گئے ہیں میں نے آپ سے وہ لینے ہیں جو میرا قرض آپ کے ذمہ ہے میں نے تجھے نہ اس لیے دیئے تھے کہ تُو قابلِ عزت ہے اور نہ اس لیے کہ آپ کے صاحب کے مجھ پر کوئی احسان ہیں میں نے تمہیں دیئے تھے تاکہ میں تجھے غلام بناؤں میں تجھے واپس لے آؤں گا تُو میری بکریاں

وَكَذَا، وَلَيْسَ عِنْدَكَ مَا تَقْضِي، وَلَيْسَ عِنْدِي، وَهُوَ فَاضِحِي، فَأْذَنْ لِي أَنْ آتِيَ إِلَى بَعْضِ هَؤُلَاءِ الْأَحْيَاءِ الَّذِينَ قَدْ أَسْلَمُوا حَتَّى يَرْزُقَ اللّٰهُ رَسُولَهُ مَا يَقْضِي عَنْهُ. فَخَرَجْتُ حَتَّى أَتَيْتُ مَنْزِلِي، فَجَعَلْتُ سَيْفِي وَجِرَابِي وَنَعْلِيَّ عِنْدَ رَأْسِي، وَاسْتَقْبَلْتُ بِوَجْهِيَ الْأُفُقَ. فَلَمَّا نِمْتُ سَاعَةً انْتَبَهْتُ، فَإِذَا رَأَيْتُ عَلَيَّ لَيْلًا نِمْتُ، حَتَّى انْشَقَّ عَمُودُ الصُّبْحِ الْأَوَّلُ. فَأَرَدْتُ أَنْ أَنْطَلِقَ، فَإِذَا إِنْسَانٌ يَسْعَى يَدْعُو: يَا بِلَالُ أَجِبْ رَسُولَ اللّٰهِ. فَانْطَلَقْتُ حَتَّى أَتَيْتُهُ، فَإِذَا أَرْبَعُ رَكَائِبَ مُنَاخَاتٌ، عَلَيْهِنَّ أَحْمَالُهُنَّ، فَأَتَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاسْتَأْذَنْتُ، فَقَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَبْشِرْ، فَقَدْ جَاءَكَ اللّٰهُ بِقَضَائِكَ. فَحَمِدْتُ اللّٰهَ. فَقَالَ: أَلَمْ تَمُرَّ عَلَى الرَّكَائِبِ الْمُنَاخَاتِ الْأَرْبَعِ؟ قُلْتُ: بَلَى. فَقَالَ: إِنَّ لَكَ رِقَابَهُنَّ وَمَا عَلَيْهِنَّ، فَإِنَّ عَلَيْهِنَّ كِسْوَةً، وَطَعَامًا أَهْدَاهُ إِلَيَّ عَظِيمُ فَدَكَ، فَاقْبِضْهُنَّ، ثُمَّ اقْضِ دَيْنَكَ. فَفَعَلْتُ، فَحَطَطْتُ عَنْهُنَّ أَحْمَالَهُنَّ، ثُمَّ عَلَفْتُهُنَّ، ثُمَّ قُمْتُ إِلَى تَأْذِينِ صَلَاةِ الصُّبْحِ. حَتَّى إِذَا صَلَّى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، خَرَجْتُ إِلَى الْبَقِيعِ، فَجَعَلْتُ إِصْبَعِي فِي أُذُنِي، فَنَادَيْتُ: مَنْ كَانَ يَطْلُبُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِدَيْنٍ فَلْيَحْضُرْ. فَمَا زِلْتُ أَبِيعُ وَأَقْضِي، حَتَّى لَمْ يَبْقَ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَيْنٌ فِي الْأَرْضِ، حَتَّى فَضَلَ فِي يَدَيَّ

تو رسول اللہ ﷺ کدو کھانے لگے اور اپنی سبابہ انگلی سے کدو کو علیحدہ کرنے لگے۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! بے شک اُم سلیم نے آپ کے لیے حیس بنایا ہے اور وہ پسند کرتی ہیں کہ آپ اس سے کھائیں۔ تو رسول اللہ ﷺ تشریف لائے اور آپ نے اس سے کھایا۔ حضرت اُم سلیم رضی اللہ عنہا نے آپ سے عرض کی: یارسول اللہ! انس کے لیے اللہ سے دعا کریں! تو آپ ﷺ نے دعا کی: اے اللہ! اس کی عمر لمبی فرما اور اس کے مال اور اولاد میں کثرت فرما اور اس کو معاف فرما!

**508** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ الْقَاسِمِ قَالَ: نا خَالِدُ بْنُ خِدَاشٍ قَالَ: نا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ مُعَاذٍ الْأَعْوَرِ، عَنِ الْحَسَنِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوْلَا أَنَّ الْكِلَابَ أُمَّةٌ مِنَ الْأُمَمِ، لَأَمَرْتُ بِقَتْلِهَا، فَاقْتُلُوا مِنْهَا كُلَّ أَسْوَدَ بَهِيمٍ فَقَالَ لَهُ عَمْرٌو: مَنْ حَدَّثَكَ؟ قَالَ: حَدَّثَنِيهِ وَاللّٰهِ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُغَفَّلٍ.

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُعَاذٍ الْأَعْوَرِ إِلَّا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: خَالِدُ بْنُ خِدَاشٍ

حضرت حسن بصری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اگر کتے کسی اُمتوں میں سے اُمت نہ ہوتے تو میں ہر کالے کتے کو مارنے کا حکم دیتا۔ حضرت عمرو نے کہا: کس نے آپ کو یہ حدیث بیان کی ہے؟ تو انہوں نے کہا: اللہ کی قسم! مجھے عبداللہ بن مغفل نے حدیث بیان کی۔

یہ حدیث معاذ الاعور سے صرف حماد بن زید ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں خالد بن خداش اکیلے ہیں۔

**509** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ الْقَاسِمِ بْنِ مُسَاوِرٍ قَالَ: نا أَبُو مَعْمَرٍ إِسْمَاعِيلُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ: أَمْلَى عَلَيَّ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ مِنْ حِفْظِهِ، عَنْ يُونُسَ، عَنِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: لوٹنے والا اُچک کر لینے والے اور خیانت کرنے والے کا ہاتھ نہیں کاٹا جائے گا۔

---

-508 أخرجه أبو داؤد: الصيد جلد3صفحه107 رقم الحديث: 2845' والترمذى: الأحكام والفوائد جلد4صفحه78 رقم الحديث: 1468' والنسائى: الصيد جلد 7صفحه163 (باب صفة الكلاب التى أمر بقتلها)' وابن ماجة الصيد جلد2صفحه1069 رقم الحديث: 3205' والدارمى: الصيد جلد 2صفحه125 رقم الحديث: 2008 وأحمد: المسند جلد5صفحه69 رقم الحديث: 20587 .

الزُّهْرِيّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَيْسَ عَلَى مُنْتَهِبٍ، وَلَا مُخْتَلِسٍ، وَلَا خَائِنٍ قَطْعٌ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيّ اِلَّا يُونُسُ، وَلَا عَنْ يُونُسَ اِلَّا ابْنُ وَهْبٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَبُو مَعْمَرٍ

یہ حدیث زہری سے صرف یونس ہی روایت کرتے ہیں اور یونس سے صرف ابن وہب ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں ابومعمر اکیلے ہیں۔

**510** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْقَاسِمِ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ الْغَضِيضِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ: اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَنْكِحِ الْمُحْرِمُ، وَلَا يَخْطُبُ وَلَا يُخْطَبُ عَلَيْهِ، وَلَا يَبِعْ اَحَدُكُمْ عَلَى بَيْعِ اَخِيهِ، وَلَا يَخْطُبُ عَلَى خِطْبَةِ اَخِيهِ حَتَّى يَاْذَنَ لَهُ.

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: محرم نہ نکاح کرسکتا ہے اور نہ ہی پیغامِ نکاح بھیج سکتا ہے اور تم میں سے کوئی اپنے بھائی کی بیع پر بیع نہ کرے اور نہ اپنے بھائی کے پیغامِ نکاح پر پیغام نکاح بھیجے' یہاں تک کہ وہ اجازت دے (تو پھر کوئی حرج نہیں ہے)۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ اِلَّا عُمَرُ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُ وَهْبٍ

یہ حدیث از حضرت نافع از حضرت ابن عمر صرف عمر ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں ابن وہب اکیلے ہیں۔

**511** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْقَاسِمِ قَالَ: نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَرْعَرَةَ قَالَ: نا مُؤَمَّلُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ قَالَ: نا اِسْرَائِيلُ قَالَ: نا اَبُو اِسْحَاقَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ، اَخِي جُوَيْرِيَةَ، عَنْ جُوَيْرِيَةَ، قَالَتْ: مَا تَرَكَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ تُوُفِّيَ اِلَّا بَغْلَةً بَيْضَاءَ وَسِلَاحَهُ، وَاَرْضًا جَعَلَهَا صَدَقَةً

حضرت جویریہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے جس دن وصال فرمایا' آپ نے کوئی شے بطور وراثت نہیں چھوڑی تھی سوائے ایک سفید خچر اور اسلحہ اور زمین کے' جس کو آپ نے صدقہ کردیا تھا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ اِلَّا

یہ حدیث ابواسحاق سے صرف اسرائیل سے

-510 انظر: مجمع الزوائد جلد4صفحه271 .

-511 انظر: مجمع الزوائد جلد9صفحه43 .

اِسْرَائِيلُ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُؤَمَّلٌ

روایت کرتے ہیں اسے روایت کرنے میں مؤمل اکیلے ہیں۔

**512** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْقَاسِمِ قَالَ: نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَرْعَرَةَ قَالَ: نا نُوحُ بْنُ قَيْسٍ قَالَ: نا الْبَخْتَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الْحَمِيدِ، عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فِي شَهْرِ رَمَضَانَ الصَّوْتُ، وَفِي ذِي الْقَعْدَةِ تَمَيَّزُ الْقَبَائِلُ، وَفِي ذِي الْحِجَّةِ يُسْلَبُ الْحَاجُّ.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: رمضان کے مہینے میں آواز ہے اور ذی القعدہ میں قبیلہ جدا ہوتے ہیں اور ذی الحجہ میں حاجیوں کا سامان اُٹھالیا جاتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ اِلَّا الْبَخْتَرِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ: نُوحُ بْنُ قَيْسٍ

یہ حدیث شہر بن حوشب سے صرف بختری ہی روایت کرتے ہیں اسے روایت کرنے میں نوح بن قیس اکیلے ہیں۔

**513** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْقَاسِمِ قَالَ: نا عِيسَى بْنُ الْمُسَاوِرِ قَالَ: نا سُوَيْدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اِنَّ الْمَرْاَةَ اِذَا خَرَجَتْ مِنْ بَيْتِهَا، وَزَوْجُهَا كَارِهٌ لِذَلِكَ، لَعَنَهَا كُلُّ مَلَكٍ فِي السَّمَاءِ، وَكُلُّ شَيْءٍ تَمُرُّ عَلَيْهِ، غَيْرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ، حَتَّى تَرْجِعَ.

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا: عورت جب اپنے شوہر کے گھر سے اس حالت میں نکلتی ہے کہ اس کا شوہر اس سے ناراض ہوتو اس پر آسمان کا ہر فرشتہ لعنت کرتا ہے اور ہر شے جہاں سے گزرتی ہے سوائے انسان اور جن کے جب تک گھر واپس نہ آ جائے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ زَيْدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: سُوَيْدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ

یہ حدیث عمرو بن دینار سے صرف محمد بن زید ہی روایت کرتے ہیں اسے روایت کرنے میں سوید بن عبدالعزیز اکیلے ہیں۔

---

512- انظر: مجمع الزوائد جلد7صفحه313 .

513- انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث:31614 .

**514** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْقَاسِمِ قَالَ: نا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ الْقَوَارِيرِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْعَصَرِيُّ قَالَ: نا غَالِبُ الْقَطَّانُ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَنَّهُ دَخَلَ عَلَى عَائِشَةَ ذَاتَ غَدَاةٍ، فَقَالَتْ: بِاَبِي وَاُمِّي يَا رَسُولَ اللّٰهِ، عَلِّمْنِي اسْمَ اللّٰهِ الَّذِي اِذَا دُعِيَ بِهِ اَجَابَ، وَاِذَا سُئِلَ بِهِ اَعْطَى، فَاَعْرَضَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِوَجْهِهِ، فَقَامَتْ فَتَوَضَّاَتْ، فَقَالَتْ: اللّٰهُمَّ اِنِّي اَسْاَلُكَ مِنَ الْخَيْرِ كُلِّهِ مَا عَلِمْتُ مِنْهُ، وَمَا لَمْ اَعْلَمْ، وَبِاسْمِكَ الْعَظِيمِ الَّذِي اِذَا دُعِيتَ بِهِ اَجَبْتَ، وَاِذَا سُئِلْتَ بِهِ اَعْطَيْتَ. فَقَالَ: وَاللّٰهِ اِنَّهَا لَفِي هَذِهِ الْاَسْمَاءِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ایک صبح حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے گھر آئے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی: یارسول اللہ! میرے ماں باپ آپ پر فدا ہوں! مجھے اللہ کا وہ نام بتائیں کہ جب میں اس نام کے توسل سے دعا کروں تو میری دعا قبول ہو! اور جب بھی اس کے وسیلہ سے مانگوں تو مجھے عطا کیا جائے۔ تو نبی کریم ﷺ نے اپنا چہرۂ مبارک ان سے پھیرلیا۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کھڑی ہوئیں اور وضو کیا اور یہ دعا مانگی: ''اَللّٰهُمَّ اِنِّي اَسْاَلُكَ مِنَ الْخَيْرِ كُلِّهٖ مَا عَلِمْتُ مِنْهُ، وَمَا لَمْ اَعْلَمْ، وَبِاسْمِكَ الْعَظِيْمِ الَّذِيْ اِذَا دُعِيْتَ بِهٖ اَجَبْتَ، وَاِذَا سُئِلْتَ بِهٖ اَعْطَيْتَ ''۔ تو آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ کی قسم! ان اسماء میں ہی وہ اسم ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ غَالِبٍ الْقَطَّانِ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْعَصَرِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْقَوَارِيرِيُّ

یہ حدیث حضرت غالب القطان سے صرف محمد بن عبداللہ العصری ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں القواریری اکیلے ہیں۔

**515** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْقَاسِمِ قَالَ: نا عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدٍ النَّاقِدُ قَالَ: نا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ قَالَ: جَلَسْتُ فِي عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَجْلِسًا، مَا جَلَسْتُ قَبْلَهُ وَلَا بَعْدَهُ اَغْبَطُ عِنْدِي مِنْهُ: خَرَجَ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاُنَاسٌ عِنْدَ حُجْرَتِهِ يَتَجَادَلُونَ بِالْقُرْآنِ، فَخَرَجَ مِنَ

حضرت عمرو بن شعیب از والد خود از جد خود روایت کرتے ہیں کہ میں رسول اللہ ﷺ کے زمانہ میں ایک ایسی مجلس میں بیٹھا کہ اس سے پہلے اور اس کے بعد ایسی مجلس میں کبھی نہیں بیٹھا' جو میرے نزدیک اس سے زیادہ قابل رشک تھی' اللہ کے نبی ﷺ تشریف لائے تو لوگ آپ کے گھر کے پاس قرآن پاک کے احکامات میں جھگڑ رہے تھے' سو آپ ﷺ گھر سے نکلے تو ایسے محسوس

515- أخرجه ابن ماجة: المقدمة جلد 1 صفحه 33 رقم الحديث: 85' وأحمد: المسند جلد 2 صفحه 263 رقم الحديث: 6857 .

الْبَيْتِ كَأَنَّمَا رُضِحَ فِي وَجْهِهِ حَبُّ الرُّمَّانِ، أَوْ كَأَنَّمَا يَقْطُرُ مِنْ وَجْهِهِ الدَّمُ، فَقَالَ: يَا قَوْمُ، أَبِهَذَا أُمِرْتُمْ، أَنْ تُجَادِلُوا بِالْقُرْآنِ، بَعْضِهِ بِبَعْضٍ، إِنَّ الْقُرْآنَ لَمْ يَنْزِلْ يُكَذِّبُ بَعْضُهُ بَعْضًا، وَإِنْ كَانَ مُتَشَابِهًا فَآمِنُوا بِهِ

ہو رہا تھا کہ آپ کے چہرۂ مبارک پر انار کے دانے نچوڑے گئے ہیں' یا (فرمایا) کہ گویا آپ کے چہرۂ انور پر خون کے قطرے ہیں' آپ ﷺ نے فرمایا: اے لوگو! کیا تم کو قرآن میں جھگڑنے کیلئے حکم دیا گیا ہے کہ تم ایک آیت کو دوسری کے ساتھ ٹکراؤ' بے شک قرآن کی ایک آیت دوسری کی تکذیب نہیں کرتی' اگر وہ آیت متشابہات سے ہو تو اس پر ایمان لاؤ۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ إِلَّا ابْنُهُ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَمْرٌو النَّاقِدُ

یہ حدیث سلیمان التیمی سے صرف اُن کے بیٹے ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے والے عمرو الناقد اکیلے ہیں۔

**516** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ الْقَاسِمِ قَالَ: نا دَاوُدُ بْنُ رُشَيْدٍ قَالَ: نا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ بُشَيْرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَبِي قِلَابَةَ، عَنْ أَبِي الْأَشْعَثِ الصَّنْعَانِيِّ، أَنَّهُ سَمِعَ عُبَادَةَ، يُحَدِّثُ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَنَّهُ قَالَ: الْقَمْحُ بِالشَّعِيرِ، اثْنَيْنِ بِوَاحِدٍ يَدًا بِيَدٍ، وَلَا يَصْلُحُ نَسِيئَةً.

حضرت ابوالاشعث سے روایت ہے کہ انہوں نے حضرت عبادہ رضی اللہ عنہ کو بیان کرتے سنا کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: گندم کو جو کے بدلے دو کے بدلے میں ایک نقد نقد فروخت کرنا جائز ہے اور اُدھار جائز نہیں ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ إِلَّا سَعِيدُ بْنُ بُشَيْرٍ

یہ حدیث قتادہ سے صرف سعید بن بشیر ہی روایت کرتے ہیں۔

**517** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ الْقَاسِمِ قَالَ: نا عَمِّي عِيسَى بْنُ مُسَاوِرٍ قَالَ: نا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، عَنْ أَشْعَثَ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: قَالَ، يَعْنِي: النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: التَّسْبِيحُ لِلرِّجَالِ، وَالتَّصْفِيقُ لِلنِّسَاءِ فِي الصَّلَاةِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ آپ یعنی نبی کریم ﷺ نے فرمایا: نماز میں تسبیح مردوں کے لیے ہے اور تالی بجانا عورتوں کے لیے ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَشْعَثَ إِلَّا مَرْوَانُ،

یہ حدیث اشعث سے صرف مروان ہی روایت

517- أخرجه الامام أحمد فى مسنده جلد3صفحه348' والبزار جلد1صفحه276 .

تَفَرَّدَ بِهِ: عِيسَى بْنُ الْمُسَاوِرِ

کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں عیسیٰ بن مساور اکیلے ہیں۔

**518** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْقَاسِمِ قَالَ: نا عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدٍ النَّاقِدُ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ الْكُوفِيُّ، عَنِ السَّرِيِّ بْنِ اِسْمَاعِيلَ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: اَوْصِنِي. فَقَالَ: دَعْ قِيلَ وَقَالَ، وَكَثْرَةَ السُّؤَالِ، وَاِضَاعَةَ الْمَالِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ کے پاس ایک آدمی آیا اور اس نے عرض کی: مجھے کوئی وصیت کریں! تو آپ ﷺ نے فرمایا: قیل وقال چھوڑ دو اور کثرتِ سوال سے بچو اور مال کو ضائع نہ کرو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الشَّعْبِيِّ اِلَّا السَّرِيُّ بْنُ اِسْمَاعِيلَ

یہ حدیث شعبی سے صرف السری بن اسماعیل ہی روایت کرتے ہیں۔

**519** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْقَاسِمِ قَالَ: نا اَحْمَدُ بْنُ جَمِيلٍ الْمَرْوَزِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ قَالَ: نا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ بَذِيمَةَ، عَنْ اَبِي عُبَيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ بَنِي اِسْرَائِيلَ لَمَّا وَقَعَ فِيهِمُ النَّقْصُ، جَعَلَ الرَّجُلُ يَرَى اَخَاهُ عَلَى الذَّنْبِ، فَيَنْهَاهُ عَنْهُ، ثُمَّ يَلْقَاهُ مِنَ الْغَدِ، فَلَا يَمْنَعُهُ مَا رَاَى مِنْهُ اَنْ يَكُونَ خَلِيطَهُ، وَاَكِيلَهُ، وَشَرِيبَهُ، فَضَرَبَ اللّٰهُ قُلُوبَ بَعْضِهِمْ عَلَى بَعْضٍ، وَنَزَلَ فِيهِ الْقُرْآنُ: (لُعِنَ الَّذِينَ كَفَرُوا مِنْ بَنِي اِسْرَائِيلَ عَلَى لِسَانِ دَاوُدَ وَعِيسَى ابْنِ مَرْيَمَ) الْآيَةَ،

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بنی اسرائیل میں جو نقص واقع ہوا' وہ یہ تھا کہ آدمی اپنے بھائی کو گناہ کرتے ہوئے دیکھتا اور اس کو منع کرتا' پھر دوسرے دن اس کی اس سے ملاقات ہوتی تو اُس کو پھر وہ گناہ کرتے دیکھتا تو اُسے منع نہ کرتا اور اس کے ساتھ مل جل کر رہتا' اس کے ساتھ کھاتا اور پیتا۔ اللہ عزوجل نے ان کے دلوں کو آپس میں ملا دیا اور قرآن میں جو آیت: ''لُعِنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ بَنِيْ اِسْرَائِيْلَ عَلٰى لِسَانِ دَاوُدَ وَعِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ......اِلٰى قَوْلِهٖ...... كَثِيْرًا مِّنْهُمْ فَاسِقُوْنَ'' (المائدہ:۸۱) انہیں کے متعلق ہے۔ پھر رسول اللہ ﷺ

---

518- انظر: مجمع الزوائد جلد1صفحه161 .

519- أخرجه أبو داؤد: الملاحم جلد 4صفحه119 رقم الحديث: 4336' و ترمذى: تفسير القرآن جلد 5 صفحه252 رقم الحديث: 3048' وابن ماجة: الفتن جلد2صفحه1327 رقم حديث: 4006 .

اِلَى قَوْلِهِ: (كَثِيرًا مِنْهُمْ فَاسِقُونَ) (المائدة: 81) . ثُمَّ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَلَّا وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ حَتَّى تَأْخُذُوا عَلَى يَدَيِ الظَّالِمِ فَتَأْطُرُوهُ عَلَى الْحَقِّ اَطْرًا

نے فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے! تم ظالم کے ہاتھ کو پکڑو اور اس کو حق پر آنے کیلئے مجبور کرو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُفْيَانَ اِلَّا عَبْدُ الْكَبِيرِ الْحَنَفِيُّ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، وَالْاَشْجَعِيُّ

یہ حدیث سفیان سے صرف عبدالکریم حنفی اور عبداللہ بن مبارک اور اشجعی ہی روایت کرتے ہیں۔

**520** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْقَاسِمِ قَالَ: نا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيعٍ قَالَ: نا شُجَاعُ بْنُ الْوَلِيدِ اَبُو بَدْرٍ قَالَ: نا الرُّحَيْلُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، عَنْ يَزِيدَ الرَّقَاشِيِّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا تَوَضَّاَ خَلَّلَ لِحْيَتَهُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ جب وضو کرتے تو اپنی داڑھی مبارک کا خلال کرتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الرُّحَيْلِ اِلَّا شُجَاعُ بْنُ الْوَلِيدِ

یہ حدیث رحیل سے صرف شجاع بن ولید ہی روایت کرتے ہیں۔

**521** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْقَاسِمِ قَالَ: نا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ الْقَوَارِيرِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دَاوُدَ، وَبِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ، وَعَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، كُلُّهُمْ عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُثْمَانَ بْنِ خُثَيْمٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا نِكَاحَ اِلَّا بِاِذْنِ وَلِيٍّ مُرْشِدٍ، اَوْ سُلْطَانٍ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: نکاح سمجھ بوجھ والے ولی (قریبی رشتہ دار) یا بادشاہ کی اجازت کے بغیر نہیں ہوتا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ مُسْنَدًا عَنْ سُفْيَانَ اِلَّا ابْنُ دَاوُدَ، وَبِشْرٌ، وَابْنُ مَهْدِيٍّ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْقَوَارِيرِيُّ

یہ حدیث مسنداً حضرت سفیان سے صرف ابن داؤد اور بشر اور ابن مہدی ہی روایت کرتے ہیں اور قواریری اسے روایت کرنے میں اکیلے ہیں۔

---

520- تقدم تخريجه .

521- أخرجه البيهقي في الكبرى جلد7صفحه124 . وانظر: مجمع الزوائد جلد4صفحه289 .

**522** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْقَاسِمِ قَالَ: نا اَبُو مَعْمَرٍ الْقَطِيعِيُّ قَالَ: نا جَرِيرُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ، عَنْ زَكَرِيَّا بْنِ يَحْيَى الْبَدِّيِّ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ لَمْ يَاْخُذْ شَارِبَهُ فَلَيْسَ مِنَّا

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو مونچھیں نہیں کاٹتا' اس کا تعلق ہم سے نہیں ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ زَكَرِيَّا بْنِ يَحْيَى اِلَّا جَرِيرٌ

یہ حدیث زکریا بن یحییٰ سے صرف جریر ہی روایت کرتے ہیں۔

**523** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْقَاسِمِ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، اَخُو اَبِي مَعْمَرٍ قَالَ: نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ اَبِي بَكْرِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ سُهَيْلٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ قَالَ حِينَ يُصْبِحُ وَحِينَ يُمْسِي: اَعُوذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ، لَمْ يَضُرَّهُ شَيْءٌ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے صبح و شام "اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ" پڑھا تو اس کو کوئی شے نقصان نہیں دے گی۔

**524** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْقَاسِمِ قَالَ: نا عَمِّي عِيسَى بْنُ مُسَاوِرٍ قَالَ: نا سُوَيْدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، عَنْ سُفْيَانَ بْنِ حُسَيْنٍ، عَنْ اَبِي بِشْرٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فِي قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ: (اِذَا جَاءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ) (النصر: 1) قَالَ: فَتْحُ مَكَّةَ، نُعِيَتْ لِرَسُولِ اللّٰهِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما' اللہ عزوجل کے اس ارشاد "اِذَا جَاءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ" (النصر:۱) کے متعلق فرماتے ہیں کہ فتح سے مراد فتح مکہ ہے' رسول اللہ ﷺ کو آپ کی وفات کی اطلاع دی گئی ہے کہ آپ اپنے رب سے بخشش طلب کریں اور جان لیں کہ آپ کے وصال کا وقت قریب ہے۔

---

522- أخرجه الترمذی: الأدب جلد 5 صفحه 93 رقم الحديث: 2761' والنسائی: الطهارة جلد 1 صفحه 19 (باب قص الشارب)' وأحمد: المسند جلد 4 صفحه 448 رقم الحديث: 19285 .

523- انظر: مجمع الزوائد جلد 10 صفحه 123 .

524- أخرجه البخاری: التفسير جلد 8 صفحه 606 رقم الحديث: 4969' وأحمد: المسند جلد 1 صفحه 285 رقم الحديث: 1878 .

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَفْسُهُ، فَاسْتَغْفِرْ رَبَّكَ، وَاعْلَمْ أَنَّهُ قَدْ حَضَرَ اَجَلُكَ.

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُفْيَانَ اِلَّا سُوَيْدٌ

یہ حدیث سفیان سے صرف سوید ہی روایت کرتے ہیں۔

525 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْقَاسِمِ قَالَ: نا عِيسَى بْنُ مُسَاوِرٍ قَالَ: نا سُوَيْدٌ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِي لَيْلَى، عَنْ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ قَالَ: مَرَّ بِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي عُمْرَةِ الْحُدَيْبِيَةِ، وَقَدْ كَثُرَ هَوَامُّ رَاْسِي، فَقَالَ: يَا كَعْبُ، اِنَّ هَذَا لَاَذًى؟ قُلْتُ: اَجَلْ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَهَلْ مِنْ رُخْصَةٍ؟ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نَعَمْ، انْسُكْ نَسِيكَةً، اَوْ صُمْ ثَلَاثَةَ اَيَّامٍ، اَوْ اَطْعِمْ سِتَّةَ مَسَاكِينَ

حضرت کعب بن عجرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حدیبیہ کے عمرہ میں میرے پاس سے گزرے اس حال میں کہ میرے سر میں جوئیں بہت زیادہ ہوگئی تھیں' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے کعب! یہ تو تکلیف دیتی ہیں؟ میں نے عرض کی: جی ہاں! یارسول اللہ! کیا (میرے لیے) رخصت ہے؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ہاں! اس کا فدیہ دو قربانی کرکے یا تین روزے رکھو یا چھ مسکینوں کو کھانا کھلاؤ۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُفْيَانَ اِلَّا سُوَيْدٌ

یہ حدیث سفیان سے صرف سوید ہی روایت کرتے ہیں۔

526 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْقَاسِمِ قَالَ: نا اَبِي، وَعَمِّي عِيسَى بْنُ مُسَاوِرٍ، قَالَا: نا سُوَيْدٌ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُئِلَ عَنِ اللُّقَطَةِ، تُوجَدُ فِي الْاَرْضِ الْمَسْكُونَةِ فِي الْمَسِيلِ

حضرت عمرو بن شعیب از والد خود از جد خود روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے گم شدہ شے کے متعلق سوال کیا گیا جو ایسی زمین میں پائی جائے جس میں پانی جاری ہوتا ہے' تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ایک سال اس کا اعلان کیا جائے' اگر اس کا مالک آجائے تو وہ شے

525- أخرجه البخاری: المحصر جلد4صفحه16 رقم الحديث: 1814' ومسلم: الحج جلد 2صفحه859' والترمذی: الحج جلد 3صفحه279 رقم الحديث: 953' ومالك فی الموطأ: الحج جلد 1صفحه417 رقم الحديث: 238' وأحمد: المسند جلد4صفحه298 رقم الحديث: 18152 .

526- أخرجه أبو داؤد: اللقطة جلد2صفحه140 رقم الحديث: 1710' والنسائی: الزكاة جلد5صفحه33 (باب المعدن) .

الْـمَـاءِ؟ فَـقَـالَ: عَرِّفْهَا سَنَةً، فَإِنْ جَاءَ صَاحِبُهَا وَإِلَّا فَهِيَ لَكَ

اس کی ہے' ورنہ تیری ہے۔

وَسُئِلَ عَنِ اللُّقَطَةِ تُوجَدُ فِي أَرْضِ الْعَدُوِّ؟ فَقَالَ: فِيهَا وَفِي الرِّكَازِ الْخُمُسُ

آپ سے اس گری پڑی چیز کے متعلق پوچھا گیا جو دشمن کی زمین میں پائی جائے؟ تو آپ نے فرمایا: اس میں اور رکاز میں خمس ہے۔

وَسُئِلَ عَنْ ضَالَّةِ الْغَنَمِ؟ فَقَالَ: خُذْهَا، فَإِنَّمَا هِيَ لَكَ، أَوْ لِأَخِيكَ، أَوْ لِلذِّئْبِ

اور آپ سے گم شدہ بکری کے متعلق پوچھا گیا تو آپ نے فرمایا: اس کو پکڑ لے' وہ تیری ہے یا تیرے بھائی یا بھیڑیے کے لیے۔

وَسُئِلَ عَنْ ضَالَّةِ الْإِبِلِ؟ فَقَالَ: دَعْهَا، فَإِنَّ مَعَهَا حِذَائَهَا وَسِقَائَهَا، تَرِدُ الْمَاءَ وَتَأْكُلُ الشَّجَرَ

اور آپ سے گم شدہ اونٹ کے متعلق پوچھا گیا تو آپ ﷺ نے فرمایا: اس کو چھوڑ دو' اس کے ساتھ اس کا پیٹ اور مشکیزہ ہے' وہ پانی پئے گا اور درخت کے پتے کھالے گا۔

وَسُئِلَ عَنْ حَرِيسَةِ الْجَبَلِ؟ فَقَالَ: يُضْرَبُ ضَرَبَاتٍ، وَيُضَعَّفُ عَلَيْهِ الْغُرْمُ، فَإِذَا كَانَ مِنَ الْمَرَاحِ فَبَلَغَ ثَمَنَ الْمِجَنِّ، وَهُوَ الدِّينَارُ، فَفِيهَا الْقَطْعُ، وَإِذَا كَانَ دُونَ ذَلِكَ ضُرِبَ ضَرَبَاتٍ، وَضُوعِفَ فِيهِ الْغُرْمُ.

اور آپ سے پوچھا گیا کہ زیر حفاظت علاقہ سے کوئی شے چرالی جائے؟ تو آپ ﷺ نے فرمایا: اس کو مارا جائے' اس پر جرمانہ لگایا جائے' سو اگر کوئی شے رکھ دی جائے جس کی قیمت ایک دینار ہو پھر وہاں سے کوئی شے لے تو اس کا ہاتھ کاٹا جائے' اگر اس سے کم ہو تو اس کو چند کوڑے مارے جائیں' اس سے جو دگنا جرمانہ لیا جائے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُفْيَانَ إِلَّا سُوَيْدٌ

یہ حدیث سفیان سے صرف سوید ہی روایت کرتے ہیں۔

**527** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ الْقَاسِمِ قَالَ: نا دَاوُدُ بْنُ رُشَيْدٍ قَالَ: نا عُمَرُ بْنُ عَبْدِ الْوَاحِدِ، عَنْ عَبْدِ

حضرت ابوالہذیل الربعی فرماتے ہیں کہ حضرت ابوداؤد نے میرا ہاتھ پکڑا اور فرمایا: حضرت براء بن

527- أخرجه أبو داؤد: الأدب جلد 4 صفحه 355' والترمذي: الاستئذان جلد 5 صفحه 74 رقم الحديث: 2727' وابن ماجة: الأدب جلد 2 صفحه 1220 رقم الحديث: 3703' وأحمد: المسند جلد 4 صفحه 354 رقم الحديث: 18575 .

الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ بْنِ جَابِرٍ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبُو الْهُذَيْلِ الرَّبَعِيُّ قَالَ: اَخَذَ اَبُو دَاوُدَ بِيَدِي، فَقَالَ: اَخَذَ الْبَرَاءُ بْنُ عَازِبٍ بِيَدِي، فَقَالَ: اَخَذَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَدِي، فَقَالَ: مَا مِنْ مُؤْمِنِينَ يَلْتَقِيَانِ فَيَاْخُذُ كُلُّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا بِيَدِ صَاحِبِهِ، لَا يَاْخُذُ بِهَا حِينَ يَاْخُذُ اِلَّا لِمَوَدَّةٍ فِي اللّٰهِ، فَيَفْتَرِقَا، حَتَّى يُغْفَرَ لَهُمَا

عازب رضی اللہ عنہ نے میرا ہاتھ پکڑا تھا اور فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے میرا ہاتھ پکڑا تھا اور فرمایا: جو مؤمن بندے ملاقات کے وقت ایک دوسرے کے ہاتھ پکڑتے ہیں' ان کو پکڑنا صرف اللہ کی محبت کیلئے ہوتا ہے' تو اللہ عزوجل دونوں کی جدائی سے پہلے اُن کے گناہ معاف کر دیتا ہے۔

528 - وَبِهِ: حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ رُشَيْدٍ قَالَ: نا شُعَيْبُ بْنُ اِسْحَاقَ، عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، اَنَّ بُشَيْرَ بْنَ يَسَارٍ، اَخْبَرَهُ، اَنَّ حُصَيْنَ بْنَ مِحْصَنٍ اَخْبَرَهُ، عَنْ عَمَّتِهِ، اَنَّهَا دَخَلَتْ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ لَهَا: اَذَاتُ زَوْجٍ اَنْتِ؟ قَالَتْ: نَعَمْ. قَالَ: كَيْفَ اَنْتِ لَهُ؟، قَالَتْ: مَا آلُوهُ اِلَّا مَا عَجَزْتُ عَنْهُ. فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: انْظُرِي اَيْنَ اَنْتِ مِنْهُ، فَاِنَّهُ جَنَّتُكِ وَنَارُكِ

حضرت حصین بن محصن اپنی پھوپھی کے حوالہ سے روایت بیان کرتے ہیں کہ وہ رسول اللہ ﷺ کے پاس آئیں تو آپ ﷺ نے اُن سے فرمایا: کیا تیرا شوہر ہے؟ اُس نے عرض کی: جی ہاں! آپ ﷺ نے فرمایا: تیری اس کے ساتھ حالت کیسی ہے؟ (اُنہوں نے) عرض کی: میں نے اس کی کبھی دیکھ بھال نہیں کی۔ تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تُو دیکھ کہ تیرا اس سے کیا رشتہ ہے' وہ تیرے لیے جنت بھی ہے اور دوزخ بھی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ اِلَّا شُعَيْبُ بْنُ اِسْحَاقَ

یہ حدیث اوزاعی سے صرف شعیب بن اسحاق ہی روایت کرتے ہیں۔

529 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْقَاسِمِ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دَاهِرٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا اَبِي قَالَ: نا الْاَعْمَشُ، عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ قَالَ: سَمِعْتُ حُذَيْفَةَ يَقُولُ: مَنْ سَرَّهُ اَنْ يَنْظُرَ، اِلَى اَشْبَهِ النَّاسِ هَدْيًا وَسَمْتًا، وَنَحْوًا بِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ يَخْرُجُ مِنْ

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جس کو پسند ہو کہ وہ لوگوں میں سب سے زیادہ رسول اللہ ﷺ کے مشابہ ہو' خصلت اور چال اور وضع کرنے میں کہ جس وقت رسول اللہ ﷺ اپنے گھر سے نکلتے تھے تو لوٹنے تک کی تمام چال چلنا' تو وہ شخص حضرت عبداللہ بن مسعود

528- أخرجه الطبراني في الكبير جلد25صفحه182' والامام أحمد في مسنده جلد 4صفحه 341 . وانظر: مجمع الزوائد جلد4صفحه309 .

مَنْزِلِهِ حَتَّى يَعُودَ، فَلْيَنْظُرْ اِلَى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ

رضی اللہ عنہ کی طرف دیکھ لے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ اِلَّا دَاهِرٌ الرَّازِيُّ

یہ حدیث از اعمش از یزید صرف داھر الرازی ہی روایت کرتے ہیں۔

**530** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْقَاسِمِ قَالَ: نا يَزِيدُ بْنُ مِهْرَانَ اَبُو خَالِدٍ الْخَبَّازُ قَالَ: نا اَبُو بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ اَبِي حَصِينٍ، عَنْ اَبِي مَرْيَمَ قَالَ: قَالَ عَمَّارُ بْنُ يَاسِرٍ: اِنَّ اُمَّكُمْ قَدْ جَائَتْ اِلَى الْبَصْرَةِ، وَاِنَّهَا زَوْجَةُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الدُّنْيَا، وَزَوْجَتُهُ فِي الْآخِرَةِ

حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ تمہاری والدہ بصرہ میں آئی ہیں' یہ رسول اللہ ﷺ کی دنیا میں بھی اور آخرت میں بھی زوجہ ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي حَصِينٍ اِلَّا اَبُو بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ

یہ حدیث ابی حصین سے صرف ابوبکر بن عیاش ہی روایت کرتے ہیں۔

**531** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْقَاسِمِ قَالَ: نا اَبُو كُرَيْبٍ قَالَ: نا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ اَبِي لَبِيدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: دَخَلَتِ امْرَاَةٌ النَّارَ فِي هِرَّةٍ رَبَطَتْهَا، فَلَمْ تَسْقِهَا، وَلَمْ تُطْعِمْهَا، وَلَمْ تُرْسِلْهَا تَاْكُلُ مِنْ خَشَاشِ الْاَرْضِ حَتَّى مَاتَتْ فِي رِبَاطِهَا. وَدَخَلَتْ مُومِسَةٌ الْجَنَّةَ، اِذْ مَرَّتْ عَلَى كَلْبٍ عَلَى طَوِيٍّ، يُرِيدُ الْمَاءَ، فَلَا يَقْدِرُ عَلَيْهِ، فَنَزَعَتْ خُفَّهَا اَوْ مُوقَهَا، فَرَبَطَتْهُ فِي خِمَارِهَا، فَنَزَعَتْ لَهُ، فَسَقَتْهُ حَتَّى اَرْوَتْهُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا: ایک عورت بلی کو باندھ کر رکھنے کی وجہ سے جہنم میں داخل ہوئی کہ اس کو کھانے اور پینے کو کچھ نہیں دیتی تھی اور نہ اس کو چھوڑتی تھی کہ وہ زمین کے کیڑے مکوڑے ہی کھالے' حتیٰ کہ وہ بلی باندھنے کی حالت میں ہی مرگئی اور ایک زانیہ عورت جنت میں داخل ہوئی' جب کہ وہ ایک پیاسے کتے کے پاس سے گزری' اس نے کتے کو پانی پلانا چاہا لیکن وہ اس کو پلانے کی طاقت نہیں رکھتی تھی' اس نے اپنا موزہ اُتارا اور اس کو اپنے دوپٹے کے ساتھ باندھا اور کنوئیں سے پانی نکالا اور اس کتے کو پینے کے لیے دیا یہاں تک کہ اس کتے کی پیاس ختم ہوگئی۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ اَبِي لَبِيدٍ

یہ حدیث مغیرہ بن ابی لبید سے صرف محمد بن اسحاق

530- أخرجه البخاري: الفتن رقم الحديث: 7100 .

اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاق

ہی روایت کرتے ہیں۔

532 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْقَاسِمِ قَالَ: نا اَبِی، وَعَمِّی، قَالَا: نا رَوَّادُ بْنُ الْجَرَّاحِ، عَنِ الْاَوْزَاعِیِّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِی كَثِيرٍ، عَنْ اَبِی سَلَمَةَ، عَنْ اَبِی هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ جَهَّزَ غَازِيًا فِی سَبِيلِ اللّٰهِ فَقَدْ غَزَا، وَمَنْ خَلَفَهُ فِی اَهْلِهِ بِخَيْرٍ فَقَدْ غَزَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے اللہ کی راہ میں نکلنے والے کو سامان دیا گویا اس نے بھی جہاد کیا اور جس نے اس مجاہد کے گھر والوں کی دیکھ بھال کی اچھے طریقے سے گویا اس نے بھی جہاد کیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْاَوْزَاعِیِّ، عَنْ يَحْيَى، عَنْ اَبِی سَلَمَةَ اِلَّا رَوَّادٌ

یہ حدیث از اوزاعی از یحییٰ از ابی سلمہ صرف روّاد ہی روایت کرتے ہیں۔

533 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْقَاسِمِ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ اَبَانَ قَالَ: نا عُبَيْدَةُ بْنُ الْاَسْوَدِ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ الْوَلِيدِ، وَمُجَالِدٍ، عَنْ عَامِرٍ الشَّعْبِیِّ قَالَ: حَدَّثَنِی عُرْوَةُ بْنُ الْمُغِيرَةِ بْنِ شُعْبَةَ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: بِتُّ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَامَ لِحَاجَتِهِ، وَعَلَيْهِ جُبَّةٌ رُومِيَّةٌ، فَتَمَسَّحَ فَتَوَضَّاَ، وَمَسَحَ عَلَى خُفَّيْهِ. فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَلَا نَزَعْتَهُمَا؟ قَالَ: اِنِّی لَبِسْتُهُمَا عَلَى طُهْرٍ.

حضرت عروہ بن مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ رات گزاری' آپ قضاءِ حاجت کے لیے اُٹھے' اس حال میں کہ آپ نے رومی جبّہ زیب تن کیا ہوا تھا' آپ ﷺ نے وضو کیا اور موزوں پر مسح کیا' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا آپ ان دونوں کو اتارتے نہیں ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: میں نے ان کو پاکی کی حالت میں پہنا تھا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ الْوَلِيدِ وَمُجَالِدٍ اِلَّا عُبَيْدَةُ بْنُ الْاَسْوَدِ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ اَبَانَ

یہ حدیث قاسم بن ولید اور مجاہد صرف عبیدہ بن اسود سے روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں عبداللہ بن عمرو بن ابان اکیلے ہیں۔

534 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْقَاسِمِ قَالَ: نا

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

---

532- انظر: مجمع الزوائد جلد5صفحه286 .

533- أخرجه البخاری: اللباس جلد 10صفحه280 رقم الحديث: 5799' ومسلم: الطهارة جلد 1صفحه230' وأبو داؤد: الطهارة جلد1صفحه37 رقم الحديث: 151' والدارمی: الطهارة جلد1صفحه194 رقم الحديث: 713 .

534- انظر: الجرح والتعديل جلد9صفحه362 . انظر: مجمع الزوائد جلد1صفحه104 .

مُحَمَّدُ بْنُ عِمْرَانَ بْنِ اَبِی لَیْلَی قَالَ: حَدَّثَنِی اَبِی، عَنِ ابْنِ اَبِی لَیْلَی، عَنْ اَبِی حَمْزَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ اَبِی سَعِیدٍ الْخُدْرِیِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: لَا یَزْنِی الزَّانِی حِینَ یَزْنِی وَهُوَ مُؤْمِنٌ، وَلَا یَسْرِقُ السَّارِقُ حِینَ یَسْرِقُ وَهُوَ مُؤْمِنٌ، وَلَا یَشْرَبُ الْخَمْرَ حِینَ یَشْرَبُهَا وَهُوَ مُؤْمِنٌ. قُلْنَا: یَا رَسُولَ اللّٰهِ، کَیْفَ یَکُونُ ذَاکَ؟ قَالَ: یَخْرُجُ الْإِیمَانُ مِنْهُ، فَإِنْ تَابَ رَجَعَ إِلَیْهِ

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس وقت زانی زنا کرتا ہے مؤمن نہیں رہتا' اور جس وقت چور چوری کرتا ہے مؤمن نہیں رہتا اور شرابی شراب پیتا ہے تو اس وقت وہ ایمان کی حالت میں نہیں ہوتا۔ ہم نے عرض کی: یارسول اللہ! وہ کیسے ہوتا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ایمان اُن سے نکل جاتا ہے' اگر وہ توبہ کرلیں تو ایمان دوبارہ واپس آ جاتا ہے۔

لَمْ یَرْوِ هٰذَا الْحَدِیثَ عَنْ اَبِی حَمْزَةَ إِلَّا ابْنُ اَبِی لَیْلَی، تَفَرَّدَ بِهِ: وَلَدُهُ عَنْهُ

یہ حدیث ابی حمزہ سے صرف ابن ابی لیلیٰ ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں اُن کے بیٹے اکیلے ہیں۔

535 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْقَاسِمِ قَالَ: نا کَامِلُ بْنُ طَلْحَةَ الْجَحْدَرِیُّ قَالَ: نا ابْنُ لَهِیعَةَ، عَنْ اَبِی الْاَسْوَدِ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: مَا اَعْجَبَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ شَیْءٌ مِنَ الدُّنْیَا، وَلَا اَعْجَبَهُ مِنْهَا إِلَّا وَرَعًا

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کو دنیا کی کوئی شے پسند نہیں تھی سوائے پرہیزگاری کے آپ کو کوئی چیز پسند نہ تھی۔

لَمْ یَرْوِ هٰذَا الْحَدِیثَ عَنِ الْقَاسِمِ إِلَّا اَبُو الْاَسْوَدِ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُ لَهِیعَةَ

یہ حدیث قاسم سے صرف ابوالاسود ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں ابن لھیعہ اکیلے ہیں۔

536 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْقَاسِمِ قَالَ: نا عِصْمَةُ بْنُ سُلَیْمَانَ الْخَزَّازُ قَالَ: نا سَلَّامٌ الطَّوِیلُ، عَنْ زَیْدٍ الْعَمِّیِّ، عَنْ مُعَاوِیَةَ بْنِ قُرَّةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: یَقُولُ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل فرماتا ہے کہ میں اپنا حق طلب کرنے میں اپنے بندے کی طرف نہیں دیکھتا ہوں لیکن بندہ اپنا حق مجھ سے لینے میں میری طرف دیکھتا

535- انظر: مجمع الزوائد جلد10صفحہ299 .

536- أخرجه الطبرانی فی الکبیر جلد12صفحہ212 رقم الحدیث: 12922 .

اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالَى: لَسْتُ بناظرٍ فِي حَقِّ عَبْدِي حَتَّى يَنْظُرَ عَبْدِي فِي حَقِّي

ہے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: سَلَّامٌ الطَّوِيلُ

یہ حدیث ابن عباس سے صرف اسی سند سے ہی مروی ہے اسے روایت کرنے میں سلام الطّویل اکیلے ہیں۔

537 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ الْقَاسِمِ، قَالَ: نا الْوَلِيدُ بْنُ الْفَضْلِ الْعَنَزِيُّ، قَالَ: نا نُوحُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، عَنْ زَيْدٍ الْعَمِّيِّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ تَرَكَ الصَّفَّ الْأَوَّلَ مَخَافَةَ أَنْ يُؤْذِيَ أَحَدًا، أَضْعَفَ اللّٰهُ لَهُ أَجْرَ الصَّفِّ الْأَوَّلِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے پہلی صف اس لیے چھوڑ دی کہ کسی مسلمان کو تکلیف نہ ہو تو اللہ عزوجل اس کے ثواب میں پہلی صف والی نماز سے دوگنا ثواب کا اضافہ کردے گا۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْوَلِيدُ بْنُ الْفَضْلِ

یہ حدیث ابن عباس سے صرف اسی سند سے مروی ہے اسے روایت کرنے میں ولید بن فضل اکیلے ہیں۔

538 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ الْقَاسِمِ قَالَ: نا الْحَسَنُ بْنُ شَبِيبٍ الْمُكْتِبُ قَالَ: نا عَلِيُّ بْنُ هَاشِمٍ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا تَوَضَّأَ أَحَدُكُمْ فَلْيَتَمَضْمَضْ، وَلْيَسْتَنْشِقْ، وَالْأُذُنَانِ مِنَ الرَّأْسِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی وضو کرے تو کلّی کرے اور ناک میں پانی ڈالے اور کانوں کا تعلق سر سے ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَطَاءٍ إِلَّا إِسْمَاعِيلُ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَلِيُّ بْنُ هَاشِمٍ

یہ حدیث عطاء سے صرف اسماعیل ہی روایت کرتے ہیں اسے روایت کرنے میں علی بن ہاشم اکیلے ہیں۔

---

537- انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 9812 .

538- أخرجه ابن ماجة: الطهارة جلد 1 صفحه 152 رقم الحديث: 445 والدارقطني: سننه جلد 1 صفحه 102 رقم الحديث: 32 .

539 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْقَاسِمِ قَالَ: نا عَفَّانُ بْنُ مُسْلِمٍ قَالَ: نا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ قَالَ: حَدَّثَنِي الْحَارِثُ بْنُ حَصِيرَةَ قَالَ: حَدَّثَنِي الْقَاسِمُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: قَالَ لَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَيْفَ اَنْتُمْ وَرُبُعُ الْجَنَّةِ لَكُمْ، وَلِسَائِرِ النَّاسِ ثَلَاثَةُ اَرْبَاعِهَا؟ قَالُوا: اللّٰهُ وَرَسُولُهُ اَعْلَمُ ۔ قَالَ: كَيْفَ اَنْتُمْ وَالشَّطْرُ لَكُمْ؟ قَالُوا: ذَاكَ اَكْثَرُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَهْلُ الْجَنَّةِ عِشْرُونَ وَمِائَةُ صَفٍّ، لَكُمْ مِنْهَا ثَمَانُونَ صَفًّا

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہمیں فرمایا: تمہاری کیا کیفیت ہو گی جب تم جنتیوں میں سے چوتھائی حصہ ہو گے اور باقی سارے لوگ تین چوتھائی۔ صحابہ کرام نے عرض کی: اللہ اور اس کا رسول ہی زیادہ جانتے ہیں! آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: وہ منظر کیسا ہو گا جب تم جنتیوں میں سے آدھے ہو گے! صحابہ کرام نے عرض کی: یہ بہت بڑی تعداد ہو گی‘ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اہل جنت کی ایک سو بیس صفیں ہوں گی اور اُن میں سے اسّی صفیں میری اُمت کی ہوں گی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ اِلَّا الْحَارِثُ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ

یہ حدیث قاسم بن عبداللہ سے صرف حارث ہی روایت کرتے ہیں‘ اسے روایت کرنے میں عبدالواحد بن زیاد اکیلے ہیں۔

540 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْقَاسِمِ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي قَالَ: نا شُعَيْبُ بْنُ اِسْحَاقَ قَالَ: نا الْحَسَنُ بْنُ دِينَارٍ، عَنْ اَيُّوبَ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: تَزَوَّجَهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَرَامًا، وَبَنَى بِهَا حَلَالًا، ثُمَّ مَاتَتْ بِسَرِفٍ، وَذَلِكَ قَبْرُهَا تَحْتَ السَّقِيفَةِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حالت احرام میں شادی کی اور حالت احرام سے باہر آنے کے بعد آپ نے زفاف فرمایا‘ پھر آپ کی وہ زوجہ محترمہ مقامِ سرف پر وصال فرما گئیں اور ان کی قبر سقیفہ (چھپر) کے نیچے ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ دِينَارٍ اِلَّا شُعَيْبُ بْنُ اِسْحَاقَ

یہ حدیث حسن بن دینار سے صرف شعیب بن اسحاق ہی روایت کرتے ہیں۔

541 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْقَاسِمِ قَالَ: نا عَلِيٌّ

حضرت ابوالملیح الہذلی اپنے والد سے روایت کرتے

540- أخرجه البخاري: المغازي جلد7صفحه581 رقم الحديث: 4258 .

541- أخرجه النسائي: الامامة جلد2صفحه85 (باب العذر في ترك الجماعة)، وأحمد: المسند جلد 5صفحه91 رقم الحديث: 20747 .

بْنُ الْجَعْدِ قَالَ: نا اَبُو مُعَاوِيَةَ الْعَبَّادَانِيُّ قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا الْمَلِيحِ الْهُذَلِيَّ، يُحَدِّثُ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: غَزَوْتُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَزَاةَ حُنَيْنٍ فِي سَنَةِ ثَمَانٍ فِي رَمَضَانَ، فَوَافَقَ يَوْمَ جُمُعَةٍ، يَوْمٌ مَطِيرٌ، فَاَمَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِلَالًا فَنَادَى: الصَّلَاةُ فِي الرِّحَالِ"

ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ غزوۂ حنین میں جہاد کیا' آٹھویں سال رمضان میں' وہ دن جمعہ کا تھا اور بارش کا دن تھا' تو رسول اللہ ﷺ نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو حکم دیا کہ اعلان کردو کہ نماز اپنی رہائش گاہوں پر پڑھ لیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي مُعَاوِيَةَ الْعَبَّادَانِيِّ اِلَّا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ

یہ حدیث ابومعاویہ العبادانی سے صرف علی بن جعد ہی روایت کرتے ہیں۔

**542** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْقَاسِمِ قَالَ: نا عَفَّانُ قَالَ: نا اَبَانُ بْنُ يَزِيدَ قَالَ: نا قَتَادَةُ، عَنْ عَزْرَةَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبْزَى، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: التَّيَمُّمُ ضَرْبَةٌ لِلْوَجْهِ وَالْكَفَّيْنِ.

حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: تیمّم کی دو ضربیں ہیں' ایک چہرے کے لیے اور دوسری ہتھیلیوں کیلئے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبَانَ اِلَّا عَفَّانُ

یہ حدیث ابان سے صرف عفان ہی روایت کرتے ہیں۔

**543** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْقَاسِمِ قَالَ: حَدَّثَنِي عَمِّي عِيسَى بْنُ الْمُسَاوِرِ قَالَ: نا سُوَيْدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ حُمَيْدٍ قَالَ: نا طَاوُسٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِيَّاكُمْ وَالْكِبْرَ، فَاِنَّ الْكِبْرَ يَكُونُ فِي الرَّجُلِ وَاِنَّ عَلَيْهِ الْعَبَاءَةَ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما' رسول اللہ ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: تکبر سے بچو! بے شک تکبر آدمی کے اندر ہوتا ہے اور اس پر چادر ہوتی ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ طَاوُسٍ اِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ حُمَيْدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: سُوَيْدٌ

یہ حدیث طاؤس سے صرف عبداللہ بن حمید ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں سوید اکیلے

542- أخرجه الامام أحمد فى مسنده رقم الحديث: 18349 .

543- انظر: مجمع الزوائد جلد 10 صفحه 229 .

ہیں۔

**544** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْقَاسِمِ قَالَ: نا اَبِی قَالَ: نا سُوَيْدٌ، عَنْ قُرَّةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ مَسْعُودِ بْنِ الْحَكَمِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حُذَافَةَ السَّهْمِيِّ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ اَمَرَهُ اَنْ يُنَادِيَ فِي اَهْلِ مِنًى فِي بُرْدَيْنِ: لَا يَصُومَنَّ هَذِهِ الْاَيَّامَ اَحَدٌ، فَاِنَّهَا اَيَّامُ اَكْلٍ وَشُرْبٍ"

حضرت عبداللہ بن حذافہ السہمی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے حکم دیا کہ منیٰ والوں میں دو چادروں میں اعلان کر دو کہ ان دنوں میں کوئی بھی ہرگز روزہ نہ رکھے کیونکہ یہ ان کے کھانے اور پینے کے دن ہیں۔

**545** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْقَاسِمِ قَالَ: نا اَبِی، وَعَمِّي، قَالَا: نا سُوَيْدٌ، عَنْ قُرَّةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: طَرَقَتْنِي الْحَيْضَةُ وَاَنَا مَعَ، رَسُولِ اللّٰهِ عَلَى فِرَاشِهِ، فَانْسَلَلْتُ حَتَّى وَقَعْتُ بِالْاَرْضِ، فَقَالَ: مَا شَاْنُكِ؟ فَاَخْبَرْتُهُ اَنِّي حِضْتُ، فَاَمَرَنِي اَنْ اَشُدَّ عَلَيَّ اِزَارِي اِلَى اَنْصَافِ فَخِذِي، وَاَنْ اَرْجِعَ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ بستر پر تھی کہ مجھے حیض آنا شروع ہو گیا' میں آہستہ سے اُٹھی اور زمین پر لیٹ گئی' آپ ﷺ نے فرمایا: تجھے کیا ہوا ہے؟ میں نے آپ کو بتایا کہ مجھے حیض آ گیا ہے' تو آپ نے مجھے ناف سے لے کر گھٹنوں تک کپڑا باندھنے کا حکم دیا اور بستر پر واپس آنے کا حکم دیا۔

**546** - وَعَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ اَدْرَكَ رَكْعَةً مِنَ الصَّلَاةِ فَقَدْ اَدْرَكَ الصَّلَاةَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے نماز کی ایک رکعت جماعت کے ساتھ پالی' اس نے جماعت کا ثواب پالیا۔

**547** - وَعَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَالِمٍ، عَنِ ابْنِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے

---

544- أخرجه الحاكم في المستدرك جلد3صفحه631 .

545- أخرجه الامام أحمد في مسنده رقم الحديث: 24418 .

546- أخرجه مسلم في المساجد رقم الحديث: 607' وأبو داؤد في الصلاة رقم الحديث: 1121' والترمذي في الجمعة جلد2صفحه402-403 رقم الحديث: 524' وابن ماجة في اقامة الصلاة رقم الحديث: 1122' والامام مالك في الموطأ: في الجمعة جلد1صفحه105' والامام أحمد في مسنده جلد2صفحه241 .

547- أخرجه البخاري في الجمعة رقم الحديث: 877' ومسلم في الجمعة جلد1صفحه579-580

عُمَرَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ جَاءَ مِنْكُمُ الْجُمُعَةَ فَلْيَغْتَسِلْ

رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا: جو تم میں سے جمعہ کے لیے آئے اس کو چاہیے کہ وہ غسل کرلے۔

548 - وَعَنِ ابْنِ شِهَابٍ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّ اَفْلَحَ بْنَ اَبِي الْقُعَيْسِ، اسْتَاْذَنَ عَلَيْهَا، فَقَالَتْ: حَتَّى اَسْاَلَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَسَاَلْتُهُ، فَقَالَ: لِيَلِجْ عَلَيْكِ، فَاِنَّهُ عَمُّكِ. وَقَالَ: يَحْرُمُ مِنَ الرَّضَاعِ مَا يَحْرُمُ مِنَ النَّسَبِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضرت افلح بن ابی قعیس نے مجھ سے گھر آنے کی اجازت مانگی تو انہوں نے کہا: جب تک کہ میں رسول اللہ ﷺ سے نہ پوچھ لوں میں نے آپ سے پوچھا تو آپ ﷺ نے فرمایا: اسے اپنے پاس آنے دو کیونکہ وہ تیرا چچا ہے اور فرمایا کہ جو نسب سے حرام ہوتا ہے وہی رضاع سے بھی حرام ہوتا ہے۔

549 - وَعَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُصَلِّي، وَهِيَ مُعْتَرِضَةٌ بَيْنَ يَدَيْهِ عَلَى الْفِرَاشِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا روایت کرتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نماز پڑھتے تھے اور وہ آپ کے آگے بستر پر لیٹی ہوتی تھی۔

550 - وَعَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَنَّهُ سُئِلَ عَنِ الرَّجُلِ يُحْدِثُ فِي صَلَاتِهِ؟ قَالَ: لَا يَنْصَرِفْ حَتَّى يَسْمَعَ صَوْتًا اَوْ يَجِدَ رِيحًا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ سے نماز میں آدمی کے وضو کے ٹوٹ جانے کے متعلق پوچھا گیا تو آپ ﷺ نے فرمایا: وہ نہ پلٹے جب تک کہ آواز نہ سنے یا بدبو محسوس نہ کرے۔

---

رقم الحديث: 844' والترمذی فی أبواب الصلاة رقم الحديث: 492-493' والنسائی فی الجمعة جلد3صفحه93' والدارمی فی الصلاة جلد 1صفحه433 رقم الحديث: 1536' والامام فی الموطأ فی الجمعة جلد1 صفحه102 .

548- أخرجه البخاری فی الشهادات جلد 5صفحه300 رقم الحديث: 2644' ومسلم فی الرضاع جلد3صفحه1070 رقم الحديث: 1445 .

549- أخرجه البخاری فی الصلاة جلد1صفحه587 رقم الحديث: 383' ومسلم فی الصلاة جلد1صفحه366 .

550- أخرجه مسلم فی الحيض جلد 1صفحه276' وأبو داؤد فی الطهارة جلد 1صفحه44 رقم الحديث: 177' والترمذی فی الطهارة جلد 1صفحه109 رقم الحديث: 75' وابن ماجة فی الطهارة جلد 1صفحه172 رقم الحديث: 515' والامام أحمد فی مسنده جلد2صفحه441 رقم الحديث: 8390 .

551 - وَعَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: اَقْبَلْتُ عَلَى اَتَانٍ، وَقَدْ قَارَبْتُ الْحُلُمَ، وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي بِالنَّاسِ، حَتَّى جَاوَزْتُ بَعْضَ الصَّفِّ، ثُمَّ سَرَّحْتُهَا، فَرَجَعْتُ، ثُمَّ صَلَّيْتُ، فَلَمْ يَعِدْلِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَيْئًا

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں سواری پر سوار ہو کر اس حالت میں آیا کہ میں بالغ ہونے کے قریب تھا اور رسول اللہ ﷺ لوگوں کو نماز پڑھا رہے تھے' حتیٰ کہ میں بعض صفوں کے درمیان سے گزرا' پھر واپس آتا پھر میں نماز پڑھتا تو مجھے رسول اللہ ﷺ نے کچھ بھی نہیں فرمایا۔

552 - وَعَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَامَ عَامَ الْفَتْحِ حَتَّى بَلَغَ الْكَدِيدَ، ثُمَّ اَفْطَرَ، وَاَفْطَرَ اَصْحَابُهُ، فَهُمْ يَتَّبِعُونَ الْاَحْدَثَ فَالْاَحْدَثَ مِنْ اَمْرِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاِنَّ ذٰلِكَ هُوَ النَّاسِخُ الْمُحْكَمُ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فتح والے سال روزہ رکھا جب مقامِ کدید پر پہنچے تو آپ نے اور آپ کے صحابہ نے بھی افطار کیا' وہ رسول اللہ ﷺ کے افعال کی اتباع کرنے لگے اور یہ ناسخ محکم تھا۔

553 - وَعَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا رَاَيْتُمُ الْهِلَالَ فَصُومُوا، وَاِذَا رَاَيْتُمُوهُ فَاَفْطِرُوا، فَاِنْ غُمَّ عَلَيْكُمْ فَاَتِمُّوا ثَلَاثِينَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا: جب تم چاند دیکھو تو روزہ رکھو' اور جب چاند دیکھو تو عید کرو' اگر آسمان ابر آلود ہو تو تیس دن مکمل کرو۔

لَمْ يَرْوِ هٰذِهِ الْاَحَادِيثَ عَنْ قُرَّةَ اِلَّا سُوَيْدٌ وَرِشْدِينٌ

یہ تمام حدیثیں قرہ سے صرف سوید اور رشدین ہی روایت کرتے ہیں۔

554 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْقَاسِمِ قَالَ: نا اَبُو

حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

551- أخرجه البخاری فی العلم جلد 1 صفحه 205 رقم الحديث: 76' ومسلم فی الصلاة جلد 1 صفحه 361 .

552- أخرجه البخاری: فی الصوم رقم الحديث: 1944 .

553- أخرجه البخاری فی الصيام رقم الحديث: 1909' ومسلم فی الصيام رقم الحديث: 1081' وابن ماجة فی الصيام جلد 1 صفحه 530 رقم الحديث: 1655' والدارمی فی الصيام جلد 2 صفحه 706 رقم الحديث: 1685' والامام أحمد فی مسنده رقم الحديث: 25912 .

554- أخرجه ابن ماجة فی الجنائز جلد 1 صفحه 492 رقم الحديث: 1541' أخرجه مسلم عن ابن عمر فی المساجد

مَعْمَرٍ الْقَطِيعِيُّ قَالَ: نا جَرِيرٌ، عَنِ الشَّيْبَانِيِّ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ، عَنْ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ صَلَّى عَلَى جَنَازَةٍ، فَلَهُ قِيرَاطٌ، وَمَنْ شَهِدَهَا حَتَّى تُدْفَنَ، فَلَهُ قِيرَاطَانِ، وَمَنْ اَكَلَ مِنْ هَذِهِ الْبَقْلَةِ فَلَا يَقْرَبَنَّ مَسْجِدَنَا

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے نمازِ جنازہ پڑھی اس کے لیے ایک قیراط ثواب ہے اور جو تدفین کے بعد واپس آیا اس کے لیے دو قیراط ثواب ہے اور جس شخص نے پیاز کھایا ہو وہ ہماری مسجدوں میں نہ آئے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الشَّيْبَانِيِّ اِلَّا جَرِيرٌ

یہ حدیث شیبانی سے صرف جریر ہی روایت کرتے ہیں۔

555 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْقَاسِمِ قَالَ: نا يَزِيدُ بْنُ مِهْرَانَ اَبُو خَالِدٍ الْخَبَّازُ قَالَ: نا اَبُو بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ مُجَالِدٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ اِلَى ابْنِ عُمَرَ، فَقَالَ: مَا تَقُولُ فِي عَلِيٍّ؟ فَقَالَ: هُوَ ذَاكَ بَيْتُهُ قَالَ: فَمَا تَقُولُ فِي عُثْمَانَ؟ قَالَ: مَا اَقُولُ فِي رَجُلٍ اَذْنَبَ ذَنْبًا فِيمَا بَيْنَهُ وَبَيْنَ اللّٰهِ، فَعَفَا عَنْهُ، وَاَذْنَبَ ذَنْبًا فِيمَا بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُ، فَقَتَلْتُمُوهُ

حضرت مجاہد فرماتے ہیں کہ ایک آدمی حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کے پاس آیا اور عرض کرنے لگا: آپ حضرت علی کے متعلق کیا کہتے ہیں؟ آپ نے فرمایا: وہ آپ ﷺ کے اہل بیت میں شامل ہیں۔ اس نے کہا: آپ حضرت عثمان کے متعلق کیا کہتے ہیں؟ آپ نے فرمایا: میں تمہیں اس آدمی کے متعلق یہ کہتا ہوں کہ انہوں نے ایسا گناہ کیا جو ان کے اور اللہ کے درمیان ہے اور اللہ نے ان کو معاف بھی کیا ہے اور ایک گناہ تمہارے اور ان کے درمیان ہوا تو تم نے اُس کو قتل کر دیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُجَاهِدٍ اِلَّا مُجَالِدٌ، وَلَا عَنْ مُجَالِدٍ اِلَّا اَبُو بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: يَزِيدُ بْنُ مِهْرَانَ

یہ حدیث مجاہد سے صرف مجالد ہی روایت کرتے ہیں اور مجالد سے صرف ابوبکر بن عیاش روایت کرتے ہیں اور اسے روایت کرنے میں یزید بن مہران اکیلے ہیں۔

556 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْقَاسِمِ قَالَ: نا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ الْقَوَارِيرِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَلَمَةَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے ظاہر کیا اس نے بے

جلد 1 صفحہ 394 .

556- أخرجه الامام في مسنده جلد 2 صفحه 492 رقم الحديث: 8858 .

الْاَفْطَسُ قَالَ: نا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنْ اَيُّوبَ بْنِ مُوسَى، عَنْ طَاوُسٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ بَدَا جَفَا، وَمَنِ اتَّبَعَ الصَّيْدَ غَفَلَ، وَمَنْ اَتَى السُّلْطَانَ افْتُتِنَ

وفائی کی اور جس نے شکار کا پیچھا کیا اُس نے غفلت کی اور جو بادشاہ کے پاس آیا وہ فتنہ میں مبتلا ہو گیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ اَيُّوبَ بْنِ مُوسَى اِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَلَمَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْقَوَارِيرِيُّ، وَرَوَاهُ اَبُو نُعَيْمٍ، وَالنَّاسُ: عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ اَبِي مُوسَى الْيَمَانِيِّ

یہ حدیث از سفیان از ایوب بن موسیٰ صرف عبداللہ بن مسلمہ ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں قواریری اکیلے ہیں۔ ابونعیم اور دوسرے لوگ سفیان سے اور سفیان' ابوموسیٰ یمانی سے روایت کرتے ہیں۔

**557** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْقَاسِمِ قَالَ: نا اَحْمَدُ بْنُ جَمِيلٍ الْمَرْوَزِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ قَالَ: نا رَوْحُ بْنُ الْقَاسِمِ قَالَ: حَدَّثَنِي عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ جَدِّهِ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ عَالَ جَارِيَتَيْنِ حَتَّى تَبْلُغَا، دَخَلْتُ اَنَا وَهُوَ الْجَنَّةَ وَاَشَارَ بِاُصْبُعَيْهِ الْاِبْهَامِ وَالَّتِي تَلِيهَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ' نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جس نے دو لڑکیوں کی پرورش کی یہاں تک کہ وہ بالغ ہوگئیں تو میں اور وہ جنت میں اس طرح ہوں گے اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے اپنی درمیان والی اور شہادت کی انگلی کو ملایا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ رَوْحٍ اِلَّا ابْنُ الْمُبَارَكِ

یہ حدیث روح سے صرف ابن مبارک ہی روایت کرتے ہیں۔

**558** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْقَاسِمِ قَالَ: نا اَبِي، وَعَمِّي عِيسَى بْنُ الْمُسَاوِرِ، قَالَا: نا رَوَّادُ بْنُ الْجَرَّاحِ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ اَبِي سُلَيْمَانَ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: سَبْعَةٌ مِنَ السُّنَّةِ فِي الصَّبِيِّ يَوْمَ السَّابِعِ: يُسَمَّى، وَيُخْتَنُ، وَيُمَاطُ عَنْهُ الْاَذَى، وَتُثْقَبُ اُذُنُهُ، وَيُعَقُّ عَنْهُ، وَيُحْلَقُ رَاْسُهُ،

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ سات اشیاء سنت سے ہیں: (۱) بچہ جب سات دن کا ہو جائے تو اس کا نام رکھا جائے اور (۲) اس کے ختنے کیے جائیں (۳) اس سے تکلیف دِہ اشیاء ختم کر دی جائیں (۴) اس کے کان میں سوراخ کر دیا جائے (۵) اس کا عقیقہ کیا جائے (۶) اس کے سر کے بال اُتارے جائیں

557- أخرجه مسلم: في البر والصلة جلد4صفحه2027-2028 .

558- انظر: مجمع الزوائد جلد4صفحه62 .

وَيُلَطَّخُ بِدَمِ عَقِيقَتِهِ، وَيُتَصَدَّقُ بِوَزْنِ شَعْرِهِ فِي رَأْسِهِ ذَهَبًا أَوْ فِضَّةً.

اور عقیقہ کا خون اس کو ملا جائے (ے) اس کے سر کے بال اُتار کر اس کے وزن کے برابر سونا یا چاندی تول کر صدقہ کی جائے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ إِلَّا رَوَّادٌ

یہ حدیث عبدالملک سے صرف روّاد ہی روایت کرتے ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ هِشَامٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو إِلَّا مُسْلِمٌ

یہ حدیث از ہشام از والد خود از حضرت عبداللہ بن عمرو صرف مسلم ہی روایت کرتے ہیں۔

**602** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے

---

600- أخرجه البخارى: الفتن جلد13صفحه88 رقم الحديث:7120، ومسلم: الزكاة جلد2صفحه700، وأحمد: المسند جلد4صفحه376 رقم الحديث:18753، وابن أبى شيبة قاله الحافظ السيوطى فى الدر المنثور جلد1 صفحه356 .

601- انظر: مجمع الزوائد جلد4صفحه161 .

602- أخرجه البخارى فى جزاء الصيد رقم الحديث:1829، ومسلم فى الحج جلد2صفحه857 .

عِمْرَانَ بْنِ اَبِی لَيْلَى قَالَ: نا اَبِی، عَنِ ابْنِ اَبِی لَيْلَى، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اُمَيَّةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: خَمْسٌ مِنَ الدَّوَابِّ كُلُّهُنَّ فَاسِقٌ، يُقْتَلْنَ فِي الْحِلِّ وَالْحَرَمِ، وَيَقْتُلُهُنَّ الْمُحْرِمُ: الْحِدَاَةُ، وَالْحَيَّةُ، وَالْفَارَةُ، وَالْعَقْرَبُ، وَالْكَلْبُ الْعَقُورُ

روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جانوروں میں سے پانچ ایسے ہیں جو سارے کے سارے فاسق ہیں' اُن کو حل وحرم میں مارنا جائز ہے' اُن کو محرم بھی مار سکتا ہے: (۱) چیل (۲) سانپ (۳) چوہا (۴) بچھو (۵) پاگل کتا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اُمَيَّةَ اِلَّا ابْنُ اَبِی لَيْلَى، تَفَرَّدَ بِهِ: وَلَدُهُ عَنْهُ

یہ حدیث اسماعیل بن امیہ سے صرف ابن ابی لیلیٰ ہی روایت کرتے ہیں' ان سے صرف اُن کی اولاد ہی روایت کرتی ہے۔

**603** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا عَفَّانُ قَالَ: نا هَمَّامُ بْنُ يَحْيَى قَالَ: سُئِلَ قَتَادَةُ عَنْ رَجُلٍ، فَاتَتْهُ رَكْعَةٌ مِنَ الصُّبْحِ حَتَّى طَلَعَتِ الشَّمْسُ، فَقَالَ: حَدَّثَنِي خِلَاسُ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ اَبِی رَافِعٍ، عَنْ اَبِی هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يُصَلِّي اِلَيْهَا اُخْرَى

حضرت ہمام بن یحییٰ سے روایت ہے' فرماتے ہیں کہ حضرت قتادہ رضی اللہ عنہ سے پوچھا گیا کہ ایک آدمی کی صبح کی نماز کی ایک رکعت فوت ہوگئی حتیٰ کہ سورج طلوع ہوگیا تو حضرت قتادہ نے فرمایا: مجھے خلاس بن عمرو نے ابورافع سے' انہوں نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے' آپ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کی کہ آپ نے فرمایا: اس کے ساتھ ایک اور رکعت پڑھ لے (اس کی نماز مکمل ہے)۔

فائدہ: مسئلہ یہ ہے کہ جب سورج طلوع ہوگیا نماز کے دوران تو نماز ختم ہوگئی' اب وہ از سرِ نو نماز پڑھے گا۔ یہ نہیں ہے کہ ایک رکعت اور پڑھ کر نماز مکمل کرے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ اِلَّا هَمَّامٌ

یہ حدیث قتادہ سے صرف ہمام ہی روایت کرتے ہیں۔

**604** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول

**604**- أخرجه أبو داؤد فی الطهارة جلد **1** صفحه **11-12** رقم الحديث: **45**' والامام أحمد فی مسنده جلد **2** صفحه **416** رقم الحديث: **8124**.

سُلَيْمَانَ قَالَ: نا شَرِيكٌ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ جَرِيرٍ، عَنْ اَبِي زُرْعَةَ بْنِ عُمَرَ بْنِ جَرِيرٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا قَضَى حَاجَتَهُ، اَتَيْتُهُ بِمَاءٍ، فَيَسْتَنْجِي بِهِ، وَيَمْسَحُ يَدَهُ بِالْاَرْضِ

اللہ ﷺ جب قضاء حاجت کرتے تو میں آپ کے پاس پانی لے کر آتا تو اس کے ساتھ استنجاء کرتے اور اپنے ہاتھوں کو زمین پر رگڑتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي زُرْعَةَ اِلَّا اِبْرَاهِيمُ بْنُ جَرِيرٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: شَرِيكٌ

یہ حدیث ابوزرعہ سے صرف ابراہیم بن جریر ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں شریک اکیلے ہیں۔

**605** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا الْوَلِيدُ بْنُ الْفَضْلِ الْعَنَزِيُّ قَالَ: نا اَبُو هِشَامٍ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ حَوْشَبٍ، عَنْ قُرَّةَ بْنِ خَالِدٍ السَّدُوسِيِّ، عَنِ الضَّحَّاكِ بْنِ مُزَاحِمٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْيَوْمُ الرِّهَانُ، وَغَدًا السِّبَاقُ، وَالْغَايَةُ الْجَنَّةُ اَوِ النَّارُ، وَالْهَالِكُ مَنْ دَخَلَ النَّارَ، اَنَا اَوَّلٌ، وَاَبُو بَكْرٍ الصِّدِّيقُ الْمُصَلِّي، وَعُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ الثَّالِثُ، ثُمَّ النَّاسُ بَعْدِي عَلَى السَّبْقِ، الْاَوَّلُ فَالْاَوَّلُ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: آج کا دن دوزخ سے چھٹکارے کا ہے' کل جنت میں آگے جانے کا ذریعہ ہے اور آخرکار جنت یا دوزخ ہے۔ جو جہنم میں داخل ہوا وہ ہلاک ہوگیا' جنت میں داخل ہونے والوں میں' میں سب سے پہلے اور ابوبکر' تیسرے عمر' پھر میرے بعد پہلے کی طرح' اوّل کے بعد اوّل۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قُرَّةَ اِلَّا عَبْدُ الرَّحْمَنِ. تَفَرَّدَ بِهِ: الْوَلِيدُ

یہ حدیث قرّہ سے صرف عبدالرحمٰن ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں ولید اکیلے ہیں۔

**606** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا خَالِدُ بْنُ خِدَاشٍ قَالَ: نا صَالِحٌ الْمُرِّيُّ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ اَبِي مُحَمَّدٍ قَالَ: سَمِعْتُ الْفَرَزْدَقَ بْنَ غَالِبٍ، يَقُولُ: لَقِيتُ اَبَا هُرَيْرَةَ بِالشَّامِ، فَقَالَ لِي: اَنْتَ الْفَرَزْدَقُ؟

حضرت فرزدق بن غالب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے ملک شام میں ملا' انہوں نے فرمایا: تو فرزدق ہے؟ میں نے عرض کی: جی ہاں! فرمایا: تُو شاعر ہے؟ میں نے عرض کی: جی ہاں!

605- انظر: الثقات لابن حبان جلد7صفحه73' الجرح والتعديل جلد5صفحه226 .

606- انظر: مجمع الزوائد جلد10صفحه217 .

فَقُلْتُ: نَعَمْ. فَقَالَ: أَنْتَ الشَّاعِرُ؟ قُلْتُ: نَعَمْ. فَقَالَ: أَمَا إِنَّكَ إِنْ بَقِيتَ لَقِيتَ قَوْمًا يَقُولُونَ: لَا تَوْبَةَ لَكَ، فَإِيَّاكَ أَنْ تَقْطَعَ رَجَائَكَ مِنَ اللّٰهِ

آپ نے فرمایا: اگر تُو زندہ رہا تو تیری ملاقات ایسی قوم سے ہوگی جو کہیں گے' تیرے لیے توبہ نہیں ہے تو ان سے بچنا کہ کہیں اللہ کی رحمت سے نا اُمید نہ ہو جانا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْفَرَزْدَقِ إِلَّا حَبِيبٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: صَالِحٌ الْمُرِّيُّ

یہ حدیث فرزدق سے صرف حبیب ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں صالح المری اکیلے ہیں۔

**607** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ الْقَاسِمِ بْنِ مُسَاوِرٍ الْجَوْهَرِيُّ قَالَ: نا عَفَّانُ قَالَ: نا هَمَّامُ بْنُ يَحْيَى، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْوَلَاءُ لِمَنْ أَعْتَقَ، وَتُصُدِّقَ عَلَى بَرِيرَةَ بِلَحْمٍ، فَأَهْدَتْ مِنْهُ لِعَائِشَةَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هُوَ عَلَيْهَا صَدَقَةٌ، وَلَنَا هَدِيَّةٌ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ولاء اس کے لیے ہے جس نے آزاد کیا ہو اور حضرت بریرہ کو گوشت صدقہ دیا گیا تو انہوں نے اس میں سے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو ہدیہ دیا' تو نبی کریم ﷺ نے فرمایا: یہ بریرہ کیلئے صدقہ تھا اور ہمارے لیے ہدیہ ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ إِلَّا هَمَّامٌ

یہ حدیث قتادہ سے صرف ہمام ہی روایت کرتے ہیں۔

**608** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَلِيٍّ الْأَبَّارُ قَالَ: نا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْعَلَاءِ الزُّبَيْدِيُّ قَالَ: نا أَبُو عَوْنٍ ثَوَابَةُ بْنُ عَوْنٍ التَّنُوخِيُّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ قَيْسٍ السَّكُونِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ رَآنِي فِي الْمَنَامِ، فَكَأَنَّمَا رَآنِي فِي الْيَقَظَةِ، إِنَّ الشَّيْطَانَ لَا يَتَمَثَّلُ بِي

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے مجھے خواب میں دیکھا گویا کہ اس نے مجھے جاگتے ہوئے دیکھا' بے شک شیطان میری صورت اختیار نہیں کرسکتا ہے' نہ وہ جانا جا سکتا ہے۔

لَا يُعْلَمُ يُرْوَى عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو إِلَّا مِنْ هَذَا الْوَجْهِ

حضرت عبداللہ بن عمرو سے یہ حدیث اسی سند سے ہی مروی ہے۔

---

607- أخرجه أحمد: المسند جلد1 صفحه366 رقم الحديث: 2546 .

608- انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 18417 .

609 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا عُمَرُ بْنُ سَعِيدٍ اَبُو حَفْصٍ الدِّمَشْقِيُّ قَالَ: نا صَدَقَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ اَبُو مُعَاوِيَةَ، اَخْبَرَنِى عَبْدُ الْكَرِيمِ الْجَزَرِيُّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَنْ جِبْرِيلَ، عَنِ اللّٰهِ تَعَالَى قَالَ: مَنْ اَهَانَ لِى وَلِيًّا، فَقَدْ بَارَزَنِى بِالْمُحَارَبَةِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آپ حضرت جبریل علیہ السلام سے اور حضرت جبریل علیہ السلام اللہ عزوجل سے روایت کرتے ہیں کہ اللہ عزوجل سے روایت کرتے ہیں کہ اللہ عزوجل فرماتا ہے: جس نے میرے ولی کی اہانت کی بے شک اس نے میرے ساتھ اعلانِ جنگ کیا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ اِلَّا صَدَقَةُ، تَفَرَّدَ بِهِ: عُمَرُ

یہ حدیث عبدالکریم سے صرف صدقہ روایت کرتے ہیں اسے روایت کرنے میں عمر اکیلے ہیں۔

610 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا اَبُو حَصِينٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُثْمَانَ بْنِ خُثَيْمٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا بَيْنَ قَبْرِى وَمِنْبَرِى رَوْضَةٌ مِنْ رِيَاضِ الْجَنَّةِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میری قبر اور میرے منبر کے درمیان کی جگہ جنت کے باغوں میں سے ایک باغ ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ خُثَيْمٍ اِلَّا يَحْيَى. تَفَرَّدَ بِهِ: اَبُو حَصِينٍ

یہ حدیث ابن خثیم سے صرف یحییٰ ہی روایت کرتے ہیں اسے روایت کرنے میں ابوحصین اکیلے ہیں۔

611 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا عَبَّادُ بْنُ مُوسَى الْخُتُلِّيُّ قَالَ: نا اَزْهَرُ بْنُ سَعْدٍ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ، عَنِ الْحَسَنِ قَالَ: قَالَ عَمْرُو بْنُ الْعَاصِ: مَا كُنَّا نَرَى اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَاتَ يَوْمَ مَاتَ وَهُوَ يُحِبُّ رَجُلًا، يُدْخِلُهُ اللّٰهُ النَّارَ. قِيلَ لَهُ: قَدْ كَانَ يَسْتَعْمِلُكَ؟ فَقَالَ: اللّٰهُ اَعْلَمُ، وَلٰكِنَّهُ قَدْ كَانَ

حضرت عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم نہیں خیال کرتے تھے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا وصال اس حالت میں ہوا کہ آپ نے فرمایا: ایک آدمی سے محبت ہو گی اس کے بعد اس کو اللہ عزوجل جہنم میں داخل کرے گا۔ آپ سے عرض کی گئی: وہ امیر مقرر تھا؟ فرمایا: اللہ زیادہ جانتا ہے لیکن وہ ایک آدمی سے محبت کرتا تھا۔ صحابہ

---

609- انظر: مجمع الزوائد جلد10صفحه273 .

610- أخرجه الطبرانی فی الكبير رقم الحديث:13156 . انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث:1214 .

611- أخرجه الامام أحمد فی مسنده جلد 4صفحه199-200 . وانظر: مجمع الزوائد جلد9صفحه297، وأخرجه الحاكم فی مستدركه جلد3صفحه392 .

يُحِبُّ رَجُلًا، قَالُوا: مَنْ هُوَ؟ قَالَ: كَانَ يُحِبُّ عَمَّارَ بْنَ يَاسِرٍ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ عَوْنٍ إِلَّا أَزْهَرُ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبَّادٌ

**612** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نا عَلِيُّ بْنُ عُثْمَانَ اللَّاحِقِيُّ قَالَ: نا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ فَيْرُوزَ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ وَفْدَ ثَقِيفٍ، قَدِمُوا عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالُوا: رَأَيْنَاهُ يُصَلِّي فِي نَعْلَيْنِ مُتَقَابِلَتَيْنِ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ إِلَّا حَمَّادٌ، وَلَا رُوِيَ عَنْ فَيْرُوزَ الدَّيْلَمِيِّ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ

**613** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نا أَحْمَدُ بْنُ بَحْرٍ الْعَسْكَرِيُّ قَالَ: نا عَبْثَرُ بْنُ الْقَاسِمِ، عَنْ مُطَرِّفِ بْنِ طَرِيفٍ، عَنْ أَبِي الْجَهْمِ، عَنِ الْقَاسِمِ، مَوْلَى أَبِي بَكْرٍ الصِّدِّيقِ، عَنْ أَبِي بَكْرٍ الصِّدِّيقِ قَالَ: لَمَّا فَتَحَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيْبَرَ، وَقَعَ النَّاسُ فِي الثُّومِ، فَجَعَلُوا يَأْكُلُونَهُ، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ أَكَلَ مِنْ هَذِهِ الْبَقْلَةِ، فَلَا يَقْرَبَنَّ مَسْجِدَنَا

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُطَرِّفٍ إِلَّا عَبْثَرٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: أَحْمَدُ بْنُ بَحْرٍ، وَلَا يُرْوَى عَنْ أَبِي بَكْرٍ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ

کرام نے عرض کی: وہ کون ہے؟ فرمایا: وہ عمار بن یاسر سے محبت کرتا تھا۔

یہ حدیث ابن عون سے صرف ازھر ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں عباد اکیلے ہیں۔

حضرت سعید بن فیروز اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ قبیلہ ثقیف کا وفد رسول اللہ ﷺ کے پاس آیا' انہوں نے عرض کی: ہم نے ان کو دو مختلف نعلین میں نماز پڑھتے ہوئے دیکھا۔

یہ حدیث عبدالملک سے صرف حماد ہی روایت کرتے ہیں اور فیروز الدیلمی سے صرف اسی سند سے ہی یہ روایت مروی ہے۔

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب رسول اللہ ﷺ نے خیبر فتح کیا تو صحابہ کرام کو لہسن ملا اور وہ اس کو کھانے لگے' تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے اس سبزی سے کچھ کھایا وہ ہماری مسجدوں کے قریب نہ آئے۔

یہ حدیث مطرف سے صرف عبثر ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں احمد بن ابحرا کیلے ہیں اور حضرت ابوبکر سے یہ حدیث صرف اسی سند سے مروی

-612 انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 5812 .

-613 انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 2012 .

ہے۔

614 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ الْمَرْوَزِيُّ قَالَ: نا الْهَيْثَمُ بْنُ حُمَيْدٍ قَالَ: نا الْمُطْعِمُ بْنُ الْمِقْدَامِ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: رَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى رَاحِلَتِهِ يَوْمَ النَّحْرِ يَقُولُ: لِتَاْخُذْ اُمَّتِي مَنَاسِكَهَا، فَاِنِّي لَا اَدْرِي لَعَلِّي لَا اَحُجُّ بَعْدَ عَامِي هَذَا

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے نبی کریم ﷺ کو دیکھا آپ قربانی کے دن سواری پر ہیں آپ نے فرمایا: حج کے ارکان مجھ سے سیکھ لو شاید میں اس سال کے بعد حج نہ کرسکوں۔

615 - وَبِهِ: عَنْ جَابِرٍ قَالَ: كَانَ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَرْمِي اَوَّلَ يَوْمٍ ضُحًى جَمْرَةَ الْعَقَبَةِ وَاحِدَةً، وَاَمَّا بَعْدَ ذَلِكَ فَعِنْدَ زَوَالِ الشَّمْسِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اللہ کے نبی ﷺ نے چاشت کے وقت جمرۂ عقبہ کو ایک کنکری ماری' اس کے بعد زوالِ شمس کے وقت باقی جمروں کو کنکریاں ماریں۔

616 - وَبِهِ: عَنْ جَابِرٍ قَالَ: رَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَرْمِي بِمِثْلِ حَصَى الْخَذْفِ.

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے نبی کریم ﷺ کو دیکھا کہ آپ نے ٹھیکری کے برابر کنکری ماری۔

لَمْ يَرْوِ هَذِهِ الْاَحَادِيثَ عَنِ الْمُطْعِمِ اِلَّا الْهَيْثَمُ بْنُ حُمَيْدٍ. تَفَرَّدَ بِهَا: عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ

یہ تمام احادیث مطعم سے صرف ہیثم بن حمید ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں علی بن حجر

---

614- أخرجه مسلم: الحج جلد 2صفحه943' وأبو داؤد: المناسك جلد 2صفحه207 رقم الحديث: 1970' والنسائي: الحج جلد 5صفحه219 (باب الركوب الى الجمار واستظلال المحرم)' وابن ماجة: المناسك جلد 2 صفحه1006 رقم الحديث: 3023' وأحمد: المسند جلد3صفحه449 رقم الحديث: 14957 .

615- أخرجه البخاري: الحج جلد 3صفحه677 (باب رمي الجمار) معلق' ومسلم: الحج جلد 2صفحه945' وأبو داؤد: المناسك جلد 2صفحه207 رقم الحديث: 1917' والترمذي: الحج جلد 3صفحه232 رقم الحديث: 894' والنسائي: الحج جلد5صفحه219 (باب وقت رمي جمرة العقبة يوم النحر)' وأحمد: المسند جلد3صفحه384 رقم الحديث: 14366' والدارمي: الحج جلد2صفحه85 رقم الحديث: 1896 .

616- أخرجه مسلم: الحج جلد2صفحه944' والترمذي: الحج جلد 2صفحه233 رقم الحديث: 897' والنسائي: الحج جلد2صفحه222 (باب المكان الذي ترمى منه جمرة العقبة) . وأحمد: المسند جلد 3صفحه392 رقم الحديث: 14450 .

اکیلے ہیں۔

**617** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْوَرْكَانِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، وَصَفْوَانَ بْنِ سُلَيْمٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، غُسْلُ يَوْمِ الْجُمُعَةِ وَاجِبٌ عَلَى مَنْ اَدْرَكَ الْحُلُمَ مِمَّنْ اَتَى الْجُمُعَةَ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جمعہ کے دن غسل کرنا واجب ہے' اس پر جو بالغ ہو جس نے جمعہ کے لیے آنا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ عَطَاءٍ اِلَّا عَبْدُ الرَّحْمَنِ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ

یہ حدیث از محمد بن منکدر از عطاء صرف عبدالرحمن ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں محمد بن جعفر اکیلے ہیں۔

**618** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ قَالَ: نا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ سَالِمٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنِ الْجَلَّالَةِ، عَنْ لُحُومِهَا، وَاَلْبَانِهَا، وَظُهُورِهَا.

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے نجاست کھانے والے جانور کے دودھ' اس کے گوشت اور اس کی پشت پر سوار ہونے سے منع فرمایا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُمَرَ اِلَّا اِسْمَاعِيلُ

یہ حدیث حضرت عمر سے صرف اسماعیل ہی روایت کرتے ہیں۔

**619** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عَبَّادٍ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ

---

617- أخرجه البخاري: الجمعة جلد2صفحه415 رقم الحديث: 879' ومسلم: الجمعة جلد2صفحه580' وأبو داؤد: الطهارة جلد 1صفحه92 رقم الحديث: 341' والنسائي: الجمعة جلد3صفحه76 (باب ايجاب الغسل يوم الجمعة)' ومالك في الموطأ جلد 1صفحه201 رقم الحديث: 4' والدارمي: الصلاة جلد 1صفحه343 رقم الحديث: 1537' وأحمد: المسند جلد3صفحه8 رقم الحديث: 11033 .

618- أخرجه أبو داؤد: الأطعمة جلد 3صفحه350 رقم الحديث: 3785' والترمذي: الأطعمة جلد 4صفحه270 رقم الحديث: 1824' وابن ماجة: الذبائح جلد2صفحه1064 رقم الحديث: 3189 .

619- أخرجه البخاري: الحج جلد3صفحه656 رقم الحديث: 1729' ومسلم: الحج جلد2صفحه945' والترمذي

الْمَكِّيُّ قَالَ: نا حَاتِمُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ، عَنْ عَبْدِ الْحَمِيدِ بْنِ جَعْفَرٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: حَلَقَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَطَائِفَةٌ مِنْ اَصْحَابِهِ، وَقَصَّرَ بَعْضُهُمْ

رسول اللہ ﷺ نے اور آپ کے صحابہ کرام کی ایک جماعت نے (حج کے دوران) بال منڈوائے اور بعض صحابہ کرام نے بال کٹوائے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الْحَمِيدِ بْنِ جَعْفَرٍ اِلَّا حَاتِمُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ، تَفَرَّدَ بِهِ مُحَمَّدٌ

یہ حدیث از عبدالحمید بن جعفر صرف حاتم بن اسماعیل ہی روایت کرتے ہیں اور اسے روایت کرنے میں محمد اکیلے ہیں۔

620 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا مَخْلَدُ بْنُ مَالِكٍ قَالَ: نا حَفْصُ بْنُ مَيْسَرَةَ، عَنْ صِدِّيقِ بْنِ مُوسَى، عَنْ اَبِي بُرْدَةَ، عَنْ اَبِي مُوسَى، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا كَانَ يَوْمُ الْقِيَامَةِ اَعْطَى اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ الرَّجُلَ مِنْ اُمَّةِ مُحَمَّدٍ الْيَهُودِيَّ وَالنَّصْرَانِيَّ، فَيُقَالُ: افْدِ بِهَذَا نَفْسَكَ مِنَ النَّارِ

حضرت موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ، نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جب قیامت کا دن ہوگا تو اللہ عزوجل اُمت محمد ﷺ میں سے ہر آدمی کو ایک یہودی یا عیسائی دے گا اور کہا جائے گا: اسے جہنم میں اپنی جگہ فدیہ دے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ صِدِّيقٍ اِلَّا حَفْصٌ

یہ حدیث صدیق سے صرف حفص ہی روایت کرتے ہیں۔

621 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا سُلَيْمَانُ بْنُ النُّعْمَانِ الشَّيْبَانِيُّ قَالَ: نا حَفْصُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ مُحَارِبِ بْنِ دِثَارٍ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: نِعْمَ الْاِدَامُ الْخَلُّ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا: سرکہ بہترین سالن ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَارِبٍ اِلَّا حَفْصٌ

یہ حدیث محارب سے صرف حفص ہی روایت کرتے ہیں۔

---

الحج جلد3صفحه247 رقم الحديث: 913 .

621- أخرجه أبو داؤد: الأطعمة جلد3صفحه359 رقم الحديث: 3820، والترمذي: الأطعمة جلد 4صفحه278 (باب ما جاء في الخل) وقال: وابن ماجة: الأطعمة جلد 2صفحه1102 رقم الحديث: 3317، وأحمد: المسند جلد3صفحه454 رقم الحديث: 14998 .

622 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا نَصْرُ بْنُ الْحَكَمِ الْمُؤَدِّبُ قَالَ: نا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِي خَالِدٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَاْتِي عَلَى النَّاسِ زَمَانٌ وَاِنَّ الْبَعِيرَ الضَّابِطَةَ وَالْمَزَادَتَيْنِ اَحَبُّ اِلَى الرَّجُلِ مِمَّا يَمْلِكُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: لوگوں پر ایسا زمانہ بھی آئے گا کہ اس میں باندھا ہوا اونٹ اور زادِ راہ آدمی کو بادشاہت سے زیادہ پسند ہوگا۔

623 - وَبِهِ: قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّكُمْ سَتَفْتَحُونَ مَدِينَةَ هِرَقْلَ، اَوْ قَيْصَرَ، وتَقْتَسِمُونَ اَمْوالَهَا بِالتِّرَسَةِ، وَيُسْمِعُهُمُ الصَّرِيخُ اَنَّ الدَّجَّالَ قَدْ خَلَفَهُمْ فِي اَهَالِيهِمْ، فَيُلْقُونَ مَا مَعَهُمْ، وَيَخْرُجُونَ فَيُقَاتِلُونَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ ہی فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: عنقریب تم ہرقل یا قیصر کا شہر فتح کرو گے اور تم اُن کا مال مقامِ ترس میں تقسیم کرو گے اور وہ ایک چیخ سنیں گے کہ دجال ان کے پیچھے گھروں میں آ گیا ہے' سو وہ مال وہاں پھینک دیں گے اور نکلیں گے اور لڑیں گے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِي خَالِدٍ اِلَّا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، تَفَرَّدَ بِهِمَا: نَصْرٌ

یہ دونوں حدیثیں اسماعیل بن ابی خالد سے صرف اسماعیل بن عیاش ہی روایت کرتے ہیں' ان دونوں کو روایت کرنے میں نصر اکیلا ہے۔

624 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ، نا عَبَّادُ بْنُ مُوسَى الْخُتَّلِيُّ قَالَ: نا اَبُو اِسْمَاعِيلَ الْمُؤَدِّبُ، عَنْ عُتْبَةَ بْنِ اَبِي عُمَرَ الْمُعَلِّمِ، عَنْ بكير بْنِ الْاَخْنَسِ، عَنْ مَسْرُوقٍ، اَنَّهُ سَمِعَ رَجُلًا يُحَدِّثُ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّهَا قَالَتْ: مَنْ اَحَبَّ لِقَاءَ اللّٰهِ اَحَبَّ اللّٰهُ لِقَائَهُ، وَمَنْ

حضرت مسروق سے روایت ہے کہ انہوں نے ایک آدمی کو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے بیان کرتے ہوئے سنا کہ آپ فرماتی ہیں کہ جو اللہ سے ملاقات کو پسند کرتا ہے تو اللہ بھی اُس سے ملاقات کو پسند کرتا ہے اور جو اللہ سے ملاقات کو ناپسند کرتا ہے تو اللہ بھی اُس سے

622- انظر: مجمع الزوائد جلد7صفحه335 .

623- انظر: مجمع الزوائد جلد7صفحه352 .

624- أخرجه مسلم: الذكر جلد 4صفحه2065' والترمذي: الجنائز جلد 3صفحه370 رقم الحديث: 1067 والنسائي: الجنائز جلد 4صفحه8 (باب فيمن أحب لقاء الله)' وابن ماجة: الزهد جلد2صفحه1425 رقم الحديث: 4264 .

كَرِهَ لِقَاءَ اللّٰهِ كَرِهَ اللّٰهُ لِقَائَهُ. قَالَ مَسْرُوقٌ: فَقُلْتُ: اَنْتَ سَمِعْتَ مِنْهَا؟ قَالَ: نَعَمْ. فَرَحَلْتُ اِلَى الْمَدِينَةِ، فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِعَائِشَةَ، وَقُلْتُ: نَحْنُ نَكْرَهُ الْمَوْتَ. فَقَالَتْ: لَيْسَ ذَاكَ كَذٰلِكَ، اِنَّمَا ذَاكَ عِنْدَ الْمَوْتِ يَرَى الْمُؤْمِنُ مَا لَهُ عِنْدَ اللّٰهِ فَيُحِبُّ لِقَائَهُ، وَالْكَافِرُ يُبْغِضُ الْمَوْتَ، وَيُبْغِضُهُ اللّٰهُ عِنْدَ ذٰلِكَ"

ملاقات کو ناپسند کرتا ہے۔ حضرت مسروق فرماتے ہیں کہ میں نے اس آدمی سے کہا: کیا تم نے یہ حدیث حضرت عائشہ سے سنی ہے؟ اُس نے کہا: ہاں! پس میں مدینہ منورہ گیا اور میں نے یہ بات حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے ذکر کی اور میں نے کہا: ہم موت کو ناپسند کرتے ہیں' آپ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: یہ اس طرح نہیں ہے' یہ موت کا وقت ہوتا ہے کہ مؤمن جب اللہ کے ہاں اپنا مقام دیکھتا ہے تو وہ اللہ سے ملاقات کو پسند کرتا ہے اور کافر موت کو ناپسند کرتا ہے تو اللہ بھی اس سے اس وقت ملاقات کو ناپسند کرتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ بُكَيْرٍ اِلَّا عُتْبَةُ، وَلَا عَنْ عُتْبَةَ اِلَّا اَبُو اِسْمَاعِيلَ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبَّادٌ

یہ حدیث بکیر سے صرف عتبہ ہی روایت کرتے ہیں اور عتبہ سے صرف ابواسماعیل اور اسے روایت کرنے میں عباد اکیلے ہیں۔

**625** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ قَالَ: نا سَلَمَةُ بْنُ صَالِحٍ الْاَحْمَرُ، عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِي خَالِدٍ، عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ اَبِي اُمَيَّةَ بْنِ اَبِي الْمُخَارِقِ، عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَخْرُجُ مِنَ الْمَسْجِدِ حَتّٰى اُعَلِّمَكَ آيَةً مِنْ سُورَةٍ لَمْ تَنْزِلْ عَلٰى اَحَدٍ قَبْلِي غَيْرَ سُلَيْمَانَ بْنِ دَاوُدَ، فَخَرَجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى اِذَا بَلَغَ اُسْكُفَّةَ الْبَابِ قَالَ: بِاَيِّ شَيْءٍ تَسْتَفْتِحُ صَلَاتَكَ وَقِرَائَتَكَ؟ قُلْتُ: بِـ (بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ) (الفاتحة: 1). قَالَ: هِيَ هِيَ. ثُمَّ اَخْرَجَ رِجْلَهُ الْاُخْرٰى

حضرت ابن بریدہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کیا میں تجھے مسجد سے نکلنے سے پہلے سورت کی ایسی آیت نہ سمجھاؤں جو مجھ سے پہلے سوائے سلیمان بن داؤد علیہما السلام کے کسی پر نازل نہیں ہوئی۔ پس نبی کریم ﷺ نکلے جب دروازے کے پاس پہنچے تو آپ نے فرمایا: تم اپنی نماز اور قرأت کس شے سے شروع کرتے ہو؟ میں نے عرض کی: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم سے' آپ ﷺ نے فرمایا: ہاں! ہاں! (یعنی میں بھی اسی سے شروع کرتا ہوں)' پھر آپ نے اپنا دوسرا پاؤں مبارک باہر نکالا۔

625- انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 11213

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ إِلَّا عَبْدُ الْكَرِيمِ، وَلَا عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ إِلَّا يَزِيدُ أَبُو خَالِدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: سَلَمَةُ بْنُ صَالِحٍ

یہ حدیث ابن بریدہ سے صرف عبدالکریم روایت کرتے ہیں اور عبدالکریم سے صرف یزید ابوخالد ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں سلمہ بن صالح اکیلے ہیں۔

626 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نا مَسْرُوقُ بْنُ الْمَرْزُبَانِ قَالَ: نا أَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْأَشْجَعِيُّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عَلْقَمَةَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كُلُّ مُسْكِرٍ خَمْرٌ، وَمَا أَسْكَرَ كَثِيرُهُ فَقَلِيلُهُ حَرَامٌ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ہر نشہ آور چیز شراب ہے اور جو چیز نشہ دے اس کا قلیل وکثیر حرام ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو إِلَّا الْأَشْجَعِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ: مَسْرُوقٌ

یہ حدیث محمد بن عمرو سے صرف اشجعی روایت کرتے ہیں اور اسے روایت کرنے میں مسروق اکیلے ہیں۔

627 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نا مُؤَمَّلُ بْنُ إِهَابٍ قَالَ: نا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَيْمُونٍ الْقَدَّاحُ، حَدَّثَنِي ابْنُ سَعِيدٍ الْأَنْصَارِيُّ قَالَ: سَأَلْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ: مَتَى كُنْتُمْ تُصَلُّونَ الْعَصْرَ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ فَقَالَ: وَالشَّمْسُ بَيْضَاءُ نَقِيَّةٌ

حضرت ابن سعید انصاری فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے پوچھا: آپ حضور ﷺ کے ساتھ عصر کی نماز کس وقت پڑھتے تھے؟ تو انہوں نے فرمایا: اس وقت جب سورج صاف' چمکدار اور روشن ہوتا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَحْيَى إِلَّا عَبْدُ اللَّهِ

یہ حدیث یحییٰ سے صرف عبداللہ ہی روایت کرتے ہیں۔

628 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نا الْوَلِيدُ بْنُ عَبْدِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

626- اخرجه ابن ماجة: الأشربة جلد 2صفحه1124 رقم الحديث: 3392' وأحمد: المسند جلد 2صفحه124 رقم الحديث: 5650 .

627- اخرجه أبو داؤد: الصلاة جلد 1صفحه109 رقم الحديث: 404' والنسائى: المواقيت جلد 1صفحه202 (باب تعجيل العصر) .

628- أخرجه ابن حبان ( 465- موارد الظمآن) . وانظر: الجرح والتعديل جلد 9صفحه10' الثقات جلد 9 صفحه227 . انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 32817 .

الْمَلِكِ بْنِ مُسَرِّحٍ الْحَرَّانِيُّ قَالَ: نا مَخْلَدُ بْنُ يَزِيدَ، عَنْ حَفْصِ بْنِ مَيْسَرَةَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَذْهَبُ الْاَيَّامُ وَاللَّيَالِي حَتّٰى يَكُونَ اَسْعَدُ النَّاسِ بِالدُّنْيَا لُكَعَ بْنَ لُكَعٍ

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: دن اور راتیں نہیں جائیں گی یہاں تک کہ دنیا میں سب سے سعادت مند آدمی لکع بن لکع ہوگا۔

فائدہ: لکع کے معنی ہیں: غلام یا احمق یا گھٹیا انسان' یا جس کا نسب اچھا نہ ہو' یا اخلاق اچھے نہ ہوں۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَحْيَى اِلَّا حَفْصٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: مَخْلَدٌ

یہ حدیث یحییٰ سے صرف حفص ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں مخلد اکیلے ہیں۔

**629** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا اَحْمَدُ بْنُ نَصْرٍ النَّيْسَابُورِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ مُلَيْحَةَ، عَنْ عِكْرِمَةَ بْنِ عَمَّارٍ، عَنِ الْهِرْمَاسِ بْنِ زِيَادٍ قَالَ: رَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ عَلَى نَاقَتِهِ، فَقَالَ: اِيَّاكُمْ وَالْخِيَانَةَ، فَاِنَّهَا بِئْسَتِ الْبِطَانَةُ، وَاِيَّاكُمْ وَالظُّلْمَ، فَاِنَّهُ ظُلُمَاتٌ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَاِيَّاكُمْ وَالشُّحَّ، فَاِنَّمَا اَهْلَكَ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمُ الشُّحُّ، حَتّٰى سَفَكُوا دِمَائَهُمْ، وَقَطَعُوا اَرْحَامَهُمْ.

حضرت ہرماس بن زیاد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے نبی کریم ﷺ کو دیکھا کہ آپ اپنی اونٹنی پر سوار ہو کر خطبہ ارشاد فرما رہے تھے' آپ ﷺ نے فرمایا: خیانت سے بچو کیونکہ خیانت بُری چیز ہے اور ظلم سے بچو کیونکہ ظلم قیامت کے اندھیروں میں سے ایک اندھیرا ہے اور کنجوسی سے بچو کہ تم سے پہلے لوگ کنجوسی کی وجہ سے ہلاک ہوئے تھے یہاں تک کہ اسی کی وجہ سے اپنا خون بہاتے اور رشتہ داری توڑتے۔

لَا يُرْوَى عَنِ الْهِرْمَاسِ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَحْمَدُ بْنُ نَصْرٍ

حضرت ہرماس سے یہ حدیث اسی سند سے مروی ہے' اسے روایت کرنے میں احمد بن نصر اکیلے ہیں۔

**630** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ، نا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَائِشَةَ قَالَ: نا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَطَبَ، فَقَالَ: اَمَّا بَعْدُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے خطبہ دیتے ہوئے فرمایا: اما بعد!

---

629- أخرجه الطبراني في الكبير جلد22 صفحه204 رقم الحديث: 538 . وانظر: مجمع الزوائد جلد 5 صفحه238 .

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ ثَابِتٍ اِلَّا حَمَّادٌ

یہ حدیث ثابت سے صرف حماد ہی روایت کرتے ہیں۔

**631** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا مُعَلَّلُ بْنُ نُفَيْلٍ قَالَ: نا هَارُونُ بْنُ حَيَّانَ الرَّقِّيُّ قَالَ: نا خُصَيْفٌ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلْاَمْنُ وَالْعَافِيَةُ نِعْمَتَانِ مَغْبُونٌ فِيهِمَا كَثِيرٌ مِنَ النَّاسِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: امن اور عافیت دو ایسی نعمتیں ہیں جن سے بہت زیادہ لوگ غافل ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ خُصَيْفٍ اِلَّا هَارُونُ

یہ حدیث خصیف سے صرف ہارون ہی روایت کرتے ہیں۔

**632** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا اَبُو الْاَصْبَغِ عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ يَحْيَى قَالَ: نا مَخْلَدُ بْنُ يَزِيدَ، عَنْ نُصَيْرِ بْنِ اَبِي الْاَشْعَثِ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ: رَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَشَى فِي جَنَازَةٍ، وَرَكِبَ حِينَ اَقْبَلَ فَرَسًا عَرِيًّا لَيْسَ عَلَيْهِ اِلَّا لِجَامُهُ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو جنازے میں پیدل چلتے ہوئے دیکھا اور جس وقت آپ واپس آئے تو گھوڑے پر سوار دیکھا' اس گھوڑے پر کوئی زین نہیں تھی' اس کی صرف لگام ہی تھی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ نُصَيْرٍ اِلَّا مَخْلَدٌ

یہ حدیث نصیر سے صرف مخلد ہی روایت کرتے ہیں۔

**633** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا الْوَلِيدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ الْحَرَّانِيُّ قَالَ: نا مُوسَى بْنُ اَعْيَنَ، عَنِ ابْنِ اَبِي ذِئْبٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: سَلُوا اللّٰهَ لِي الْوَسِيلَةَ، فَاِنَّهُ لَمْ يَسْاَلْهَا لِي عَبْدٌ فِي

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ سے میرے لیے وسیلہ مانگو' جو دنیا میں میرے لیے وسیلہ مانگے گا' میں قیامت کے دن اس کے لیے گواہ ہوں گا یا قیامت کے دن سفارشی ہوں گا۔

---

631- أخرجه الطبراني في الكبير جلد11صفحه434 .

632- أخرجه مسلم: الجنائز جلد2صفحه664' وأحمد: المسند جلد5صفحه115 رقم الحديث: 20949 .

633- انظر: الثقات لابن حبان جلد9صفحه227' مجمع الزوائد جلد1صفحه338 .

الدُّنْيَا اِلَّا كُنْتُ لَهُ شَهِيدًا، اَوْ شَفِيعًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ اَبِي ذِئْبٍ اِلَّا مُوسَى

یہ حدیث ابن ابی ذئب سے صرف موسیٰ ہی روایت کرتے ہیں۔

**634** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ هِشَامِ بْنِ يَحْيَى بْنِ يَحْيَى الْغَسَّانِيُّ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، عَنْ مُعَاذِ بْنِ سَهْلِ بْنِ اَنَسٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى اَبِي الدَّرْدَاءِ اَعُودُهُ فِي مَرَضِهِ، فَقُلْتُ: يَا اَبَا الدَّرْدَاءِ، اَمَا تُحِبُّ اَنْ تَصِحَّ، فَلَا تَمْرَضُ؟ فَقَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اِنَّ الصُّدَاعَ وَالْمَلِيلَةَ يُولَعَانِ بِالْمَرْءِ حَتَّى لَا يَدَعْنَ عَلَيْهِ مِنْ ذَنْبِهِ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِنْ خَرْدَلٍ

حضرت سہل بن انس از والد خود از جد خود روایت کرتے ہیں کہ میں حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ کے پاس آیا' میں نے ان کی بیماری میں اُن کی عیادت کی' میں نے عرض کی: اے ابودرداء! کیا آپ تندرست ہونا اور بیمار نہ ہونا پسند کرتے ہیں؟ تو انہوں نے فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا: سر کا درد اور بخار' یہ انسان کے گناہ اس طرح ختم کرتے ہیں یہاں تک کہ اس پر گناہ رائی کے دانے کے برابر بھی نہیں رہنے دیتے۔

**635** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا عَلِيُّ بْنُ هِشَامِ بْنِ مَرْزُوقٍ قَالَ: نا اَبِي قَالَ: نا عَمْرُو بْنُ قَيْسٍ، عَنِ ابْنِ اَبِي لَيْلَى، عَنْ اَخِيهِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ بِلَالٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ الْبَيْتَ، فَصَلَّى رَكْعَتَيْنِ عَنْ يَسَارِ الْاُسْطُوَانَةِ الثَّانِيَةِ

حضرت بلال رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ خانہ کعبہ کے اندر داخل ہوئے' پس آپ نے دوسرے ستون کی بائیں جانب دو رکعتیں پڑھیں۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ اَبِي لَيْلَى اِلَّا عَمْرٌو

یہ حدیث ابن ابی لیلیٰ سے صرف عمرو روایت کرتے ہیں۔

**636** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا زُنَيْجٌ اَبُو غَسَّانَ قَالَ: نا حَكَّامُ بْنُ سَلْمٍ، عَنْ عَنْبَسَةَ، عَنِ ابْنِ اَبِي لَيْلَى، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا سَجَدْتَ فَضَعْ كَفَّيْكَ عَلَى الْاَرْضِ، فَاِنَّ الْكَفَّيْنِ يَسْجُدَانِ كَمَا يَسْجُدُ الْوَجْهُ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: جب تُو سجدہ کرے تو اپنی ہتھیلیاں زمین پر رکھ کیونکہ جس طرح چہرہ سجدہ کرتا ہے اسی طرح ہتھیلیاں بھی سجدہ کرتی ہیں۔

---

634- اخرجه الامام احمد فى مسنده جلد5صفحه198 . انظر: مجمع الزوائد جلد2صفحه306 .

**637** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ هِشَامِ بْنِ يَحْيَى بْنِ يَحْيَى الْغَسَّانِيُّ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، : قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَسُبُّوا الدَّهْرَ، فَاِنَّ اللّٰهَ هُوَ الدَّهْرُ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: زمانے کو گالی نہ دو بلاشبہ زمانہ اللہ ہی ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سَعِيدٍ اِلَّا اِبْرَاهِيمُ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ اِلَّا سَعِيدٌ

یہ حدیث سعید سے صرف ابراہیم ہی روایت کرتے ہیں' اور ابوزبیر سے صرف سعید روایت کرتے ہیں۔

**638** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ الْمَرْوَزِيُّ قَالَ: نا الْوَلِيدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمُوقَرِيُّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عَلَيْكُمْ بِثِيَابِ الْبَيَاضِ فَالْبَسُوهَا، وَكَفِّنُوا فِيهَا مَوْتَاكُمْ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: سفید کپڑے پہنا کرو اور انہی میں اپنے مُردوں کو کفن دیا کرو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ اِلَّا الْمُوقَرِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ

یہ حدیث زہری سے صرف موقری ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں علی بن حجر اکیلے ہیں۔

**639** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ مَعِينٍ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اِدْرِيسَ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: رَمَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَمْرَةَ الْعَقَبَةِ يَوْمَ النَّحْرِ ضُحًى، وَرَمَى سَائِرَهُنَّ بَعْدَ الزَّوَالِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے قربانی کے دن جمرۂ عقبہ کی صبح کے وقت کنکریاں ماریں اور باقی جمروں کو زوال کے بعد کنکریاں ماریں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ اِلَّا ابْنُ

یہ حدیث ابن جریج سے صرف ابن ادریس ہی

---

637- انظر: مجمع الزوائد جلد8صفحه76 .

638- أخرجه الطبراني في الكبير جلد 12صفحه276 رقم الحديث: 13100 . انظر: مجمع الزوائد جلد 5 صفحه133 .

639- تقدم تخريجه .

اِدْرِيسَ

روایت کرتے ہیں۔

**640** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا مُعَلَّلُ بْنُ نُفَيْلٍ قَالَ: نا الْعَلَاءُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنِ الْخَلِيلِ بْنِ مُرَّةَ، عَنْ اَبِي غَالِبٍ، عَنْ اَبِي اُمَامَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: صِنْفَانِ مِنْ اُمَّتِي لَا تَنَالُهُمَا شَفَاعَتِي: اِمَامٌ غَشُومٌ، وغَالٍ فِي الدِّينِ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میری اُمت کے دوقسم کے لوگوں کو میری شفاعت حاصل نہیں ہوگی: (۱) ظلم کرنے والا امام (۲) اور دین میں غلو کرنے والا۔

فائدہ: دین میں غلو کرنے سے مراد ایسی چیز کا اضافہ کرنا جس کے ساتھ دینِ اسلام کو نقصان بھی پہنچے یا ایسی شے جو فرض یا واجب نہیں ہے لیکن اس کو فرض سمجھنا' نہ کرنے والے کو بُرا بھلا کہنا۔ یاد رہے کہ میلاد النبی ﷺ یا بزرگوں کے عرس ہوں یا اس طرح کی اور باتیں یہ دین میں غلو نہیں ہے بلکہ یہ قرآن وحدیث اور اقوال العلماء سے ثابت ہے' اس کو غلو فی دین کہنا بہت بڑی زیادتی ہے۔ فافهموا یا اولی الابصار ۔دستگیر غفرلہٗ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْخَلِيلِ اِلَّا الْعَلَاءُ

یہ حدیث خلیل سے علاء ہی روایت کرتے ہیں۔

**641** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا مُحْرِزُ بْنُ عَوْنٍ قَالَ: نا اَخِي مُخْتَارٌ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ سُلَيْمَانَ الضُّبَعِيِّ قَالَ: رَاَيْتُ خَلْفَ مَالِكِ بْنِ دِينَارٍ كَلْبًا يَتْبَعُهُ، فَقُلْتُ: مَا هَذَا يَا اَبَا يَحْيَى؟ قَالَ: هَذَا خَيْرٌ مِنْ جَلِيسِ السَّوْءِ

حضرت جعفر بن سلیمان ضبعی فرماتے ہیں کہ میں نے مالک بن دینار کے پیچھے ایک کتا دیکھا جو ان کے پیچھے آرہا تھا' میں نے عرض کی: ابویحییٰ! یہ کیا ہے؟ فرمایا: یہ بُرے آدمی کی مجلس سے بہتر ہے۔

**642** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا مُحْرِزُ بْنُ عَوْنٍ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ يَمَانٍ، عَنْ اَشْعَثَ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ اَبِي الْمُغِيرَةِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ قَالَ: قَالَتْ بَنُو اِسْرَائِيلَ: يَا مُوسَى يَخْلُقُ رَبُّكَ عَزَّ وَجَلَّ خَلْقًا، ثُمَّ يُعَذِّبُهُمْ؟ فَاَوْحَى اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ اِلَيْهِ: اَنِ ازْرَعْ، فَزَرَعَ، ثُمَّ قَالَ: احْصُدْ فَحَصَدَ۔ ثُمَّ قَالَ: ذُرْهُ فَذَرَاهُ، فَاجْتَمَعَ الْقَشُّ، فَقَالَ: لِاَيِّ شَيْءٍ يَصْلُحُ

حضرت سعید بن جبیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ بنواسرائیل نے عرض کی: اے موسیٰ! آپ کے رب نے مخلوق کو پیدا فرمایا پھر اُنہیں عذاب بھی دے گا؟ اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کی طرف کھیتی بونے کی وحی کی' اُنہوں نے کھیتی اُگائی' پھر فرمایا: اسے کاٹو! انہوں نے کاٹا' فرمایا: اس کو چھوڑ دو' انہوں نے چھوڑ دیا' انہوں نے اِدھر اُدھر سے جمع کرنا شروع کیا' پھر فرمایا: یہ کس چیز کی

640- أخرجه الطبرانی فی الكبير رقم الحديث: 8079 . انظر: مجمع الزوائد جلد5 صفحه240 .

642- انظر: مجمع الزوائد جلد7 صفحه206 .

هَذَا؟ قَالَ: لِلنَّارِ قَالَ: فَكَذَلِكَ لَا أُعَذِّبُ مِنْ خَلْقِي إِلَّا مَنِ اسْتَأْهَلَ النَّارَ"

صلاحیت رکھتی ہے؟ عرض کی: آگ کے لیے' پھر فرمایا: اللہ تعالیٰ نے فرمایا: میں اپنی مخلوق کو اس طرح عذاب نہیں دوں گا مگر جس نے اپنے لیے خود آگ چنی۔

**643** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَائِشَةَ التَّيْمِيُّ قَالَ: نا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ أَيُّوبَ، وَيُونُسَ بْنِ عُبَيْدٍ، وَحَبِيبِ بْنِ الشَّهِيدِ، وَحُمَيْدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: افْتَخَرَ الرِّجَالُ وَالنِّسَاءُ، فَقَالَ أَبُو هُرَيْرَةَ: النِّسَاءُ أَكْثَرُ فِي الْجَنَّةِ مِنَ الرِّجَالِ، فَنَظَرَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ إِلَى الْقَوْمِ، فَقَالَ: أَتَسْمَعُونَ مَا يَقُولُ أَبُو هُرَيْرَةَ؟ فَقَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِنَّ أَوَّلَ زُمْرَةٍ تَدْخُلُ الْجَنَّةَ وُجُوهُهُمْ كَالْقَمَرِ لَيْلَةَ الْبَدْرِ، وَالثَّانِيَةَ وُجُوهُهُمْ كَأَضْوَاءِ كَوْكَبٍ فِي السَّمَاءِ، لِكُلِّ رَجُلٍ مِنْهُمْ زَوْجَتَانِ، يُرَى مُخُّ سُوقِهِمَا مِنْ وَرَاءِ الْجِلْدِ، وَلَيْسَ فِي الْجَنَّةِ أَعْزَبُ.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مردوں اور عورتوں نے فخر کیا' حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: عورتیں جنت میں مردوں سے زیادہ ہوں گی' تو حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے لوگوں کی طرف دیکھا' پھر فرمایا: کیا تم سنتے ہو کہ ابوہریرہ کیا کہتے ہیں؟ فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا کہ جنت میں جو پہلا گروہ داخل ہوگا اُن کے چہرے چودھویں کے چاند کی طرح ہوں گے' دوسرے گروہ کے چہرے آسمان میں ستاروں کی روشنی کی طرح ہوں گے' ہر مرد کی دو بیویاں ہوں گی' وہ ان کے جلد کے باہر سے ان کی پنڈلی کا مغز دیکھ لے گا' جنت میں اس سے زیادہ میٹھی کوئی چیز نہیں ہوگی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يُونُسَ وَحَبِيبٍ وَحُمَيْدٍ إِلَّا حَمَّادٌ

یہ حدیث از یونس اور حبیب اور حمید صرف حماد سے روایت کرتے ہیں۔

**644** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَائِشَةَ قَالَ: نا أَبُو هِلَالٍ الرَّاسِبِيُّ، عَنْ مُسَاوِرِ بْنِ سَوَّارٍ، عَنْ جَدِّهِ زَهْدَمَ الْجَرْمِيِّ قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى أَبِي مُوسَى، وَهُوَ يَأْكُلُ لَحْمَ دَجَاجٍ،

حضرت مساور بن سوار اپنے دادا زھدم الجرمی سے روایت کرتے ہیں کہ وہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت موسیٰ رضی اللہ عنہ کے پاس داخل ہوا' اس حال میں کہ وہ مرغے کا گوشت کھا رہے تھے' آپ نے فرمایا: آؤ! میں نے

643- أخرجه مسلم: الجنة جلد4صفحه2178' وأحمد: المسند جلد2صفحه309 رقم الحديث: 17171 .

644- أخرجه البخاري: الذبائح جلد9صفحه561 رقم الحديث: 5518' ومسلم: الأيمان جلد 3 صفحه1270' والدارمي: الأطعمة جلد2صفحه140' وأحمد: المسند جلد4صفحه485 رقم الحديث: 19573 .

فَقَالَ: هَلُمَّ ـ فَقُلْتُ: اِنِّی رَاَيْتُهُ يَاْكُلُ قَذَرًا فَاَحْبَبْتُ اَنْ لَا آكُلَهُ، فَقَالَ: اجْلِسْ، فَاِنِّی رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَاْكُلُهُ

عرض کی: میں نے اس مرغے کو گندگی کھاتے دیکھا ہے' سو میں پسند کرتا ہوں کہ میں اسے نہ کھاؤں۔ حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: بیٹھو! میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اسے کھاتے ہوئے دیکھا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُسَاوِرٍ اِلَّا اَبُو هِلَالٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُ عَائِشَةَ

یہ حدیث سوار سے صرف ابوہلال ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں ابن عائشہ اکیلے ہیں۔

**645** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا عَمَّارُ بْنُ نَصْرٍ اَبُو يَاسِرٍ قَالَ: نا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيدِ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ عَيَّاشٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا وَاقَعَ بَعْضَ اَهْلِهِ، فَكَسِلَ اَنْ يَقُومَ، ضَرَبَ يَدَهُ عَلَى الْحَائِطِ، فَتَيَمَّمَ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب اپنے کسی اہل خانہ سے جماع کرتے تو آپ اُٹھنے سے تھک جاتے' آپ اپنے ہاتھ کو دیوار پر مارتے اور تیمم کرتے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ هِشَامٍ اِلَّا اِسْمَاعِيلُ

یہ حدیث ہشام سے صرف اسماعیل ہی روایت کرتے ہیں۔

**646** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ قَالَ: نا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: تَزَوَّجَنِی رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْدَ خَدِيجَةَ بِثَلَاثِ سِنِينَ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کے وفات پانے کے تین سال بعد میرے ساتھ شادی کی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ هِشَامٍ اِلَّا اِسْمَاعِيلَ

یہ حدیث ہشام سے صرف اسماعیل ہی روایت کرتے ہیں۔

**647** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا عَمْرُو بْنُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ

---

645- انظر: مجمع الزوائد جلد 1 صفحه 269 .

646- أخرجه البخاری: مناقب الأنصار جلد 7 صفحه 166 رقم الحديث: 3817 .

647- أخرجه البخاری: الأدب جلد 10 صفحه 454 رقم الحديث: 6014' ومسلم: البر جلد 4 صفحه 2025'

مُحَمَّدٍ النَّاقِدُ قَالَ: نا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ اَبِي حَازِمٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا زَالَ جِبْرِيلُ يُوصِينِي بِالْجَارِ، حَتّٰى ظَنَنْتُ اَنَّهُ سَيُوَرِّثُهُ

ﷺ نے فرمایا: جبریل علیہ السلام مجھے پڑوسی کے متعلق مسلسل وصیت کرتے رہے یہاں تک کہ مجھے گمان ہوا کہ پڑوسی کو وارث بنادیں گے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ هِشَامٍ اِلَّا ابْنُ اَبِي حَازِمٍ

یہ حدیث ہشام سے ابن ابی حازم روایت کرتے ہیں۔

**648** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ قَالَ: نا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: مَرَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاَرْضٍ يُقَالُ لَهَا: عَذِرَةُ، فَسَمَّاهَا: خَضِرَةً

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ نبی کریم ﷺ ایسی زمین سے گزرے جس کا نام عذرہ تھا' تو حضور نے اس کا نام خضرہ رکھا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ هِشَامٍ اِلَّا عَبْدَةُ

یہ حدیث ہشام سے صرف عبدہ ہی روایت کرتے ہیں۔

**649** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ الْحَلَبِيُّ قَالَ: نا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: انْصُرْ اَخَاكَ ظَالِمًا اَوْ مَظْلُومًا، اِنْ كَانَ ظَالِمًا فَرُدَّهُ، وَاِنْ كَانَ مَظْلُومًا فَخُذْ لَهُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اپنے بھائی کی مدد کرو چاہے وہ ظالم ہو یا مظلوم' اگر ظالم ہو تو اس کو ظلم سے روکو اور اگر مظلوم ہو تو اس کی مدد کرو۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ هِشَامٍ اِلَّا اِسْمَاعِيلُ وَعِكْرِمَةُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْاَزْدِيُّ

یہ حدیث ہشام سے صرف اسماعیل اور عکرمہ بن ابراہیم الازدی ہی روایت کرتے ہیں۔

---

وأبو داؤد: الأدب جلد4صفحه340 رقم الحديث: 5151' وابن ماجة: الأدب جلد2صفحه1211 رقم الحديث: 3673' وأحمد: المسند جلد6صفحه60 رقم الحديث: 24313 .

648- انظر: مجمع الزوائد جلد8صفحه54 .

649- انظر: مجمع الزوائد جلد7صفحه269 .

**650** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَائِشَةَ التَّيْمِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ ثَابِتٍ الْعَبْدِيُّ، عَنْ جَبَلَةَ بْنِ عَطِيَّةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: تَضَيَّفْتُ خَالَتِي مَيْمُونَةَ، وَهِيَ لَيْلَتَئِذٍ حَائِضٌ لَا تُصَلِّي، فَاَلْقَتْ لِي كِسَاءً، وَجَعَلَتْ لِي وِسَادَةً اِلَى جَنْبِهَا، وَفَرَشَتْ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا جَاءَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْمَسْجِدِ اَلْقَى ثَوْبَهُ، وَاَخَذَ خِرْقَةً فَلَبِسَهَا، ثُمَّ اضْطَجَعَ اِلَى جَنْبِهَا

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ اِلَّا جَبَلَةُ بْنُ عَطِيَّةَ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ ثَابِتٍ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ میں اپنی خالہ حضرت میمونہ کے پاس مہمان ٹھہرا' اس رات کو انہیں حیض آ رہا تھا' انہوں نے نماز نہیں پڑھی' انہوں نے میری طرف چادر پھینکی اور مجھے تکیہ دیا سر کے نیچے رکھنے کے لیے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لیے بستر بچھایا گیا۔ جب حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مسجد سے تشریف لائے تو آپ نے ان پر کپڑا اچھینک دیا اور کپڑا کا ایک ٹکڑا لیا' اس کو پہنا' پھر آپ نے ان (حضرت میمونہ) کے ایک طرف ہو کر سو گئے۔

یہ حدیث عبداللہ بن حارث سے صرف جبلہ بن عطیہ ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں محمد بن ثابت اکیلے ہیں۔

**651** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا الْهَيْثَمُ بْنُ خَارِجَةَ قَالَ: نا رِشْدِينُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ الْوَلِيدِ التُّجِيبِيِّ، عَنْ اَبِي مَنْصُورٍ، مَوْلَى الْاَنْصَارِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَمِقِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَحِقُّ الْعَبْدُ حَقِيقَةَ الْاِيمَانِ حَتَّى يَغْضَبَ لِلّٰهِ، وَيَرْضَى لِلّٰهِ، فَاِذَا فَعَلَ ذٰلِكَ فَقَدِ اسْتَحَقَّ حَقِيقَةَ الْاِيمَانِ، وَاِنَّ اَحِبَّائِي وَاَوْلِيَائِي الَّذِينَ يُذْكَرُونَ بِذِكْرِي، وَاُذْكَرُ بِذِكْرِهِمْ

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَمِقِ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ. تَفَرَّدَ بِهِ: رِشْدِينُ

حضرت عمرو بن حمق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: بندہ ایمان کی حقیقت اس وقت تک نہیں پا سکتا ہے جب تک وہ اللہ کے لیے بغض نہ رکھے اور اللہ ہی کے لیے راضی نہ ہو' جب اس نے ایسا کر لیا تو اس نے ایمان کی حقیقت کو پا لیا' بے شک میرے دوست اور محبوب وہ ہیں جو میرا ذکر کرتے ہیں اور میں اُن کا چرچا کرتا ہوں۔

یہ حدیث عمرو بن حمق سے صرف اسی سند سے ہی مروی ہے' ان سے روایت کرنے میں رشدین اکیلے ہیں۔

---

650- أخرجه أحمد: المسند جلد1صفحه371 رقم الحديث:2576 .

651- انظر: مجمع الزوائد جلد1صفحه61 .

**652** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا عَلِيُّ بْنُ عُثْمَانَ اللَّاحِقِيُّ قَالَ: نا عُمَارَةُ بْنُ رَاشِدٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدِ بْنِ جُدْعَانَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ خَوْلَةَ بِنْتِ حَكِيمٍ، وَكَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَزَوَّجَهَا، فَاَرْجَاهَا فِيمَنْ اَرْجَا، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُئِلَ عَنِ الْمَرْاَةِ تَرَى فِي مَنَامِهَا مَا يَرَى الرَّجُلُ؟ فَقَالَ: هِيَ مِثْلُ الرَّجُلِ، اِذَا اَنْزَلَتِ اغْتَسَلَتْ، وَاِنْ لَمْ تُنْزِلْ لَمْ تَغْتَسِلْ

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُمَارَةَ اِلَّا عَلِيٌّ

حضرت خولہ بنت حکیم رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ شادی کرتے تو آپ مقدمہ ملتوی کرتے یعنی ڈھیل میں ڈال دیتے' اور رسول اللہ ﷺ سے سوال کیا گیا کہ عورت اپنے خواب میں وہ کچھ دیکھے جو مرد دیکھتا ہے' تو آپ ﷺ نے فرمایا: وہ مرد کی طرح ہے' جب اس کو انزال ہو تو اس پر غسل فرض ہے اور اگر انزال نہ ہو تو اس پر غسل فرض نہیں۔

یہ حدیث عمارہ سے صرف علی ہی روایت کرتے ہیں۔

**653** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا عَلِيُّ بْنُ حَكِيمٍ الْاَوْدِيُّ قَالَ: نا شَرِيكٌ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ اَنَسٍ قَالَ: رَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَبْزُقُ فِي ثَوْبِهِ فِي الصَّلَاةِ، فَيَفْتِلُهُ بِاِصْبَعِهِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے نبی کریم ﷺ کو دیکھا کہ آپ نے نماز کے دوران اپنا لعابِ دہن اپنے کپڑے میں رکھا اور اس کو اپنی انگلی سے مل دیا۔

**654** - وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ: دَخَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْتَنَا، وَقِرْبَةٌ مُعَلَّقَةٌ، فَشَرِبَ مِنْهَا وَهُوَ قَائِمٌ، فَقَامَتْ اُمِّي، فَقَطَعَتْ فَمَ الْقِرْبَةِ، وَقَالَتْ: لَا يَشْرَبُ مِنْهَا اَحَدٌ بَعْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ ہمارے گھر میں داخل ہوئے اور مشکیزہ لٹکا ہوا تھا' آپ ﷺ نے اس مشکیزہ سے کھڑے ہو کر پانی نوش فرمایا تو میری والدہ کھڑی ہوئیں اور انہوں نے مشکیزے کے منہ کو کاٹا اور کہا. رسول اللہ ﷺ کے بعد اس جگہ سے کوئی نہ پئے گا۔

---

652- أخرجه النسائي: الطهارة جلد 1 صفحه 93 (باب الغسل المرأة ترى في منامها ما يرى الرجل)' والدارمي: الطهارة جلد 1 صفحه 214 رقم الحديث: 762 .

653- انظر: مجمع الزوائد جلد 2 صفحه 24 .

654- أخرجه الدارمي: الأشربة جلد 2 صفحه 162 رقم الحديث: 2124' وأحمد: المسند جلد 3 صفحه 146 رقم الحديث: 12195 .

فائدہ: معلوم ہوا کہ تبرکات کا احترام سنت صحابہ ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنْ شَرِيكٍ إِلَّا عَلِيُّ بْنُ حَكِيمٍ وَمِنْجَابٌ

یہ دونوں حدیثیں شریک سے صرف علی بن حکیم اور منجاب روایت کرتے ہیں۔

**655** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نا أَبُو مَسْلَمَةَ عَمْرُو بْنُ سَعِيدِ بْنِ أَرْكُونَ الْجُمَحِيُّ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ عُبَيْدِ اللَّهِ، عَنْ مَنْ، حَدَّثَهُ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ سَتَرَ فَاحِشَةً، فَكَأَنَّمَا أَحْيَا مَوْءُودَةً.

حضرت عتبہ بن عامر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے کسی مسلمان کا عیب چھپایا تو گویا اس نے ایک مسلمان کو قبر سے زندہ کیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سَعِيدٍ إِلَّا عَمْرٌو

یہ حدیث سعید سے صرف عمرو ہی روایت کرتے ہیں۔

**656** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نا أَبُو الْفَتْحِ نَصْرُ بْنُ مَنْصُورٍ، عَنْ بِشْرِ بْنِ الْحَارِثِ الْحَافِي قَالَ: حَدَّثَنِي زَيْدُ بْنُ أَبِي الزَّرْقَاءِ قَالَ: نا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ، عَنْ يُونُسَ بْنِ مَيْسَرَةَ بْنِ حَلْبَسٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي عَمِيرَةَ، أَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَذَكَرَ مُعَاوِيَةَ، فَقَالَ: اللَّهُمَّ اجْعَلْهُ هَادِيًا مَهْدِيًّا، وَاهْدِ بِهِ

حضرت عبدالرحمٰن بن ابی عمیرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ کو حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کا ذکر کرتے ہوئے سنا' آپ ﷺ نے فرمایا: اے اللہ! معاویہ کو ہدایت دینے والا اور ہدایت یافتہ بنادے اور اس کے ذریعے ہدایت دے!

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ بِشْرٍ إِلَّا نَصْرٌ

یہ حدیث بشر سے صرف نصر ہی روایت کرتے ہیں۔

---

655- أخرجه أحمد: المسند جلد 4 صفحه 182 رقم الحديث: 17339' والبيهقي في الكبرى جلد 8 صفحه 574 رقم الحديث: 17609-17610 .

656- أخرجه الترمذي: المناقب جلد 5 صفحه 687 رقم الحديث: 3842' وأحمد: المسند جلد 4 صفحه 264 رقم الحديث: 17916 .

**657** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا اَبُو نَصْرٍ التَّمَّارُ عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ قَالَ: نا عَطَّافُ بْنُ خَالِدٍ الْمَخْزُومِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ رَزِينٍ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْاَكْوَعِ قَالَ: بَايَعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَدِى هَذِهِ، فَقَبَّلْنَاهَا، فَلَمْ يُنْكِرْ ذٰلِكَ

حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کے ہاتھ پر بیعت کی تو ہم نے آپ کے ہاتھوں کو بوسہ لیا' آپ نے اس پر کوئی انکار نہ کیا۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ سَلَمَةَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَطَّافٌ

یہ حدیث سلمہ سے اسی سند سے روایت ہے' اسے روایت کرنے میں عطاف اکیلے ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَحْيَى اِلَّا سُلَيْمَانُ

یہ حدیث یحییٰ سے صرف سلیمان ہی روایت کرتے ہیں۔

**910** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ اَيُّوبَ بْنِ جَابِرٍ، عَنْ مُسْلِمٍ الْاَعْوَرِ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ السَّائِبِ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّی الصُّبْحَ اِذَا تَغَشَّى

حضرت قیس بن سائب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فجر کی نماز پڑھتے تھے' جب آسمان میں نور چھایا ہوتا تھا اور ظہر جب سورج ڈھل جاتا اور عصر اس حالت میں کہ سورج چمک رہا ہوتا اور مغرب جب روزہ

---

908- أخرجه أحمد في المسند جلد2صفحه416 رقم الحديث: 8119 .

909- أخرجه البزار جلد2صفحه283' وابن عدى في الكامل جلد 3صفحه1125' والحاكم في مستدركه جلد 2 صفحه518 .

910- انظر: مجمع الزوائد جلد1صفحه308 .

النُّورُ السَّمَاءَ، وَالظُّهرَ اِذَا زَالَتِ الشَّمْسُ، وَالْعَصْرَ وَالشَّمْسُ بَيْضَاءُ نَقِيَّةٌ، وَالْمَغْرِبَ اِذَا اَفْطَرَ الصَّائِمُ، وَيُؤَخِّرُ الْعِشَاءَ

دارافطاری کرتا اور عشاء کودیر سے پڑھتے تھے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ قَيْسٍ اِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَيُّوبُ

یہ حدیث قیس سے صرف اسی سند سے مروی ہے اسے روایت کرنے میں ایوب اکیلے ہیں۔

**911** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ زُهَيْرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عِيسَى، عَنْ مُوسَى بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيدَ الْاَنْصَارِيِّ، عَنْ اَبِي حُمَيْدٍ الْاَنْصَارِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا خَطَبَ اَحَدُكُمُ امْرَاَةً، فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِ اَنْ يَنْظُرَ اِلَيْهَا، اِذَا كَانَ اِنَّمَا يَنْظُرُ اِلَيْهَا لِلْخِطْبَةِ، اِذْ كَانَتْ لَا تَعْلَمُ

حضرت ابوحمید انصاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی کسی عورت کونکاح کا پیغام بھیجے تو کوئی حرج نہیں ہے کہ وہ اس کودیکھ لے جب اس کی طرف دیکھے نکاح کے پیغام کے لیے تو اس وقت اس کوعلم نہ ہو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عِيسَى اِلَّا زُهَيْرٌ وَلَا يُرْوَى عَنْ اَبِي حُمَيْدٍ السَّاعِدِيِّ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ

یہ حدیث عبداللہ بن عیسیٰ سے صرف زہیر ہی روایت کرتے ہیں اور ابوحمید الساعدی سے صرف اسی سند سے مروی ہے۔

**912** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا سَعِيدٌ، عَنْ حُدَيْجِ بْنِ مُعَاوِيَةَ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ قَيْسٍ قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ مَسْعُودٍ، يَقُولُ، فِي قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ: (تَرْمِي بِشَرَرٍ كَالْقَصْرِ) (المرسلات: 32) قَالَ: اَمَا اِنَّهَا لَيْسَتْ مِثْلَ الشَّجَرِ وَالْجَبَلِ، وَلَكِنَّهَا مِثْلُ الْمَدَائِنِ وَالْحُصُونِ

حضرت علقمہ بن قیس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کو اللہ عزوجل کے اس ارشاد "تَرْمِي بِشَرَرٍ كَالْقَصْرِ" (المرسلات:۳۲) کی تفسیر کرتے ہوئے سنا کہ یہ کوئی درخت اور پہاڑ کی مثل نہیں ہے لیکن یہ مدائن اور حصون کی طرح ہے۔

---

**911**- أخرجه الامام أحمد في مسنده جلد 5 صفحه 424 والبزار جلد 2 صفحه 159 . انظر: مجمع الزوائد جلد 4 صفحه 279 .

**912**- انظر: مجمع الزوائد جلد 7 صفحه 135 .

913 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا سَعِيدٌ، عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ يَحْيَى بْنِ طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ قَالَ: حَدَّثَنِي الْمُسَيَّبُ بْنُ رَافِعٍ، وَمَعْبَدُ بْنُ خَالِدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيدَ الْخَطْمِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حَنْظَلَةَ بْنِ الْغَسِيلِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ الرَّجُلَ اَحَقُّ بِصَدْرِ دَابَّتِهِ وَصَدْرِ فِرَاشِهِ، وَاَنْ يَؤُمَّ فِي رَحْلِهِ

حضرت عبداللہ بن حنظلہ بن غسیل رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: آدمی اپنی سواری پر آگے اور اپنے بستر پر آگے بیٹھنے کا زیادہ حق دار ہے اور اپنے گھر میں امامت کروانے کا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْمُسَيَّبِ وَمَعْبَدٍ اِلَّا اِسْحَاقُ، وَلَا يُرْوَى عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حَنْظَلَةَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ

یہ حدیث مسیّب اور معبد سے صرف اسحاق ہی روایت کرتے ہیں اور عبداللہ بن حنظلہ سے صرف اسی سند سے مروی ہے۔

914 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا سَعِيدٌ، عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ يَحْيَى بْنِ طَلْحَةَ قَالَ: نَا مَعْبَدُ بْنُ خَالِدٍ قَالَ: اَتَيْنَا عَنْبَسَةَ بْنَ اَبِي سُفْيَانَ نَعُودُهُ، فَقَالَ: حَدَّثَتْنِي اُخْتِي اُمُّ حَبِيبَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ صَلَّى فِي يَوْمٍ اثْنَتَيْ عَشْرَةَ رَكْعَةً تَطَوُّعًا، بُنِيَ لَهُ بَيْتٌ فِي الْجَنَّةِ

حضرت اُم حبیبہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے دن میں بارہ رکعت نفل پڑھے اس کے لیے جنت میں گھر بنادیا جاتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَعْبَدٍ اِلَّا اِسْحَاقُ

یہ حدیث معبد سے صرف اسحاق ہی نے روایت کی ہے۔

915 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا سَعِيدٌ، عَنْ فُضَيْلِ بْنِ مَرْزُوقٍ، عَنْ عَطِيَّةَ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ. وَفُضَيْلُ بْنُ مَرْزُوقٍ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: قیامت کے دن سب سے پہلا گروہ جو جنت میں داخل ہوگا ان کے چہرے چودھویں رات کے چاند کی طرح چمک رہے ہوں گے،

913- أخرجه البزار جلد1صفحه231 . انظر: مجمع الزوائد جلد2صفحه68 .

914- أخرجه أحمد في المسند جلد6صفحه452 رقم الحديث: 27462 .

915- أخرجه البزار جلد4صفحه202 . وانظر: مجمع الزوائد جلد10صفحه414-415 .

مَيْمُونٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَوَّلُ زُمْرَةٍ تَدْخُلُ الْجَنَّةَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وُجُوهُهُمْ عَلَى صُورَةِ الْقَمَرِ لَيْلَةَ الْبَدْرِ، وَالَّذِينَ يَلُونَهُمْ كَاَحْسَنِ كَوْكَبٍ دُرِّيٍّ فِي السَّمَاءِ، وَلِكُلِّ رَجُلٍ مِنْهُمْ زَوْجَتَانِ، عَلَى كُلِّ زَوْجَةٍ حُلَّةٌ يُرَى مُخُّ سَاقِهَا مِنْ وَرَاءِ اللَّحْمِ كَمَا يُرَى الشَّرَابُ الْاَحْمَرُ فِي الزُّجَاجَةِ الْبَيْضَاءِ

اور دوسرا گروہ جو اُن سے ملا ہوگا اس کے چہرے آسمان پر چمکنے والے ستاروں کی طرح خوبصورت ہوں گے' ان میں سے ہر آدمی کی دو بیویاں ہوں گی' ہر ایک پر دو حلّے ہوں گے' ان کی پنڈلی کا گودا گوشت کے باہر سے دیکھا جا سکے گا جس طرح کہ سرخ شربت سفید شیشے کے پیالے میں دیکھا جاتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ اِلَّا الْفُضَيْلُ

یہ حدیث ابواسحاق سے صرف فضیل ہی نے روایت کی ہے۔

916 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا سَعِيدٌ، عَنْ فُضَيْلِ بْنِ مَرْزُوقٍ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ ضَمْرَةَ، عَنْ عَلِيٍّ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي قَبْلَ الْعَصْرِ اَرْبَعًا

حضرت علی المرتضٰی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ عصر سے پہلے چار رکعت (سنت) ادا کرتے تھے۔

917 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا سَعِيدٌ، عَنْ اَبِي شِهَابٍ الْحَنَّاطِ عَبْدِ رَبِّهِ بْنِ نَافِعٍ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ اَبِي فَزَارَةَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ الْاَصَمِّ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ثَلَاثٌ مَنْ لَمْ يَكُنْ فِيهِ وَاحِدَةٌ مِنْهُنَّ فَاِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ يَغْفِرُ لَهُ مَا سِوَى ذَلِكَ: مَنْ مَاتَ لَا يُشْرِكُ بِهِ شَيْئًا، وَلَمْ يَكُنْ سَاحِرًا وَلَمْ يَتَّبِعِ السَّحَرَةَ، وَلَمْ يَحْقِدْ عَلَى اَخِيهِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل کسی شخص کے گناہ معاف کر دیتا ہے اگر اُس میں تین میں سے ایک بھی خصلت نہ پائی جائے: (۱) جو اس حالت میں مرا کہ اس نے اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہیں ٹھہرایا (۲) وہ جادوگر نہ ہو (۳) اور جادوگر کے پیچھے بھی نہ چلا ہو اور اس نے اپنے بھائی پر جادو نہ کیا ہو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي فَزَارَةَ اِلَّا لَيْثٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَبُو شِهَابٍ، وَلَا يُرْوَى عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ

یہ حدیث ابی فزارہ سے صرف لیث ہی روایت کرتے ہیں اور حضرت ابن عباس سے یہ حدیث اسی سند سے مروی ہے۔

---

916- اخرجه الترمذی فی المواقيت جلد2صفحه294 رقم الحديث: 429 .

917- اخرجه ابو نعيم فی الحلية جلد4صفحه100 . وانظر: مجمع الزوائد جلد1صفحه107 .

918 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا عَمَّارُ بْنُ نَصْرٍ قَالَ: نَا حَكِيمُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ الصَّائِغِ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَفْضَلُ الشُّهَدَاءِ عِنْدَ اللّٰهِ حَمْزَةُ بْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ کے ہاں شہداء میں سے افضل ترین حضرت حمزہ بن عبدالمطلب ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اِبْرَاهِيمَ اِلَّا حَكِيمٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَمَّارٌ

یہ حدیث ابراہیم سے صرف حکیم ہی روایت کرتے ہیں اُسے روایت کرنے میں عمار اکیلے ہیں۔

919 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ، قَالَ: نَا عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدٍ النَّاقِدُ، قَالَ: نَا سُلَيْمَانُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ الرَّقِّيُّ قَالَ: نَا مُصْعَبُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ قَالَ: نَا عِمْرَانُ بْنُ الرَّبِيعِ الْكُوفِيُّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ الْاَنْصَارِيِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: سُئِلَ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقِيلَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَيَنَامُ اَهْلُ الْجَنَّةِ؟ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: النَّوْمُ اَخُو الْمَوْتِ، وَاَهْلُ الْجَنَّةِ لَا يَنَامُونَ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ اللہ کے نبی ﷺ سے سوال کرتے ہوئے عرض کی گئی: یارسول اللہ! کیا جنت والے سوئیں گے؟ تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: نیند موت کا بھائی ہے اور جنت والے ہرگز نہیں سوئیں گے۔

920 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا حَفْصُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحُلْوَانِيُّ قَالَ: نَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ، عَنْ اَبِي مَالِكٍ الْاَشْجَعِيِّ، عَنْ اَبِي حَازِمٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ بِقَبْرٍ، فَقَالَ: مَنْ صَاحِبُ هَذَا الْقَبْرِ؟ فَقَالُوا: فُلَانٌ. فَقَالَ: رَكْعَتَانِ اَحَبُّ اِلَى هَذَا مِنْ بَقِيَّةِ دُنْيَاكُمْ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ ایک قبر کے پاس سے گزرے تو آپ نے فرمایا: یہ قبر والا کون ہے؟ صحابہ کرام نے عرض کی: یا رسول اللہ! یہ فلاں ہے آپ ﷺ نے فرمایا: اس کے لیے دو رکعتیں تمہاری بقیہ دنیا سے بہتر ہیں۔

---

918- أخرجه الحاكم فى مستدركه جلد3صفحه195 . وانظر: مجمع الزوائد جلد9صفحه271 .

919- انظر: مجمع الزوائد جلد10صفحه418 .

920- انظر: مجمع الزوائد جلد2صفحه252 .

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي مَالِكٍ اِلَّا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ. تفَرَّدَ بِهِ: حَفْصُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ

یہ حدیث ابو مالک سے صرف حفص بن غیاث ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں حفص بن عبداللہ اکیلے ہیں۔

921 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ اَبِي الرَّبِيعِ السَّمَّانِ قَالَ: نَا عَاصِمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَفَاضَ مِنْ عَرَفَاتٍ، وَهُوَ يَقُولُ: اِلَيْكَ تَعْدُو قَلِقًا وَضِينُهَا مُخَالِفًا دِينَ النَّصَارَى دِينُهَا

حضرت سالم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ عرفات سے واپس آئے اور آپ یہ شعر پڑھ رہے تھے: تیری ہی طرف بے قرار ہو کر اس کا تسمہ چلا آ رہا ہے' اس کا دین نصاریٰ کے دین کے مخالف ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَاصِمٍ اِلَّا اَبُو الرَّبِيعِ

یہ حدیث عاصم سے صرف ابوالربیع ہی روایت کرتے ہیں۔

922 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا الْفَيْضُ بْنُ وَثِيقٍ الثَّقَفِيُّ قَالَ: نَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ اَبُو اِسْمَاعِيلَ الْقَنَّادُ قَالَ: نَا قَتَادَةُ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَوَضَّأُ بِالْمُدِّ، وَيَغْتَسِلُ بِالصَّاعِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ ایک مد پانی کے ساتھ وضو اور ایک صاع (پانی) کے ساتھ غسل کرتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسٍ اِلَّا اَبُو اِسْمَاعِيلَ

یہ حدیث از قتادہ از انس صرف ابواسماعیل ہی روایت کرتے ہیں۔

923 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدٍ النَّاقِدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ

حضرت عمرو بن شعیب از والد خود از جد خود روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے اپنے صحابہ سے فرمایا:

---

921- أخرجه الطبراني في الكبير جلد 12 صفحه 308 رقم الحديث: 13201 . وانظر: مجمع الزوائد جلد 3 صفحه 359 .

922- أخرجه البخاري في الوضوء جلد 1 صفحه 364 رقم الحديث: 201' ومسلم في الحيض جلد 1 صفحه 258' وأبو داؤد في الطهارة جلد 1 صفحه 23 رقم الحديث: 95' والنسائي في المياة جلد 1 صفحه 106 (باب ذكر القدر الذي يكتفي به الرجل من الماء المغسل) . والدارمي في الوضوء جلد 1 صفحه 186 رقم الحديث: 689 .

923- انظر: مجمع الزوائد جلد 1 صفحه 107-108 .

الطُّفَاوِيُّ، عَنْ أَيُّوبَ السَّخْتِيَانِيِّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِأَصْحَابِهِ: أُبَايِعُكُمْ عَلَى أَنْ لَا تُشْرِكُوا بِاللّٰهِ شَيْئًا، وَلَا تَقْتُلُوا النَّفْسَ الَّتِي حَرَّمَ اللّٰهُ إِلَّا بِالْحَقِّ، وَلَا تَزْنُوا، وَلَا تَسْرِقُوا، وَلَا تَشْرَبُوا، فَمَنْ فَعَلَ شَيْئًا مِنْ ذَلِكَ، فَأُقِيمَ عَلَيْهِ حَدُّهُ فَهُوَ كَفَّارَةٌ، وَمَنْ سَتَرَ اللّٰهُ عَلَيْهِ، فَحِسَابُهُ عَلَى اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ، وَمَنْ لَمْ يَفْعَلْ شَيْئًا مِنْ ذَلِكَ ضَمِنْتُ لَهُ الْجَنَّةَ

میں تم کو اس بات پر بیعت کرتا ہوں کہ تم اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہراؤ' اور اس جان کو قتل نہ کرو جس کو اللہ نے حرام کیا مگر حق کے ساتھ' اور زنا نہ کرو' اور چوری نہ کرو' شراب نہ پیؤ سو جس نے اس میں سے کوئی بھی شے کی تو اس پر حد ہے' وہی اس کا کفارہ ہے' وہی جس کا گناہ اللہ نے چھپا دیا اس کا معاملہ اللہ عزوجل کے ذمہ ہے' اور جس نے ان میں سے کوئی شے نہ کی تو اس کے لیے میں جنت کا ضامن ہوں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَيُّوبَ إِلَّا الطُّفَاوِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَمْرٌو

یہ حدیث ایوب سے صرف طفاوی ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں عمرو اکیلے ہیں۔

924 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ أَبِي بَكْرِ بْنِ عَيَّاشٍ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ قَالَ: قُلْتُ لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ: إِنَّ الْمُخْتَارَ يَزْعُمُ أَنَّهُ يُوحَى إِلَيْهِ . فَقَالَ: صَدَقَ وَإِنَّ الشَّيَاطِينَ لَيُوحُونَ إِلَى أَوْلِيَائِهِمْ

حضرت ابواسحاق فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے عرض کی کہ مختار گمان کرتا ہے کہ اس کی طرف وحی کی جاتی ہے' حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا: ہاں! شیطان اپنے دوستوں کی طرف وحی کرتے ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ إِلَّا أَبُو بَكْرٍ

یہ حدیث ابواسحاق سے صرف ابوبکر ہی روایت کرتے ہیں۔

925 - وَبِهِ عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ صِلَةَ بْنِ زُفَرَ، عَنْ عَمَّارٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَنَّهُ كَانَ يُسَلِّمُ عَنْ يَمِينِهِ وَعَنْ شِمَالِهِ: السَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ

حضرت عمار رضی اللہ عنہ' نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ اپنی دائیں اور بائیں جانب سلام پھیرتے ہوئے السلام علیکم ورحمۃ اللہ کہتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ إِلَّا أَبُو

یہ حدیث ابواسحاق سے صرف ابوبکر ہی روایت

---

924- انظر: مجمع الزوائد جلد7صفحه336 .

925- انظر: مجمع الزوائد جلد2صفحه149 .

بَكْرٍ

926 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا سَعِيدٌ، عَنْ اَبِي بَكْرِ بْنِ عَيَّاشٍ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَبَاغَضُوا، وَلَا تَحَاسَدُوا، وَلَا تَدَابَرُوا، وَلَا يَسُومُ اَحَدُكُمْ عَلَى سَوْمِ اَخِيهِ، وَلَا يَبِيعُ مُهَاجِرٌ لِاَعْرَابِيٍّ، دَعُوا النَّاسَ يَرْزُقُ اللّٰهُ بَعْضَهُمْ مِنْ بَعْضٍ، وَلَا تَشْتَرِطُ امْرَاَةٌ طَلَاقَ اُخْتِهَا

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَاصِمٍ اِلَّا اَبُو بَكْرٍ

کرتے ہیں۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: غصہ نہ کیا کرو' حسد نہ کیا کرو' غیبت نہ کرو' تم میں سے کوئی بھی اپنے بھائی کی بیع پر بیع نہ کرے اور مہاجر دیہاتی کے لیے بیع نہ کرے' لوگوں کو چھوڑ دو' اللہ بعض کو بعض کی وجہ سے رزق دیتا ہے' اور کوئی عورت اپنی بہن کی طلاق کا مطالبہ نہ کرے۔

یہ حدیث عاصم سے صرف ابوبکر ہی روایت کرتے ہیں۔

927 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا سَعِيدٌ قَالَ: نَا عَبَّادُ بْنُ الْعَوَّامِ قَالَ: نَا حَنْظَلَةُ السَّدُوسِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحَارِثِ قَالَ: حَدَّثَتْنِي مَيْمُونَةُ زَوْجُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُصَلِّي قَبْلَ الْعَصْرِ رَكْعَتَيْنِ

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ حَنْظَلَةَ اِلَّا عَبَّادٌ، وَلَا يُرْوَى عَنْ مَيْمُونَةَ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ

حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا' نبی کریم ﷺ کی زوجہ محترمہ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ عصر سے پہلے دو رکعت ادا کرتے تھے۔

یہ حدیث حنظلہ سے صرف عباد ہی روایت کرتے ہیں اور حضرت میمونہ سے یہ حدیث صرف اسی سند سے مروی ہے۔

فائدہ: اس حدیث میں دو رکعت سنت کا ذکر ہے' اس سے پہلے حدیث:۹۱۶ میں ہے کہ آپ چار رکعت ادا کرتے تھے' دونوں حدیثوں میں کوئی تعارض نہیں ہے' تطبیق ممکن ہے کہ یہاں دو کا ذکر ہے۔ وہ حضرت میمونہ کے حوالہ سے ہے' کیونکہ آپ گھر میں بھی نفل ادا کرتے تھے اور حضرت علی رضی اللہ عنہ نے گھر سے باہر کی بات نقل کی ہے۔ ہوسکتا ہے کہ آپ گھر سے باہر چار رکعت ادا کرتے ہوں اور گھر کے اندر دو رکعتیں ادا کرنا آپ ﷺ کی خصوصیت ہو۔ واللہ ورسولہ اعلم!

926- أخرجه البخاری فی النكاح جلد 9 صفحه 126 رقم الحديث: 5152' وأحمد فی المسند جلد 2 صفحه 146 رقم الحديث: 8120 .

927- أخرجه الطبرانی فی الكبير رقم الحديث: 27124 . وانظر: مجمع الزوائد جلد 2 صفحه 224 .

928 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا سَعِيدٌ، عَنْ عَبَّادِ بْنِ الْعَوَّامِ، عَنْ سُفْيَانَ بْنِ حُسَيْنٍ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ مِقْسَمٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ اَبَا بَكْرٍ، وَاَمَرَهُ اَنْ يُنَادِيَ بِهَؤُلَاءِ الْكَلِمَاتِ، ثُمَّ اَتْبَعَهُ عَلِيًّا، فَبَيْنَا اَبُو بَكْرٍ فِي بَعْضِ الطُّرُقِ اِذْ سَمِعَ رُغَاءَ نَاقَةِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَخَرَجَ اَبُو بَكْرٍ فَزِعًا، فَظَنَّ اَنَّهُ رَسُولُ اللّٰهِ فَاِذَا عَلِيٌّ، فَدَفَعَ اِلَيْهِ كِتَابَ رَسُولِ اللّٰهِ، فَاَمَّرَهُ عَلَى الْمَوْسِمِ، وَاَمَرَ عَلِيًّا اَنْ يُنَادِيَ بِهَؤُلَاءِ الْكَلِمَاتِ، فَانْطَلَقَا، فَحَجَّا، فَقَامَ عَلِيٌّ اَيَّامَ التَّشْرِيقِ، فَنَادَى: ذِمَّةُ اللّٰهِ وَذِمَّةُ رَسُولِهِ بَرِيئَةٌ مِّنْ كُلِّ مُشْرِكٍ، فَسِيحُوا فِي الْاَرْضِ اَرْبَعَةَ اَشْهُرٍ، وَلَا يَحُجُّ بَعْدَ الْعَامِ مُشْرِكٌ، وَلَا يَطُوفُ بِالْبَيْتِ عُرْيَانٌ، وَلَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ اِلَّا مُؤْمِنٌ وَّكَانَ عَلِيٌّ يُنَادِي بِهِنَّ، فَاِذَا بُحَّ حَلْقُهُ، قَامَ اَبُو هُرَيْرَةَ فَنَادَى بِهَا

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو بھیجا اور ان کلمات کی آواز دینے کا حکم دیا' پھر آپ کے پیچھے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو بھیجا' ابھی حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ راستے ہی میں تھے کہ اچانک رسول اللہ ﷺ کی اونٹنی کی آواز سنی' حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ پریشان ہو کر نکلے' انہوں نے گمان کیا کہ رسول اللہ ﷺ ہیں' دیکھا تو حضرت علی رضی اللہ عنہ تھے جنہوں نے رسول اللہ ﷺ کا خط حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو دیا' آپ نے ان کو امیر حج بنایا اور حضرت علی کو حکم دیا کہ وہ ان کلمات کا اعلان کر دیں' پس دونوں چلے' دونوں نے حج کیا اور حضرت علی تشریق کے دنوں میں کھڑے ہوئے اور اعلان کیا: اللہ اور اس کے رسول کا ذمہ ہر مشرک سے بَری ہے' چار ماہ زمین میں چل پھر لو' اس سال کے بعد کوئی مشرک حج نہیں کرے گا اور نہ کوئی بیت اللہ کا طواف' برہنہ حالت میں کرے گا' جنت میں صرف مؤمن ہی داخل ہوگا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ ان کلمات کے ساتھ اعلان کر رہے تھے تو اچانک آپ کا حلق بھاری ہو گیا۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے اور انہوں نے یہ اعلان کیا۔

929 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى قَالَ: نَا سَعِيدٌ، عَنْ عَبَّادِ بْنِ الْعَوَّامِ قَالَ: نَا سُفْيَانُ بْنُ حُسَيْنٍ، عَنْ يَعْلَى بْنِ مُسْلِمٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے حضرت زبیر اور ابن مسعود رضی اللہ عنہما کے درمیان بھائی چارہ قائم کیا۔

---

928- أخرجه الترمذي في التفسير جلد5صفحه275 رقم الحديث: 3091 .

929- أخرجه الطبراني في الكبير جلد12صفحه179 . وانظر: مجمع الزوائد جلد8صفحه274 .

آخَى بَيْنَ الزُّبَيْرِ، وَبَيْنَ ابْنِ مَسْعُودٍ

**930** - وَبِهِ: عَنْ سُفْيَانَ بْنِ حُسَيْنٍ، عَنْ يَعْلَى بْنِ مُسْلِمٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ زَيْدٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، : (وَلَا تَقُولَنَّ لِشَيْءٍ إِنِّي فَاعِلٌ ذَلِكَ غَدًا إِلَّا أَنْ يَشَاءَ اللّٰهُ وَاذْكُرْ رَبَّكَ إِذَا نَسِيتَ) (الكهف: 24) أَنْ تَقُولَ: إِنْ شَاءَ اللّٰهُ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما ''وَلَا تَقُوْلَنَّ لَشَيْءٍ اِنِّيْ فَاعِلٌ ذٰلِكَ غَدًا اِلَّا اَنْ يَشَاءَ اللّٰهُ وَاذْكُرْ رَبَّكَ اِذَا نَسِيْتَ'' (الکہف:۲۴) کی تفسیر کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ (اس سے مراد) تیرا انشاء اللہ کہنا ہے۔

**931** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مَسْعُودٍ الْمَقْدِسِيُّ الْخَيَّاطُ قَالَ: نَا عَمْرُو بْنُ أَبِي سَلَمَةَ قَالَ: نَا أَبُو مُعَيْدٍ حَفْصُ بْنُ غَيْلَانَ، عَنِ الْحَكَمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْأَيْلِيِّ، عَنِ الْقَاسِمِ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ. قَالَ: حَدَّثَنِي خَالِدُ بْنُ الْوَلِيدِ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ أَهَاوِيلَ، يَرَاهَا بِاللَّيْلِ، حَالَتْ بَيْنَهُ وَبَيْنَ صَلَاةِ اللَّيْلِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا خَالِدُ بْنَ الْوَلِيدِ، أَلَا أُعَلِّمُكَ كَلِمَاتٍ تَقُولُهُنَّ، لَا تَقُولُهُنَّ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ حَتَّى يُذْهِبَ اللّٰهُ ذَلِكَ عَنْكَ؟ قَالَ: بَلَى يَا رَسُولَ اللّٰهِ، بِأَبِي أَنْتَ وَأُمِّي، فَإِنَّمَا شَكَوْتُ ذَاكَ إِلَيْكَ رَجَاءَ هَذَا مِنْكَ قَالَ: قُلْ: أَعُوذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّةِ مِنْ غَضَبِهِ، وَعِقَابِهِ، وَشَرِّ عِبَادِهِ، وَمِنْ هَمَزَاتِ الشَّيَاطِينِ، وَأَنْ يَحْضُرُونَ. قَالَتْ عَائِشَةُ: فَلَمْ أَلْبَثْ إِلَّا لَيَالِي يَسِيرَةً حَتَّى جَاءَ خَالِدُ بْنُ الْوَلِيدِ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، بِأَبِي أَنْتَ وَأُمِّي، وَالَّذِي بَعَثَكَ بِالْحَقِّ، مَا أَتْمَمْتُ الْكَلِمَاتِ الَّتِي عَلَّمْتَنِي ثَلَاثَ مَرَّاتٍ حَتَّى أَذْهَبَ اللّٰهُ عَنِّي مَا كُنْتُ أَجِدُ، مَا أُبَالِي

حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اُن ڈراؤنی اشیاء کے متعلق پوچھا گیا جو وہ رات کو دیکھتے ہیں اور وہ ان کے اور ان کی نماز کے درمیان حائل ہو جاتی ہیں؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے خالد بن ولید! کیا میں تم کو ایسے کلمات نہ بتاؤں کہ جو تم پڑھ لیا کرو! ان کو تم تین مرتبہ بھی نہ کہو گے کہ اللہ عزوجل تم سے اس شے کو لے جائے گا جو تم دیکھتے ہو۔ انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! کیوں نہیں! میرے ماں باپ آپ پر فدا ہوں! میں نے آپ سے شکایت اسی اُمید پر کی تھی۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تُو یہ کلمات پڑھ لیا کر: ''اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّةِ مِنْ غَضَبِهٖ وَعِقَابِهٖ وَشَرِّ عِبَادِهٖ وَمِنْ هَمَزَاتِ الشَّيَاطِيْنِ وَاَنْ يَحْضُرُوْنَ''۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ چند راتیں بھی نہیں گذری تھیں کہ حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ آئے اور عرض کی: یارسول اللہ! میرے ماں باپ آپ پر فدا ہوں! اُس ذات کی قسم جس نے آپ کو حق کے ساتھ مبعوث کیا ہے! میں نے یہ کلمات تین مرتبہ مکمل نہیں کیے تھے جو آپ نے

931- انظر: مجمع الزوائد جلد10 صفحه130 .

لَوْ دَخَلْتُ عَلَى اَسَدٍ فِي حَبْسِهِ بِلَيْلٍ

مجھے سکھائے کہ اللہ عزوجل مجھ سے وہ لے گیا جو میں پاتا تھا' اب مجھے کوئی خوف نہیں ہے کہ اگر میں شیر کے پنجرے میں بھی رات کو داخل ہو جاؤں۔

**932** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا عَمْرٌو قَالَ: نَا اَبُو مُعَيْدٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ مُوسَى، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّهُ اَتَى اَبَا سَعِيدِ الْخُدْرِيَّ، فَقَالَ: يَا اَبَا سَعِيدٍ، بَلَغَنَا اَنَّكَ تَرْوِي حَدِيثًا عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الرِّبَا بَيِّنْهُ لَنَا . فَقَالَ اَبُو سَعِيدٍ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الذَّهَبُ بِالذَّهَبِ مِثْلًا بِمِثْلٍ، لَا زِيَادَةَ وَلَا نَظِرَةَ، وَالْفِضَّةُ بِالْفِضَّةِ مِثْلًا بِمِثْلٍ، لَا زِيَادَةَ وَلَا نَظِرَةَ . وَلَا تَبِيعُوا غَائِبًا بِنَاجِزٍ بَصُرَ عَيْنَايَ، وَسَمِعَ اُذُنَايَ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ وہ حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ کے پاس آئے اور عرض کی: اے ابوسعید! ہم کو یہ بات معلوم ہوئی ہے کہ آپ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ایک حدیث سود کے متعلق روایت کرتے ہیں' وہ حدیث ہمیں بیان کریں۔ تو حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: سونا سونے کے بدلے برابر برابر فروخت کرنا اور اس پر زیادتی نہ کرنا' اور چاندی کو چاندی کے بدلے برابر برابر فروخت کرنا اور اس پر زیادتی نہ کرنا' اور غائب چیز حاضر کے بدلے فروخت نہ کرو' میں نے اپنی ان دو آنکھوں سے دیکھا اور اپنے دونوں کانوں سے سنا۔

**933** - وَبِهِ: عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَنْبَغِي لِامْرِءٍ مُسْلِمٍ لَهُ مَا يُوصِي فِيهِ، يَأْتِي عَلَيْهِ لَيْلَتَانِ لَيْسَتْ عِنْدَهُ وَصِيَّةٌ قَالَ ابْنُ عُمَرَ: فَمَا اَتَتْ عَلَيَّ لَيْلَتَانِ مُنْذُ سَمِعْتُ هَذَا مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا وَعِنْدِي وَصِيَّةٌ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کسی مسلمان کے لیے جائز نہیں ہے کہ دو راتیں اس حالت میں گزارے کہ اُس کے پاس وصیت لکھی ہوئی نہ ہو۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا کہ مجھ پر ایسی دو راتیں نہیں گزریں کہ جب سے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

---

932- أخرجه البخاری فی البیوع جلد 4 صفحه 444 رقم الحدیث: 2176' ومسلم فی المساقاة جلد 3 صفحه 1208' والنسائی فی البیوع جلد 7 صفحه 244 (باب بیع الذهب بالذهب) .

933- أخرجه أبو داؤد فی الوصایا جلد 3 صفحه 111 رقم الحدیث: 2862' والنسائی فی الوصایا جلد 6 صفحه 199 (باب الکراهیة فی تأخیر الوصیة)' وابن ماجة فی الوصایا جلد 2 صفحه 901 رقم الحدیث: 2699' والدارمی فی الوصایا جلد 2 صفحه 495 رقم الحدیث: 3175' وأحمد فی المسند جلد 2 صفحه 47 رقم الحدیث: 4901 .

سے یہ سنا ہے مگر یہ کہ میری وصیت میرے پاس لکھی ہوئی ہے۔

934 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا عَمْرٌو قَالَ: نَا أَبُو مُعَيْدٍ، عَنِ الْحَكَمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْأَيْلِيِّ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كُنْتُ أَسْمَعُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أَدْرَكَهُ الْمَسَاءُ فِي بَيْتِي يَقُولُ: أَمْسَيْنَا وَأَمْسَى الْمُلْكُ لِلّٰهِ، وَالْحَمْدُ وَالْحَوْلُ وَالْقُوَّةُ وَالْقُدْرَةُ وَالسُّلْطَانُ فِي السَّمَوَاتِ وَالْأَرْضِ وَكُلُّ شَيْءٍ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ . اللّٰهُمَّ بِكَ أَصْبَحْنَا، وَبِكَ أَمْسَيْنَا وَبِكَ نَحْيَا وَبِكَ نَمُوتُ، وَإِلَيْكَ الْمَصِيرُ . وَإِذَا أَصْبَحَ قَالَ: أَصْبَحْنَا وَأَصْبَحَ الْمُلْكُ لِلّٰهِ، وَالْحَمْدُ وَالْقُوَّةُ وَالْحَوْلُ وَالْقُدْرَةُ وَالسُّلْطَانُ فِي السَّمَوَاتِ وَفِي الْأَرْضِ وَكُلُّ شَيْءٍ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ . اللّٰهُمَّ بِكَ أَمْسَيْنَا وَبِكَ أَصْبَحْنَا، وَبِكَ نَحْيَا وَبِكَ نَمُوتُ، وَإِلَيْكَ النُّشُورُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے اُس رات سنا جو آپ نے میرے گھر میں گزاری' آپ یہ پڑھتے تھے: ''أَمْسَيْنَا وَأَمْسَى الْمُلْكُ لِلّٰهِ، وَالْحَمْدُ وَالْحَوْلُ وَالْقُوَّةُ وَالْقُدْرَةُ وَالسُّلْطَانُ فِي السَّمَوَاتِ وَالْأَرْضِ وَكُلُّ شَيْءٍ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ . اللّٰهُمَّ بِكَ أَصْبَحْنَا، وَبِكَ أَمْسَيْنَا وَبِكَ نَحْيَا وَبِكَ نَمُوتُ، وَإِلَيْكَ الْمَصِيرُ . اور جب صبح ہوتی تو یہ دعا کرتے: أَصْبَحْنَا وَأَصْبَحَ الْمُلْكُ لِلّٰهِ، وَالْحَمْدُ وَالْقُوَّةُ وَالْحَوْلُ وَالْقُدْرَةُ وَالسُّلْطَانُ فِي السَّمَوَاتِ وَفِي الْأَرْضِ وَكُلُّ شَيْءٍ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ . اللّٰهُمَّ بِكَ أَمْسَيْنَا وَبِكَ أَصْبَحْنَا، وَبِكَ نَحْيَا وَبِكَ نَمُوتُ، وَإِلَيْكَ النُّشُورُ''۔

935 - وَعَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ: عَلَّمَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الِاسْتِخَارَةَ، فَقَالَ: يَقُولُ أَحَدُكُمْ: اللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْتَخِيرُكَ بِعِلْمِكَ، وَأَسْتَقْدِرُكَ بِقُدْرَتِكَ، وَأَسْأَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ، فَإِنَّكَ تَقْدِرُ وَلَا أَقْدِرُ، وَتَعْلَمُ، وَلَا أَعْلَمُ وَأَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوبِ، فَإِنْ كَانَ كَذَا وَكَذَا يُسَمِّي الْأَمْرَ بِاسْمِهِ، خَيْرًا لِي فِي دِينِي وَفِي مَعِيشَتِي، وَخَيْرًا لِي فِي عَاقِبَةِ أَمْرِي، وَخَيْرًا لِي فِي الْأُمُورِ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ ہم کو استخارہ سکھاتے تھے' آپ نے فرمایا: تم میں سے کوئی (جب دو رکعت نفل استخارہ ادا کرلے تو اس کے بعد) یہ دعا پڑھے: ''اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْتَخِيرُكَ بِعِلْمِكَ، وَأَسْتَقْدِرُكَ بِقُدْرَتِكَ، وَأَسْأَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ، فَإِنَّكَ تَقْدِرُ وَلَا أَقْدِرُ، وَتَعْلَمُ، وَلَا أَعْلَمُ وَأَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوبِ، فَإِنْ كَانَ یہاں اپنی حاجت کا ذکر کرے۔ خَيْرًا لِي فِي دِينِي

934- انظر: مجمع الزوائد جلد10 صفحه117 .

935- انظر: مجمع الزوائد جلد2 صفحه283-284 ..

كُلِّهَا، فَاقْدُرْهُ لِي، وَبَارِكْ لِي فِيهِ، وَإِنْ كَانَ غَيْرُ ذَلِكَ خَيْرًا لِي، فَاقْدِرْ لِي الْخَيْرَ حَيْثُ كَانَ وَرَضِّنِي بِهِ

وَفِي مَعِيشَتِي، وَخَيْرًا لِي فِي عَاقِبَةِ اَمْرِي، وَخَيْرًا لِي فِي الْأُمُورِ كُلِّهَا، فَاقْدُرْهُ لِي، وَبَارِكْ لِي فِيهِ، وَإِنْ كَانَ غَيْرُ ذَلِكَ خَيْرًا لِي، فَاقْدِرْ لِي الْخَيْرَ حَيْثُ كَانَ وَرَضِّنِي بِهِ''۔

936 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا عَمْرٌو قَالَ: نَا اَبُو مُعَيْدٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ ثَابِتِ بْنِ ثَوْبَانَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي كَبْشَةَ الْاَنْمَارِيِّ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَنَّهُ كَانَ يَحْتَجِمُ عَلَى هَامَتِهِ وَبَيْنَ كَتِفَيْهِ وَيَقُولُ: مَنْ هَرَاقَ مِنْهُ هَذِهِ الدِّمَاءَ فَلَا يَضُرُّهُ اَنْ لَا يَتَدَاوَى بِشَيْءٍ لِّشَيْءٍ

حضرت ابوکبشہ انماری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ اپنے دونوں کندھوں کے درمیان پچھنا لگواتے تھے اور فرماتے: جس نے اس سے اپنا خون بہایا' اس کو کوئی نقصان نہیں ہوگا کہ وہ کسی شے کے لیے دوا لے۔

937 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا عَمْرٌو قَالَ: نَا اَبُو مُعَيْدٍ قَالَ: نَا سُلَيْمَانُ بْنُ مُوسَى، عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِي رَبَاحٍ، عَنْ صَفِيَّةَ بِنْتِ اَبِي عُبَيْدٍ، عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ، اَوْ حَفْصَةَ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَحِلُّ لِامْرَاَةٍ اَنْ تُحِدَّ عَلَى اَحَدٍ فَوْقَ ثَلَاثَةِ اَيَّامٍ، وتُحِدُّ عَلَى زَوْجِهَا عِدَّتَهَا حَتَّى تَنْقَضِي عِدَّتُهَا

حضرت حفصہ یا اُم سلمہ رضی اللہ عنہما' رسول اللہ ﷺ سے روایت کرتی ہیں کہ آپ نے فرمایا: کسی عورت کے لیے جائز نہیں ہے کہ وہ کسی پر تین دن سے زیادہ سوگ منائے اور اپنے شوہر کی فوتگی پر سوگ' اس کی عدت ہے یہاں تک کہ اس کی عدت ختم ہو جائے۔

لَمْ يَرْوِ هَذِهِ الْاَحَادِيثَ عَنْ اَبِي مُعَيْدٍ اِلَّا عَمْرٌو وَلَا يَرْوِي حَدِيثَ سُلَيْمَانَ بْنِ مُوسَى، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا

یہ تمام احادیث ابومعید سے صرف عمرو ہی روایت کرتے ہیں اور سلیمان بن موسیٰ' نافع سے اور نافع' حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ نبی

936- اخرجه أبو داؤد في الطب جلد4صفحه4 رقم الحديث: 3859' وابن ماجة في الطب رقم الحديث: 3484 .

937- أخرجه البخاري في الجنائز جلد3صفحه174 رقم الحديث: 1281' ومسلم في الطلاق جلد 2صفحه1125 رقم الحديث: 1486' وأبو داؤد في الطلاق جلد 2صفحه299 رقم الحديث: 2299' والترمذي في الطلاق جلد 3صفحه491 رقم الحديث: 1195' والنسائي في الطلاق جلد6صفحه165 (باب سقوط الاحداد عن الكتابية المتوفى عنها زوجها)' والدارمي في الطلاق جلد 2صفحه220 رقم الحديث: 2284' ومالك في الموطأ جلد2صفحه596 رقم الحديث: 101' وأحمد في المسند جلد6صفحه357 رقم الحديث: 26810 .

يَنْبَغِي لِامْرِءٍ مُّسْلِمٍ لَّهُ مَا يُوصِي فِيهِ عَنْ سُلَيْمَانَ، إِلَّا أَبُو مُعَيْدٍ

کریم ﷺ نے فرمایا: کسی مسلمان کے لیے جائز نہیں ہے کہ وہ (اپنے کسی وارث رشتہ دار کے متعلق) وصیت کرے۔ سلیمان سے صرف ابومعید ہی روایت کرتے ہیں۔

938 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مَسْعُودٍ قَالَ: نَا عَمْرُو بْنُ أَبِي سَلَمَةَ قَالَ: نَا صَدَقَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أُمَيَّةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْأَنْصَارِيِّ قَالَ: خَرَجْنَا وَمَعَنَا النِّسَاءَ الَّتِي اسْتَمْتَعْنَا بِهِنَّ، حَتَّى أَتَيْنَا ثَنِيَّةَ الرِّكَابِ، فَقُلْنَا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، هَؤُلَاءِ النِّسْوَةُ اللَّاتِي اسْتَمْتَعْنَا بِهِنَّ . فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هُنَّ حَرَامٌ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ فَوَدَّعْنَنَا عِنْدَ ذَلِكَ فَسُمِّيَتْ بِذَلِكَ: ثَنِيَّةَ الْوَدَاعِ، وَمَا كَانَتْ قَبْلَ ذَلِكَ إِلَّا ثَنِيَّةَ الرِّكَابِ

حضرت جابر بن عبداللہ انصاری رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ ہم نکلتے تھے اور ہمارے ساتھ عورتیں بھی ہوتی تھیں' جن سے ہم متعہ کرتے تھے' جب ہم ثنیۃ الرکاب کے مقام پر آئے تو ہم نے عرض کی: یارسول اللہ! ان عورتوں سے ہم متعہ کرتے ہیں' تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: یہ اب قیامت تک حرام ہیں' پس جب ہم نے اس جگہ کو الوداع کیا تو اس کا نام ثنیۃ الوداع رکھا گیا' اس سے پہلے یہ ثنیۃ الرکاب تھا۔

939 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا عَمْرُو بْنُ أَبِي سَلَمَةَ قَالَ: نَا صَدَقَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي عَرُوبَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَقِيلٍ، . أَنَّ الرُّبَيِّعَ بِنْتَ مُعَوِّذِ بْنِ عَفْرَاءَ، حَدَّثَتْهُ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ عَلَيْهَا، فَأَتَتْهُ بِقَدَحٍ يَّسَعُ قَدْرَ مُدٍّ وَثُلُثٍ، أَوْ مُدٍّ وَرُبْعٍ لِّوُضُوئِهِ فَصَبَبْتُ عَلَى يَدِهِ ثَلَاثًا، ثُمَّ أَخَذَ الْإِنَاءَ مِنِّي، فَوَضَعَهُ، فَتَمَضْمَضَ وَاسْتَنْشَقَ، وَغَسَلَ وَجْهَهُ ثَلَاثًا ثَلَاثًا، وَغَسَلَ يَدَيْهِ ثَلَاثًا ثَلَاثًا، وَمَسَحَ بِرَأْسِهِ مَرَّتَيْنِ، وَأُذُنَيْهِ ظَاهِرِهِمَا

حضرت ربیع بنت معوذ بن عفراء رضی اللہ عنہا بیان فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ میرے پاس تشریف لائے تو میں آپ کے پاس پیالہ لائی' اس میں وضو کے لیے پانی ایک مُد اور تہائی یا ایک مُد اور چوتھائی حصہ باقی تھا' سو میں نے آپ کے دست مبارک پر تین مرتبہ پانی ڈالا' پھر آپ نے مجھ سے برتن پکڑ لیا' پس آپ نے کلی کی اور ناک میں پانی ڈالا اور اپنے چہرے کو تین مرتبہ دھویا اور اپنے دونوں ہاتھوں کو تین تین مرتبہ دھویا' اور اپنا ہاتھ اس میں ڈالا اور اپنے سر کا دو مرتبہ مسح کیا اور اپنے دونوں

938- انظر: مجمع الزوائد جلد4 صفحہ467 .

وَبَاطِنِهِمَا، ثُمَّ غَسَلَ رِجْلَيْهِ

کانوں کے اندرونی و بیرونی حصہ کا مسح کیا' پھر اپنے دونوں پاؤں کو دھویا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ سَعِيدٍ اِلَّا صَدَقَةُ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَمْرٌو

یہ حدیث سعید سے صرف صدقہ ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں عمرو اکیلے ہیں۔

**940** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا عَمْرُو قَالَ: نَا صَدَقَةُ قَالَ: حَدَّثَنِي اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُرَّةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: صَلَاةُ اللَّيْلِ مَثْنَى مَثْنَى، فَاِذَا خِفْتَ الصُّبْحَ فَاَوْتِرْ بِوَاحِدَةٍ

حضرت سالم اپنے والد سے اور وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: رات کی نماز دو' دو رکعت ہے' پس جب صبح کا خوف ہو تو ایک رکعت کے ساتھ وتر بنالو۔

**941** - وَبِهِ: عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ مُرَّةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: لَمَّا تُوُفِّيَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاسْتُخْلِفَ اَبُو بَكْرٍ، وَكَفَرَ مَنْ كَفَرَ مِنَ الْعَرَبِ، قَالَ عُمَرُ: يَا اَبَا بَكْرٍ، كَيْفَ تُقَاتِلُ النَّاسَ، وَقَدْ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اُمِرْتُ اَنْ اُقَاتِلَ النَّاسَ حَتّٰى يَقُولُوا: لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، فَمَنْ قَالَ: لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، فَقَدْ عَصَمَ مِنِّي مَالَهُ وَنَفْسَهُ اِلَّا بِحَقِّهِ، وَحِسَابُهُ عَلَى اللّٰهِ؟ فَقَالَ اَبُو بَكْرٍ:

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا جب وصال مبارک ہوا تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ خلیفہ بنے' اور عرب لوگ کافر ہونے لگے' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: اے ابوبکر! آپ لوگوں سے کیسے لڑیں گے؟ حالانکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں لوگوں سے لڑوں یہاں تک کہ لوگ لا الہ الا اللہ پڑھنا شروع کریں' جس نے لا الہ الا اللہ پڑھا اس نے مجھ سے اپنا مال اور اپنی جان بچا لی مگر حق کے ساتھ' اور اس کا معاملہ اللہ کے سپرد ہے۔

---

940- أخرجه البخاری فی التمهيد جلد3صفحه25 رقم الحديث: 1137' ومسلم فی المسافرين جلد 1صفحه516' والنسائی فی قيام الليل جلد 3صفحه186 (باب كيف صلاة الليل)' وأحمد فی المسند جلد 2صفحه181 رقم الحديث: 6174 .

941- أخرجه البخاری فی الزكاة جلد 3صفحه308 رقم الحديث: 1399' ومسلم فی الايمان جلد 1صفحه51 رقم الحديث: 32' وأبو داؤد فی الزكاة جلد2صفحه95 رقم الحديث: 1556' والترمذی فی الايمان جلد5 صفحه3 رقم الحديث: 2606' والنسائی فی الزكاة جلد 5صفحه10 (باب مانع الزكاة)' وابن ماجة فی المقدمة جلد 1 صفحه27 رقم الحديث: 71' وأحمد فی المسند جلد2صفحه421 رقم الحديث: 8183 .

لَأُقَاتِلَنَّ مَنْ فَرَّقَ بَيْنَ الصَّلَاةِ وَالزَّكَاةِ، وَاللّٰهِ لَوْ مَنَعُونِي عَنَاقًا كَانُوا يُؤَدُّونَهَا إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَقَاتَلْتُهُمْ عَلَى مَنْعِهَا، قَالَ عُمَرُ: فَوَاللّٰهِ مَا هُوَ إِلَّا أَنْ رَأَيْتُ اللّٰهَ شَرَحَ صَدْرَ أَبِي بَكْرٍ لِلْقِتَالِ، فَعَرَفْتُ أَنَّهُ الْحَقُّ

حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جس نے نماز اور زکوٰۃ کے درمیان فرق کیا تو میں اس سے لڑوں گا‘ اللہ کی قسم! اگر ان لوگوں نے مجھ سے اونٹ کی لگام بھی روکی جو وہ رسول اللہ ﷺ کو دیتے تھے تو میں اس کے نہ دینے پر ان سے لڑوں گا‘ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ کی قسم! میں نے دیکھا کہ اللہ عزوجل نے ابوبکر کا سینہ لڑائی کے لیے کھول دیا ہے‘ پس میں نے جان لیا کہ یہ حق ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنْ إِبْرَاهِيمَ إِلَّا صَدَقَةُ

یہ دونوں حدیثیں ابراہیم سے صرف صدقہ ہی روایت کرتے ہیں۔

942 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا عَمْرٌو قَالَ: نَا صَدَقَةُ، عَنْ زُهَيْرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَقِيلٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْجَنَّةُ حُرِّمَتْ عَلَى الْأَنْبِيَاءِ حَتَّى أَدْخُلَهَا، وَحُرِّمَتْ عَلَى الْأُمَمِ حَتَّى تَدْخُلَهَا أُمَّتِي

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ‘ رسول اللہ ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جنت میرے داخل ہونے سے پہلے دیگر انبیاء علیہم السلام پر حرام کی گئی ہے اور میری اُمت کے داخل ہونے تک دیگر اُمتوں پر حرام کی گئی ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ إِلَّا ابْنُ عَقِيلٍ، وَلَا عَنِ ابْنِ عَقِيلٍ إِلَّا زُهَيْرٌ، وَلَا عَنْ زُهَيْرٍ إِلَّا صَدَقَةُ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَمْرٌو

یہ حدیث زہری سے صرف ابن عقیل اور ابن عقیل سے صرف زہیر اور زہیر سے صرف صدقہ ہی روایت کرتے ہیں‘ اسے روایت کرنے میں عمرو اکیلے ہیں۔

943 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا عَمْرٌو قَالَ: نَا صَدَقَةُ، عَنِ الْأَصْبَغِ، عَنْ بَهْزِ بْنِ حَكِيمٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت بہز بن حکیم از والد خود از جد خود روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: خفیہ صدقہ اللہ کی ناراضگی کو ختم کر دیتا ہے‘ اور نیکی کا کام بُرائی کو ختم کر

942- انظر: مجمع الزوائد جلد10 صفحه72 .

943- انظر: مجمع الزوائد جلد8 صفحه195 .

قَالَ: اِنَّ صَدَقَةَ السِّرِّ تُطْفِءُ غَضَبَ الرَّبِّ، وَاِنَّ صَنَائِعَ الْمَعْرُوفِ تَقِي مَصَارِعَ السَّوْءِ، وَاِنَّ صِلَةَ الرَّحِمِ تَزِيدُ فِي الْعُمُرِ، وَتَقِي الْفَقْرَ. وَاَكْثِرُوا مِنْ قَوْلِ: لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ، فَاِنَّهَا كَنْزٌ مِّنْ كُنُوزِ الْجَنَّةِ، وَاِنَّ فِيهَا شِفَاءً مِّنْ تِسْعَةٍ وَّتِسْعِينَ دَاءً، اَدْنَاهَا الْهَمُّ

دیتا ہے اور بلاشبہ صلہ رحمی عمر میں اضافہ کرتی ہے اور محتاجی ختم کرتی ہے اور کثرت سے لاحول ولاقوۃ الا باللہ پڑھو یہ جنت کے خزانوں میں سے ایک خزانہ ہے اس میں ننانوے بیماریوں کی شفاء ہے جن میں سب سے کم درجے کی بیماری غم ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ بَهْزٍ اِلَّا الْاَصْبَغُ، وَلَا عَنِ الْاَصْبَغِ اِلَّا صَدَقَةُ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَمْرٌو

یہ حدیث بہز سے صرف اصبغ اور اصبغ سے صرف صدقہ ہی روایت کرتے ہیں اسے روایت کرنے میں عمرو اکیلے ہیں۔

944 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا عَمْرٌو قَالَ: نَا صَدَقَةُ، عَنْ خَارِجَةَ بْنِ مُصْعَبٍ، عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَنَّ رَجُلًا اَتَاهُ، فَقَالَ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، اِنَّ لِي قَرَابَةً اَصِلُهُمْ وَيَقْطَعُونِي، وَاُحْسِنُ اِلَيْهِمْ وَيُسِيئُونَ اِلَيَّ، فَقَالَ: اِنْ كَانَ كَمَا تَقُولُ: فَلَا يَزَالُ مَعَكَ مِنَ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ ظَهِيرٌ عَلَيْهِمْ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ کے پاس ایک آدمی آیا اس نے عرض کی: اے اللہ کے نبی! میرے کچھ رشتہ دار ہیں میں اُن سے تعلق جوڑتا ہوں اور وہ مجھ سے توڑتے ہیں میں اُن سے اچھا سلوک کرتا ہوں وہ مجھ سے بُرا سلوک کرتے ہیں۔ تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اگر تو ایسے ہی کرتا ہے جس طرح تو کہہ رہا ہے تو پھر تیرے ساتھ اللہ عزوجل ہے جو اُن کے مقابلہ میں تیری مدد کررہا ہے۔

945 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا عَمْرٌو قَالَ: نَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول

944- أخرجه مسلم في البر جلد 4صفحه1982 رقم الحديث: 2558' وأحمد في المسند جلد 2صفحه402 رقم الحديث: 8012 .

945- أخرجه البخاري في الوضوء جلد 1صفحه316 رقم الحديث: 162' ومسلم في الطهارة جلد 1صفحه233 رقم الحديث: 278' وأبو داؤد في الطهارة جلد 1صفحه25 رقم الحديث: 103' والترمذي في الطهارة جلد 1 صفحه 36 رقم الحديث: 24' والنسائي في الطهارة جلد 1صفحه83 (باب الوضوء من النوم)' وابن ماجة في الطهارة جلد 1صفحه138 رقم الحديث: 393' والدارمي في الطهارة جلد 1صفحه216 رقم الحديث: 766' ومالك في الموطأ جلد 1صفحه21 رقم الحديث: 9' وأحمد في المسند جلد2صفحه323 رقم الحديث: 7301 .

زُهَيْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ سَالِمٍ الْخَيَّاطِ قَالَ: سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ سِيرِينَ، يَقُولُ: قَالَ اَبُو هُرَيْرَةَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا اسْتَيْقَظَ اَحَدُكُمْ مِنْ مَنَامِهِ، فَلَا يَغْمِسَنَّ يَدَهُ فِي طُهُورِهِ حَتّٰى يُفْرِغَ عَلَيْهَا ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، فَاِنَّهُ لَا يَدْرِي اَيْنَ بَاتَتْ يَدُهُ

اللہ ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی اپنی نیند سے اُٹھے تو اپنے ہاتھوں کو برتن میں نہ ڈالے جب تک کہ اپنے ہاتھ تین مرتبہ نہ دھولے کیونکہ وہ نہیں جانتا ہے کہ اس کے ہاتھوں نے رات کہاں گزاری ہے۔

**946** - وَبِهِ: عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: طُهُورُ اِنَاءِ اَحَدِكُمْ اِذَا وَلَغَ فِيهِ الْكَلْبُ، اَنْ يَغْسِلَهُ سَبْعَ مَرَّاتٍ اَوَّلُهَا بِالتُّرَابِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب کوئی کتا کسی برتن میں منہ مارے تو اس کو سات مرتبہ دھوؤ' پہلی مرتبہ اس کو مٹی کے ساتھ دھوؤ۔

**947** - وَسَمِعْتُ اَبَا هُرَيْرَةَ، يَقُولُ: نَادَى رَجُلٌ رَسُولَ اللّٰهِ قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَيُصَلِّي الرَّجُلُ فِي الثَّوْبِ الْوَاحِدِ؟ قَالَ: اَوَلِكُلِّكُمْ ثَوْبَانِ؟

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نے رسول اللہ ﷺ سے عرض کی: یارسول اللہ! کیا آدمی ایک کپڑے میں نماز پڑھ سکتا ہے؟ آپ نے فرمایا: کیا تم میں سب کے پاس دو کپڑے ہیں؟ (اگر نہیں تو پھر ایک کپڑے میں نماز پڑھ سکتا ہے' ستر ڈھانپ کر)

**948** - وَعَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول

---

946- أخرجه البخاري في الوضوء جلد 1 صفحه 330 رقم الحديث: 172' ومسلم في الطهارة جلد 1 صفحه 234' وأبو داؤد في الطهارة جلد 1 صفحه 18 رقم الحديث: 71' والترمذي في الطهارة جلد 1 صفحه 151 رقم الحديث: 91' والنسائي في الطهارة جلد 1 صفحه 46 (باب سؤر الكلب)' وابن ماجة: في الطهارة جلد 1 صفحه 130 رقم الحديث: 363' والدارمي في الوضوء جلد 1 صفحه 204 رقم الحديث: 737' وأحمد في المسند جلد 2 صفحه 329 رقم الحديث: 7364 .

947- أخرجه البخاري في الصلاة جلد 1 صفحه 566 رقم الحديث: 365' ومسلم في الصلاة جلد 1 صفحه 367 رقم الحديث: 515' وابن ماجة في الاقامة جلد 1 صفحه 333 رقم الحديث: 1047' ومالك في الموطأ جلد 1 صفحه 140 رقم الحديث: 30' وأحمد في المسند جلد 2 صفحه 309 رقم الحديث: 7168 .

948- أخرجه البخاري في الأذان جلد 2 صفحه 138 رقم الحديث: 636 (بلفظ: اذا سمعتم الاقامة فامشوا......الخ)' ومسلم في المساجد جلد 1 صفحه 420 رقم الحديث: 602' ومالك في الموطأ جلد 1 صفحه 68

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا ثُوِّبَ بِالصَّلَاةِ فَلَا يَأْتِهَا أَحَدُكُمْ يَسْعَى، وَلْيَأْتِهَا وَعَلَيْهِ السَّكِينَةُ وَالْوَقَارُ، فَلْيُصَلِّ مَا أَدْرَكَ، وَلْيَقْضِ مَا سَبَقَهُ

اللہ ﷺ نے فرمایا: جب نماز میں تثویب کی جائے تو تم میں سے کوئی بھی دوڑ کر نہ آئے' وہ اس حالت میں آئے کہ اس پر سکون اور وقار ہو' پس جو مل جائے وہ اس کو ادا کرے اور جو رہ جائے اس کو بعد میں پڑھ لے۔

949 - وَبِهِ: عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ نَسِيَ فَأَكَلَ أَوْ شَرِبَ وَهُوَ صَائِمٌ فَلْيُتِمَّ صِيَامَهُ، فَإِنَّمَا هُوَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ أَطْعَمَهُ وَسَقَاهُ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو روزہ کی حالت میں بھول کر کھا پی لے تو وہ روزہ مکمل کرے کیونکہ اللہ عزوجل نے اس کو کھلایا اور پلایا ہے۔

950 - وَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَقُولُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: الْحَسَنَةُ بِعَشْرِ أَمْثَالِهَا، وَالصَّوْمُ لِي وَأَنَا أَجْزِي بِهِ، وَلَخُلُوفُ فَمِ الصَّائِمِ أَطْيَبُ عِنْدَ اللّٰهِ مِنْ رِيحِ الْمِسْكِ

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اللہ عزوجل فرماتا ہے کہ ایک نیکی دس نیکیوں کے برابر ہے' اور روزہ میرے لیے ہے اور میں ہی اس کی جزاء دوں گا' روزے دار کے منہ کی خوشبو اللہ کے ہاں مشک کی خوشبو سے زیادہ ہے۔

951 - وَبِهِ: عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، إِنَّ الْمَلَائِكَةَ تَلْعَنُ أَحَدَكُمْ إِذَا أَشَارَ إِلَى أَخِيهِ بِحَدِيدَةٍ، وَإِنْ كَانَ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: بے شک فرشتے تم میں سے اُس شخص پر لعنت کرتے ہیں جب وہ اپنے بھائی کی طرف

---

رقم الحديث: 4' وأحمد في المسند جلد2 صفحه563 رقم الحديث: 9526 .

949- أخرجه البخاري في الصوم جلد 4 صفحه183 رقم الحديث: 1933' والترمذي في الصوم جلد 3 صفحه 91 رقم الحديث: 721' وابن ماجة في الصيام جلد 1 صفحه535 رقم الحديث: 1673' والدارمي في الصيام جلد2 صفحه23 رقم الحديث: 1726 .

950- أخرجه البخاري في الصوم جلد 4 صفحه125 رقم الحديث: 1894' ومسلم في الصيام جلد 2 صفحه806' والترمذي في الصوم جلد 3 صفحه127 رقم الحديث: 764' والنسائي في الصيام جلد 4 صفحه134 (باب ذكر الاختلاف على أبي صالح......الخ)' وابن ماجة في الصيام جلد 1 صفحه525 رقم الحديث: 1638' والدارمي في الصوم جلد 2 صفحه39 رقم الحديث: 1769' ومالك في الموطأ جلد 1 صفحه 310 رقم الحديث: 58' وأحمد في المسند جلد2 صفحه 311 رقم الحديث: 7192 .

951- أخرجه مسلم في البر جلد 4 صفحه2020 رقم الحديث: 2616' والترمذي في الفتن جلد 4 صفحه463 رقم الحديث: 2162' وأحمد في المسند جلد2 صفحه343 رقم الحديث: 7495 .

اَخَاهُ لِاَبِيهِ وَاُمِّهِ

اشارہ کرتا ہے لوہے (کی تلوار) کے ساتھ اگرچہ وہ اس کا حقیقی بھائی ہو۔

**952** - وَسَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ سِيرِينَ، يَقُولُ: قَالَ اَبُو هُرَيْرَةَ: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ لِبْسَتَيْنِ، وَعَنْ بَيْعَتَيْنِ: انْ يَمْشِيَ الرَّجُلُ فِي ثَوْبٍ وَّاحِدٍ لَّيْسَ عَلَى فَرْجِهِ مِنْهُ شَيْءٌ اَوْ يَشْتَمِلَ بِالثَّوْبِ الْوَاحِدِ، ثُمَّ يَرْفَعُهُ عَلَى مَنْكِبِهِ، وَعَنِ الْمُلَامَسَةِ وَالْإِلْقَاءِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے دو کپڑوں اور دو بیعوں سے منع کیا کہ آدمی ایک کپڑا پہن کر ایسی حالت میں چلے کہ اس کی شرمگاہ پر کوئی کپڑا نہ ہو' یا ایک ہی کپڑے میں لپٹ جائے پھر اسے اپنے کندھوں پر بلند کرے اور بیع ملامسہ اور القاء سے منع کیا۔

**953** - وَعَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَلَقَّوْا الْجَلَبَ، فَمَنْ تَلَقَّاهُ، فَاشْتَرَى مِنْهُ شَيْئًا، فَصَاحِبُهُ بِالْخِيَارِ اِذَا اَتَى السُّوقَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تم میں سے کوئی تجارتی قافلہ سے آگے جا کر مت ملے' پس جو اس سے ملے تو اس سے کوئی شی خرید لے تو (اب) اس کے مالک کو اختیار ہے کہ جب (چاہے) وہ بازار آئے۔

**954** - وَبِهِ: اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا هُرَيْرَةَ، يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ رَآنِي فِي الْمَنَامِ، فَقَدْ رَآنِي، اِنَّ الشَّيْطَانَ لَا يَتَمَثَّلُ بِي

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے مجھے خواب میں دیکھا بے شک اس نے مجھے ہی دیکھا کیونکہ شیطان میری صورت

---

952- أخرجه البخاری فی المواقیت جلد2صفحه70 رقم الحدیث: 584' والترمذی فی اللباس جلد4صفحه235 رقم الحدیث: 1758' وابن ماجة فی اللباس جلد2صفحه1179 رقم الحدیث: 3560' والدارمی فی الصلاة جلد 1 صفحه368 رقم الحدیث: 1372' ومالك فی الموطأ جلد2صفحه917 رقم الحدیث: 17' وأحمد فی المسند جلد2صفحه427 رقم الحدیث: 8271 .

953- أخرجه مسلم فی البیوع جلد3صفحه1157' والنسائی فی البیوع جلد7صفحه226 (باب التلقی)' والدارمی فی البیوع جلد2صفحه331 رقم الحدیث: 2566' وأحمد فی المسند جلد2صفحه381 رقم الحدیث: 7844 .

954- أخرجه البخاری فی العلم جلد 1صفحه244 رقم الحدیث: 110' ومسلم فی الرؤیا جلد4صفحه1775 رقم الحدیث: 2266' وأبو داؤد فی الأدب جلد4صفحه307 رقم الحدیث: 5023' والترمذی فی الرؤیا جلد4 صفحه537 رقم الحدیث: 2280' وابن ماجة فی تعبیر الرؤیا جلد2صفحه1284 رقم الحدیث: 3901' وأحمد فی المسند جلد2صفحه232 رقم الحدیث: 7186 .

اختیار نہیں کر سکتا ہے۔

**955** - وَعَنْ اَبِی هُرَيْرَةَ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا تَقَارَبَ الزَّمَانُ لَمْ تَكَدْ رُؤْيَا الْمُؤْمِنِ تَكْذِبُ، وَاَصْدَقُهُمْ رُؤْيَا اَصْدَقُهُمْ حَدِيثًا، وَرُؤْيَا الْمُؤْمِنِ جُزْءٌ مِّنْ سِتَّةٍ وَّاَرْبَعِينَ جُزْئًا مِنَ النُّبُوَّةِ، وَالرُّؤْيَا الصَّالِحَةُ بُشْرَى مِنَ اللّٰهِ، وَالرُّؤْيَا يُحَدِّثُ بِهَا الرَّجُلُ نَفْسَهُ، وَالِاحْتِلَامُ مِنَ الشَّيْطَانِ، فَاِذَا رَاَى اَحَدُكُمْ مَا يَكْرَهُ فَلَا يُحَدِّثُ بِهِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب قیامت قریب آئے گی تو مؤمن کا خواب جھوٹا نہیں ہوگا' آدمی جتنا سچا ہوگا اس کا خواب بھی اتنا ہی سچا ہوگا' اور مؤمن کا خواب نبوت کے چالیس اجزاء میں سے ایک جزء ہے' اچھا خواب اللہ کی جانب سے ہے' اور آدمی خواب کسی اچھے آدمی کو بتائے اور احتلام شیطان کی جانب سے ہے' سو جب تم میں سے کوئی ناپسندیدہ خواب دیکھے تو کسی کو نہ بتائے۔

**956** - وَبِهِ: قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اِبْرَاهِيمَ لَمْ يَكْذِبْ غَيْرَ ثَلَاثِ كَذِبَاتٍ، ثِنْتَانِ فِي ذَاتِ اللّٰهِ: قَوْلُهُ: (اِنِّي سَقِيمٌ) (الصافات: 89) وَقَوْلُهُ: (بَلْ فَعَلَهُ كَبِيرُهُمْ هٰذَا) (الانبياء: 63) وَمَرَّ بِاَرْضٍ بِهَا جَبَّارٌ مِّنَ الْجَبَابِرَةِ، وَمَعَهُ سَارَةُ فَاَرْسَلَ اِلَيْهِ . . . : مَنْ هٰذِهِ الْمَرْاَةُ مِنْكَ؟ قَالَ: هِيَ اُخْتِي، فَاَرْسَلَ اِلَيْهِ اَنِ ابْعَثْ اِلَيَّ بِهَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ ہی روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ابراہیم علیہ السلام نے (بظاہر) تین جھوٹ بولے تھے' دو تو اللہ کی ذات کے لیے بولے تھے: (۱) آپ کا قول: میں بیمار ہوں (۲) اور آپ کا قول: اس بڑے نے کیا ہے (۳) اور آپ کا ایک ظالم کے پاس سے گزر ہوا' آپ کے ساتھ حضرت سارہ علیہا السلام تھیں' اس نے آپ کی طرف کوئی آدمی بھیجا (آپ کو لایا گیا تو اس نے پوچھا:) آپ کے ساتھ یہ کون عورت ہے؟ آپ نے فرمایا: یہ میری بہن ہے' تو اس نے

955- أخرجه البخاری فی التعبیر جلد 12 صفحه 422 رقم الحديث: 7017' ومسلم فی الرؤیا جلد 4 صفحه 1773 رقم الحديث: 2263' وأبو داؤد فی الأدب جلد 4 صفحه 306 رقم الحديث: 5019' والترمذی فی الرؤیا جلد 4 صفحه 534 رقم الحديث: 2270' وابن ماجة فی تعبير الرؤيا جلد 2 صفحه 1289 رقم الحديث: 3917' والدارمی فی الرؤیا جلد 2 صفحه 168 رقم الحديث: 2144 .

956- أخرجه البخاری فی الأنبياء جلد 6 صفحه 447 رقم الحديث: 3358' ومسلم فی الفضائل جلد 4 صفحه 1840 رقم الحديث: 2371' وأبو داؤد فی الطلاق جلد 2 صفحه 272 رقم الحديث: 3212' والترمذی فی التفسير جلد 5 صفحه 321 رقم الحديث: 3166' وأحمد فی المسند جلد 2 صفحه 533 رقم الحديث: 9263 .

حضرت سارہ علیہا السلام کو ان کی طرف بھیج دیا۔

957 - وَعَنْ سَالِمٍ قَالَ: سَمِعْتُ الْحَسَنَ، وَابْنَ سِيرِينَ، يَقُولَانِ: سَمِعْنَا اَبَا هُرَيْرَةَ يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَبْرِدُوا عَنِ الصَّلَاةِ فِي الْحَرِّ، فَإِنَّ شِدَّةَ الْحَرِّ مِنْ فَيْحِ جَهَنَّمَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: گرمیوں میں ظہر کی نماز ٹھنڈی کر کے پڑھو کیونکہ گرمی کی شدت جہنم کی تپش سے ہے۔

958 - وَعَنْ سَالِمٍ قَالَ: حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ سِيرِينَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ قَالَ: كُنَّا عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ. فَقَالَ: سَتَكُونُ أُمَرَاءُ بَعْدِي، يُؤَخِّرُونَ الصَّلَاةَ عَنْ وَقْتِهَا. قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَا يَصْنَعُ مَنْ اَدْرَكَهُمْ؟ فَقَالَ: صَلُّوا الصَّلَاةَ لِوَقْتِهَا، فَإِذَا حَضَرْتُمْ مَعَهُمُ الصَّلَاةَ فَصَلُّوا

حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس تھے کہ آپ نے فرمایا: عنقریب میرے بعد ایسے حکمران آئیں گے جو نماز وقت سے مؤخر کر کے پڑھیں گے، میں نے عرض کی: یارسول اللہ! جو اُن کا زمانہ پائے وہ کیا کرے؟ تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: وہ نماز کو وقت پر پڑھیں، پھر جب اُن کے ساتھ شریک ہو تو اُن کے ساتھ بھی پڑھ لے۔

959 - قَالَ: وَسَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ سِيرِينَ، يُحَدِّثُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَقِيقٍ قَالَ: سَأَلْتُ عَائِشَةَ: كَيْفَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي؟ فَقَالَتْ: كَانَ إِذَا صَلَّى قَاعِدًا رَكَعَ قَاعِدًا،

**1240** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ صَدَقَةَ قَالَ: نَا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ السَّكَنِ قَالَ: نَا مَحْبُوبُ بْنُ الْحَسَنِ قَالَ: نَا مَيْمُونُ بْنُ عَجْلَانَ الثَّقَفِيُّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبَّادٍ الْمَخْزُومِيِّ، عَنْ ثَوْبَانَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ الْعَبْدَ يَلْتَمِسُ مَرْضَاةَ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ، فَلَا يَزَالُ كَذٰلِكَ. فَيَقُولُ اللّٰهُ: يَا جِبْرِيلُ، اِنَّ عَبْدِي فُلَانًا يَلْتَمِسُ اَنْ يُرْضِيَنِي، فَرِضَائِي عَلَيْهِ. قَالَ: فَيَقُولُ جِبْرِيلُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَى فُلَانٍ، وَتَقُولُ حَمَلَةُ الْعَرْشِ، وَيَقُولُ الَّذِينَ يَلُونَهُمْ، حَتّٰى يَقُولَهُ اَهْلُ السَّمَاوَاتِ السَّبْعِ، ثُمَّ يَهْبِطُ اِلَى الْاَرْضِ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَهِيَ الْآيَةُ الَّتِي اَنْزَلَ اللّٰهُ عَلَيْكُمْ فِي كِتَابِهِ: (اِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ سَيَجْعَلُ لَهُمُ الرَّحْمٰنُ وُدًّا) (مريم: 96)، وَاِنَّ الْعَبْدَ لَيَلْتَمِسُ سَخَطَ اللّٰهِ، فَيَقُولُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: يَا جِبْرِيلُ، اِنَّ فُلَانًا يُسْخِطُنِي. اَلَا وَاِنَّ غَضَبِي عَلَيْهِ، فَيَقُولُ جِبْرِيلُ: غَضِبَ اللّٰهُ عَلَى فُلَانٍ، وَيَقُولُ حَمَلَةُ الْعَرْشِ،

حضرت ثوبان رضی اللہ عنہٗ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: بندہ اللہ کی رضا تلاش کرتا ہے اور اس حالت میں مسلسل رہتا ہے' اللہ عزوجل فرماتا ہے: اے جبریل! میرا فلاں بندہ میری رضا حاصل کرنا چاہتا ہے' سو میں اس سے راضی ہوں۔ فرمایا کہ حضرت جبریل علیہ السلام فرماتے ہیں: فلاں پر اللہ کی رحمت ہو! اور عرش اُٹھانے والا کہتا ہے اور وہ بھی یہی کہتے جو ان کے ساتھ ملے ہوئے ہیں' یہاں تک کہ ساتوں آسمان والے کہتے ہیں' پھر وہ زمین کی طرف اترتا ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: یہ آیت ہے جو اللہ عزوجل نے اپنی کتاب میں اس حوالہ سے تم پر نازل فرمائی ہے: "بے شک وہ لوگ جو ایمان لائے اور اچھے عمل کیے عنقریب اُن کی محبت ایمان والوں کے دلوں میں ڈال دے گا" اور ایک بندہ اللہ کی ناراضگی تلاش کرتا ہے' اللہ عزوجل اس کے متعلق فرماتا ہے: اے جبریل! میں فلاں سے ناراض ہوں' خبردار! اور اس پر میرا غضب ہے۔ حضرت جبریل علیہ السلام فرماتے ہیں: فلاں پر اللہ کا غضب ہے' اور عرش اُٹھانے والا بھی یہی کہتا ہے اور جو

**1240**- انظر: مجمع الزوائد جلد10 صفحه275 .

وَيَقُولُ مَنْ دُونَهُمْ، حَتَّى يَقُولَهُ اَهْلُ السَّمَاوَاتِ السَّبْعِ، ثُمَّ يَهْبِطُ اِلَى الْاَرْضِ

ان کے علاوہ (فرشتے ہیں) وہ بھی کہتے ہیں' یہاں تک کہ ساتوں آسمان والے کہتے ہیں' پھر وہ زمین کی طرف اترتا ہے۔

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ ثَوْبَانَ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: مَيْمُونٌ

یہ حدیث ثوبان سے صرف اسی اسناد سے مروی ہے' اسے روایت کرنے میں میمون اکیلے ہیں۔

**1241** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ زَيْدِ بْنِ اِبْرَاهِيمَ التُّسْتَرِيُّ قَالَ: نَا يَعْقُوبُ بْنُ اِسْحَاقَ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نَا يَزِيدُ بْنُ عَطَاءٍ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنِ الْحَارِثِ، عَنْ عَلِيٍّ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُوتِرُ بِثَلَاثٍ، يَقْرَاُ فِي الْاُولَى: اَلْهَاكُمُ التَّكَاثُرُ، وَاِنَّا اَنْزَلْنَاهُ، وَاِذَا زُلْزِلَتْ، وَيَقْرَاُ فِي الثَّانِيَةِ بِالْعَصْرِ، وَاِنَّا اَعْطَيْنَاكَ الْكَوْثَرَ، وَاِذَا جَاءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَفِي الثَّالِثَةِ بِقُلْ يَا اَيُّهَا الْكَافِرُونَ، وَتَبَّتْ وَقُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ تین رکعت وتر ادا کرتے تھے' وتر کی پہلی رکعت میں الھاکم التکاثر اورانا انزلناہ اوراذا زلزلت الارض پڑھتے تھے اوردوسری رکعت میں والعصر اور انا اعطیناك الكوثر اوراذا جاء نصر الله پڑھتے تھے اورتیسری رکعت میں قل یا ایھا الکافرون اورتبت ید ابی لھب اورقل ھو اللّٰہ احد پڑھتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ اِلَّا يَزِيدُ وَيُونُسُ بْنُ اَبِي اِسْحَاقَ، تَفَرَّدَ بِهِ: يَعْقُوبُ، عَنْ يَزِيدَ وَيُونُسَ بْنِ بُكَيْرٍ، عَنْ يُونُسَ بْنِ اَبِي اِسْحَاقَ

یہ حدیث ابواسحاق سے صرف یزید اور یونس بن ابی اسحاق ہی روایت کرتے ہیں' اُن سے روایت کرنے میں یعقوب از یزید اور یونس بن بکیر از یونس بن ابواسحاق اکیلے ہیں۔

**1242** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُؤَمَّلِ بْنِ الصَّبَّاحِ قَالَ: نَا بَدَلُ بْنُ الْمُحَبَّرِ قَالَ: نَا

حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ' اللہ عزوجل کے اس ارشاد "وَلَنُذِيقَنَّهُمْ مِنَ الْعَذَابِ الْاَدْنٰى دُوْنَ

---

1241- أخرجه الترمذي: الصلاة جلد 2صفحه323 رقم الحديث: 460' وأحمد: المسند جلد 1صفحه111 رقم الحديث: 681 .

1242- أخرجه مسلم: صفات المنافقين جلد 4صفحه2157' وأحمد: المسند جلد5صفحه154 رقم الحديث: 21231' والبيهقي: شعب الايمان جلد 7صفحه155 رقم الحديث: 9821 . وانظر: الدر المنثور جلد 5 صفحه178 .

شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ عَزْرَةَ، عَنِ الْحَسَنِ الْعُرَنِيِّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ الْجَزَّارِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِي لَيْلَى، عَنْ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ، فِي قَوْلِهِ عَزَّ وَجَلَّ: (وَلَنُذِيقَنَّهُمْ مِنَ الْعَذَابِ الْاَدْنَى دُونَ الْعَذَابِ الْاَكْبَرِ) (السجدة: 21) قَالَ: مُصِيبَاتُ الدُّنْيَا قَالَ: وَالدُّخَانُ قَدْ مَضَى

الْعَذَابِ الْاَكْبَرِ ''(السجدہ:۲۱) کی تفسیر کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ اس سے مراد دنیا کی مصیبتیں ہیں اور دھواں (کا عذاب) گزر چکا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ شُعْبَةَ اِلَّا بَدَلٌ

یہ حدیث شعبہ سے صرف بدل ہی روایت کرتے ہیں۔

**1243** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُؤَمَّلِ قَالَ: نَا بَكْرُ بْنُ يَحْيَى بْنِ زَبَّانَ قَالَ: نَا مِنْدَلُ بْنُ عَلِيٍّ، عَنْ عَاصِمٍ الْاَحْوَلِ، عَنْ اَبِي عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ، عَنْ سَلْمَانَ الْفَارِسِيِّ قَالَ: اَتَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالزَّكَاةِ ثَلَاثَ مِرَارٍ وَقَالَ: مَا تَعُدُّونَ الشَّهِيدَ فِيكُمْ؟ قَالُوا: الَّذِي يُقْتَلُ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ . قَالَ: اِنَّ شُهَدَاءَ اُمَّتِي اِذًا لَقَلِيلٌ، الْقَتْلُ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ شَهَادَةٌ، وَالطَّاعُونُ شَهَادَةٌ، وَالنُّفَسَاءُ شَهَادَةٌ، وَالْحَرْقُ شَهَادَةٌ، وَالْغَرَقُ شَهَادَةٌ، وَالسُّلُّ شَهَادَةٌ، وَالْبَطْنُ شَهَادَةٌ

حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں رسول اللہ ﷺ کے پاس تین مرتبہ زکوٰۃ لے کر آیا' آپ نے فرمایا: تم اپنے میں شہید کس کو شمار کرتے ہو؟ صحابہ کرام نے عرض کی: اُسے جو اللہ کی راہ میں شہید ہو' آپ ﷺ نے فرمایا: اس طرح تو میری اُمت میں شہید بہت کم ہوں گے' جو اللہ کی راہ میں قتل ہوا وہ شہید ہے اور طاعون کی بیماری میں مرنے والا شہید ہے' زچگی کے دوران مرنے والی عورت شہید ہے' جل کر مرنے والا شہید ہے' ڈوب کر مرنے والا شہید ہے' پھیپھڑوں کی بیماری میں مبتلا ہو کر مرنے والا شہید ہے' پیٹ کی بیماری میں مرنے والا شہید ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَاصِمٍ اِلَّا مِنْدَلٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: بَكْرٌ

یہ حدیث عاصم سے صرف مندل ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں بکر اکیلے ہیں۔

**1244** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا الْمُنْذِرُ بْنُ الْوَلِيدِ الْجَارُودِيُّ قَالَ: نَا اَبِي قَالَ: نَا حُمَيْدُ بْنُ

حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نبی کریم ﷺ کے ساتھ ایک حلقہ میں موجود تھا'

---

**1243**- انظر: مجمع الزوائد جلد5صفحه304 .

**1244**- انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 30218 .

مِهْرَانَ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِى هِنْدَ، عَنْ رَجُلٍ، مِنْ اَهْلِ الشَّامِ، يَعْنِى: الْوَلِيدَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمنِ الْجُرَشِىَّ، عَنْ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ الْحَضْرَمِىِّ، عَنْ اَبِى ذَرٍّ الْغِفَارِىِّ قَالَ: اِنِّى لَشَاهِدٌ عِنْدَ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِى حَلْقَةٍ، وَفِى يَدِهِ حَصًى، فَسَبَّحْنَ فِى يَدِهِ، وَفِينَا اَبُو بَكْرٍ وَّعُمَرُ وَعُثْمَانُ وَعَلِىٌّ، فَسَمِعَ تَسْبِيحَهُنَّ مَنْ فِى الْحَلْقَةِ، ثُمَّ دَفَعَهُنَّ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى اَبِى بَكْرٍ، فَسَبَّحْنَ مَعَ اَبِى بَكْرٍ، سَمِعَ تَسْبِيحَهُنَّ مَنْ فِى الْحَلْقَةِ، ثُمَّ دَفَعَهُنَّ اِلَى النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَبَّحْنَ فِى يَدِهِ، ثُمَّ دَفَعَهُنَّ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى عُمَرَ، فَسَبَّحْنَ فِى يَدِهِ، وَسَمِعَ تَسْبِيحَهُنَّ مَنِ فى الْحَلْقَةِ، ثُمَّ دَفَعَهُنَّ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ، فَسَبَّحْنَ فِى يَدِهِ، ثُمَّ دَفَعَهُنَّ اِلَيْنَا، فَلَمْ يُسَبِّحْنَ مَعَ اَحَدٍ مِّنَّا .

آپ کے دست مبارک میں کنکریاں تھیں، انہوں نے آپ کے دست مبارک میں سبحان اللہ پڑھا، ہم میں حضرت ابوبکر وعمر وعثمان وعلی رضی اللہ عنہم موجود تھے، اس حلقہ میں موجود تمام لوگوں نے وہ تسبیحات سنیں، پھر نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے وہ کنکریاں حضرت ابوبکر کو دیں، ان کنکریوں نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے ہاتھ میں سبحان اللہ پڑھا، جو لوگ حلقہ میں موجود تھے اُن سب نے وہ تسبیحات سنیں، پھر وہ کنکریاں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو انہوں نے واپس کیں تو انہوں نے آپ کے مبارک ہاتھ میں تسبیح پڑھی، پھر انہیں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو دیں تو اُن کے ہاتھ میں بھی کنکریوں نے تسبیحات پڑھیں، اُن تسبیحات کو حلقہ میں موجود تمام لوگوں نے سنا، پھر نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے کنکریاں حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ کو دیں تو ان کنکریوں نے ان کے ہاتھ میں بھی تسبیحات پڑھیں، پھر آپ نے وہ کنکریاں ہم کو دیں تو ہم میں سے کسی نے بھی وہ تسبیحات نہ سنیں۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ دَاوُدَ اِلَّا حُمَيْدٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْجَارُودِىُّ عَنْ اَبِيهِ

یہ حدیث داؤد سے صرف حمید ہی روایت کرتے ہیں، اُن سے روایت کرنے میں الجارودی از والد خود اکیلے ہیں۔

**1245** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَبُو حَاتِمٍ السِّجِسْتَانِىُّ قَالَ: نَا اَبُو جَابِرٍ مُّحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ قَالَ: نَا شُعْبَةُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ قَالَ: اِنَّ مِمَّا اَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: اِنَّ اللّٰهَ لَيَبْتَلِى الْعَبْدَ وَهُوَ يُحِبُّ، لِيَسْمَعَ تَضَرُّعَهُ

حضرت عمرو بن مرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جو اللہ عزوجل کی جانب سے آزمائش نازل ہوتی ہے تو اُس کا مقصد بندہ کو آزمانا ہوتا ہے، اللہ عزوجل آزمائش میں ڈال کر یہ پسند کرتا ہے کہ وہ اپنے بندے کا رونا سنے۔

---

1245- انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 29812 .

1246 - وَبِهِ: نَا شُعْبَةُ، عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ اَبِي وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، مِثْلَهُ

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ شُعْبَةَ، اِلَّا اَبُو جَابِرٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَبُو حَاتِمٍ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے اسی کی مثل روایت ہے۔

یہ حدیث شعبہ سے صرف ابوجابر ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں ابوحاتم اکیلے ہیں۔

1247 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ يَزِيدَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ التُّسْتَرِيُّ قَالَ: نَا يَعْقُوبُ بْنُ اِسْحَاقَ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نَا يَزِيدُ بْنُ عَطَاءٍ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ وَثَّابٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: كَانَ يُنْتَبَذُ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَشِيَّةً فَيَشْرَبُهُ لَيْلَتَهُ وَيَوْمَهُ، وَلَيْلَتَهُ وَيَوْمَهُ، وَلَيْلَتَهُ وَيَوْمَهُ، فَاِذَا اَمْسَى سَقَاهُ الْخَدَمَ، اَوْ اَهْرَاقَهُ

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ يَحْيَى اِلَّا يَزِيدُ، تَفَرَّدَ بِهِ: يَعْقُوبُ وَرَوَاهُ سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، وَشَرِيكٌ: عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ عُبَيْدٍ الْبَهْرَانِيِّ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ صبح کے وقت رسول اللہ ﷺ کے لیے نبیذ بنائی جاتی تھی' آپ اس کو رات اور دن کے وقت نوش کرتے تھے' تین دن اور راتیں اس کو پیتے تھے' جب شام ہوتی تو آپ اس کو اپنے خادم کو پلا دیتے تھے یا اس کو بہا دیتے تھے۔

یہ حدیث ابواسحاق' یحییٰ سے اور یحییٰ سے صرف یزید ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں یعقوب اکیلے ہیں۔ سفیان ثوری اور شریک' ابواسحاق سے اور ابواسحاق' یحییٰ بن عبید البهرانی سے اور وہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں۔

1248 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: مُحَمَّدُ بْنُ السَّكَنِ الْاُبُلِّيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ قَالَ: نَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِي لَيْلَى، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اَوَى اِلَى فِرَاشِهِ قَالَ: اِلَيْكَ اَسْلَمْتُ نَفْسِي، وَاِلَيْكَ فَوَّضْتُ

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ جب اپنے بستر پر آتے تھے تو یہ دعا پڑھتے تھے: ''اِلَيْكَ اَسْلَمْتُ نَفْسِي، وَاِلَيْكَ فَوَّضْتُ اَمْرِي، وَاِلَيْكَ اَلْجَاْتُ ظَهْرِي، رَغْبَةً وَّرَهْبَةً اِلَيْكَ، لَا مَلْجَاَ وَلَا مَنْجَا مِنْكَ اِلَّا اِلَيْكَ، آمَنْتُ بِمَا اَنْزَلْتَ مِنَ الْكِتَابِ، وَبِمَا اَرْسَلْتَ مِنْ

1247- أخرجه مسلم: الأشربة جلد 3 صفحه 1589' وأبو داؤد: الأشربة جلد 3 صفحه 333 رقم الحديث: 3713' والنسائي: الأشربة جلد 8 صفحه 298 (باب ذكر ما يجوز شربه من الأنبذة' وما لا يجوز) .

1248- أخرجه البخاري: الدعوات جلد 11 صفحه 112 رقم الحديث: 6311 .

اَمْرِی، وَاِلَيْكَ اَلْجَاْتُ ظَهْرِی، رَغْبَةً وَّرَهْبَةً اِلَيْكَ، لَا مَلْجَاَ وَلَا مَنْجَا مِنْكَ اِلَّا اِلَيْكَ، آمَنْتُ بِمَا اَنْزَلْتَ مِنَ الْكِتَابِ، وَبِمَا اَرْسَلْتَ مِنْ رَسُولٍ

رَسُولٍ''۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ اَبِی لَيْلَی اِلَّا ثَابِتٌ، وَلَا عَنْ ثَابِتٍ اِلَّا حَمَّادٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُؤَمَّلٌ

یہ حدیث ابن ابی لیلیٰ سے صرف ثابت ہی روایت کرتے ہیں اور ثابت سے صرف حماد ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں مؤمل اکیلے ہیں۔

**1249** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اِسْحَاقُ بْنُ زَكَرِيَّا الْاُبُلِّیُّ قَالَ: نَا سَعِيدُ بْنُ عَامِرٍ قَالَ: نَا شُعْبَةُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِينَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: نَهَی رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْاِقْرَانِ فِی التَّمْرِ، اِلَّا اَنْ يَسْتَاْذِنَ اَحَدُكُمْ اَخَاهُ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کھجوریں ملا کر کھانے سے منع کیا' ہاں! اگر اس کے ساتھ کھانے والا اس کا بھائی اس کو اجازت دیدے تو پھر جائز ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ شُعْبَةَ اِلَّا سَعِيدٌ

یہ حدیث شعبہ سے صرف سعید ہی روایت کرتے ہیں۔

**1250** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اِسْحَاقُ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِی هُرَيْرَةَ قَالَ: لَمَّا وَجَّهَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَعْفَرَ بْنَ اَبِی طَالِبٍ اِلَی الْحَبَشَةِ، شَيَّعَهُ، وَزَوَّدَهُ هٰذِهِ الْكَلِمَاتِ: اَللّٰهُمَّ الْطُفْ لِی فِی تَيْسِيرِ كُلِّ عَسِيرٍ، فَاِنَّ تَيْسِيرَ كُلِّ عَسِيرٍ عَلَيْكَ يَسِيرٌ، وَاَسْاَلُكَ الْيُسْرَ وَالْمُعَافَاةَ فِی الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت جعفر بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کو حبشہ کی طرف بھیجا تو آپ اُن کے ساتھ چلے اور انہیں یہ کلمات زادِراہ کے طور پر دیئے: ''اَللّٰهُمَّ الْطُفْ لِیْ فِیْ تَيْسِيرِ كُلِّ عَسِيْرٍ، فَاِنَّ تَيْسِيرَ كُلِّ عَسِيْرٍ عَلَيْكَ يَسِيْرٌ، وَاَسْاَلُكَ الْيُسْرَ وَالْمُعَافَاةَ فِی الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ''۔

**1251** - وَبِهِ: عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ ہی فرماتے ہیں کہ

1249- أخرجه البخاری: المظالم جلد5صفحه127 رقم الحديث: 2455' ومسلم: الأشربة جلد3صفحه1617 .

1250- انظر: مجمع الزوائد جلد10صفحه185 .

1251- انظر: لسان الميزان جلد3صفحه401 . وانظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 7319 .

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ بَاهَى مَلَائِكَتَهُ بِعَبِيدِهِ عَشِيَّةَ عَرَفَةَ عَامَّةً، وَبَاهَى بِعُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ خَاصَّةً

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ عزوجل فرشتوں کے سامنے عرفہ کی صبح فخر کرتا ہے اور جب عمر بن خطاب اسلام لائے تو اُس وقت فرشتوں کے سامنے فخر کیا تھا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنِ الْعَلَاءِ اِلَّا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ، تَفَرَّدَ بِهِمَا: ابْنُهُ

یہ دونوں حدیثیں علاء سے صرف عبدالرحمٰن ہی روایت کرتے ہیں' اُن دونوں سے روایت کرنے میں ان کے بیٹے اکیلے ہیں۔

**1252** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِي الْمَضَاءِ الْمِصِّيصِيُّ قَالَ: نَا خَلَفُ بْنُ تَمِيمٍ قَالَ: نَا اَسَدُ بْنُ عُبَيْدَةَ الْبَجَلِيُّ قَالَ: نَا هِشَامُ بْنُ حَسَّانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جَابِرٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ طَلْقٍ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: قَالَ اَبِي: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، اَتَوَضَّاُ وَاَمَسُّ ذَكَرِي؟ فَقَالَ: هُوَ مِنْكَ

حضرت قیس بن طلق رضی اللہ عنہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ میرے والد نے عرض کی: اے اللہ کے نبی! اگر میں اپنے ذکر کو چھوؤں تو کیا وضو کروں؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: وہ تیرے جسم کا ہی ٹکڑا ہے (اس کو چھونے پر وضو کرنا لازم نہیں)۔

**1253** - وَبِهِ: عَنْ اَسَدٍ قَالَ: نَا هِشَامُ بْنُ حَسَّانَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ دِهْقَانَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى اَنْ يَاْكُلَ الرَّجُلُ بِشِمَالِهِ، وَيَشْرَبَ بِشِمَالِهِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے آدمی کو بائیں ہاتھ سے کھانے اور پینے سے منع فرمایا

**1254** - وَبِهِ: نَا هِشَامُ بْنُ حَسَّانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَسَمَّوْا بِاسْمِي وَلَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میرے نام پر نام رکھو اور میری کنیت پر کنیت نہ رکھو۔

---

**1252**- أخرجه أبو داؤد: الطهارة جلد **1** صفحه **46** رقم الحديث: **182**' والترمذي: الطهارة جلد **1** صفحه **131** رقم الحديث: **85**' والنسائي: الطهارة جلد **1** صفحه **84** (باب ترك الوضوء من ذلك)' وابن ماجة: الطهارة جلد **1** صفحه **163** رقم الحديث: **483**' وأحمد: المسند جلد **4** صفحه **29** رقم الحديث: **16292**' والطبراني في الكبير جلد **8** صفحه **330** رقم الحديث: **8233** .

**1253**- أخرجه أحمد: المسند جلد **3** صفحه **248** رقم الحديث: **13101** .

**1254**- أخرجه البخاري: العلم جلد **1** صفحه **244** رقم الحديث: **110**' ومسلم: الأداب جلد **3** صفحه **1684** .

تَكَنَّوْا بِكُنْيَتِي

**1255** - وَبِهِ: عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: التَّسْبِيحُ لِلرِّجَالِ، وَالتَّصْفِيقُ لِلنِّسَاءِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: نماز کے دوران تسبیح مردوں کیلئے اور تالی عورتوں کے لیے ہے۔

**1256** - وَبِهِ: عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانَ، عَنْ حَفْصَةَ ابْنَةِ سِيرِينَ، عَنْ أُمِّ عَطِيَّةَ قَالَتْ: نُهِينَا عَنِ اتِّبَاعِ الْجَنَائِزِ، وَلَمْ يُعْزَمْ عَلَيْنَا

حضرت اُمِ عطیہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ ہمیں (عورتوں کو) جنازہ میں جانے سے منع کیا گیا اور ہم پر سختی نہیں کی گئی۔

**1257** - وَبِهِ: عَنْ أَسَدٍ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: مَرَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى امْرَأَةٍ فِي مِحَفَّةٍ، وَمَعَهَا ابْنُهَا، فَرَفَعَتْ رَأْسَهَا، فَقَالَتْ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَلِهَذَا حَجٌّ؟ قَالَ: نَعَمْ، وَلَكِ أَجْرٌ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ مقامِ محفہ میں ایک عورت کے پاس سے گزرے' اس کے ساتھ اس کا بیٹا بھی تھا' اس نے اپنا سر اُٹھایا اور عرض کی: یارسول اللہ! کیا اس کے لیے حج ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ہاں! اور ثواب تیرے لیے ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذِهِ الْأَحَادِيثَ عَنْ أَسَدٍ إِلَّا خَلَفٌ، تَفَرَّدَ بِهَا: عَلِيٌّ

یہ تمام احادیث اسد سے صرف خلف ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں علی اکیلے ہیں۔

**1258** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: سَمِعْتُ هَارُونَ بْنَ إِسْحَاقَ يَقُولُ: سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ عَبْدِ الْوَهَّابِ الْقَنَّادَ يَقُولُ: مَرَّ سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ عَلَى أَسَدِ بْنِ عُبَيْدَةَ، فَسَلَّمَ عَلَيْهِ، فَكَأَنَّ أَسَدًا لَمْ يَرُدَّ عَلَيْهِ، فَرَجَعَ سُفْيَانُ إِلَيْهِ، فَقَالَ: يَا أَسَدُ، أَمُرُّ عَلَيْكَ، فَأُسَلِّمُ عَلَيْكَ، فَلَا تَرُدُّ فَاعْتَذَرَ إِلَيْهِ أَنَّهُ كَانَ فِي شُغْلٍ، فَكَأَنَّ

حضرت احمد فرماتے ہیں کہ میں نے ہارون بن اسحاق سے سنا' وہ فرماتے ہیں کہ میں نے محمد بن عبدالوہاب القناد سے سنا' وہ فرماتے ہیں کہ سفیان ثوری' اسد بن عبیدہ کے پاس سے گزرے' اُنہوں نے اُنہیں سلام کیا لیکن اسد نے اُنہیں جواب نہیں دیا۔ حضرت سفیان اُن کی طرف لوٹے اور فرمایا: اے اسد! میں

---

1255- أخرجه البخاری: العمل فی الصلاة جلد3صفحه93 رقم الحديث: 1203' ومسلم: الصلاة جلد1صفحه318 .

1256- أخرجه البخاری: الجنائز جلد3صفحه173 رقم الحديث: 1278' ومسلم: الجنائز جلد2صفحه646 .

1257- أخرجه الترمذی: الحج جلد3صفحه255 رقم الحديث: 924' وابن ماجة: المناسك جلد2صفحه971 رقم الحديث: 2910 .

سُفْيَانَ لَمْ يَقْنَعْ مِنْهُ بِذَلِكَ . فَقَالَ لَهُ اَسَدٌ: يَا سُفْيَانُ، مَا بَلَغَ مِنْ قَدْرِكَ اَنْ اَكُونَ اَعْلَمَ مِنَ اللّٰهِ غَيْرَ مَا تَعْلَمُ

تیرے پاس سے گذرا' میں نے تجھے سلام کیا تو تُو نے میرے سلام کا جواب نہیں دیا' آپ عذر بیان کریں کہ کس کام میں مشغول تھے' گویا سفیان نے اس سے عبرت حاصل نہیں کی' حضرت اسد نے حضرت سفیان سے کہا: اے سفیان! آپ کو کیسے طاقت ہوئی کہ میں اللہ کی جانب سے جان لوں اور تُو نہ جانے۔

قَالَ اَبُو بَكْرِ بْنُ صَدَقَةَ: رَوَى عَنْ اَسَدِ بْنِ عُبَيْدَةَ، خَلَفُ بْنُ تَمِيمٍ، وَزَافِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ

ابوبکر بن صدقہ نے کہا کہ اس حدیث کو اسد بن عبیدہ' خلف بن تمیم اور زافر بن سلیمان اور محمد بن عبدالوہاب نے روایت کیا ہے۔

**1259** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ سُلَيْمَانَ بْنِ اَبِي دَاوُدَ الْحَرَّانِيُّ قَالَ: حَدَّثَنِي جَدِّي مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ اَبِي ثَابِتٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ، وَزَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ، قَالَا: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ اَنْ تُبَاعَ الْفِضَّةُ بِالذَّهَبِ دَيْنًا

حضرت براء بن عازب اور حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے چاندی کو سونے کے بدلے قرض کے طور پر فروخت کرنے سے منع فرمایا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْحَكَمِ اِلَّا سُلَيْمَانُ

یہ حدیث حکم سے صرف سلیمان ہی روایت کرتے ہیں۔

**1260** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ كَعْبٍ الْحِمْصِيُّ قَالَ: نَا شُقْرَانُ قَالَ: نَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِي خَالِدٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ اَبِي حَازِمٍ، عَنْ جَرِيرٍ، اَنَّ رَجُلًا اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى

حضرت جریر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ ایک آدمی نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آیا تو آپ کے سامنے ڈر رہا تھا تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اپنے اوپر آسانی کرو' میں بادشاہ نہیں ہوں' میں قریش کی ایک عورت کا بیٹا ہوں

1259- أخرجه البخاري: البيوع جلد4صفحه447 رقم الحديث: 2180-2181' ومسلم: المساقاة جلد3 صفحه1212 .

1260- انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 2319 .

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ يَدَيْهِ، فَاسْتَقْبَلَتْهُ رِعْدَةٌ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هَوِّنْ عَلَيْكَ، فَإِنِّي لَسْتُ بِمَلِكٍ إِنَّمَا أَنَا ابْنُ امْرَأَةٍ مِّنْ قُرَيْشٍ، كَانَتْ تَأْكُلُ الْقَدِيدَ

جو گوشت کے سوکھے ٹکڑے کھاتی تھی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ إِسْمَاعِيلَ، عَنْ قَيْسٍ، عَنْ جَرِيرٍ إِلَّا عِيسَى، تَفَرَّدَ بِهِ: شُقْرَانُ

یہ حدیث از اسماعیل از قیس از جریر صرف عیسیٰ ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں شقران اکیلے ہیں۔

**1261** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ رَاشِدٍ الْأَدَمِيُّ قَالَ: نَا خَالِدُ بْنُ يَزِيدَ الْقَرْنِيُّ قَالَ: نَا بِشْرٌ الْأُمِّيُّ، عَنْ فُضَيْلِ بْنِ مَرْزُوقٍ، عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ بُكَيْرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدٍ الْعَدَوِيِّ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ افْتَرَضَ عَلَيْكُمُ الْجُمُعَةَ مِنْ يَوْمِي هَذَا، فِي عَامِي هَذَا، فِي شَهْرِي هَذَا، فَرِيضَةً مُّفْتَرَضَةً، فَمَنْ تَرَكَهَا رَغْبَةً عَنْهَا، وَلَهُ إِمَامٌ عَادِلٌ أَوْ جَائِرٌ، أَلَا فَلَا جَمَعَ اللّٰهُ شَمْلَهُ، وَلَا بَارَكَ لَهُ فِي أَمْرِهِ، أَلَا وَلَا صَلَاةَ لَهُ، أَلَا وَلَا زَكَاةَ لَهُ، أَلَا وَلَا صِيَامَ لَهُ، أَلَا وَلَا حَجَّ لَهُ، أَلَا وَلَا تُؤُمَّنَّ امْرَأَةٌ رَّجُلًا، وَلَا يَؤُمَّنَّ أَعْرَابِيٌّ مُّهَاجِرًا، وَلَا يَؤُمَّنَّ فَاجِرٌ بَرًّا، إِلَّا أَنْ يَكُونَ سُلْطَانًا يَخَافُ سَيْفَهُ وَسَوْطَهُ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ' نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: بے شک اللہ عزوجل نے تم پر اس دن' اس سال اور اس ماہ میں جمعہ فرض کیا تھا' جس نے اس سے بے رغبتی کرتے ہوئے اس کو چھوڑا اور اس کا امام (حکمران) عادل ہو یا ظالم' تو اللہ عزوجل اس کے لیے تمام پریشان کام جمع کر دے گا' اس کے کام میں برکت نہ دے گا' سنو! نہ اس کی نماز ہے اور نہ اس کی زکوٰۃ ہے اور نہ اس کا روزہ ہے نہ اس کا حج' خبردار! کوئی عورت کسی مرد کو امامت نہ کرائے' نہ دیہاتی مہاجر کو امامت کرائے' نہ کوئی برا اچھے کی' ہاں! اگر بادشاہ کی تلوار اور اس کے کوڑے کا خوف ہو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ بِشْرٍ الْأُمِّيِّ، إِلَّا خَالِدُ بْنُ يَزِيدَ، تَفَرَّدَ بِهِ: إِبْرَاهِيمُ بْنُ رَاشِدٍ . وَلَا يُحْفَظُ

یہ حدیث بشر اُمی سے صرف خالد بن یزید ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں ابراہیم بن

1261- أخرجه ابن ماجة: اقامة الصلاة جلد 1 صفحه 343 رقم الحديث: 1081 . وانظر: الدر المنثور للسيوطي جلد 6 صفحه 218 .

لِبَشَرٍ الْأُمِّيِّ حَدِيثًا مُسْنَدًا غَيْرَ هَذَا، وَكَانَ مِنْ عِبَادِ اللَّهِ الصَّالِحِينَ

راشدا کیلے ہیں اور بشر اُمّی اس حدیث کے علاوہ سند ذکر نہیں کرتے ہیں' بشر اُمی اللہ کے نیک بندوں میں سے تھے۔

**1262** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ مَنْصُورٍ الْقُرَشِيَّ يَقُولُ: قُلْتُ لِمَعْرُوفٍ الْكَرْخِيِّ: يَا أَبَا مَحْفُوظٍ، رَأَيْتُ فِي هَذَا الْبَلَدِ إِنْسَانًا قَدْ نَحَا نَحْوَ الْأَبْدَالِ؟ فَسَكَتَ، ثُمَّ قَالَ: اللَّهُمَّ إِلَّا مَا كَانَ مِنْ ذَاكَ الَّذِي يُقَالُ لَهُ: بِشْرٌ الْأُمِّيُّ.

حضرت محمد بن منصور القرشی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے معروف کرخی سے عرض کی: اے ابومحفوظ! میں نے اس شہر میں ایک انسان دیکھا ہے کہ وہ ابدال کی طرف جھکتا ہے؟ حضرت معروف کرخی خاموش رہے' پھر فرمایا: اللہ کی قسم! یہ وہی آدمی ہے جسے بشرِ اُمّی کہا جاتا ہے۔

قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ مَنْصُورٍ: فَسَمِعْتُ خَلَفَ بْنَ تَمِيمٍ يَقُولُ: قَالَ بِشْرٌ الْأُمِّيُّ: إِنَّ إِخْوَةً عَلَى النَّدَى أَحَبُّ إِلَيْنَا مِنْ إِخْوَةٍ عَلَى الْيُسْرِ

محمد بن منصور فرماتے ہیں کہ میں نے خلف بن تمیم سے سنا' وہ کہتے ہیں کہ بشر اُمی نے کہا: مجھے وہ بھائی پسند ہے' اس سے جو مجھ پر آسانی کرے۔

**1263** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا أَبُو هَمَّامٍ الْوَلِيدُ بْنُ شُجَاعٍ قَالَ: نَا أَبُو الْمُحَيَّاةِ قَالَ: نَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ عُمَيْرٍ قَالَ: قَالَ أَبُو مُوسَى الْأَشْعَرِيُّ: أَيُّهَا النَّاسُ، إِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِنَّهُ سَيَأْتِي عَلَى النَّاسِ فِتَنٌ بَاقِرَةٌ، تَدَعُ الْحَلِيمَ حَيْرَانًا، النَّائِمُ فِيهَا خَيْرٌ مِنَ الْقَاعِدِ، وَالْقَاعِدُ فِيهَا خَيْرٌ مِنَ الْقَائِمِ، وَالْقَائِمُ فِيهَا خَيْرٌ مِنَ الْمَاشِي، وَالْمَاشِي فِيهَا خَيْرٌ مِنَ السَّاعِي. فَقَطِّعُوا أَوْتَارَكُمْ، وَكَسِّرُوا السُّيُوفَ بِالْحِجَارَةِ

حضرت عبدالملک بن عمیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے لوگو! میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا: عنقریب لوگوں پر ایسا فتنہ آئے گا کہ حلیم حیران کو چھوڑ دے گا' اس وقت سونے والا بیٹھنے والے سے بہتر ہوگا' بیٹھنے والا کھڑے ہونے والے سے بہتر ہوگا اور کھڑا ہونے والے چلنے والے سے بہتر ہوگا اور چلنے والا دوڑنے والے سے بہتر ہوگا' تم اپنی زرہ کاٹ دو اور اپنی تلواروں کو پتھر کے ساتھ توڑ دو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ إِلَّا أَبُو

یہ حدیث عبدالملک سے صرف ابومحیاہ ہی روایت

1263- أخرجه أبو داؤد: الفتن جلد 4 صفحه 97 رقم الحديث: 4259' وابن ماجة: الفتن جلد 2 صفحه 1310 رقم الحديث: 3961' وأحمد: المسند جلد 4 صفحه 508 رقم الحديث: 19753' وابن حبان في موارد الظمآن رقم الحديث: 1869 .

الْمُحَيَّاةِ، تفَرَّدَ بِهِ: اَبُو هَمَّامٍ

کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں ابوھمام اکیلے ہیں۔

**1264** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُبَيْدِ بْنِ عَقِيلٍ الْمُقْرِءُ قَالَ: نَا جَدِّي عُبَيْدُ بْنُ عَقِيلٍ قَالَ: نَا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَخْرُجُ اثْنَانِ اِلَى الْغَائِطِ، يَجْلِسَانِ يَتَحَدَّثَانِ، كَاشِفَانِ عَنْ عَوْرَتِهِمَا، فَاِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ يَمْقُتُ عَلَى ذَلِكَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: دو آدمی اس حالت میں رفع حاجت کے لیے نہ نکلیں کہ دونوں بیٹھیں اور آپس میں گفتگو کریں اور ان دونوں کی شرمگاہیں کھلی ہوئی ہوں' بے شک ایسا کرنے سے اللہ عزوجل ان پر ناراض ہوگا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنْ يَحْيَى، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ اِلَّا عُبَيْدٌ وَرَوَاهُ سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ وغَيْرُهُ: عَنْ عِكْرِمَةَ بْنِ عَمَّارٍ، عَنْ عِيَاضِ بْنِ هِلَالٍ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ

یہ حدیث از عکرمہ از یحییٰ از ابی سلمہ از حضرت ابوہریرہ صرف عبید ہی روایت کرتے ہیں۔ اور سفیان ثوری اور ان کے علاوہ سب عکرمہ بن عمار سے اور وہ عیاض بن ھلال سے اور وہ ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں۔

**1265** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدٌ قَالَ: حَدَّثَنِي جَدِّي عُبَيْدٌ قَالَ: نَا قُرَّةُ بْنُ خَالِدٍ قَالَ: حَدَّثَنِي مَعْرُوفُ بْنُ بَشِيرٍ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يُنْتَبَذَ فِي الدُّبَّاءِ وَالْحَنْتَمِ وَالنَّقِيرِ وَالْمُزَفَّتِ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے دباء' حنتم' نقیر اور مزفت کے برتنوں میں نبیذ بنانے سے منع فرمایا (یہ زمانۂ جاہلیت کے برتن تھے جن میں نبیذ بنائی جاتی تھی)۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قُرَّةَ اِلَّا عُبَيْدٌ

یہ حدیث قرہ سے صرف عبید ہی روایت کرتے ہیں۔

**1266** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے

---

**1264**- انظر: مجمع الزوائد جلد1صفحه212 .

**1265**- أخرجه مسلم: الأشربة جلد3صفحه1580-1581' والترمذي: الأشربة جلد4صفحه294 رقم الحديث: 1868' وأحمد: المسند جلد2صفحه59 رقم الحديث:5014 .

**1266**- أخرجه البخاري: الجمعة جلد 2صفحه415رقم الحديث: 877 بلفظ: اذا جاء أحدكم الجمعة فليغتسل'

حَسَّانَ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيدَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ اَتَى الْجُمُعَةَ فَلْيَغْتَسِلْ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے سنا: تم میں سے جو کوئی جمعہ کے لیے جائے تو اُسے چاہیے کہ غسل کرے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ إِسْحَاقَ إِلَّا مُحَمَّدٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ حَسَّانَ

یہ حدیث ابن اسحاق سے صرف محمد ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں محمد بن حسان اکیلے ہیں۔

1267 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ حَسَّانَ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيدَ قَالَ: نَا اَبُو الْاَشْهَبِ جَعْفَرُ بْنُ الْحَارِثِ النَّخَعِيُّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، مَوْلَى آلِ طَلْحَةَ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: كُنْتُ اَغْتَسِلُ اَنَا وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ إِنَاءٍ وَّاحِدٍ

حضرت ابوسلمہ رضی اللہ عنہ' حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں کہ آپ فرماتی ہیں کہ میں اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک ہی برتن سے غسل کرتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي الْاَشْهَبِ إِلَّا مُحَمَّدٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ حَسَّانَ

یہ حدیث ابواشہب سے صرف محمد ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں محمد بن حسان اکیلے ہیں۔

1268 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَبُو الْقَاسِمِ الْعَدَوِيُّ الْمَدَنِيُّ قَالَ: حَدَّثَنِي عُمَرُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ الْمَوْصِلِيُّ قَالَ: نَا زَكَرِيَّا بْنُ عِيسَى الشَّعْبِيُّ قَالَ: قَالَ ابْنُ شِهَابٍ، اَخْبَرَنِي نَافِعٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُخْرِجُ صَدَقَةَ الْفِطْرِ صَاعًا مِنْ تَمْرٍ، اَوْ صَاعًا مِنْ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک صاع کھجور یا ایک صاع جَو سے صدقۂ فطر ادا کرتے تھے۔

---

ومسلم: الجمعة جلد2صفحه579 .

1267- أخرجه البخاري: الغسل جلد1صفحه433 رقم الحديث: 250' ومسلم: الحيض جلد1صفحه256 .

1268- أخرجه البخاري: الزكاة جلد3صفحه432 رقم الحديث: 1504' ومسلم: الزكاة جلد 2صفحه677 . بلفظ: فرض زكاة الفطر صاعًا من تمر . أو صاعًا من شعير .

شَعِيرٍ

**1269** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا أَبُو الْقَاسِمِ قَالَ: نَا عُمَرُ قَالَ: نَا زَكَرِيَّا قَالَ: قَالَ ابْنُ شِهَابٍ: أَنَا نَافِعٌ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ حَفْصَةَ، زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا نَادَى الْمُنَادِي لِصَلَاةِ الصُّبْحِ رَكَعَ رَكْعَتَيْنِ خَفِيفَتَيْنِ

حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا نبی کریم ﷺ کی زوجہ محترمہ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کی عادت تھی کہ آپ کو جب صبح کی نماز کے لیے آواز دی جاتی تھی تو آپ دو رکعت مختصر ادا کرتے تھے (یعنی دو رکعت سنتیں)۔

**1270** - وَبِهِ: أَخْبَرَنِي نَافِعٌ، أَنَّ رَجُلًا مِنَ الْأَنْصَارِ أَخْبَرَهُ، أَنَّ كَعْبَ بْنَ عُجْرَةَ أَصَابَهُ أَذًى فِي رَأْسِهِ فَحَلَقَ، فَأَمَرَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يَهْدِيَ هَدْيًا بَقَرَةً

حضرت نافع کہتے ہیں کہ ایک انصاری نے ان کو بتایا کہ حضرت کعب بن عجرہ رضی اللہ عنہ کے سر میں تکلیف ہوئی تو انہوں نے بال کٹوائے' نبی کریم ﷺ نے اُنہیں ایک گائے کی قربانی کرنے کا حکم دیا۔

**1271** - وَبِهِ: عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَوْ أَنَّ لِابْنِ آدَمَ وَادِيًا مِنْ ذَهَبٍ لَأَحَبَّ أَنْ يَكُونَ لَهُ وَادٍ آخَرُ، وَلَا يَمْلَأُ فَاهُ إِلَّا التُّرَابُ، وَيَتُوبُ اللَّهُ عَلَى مَنْ تَابَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اگر انسان کے پاس سونے کا ایک پہاڑ ہو تو وہ پسند کرتا ہے کہ اس کے پاس ایک پہاڑ اور ہو' اور انسان کا منہ صرف مٹی ہی بھرے گی' اور اللہ تعالیٰ جس کی توبہ چاہتا ہے قبول کرتا ہے۔

**1272** - وَبِهِ: قَالَ: قَالَ ابْنُ شِهَابٍ: وَأَخْبَرَنِي سَعِيدُ بْنُ الْمُسَيِّبِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: مجھے لوگوں کو قتل کرنے کا حکم دیا

---

**1269**- أخرجه البخاري: الأذان جلد 2 صفحه 120 رقم الحديث: 618 . بلفظ: كان اذا اعتكف المؤذن للصبح وبدا الصبح صلى ركعتين خفيفتين قبل أن تقام الصلاة . ومسلم: المسافرين جلد 1 صفحه 500 بلفظ: كان اذا سكت المؤذن من الأذان الصبح، وبدا الصبح، ركع ركعتين خفيفتين، قبل أن تقام الصلاة .

**1270**- أخرجه أبو داؤد: المناسك جلد 2 صفحه 178 رقم الحديث: 1859 .

**1271**- أخرجه البخاري: الرقاق جلد 11 صفحه 258 رقم الحديث: 6439، ومسلم: الزكاة جلد 2 صفحه 725 .

**1272**- أخرجه البخاري: استتابة المرتدين جلد 12 صفحه 288 رقم الحديث: 6924، ومسلم: الايمان جلد 1 صفحه 52 .

رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: أُمِرْتُ أَنْ أُقَاتِلَ النَّاسَ حَتَّى يَقُولُوا: لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ، فَمَنْ قَالَ: لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ، فَقَدْ عَصَمَ مِنِّي مَالَهُ وَنَفْسَهُ إِلَّا بِحَقِّهَا، وَحِسَابُهُمْ عَلَى اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ، وَأَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ فِي كِتَابِهِ، فَذَكَرَ أَنَّ قَوْمًا اسْتَكْبَرُوا، فَقَالَ: (إِنَّهُمْ كَانُوا إِذَا قِيلَ لَهُمْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ يَسْتَكْبِرُونَ) (الصافات: 35) ، وَقَالَ عَزَّ وَجَلَّ: (إِذْ جَعَلَ الَّذِينَ كَفَرُوا فِي قُلُوبِهِمُ الْحَمِيَّةَ حَمِيَّةَ الْجَاهِلِيَّةِ فَأَنْزَلَ اللّٰهُ سَكِينَتَهُ عَلَى رَسُولِهِ وَعَلَى الْمُؤْمِنِينَ وَأَلْزَمَهُمْ كَلِمَةَ التَّقْوَى وَكَانُوا أَحَقَّ بِهَا وَأَهْلَهَا) (الفتح: 26) ، وَهِيَ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ

گیا یہاں تک کہ وہ لا الٰہ الا اللہ کہیں' جس نے لا الٰہ الا اللہ پڑھا تو اس نے مجھ سے اپنا خون' اپنا مال اور اپنی جان بچالی' سوائے حق کے اور اُن کا حساب اللہ کے ذمہ ہے' تو اللہ عزوجل نے اپنی کتاب میں میں نازل فرمایا تو ذکر کیا کہ ایک قوم کا جس نے تکبر کیا' فرمایا: ''جب ان کو کہا جاتا ہے کہ لا الٰہ الا اللہ پڑھو تو وہ تکبر کرتے ہیں'' (الصافات: ۳۵) اور اللہ عزوجل نے فرمایا: ''إِذْ جَعَلَ الَّذِينَ كَفَرُوا فِي قُلُوبِهِمُ الْحَمِيَّةَ حَمِيَّةَ الْجَاهِلِيَّةِ فَأَنْزَلَ اللّٰهُ سَكِينَتَهُ عَلَى رَسُولِهِ وَعَلَى الْمُؤْمِنِينَ وَأَلْزَمَهُمْ كَلِمَةَ التَّقْوَى وَكَانُوا أَحَقَّ بِهَا وَأَهْلَهَا'' (الفتح: ۲۶) اس سے مراد لا الٰہ الا اللہ ہے۔

1273 - وَبِهِ قَالَ: قَالَ ابْنُ شِهَابٍ: وَأَخْبَرَنِي سَعِيدُ بْنُ الْمُسَيِّبِ، وَأَبُو سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَوَدِدْتُ أَنْ أُقَاتِلَ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، فَأُقْتَلَ، ثُمَّ أُحْيَا، ثُمَّ أُقْتَلَ ثُمَّ أُحْيَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا: اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے! میں پسند کرتا ہوں کہ میں اللہ کی راہ میں قتل کیا جاؤں پھر زندہ کیا جاؤں' پھر قتل کیا جاؤں پھر زندہ کیا جاؤں۔

1274 - وَبِهِ قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْوِصَالِ، فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْمُسْلِمِينَ: فَإِنَّكَ تُوَاصِلُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَأَيُّكُمْ مِثْلِي؟ إِنِّي أَبِيتُ يُطْعِمُنِي رَبِّي وَيَسْقِينِي ، فَلَمَّا أَبَوْا أَنْ يَنْتَهُوا عَنِ الْوِصَالِ، وَاصَلَ بِهِمْ يَوْمًا، ثُمَّ يَوْمًا، ثُمَّ رَأَوُا الْهِلَالَ، فَقَالَ: لَوْ تَأَخَّرَ لَزِدْتُكُمْ كَالْمُنَكِّلِ لَهُمْ حِينَ أَبَوْا أَنْ يَنْتَهُوا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ ہی فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے صومِ وصال رکھنے سے منع فرمایا' تو مسلمانوں میں سے ایک آدمی نے عرض کی: آپ تو لگاتار روزے رکھتے ہیں؟ تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تم میں میری مثل کون ہے؟ میں رات گزارتا ہوں اس حال میں کہ میرا رب مجھے کھلاتا ہے اور پلاتا ہے' جب انہوں نے صومِ وصال نہ رکھنے سے انکار کیا تو ایک دن کے ساتھ

1273- أخرجه البخاري: التمنى جلد13صفحه230 رقم الحديث:7226' ومسلم: الامارة جلد3صفحه1497 .

1274- أخرجه البخاري: الصوم جلد4صفحه242 رقم الحديث:1965' ومسلم: الصيام جلد2صفحه774 .

دوسرے دن کا بھی روزہ رکھا، پھرانہوں نے چاند دیکھا تو اس کے بعد فرمایا: اگر شوال کا چاند ابھی نہ دکھائی دیتا تو میں اور بڑھاتا، تم پر سخت ہو جاتا، جس وقت انہوں نے انکار کیا تو باز آ گئے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذِهِ الْاَحَادِيثَ عَنْ زَكَرِيَّا اِلَّا عُمَرُ، تَفَرَّدَ بِهَا اَبُو الْقَاسِمِ الْعَدَوِيُّ

یہ احادیث زکریا سے صرف عمر ہی روایت کرتے ہیں، اسے روایت کرنے میں ابوالقاسم العدوی اکیلے ہیں۔

**1275** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَبُو الْحُسَيْنِ الرُّهَاوِيُّ قَالَ: نَا قَتَادَةُ بْنُ الْفُضَيْلِ بْنِ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ الشَّرَوِيِّ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ عَائِشَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: بَشِّرِ الْمَشَّائِينَ اِلَى الْمَسَاجِدِ فِي الظُّلَمِ بِالنُّورِ التَّامِّ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا، نبی کریم ﷺ سے روایت کرتی ہیں کہ آپ نے فرمایا: اندھیروں میں مسجد کی طرف آنے والوں کیلئے قیامت کے دن مکمل نور ہوگا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ عَائِشَةَ اِلَّا الْحَسَنُ، تَفَرَّدَ بِهِ: قَتَادَةُ

یہ حدیث از عطاء از حضرت عائشہ سے اور عطاء سے صرف حسن ہی روایت کرتے ہیں، اسے روایت کرنے میں قتادہ اکیلے ہیں۔

**1276** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ غَالِبٍ الْاَنْطَاكِيُّ قَالَ: نَا سَعِيدُ بْنُ مَسْلَمَةَ الْاُمَوِيُّ قَالَ: نَا عُمَرُ بْنُ خَالِدِ بْنِ عَبَّادٍ، عَنْ زِيَادِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ الرَّبِيعِ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: رَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي الضُّحَى سِتَّ رَكَعَاتٍ، فَمَا تَرَكْتُهُنَّ بَعْدُ قَالَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے نبی کریم ﷺ کو چاشت کی چھ رکعت ادا کرتے ہوئے دیکھا، اس کے بعد پھر کبھی میں نے اس کو نہیں چھوڑا۔ حضرت حسن رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے بھی اس کے بعد انہیں نہیں چھوڑا۔

1275- انظر الميزان جلد 1 صفحه 503، الضعفاء الكبير للعقيلي جلد 1 صفحه 234 . وانظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 3312 .

1276- انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 24012 .

الْحَسَنُ: وَمَا تَرَكْتُهُنَّ بَعْدُ

**1277** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ حَنَانِ الْحِمْصِيُّ قَالَ: نَا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيدِ قَالَ: حَدَّثَنِي اِبْرَاهِيمُ بْنُ ذِي حِمَايَةَ، عَنِ ابْنِ اَبِي لَيْلَى، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الشُّفْعَةُ لِلشَّرِيكِ وَالْجَارِ حَتَّى يَتْرُكَاهَا

حضرت جابر رضی اللہ عنہٗ نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: شفعہ کا زیادہ حق دار شریک اور پڑوسی ہے حتیٰ کہ یہ دونوں چھوڑ دیں (تو پھر کوئی دوسرا خرید سکتا ہے)۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ اَبِي لَيْلَى اِلَّا ابْنُ ذِي حِمَايَةَ

یہ حدیث ابن ابی لیلیٰ سے صرف ابن ذی حمایہ ہی روایت کرتے ہیں۔

**1278** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُوسَى بْنُ عَامِرٍ قَالَ: نَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ قَالَ: حَدَّثَنِي عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ حُصَيْنٍ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِي هِنْدَ، اَنَّ الْحَسَنَ، كَانَ يُحَدِّثُ اَنَّ قَيْسَ بْنَ عُبَادٍ وَّابْنَ الْكَوَّاءِ كَانَا مَعَ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ، فَاَصَابَتْهُمَا جِرَاحَةٌ يَّوْمَ صِفِّينَ، فَقَالَ: عَلِيٌّ مَّا نَقْتُلُ اَنْفُسَنَا؟ انْطَلِقْ بِنَا اِلَى هَذَا الرَّجُلِ نَسْاَلُهُ، اَكَانَ عَلَى عَهْدِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي هَذَا اَوْ رَاَيًا رَآهُ؟ قَالَ: فَانْطَلَقْنَا حَتَّى اَتَيْنَاهُ، فَقُلْنَا: تَبْلُغُ الْجِرَاحَةُ مِنَّا مَا تَرَى، وَاِنَّا نُذَكِّرُكَ اللّٰهَ وَالْاِسْلَامَ، هَذَا شَيْءٌ عَهِدَهُ اِلَيْكَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمْ رَاَيًا رَاَيْتَهُ؟ فَقَالَ: مَا تُرِيدُ اِلَى هَذَا؟ قَالَا: نُذَكِّرُكَ اللّٰهَ وَالْاِسْلَامَ، مَرَّتَيْنِ اَوْ ثَلَاثًا قَالَ: بَلْ رَاَيًا رَاَيْتُهُ، وَمَا عَهِدَ اِلَيَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيهِ بِشَيْءٍ، وَلَكِنْ قُتِلَ عُثْمَانُ، فَبَايَعَ النَّاسُ، وَرَاَيْتُ اَنِّي اَحَقُّ

حضرت حسن بصری بیان کرتے تھے کہ سید بن عبادہ اور ابن کواء دونوں حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کے ساتھ تھے، دونوں کو جنگ صفین کے دن زخم لگا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کیا ہم اپنے آپ کو قتل نہیں کریں گے؟ چلو! ہم اس آدمی کی طرف جاتے ہیں، ہم اس سے پوچھتے ہیں کہ کیا نبی کریم ﷺ کے زمانہ میں یہ تھا یا وہ نشان جو بھگوڑے غلام کی گردن پر لگایا جائے، جو آپ نے دیکھا ہے اس کو؟ سو ہم چلے یہاں تک کہ اس کے پاس آئے، ہم نے کہا: ہم کو زخم لگا جو آپ دیکھ رہے ہیں، ہم تجھے اللہ اور اسلام کو یاد کراتے ہیں، یہ شی ہے جس کا تیرے ساتھ نبی کریم ﷺ نے وعدہ کیا تھا یا وہ نشان ہو جو بھگوڑے غلام کی گردن پر داغ لگایا جائے۔ اس نے کہا: آپ کا اس سے ارادہ کیا ہے؟ دونوں نے کہا: ہم تجھے اللہ اور اسلام کی یاد دلاتے ہیں، دو مرتبہ یا تین مرتبہ کہا، فرمایا: بلکہ میں نے دیکھا اس کو مجھ

بِهَا ۔ فَقَالَا لَهُ: عَلَى مَا نُهْرِيقُ مُهَجَ دِمَائِنَا على رَأْيِ الرِّجَالِ؟ فَجَلَسَا فِي بُيُوتِهِمَا

سے اس معاملہ میں کوئی وعدہ نبی کریم ﷺ نے نہیں کیا اس حوالہ سے' لیکن حضرت عثمان کو قتل کیا گیا' لوگوں نے بیعت کی' میں نے خیال کیا کہ اس کا میں حق دار ہوں۔ دونوں نے عرض کی: کیا ہم نے جوخون بہایا ہے' یہ لوگوں کی رائے ہے؟ دونوں اپنے گھروں میں بیٹھ گئے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ دَاوُدَ إِلَّا عَبْدُ الْعَزِيزِ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْوَلِيدُ

یہ حدیث داؤد سے صرف عبدالعزیز ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں ولید اکیلے ہیں۔

**1279** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ صُدْرَانَ السَّلِيمِيُّ قَالَ: نَا صَالِحُ بْنُ زِيَادٍ النَّاجِيُّ قَالَ: كُنْتُ عِنْدَ مُحَمَّدِ بْنِ سُلَيْمَانَ بْنِ عَلِيِّ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ، وَعِنْدَهُ رَجُلٌ، فَجَائَهُ بِابْنٍ لِاَخِيهِ جَعْفَرٍ صَغِيرٍ، فَاَقْعَدَهُ فِي حَجْرِهِ، وَجَعَلَ يَمْسَحُ بِرَاْسِهِ هَكَذَا مِنْ مُقَدَّمِهِ اِلَى مُؤَخَّرِهِ، يُقَلِّبُ شَعْرَهُ، فَتَبَرَّمَ الصَّبِيُّ، فَقَالَ لَهُ الرَّجُلُ الَّذِي عِنْدَهُ: اَصْلَحَ اللّٰهُ الْاَمِيرَ، قَدْ تَبَرَّمَ الصَّبِيُّ، فَقَالَ: اسْكُتْ، حَدَّثَنِي اَبُو اَيُّوبَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا كَانَ الْغُلَامُ يَتِيمًا فَامْسَحُوا رَاْسَهُ هَكَذَا اِلَى قُدَّامٍ، وَإِذَا كَانَ لَهُ اَبٌ فَامْسَحُوا بِرَاْسِهِ هَكَذَا اِلَى خَلْفٍ مِنْ مُقَدَّمِهِ

حضرت صالح بن زیاد الناجی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت محمد بن سلیمان بن علی بن عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہم کے پاس اس حال میں آیا کہ آپ کے پاس ایک آدمی تھا' اس کے پاس اس کے بھائی جعفر کا چھوٹا بیٹا آیا' اس نے اُسے لڑکے کو اپنی گود میں بٹھایا اور اُس کے سر پر ایسے آگے سے پیچھے کی طرف ہاتھ پھیرنے لگا' اور اس کے بال اُلٹنے پلٹنے لگا' بچہ مضبوط ہو گیا تو اس آدمی نے اسے کہا: اللہ امیر کی اصلاح کرے' بچہ مضبوط ہو گیا ہے۔ اس نے کہا: خاموش ہو جاؤ۔ مجھے ابوایوب نے از والد خود از جد خود از حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما روایت بیان کی کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب بچہ یتیم ہو تو اس کے سر پر آگے کی طرف ہاتھ پھیرا جائے' اگر اس کا باپ ہو تو اس کے سر پر پیچھے سے آگے کی طرف ہاتھ پھیرو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سُلَيْمَانَ اِلَّا صَالِحٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ صُدْرَانَ

یہ حدیث محمد بن سلیمان سے صرف صالح ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں محمد بن صدران اکیلے ہیں۔

**1279**- انظر: لسان الميزان جلد5صفحه188 .

1280 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بَزِيعٍ قَالَ: نَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عُثْمَانَ اَبُو بَحْرٍ الْبَكْرَاوِيُّ قَالَ: نَا سَعِيدُ بْنُ اَبِي عَرُوبَةَ، عَنْ عَامِرٍ الْاَحْوَلِ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنِ السَّدْلِ فِي الصَّلَاةِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نماز میں کپڑا لٹکانے سے منع کیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَامِرٍ اِلَّا سَعِيدٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَبُو بَحْرٍ

یہ حدیث عامر سے صرف سعید ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں ابوبحرا کیلے ہیں۔

1281 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَبُو الْخَطَّابِ زِيَادُ بْنُ يَحْيَى قَالَ: نَا مُؤَمَّلُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ قَالَ: نَا شُعْبَةُ، عَنْ عَاصِمٍ الْاَحْوَلِ، عَنْ اَبِي عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ، عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ قَالَ: اَعْطَيْتُ نَاقَةً فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، فَاَرَدْتُ اَنْ اَشْتَرِيَ مِنْ نَسْلِهَا، اَوْ قَالَ: مِنْ ضِئْضِئِهَا، فَسَاَلْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: دَعْهَا حَتَّى تَجِيءَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ هِيَ وَاَوْلَادُهَا جَمِيعًا فِي مِيزَانِكَ

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے ایک اونٹنی اللہ کی راہ میں دی' پھر میں نے اس کی نسل سے ایک بچہ خریدنا چاہا تو میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اس کے متعلق پوچھا تو آپ نے فرمایا: اس کو چھوڑ دے! یہ اونٹنی قیامت کے دن خود اور اپنی ساری اولاد کے ساتھ تیرے میزان میں لائی جائے گی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ شُعْبَةَ اِلَّا مُؤَمَّلٌ

یہ حدیث شعبہ سے صرف مؤمل ہی روایت کرتے ہیں۔

1282 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا هِلَالُ بْنُ بِشْرٍ قَالَ: نَا عَوْنُ بْنُ عُمَارَةَ قَالَ: نَا هِشَامُ بْنُ حَسَّانَ، عَنْ وَاصِلٍ، مَوْلَى اَبِي عُيَيْنَةَ، عَنِ ابْنِ

حضرت ابن بریدہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس تھے کہ قریش سے ایک آدمی آیا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس کو اپنے قریب

---

1280- أخرجه أبو داؤد: الصلاة جلد 1 صفحه 170 رقم الحديث: 643' والترمذي: الصلاة جلد 2 صفحه 217 رقم الحديث: 378' وأحمد: المسند جلد 2 صفحه 395 رقم الحديث: 7953 .

1281- انظر: مجمع الزوائد جلد 4 صفحه 112 .

1282- انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 2018 .

بُرَيْدَةَ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: كُنَّا عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَقْبَلَ رَجُلٌ مِّنْ قُرَيْشٍ، فَاَدْنَاهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَرَّبَهُ، فَلَمَّا قَامَ قَالَ: يَا بُرَيْدَةُ، اَتَعْرِفُ هَذَا؟ قُلْتُ: نَعَمْ، هَذَا اَوْسَطُ قُرَيْشٍ حَسَبًا، وَاَكْثَرُهُمْ مَالًا، ثَلَاثًا، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَنْبَاْتُكَ بِعِلْمِي فِيهِ، فَاَنْتَ اَعْلَمُ. فَقَالَ: هَذَا مِمَّنْ لَا يُقِيمُ اللّٰهُ لَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَزْنًا

کیا' جب وہ اُٹھا تو آپ نے فرمایا: اے بریدہ! کیا تُو اس کو جانتا ہے؟ میں نے عرض کی: جی ہاں! یہ قریش کا حسب کے لحاظ سے اور مال کے لحاظ سے بڑا آدمی ہے' تین مرتبہ عرض کی' میں نے عرض کی: میں نے اپنے علم کے متعلق بتایا ہے باقی آپ زیادہ جانتے ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اس کو قیامت کے دن وزن کے لیے کھڑا نہیں کیا جائے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ وَاصِلٍ اِلَّا هِشَامٌ. تَفَرَّدَ بِهِ: عَوْنٌ

یہ حدیث واصل سے صرف ہشام ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں عون اکیلے ہیں۔

**1283** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ شَبُّوَيْهِ الْمَرْوَزِيُّ قَالَ: نَا عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ وَاقِدٍ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي قَالَ: نَا الْاَعْمَشُ قَالَ: حَدَّثَنِي سَعِيدُ بْنُ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، فِي قَوْلِ اللّٰهِ: (يَعْلَمُ خَائِنَةَ الْاَعْيُنِ) (غافر: 19)، اِذَا نَظَرْتَ اِلَيْهَا اَتُرِيدُ الْخِيَانَةَ اَمْ لَا؟ (وَمَا تُخْفِي الصُّدُورُ) (غافر: 19)، اِذَا قَدَرْتَ عَلَيْهَا اَتَزْنِي بِهَا اَمْ لَا؟ اَلَا اُخْبِرُكُمْ بِالَّتِي تَلِيهَا: (وَاللّٰهُ يَقْضِي بِالْحَقِّ) (غافر: 20)، قَادِرٌ عَلَى اَنْ يَجْزِيَ بِالْحَسَنَةِ الْحَسَنَةَ، وَبِالسَّيِّئَةِ السَّيِّئَةَ (اِنَّ اللّٰهَ هُوَ السَّمِيعُ الْبَصِيرُ) (غافر: 20)

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما' اللہ عزوجل کے اس ارشاد: يَعْلَمُ خَائِنَةَ الْاَعْيُنِ۔ ''اللہ عزوجل آنکھوں کی خیانت جانتا ہے'' (غافر:۱۹) کی تفسیر کرتے ہوئے فرماتے ہیں: جب تُو اس کی طرف دیکھے تو کیا وہ خیانت کرتا ہے یا نہیں؟ وَمَا تُخْفِي الصُّدُورُ۔ ''اور جو سینے کے اندر چھپا ہوا ہے'' (غافر:۱۹) جب اس پر قادر ہو تو کیا یہ زنا کرے گا یا نہیں؟ کیا میں تمہیں اس کے متعلق نہ بتاؤں جو اس کے ساتھ ملی ہوئی ہے' وَاللّٰهُ يَقْضِي بِالْحَقِّ۔ ''اللہ حق کے ساتھ فیصلہ کرے گا'' (غافر:۲۰) وہ اس بات پر قادر ہے کہ نیکی کا بدلہ نیکی کے ساتھ دے اور بُرائی کا بدلہ بُرائی کے ساتھ دے۔ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ السَّمِيعُ الْبَصِيرُ۔ ''بے شک اللہ تعالیٰ سننے جاننے والا ہے'' (غافر:۲۰)۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْاَعْمَشِ اِلَّا الْحُسَيْنُ بْنُ وَاقِدٍ

یہ حدیث اعمش سے صرف حسین بن واقد ہی روایت کرتے ہیں۔

1283- انظر: مجمع الزوائد جلد7 صفحہ105 .

**1284** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ صَدَقَةَ قَالَ: نَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْمَنْجُوفِيُّ قَالَ: نَا اَبُو دَاوُدَ الطَّيَالِسِيُّ قَالَ: نَا سُلَيْمُ بْنُ حَيَّانَ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبُو الْمُهَزِّمِ يَزِيدُ بْنُ سُفْيَانَ التَّمِيمِيُّ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَلْتَمِسُوا لَيْلَةَ الْقَدْرِ فِي سَبْعَ عَشْرَةَ، اَوْ تِسْعَ عَشْرَةَ، اَوْ اِحْدَى وَعِشْرِينَ، اَوْ ثَلَاثٍ وَّعِشْرِينَ، اَوْ خَمْسٍ وَّعِشْرِينَ، اَوْ سَبْعٍ وَّعِشْرِينَ اَوْ تِسْعٍ وَّعِشْرِينَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: لیلۃ القدر کو (رمضان المبارک کی) سترہ، انیس، اکیس، تئیس، پچیس، ستائیس اور انتیس (تاریخ) میں تلاش کرو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي الْمُهَزِّمِ اِلَّا سُلَيْمٌ

یہ حدیث ابومہزم سے صرف سلیم ہی روایت کرتے ہیں۔

**1285** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ مَعْمَرٍ الْبَحْرَانِيُّ قَالَ: نَا مُؤَمَّلُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ قَالَ: نَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شُغِلَ يَوْمَ الْخَنْدَقِ عَنْ صَلَاةِ الظُّهْرِ وَالْعَصْرِ وَالْمَغْرِبِ وَالْعِشَاءِ، فَاَمَرَ بِلَالًا فَاَذَّنَ وَاَقَامَ، فَصَلَّى الظُّهْرَ، ثُمَّ اَمَرَهُ فَاَذَّنَ وَاَقَامَ، فَصَلَّى الْعَصْرَ، ثُمَّ اَمَرَهُ فَاَذَّنَ وَاَقَامَ، فَصَلَّى الْمَغْرِبَ، ثُمَّ اَمَرَهُ فَاَذَّنَ وَاَقَامَ، فَصَلَّى الْعِشَاءَ، ثُمَّ قَالَ: مَا عَلَى ظَهْرِ الْاَرْضِ قَوْمٌ يَّذْكُرُونَ اللّٰهَ فِي هَذِهِ السَّاعَةِ غَيْرُكُمْ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ کو خندق کے دن (مشرکین نے) ظہر، عصر، مغرب اور عشاء سے مشغول رکھا گیا تو آپ نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو اذان اور اقامت کا حکم دیا، پس آپ نے ظہر کی نماز پڑھائی، پھر آپ نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو اذان اقامت کا حکم دیا، تو آپ نے عصر کی نماز پڑھائی، پھر آپ نے اذان اور اقامت کا حکم دیا اور آپ نے مغرب کی نماز پڑھائی، پھر آپ ﷺ نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو اذان اور اقامت کا حکم دیا، تو آپ نے عشاء کی نماز پڑھائی، اس کے بعد فرمایا: اس وقت تمہارے علاوہ روئے زمین پر کوئی اور اللہ تعالیٰ کا ذکر نہیں کر رہا ہے۔

**1284**- انظر: مجمع الزوائد جلد3صفحه179 .

**1285**- أخرجه البزار جلد1صفحه185 كشف الأستار . وانظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 712 .

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ إِلَّا مُؤَمَّلٌ

یہ حدیث حماد بن سلمہ سے صرف مؤمل ہی روایت کرتے ہیں۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ہمیں اختیار دیا تو ہم نے آپ ہی کو اختیار کیا وہ اختیار طلاق نہیں تھی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَبِي حَمْزَةَ إِلَّا الْقَاسِمُ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُقَدَّمٌ

یہ حدیث ابوحمزہ سے صرف قاسم ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں مقدم اکیلے ہیں۔

**1335** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا مُقَدَّمٌ قَالَ: نَا عَمِّي الْقَاسِمُ، عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانَ، عَنْ أَبِي السَّرِيِّ، عَنْ سَعْدِ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِذَا أَتَيْتَ الصَّلَاةَ فَأْتِهَا بِوَقَارٍ وَسَكِينَةٍ، فَصَلِّ مَا أَدْرَكْتَ، وَاقْضِ مَا فَاتَكَ

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ' نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جب کوئی نماز کے لیے آئے تو وہ وقار اور سکون کے ساتھ آئے' اسے جو رکعت مل جائے وہ پڑھ لے اور جو رہ جائے اس کو بعد میں پڑھ لے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ هِشَامٍ إِلَّا الْقَاسِمُ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُقَدَّمٌ

یہ حدیث ہشام سے صرف قاسم ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں مقدم اکیلے ہیں۔

---

1334- أخرجه البخاري: الطلاق جلد9صفحه280 رقم الحديث:5262' ومسلم: الطلاق جلد2 صفحه1104 .

1335- انظر: مجمع الزوائد جلد2صفحه34 .

1336 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ بْنِ سَمُرَةَ الْاَحْمَسِيُّ قَالَ: نَا اَبُو عَاصِمٍ الثَّقَفِيُّ الرَّبِيعُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ قَالَ: نَا عَمْرُو بْنُ سَعِيدِ بْنِ جَعْدَةَ بْنِ هُبَيْرَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ اُمِّ هَانِءٍ ابْنَةِ اَبِي طَالِبٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ اللّٰهَ تَبَارَكَ وَتَعَالَى يَجْمَعُ الْاَوَّلِينَ وَالْآخِرِينَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فِي صَعِيدٍ وَّاحِدٍ، ثُمَّ يُنَادِي مُنَادٍ مِّنْ تَحْتِ الْعَرْشِ: يَا اَهْلَ التَّوْحِيدِ، اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ قَدْ عَفَا عَنْكُمْ، فَيَقُومُ النَّاسُ فَيَتَعَلَّقُ بَعْضُهُمْ بِبَعْضٍ فِي ظُلَامَاتِ الدُّنْيَا، ثُمَّ يُنَادِي مُنَادٍ: يَا اَهْلَ التَّوْحِيدِ، لِيَعْفُ بَعْضُكُمْ عَنْ بَعْضٍ، وَعَلَيَّ الثَّوَابُ

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ اُمِّ هَانِءٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَبُو عَاصِمٍ الثَّقَفِيُّ الْكُوفِيُّ

حضرت اُم ھانی بنت ابی طالب رضی اللہ عنہا' نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتی ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: بے شک اللہ عزوجل اوّلین و آخرین لوگوں کو قیامت کے دن ایک جگہ اکٹھا کرے گا پھر عرش کے نیچے سے ایک آواز دینے والا آواز دے گا: اے اہل توحید! بے شک اللہ عزوجل نے تم کو معاف کیا ہے' اس کے بعد لوگ کھڑے ہوں گے' ایک دوسرے سے دنیا کے اندھیروں کے متعلق قائم کریں گے' پھر ایک آواز دینے والا آواز دے گا: اے اہل توحید! تم ایک دوسرے کو ثواب لینے کے بدلے معاف کردو۔

یہ حدیث حضرت اُم ھانی سے صرف اسی سند سے مروی ہے' اسے روایت کرنے میں ابوعاصم الثقفی الکوفی اکیلے ہیں۔

1337 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ الْمَدِينِيُّ قَالَ: نَا عُبَيْدُ بْنُ مَيْمُونٍ التَّبَّانُ الْمُقْرِءُ قَالَ: قَالَ لِي هَارُونُ بْنُ الْمُسَيَّبِ: بِقِرَائَةِ مَنْ تَقْرَاُ؟ فَقُلْتُ: بِقِرَائَةِ نَافِعٍ قَالَ: فَعَلَى مَنْ قَرَاَ نَافِعٌ؟ فَقُلْتُ: اَخْبَرَنَا نَافِعٌ، اَنَّهُ قَرَاَ عَلَى الْاَعْرَجِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ هُرْمُزَ، وَاَنَّ الْاَعْرَجَ قَالَ: قَرَاْتُ عَلَى اَبِي هُرَيْرَةَ، وَقَالَ اَبُو هُرَيْرَةَ: قَرَاْتُ عَلَى اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ وَّقَالَ اُبَيٌّ: عَرَضْتُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْقُرْآنَ، فَقَالَ: اَمَرَنِي جِبْرِيلُ اَنْ اَعْرِضَ عَلَيْكَ الْقُرْآنَ

حضرت عبید بن میمون التبان المقری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے حضرت ہارون بن مسیّب نے کہا کہ تم نے قرأت کس سے پڑھی ہے؟ میں نے عرض کی: میں نے حضرت نافع سے پڑھی ہے' انہوں نے فرمایا: حضرت نافع نے کس سے پڑھی ہے؟ میں نے بتایا: مجھے حضرت نافع نے بتایا کہ انہوں نے حضرت اعرج عبدالرحمٰن بن ھرمز سے اور حضرت اعرج نے فرمایا کہ میں نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے اور حضرت ابوہریرہ نے فرمایا کہ میں نے حضرت ابی بن کعب سے پڑھی اور ابی نے فرمایا کہ میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو قرآن سنایا تو آپ نے

1336- انظر: مجمع الزوائد جلد10صفحه358-359 .

فرمایا کہ مجھے حضرت جبریل علیہ السلام نے حکم دیا کہ میں تجھے قرآن سناؤں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ نَافِعٍ اِلَّا عُبَيْدٌ

یہ حدیث حضرت نافع سے صرف عبید ہی روایت کرتے ہیں۔

**1338** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِي الْمَضَاءِ الْمِصِّيصِيُّ قَالَ: نَا عَلِيُّ بْنُ هَارُونَ الزَّيْنَبِيُّ قَالَ: نَا مُسْلِمُ بْنُ خَالِدٍ، عَنْ زِيَادِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ عَائِشَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا مِنِ امْرِءٍ يَكُونُ لَهُ صَلَاةٌ بِلَيْلٍ، فَيَغْلِبُهُ عَلَيْهَا نَوْمٌ اِلَّا كَتَبَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ لَهُ اَجْرَ صَلَاتِهِ، وَكَانَ نَوْمُهُ ذَلِكَ عَلَيْهِ صَدَقَةً

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا' نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتی ہیں کہ آپ نے فرمایا: جو بندہ رات کو نماز پڑھتا ہے پس اس پر نیند غالب آ جاتی ہے تو اللہ عزوجل اس کے لیے اس نماز کا ثواب لکھ دے گا اور اس کی نیند اس کے لیے صدقہ ہو جاتی ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ زِيَادٍ اِلَّا مُسْلِمٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَلِيٌّ

یہ حدیث زیاد سے صرف مسلم ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں علی اکیلے ہیں۔

**1339** - وَبِهِ: عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ قَالَ: سَمِعْتُ جَابِرًا يَقُولُ: مَا سُئِلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَيْئًا فَقَالَ: لَا

حضرت محمد بن منکدر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ کو فرماتے سنا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کسی نے سوال کیا گیا تو آپ نے ''نہیں'' نہیں فرمایا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ زِيَادٍ اِلَّا مُسْلِمٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَلِيٌّ

یہ حدیث زیاد سے صرف مسلم ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں علی اکیلے ہیں۔

**1340** - وَبِهِ: عَنْ زِيَادِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ عَمْرٍو

حضرت عمرو بن دینار رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

---

1338- أخرجه أبو داؤد: الصلاة جلد 2 صفحه 35 رقم الحديث: 114، وأحمد: المسند جلد 6 صفحه 201 رقم الحديث: 25517 .

1339- أخرجه مسلم: الفضائل جلد 4 صفحه 1805 .

1340- انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 8816 .

بْنِ دِينَارٍ قَالَ: سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ يَقُولُ: أُسِرَ الْعَبَّاسُ يَوْمَ بَدْرٍ، فَلَمْ يُوجَدْ لَهُ قَمِيصٌ يَقْدِرُ عَلَيْهِ

میں نے حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کو فرماتے سنا کہ حضرت عباس کو بدر کے دن قیدی بنایا گیا تو وہ قمیص پر بھی قادر نہیں تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ زِيَادٍ إِلَّا مُسْلِمٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَلِيُّ بْنُ هَارُونَ

یہ حدیث زیاد سے صرف مسلم ہی روایت کرتے ہیں؛ اسے روایت کرنے میں علی بن ہارون اکیلے ہیں۔

**1341** - وَبِهِ: عَنْ زِيَادِ بْنِ سَعْدٍ، عَنِ ابْنِ أَبِي نَجِيحٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ عَطِيَّةَ الْقُرَظِيِّ قَالَ: كُنْتُ يَوْمَ حَكَمَ سَعْدُ بْنُ مُعَاذٍ فِي بَنِي قُرَيْظَةَ غُلَامًا لَمْ يَجْرِ عَلَيَّ الْمُوسَى، فَلَمْ يُحْكُمْ عَلَيَّ

حضرت عطیہ قرظی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں اس دن موجود تھا جس دن حضرت سعد بن معاذ نے بنی قریظہ میں غلام کا فیصلہ کیا' نہ اُسترا مجھ پر چلا اور نہ میرے خلاف فیصلہ فرمایا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ زِيَادٍ إِلَّا مُسْلِمٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَلِيُّ بْنُ هَارُونَ

یہ حدیث زیاد سے صرف مسلم ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں علی بن ہارون اکیلے ہیں۔

**1342** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا الْهَيْثَمُ بْنُ مَرْوَانَ الدِّمَشْقِيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى بْنِ سُمَيْعٍ قَالَ: حَدَّثَنِي رَوْحُ بْنُ الْقَاسِمِ، عَنْ عَاصِمِ ابْنِ بَهْدَلَةَ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ: لَا تَقُومُ السَّاعَةُ حَتَّى يَنْزِلَ عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ فِي الْأَرْضِ حَكَمًا عَدْلًا، وَقَاضِيًا مُقْسِطًا، فَيَكْسِرَ الصَّلِيبَ، وَيَقْتُلَ الْخِنْزِيرَ وَالْقِرْدَ، وَتُوضَعُ الْجِزْيَةُ، وَتَكُونُ السَّجْدَةُ كُلُّهَا وَاحِدَةً لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: قیامت نہیں آئے گی یہاں تک کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام اُتریں گے' آپ عدل کرنے والے حکمران اور انصاف کرنے والے قاضی ہوں گے' وہ صلیب کو توڑیں گے اور خنزیر اور بندر کو قتل کریں گے اور جزیہ مقرر کریں گے اور تمام لوگ ایک ہی اللہ کو جو تمام کائنات کو پالنے والا ہے' اس کو سجدہ کریں گے۔

**1343** - وَبِهِ: حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ الْقَاسِمِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ أَبِي

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: بول و براز کرتے

---

1342- أخرجه البخاري: أحاديث الأنبياء جلد 6 صفحه 566 رقم الحديث: 3448' ومسلم: الأيمان جلد 1 صفحه 135-136 .

1343- أخرجه البخاري: الصلاة جلد 1 صفحه 594 رقم الحديث: 394' ومسلم: الطهارة جلد 1 صفحه 224 .

اَيُّوبَ الْاَنْصَارِيِّ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تَسْتَقْبِلُوا الْقِبْلَةَ وَلَا تَسْتَدْبِرُوهَا بِغَائِطٍ وَّلَا بَوْلٍ، وَشَرِّقُوا اَوْ غَرِّبُوا

وقت قبلہ کی جانب منہ اور پیٹھ نہ کرو بلکہ مشرق اور مغرب کی طرف کرو( کیونکہ مدینہ منورہ میں قبلہ جنوب وشمال کی طرف ہے' یہ حکم وہاں کے لوگوں کے لیے ہے' ہمارے لیے حکم یہ ہے کہ بیت الخلاء جنوب وشمال کی طرف سمت کر کے بنائیں' مشرق ومغرب کی طرف نہیں تاکہ منہ اور پیٹھ قبلہ کی طرف نہ ہو)۔

**1344** - وَبِهِ: عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ اَبِي طَلْحَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تَدْخُلُ الْمَلَائِكَةُ بَيْتًا فِيهِ كَلْبٌ وَّلَا صُورَةٌ

حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ' نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس گھر میں کتا اور تصویر ہو'اس گھر میں رحمت کے فرشتے نہیں داخل ہوتے۔

**1345** - وَبِهِ: حَدَّثَنَا رَوْحٌ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ضُمُّوا اِلَيْكُمْ فَوَاشِيَكُمْ وَاَنْفُسَكُمْ حِينَ تَجِبُ الشَّمْسُ اِلَى اَنْ تَذْهَبَ فَحْمَةُ الْعِشَاءِ، فَاِنَّ الشَّيْطَانَ يَخْرُجُ مِنْ ذَلِكَ الْحِينِ، وَغَلِّقُوا اَبْوَابَكُمْ، وَاَطْفِئُوا مَصَابِيحَكُمْ، فَاِنَّ الْفُوَيْسِقَةَ تُضْرِمُ عَلَى اَهْلِ الْبَيْتِ، وَخَمِّرُوا آنِيَتَكُمْ، وَلَوْ اَنْ يَعْرِضَ اَحَدُكُمْ عَلَى اِنَائِهِ بِعُودٍ، فَاِنَّ الشَّيْطَانَ لَا يَفْتَحُ بَابًا، وَلَا يَكْشِفُ غِطَاءً

حضرت جابر رضی اللہ عنہ' نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: اپنے مویشی اور اپنے آپ کو سورج کے غروب ہونے کے وقت اندھیرا پھیلنے تک اکٹھے کرلیا کرو' بے شک شیطان اس وقت نکلتے ہیں اور اپنے دروازے بند کرلیا کرو اور اپنے چراغ بجھا لیا کرو' چوہے اس (سے چھت میں لے جاکر) گھر والوں کو جلا دیتے ہیں اور اپنے برتن ڈھانپ لیا کرو' اگرچہ لکڑی ہی اپنے برتنوں پر لمبائی میں کیونکہ شیطان بند دروازے کو اور ڈھانپے ہوئے (برتن کو) نہیں کھولتا ہے۔

**1346** - وَبِهِ: عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَمْشِيَنَّ اَحَدُكُمْ فِي نَعْلٍ وَّاحِدَةٍ، وَلَا يَاْكُلُ بِشِمَالِهِ، وَلَا يَسْتَلْقِي وَيَضَعُ اِحْدَى رِجْلَيْهِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ ہی نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: تم میں سے کوئی بھی ایک جوتا پہن کر نہ چلے اور نہ بائیں ہاتھ سے کھائے اور

**1344**- أخرجه البخاري: بدء الخلق جلد6صفحه359 رقم الحديث: 3225' ومسلم: اللباس جلد3صفحه1665 .

**1345**- أخرجه مسلم: الأشربة جلد3صفحه1594 .

**1346**- أخرجه مسلم: اللباس جلد3صفحه1662' وأحمد: المسند جلد3صفحه365 رقم الحديث: 14188 .

عَلَى الْأُخْرَى، وَلَا يَشْتَمِلُ الصَّمَّاءَ

نہ ایک پاؤں دوسرے پاؤں پر رکھ کر لیٹے اور نہ ہی ایک چادر میں لپٹے۔

لَمْ يَرْوِ هَذِهِ الْاَحَادِيثَ عَنْ رَوْحٍ إِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى

یہ احادیث روح سے صرف محمد بن عیسیٰ ہی روایت کرتے ہیں۔

**1347** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ صَدَقَةَ قَالَ: نَا اَحْمَدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ حَكِيمٍ الْاَوْدِيُّ قَالَ: نَا شُرَيْحُ بْنُ مَسْلَمَةَ قَالَ: نَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ يُوسُفَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ الْبَجَلِيِّ، عَنْ اَبِي قَتَادَةَ الْاَنْصَارِيِّ، فِي قَوْلِهِ: (يُثَبِّتُ اللّٰهُ الَّذِينَ آمَنُوا بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَفِي الْآخِرَةِ) (ابراهيم: 27) قَالَ: اِنَّ الْمُؤْمِنَ اِذَا مَاتَ اُجْلِسَ عَلَى قَبْرِهِ، فَيُقَالُ لَهُ: مَنْ رَبُّكَ؟ فَيَقُولُ: اللّٰهُ رَبِّي . فَيُقَالُ لَهُ: مَنْ نَبِيُّكَ؟ فَيَقُولُ: مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ . فَيُرَدِّدُهُ عَلَيْهِ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ

حضرت ابوقتادہ انصاری رضی اللہ عنہ اللہ عزوجل کے اس ارشاد: یُثَبِّتُ اللّٰهُ الَّذِينَ آمَنُوا بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَفِي الْآخِرَةِ ''اللہ عزوجل ایمان والوں کو قولِ ثابت کے ساتھ دنیا و آخرت میں ثابت قدم رکھے گا'' کی تفسیر کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ مؤمن جب دنیا سے جاتا ہے تو اس کو قبر میں بٹھایا جاتا ہے اور اس کو کہا جاتا ہے کہ تیرا رب کون ہے؟ وہ عرض کرتا ہے: میرا رب اللہ ہے' پھر اس کو کہا جاتا ہے: تیرا نبی کون ہے؟ وہ عرض کرتا ہے: محمد بن عبداللہ' اس سے یہ سوال تین مرتبہ ہوتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ اِلَّا يُوسُفُ، وَلَا عَنْ يُوسُفَ اِلَّا ابْنُهُ اِبْرَاهِيمُ، تَفَرَّدَ بِهِ: شُرَيْحٌ

یہ حدیث ابواسحاق سے صرف یوسف اور یوسف سے اُن کے بیٹے ابراہیم ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں شریح اکیلے ہیں۔

**1348** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَحْمَدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ حَكِيمٍ قَالَ: نَا عُبَيْدُ بْنُ الصَّبَّاحِ قَالَ: نَا فُضَيْلُ بْنُ مَرْزُوقٍ، عَنْ فِرَاسٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنِ الْحَارِثِ، عَنْ عَلِيٍّ قَالَ: كُنْتُ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَقْبَلَ اَبُو بَكْرٍ وَعُمَرُ، فَقَالَ: هَذَانِ سَيِّدَا كُهُولِ اَهْلِ الْجَنَّةِ مِنَ الْاَوَّلِينَ وَالْآخِرِينَ، خَلَا

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس تھا کہ حضرت ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما دونوں تشریف لائے تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: یہ دونوں جنتی بوڑھوں کے سردار ہیں سوائے انبیاء و رسولوں کے' اے علی! ان دونوں کو نہ بتانا۔

**1347**- انظر: مجمع الزوائد جلد7صفحه47 .

**1348**- أخرجه الترمذي: المناقب جلد5صفحه611وابن ماجة: المقدمة جلد1صفحه36 رقم الحديث: 95 .

النَّبِیَّ وَالْمُرْسَلِینَ. لَا تُخْبِرْهُمَا یَا عَلِیُّ

لَمْ یَرْوِ هَذَا الْحَدِیثَ عَنْ فُضَیْلٍ اِلَّا عُبَیْدٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَحْمَدُ بْنُ عُثْمَانَ

یہ حدیث فضیل سے صرف عبید ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں احمد بن عثمان اکیلے ہیں۔

**1349** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَحْمَدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ حَكِیمٍ قَالَ: نَا عَلِیُّ بْنُ ثَابِتٍ الدَّهَّانُ قَالَ: نَا مَنْصُورُ بْنُ اَبِی الْاَسْوَدِ، عَنْ یَزِیدَ بْنِ اَبِی زِیَادٍ، عَنْ یَزِیدَ بْنِ یُحَنَّسَ اَبِی الْحَسَنِ، عَنْ سَعِیدِ بْنِ زَیْدٍ، اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ حَمَلَ حَسَنًا، فَقَالَ: اللّٰهُمَّ اِنِّی اُحِبُّهُ، فَاَحِبَّهُ، وَاُحِبُّ مَنْ اَحَبَّهُ

حضرت سعید بن زید رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کو اُٹھایا ہوا تھا' آپ نے فرمایا: اے اللہ! میں اس سے محبت کرتا ہوں' تو بھی اس سے محبت کر اور جو اس سے محبت کرے تو اس سے بھی محبت کر۔

لَمْ یَرْوِ هَذَا الْحَدِیثَ عَنْ مَنْصُورٍ اِلَّا عَلِیٌّ

یہ حدیث منصور سے صرف علی ہی روایت کرتے ہیں۔

**1350** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَحْمَدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ حَكِیمٍ قَالَ: نَا اِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُورٍ قَالَ: نَا اِسْرَائِیلُ، عَنْ اَبِی یَحْیَى الْقَتَّاتِ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ: مَرَّ عَلَى النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ رَجُلٌ عَلَیْهِ ثَوْبَانِ اَحْمَرَانِ فَسَلَّمَ، فَلَمْ یَرُدَّ عَلَیْهِ

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس سے ایک آدمی گزرا' اس نے دو سرخ رنگ کے کپڑے زیب تن کیے ہوئے تھے' اس نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو سلام کیا' تو آپ نے اس کے سلام کا جواب نہیں دیا۔

لَمْ یَرْوِ هَذَا الْحَدِیثَ عَنْ اَبِی یَحْیَى اِلَّا اِسْرَائِیلُ، تَفَرَّدَ بِهِ: اِسْحَاقُ

یہ حدیث ابویحییٰ سے صرف اسرائیل ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں اسحاق اکیلے ہیں۔

**1351** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَحْمَدُ بْنُ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے

---

**1349**- انظر: التهذيب جلد 7 صفحه 247-248' أخرجه الطبراني في الكبير رقم الحديث: 351' والبزار جلد 3 صفحه 229. وانظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 17919.

**1350**- أخرجه أبو داؤد: اللباس جلد 4 صفحه 52 رقم الحديث: 4069' والترمذي: الأدب جلد 5 صفحه 116 رقم الحديث: 2807.

**1351**- انظر: لسان الميزان جلد 4 صفحه 249. انظر: مجمع الزوائد جلد 9 صفحه 111.

عُثْمَانَ بْنِ حَكِيمٍ قَالَ: نَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ الْاَزْرَقُ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْقَاسِمِ الْكِنْدِيِّ، عَنِ الْمُعَلَّى بْنِ عِرْفَانَ، عَنْ اَبِي وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: رَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ آخِذًا بِيَدِ عَلِيٍّ، فَقَالَ: هٰذَا وَلِيِّي، وَاَنَا وَلِيُّهُ

نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا کہ آپ حضرت علی رضی اللہ عنہ کا ہاتھ پکڑے ہوئے تھے اور آپ نے فرمایا: یہ میرا ولی ہے اور میں اس کا ولی ہوں۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي وَائِلٍ اِلَّا الْمُعَلَّى

یہ حدیث ابووائل سے صرف سہل ہی روایت کرتے ہیں۔

1352 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ حَبِيبِ بْنِ الشَّهِيدِ قَالَ: نَا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ سَلْمِ بْنِ اَبِي الذَّيَّالِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ، وَالْحَكَمِ بْنِ عَمْرٍو الْغِفَارِيِّ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا طَاعَةَ لِاَحَدٍ فِي مَعْصِيَةِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ

حضرت عمران بن حصین اور حکم بن عمرو الغفاری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ عزوجل کی نافرمانی میں کسی کی اطاعت نہیں ہے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ سَلْمٍ اِلَّا مُعْتَمِرٌ

یہ حدیث مسلم سے صرف معتمر ہی روایت کرتے ہیں۔

1353 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ مَعْمَرٍ قَالَ: نَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ قَالَ: نَا زُرَارَةُ بْنُ اَبِي الْحِلَالِ الْعَتَكِيُّ قَالَ: سَمِعْتُ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُولُ: كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي سَفَرٍ وَمَعَنَا حَادٍ يُقَالُ لَهُ: اَنْجَشَةُ فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا اَنْجَشَةُ رُوَيْدَكَ سَوْقًا بِالْقَوَارِيرِ

حضرت زرارہ بن ابوالحلال العتکی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کو فرماتے سنا کہ ہم ایک سفر میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ تھے اور ہمارے ساتھ ایک حُدی خوان بھی تھے جن کو انجشہ کہا جاتا تھا' اس کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے انجشہ! شیشوں کے چلانے میں آہستگی کر (یعنی حضرت انجشہ بڑے خوش آواز تھے' یہ سریلی آواز میں اشعار وغیرہ پڑھتے تھے تو ان کی آواز پر اونٹ بھی مست ہو جاتے تھے

---

1352- أخرجه الامام فی مسنده جلد4صفحه426 . وانظر: مجمع الزوائد جلد5صفحه229 .

1353- أخرجه البخاری: الأدب جلد10صفحه554 رقم الحديث: 6149' ومسلم: الفضائل جلد4صفحه1811 .

اور دوڑنا شروع کر دیتے' اس پر آپ نے فرمایا: انہیں آہستہ چلاؤ کہ اونٹوں پر عورتیں سوار ہیں' گر نہ جائیں)۔

1354 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ مَعْمَرٍ قَالَ: نَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ قَالَ: نَا زُرَارَةُ بْنُ اَبِي الْحَلَالِ الْعَتَكِيُّ قَالَ: سَمِعْتُ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُولُ: رَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبَيْنَ يَدَيْهِ مَرَقَةٌ فِيهَا دُبَّاءُ، فَجَعَلَ يَتَتَبَّعُهُ يَاْكُلُهُ

لَمْ يَرْوِ هٰذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنْ زُرَارَةَ اِلَّا رَوْحٌ

حضرت زرارہ بن ابی حلال العتکی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کوفرماتے سنا کہ میں نے نبی کریم ﷺ کو دیکھا کہ آپ کے آگے شوربہ پڑا ہوا ہے اوراس میں کدو ہے' اور آپ اس کوتلاش کرکر کے کھارہے تھے۔

یہ دونوں حدیثیں زرارہ سے صرف روح ہی روایت کرتے ہیں۔

1355 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ مَعْمَرٍ قَالَ: نَا اَبُو عَاصِمٍ، عَنْ شَبِيبِ بْنِ بِشْرٍ، عَنْ اَنَسٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَعَنَ فِي الْخَمْرِ عَشَرَةً: عَاصِرَهَا وَمُعْتَصِرَهَا، وَبَائِعَهَا، وَمُبْتَاعَهَا، وَحَامِلَهَا، وَالْمَحْمُولَةَ اِلَيْهِ، وَشَارِبَهَا، وَسَاقِيَهَا، وَآكِلَ ثَمَنِهَا

حضرت انس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے شراب کے معاملہ میں دس افراد پر لعنت کی: نچوڑنے والے پر' نچوڑنے والے کی مدد کرنے والے پر' اس کوفروخت کرنے اور خریدنے والے پر' اسے اُٹھانے اور اُٹھوانے والے پر' اور پینے اور پلانے والے پر اور اس کی کمائی کھانے والے پر۔

1356 - وَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مِنْ اَشْرَاطِ السَّاعَةِ الْفُحْشُ وَالتَّفَحُّشُ، وَقَطِيعَةُ الْاَرْحَامِ، وَتَخْوِينُ الْاَمِينِ، وَائْتِمَانُ الْخَائِنِ

اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: قیامت کی نشانیاں یہ ہیں کہ فحش بات کہنے والے اور فحش کام کرنے والے ہوں گے' رشتے داریاں توڑی جائیں گی' امانت دار خائن ہوگا' اور خائن امانت دار ہوگا۔

1357 - وَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس بندے پر اللہ

---

1354- أخرجه البخاری: الأطعمة جلد10صفحه474 رقم الحديث: 5437' ومسلم: الأشربة جلد3صفحه1615 .

1355- أخرجه الترمذی: البيوع جلد3صفحه580 رقم الحديث: 1295' وابن ماجة: الأشربة جلد2صفحه1122 رقم الحديث: 3381 .

1356- أخرجه البزار جلد4صفحه149 بوانظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 28717 .

1357- أخرجه ابن ماجة: الأدب جلد2صفحه1250 رقم الحديث: 3805 .

وَسَلَّمَ: مَا اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَى عَبْدٍ نِعْمَةً، فَقَالَ: اَلْحَمْدُ لِلَّهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ، اِلَّا كَانَ الَّذِى اَعْطَى خَيْرًا مِنَ الَّذِى اَخَذَ

عزوجل انعام فرمائے تو وہ یہ دعا پڑھے: ''اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ'' تو اللہ عزوجل نے جو نعمت اس سے لی ہے اس سے بھی بہتر اسے عطا کرے گا۔

1358 - وَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ رَمَى رَمْيَةً فِى سَبِيلِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ قَصَّرَ اَوْ بَلَغَ، كَانَ لَهُ مِثْلُ اَجْرِ اَرْبَعَةِ اَنَاسِيَّ مِنْ وَلَدِ اِسْمَاعِيلَ اَعْتَقَهُمْ

اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے اللہ کی راہ میں تیر چلایا' وہ تیر راستے میں رہا یا منزل پہ پہنچ گیا تو اس کے لیے حضرت اسماعیل علیہ السلام کی اولاد سے چار غلام آزاد کرنے کا ثواب ہوگا۔

1359 - وَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ رَاحَ رَوْحَةً فِى سَبِيلِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ كَانَ لَهُ مِثْلُ مَا اَصَابَهُ مِنَ الْغُبَارِ لَهُ مِسْكٌ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے ایک شام اللہ کی راہ میں گزاری' اس کو جو گرد پہنچی وہ اس کے لیے قیامت کے دن مشک کی خوشبو ہوگا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذِهِ الْاَحَادِيثَ عَنْ شَبِيبٍ اِلَّا اَبُو عَاصِمٍ

یہ احادیث شبیب سے صرف ابوعاصم ہی روایت کرتے ہیں۔

1360 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعِيدٍ الْجَوْهَرِيُّ قَالَ: نَا رَيْحَانُ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ: نَا عَبَّادُ بْنُ مَنْصُورٍ، عَنْ اَيُّوبَ، عَنْ اَبِى قِلَابَةَ، عَنْ اَبِى صَالِحٍ الْحَارِثِيِّ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيرٍ، اَنَّ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ كَتَبَ كِتَابًا قَبْلَ اَنْ يَخْلُقَ السَّمَاوَاتِ وَالْاَرْضَ بِاَلْفَىْ عَامٍ، فَهُوَ عِنْدَهُ عَلَى الْعَرْشِ، اَنْزَلَ مِنْ ذٰلِكَ الْكِتَابِ آيَتَيْنِ خَتَمَ بِهِمَا سُورَةَ الْبَقَرَةِ، وَاِنَّ الشَّيْطَانَ لَا يَلِجُ بَيْتًا قُرِئَتْ فِيهِ ثَلَاثَ لَيَالٍ

حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: بے شک اللہ عزوجل نے اپنی کتاب اپنے پاس عرش پر زمین و آسمان کے پیدا کرنے سے دو ہزار سال پہلے لکھی ہوئی تھی' وہ اس کے پاس عرش پر ہے' اس میں سے اللہ عزوجل نے اپنی کتاب میں سورۂ بقرہ کی آخری دو آیتیں نازل فرمائیں' بے شک شیطان اس گھر میں داخل نہیں ہوتا ہے جس گھر میں تین راتیں یہ پڑھی جاتی ہیں۔

---

1358- انظر: مجمع الزوائد جلد5صفحه273 .

1359- أخرجه ابن ماجة: الجهاد جلد2صفحه927 رقم الحديث: 2775 .

1360- أخرجه الترمذي: فضائل القرآن جلد5صفحه159 رقم الحديث: 2882' وأحمد: المسند جلد 4صفحه336 رقم الحديث: 18444 .

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَيُّوبَ اِلَّا عَبَّادٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: رَيْحَانُ

یہ حدیث ایوب سے صرف عباد ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں ریحان اکیلے ہیں۔

**1361** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ قَالَ: نَا مُطَّلِبُ بْنُ زِيَادٍ، عَنِ السُّدِّيِّ، عَنْ عَبْدِ خَيْرٍ، عَنْ عَلِيٍّ، فِي قَوْلِهِ: (اِنَّمَا اَنْتَ مُنْذِرٌ وَّلِكُلِّ قَوْمٍ هَادٍ) (الرعد: 7)، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْمُنْذِرُ وَالْهَادِ: رَجُلٌ مِّنْ بَنِي هَاشِمٍ .

حضرت علی رضی اللہ عنہ اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد "اِنَّمَا اَنْتَ مُنْذِرٌ وَّلِكُلِّ قَوْمٍ هَادٍ" (الرعد:۷) کے متعلق فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: منذر اور ھاد بنی ہاشم کے آدمی تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ السُّدِّيِّ اِلَّا الْمُطَّلِبُ، تَفَرَّدَ بِهِ: عُثْمَانُ

یہ حدیث سدی سے صرف مطلب ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں عثمان اکیلے ہیں۔

**1362** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا عُقْبَةُ بْنُ مُكْرَمٍ الْعَمِّيُّ قَالَ: نَا صَفْوَانُ بْنُ عِيسَى قَالَ: نَا بِشْرُ بْنُ رَافِعٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ طَارِقٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ لَقِيطِ بْنِ عَامِرٍ، اَنَّهُ سَاَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْوُضُوءِ؟ فَقَالَ: اِذَا كُنْتَ صَائِمًا فَاسْتَنْثِرْ رُوَيْدًا

حضرت لقیط بن عامر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے وضو کے متعلق پوچھا تو آپ نے فرمایا: اگر تو روزہ کی حالت میں ہو تو ناک میں پانی ڈالنے میں احتیاط کرنا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ طَارِقٍ اِلَّا بِشْرٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: صَفْوَانُ

یہ حدیث محمد بن طارق سے صرف بشر ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں صفوان اکیلے ہیں۔

**1363** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِي بَزَّةَ قَالَ: نَا مُؤَمَّلُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ قَالَ:

حضرت نافع رضی اللہ عنہ' حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ وہ جب وضو کرتے

---

**1361**- أخرجه الطبراني في الصغير جلد1صفحه261 . وانظر: مجمع الزوائد جلد7صفحه44 .

**1362**- أخرجه أبو داؤد: الصوم جلد 2صفحه318 رقم الحديث: 2366، والترمذي: الصوم جلد3صفحه146 رقم الحديث: 78، والنسائي: الطهارة جلد 1صفحه57 (باب المبالغة في الاستنشاق)، وابن ماجة: الطهارة جلد 1 صفحه 142 رقم الحديث: 407، وأحمد: المسند جلد 4صفحه42 رقم الحديث: 16390، وابن حبان في موارد الظمآن رقم الحديث: 159 .

**1363**- انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 23811 .

نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ الْعُمَرِيُّ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّهُ كَانَ إِذَا تَوَضَّأَ خَلَّلَ لِحْيَتَهُ وَأَصَابِعَ رِجْلَيْهِ، وَيَزْعُمُ أَنَّهُ رَأَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَفْعَلُ ذٰلِكَ

تو اپنی داڑھی اور پاؤں کی انگلیوں کا خلال کرتے اور وہ گمان کرتے کہ نبی کریم ﷺ بھی ایسا کرتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ إِلَّا مُؤَمَّلٌ

یہ حدیث حضرت عبداللہ بن عمر سے صرف مؤمل ہی روایت کرتے ہیں۔

**1364** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا أَبُو عُبَيْدِ اللّٰهِ أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ وَهْبٍ قَالَ: نَا عَمِّي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ الصُّنَابِحِيِّ قَالَ: حَدَّثَنِي سَعْدُ بْنُ عُبَادَةَ قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ قَالَ: لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ، أَطَاعَ بِهَا قَلْبُهُ، وَذَلَّ بِهَا لِسَانُهُ، وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ، حَرَّمَهُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ عَلَى النَّارِ

حضرت سعید بن عبادہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے نبی کریم ﷺ کو فرماتے سنا: جس نے لا الٰہ الا اللہ وحدہٗ لاشریک لہٗ اپنے دل کی حضوری اور زبان کے ساتھ پڑھا اور اشہد ان محمداً رسول اللہ پڑھا تو اللہ عزوجل اس پر جہنم کی آگ حرام کردے گا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ زَيْدٍ إِلَّا ابْنُهُ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُ وَهْبٍ

یہ حدیث زید سے اُن کے بیٹے ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں ابن وہب اکیلے ہیں۔

**1365** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا هَاشِمُ بْنُ الْوَلِيدِ أَبُو طَالِبٍ الْهَرَوِيُّ قَالَ: نَا أَبُو بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ رُفَيْعٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، وَعَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: سَتَكُونُ عَلَيْكُمْ أُمَرَاءُ يُؤَخِّرُونَ الصَّلَاةَ عَنْ مَوَاقِيتِهَا، فَإِنْ أَدْرَكْتُمْ ذٰلِكَ فَصَلُّوا الصَّلَاةَ لِوَقْتِهَا،

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: عنقریب ایسے امراء آئیں گے جو نماز کو وقت سے مؤخر کرکے پڑھیں گے' اگر تم اُن کا زمانہ پاؤ تو وقت پر نماز پڑھ لینا اور اُن کے ساتھ بھی پڑھ لینا وہ نفل ہو جائے گی۔

1364- انظر: مجمع الزوائد جلد1صفحه24 .

1365- أخرجه مسلم: المساجد جلد1صفحه378 .

وَاجْعَلُوا صَلَاتَكُمْ مَعَهُمْ سُبْحَةً

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ إِلَّا أَبُو بَكْرٍ

یہ حدیث عبدالعزیز سے صرف ابوبکر ہی روایت کرتے ہیں۔

**1366** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا طَاهِرُ بْنُ خَالِدِ بْنِ نِزَارٍ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبِي قَالَ: نَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ، عَنْ عَامِرِ بْنِ عَبْدِ الْوَاحِدِ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ صَعْصَعَةَ بْنِ مُعَاوِيَةَ، عَنْ أَبِي ذَرٍّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ أَنْفَقَ زَوْجَيْنِ مِنْ مَالِهِ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ دَعَتْهُ حَجَبَةُ الْجَنَّةِ، كُلُّهُمْ يَدْعُوهُ إِلَى مَا عِنْدَهُ: يَا عَبْدَ اللّٰهِ هَذَا خَيْرٌ، وَمَنْ دَفَنَ ثَلَاثَةً مِنْ وَلَدِهِ، مِنْ صُلْبِهِ أَدْخَلَهُ اللّٰهُ الْجَنَّةَ بِفَضْلِ رَحْمَتِهِ إِيَّاهُمْ

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ' نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جو میاں بیوی اپنے مال سے اللہ کی راہ میں خرچ کریں' اُن کو جنت کا دربان پکارے گا: سارے اپنے پاس بلائیں گے' جو اُن کے پاس ہوگا' اے اللہ کے بندے! یہ بہتر ہے' اور جس نے اپنے تین صلبی بیٹے دفن کیے تو اللہ عزوجل اپنے فضل ورحمت کی وجہ سے ان کو جنت میں داخل کرے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَامِرٍ إِلَّا إِبْرَاهِيمُ، تَفَرَّدَ بِهِ خَالِدٌ

یہ حدیث عامر سے صرف ابراہیم ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں خالد اکیلے ہیں۔

**1367** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيمِ بْنِ دَنُوقَا قَالَ: نَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْحِجَازِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ الْعُمَرِيُّ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا أَيُّهَا النَّاسُ مُرُوا بِالْمَعْرُوفِ، وَانْهَوْا عَنِ الْمُنْكَرِ قَبْلَ أَنْ تَدْعُوا اللّٰهَ فَلَا يَسْتَجِيبُ لَكُمْ، وَقَبْلَ أَنْ تَسْتَغْفِرُوهُ فَلَا يَغْفِرُ لَكُمْ. إِنَّ الْأَمْرَ بِالْمَعْرُوفِ وَالنَّهْيَ عَنِ

حضرت سالم بن عبداللہ بن عمر اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے لوگو! نیکی کا حکم دو اور بُرائی سے منع کرو' اس سے پہلے کہ تم اللہ سے دعا کرو اور تمہاری دعائیں قبول نہ ہوں' اور اس سے پہلے کہ تم بخشش مانگو اور وہ تم کو معاف نہ کرے' بے شک نیکی کا حکم دینے اور بُرائی سے منع کرنے سے موت قریب نہیں آتی ہے' بے شک یہود و نصاریٰ کے علماء نے جب نیکی کا حکم دینا اور بُرائی سے منع کرنا

1366- أخرجه النسائي جلد 6 صفحه 39 (باب فضل النفقة في سبيل اللّٰه تعالٰى)' وأحمد: المسند جلد 5 صفحه 183 رقم الحديث: 21416 .

1367- انظر: مجمع الزوائد جلد 7 صفحه 269 .

الْمُنْكَرِ لَا يُقَرِّبُ اَجَلًا، وَاِنَّ الْاَحْبَارَ مِنَ الْيَهُودِ، وَالرُّهْبَانَ مِنَ النَّصَارٰى لَمَّا تَرَكُوا الْاَمْرَ بِالْمَعْرُوفِ وَالنَّهْيَ عَنِ الْمُنْكَرِ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ عَلٰى لِسَانِ اَنْبِيَائِهِمْ، ثُمَّ عَمَّهُمُ الْبَلَاءُ

چھوڑ دیا تو ان پر اللہ کی جانب سے ان کے انبیاء علیہم السلام کی زبان سے لعنت کی گئی' پھر اُن پر عام آزمائشیں نازل ہوئیں۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ الْعُمَرِيِّ الْعَابِدِ اِلَّا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْجَحْدَرِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُ دَنُوقَا

یہ حدیث عبداللہ بن عبدالعزیز العمری سے صرف اسحاق بن ابراہیم الجحدری ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں ابن دنوقا اکیلے ہیں۔

**1368** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيمِ اَبُو يَحْيٰى صَاعِقَةُ قَالَ: نَا اَبُو اَحْمَدَ الزُّبَيْرِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ الْعَبَّاسِ الشِّبَامِيُّ، عَنْ عَمَّارٍ الدُّهْنِيِّ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ التَّيْمِيِّ قَالَ: كَانَ اَبِي قَدْ تَرَكَ الصَّلَاةَ مَعَنَا . فَقُلْتُ لَهُ: مَا لَكَ يَا اَبَةِ تَرَكْتَ الصَّلَاةَ مَعَنَا؟ قَالَ: لِاَنَّكُمْ تُخِفُّونَ، قُلْتُ: فَاَيْنَ قَوْلُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ فِيكُمُ الضَّعِيفَ وَالْكَبِيرَ وَذَا الْحَاجَةِ؟ . فَقَالَ: قَدْ سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُودٍ يَقُولُ ذٰلِكَ . وَكَانَ يَمْكُثُ فِي الرُّكُوعِ وَالسُّجُودِ

حضرت ابراہیم تیمی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میرے والد نے ہمارے ساتھ نماز پڑھنا چھوڑ دیا تو میں نے ان سے عرض کی: اے میرے ابا جان! آپ نے ہمارے ساتھ نماز پڑھنا کیوں چھوڑا ہے؟ وہ فرمانے لگے: کیونکہ تم مختصر نماز پڑھتے ہو میں نے کہا: نبی کریم ﷺ کا قول کہاں ہے کہ تمہارے پیچھے کمزور' بزرگ' ضرورت مند بھی ہوتے ہیں؟ تو انہوں نے فرمایا: میں نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ کو فرماتے ایسے ہی سنا ہے اور وہ رکوع وسجود میں دیر کرتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَمَّارٍ الدُّهْنِيِّ اِلَّا عَبْدُ الْجَبَّارِ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَبُو اَحْمَدَ

یہ حدیث عمار الدھنی سے صرف عبدالجبار ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں ابواحمد اکیلے ہیں۔

**1369** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ اَبَانَ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ، عَنْ مَالِكِ بْنِ مِغْوَلٍ، عَنْ اَبِي بُرْدَةَ، عَنْ اَبِي مُوسٰى، اَنَّ النَّبِيَّ

حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے میری قرأت سنی تو آپ نے فرمایا: اسے اللہ عزوجل نے حضرت داؤد علیہ السلام کے مزامیر عطا کیے

**1368**- أخرجه الطبرانی فی الكبير رقم الحديث: **10507** . انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: **7612** .

**1369**- أخرجه البخاری: فضائل القرآن جلد **8** صفحه **710** رقم الحديث: **5048**' ومسلم: المسافرين جلد **1** صفحه **546** .

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَمِعَ قِرَائَةَ اَبِي مُوسَى، فَقَالَ: لَقَدْ اُعْطِيَ هَذَا مِزْمَارًا مِنْ مَزَامِيرِ آلِ دَاوُدَ

ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَالِكِ بْنِ مِغْوَلٍ، عَنْ اَبِي بُرْدَةَ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ وَرَوَاهُ النَّاسُ: عَنْ مَالِكِ بْنِ مِغْوَلٍ، عَنْ اَبِي بُرْدَةَ، عَنْ اَبِيهِ

یہ حدیث از مالک بن مغول از ابو بردہ صرف محمد بن فضیل ہی روایت کرتے ہیں' لوگوں نے مالک بن مغول سے' انہوں نے ابن بریدہ' انہوں نے اپنے والد سے روایت کی۔

**1370** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا هَارُونُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَمَّالُ قَالَ: نَا يَعْقُوبُ بْنُ اِسْحَاقَ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نَا سُلَيْمُ بْنُ حَيَّانَ، عَنْ اَيُّوبَ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: رَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَجَدَ فِي ص

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے نبی کریم ﷺ کو سورۂ صٓ میں سجدہ کرتے ہوئے دیکھا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُلَيْمٍ اِلَّا يَعْقُوبُ

یہ حدیث سلیم سے صرف یعقوب ہی روایت کرتے ہیں۔

**1371** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ الْقَطَّانُ قَالَ: نَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ قَالَ: نَا شُعْبَةُ، عَنْ مُغِيرَةَ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ فِي قَوْلِهِ: (اَقِمِ الصَّلَاةَ لِدُلُوكِ الشَّمْسِ) (الاسراء: 78) قَالَ: حِينَ تَزُولُ الشَّمْسُ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما' اللہ عزوجل کے اس ارشاد ''اَقِمِ الصَّلَاةَ لِدُلُوكِ الشَّمْسِ'' (الاسراء: ۷۸) کی تفسیر کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ اس سے مراد ہے: جس وقت سورج ڈھل جائے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ شُعْبَةَ اِلَّا عُثْمَانُ

یہ حدیث شعبہ سے صرف عثمان ہی روایت کرتے ہیں۔

**1372** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول

---

**1370-** أخرجه البخاري: أحاديث الأنبياء جلد 6 صفحه 526 رقم الحديث: 3422' وأبو داؤد: الصلاة جلد 2 صفحه 60 رقم الحديث: 1409' والترمذي: الصلاة جلد 2 صفحه 469 رقم الحديث: 577' وأحمد: المسند جلد 1 صفحه 467 رقم الحديث: 3386 .

**1371-** انظر: الدر المنثور جلد 4 صفحه 195 .

**1372-** أخرجه أبو داؤد: الأدب جلد 4 صفحه 345 رقم الحديث: 5173' وأحمد: المسند جلد 2 صفحه 485

الْوَلِيدِ بْنِ اَبِي خَيْرَةَ قَالَ: نَا اَبِي، عَنْ كَثِيرِ بْنِ زَيْدٍ، عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ رَبَاحٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا دَخَلَ الْبَصَرُ فَلا اِذْنَ

اللہ ﷺ نے فرمایا: جب آنکھ دیکھ لے تو اس (جھانکنے والے) کے لیے کوئی اجازت نہیں ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ كَثِيرٍ اِلَّا الْوَلِيدُ، تَفَرَّدَ بِهٖ: ابْنُهُ

یہ حدیث کثیر سے صرف ولید ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں اُن کے بیٹے اکیلے ہیں۔

1373 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ خِرَاشٍ قَالَ: نَا يَعْقُوبُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ الْاَنْصَارِيِّ، عَنْ اَبِي اُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ اَبِي سَلَمَةَ قَالَ: رَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي فِي ثَوْبٍ وَّاحِدٍ مُّتَوَشِّحًا بِهٖ

حضرت عمر بن ابی سلمہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے نبی کریم ﷺ کو ایک ہی کپڑے میں لپٹ کر نماز پڑھتے ہوئے دیکھا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَحْيَى اِلَّا اللَّيْثُ وَمُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ

یہ حدیث یحییٰ سے صرف لیث اور محمد بن اسحاق ہی روایت کرتے ہیں۔

1374 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا هَارُونُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَمَّالُ قَالَ: نَا بِشْرُ بْنُ الْحَسَنِ اَبُو مَالِكٍ الصَّفِّيُّ قَالَ: نَا ابْنُ جُرَيْجٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ احْتَجَمَ بِلَحْيِ جَمَلٍ، وَهُوَ صَائِمٌ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے پچھنا لگوایا' یعنی جمل میں (ایک جگہ کا نام ہے جو مکہ اور مدینہ کے درمیان ہے) اس حالت میں کہ آپ روزہ سے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ اِلَّا بِشْرٌ،

یہ حدیث ابن جریج سے صرف بشر ہی روایت

---

رقم الحديث: 8807 .

1373- أخرجه مسلم: الصلاة جلد 1 صفحه 368' وابن ماجة: اقامة الصلاة جلد 1 صفحه 333 رقم الحديث: 1049 وأحمد: المسند جلد 3 صفحه 35 رقم الحديث: 16342 .

1374- أخرجه النسائي في الكبرى جلد 2 صفحه 233 رقم الحديث: 3216 .

قَالَ اَبُو بَكْرِ بْنُ صَدَقَةَ: وَهُوَ اَخُو حُسَيْنِ بْنِ الْحَسَنِ صَاحِبِ ابْنِ عَوْنٍ . قَالَ اَبُو بَكْرِ بْنُ صَدَقَةَ: وَاِنَّمَا سُمِّيَ الصَّفِّيَّ لِلُزُومِهِ الصَّفَّ الْاَوَّلَ فِي مَسْجِدِ الْبَصْرَةِ خَمْسِينَ سَنَةً

کرتے ہیں۔ ابوبکر بن صدقہ، یہ حسین بن حسن کے بھائی ہیں، ابن عون کے ساتھی۔ ابوبکر بن صدقہ نے کہا: اس کا نام صفی بھی ہے، کیونکہ انہوں نے پچاس سال بصرہ کی مسجد میں پہلی صف میں ہمیشہ نماز پڑھی ہے۔

**1375** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ الْقَطَّانُ قَالَ: نَا بَدَلُ بْنُ الْمُحَبَّرِ قَالَ: نَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، وسُلَيْمَانُ التَّيْمِيُّ، عَنْ بَكْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْمُزَنِيِّ، عَنْ اَبِي رَافِعٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَنَّهُ سَجَدَ فِي: اِذَا السَّمَاءُ انْشَقَّتْ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ، نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اذا السماء انشقت میں سجدہ کیا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ شُعْبَةَ اِلَّا بَدَلٌ

یہ حدیث شعبہ سے صرف بدل ہی روایت کرتے ہیں۔

**1376** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ قَالَ: نَا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيدِ قَالَ: نَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ قَالَ: سَمِعْتُ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُولُ: كُنَّا اِذَا نَزَلْنَا مَنْزِلًا سَبَّحْنَا حَتَّى نَحِلَّ الرِّحَالَ قَالَ شُعْبَةُ: تَسْبِيحًا بِاللِّسَانِ

حضرت قتادہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کو فرماتے سنا کہ جب ہم اُترتے تھے تو ہم سبحان اللہ کہتے تھے، یہاں تک کہ کجاوہ اُتارتے ہوئے بھی، شعبہ نے کہا: زبان سے سبحان اللہ کہتے تھے۔

**1377** - وَبِهِ: حَدَّثَنِي قَتَادَةُ قَالَ: سَمِعْتُ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُولُ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا نَزَلَ مَنْزِلًا لَمْ يَرْتَحِلْ مِنْهُ حَتَّى يُصَلِّيَ

حضرت قتادہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کو فرماتے سنا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب کسی جگہ اُترتے تو آپ اس جگہ سے ظہر کی نماز پڑھے

---

**1375**- أخرجه مسلم: المساجد جلد 1صفحه406، وأبو داؤد: الصلاة رقم الحديث: 1407، والنسائي: الافتتاح جلد 2 صفحه124 (باب السجود في ﴿اذا السماء أنشقت﴾).

**1376**- انظر: مجمع الزوائد جلد10صفحه136 .

**1377**- أخرجه أبو داؤد: الصلاة جلد2صفحه4 رقم الحديث: 1205، والنسائي: المواقيت جلد 1صفحه199 (باب تعجيل الظهر في السفر)، وأحمد: المسند جلد3صفحه148 رقم الحديث: 12211 .

الظُّهْرَ

لَمْ يَرْوِ هَذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنْ شُعْبَةَ إِلَّا بَقِيَّةُ

بغیر نہیں جاتے تھے۔

یہ دونوں حدیثیں شعبہ سے صرف بقیہ ہی روایت کرتے ہیں۔

**1378** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي بَزَّةَ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيدَ بْنِ خُنَيْسٍ قَالَ: نَا ابْنُ جُرَيْجٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: غَدَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ عَرَفَةَ مِنْ مِنًى، فَلَمَّا انْبَعَثَتْ بِهِ رَاحِلَتُهُ، وَعَلَيْهَا قَطِيفَةٌ قَدِ اشْتُرِيَتْ بِأَرْبَعَةِ دَرَاهِمَ قَالَ: اللّٰهُمَّ اجْعَلْهَا حَجَّةً مَبْرُورَةً، لَا رِيَاءَ فِيهَا، وَلَا سُمْعَةَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم منیٰ سے عرفات آئے' جب آپ سواری پر سوار ہوئے تو آپ پر چادر تھی جس کو آپ نے چار درہم میں خریدا تھا' آپ نے فرمایا: اے اللہ! اس کو حج مبرور (قبول) بنا دے' اس میں ریاکاری اور دکھاوا نہیں ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ إِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيدَ . تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُ أَبِي بَزَّةَ

یہ حدیث ابن جریج سے صرف محمد بن یزید ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں ابن ابی بزہ اکیلے ہیں۔

**1379** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى قَالَ: نَا بَكْرُ بْنُ يَحْيَى بْنُ زَبَّانَ قَالَ: نَا حِبَّانُ بْنُ عَلِيٍّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ، عَنْ سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَتَأْمُرُنَّ بِالْمَعْرُوفِ، وَلَتَنْهَوُنَّ عَنِ الْمُنْكَرِ، أَوْ لَيُسَلَّطَنَّ عَلَيْكُمْ شِرَارُكُمْ، ثُمَّ يَدْعُو خِيَارُكُمْ فَلَا يُسْتَجَابُ لَكُمْ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم ضرور نیکی کا حکم دو اور برائی سے منع کرو' ورنہ تم پر تمہارے شرارتی لوگ مسلط کیے جائیں گے' پھر تمہارے نیک لوگ دعا کریں گے تو ان کی دعا قبول نہیں ہوگی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ إِلَّا حِبَّانُ، تَفَرَّدَ بِهِ: بَكْرُ بْنُ يَحْيَى بْنِ زَبَّانَ

یہ حدیث ابن عجلان سے صرف حبان ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں بکر بن یحییٰ بن زبان اکیلے ہیں۔

---

1378- انظر: مجمع الزوائد جلد3صفحه224 .

1379- انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث:26917 .

**1380** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ صَدَقَةَ قَالَ: نَا جَمِيلُ بْنُ الْحَسَنِ الْعَتَكِيُّ قَالَ: نَا اَبُو هَمَّامٍ مُحَمَّدُ بْنُ الزِّبْرِقَانِ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَجْلَانَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: عَطَسَ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلَانِ: شَرِيفٌ وَّوَضِيعٌ، فَشَمَّتَ الْوَضِيعَ وَلَمْ يُشَمِّتِ الشَّرِيفَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، شَمَّتَّ هَذَا وَلَمْ تُشَمِّتْنِي؟ فَقَالَ: اِنَّ هَذَا ذَكَرَ اللّٰهَ فَذَكَرَهُ، وَاَنْتَ نَسِيتَ اللّٰهَ فَنَسِيَكَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ دو آدمیوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس چھینک ماری' اُن میں سے ایک شریف تھا اور ایک شرارتی شخص تھا' آپ نے شرارتی کا جواب دیا اور شریف کا جواب نہ دیا' اس نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ نے اس کا جواب دیا اور میرا جواب نہیں دیا' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اس نے اللہ کا ذکر کیا تھا تو میں نے اس کو یاد کیا' تم اللہ کو بھولے تو میں تمہیں بھول گیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ اِلَّا اَبُو هَمَّامٍ

یہ حدیث ابن عجلان سے ابوہمام ہی روایت کرتے ہیں۔

**1381** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا سَعِيدُ بْنُ عَمْرٍو السَّكُونِيُّ قَالَ: نَا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيدِ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ رُسْتُمٍ، عَنْ رَوْحِ بْنِ الْقَاسِمِ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ التَّيْمِيِّ، عَنِ الْمُنْذِرِ بْنِ جَرِيرٍ، عَنْ جَرِيرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يُؤْوِى الضَّالَّةَ اِلَّا ضَالٌّ

حضرت جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: گم شدہ چیز کو لے کر اپنے پاس رکھنے والا خود ہی گمراہ ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ رَوْحٍ اِلَّا صَفْوَانُ بْنُ رُسْتُمٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: بَقِيَّةُ

یہ حدیث روح سے صرف صفوان بن رستم ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں بقیہ اکیلے ہیں۔

---

1380- أخرجه الامام أحمد فی مسنده رقم الحديث: 32812' انظر: مجمع الزوائد جلد8صفحه61 .

1381- أخرجه أبو داؤد: اللقطة جلد 2صفحه143 رقم الحديث: 1720' وابن ماجة: اللقطة جلد 2صفحه836 رقم الحديث: 2503' وأحمد: المسند جلد 4صفحه439-440 رقم الحديث: 19207' والطبرانی فی الكبير جلد2صفحه330 رقم الحديث: 2376-2378 .

**1382** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَوْفٍ الْحِمْصِیُّ قَالَ: نَا نَصْرُ بْنُ مُهَاجِرٍ قَالَ: نَا عُمَرُ بْنُ عُبَيْدٍ قَالَ: نَا مِسْعَرٌ، عَنْ عَمْرِو بْنِ عَامِرٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَجُلٌ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، يَا خَيْرَ الْبَرِيَّةِ . فَقَالَ: ذَاكَ اَبِی اِبْرَاهِيمُ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نے عرض کی: یارسول اللہ! اے خیر البریہ! آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: خیر البریہ تو ابراہیم علیہ السلام ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ مِسْعَرٍ اِلَّا عُمَرُ بْنُ عُبَيْدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُ الْمُهَاجِرِ

یہ حدیث مسعر سے صرف عمر بن عبید ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں ابن مہاجر اکیلے ہیں۔

**1383** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ غَالِبٍ الْاَنْطَاكِیُّ قَالَ: نَا اَبُو الْجَوَّابِ الْاَحْوَصُ بْنُ جَوَّابٍ قَالَ: نَا سُفْيَانُ الثَّوْرِیُّ، عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: نَهَی رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ كُلِّ ذِی نَابٍ مِّنَ السَّبُعِ، وَكُلِّ ذِی مِخْلَبٍ مِّنَ الطَّيْرِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہر پھاڑنے والے درندے اور ہر اُچکنے والے پرندے (کو کھانے) سے منع فرمایا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُفْيَانَ اِلَّا اَبُو الْجَوَّابِ

یہ حدیث سفیان سے صرف ابوالجواب ہی روایت کرتے ہیں۔

**1384** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ

حضرت ابوعبیدہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں

---

**1382**- أخرجه أبو داؤد: السنة جلد **4** صفحه **217** رقم الحديث: **4672**' وأحمد: المسند جلد **3** صفحه **226** رقم الحديث: **12913** .

**1383**- أخرجه مسلم: الصيد جلد **3** صفحه **1534**' وأبو داؤد: الأطعمة جلد **3** صفحه **354** رقم الحديث: **3803**' والنسائی: الصيد جلد **7** صفحه **182** (باب اباحة أكل لحوم الدجاج)' وأحمد: المسند جلد **1** صفحه **321** رقم الحديث: **2196** .

**1384**- أخرجه الطبرانی فی الصغير رقم الحديث: **1111**' والكبير جلد **10** صفحه **183**' والحاكم جلد **4** صفحه **248** . وانظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: **19018** .

غَالِبٍ قَالَ: نَا يَحْيَى بْنُ السَّكَنِ قَالَ: نَا شُعْبَةُ، وقَيْسٌ، عَنْ اَبِى اِسْحَاقَ، عَنْ اَبِى عُبَيْدَةَ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ارْحَمْ مَنْ فِي الْاَرْضِ يَرْحَمْكَ مَنْ فِي السَّمَاءِ

کہ انہوں نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم زمین والوں پر رحم کرو' آسمان والاتم پر رحم کرے گا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ شُعْبَةَ اِلَّا يَحْيَى

یہ حدیث شعبہ سے صرف یحییٰ ہی روایت کرتے ہیں۔

**1385** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ حَسَّانَ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيدَ الْوَاسِطِيُّ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ مُسْلِمٍ الْبَطِينِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَاُ فِي صَلَاةِ الصُّبْحِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ: الم تَنْزِيلُ وهَلْ اَتَى عَلَى الْاِنْسَانِ، وَفِي صَلَاةِ الْجُمُعَةِ: سُورَةَ الْجُمُعَةِ، وَاِذَا جَائَكَ الْمُنَافِقُونَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جمعہ کے دن صبح کی نماز میں الم تنزیل اورهل اتى على الانسان پڑھتے تھےاور جمعہ کی نماز میں سورۂ جمعہ اور اذا جاء ك المنافقون پڑھتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ شُعْبَةَ، عَنِ الْحَكَمِ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيدَ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ حَسَّانَ

یہ حدیث از شعبہ از حکم صرف محمد بن یزید ہی روایت کرتے ہیں اور اسے روایت کرنے میں محمد بن حسان اکیلے ہیں۔

**1386** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ حَرْبٍ النَّشَائِيُّ قَالَ: نَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ قَالَ: اَنَا شُعْبَةُ، عَنْ فَرَجِ بْنِ فَضَالَةَ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ عَيَّاشٍ، عَنْ اَبِى بَكْرِ بْنِ اَبِى مَرْيَمَ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ

حضرت عوف بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انصار کے ایک آدمی کا نماز جنازہ پڑھایا' میں نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا' آپ دعا فرما رہے تھے: اے اللہ! اس کو بخش دے اور اس پر رحم کر اور

---

1385- أخرجه مسلم: الجمعة جلد 2 صفحه 599' وأبو داؤد: الصلاة جلد 1 صفحه 280 رقم الحديث: 1075 والنسائى: الجمعة جلد 3 صفحه 91' وأحمد: المسند جلد 1 صفحه 298 رقم الحديث: 1998 .

1386- أخرجه مسلم: الجنائز جلد 2 صفحه 662' والنسائى: الجنائز جلد 4 صفحه 59 (باب الدعاء)' وأحمد: المسند جلد 6 صفحه 27 رقم الحديث: 24030 .

عَوْفِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى عَلَى رَجُلٍ مِّنَ الْاَنْصَارِ، فَسَمِعْتُهُ يَقُولُ: اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَهُ وَارْحَمْهُ، وَاَكْرِمْ نُزُلَهُ قَالَ يَزِيدُ: فَقَدِمَ اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ اِلَى بَغْدَادَ، فَسَمِعْنَاهُ مِنْهُ

اس کی اچھی مہمان نوازی کر! یزید فرماتے ہیں کہ اسماعیل بن عیاش بغداد سے آئے تو ہم نے ان سے یہ حدیث سنی۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ شُعْبَةَ اِلَّا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ

یہ حدیث شعبہ سے صرف یزید بن ہارون ہی روایت کرتے ہیں۔

**1387** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى الْقَطَّانُ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نَا سَلْمُ بْنُ سَلَّامٍ اَبُو الْمُسَيَّبِ قَالَ: نَا شُعْبَةُ قَالَ: اَخْبَرَنِي سُهَيْلُ بْنُ اَبِي صَالِحٍ، وَصَالِحُ بْنُ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِيهِمَا، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ قَالَ اِذَا اَمْسَى: اَعُوذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ كُلِّهَا مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ، لَمْ يَضُرَّهُ شَيْءٌ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے شام کے وقت ''اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّمَّاتِ كُلِّهَا مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ'' پڑھا تو اس کو کوئی شی نقصان نہیں دے گی۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ صَالِحِ بْنِ اَبِي صَالِحٍ اِلَّا سَلْمٌ

یہ حدیث از شعبہ از صالح بن ابی صالح صرف سلم ہی روایت کرتے ہیں۔

**1388** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ السَّكَنِ الْاُبُلِّيُّ قَالَ: نَا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْاَرْحَبِيُّ قَالَ: نَا الْمُطَّلِبُ بْنُ زِيَادٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عِيسَى، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: كُفِّنَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي ثَلَاثَةِ اَثْوَابٍ، لَيْسَ فِيهَا قَمِيصٌ وَّلَا عِمَامَةٌ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کو تین کپڑوں میں کفن دیا گیا' ان میں قمیص اور عمامہ نہیں تھا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عِيسَى اِلَّا الْمُطَّلِبُ، وَلَا عَنِ الْمُطَّلِبِ اِلَّا يَحْيَى، تَفَرَّدَ بِهِ:

یہ حدیث عبداللہ بن عیسیٰ سے صرف مطلب ہی روایت کرتے ہیں اور مطلب سے صرف یحییٰ ہی روایت

1387- انظر: مجمع الزوائد جلد10صفحه123 .

1388- أخرجه البخاري: الجنائز جلد3صفحه167 رقم الحديث: 1272، ومسلم: الجنائز جلد2صفحه649 .

مُحَمَّدُ بْنُ السَّكَنِ

کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں محمد بن سکن اکیلے ہیں۔

**1389** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا عَبْدَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الصَّفَارُ قَالَ: نَا اَبُو دَاوُدَ قَالَ: نَا سَعِيدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، اَخُو اَبِي حَرَّةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ وَهْبٍ، عَنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ شُعْبَةَ، اَنَّهُ اَفْرَغَ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ اِدَاوَةٍ، وَقَدْ قَضَى حَاجَتَهُ، فَتَوَضَّاَ، فَغَسَلَ وَجْهَهُ، وَذَهَبَ يُخْرِجُ يَدَيْهِ مِنَ الْجُبَّةِ، فَاِذَا هِيَ ضَيِّقَةُ الْكُمَّيْنِ. فَاَخْرَجَهُمَا مِنْ اَسْفَلِ الْجُبَّةِ، فَتَوَضَّاَ وَمَسَحَ عَلَى خُفَّيْهِ. ثُمَّ اَتَيْنَا عَبْدَ الرَّحْمَنِ بْنَ عَوْفٍ وَقَدْ صَلَّى رَكْعَةً، فَصَلَّيْنَا مَعَهُ رَكْعَةً، وَقَضَيْنَا الرَّكْعَةَ الَّتِي فَاتَتْنَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ جب بیت الخلاء میں داخل ہوتے تو آپ جب تک زمین کے قریب نہ ہوتے اس وقت تک اپنا کپڑا نہیں اُٹھاتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَبِي يَحْيَى إِلَّا سَهْلٌ وَالْمَشْهُورُ مِنْ حَدِيثِ عَبْدِ السَّلَامِ بْنِ حَرْبٍ

یہ حدیث ابی یحییٰ سے صرف سہل ہی روایت کرتے ہیں‘ اور مشہور حدیث عبدالسلام بن حرب کی۔

1432- انظر: مجمع الزوائد جلد1 صفحه259 .

1433- أخرجه الترمذي: الطهارة جلد1 صفحه14‘ والدارمي: الوضوء جلد1 صفحه178 رقم الحديث: 666

**1434** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَبُو الْخَطَّابِ زِيَادُ بْنُ يَحْيَى قَالَ: نَا اَبُو بَحْرٍ الْبَكْرَاوِيُّ قَالَ: نَا الْعَوَّامُ بْنُ حَمْزَةَ قَالَ: نَا اَنَسُ بْنُ سِيرِينَ قَالَ: سَاَلْتُ ابْنَ عُمَرَ عَنْ رَجُلٍ طَلَّقَ امْرَاَتَهُ، وَهِيَ حَائِضٌ، فَقَالَ: اَتَعْرِفُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ؟ اِنِّي طَلَّقْتُ امْرَاَتِي، وَهِيَ حَائِضٌ، فَاَتَى عُمَرُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَاَلَهُ؟ فَقَالَ: مُرْهُ فَلْيُرَاجِعْهَا، فَاِذَا طَهُرَتْ فَلْيُطَلِّقْهَا اِنْ شَاءَ مِنْ قُبُلِ عِدَّتِهَا قُلْتُ: فَتَعْتَدُّ بِتِلْكَ التَّطْلِيقَةِ؟ قَالَ: فَمَهْ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْعَوَّامِ اِلَّا اَبُو بَحْرٍ

حضرت انس بن سیرین رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے ایک آدمی کے متعلق پوچھا: جو اپنی بیوی کو حالت حیض میں طلاق دیتا ہے تو آپ نے فرمایا: کیا تُو عبداللہ بن عمر کو جانتا ہے؟ میں نے اپنی بیوی کو حالت حیض میں طلاق دی تھی تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آئے اور اس کے متعلق پوچھا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اس کو حکم دے کہ وہ رجوع کرے پھر جب وہ (عورت) پاک ہو جائے تو اگر چاہے تو اس کی عدت سے پہلے اسے طلاق دے میں نے عرض کی: آپ نے اس طلاق کو عدت شمار کیا تھا؟ فرمایا: اس کو چھوڑو!

یہ حدیث عوام سے صرف ابوبحر ہی روایت کرتے ہیں۔

**1435** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مَالِكُ بْنُ سَعْدٍ الْقَيْسِيُّ قَالَ: نَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ قَالَ: نَا زَكَرِيَّا بْنُ اِسْحَاقَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَعَنَ الْمُتَشَبِّهِينَ مِنَ الرِّجَالِ بِالنِّسَاءِ، وَلَعَنَ الْمُتَشَبِّهَاتِ مِنَ النِّسَاءِ بِالرِّجَالِ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَمْرٍو اِلَّا زَكَرِيَّا، تَفَرَّدَ بِهِ رَوْحٌ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان مردوں پر لعنت فرمائی جو عورتوں کی مشابہت اختیار کرتے ہیں اور اُن عورتوں پر لعنت فرمائی جو مردوں کی مشابہت اختیار کرتی ہیں۔

یہ حدیث عمرو سے صرف زکریا ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں روح اکیلے ہیں۔

---

1434- أخرجه البخاری: الطلاق جلد9صفحه264 رقم الحديث:5252، ومسلم: الطلاق جلد2صفحه1097 .

1435- أخرجه البخاری: اللباس جلد 10صفحه345 رقم الحديث: 5885، وأبو داؤد: اللباس جلد 4صفحه59 رقم الحديث: 4097، والترمذی: الأدب جلد 5صفحه105-106 رقم الحديث: 2784، وابن ماجة: النكاح جلد1صفحه614 رقم الحديث:1904 .

**1436** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَبُو الْخَطَّابِ قَالَ: نَا هَارُونُ بْنُ مُسْلِمٍ الْحِنَّائِيُّ قَالَ: نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ الْاَخْنَسِ، عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، مَوْلَى بَنِي عَبْدِ الدَّارِ، عَنْ يُوسُفَ بْنِ مَاهَكَ، عَنْ مُعَاوِيَةَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ يُرِدِ اللّٰهُ بِهِ خَيْرًا يُفَقِّهْهُ فِي الدِّينِ

حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے سنا: جس کے ساتھ اللہ عزوجل بھلائی کا ارادہ کرتا ہے اس کو دین کی سمجھ دے دیتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يُوسُفَ بْنِ مَاهَكَ اِلَّا الْوَلِيدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، تَفَرَّدَ بِهِ: عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ الْاَخْنَسِ

یہ حدیث یوسف بن ماھک سے صرف ولید بن عبداللہ ہی روایت کرتے ہیں اُن سے روایت کرنے میں عبیداللہ بن اخنس اکیلے ہیں۔

**1437** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْقَطِيعِيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكْرٍ الْبُرْسَانِيُّ قَالَ: نَا بِسْطَامُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ مَطَرٍ الْوَرَّاقِ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ جَابِرٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْعُمْرَى جَائِزَةٌ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: عمریٰ جائز ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَطَرٍ اِلَّا بِسْطَامٌ، وَلَا عَنْ بِسْطَامٍ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ بَكْرٍ. تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى

یہ حدیث مطر سے صرف بسطام ہی روایت کرتے ہیں اور بسطام سے صرف محمد بن بکر ہی روایت کرتے ہیں اسے روایت کرنے میں محمد بن یحییٰ اکیلے ہیں۔

**1438** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْقَطِيعِيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكْرٍ الْبُرْسَانِيُّ

حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو اپنے رشتہ دار کا مالک بنا تو وہ

---

1436- أخرجه البخاري: الاعتصام جلد13صفحه306 رقم الحديث: 7312، ومسلم: الامارة جلد3صفحه1524 .

1437- أخرجه البخاري: الهبة جلد 5صفحه282 رقم الحديث: 2626، ومسلم: الهبات جلد3صفحه1247، وأبو داؤد: البيوع جلد3صفحه293 رقم الحديث: 3558، والترمذي: الأحكام جلد 3صفحه642 رقم الحديث: 1351 .

1438- أخرجه أبو داؤد: العتق جلد4صفحه25 رقم الحديث: 3949، والترمذي: الأحكام جلد 3صفحه637 رقم الحديث: 1365، وابن ماجة: العتق جلد2صفحه843 رقم الحديث: 2524 .

قَالَ: نَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَاصِمٍ الْاَحْوَلِ، وقَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ سَمُرَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ مَلَكَ ذَا رَحِمٍ مَّحْرَمٍ فَهُوَ حُرٌّ

(غلام) آزاد ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَاصِمٍ الْاَحْوَلِ اِلَّا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، وَلَا عَنْ حَمَّادٍ اِلَّا مُحَمَّدٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى

یہ حدیث عاصم الاحول سے صرف حماد بن سلمہ ہی روایت کرتے ہیں اور حماد سے صرف محمد ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں محمد بن یحییٰ اکیلے ہیں۔

**1439** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ سُفْيَانَ بْنِ اَبِي الزَّرْدُ الْاُبُلِّيُّ قَالَ: نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسَى قَالَ: نَا فُضَيْلُ بْنُ غَزْوَانَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: لَمْ تَكُنْ صَدَقَةُ الْفِطْرِ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا التَّمْرُ وَالزَّبِيبُ وَالشَّعِيرُ، لَمْ تَكُنِ الْحِنْطَةُ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمانہ میں صدقۂ فطر کھجور' کشمش اور جو سے ادا کیا جاتا ہے' گندم نہیں ہوتی تھی۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ فُضَيْلٍ اِلَّا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسَى

یہ حدیث فضیل سے صرف عبیداللہ بن موسیٰ ہی روایت کرتے ہیں۔

**1440** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا عُثْمَانُ بْنُ حَفْصٍ التُّومَنِيُّ قَالَ: نَا السَّكَنُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ الْاَصَمُّ قَالَ: نَا خَالِدٌ الْحَذَّاءُ، عَنْ اَبِي قِلَابَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: سَمِعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلًا وَهُوَ يَقُولُ: لَبَّيْكَ عَنْ شُبْرُمَةَ، فَقَالَ: مَنْ شُبْرُمَةُ؟ فَقَالَ: اَبِي . فَقَالَ: اَحَجَجْتَ قَطُّ؟ قَالَ: لَا . قَالَ: احْجُجْ عَنْ نَفْسِكَ، ثُمَّ حُجَّ عَنْ اَبِيكَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ انہوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ایک آدمی کو کہتے ہوئے سنا: لبیک عن شبرمہ! آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: شبرمہ کون ہے؟ عرض کی: میرا والد' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کیا تُو نے حج کر لیا ہے؟ اس نے عرض کی: نہیں! تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اپنا حج کر پھر اپنے والد کی طرف سے کرنا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ اِلَّا

یہ حدیث خالد الحذاء سے صرف سکن بن اسماعیل ہی

**1440**- أخرجه أبو داؤد: المناسك جلد 2 صفحه 167 رقم الحديث: 1811' وابن ماجة: المناسك جلد 2 صفحه 969 رقم الحديث: 2903 .

السَّكَنُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ

**1441** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ اَبِي صَفْوَانَ الثَّقَفِيُّ قَالَ: نَا الْوَلِيدُ بْنُ هِشَامٍ الْقَحْذَمِيُّ قَالَ: نَا الْحَارِثُ بْنُ يَزِيدَ السَّكُونِيُّ الْحِمْصِيُّ قَالَ: نَا عَمْرُو بْنُ قَيْسٍ السَّكُونِيُّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُسْرٍ الْمَازِنِيِّ قَالَ: جَاءَ اَعْرَابِيَّانِ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَحَدُهُمَا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَيُّ النَّاسِ خَيْرٌ؟ قَالَ: مَنْ طَالَ عُمْرُهُ، وَحَسُنَ عَمَلُهُ فَقَالَ الْآخَرُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنَّ سُنَنَ الْاِسْلَامِ وَشَرَائِعَهُ قَدْ كَثُرَتْ عَلَيَّ، فَمَا تَاْمُرُنِي؟ قَالَ: لَا يَزَالُ لِسَانُكَ رَطْبًا مِنْ ذِكْرِ اللّٰهِ تَعَالَى

روایت کرتے ہیں۔

حضرت عبداللہ بن بسر المازنی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ دو دیہاتی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں آئے' ان میں سے ایک نے عرض کی: یارسول اللہ! لوگوں میں بہتر کون ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس کی عمر لمبی ہو اور اعمال اچھے ہوں۔ دوسرے نے عرض کی: یارسول اللہ! اسلام کے طریقے اور شرائع مجھ پر بہت زیادہ ہیں' آپ مجھے کیا حکم دیتے ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اپنی زبان کو ہمیشہ اللہ کے ذکر سے تروتازہ رکھو۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْحَارِثِ بْنِ يَزِيدَ السَّكُونِيِّ اِلَّا الْوَلِيدُ بْنُ هِشَامٍ

یہ حدیث حارث بن یزید السکونی سے صرف ولید بن ہشام ہی روایت کرتے ہیں۔

**1442** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ صَدَقَةَ قَالَ: نَا زَيْدُ بْنُ اَخْزَمَ الطَّائِيُّ قَالَ: نَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ قَالَ: نَا اِسْرَائِيلُ، عَنْ مَيْسَرَةَ بْنِ حَبِيبٍ، عَنِ الْمِنْهَالِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ قَيْسِ بْنِ السَّكَنِ، اَنَّهُ سَمِعَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُودٍ يَقُولُ: كَانَ مِمَّا حَفِظْنَا عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَنَّ الرُّقَى وَالتَّمَائِمَ وَالتِّوَلَةَ مِنَ الشِّرْكِ ۔ فَقَالَتْ لَهُ امْرَاَتُهُ: وَمَا التِّوَلَةُ؟ قَالَ: التَّهْيِيجُ

حضرت قیس ابن السکن روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ جو ہم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے یاد کیا کہ منتر اور (شرکیہ الفاظ پر مشتمل) تعویذ اور محبت والے جادو کا گنڈا شرک ہے۔ ایک عورت نے عرض کی: تولہ کیا ہے؟ فرمایا: جوش دلانے والے جادو کا گنڈا۔

---

**1441**- أخرجه أحمد: المسند جلد **4** صفحه **231** رقم الحديث: **17697**' والبيهقى فى الكبرىٰ جلد **3** صفحه **519** رقم الحديث: **6526** .

**1442**- أخرجه الحاكم فى المستدرك جلد **4** صفحه **417-418** .

فائدہ: یہ اُن تعویذ کی بات ہو رہی ہے جن میں ناجائز کلمات ہوں' ہاں! اگر قرآن و حدیث سے ہوں تو اس کے جائز ہونے میں کوئی شک نہیں ہے' جو لوگ منع کرتے ہیں' انہیں کے مسلم بزرگ مولانا وحید الزمان' کتاب لغات الحدیث میں لکھتے ہیں: میں کہتا ہوں کہ آیاتِ قرآنی اور ادعیہ ماثورہ سے حب کا عمل کرنا یا حب کا تعویذ یا نقش لکھنا شرک نہیں ہوسکتا ہے۔

(جلد ۱ صفحہ ۲۲۴' مطبوعہ نعمانی کتب خانہ لاہور)

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَيْسَرَةَ إِلَّا إِسْرَائِيلُ

یہ حدیث میسرہ سے صرف اسرائیل ہی روایت کرتے ہیں۔

**1443** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا زَيْدُ بْنُ أَخْزَمَ قَالَ: نَا بِشْرُ بْنُ عُمَرَ الزَّهْرَانِيُّ قَالَ: نَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ الْأَنْصَارِيِّ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ مُرَّةَ الزُّرَقِيِّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْأَنْصَارُ تَرِكَتِي وَعَيْبَتِي، فَاقْبَلُوا مِنْ مُحْسِنِهِمْ، وَتَجَاوَزُوا عَنْ مُسِيئِهِمْ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ' نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: انصار میرے خالص دوست اور راز دار ہیں' ان کی اچھائیاں قبول کرو اور اُن کی بُرائیاں چھوڑ دو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ الْأَنْصَارِيِّ إِلَّا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، وَلَا عَنْ حَمَّادٍ إِلَّا بِشْرُ بْنُ عُمَرَ

یہ حدیث یحییٰ بن سعید الانصاری سے صرف حماد بن سلمہ ہی روایت کرتے ہیں اور حماد سے صرف بشر بن عمر ہی روایت کرتے ہیں۔

**1444** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُؤَمَّلِ بْنِ الصَّبَّاحِ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ بِلَالٍ قَالَ: نَا عِمْرَانُ الْقَطَّانُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: دَخَلَ شَهْرُ رَمَضَانَ، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ هَذَا الشَّهْرَ قَدْ دَخَلَ وَهُوَ شَهْرُ اللَّهِ الْمُبَارَكُ، فِيهِ لَيْلَةٌ مَنْ حُرِمَهَا فَقَدْ حُرِمَ الْخَيْرَ، وَلَا يُحْرَمُ خَيْرَهَا إِلَّا كُلُّ مَحْرُومٍ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رمضان کا مہینہ آیا تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: یہ جو مہینہ داخل ہوا ہے یہ اللہ کا مبارک مہینہ ہے' اس میں ایک ایسی رات ہے کہ جو اس سے محروم ہوا وہ خیر سے محروم ہوا اور خیر سے صرف وہی محروم ہوتا ہے جو ہر خیر سے محروم ہو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ إِلَّا عِمْرَانُ،

یہ حدیث قتادہ سے صرف عمران ہی روایت کرتے

1444- أخرجه ابنماجة: الصيام جلد 1 صفحه 526 رقم الحديث: 1644' والترغيب والترهيب للمنذرى جلد 2 صفحه 99 رقم الحديث: 21 .

تَفَرَّدَ بِهِ مُحَمَّدُ بْنُ بِلَالٍ

ہیں' اسے روایت کرنے میں محمد بن بلال اکیلے ہیں۔

1445 - وَبِهِ: عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ زُرَارَةَ بْنِ اَوْفَى، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ ضَرَبَ سَوْطًا ظُلْمًا اقْتُصَّ مِنْهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے بطور ظلم (کسی کو) کوڑا مارا' قیامت کے دن اس سے قصاص لیا جائے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ زُرَارَةَ اِلَّا عِمْرَانُ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ بِلَالٍ وَرَوَاهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ، عَنْ عِمْرَانَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَقِيقٍ الْعُقَيْلِيِّ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ

یہ حدیث از قتادہ از زرارہ صرف عمران ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں محمد بن بلال اکیلے ہیں۔ اور عبداللہ بن رجاء از عمران از قتادہ از عبداللہ بن شقیق العقیلی از حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں۔

1446 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُؤَمَّلِ بْنِ الصَّبَّاحِ قَالَ: نَا يُونُسُ بْنُ نَافِعِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَشْرَسَ الْمَدَنِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ اَبِي الزِّنَادِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبَانَ بْنِ عُثْمَانَ قَالَ: سَمِعْتُ عُثْمَانَ يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ صَنَعَ اِلَى اَحَدٍ مِّنْ وَلَدِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ يَدًا، فَلَمْ يُكَافِئْهُ بِهَا فِي الدُّنْيَا، فَعَلَيَّ مُكَافَاتُهُ غَدًا اِذَا لَقِيَنِي

حضرت عثمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے اولادِ عبدالمطلب کو ہاتھ سے مارا' اس سے دنیا میں بدلہ نہیں لیا گیا تو میں کل (یعنی قیامت کے دن) اس سے بدلہ لوں گا' جب وہ مجھے ملے گا۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ عُثْمَانَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: يُونُسُ بْنُ نَافِعٍ

یہ حدیث عثمان سے صرف اسی سند سے روایت کی گئی ہے' اسے روایت کرنے میں یونس بن نافع اکیلے ہیں۔

1447 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُؤَمَّلِ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ جَهْضَمٍ قَالَ: نَا الْهُذَيْلُ

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ ایک دن آئے تو آپ کے ہاتھ

---

1445- أخرجه البيهقي في الكبرى جلد8 صفحه82 رقم الحديث: 16004 .

1446- انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 17619 .

1447- انظر: مجمع الزوائد جلد7 صفحه191 .

بْنُ بِلَالٍ، عَنْ اَبِی الْاَصْبَغِ، عَنْ زَاذَانَ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَقْبَلَ ذَاتَ يَوْمٍ وَّفِي يَدِهِ صَحِيفَتَيْنِ، يَنْظُرُ فِيهِمَا، فَقَالَ اَصْحَابُهُ: وَاللّٰهِ اِنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ لَاُمِّيٌّ، مَا يَقْرَاُ وَمَا يَكْتُبُ، حَتَّى دَنَا مِنْهُمْ، فَنَشَرَ الَّتِي فِي يَمِينِهِ، فَقَالَ: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ، هَذَا كِتَابٌ مِّنَ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ بِاَسْمَاءِ اَهْلِ الْجَنَّةِ، وَاَسْمَاءِ آبَائِهِمْ وَعَشَائِرِهِمْ، مُجْمِلٌ عَلَيْهِمْ، لَا يُزَادُ فِي آخِرِهِ شَيْئًا، فَرَغَ رَبُّكُمْ، ثُمَّ نَشَرَ الَّتِي فِي يَدِهِ الْاُخْرَى لِاَهْلِ النَّارِ، فَقَالَ مِثْلَ ذَلِكَ

میں دو صحیفے تھے' آپ ان دونوں کو دیکھ رہے تھے' آپ نے اپنے صحابہ سے فرمایا: اللہ کی قسم! بے شک اللہ کا نبی اُمّی ہے' نہ پڑھتا اور نہ لکھتا ہے یہاں تک کہ آپ نے اُن کو قریب کیا' پس آپ نے دائیں ہاتھ والا صحیفہ کھولا' تو پڑھا: اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان رحم کرنے والا ہے' یہ کتاب رحمٰن رحیم کی طرف سے ہے' اس میں جنت والوں کے نام' اُن کے باپوں اور اُن کے قبائل کے نام ہیں' اس میں مکمل تفصیل ہے' اس میں زیادتی نہیں کی جائے گی' تمہارا رب فارغ ہو چکا ہے۔ پھر آپ نے دوسرے ہاتھ والا صحیفہ کھولا جو جہنم والوں کا تھا تو اسی کی مثل فرمایا۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنِ الْبَرَاءِ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ جَهْضَمٍ

یہ حدیث براء سے اسی سند سے روایت کی گئی ہے اسے روایت کرنے میں محمد بن جہضم اکیلے ہیں۔

**1448** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ عُثْمَانَ بْنِ عَمْرِو بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِي عُقَيْلٍ الثَّقَفِيُّ الْبَصْرِيُّ قَالَ: نَا عُمَرُ بْنُ يُونُسَ الْيَمَامِيُّ قَالَ: نَا حُبَابُ بْنُ فَضَالَةَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: نَزَلَ تَحْرِيمُ الْخَمْرِ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَيْسَ بِمَكَّةَ اَصْلُ عِنَبٍ، وَالظُّرُوفُ مَمْلُوئَةٌ بُسْرًا وَتَمْرًا، فَاَمَرَ بِهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاُكْفِئَتْ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ شراب کی حرمت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر نازل ہوئی حالانکہ مکہ مکرمہ میں انگور نہیں تھے' اور برتن خشک اور تازہ کھجوروں سے بھرے ہوئے تھے' تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس کے متعلق حکم دیا کہ ان برتنوں کو بہا دو۔ تو (انہیں) بہا دیا گیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ حُبَابٍ اِلَّا عُمَرُ

یہ حدیث حباب سے صرف عمر ہی روایت کرتے ہیں۔

**1448**- أخرجه البخاري: الأشربة جلد**10**صفحه**38** رقم الحديث: **5580**؛ ومسلم: الأشربة جلد**3**صفحه**157** .

**1449** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُبَيْدِ بْنِ عُقَيْلٍ قَالَ: نَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ قَالَ: نَا شُعْبَةُ، عَنْ حُصَيْنٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ الْحُصَيْنِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا رُقْيَةَ اِلَّا مِنْ عَيْنٍ اَوْ حُمَةٍ

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: دَم نہیں ہے مگر نظر لگنے یا بخار میں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ شُعْبَةَ اِلَّا عُثْمَانُ

یہ حدیث شعبہ سے صرف عثمان ہی روایت کرتے ہیں۔

**1450** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: نَا جَدِّى عُبَيْدُ بْنُ عُقَيْلٍ قَالَ: نَا شُعْبَةُ، عَنْ عُتْبَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ اَبِى الْعُمَيْسِ، عَنْ مُسْلِمٍ الْبَطِينِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُونٍ قَالَ: اَتَيْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُودٍ، سِتَّةً فَلَمْ اَسْمَعْهُ يُحَدِّثُ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَيْئًا، فَحَدَّثَ يَوْمًا عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدِيثًا فَقَالَ: اَوْ نَحْوَ هَذَا، اَوْ قَرِيبًا مِنْ هَذَا، وَتَغَيَّرَ وَجْهُهُ

حضرت عمرو بن میمون فرماتے ہیں کہ میں حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے پاس چھ ماہ رہا' میں نے آپ سے رسول اللہ ﷺ کی کوئی حدیث بیان کرتے ہوئے نہیں سنی' ایک دن نبی کریم ﷺ سے حدیث بیان فرمانے لگے' تو فرمایا: اس طرح یا اس کے قریب اور آپ کے چہرے کی رنگت تبدیل ہوگئی۔

**1451** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا الْمُنْذِرُ بْنُ الْوَلِيدِ الْجَارُودِيُّ قَالَ: نَا اَبِى قَالَ: نَا الْحَسَنُ بْنُ اَبِى جَعْفَرٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُحَادَةَ، عَنْ اَبِى حَصِينٍ، عَنْ اَبِى عَبْدِ الرَّحْمَنِ السَّلَمِيِّ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِى طَالِبٍ، اَنَّهُ كَانَ يَخْرُجُ حِينَ يُؤَذِّنُ ابْنُ التَّيَّاحِ عِنْدَ الْفَجْرِ الْاَوَّلِ، فَيَقُولُ: نِعْمَ سَاعَةُ الْوِتْرِ هَذِهِ، وَيَتَاَوَّلُ

حضرت ابوعبدالرحمٰن السلمی' حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ وہ اس وقت نکلتے جس وقت مؤذن ابن تیاح اوّل فجر کے وقت اذان دیتے تھے' حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے: یہ بہترین وقت وتر کا ہے اور اس آیت کی تاویل کی: ''وَالصُّبْحِ اِذَا تَنَفَّسَ'' (التکویر:۱۸)۔

---

**1449**- أخرجه البخاری: الطب جلد10صفحه163 رقم الحديث: 5705' وأبو داؤد: الطب جلد 4صفحه9 رقم الحديث: 3884' والترمذی: الطب جلد 4صفحه394 رقم الحديث: 2057' وأحمد: المسند جلد 4 صفحه532 رقم الحديث: 19931' والطبرانی فی الكبير جلد18صفحه235 رقم الحديث: 587-588 .

**1451**- انظر: مجمع الزوائد جلد2صفحه249 .

هَذِهِ الْآيَةَ: (وَالصُّبْحِ اِذَا تَنَفَّسَ) (التكوير: 18)

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُحَادَةَ اِلَّا الْحَسَنُ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْمُنْذِرُ عَنْ اَبِيهِ

یہ حدیث محمد بن جحادہ سے صرف حسن ہی روایت کرتے ہیں اسے اپنے والد سے روایت کرنے میں منذر اکیلے ہیں۔

1452 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا الْمُنْذِرُ بْنُ الْوَلِيدِ قَالَ: نَا اَبِي قَالَ: نَا حُمَيْدُ بْنُ مِهْرَانَ، عَنْ صَالِحٍ الْغُدَانِيِّ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ اَوْسِ بْنِ اَوْسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ اَصْبَحَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ، فَغَسَلَ وَاغْتَسَلَ، وَبَكَّرَ، وَمَشَى وَلَمْ يَرْكَبْ، وَدَنَا وَلَمْ يَلْغُ، فَاِنَّ لَهُ بِكُلِّ خُطْوَةٍ عَمَلًا مِنْ اَعْمَالِ الْبِرِّ، الصَّوْمِ وَالصَّلَاةِ

حضرت اوس بن اوس رضی اللہ عنہ نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جس نے جمعہ کے دن صبح کے وقت غسل کیا اور پہل کی اور پیدل چلا سوار نہیں ہوا اور قریب ہوا لغو بات نہ کی تو اس کو ہر قدم کے بدلے روزے اور نماز کے برابر نیکی دی جائے گی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْحَسَنِ اِلَّا صَالِحٌ، وَلَا عَنْ صَالِحٍ اِلَّا حُمَيْدٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْجَارُودِيُّ، عَنْ اَبِيهِ

یہ حدیث حسن سے صرف صالح اور صالح سے صرف حمید ہی روایت کرتے ہیں اسے جارودی از والد خود روایت کرنے میں اکیلے ہیں۔

1453 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ عُبَيْدَةَ الْعُصْفُرِيُّ قَالَ: نَا سَعِيدُ بْنُ عَامِرٍ قَالَ: نَا شُعْبَةُ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ اَبِي الزَّعْرَاءِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: مَنْ اَتَى عَرَّافًا اَوْ كَاهِنًا، فَصَدَّقَهُ بِمَا يَقُولُ، فَقَدْ كَفَرَ بِمَا اُنْزِلَ عَلَى مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جو نجومی یا کاہن کے پاس آیا تو اس نے اس کی تصدیق کی تو بے شک اُس نے حضرت محمد ﷺ پر جو نازل ہوا اُس کا انکار کیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ شُعْبَةَ اِلَّا سَعِيدٌ

یہ حدیث شعبہ سے صرف سعید ہی روایت کرتے ہیں۔

---

1452- انظر: مجمع الزوائد جلد2صفحه178 .

1453- أخرجه الطبراني في الكبير جلد10صفحه93 . انظر: مجمع الزوائد جلد5صفحه121 .

**1454** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ السَّكَنِ قَالَ: نَا يَحْيَى بْنُ كَثِيرٍ الْعَنْبَرِيُّ قَالَ: نَا شُعْبَةُ، عَنْ اَبِي بَلْجٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُونٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَوْ اَنَّ الْعِبَادَ لَمْ يُذْنِبُوا، لِخَلَقَ اللّٰهُ خَلْقًا يُذْنِبُونَ، فَيَسْتَغْفِرُونَ اللّٰهَ، فَيَغْفِرُ لَهُمْ، وَهُوَ الْغَفُورُ الرَّحِيمُ

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ' نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: اگر لوگ گناہ نہ کریں تو اللہ عزوجل ایک مخلوق پیدا کرے گا جو گناہ کریں گے اور اللہ سے بخشش مانگیں گے' اللہ ان کو معاف کرے گا اور وہی معاف کرنے والا رحم کرنے والا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ شُعْبَةَ اِلَّا يَحْيَى

یہ حدیث شعبہ سے صرف یحییٰ ہی روایت کرتے ہیں۔

**1455** - وَبِهِ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ اَبِي هَاشِمٍ الرُّمَّانِيِّ، عَنْ اَبِي مِجْلَزٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ عُبَادٍ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ قَرَاَ سُورَةَ الْكَهْفِ كَانَتْ لَهُ نُورًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ مِنْ مَقَامِهِ اِلَى مَكَّةَ، وَمَنْ قَرَاَ بِعَشْرِ آيَاتٍ مِّنْ آخِرِهَا، ثُمَّ خَرَجَ الدَّجَّالُ لَمْ يَضُرَّهُ، وَمَنْ تَوَضَّاَ، فَقَالَ: سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ، لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ، اَسْتَغْفِرُكَ وَاَتُوبُ اِلَيْكَ، كُتِبَ فِي رَقٍّ، ثُمَّ جُعِلَتْ فِي طَابَعٍ، فَلَمْ يُكْسَرْ اِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے سورۂ کہف پڑھی تو اس کے لیے قیامت کے دن اس جگہ سے لے کر مکہ مکرمہ تک نور ہوگا' اور جس نے اس کی آخری دس آیتیں پڑھیں' پھر دجال نکلے گا تو اس کو کوئی نقصان نہیں دے گا' اور جس نے وضو کیا پھر ''سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ، لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ، اَسْتَغْفِرُكَ وَاَتُوبُ اِلَيْكَ'' پڑھا تو اس کو ایک کاغذ میں لکھا جائے گا' پھر اس کو ایک طابع میں رکھا جائے گا' اس کو قیامت کے دن تک توڑا نہیں جائے گا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ مَرْفُوعًا عَنْ شُعْبَةَ اِلَّا يَحْيَى بْنُ كَثِيرٍ

یہ حدیث مرفوعاً شعبہ سے صرف یحییٰ بن کثیر ہی روایت کرتے ہیں۔

**1456** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ

حضرت ابوجبیرہ بن ضحاک رضی اللہ عنہ فرماتے

---

1454- أخرجه البزار جلد4صفحه81 . وانظر: مجمع الزوائد جلد10صفحه218 .

1455- انظر: مجمع الزوائد جلد1صفحه242 .

1456- أخرجه أبو داؤد: الأدب جلد 4صفحه292 رقم الحديث: 4962' والترمذي: التفسير جلد 5صفحه388 رقم الحديث: 3268' وابن ماجة: الأدب جلد 2صفحه1231 رقم الحديث: 3741' وأحمد: المسند جلد 4

اِسْحَاقَ الْجَوْهَرِیُّ قَالَ: نَا بَدَلُ بْنُ الْمُحَبَّرِ قَالَ: نَا شُعْبَةُ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِی هِنْدٍ، عَنِ الشَّعْبِیِّ، عَنْ اَبِی جَبِیرَةَ بْنِ الضَّحَّاكِ قَالَ: كَانَ الرَّجُلُ مِنَّا يَكُونُ لَهُ الِاسْمَانِ وَالثَّلَاثَةُ، فَكَانَ يُدْعَى بِبَعْضِهَا، فَعَسَى اَنْ يَكْرَهَ ذٰلِكَ فَنَزَلَتْ: (وَلَا تَنَابَزُوا بِالْاَلْقَابِ) (الحجرات: 11)

ہیں کہ ہم میں ایک آدمی تھا جس کے دو یا تین نام ہوتے تھے' بعض اس کو ایک نام سے پکارتے' وہ اس کو ناپسند کرتا تھا تو اللہ عزوجل نے یہ آیت نازل فرمائی: ''وَلَا تَنَابَزُوْا بِالْاَلْقَابِ'' (الحجرات:۱۰)۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ شُعْبَةَ اِلَّا بَدَلٌ، وَاَبُو زَيْدٍ الْهَرَوِیُّ

یہ حدیث شعبہ سے صرف بدل اور ابوزید ھروی ہی روایت کرتے ہیں۔

**1457** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَحْمَدُ بْنُ الْمِقْدَامِ الْعِجْلِیُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكْرٍ الْبُرْسَانِیُّ قَالَ: نَا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ جَعْفَرٍ قَالَ: حَدَّثَنِی هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ بُسْرَةَ بِنْتِ صَفْوَانَ قَالَتْ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ مَسَّ ذَكَرَهُ، اَوْ رُفْغَهُ، اَوْ اُنْثَيَيْهِ فَلْيَتَوَضَّأْ وُضُوئَهُ لِلصَّلَاةِ

حضرت بسرہ بنت صفوان رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا: جس نے اپنے آلۂ تناسل یا میل جمع ہونے والی جگہ یا خصیوں کو چھوا تو وہ نماز جیسا وضو کرے (مراد ہاتھ دھوئے نہ کہ مکمل وضو مراد ہے)۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الْحَمِيدِ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ بَكْرٍ

یہ حدیث عبدالحمید سے صرف محمد بن بکر ہی روایت کرتے ہیں۔

**1458** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَحْمَدُ بْنُ الْمِقْدَامِ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكْرٍ قَالَ: نَا ابْنُ جُرَيْجٍ قَالَ: اَخْبَرَنِی جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَالِكٍ ابْنِ بُحَيْنَةَ، اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت عبداللہ بن مالک بن بحینہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ صبح کی نماز پڑھنے کے لیے نکلے' آپ نے ایک آدمی کو نماز پڑھتے ہوئے دیکھا تو نبی کریم ﷺ نے اس کے کندھے پر ہاتھ مارا' اور فرمایا: تُو

صفحہ86 رقم الحدیث: 16647 .

1457- أخرجه الطبراني في الكبير جلد24صفحه200' والدارقطني في سننه جلد1صفحه148 . وانظر: مجمع الزوائد جلد1صفحه248 .

1458- أخرجه البخاري: الأذان جلد2صفحه174 رقم الحديث: 663' ومسلم: المسافرين جلد1صفحه494 .

وَسَلَّمَ خَرَجَ لِصَلَاةِ الصُّبْحِ، فَرَاَى رَجُلًا يُصَلِّي، فَضَرَبَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْكِبَهُ، وَقَالَ: تُصَلِّي الصُّبْحَ اَرْبَعًا اَوْ مَرَّتَيْنِ؟

صبح کی چار رکعت پڑھتا ہے یا دومرتبہ پڑھتا ہے؟

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ بَكْرٍ

یہ حدیث ابن جریج سے صرف محمد بن بکر ہی روایت کرتے ہیں۔

**1459** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ عُثْمَانَ الثَّقَفِيُّ الْبَصْرِيُّ قَالَ: نَا اَبُو عَاصِمٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ سَالِمٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: ذَكَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ عَاشُورَاءَ، فَقَالَ: ذَاكَ يَوْمٌ كَانَ يَصُومُهُ اَهْلُ الْجَاهِلِيَّةِ، فَمَنْ شَاءَ صَامَهُ، وَمَنْ شَاءَ تَرَكَهُ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک دن عاشوراء کے دن کا ذکر کیا اور فرمایا: اس دن جاہلیت والے روزہ رکھتے تھے' جو چاہے اس دن روزہ رکھے اور جو چاہے چھوڑ دے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ عُمَرَ بْنِ مُحَمَّدٍ اِلَّا اَبُو عَاصِمٍ

حضرت عمر بن محمد سے صرف ابوعاصم ہی روایت کرتے ہیں۔

**1460** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي صَفْوَانَ الثَّقَفِيُّ قَالَ: نَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ اَشْعَثَ بْنِ عَبْدِ الْمَلِكِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي الْعَاصِ قَالَ: الْاِفْطَارُ فِي السَّفَرِ رُخْصَةٌ

حضرت عثمان بن ابی العاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ سفر میں روزہ نہ رکھنے کی رخصت ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَشْعَثَ اِلَّا يَحْيَى

یہ حدیث اشعث سے صرف یحییٰ ہی روایت کرتے ہیں۔

**1461** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي صَفْوَانَ قَالَ: نَا اَبِي قَالَ: نَا سُفْيَانُ

حضرت عبدالرحمٰن بن عبداللہ بن مسعود اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ ہمیں خوب

---

**1459**- أخرجه البخاري: التفسير جلد 8 صفحه 26 رقم الحديث: 4501' ومسلم: الصيام جلد 2 صفحه 793' وأبو داؤد: الصوم جلد 2 صفحه 339 رقم الحديث: 2443 .

**1460**- انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 16213 .

الثَّوْرِيُّ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: اَمَرَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاِسْبَاغِ الْوُضُوءِ

اچھی طرح وضو کرنے کا حکم دیتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُفْيَانَ اِلَّا عُثْمَانُ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُهُ

یہ حدیث سفیان سے صرف عثمان ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں اُن کے بیٹے اکیلے ہیں۔

**1462** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا هِلَالُ بْنُ بِشْرٍ قَالَ: نَا اَبُو قُتَيْبَةَ سَلْمُ بْنُ قُتَيْبَةَ قَالَ: نَا هَمَّامُ بْنُ يَحْيَى، عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي طَلْحَةَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: اَتَى رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَمْرٌ، فَجَعَلَ يُفَتِّشُهُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس کھجوریں لائی گئیں تو آپ اُن کو صاف کرنے لگے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اِسْحَاقَ اِلَّا هَمَّامٌ

یہ حدیث اسحاق سے صرف ہمام ہی روایت کرتے ہیں۔

**1463** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُبَيْدِ بْنِ عُقَيْلٍ قَالَ: نَا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ رَاشِدٍ الرَّفَّاءُ قَالَ: نَا اَبُو شَيْبَةَ اِبْرَاهِيمُ بْنُ عُثْمَانَ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ مِقْسَمٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ خَدِيجَةَ وَلَدَتْ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سِتَّةً: عَبْدُ اللّٰهِ، وَالْقَاسِمُ، وَزَيْنَبُ، وَرُقَيَّةُ، وَاُمُّ كُلْثُومٍ، وَفَاطِمَةُ، وَوَلَدَتْ لَهُ مَارِيَةُ اِبْرَاهِيمَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کے بطن سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے چھ بچوں کی ولادت ہوئی: عبداللہ' قاسم' زینب' رقیہ' اُم کلثوم اور فاطمہ رضی اللہ عنہم۔ اور حضرت ماریہ رضی اللہ عنہا کے بطن سے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لیے حضرت ابراہیم رضی اللہ عنہ کی ولادت ہوئی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْحَكَمِ اِلَّا اَبُو شَيْبَةَ

یہ حدیث حکم سے صرف ابوشیبہ ہی روایت کرتے

---

1462- أخرجه أبوداؤد: الأطعمة جلد 3 صفحه 361 رقم الحديث: 3832' وابن ماجة: الأطعمة جلد 2 صفحه 1106 رقم الحديث: 3333 .

1463- أخرجه الطبراني في الكبير جلد 11 صفحه 397 رقم الحديث: 12115 . وانظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 22019 .

**1464** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ مَعْمَرٍ الْبَحْرَانِيُّ قَالَ: نَا حُمَيْدُ بْنُ حَمَّادِ بْنِ خُوَارٍ قَالَ: نَا حَمْزَةُ الزَّيَّاتُ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ حَارِثَةَ بْنِ مُضَرِّبٍ قَالَ: قَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ: اللّٰهُمَّ بَيِّنْ لَنَا فِي الْخَمْرِ، فَنَزَلَتْ: (يَا اَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَقْرَبُوا الصَّلَاةَ وَاَنْتُمْ سُكَارَى) (النساء: 43) الْآيَةَ. فَدَعَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عُمَرَ، فَتَلَا هَذِهِ الْآيَةَ، فَكَاَنَّهَا لَمْ تُوَافِقْ مِنْ عُمَرَ الَّذِي اَرَادَ، فَقَالَ: اللّٰهُمَّ بَيِّنْ لَنَا فِي الْخَمْرِ، فَنَزَلَتْ: (يَسْاَلُونَكَ عَنِ الْخَمْرِ وَالْمَيْسِرِ قُلْ فِيهِمَا اِثْمٌ كَبِيرٌ) (البقرة: 219)، فَدَعَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عُمَرَ، فَتَلَاهَا عَلَيْهِ، فَكَاَنَّهَا لَمْ تُوَافِقْ مِنْهُ الَّذِي اَرَادَ، فَقَالَ: اللّٰهُمَّ بَيِّنْ لَنَا فِي الْخَمْرِ، فَنَزَلَتْ: (يَا اَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اِنَّمَا الْخَمْرُ وَالْمَيْسِرُ وَالْاَنْصَابُ وَالْاَزْلَامُ رِجْسٌ مِنْ عَمَلِ الشَّيْطَانِ) (المائدة: 90) اِلَى قَوْلِهِ: (فَهَلْ اَنْتُمْ مُنْتَهُونَ) (المائدة: 91)، فَتَلَاهَا عَلَيْهِ، فَقَالَ عُمَرُ: انْتَهَيْنَا يَا رَبِّ

ہیں۔

حضرت حارثہ بن مضرب کہتے ہیں کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے دعا کی: اے اللہ! ہمارے لیے شراب کے احکامات واضح فرما' تو یہ آیت نازل ہوئی: يَا اَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَقْرَبُوا الصَّلَاةَ وَاَنْتُمْ سُكَارَى ۔ ''اے ایمان والو! نماز کے قریب نہ ہو جب تم حالت نشہ میں ہو'' (النساء:۴۳)۔ تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو بلا کر یہ آیت پڑھی' گویا کہ حضرت عمر کے موافق نہ آئی جس کا آپ نے ارادہ کیا تھا۔ پھر عرض کی: اے اللہ! ہمارے لیے شراب کے احکامات واضح فرما' تو یہ آیت نازل ہوئی: ''آپ سے شراب اور جوا کے متعلق پوچھتے ہیں' آپ فرمائیں کہ ان دونوں میں بڑا گناہ ہے'' (البقرہ:۲۱۹)۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے حضرت عمر کو بلایا اور یہ آیت سنائی' گویا کہ یہ بھی آپ کے موافق نہ تھی جس کا آپ نے ارادہ کیا تھا۔ پھر عرض کی: اے اللہ! ہمارے لیے شراب کے احکامات واضح فرما! تو یہ آیت نازل ہوئی: يَا اَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اِنَّمَا الْخَمْرُ وَالْمَيْسِرُ وَالْاَنْصَابُ وَالْاَزْلَامُ رِجْسٌ مِنْ عَمَلِ الشَّيْطَانِ ۔ ''اے ایمان والو! شراب' جوا' بت اور پانسے کے تیر یہ پلید ہیں' شیطانی عمل ہیں'' یہاں تک ''کیا تم میں کوئی باز آنے والا نہیں ہے'' (المائدہ: ۹۱-۹۰)۔ یہ آیت حضرت عمر پر پڑھی گئی تو اُنہوں نے عرض کی: اے اللہ! ہم پر بس کر (یعنی اب ہمارے لیے حکم واضح ہو گیا' ہمیں کافی ہے)۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ حَارِثَةَ اِلَّا حَمْزَةُ، وَلَا عَنْ حَمْزَةَ اِلَّا حُمَيْدٌ، تَفَرَّدَ بِهِ مُحَمَّدُ بْنُ مَعْمَرٍ، وَرَوَاهُ النَّاسُ عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ اَبِي مَيْسَرَةَ عَمْرِو بْنِ شُرَحْبِيلَ

یہ حدیث از ابواسحاق از حارثہ صرف حمزہ اور حمزہ سے صرف حمید ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں محمد بن معمر اکیلے ہیں۔ لوگوں نے اسے ابواسحاق سے' انہوں نے ابی میسرہ اور عمرو بن شرحبیل سے روایت کی۔

**1465** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ عُبَيْدَةَ الْعُصْفُرِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ حَمَّادٍ الشُّعَيْثِيُّ قَالَ: نَا اَبُو الصَّبَّاحِ عَبْدُ الْغَفُورِ بْنُ سَعِيدٍ الْاَنْصَارِيُّ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ حَكِيمٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِعَلِيٍّ: اَمَا تَرْضَى اَنْ تَكُونَ مِنِّي بِمَنْزِلَةِ هَارُونَ مِنْ مُوسَى، غَيْرَ اَنَّهُ لَا نُبُوَّةَ وَلَا وِرَاثَةَ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو فرمایا: کیا آپ اس پر راضی نہیں ہے کہ آپ کا میرے ہاں وہی مقام ومرتبہ ہو جو حضرت ہارون علیہ السلام کا حضرت موسیٰ علیہ السلام کے ہاں تھا' لیکن فرق یہ ہے کہ میرے بعد نبوت اور وراثت نہیں ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ اِلَّا اَبُو الصَّبَّاحِ، تَفَرَّدَ بِهِ الشُّعَيْثِيُّ

یہ حدیث عبدالعزیز سے صرف ابوالصباح ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں شعیثی اکیلے ہیں۔

**1466** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ السَّكَنِ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ جَهْضَمٍ قَالَ: نَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ غَزِيَّةَ، عَنْ مُوسَى بْنِ وَرْدَانَ، اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا سَعِيدٍ الْخُدْرِيَّ يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ الْوَسِيلَةَ دَرَجَةٌ عِنْدَ اللّٰهِ لَيْسَ فَوْقَهَا دَرَجَةٌ، فَسَلُوا اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ اَنْ يُؤْتِيَنِي الْوَسِيلَةَ عَلَى خَلْقِهِ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: وسیلہ اللہ کے ہاں ایک درجہ ہے' اس سے اوپر کوئی درجہ نہیں ہے' اللہ عزوجل سے سوال کرو کہ وہ وسیلہ کا درجہ مخلوق میں سے مجھے دے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُمَارَةَ اِلَّا اِسْمَاعِيلُ

یہ حدیث عمارہ سے صرف اسماعیل ہی روایت کرتے ہیں۔

---

1465- انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 11319 .

1466- أخرجه أحمد: المسند جلد3 صفحه102 رقم الحديث: 11789 .

**1467** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ الْجُبَيْرِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ الْمَلِكِ اَبُو بِشْرٍ الطَّوِيلُ، عَنْ يُونُسَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنِ الْمُتَشَمِّسِ بْنِ مُعَاوِيَةَ، عَمِّ الْاَحْنَفِ بْنِ قَيْسٍ اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا مُوسَى الْاَشْعَرِيَّ يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَكَرَ الصَّدَقَةَ، فَقَالَ: مِنَ الصَّدَقَةِ عِتْقُ الرَّقَبَةِ وَفَكُّهَا ، فَقَالَ رَجُلٌ: اَلَيْسَتَا وَاحِدَةً؟ فَقَالَ: لَا، عِتْقُهَا: اَنْ تُعْتِقَهَا، وَفَكُّهَا: اَنْ تُعِينَ فِيهَا قَالَ: فَاِنْ لَمْ اَفْعَلْ؟ قَالَ: فَمِنْحَةٌ وَّكُوفٌ، اَوْ عَطْفٌ عَلَى ذِى رَحِمٍ

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو صدقہ کا ذکر کرتے ہوئے سنا' آپ نے فرمایا: غلام آزاد کرنا اور قیدی کو آزاد کرنا بھی صدقہ ہے۔ ایک آدمی نے عرض کی: یہ دونوں ایک نہیں ہیں؟ آپ نے فرمایا: نہیں! آزاد کرنا تو غلام آزاد کرنا ہے اور ''فَکُّھَا'' سے مراد اس کی آزادی پر مدد کرنا ہے۔ اس آدمی نے عرض کی: اگر میں ایسا نہ کرسکوں؟ تو آپ نے فرمایا: کسی کو دودھ دینے والا جانور دے دو اور کاٹنا دے دو! کسی رشتے دار پر نرمی کرو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يُونُسَ اِلَّا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ مُوسَى الطَّوِيلُ

یہ حدیث یونس سے صرف عبدالملک بن موسیٰ الطّویل ہی روایت کرتے ہیں۔

**1468** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ الْجُبَيْرِيُّ قَالَ: نَا عُمَرُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ الذِّرَاعُ قَالَ: نَا خَاقَانُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اهْتَمَ قَالَ: نَا حُمَيْدٌ الطَّوِيلُ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ سَيِّدُ الْعَرَبِ؟ قَالُوا: اَنْتَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ ۔ قَالَ: اَنَا سَيِّدُ وَلَدِ آدَمَ، وَعَلِيٌّ سَيِّدُ الْعَرَبِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: عرب کا سردار کون ہے؟ صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ ہیں' آپ ﷺ نے فرمایا: میں تو اولادِ آدم کا سردار ہوں اور علی عرب کا سردار ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ حُمَيْدٍ اِلَّا خَاقَانُ، وَلَا عَنْ خَاقَانَ اِلَّا عُمَرُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، تَفَرَّدَ بِهِ: عُبَيْدُ اللّٰهِ الْجُبَيْرِيُّ

یہ حدیث حمید سے صرف خاقان اور خاقان سے صرف عمر بن عبدالعزیز ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں عبیداللہ الجبیر ی اکیلے ہیں۔

**1469** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ سُوَيْدِ بْنِ مَنْجُوفٍ السَّدُوسِيُّ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے گرہ لگائی پھر اس میں پھونکا

1468- انظر: الميزان جلد1صفحه627 ۔ وانظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 11919 ۔

قَالَ: نَا اَبُو دَاوُدَ الطَّيَالِسِيُّ قَالَ: نَا عَبَّادُ بْنُ مَيْسَرَةَ الْمِنْقَرِيُّ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ عَقَدَ عُقْدَةً، ثُمَّ نَفَثَ فِيهَا، فَقَدْ سَحَرَ، وَمَنْ سَحَرَ فَقَدْ اَشْرَكَ، وَمَنْ تَعَلَّقَ شَيْئًا وُكِلَ اِلَيْهِ

تو اس نے جادو کیا اور جس نے جادو کیا اس نے شرک کیا اور جس نے کسی شی کو باندھا' اس کو اس کے سپرد کر دیا گیا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبَّادٍ اِلَّا اَبُو دَاوُدَ

یہ حدیث عباد سے صرف ابوداؤد ہی روایت کرتے ہیں۔

**1470** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا الْوَلِيدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ سُكَيْنٍ قَالَ: نَا يُوسُفُ بْنُ يَعْقُوبَ السَّدُوسِيُّ قَالَ: نَا عُنْطُوانَةُ السَّعْدِيُّ، عَنْ حَمْزَةَ اَبِي عُمَرَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا نَزَلَ مَنْزِلًا اَحَبَّ اَنْ يُصَلِّيَ فِيهِ الظُّهْرَ قَبْلَ اَنْ يَرْتَحِلَ . قَالَ: فَنَزَلَ مَنْزِلًا، فَلَمَّا اَرَادَ اَنْ يَرْتَحِلَ، اَذَّنَ، ثُمَّ صَلَّى وَالشَّمْسُ تَكَادُ اَنْ تَكُونَ فِي وَسَطِ السَّمَاءِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ جب کسی جگہ اُترتے تو آپ جانے سے پہلے ظہر کی نماز ادا کرنا پسند کرتے تھے' فرمایا کہ آپ ایک منزل پر اترے' جب کوچ کا ارادہ کیا تو اذان ہوئی اور آپ نے نماز اس حالت میں نماز پڑھی کہ قریب تھا کہ سورج آسمان کے وسط میں ہوتا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُنْطُوَانَةَ اِلَّا يُوسُفُ

یہ حدیث عنطوانہ سے صرف یوسف ہی روایت کرتے ہیں۔

**1471** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ السَّكَنِ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ جَهْضَمٍ قَالَ: نَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَزَلَ مِنْ غَزْوَةٍ غَزَاهَا، فَاَصَابَ اَصْحَابَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جُوعٌ، وَنَفِدَتْ اَزْوَادُهُمْ، فَجَاءُوا اِلَى رَسُولِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ ایک جہاد کے لیے اُترے' نبی کریم ﷺ کے اصحاب کو بھوک لگی اور ان کا زادِراہ بھی ختم ہو گیا تھا' وہ رسول اللہ ﷺ کے پاس آئے' آ کر بھوک کی شکایت کرنے لگے اور اجازت لینے لگے کہ وہ اپنے سواری والے اونٹ ذبح کر لیں' آپ نے اُن کو اجازت دی' وہ نکلے تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس سے گزرے۔

1471- أخرجه مسلم في الايمان رقم الحديث: 45 .

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَشْكُونَ اِلَيْهِ مَا اَصَابَهُمْ، وَيَسْتَاْذِنُونَهُ فِي اَنْ يَنْحَرُوا بَعْضَ رَوَاحِلِهِمْ، فَاَذِنَ لَهُمْ، فَخَرَجُوا، فَمَرُّوا بِعُمَرَ، فَقَالَ: مِنْ اَيْنَ جِئْتُمْ؟ فَاَخْبَرُوهُ اَنَّهُمُ اسْتَاْذَنُوا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَنْحَرُوا بَعْضَ اِبِلِهِمْ ـ قَالَ: فَاَذِنَ لَكُمْ؟ قَالُوا: نَعَمْ ـ قَالَ: فَاِنِّي اُقْسِمُ عَلَيْكُمْ لَمَا رَجَعْتُمْ مَعِي اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَرَجَعُوا مَعَهُ، فَذَهَبَ عُمَرُ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَتَاْذَنُ لَهُمْ اَنْ يَنْحَرُوا رَوَاحِلَهُمْ، فَمَاذَا يَرْكَبُونَ؟ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَمَاذَا اَصْنَعُ؟ لَيْسَ مَعِي مَا اُعْطِيهِمْ ، فَقَالَ عُمَرُ: بَلَى يَا رَسُولَ اللّٰهِ، تَاْمُرُ مَنْ كَانَ مَعَهُ فَضْلُ زَادٍ اَنْ يَاْتِيَ بِهِ، فَتَجْمَعُهُ عَلَى شَيْءٍ، ثُمَّ تَدْعُو فِيهِ، ثُمَّ تَقْسِمُهُ بَيْنَهُمْ ـ فَفَعَلَ، فَدَعَاهُمْ بِفَضْلِ اَزْوَادِهِمْ، فَمِنْهُمُ الْآتِي بِالْقَلِيلِ، وَالْآتِي بِالْكَثِيرِ، فَجَعَلَهُ فِي شَيْءٍ، ثُمَّ دَعَا فِيهِ بِمَا شَاءَ اللّٰهُ اَنْ يَدْعُوَ، ثُمَّ قَسَمَهُ بَيْنَهُمْ، فَمَا بَقِيَ مِنَ الْقَوْمِ اَحَدٌ اِلَّا مَلَاَ مَا كَانَ مَعَهُ مِنْ وِعَاءٍ، وَفَضَلَ فَضْلٌ، فَقَالَ عِنْدَ ذَلِكَ: اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلَهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ، وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ، مَنْ جَاءَ بِهَا يَوْمَ الْقِيَامَةِ غَيْرَ شَاكٍّ اَدْخَلَهُ اللّٰهُ الْجَنَّةَ

حضرت عمر نے فرمایا: تم کہاں سے آئے ہو؟ انہوں نے بتایا' سو وہ رسول اللہ ﷺ سے اپنے بعض اونٹ ذبح کرنے کے متعلق پوچھنے گئے تھے۔ حضرت عمر نے فرمایا: تم کو حکم دیا گیا ہے؟ انہوں نے عرض کی: جی ہاں! حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں تم کو قسم دیتا ہوں کہ جب تم میرے ساتھ رسول اللہ ﷺ کے پاس جاؤ گے' وہ سارے آپ کے ساتھ واپس گئے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ' رسول اللہ ﷺ کے پاس گئے' عرض کی: یارسول اللہ! کیا آپ نے ان کو سواریاں ذبح کرنے کا حکم دیا ہے' تو پھر سوار کس پر ہوں گے؟ تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میں کیا کروں؟ میرے پاس کوئی چیز نہیں ہے جو میں ان کو دوں۔ حضرت عمر نے عرض کی: کیوں نہیں! یارسول اللہ! آپ حکم کریں جس کے پاس زیادہ زادِ راہ ہو وہ آپ کے پاس لے آئے' اس کو ایک شی پر جمع کریں' پھر آپ اس میں برکت کی دعا کریں' پھر وہ ان کے درمیان تقسیم کریں۔ چنانچہ انہوں نے ایسے ہی کیا' آپ نے اُن کا فالتو زادِ راہ منگوا لیا' ان میں کوئی تھوڑا کوئی زیادہ لے کر آئے۔ آپ نے ان سب کو ایک شی میں رکھا' پھر جو اللہ نے چاہا آپ نے دعا فرمائی' پھر آپ نے اُن کے درمیان تقسیم کیا' قوم میں کوئی ایسا نہیں رہا جس نے اپنا برتن بھر نہ لیا اور باقی اسی طرح بچا ہوا تھا۔ آپ نے وہاں یہ ارشاد فرمایا: اشہد ان لا الٰہ الا اللہ وحدہ لاشریک لہٗ واشہد ان محمداً عبدہٗ ورسولہٗ۔ فرمایا: جو قیامت کے دن اس حالت میں آئے کہ اس نے اللہ کے ساتھ شرک نہ ٹھہرایا

ہوُ اللہ عزوجل اس کو جنت میں داخل کرے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُهَيْلٍ إِلَّا إِسْمَاعِيلُ بْنُ جَعْفَرٍ وَّعَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ أَبِي حَازِمٍ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ جَعْفَرٍ إِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ جَهْضَمٍ

یہ حدیث سہیل سے صرف اسماعیل بن جعفر اور عبدالعزیز بن ابی حازم ہی روایت کرتے ہیں اور اسماعیل بن جعفر سے صرف محمد بن جہضم ہی روایت کرتے ہیں۔

1472 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ يَزِيدَ بْنِ إِبْرَاهِيمَ التُّسْتَرِيُّ قَالَ: نَا يَعْقُوبُ بْنُ إِسْحَاقَ الْحَضْرَمِيُّ الْمُقْرِءُ قَالَ: نَا يَزِيدُ بْنُ عَطَاءٍ قَالَ: أَنَا أَبُو إِسْحَاقَ، عَنْ حَارِثَةَ بْنِ مُضَرِّبٍ، عَنْ أَبِي الْعُبَيْدَيْنِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: كُنَّا نَقُولُ فِي قَوْلِهِ: (وَيَمْنَعُونَ الْمَاعُونَ) (الماعون: 7) الْقِدْرُ وَالدَّلْوُ، وَأَشْبَاهُ ذَلِكَ، فَإِنَّهُ لَا غِنًى بِالنَّاسِ عَنْهَا

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ' اللہ عزوجل کے اس ارشاد ''وَيَمْنَعُونَ الْمَاعُونَ'' (الماعون: ۷) کے متعلق فرماتے ہیں کہ اس سے مراد ہانڈی' ڈول اور اس کے مشابہ اشیاء ہیں کیونکہ لوگوں کا اس کے بغیر چارہ نہیں ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ إِلَّا يَزِيدُ

یہ حدیث ابواسحاق سے صرف یزید ہی روایت کرتے ہیں۔

1473 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ رَاشِدٍ الْأَدَمِيُّ قَالَ: نَا مُعَلَّى بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ جَعْفَرٍ الْأَنْصَارِيُّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَسَحَ عَلَى الْخُفَّيْنِ وَالْخِمَارِ يَعْنِي: الْعِمَامَةَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے موزوں اور عمامہ پر مسح کیا۔

فائدہ: عمامہ پر مسح سے مراد ہے کہ آپ ﷺ نے اپنا دست مبارک عمامہ کے نیچے داخل کر کے سر کا مسح کیا نہ یہ کہ عمامہ پر مسح کیا تو قرآن کا حکم کہ اپنے سر کا مسح کرو۔ سیالکوٹی غفرلہ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الْحَمِيدِ إِلَّا مُعَلًّى

یہ حدیث عبدالحمید سے صرف معلّٰی ہی روایت کرتے ہیں۔

1474 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ رَاشِدٍ الْاَدَمِيُّ قَالَ: نَا مُعَلَّى بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ عَبْدِ الْحَمِيدِ بْنِ جَعْفَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: اَمَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِسَدِّ الْاَبْوَابِ الَّتِي فِي الْمَسْجِدِ، اِلَّا بَابَ اَبِي بَكْرٍ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے مسجد کے تمام دروازے بند کرنے کا حکم دیا سوائے حضرت ابوبکر کے دروازے کے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الْحَمِيدِ اِلَّا الْمُعَلَّى

یہ حدیث عبدالحمید سے صرف معلّٰی ہی روایت کرتے ہیں۔

1475 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ رَاشِدٍ الْاَدَمِيُّ قَالَ: نَا اُسَيْدُ بْنُ زَيْدٍ الْجَمَّالُ قَالَ: نَا شَرِيكٌ، عَنِ الْمِقْدَامِ بْنِ شُرَيْحٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ مِنَ الشِّعْرِ حِكْمَةً

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بعض اشعار حکمت والے ہوتے ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْمِقْدَامِ اِلَّا شَرِيكٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: اُسَيْدُ بْنُ زَيْدٍ

یہ حدیث مقدام سے صرف شریک ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں اسید بن زید اکیلے ہیں۔

1476 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نَا اُسَيْدٌ قَالَ: نَا اَبُو بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ عَاصِمٍ الْاَحْوَلِ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: بَعَثَ بِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى يَهُودِيٍّ، اَسْتَسْلِفُ لَهُ اِلَى الْمَيْسَرَةِ، فَقَالَ: اَيُّ مَيْسَرَةٍ؟ هُوَ الَّذِي لَا اَصْلَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے رسول اللہ ﷺ نے ایک یہودی کی طرف بھیجا' اس سے میسرہ ادھار لینے کے لیے' اس نے کہا: میسرہ کیا ہے؟ اس کی کوئی اصل وفرع نہیں ہے' میں حضور ﷺ کے پاس واپس آیا اور آپ کو بتایا تو آپ نے فرمایا: اللہ کا

1474- انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 4619 .

1475- انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 12628 .

1476- أخرجه البزار جلد 2 صفحه 103' والامام أحمد في مسنده جلد 3 صفحه 243 . انظر مجمع الزوائد جلد 4 صفحه 128-129 .

لَهُ وَلَا فَرْعَ. فَرَجَعْتُ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَخْبَرْتُهُ، فَقَالَ: كَذَبَ عَدُوُّ اللّٰهِ، اَمَا لَوْ اَعْطَانَا لَاَدَّيْنَا اِلَيْهِ

دشمن جھوٹ بولتا ہے اگر وہ ہم کو دیتا تو ہم اس کو ضرور واپس دے دیتے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَاصِمٍ اِلَّا اَبُو بَكْرٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: اُسَيْدٌ

یہ حدیث عاصم سے صرف ابوبکر ہی روایت کرتے ہیں اسے روایت کرنے میں اُسیدا کیلے ہیں۔

**1477** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ بِلَالٍ قَالَ: نَا رَبَاحُ بْنُ عَمْرٍو الْقَيْسِيُّ، عَنْ اَيُّوبَ السَّخْتِيَانِيِّ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ جَرَّ ثَوْبَهُ مِنَ الْخُيَلَاءِ فِي الدُّنْيَا، لَمْ يَنْظُرِ اللّٰهُ اِلَيْهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: جس نے دنیا میں تکبر سے کپڑا لٹکایا اس کی طرف قیامت کے دن اللہ عزوجل نظر رحمت نہیں فرمائے گا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ رَبَاحٍ اِلَّا مُحَمَّدٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: اِبْرَاهِيمُ

یہ حدیث رباح سے صرف محمد ہی روایت کرتے ہیں اسے روایت کرنے میں ابراہیم اکیلے ہیں۔

**1478** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نَا دَاوُدُ بْنُ مِهْرَانَ الدَّبَّاغُ قَالَ: نَا دَاوُدُ بْنُ الزِّبْرِقَانِ، عَنْ مَطَرٍ الْوَرَّاقِ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ، اَنَّ رَهْطًا مِنْ عُكْلٍ وَّعُرَيْنَةَ قَدِمُوا الْمَدِينَةَ، فَقَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنَّا كُنَّا اَهْلَ ضَرْعٍ، وَلَمْ نَكُنْ اَهْلَ رِيفٍ، فَاسْتَوْخَمْنَا الْمَدِينَةَ. فَاَمَرَهُمْ اَنْ يُخْرِجُوا اِلَى اِبِلِ الصَّدَقَةِ، فَيَشْرَبُوا مِنْ اَلْبَانِهَا وَاَبْوَالِهَا، فَفَعَلُوا، فَصَحُّوا. فَقَتَلُوا رَاعِيَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ،

حضرت انس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ قبیلہ عکل وعرینہ سے کچھ لوگ مدینہ منورہ آئے اور انہوں نے عرض کی: یا رسول اللہ! ہم جسمانی طور پر کمزور ہیں ہمارے ہاں کھانے پینے کی وسعت نہیں ہے ہم مدینہ میں ٹھہرے رہیں۔ آپ نے اُن کو صدقہ کے اونٹوں کی طرف جانے اور اُن کا دودھ اور پیشاب پینے کا حکم دیا انہوں نے ایسے ہی کیا تو وہ تندرست ہو گئے تو انہوں نے رسول اللہ ﷺ کے چرواہے کو قتل کر دیا اور مسلمان

---

**1477**- أخرجه البخاري في اللباس جلد 10 صفحه 266 رقم الحديث: **5784** ومسلم في اللباس جلد 3 صفحه 1652 .

**1478**- أخرجه البخاري: المغازي جلد 7 صفحه 524 رقم الحديث: **4192** ومسلم: القسامة جلد 3 صفحه 1298 والنسائي: التحريم جلد 7 صفحه 87-89 (باب ذكر اختلاف الناقلين لخبر حميد عن أنس بن مالك فيه) . وأحمد: المسند جلد 3 صفحه 208 رقم الحديث: 12743 .

وَكَفَرُوا بَعْدَ اِسْلَامِهِمْ، فَبَعَثَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي طَلَبِهِمْ، فَجِيءَ بِهِمْ بَعْدَمَا ارْتَفَعَ النَّهَارُ، فَقَطَعَ اَيْدِيَهُمْ وَاَرْجُلَهُمْ، وَسَمَلَ اَعْيُنَهُمْ، وَلَمْ يُسْقَوْا مَاءً حَتّٰى مَاتُوا

ہونے کے بعد کافر ہو گئے' تو رسول اللہ ﷺ نے ان کی تلاش کے لیے کچھ لوگوں کو بھیجا' پس اُنہیں سورج بلند ہونے کے بعد لایا گیا' اُن کے ہاتھ اور پاؤں کاٹ دیئے گئے' ان کی آنکھوں میں گرم سلائیاں پھیریں گئیں' ان کو پینے کے لیے پانی نہیں دیا گیا یہاں تک کہ وہ مر گئے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَطَرٍ اِلَّا دَاوُدُ، وَلَا عَنْ دَاوُدَ اِلَّا دَاوُدُ بْنُ مِهْرَانَ، تَفَرَّدَ بِهِ: اِبْرَاهِيمُ بْنُ رَاشِدٍ

یہ حدیث مطر سے صرف داؤد اور داؤد سے صرف داؤد بن مہران ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں ابراہیم بن راشد اکیلے ہیں۔

**1479** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ رَاشِدٍ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ بِلَالٍ قَالَ: نَا عِمْرَانُ الْقَطَّانُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: اُنْزِلَ الْقُرْآنُ فِي لَيْلَةِ الْقَدْرِ، فِي شَهْرِ رَمَضَانَ اِلَى السَّمَاءِ الدُّنْيَا جُمْلَةً، ثُمَّ اُنْزِلَ نُجُومًا

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ قرآن رمضان کے مہینے میں لیلۃ القدر کو آسمانِ دنیا کی طرف بیک وقت نازل ہوا' پھر آہستہ آہستہ (وحی کی شکل میں) اُترتا رہا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ اِلَّا عِمْرَانُ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ بِلَالٍ

یہ حدیث قتادہ سے صرف عمران ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں محمد بن بلال اکیلے ہیں۔

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا سَافَرَ قَالَ: اللَّهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنَ الضُّبْنَةِ فِي السَّفَرِ، وَالْكَآبَةِ فِي الْمُنْقَلَبِ . اللَّهُمَّ اقْبِضْ لَنَا الْأَرْضَ، وَهَوِّنْ عَلَيْنَا السَّفَرَ، اللَّهُمَّ أَنْتَ الصَّاحِبُ فِي السَّفَرِ، وَالْخَلِيفَةُ فِي الْأَهْلِ ، فَإِذَا كَانَ حِينَ يَرْجِعُ قَالَ: آيِبُونَ تَائِبُونَ، عَابِدُونَ، لِرَبِّنَا حَامِدُونَ ، فَإِذَا كَانَ يَوْمُ يَقْدَمُ أَهْلَهُ قَالَ: أَوْبًا أَوْبًا إِلَى رَبِّنَا أَوْبًا، لَا يُغَادِرُ عَلَيْنَا حَوْبًا

وَهَوِّنْ عَلَيْنَا السَّفَرَ، اللَّهُمَّ أَنْتَ الصَّاحِبُ فِي السَّفَرِ، وَالْخَلِيفَةُ فِي الْأَهْلِ ''جب اپنے گھر واپس آتے تو یہ دعا کرتے: ''آيِبُونَ تَائِبُونَ، عَابِدُونَ، لِرَبِّنَا حَامِدُونَ ، پھر جب آپ کا اپنے گھر والوں کے پاس آنے کا دن ہوتا تو پڑھتے: أَوْبًا أَوْبًا إِلَى رَبِّنَا أَوْبًا، لَا يُغَادِرُ عَلَيْنَا حَوْبًا''۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ زَائِدَةَ إِلَّا يَعْقُوبُ . وَالْمَشْهُورُ: مِنْ حَدِيثِ أَبِي الْأَحْوَصِ سَلَّامِ بْنِ سُلَيْمٍ، عَنْ سِمَاكٍ

یہ حدیث زائدہ سے صرف یعقوب ہی روایت کرتے ہیں' مشہور حدیث ابوالاحوص سلام بن سلیم کی ہے جو وہ سماک سے روایت کرتے ہیں۔

**1529** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ مَعْمَرٍ قَالَ: نَا أَبُو عَاصِمٍ، عَنْ ثَوْرِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ مَسْلَمَةَ بْنِ أَبِي عَطَاءٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الدُّبَّاءِ، وَالْحَنْتَمِ، وَالنَّقِيرِ، وَالْمُزَفَّتِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دباء' حنتم' نقیر' مزفت کے برتنوں سے منع فرمایا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ ثَوْرٍ إِلَّا أَبُو عَاصِمٍ

یہ حدیث ثور سے صرف ابوعاصم ہی روایت کرتے ہیں۔

**1530** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ بِسْطَامٍ الزَّعْفَرَانِيُّ قَالَ: نَا الْمُعَلَّى بْنُ الْفَضْلِ الْقُشَيْرِيُّ قَالَ: نَا مُبَارَكُ بْنُ فَضَالَةَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدِ بْنِ جُدْعَانَ، عَنِ ابْنِ أَبِي مُلَيْكَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَدْعُو: يَا مُقَلِّبَ الْقُلُوبِ، ثَبِّتْ قَلْبِي عَلَى دِينِكَ . قَالَتْ عَائِشَةُ:

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا روایت کرتی ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یہ دعا کرتے تھے: ''يَا مُقَلِّبَ الْقُلُوبِ، ثَبِّتْ قَلْبِي عَلَى دِينِكَ''۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میرے ماں باپ آپ پر فدا ہوں! آپ کو بھی خوف ہے حالانکہ آپ اللہ کے رسول ہیں؟ آپ نے فرمایا: اے عائشہ! انسان کا

1529- أخرجه البخاري: المواقيت جلد2صفحه10 رقم الحديث: 523' ومسلم: الأشربة جلد3صفحه1579 .

1530- انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 21317 .

فَقُلْتُ بِاَبِي اَنْتَ وَاُمِّي يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَتَخَافُ وَاَنْتَ رَسُولُ اللّٰهِ؟ فَقَالَ: يَا عَائِشَةُ اِنَّ قُلُوبَ بَنِي آدَمَ بَيْنَ اُصْبُعَيْنِ مِنْ اَصَابِعِ الرَّحْمَنِ، فَمَنْ شَاءَ اَنْ يُقَلِّبَهُ مِنَ الضَّلَالَةِ اِلَى الْهُدَى، وَمِنَ الْهُدَى اِلَى الضَّلَالَةِ فَعَلَ

دل رحمٰن کی دو انگلیوں (جیسے اس کی شان کے لائق ہے) کے درمیان ہے جسے چاہے پلٹ دے گمراہی سے ہدایت کی طرف اور ہدایت سے گمراہی کی طرف وہ کرسکتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُبَارَكٍ اِلَّا مُعَلًّى، تَفَرَّدَ بِهِ: اِبْرَاهِيمُ

یہ حدیث مبارک سے صرف معلّی ہی روایت کرتے ہیں اسے روایت کرنے میں ابراہیم اکیلے ہیں۔

**1531** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ الْجُبَيْرِيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَنْصَارِيُّ قَالَ: نَا اَبُو الْاَشْهَبِ جَعْفَرُ بْنُ حَيَّانَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ اَبِي بَكْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ: اِنَّ ابْنِي هَذَا سَيِّدٌ، وَاِنِّي اَرْجُو اَنْ يُصْلِحَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ بِهِ بَيْنَ فِئَتَيْنِ مِنَ الْمُسْلِمِينَ

حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما کے متعلق فرمایا کہ یہ میرا بیٹا سردار ہے اور میں اُمید کرتا ہوں کہ اللہ عزوجل اس کے ذریعے مسلمانوں کے دو گروہوں کے درمیان صلح کروائے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي الْاَشْهَبِ اِلَّا الْاَنْصَارِيُّ

یہ حدیث ابی اشہب سے صرف انصاری ہی روایت کرتے ہیں۔

**1532** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ الْجُبَيْرِيُّ قَالَ: نَا سَالِمُ بْنُ نُوحٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ عَامِرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ مُطَرِّفِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الشِّخِّيرِ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ الْحُصَيْنِ قَالَ: قَرَنَ رَسُولُ

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حج اور عمرہ ملا کر کیا۔

---

**1531**- أخرجه البخاري: المناقب جلد **6** صفحه **727** رقم الحديث: **3629**، وأبوداؤد: السنة جلد **4** صفحه **215** رقم الحديث: **4662**، والترمذي: المناقب جلد **5** صفحه **658** رقم الحديث: **3773**، والنسائي: الجمعة جلد **3** صفحه **87** (باب مخاطبة الامام رعيته وهو على المنبر)، وأحمد: المسند جلد **5** صفحه **55** رقم الحديث: **20472**.

**1532**- أخرجه الدارقطني: سننه جلد **2** صفحه **265** رقم الحديث: **133-134**. وانظر: نصب الراية جلد **3** صفحه **111**.

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ حَجٍّ وَعُمْرَةٍ

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُمَرَ بْنِ عَامِرٍ إِلَّا سَالِمُ بْنُ نُوحٍ

یہ حدیث عمر بن عامر سے صرف سالم بن نوح ہی روایت کرتے ہیں۔

1533 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ الْجُبَيْرِيُّ قَالَ: نَا اَرْطَاةُ بْنُ اَشْعَثَ اَبُو حَاتِمٍ قَالَ: نَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: كُلُّكُمْ رَاعٍ، وَمَسْئُولٌ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا' نبی کریم ﷺ سے روایت کرتی ہیں کہ آپ نے فرمایا: تم میں سے ہر کوئی نگہبان ہے' اس سے اس (کی رعایا) کے متعلق سوال کیا جائے گا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَرْطَاةَ اَبِي حَاتِمٍ إِلَّا الْجُبَيْرِيُّ

یہ حدیث ارطاۃ ابی حاتم سے صرف جبیری ہی روایت کرتے ہیں۔

1534 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُقَدَّمُ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ: نَا الْقَاسِمُ بْنُ يَحْيَى، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ رَجُلًا رَمَى امْرَاَتَهُ، وَانْتَفَى مِنْ وَلَدِهَا فِي عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَمَرَ بِهِمَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَتَلَاعَنَا كَمَا قَالَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ، ثُمَّ قَضَى بِالْوَلَدِ لِلْمَرْاَةِ، وَفَرَّقَ بَيْنَ الْمُتَلَاعِنَيْنِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ ایک آدمی نے حضور ﷺ کے زمانہ میں اپنی بیوی کو مارا اور اس کی اولاد کی نفی کر دی جو اس عورت کے پیٹ سے تھی' تو رسول اللہ ﷺ نے ان دونوں کے متعلق لعان کا حکم دیا' پس دونوں نے لعان کیا جس طرح اللہ عزوجل کا حکم ہے' پھر اولاد کا فیصلہ عورت کے لیے کیا اور دونوں کے درمیان لعان کے بعد جدائی کر دی۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ إِلَّا الْقَاسِمُ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُقَدَّمٌ

یہ حدیث عبیداللہ بن عمر سے صرف قاسم ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں مقدم اکیلے ہیں۔

1535 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُقَدَّمٌ قَالَ: نَا عَمِّي الْقَاسِمُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُثْمَانَ بْنِ خُثَيْمٍ، عَنْ اَبِي الطُّفَيْلِ، عَنْ حُذَيْفَةَ بْنِ اَسِيدٍ قَالَ: سَمِعْتُ

حضرت حذیفہ بن اُسید رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جب نطفہ رحم میں آتا ہے تو اس پر چالیس راتیں گزرتی ہیں تو

1533- انظر: مجمع الزوائد جلد5صفحه210 .

1534- أخرجه البخاری: التفسير جلد8صفحه305 رقم الحديث: 4748' ومسلم: اللعان جلد2صفحه1132 .

1535- أخرجه مسلم: القدر جلد4صفحه2038 .

رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِذَا وَقَعَتِ النُّطْفَةُ فِي الرَّحِمِ، فَأَتَى عَلَيْهَا أَرْبَعُونَ لَيْلَةً، جَائَهَا الْمَلَكُ، فَقَالَ: يَا رَبِّ، أَذَكَرٌ أَمْ أُنْثَى؟ فَيُمْلِي الرَّبُّ عَزَّ وَجَلَّ، وَيَكْتُبُ الْمَلَكُ. فَيَقُولُ: مَا رِزْقُهُ؟ وَمَا عُمْرُهُ؟ فَيُمْلِي الرَّبُّ، وَيَكْتُبُ الْمَلَكُ. وَيَقُولُ: أَشَقِيٌّ أَمْ سَعِيدٌ؟ فَيُمْلِي الرَّبُّ، وَيَكْتُبُ الْمَلَكُ. ثُمَّ يَطْوِي الصَّحِيفَةَ

ایک فرشتہ اس کے پاس آتا ہے' وہ فرشتہ عرض کرتا ہے: اے میرے رب! کیا یہ مرد ہے یا عورت؟ ربِ تعالیٰ لکھواتا ہے' اوور فرشتہ لکھتا ہے' پھر فرشتہ عرض کرتا ہے. اس کا رزق کتنا ہے؟ اور اس کی عمر کتنی ہے؟ اللہ عزوجل لکھواتا ہے اور فرشتہ لکھتا ہے' پھر فرشتہ عرض کرتا ہے: کیا یہ بدبخت ہے یا نیک بخت؟ پس ربِ تعالیٰ لکھوتا ہے اور فرشتہ لکھتا ہے' پھر صحیفہ لپیٹ دیا جاتا ہے۔

**1536** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا مُقَدَّمٌ قَالَ: حَدَّثَنِي عَمِّي الْقَاسِمُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُثْمَانَ بْنِ خُثَيْمٍ، عَنْ يُوسُفَ بْنِ مَاهَكَ، عَنْ حَفْصَةَ بِنْتِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي بَكْرٍ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّهَا سَمِعَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَأْمُرُ بِالْفَرَعَةِ مِنَ الْغَنَمِ، مِنْ كُلِّ خَمْسِينَ شَاةً وَّاحِدَةٌ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا روایت کرتی ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بکریوں میں سے فرعہ (بکریوں کے پہلی دفعہ کے بچے) کا حکم دیا' ہر پچاس میں سے ایک بکری۔

لَمْ يَرْوِ هَذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنِ ابْنِ خُثَيْمٍ إِلَّا الْقَاسِمُ، تَفَرَّدَ بِهِمَا: مُقَدَّمٌ

یہ دونوں حدیثیں ابن خثیم سے صرف قاسم ہی روایت کرتے ہیں' انہیں روایت کرنے میں مقدم اکیلے ہیں۔

**1537** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ خَالِدِ بْنِ خِدَاشٍ قَالَ: نَا سَلْمُ بْنُ بِشْرٍ، عَنْ يُونُسَ بْنِ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ سَعِيدِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ جُنْدُبِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: كُنْتُ مَعَ عَلِيٍّ يَوْمَ النَّهْرِ، فَقَالَ: اطْلُبُوا الْمُخْدَجَ، فَطُلِبَ فَلَمْ يُوجَدْ، فَقَالَ عَلِيٌّ: وَاللّٰهِ مَا كَذَبْتُ وَلَا كُذِبْتُ، ثُمَّ قَامَ عَلِيٌّ يَدُورُ فِي الْقَتْلَى، فَانْتَهَى إِلَى رَبْضَةٍ فِي وَطَاٍ مِنَ الْأَرْضِ مِنَ الْقَتْلَى، فَقَالَ: أَثِيرُوا هَؤُلَاءِ، فَأُثِيرُوا،

حضرت جندب بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نہر کے دن حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ تھا' آپ نے فرمایا: ناقص البدن کو تلاش کرو' اس کو تلاش کیا لیکن وہ ملا نہیں۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ کی قسم! میں جھوٹ نہیں بولتا ہوں' نہ جھوٹ بلوایا جاتا ہوں' پھر حضرت علی رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے' مقتولوں میں چکر لگانے لگے' قتل کی جگہ زمین پر ایک کٹے ہوئے آدمی کی لاش کے پاس پہنچے تو اس کو ایک گروہ میں پایا' آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اس کو

1536- أخرجه أبو داؤد: الضحايا جلد 3 صفحه 104 رقم الحديث: 2833' والبيهقي في الكبرى جلد 9 صفحه 524 رقم الحديث: 19340.

فَإِذَا الْمُخْدَجُ، لَهُ عَلَى ذِرَاعِهِ كَثَدْيِ الْمَرْأَةِ، فَكَبَّرَ، وَقَالَ: صَدَقَ اللّٰهُ وَرَسُولُهُ

دیکھو! پس اسے دیکھا گیا تو وہ ناقص البدن پایا گیا اور اس کے ہاتھ عورت کی پستان کی طرح تھے سو آپ نے اللہ اکبر کہا اور فرمایا: اللہ اور اس کے رسول نے سچ فرمایا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ إِسْمَاعِيلَ إِلَّا يُونُسُ، تَفَرَّدَ بِهِ: سَلْمٌ

یہ حدیث اسماعیل سے صرف یونس ہی روایت کرتے ہیں اسے روایت کرنے میں سلم اکیلے ہیں۔

**1538** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا أَحْمَدُ بْنُ ثَابِتٍ الْجَحْدَرِيُّ قَالَ: نَا يَعْقُوبُ بْنُ إِسْحَاقَ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نَا سَوَادَةُ بْنُ حَيَّانَ قَالَ: نَا مُعَاوِيَةُ بْنُ قُرَّةَ الْمُزَنِيُّ قَالَ: كَانَ ابْنُ عَبَّاسٍ، يُسْأَلُ عَنِ الصَّرْفِ، فَيُفْتِي بِهِ، فَقَالَ أَبُو سَعِيدٍ الْخُدْرِيُّ قَوْلًا شَدِيدًا، فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: مَنِ الْمُتَكَلِّمُ؟ فَقَالُوا: أَبُو سَعِيدٍ، فَقَالَ: مَا كُنْتُ أَرَى أَنَّ رَجُلًا يَسْتَقْبِلُنِي، وَقَدْ عَرَفَ قَرَابَتِي مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ . فَقَالَ أَبُو سَعِيدٍ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْهَى عَنْهُ، وَيُحَرِّمُهُ . فَكَانَ ابْنُ عَبَّاسٍ بَعْدُ إِذَا سُئِلَ عَنْهُ قَالَ: لَقِيَنَا مَنْ هُوَ أَعْلَمُ مِنَّا، فَأَخْبَرَنَا، فَانْتَهَيْنَا

حضرت معاویہ بن قرۃ المزنی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے بیع صرف کے متعلق پوچھا جاتا تو آپ اس کے جائز ہونے کا فتویٰ دیتے۔ حضرت ابوسعید نے اس کے متعلق سخت کلام کیا' حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: یہ گفتگو کرنے والا کون ہے؟ انہوں نے کہا: ابوسعید! فرمایا: میں نہیں خیال کرتا ہوں کہ کوئی آدمی میرا سامنا کرے گا۔ آپ کو میری رسول اللہ ﷺ سے قرابت کی پہچان نہیں ہے۔ حضرت ابوسعید نے فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو منع کرتے ہوئے اور اس کو حرام کرتے ہوئے۔ سو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے اس کے بعد جب پوچھا جاتا تو فرماتے: ہم اس سے ملے جو ہم سے زیادہ عالم ہے' اس نے ہم کو بتایا تو ہم اس سے رُک گئے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ قُرَّةَ إِلَّا سَوَادَةُ، تَفَرَّدَ بِهِ: يَعْقُوبُ

یہ حدیث معاویہ بن قرہ سے صرف سوادہ ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں یعقوب اکیلے ہیں۔

**1539** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا دَاوُدُ بْنُ رُشَيْدٍ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ الْحَرَّانِيُّ، عَنْ خُصَيْفٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ . عَنْ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ قَالَ:

حضرت کعب بن عجرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اے کعب بن عجرہ! کیا تجھے سر کی جوئیں تکلیف دیتی ہیں؟ میں نے عرض کی: جی ہاں!

---

1539- أخرجه البخاري: الطب جلد10صفحه163 رقم الحديث:5703' ومسلم: الحج جلد2صفحه859 .

قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا كَعْبَ بْنَ عُجْرَةَ، أَيُؤْذِيكَ هَوَامُّ رَأْسِكَ؟ قُلْتُ: نَعَمْ . قَالَ: فَاحْلِقْ، وَاذْبَحْ شَاةً، أَوْ صُمْ ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ، أَوْ أَطْعِمْ سِتَّةَ مَسَاكِينَ

فرمایا: تم بال منڈوا لو اور بکری ذبح کرو یا تین روزے رکھو یا چھ مسکینوں کو کھانا کھلا دو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ خُصَيْفٍ إِلَّا مُحَمَّدٌ، وَلَمْ يُدْخِلْ خُصَيْفٌ بَيْنَ مُجَاهِدٍ وَّكَعْبٍ: ابْنَ أَبِي لَيْلَى

یہ حدیث خصیف سے صرف محمد ہی روایت کرتے ہیں۔ خصیف نے مجاہد اور کعب کے درمیان ابن ابی لیلیٰ کو داخل نہیں کیا۔

**1540** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ خَلَفٍ الْعَسْقَلَانِيُّ قَالَ: نَا رَوَّادُ بْنُ الْجَرَّاحِ، عَنْ خُلَيْدِ بْنِ دَعْلَجٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: كَتَبَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى كِسْرَى وَقَيْصَرَ، وَإِلَى كُلِّ جَبَّارٍ، يَدْعُوهُمْ إِلَى اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ، وَذَلِكَ لَمَّا نَزَلَتْ عَلَيْهِ هَذِهِ الْآيَةُ: (وَأُوحِيَ إِلَيَّ هَذَا الْقُرْآنُ لِأُنْذِرَكُمْ بِهِ وَمَنْ بَلَغَ) (الانعام: 19)

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے کسریٰ و قیصر اور ہر جابر بادشاہ کی طرف خط لکھا' انہیں اللہ پر ایمان لانے کی دعوت دی اور تب یہ آیت نازل ہوئی: ''وَاُوْحِیَ اِلَیَّ هٰذَا الْقُرْآنُ لِاُنْذِرَکُمْ بِهٖ وَمَنْ بَلَغَ'' (الانعام:۱۹)۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ خُلَيْدٍ إِلَّا رَوَّادٌ

یہ حدیث خلید سے صرف روّاد ہی روایت کرتے ہیں۔

**1541** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا الْفَضْلُ بْنُ يَعْقُوبَ الرُّخَامِيُّ قَالَ: نَا سَعِيدُ بْنُ مَسْلَمَةَ قَالَ: نَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ أَبِي سُلَيْمَانَ، عَنِ الْمِقْدَامِ بْنِ شُرَيْحٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَلِيٍّ قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمْسَحُ عَلَى الْخُفَّيْنِ، إِذَا كَانَ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ موزوں پر مسح کرتے تھے' جب مسافر ہوتے تو تین دن اور تین راتیں کرتے اور جب مقیم ہوتے تو ایک دن اور ایک رات کرتے۔

---

1540- أخرجه مسلم: الجهاد جلد3صفحه1397 رقم الحديث: 1774' والترمذی: الاستئذان جلد 5صفحه68 رقم الحديث:2716 .

1541- انظر: مجمع الزوائد جلد1صفحه265 .

مُسَافِرًا ثَلَاثَةَ اَيَّامٍ وَّلَيَالِيَهُنَّ، وَإِذَا كَانَ مُقِيمًا يَوْمًا وَلَيْلَةً

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ اِلَّا سَعِيدٌ

یہ حدیث عبدالملک سے صرف سعید ہی روایت کرتے ہیں۔

**1542** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا رَجَاءُ بْنُ الْمُرَجَّى قَالَ: نَا عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ وَاقِدٍ قَالَ: نَا الْحُسَيْنُ بْنُ وَاقِدٍ، عَنْ ثُمَامَةَ، عَنْ اَنَسٍ قَالَ: جَمَعَ الْقُرْآنَ عَلَى عَهْدِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَرْبَعَةٌ: اُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ، وَزَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ، وَاَبُو زَيْدٍ، وَمُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ قَالَ اَبُو بَكْرِ بْنُ صَدَقَةَ: اَبُو زَيْدٍ: سَعْدُ بْنُ عُبَيْدٍ الْقَارِءُ الَّذِي كَانَ عَلَى الْقَادِسِيَّةِ، وَهُوَ اَبُو عُمَيْرِ بْنِ سَعْدٍ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ قرآن پاک نبی کریم ﷺ کے زمانہ میں چار آدمیوں نے جمع کیا: حضرت ابی بن کعب' زید بن ثابت' ابوزید اور معاذ بن جبل رضی اللہ عنہم نے۔ حضرت ابوبکر بن صدقہ فرماتے ہیں کہ ابوزید' سعد بن عبید القاری تھے' یہ قادسیہ کے مقام پر تھے' اور یہ ابوعمیر بن سعد ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْحُسَيْنِ اِلَّا ابْنُهُ عَلِيٌّ

یہ حدیث حسین سے صرف ان کے بیٹے علی ہی روایت کرتے ہیں۔

**1543** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الْجَبَّارِ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ الْقَاسِمِ الْاَسَدِيُّ قَالَ: نَا زُهَيْرٌ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: رَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَوَضَّاُ مَرَّتَيْنِ مَرَّتَيْنِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے نبی کریم ﷺ کو ہر عضو کو دو دو مرتبہ دھوتے ہوئے دیکھا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ زُهَيْرٍ اِلَّا مُحَمَّدٌ

یہ حدیث زہیر سے صرف محمد ہی روایت کرتے ہیں۔

**1544** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُجَاهِدُ بْنُ مُوسَى قَالَ: نَا مَعْنُ بْنُ عِيسَى قَالَ: نَا مَالِكُ بْنُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں حالت حیض میں نبی کریم ﷺ کو کنگھی کرتی تھی۔

---

1542- أخرجه البخاري: فضائل القرآن جلد8صفحه664 رقم الحديث:5003 .

1543- أخرجه البخاري: الوضوء جلد1صفحه311 رقم الحديث:158' ومسلم: الطهارة جلد1صفحه210 .

1544- أخرجه البخاري: الحيض جلد1صفحه478 رقم الحديث:295' ومسلم: الحيض جلد1صفحه244 .

اَنَسٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: كُنْتُ اُرَجِّلُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنَا حَائِضٌ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَالِكٍ اِلَّا مَعْنٌ

یہ حدیث مالک سے صرف معن ہی روایت کرتے ہیں۔

**1545** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ قَالَ: نَا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ قَالَ: نَا جَمِيلُ بْنُ عُبَيْدٍ قَالَ: نَا ثُمَامَةُ، عَنْ اَنَسٍ قَالَ: نَادَى مُنَادِي النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّ الْقِبْلَةَ قَدْ حُوِّلَتْ اِلَى الْبَيْتِ الْحَرَامِ، وَقَدْ صَلَّى الْاِمَامُ رَكْعَتَيْنِ، فَاسْتَدَارُوا، فَصَلَّوُا الرَّكْعَتَيْنِ الْبَاقِيَتَيْنِ نَحْوَ الْبَيْتِ الْحَرَامِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ کے منادی نے نداء کی کہ قبلہ بیت الحرام کی طرف پھیر دیا گیا ہے' اور امام نے دو رکعت ادا کر دی تھیں' وہ اسی حالت میں پھر گیا اور باقی دو رکعتیں بیت اللہ کی طرف منہ کرکے پڑھیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ ثُمَامَةَ اِلَّا جَمِيلٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: زَيْدٌ

یہ حدیث ثمامہ سے صرف جمیل ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں زید اکیلے ہیں۔

**1546** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ الْعَبَّاسِ الْبَاهِلِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ الْاَعْلَى بْنُ عَبْدِ الْاَعْلَى، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي عَرُوبَةَ، عَنْ اَيُّوبَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنِ اتَّخَذَ كَلْبًا، لَيْسَ بِكَلْبِ صَيْدٍ وَلَا مَاشِيَةٍ، فَاِنَّهُ يَنْقُصُ مِنْ اَجْرِهِ كُلَّ يَوْمٍ قِيرَاطَانِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے شکار اور حفاظت کے علاوہ کتا رکھا تو اس کے اجر سے ہر روز دو قیراط کی کمی ہو گی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سَعِيدٍ اِلَّا عَبْدُ الْاَعْلَى

یہ حدیث سعید سے صرف عبدالاعلیٰ ہی روایت کرتے ہیں۔

---

1545- أخرجه مسلم: المساجد جلد1صفحه375 .

1546- أخرجه البخاری: الذبائح جلد 9صفحه523 رقم الحديث: 5480-5482' ومسلم: المساقاة جلد 3 صفحه1201 .

**1547** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ الْقَوَارِيرِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَهْدِيٍّ قَالَ: نَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ مُطَرِّفِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الشِّخِّيرِ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: قَدِمْتُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي رَهْطٍ مِّنْ بَنِي عَامِرٍ، فَقُلْنَا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنَّا نَجِدُ ضَوَالًّا مِنَ الْاِبِلِ . فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ضَالَّةُ الْمُسْلِمِ حَرَقُ النَّارِ

حضرت مطرف بن عبداللہ بن شخیر اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس بنی عامر کے ایک گروہ میں آیا' ہم نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم گم شدہ اونٹ پاتے ہیں' تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: مسلمان کا گم شدہ (چیز) جانور لے لینا دوزخ میں جلنا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ شُعْبَةَ اِلَّا ابْنُ مَهْدِيٍّ

یہ حدیث شعبہ سے صرف ابن مہدی ہی روایت کرتے ہیں۔

**1548** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ الْعَبَّاسِ الْبَاهِلِيُّ قَالَ: نَا الْحَسَنُ بْنُ حَبِيبِ بْنِ نَدَبَةَ قَالَ: نَا رَوْحُ بْنُ الْقَاسِمِ، عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ النَّذْرَ لَا يَرُدُّ مِنَ الْقَدَرِ شَيْئًا، اِنَّمَا يُسْتَخْرَجُ بِهِ مِنَ الْبَخِيلِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: نذر' تقدیر سے کوئی شی نہیں بدلتی ہے' یہ صرف بخیل سے مال نکلواتی ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ رَوْحٍ اِلَّا الْحَسَنُ بْنُ حَبِيبٍ

یہ حدیث روح سے صرف حسن بن حبیب ہی روایت کرتے ہیں۔

**1549** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ اِشْكَابٍ قَالَ: نَا اَبُو نُعَيْمٍ الْفَضْلُ بْنُ دُكَيْنٍ قَالَ: نَا خَالِدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَنْصَارِيُّ، عَنْ اَبِي

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے رجم کیا تھا۔

---

**1547**- أخرجه ابن ماجة: اللقطة جلد2صفحه836 رقم الحديث: 2502' وأحمد: المسند جلد4صفحه33 رقم الحديث: 16320' والطبراني في الكبير جلد2صفحه265 رقم الحديث: 2112-2122 .

**1548**- أخرجه البخاري: الأيمان والنذور جلد 11صفحه584 رقم الحديث: 6694' ومسلم: النذر جلد 3 صفحه1261 .

**1549**- أخرجه البخاري: الحدود جلد12صفحه140 رقم الحديث: 6829' ومسلم: الحدود جلد3صفحه1317

رَجَاءٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجَمَ

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي رَجَاءٍ اِلَّا خَالِدُ بْنُ مُحَمَّدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَبُو نُعَيْمٍ

یہ حدیث ابورجاء سے صرف خالد بن محمد ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں ابونعیم اکیلے ہیں۔

**1550** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ الْقَطَّانُ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نُمَيْرٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِي اِسْمَاعِيلَ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ عَاصِمٍ الْعَنْبَرِيِّ قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ فَقَالَ: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الدُّبَّاءِ، وَالْمُزَفَّتِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دباء اور مزفت سے منع فرمایا۔

فائدہ: دباء کہتے ہیں: کدو کو خشک کر کے کھوکھلا کر کے برتن بنایا جاتا ہے۔ مزفت کہتے ہیں: لکڑی کا پیالہ بنا کر اس پر تارکول کی لپائی کرنا۔

**1551** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا الْحُسَيْنُ بْنُ حُرَيْثٍ الْمَرْوَزِيُّ قَالَ: نَا الْفَضْلُ بْنُ مُوسَى السِّينَانِيُّ، عَنْ شَرِيكٍ، عَنْ جَابِرٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ اِذَا اسْتُودِعَ شَيْئًا اَدَّاهُ، وَاِنَّ لُقْمَانَ عَلَيْهِ السَّلَامُ قَالَ لِابْنِهِ: اَسْتَوْدِعُ اللّٰهَ دِينَكَ وَاَمَانَتَكَ وَخَوَاتِيمَ عَمَلِكَ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ عزوجل فرماتا ہے کہ جب تمہارے پاس کوئی شے امانت رکھی جائے تو اس کو ادا کرو' بے شک حضرت لقمان علیہ السلام نے اپنے بیٹے سے کہا: میں تیرے دین اور تیری امانت اور تیرے اعمال کے انجام کو اللہ کے سپرد کرتا ہوں۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الشَّعْبِيِّ اِلَّا جَابِرٌ، وَلَا عَنْ جَابِرٍ اِلَّا شَرِيكٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْفَضْلُ

یہ حدیث شعبی سے صرف جابر اور جابر سے صرف شریک ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں فضل اکیلے ہیں۔

**1552** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَحْمَدُ بْنُ

حضرت کمیل بن زیاد فرماتے ہیں کہ میں نے

1550- أخرجه البخاري: الأشربة جلد10صفحه44 رقم الحديث: 5587، ومسلم: الأشربة جلد3صفحه1577 .

1551- أخرجه البيهقي في الكبرى جلد9صفحه291 رقم الحديث: 18577 .

عُثْمَانَ بْنِ حَكِيمٍ الْاَوْدِيُّ قَالَ: نَا مِخْوَلُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ قَالَ: نَا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَابِسٍ النَّخَعِيُّ، عَنْ كُمَيْلِ بْنِ زِيَادٍ قَالَ: سَمِعْتُ عَلِيًّا يَقُولُ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَيَقْرَاَنَّ الْقُرْآنَ نَاسٌ لَّا يُجَاوِزُ عِلْمٌ حَنَاجِرَهُمْ . فِيهِمْ رَجُلٌ مُّودَنَةٌ يَدُهُ، اَوْ مُثْدَنَةٌ يَدُهُ، فِي اَطْرَافِهَا شَعَرَاتٌ فَلَمَّا كَانَ يَوْمُ النَّهْرَوَانِ، قَالَ عَلِيٌّ: اطْلُبُوهُ . فَلَمْ يَجِدُوا، ثُمَّ اتَّبَعُوهُ، فَوَجَدُوهُ . فَقَالَ عَلِيٌّ: صَدَقَ اللّٰهُ وَرَسُولُهُ

حضرت علی رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: کچھ لوگ قرآن پڑھیں گے لیکن قرآن اُن کے حلق سے نیچے نہیں اُترے گا' اُن میں سے ایک آدمی وہ ہوگا جس کا ہاتھ عورت کے پستان کی طرح ہوگا' اس کے اردگرد بال ہوں گے' جب (جنگ) نہروان کا دن آیا تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اس (آدمی) کو تلاش کرو' لوگوں کو نہیں ملا تو پھر تلاش کیا' تو انہیں مل گیا تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ اور اس کے رسول نے سچ فرمایا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ كُمَيْلٍ اِلَّا عَبْدُ الرَّحْمَنِ، وَلَا عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ اِلَّا قَيْسٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: مِخْوَلٌ

یہ حدیث کمیل سے صرف عبدالرحمٰن اور عبدالرحمٰن سے صرف قیس ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں مخول اکیلے ہیں۔

**1553** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَحْمَدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ حَكِيمٍ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ الصَّلْتِ الْاَسَدِيُّ قَالَ: نَا اَبُو كُدَيْنَةَ يَحْيَى بْنُ الْمُهَلَّبِ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنَّا لَنَسْمَعُ مِنْكَ اَشْيَاءَ نُحِبُّ اَنْ نَحْفَظَهَا، اَوْنَكْتُبُهَا؟ قَالَ: نَعَمْ فَقُلْتُ: مَا يَكُونُ فِي الْغَضَبِ وَالرِّضَا؟ فَقَالَ: نَعَمْ، فَاِنِّي لَا اَقُولُ فِي الْغَضَبِ وَالرِّضَا اِلَّا حَقًّا

حضرت عمرو بن شعیب از والد خود از جد خود روایت کرتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم آپ سے کچھ چیزیں سنتے ہیں' ہم پسند کرتے ہیں کہ ہم ان کو یاد کریں یا لکھ لیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ہاں! میں نے عرض کی: آپ غصہ اور خوشی میں بھی ہوتے ہیں؟ تو آپ ﷺ نے فرمایا: ہاں! میں غصے اور خوشی میں بھی حق ہی کہتا ہوں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَطَاءٍ اِلَّا اَبُو كُدَيْنَةَ، وَلَا عَنْ اَبِي كُدَيْنَةَ، اِلَّا مُحَمَّدٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَحْمَدُ بْنُ

یہ حدیث عطاء سے صرف ابوکدینہ اور ابوکدینہ سے صرف محمد ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے

**1553**- أخرجه أبو داؤد: العلم جلد **3** صفحه **317** رقم الحديث: **3646**' وأحمد: المسند جلد **2** صفحه **220** رقم الحديث: **6517**.

عُثْمَانَ

میں احمد بن عثمان اکیلے ہیں۔

1554 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا عَبْدُ الْقُدُّوسِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْحَبْحَابِيُّ قَالَ: نَا عَمْرُو بْنُ عَاصِمٍ الْكِلَابِيُّ قَالَ: نَا هَمَّامُ بْنُ يَحْيَى، عَنْ عَاصِمٍ الْاَحْوَلِ، وَابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ سَلَفٍ وَبَيْعٍ، وَعَنْ شَرْطَيْنِ فِي بَيْعٍ، وَعَنْ بَيْعِ مَا لَمْ يُقْبَضْ، وَرِبْحِ مَا لَمْ يُضْمَنْ

حضرت عمرو بن شعیب اپنے والد' وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے منع فرمایا سلف اور بیع اکٹھی کرنے سے' اور ایک بیع میں دو شرطیں لگانے سے اور ایسی بیع سے جو قبضہ میں نہ ہو اور ایسے نفع سے جو ضمان کے طور پر نہ ہو۔

فائدہ: بیع سلف ملا کر کرنے سے مراد یہ ہے کہ کوئی آدمی کسی دوسرے سے کہے: میں یہ شے تجھے فروخت کرتا ہوں' اس شرط پر کہ تُو فلاں مال کے لیے مجھ سے ہزار روپے کی بیع سلم کرے۔ غلام دستگیر سیالکوٹی

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَاصِمٍ اِلَّا هَمَّامٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَمْرٌو

یہ حدیث عاصم سے صرف ہمام ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں عمرو اکیلے ہیں۔

1555 - وَبِهِ: حَدَّثَنَا هَمَّامُ بْنُ يَحْيَى، عَنْ مَطَرٍ الْوَرَّاقِ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: سَافَرْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاَبِي بَكْرٍ، وَعُمَرَ، فَلَمْ اَرَهُمْ يَزِيدُونَ عَلَى رَكْعَتَيْنِ، رَكْعَتَيْنِ

حضرت سالم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ میں نے نبی کریم ﷺ اور حضرت ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما کے ساتھ سفر کیا' میں نے ان میں سے کسی کو بھی دو دو رکعتوں سے زیادہ پڑھتے ہوئے نہیں دیکھا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَطَرٍ اِلَّا هَمَّامٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَمْرٌو

یہ حدیث مطر سے صرف ہمام ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں عمرو اکیلے ہیں۔

1556 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ الْجُبَيْرِيُّ قَالَ: نَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو لوگ اللہ کا ذکر کرنے کی

1554- أخرجه أبو داؤد: البيوع جلد3صفحه281 رقم الحديث: 3504' والترمذى: البيوع جلد3صفحه526 رقم الحديث:1234' والنسائى: البيوع جلد7صفحه254 (باب بيع ما ليس عند البائع) .

1555- أخرجه البخارى: التقصير جلد2صفحه655 رقم الحديث:1082' ومسلم: المسافرين جلد1صفحه482 .

1556- أخرجه الامام أحمد فى مسنده جلد3صفحه142 . وانظر مجمع الزوائد جلد10صفحه79 .

الزِّئْبَقِيُّ أَبُو إِسْحَاقَ قَالَ: نَا مَيْمُونُ بْنُ عَجْلَانَ قَالَ: نَا مَيْمُونُ بْنُ سِيَاهٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا جَلَسَ قَوْمٌ يَذْكُرُونَ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ إِلَّا نَادَاهُمْ مُنَادٍ مِّنَ السَّمَاءِ: قُومُوا مَغْفُورًا لَكُمْ، فَقَدْ بُدِّلَتْ سَيِّئَاتُكُمْ حَسَنَاتٍ

مجلس میں بیٹھتے ہیں تو آسمان سے آواز دینے والا کہتا ہے: اُٹھو! تم کو معاف کر دیا گیا ہے بلاشبہ تمہاری بُرائیاں نیکیوں کے ساتھ بدل دی گئی ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَيْمُونِ بْنِ عَجْلَانَ إِلَّا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ

یہ حدیث میمون بن عجلان سے صرف اسماعیل بن عبدالملک ہی روایت کرتے ہیں۔

**1557** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ السَّكَنِ قَالَ: نَا حَبَّانُ بْنُ هِلَالٍ قَالَ: نَا أَبَانُ بْنُ يَزِيدَ قَالَ: نَا يَحْيَى بْنُ أَبِي كَثِيرٍ، عَنْ أَبِي نَضْرَةَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَوْتِرُوا يَا أَهْلَ الْقُرْآنِ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اے اہل قرآن! وتر پڑھا کرو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ إِلَّا أَبَانُ بْنُ يَزِيدَ

یہ حدیث یحییٰ بن ابی کثیر سے صرف ابان بن یزید ہی روایت کرتے ہیں۔

**1558** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ الْجُبَيْرِيُّ، قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ مَرْوَانَ الْعُقَيْلِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ أَبِي نَضْرَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ فِي هَذِهِ الْآيَةِ: (يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِذَا تَدَايَنْتُمْ بِدَيْنٍ) (البقرة: 282) الْآيَةَ، إِلَى قَوْلِهِ: (فَإِنْ أَمِنَ بَعْضُكُمْ بَعْضًا) (البقرة: 283)

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ اس آیت "يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِذَا تَدَايَنْتُمْ بِدَيْنٍ (إِلَى قَوْلِهِ) فَإِنْ أَمِنَ بَعْضُكُمْ بَعْضًا" (البقرہ:۲۸۳-۲۸۲) کے متعلق فرماتے ہیں کہ اس آیت نے اپنے سے پہلی آیت کو منسوخ کر دیا۔

**1557**- أخرجه أبو داؤد في الصلاة جلد2صفحه62 رقم الحديث: 1416' والترمذي في الصلاة جلد2صفحه316 رقم الحديث: 453' والنسائي: قيام الليل جلد3صفحه187 (باب الأمر بالوتر)' والامام أحمد في مسنده جلد 1 صفحه185 رقم الحديث: 1265' أخرجه مسلم في المسافرين جلد1صفحه519 . وانظر: نصب الراية للزيلعي جلد1صفحه113 .

**1558**- أخرجه ابن ماجة: الأحكام جلد2صفحه792 رقم الحديث: 2365 .

قَالَ: نَسَخَتْ هَذِهِ الْآيَةُ مَا قَبْلَهَا

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ أَبِي نَضْرَةَ إِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ مَرْوَانَ

یہ حدیث عبدالملک بن ابی نضرہ سے صرف محمد بن مروان ہی روایت کرتے ہیں۔

**1559** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيدَ الْأَسْفَاطِيُّ قَالَ: نَا صَفْوَانُ بْنُ هُبَيْرَةَ قَالَ: نَا عِيسَى بْنُ الْمُسَيَّبِ الْبَجَلِيُّ الْقَاضِي، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنِ الْأَشْعَثِ بْنِ قَيْسٍ قَالَ: اشْتَرَيْتُ يَمِينِي مَرَّةً بِسَبْعِينَ أَلْفًا، وَذَلِكَ لِأَنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنِ اقْتَطَعَ حَقَّ مُسْلِمٍ بِيَمِينٍ لَقِيَ اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ وَهُوَ عَلَيْهِ غَضْبَانُ

حضرت اشعث بن قیس فرماتے ہیں کہ میں نے اپنی قسم کے ساتھ ایک مرتبہ ستر ہزار خریدا اور یہ اس لیے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے سنا کہ جس نے مسلمان کا حق (جھوٹی) قسم سے لیا تو وہ اللہ عزوجل سے اس حالت میں ملے گا کہ اللہ عزوجل اس سے ناراض ہو گا۔

**1560** - وَبِهِ: حَدَّثَنَا عِيسَى، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: فُرِغَ إِلَى ابْنِ آدَمَ مِنْ أَرْبَعٍ: مِنَ الْخَلْقِ، وَالْخُلُقِ، وَالْأَجَلِ، وَالرِّزْقِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ابن آدم کو چار چیزوں سے فارغ کر دیا گیا ہے: پیدائش' اخلاق' موت اور رزق سے (یعنی یہ چار اشیاء لکھ دی گئی ہیں)۔

**1561** - وَبِهِ: حَدَّثَنَا عِيسَى، عَنْ عَطِيَّةَ الْعَوْفِيِّ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي، فَمَرَّ أَعْرَابِيٌّ بِحَلُوبَةٍ لَهُ، فَأَشَارَ إِلَيْهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمْ يَفْهَمْ . فَنَادَاهُ عُمَرُ: يَا أَعْرَابِيُّ، وَرَاءَكَ . فَلَمَّا سَلَّمَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنِ الْمُتَكَلِّمُ؟ قَالُوا: عُمَرُ، فَقَالَ: مَا لِهَذَا فِقْهٌ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نماز پڑھ رہے تھے کہ ایک دیہاتی کا گزر ہوا دودھ دینے والی بکری لے کر' تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس کی طرف اشارہ کیا' وہ سمجھا نہیں' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس کو آواز دی: اے دیہاتی! پیچھے ہو' جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سلام پھیرا تو آپ نے فرمایا: کلام کرنے والا کون ہے؟ صحابہ کرام نے عرض کی: حضرت عمر ہیں'

**1559**- انظر: مجمع الزوائد جلد4صفحه184 .

**1560**- انظر: مجمع الزوائد جلد7صفحه198 .

**1561**- انظر الميزان جلد3صفحه323 .

آپ ﷺ نے فرمایا: یہ کون سی سمجھ (کی بات) ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذِهِ الْاَحَادِيثَ عَنْ عِيسَى اِلَّا صَفْوَانُ

یہ تمام احادیث عیسیٰ سے صرف صفوان ہی روایت کرتے ہیں۔

1562 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ السَّكَنِ قَالَ: نَا رَيْحَانُ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ: نَا عَرْعَرَةُ بْنُ الْبِرِنْدِ قَالَ: نَا رَوْحُ بْنُ الْقَاسِمِ، عَنْ عَاصِمِ ابْنِ بَهْدَلَةَ، عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا اجْتَمَعَ ثَلَاثَةٌ فَلَا يَتَنَاجَى اثْنَانِ دُونَ الثَّالِثِ، فَاِنَّ ذٰلِكَ يُحْزِنُهُ وَلَا تَصِفُ الْمَرْاَةُ الْمَرْاَةَ لِزَوْجِهَا، حَتَّى كَاَنَّهُ يَنْظُرُ اِلَيْهَا وَمَنِ اقْتَطَعَ مَالَ امْرِءٍ مُّسْلِمٍ بِيَمِينِهِ لَقِيَ اللّٰهَ تَعَالَى وَهُوَ عَلَيْهِ غَضْبَانُ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب تین آدمی جمع ہوں تو ایک کو چھوڑ کر دو آپس میں گفتگو نہ کریں' ایسا کرنا اس کو غمگین کرتا ہے' اور نہ کوئی عورت کسی عورت کے اوصاف بیان کرے' اس انداز میں کہ اس کا خاوند اس کو دیکھ رہا ہے' اور جس نے کسی مسلمان کا مال (جھوٹی) قسم کے ساتھ لیا' وہ اللہ عزوجل سے اس حالت میں ملاقات کرے گا کہ اللہ تعالیٰ اس پر غضبناک ہوگا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَرْعَرَةَ اِلَّا رَيْحَانُ، تَفَرَّدَ بِهِ: يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدٍ

یہ حدیث عرعرہ سے صرف ریحان ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں یحییٰ بن محمد اکیلے ہیں۔

1563 - حَدَّثَنَا اَبُو جَعْفَرٍ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حُمَيْدٍ الْمُقْرِءُ الْبَغْدَادِيُّ قَالَ: نَا اَبُو بِلَالٍ الْاَشْعَرِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ حَرْبٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ عُتْبَةَ بْنِ فَرْقَدٍ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اِذَا جَاءَ شَهْرُ رَمَضَانَ فُتِّحَتْ اَبْوَابُ الْجَنَّةِ، وَغُلِّقَتْ اَبْوَابُ النَّارِ، وَصُفِّدَتِ الشَّيَاطِينُ، وَنَادَى مُنَادٍ: يَا طَالِبَ الْخَيْرِ هَلُمَّ، وَيَا بَاغِيَ الشَّرِّ اَقْصِرْ، حَتَّى

حضرت عتبہ بن فرقد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جب رمضان کا ماہ آتا ہے تو جنت کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں اور جہنم کے دروازے بند کر دیئے جاتے ہیں' اور شیطانوں کو جکڑ دیا جاتا ہے اور ایک آواز دینے والا آواز دیتا ہے: اے نیکی کے طالبو! آؤ! اے شر کرنے والو! رُک جاؤ یہاں تک کہ مہینہ گزر جاتا ہے۔

1562- أخرجه أحمد: المسند جلد1صفحه569 رقم الحديث: 4394 .

1563- أخرجه النسائي: الصيام جلد4صفحه103-105 (باب ذكر الاختلاف على معمر فيه) .

يَنْسلِخَ الشَّهْرُ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ إِلَّا عَبْدُ السَّلَامِ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَبُو بِلَالٍ

یہ حدیث از عطاء از شعبی صرف عبد السلام ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں ابو بلال اکیلے ہیں۔

**1564** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَبُو بِلَالٍ الْاَشْعَرِيُّ قَالَ: نَا شَبِيبُ بْنُ شَيْبَةَ الْمِنْقَرِيُّ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِي رَبَاحٍ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا خَلَقَ اللَّهُ دَاءً إِلَّا وَقَدْ خَلَقَ لَهُ دَوَاءً، عَرَفَهُ مَنْ عَرَفَهُ، وَجَهِلَهُ مَنْ جَهِلَهُ، إِلَّا السَّامُ، وَهُوَ الْمَوْتُ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ عزوجل نے کوئی بیماری پیدا نہیں فرمائی جس کی دواء نہ پیدا کی ہو' جس نے پہچان لیا اس نے پہچان لیا' جو جاہل رہا وہ جاہل رہا' سوائے موت کے (کہ اس کی کوئی دواء نہیں ہے)۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ إِلَّا شَبِيبٌ وَرَوَاهُ عُمَرُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ اَبِي حُسَيْنٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ . وَرَوَاهُ طَلْحَةُ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ

یہ حدیث از عطاء از ابوسعید صرف شبیب ہی روایت کرتے ہیں۔ اور عمر بن سعید بن ابی حسین از عطاء از حضرت ابوہریرہ روایت کرتے ہیں۔ اور طلحہ بن عمرو' عطاء سے' وہ حضرت ابن عباس سے روایت کرتے ہیں۔

**1565** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَبُو بِلَالٍ قَالَ: نَا اَبُو كُدَيْنَةَ يَحْيَى بْنُ الْمُهَلَّبِ الْبَجَلِيُّ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا كَانَ اَحَدُكُمْ فِي الصَّلَاةِ، فَوَجَدَ رِجْسًا اَوْ رِجْزًا، فَلَا يَنْصَرِفْ حَتَّى يَسْمَعَ صَوْتًا اَوْ يَجِدَ رِيحًا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی نماز کی حالت میں ہو وہ پلیدی یا گندگی پائے تو وہ نماز سے نہ پھرے یہاں تک کہ آواز سنے یا بدبو پائے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ اَبِي كُدَيْنَةَ إِلَّا اَبُو بِلَالٍ

ابی کدینہ سے صرف ابوبلال ہی روایت کرتے ہیں۔

---

1564- انظر: غاية النهاية جلد1صفحه112 . انظر: مجمع الزوائد جلد5صفحه87 .

1565- أخرجه مسلم: الحيض جلد 1صفحه276' وأبو داؤد: الطهارة جلد 1صفحه44 رقم الحديث: 177' والترمذي: الطهارة جلد1صفحه109 رقم الحديث: 75 .

**1566** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَبُو بِلَالٍ الْاَشْعَرِيُّ قَالَ: نَا اَبُو بَكْرٍ النَّهْشَلِيُّ، عَنْ اَبِي بَكْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي الْجَهْمِ الْقُرَشِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ عُمَرَ، فِي الْمَسْحِ عَلَى الْخُفَّيْنِ، قَالَ عُمَرُ: فَعَلَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَفَعَلْنَاهُ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے موزوں پر مسح کے متعلق روایت ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: یہ کام رسول اللہ ﷺ نے کیا تو ہم نے بھی کیا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي بَكْرٍ النَّهْشَلِيِّ اِلَّا اَبُو بِلَالٍ

یہ حدیث ابوبکر النہشلی سے صرف ابوبلال ہی روایت کرتے ہیں۔

**1567** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَبُو بِلَالٍ الْاَشْعَرِيُّ قَالَ: نَا بِشْرُ بْنُ عُمَارَةَ، عَنِ الْاَحْوَصِ بْنِ حَكِيمٍ، عَنْ حَكِيمِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: مَا كَانَ يَبْقَى عَلَى مَائِدَةِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ خُبْزِ الشَّعِيرِ قَلِيلٌ وَّلَا كَثِيرٌ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کے دسترخوان پر جو کی روٹی بہت یا زیادہ نہیں بچتی تھی۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ حَكِيمٍ اِلَّا ابْنُهُ الْاَحْوَصُ، تَفَرَّدَ بِهِ: بِشْرٌ

یہ حدیث حکیم سے ان کے بیٹے الاحوص ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں بشرا کیلے ہیں۔

**1568** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَبُو بِلَالٍ الْاَشْعَرِيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبَانَ الْقُرَشِيُّ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ الصُّنَابِحِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ اَصْبَحَ صَائِمًا، فَاحْتَلَمَ اَوِ احْتَجَمَ اَوْ ذَرَعَهُ الْقَيْءُ، فَلَا قَضَاءَ عَلَيْهِ، وَمَنِ اسْتَقَاءَ فَعَلَيْهِ الْقَضَاءُ

حضرت عبداللہ الصنابحی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے روزے کی حالت میں صبح کی اور اس کو احتلام ہوگیا یا اس نے پچھنا لگوایا یا اس کو قے آئی تو اس پر قضاء نہیں' اور جس نے ازخود قے کی اس پر قضاء ہے۔

---

1566- انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 26011 .

1567- انظر: مجمع الزوائد جلد10صفحه316 .

1568- انظر: مجمع الزوائد جلد3صفحه173-174 .

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ عَنِ الصُّنَابِحِيِّ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ اَبَانَ

یہ حدیث از زید بن اسلم از صنابحی صرف محمد بن ابان ہی روایت کرتے ہیں۔

**1569** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَبُو بِلَالٍ الْاَشْعَرِيُّ قَالَ: نَا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ الْاَسَدِيُّ، عَنْ اَبِي حَصِينٍ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ الْحَنَفِيِّ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي، وَاِنَّ عَلَيْهِ طَائِفَةً مِنْ ثَوْبِي، وَاَنَا حَائِضٌ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ اس حالت میں نماز پڑھتے تھے کہ آپ پر میرے کپڑے کا ٹکڑا ہوتا تھا' حالانکہ میں حالت حیض میں ہوتی تھی۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي حَصِينٍ اِلَّا قَيْسٌ، وَزَائِدَةُ

یہ حدیث ابوحصین سے صرف قیس ہی روایت کرتے ہیں اورزائدہ۔

**1570** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا الْوَلِيدُ بْنُ الْفَضْلِ الْعَنَزِيُّ قَالَ: نَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عُبَيْدِ بْنِ نَافِعٍ الْعِجْلِيُّ، عَنْ حَمَّادِ بْنِ اَبِي سُلَيْمَانَ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَتَانِي جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ، فَقُلْتُ: يَا جِبْرِيلُ، حَدِّثْنِي بِفَضَائِلِ عُمَرَ فِي السَّمَاءِ . فَقَالَ جِبْرِيلُ: لَوْ حَدَّثْتُكَ بِفَضَائِلِ عُمَرَ مَا لَبِثَ نُوحٌ فِي قَوْمِهِ اَلْفَ سَنَةٍ اِلَّا خَمْسِينَ عَامًا، مَا نَفِدَتْ فَضَائِلُ عُمَرَ، وَاِنَّ عُمَرَ حَسَنَةٌ مِنْ حَسَنَاتِ اَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا

حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میرے پاس حضرت جبریل علیہ السلام تشریف لائے تو میں نے فرمایا: اے جبریل! مجھے آسمانوں میں عمر کے فضائل بیان کرو! حضرت جبریل نے کہا: مجھے حضرت عمر کے فضائل بیان کرنے کے لیے حضرت نوح علیہ السلام کی عمر کے نوسو پچاس سال چاہئیں' تو پھر بھی عمر کے فضائل ختم نہیں ہوں گے اور یہ عمر کی ساری نیکیاں حضرت ابوبکر کی ایک نیکی کی طرح ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ حَمَّادٍ اِلَّا اِسْمَاعِيلُ، تَفَرَّدَ بِهِ الْوَلِيدُ

یہ حدیث حماد سے صرف اسماعیل ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں ولید اکیلے ہیں۔

**1571** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عِيسَى بْنِ

حضرت ابراہیم بن ابی عبلہ فرماتے ہیں کہ میں نے

---

**1569**- أخرجه أبو داؤد رقم الحديث: 931' والامام أحمد فى مسنده رقم الحديث: 7016 .

**1570**- أخرجه ابن عدى فى الكامل جلد1صفحه2541' وانظر: مجمع الزوائد جلد9صفحه71 .

**1571**- انظر: مجمع الزوائد جلد1صفحه234 .

السُّكَيْنِ الْمَوْصِلِيُّ قَالَ: نَا الزُّبَيْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْقُرَشِيُّ الرُّهَاوِيُّ قَالَ: نَا قَتَادَةُ بْنُ الْفُضَيْلِ بْنِ قَتَادَةَ الْحَرَشِيُّ قَالَ: نَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ أَبِي عَبْلَةَ قَالَ: سَأَلْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ: كَيْفَ تَتَوَضَّأُ؟ فَقَالَ: تَسْأَلُنِي كَيْفَ أَتَوَضَّأُ، وَلَا تَسْأَلُنِي كَيْفَ رَأَيْتَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَوَضَّأُ؟ رَأَيْتُهُ يَتَوَضَّأُ ثَلَاثًا ثَلَاثًا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے پوچھا: آپ وضو کیسے کرتے تھے؟ تو انہوں نے فرمایا: مجھ سے پوچھتے ہو کہ میں کیسے وضو کرتا ہوں' یہ کیوں نہیں پوچھتے کہ تم نے رسول اللہ ﷺ کو کیسے وضو کرتے دیکھا؟ میں نے آپ ﷺ ہر عضو کو تین تین مرتبہ دھوتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ إِبْرَاهِيمَ إِلَّا قَتَادَةُ، تَفَرَّدَ بِهِ: الزُّبَيْرُ

یہ حدیث ابراہیم سے صرف قتادہ ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں زبیر اکیلے ہیں۔

**1572** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَمْدُونَ الْمَوْصِلِيُّ قَالَ: نَا غُزَيْلُ بْنُ سِنَانٍ قَالَ: نَا عَفِيفُ بْنُ سَالِمٍ الْبَجَلِيُّ، عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ طَاوُسٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ائْتَدِمُوا وَلَوْ بِالْمَاءِ

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: سالن بناؤ اگرچہ پانی کے ساتھ ہی ہو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُفْيَانَ إِلَّا عَفِيفٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: غُزَيْلٌ

یہ حدیث سفیان سے صرف عفیف ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں غزیل اکیلے ہیں۔

**1573** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمَّارٍ الْمَوْصِلِيُّ قَالَ: نَا عَفِيفُ بْنُ سَالِمٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي حَفْصٍ الْأَنْصَارِيِّ، عَنْ رَقَبَةَ بْنِ مَصْقَلَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: حَبَّذَا الْمُتَخَلِّلُونَ مِنْ أُمَّتِي

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: میری اُمت میں سے خلال کرنے والے اچھے ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ رَقَبَةَ إِلَّا مُحَمَّدٌ، وَلَا عَنْ مُحَمَّدٍ إِلَّا عَفِيفٌ . تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدٌ

یہ حدیث رقبہ سے صرف محمد ہی روایت کرتے ہیں اور محمد سے صرف عفیف ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں محمد اکیلے ہیں۔

---

1572- انظر: مجمع الزوائد جلد5صفحه38 .

1573- انظر: مجمع الزوائد جلد1صفحه238 .

1574 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ قَالَ: نَا الْمُعَافَى بْنُ عِمْرَانَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ مَيْمُونَةَ، زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ: سُئِلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْجُبْنِ؟ قَالَ: اقْطَعْ بِالسِّكِّينِ، وَاذْكُرِ اسْمَ اللّٰهِ، وَكُلْ

حضرت میمونہ‘ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زوجہ فرماتی ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پنیر کے متعلق پوچھا گیا تو آپ نے فرمایا: اسے چھری سے کاٹو اور اللہ کا نام لو اور کھاؤ۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ زَيْدٍ اِلَّا هِشَامٌ، وَلَا عَنْ هِشَامٍ اِلَّا الْمُعَافَى

یہ حدیث زید سے صرف ہشام ہی روایت کرتے ہیں اور ہشام سے صرف معافی ہی روایت کرتے ہیں۔

1575 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدٌ قَالَ: نَا الْقَاسِمُ بْنُ يَزِيدَ الْجَرْمِيُّ، عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ عُبَيْدِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الذُّبَابُ كُلُّهُ فِي النَّارِ اِلَّا النَّحْلَ، وَنَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ قَتْلِهِنَّ، وَعَنْ اِحْرَاقِ الطَّعَامِ قَالَ سُفْيَانُ: يُشْبِهُ اَنْ يَكُونَ بِاَرْضِ الْعَدُوِّ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما‘ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: ساری مکھیاں جہنم میں جائیں گی سوائے شہد کی مکھی کے۔ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے شہد کی مکھی کو مارنے سے منع کیا اور کھانے کو جلانے سے منع کیا۔ سفیان فرماتے ہیں کہ شبہ ہے کہ وہ (جب) دشمن کی زمین میں ہو۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُفْيَانَ اِلَّا الْقَاسِمُ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ عَمَّارٍ

یہ حدیث سفیان سے صرف قاسم ہی روایت کرتے ہیں اور اسے روایت کرنے میں محمد بن عمار اکیلے ہیں۔

1576 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُعَلَّى بْنُ مَهْدِيٍّ الْمَوْصِلِيُّ قَالَ: نَا عِمْرَانُ بْنُ خَالِدٍ الْخُزَاعِيُّ، عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: دَخَلَ سَلْمَانُ الْفَارِسِيُّ عَلَى عُمَرَ بْنِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ‘ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس اس حال میں آئے کہ آپ تکیہ پر ٹیک لگائے ہوئے تھے‘ آپ نے وہ تکیہ ان کی طرف پھینک دیا‘

1574- انظر: مجمع الزوائد جلد5صفحه46 .

1575- أخرجه الطبراني في الكبير جلد 12صفحه389 رقم الحديث: 13436 . انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث 4414 .

1576- أخرجه الطبراني في الصغير جلد1صفحه269 . انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 17718 .

الْخَطَّابِ، وَهُوَ مُتَّكِءٌ عَلَى وِسَادَةٍ، فَأَلْقَاهَا لَهُ، فَقَالَ سَلْمَانُ: اللّٰهُ اَكْبَرُ، صَدَقَ اللّٰهُ وَرَسُولِهِ . فَقَالَ عُمَرُ: حَدِّثْنَا يَا اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ . قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ مُتَّكِءٌ عَلَى وِسَادَةٍ، فَأَلْقَاهَا لِي، وَقَالَ: يَا سَلْمَانُ، مَا مِنْ مُسْلِمٍ يَدْخُلُ عَلَى اَخِيهِ، فَيُلْقِي لَهُ وِسَادَةً اِكْرَامًا لَهُ، اِلَّا غَفَرَ اللّٰهُ لَهُ

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ اکبر! اللہ اور اس کے رسول نے سچ فرمایا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے ابوعبداللہ! ہم کو حدیث بیان کریں۔ حضرت سلمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں رسول اللہ ﷺ کے پاس اس حالت میں آیا کہ آپ تکیہ پر ٹیک لگائے ہوئے تھے' آپ نے وہ تکیہ میری طرف پھینکا اور فرمایا: اے سلمان! جو مسلمان اپنے بھائی کے پاس آئے تو اس کی عزت کی خاطر اس کو تکیہ دے تو اللہ عزوجل اس کو معاف کر دے گا۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ سَلْمَانَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: عِمْرَانُ

یہ حدیث حضرت سلمان سے صرف اسی سند سے مروی ہے' اسے روایت کرنے میں عمران اکیلے ہیں۔

**1577** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمَّارٍ الْمَوْصِلِيُّ قَالَ: نَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُلَاثَةَ، عَنِ الْحَجَّاجِ بْنِ فُرَافِصَةَ، عَنْ اَبِي عُمَيْرٍ، عَنْ سَلْمَانَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْاَرْوَاحُ جُنُودٌ مُجَنَّدَةٌ، فَمَا تَعَارَفَ مِنْهَا ائْتَلَفَ، وَمَا تَنَاكَرَ مِنْهَا اخْتَلَفَ

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: روحیں سب ملی جلی تھیں' جس کا وہاں آپس میں تعارف ہوا وہ یہاں بھی متعارف ہیں اور جس نے وہاں پہچان نہیں کی' وہ یہاں بھی نہیں پہچانیں گے۔

**1578** - وَبِهِ: قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا ظَهَرَ الْقَوْلُ، وَخَزَنَ الْعَمَلُ، وَاخْتَلَفَتِ الْاَلْسُنُ، وَتَبَاغَضَتِ الْقُلُوبُ، وَقَطَعَ كُلُّ ذِي رَحِمٍ رَحِمَهُ، فَعِنْدَ ذَلِكَ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ، فَاَصَمَّهُمْ، وَاَعْمَى اَبْصَارَهُمْ

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ ہی فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب باتیں بُری ہوں' عمل بُرا ہو' زبانیں مختلف ہوں' دلوں میں نفرت ہوں' اور ہر طرح کی رشتے داریاں توڑی جائیں تو اس وقت ان پر اللہ کی جانب سے لعنت ہو گی' پس وہ گونگے ہوں گے اور

1577- انظر: مجمع الزوائد جلد10صفحه276 .

1578- انظر: مجمع الزوائد جلد7صفحه290 .

آنکھوں کے اندھے ہوں گے (نورِ ایمان سے)۔

لَا يُرْوَى هَذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنْ سَلْمَانَ اِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِمَا: مُحَمَّدُ بْنُ عَمَّارٍ

یہ دونوں حدیثیں حضرت سلمان سے صرف اسی سند سے مروی ہیں' ان کو روایت کرنے میں محمد بن عمار اکیلے ہیں۔

**1579** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَمْدُونٍ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمَّارٍ الْمَوْصِلِيُّ قَالَ: نَا عُمَرُ بْنُ اَيُّوبَ، عَنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ زِيَادٍ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: قَالَ رَجُلٌ مِّنَ الْقَوْمِ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَرَاَيْتَ اِذَا اَدَّى رَجُلٌ زَكَاةَ مَالِهِ؟ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ اَدَّى زَكَاةَ مَالِهِ، فَقَدْ ذَهَبَ عَنْهُ شَرُّهُ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ قوم میں سے ایک آدمی نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ کیا فرماتے ہیں جب آدمی اپنے مال سے زکوۃ دیتا ہے؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو اپنے مال کی زکوۃ دے' اس سے اللہ شر کو لے جائے گا (یعنی اس کے مال میں کمی نہیں آئے گی' نظر بد سے محفوظ رہے گا)۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُغِيرَةَ اِلَّا عُمَرُ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ عَمَّارٍ

یہ حدیث مغیرہ سے صرف عمر ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں محمد بن عمار اکیلے ہیں۔

**1580** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا صَالِحُ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ الْاَسَدِيُّ الْمَوْصِلِيُّ قَالَ: نَا الْقَاسِمُ بْنُ يَزِيدَ الْجَرْمِيُّ، عَنْ اِسْرَائِيلَ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا اُقِيمَتِ الصَّلَاةُ فَلَا تَقُومُوا حَتَّى تَرَوْنِي

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب نماز کے لیے اقامت پڑھی جائے تو مجھے دیکھنے تک کھڑے نہ ہوا کرو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سِمَاكٍ اِلَّا اِسْرَائِيلُ، وَلَا عَنْ اِسْرَائِيلَ اِلَّا الْقَاسِمُ، تَفَرَّدَ بِهِ صَالِحٌ

یہ حدیث سماک سے صرف اسرائیل ہی روایت کرتے ہیں اور اسرائیل سے صرف قاسم ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں صالح اکیلے ہیں۔

**1581** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمَّارٍ الْمَوْصِلِيُّ قَالَ: نَا عَفِيفُ بْنُ سَالِمٍ، عَنْ اَيُّوبَ

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب اپنے بستر پر آتے تو اپنے دائیں ہاتھ کو دائیں رخسار کے نیچے رکھتے' پھر پڑھتے: اَللّٰهُمَّ قِنِى عَذَابَكَ يَوْمَ تَبْعَثُ عِبَادَكَ ۔ اے اللہ! مجھے اپنے عذاب سے بچا! جس دن تُو اپنے بندوں کو اُٹھائے گا۔

فائدہ: تعلیم اُمت کے لیے کیونکہ انبیاء کرام گناہوں سے معصوم ہوتے ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانَ اِلَّا مُوسَى، تَفَرَّدَ بِهِ: سَعِيدٌ

یہ حدیث ہشام بن حسان سے صرف موسیٰ ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں سعید اکیلے ہیں۔

**1637** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَبُو مُوسَى

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

---

1636- أخرجه الترمذي: الدعوات جلد5صفحه471 رقم الحديث: 3399' وأحمد: المسند جلد 4صفحه344 رقم الحديث: 18501' وابن حبان في موارد الظمآن رقم الحديث: 2350 .

1637- انظر: مجمع الزوائد جلد10صفحه415 .

عِيسَى بْنُ يُونُسَ الطَّرَسُوسِيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ مُصْعَبٍ الْقَرْقَسَانِيُّ قَالَ: نَا هَمَّامُ بْنُ يَحْيَى، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَالَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ: أَعْدَدْتُ لِعِبَادِي الصَّالِحِينَ مَا لَا عَيْنٌ رَأَتْ، وَلَا أُذُنٌ سَمِعَتْ، وَلَا خَطَرَ عَلَى قَلْبِ بَشَرٍ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ عزوجل فرماتا ہے کہ میں نے اپنے نیک بندوں کے لیے وہ کچھ تیار کر رکھا ہے جو کسی آنکھ نے دیکھا نہیں اور کسی کان نے اس کے متعلق سنا نہیں اور کسی انسان کے دل میں اس کا خیال بھی نہیں آیا ہے۔

**1638** - وَبِهِ: قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا رَأَيْتُ مِثْلَ الْجَنَّةِ، نَامَ طَالِبُهَا، وَمَا رَأَيْتُ مِثْلَ النَّارِ، نَامَ هَارِبُهَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ ہی فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں نے جنت کی مثل نہیں دیکھا کہ اس کا طالب سوئے اور جہنم کی مثل نہیں دیکھا کہ اس کا سونے والا اس سے بھاگتا نہ ہو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنْ قَتَادَةَ إِلَّا هَمَّامٌ، تَفَرَّدَ بِهِمَا: مُحَمَّدُ بْنُ مُصْعَبٍ

یہ دونوں حدیثیں قتادہ سے صرف ہمام ہی روایت کرتے ہیں' ان کو روایت کرنے میں محمد بن مصعب اکیلے ہیں۔

**1639** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ مُصَفَّى قَالَ: نَا مُعَاوِيَةُ بْنُ حَفْصٍ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنْ خَالِدِ بْنِ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ خَيْرٍ قَالَ: سَمِعْتُ عَلِيًّا يَقُولُ: سَبَقَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَصَلَّى أَبُو بَكْرٍ، وَثَلَّثَ عُمَرُ ثُمَّ خَبَطَتْنَا فِتْنَةٌ، فَمَا شَاءَ اللَّهُ

حضرت عبد خیر فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو فرماتے سنا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سبقت لے لئے اور حضرت ابوبکر نے نماز پڑھی اور تہائی حضرت عمر نے پھر ہمیں فتنہ پہنچا جو اللہ نے چاہا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ خَالِدٍ إِلَّا أَبُو الْأَحْوَصِ، وَلَا عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ إِلَّا مُعَاوِيَةُ، تَفَرَّدَ بِهِ مُحَمَّدُ بْنُ مُصَفَّى

یہ حدیث خالد سے ابوالاحوص اور ابوالاحوص سے صرف معاویہ ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں محمد بن مصفّٰی اکیلے ہیں۔

**1640** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا إِسْحَاقُ بْنُ زَيْدٍ الْخَطَّابِيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ أَبِي

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے بنی ہاشم! عنقریب

1640- انظر: مجمع الزوائد جلد7صفحه284 .

دَاوُدَ، عَنْ زُهَيْرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ حُسَيْنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا بَنِي هَاشِمٍ، اِنَّكُمْ سَتُصِيبُكُمْ بَعْدِي جَفْوَةٌ، فَاسْتَعِينُوا عَلَيْهَا بِاَرِقَّاءِ النَّاسِ

میرے بعد تمہیں بے وفائی پہنچے گی، تم ان کی نرم دل لوگوں کے ساتھ مدد کرنا۔

**1641** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اِسْحَاقُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ اَبِي دَاوُدَ قَالَ: نَا اَبُو جَعْفَرٍ الرَّازِيُّ، عَنِ الرَّبِيعِ بْنِ اَنَسٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ ذَكَرَ اللّٰهَ فَفَاضَتْ عَيْنَاهُ مِنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ حَتَّى تُصِيبَ الْاَرْضَ دُمُوعُهُ لَمْ يُعَذِّبْهُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ، نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جو اللہ کا ذکر کرے اس کی آنکھوں سے اللہ کے ڈر سے آنسو نکل آئیں اور اس کے آنسو زمین تک پہنچ جائیں تو اللہ عزوجل قیامت کے دن اس کو عذاب نہیں دے گا۔

**1642** - وَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ صَلَّى عَلَيَّ بَلَغَتْنِي صَلَاتُهُ، وَصَلَّيْتُ عَلَيْهِ، وَكُتِبَتْ لَهُ سِوَى ذٰلِكَ عَشْرُ حَسَنَاتٍ

نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس نے مجھ پر درود پڑھا تو اس کا درود مجھے پہنچایا جاتا ہے، اور میں اس کے لیے دعا کرتا ہوں تو اس کے لیے میری دعا کے علاوہ دس نیکیاں لکھ دی جاتی ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنْ اَبِي جَعْفَرٍ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ

یہ دونوں حدیثیں ابوجعفر سے صرف محمد بن سلیمان ہی روایت کرتے ہیں۔

**1643** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا عَبْدَةُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيمِ الْمَرْوَزِيُّ قَالَ: نَا سَعِيدُ بْنُ هُبَيْرَةَ قَالَ: نَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ قَالَ: نَا عَمْرُو بْنُ يَحْيَى بْنِ عُمَارَةَ الْمَازِنِيُّ، عَنْ قَيْسِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ الْاَشْعَثِ بْنِ قَيْسٍ،

حضرت اشعث بن قیس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے سنا: جس نے (جھوٹی) قسم کے ساتھ اپنے مسلمان بھائی کا مال لیا تو وہ قیامت کے دن اس حال میں آئے گا کہ اللہ عزوجل اُس

**1641**- أخرجه الحاكم في المستدرك جلد4صفحه260، والترغيب والترهيب للمنذري جلد4صفحه228 رقم الحديث:2 .

**1642**- انظر: مجمع الزوائد جلد10صفحه165 .

**1643**- انظر: مجمع الزوائد جلد4صفحه183 .

عَنِ الْاَشْعَثِ بْنِ قَيْسٍ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ حَلَفَ عَلٰى يَمِينٍ لِّيَقْتَطِعَ بِهَا مَالَ امْرِءٍ مُّسْلِمٍ، لَقِيَ اللّٰهَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَهُوَ عَلَيْهِ غَضْبَانُ، عَذَّبَهُ اَوْ غَفَرَ لَهُ

پر غضبناک ہوگا' پھر اللہ چاہے تو اُسے عذاب دے' چاہے تو معاف فرمادے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ حَمَّادٍ اِلَّا سَعِيدُ بْنُ هُبَيْرَةَ الْبَصْرِيُّ

یہ حدیث حماد سے صرف سعید بن ہبیرۃ البصری ہی روایت کرتے ہیں۔

**1644** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْاَنْطَاكِيُّ، وَنَا هَاشِمُ بْنُ مَرْثَدٍ الطَّبَرَانِيُّ قَالَ: نَا اَبُو صَالِحٍ الْفَرَّاءُ قَالَ: نَا اَبُو اِسْحَاقَ الْفَزَارِيُّ، عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، عَنْ حُسَيْنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: كَانَ الْمُشْرِكُونَ يُفِيضُونَ مِنْ عَرَفَةَ قَبْلَ غُرُوبِ الشَّمْسِ، وَلَا يُفِيضُونَ مِنْ جَمْعٍ حَتّٰى تَزُولَ الشَّمْسُ، فَخَالَفَهُمْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَدَفَعَ مِنْ عَرَفَةَ بَعْدَ غُرُوبِ الشَّمْسِ حِينَ اَفْطَرَ الصَّائِمُ، ثُمَّ دَفَعَ مِنْ جَمْعٍ قَبْلَ طُلُوعِ الشَّمْسِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ مشرکین غروبِ شمس سے پہلے عرفات سے لوٹ آتے اور مزدلفہ سے زوالِ شمس سے پہلے نہیں لوٹتے تھے۔ تو رسول اللہ ﷺ ان کی مخالفت کرتے تھے' آپ عرفات سے غروب الشمس کے بعد واپس آتے جس وقت روزہ افطار کرتا ہے' پھر مزدلفہ سے طلوعِ شمس سے پہلے واپس آتے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُفْيَانَ اِلَّا اَبُو اِسْحَاقَ الْفَزَارِيُّ اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدٍ

یہ حدیث سفیان سے صرف ابواسحاق الفزاری ابراہیم بن محمد ہی روایت کرتے ہیں۔

**1645** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ سَهْمٍ قَالَ: نَا اَبُو اِسْحَاقَ الْفَزَارِيُّ، عَنْ سُفْيَانَ بْنِ عُيَيْنَةَ، عَنْ اَبِي حَمْزَةَ الثُّمَالِيِّ، عَنْ

حضرت یسر بن عمرو انصاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے جھنڈا حضرت عبداللہ بن رواحہ کو دیا' وہ زخمی ہوئے تو انہوں نے ثابت بن اقرم انصاری کو دے

---

**1644**- أخرجه البخاري: مناقب الأنصار جلد 7 صفحه 183 رقم الحديث: 3838' والترمذي: الحج جلد 3 صفحه 233 رقم الحديث: 896 .

**1645**- أخرجه الطبراني في الكبير جلد 11 صفحه 334 رقم الحديث: 1000 . انظر: مجمع الزوائد جلد 6 صفحه 254-255 .

سَالِمِ بْنِ اَبِي الْجَعْدِ، عَنْ اَبِي الْيَسَرِ بْنِ عَمْرٍو الْاَنْصَارِيِّ قَالَ: اَنَا دَفَعْتُ الرَّايَةَ، اِلَى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رَوَاحَةَ وَاُصِيبَ، فَدَفَعَهَا اِلَى ثَابِتِ بْنِ اَقْرَمَ الْاَنْصَارِيِّ، فَدَفَعَهَا اِلَى خَالِدِ بْنِ الْوَلِيدِ، فَقَالَ: لِمَ تَدْفَعُهَا اِلَيَّ؟ قَالَ: اَنْتَ اَعْلَمُ بِالْقِتَالِ مِنِّي

دیا' انہوں نے خالد بن ولید کو دے دیا' انہوں نے فرمایا کہ مجھے کیوں نہیں دیا؟ فرمایا: آپ مجھ سے زیادہ لڑائی کے معاملات جانتے ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُفْيَانَ بْنِ عُيَيْنَةَ اِلَّا اَبُو اِسْحَاقَ

یہ حدیث سفیان بن عیینہ سے صرف ابواسحاق ہی روایت کرتے ہیں۔

**1646** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ قَالَ: نَا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ حَبِيبِ بْنِ اَبِي الْعِشْرِينَ قَالَ: نَا الْاَوْزَاعِيُّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، عَنْ اَبِي قِلَابَةَ، عَنْ شَدَّادِ بْنِ اَوْسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اللّٰهَ تَعَالَى كَتَبَ الْعَدْلَ، وَاِذَا اَرَادَ اَحَدُكُمْ اَنْ يَذْبَحَ فَلْيُحِدَّ شَفْرَتَهُ، وَلْيُرِحْ ذَبِيحَتَهُ

حضرت شداد بن اوس رضی اللہ عنہ' نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ اللہ عزوجل نے انصاف لکھ دیا ہے' اور جب تم میں سے کوئی ذبح کرنے کا ارادہ کرے تو وہ اپنی چھری کو تیز کرے اور وہ اپنے ذبح ہونے والے جانور کو سکون پہنچائے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ اِلَّا ابْنُ اَبِي الْعِشْرِينَ، تَفَرَّدَ بِهِ: هِشَامٌ

یہ حدیث اوزاعی سے صرف ابن ابی العشرین ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں ہشام اکیلے ہیں۔

**1647** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ النَّضْرِ قَالَ: نَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ قَالَ: نَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ قَالَ: نَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ اَخِيهِ زَيْدِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَحِلُّ الصَّدَقَةُ لَنَا وَلَا لِمَوَالِينَا

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: صدقہ ہمارے اور ہمارے غلاموں کے لیے حلال نہیں ہے۔

---

**1646**- أخرجه مسلم: الصيد جلد 3صفحه1548' وأبو داؤد: الضحايا جلد 3صفحه100 رقم الحديث: 2815' والترمذي: الديات جلد4صفحه23 رقم الحديث: 1409 .

**1647**- انظر: مجمع الزوائد جلد3صفحه94 .

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ زَيْدٍ إِلَّا أَخُوهُ عُمَرُ، وَلَا عَنْ عُمَرَ إِلَّا إِسْمَاعِيلُ، تَفَرَّدَ بِهِ: هِشَامٌ

یہ حدیث زید سے اُن کے بھائی عمر اور عمر سے صرف اسماعیل ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں ہشام اکیلے ہیں۔

**1648** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ قَالَ: نَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ قَالَ: نَا عُفَيْرُ بْنُ مَعْدَانَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الدَّجَّالُ أَحْمَرُ هِجَانٌ، ضَخْمٌ فَيْلَمِيٌّ، كَأَنَّ شَعْرَ رَأْسِهِ أَغْصَانُ شَجَرَةٍ، كَأَنَّ عَيْنَهُ كَوْكَبُ الصُّبْحِ، فَشَبَّهْتُهُ بِعَبْدِ الْعُزَّى بْنِ قَطَنٍ، مِنْ خُزَاعَةَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: دجال سفید سرخ رنگ کا ہو گا' اس کا ہونٹ موٹا ہوگا' اس کے سر کے بال درختوں کی ٹہنی کی طرح ہوں گے' اس کی آنکھ صبح کے ستارے کی طرح ہوگی' وہ قبیلہ خزاعہ کے عبدالعزیٰ بن قطن کے مشابہ ہوگا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ إِلَّا عُفَيْرٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْوَلِيدُ

یہ حدیث قتادہ سے صرف عفیر ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں ولید اکیلے ہیں۔

**1649** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْأَذَنِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ الْمَجِيدِ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ أَبِي رَوَّادٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: رَأَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَأْكُلُ بِأَصَابِعِهِ الثَّلَاثِ: بِالْإِبْهَامِ، وَالَّتِي تَلِيهَا، وَالْوُسْطَى، ثُمَّ رَأَيْتُهُ يَلْعَقُ أَصَابِعَهُ الثَّلَاثَ قَبْلَ أَنْ يَمْسَحَهَا، وَيَلْعَقُ الْوُسْطَى، ثُمَّ الَّتِي تَلِيهَا، ثُمَّ الْإِبْهَامَ

حضرت کعب بن عجرہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا کہ آپ تین انگلیوں کے ساتھ کھانا کھا رہے تھے: انگوٹھے اور اس کے ساتھ والی انگلی اور درمیانی انگلی کے ساتھ' پھر میں نے آپ کو اپنی تینوں انگلیوں کو صاف کرنے سے پہلے چاٹتے ہوئے دیکھا اور آپ نے درمیانی انگلی کو پہلے پھر اس کے ساتھ والی انگلی کو پھر اس کے بعد انگوٹھے کو چاٹتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ إِلَّا عَبْدُ الْمَجِيدِ

یہ حدیث ابن جریج سے صرف عبدالمجید ہی روایت کرتے ہیں۔

---

1648- أخرجه الامام أحمد فى مسنده جلد1صفحه240 . انظر: مجمع الزوائد جلد7صفحه340-341 .

1649- انظر: مجمع الزوائد جلد5صفحه31 .

**1650** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا يُوسُفُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْمَرْوَزِيُّ قَالَ: نَا مَرْوَانُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الطَّاطِرِيُّ قَالَ: نَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ بَشِيرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّ النَّجَاشِيَّ زَوَّجَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُمَّ حَبِيبَةَ، وَاَصْدَقَ عَنْهُ مِنْ مَالِهِ مِائَتَيْ دِينَارٍ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضرت نجاشی نے حضرت اُم حبیبہ رضی اللہ عنہا کی نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے شادی کی اور اپنے مال سے آپ کا دو سو دینار حق مہر دیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ اِلَّا سَعِيدٌ، وَلَا عَنْ سَعِيدٍ اِلَّا سُفْيَانُ، تَفَرَّدَ بِهِ: مَرْوَانُ

یہ حدیث قتادہ سے صرف سعید اور سعید سے سفیان ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں مروان اکیلے ہیں۔

**1651** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَامٍ الْمَنْبِجِيُّ قَالَ: نَا سَعِيدٌ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ صَالِحٍ الطَّائِيِّ قَالَ: حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَابِطٍ، عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ قَالَ: لَمَّا بَعَثَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى الْيَمَنِ قَالَ: قُلْ: اَيُّهَا النَّاسُ اِنِّي رَسُولُ رَسُولِ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ، وَاعْلَمُوا اَنَّ الْمَرَدَّ اِلَى الْجَنَّةِ اَوْ اِلَى النَّارِ، خُلُودٌ لَا مَوْتٌ، وَاِقَامَةٌ لَا ظَعْنٌ، فِي اَجْسَادٍ لَا تَمُوتُ

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے یمن کی طرف بھیجا' آپ نے فرمایا: تو کہنا! اے لوگو! میں تمہاری طرف اللہ کے رسول کا بھیجا ہوا ہوں' جان لو! جنت یا دوزخ کی مراد ہمیشگی ہے موت نہیں ہے' اقامت عارضی نہیں ہے' جسم میں چلنا پھرنا نہیں ہوگا' موت نہیں ہوگی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ حَبِيبٍ اِلَّا سَعِيدٌ

یہ حدیث حبیب سے صرف سعید ہی روایت کرتے ہیں۔

**1652** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَامٍ قَالَ: نَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ، عَنْ مَالِكِ بْنِ اَنَسٍ،

حضرت ابوحمید الساعدی رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ پر درود

---

**1650**- انظر: مجمع الزوائد جلد4صفحه285 .

**1651**- أخرجه الطبراني في الكبير جلد20صفحه1751 . انظر مجمع الزوائد جلد10صفحه339 .

**1652**- أخرجه البخاري: أحاديث الأنبياء جلد 6صفحه469 رقم الحديث: 3369' ومسلم: الصلاة جلد 1 صفحه306 .

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، وَمُحَمَّدٍ: ابْنَا اَبِی بَكْرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ، عَنْ اَبِيهِمَا، عَنْ عَمْرِو بْنِ سُلَيْمٍ الزُّرَقِيِّ، عَنْ اَبِی حُمَيْدٍ السَّاعِدِيِّ، اَنَّهُمْ قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، كَيْفَ الصَّلَاةُ عَلَيْكَ؟ قَالَ: قُولُوا: اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ وَّاَزْوَاجِهِ وَذُرِّيَّتِهِ، كَمَا صَلَّيْتَ عَلَى اِبْرَاهِيمَ، وَبَارِكْ عَلَى مُحَمَّدٍ وَّاَزْوَاجِهِ وَذُرِّيَّتِهِ، كَمَا بَارَكْتَ عَلَى اِبْرَاهِيمَ، اِنَّكَ حَمِيدٌ مَّجِيدٌ

کیسے پڑھیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: کہو! ''اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاَزْوَاجِهٖ وَذُرِّيَّتِهٖ، كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ، وَبَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاَزْوَاجِهٖ وَذُرِّيَّتِهٖ، كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ، اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ''۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَالِكٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ وَمُحَمَّدٍ ابْنَیْ اَبِی بَكْرٍ اِلَّا عِيسَى وَرَوَاهُ النَّاسُ: عَنْ مَالِكٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِی بَكْرٍ وَّحْدَهُ

یہ حدیث از مالک از عبداللہ اور محمد ابوبکر کے بیٹوں سے صرف عیسیٰ ہی روایت کرتے ہیں۔ اور لوگوں نے مالک سے انہوں نے صرف محمد بن ابی بکر سے روایت کی ہے۔

**1653** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَبُو خَيْثَمَةَ مُصْعَبُ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ: نَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ، عَنْ وَائِلِ بْنِ دَاوُدَ، عَنِ الْبَهِيِّ، عَنِ الزُّبَيْرِ بْنِ الْعَوَّامِ قَالَ: قَتَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ بَدْرٍ رَّجُلًا مِنْ قُرَيْشٍ صَبْرًا، ثُمَّ قَالَ: لَا يُقْتَلُ قُرَشِيٌّ بَعْدَ هٰذَا الْيَوْمِ صَبْرًا اِلَّا رَجُلٌ قَتَلَ عُثْمَانَ بْنَ عَفَّانَ، فَاقْتُلُوهُ، فَاِنْ لَا تَفْعَلُوا، تُقْتَلُوا قَتْلَ الشَّاةِ

حضرت زبیر بن عوام رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے بدر کے دن قریش کے ایک آدمی کو باندھ کر قتل کیا' پھر فرمایا: قریش کو آج کے دن کے بعد باندھ کر قتل نہ کرنا' مگر اس آدمی کو جو عثمان بن عفان کو قتل کرے' اس کو قتل کرو' اگر تم ایسا نہ کرو گے تو تم بکری کی طرح قتل کئے جاؤ گے۔

لَا يَرْوِيهِ اِلَّا مُصْعَبٌ، وَلَا يُرْوَى عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ

اسے صرف حضرت مصعب ہی روایت کرتے ہیں اور نبی کریم ﷺ سے یہ حدیث صرف اسی سند سے روایت کی گئی ہے۔

**1654** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ

حضرت عبداللہ بن عامر بن ربیعہ اپنے والد سے' وہ

1653- أخرجه البزار جلد13صفحه181 . انظر: مجمع الزوائد جلد9صفحه102 .

1654- أخرجه ابن ماجة: اقامة الصلاة جلد1صفحه294 رقم الحديث: 907 .

سَلَامٍ قَالَ: نَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ يَعْلَى بْنِ عَطَاءٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَامِرِ بْنِ رَبِيعَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا مِنْ عَبْدٍ تُصَلِّي عَلَيَّ اِلَّا صَلَّتْ عَلَيْهِ الْمَلَائِكَةُ مَا صَلَّى عَلَيَّ، فَلْيُكْثِرْ اَوْ لِيُقِلَّ

نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جو بھی مجھ پر درود پڑھتا ہے تو فرشتے اس کے لیے رحمت کی دعائیں کرتے ہیں' چاہے تو کثرت سے پڑھے یا کم پڑھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ يَعْلَى اِلَّا عِيسَى وَرَوَاهُ النَّاسُ: عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ

یہ حدیث از شعبہ از یعلی صرف عیسیٰ ہی روایت کرتے ہیں' اور لوگوں نے اسے از شعبہ از عاصم بن عبیداللہ سے روایت کیا ہے۔

**1655** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَامٍ قَالَ: نَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ جَرِيرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ الْاَشْعَثِ بْنِ قَيْسٍ، اَنَّ مُعَاذًا كَانَ بَيْنَهُ وَبَيْنَ رَجُلٍ خُصُومَةٌ، فَارْتَفَعَا اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَضَى بِالْيَمِينِ عَلَى اَحَدِهِمَا، فَقَالَ الْآخَرُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، تَرَكْتَهُ يَحْلِفُ عَلَى اَرْضِي، فَيَذْهَبُ بِهَا، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَاِنَّهُ اِنْ حَلَفَ كَاذِبًا فَقَالَ قَوْلًا شَدِيدًا

حضرت اشعث بن قیس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضرت معاذ اور ایک آدمی کے درمیان جھگڑا ہوا' دونوں اپنا جھگڑا نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں لائے' آپ نے اُن دونوں میں سے ایک سے قسم لے کر فیصلہ کیا تو دوسرے نے عرض کی: یارسول اللہ! وہ قسم اُٹھا کر میری زمین لے جائے گا' نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اگر وہ جھوٹی قسم اُٹھائے گا تو اس نے بہت سخت بات کی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ عَوْنٍ اِلَّا عِيسَى

یہ حدیث ابن عون سے صرف عیسیٰ ہی روایت کرتے ہیں۔

**1656** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مَعْدَانَ السَّلْمَسِينِيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ مُوسَى بْنِ يَسَارٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو اپنے بھائی کا دنیا میں گوشت کھائے (یعنی غیبت کرے گا) قیامت کے دن اُسے قریب کیا جائے گا تو اسے کہا جائے گا: اس زندہ کو کھا جس

---

1655- انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 18314 .

1656- انظر: مجمع الزوائد جلد8 صفحه 95 .

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ اَكَلَ لَحْمَ اَخِيهِ فِي الدُّنْيَا، قُرِّبَ اِلَيْهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، فَيُقَالُ لَهُ: كُلْهُ حَيًّا كَمَا اَكَلْتَهُ مَيِّتًا ۔ فَيَاْكُلُهُ، وَيَكْلَحُ وَيَصِيحُ

طرح تُو اس مردہ کو کھاتا تھا' وہ کھائے گا اور چبائے گا اور چیخے گا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ اِسْحَاقَ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ

یہ حدیث ابن اسحاق سے صرف محمد بن مسلمہ ہی روایت کرتے ہیں۔

**1657** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ الْحَرَّانِيُّ قَالَ: نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ بْنِ مَالِكٍ الْجَزَرِيِّ، عَنْ نَافِعٍ، اَنَّهُ دَخَلَ مَعَ ابْنِ عَمِّهِ عَلَى اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، فَسَاَلَهُ عَنِ الصَّرْفِ؟ فَقَالَ اَبُو سَعِيدٍ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: الذَّهَبُ بِالذَّهَبِ مِثْلًا بِمِثْلٍ، وَالْفِضَّةُ بِالْفِضَّةِ مِثْلًا بِمِثْلٍ، لَا فَضْلَ بَيْنَهُمَا

حضرت نافع سے روایت ہے کہ وہ اپنے چچا کے ساتھ حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ کے پاس آئے اور ان سے بیع صرف کے متعلق پوچھا' تو حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا: سونا سونے کے بدلے برابر برابر' چاندی چاندی کے بدلے برابر برابر فروخت کرو' ان دونوں کو زیادتی کے ساتھ فروخت کرنا جائز نہیں ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ اِلَّا عُبَيْدُ اللّٰهِ

یہ حدیث عبدالکریم سے صرف عبیداللہ ہی روایت کرتے ہیں۔

**1658** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ شُعَيْبٍ النَّسَائِيُّ قَالَ: نَا حُسَيْنُ بْنُ مَنْصُورِ بْنِ جَعْفَرٍ قَالَ: نَا مُبَشِّرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: نَا سُفْيَانُ بْنُ حُسَيْنٍ، عَنْ دَاوُدَ الْوَرَّاقِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ حَكِيمٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ مُعَاوِيَةَ بْنِ حَيْدَةَ الْقُشَيْرِيِّ قَالَ: اَتَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا دُفِعْتُ اِلَيْهِ قَالَ: اَمَا اِنِّي قَدْ سَاَلْتُ اللّٰهَ اَنْ يُعِينَنِي بِالسَّنَةِ تُحْفِيكُمْ، وَبِالرُّعْبِ يَجْعَلُهُ فِي قُلُوبِكُمْ ۔ فَقَالَ بِيَدِهِ جَمِيعًا: اَمَا اِنِّي قَدْ حَلَفْتُ هٰكَذَا وَهٰكَذَا اَنْ لَا اُومِنَ بِكَ،

حضرت سعید بن حکیم اپنے والد سے' وہ ان کے دادا حضرت معاویہ بن حیدہ القشیری رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ میں رسول اللہ ﷺ کے پاس آیا' جب میں آپ کے پاس آیا' آپ نے فرمایا: میں نے اللہ عزوجل سے مانگا ہے کہ میری مدد کرنے ایک سال چھپا کر اور رعب کے ساتھ' اس کو تمہارے دلوں میں ڈال کر' پس میں نے دونوں ہاتھوں سے اکٹھے اشارہ کیا' میں نے اس طرح اس طرح قسم کھائی ہے کہ میں آپ پر ایمان نہ لاؤں گا اور آپ کی

1657- أخرجه البخاري: البيوع جلد4صفحه444 رقم الحديث: 2176' ومسلم: المساقاة جلد3صفحه1208 .

وَلَا اَتَّبِعُكَ . فَمَا زَالَتِ السَّنَةُ تُحْفِينِي، وَمَا زَالَ الرُّعْبُ يُجْعَلُ فِي قَلْبِي حَتَّى قُمْتُ بَيْنَ يَدَيْكَ . فَبِاللّٰهِ الَّذِي اَرْسَلَكَ، اَهُوَ اَرْسَلَكَ بِمَا تَقُولُ؟ قَالَ: نَعَمْ قَالَ: وَهُوَ اَمَرَكَ بِمَا تَأْمُرُنَا بِهِ؟ قَالَ: نَعَمْ قَالَ: فَمَا تَقُولُ فِي نِسَائِنَا؟ قَالَ: حَرْثٌ لَّكُمْ، فَاْتُوا حَرْثَكُمْ اَنّٰى شِئْتُمْ، وَاَطْعِمُوهُنَّ مِمَّا تَاْكُلُونَ، وَاكْسُوهُنَّ مِمَّا تَلْبَسُونَ، وَلَا تَضْرِبُوهُنَّ، وَلَا تُجِيعُوهُنَّ قَالَ: فَيَنْظُرُ اَحَدُنَا اِلَى عَوْرَةِ اَخِيهِ اِذَا اجْتَمَعْنَا؟ قَالَ: لَا قَالَ: فَاِذَا تَفَرَّقْنَا؟ قَالَ: فَضَمَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِحْدَى فَخِذَيْهِ عَلَى الْاُخْرَى قَالَ: اَللّٰهُ اَحَقُّ اَنْ تَسْتَحْيُوا مِنْهُ قَالَ: وَسَمِعْتُهُ يَقُولُ: يُحْشَرُ النَّاسُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَعَلَيْهِمُ الْخِدَامُ، فَاَوَّلُ مَا يَنْطِقُ مِنَ الْاِنْسَانِ كَفُّهُ وَفَخِذُهُ قَالَ سُفْيَانُ: وَخِدَامُهُمْ: اَنْ يُؤْخَذَ عَلَى اَلْسِنَتِهِمْ

اتباع نہیں کروں گا۔ اور مسلسل ایک سال تک رعب میرے دل سے اُٹھا رہا' یہاں تک کہ میں آپ کے سامنے آ کھڑا ہوا' اس ذات کی قسم جس نے آپ کو بھیجا ہے! کیا اس نے آپ کو بھیجا ہے اس چیز کے ساتھ جو آپ کہتے ہیں؟ آپ نے فرمایا: ہاں! اس نے عرض کی: کیا آپ کو حکم دیا گیا ہے اس کا جو آپ ہم کو حکم دیتے ہیں؟ آپ نے فرمایا: ہاں! عرض کی: آپ ہم کو عورتوں کے متعلق کیا حکم دیتے ہیں؟ آپ نے فرمایا: وہ تمہاری کھیتی ہیں تم اپنی کھیتیوں میں آؤ جس طرح تم چاہو اور ان کو وہی کھلاؤ جو تم خود کھاؤ اور اُن کو وہی پہناؤ جو تم پہنتے ہو' ان کو نہ مارو نہ رسوا کرو۔ اس نے عرض کی: ہم میں کوئی اپنے بھائی کی شرمگاہ دیکھ سکتا ہے جب ہم جمع ہوں؟ آپ نے فرمایا: نہیں! اس نے عرض کی: جب ہم جدا ہوں؟ تو رسول اللہ ﷺ نے اپنی ایک ران کو دوسری ران سے ملایا' فرمایا: اللہ زیادہ حق دار ہے کہ اس سے حیاء کھائی جائے۔ فرمایا: اور میں نے آپ سے سنا فرماتے ہوئے کہ لوگوں کو قیامت کے دن جمع کیا جائے گا' ان کو زانوں سے پکڑا جائے گا' سب سے پہلے لوگوں کی ہتھیلیاں اور ان کی رانیں بولیں گی۔ حضرت سفیان فرماتے ہیں: خِدَامُهُمْ سے مراد ہے: ان کو ان کی زبان سے پکڑا جائے گا۔

**1659** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الصَّبَّاحِ الْعَطَّارُ قَالَ: نَا عَبْدُ الْاَعْلَى السَّامِيُّ، عَنْ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ہم کو مقامِ جابیہ پر خطبہ دیا'

1659- أخرجه أحمد: المسند جلد 1 صفحه 33 رقم الحديث: 178' وابن حبان في موارد الظمآن رقم الحديث: 2282.

هِشَامِ بْنِ حَسَّانَ، عَنْ جَرِيرِ بْنِ حَازِمٍ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ: خَطَبَنَا عُمَرُ بِالْجَابِيَةِ قَالَ: قَامَ فِينَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَقَامِي الْيَوْمَ فِيكُمْ، فَقَالَ: اَحْسِنُوا اِلَى اَصْحَابِي، ثُمَّ الَّذِينَ يَلُونَهُمْ، ثُمَّ يَفْشُو الْكَذِبُ حَتَّى يَشْهَدَ الرَّجُلُ عَلَى الشَّهَادَةِ وَلَا يُسْاَلُهَا، وَحَتَّى يَحْلِفَ عَلَى الْيَمِينِ وَلَا يُسْاَلُهَا فَمَنْ اَرَادَ بُحْبُوحَةَ الْجَنَّةِ فَلْيَلْزَمِ الْجَمَاعَةَ، فَاِنَّ الشَّيْطَانَ مَعَ الْوَاحِدِ، وَهُوَ مِنَ الِاثْنَيْنِ اَبْعَدُ وَلَا يَخْلُوَنَّ اَحَدُكُمْ بِامْرَاَةٍ، فَاِنَّ الشَّيْطَانَ ثَالِثُهُمَا وَمَنْ سَرَّتْهُ حَسَنَتُهُ وَسَائَتْهُ سَيِّئَتُهُ فَهُوَ مُؤْمِنٌ

فرمایا: ہم میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کھڑے ہوئے' اس جگہ جس جگہ آج میں تمہارے درمیان کھڑا ہوں' تو آپ نے فرمایا: میرے اصحاب سے اچھا سلوک کرنا' پھر اُن سے جو اُن کے بعد ہیں اُن سے اچھا سلوک کرنا' پھر اُن کے بعد جھوٹ پھیل جائے گا یہاں تک کہ ایک آدمی گواہی دے گا' اور اس سے گواہی نہیں لی جائے گی' یہاں تک کہ قسم پر حلف اُٹھائے گا حالانکہ اس سے اس کا سوال نہیں ہوگا' جو جنت میں جانا چاہتا ہے وہ جماعت کو لازم پکڑے' بے شک شیطان ایک کے ساتھ ہوتا ہے اور دو سے دور رہتا ہے' تم میں سے کوئی بھی کسی عورت سے تنہائی اختیار نہ کرے' کیونکہ تیسرا اس کے ساتھ شیطان ہوگا' اور جس کو اس کی نیکی اچھے لگے اور بُرائی بُری لگے تو وہ مؤمن ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ هِشَامٍ اِلَّا عَبْدُ الْاَعْلَى

یہ حدیث ہشام سے صرف عبدالاعلیٰ ہی روایت کرتے ہیں۔

**1660** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اِسْحَاقُ بْنُ رَاهُوَيْهِ قَالَ: اَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ عَامِرٍ الْاَحْوَلِ، عَنْ مَكْحُولٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَيْرِيزٍ، عَنْ اَبِي مَحْذُورَةَ قَالَ: عَلَّمَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْاَذَانَ، فَقَالَ: قُلْ: اللّٰهُ اَكْبَرُ اللّٰهُ اَكْبَرُ، اللّٰهُ اَكْبَرُ اللّٰهُ اَكْبَرُ، اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلَهَ اِلَّا اللّٰهُ، اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلَهَ اِلَّا اللّٰهُ، اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ، اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ . ثُمَّ

حضرت ابومحذورہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے اذان سکھائی تو فرمایا کہ پڑھو: "اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ، اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ، اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلَهَ اِلَّا اللّٰهُ، اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلَهَ اِلَّا اللّٰهُ، اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ، اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ ۔ پھر اعادہ کر تو کہہ: اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلَهَ اِلَّا اللّٰهُ، اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلَهَ اِلَّا اللّٰهُ، اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ، اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ، حَيَّ عَلَى

**1660**- أخرجه مسلم: الصلاة جلد **1** صفحه **287**' وأبو داؤد: الصلاة جلد **1** صفحه **133** رقم الحديث: **500-505**' والنسائي: الأذان جلد **2** صفحه **5** (باب كيف الأذان؟)' وابن ماجة: الأذان جلد **1** صفحه **234** رقم الحديث: **708**.

تَعُودُ، فَتقولُ: اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلَهَ اِلَّا اللّٰهُ، اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلَهَ اِلَّا اللّٰهُ، اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ، اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ، حَيَّ عَلَى الصَّلَاةِ، حَيَّ عَلَى الصَّلَاةِ، حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ، حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ، اللّٰهُ اَكْبَرُ اللّٰهُ اَكْبَرُ، لَا اِلَهَ اِلَّا اللّٰهُ

الصَّلَاةِ، حَيَّ عَلَى الصَّلَاةِ، حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ. حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ، اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ، لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ''۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ هِشَامٍ الدَّسْتُوَائِيِّ اِلَّا ابْنُهُ مُعَاذٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: اِسْحَاقُ

یہ حدیث ہشام الدستوائی سے صرف اُن کے بیٹے معاذ ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں اسحاق اکیلے ہیں۔

**1661** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا عَبْدُ الْاَعْلَى بْنُ وَاصِلِ بْنِ عَبْدِ الْاَعْلَى قَالَ: نَا يَحْيَى بْنُ آدَمَ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: لَمَّا دَخَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَكَّةَ، دَخَلَ الْمَسْجِدَ، فَاسْتَلَمَ الْحَجَرَ، ثُمَّ مَضَى عَلَى يَمِينِهِ، رَمَلَ ثَلَاثًا، وَمَشَى اَرْبَعًا، ثُمَّ اَتَى الْمَقَامَ، فَقَالَ: (وَاتَّخِذُوا مِنْ مَقَامِ اِبْرَاهِيمَ مُصَلًّى) (البقرة: 125) ، ثُمَّ صَلَّى رَكْعَتَيْنِ، وَالْمَقَامُ بَيْنَهُ وَبَيْنَ الْبَيْتِ، ثُمَّ اَتَى الْبَيْتَ بَعْدَ الرُّكْنِ، فَاسْتَلَمَ الْحَجَرَ، ثُمَّ خَرَجَ اِلَى الصَّفَا

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ مکہ مکرمہ میں تشریف لائے تو مسجد میں داخل ہوئے' پس آپ نے حجر اسود کو استلام کیا' پھر اپنی دائیں طرف چلے تو تین دفعہ رمل کیا اور چار مرتبہ چلے' پھر مقامِ ابراہیم پر آئے اور پڑھا: ''وَاتَّخِذُوْا مِنْ مَقَامِ اِبْرَاهِيمَ مُصَلًّى'' (البقرہ:۱۲۵) پھر دو رکعت ادا کیں' اور مقامِ ابراہیم آپ کے اور کعبہ کے درمیان تھا' پھر رکن کے بعد بیت اللہ کے پاس آئے' تو حجر اسود کو استلام کیا' پھر آپ صفا کی طرف نکلے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُفْيَانَ اِلَّا يَحْيَى

یہ حدیث سفیان سے صرف یحییٰ ہی روایت کرتے ہیں۔

**1662** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا قُتَيْبَةُ بْنُ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ

---

1661- أخرجه مسلم: الحج جلد 2 صفحه 886-892' وأبو داؤد: المناسك جلد 2 صفحه 189-193 رقم الحديث: 1905' وأحمد: المسند جلد 3 صفحه 392-393 رقم الحديث: 14453 .

1662- أخرجه الامام أحمد في مسنده جلد 2 صفحه 92' والبزار جلد 11 صفحه 291 . انظر: مجمع الزوائد جلد 2 صفحه 59 .

سَعِيدٍ قَالَ: نَا الْعَطَّافُ بْنُ خَالِدٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُصَلِّي عَلَى الْخُمْرَةِ، وَيَسْجُدُ عَلَيْهَا

رسول اللہ ﷺ چٹائی پر نماز پڑھتے تھے اور اس پر سجدہ کرتے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ نَافِعٍ اِلَّا الْعَطَّافُ، تَفَرَّدَ بِهِ: قُتَيْبَةُ

یہ حدیث نافع سے صرف عطاف ہی روایت کرتے ہیں اسے روایت کرنے میں قتیبہ اکیلے ہیں۔

**1663** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا عَبْدَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الصَّفَّارُ قَالَ: نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ حُمْرَانَ قَالَ: نَا شُعْبَةُ، عَنْ بَيَانِ بْنِ بِشْرٍ قَالَ: سَمِعْتُ حُمْرَانَ يَقُولُ: سَمِعْتُ عُثْمَانَ يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ مَاتَ وَهُوَ يَعْلَمُ اَنْ لَا اِلَهَ اِلَّا اللّٰهُ دَخَلَ الْجَنَّةَ

حضرت عثمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو اس حالت میں مرے کہ وہ لا الٰہ الا اللہ پر یقین رکھتا ہو وہ جنت میں داخل ہوگا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ شُعْبَةَ اِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ حُمْرَانَ

یہ حدیث شعبہ سے صرف عبداللہ بن حمران ہی روایت کرتے ہیں۔

**1664** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ: نَا عَبْثَرُ بْنُ الْقَاسِمِ، عَنْ بُرْدٍ، اَخِي يَزِيدَ بْنِ اَبِي زِيَادٍ، عَنِ الْمُسَيَّبِ بْنِ رَافِعٍ قَالَ: سَمِعْتُ الْبَرَاءَ بْنَ عَازِبٍ يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ تَبِعَ جَنَازَةً، ثُمَّ صَلَّى عَلَيْهَا، كَانَ لَهُ مِنَ الْاَجْرِ قِيرَاطٌ، وَمَنْ مَشَى مَعَ الْجَنَازَةِ حَتَّى تُدْفَنَ، كَانَ لَهُ مِنَ الْاَجْرِ قِيرَاطَانِ، وَالْقِيرَاطُ مِثْلُ اُحُدٍ

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو شخص جنازہ کے ساتھ چلا' پھر اس پر نمازِ جنازہ پڑھی اس کے لیے ایک قیراط ثواب ہے اور جو تدفین کے بعد واپس آیا اس کے لیے دو قیراط ثواب ہے اور قیراط اُحد پہاڑ کی مثل ہے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنِ الْبَرَاءِ اِلَّا بِهَذَا

یہ حدیث حضرت براء سے صرف اسی سند سے

**1663**- أخرجه مسلم: الايمان جلد1صفحه55' وأحمد: المسند جلد1صفحه81 رقم الحديث:466 .

**1664**- أخرجه النسائي: الجنائز جلد4صفحه44 (باب فضل من يتبع جنازة)' وأحمد: المسند جلد4صفحه360 رقم الحديث:18622 .

الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْثَرٌ

مروی ہے'اسے روایت کرنے میں عبثر اکیلے ہیں۔

**1665** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: أَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ الصَّبَّاحِ الْعَطَّارُ قَالَ: نَا الْحَسَنُ بْنُ حَبِيبِ بْنِ نَدَبَةَ قَالَ: نَا رَوْحُ بْنُ الْقَاسِمِ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبْزَى، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقْرَأُ فِي الْوِتْرِ بِسَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْأَعْلَى، وقُلْ يَا أَيُّهَا الْكَافِرُونَ، وقُلْ هُوَ اللَّهُ أَحَدٌ

حضرت سعید بن عبدالرحمن بن ابزیٰ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ وتروں میں سبح اسم ربك الاعلیٰ' قل یا ایها الکافرون اور قل هو الله احد پڑھتے تھے۔

**1666** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ شُعَيْبٍ قَالَ: أَنَا يَحْيَى بْنُ مُوسَى قَالَ: نَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ سَعْدٍ الدَّشْتَكِيُّ قَالَ: نَا أَبُو جَعْفَرٍ الرَّازِيُّ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ زُبَيْدٍ، وَطَلْحَةَ، عَنْ ذَرٍّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبْزَى، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُوتِرُ بِسَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْأَعْلَى، وقُلْ يَا أَيُّهَا الْكَافِرُونَ، وقُلْ هُوَ اللَّهُ أَحَدٌ

حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ وتروں میں سبح اسم ربك الاعلیٰ' قل یا ایها الکافرون اورقل هو الله احد پڑھتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ إِلَّا الدَّشْتَكِيُّ، وَلَا رَوَاهُ عَنِ الْأَعْمَشِ إِلَّا أَبُو جَعْفَرٍ، وَمُحَمَّدُ بْنُ أَبِي عُبَيْدَةَ

یہ حدیث ابوجعفر سے صرف الدشتکی ہی روایت کرتے ہیں اور اعمش سے صرف ابوجعفر اور محمد بن ابی عبیدہ ہی روایت کرتے ہیں۔

---

**1665**- أخرجه أبو داؤد: الصلاة جلد2صفحه64 رقم الحديث: 1423' وابن ماجة: الاقامة جلد 1صفحه370 رقم الحديث: 1171' والنسائي: قيام الليل جلد 3صفحه193 (باب ذكر اختلاف ألفاظ الناقلين لخبر أبي بن كعب في الوتر)' وأحمد: المسند جلد 5صفحه149 رقم الحديث: 21199 . وانظر: نصب الراية للحافظ الزيلعي جلد2صفحه119 .

**1666**- تقدم تخريجه .

**1667** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ: نَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ اَبِي الْمَوَالِ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ مَوْهَبٍ، عَنْ عَمْرَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: سِتَّةٌ لَعَنْتُهُمْ، وَكُلُّ نَبِيٍّ مُجَابٌ: الزَّائِدُ فِي كِتَابِ اللّٰهِ، وَالْمُكَذِّبُ بِقَدَرِ اللّٰهِ، وَالْمُسْتَحِلُّ لِمَحَارِمِ اللّٰهِ، وَالْمُسْتَحِلُّ مِنْ عِتْرَتِي مَا حَرَّمَ اللّٰهُ، وَتَارِكُ السُّنَّةِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا روایت کرتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: چھ افراد پر میں نے لعنت کی اور ہر نبی کی دعا قبول ہوتی ہے: (۱) کتاب اللہ میں زیادتی کرنے والے پر (۲) اللہ کی تقدیر کو جھٹلانے والے پر (۳) اللہ کی حرام کردہ اشیاء کو حلال کرنے والے پر (۴) میری اولاد پر جو اللہ نے حرام کیا اس کو حلال سمجھنے والا اور (۵) سنت کو چھوڑنے والا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ، مُتَّصِلَ الْاِسْنَادِ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ اِلَّا ابْنُ اَبِي الْمَوَالِ

یہ حدیث متصل الاسناد ہے عبید اللہ سے صرف ابن ابی الموال ہی روایت کرتے ہیں۔

**1668** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ حَفْصٍ الْاُبُلِّيُّ قَالَ: نَا الْمُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ مُغِيرَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ الْاَسْوَدِ قَالَ: سَاَلْتُ عَائِشَةَ: اَكَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُبَاشِرُ وَهُوَ صَائِمٌ؟ قَالَتْ: نَعَمْ، وَلَكِنْ كَانَ اَمْلَكَكُمْ لِاِرْبِهِ

حضرت اسود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے پوچھا کہ کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم روزے کی حالت میں اپنے اہل خانہ سے ہمکنار ہوتے تھے۔ آپ نے فرمایا: ہاں! لیکن آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنے نفس پر سب سے زیادہ قابو رکھنے والے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ اِلَّا مُعْتَمِرٌ

یہ حدیث سلیمان تیمی سے صرف معتمر ہی روایت کرتے ہیں۔

**1669** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا بِشْرُ بْنُ خَالِدٍ الْعَسْكَرِيُّ قَالَ: نَا يَحْيَى بْنُ آدَمَ قَالَ: نَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ اَبِي مَعْبَدٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: اِنَّمَا كُنْتُ اَعْلَمُ انْقِضَاءَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نماز ختم ہونے کو تکبیر کے ساتھ جان لیتا تھا (یعنی آپ نماز سے فارغ ہونے کے بعد بلند آواز سے ذکر کرتے تھے)۔

---

**1667**- انظر: مجمع الزوائد جلد7صفحه208 .

**1668**- أخرجه البخاري: الصوم جلد4صفحه176 رقم الحديث: 1927، ومسلم: الصيام جلد2صفحه777

**1669**- أخرجه البخاري: الأذان جلد2صفحه378 رقم الحديث: 842، ومسلم: المساجد جلد1صفحه410 .

صَلاةِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالتَّكْبِيرِ

**1670** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الصَّبَّاحِ الْعَطَّارُ قَالَ: نَا عَبْدُ الْاَعْلَى قَالَ: نَا هِشَامُ بْنُ حَسَّانَ، عَنْ عَاصِمٍ الْاَحْوَلِ، عَنْ اَبِي قِلَابَةَ، عَنْ اَبِي شُعَيْبٍ، عَنْ شَدَّادِ بْنِ اَوْسٍ قَالَ: بَيْنَمَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ آخِذٌ بِيَدِي، صَبِيحَةَ ثَمَانِ عَشْرَةَ خَلَتْ مِنْ رَمَضَانَ، اِذْ حَانَتْ مِنْهُ نَظْرَةٌ، فَاِذَا هُوَ بِرَجُلٍ يَحْتَجِمُ، فَقَالَ: اَفْطَرَ الْحَاجِمُ وَالْمَحْجُومُ

حضرت ابوشعیب' شداد بن اوس رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ اس دوران کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میرا ہاتھ پکڑے ہوئے تھے' اس وقت رمضان المبارک کے اٹھارہ روزے گزر چکے تھے' اچانک آپ کی نظر پڑی تو دیکھا کہ ایک آدمی پچھنا لگوا رہا تھا' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: پچھنا لگانے اور لگوانے والے کا روزہ ٹوٹ گیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ هِشَامٍ اِلَّا عَبْدُ الْاَعْلَى

یہ حدیث ہشام سے صرف عبدالاعلیٰ ہی روایت کرتے ہیں۔

**1671** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ الْمِهْرِقَانِيُّ قَالَ: نَا اَبُو اَحْمَدَ الزُّبَيْرِيُّ قَالَ: نَا رَبَاحُ بْنُ اَبِي مَعْرُوفٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَفْطَرَ الْحَاجِمُ وَالْمَحْجُومُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: پچھنا لگانے اور لگوانے والے کا روزہ ٹوٹ گیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ رَبَاحٍ اِلَّا اَبُو اَحْمَدَ

یہ حدیث رباح سے صرف ابواحمد ہی روایت کرتے ہیں۔

**1672** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَبُو الْمُعَافَى

حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں

---

**1670**- أخرجه أبو داؤد: الصوم جلد **2** صفحه **319** رقم الحديث: **2369** وابن ماجة: الصيام جلد **1** صفحه **537** رقم الحديث: **1681**' وأحمد: المسند جلد **4** صفحه **153** رقم الحديث **17129** .

**1671**- أخرجه ابن ماجه جلد **1** صفحه **537** رقم الحديث: **1679**' وأحمد: المسند جلد **2** صفحه **483** رقم الحديث: **8789** .

**1672**- أخرجه مسلم. اللباس جلد **3** صفحه **1648**' وأبو داؤد اللباس جلد **4** صفحه **46** رقم الحديث: **4044**' والترمذي: اللباس جلد **4** صفحه **226** رقم الحديث: **1737** وأحمد: المسند جلد **1** صفحه **158**

مُحَمَّدُ بْنُ وَهْبِ بْنِ اَبِی کَرِیمَةَ الْحَرَّانِیُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِی عَبْدِ الرَّحِیمِ خَالِدِ بْنِ اَبِی یَزِیدَ، عَنْ زَیْدِ بْنِ اَبِی اُنَیْسَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُحَادَةَ، عَنْ اَبِی صَالِحٍ، عَنْ عُبَیْدِ بْنِ عُمَیْرٍ، عَنْ عَلِیِّ بْنِ اَبِی طَالِبٍ قَالَ: نَهَی رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْمُعَصْفَرِ وَالْقَسِّیِّ، وَخَاتَمِ الذَّهَبِ، وَعَنِ الْمُکَفَّفِ بِالدِّیبَاجِ، ثُمَّ قَالَ: وَاعْلَمْ اَنِّی لَکَ مِنَ النَّاصِحِینَ

کہ رسول اللہ ﷺ نے معصفر اور قسی (ریشم کی ایک قسم ہے) سے منع فرمایا اور سونے کی انگوٹھی اور دیباج کے بٹن لگوانے سے منع فرمایا' پھر فرمایا: جان لے کہ تمہارے لیے نصیحت کرنے والے کہاں سے آئیں گے۔

لَمْ یَرْوِ هَذَا الْحَدِیثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُحَادَةَ اِلَّا زَیْدٌ، وَلَا عَنْ زَیْدٍ اِلَّا اَبُو عَبْدِ الرَّحِیمِ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدٌ

یہ حدیث محمد بن جحادہ سے صرف زید ہی روایت کرتے ہیں اور زید سے صرف ابوعبدالرحیم ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں محمد اکیلے ہیں۔

**1673** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ شُعَیْبٍ اَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ النَّسَائِیُّ قَالَ: نَا الْحُسَیْنُ بْنُ عِیسَی الْبِسْطَامِیُّ قَالَ: نَا عَفَّانُ بْنُ سَیَّارٍ قَالَ: نَا عَنْبَسَةُ بْنُ الْاَزْهَرِ قَالَ: نَا سِمَاکُ بْنُ حَرْبٍ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِیرٍ قَالَ: کُنَّا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِی مَسِیرٍ، فَخَفَقَ رَجُلٌ عَلَی رَاحِلَتِهِ، فَاَخَذَ رَجُلٌ سَهْمًا مِنْ کِنَانَتِهِ، فَانْتَبَهَ الرَّجُلُ، فَفَزِعَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: لَا یَحِلُّ لِمُسْلِمٍ اَنْ یُرَوِّعَ مُسْلِمًا

حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم ایک سفر میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ تھے تو ایک آدمی نے اپنی سواری پر پاؤں رکھا' ایک آدمی نے کنانہ سے اپنے حصہ لیا تو ایک آدمی نے اسے ڈانٹا تو وہ ڈر گیا تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کسی مسلمان کے لیے جائز نہیں ہے کہ وہ کسی مسلمان کو ڈرائے۔

لَا یُرْوَی عَنِ النُّعْمَانِ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، وَلَا نَعْلَمُ رَوَاهُ عَنْ سِمَاکٍ اِلَّا عَنْبَسَةُ، وَلَمْ یُحَدِّثْ بِهِ اِلَّا الْحُسَیْنُ بْنُ عِیسَی

یہ حدیث نعمان سے صرف اسی سند سے روایت کی گئی ہے' ہم نہیں جانتے کسی کو جس نے اسے از سماک' عنبسہ کے سوا روایت کیا ہو اور اسے صرف حسین بن عیسیٰ

رقم الحدیث: 1047 .

1673- انظر: مجمع الزوائد رقم الحدیث: 25716 .

ہی بیان کرتے ہیں۔

**1674** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ الْمَوْصِلِيُّ قَالَ: نَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُوسَى الزَّيَّاتُ قَالَ: نَا عَوْفٌ الْاَعْرَابِيُّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَخَّصَ فِي لُحُومِ الْخَيْلِ، وَحَرَّمَ لُحُومَ الْحُمُرِ الْاَهْلِيَّةِ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے گھوڑوں کے گوشت میں رخصت دی اور پالتو گدھوں کے گوشت کو حرام کیا۔

لَمْ يُسْنِدْ عَوْفٌ الْاَعْرَابِيُّ عَنْ عَمْرٍو اِلَّا هٰذَا الْحَدِيثَ، وَلَمْ يَرْوِهِ اِلَّا عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ عَنْ اِبْرَاهِيمَ وَرَوَاهُ حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، فَاَدْخَلَ بَيْنَ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ وَّجَابِرٍ: مُحَمَّدَ بْنَ عَلِيٍّ

عوف الاعرابی عمرو سے اس حدیث کو مسند روایت کرتے ہیں اور علی بن حسین ہی اسے ابراہیم سے روایت کرتے ہیں۔ اوور حماد بن زید یوں روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے عمرو بن دینار اور جابر کے درمیان محمد بن علی کو داخل کیا ہے۔

**1675** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: اَنَا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍ قَالَ: نَا عَبْدُ الْكَبِيرِ بْنُ دِينَارٍ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنِ الْبَرَاءِ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِرَجُلٍ: مَا اسْمُكَ؟ قَالَ: نَعَمْ . قَالَ: اَنْتَ عَبْدُ اللّٰهِ

حضرت براء رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک آدمی کو فرمایا: تمہارا نام کیا ہے؟ اس نے عرض کی: نعم! آپ نے فرمایا: تو عبداللہ ہے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ اِلَّا عَبْدُ الْكَبِيرِ

ابواسحاق سے صرف عبدالکبیر ہی روایت کرتے ہیں۔

**1676** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: اَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ: نَا جَابِرُ بْنُ مَرْزُوقٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ الْعُمَرِيِّ، عَنْ اَبِي طُوَالَةَ الْاَنْصَارِيِّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس سے گناہ ہو جائے اور اس کو یقین ہے کہ اللہ عزوجل اگر چاہے تو اسے عذاب دے اور اگر چاہے تو معاف کرے تو اللہ پر حق ہے کہ اس

---

1674- أخرجه البخاري: الذبائح جلد9صفحه565 رقم الحديث: 5520' ومسلم: الصيد جلد3صفحه1541

1675- انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 5618 .

1676- انظر: مجمع الزوائد جلد10صفحه214 .

وَسَلَّمَ: مَنْ اَذْنَبَ ذَنْبًا، فَعَلِمَ اَنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ اِنْ شَاءَ اَنْ يُعَذِّبَهُ عَذَّبَهُ، وَاِنْ شَاءَ اَنْ يَغْفِرَ لَهُ غَفَرَ لَهُ، كَانَ حَقًّا عَلَى اللّٰهِ اَنْ يَغْفِرَ لَهُ

کو معاف کردے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي طُوَالَةَ اِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ، وَلَا عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ اِلَّا جَابِرٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: قُتَيْبَةُ

یہ حدیث ابوطوالہ سے صرف عبداللہ اور عبداللہ سے صرف جابر ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں قتیبہ اکیلے ہیں۔

**1677** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: انا اِسْحَاقُ بْنُ رَاهُوَيْهِ قَالَ: قُلْتُ لِاَبِي قُرَّةَ: اَذَكَرَ مُوسَى بْنُ عُقْبَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ اَبِي عَمْرٍو، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّ رَجُلًا دَخَلَ الْمَسْجِدَ، يَنْشُدُ ضَالَّةً، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا وَجَدْتَ ؟ . فَاَقَرَّ بِهِ، وَقَالَ: نَعَمْ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ ایک آدمی مسجد میں داخل ہوا اور اپنی گم شدہ چیز کا اعلان کرنے لگا تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تُو نہ پائے' اس نے اصرار کیا' تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ٹھیک ہے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ مُوسَى اِلَّا اَبُو قُرَّةَ

یہ حدیث موسیٰ سے صرف ابوقرہ ہی روایت کرتے ہیں۔

**1678** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: اَنَا الْمُغِيرَةُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْحَرَّانِيُّ قَالَ: نَا اَبُو اُسَامَةَ زَيْدُ بْنُ عَلِيٍّ قَالَ: اَنَا جَعْفَرُ بْنُ بُرْقَانَ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ اَبِي مَرْزُوقٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ جَابِرٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى عَلَى قَبْرِ امْرَاَةٍ، بَعْدَمَا دُفِنَتْ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک عورت کو دفن کرنے کے بعد اُس کا جنازہ پڑھایا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ اِلَّا حَبِيبٌ، وَلَا عَنْ حَبِيبٍ اِلَّا جَعْفَرٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: زَيْدُ بْنُ عَلِيٍّ

یہ حدیث ابن جریج سے صرف حبیب اور حبیب سے صرف جعفر ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں زید بن علی اکیلے ہیں۔

---

1677- انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 2712 .

1678- أخرجه النسائي: الجنائز جلد4 صفحه70 (باب الصلاة على القبر) .

**1679** - اَخبَرَنَا اَحمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ الثَّقَفِيُّ قَالَ: نَا سُلَيْمَانُ بْنُ عَامِرٍ قَالَ: سَمِعْتُ الرَّبِيعَ بْنَ اَنَسٍ قَالَ: قَرَاْتُ الْقُرْآنَ عَلَى اَبِي الْعَالِيَةِ، وَقَرَاَ اَبُو الْعَالِيَةِ عَلَى اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ . قَالَ: وَقَالَ اُبَيٌّ: قَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اُمِرْتُ اَنْ اُقْرِئَكَ الْقُرْآنَ قُلْتُ: اَوَذُكِرْتُ هُنَاكَ؟ قَالَ: نَعَمْ قَالَ: فَبَكَى اُبَيٌّ قَالَ: فَلَا اَدْرِي اَشَوْقًا، اَوْ خَوْفًا

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي الْعَالِيَةِ اِلَّا الرَّبِيعُ

حضرت ربیع بن انس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے قرآن پاک ابوالعالیہ پر پڑھا اور ابوالعالیہ نے حضرت ابی بن کعب پر قرآن پاک پڑھا اور حضرت ابی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ مجھے تجھ سے قرآن پاک سننے کا حکم دیا گیا ہے' میں نے عرض کی: وہاں میرا ذکر ہوا ہے؟ آپ نے فرمایا: ہاں! کہا کہ حضرت ابی رو پڑے' فرمایا: میں نہیں جانتا ہوں کہ وہ رونا شوق کے لیے تھا یا خوف کی وجہ سے تھا۔

یہ حدیث ابوالعالیہ سے صرف ربیع ہی روایت کرتے ہیں۔

**1680** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: انا اَبُو زَيْدٍ عَمْرُو بْنُ يَزِيدَ الْجَرْمِيُّ قَالَ: نَا سَيْفُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ قَالَ: نَا سَرَّارُ بْنُ مُجَشِّرٍ، عَنْ اَيُّوبَ، عَنْ نَافِعٍ، وَسَالِمٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ غَيْلَانَ بْنَ سَلَمَةَ كَانَتْ عِنْدَهُ عَشْرُ نِسْوَةٍ، فَاَسْلَمَ، فَاَمَرَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَخْتَارَ اَرْبَعًا

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَيُّوبَ اِلَّا سَرَّارٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: سَيْفٌ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ حضرت غیلان بن سلمہ کے پاس دس بیویاں تھیں' وہ مسلمان ہوئے تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انہیں حکم دیا کہ چار رکھ لیں (اور باقی کو چھوڑ دے)۔

یہ حدیث ایوب سے صرف سرار ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں سیف اکیلے ہیں۔

**1681** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ مَسْعُودٍ الْجَحْدَرِيُّ قَالَ: انا خَالِدُ بْنُ الْحَارِثِ قَالَ: نَا شُعْبَةُ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ مَيْمُونٍ، عَنْ اَبِي الْاَحْوَصِ،

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ ایک آدمی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس سے گزرا' آپ نے فرمایا: اللہ کا بندہ اور خاندان کا برا شخص ہے' وہ اس کے بعد پھر آپ

---

**1680**- أخرجه الترمذي: النكاح جلد 3 صفحه 426 رقم الحديث: 1128' وابن ماجه: النكاح جلد 1 صفحه 628 رقم الحديث: 1953' وأحمد: المسند جلد 2 صفحه 60 رقم الحديث: 5026 .

**1681**- أخرجه البخاري: الأدب جلد 10 صفحه 467 رقم الحديث: 6032' ومسلم: البر والصلة والآداب جلد 4 صفحه 2002 .

عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: مَرَّ رَجُلٌ بِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: بِئْسَ عَبْدُ اللّٰهِ وَاَخُو الْعُشَيْرَةِ، ثُمَّ دَخَلَ عَلَيْهِ بَعْدُ، فَرَاَيْتُهُ اَقْبَلَ عَلَيْهِ بِوَجْهِهِ، كَاَنَّ لَهُ عِنْدَهُ مَنْزِلَةً

کے پاس آیا' تو میں نے آپ کو دیکھا' آپ اس کی طرف متوجہ ہیں' ایسے محسوس ہو رہا تھا کہ اس کا آپ کے ہاں ایک مقام تھا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي الْاَحْوَصِ اِلَّا اِبْرَاهِيمُ، تَفَرَّدَ بِهِ: شُعْبَةُ

یہ حدیث ابوالاحوص سے صرف ابراہیم ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں شعبہ اکیلے ہیں۔

**1682** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ: نَا اَبُو عَوَانَةَ، عَنْ اَبِي يَعْفُورٍ قَالَ: سَاَلْتُ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ عَنِ الْمَسْحِ عَلَى الْخُفَّيْنِ؟ فَقَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمْسَحُ عَلَيْهِمَا

حضرت ابویعفور رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے موزوں پر مسح کرنے کے متعلق پوچھا' تو انہوں نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ ان پر مسح کرتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي يَعْفُورٍ اِلَّا اَبُو عَوَانَةَ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ اَبِي عَوَانَةَ اِلَّا قُتَيْبَةُ، وَنُعَيْمُ بْنُ الْهَيْصَمِ

یہ حدیث ابویعفور سے صرف ابوعوانہ ہی روایت کرتے ہیں اور ابوعوانہ سے صرف قتیبہ اور نعیم بن ہیصم روایت کرتے ہیں۔

**1683** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: اَنَا اَبُو الْمُعَافَى مُحَمَّدُ بْنُ وَهْبِ بْنِ اَبِي كَرِيمَةَ الْحَرَّانِيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي عَبْدِ الرَّحِيمِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَبِي اُنَيْسَةَ، عَنْ مَالِكِ بْنِ اَنَسٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: رَحِمَ اللّٰهُ عَبْدًا كَانَتْ لِاَخِيهِ عِنْدَهُ مَظْلَمَةٌ فِي عِرْضٍ اَوْ مَالٍ اَوْ جَاهٍ، فَاسْتَحَلَّهُ قَبْلَ اَنْ يُؤْخَذَ، وَلَيْسَ لَهُ ثَمَّ دِينَارٌ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: اللہ اس بندے پر رحم کرے جس نے اپنے بھائی پر اس کی عزت یا مال یا کسی اور شی میں ظلم کیا تو وہ مرنے سے پہلے اس سے معافی مانگ لے' اس سے پہلے کہ (وہ دن آئے جس دن) اُس کے پاس نہ دینار اور درہم ہوں گے' اگر اس کے پاس نیکیاں ہوں گی تو اس کی نیکیاں لی جائیں گی اور اگر اس کے پاس نیکیاں نہ ہوں گی تو مظلوم کے گناہ لے

1682- أخرجه ابن ماجه: الطهارة جلد1صفحه182 رقم الحديث: 548 . انظر: مجمع الزوائد جلد1صفحه260 .

1683- أخرجه البخاري: المظالم جلد5صفحه121 رقم الحديث: 2449' والترمذي: صفة القيامة جلد4 صفحه613 رقم الحديث: 2419' وأحمد: المسند جلد2صفحه665 رقم الحديث: 10584 .

وَّلَا دِرْهَمٌ، فَإِنْ كَانَتْ لَهُ حَسَنَاتٌ أُخِذَ مِنْ حَسَنَاتِهِ، وَإِنْ لَمْ يَكُنْ لَهُ حَسَنَاتٌ وُّضِعَ مِنْ سَيِّئَاتِ صَاحِبِهِ عَلَى سَيِّئَاتِهِ

کر اس (ظالم) کے نامۂ اعمال میں رکھ دیئے جائیں گے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ زَيْدٍ إِلَّا أَبُو عَبْدِ الرَّحِيمِ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ

یہ حدیث زید سے صرف ابوعبدالرحیم ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں محمد بن سلمہ اکیلے ہیں۔

**1684** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: أَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ: نَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ: نَا حَفْصُ بْنُ حَسَّانَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: قَطَعَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي رُبْعِ دِينَارٍ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے چار دینار چوری کرنے پر چور کے ہاتھ کاٹے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ حَفْصٍ إِلَّا جَعْفَرٌ

یہ حدیث حفص سے صرف جعفر ہی روایت کرتے ہیں۔

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب ہم غزوۂ تبوک سے واپس آئے تو ایک آدمی نے رسول اللہ ﷺ سے پوچھا: قیامت کب آئے گی؟ آپ نے فرمایا: لوگوں پر سو سال نہیں گزریں گے کہ آج جو زمین پر موجود ہے کوئی نفس باقی نہیں رہے گا۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ دَاوُدَ عَنْ اَبِي عُثْمَانَ اِلَّا ابْنُ اَبِي زَائِدَةَ

اسے از داؤد از ابوعثمان صرف ابن ابی زائدہ ہی روایت کرتے ہیں۔

2209- أخرجه مسلم فی الحیض جلد 1صفحه272 رقم الحدیث: 352، والنسائی فی الطهارة جلد 1صفحه87 (باب الوضوء مما غیرت النار)، وابن ماجه فی جلد 1صفحه163 رقم الحدیث: 485، وأحمد فی المسند جلد 2 صفحه356 رقم الحدیث: 7623 .

2211 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَمُّويَهْ اَبُو سَيَّارٍ قَالَ: نَا عَبْدَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْعَسْكَرِيُّ قَالَ: نَا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا بْنِ اَبِي زَائِدَةَ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبُو اَيُّوبَ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ شَقِيقٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ مَاتَ يَجْعَلُ لِلّٰهِ نِدًّا جَعَلَهُ اللّٰهُ فِي النَّارِ وَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: وَاُخْرَى لَمْ اَسْمَعْهَا مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَرْجُو اَنْ تَكُونَ حَقًّا: لَا يَمُوتُ عَبْدٌ لَا يَجْعَلُ لِلّٰهِ نِدًّا اِلَّا اَدْخَلَهُ اللّٰهُ الْجَنَّةَ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو اللہ کا شریک ٹھہراتا ہوا مرتا ہے‘ اللہ عزوجل اس کو جہنم میں داخل کرے گا‘ حضرت عبداللہ فرماتے ہیں کہ ایک دوسری بات تھی جو میں نے رسول اللہ ﷺ سے نہیں سنی‘ میں اُمید کرتا ہوں کہ (وہ یہ تھی کہ) اللہ پر ضروری ہے کہ جو بندہ اس حالت میں مرے کہ اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہرائے تو اللہ اس کو جنت میں داخل کرے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ اَبِي اَيُّوبَ الْاَفْرِيقِيِّ اِلَّا ابْنُ اَبِي زَائِدَةَ

اسے ابوایوب افریقی سے صرف ابن ابی زائدہ ہی روایت کرتے ہیں۔

☆☆☆☆☆

2211- أخرجه البخاری فی الأیمان جلد 11 صفحه 575 رقم الحدیث: 6683‘ ومسلم فی الایمان جلد 1 صفحه 94‘ والطبرانی فی الکبیر جلد 10 صفحه 187 رقم الحدیث: 10410 .

# اَحْمَدُ بْنُ فَادِكٍ التُّسْتَرِيُّ

**2212** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ فَادِكٍ التُّسْتَرِيُّ قَالَ: نَا يُوسُفُ بْنُ مُوسَى اَبُو غَسَّانَ السُّكَّرِيُّ قَالَ: نَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ جُحَادَةَ قَالَ: سَمِعْتُ اَبِي قَالَ: قَالَ الْحَسَنُ: اِنَّ مُحَمَّدَ بْنَ مَسْلَمَةَ الْاَنْصَارِيَّ سَالَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَيْفًا، فَاَعْطَاهُ اِيَّاهُ، وَاشْتَرَطَ عَلَيْهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالسَّيْفُ فِي يَدِهِ قَبْلَ اَنْ يَدْفَعَهُ اِلَيْهِ، فَقَالَ: هَاءَ يَا مُحَمَّدُ، قَاتِلْ بِهِ الْمُشْرِكِينَ مَا قُوتِلُوا، فَاِذَا رَاَيْتَ الْمُسْلِمِينَ اقْتَتَلُوا فَاعْمَدْ بِهِ اِلَى اُحُدٍ فَاكْسِرْهُ

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُحَادَةَ اِلَّا ابْنُهُ

# احمد بن فادک تستری کی روایت

حضرت محمد بن مسلمہ انصاری رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے تلوار مانگی تو آپ نے انہیں عطا کی اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان پر اس حالت میں شرط لگائی کہ تلوار آپ کے ہاتھ میں تھی' انہیں دینے سے پہلے۔ تو میں نے عرض کی: اے محمد! میں اس کے ساتھ مشرکوں کو قتل کروں گا' جب میں مسلمانوں کو دیکھوں گا کہ وہ لڑتے ہیں' تو میں اُن کی طرف مدد کے لیے جاؤں گا' اسے اس کے ساتھ اُحد کی طرف بھیجئے تا کہ وہ اسے توڑے۔

اسے محمد بن جحادہ سے صرف ان کے بیٹے ہی روایت کرتے ہیں۔

☆☆☆☆☆

# اَحْمَدُ بْنُ مَخْلَدِ الْبَرَاثِیُّ

2213 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَخْلَدِ الْبَرَاثِیُّ قَالَ: نَا سُرَيْجُ بْنُ يُونُسَ قَالَ: نَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ مُجَالِدٍ، عَنْ مُجَالِدٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: جَاءَ اَعْرَابِيٌّ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، ثِيَابُنَا فِي الْجَنَّةِ نَنْسِجُهَا بِاَيْدِينَا؟ قَالَ: فَضَحِكَ الْقَوْمُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بِمَ تَضْحَكُونَ؟ مِنْ جَاهِلٍ يَسْاَلُ عَالِمًا؟ لَا يَا اَعْرَابِيُّ، وَلٰكِنَّهَا تَشَقَّقُ عَنْهَا ثَمَرَاتُ الْجَنَّةِ

لَمْ يَرْوِهِ عَنِ الشَّعْبِيِّ اِلَّا مُجَالِدٌ، وَلَمْ يَرْوِهِ عَنْ مُجَالِدٍ اِلَّا ابْنُهُ، وَلَا يُرْوَى اِلَّا عَنْ جَابِرٍ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ

2214 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي يَحْيَى الْحَضْرَمِيُّ الْمَعْرُوفُ بِيَزِيدَ بْنِ اَبِي حَبِيبٍ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ دَاوُدَ بْنِ اَبِي نَاجِيَةَ الْاِسْكَنْدَرَانِيُّ قَالَ: نَا زِيَادُ بْنُ يُونُسَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُبَيْدِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا اُقِيمَتِ الصَّلَاةُ فَلَا صَلَاةَ اِلَّا الْمَكْتُوبَةَ

# احمد بن مخلد براثی کی روایات

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک دیہاتی رسول اللہ ﷺ کے پاس آیا' اس نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا جنت میں ہم اپنے کپڑے اپنے ہاتھوں سے سلائی کریں گے؟ اس کی بات سن کر لوگ ہنس پڑے تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تم کیوں ہنسے ہو؟ دیکھو تو سہی کہ بے علم ہے لیکن سوال اہل علم والا کرتا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اے دیہاتی! نہیں! بلکہ اس میں جنت کے پھل چیریں جائیں گے۔

اسے شعبی سے صرف مجالد اور مجالد سے صرف ان کے بیٹے ہی روایت کرتے ہیں اور حضرت جابر سے یہ حدیث صرف اسی سند سے روایت ہے۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: جب نماز کے لیے اقامت پڑھی جائے تو پھر صرف فرض نماز ہے اور کوئی نماز نہیں ہے۔

---

2214- اخرجه مسلم فی المسافرين جلد1صفحه493' وأبو داؤد فی الصلاة جلد2صفحه22 رقم الحديث: 1266' والترمذی فی الصلاة جلد2صفحه282 رقم الحديث: 421' والنسائی فی الامامة جلد2صفحه90 (باب ما يكره من الصلاة عند المكتوبة)' وابن ماجه فی الاقامة جلد1صفحه364 رقم الحديث: 1151' والدارمی فی الصلاة جلد1صفحه400 رقم الحديث: 1448' وأحمد فی المسند جلد2صفحه599 رقم الحديث: 9886 .

لَمْ يَدْخُلْ بَيْنَ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، وَعَطَاءٍ الزُّهْرِيّ إِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُبَيْدِ بْنِ عُمَيْرٍ

عمرو بن دینار اورعطاء کے درمیان زہری داخل نہیں کرتے سوائے محمد بن عبداللہ بن عبیداللہ بن عبید بن عمیر کے۔

2215 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ بْنِ نُبَيْطِ بْنِ شَرِيطٍ، صَاحِبِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي اِسْحَاقُ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ نُبَيْطِ بْنِ شَرِيطٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ بَنَى لِلّٰهِ مَسْجِدًا بَنَى اللّٰهُ لَهُ بَيْتًا فِي الْجَنَّةِ .

حضرت ابواسحاق اپنے والد وہ ان کے دادا حضرت نبیط بن شریط سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے اللہ کے لیے مسجد بنائی اللہ عزوجل اس کے لیے جنت میں گھر بناتا ہے۔

لَا يُرْوَى عَنْ نُبَيْطٍ اِلَّا بِهٰذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ وَلَدُهُ عَنْهُ

حضرت نبیط سے یہ حدیث صرف اسی سند سے روایت ہے' اسے روایت کرنے میں اُن کی اولاد اکیلی ہے۔

☆☆☆☆☆

# اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْبُورَانِيُّ

# احمد بن محمد البورانی کی روایات

**2216** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْبُورَانِيُّ الْقَاضِي قَالَ: نَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ جَعْفَرٍ الْمَدَائِنِيُّ قَالَ: نَا عَلِيُّ بْنُ غُرَابٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْحَرْبُ خَدْعَةٌ .

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہ' نبی کریم ﷺ سے روایت کرتی ہیں کہ آپ نے فرمایا: جنگ دھوکہ کا نام ہے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ اِلَّا عَلِيُّ بْنُ غُرَابٍ

اسے ہشام بن عروہ سے صرف علی بن غراب ہی روایت کرتے ہیں۔

**2217** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْبُورَانِيُّ الْقَاضِي قَالَ: نَا الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ الصُّدَائِيُّ قَالَ: نَا الْحَكَمُ بْنُ الْجَارُودِ قَالَ: نَا ابْنُ اَبِي الْمُنِيرِ، خَالُ ابْنِ عُيَيْنَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ اَنْظَرَ مُعْسِرًا اِلَى مَيْسَرَتِهِ اَنْظَرَهُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ بِذَنْبِهِ اِلَى تَوْبَتِهِ .

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے تنگ دست کو خوشحالی تک مہلت دی' اللہ عزوجل اس کو گناہوں کی معافی مانگنے کی مہلت دے گا۔

لَا يُرْوَى عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ الصُّدَائِيُّ

حضرت ابن عباس سے یہ حدیث صرف اسی سند سے روایت ہے' اسے روایت کرنے میں صدائی اکیلے ہیں۔

**2218** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ بْنِ طُعْمَةَ الْحَلَبِيُّ قَالَ: نَا اَبُو خَيْثَمَةَ مُصْعَبُ بْنُ سَعِيدٍ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی نماز میں

---

2216- أخرجه ابن ماجه في الجهاد جلد2صفحه945 رقم الحديث: 2833 .

2217- أخرجه الطبراني في الكبير جلد 12صفحه151 رقم الحديث: 11330 . انظر: مجمع الزوائد جلد 4 صفحه137-138 .

2218- انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 8612 .

قَالَ: نَا مُوسَى بْنُ اَعْيَنَ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ طَاوُسٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا قَامَ اَحَدُكُمْ فِي الصَّلَاةِ فَلَا يُغْمِضْ عَيْنَيْهِ .

ہوتو وہ اپنی آنکھیں بند نہ کیا کرے۔

لَا يُرْوَى عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، وَلَمْ يَرْوِهِ عَنْ مُوسَى اِلَّا مُصْعَبٌ

رسول اللہ ﷺ سے یہ حدیث صرف اسی سند سے روایت ہے اور موسیٰ سے اسے صرف مصعب ہی روایت کرتے ہیں۔

**2219** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ التَّمِيمِيُّ الْمِصِّيصِيُّ قَالَ: نَا مُصْعَبُ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ: نَا الْمُغِيرَةُ بْنُ سِقْلَابٍ، عَنِ الْوَازِعِ بْنِ نَافِعٍ، عَنْ سَالِمٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنْ اَبِي بَكْرٍ الصِّدِّيقِ قَالَ: كُنْتُ جَالِسًا عِنْدَ نَبِيِّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَجَاءَ رَجُلٌ قَدْ تَوَضَّاَ وَفِي قَدَمِهِ مَوْضِعٌ لَمْ يُصِبْهُ الْمَاءُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اذْهَبْ فَاَتِمَّ وُضُوئَكَ ، فَفَعَلَ .

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نبی کریم ﷺ کے پاس بیٹھا ہوا تھا کہ ایک آدمی آیا' اس نے وضو کیا اور اس کے قدموں میں کچھ جگہ خشک تھی' تو نبی کریم ﷺ نے فرمایا: جاؤ! اپنا وضو مکمل کرو' تو اس نے ایسا ہی کیا۔

لَا يُرْوَى عَنْ اَبِي بَكْرٍ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ

حضرت ابوبکر سے یہ حدیث صرف اسی سند سے روایت کی گئی ہے۔

**2220** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدٍ السُّلَمِيُّ، بِجُونِيَّةَ قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ حِصْنِ بْنِ حَسَّانَ الْقُرَشِيُّ قَالَ: نَا عَمْرُو بْنُ هَاشِمٍ الْبَيْرُوتِيُّ، عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الشُّفْعَةُ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: شفعہ ہر شریک کے لیے ہے' چاہے وہ چوتھائی حصے میں ہو یا دیوار میں شریک ہو' کسی کو فروخت کرنا جائز نہیں ہے یہاں تک کہ اپنے شریک سے اجازت لے کہ وہ لے یا چھوڑ دے۔

---

2219- انظر: مجمع الزوائد جلد1صفحه144 .

2220- أخرجه مسلم في المساقاة جلد3صفحه1229' وأبو داؤد في البيوع جلد3صفحه283 رقم الحديث: 3513' والنسائي في البيوع جلد7صفحه265 (باب بيع المشاع)' وأحمد في المسند جلد3صفحه388 .

فِی کُلِّ شِرْکٍ فِی رَبْعٍ اَوْ حَائِطٍ لَّا یَصْلُحُ اَنْ یَبِیعَهُ حَتّٰی یُؤْذِنَ شَرِیکَهُ، فَیَأْخُذَ اَوْ یَدَعَ

**2221** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ یُونُسَ الرَّقِّیُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِی سَمِینَةَ قَالَ: نَا اَبُو بَکْرِ بْنُ عَیَّاشٍ، عَنِ الشَّیْبَانِیِّ، عَنِ ابْنِ اَبِی اَوْفَی، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: قَالَ لِی جِبْرِیلُ عَلَیْهِ السَّلَامُ: بَشِّرْ خَدِیجَةَ بِبَیْتٍ فِی الْجَنَّةِ مِنْ قَصَبٍ، لَا صَخَبَ فِیهِ، وَلَا نَصَبَ .

حضرت ابن ابی اوفیٰ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: مجھے حضرت جبریل علیہ السلام نے کہا کہ آپ خدیجہ کو جنت میں ایسے گھر کی خوشخبری دیں جو بانسوں کا ہوگا' اس میں نہ شور اور نہ ہی تھکاوٹ ہوگی۔

لَمْ یَرْوِهِ عَنِ الشَّیْبَانِیِّ اِلَّا ابْنُ عَیَّاشٍ، وَلَا رَوَاهُ عَنْهُ اِلَّا ابْنُ اَبِی سَمِینَةَ

اسے شیبانی سے صرف ابن عیاش ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں ابن ابی سمینہ اکیلے ہیں۔

**2222** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ یُونُسَ قَالَ: نَا اِبْرَاهِیمُ بْنُ الْمُنْذِرِ الْحِزَامِیُّ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسَی التَّیْمِیُّ، عَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَیْدٍ، عَنْ اَبِی عُبَیْدَةَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَمَّارِ بْنِ یَاسِرٍ قَالَ: قُلْتُ لِلرُّبَیِّعِ بِنْتِ مُعَوِّذِ ابْنِ عَفْرَاءَ: صِفِی لِی رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَتْ: کُنْتُ اِذَا رَاَیْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ رَاَیْتُهُ کَالشَّمْسِ الطَّالِعَةِ .

حضرت ابوعبیدہ بن محمد بن عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ربیع بنت معوذ بن عفراء رضی اللہ عنہا سے کہا کہ مجھے رسول اللہ ﷺ کی تعریف سنائیں! آپ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: میں رسول اللہ ﷺ کو جب بھی دیکھتی تھی تو ایسے محسوس ہوتا تھا کہ سورج چمک رہا ہے۔

لَا یُرْوَی هَذَا الْحَدِیثُ عَنِ الرُّبَیِّعِ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ . تَفَرَّدَ بِهِ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسَی

یہ حدیث ربیع سے صرف اسی سند سے روایت ہے' اسے روایت کرنے میں عبداللہ بن موسیٰ اکیلے ہیں۔

**2223** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِسْمَاعِیلَ الصَّفَّارُ الرَّمْلِیُّ قَالَ: نَا هَارُونُ بْنُ زَیْدِ بْنِ اَبِی الزَّرْقَاءِ قَالَ:

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ نے فرمایا: مجھے کسی شے پر اتنی

---

2221- أخرجه الطبرانی فی الصغیر جلد1صفحه15 . انظر: مجمع الزوائد جلد9صفحه227 .

2222- انظر: مجمع الزوائدجلد8صفحه283 .

2223- أخرجه الطبرانی فی الصغیر جلد1صفحه17 .

حَدَّثَنِي أَبِي قَالَ: نَا شِبْلُ بْنُ عَبَّادٍ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ: مَا نَدِمْتُ عَلَى شَيْءٍ مَّا نَدِمْتُ عَلَى أَنِّي لَمْ أَسْأَلْ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الرِّيحِ. فَقَالَ أَبُو هُرَيْرَةَ: بَلَى قَدْ سَأَلْتُهُ عَنْهَا، قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، الرِّيحُ مِمَّ هِيَ؟ قَالَ: مِنْ رَوْحِ اللَّهِ يَبْعَثُهَا بِالرَّحْمَةِ، وَيَبْعَثُهَا بِالْعَذَابِ

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ شِبْلٍ إِلَّا زَيْدُ بْنُ أَبِي الزَّرْقَاءِ

ندامت نہیں ہوئی جتنی مجھے اس بات پر ندامت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے ہوا کے متعلق کیوں نہیں پوچھا۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے عرض کی: کیوں نہیں! بلکہ میں نے آپ ﷺ سے اس کے متعلق پوچھا ہے میں نے عرض کی: یارسول اللہ! یہ ہوا کس چیز سے ہے؟ آپ نے فرمایا: اللہ عزوجل کی طرف سے وہ بھیجتا ہے اس کو رحمت بنا کر اور عذاب بنا کر بھی۔

اسے شبل سے صرف زید بن ابی زرقاء ہی روایت کرتے ہیں۔

**2224** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحَسَنِ التَّمِيمِيُّ أَبُو الصَّقْرِ الْبَغْدَادِيُّ قَالَ: نَا عَلِيُّ بْنُ عُثْمَانَ اللَّاحِقِيُّ قَالَ: نَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَاصِمِ ابْنِ بَهْدَلَةَ، عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: تَحْتَرِقُونَ، تَحْتَرِقُونَ، فَإِذَا صَلَّيْتُمُ الْفَجْرَ غَسَلَتْهَا، ثُمَّ تَحْتَرِقُونَ تَحْتَرِقُونَ، فَإِذَا صَلَّيْتُمُ الظُّهْرَ غَسَلَتْهَا، ثُمَّ تَحْتَرِقُونَ تَحْتَرِقُونَ، فَإِذَا صَلَّيْتُمُ الْعَصْرَ غَسَلَتْهَا، ثُمَّ تَحْتَرِقُونَ تَحْتَرِقُونَ، فَإِذَا صَلَّيْتُمُ الْمَغْرِبَ غَسَلَتْهَا، ثُمَّ تَحْتَرِقُونَ تَحْتَرِقُونَ، فَإِذَا صَلَّيْتُمُ الْعِشَاءَ غَسَلَتْهَا، ثُمَّ تَنَامُونَ فَلَا يُكْتَبُ عَلَيْكُمْ شَيْءٌ حَتَّى تَسْتَيْقِظُونَ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: تم جلاؤ گے تم جلاؤ گے جب تم نے فجر کی نماز پڑھ لی تو تم نے اس کو دھولیا پھر تم جلو گے جلو گے جب تم نے ظہر کی نماز پڑھ لی تو تم نے اس کو دھولیا پھر تم جلو گے پھر تم جلاؤ گے پھر تم نے عصر کی نماز پڑھ لی تو تم اسے دھولیا کرو پھر تم جلو گے تم جلو تو پھر جب تم مغرب کی نماز پڑھ لو گے تو تم نے اس کو دھو لیا پھر تم جلو گے پھر تم جلو گے پس جب تم نے عشاء کی نماز پڑھ لی تو تم نے اس کو دھولیا پھر تم سوؤ گے کہ تم پر کوئی شے نہیں لکھی جائے گی یہاں تک کہ تم جاگ جاؤ۔

رَفَعَهُ عَلِيُّ بْنُ عُثْمَانَ اللَّاحِقِيُّ. وَرَوَاهُ جَمَاعَةٌ: عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ مَوْقُوفًا

علی بن عثمان لاحقی اسے مرفوعاً روایت کرتے ہیں اور ایک جماعت اسے حماد بن سلمہ سے مرفوعاً روایت کرتی ہے۔

---

2224- أخرجه الخطيب في تاريخه جلد4صفحه305 . انظر: مجمع الزوائد جلد1صفحه302 .

2225 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَزَّازُ التُّسْتَرِيُّ قَالَ: نَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ بِشْرِ بْنِ مَنْصُورٍ قَالَ: نَا مِسْكِينٌ اَبُو فَاطِمَةَ، عَنْ حَوْشَبٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: اَوْصَانِي خَلِيلِي صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِثَلَاثٍ: الْوِتْرُ قَبْلَ النَّوْمِ، وَصِيَامُ ثَلَاثَةِ اَيَّامٍ مِّنْ كُلِّ شَهْرٍ، وَالْغُسْلُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میرے خلیل صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے تین نصیحت کیں: رات کو سونے سے قبل وتر پڑھنے اور ہر مہینے میں تین روزے رکھنے اور جمعہ کے دن غسل کرنے کی۔

2226 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ التُّسْتَرِيُّ قَالَ: نَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ بِشْرِ بْنِ مَنْصُورٍ قَالَ: نَا مِسْكِينٌ، عَنْ حَوْشَبٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَوَضَّئُوا مِمَّا غَيَّرَتِ النَّارُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے جو کوئی آگ پر پکی ہوئی چیز کھائے تو وہ وضو کرے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنْ حَوْشَبِ بْنِ عَقِيلٍ اِلَّا مِسْكِينٌ، وَلَا رَوَاهُمَا عَنْهُ اِلَّا اِسْمَاعِيلُ بْنُ بِشْرٍ

یہ دونوں حدیثیں حوشب بن عقیل سے صرف مسکین ہی روایت کرتے ہیں' ان دونوں کو صرف اسماعیل بن بشر ہی روایت کرتے ہیں۔

2227 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ السَّلَامِ الْجَوَالِيقِيُّ التُّسْتَرِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْبَصْرِيُّ قَالَ: نَا اَيُّوبُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْحَبَطِيُّ قَالَ: نَا زَكَرِيَّا بْنُ حَكِيمٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نِعْمَ الْاِدَامُ الْخَلُّ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: سرکہ بہترین سالن ہے۔

---

2225- أخرجه النسائي في الصيام جلد4صفحه187 (باب صوم ثلاثة أيام من الشهر)' وأحمد في المسند جلد2 صفحه307 رقم الحديث: 7157 .

2226- تقدم تخريجه .

2227- أخرجه الطبراني في الصغير جلد1صفحه55 . انظر: مجمع الزوائد جلد5صفحه46 .

**2228** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَمْدَانَ اَبُو سَعِيدٍ التُّسْتَرِيُّ، بِعَبَّادَانَ قَالَ: نَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ يُوسُفَ الصَّيْرَفِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ حَرْبٍ، عَنْ اَبِي خَالِدٍ الدَّالَانِيِّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ اَبِي الْبَخْتَرِيِّ قَالَ: اَهْلَلْنَا هِلَالَ ذِي الْحِجَّةِ قَمَرًا ضَخْمًا، الْمُقِلُّ يَقُولُ: مِنْ لَيْلَتَيْنِ، وَالْمُكْثِرُ يَقُولُ: مِنْ ثَلَاثٍ، فَلَمَّا قَدِمْنَا مَكَّةَ لَقِيتُ ابْنَ عَبَّاسٍ، فَسَاَلْتُهُ عَنْ يَوْمِ التَّرْوِيَةِ، فَعَدَّ لِي مِنْ ذٰلِكَ الْيَوْمِ، فَقُلْتُ: اِنَّا اَهْلَلْنَاهُ قَمَرًا ضَخْمًا، فَقَالَ: اِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَدَّهُ اِلَى رُؤْيَتِهِ

حضرت ابوبختری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم نے ذی الحجہ کا چاند دیکھا تو وہ چاند موٹا تھا' تھوڑے لوگوں نے کہا: محسوس ہو رہا تھا کہ دو راتوں' یا زیادہ نے کہا: تین دن کا ہے' جب ہم مکہ آئے تو میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے ملا' میں نے ان سے ترویہ کے دن کے متعلق پوچھا تو انہوں نے میرے لیے آج کا دن شمار کیا۔ میں نے عرض کی: ہم نے چاند کو موٹا دیکھا' حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس کو لمبا کیا دیکھنے کے لیے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ اَبِي خَالِدٍ الدَّالَانِيِّ اِلَّا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ حَرْبٍ . وَقَدْ رَوَاهُ شُعْبَةُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ

اسے ابوخالد الدالانی سے صرف عبدالسلام بن حرب ہی روایت کرتے ہیں۔ شعبہ' عمرو بن مرہ سے روایت کرتے ہیں۔

**2229** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الصَّبَّاحِ الْبَصْرِيُّ قَالَ: نَا سَعِيدُ بْنُ ثَوَابٍ الْحُصْرِيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَنْصَارِيُّ قَالَ: نَا الْاَشْعَثُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ، عَنْ اَبِي قِلَابَةَ، عَنْ اَبِي الْمُهَلَّبِ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى بِهِمْ، فَسَهَا فِي صَلَاةٍ، فَسَجَدَ سَجْدَتَيِ السَّهْوِ، ثُمَّ تَشَهَّدَ، ثُمَّ سَلَّمَ

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہمیں نماز پڑھائی' تو آپ نماز میں بھول گئے' سو آپ نے سہو کے دو سجدے کیے' پھر آپ نے التحیات پڑھی' پھر سلام پھیرا۔

لَمْ يَرْوِهِ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ ثَوَابٍ

اس کو صرف محمد بن ثواب ہی روایت کرتے ہیں۔

☆☆☆☆☆

2228- أخرجه مسلم في الصيام جلد2صفحه766 .

# اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمُرِّیُّ

# احمد بن محمد المری کی روایات

2230 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمُرِّيُّ الْبَغْدَادِيُّ قَالَ: نَا حَرْبُ بْنُ الْحَسَنِ الطَّحَّانُ قَالَ: نَا حُسَيْنُ بْنُ الْحَسَنِ الْاَشْقَرُ قَالَ: نَا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنْ لَيْثٍ، عَنِ ابْنِ اَبِي لَيْلَى، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْزَمُوا مَوَدَّتَنَا اَهْلَ الْبَيْتِ، فَاِنَّهُ مَنْ لَقِيَ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ وَهُوَ يَوَدُّنَا دَخَلَ الْجَنَّةَ بِشَفَاعَتِنَا، وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ، لَا يَنْفَعُ عَبْدًا عَمَلُهُ اِلَّا بِمَعْرِفَةِ حَقِّنَا

حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ہماری اہل بیت کی مودت کو لازم پکڑو' کیونکہ جو اللہ سے اس حال میں ملاقات کرے گا کہ وہ ہم سے محبت کرتا ہوگا تو وہ ہماری شفاعت کی وجہ سے جنت میں داخل ہوگا' اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے! کسی بندہ کو اس کا علم نفع نہیں دے گا جب تک اس کو ہمارے حق کی معرفت نہیں ہوگی۔

2231 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَرْوَزِيُّ الْبَصْرِيُّ، بِالْبَصْرَةِ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِي هِنْدٍ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَنْهَى عَنْ اَكْلِ الْكُرَّاثِ وَالْبَصَلِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم لہسن اور پیاز کھانے سے منع فرماتے تھے۔

2232 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ قُرْقُرَةَ الْاَنْطَاكِيُّ قَالَ: نَا الْحُسَيْنُ بْنُ سَيَّارٍ الْحَرَّانِيُّ قَالَ: نَا يُوسُفُ بْنُ الْمَاجِشُونَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَمَّا مَاتَ ابْنُ آدَمَ، قَالَ آدَمُ لِامْرَاَتِهِ حَوَّاءَ: اِنَّهُ قَدْ مَاتَ ابْنُكِ، قَالَتْ: وَمَا الْمَوْتُ؟ قَالَ: لَا

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب آدم علیہ السلام کا بیٹا فوت ہوگیا تو حضرت آدم علیہ السلام نے حضرت حوا علیہا السلام سے فرمایا: آپ کا بیٹا فوت ہوگیا' حضرت حوا علیہا السلام نے عرض کی: موت کیا ہے؟ فرمایا: نہ وہ کھاتا ہے نہ پیتا ہے نہ وہ چلتا ہے نہ پکڑتا ہے۔ حضرت آدم نے جب یہ فرمایا تو

---

2230- انظر: مجمع الزوائد جلد9صفحه175 .

2231- أخرجه البخاري في الأذان جلد2صفحه394 رقم الحديث: 854' ومسلم في المساجد جلد1صفحه394' وأحمد في المسند جلد3صفحه485 رقم الحديث: 15280 .

2232- انظر: مجمع الزوائد جلد3صفحه8 .

يَطْعَمُ، وَلَا يَشْرَبُ، وَلَا يَمْشِي، وَلَا يَبْطُشُ، فَلَمَّا قَالَ ذٰلِكَ صَرَخَتْ، فَقَالَ: الرَّنَّةُ عَلَيْكِ وَعَلَى بَنَاتِكِ، وَاَنَا وَبَنِيَّ بُرَآءُ، فَصَارَتِ الْمَوَاتِيمُ عَلَى النِّسَاءِ

لَا يُرْوَى عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ

حضرت حواء علیہا السلام نے چیخ ماری' حضرت آدم نے فرمایا: یہ چیخ مار کر رونا تیری اور تیری لڑکیوں پر جمع ہے اور میرے بیٹے اس سے بَری ہیں' پس رونا عورتوں میں جاری ہو گیا۔

یہ حدیث رسول اللہ ﷺ سے صرف اسی سند سے روایت کی گئی ہے۔

2233 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَعْقُوبَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ الْمُقْرِءُ الْبَغْدَادِيُّ قَالَ: نَا جُبَارَةُ بْنُ مُغَلِّسٍ قَالَ: نَا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ اَبِي عُبَيْدَةَ قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ اِلَى اَبِي مُوسَى فَقَالَ: رَجُلٌ مَّاتَ وَتَرَكَ ابْنَتَهُ وَبِنْتَ ابْنٍ، وَاُخْتًا، فَقَالَ: لِلابْنَةِ النِّصْفُ، وَلِلْاُخْتِ النِّصْفُ، وَسَتَاْتِي ابْنَ مَسْعُودٍ، وَيَقُولُ لَكَ مِثْلَ ذٰلِكَ . فَاَتَيْتُ ابْنَ مَسْعُودٍ، فَقُلْتُ: اِنَّ اَبَا مُوسَى قَالَ لِي: كَذَا وَكَذَا، فَقَالَ ابْنُ مَسْعُودٍ: قَدْ ضَلَلْتُ اِذًا وَمَا اَنَا مِنَ الْمُهْتَدِينَ: الابْنَةُ النِّصْفُ، وَلابْنَةِ الابْنِ التَّكْمِلَةُ، وَلِلْاُخْتِ الثُّلُثُ، هٰكَذَا فَرَضَهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ کے پاس آیا' اس نے عرض کی: ایک آدمی فوت ہو جاتا ہے اور وہ اپنی ایک بیٹی اور پوتا اور ایک بہن چھوڑ جاتا ہے۔ حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: بیٹی کے لیے نصف اور بہن کے لیے نصف ہے اور آپ ابن مسعود کے پاس جائیں' وہ بھی آپ کے لیے اسی کی مثل کہیں گے۔ پس میں حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے پاس آیا اور عرض کی: حضرت ابوموسیٰ نے مجھے مسئلہ اس طرح بتایا ہے۔ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: وہ اس مسئلہ کو بھول گئے ہیں اور میں بھی رہنماؤں میں سے نہیں ہوں' مسئلہ یہ ہے کہ بیٹی کے لیے نصف اور پوتی کے لیے بقیہ ہے اور بہن کے لیے ایک تہائی ہے' رسول اللہ ﷺ نے اسی طرح مقرر فرمایا ہے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ اِلَّا قَيْسٌ، وَلَا عَنْ اَبِي عُبَيْدَةَ اِلَّا عَمْرُو بْنُ مُرَّةَ

عمرو بن مرہ سے صرف قیس ہی روایت کرتے ہیں اور ابوعبیدہ سے صرف عمرو بن مرہ ہی روایت کرتے ہیں۔

2234 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ روایت کرتے

2234- أخرجه الطبراني في الصغير جلد1صفحه50 . انظر: مجمع الزوائد جلد3صفحه233 .

هَارُونَ بْنِ سُلَيْمَانَ بْنِ اِسْمَاعِيلَ بْنِ حَمَّادِ بْنِ اَبِي سُلَيْمَانَ قَالَ: نَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ رَاشِدٍ الْاَدَمِيُّ قَالَ: نَا دَاوُدُ بْنُ مِهْرَانَ الدَّبَّاغُ قَالَ: نَا حَمَّادُ بْنُ شُعَيْبٍ الْحِمَّانِيُّ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ طَاوُسٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَزَلَ ظَهْرَ مَرٍّ، فَاُهْدِىَ عُضْوَ صَيْدٍ، فَرَدَّهُ عَلَى الرَّسُولِ، وَقَالَ لَهُ: اقْرَاْ عَلَيْهِ السَّلَامَ، وَقُلْ: لَوْلَا اَنَّا حُرُمٌ مَّا رَدَدْنَاهُ عَلَيْكَ

ہیں کہ نبی کریم ﷺ مقامِ ظہرمرّ پر اُترے تو آپ کو ایک شکار کا حصہ دیا گیا تو آپ ﷺ نے اسے ایلچی کو واپس کر دیا' آپ ﷺ نے اسے فرمایا: اس کو سلام کہنا اور کہنا کہ اگر یہ حرام نہ ہوتا تو میں اسے آپ کو واپس نہ کرتا۔

**2235** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ مِرْدَاسٍ الْاَيْلِيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ بْنِ سَمُرَةَ الْاَحْمَسِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمُحَارِبِيُّ، عَنْ اَشْعَثَ بْنِ سَوَّارٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَيُصَلِّي الرَّجُلُ فِي الثَّوْبِ الْوَاحِدِ؟ قَالَ: اَوَكُلُّكُمْ يَجِدُ ثَوْبَيْنِ؟

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نبی کریم ﷺ کے پاس آیا اور اس نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا آدمی ایک کپڑے میں نماز پڑھ سکتا ہے؟ آپ نے فرمایا: کیا تم میں سے ہر کوئی دو کپڑے پاتا ہے؟

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَشْعَثَ اِلَّا الْمُحَارِبِيُّ

اسے اشعث سے صرف محاربی ہی روایت کرتے ہیں۔

**2236** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ مَخْشِيٍّ ابْنُ اَخِي الْمَخْشِيِّ الْفَرْغَانِيُّ قَالَ: نَا اَبُو الْقَاسِمِ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيدِ بْنِ عُفَيْرٍ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي قَالَ: حَدَّثَنِي خَالِي الْمُغِيرَةُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ رَاشِدٍ الْهَاشِمِيُّ قَالَ: حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: شیطان تم میں سے ہر ایک کی نماز میں خلل ڈالتا ہے' سو وہ نمازی نہیں جانتا کہ اس نے کتنی رکعتیں پڑھی ہیں' اگر تم میں سے کوئی ایسی حالت پائے تو وہ بیٹھے بیٹھے دو سجدے کرے۔

---

2235- أخرجه البخاري في الصلاة جلد1صفحه561 رقم الحديث: 358' ومسلم في الصلاة جلد1صفحه367 .

2236- أخرجه البخاري في السهو جلد3صفحه125 رقم الحديث: 1232' ومسلم في المساجد جلد1صفحه398 .

سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: حَدَّثَنِی عُبَیْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ قَالَ: حَدَّثَنِی مُحَمَّدُ بْنُ مُسْلِمِ بْنِ شِهَابٍ الزُّهْرِیُّ، عَنْ اَبِی سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ اَبِی هُرَیْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ سَلِّمَ: اِنَّ الشَّیْطَانَ یَاْتِی اَحَدَکُمْ فِی صَلَاتِهِ، فَیَلْبَسُ عَلَیْهِ، حَتَّی لَا یَدْرِی کَمْ صَلَّی، فَاِذَا وَجَدَ ذٰلِکَ اَحَدُکُمْ فَلْیَسْجُدْ سَجْدَتَیْنِ وَهُوَ جَالِسٌ

2237 - وَعَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُبَیْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، عَنْ اُمِّ قَیْسٍ بِنْتِ مِحْصَنٍ، قَالَتْ: اَتَیْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بِابْنِی لَمْ یَاْکُلِ الطَّعَامَ، فَجَعَلَهُ فِی حِجْرِهِ، فَبَالَ عَلَی ثَوْبِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، فَدَعَا بِمَاءٍ، فَنَضَحَهُ عَلَی ثَوْبِهِ، وَلَمْ یَغْسِلْهُ

حضرت اُم قیس بنت محصن رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس اپنے بیٹے کو لے کر آئی‘ ابھی وہ کھانا نہیں کھاتا تھا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اسے اپنی گود میں رکھا‘ تو اس نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے کپڑوں پر پیشاب کر دیا‘ آپ نے پانی منگوایا اور اسے اپنے کپڑے پر ڈالا‘ اور اسے دھویا نہیں۔

2238 - وَعَنِ ابْنِ شِهَابٍ، اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا اِدْرِیسَ الْخَوْلَانِیَّ، یُحَدِّثُ، عَنْ اَبِی هُرَیْرَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ تَوَضَّاَ فَلْیَسْتَنْثِرْ، وَمَنِ اسْتَجْمَرَ فَلْیُوتِرْ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو وضو کرے وہ ناک صاف کرے اور جب وہ ڈھیلوں سے استنجاء کرے تو وہ طاق ڈھیلے استعمال کرے۔

2239 - وَعَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عَبَّادِ بْنِ تَمِیمٍ، عَنْ عَمِّهِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَیْدٍ، اَنَّهُ رَاَی رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مُسْتَلْقِیًا فِی الْمَسْجِدِ،

حضرت عبادہ بن تمیم اپنے چچا حضرت عبداللہ بن زید رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو مسجد میں چت لیٹے ہوئے دیکھا‘ آپ

---

2237- أخرجه البخاری فی الوضوء جلد 1 صفحه 390 رقم الحدیث: 223‘ ومسلم فی الطهارة جلد 1 صفحه 238‘ وأبو داؤد فی الطهارة جلد 1 صفحه 100 رقم الحدیث: 374‘ والنسائی فی الطهارة جلد 1 صفحه 128 (باب بول الصبی الذی لم یأکل الطعام).

2238- أخرجه البخاری فی الوضوء جلد 1 صفحه 315 رقم الحدیث: 161‘ ومسلم فی الطهارة جلد 1 صفحه 212.

2239- أخرجه البخاری فی الصلاة جلد 1 صفحه 671 رقم الحدیث: 475‘ ومسلم فی اللباس جلد 3 صفحه 1662.

قَدْ وَضَعَ اِحْدَى رِجْلَيْهِ عَلَى الْاُخْرَى

نے ایک پاؤں دوسرے پاؤں پر رکھا ہوا تھا۔

**2240** - وعَنِ ابْنِ شِهَابٍ، اَنَّ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ اَخْبَرَهُ، اَنَّ عَائِشَةَ كَانَتْ تَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا مِنْ مُصِيبَةٍ يُصَابُ بِهَا الْمُسْلِمُ اِلَّا كُفِّرَتْ عَنْهُ، حَتّٰى الشَّوْكَةَ يُشَاكُهَا

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی تھیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس مسلمان کو کوئی تکلیف پہنچتی ہے تو وہ تکلیف اس کے لیے گناہوں کا کفارہ بن جاتی ہے' یہاں تک کہ کانٹا بھی جو اسے چبھتا ہے۔

**2241** - وعَنِ ابْنِ شِهَابٍ، اَنَّ عُرْوَةَ اَخْبَرَهُ، اَنَّ عَائِشَةَ اَخْبَرَتْهُ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْوَزَغُ فُوَيْسِقَةٌ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: گرگٹ نافرمانوں میں سے ہے۔

**2242** - وعَنِ ابْنِ شِهَابٍ، اَنَّ طَلْحَةَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَوْفٍ، اَخْبَرَهُ، اَنَّ عَبْدَ الرَّحْمَنِ بْنَ عَمْرِو بْنِ سَهْلٍ، اَخْبَرَهُ، اَنَّ سَعِيدَ بْنَ زَيْدٍ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ ظَلَمَ مِنَ الْاَرْضِ شَيْئًا فَاِنَّهُ يُطَوَّقُهُ مِنْ سَبْعِ اَرَضِينَ

حضرت سعید بن زید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا: جو کسی کی زمین ظلماً تھوڑی بھی لے لے تو وہ اس کو سات زمینوں تک طوق بنا کے گلے میں ڈال دی جائے گی۔

**2243** - وعَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ ثَابِتِ بْنِ قَيْسٍ الْاَنْصَارِيِّ، اَنَّ ثَابِتَ بْنَ قَيْسٍ قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، لَقَدْ خَشِيتُ اَنْ اَكُونَ قَدْ هَلَكْتُ، فَقَالَ: لِمَ؟ قَالَ: فَاَجِدُنِي اُحِبُّ الْخُيَلَاءَ، وَيَنْهَى اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ اَنْ نَرْفَعَ اَصْوَاتَنَا فَوْقَ صَوْتِكَ، وَاَنَا جَهِيرُ الصَّوْتِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا ثَابِتُ، اَلَيْسَ تَرْضَى اَنْ

حضرت ثابت بن قیس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں خوف کرتا ہوں کہ میں ہلاک ہو گیا ہوں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: کیوں؟ عرض کی: مجھے محسوس ہوتا ہوں کہ میں غرور کو پسند کرتا ہوں اور اللہ عزوجل نے آپ کی آواز پر آوازیں اونچی کرنے سے منع کیا ہے' اور میں بلند آواز والا آدمی ہوں۔ تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اے ثابت! کیا تو اس پر راضی نہیں

---

2240- أخرجه مسلم في البر جلد4صفحه1994' وأحمد في المسند جلد6صفحه12 رقم الحديث: 24882 .

2241- أخرجه البخاري في بدء الخلق جلد 6صفحه404 رقم الحديث: 3306' ومسلم في السلام جلد4 صفحه1758 .

2242- أخرجه البخاري في المظالم جلد5صفحه123 رقم الحديث: 2454' ومسلم في المساقاة جلد3صفحه1231 .

تَعِيشَ حَمِيدًا، وَتُقْتَلَ شَهِيدًا وَتَدْخُلَ الْجَنَّةَ؟

ہیں کہ تو عزت کی زندگی گزارے اور تو شہید ہو اور جنت میں داخل ہو؟

**2244** - وعَنِ ابْنِ شِهَابٍ، اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ، وحَسَنَ بْنَ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ، اَخْبَرَاهُ، اَنَّ اَبَاهُمَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ، اَخْبَرَهُمَا، اَنَّهُ سَمِعَ عَلِيًّا يَقُولُ لِابْنِ عَبَّاسٍ: اِنَّكَ رَجُلٌ تَائِهٌ، نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ مُتْعَةِ النِّسَاءِ يَوْمَ خَيْبَرَ، وَعَنْ اَكْلِ لُحُومِ الْحُمُرِ الْإِنْسِيَّةِ

حضرت علی رضی اللہ عنہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے فرمانے لگے: آپ عظیم آدمی ہیں' رسول اللہ ﷺ نے خیبر میں عورتوں سے متعہ کرنے اور پالتو گدھوں کا گوشت کھانے سے منع فرمایا تھا (اور آپ متعہ کے جواز کا فتویٰ دیتے ہیں)۔

**2245** - وعَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَبَّاسٍ، حَدَّثَهُ، اَنَّ الصَّعْبَ بْنَ جَثَّامَةَ بْنِ قَيْسٍ حَدَّثَهُ، اَنَّهُ اَهْدَى لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِمَارًا وَحْشِيًّا، وَهُوَ بِوَدَّانَ اَوْ بِالْاَبْوَاءِ، فَرَدَّهُ عَلَيْهِ قَالَ: فَعَرَفَ فِي وَجْهِي كَآبَةَ رَدِّهِ عَلَيَّ، فَقَالَ: لَيْسَ بِنَا رَدُّهُ عَلَيْكَ، وَلَكِنَّا حُرُمٌ

حضرت صعب بن جثامہ بن قیس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کو مقامِ ودان یا ابواء کے مقام پر وحشی گدھا ہدیہ کیا گیا' تو آپ نے انہیں واپس کر دیا سو آپ نے میرے چہرے پر ناپسندیدگی کا اظہار دیکھا' تو آپ ﷺ نے فرمایا: ہم ہدیہ واپس نہیں کرتے ہیں' لیکن ہم حالت احرام میں ہیں۔

**2246** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ اَخِي الْمَخْشِيِّ قَالَ: نا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيدِ بْنِ عُفَيْرٍ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي قَالَ: حَدَّثَنِي خَالِي الْمُغِيرَةُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ رَاشِدٍ الْهَاشِمِيُّ قَالَ: حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ: حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ مُسْلِمِ بْنِ شِهَابٍ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، اَنَّ اَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ: بَيْنَا اَنَا جَالِسٌ عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَتَاهُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اس دوران کہ میں رسول اللہ ﷺ کے پاس بیٹھا ہوا تھا' آپ کے پاس ایک آدمی آیا' اس نے عرض کی: یارسول اللہ! میں ہلاک ہو گیا! آپ نے فرمایا: تیرے لیے ہلاکت! تجھے کیا ہوا؟ اس نے عرض کی: میں نے رمضان شریف میں حالت روزہ میں اپنی بیوی سے جماع کیا ہے۔ آپ نے فرمایا: کیا تُو غلام آزاد کرنے کی طاقت رکھتا ہے؟ عرض کی: نہیں! اللہ کی قسم! یارسول اللہ! آپ

**2244**- أخرجه البخاري في المغازي جلد7صفحه549 رقم الحديث:4216' ومسلم في النكاح جلد2صفحه1027 .

**2245**- أخرجه البخاري في جزاء الصيد جلد4صفحه38 رقم الحديث:1825' ومسلم في الحج جلد2صفحه850 .

رَجُلٌ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، هَلَكْتُ قَالَ: وَيْحَكَ، مَا لَكَ؟ قَالَ: وَقَعْتُ عَلَى امْرَاَتِي، وَاَنَا صَائِمٌ، فِي رَمَضَانَ قَالَ: هَلْ تَجِدُ رَقَبَةً تُعْتِقُهَا؟ قَالَ: لَا وَاللّٰهِ يَا رَسُولَ اللّٰهِ . قَالَ: فَهَلْ تُطِيقُ صِيَامَ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ؟ قَالَ: لَا وَاللّٰهِ يَا رَسُولَ اللّٰهِ قَالَ: فَهَلْ تَجِدُ اِطْعَامَ سِتِّينَ مِسْكِينًا؟ قَالَ: لَا، يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَاَعْرَضَ عَنْهُ . فَبَيْنَا هُمْ عَلَى ذٰلِكَ اُتِيَ بِعَرَقٍ فِيهِ تَمْرٌ، فَقَالَ: اَيْنَ الَّذِي اَتَى؟ فَدُعِيَ لَهُ، فَقَالَ: خُذْ هٰذَا فَتَصَدَّقْ بِهِ قَالَ: اَعَلَى اَفْقَرَ مِنْ اَهْلِي يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ وَاللّٰهِ مَا بَيْنَ لَابَتَيْهَا اَهْلُ بَيْتٍ اَفْقَرُ مِنَّا، فَضَحِكَ حَتَّى بَدَتْ اَنْيَابُهُ، ثُمَّ قَالَ: خُذْهُ، فَاَطْعِمْهُ اَهْلَكَ

نے فرمایا: کیا تُو لگاتار دو ماہ کے روزے رکھنے کی طاقت رکھتا ہے؟ اس نے عرض کی: نہیں! اللہ کی قسم! یارسول اللہ! آپ نے فرمایا: کیا تُو ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلانے کی طاقت رکھتا ہے؟ اس نے عرض کی: نہیں! یارسول اللہ! تو آپ نے اس سے اعراض فرمایا: ہم اسی حالت میں تھے کہ آپ کے پاس ایک ٹوکری لائی گئی اس میں کھجوریں تھیں‘ آپ نے فرمایا: وہ کہاں ہے جو آیا تھا‘ تو اسے بلایا گیا‘ آپ ﷺ نے فرمایا: اس کو لے اور صدقہ کر! اس نے عرض کی: یارسول اللہ! کیے میرے گھر والوں سے زیادہ کوئی فقیر ہے؟ اللہ کی قسم! ہم سے زیادہ ان دو ریگستانوں میں کوئی فقیر نہیں ہے۔ نبی کریم ﷺ مسکرائے یہاں تک کہ آپ کی داڑھیں نظر آئیں‘ آپ نے فرمایا: اس کو لے اور اپنے گھر والوں کو کھلا دے۔

لَا تُرْوَى هٰذِهِ الْاَحَادِيثُ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهَا: عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيدِ بْنِ عُفَيْرٍ

یہ احادیث عبیداللہ بن عمر سے صرف اسی اسناد سے روایت ہیں‘ عبیداللہ بن سعید بن عفیر اسے روایت کرنے میں اکیلے ہیں۔

**2247** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مَهْدِيٍّ الْهَرَوِيُّ قَالَ: نَا عَلِيُّ بْنُ خَشْرَمٍ قَالَ: نَا الْفَضْلُ بْنُ مُوسَى، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ كَيْسَانَ قَالَ: نَا عِكْرِمَةُ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: خَرَجَ اَبُو بَكْرٍ بِالْهَاجِرَةِ، فَسَمِعَ بِذٰلِكَ عُمَرُ، فَخَرَجَ فَاِذَا هُوَ بِاَبِي بَكْرٍ، فَقَالَ: يَا اَبَا بَكْرٍ، مَا اَخْرَجَكَ هٰذِهِ السَّاعَةَ؟ قَالَ: وَاللّٰهِ مَا اَجِدُ فِي بَطْنِي مِنْ حَاقِّ الْجُوعِ . قَالَ: وَاَنَا وَاللّٰهِ مَا اَخْرَجَنِي غَيْرُهُ، فَبَيْنَمَا هُمَا كَذٰلِكَ اِذْ خَرَجَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ دوپہر کو باہر نکلے تو یہ بات حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے سنی تو وہ بھی نکلے تو دیکھا کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ ہیں‘ کہا کہ اے ابوبکر! اس وقت کس چیز نے آپ کو باہر نکالا؟ انہوں (حضرت ابوبکر) نے فرمایا: اللہ کی قسم! مجھے اس بات نے نکالا کہ میں اپنے پیٹ میں بھوک کی وجہ سے کچھ نہیں پاتا‘ تو انہوں (حضرت عمر) نے کہا: مجھے بھی اللہ کی قسم! اس کے

2247- انظر: مجمع الزوائد جلد10صفحه320-321 .

عَلَيْهِمَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: مَا اَخْرَجَكُمَا فِي هَذِهِ السَّاعَةِ؟ فَقَالَا: اَخْرَجَنَا، وَاللّٰهِ مَا نَجِدُ فِي بُطُونِنَا مِنْ حَاقِّ الْجُوعِ . فَقَالَ: وَاَنَا، وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ، مَا اَخْرَجَنِي غَيْرُهُ، فَقُومَا، فَقَامُوا . فَانْطَلَقُوا حَتَّى اَتَوْا بَابَ اَبِي اَيُّوبَ الْاَنْصَارِيِّ، وَكَانَ اَبُو اَيُّوبَ يَدَّخِرُ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طَعَامًا كَانَ اَوْ لَبَنًا، فَاَبْطَاَ يَوْمَئِذٍ فَلَمْ يَاْتِ لِحِينِهِ، فَاَطْعَمَهُ اَهْلَهُ، وَانْطَلَقَ اِلَى نَخْلِهِ يَعْمَلُ فِيهِ، فَلَمَّا اَتَوْا بَابَ اَبِي اَيُّوبَ الْاَنْصَارِيِّ خَرَجَتِ امْرَاَةٌ، فَقَالَتْ: مَرْحَبًا بِرَسُولِ اللّٰهِ وَبِمَنْ مَعَهُ، فَقَالَ لَهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَاَيْنَ اَبُو اَيُّوبَ؟ قَالَتْ: يَاْتِيكَ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ السَّاعَةَ . فَرَجَعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَبَصُرَ بِهِ اَبُو اَيُّوبَ وَهُوَ يَعْمَلُ فِي نَخْلٍ لَهُ، فَجَاءَ يَشْتَدُّ حَتَّى اَدْرَكَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: مَرْحَبًا بِنَبِيِّ اللّٰهِ وَبِمَنْ مَعَهُ . فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، لَيْسَ الْحِينُ الَّذِي كُنْتَ تَجِيئُنِي فِيهِ، فَرَدَّهُ، فَجَاءَ اِلَى عِذْقِ النَّخْلِ فَقَطَعَهُ، فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا اَرَدْتَ اِلَى هَذَا قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اَحْبَبْتُ اَنْ تَاْكُلَ مِنْ رُطَبِهِ وَبُسْرِهِ وَتَمْرِهِ، وَلَاَذْبَحَنَّ لَكَ مَعَهَا قَالَ: اِنْ ذَبَحْتَ فَلَا تَذْبَحَنَّ ذَاتَ دَرٍّ . فَاَخَذَ عَنَاقًا لَهُ اَوْ جَدْيًا فَذَبَحَهُ، وَقَالَ لِامْرَاَتِهِ: اخْتَبِزِي وَاَطْبُخُ اَنَا، فَاَنْتِ اَعْلَمُ بِالْخَبْزِ، فَعَمَدَ اِلَى نِصْفِ الْجَدْيِ فَطَبَخَهُ، وَشَوَى نِصْفَهُ،

علاوہ کسی چیز نے نہیں نکالا۔ سو وہ اسی حال میں تھے کہ دونوں کے پاس نبی اکرم ﷺ تشریف لائے‘ آپ نے پوچھا: اس وقت تم کو کس چیز نے نکالا؟ انہوں نے عرض کیا: اللہ کی قسم! ہمیں اس چیز نے نکالا کہ ہمارے پیٹوں میں بھوک کے سوا کچھ نہیں۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: مجھے بھی اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے! اس کے علاوہ کسی چیز نے نہیں نکالا۔ تینوں اُٹھ کر چلے حتیٰ کہ حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ کے دروازے پر آئے اور حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ ﷺ سے کھانے اور دودھ کا ذکر کیا تھا تو اس دن انہوں نے دیر کر دی‘ اس وقت وہ (گھر) نہیں آئے تھے تو وہ کھانا ان کے گھر والوں نے کھا لیا اور وہ اپنے کھجوروں کے باغ میں کام کرنے کے لیے چلے گئے۔ پس جب آپ ﷺ حضرت ابوایوب کے دروازے پر آئے تو ان کی اہلیہ باہر نکلی‘ اس نے کہا: رسول اللہ ﷺ کے لیے خوش آمدید اور آپ کے ساتھیوں کے لیے بھی۔ رسول اللہ ﷺ نے اس (حضرت ابوایوب کی اہلیہ) سے پوچھا: ابوایوب کہاں ہے؟ اس نے عرض کیا: اے اللہ کے نبی! وہ ابھی آنے والے ہی ہیں‘ تو رسول اللہ ﷺ لوٹ گئے تو حضرت ابوایوب نے آپ کو دیکھ لیا اور وہ کھجوروں کے باغ میں کام کر رہے تھے‘ وہ جلدی سے آئے حتیٰ کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ کو جا لیا۔ عرض کیا: اللہ کے نبی کو خوش آمدید ہو اور آپ کے ساتھیوں کے لیے بھی! انہوں نے عرض کیا: یارسول اللہ!

فَلَمَّا اَدْرَكَ الطَّعَامُ وُضِعَ بَيْنَ يَدَىْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَصْحَابِهِ، فَاَخَذَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْجَدْىِ فَوَضَعَهُ عَلَى رَغِيفٍ، فَقَالَ: يَا اَبَا اَيُّوبَ، اَبْلِغْ بِهَذَا فَاطِمَةَ، فَاِنَّهَا لَمْ تُصِبْ مِثْلَ هَذَا مُنْذُ اَيَّامٍ ـ فَلَمَّا اَكَلُوا وَشَبِعُوا، قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: خُبْزٌ وَّلَحْمٌ وَّبُسْرٌ وَّتَمْرٌ وَّرُطَبٌ ، وَدَمَعَتْ عَيْنَاهُ، ثُمَّ قَالَ: اِنَّ هَذَا هُوَ النَّعِيمُ الَّذِى تُسْاَلُونَ عَنْهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ، فَكَبُرَ ذَلِكَ عَلَى اَصْحَابِهِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا اَصَبْتُمْ مِثْلَ هَذَا وَضَرَبْتُمْ بِاَيْدِيكُمْ، فَقُولُوا: بِسْمِ اللّٰهِ وَبَرَكَةِ اللّٰهِ، فَاِذَا شَبِعْتُمْ، فَقُولُوا: الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِى اَشْبَعَنَا وَاَرْوَانَا وَاَنْعَمَ وَاَفْضَلَ، فَاِنَّ هَذَا كَفَافٌ بِهَذَا ـ وَكَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَاْتِى اِلَيْهِ اَحَدٌ مَّعْرُوفًا اِلَّا اَحَبَّ اَنْ يُجَازِيَهُ، فَقَالَ لِاَبِى اَيُّوبَ: اِئْتِنَا غَدًا ، فَلَمْ يَسْمَعْ، فَقَالَ لَهُ عُمَرُ: اِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَاْمُرُكَ اَنْ تَاْتِيَهُ، فَلَمَّا اَتَاهُ اَعْطَاهُ وَلِيدَةً، فَقَالَ: يَا اَبَا اَيُّوبَ، اسْتَوْصِ بِهَا خَيْرًا، فَاِنَّا لَمْ نَرَ اِلَّا خَيْرًا مَا دَامَتْ عِنْدَنَا ، فَلَمَّا جَاءَ بِهَا اَبُو اَيُّوبَ قَالَ: مَا اَجِدُ لِوَصِيَّةِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيْرًا مِنْ اَنْ اَعْتِقَهَا، فَاَعْتَقَهَا

یہ وہ وقت تو نہیں ہے جس وقت آپ آیا کرتے ہیں‘ وہ آپ کو واپس لے آئے‘ پھر ایک کھجور کا خوشہ لے کر آئے‘ اسے کاٹا۔ رسول اللہ ﷺ نے ان سے فرمایا: میں تو یہ نہیں چاہتا تھا‘ انہوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! میں یہ چاہتا ہوں کہ آپ تازہ اور پکی کھجور بھی کھائیں اور کچی بھی اور میں آپ کے لیے اس کے ساتھ یہ (بکری) بھی ذبح کرتا ہوں۔ آپ نے فرمایا: اگر تُو نے ذبح کرنا ہے تو دودھ والی ذبح نہ کرنا‘ تو انہوں نے بکری کا بچہ آپ کے لیے پکڑا اور اسے ذبح کیا اور اپنی اہلیہ سے کہا: روٹی پکا اور میں سالن پکاتا ہوں کیونکہ تُو روٹی اچھی طرح بنانا جانتی ہے‘ انہوں نے آدھے بچے کو پکایا اور آدھے کو بھونا۔ پھر جب کھانا پک گیا تو انہوں نے رسول اللہ ﷺ اور آپ کے اصحاب کے سامنے رکھا تو رسول اللہ ﷺ نے کچھ گوشت لیا اور ایک روٹی پر رکھا۔ پھر فرمایا: اے ابوایوب! یہ فاطمہ تک پہنچا آؤ کیونکہ اسے کئی دنوں سے اس طرح کا کھانا نصیب نہیں ہوا۔ جب انہوں نے کھایا اور سیر ہو گئے تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: روٹی اور گوشت‘ پکی اور تر کھجوریں۔ آپ کی آنکھوں سے آنسو بہہ پڑے‘ پھر فرمایا: یہ وہ نعمتیں ہیں جن کے متعلق قیامت کے دن سوال ہوگا‘ تو آپ کے صحابہ کرام پر یہ بات گراں گزری تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب تمہیں اس قسم کی چیزیں ملیں اور تم اپنے ہاتھوں پر رکھو تو کہو: اللہ کے نام کے ساتھ اور اللہ کی برکت کے ساتھ۔ پھر جب تم سیر ہو جاؤ تو کہو: تمام تعریفیں اس اللہ کی ذات کے لیے جس نے ہمیں سیر

کیا اور ہمیں سیراب کیا اور انعام و فضل عطا فرمایا۔ یہ (دعا کرنا) اس (انعام) کا نعم البدل ہو جائے گا۔ رسول اللہ ﷺ کے پاس اگر کوئی بہترین چیز لاتا تو آپ اُس کا بدلہ دینا پسند فرماتے۔ آپ نے حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ سے فرمایا: کل ہمارے پاس آنا! انہوں نے نہ سنا تو آپ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے فرمایا: (ان سے کہو) بے شک رسول اللہ ﷺ تمہیں حکم دیتے ہیں کہ تم کل ہمارے پاس آؤ۔ جب وہ آئے تو آپ نے ان کو ایک لونڈی عطا فرمائی' فرمایا: اے ابوایوب! میں تجھے اس کے متعلق بھلائی کی وصیت کرتا ہوں کیونکہ ہم نے اسے اچھا پایا ہے جب سے یہ ہمارے پاس ہے۔ حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ اسے لے کر آئے تو کہا کہ میں رسول اللہ ﷺ کی وصیت میں سوائے اس کے بہتری نہیں پاتا کہ میں اسے آزاد کر دوں' سوانہوں نے اسے آزاد کر دیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ كَيْسَانَ إِلَّا الْفَضْلُ بْنُ مُوسَى

یہ حدیث عبداللہ بن کیسان سے صرف فضل بن موسیٰ ہی روایت کرتے ہیں۔

**2248** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو أَبُو طَلْحَةَ الْمُجَاشِعِيُّ الْبَصْرِيُّ قَالَ: نَا يَعْقُوبُ بْنُ إِسْحَاقَ أَبُو يُوسُفَ الْقُلُوسِيُّ قَالَ: نَا الْحَارِثُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْكُوفِيُّ قَالَ: نَا خُلُوُ بْنُ السَّرِيِّ الْأَوْدِيُّ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا أُلْفِيَنَّ أَحَدَكُمْ يَضَعُ إِحْدَى رِجْلَيْهِ عَلَى الْأُخْرَى ثُمَّ يَتَغَنَّى وَيَدَعُ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تم میں سے کوئی ایسے نہ کرے کہ وہ ایک پاؤں کو دوسرے پاؤں پر رکھے' پھر وہ قرآن اچھی طرز میں پڑھے اور سورۂ بقرہ کو چھوڑ دے۔

2248- انظر: مجمع الزوائد جلد6 صفحہ315-316 .

اَنْ يُقْرَاَ سُورَةَ الْبَقَرَةِ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ حُلْوِ بْنِ السَّرِيِّ اِلَّا الْحَارِثُ بْنُ مُحَمَّدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَبُو يُوسُفَ الْقُلُوسِيُّ

یہ حدیث حلو بن سری سے صرف حارث بن محمد ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں ابو یوسف القلوسی اکیلے ہیں۔

**2249** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْجَوَارِبِيُّ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نَا عَمِّي عَلِيُّ بْنُ اَحْمَدَ قَالَ: نَا مُعَلَّى بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ قَالَ: نَا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، الرَّجُلُ يَكُونُ حَامِيَةَ الْقَوْمِ وَيَدْفَعُ عَنْ اَصْحَابِهِ، اَيَكُونُ نَصِيبُهُ مِثْلَ نَصِيبِ غَيْرِهِ؟ قَالَ: ثَكِلَتْكَ اُمُّكَ، وَهَلْ تُرْزَقُونَ وَتُنْصَرُونَ اِلَّا بِضُعَفَائِكُمْ

حضرت عامر بن سعد اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! ایک آدمی غریب ہے اور اس کے ساتھی اس کو دور رکھتے ہیں' کیا اس کے لیے دوسرے کی طرح حصہ ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: تیری ماں تجھ پر روئے! تم کو رزق اور تمہاری مدد تو غریبوں ہی کی وجہ سے کی جاتی ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ اِلَّا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ جَعْفَرٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُعَلَّى بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ

یہ حدیث زہری سے صرف عبدالحمید بن جعفر ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں معلّٰی بن عبدالرحمٰن اکیلے ہیں۔

**2250** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَحْمَدَ الْجَوَارِبِيُّ قَالَ: نَا عَمِّي عَلِيُّ بْنُ اَحْمَدَ قَالَ: نَا قَبِيصَةُ بْنُ عُقْبَةَ قَالَ: نَا حِبَّانُ بْنُ عَلِيٍّ، عَنْ صَالِحِ بْنِ حَيَّانَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي اِلَى جِذْعٍ يَتَسَانَدُ اِلَيْهِ، فَمَرَّ رُومِيٌّ، فَقَالَ: لَوْ دَعَانِي مُحَمَّدٌ فَجَعَلْتُ لَهُ مَا هُوَ اَرْفَقُ بِهِ مِنْ هَذَا، قَالَتْ:

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ ایک تنے کا سہارا لے کر نماز پڑھتے تھے' ایک رومی گزرا' اس نے کہا: اگر مجھے محمد بلوائیں تو میں ان کے لیے اس سے زیادہ نرم چیز بنا دوں۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: رسول اللہ ﷺ کے لیے اس کو بلایا' اس نے آپ کے لیے چار پاؤں والا منبر بنایا تو نبی کریم ﷺ منبر پر جلوہ افروز ہوئے اور خطبہ دینے لگے تو

2249- أخرجه البخاری فی الجهاد والسير جلد 6صفحه104 رقم الحديث: 2896' وأحمد فی المسند جلد 1 صفحه219 رقم الحديث: 1497 .

2250- انظر: مجمع الزوائد جلد2صفحه185 .

فَدُعِيَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَعَلَ لَهُ الْمِنْبَرَ اَرْبَعَ مَرَاقِيَ، فَصَعِدَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمِنْبَرَ فَخَطَبَ، فَحَنَّ الْجِذْعُ كَمَا تَحِنُّ النَّاقَةُ، فَنَزَلَ اِلَيْهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: مَا شَأْنُكَ؟ اِنْ شِئْتَ دَعَوْتُ اللّٰهَ فَرَدَّكَ اِلَى مُحْتَبَسِكَ، وَاِنْ شِئْتَ دَعَوْتُ اللّٰهَ فَاَدْخَلَكَ اللّٰهُ الْجَنَّةَ فَاَثْمَرْتَ فِيهَا، فَاَكَلَ مِنْ ثَمَرَتِكَ اَنْبِيَاءُ اللّٰهِ الْمُرْسَلُونَ، وَعِبَادُهُ الْمُتَّقُونَ قَالَ: فَسَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: نَعَمْ فَغَارَ الْجِذْعُ، فَذَهَبَ

وہ کھجور کا تنا رونے لگا جس طرح اونٹنی روتی ہے' تو رسول اللہ ﷺ منبر سے نیچے اُترے اور آپ ﷺ نے فرمایا: تجھے کیا ہوا ہے؟ اگر تو چاہے تو میں اللہ سے دعا کرتا ہوں کہ تجھے اس حالت پہ لوٹا دے اور اگر تُو چاہے تو میں اللہ سے دعا کرتا ہوں کہ تجھے اللہ جنت میں داخل کرے' تو اس میں پھل لگائے' تو تیرے پھلوں سے اللہ کے انبیاء و رسل اور اس کے متقی پرہیزگار بندے پھل کھائیں۔ فرمایا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا' آپ نے فرمایا: ٹھیک ہے وہ تنا زمین میں دھنس گیا تو آپ چلے گئے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَائِشَةَ اِلَّا ابْنُ بُرَيْدَةَ، وَلَا عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ اِلَّا صَالِحُ بْنُ حَيَّانَ، وَلَا عَنْ صَالِحٍ اِلَّا حِبَّانُ، وَلَا عَنْ حِبَّانَ اِلَّا قَبِيصَةُ، تَفَرَّدَ بِهِ عَلِيُّ بْنُ اَحْمَدَ الْجَوَارِبِيُّ

یہ حدیث حضرت عائشہ سے صرف ابن بریدہ اور ابن بریدہ سے صرف صالح بن حیان اور صالح بن حیان سے قبیصہ ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں علی بن احمد الجوار بی اکیلے ہیں۔

**2251** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَحْمَدَ الْجَوَارِبِيُّ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نَا الْفَضْلُ بْنُ سَهْلٍ الْاَعْرَجُ قَالَ: نَا هَاشِمُ بْنُ عَبْدِ الْوَاحِدِ قَالَ: نَا يَزِيدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ سِيَاهٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَيُّمَا رَجُلٍ اَكْفَرَ رَجُلًا، فَاِنْ كَانَ كَافِرًا، وَاِلَّا فَقَدْ بَاءَ بِالْكُفْرِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو آدمی کسی دوسرے آدمی کو کافر کہتا ہے' اگر وہ کافر ہو تو ٹھیک ہے ورنہ وہ کہنے والا ہی اس کفر کا مستحق ٹھہرے گا۔

لَمْ يَرْوِ عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ سِيَاهٍ، عَنْ نَافِعٍ حَدِيثًا غَيْرَ هٰذَا، وَلَمْ يَرْوِهِ عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ اِلَّا ابْنُهُ، وَلَا عَنِ ابْنِهِ اِلَّا هَاشِمُ بْنُ عَبْدِ الْوَاحِدِ

عبدالعزیز بن سیاہ از نافع' یہ حدیث اس طریقے کے علاوہ روایت نہیں کرتے ہیں اور عبدالعزیز سے صرف ان کے بیٹے اور اُن کے بیٹے سے صرف ہاشم بن

2251- أخرجه البخارى فى الأدب جلد10 صفحه531 رقم الحديث: 6104' ومسلم فى الأيمان جلد1 صفحه79 .

عبدالواحد ہی روایت کرتے ہیں۔

2252 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْجَوَارِبِيُّ قَالَ: نَا اَبُو مَحْذُورَةَ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: نَا اَبُو دَاوُدَ قَالَ: نَا الْحَكَمُ بْنُ عَطِيَّةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسٍ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: دَخَلْتُ الْجَنَّةَ فَسَمِعْتُ حِسًّا اَمَامِي، فَقِيلَ: هَذَا بِلَالٌ، وَرَاَيْتُ اُمَّ سُلَيْمٍ بِنْتَ مِلْحَانَ فِي الْجَنَّةِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میں جنت میں داخل ہوا' تو میں نے اپنے آگے ہٹ سنی تو عرض کی گئی: یہ بلال ہیں' اور میں نے اُم سلیم بنت ملحان کو جنت میں دیکھا۔

2253 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى ثَعْلَبٌ النَّحْوِيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَّامٍ الْجُمَحِيُّ قَالَ: نَا زَائِدَةُ بْنُ اَبِي الرُّقَادِ، عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِاُمِّ عَطِيَّةَ: اِذَا خَفَضْتِ فَاَشِمِّي وَلَا تَنْهَكِي، فَاِنَّهُ اَسْرَى لِلْوَجْهِ، وَاَحْظَى عِنْدَ الزَّوْجِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے حضرت اُم عطیہ کو فرمایا: جب تُو عورتوں کا ختنہ کرے تو تھوڑا سا کاٹ اور اس کو تکلیف نہ ہو کیونکہ اس سے چہرہ ہشاش بشاش رہتا ہے اور جماع کے وقت لذت حاصل ہوتی ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَنَسٍ اِلَّا ثَابِتٌ، وَلَا عَنْ ثَابِتٍ اِلَّا زَائِدَةُ بْنُ اَبِي الرُّقَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ سَلَّامٍ الْجُمَحِيُّ

یہ حدیث حضرت انس سے صرف ثابت اور ثابت سے صرف زائدہ بن ابی الرقاد ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں محمد بن سلام جمحی اکیلے ہیں۔

☆☆☆☆☆

يُوسُفَ الْفِرْيَابِيُّ قَالَ: نا سُلَيْمَانُ بْنُ حَيَّانَ اَبُو خَالِدٍ الْاَحْمَرُ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ الْاَنْصَارِيِّ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، رَفَعَهُ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا عَمِلَ آدَمِيٌّ عَمَلًا اَنْجَى لَهُ مِنَ الْعَذَابِ مِنْ ذِكْرِ اللّٰهِ قِيلَ: وَلَا الْجِهَادُ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ؟ قَالَ: وَلَا الْجِهَادُ اِلَّا اَنْ تَضْرِبَ بِسَيْفِكَ حَتَّى يَنْقَطِعَ

روایت کرتے ہیں کہ کسی آدمی کا کوئی عمل اتنا عذاب سے نجات دلانے والا نہیں جتنا اللہ کا ذکر‘ عرض کی گئی: جہاد فی سبیل اللہ بھی نہیں؟ آپ نے فرمایا: جہاد فی سبیل اللہ بھی نہیں‘ فرمایا: جہاد بھی نہیں ایک صورت ہے کہ آدمی اپنی تلوار سے لڑے یہاں تک کہ شہید ہو جائے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَحْيَى اِلَّا اَبُو خَالِدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ الْفِرْيَابِيُّ

یہ حدیث یحییٰ سے صرف ابوخالد ہی روایت کرتے ہیں‘ اس کو روایت کرنے میں فریابی اکیلے ہیں۔

**2297** - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا فُدَيْكُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ: نَا مَسْلَمَةُ بْنُ عُلَيٍّ، عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ الْاَصَمِّ، عَنْ مَيْمُونَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَرَضِيَ عَنْهَا، قَالَتْ: دَخَلَ عَلَيْنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ جُلُوسٌ، فَقَالَ: اَوَّلُكُنَّ تَرِدُ عَلَيَّ الْحَوْضَ اَطْوَلُكُنَّ يَدًا فَجَعَلْنَا نَقْدِرُ اَذْرُعَنَا اَيَّتُنَا اَطْوَلُ يَدًا، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَيْسَ ذَاكَ اَعْنِي اِنَّمَا اَعْنِي اَصْنَعَكُنَّ يَدًا

حضرت میمونہ زوجہ نبی ﷺ فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ ہمارے پاس آئے‘ ہم بیٹھی ہوئی تھیں‘ آپ نے کہا: تم میں سے سب سے پہلے جو حوض پر آئے گی جس کے ہاتھ لمبے ہیں‘ ہم اپنے ہاتھ ناپنے لگیں کہ ہاتھ لمبا کس کا ہے؟ حضور ﷺ نے فرمایا: میری مراد یہ نہیں ہے‘ میری مراد اس سے یہ ہے کہ جو سخی ہاتھ والی ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ اِلَّا مَسْلَمَةُ، تَفَرَّدَ بِهِ فُدَيْكُ بْنُ سُلَيْمَانَ

یہ حدیث اوزاعی سے صرف مسلمہ ہی روایت کرتے ہیں‘ اس کو روایت کرنے میں فدیک بن سلیمان اکیلے ہیں۔

**2298** - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا فُدَيْكُ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ عِيسَى الْعُقَيْلِيُّ قَالَ: نا الْاَوْزَاعِيُّ، عَنِ

حضرت صالح بن بشیر بن فدیک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت فدیک‘ حضور ﷺ کے پاس

**2297**- انظر: مجمع الزوائد جلد**9**صفحه**251** .

**2298**- أخرجه الطبرانی فی الكبير جلد**18**صفحه**336** . وانظر: مجمع الزوائد جلد**5**صفحه**258** .

الزُّهْرِيِّ، عَنْ صَالِحِ بْنِ بَشِيرِ بْنِ فُدَيْكٍ قَالَ: خَرَجَ فُدَيْكٌ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنَّهُمْ يَزْعُمُونَ أَنَّهُ مَنْ لَمْ يُهَاجِرْ هَلَكَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا فُدَيْكُ، أَقِمِ الصَّلَاةَ، وآتِ الزَّكَاةَ، واهْجُرِ السُّوءَ، واسْكُنْ مِنْ أَرْضِ قَوْمِكَ حَيْثُ شِئْتَ

آئے' عرض کی: یارسول اللہ! آپ خیال کرتے ہیں کہ جنہوں نے ہجرت نہیں کی وہ ہلاک ہیں' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے فدیک! نماز قائم کرو' زکوٰۃ ادا کرو' بُرائی چھوڑ دو' اپنی قوم کی جس زمین (شہر) میں چاہیں آپ رہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ، إِلَّا فُدَيْكُ بْنُ سُلَيْمَانَ، وَقَدْ سَمِعَ فُدَيْكٌ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ

یہ حدیث اوزاعی سے صرف فدیک بن سلیمان ہی روایت کرتے ہیں' فدیک نے یہ حدیث اوزاعی سے سنی ہے۔

**2299** - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ الْفِرْيَابِيُّ قَالَ: نا سُفْيَانُ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنْ عُمَرَ قَالَ: أَصَبْتُ أَرْضًا بِخَيْبَرَ لَمْ أُصِبْ مَالًا أَنْفَسَ مِنْهَا، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنِّي أَصَبْتُ أَرْضًا بِخَيْبَرَ لَمْ أُصِبْ مَالًا أَحَبَّ إِلَيَّ مِنْهَا، وَإِنِّي أُرِيدُ أَنْ أَتَصَدَّقَ بِهَا، فَقَالَ احْبِسْ أَصْلَهَا، وَتَصَدَّقْ بِثَمَرَتِهَا

حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے خیبر کی زمین حصے میں ملی' مجھے اس زمین سے بڑھ کر کوئی پسند نہیں تھی' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھے جو خیبر کی زمین حصے میں ملی ہے وہ مجھے سب سے زیادہ پسند ہے' میں چاہتا ہوں کہ اس کو صدقہ کر دوں۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: خود زمین کو اپنے پاس رکھو اور اس کا پھل وغیرہ صدقہ کر دو۔

**2300** - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ الْفِرْيَابِيُّ قَالَ: نا أَبُو بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ عَطَاءٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک آدمی کو پڑھتے ہوئے سنا: لبیک عن شبرمہ! آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: شبرمہ کون ہے؟ اس نے

---

**2299**- أخرجه البخاري: الشروط جلد 5 صفحه 418 رقم الحديث: 2737' ومسلم: الوصية جلد 3 صفحه 1256' وأبو داؤد: الوصايا جلد 3 صفحه 116 رقم الحديث: 2878' والترمذي' الأحكام جلد 3 صفحه 650 رقم الحديث: 1375' والنسائي: الأحباس جلد 6 صفحه 191 (باب كيف يكتب الحبس؟)' وأحمد: المسند جلد 2 صفحه 18 رقم الحديث: 4607 .

**2300**- أخرجه أبو داؤد: المناسك جلد 2 صفحه 167 رقم الحديث: 1811' وابن ماجه: المناسك جلد 2 صفحه 969 رقم الحديث: 2903' والطبراني في الكبير جلد 12 صفحه 42 رقم الحديث: 12419 .

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَمِعَ رَجُلًا يَقُولُ: لَبَّيْكَ عَنْ شُبْرُمَةَ قَالَ: وَمَنْ شُبْرُمَةُ؟ قَالَ: رَجُلٌ اَمَرَنِي اَنْ اَحُجَّ عَنْهُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: حُجَّ عَنْ نَفْسِكِ، ثُمَّ حُجَّ عَنْ شُبْرُمَةَ

عرض کی: ایک آدمی نے مجھے اپنی طرف سے حج کرنے کے لیے کہا تھا' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: پہلے اپنا حج ادا کر' پھر شبرمہ کی طرف سے کر۔

**2301** - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا عَبْدُ الْغَفَّارِ بْنُ الْحَسَنِ قَالَ: نا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ خَيْثَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اللّٰهَ لَا يَقْبِضُ الْعِلْمَ انْتِزَاعًا يَنْتَزِعُهُ مِنَ النَّاسِ، وَلٰكِنْ يَقْبِضُ الْعِلْمَ بِقَبْضِ الْعُلَمَاءِ، حَتّٰى اِذَا لَمْ يُبْقِ عَالِمًا اتَّخَذَ النَّاسُ رُئُوسًا جُهَّالًا، فَسُئِلُوا، فَاَفْتَوْا بِغَيْرِ عِلْمٍ، فَضَلُّوا وَاَضَلُّوا

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: علم لوگوں سے چھینا نہیں جائے گا بلکہ علم اُٹھالیا جائے گا' علماء کے اس دنیا سے جانے کے ساتھ' یہاں تک کہ کوئی عالم باقی نہیں رہے گا' لوگ جاہلوں کو سردار بنائیں گے' وہ ان سے سوال پوچھیں گے وہ بغیر علم کے فتویٰ دیں گے' وہ فتویٰ دینے والے خود بھی گمراہ ہوں گے اور لوگوں کو بھی گمراہ کریں گے۔

**2302** - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ بَرَّةَ الصَّنْعَانِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الرَّزَّاقِ قَالَ: اَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي سُلَيْمَانَ، عَنِ ابْنِ مَسْعَدَةَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى الظُّهْرَ اَوِ الْعَصْرَ، فَسَلَّمَ فِي رَكْعَتَيْنِ، فَقَالَ ذُو الْيَدَيْنِ: اَقَصُرَتِ الصَّلَاةُ اَمْ نَسِيتَ؟ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا يَقُولُ ذُو الْيَدَيْنِ؟ قَالُوا: صَدَقَ، فَاَتَمَّ بِهِمُ الرَّكْعَتَيْنِ، ثُمَّ سَجَدَ سَجْدَتَيِ السَّهْوِ وَهُوَ جَالِسٌ بَعْدَمَا سَلَّمَ ابْنُ مَسْعَدَةَ اسْمُهُ عَبْدُ اللّٰهِ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت ابن مسعدہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ظہر یا عصر کی نماز پڑھائی' آپ نے دو رکعتوں کے بعد سلام پھیر دیا۔ ذوالیدین نے عرض کی: کیا نماز میں کمی کا حکم نازل ہوا یا آپ بھول گئے ہیں؟ حضور سرورِ کونین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ذوالیدین نے کیا کہا ہے؟ صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! ذوالیدین نے سچ کہا ہے۔ اس کے بعد آپ نے دو رکعت مکمل فرمائیں' پھر دو سجدے سہو کے کیے بیٹھنے کی حالت میں سلام کے بعد۔ ابن مسعدہ کا نام عبداللہ ہے' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اصحاب میں سے ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ اِلَّا عَبْدُ

یہ حدیث ابن جریج سے صرف عبدالرزاق ہی

**2301** - أخرجه البخاري: العلم جلد 1 صفحه 234 رقم الحديث: 100' ومسلم: العلم جلد 4 صفحه 2058' والترمذي: العلم جلد 5 صفحه 31 رقم الحديث: 2652' وابن ماجة: المقدمة جلد 1 صفحه 20 رقم الحديث: 52' والدارمي: المقدمة جلد 1 صفحه 89 رقم الحديث: 239' وأحمد: المسند جلد 2 صفحه 220 رقم الحديث: 6518 .

الرَّزَّاقِ، تَفَرَّدَ بِهِ إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ بَرَّةَ

روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ابراہیم بن محمد بن برہ اکیلے ہیں۔

**2303** - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا عَبْدُ الرَّزَّاقِ قَالَ: نا الثَّوْرِيُّ، عَنِ ابْنِ أَبِي نَجِيحٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ أَبِي مَعْمَرٍ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ سَخْبَرَةَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ مَكَّةَ يَوْمَ الْفَتْحِ وَحَوْلَ الْكَعْبَةِ ثَلَاثُمِائَةٍ وَسِتُّونَ صَنَمًا، فَجَعَلَ يَطْعَنُهَا فَتَسَّاقَطُ عَلَى وَجْهِهَا، وَهُوَ يَقُولُ: (جَاءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ، إِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوقًا) (الاسراء: 81)

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ مکہ شریف داخل ہوئے' فتح مکہ کے دن تو کعبہ شریف کے اردگرد تین سو ساٹھ بت تھے' آپ اپنے نیزہ کے ساتھ گراتے جاتے اور وہ منہ کے بل گر رہے تھے' آپ پڑھ رہے تھے: حق آ گیا باطل چلا گیا' بے شک باطل ختم ہی ہونے والا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الثَّوْرِيِّ إِلَّا عَبْدُ الرَّزَّاقِ

یہ حدیث امام ثوری سے صرف امام عبدالرزاق ہی روایت کرتے ہیں۔

**2304** - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا عَبْدُ الرَّزَّاقِ قَالَ: أَنَا الثَّوْرِيُّ، عَنْ سُلَيْمَانَ الشَّيْبَانِيِّ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي سَفَرٍ، فَمَرَّ بِقَرْيَةِ نَمْلٍ قَدْ أُحْرِقَتْ، فَقَالَ: إِنَّهُ لَا يَنْبَغِي لِأَحَدٍ أَنْ يُعَذِّبَ بِعَذَابِ اللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ

حضرت عبدالرحمٰن بن مسعود رضی اللہ عنہما اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے ساتھ ایک سفر میں تھے' آپ چیونٹیوں کی بستی کے پاس سے گزرے اس کو جلا دیا گیا تھا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: کسی کے لیے مناسب نہیں ہے کہ وہ کسی کو عذاب دے' اللہ عزوجل جیسا عذاب۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الثَّوْرِيِّ إِلَّا عَبْدُ الرَّزَّاقِ

یہ حدیث امام ثوری سے صرف امام عبدالرزاق ہی روایت کرتے ہیں۔

---

2303- أخرجه البخاري: المظالم جلد 5 صفحه 145 رقم الحديث: 2478' ومسلم: الجهاد جلد 3 صفحه 1408' والترمذي: التفسير جلد 5 صفحه 303 رقم الحديث: 3138' وأحمد: المسند جلد 1 صفحه 491 رقم الحديث: 3583 .

2304- أخرجه الطبراني في الكبير جلد 10 صفحه 176 رقم الحديث: 10373-10374 . أخرجه أبو داؤد: الجهاد جلد 3 صفحه 55 رقم الحديث: 2675 .

**2305** - اخبرنا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: اَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ قَالَ: اَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ اَيُّوبَ، عَنْ اَبِی قِلَابَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عَامِرٍ، اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الذَّهَبُ بِالْوَرِقِ رِبًا اِلَّا هَاءَ وَهَاءَ

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَيُّوبَ اِلَّا مَعْمَرٌ

حضرت ہشام بن عروہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: سونا چاندی کے بدلے فروخت کرنا سود ہے مگر برابر برابر جائز ہے۔

یہ حدیث ایوب سے صرف معمر ہی روایت کرتے ہیں۔

**2306** - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: اَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ قَالَ: اَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، عَنْ عِيسَى بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اُنَيْسٍ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَامَ اِلَى قِرْبَةٍ لَهُمْ، فَخَنَثَهَا، وَشَرِبَ وَهُوَ قَائِمٌ

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اُنَيْسٍ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ عَبْدُ الرَّزَّاقِ

حضرت عیسیٰ بن عبداللہ رضی اللہ عنہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضورﷺ ایک مشکیزہ کی طرف کھڑے ہوئے' آپ نے اس کا منہ کھولا' اس سے کھڑے ہونے کی حالت میں پانی نوش کیا۔

یہ حدیث حضرت عبداللہ بن اُنیس سے صرف اسی سند کے ساتھ مروی ہے۔ اس حدیث کے ساتھ عبدالرزاق اکیلے ہیں۔

**2307** - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيمِ بْنِ شَرُوسٍ الصَّنْعَانِیُّ قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ بَحِيرٍ الْقَاصَّ، يَذْكُرُ، عَنْ وَهْبِ بْنِ مُنَبِّهٍ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيرٍ الْاَنْصَارِیِّ، اَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُحَدِّثُ عَنِ الرَّقِيمِ: اِنَّ ثَلَاثَةَ نَفَرٍ دَخَلُوا فِی كَهْفٍ، فَوَقَعَ قِطْعَةٌ مِنَ الْجَبَلِ عَلَى بَابِ الْكَهْفِ، فَاُوصِدَ عَلَيْهِمْ، فَقَالَ

حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے' انہوں نے حضورﷺ سے سنا تین آدمیوں کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا: تین آدمی غار میں داخل ہوئے' پہاڑ سے پتھر کا ایک ٹکڑا غار کے دروازے پر گرا (غار کا منہ بند ہو گیا) اُن میں سے ایک نے کہا: اے لوگو! تم میں سے ہر کوئی اپنے نیک عمل کا وسیلہ پیش کرے' ہوسکتا ہے تم پر رحم کیا جائے گا' ان میں سے ایک نے کہا: مجھے معلوم ہے

---

2305- أخرجه أحمد: المسند جلد 4 صفحه 25 رقم الحديث: 16358 . انظر: مجمع الزوائد جلد 4 صفحه 117-118 .

2306- أخرجه أحمد: المسند جلد 6 صفحه 180 رقم الحديث: 25333 .

2307- انظر: مجمع الزوائد جلد 8 صفحه 145 .

قَائِلٌ مِنْهُمْ: يَا قَوْمُ، تَذَكَّرُوا أَيُّكُمْ عَمِلَ حَسَنَةً لَعَلَّ اللّٰهَ بِرَحْمَتِهِ يَرْحَمُنَا، فَقَالَ أَحَدُهُمْ: قَدْ عَمِلْتُ حَسَنَةً مَرَّةً كَانَ لِي عُمَّالٌ اسْتَأْجَرْتُهُمْ فِي عَمَلٍ لِي، كُلُّ رجل مِنْهُمْ بِأَجْرٍ مَعْلُومٍ، فَجَائَنِي رَجُلٌ ذَاتَ يَوْمٍ وَسَطَ النَّهَارِ، فَاسْتَأْجَرْتُهُ مَا بَقِيَ مِنَ النَّهَارِ بِشَرْطِ أَصْحَابِهِ، فَعَمِلَ فِي بَقِيَّةِ نَهَارِهِ كَمَا عَمِلَ رَجُلٌ مِنْهُمْ فِي نَهَارِهِ كُلِّهِ، فَرَأَيْتُ فِي الذِّمَامِ أَنْ لَا أَنْقُصَهُ شَيْئًا مِمَّا اسْتَأْجَرْتُ بِهِ أَصْحَابَهُ، لِمَا جَهَدَ فِي عَمَلِهِ، فَقَالَ لِي رَجُلٌ مِنْهُمْ: أَتُعْطِي هَذَا مِثْلَ مَا أَعْطَيْتَنِي وَلَمْ يَعْمَلْ إِلَّا نِصْفَ نَهَارٍ؟ قُلْتُ: يَا عَبْدَ اللّٰهِ لَمْ أَبْخَسْكَ شَيْئًا مِنْ شَرْطِكَ، وَإِنَّمَا هُوَ مَالِي أَحْكُمُ فِيهِ مَا شِئْتُ، فَغَضِبَ عِنْدَ ذَلِكَ، وَتَرَكَ إِجَارَتَهُ، وَوَضَعْتُ حَقَّهُ فِي جَانِبٍ مِنَ الْبَيْتِ مَا شَاءَ اللّٰهُ، ثُمَّ مَرَّتْ بِي بَعْدَ ذَلِكَ بَقَرٌ، فَاشْتَرَيْتُ بِهِ فَصِيلًا مِنَ الْبَقَرِ، فَأَمْسَكْتُهُ حَتَّى كَبِرَ، ثُمَّ بِعْتُهُ، ثُمَّ صَرَفْتُ ثَمَنَهُ فِي بَقَرَةٍ، فَحَمَلَتْ، ثُمَّ تَوَالَدَتْ لَهَا حَتَّى بَلَغَ مَا شَاءَ اللّٰهُ، ثُمَّ مَرَّ بِي بَعْدَ حِينٍ شَيْخٌ ضَعِيفٌ لَا أَعْرِفُهُ، فَقَالَ لِي: إِنَّ لِي عِنْدَكَ حَقًّا، فَذَكَرَهُ حَتَّى عَرَفْتُهُ، فَقُلْتُ: نَعَمْ، إِيَّاكَ أَبْغِي، فَعَرَضْتُهَا عَلَيْهِ جَمِيعًا، فَقُلْتُ: هَذَا حَقُّكَ، فَقَالَ: يَا عَبْدَ اللّٰهِ لَا تَسْتَهْزِءْ مِنِّي، إِنْ لَمْ تَتَصَدَّقْ عَلَيَّ فَأَعْطِنِي حَقِّي، فَقُلْتُ: وَاللّٰهِ مَا أَسْخَرُ مِنْكَ، إِنَّهَا لَحَقُّكَ، مَا لِي مِنْهَا شَيْءٌ، فَدَفَعْتُهَا إِلَيْهِ، اللّٰهُمَّ إِنْ كُنْتُ فَعَلْتُ ذَلِكَ لِوَجْهِكَ، فَافْرُجْ عَنَّا، فَانْصَدَعَ

میں نے ایک نیک عمل کیا تھا' میرے پاس کچھ مزدور تھے' میں نے اُن کو مزدوری پر لگایا ہوا تھا مقررہ مزدوری پر۔ ایک آدمی ایک دن دوپہر کے وقت آیا اس کا آدھا دن مزدوری کا رہ گیا تھا' اس نے مزدوری کی اپنے بقیہ ساتھیوں کی مزدوری پر' اس نے آدھا دن کام کیا۔ پس میں نے اپنے ذمہ میں یہ سمجھا کہ میں اُس کے ساتھیوں کو جو اُجرت دے رہا ہوں۔ اس کی اُجرت اس سے کم نہ کروں کیونکہ اس نے اپنا کام کرنے میں محنت کی ہے۔ پس اُن میں سے ایک آدمی نے مجھ سے کہا: کیا تُو اس کو میرے برابر اُجرت دے رہا ہے حالانکہ اس نے آدھا دن کام کیا ہے؟ میں نے کہا: اے اللہ کے بندے! میں نے تجھ سے جو اُجرت مقرر کی تھی' اس میں کمی تو نہیں کی ہے۔ اور یہ میرا حق ہے کہ اس کے بارے میں جو چاہوں میں فیصلہ کروں۔ پس وہ اُس وقت غصے ہو گیا اور اپنی اُجرت چھوڑ کر چلا گیا۔ پس میں نے اُس کا حق' گھر کے ایک کونے میں رکھ دیا جب تک اللہ نے چاہا' پھر ایک دن میرے پاس سے گائیں گزریں۔ اس کے ساتھ میں نے اُن میں سے ایک بچہ خرید لیا۔ پس اسے اپنے پاس رکھا یہاں تک کہ وہ بڑا ہو گیا پھر میں نے اسے بیچ دیا۔ پھر میں نے اس کی رقم ایک گائے میں لگائی پس وہ حاملہ ہوگئی پھر اُس نے بچہ جن دیا یہاں تک کہ وہ وہاں تک پہنچ گیا جہاں تک اللہ نے چاہا پھر ایک دن ایک بوڑھا آدمی میرے پاس سے گزرا' میں اُسے نہ پہچان سکا' سو اُس نے آ کر مجھ سے کہا: تیرے پاس میرا حق تھا۔ پس اُس نے

الْجَبَلُ، حَتّٰی رَاَوْا وَبَصَرُوا، وَقَالَ الْآخَرُ: فَعَلْتُ حَسَنَةً مَرَّةً كَانَ عِنْدِی فَضْلٌ، وَاَصَابَتِ النَّاسَ شِدَّةٌ، فَجَائَتْنِی امْرَاَةٌ تَطْلُبُ مِنِّی مَعْرُوفًا، فَقُلْتُ لَهَا: لَا وَاللّٰهِ مَا هُوَ دُونَ نَفْسِكِ، فَاَبَتْ عَلَیَّ، ثُمَّ رَجَعَتْ فَذَكَّرَتْنِی بِاللّٰهِ، فَاَبَیْتُ عَلَیْهَا، فَقُلْتُ: لَا وَاللّٰهِ مَا هُوَ دُونَ نَفْسِكِ، فَاَبَتْ عَلَیَّ، فَذَكَرَتْ ذٰلِكَ لِزَوْجِهَا، فَقَالَ لَهَا: اَعْطِیهِ نَفْسَكِ وَاَغْنِی عِیَالَكِ، فَجَائَتْنِی، فَنَاشَدَتْنِی اللّٰهَ، فَقُلْتُ لَهَا: لَا وَاللّٰهِ مَا هُوَ دُونَ نَفْسِكِ، فَلَمَّا رَاَتْ ذٰلِكَ اَسْلَمَتْ اِلَیَّ نَفْسَهَا، فَلَمَّا كَشَفْتُهَا وَهَمَمْتُ بِهَا ارْتَعَدَتْ مِنْ تَحْتِی، فَقُلْتُ: مَا لَكِ؟ قَالَتْ: اَخَافُ اللّٰهَ رَبَّ الْعَالَمِینَ، فَقُلْتُ لَهَا: خِفْتِ اللّٰهَ فِی الشِّدَّةِ، وَلَمْ اَخَفْهُ فِی الرَّخَاءِ فَتَرَكْتُهَا، وَاَعْطَیْتُهَا مَا یَحِقُّ عَلَیَّ بِمَا كَشَفْتُهَا، اللّٰهُمَّ اِنْ كُنْتُ فَعَلْتُ ذٰلِكَ لِوَجْهِكَ فَافْرُجْ عَنَّا، فَانْصَدَعَ الْجَبَلُ حَتّٰی عَرَفُوا وَتَبَیَّنَ لَهُمْ، وَقَالَ الْآخَرُ: قَدْ عَمِلْتُ حَسَنَةً مَرَّةً كَانَ لِی اَبَوَانِ شَیْخَانِ كَبِیرَانِ، وَكَانَتْ لِی غَنَمٌ، فَاُطْعِمُ اَبَوَیَّ وَاَسْقِیهِمَا، ثُمَّ اَرْجِعُ اِلَی غَنَمِی، فَلَمَّا كَانَ ذَاتَ یَوْمٍ اَصَابَنِی غَیْثٌ، فَحَبَسَنِی فَلَمْ اَرُحْ حَتّٰی اَمْسَیْتُ، فَاَتَیْتُ اَهْلِی، فَاَخَذْتُ مِحْلَبِی، فَحَلَبْتُ، وَتَرَكْتُ غَنَمِی قَائِمَةً، فَمَضَیْتُ اِلَی اَبَوَیَّ لِاَسْقِیَهُمَا، فَوَجَدْتُهُمَا قَدْ نَامَا، فَشَقَّ عَلَیَّ اَنْ اُوقِظَهُمَا، وَشَقَّ عَلَیَّ اَنْ اَتْرُكَ غَنَمِی، فَمَا بَرِحْتُ جَالِسًا وَمِحْلَبِی عَلَی یَدَیَّ حَتّٰی اَیْقَظَهُمَا الصُّبْحُ، اللّٰهُمَّ اِنْ كُنْتَ

تفصیل ذکر کی یہاں تک کہ میں نے اُسے پہچان لیا۔ میں نے کہا: ٹھیک ہے! میں تجھے دیتا ہوں پس میں نے وہ سب اُس کے سامنے پیش کر دیا اور کہا: یہ سب تیرا حق ہے۔ اس نے کہا: اے اللہ کے بندے! تُو مجھ سے مذاق کرتا ہے اگر تُو مجھ پر صدقہ نہیں کر رہا ہے تو مجھے بس میرا حق دے دے! (تیری بڑی مہربانی) میں نے کہا: قسم بخدا! میں تجھ سے مذاق نہیں کر رہا ہوں۔ یہ تیرا ہی حق ہے اس میں سے میری کوئی شی نہیں۔ پس وہ سب کچھ میں نے اس کے حوالے کر دیا۔ اے اللہ! اگر یہ سب کام میں نے تیری رضا کے لئے کیا تھا تو ہم پر کشادگی فرما۔ پتھر تھوڑا سا سرک گیا یہاں تک کہ انہیں کچھ نظر آنے لگا۔ دوسرے نے کہا: میں نے بھی ایک ایسی نیکی کی تھی جس کا میرے نزدیک بڑا مقام ہے اور لوگوں پر وہ بات بڑی گراں گزری۔ پس ایک عورت میرے پاس آئی۔ مجھ سے نیکی کا سوال کیا۔ میں نے اُس سے کہا: نہیں! قسم بخدا! وہ تیری جان کے بدلے ہوگا۔ اس نے انکار کیا۔ پھر کچھ عرصہ بعد وہ واپس آئی تو اُس نے مجھے اللہ کی یاد دلائی پس میں نے اس سے انکار کر دیا۔ میں نے کہا: قسم ہے وہ تیرے نفس کے بدلے ہوگا۔ اس نے انکار کر دیا۔ پس اُس نے جا کر اپنے خاوند سے تذکرہ کیا۔ اس کے خاوند نے اُس سے کہا: اپنا نفس پیش کر دے اور اپنے بچوں کو مالدار بنا لے۔ وہ میرے پاس آئی اور اس نے مجھے اللہ کا نام دیا تو میں نے اس سے کہا: جان لگے گی۔ پس جب اس نے یہ دیکھا تو اپنا آپ میرے حوالے کر

تَعْلَمُ اَنِّی فَعَلْتُ ذٰلِكَ لِوَجْهِكَ فَافْرُجْ عَنَّا قَالَ النُّعْمَانُ: لَكَاَنِّی اَسْمَعُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: فَقَالَ الْجَبَلُ: طَاقْ، فَفَرَّجَ اللّٰهُ عَنْهُمْ، فَخَرَجُوا

دیا۔ جب میں نے اُسے بے پردہ کیا اور مطلب برآری کا ارادہ کیا' میرے نیچے سے وہ کانپنے لگی۔ میں نے کہا: تجھے کیا ہے؟ اس نے کہا: میں اللہ رب العالمین سے ڈر رہی ہوں۔ میں نے اس سے کہا: تُو اس سختی اور تنگی کی حالت میں بھی اللہ سے ڈرتی ہے اور میں خوشحالی میں بھی اپنے رب سے نہیں ڈر رہا ہوں۔ پس میں نے اُسے چھوڑ دیا اور اسے بے پردہ کرنے کے بدلے' اس کا جو حق تھا اسے دے دیا۔ اے اللہ! اگر میں نے یہ کام تیری رضا کے لیے کیا تو یہ چٹان ہم سے دُور فرما دے۔ چٹان کچھ اور سرک گئی یہاں تک کہ وہ ایک دوسرے کو پہچاننے لگے۔ اور ان کے لیے بہت کچھ واضح ہو گیا۔ تیسرے نے کہا: مجھے بھی اپنی ایک ایسی نیکی یاد ہے' میرے والدین بہت بوڑھے تھے۔ میرے پاس بکریوں کا ریوڑ تھا میں اپنے والدین کو کھلاتا تھا اور دودھ پلاتا تھا۔ پھر میں اپنی بکریوں کی طرف آتا تھا۔ پس ایک دن جب بادل آیا' اُس نے مجھے روک لیا' میں شام تک نہ جا سکا' پس میں اپنے گھر والوں کے پاس آیا' ڈول اُٹھایا' دودھ نکال کر بکریوں کو وہیں کھڑا چھوڑا اور اپنے والدین کو دودھ پلانے کے لیے چل پڑا۔ پس میں نے انہیں سویا ہوا پایا۔ پس یہ بات مجھ پر بہت گراں گزری کہ ان کو بیدار کروں اور یہ بات بھی اپنے مقام پر مشکل تھی کہ میں اپنی بکریوں کو چھوڑ دوں۔ پس میں انتظار میں بیٹھا رہا' دودھ کا برتن میرے ہاتھ پر تھا یہاں تک کہ اُن کو صبح نے بیدار کیا۔ اے اللہ! اگر میرا یہ عمل تیری رضا کے لیے تھا تو چٹان کو ہٹا دے۔ حضرت

نعمان فرماتے ہیں: گویا اس وقت میں رسول کریم ﷺ کو فرماتے ہوئے سن رہا ہوں۔ آپ نے فرمایا: جبل' طاق۔ پس اللہ تعالیٰ نے اُن سے اس مصیبت کو دُور کر دیا اور وہ غار سے نکل گئے۔

**2308** - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيمِ بْنِ شَرُوسٍ قَالَ: نَا رَبَاحُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ اَبِي عَاصِمٍ، عَنْ وَهْبِ بْنِ مُنَبِّهٍ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيرٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ نے نبی کریم ﷺ سے اسی کی مثل حدیث روایت کی ہے۔

**2309** - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ: قَالَ نا مُحَمَّدٌ قَالَ: نا رَبَاحُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ حَبِيبٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُثْمَانَ بْنِ خُثَيْمٍ قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى اَبِي الطُّفَيْلِ عَامِرِ بْنِ وَاثِلَةَ، فَوَجَدْتُهُ طَيِّبَ النَّفْسِ، فَقُلْتُ: يَا اَبَا الطُّفَيْلِ، اَخْبِرْنِي مَنِ النَّفَرُ الَّذِينَ لَعَنَهُمْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ فَهَمَّ اَنْ يُخْبِرَنِي، فَقَالَتِ امْرَاَتُهُ سَوْدَةُ: مَهْ يَا اَبَا الطُّفَيْلِ، اَمَا بَلَغَكَ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اللّٰهُمَّ اِنَّمَا اَنَا بَشَرٌ، فَاَيُّمَا عَبْدٍ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ دَعَوْتُ عَلَيْهِ بِدَعْوَةٍ فَاجْعَلْهَا لَهُ زَكَاةً وَرَحْمَةً

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ سَوْدَةَ امْرَاَةِ اَبِي الطُّفَيْلِ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ عُمَرُ بْنُ حَبِيبٍ الْمَكِّيُّ

حضرت عبداللہ بن عثمان بن خثیم رضی اللہ عنہ سے روایت ہے' فرماتے ہیں کہ میں ابوطفیل عامر بن واثلہ کے پاس داخل ہوا' میں نے ان کو بڑا خوش حال پایا' میں نے عرض کی: اے ابوطفیل! مجھے بتائیں اُن لوگوں کے متعلق جن پر رسول اللہ ﷺ نے لعنت فرمائی' ابوطفیل نے بتانے کا ارادہ کیا' اُن کی بیوی سودہ نے کہا: اے ابوطفیل! چھوڑیں' کیا آپ کو خبر نہیں پہنچی کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میں انسان ہوں' مؤمنین میں سے کوئی بندہ میں نے جن کے خلاف بددعا کی ہے' وہ ان کے گناہوں کی پاکی اور رحمت بنا دے۔

یہ حدیث سودہ امرءۃ ابوطفیل سے صرف اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں عمر بن حبیب المکی اکیلے ہیں۔

**2310** - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا مُحَمَّدٌ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ

---

2309- اخرجه الامام أحمد فی مسنده جلد5صفحه454 . انظر: مجمع الزوائد جلد8صفحه270 .

2310- انظر: مجمع الزوائد جلد5صفحه325 .

قَالَ: نا رَبَاحُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ اَبِي ثَابِتٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: اِنِّي اُرِيدُ اَنْ اُجَاهِدَ، فَقَالَ: اَحَيٌّ اَبَوَاكَ؟ قَالَ: نَعَمْ قَالَ: فَفِيهِمَا فَجَاهِدْ

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ حَبِيبٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اِلَّا مَعْمَرٌ، تَفَرَّدَ بِهِ رَبَاحٌ وَرَوَاهُ مِسْعَرٌ وَسُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ وَغَيْرُهُمْ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ اَبِي ثَابِتٍ، عَنْ اَبِي الْعَبَّاسِ الشَّاعِرِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

ایک آدمی حضور ﷺ کے پاس آیا' عرض کی: میں جہاد کرنا چاہتا ہوں' آپ نے فرمایا: کیا تیرے ماں باپ زندہ ہیں؟ اس نے عرض کی: جی ہاں! آپ نے فرمایا: تو اُن دونوں کی خدمت کر یعنی تیرے لیے جہاد ہے۔

یہ حدیث حبیب سے روایت ہے' انہوں نے ابن عمر سے روایت کی ہے اور حبیب سے صرف معمر ہی روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں رباح اکیلے ہیں اور اس کو مسعر' سفیان ثوری وغیرہ نے روایت کیا ہے۔ حبیب بن ثابت سے' انہوں نے ابوالعباس شاعر سے' انہوں نے عبداللہ ابن عمرو سے' وہ حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں۔

**2311** - وَبِهِ عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ رِبْعِيِّ بْنِ حِرَاشٍ، عَنْ اَبِي مَسْعُودٍ الْاَنْصَارِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ مِمَّا اَدْرَكَ النَّاسُ مِنْ كَلَامِ النُّبُوَّةِ الْاُولَى: اِذَا لَمْ تَسْتَحِ فَاصْنَعْ مَا شِئْتَ

حضرت ابومسعود انصاری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: لوگوں نے کلامِ نبوت میں سے سب سے پہلے جو چیز پائی وہ یہ تھی کہ جب حیاء نہ ہو تو جو چاہو کرو۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ مَنْصُورٍ اِلَّا رَبَاحٌ وَرَوَاهُ عَبْدُ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي الضُّحَى، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ اَبِي مَسْعُودٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

یہ حدیث معمر منصور سے اور منصور سے صرف رباح ہی سے روایت کرتے ہیں' عبدالرزاق' معمر سے' وہ اعمش سے' وہ ابوالضحیٰ سے' وہ مسروق سے' وہ ابومسعود سے' وہ حضور ﷺ سے۔

**2312** - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا مُحَمَّدٌ قَالَ: نا رَبَاحُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ اَبِي الْجَرَّاحِ، عَنِ النُّعْمَانِ

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے مجھے منع کیا حالت جنابت میں قرآن پڑھنے

---

2311- أخرجه البخاری: الأدب جلد10صفحه539-540 رقم الحديث: 6120' وأبو داؤد: الأدب جلد4صفحه253 رقم الحديث: 4797' وابن ماجة: الزهد جلد 2صفحه1400 رقم الحديث: 4183' وأحمد: المسند جلد 4 صفحه149 رقم الحديث: 17094 .

بْنِ رَاشِدٍ، عَنْ اَبِی اِسْحَاقَ، عَنِ الْحَارِثِ، عَنْ عَلِیٍّ قَالَ: نَهَانِی رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْقِرَائَةِ وَاَنَا جُنُبٌ، وَنَهَانِی، وَلَا اَقُولُ نَهَاكُمْ، عَنْ لِبَاسِ الْمُعَصْفَرِ، وَعَنْ مِیثَرَةِ الْاُرْجُوَانِ، وَعَنِ التَّخَتُّمِ بِالذَّهَبِ، وَعَنْ لِبَاسِ الْقِسِّیِّ

سے اور صرف مجھے ہی منع کیا' میں نہیں کہتا کہ آپ نے تم کو منع کیا' زرد رنگ کے کپڑوں سے اور سونے کی انگوٹھی پہننے سے اور مقامِ قسی کا بنا ہوا لباس پہننے سے۔

**2313** - وَبِهِ: عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ رَاشِدٍ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: لَا یَقُولَنَّ اَحَدُكُمْ: خَبُثَتْ نَفْسِی، وَلٰكِنْ لِیَقُلْ: لَقِسَتْ نَفْسِی

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تم میں سے کوئی بھی ہرگز یہ نہ کہے کہ میرا نفس خبیث ہے' اگر کہنا ہے تو یہ کہے: میرا دل سخت ہو گیا ہے۔

لَمْ یَرْوِ هٰذَیْنِ الْحَدِیثَیْنِ عَنِ النُّعْمَانِ اِلَّا اَبُو الْجَرَّاحِ، تَفَرَّدَ بِهِمَا رَبَاحٌ

یہ دونوں حدیثیں نعمان سے صرف ابوالجراح ہی روایت کرتے ہیں' ان دونوں سے روایت کرنے میں رباح اکیلے ہیں۔

**2314** - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِیمُ قَالَ: نا مُحَمَّدٌ، قَالَ نا رَبَاحُ بْنُ زَیْدٍ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِیِّ قَالَ: اَخْبَرَنِی عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَیْرِ، اَنَّ زَیْنَبَ بِنْتَ اَبِی سَلَمَةَ اَخْبَرَتْهُ، عَنْ اُمِّهَا اُمِّ سَلَمَةَ، زَوْجِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ: سَمِعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ خَصْمًا عِنْدَ بَابِهِ، فَخَرَجَ اِلَیْهِمْ، فَقَالَ: اِنَّمَا اَنَا بَشَرٌ، وَیَاْتِینِی الْخَصْمُ، فَلَعَلَّ بَعْضَهُمْ اَنْ یَكُونَ اَلْحَنَ بِحُجَّتِهِ مِنْ بَعْضٍ، فَاَقْضِی لَهُ وَاَحْسَبُ اَنَّهُ

حضرت اُم سلمہ زوجہ نبی ﷺ فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے سنا اپنے دروازے کے پاس دو آدمیوں کو جھگڑتے ہوئے' آپ اُن کے پاس نکلے' آپ نے فرمایا: میں ظاہر میں انسان ہوں میرے پاس جھگڑے آتے ہیں' ہوسکتا ہے کوئی زبان میں بڑا تیز ہو دوسرے سے' میں اس کے مطابق فیصلہ کر دوں' میں خیال کروں کہ وہ سچ ہے' جس کے لیے ایسا فیصلہ کر دیا گیا تو اس کے لیے جہنم کا ٹکڑا کاٹ دیا ہے وہ چاہے تو لے لے یا اس کو چھوڑ دے۔

---

**2313**- أخرجه البخاری: الأدب جلد 10صفحه579 رقم الحدیث: 6179' ومسلم الألفاظ جلد 4صفحه1765' وأبو داؤد: الأدب جلد 4صفحه297 رقم الحدیث: 4979' وأحمد: المسند جلد6صفحه58 رقم الحدیث: 24298 .

**2314**- أخرجه البخاری: المظالم جلد5صفحه128 رقم الحدیث: 2458' ومسلم: الأقضیة جلد 3صفحه1337' وأبو داؤد: الأقضیة جلد3صفحه300 رقم الحدیث: 3583 .

صَادِقٌ، فَمَنْ قَضَيْتُ لَهُ حَقَّ مُسْلِمٍ فَإِنَّمَا هِيَ قِطْعَةٌ مِنَ النَّارِ، فَلْيَأْخُذْهَا اَوْ لِيَدَعْهَا

**2315** - وَبِهِ عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَبِي الْعَالِيَةِ الرِّيَاحِيِّ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَنْبَغِي لِاَحَدٍ اَنْ يَقُولَ: اَنَا خَيْرٌ مِنْ يُونُسَ بْنِ مَتَّى فَنَسَبَهُ اِلَى اَبِيهِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما' حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں' آپ نے فرمایا: تم میں ہرگز کوئی نہ کہے: میں حضرت یونس بن متّیٰ علیہ السلام سے بہتر ہوں۔ پس آپ نے اُن کی نسبت اُن کے باپ کی طرف کی۔

**2316** - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا هِشَامُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ اَبُو الْوَلِيدِ الْمَخْزُومِيُّ، اِمَامُ مَسْجِدِ صَنْعَاءَ قَالَ: اَنَا مُوسَى بْنُ جَعْفَرِ بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، مَوْلَى الْاَنْصَارِ، عَنْ عَمِّهِ، عَنْ اَبِي بَكْرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: دَخَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَارِيَةَ الْقِبْطِيَّةِ سُرِّيَّتِهِ بَيْتَ حَفْصَةَ بِنْتِ عُمَرَ، فَوَجَدَتْهَا مَعَهُ، فَقَالَتْ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فِي بَيْتِي مِنْ بَيْنِ بُيُوتِ نِسَائِكَ؟ قَالَ: فَإِنَّهَا عَلَيَّ حَرَامٌ اَنْ اَمَسَّهَا يَا حَفْصَةُ، واكْتُمِي هَذَا عَلَيَّ فَخَرَجَتْ حَتَّى اَتَتْ عَائِشَةَ، فَقَالَتْ: يَا بِنْتَ اَبِي بَكْرٍ، اَلَا اُبَشِّرُكِ؟ فَقَالَتْ: بِمَاذَا؟ قَالَتْ: وَجَدْتُ مَارِيَةَ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي بَيْتِي، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ فِي بَيْتِي مِنْ بَيْنِ بُيُوتِ نِسَائِكَ؟ وَبِي تَفْعَلُ هَذَا مِنْ بَيْنِ نِسَائِكَ؟ فَكَانَ اَوَّلَ السُّرُورِ اَنْ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے حضرت ماریہ قبطیہ کے ساتھ حفصہ کے گھر میں خلوت کی جو کہ رخصت پر تھیں لیکن اسی دوران تشریف لائیں اور انہیں باہر انتظار کی زحمت اُٹھانا پڑی پس جب انہوں نے حضرت ماریہ کو (اپنے گھر میں) آپ کے ساتھ دیکھا تو عرض کرنے لگیں: اے اللہ کے رسول! اپنی بیویوں میں سے میرے گھر میں (اور میرے بستر پر یہ کام)؟ (یہ سُن کر آپ کبیدہ خاطر ہوئے اور فرمایا: اے حفصہ! (اب اس کے بعد) اُسے چھونا مجھ پر حرام ہے' اب اسے چھپائے رکھنا۔ پس وہ وہاں سے نکل کر حضرت عائشہ کے گھر آئیں اور ان سے کہا: اے بنت ابوبکر! کیا میں تجھے ایک خوشخبری نہ دوں۔ انہوں نے کہا کون سی؟ انہوں نے کہا: میں نے ماریہ کو اپنے گھر میں رسول کریم ﷺ کے ساتھ دیکھا۔ تو میں نے عرض کی اے اللہ کے رسول! اپنی بیویوں کے گھروں میں سے

---

2315- أخرجه البخاري: أحاديث الأنبياء جلد6 صفحه494 رقم الحديث: 3395' ومسلم: الفضائل جلد4 صفحه1846' وأبو داؤد: السنة جلد4 صفحه217 رقم الحديث: 4669.

2316- انظر: مجمع الزوائد جلد7 صفحه130.

حَرَّمَهَا عَلَى نَفْسِهِ، ثُمَّ قَالَ لِي: يَا حَفْصَةُ، أَلا أُبَشِّرُكِ؟ فَقُلْتُ: بَلَى بِأَبِي وَأُمِّي يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَأَعْلَمَنِي أَنَّ أَبَاكِ يَلِي الْأَمْرَ مِنْ بَعْدِهِ، وَأَنَّ أَبِي يَلِيهِ بَعْدَ أَبِيكِ، وَقَدِ اسْتَكْتَمَنِي ذٰلِكَ فَاكْتُمِيهِ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ فِي ذٰلِكَ: (يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ لِمَ تُحَرِّمُ مَا أَحَلَّ اللّٰهُ لَكَ) (التحريم: 1) أَيْ: مِنْ مَارِيَةَ: (تَبْتَغِي مَرْضَاةَ أَزْوَاجِكَ) أَيْ: حَفْصَةَ، (وَاللّٰهُ غَفُورٌ رَحِيمٌ) (البقرة: 218) أَيْ: لِمَا كَانَ مِنْكَ، (قَدْ فَرَضَ اللّٰهُ لَكُمْ تَحِلَّةَ أَيْمَانِكُمْ وَاللّٰهُ مَوْلَاكُمْ وَهُوَ الْعَلِيمُ الْحَكِيمُ) (التحريم: 2)، (وَإِذْ أَسَرَّ النَّبِيُّ إِلَى بَعْضِ أَزْوَاجِهِ حَدِيثًا) (التحريم: 3) يَعْنِي حَفْصَةَ، (فَلَمَّا نَبَّأَتْ بِهِ) (التحريم: 3) يَعْنِي عَائِشَةَ، (وَأَظْهَرَهُ اللّٰهُ عَلَيْهِ) (التحريم: 3) أَيْ بِالْقُرْآنِ (عَرَّفَ بَعْضَهُ) (التحريم: 3) عَرَّفَ حَفْصَةَ مَا أَظْهَرَتْ مِنْ أَمْرِ مَارِيَةَ، (وَأَعْرَضَ عَنْ بَعْضٍ) (التحريم: 3) عَمَّا أَخْبَرَتْ بِهِ مِنْ أَمْرِ أَبِي بَكْرٍ، وَعُمَرَ، فَلَمْ يُثَرِّبْهُ عَلَيْهَا، (فَلَمَّا نَبَّأَهَا بِهِ قَالَتْ مَنْ أَنْبَأَكَ هٰذَا قَالَ نَبَّأَنِيَ الْعَلِيمُ الْخَبِيرُ) (التحريم: 3)، ثُمَّ أَقْبَلَ عَلَيْهَا يُعَاتِبُهَا، فَقَالَ: (إِنْ تَتُوبَا إِلَى اللّٰهِ فَقَدْ صَغَتْ قُلُوبُكُمَا وَإِنْ تَظَاهَرَا عَلَيْهِ فَإِنَّ اللّٰهَ هُوَ مَوْلَاهُ وَجِبْرِيلُ وَصَالِحُ الْمُؤْمِنِينَ) (التحريم: 4) يَعْنِي أَبَا بَكْرٍ وَعُمَرَ، (وَالْمَلَائِكَةُ بَعْدَ ذٰلِكَ ظَهِيرٌ عَسَى رَبُّهُ إِنْ طَلَّقَكُنَّ أَنْ يُبْدِلَهُ أَزْوَاجًا خَيْرًا مِنْكُنَّ مُسْلِمَاتٍ مُؤْمِنَاتٍ قَانِتَاتٍ تَائِبَاتٍ عَابِدَاتٍ

میرے گھر میں (یہ)؟ حالانکہ آپ اپنی بیویوں میں سے میرے ساتھ یہ سلوک کر رہے ہیں؟ پس پہلی خوشی کی بات یہ ہے کہ آپ نے اس کو اپنے اوپر حرام کر دیا ہے۔ پھر مجھ سے فرمایا: اے حفصہ! میں تجھے ایک خوشخبری نہ دوں! تو میں نے عرض کی: کیوں نہیں! میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں! یا رسول اللہ! آپ نے مجھے بتایا کہ تیرا باپ ان کے خلیفہ ہوں گے اور میرے باپ' تیرے باپ کے بعد خلیفہ ہوں گے۔ آپ نے مجھ سے' اسے پوشیدہ رکھنے کو' کہا: تُو بھی اسے پوشیدہ رکھ۔ پس اللہ تعالیٰ نے اسی بارے میں یہ آیات نازل فرمائیں: اے نبی! کس حکمت کے تحت آپ وہ کام کرنے سے رُک گئے جس کو اللہ تعالیٰ نے آپ کے لیے حلال کیا ہے۔ یعنی ماریہ سے (ہمبستری کرنے سے) اپنی بیویوں کی مرضی سے یعنی حفصہ کی۔ اور اللہ بہت زیادہ بخشنے والا' ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔ یعنی اس چیز کو جس کا آپ سے صدور ہوا ہے۔ تحقیق قسموں کا کفارہ دے کر کھولنا اللہ تعالیٰ نے تم پر فرض کر دیا ہے اور اللہ تمہارا مددگار ہے اور وہ علیم و حکیم ہے۔ اور جب نبی کریم ﷺ نے کسی زوجہ محترمہ (حفصہ) سے راز کی بات کی تو انہوں نے وہ بات آگے (عائشہ کو) بتا دی۔ اور اللہ تعالیٰ نے اس کو نبی پر ظاہر فرما دیا۔ یعنی قرآن اُتار کر۔ تو نبی نے اسے کچھ بتایا' یعنی آپ نے حضرت حفصہ کو جتا دیا جو انہوں نے حضرت ماریہ کا معاملہ ظاہر کیا اور بعض سے اعراض کر لیا۔ یعنی وہ کچھ جو انہوں نے ابوبکر و عمر کی خلافت کے حوالے سے

سَائِحَاتٍ ثَيِّبَاتٍ وَأَبْكَارًا) (التحریم:5) ، فَوَعَدَهُ مِنَ الثَّيِّبَاتِ آسِيَةَ بِنْتَ مُزَاحِمٍ امْرَأَةَ فِرْعَوْنَ، وَأُخْتَ نُوحٍ، وَمِنَ الْأَبْكَارِ مَرْيَمَ بِنْتَ عِمْرَانَ، وَأُخْتَ مُوسَى عَلَيْهِمُ السَّلَامُ لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ هِشَامُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ

حضرت عائشہ کو خبر دی۔ پس جب حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت حفصہ کو یہ بات کہی تو انہوں نے کہا: آپ کو یہ بات کس نے بتائی؟ تو آپ نے فرمایا: مجھے میرے علیم و خبیر ربّ نے خبر دی ہے۔ پھر اللہ تعالیٰ نے ان پر عتاب فرمایا ہے۔ (اگلی آیات میں) اے نبی کی دونوں بیویو! اگر تم اللہ کی طرف رجوع کروتو ضرور تمہارے دل راہ سے ہٹ گئے ہیں اور اگر اُن پر زور باندھو تو اللہ اُن کا مددگار ہے اور جبریل بھی اور نیک ایمان والے بھی۔ یعنی ابوبکر و عمر اور اس کے بعد فرشتے مدد پر ہیں۔ اُن کا ربّ قریب ہے اگر وہ تمہیں طلاق دے دیں کہ انہیں تم سے بہتر بیویاں بدل دے۔ اطاعت والیاں' ایمان والیاں' ادب والیاں' توبہ والیاں' بندگی والیاں' روزے رکھنے والیاں' بعض ثیبہ اور بعض کنواریاں۔ پس اللہ تعالیٰ نے آپ سے ثیبہ میں سے فرعون کی بیوی آسیہ بنت مزاحم کا وعدہ فرمایا اور نوح علیہ السلام کی بہن کا۔ اور کنواریوں میں سے مریم بنت عمران اور موسیٰ علیہ السلام کی بہن کا وعدہ دیا۔ یہ حدیث حضرت ابوہریرہ سے صرف اسی سند سے روایت ہے' اس کے ساتھ حضرت ہشام بن ابراہیم منفرد ہیں۔

**2317** - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيمِ بْنُ شَرُوسٍ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ أَبِي الْحَجَّاجِ الْبَصْرِيُّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي حُمَيْدٍ، عَنْ عَوْنِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُتْبَةَ بْنِ مَسْعُودٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

حضرت عون بن عبداللہ بن عتبہ بن مسعود اپنے والد سے' ان کے والد ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: مؤمن کے لیے تعجب ہے جو اس کو بخار کی وجہ سے تکلیف ہوتی ہے' اگر اس کو معلوم ہو جائے کہ بخار ہونے کی صورت میں کتنا ثواب ملتا ہے تو وہ پسند

**2317**- انظر: مجمع الزوائد جلد2صفحه307 .

عَجَبٌ لِلْمُؤْمِنِ وجَزَعِهِ مِنَ السَّقَمِ، وَلَوْ يَعْلَمُ مَا لَهُ فِي السَّقَمِ اَحَبَّ اَنْ يَكُونَ سَقِيمًا الدَّهْرَ ثُمَّ اِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَفَعَ رَاْسَهُ اِلَى السَّمَاءِ فَضَحِكَ، فَقِيلَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مِمَّ رَفَعْتَ رَاْسَكَ اِلَى السَّمَاءِ فَضَحِكْتَ؟ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عَجِبْتُ مِنْ مَلَكَيْنِ كَانَا يَلْتَمِسَانِ عَبْدًا فِي مُصَلًّى كَانَ فِيهِ، وَلَمْ يَجِدَاهُ، فَرَجَعَا، فَقَالَا: يَا رَبَّنَا، عَبْدُكَ فُلَانٌ كُنَّا نَكْتُبُ لَهُ فِي يَوْمِهِ وَلَيْلَتِهِ عَمَلَهُ الَّذِي كَانَ يَعْمَلُ، فَوَجَدْنَاهُ قَدْ حَبَسْتَهُ فِي حِبَالِكَ فَقَالَ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالَى: اكْتُبُوا لِعَبْدِي عَمَلَهُ الَّذِي كَانَ يَعْمَلُ فِي يَوْمِهِ وَلَيْلَتِهِ، وَلَا تُنْقِصُوا مِنْهُ شَيْئًا، وَعَلَيَّ اَجْرُ مَا حَبَسْتُهُ، وَلَهُ اَجْرُ مَا كَانَ يَعْمَلُ

کرے گا کہ سارا زمانہ اس کو بخار رہے' پھر حضور ﷺ نے اپنا سر مبارک آسمان کی طرف اُٹھایا' آپ مسکرائے' عرض کی گئی: یارسول اللہ! آپ نے اپنا سر مبارک آسمان کی طرف اُٹھایا پھر آپ اس کے بعد مسکرائے' اس کی وجہ؟ اس کے بعد حضور ﷺ نے فرمایا: میں نے دوفرشتوں کو دیکھ کر تعجب کیا' وہ دونوں ایک بندہ کو تلاش کرتے ہیں اس جگہ جہاں وہ نماز پڑھتا تھا' وہ دونوں اس کو اس جگہ نہیں پاتے ہیں' اس کے بعد دونوں واپس جاتے ہیں۔ دونوں عرض کرتے ہیں: اے ہمارے رب! تیرا فلاں بندہ تھا اس کا ثواب جو وہ کرتا تھا دن اور رات کو ہم اس کو لکھتے تھے' ہم نے اسکو پایا ہے اس کو تکلیف ہے وہ عمل نہیں کرنے دیا۔ اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا: میرے بندے کے لیے وہی عمل لکھو جو وہ دن اور رات میں کرتا تھا' اس سے ذرّہ برابر بھی کمی نہ کرنا' اور مجھ پر اُس عمل کا ثواب دینا ضروری ہے جس کے کرنے سے میں نے اُسے روک دیا' اس کے لیے اس سارے عمل کا ثواب ہے جو وہ کیا کرتا تھا۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ عُتْبَةَ بْنِ مَسْعُودٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي حُمَيْدٍ

یہ حدیث عتبہ بن مسعود سے اسی سند سے روایت ہے' اُن سے روایت کرنے میں محمد بن ابی حمید اکیلے ہیں۔

**2318** - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا هِشَامُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ اَبُو الْوَلِيدِ الْمَخْزُومِيُّ قَالَ: نا مُوسَى بْنُ جَعْفَرِ بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، عَنْ عَبْدِ الْقُدُّوسِ بْنِ حَبِيبٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَهُ: يَا غُلَامُ اَلَا اَحْبُوكَ؟ اَلَا

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے (مجھے) فرمایا: اے لڑکے! کیا میں تجھے محبوب نہ بنا لوں؟ کیا تیرے نفع والی بات کروں؟ کیا میں تجھے عطا نہ کروں؟ میں نے عرض کی: کیوں نہیں! یارسول اللہ! میرے ماں باپ آپ پر فدا ہوں! یارسول

2318- انظر: لسان الميزان جلد4صفحه45 .

اُنْحِلُكَ؟ اَلا اُعْطِيكَ؟ قَالَ: قُلْتُ: بَلَى، بِاَبِي وَاُمِّي اَنْتَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ قَالَ: فَظَنَنْتُ اَنَّهُ سَيَقْطَعُ لِي قِطْعَةً مِنْ مَالٍ، فَقَالَ: اَرْبَعُ رَكَعَاتٍ تُصَلِّيهِنَّ، فِي كُلِّ يَوْمٍ، فَاِنْ لَمْ تَسْتَطِعْ فَفِي كُلِّ جُمُعَةٍ، فَاِنْ لَمْ تَسْتَطِعْ فَفِي كُلِّ شَهْرٍ، فَاِنْ لَمْ تَسْتَطِعْ فَفِي كُلِّ سَنَةٍ، فَاِنْ لَمْ تَسْتَطِعْ فَفِي دَهْرِكَ مَرَّةً: تُكَبِّرُ، فَتَقْرَاُ اُمَّ الْقُرْآنِ وَسُورَةً، ثُمَّ تَقُولُ: سُبْحَانَ اللّٰهِ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ، وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَاللّٰهُ اَكْبَرُ خَمْسَ عَشْرَةَ مَرَّةً، ثُمَّ تَرْكَعُ، فَتَقُولُهَا عَشْرًا، ثُمَّ تَرْفَعُ، فَتَقُولُهَا عَشْرًا، ثُمَّ تَسْجُدُ فَتَقُولُهَا عَشْرًا، ثُمَّ تَرْفَعُ فَتَقُولُهَا عَشْرًا، ثُمَّ تَسْجُدُ، فَتَقُولُهَا عَشْرًا، ثُمَّ تَرْفَعُ، فَتَقُولُهَا عَشْرًا، ثُمَّ تَفْعَلُ فِي صَلَاتِكَ كُلِّهَا مِثْلَ ذٰلِكَ، فَاِذَا فَرَغْتَ قُلْتَ بَعْدَ التَّشَهُّدِ وَقَبْلَ التَّسْلِيمِ: اللّٰهُمَّ اِنِّي اَسْاَلُكَ تَوْفِيقَ اَهْلِ الْهُدَى، وَاَعْمَالَ اَهْلِ الْيَقِينِ، وَمُنَاصَحَةَ اَهْلِ التَّوْبَةِ، وَعَزْمَ اَهْلِ الصَّبْرِ، وَجِدَّ اَهْلِ الْحِسْبَةِ، وَطَلَبَ اَهْلِ الرَّغْبَةِ، وَتَعَبُّدَ اَهْلِ الْوَرَعِ، وَعِرْفَانَ اَهْلِ الْعِلْمِ حَتَّى اَخَافَكَ، اللّٰهُمَّ اَسْاَلُكَ مَخَافَةً تَحْجِزُنِي عَنْ مَعَاصِيكَ، حَتَّى اَعْمَلَ بِطَاعَتِكَ عَمَلًا اَسْتَحِقُّ بِهِ رِضَاكَ، وَحَتَّى اُنَاصِحَكَ فِي التَّوْبَةِ خَوْفًا مِنْكَ، وَحَتَّى اُخْلِصَ لَكَ النَّصِيحَةَ حُبًّا لَكَ، وَحَتَّى اَتَوَكَّلَ عَلَيْكَ فِي الْاُمُورِ حُسْنَ ظَنٍّ بِكَ، سُبْحَانَ خَالِقِ النَّارِ، فَاِذَا فَعَلْتَ ذٰلِكَ يَا ابْنَ عَبَّاسٍ غَفَرَ اللّٰهُ لَكَ ذُنُوبَكَ صَغِيرَهَا وَكَبِيرَهَا، وَقَدِيمَهَا وَحَدِيثَهَا، وَسِرَّهَا وَعَلَانِيَتَهَا، وَعَمْدَهَا وَخَطَاهَا

اللہ! میں نے گمان کیا آپ میرے لیے مال کا ایک حصہ الگ کر کے دیں گے آپ نے فرمایا: چار رکعتیں نفل ادا کیا کرو! ہر دن اگر ہر دن نہ ہوتو ہر جمعہ اگر ہر جمعہ نہ ہو سکے تو ہر ماہ اگر ہر ماہ نہ ہو سکے ہر سال اگر سال میں نہ ہو سکے تو زندگی میں ایک مرتبہ پڑھ لو۔(اس کے پڑھنے کا طریقہ یہ ہے:) تو اللہ اکبر کہہ اس کے بعد الحمد للہ اور سورہ پڑھ پھر ۱۵ مرتبہ سبحان اللہ والحمد للہ والا الٰہ الا اللہ واللہ اکبر پڑھ پھر تو رکوع کر' رکوع میں دس مرتبہ اوپر والے کلمات پڑھ' پھر رکوع سے جب اُٹھے تو دس مرتبہ وہی کلمات پڑھ' پھر تو سجدہ کرے تو وہی کلمات دس مرتبہ پڑھ' پھر سجدہ سے سر اُٹھائے تو دس مرتبہ وہی کلمات پڑھ' پھر دوسری رکعت بھی پہلی رکعت کی طرح ادا کر' جب تو اس سے فارغ ہو تو تشہد کے بعد اور سلام سے پہلے پڑھ: اَللّٰهُمَّ اِنِّي اَسْاَلُكَ تَوْفِيقَ اَهْلِ الْهُدَى، وَاَعْمَالَ اَهْلِ الْيَقِينِ، وَمُنَاصَحَةَ اَهْلِ التَّوْبَةِ، وَعَزْمَ اَهْلِ الصَّبْرِ، وَجِدَّ اَهْلِ الْحِسْبَةِ، وَطَلَبَ اَهْلِ الرَّغْبَةِ، وَتَعَبُّدَ اَهْلِ الْوَرَعِ، وَعِرْفَانَ اَهْلِ الْعِلْمِ حَتَّى اَخَافَكَ، اللّٰهُمَّ اَسْاَلُكَ مَخَافَةً تَحْجِزُنِي عَنْ مَعَاصِيكَ، حَتَّى اَعْمَلَ بِطَاعَتِكَ عَمَلًا اَسْتَحِقُّ بِهِ رِضَاكَ، وَحَتَّى اُنَاصِحَكَ فِي التَّوْبَةِ خَوْفًا مِنْكَ، وَحَتَّى اُخْلِصَ لَكَ النَّصِيحَةَ حُبًّا لَكَ، وَحَتَّى اَتَوَكَّلَ عَلَيْكَ فِي الْاُمُورِ حُسْنَ ظَنٍّ بِكَ، سُبْحَانَ خَالِقِ النَّارِ ۔اے ابن عباس! جب تو نے یہ دعا مانگ لی تو اللہ تعالیٰ تیرے چھوٹے' بڑے

پرانے‘ نئے‘ پوشیدہ‘ ظاہر‘ جان بوجھ کر کیے گئے اور بھولے سے کیے گئے سب معاف کردے گا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُجَاهِدٍ اِلَّا عَبْدُ الْقُدُّوسِ، وَلَا عَنْ عَبْدِ الْقُدُّوسِ اِلَّا مُوسَى بْنُ جَعْفَرٍ، تَفَرَّدَ بِهِ اَبُو الْوَلِيدِ الْمَخْزُومِيُّ

یہ حدیث مجاہد سے صرف عبدالقدوس اور عبدالقدوس سے صرف ابن جعفر ہی روایت کرتے ہیں‘ اُن سے روایت کرنے میں ابوالولید مخزومی اکیلے ہیں۔

**2319** - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيمِ بْنِ شَرُوسٍ قَالَ: نا مُسْلِمُ بْنُ خَالِدٍ الزَّنْجِيُّ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ كَثِيرٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّهُ قِيلَ لَهُ: اِنَّا نَرَاكَ تَلْبَسُ النِّعَالَ السِّبْتِيَّةَ، فَقَالَ: رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَلْبَسُهَا

حضرت نافع سے روایت ہے کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے عرض کی گئی: آپ بالوں والی نعلیں پہنتے ہیں‘ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا: میں نے حضور ﷺ کو یہ پہنے ہوئے دیکھا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ كَثِيرٍ اِلَّا مُسْلِمٌ، تَفَرَّدَ بِهِ مُحَمَّدٌ

یہ حدیث اسماعیل بن کثیر سے صرف مسلم ہی روایت کرتے ہیں‘ اس سے روایت کرنے میں محمد اکیلے ہیں۔

**2320** - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيمِ بْنِ شَرُوسٍ، قَالَ نا يَحْيَى بْنُ اَبِي الْحَجَّاجِ الْبَصْرِيُّ، قَالَ نا اَبُو سِنَانٍ عِيسَى بْنُ سِنَانٍ قَالَ: نا يَعْلَى بْنُ شَدَّادِ بْنِ اَوْسٍ، عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ قَالَ: صَلَّى بِنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَتَخَطَّى اِلَيْهِ رَجُلَانِ: رَجُلٌ مِنَ الْاَنْصَارِ، وَرَجُلٌ مِنْ ثَقِيفٍ، فَسَبَقَ الْاَنْصَارِيُّ الثَّقَفِيَّ، فَقَالَ

حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے ہم کو نماز پڑھائی‘ آپ کے پاس دو آدمی جلدی سے آئے‘ ایک آدمی کا تعلق انصار سے تھا اور ایک کا تعلق قبیلہ ثقیف سے تھا‘ انصاری ثقفی سے سبقت لے گیا‘ حضور ﷺ نے ثقفی سے فرمایا کہ انصاری آپ سے پوچھنے کے حوالہ سے سبقت لے گیا ہے‘ انصاری نے عرض کی: یارسول اللہ! ہوسکتا ہے اس کو

---

**2319**- أخرجه البخاري: الوضوء جلد 1 صفحه 321-322 رقم الحديث: 166‘ ومسلم: الحج جلد 2 صفحه 844‘ وأبو داؤد: المناسك جلد 2 صفحه 155 رقم الحديث: 1772‘ ومالك في الموطأ: الحج جلد 1 صفحه 333 رقم الحديث: 31 .

**2320**- انظر: مجمع الزوائد جلد 3 صفحه 279-280 .

رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلثَّقَفِيِّ، اِنَّ الْاَنْصَارِيَّ قَدْ سَبَقَكَ بِالْمَسْاَلَةِ فَقَالَ الْاَنْصَارِيُّ: لَعَلَّهُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ اَنْ يَكُونَ اَعْجَلَ مِنِّي، فَهُوَ فِي حِلٍّ قَالَ: فَسَاَلَهُ الثَّقَفِيُّ عَنِ الصَّلَاةِ فَاَخْبَرَهُ، ثُمَّ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلْاَنْصَارِيِّ: اِنْ شِئْتَ خَبَّرْتُكَ بِمَا جِئْتَ تَسْاَلُ عَنْهُ، وَاِنْ شِئْتَ سَاَلْتَنِي فَاُخْبِرُ بِذَلِكَ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، تُخْبِرُنِي، فَقَالَ: جِئْتَ تَسْاَلُنِي مَا لَكَ مِنَ الْاَجْرِ اِذَا اَمَمْتَ الْبَيْتَ الْعَتِيقَ، وَمَا لَكَ مِنَ الْاَجْرِ فِي وُقُوفِكَ فِي عَرَفَةَ، وَمَا لَكَ مِنَ الْاَجْرِ فِي رَمْيِكَ الْجِمَارَ، وَمَا لَكَ مِنَ الْاَجْرِ فِي حَلْقِ رَاْسِكَ، وَمَا لَكَ مِنَ الْاَجْرِ اِذَا وَدَّعْتَ الْبَيْتَ فَقَالَ الْاَنْصَارِيُّ: وَالَّذِي بَعَثَكَ بِالْحَقِّ، مَا جِئْتُ اَسْاَلُكَ عَنْ غَيْرِهِ قَالَ: فَاِنَّ لَكَ مِنَ الْاَجْرِ اِذَا اَمَمْتَ الْبَيْتَ الْعَتِيقَ اَلَا تَرْفَعَ قَدَمًا اَوْ تَضَعَهَا اَنْتَ وَدَابَّتُكَ اِلَّا كُتِبَتْ لَكَ حَسَنَةٌ، وَرُفِعَتْ لَكَ دَرَجَةٌ، وَاَمَّا وُقُوفُكَ بِعَرَفَةَ فَاِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ يَقُولُ لِمَلَائِكَتِهِ: يَا مَلَائِكَتِي مَا جَاءَ بِعِبَادِي؟ قَالُوا: جَائُوا يَلْتَمِسُونَ رِضْوَانَكَ وَالْجَنَّةَ، فَيَقُولُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: فَاِنِّي اُشْهِدُ نَفْسِي وَخَلْقِي اَنِّي قَدْ غَفَرْتُ لَهُمْ عَدَدَ اَيَّامِ الدَّهْرِ، وَعَدَدَ الْقَطْرِ، وَعَدَدَ رَمْلِ عَالِجٍ، وَاَمَّا رَمْيُكَ الْجِمَارَ فَاِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ يَقُولُ: (فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَا اُخْفِيَ لَهُمْ مِنْ قُرَّةِ اَعْيُنٍ جَزَاءً بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ) (السجدة: 17)، وَاَمَّا حَلْقُكَ رَاْسَكَ فَاِنَّهُ لَيْسَ مِنْ شَعْرِكَ شَعْرَةٌ تَقَعُ فِي الْاَرْضِ

مجھ سے جلدی ہو وہ حالت احرام میں ہے۔ ثقفی نے نماز کے متعلق پوچھا' آپ نے اس کو بتایا' پھر حضور ﷺ نے فرمایا: انصاری سے۔ اگر تُو چاہے تو میں آپ کو بتادوں جو تُو مجھ سے پوچھنے کے لیے آیا ہوا ہے' اگر تُو چاہے تو تُو مجھ سے پوچھ میں تم کو بتاؤں گا؟ اس نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ مجھے بتائیں! آپ نے فرمایا: تُو مجھ سے پوچھنے کے لیے آیا ہے اس میں کتنا ثواب ہے جب تو حرم شریف جانے کا ارادہ کرے۔ عرفات میں ٹھہرنے کا کتنا ثواب ہے' شیاطین کو کنکریاں مارنے کا کتنا ثواب ہے' سر کے بال کٹوانے میں کتنا ثواب ہے' طوافِ وداع کا ثواب کتنا ہے؟ انصاری نے عرض کی: یارسول اللہ! اس ذات کی قسم جس نے آپ کو حق کے ساتھ مبعوث کیا ہے' میں اس کے علاوہ آپ سے پوچھنے کے لیے نہیں آیا تھا۔ آپ نے فرمایا: تیرے لیے ثواب ہے تو جب بیت اللہ شریف جانے کا اراادہ کرے تو کوئی بھی قدم اُٹھائے گا یا قدم رکھے گا یا سواری پر چلنے کی وجہ سے قدم سواری اُٹھائے گی' تیرے لیے ہر قدم اُٹھانے کے بدلے ایک نیکی ہوگی اور ایک گناہ معاف کیا جائے گا' بہرحال تیرا میدانِ عرفات میں ٹھہرنے کا ثواب یہ ہے کہ اللہ عزوجل نے فرشتوں سے فرمایا: اے فرشتو! میرا بندہ کیا مانگ رہا تھا؟ وہ فرشتے عرض کرتے ہیں: (ہم) اس حالت میں ایسے آئے ہیں' وہ تیری رضا اور جنت مانگ رہے تھے اللہ عزوجل فرماتا ہے: میں اپنی اور اپنی مخلوق کو گواہ بناتا ہوں' میں نے اُن سب کو زمانہ کے دنوں کے برابر اور

اِلَّا كَانَتْ لَكَ نُورًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَاَمَّا الْبَيْتُ اِذَا وَدَّعْتَ، فَاِنَّكَ تَخْرُجُ مِنْ ذُنُوبِكَ كَيَوْمِ وَلَدَتْكَ اُمُّكَ

بارش کے قطروں کے برابر کنکریاں مارنے کی تعداد کے برابر ان کے گناہ معاف کر دیئے ہیں' بہرحال کنکریاں مارنا' بے شک اللہ عزوجل فرماتا ہے: ''فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَا اُخْفِیَ لَهُمْ مِنْ قُرَّةِ اَعْيُنٍ جَزَاءً بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ '' بہرحال سر کا منڈانا تو تیرا کوئی بھی بال زمین پر گرے گا' وہ بال تیرے لیے قیامت کے دن نور ہو گا' بہرحال طوافِ وداع تو اس کا ثواب یہ ہے کہ تُو اُسے الوداع کرے گا تو گناہوں سے اس طرح پاک ہو جائے گا جس طرح آج ہی تیری ماں نے تجھے پیدا کیا ہے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ عُبَادَةَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ يَحْيَى بْنُ اَبِي الْحَجَّاجِ

یہ حدیث عبادہ سے اسی سند سے مروی ہے' ان سے روایت کرنے میں یحییٰ بن ابی حجاج اکیلے ہیں۔

**2321** - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا اَبُو سَالِمِ بْنُ جُعْشُمٍ الصَّنْعَانِيُّ قَالَ: نا عَتَّابُ بْنُ بَشِيرٍ الْحَرَّانِيُّ، عَنْ خُصَيْفٍ، عَنْ نَافِعٍ قَالَ: قُلْتُ لِابْنِ عُمَرَ: اِذَا تَوَجَّهْتَ اِلَى مَكَّةَ تُصَلِّي عَلَى رَاحِلَتِكَ، فَلِمَ تَصْنَعُ ذَلِكَ؟ فَقَالَ: لَوْ لَمْ اَرَ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَصْنَعُهُ مَا صَنَعْتُ

حضرت نافع فرماتے ہیں: میں نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے عرض کی: جب آپ مکہ جاتے ہیں تو آپ سواری پر نماز پڑھتے ہیں' آپ ایسے کیوں کرتے ہیں؟ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا: اگر میں نے حضور ﷺ کو ایسے کرتے ہوئے نہ دیکھا ہوتا تو میں بھی ایسے نہ کرتا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ خُصَيْفٍ اِلَّا عَتَّابُ بْنُ بَشِيرٍ، تَفَرَّدَ بِهِ ابْنُ جُعْشُمٍ

یہ حدیث خُصیف سے صرف عتاب بن بشیر ہی روایت کرتے ہیں' اُن سے روایت کرنے میں ابن جعشم اکیلے ہیں۔

**2322** - وَبِهِ: عَنْ خُصَيْفٍ، عَنْ زِيَادِ بْنِ اَبِي مَرْيَمَ، وَعِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: لَمَّا دَخَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَكَّةَ قَالَ اَهْلُ مَكَّةَ: اِنَّ بِاَصْحَابِ مُحَمَّدٍ جُوعًا وَهَزْلًا، فَاَمَرَهُمُ النَّبِيُّ صَلَّى

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ جب حضور ﷺ مکہ شریف داخل ہوئے تو مکہ والوں نے کہا: اصحابِ محمد ﷺ بھوکے اور کمزور ہیں' حضور ﷺ نے صحابہ کو حکم دیا کہ وہ کندھے ہلا ہلا کر چلیں تا کہ وہ

2322- أخرجه البخاري: الحج جلد3صفحه548 رقم الحديث: 1602' ومسلم: الحج جلد2صفحه921-922 .

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يُهَرْوِلُوا لِيُرُوهُمْ اَنَّ بِهِمْ قُوَّةً وَكَانُوا يُهَرْوِلُونَ ثَلَاثَةَ اَشْوَاطٍ، وَيَمْشُونَ اَرْبَعًا

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ خُصَيْفٍ اِلَّا عَتَّابٌ

ان کی قوت دیکھیں! تو صحابہ کرام تین چکر کندھے ہلا کر چلتے تو چار چکر حسب عادت چلتے۔

یہ حدیث خصیف سے صرف عتاب ہی روایت کرتے ہیں۔

**2323** - وَبِهِ عَنْ خُصَيْفٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ مُعَاوِيَةَ، طَافَ بِالْبَيْتِ، فَجَعَلَ يَسْتَلِمُ الْاَرْكَانَ كُلَّهَا، فَقَالَ لَهُ ابْنُ عَبَّاسٍ: لِمَ تَسْتَلِمُ هٰذَيْنِ الرُّكْنَيْنِ وَلَمْ يَكُنِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْتَلِمُهُمَا؟ فَقَالَ مُعَاوِيَةُ: لَيْسَ مِنَ الْبَيْتِ شَيْءٌ مَهْجُورٌ، فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: (لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِي رَسُولِ اللّٰهِ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ) (الاحزاب: 21)، فَقَالَ مُعَاوِيَةُ: صَدَقْتَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے طواف کیا بیت اللہ کا' سب ارکان کو استلام کیا۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے ان کو فرمایا: آپ نے ان دو رکنوں کو استلام کیوں کیا حالانکہ حضور ﷺ ایسے نہیں کرتے تھے۔ حضرت امیر معاویہ نے فرمایا: بیت اللہ شریف کی کوئی شئی ممنوع نہیں ہے۔ حضرت ابن عباس نے فرمایا: بے شک آپ کے لیے رسول اللہ ﷺ کی زندگی بطور نمونہ ہے' حضرت معاویہ نے فرمایا: آپ نے سچ کہا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ خُصَيْفٍ اِلَّا عَتَّابٌ

یہ حدیث خصیف سے صرف عتاب ہی روایت کرتے ہیں۔

**2324** - وَبِهِ عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّهَا قَالَتْ لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ: اِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَهَا: لَوْلَا حِدْثَانُ قَوْمِكِ بِالْكُفْرِ لَنَقَضْتُ الْبَيْتَ، فَزِدْتُ فِيهِ مَا نَقَصَ مِنْهُ، وَلَوَضَعْتُهُ بِالْاَرْضِ، وَجَعَلْتُ لَهُ بَابَيْنِ: بَابٌ يُدْخَلُ مِنْهُ، وَبَابٌ يُخْرَجُ مِنْهُ حَتّٰى لَا يَكُونَ زِحَامٌ

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ خُصَيْفٍ اِلَّا عَتَّابٌ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ میں نے عبداللہ بن زبیر سے کہا: حضور ﷺ نے فرمایا ہے کہ اگر تیری قوم کا زمانہ کفر کے قریب نہ ہوتا تو میں بیت اللہ شریف شہید کرتا اور جو بیت اللہ میں کمی ہوئی ہے اس میں اضافہ کرتا' اس کے دو دروازے بناتا' ایک سے لوگ نکلتے اور ایک سے داخل ہوتے تاکہ رش نہ ہو۔

یہ حدیث خصیف سے صرف عتاب ہی روایت کرتے ہیں۔

---

2324- أخرجه البخاري: الحج جلد3صفحه514 رقم الحديث:1586' ومسلم: الحج جلد2صفحه969 .

2325 - وَبِهِ عَنْ خُصَيْفٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنْ اَبِی سَعِیدٍ الْخُدْرِیِّ، اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الذَّهَبُ بِالذَّهَبِ مِثْلًا بِمِثْلٍ، وَالْفِضَّةُ بِالْفِضَّةِ مِثْلًا بِمِثْلٍ، وَزْنًا بِوَزْنٍ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ، حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: سونے کو سونے کے بدلے، چاندی کو چاندی کے بدلے برابر وزن کر کے فروخت کرو۔

2326 - وَعَنْ خُصَيْفٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ اَبِی سَعِیدٍ الْخُدْرِیِّ قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ عَلَى الْمِنْبَرِ يَنْهَى عَنِ الذَّهَبِ بِالذَّهَبِ، وَالْفِضَّةِ بِالْفِضَّةِ اِلَّا وَزْنًا بِوَزْنٍ

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول کریم ﷺ کو اس حال میں سنا کہ آپ منبر پر تشریف فرما تھے اور سونا کو سونے کے بدلے اور چاندی کو چاندی کے بدلے بیچنے سے منع فرما رہے تھے، مگر یہ کہ وہ برابر برابر ہوں۔

2327 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيمِ بْنِ شَرُوسٍ قَالَ: نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَسْلَمِیُّ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ سُلَيْمٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ صِيَامِ يَوْمِ عَرَفَةَ بِعَرَفَاتٍ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے عرفہ کے دن عرفات میں روزہ رکھنے سے منع کیا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ صَفْوَانَ اِلَّا اِبْرَاهِيمُ .

یہ حدیث صفوان سے صرف ابراہیم ہی روایت کرتے ہیں۔

**2440** - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ رَجَاءٍ قَالَ: أَنَا مُسْلِمُ بْنُ خَالِدٍ الزَّنْجِيُّ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، عَنْ سُمَيٍّ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا دَخَلَ أَحَدُكُمْ عَلَى أَخِيهِ، فَأَطْعَمَهُ مِنْ طَعَامِهِ فَلْيَأْكُلْ، وَلَا يَسْأَلْ عَنْهُ، وَإِنْ سَقَاهُ مِنْ شَرَابِهِ فَلْيَشْرَبْ وَلَا يَسْأَلْ عَنْهُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی اپنے بھائی کے پاس آئے' جو وہ کھانا دے اس کو کھائے' اس سے مانگے نہ جو اس کو پینے کے لیے پانی دے' وہ پئے اس سے مانگے نہ۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ زَيْدٍ إِلَّا مُسْلِمٌ

یہ حدیث زید سے صرف مسلم ہی روایت کرتے ہیں۔

**2441** - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نَا أَبُو عَاصِمٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي سُلَيْمَانَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ حُبْشِيٍّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ قَطَعَ سِدْرَةً صَوَّبَ اللَّهُ رَأْسَهُ فِي النَّارِ ۔ يَعْنِي مِنْ سِدْرِ الْحَرَمِ۔

حضرت عبداللہ بن حبش رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس نے بیری کا درخت کاٹا' اللہ عزوجل اس کے سر کو جہنم میں جھکا دے گا' یعنی حرم شریف کے بیری کا درخت کاٹنا مراد ہے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ حَبَشِيٍّ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ ابْنُ جُرَيْجٍ

یہ حدیث عبداللہ بن حبش سے اسی سند سے روایت ہے' ان سے روایت کرنے میں ابن جریج اکیلے ہیں۔

**2442** - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا أَبُو عُمَرَ الضَّرِيرُ قَالَ: نا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ أَبِي

حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے بناءِ کعبہ کی بنیاد کے متعلق وہ فرماتے ہیں کہ جب

---

2440- أخرجه الامام أحمد فى مسنده جلد 2 صفحه 399' والحاكم فى مستدركه جلد 4 صفحه 126 . انظر: مجمع الزوائد جلد 5 صفحه 48 .

2441- انظر: مجمع الزوائد جلد 3 صفحه 287 .

2442- انظر: مجمع الزوائد جلد 8 صفحه 232 .

هِنْدٍ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ خَالِدِ بْنِ عَرْعَرَةَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ، فِي بِنَاءِ الْكَعْبَةِ قَالَ: لَمَّا رَاَوَا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ دَخَلَ مِنَ الْبَابِ، قَالُوا: قَدْ جَاءَ الْاَمِينُ

انہوں نے حضور ﷺ کو دیکھا دروازے سے داخل ہوتے ہوئے تو صحابہ کرام نے فرمایا: امین آیا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ دَاوُدَ اِلَّا حَمَّادٌ

یہ حدیث داؤد سے صرف حماد ہی روایت کرتے ہیں۔

**2443** - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا اَبُو عَاصِمٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ يَسَارٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ثَلَاثَةٌ لَا يَدْخُلُونَ الْجَنَّةَ، وَثَلَاثَةٌ لَا يَنْظُرُ اللّٰهُ اِلَيْهِمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ: فَاَمَّا الثَّلَاثَةُ الَّذِينَ لَا يَدْخُلُونَ الْجَنَّةَ: فَالْعَاقُّ لِوَالِدَيْهِ، وَالدَّيُّوثُ، وَالْمَرْاَةُ الْمُتَرَجِّلَةُ تَشَبَّهُ بِالرِّجَالِ، وَاَمَّا الثَّلَاثَةُ الَّذِينَ لَا يَنْظُرُ اللّٰهُ اِلَيْهِمْ: فَالْعَاقُّ لِوَالِدَيْهِ، وَالْمُدْمِنُ الْخَمْرَ، وَالْمَنَّانُ بِمَا اَعْطَى

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تین آدمی جنت میں داخل نہیں ہوں گے اور نہ اللہ عزوجل ان کی طرف قیامت کے دن نظر رحمت کرے گا' بہرحال وہ تین جو جنت میں داخل نہیں ہوں گے' وہ یہ ہیں: (۱) ماں باپ کا نافرمان (۲) دیوث جس کی عورت آوارہ پھرتی ہو' (۳) وہ عورت جو بناؤ سنگھار مردوں کی طرح کرتی ہو' بہرحال وہ تین جن کی طرف اللہ عزوجل نظر رحمت نہیں کرے گا' وہ یہ ہیں: ماں باپ کا نافرمان' شرابی' دے کر احسان جتلانے والا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سَالِمٍ اِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَسَارٍ الْاَعْرَجُ، تَفَرَّدَ بِهِ عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْعُمَرِيُّ

یہ حدیث سالم سے صرف عبداللہ بن یسار الاعرج ہی روایت کرتے ہیں' اس حدیث کو روایت کرنے میں عمر بن محمد العمری اکیلے ہیں۔

**2444** - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ الْقَعْنَبِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، عَنْ حُمَيْدٍ الطَّوِيلِ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: حَجَمَ اَبُو

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت ابوطیبہ نے حضور ﷺ کو پچھنا لگایا' اس کے بعد آپ کے پاس عیینہ بن حصن یا اقرع بن حابس

**2443**- أخرجه النسائي: الزكاة جلد 5 صفحه 60 (باب المنان بما أعطى)' وأحمد: المسند جلد 2 صفحه 182 رقم الحديث: 6185' والطبراني في الكبير جلد 12 صفحه 302 رقم الحديث: 13180 .

**2444**- انظر: مجمع الزوائد جلد 5 صفحه 94-95 .

طَيْبَةَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَدَخَلَ عَلَيْهِ عُيَيْنَةُ بْنُ حِصْنٍ اَوِ الْاَقْرَعُ بْنُ حَابِسٍ، فَقَالَ: مَا هٰذَا؟ فَقَالَ: هٰذَا الْحَجْمُ، وَهُوَ خَيْرُ مَا تَدَاوَيْتُمْ بِهِ

آپ کے پاس آئے' عرض کی: یہ کیا ہے؟ فرمایا: یہ پچھنا ہے' یہ بہتر ہے اس سے جو تم دوا لیتے ہو۔

**2445** - وَبِهِ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ احْتَجَمَ وَهُوَ مُحْرِمٌ مِنْ وَجِعٍ وَجَدَهُ فِي رَاْسِهِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پچھنا لگوایا حالتِ احرام میں کیونکہ آپ کے سر میں تکلیف تھی۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنْ حُمَيْدٍ اِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ الْعُمَرِيُّ

یہ دونوں حدیثیں حمید سے صرف عبداللہ بن عمر العمری ہی روایت کرتے ہیں۔

**2446** - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَبَّبٍ اَبُو هَمَّامٍ الدَّلَّالُ قَالَ: نا هِشَامُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ اَبِي وَاقِدٍ اللَّيْثِيِّ قَالَ: كُنَّا نَاْتِي النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاِذَا نَزَلَ عَلَيْهِ شَيْءٌ مِنَ الْقُرْآنِ قَالَ لَنَا، فَقَالَ لَنَا يَوْمًا: قَالَ اللّٰهُ تَعَالَى: اِنَّا اَنْزَلْنَا الْمَالَ لِاِقَامِ الصَّلَاةِ، وَاِيتَاءِ الزَّكَاةِ، وَلَوْ كَانَ لِابْنِ آدَمَ وَادٍ مِنْ مَالٍ لَابْتَغَى اِلَيْهِ الثَّانِي، وَلَوْ اَنَّ لَهُ الثَّانِيَ لَابْتَغَى اِلَيْهِ الثَّالِثَ، وَلَا يَمْلَاُ جَوْفَ ابْنِ آدَمَ اِلَّا التُّرَابُ، وَيَتُوبُ اللّٰهُ عَلَى مَنْ تَابَ

حضرت ابی واقد اللیثی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے' فرماتے ہیں کہ ہم حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آتے' جب آپ پر قرآن پاک سے کوئی شی نازل ہوتی' آپ ہم کو فرماتے: ہمارے لیے ایک دن ہے' اللہ عزوجل فرماتا ہے: ہم مال اس لیے نازل فرمایا' نماز قائم کرنے کے لیے اور زکوٰۃ ادا کرنے کے لیے' اگر انسان کے پاس ایک وادی ہو مال کی تو وہ چاہے کہ دوسری بھی ہو' اگر اس کے پاس دو ہوں تو وہ چاہے گا کہ تیسری بھی ہو' انسان کا پیٹ صرف مٹی ہی بھرے گی' اللہ توبہ قبول کرتا ہے جس کی چاہتا ہے۔

**2447** - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا عُثْمَانُ بْنُ الْهَيْثَمِ الْمُؤَذِّنُ، عَنْ عَوْفٍ، عَنْ زُرَارَةَ بْنِ اَوْفَى، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: لَمَّا اُسْرِيَ بِنَبِيِّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَصْبَحَ بِمَكَّةَ، جَلَسَ مُعْتَزِلًا حَزِينًا، فَاَتَى عَلَيْهِ عَدُوُّ اللّٰهِ اَبُو جَهْلٍ، فَقَالَ كَالْمُسْتَهْزِءِ: هَلْ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ جب حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو سیر کروائی گئی تو آپ نے صبح مکہ میں کی' آپ علیحدہ پریشان تشریف فرما تھے' آپ کے پاس اللہ کا دشمن ابوجہل آیا گویا وہ آپ سے مذاق کر رہا تھا کہ کیا آپ کے پاس کوئی شی ہے؟ آپ نے فرمایا: جی ہاں!

2446- أخرجه الامام أحمد في مسنده جلد5 صفحه 218-219 . انظر: مجمع الزوائد جلد7 صفحه 143 .

2447- أخرجه الامام أحمد في مسنده جلد1 صفحه 309 . انظر: مجمع الزوائد جلد1 صفحه 68 .

كَانَ مِنْ شَيْءٍ؟ قَالَ: نَعَمْ قَالَ: مَاذَا؟ قَالَ: أُسْرِيَ بِيَ اللَّيْلَةَ إِلَى بَيْتِ الْمَقْدِسِ قَالَ: ثُمَّ أَصْبَحْتَ بَيْنَ ظَهْرَانَيْنَا؟ قَالَ: نَعَمْ. فَلَمْ يُرِهِ أَنَّهُ يُكَذِّبُهُ مَخَافَةَ إِنْ دَعَا إِلَيْهِ قَوْمَهُ أَنْ يَجْحَدَهُ الْحَدِيثَ، فَقَالَ: أَرَأَيْتَ إِنْ دَعَوْتُ إِلَيْكَ قَوْمَكَ أَتُحَدِّثُهُمْ بِمَا حَدَّثْتَنِي؟ قَالَ: نَعَمْ فَقَالَ أَبُو جَهْلٍ: حَدِّثْ قَوْمَكَ بِمَا حَدَّثْتَنِي، فَقَالَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّهُ أُسْرِيَ بِيَ اللَّيْلَةَ؟ فَقَالُوا: إِلَى أَيْنَ؟ قَالَ: إِلَى بَيْتِ الْمَقْدِسِ قَالُوا: ثُمَّ أَصْبَحْتَ بَيْنَ أَظْهُرِنَا؟ قَالَ: نَعَمْ قَالَ: فَمِنْ مُصَفِّقٍ، وَمِنْ وَاضِعٍ يَدَهُ عَلَى رَأْسِهِ مُسْتَعْجِبًا لِلْكَذِبِ، زَعَمَ، وَفِي الْقَوْمِ مَنْ قَدْ سَافَرَ إِلَى ذَلِكَ الْمَسْجِدِ، فَقَالَ: أَتَسْتَطِيعُ أَنْ تَنْعَتَ لَنَا الْمَسْجِدَ؟ قَالَ: نَعَمْ قَالَ نَبِيُّ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَنَعَتُّهُ لَهُمْ حَتَّى الْتَبَسَ عَلَيَّ بَعْضُ النَّعْتِ، فَجِيءَ بِالْمَسْجِدِ وَأَنَا أَنْظُرُ إِلَيْهِ حَتَّى وُضِعَ دُونَ دَارِ عَقِيلٍ، أَوْ دَارِ عِقَالٍ، فَجَعَلْتُ أَنْعَتُهُ لَهُمْ وَأَنَا أَنْظُرُ إِلَيْهِ فَقَالَ الْقَوْمُ: أَمَّا النَّعْتُ، وَاللهِ، فَقَدْ أَصَابَ

ابوجہل نے کہا: وہ کیا ہے؟ فرمایا: وہ یہ ہے کہ مجھے بیت المقدس تک رات کو سیر کروائی گئی' پھر میں نے صبح تمہارے درمیان کی ہے' اس نے کہا: ٹھیک ہے۔ اس نے کہا: اگر میں آپ کے پاس تیری قوم کو لے کر آؤں تو اُن کو وہی بتانا جو مجھے بتایا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جی ہاں! ابوجہل نے کہا: آپ اپنی قوم کو بتائیں جو مجھے بتایا ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: مجھے اس رات سیر کروائی گئی ہے' انہوں نے کہا: کہاں تک؟ فرمایا: بیت المقدس تک' انہوں نے کہا: ہاں! پھر آپ نے صبح تو ہمارے درمیان کی ہے؟ آپ نے فرمایا: جی ہاں! ابوجہل نے تعجب کرتے ہوئے اپنے سر پر ہاتھ رکھ لیا' قوم میں ایک آدمی تھا' اس نے اُس مسجد تک سفر کیا ہوا تھا۔ اس نے کہا: کیا آپ ہم کو مسجد کی تفصیل بتائیں گے؟ آپ نے فرمایا: جی ہاں! حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں نے اُن کو ساری تفصیل بتائی یہاں تک کہ بعض اس کی صفت مجھ پر ملتبس ہوگئی' پھر اس کے بعد مسجد میرے سامنے رکھ دی گئی' میں اس کی طرف دیکھ رہا تھا' میں اُن کو بتاتا دیکھ دیکھ کر' قوم نے عرض کی: آپ نے درست حالت بتائی ہے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَبَّاسٍ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ عَوْفٌ

یہ حدیث عبداللہ بن عباس سے اسی سند سے روایت ہے' اُن سے روایت کرنے میں عوف اکیلے ہیں۔

**2448** - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا الْقَعْنَبِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللهِ بْنُ عُمَرَ، عَنْ خُبَيْبِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ حَفْصِ بْنِ عَاصِمٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ایک آدمی جنت والے کام کرتا ہے ۷۰ سال تک' اس کا خاتمہ جہنمی کام کرتے ہوئے ہوتا

2448- انظر: مجمع البحرين (3235) .

قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ الرَّجُلَ لَيَعْمَلُ بِعَمَلِ أَهْلِ الْجَنَّةِ سَبْعِينَ سَنَةً، فَيُخْتَمُ لَهُ بِعَمَلِ أَهْلِ النَّارِ، فَيَكُونُ مِنْ أَهْلِ النَّارِ، وَإِنَّ الْعَبْدَ لَيَعْمَلُ بِعَمَلِ أَهْلِ النَّارِ سَبْعِينَ سَنَةً، فَيُخْتَمُ لَهُ بِعَمَلِ أَهْلِ الْجَنَّةِ، فَيَكُونُ مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ

ہے وہ جہنمی ہو جاتا ہے ایک بندہ جہنم والے کام کرتا ہے ۷۰ سال تک وہ عمل جنت والا کرتا ہے تو وہ جنتی ہو جاتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ خُبَيْبٍ إِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ

یہ حدیث خبیب سے صرف عبداللہ ہی روایت کرتے ہیں۔

**2449** - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ قَالَ: أَنَا شَيْبَانُ أَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ عُرْفُطَةَ السُّلَمِيِّ، عَنْ خِدَاشٍ أَبِي سَلَامَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: أُوصِي امْرَأً بِأُمِّهِ، أُوصِي امْرَأً بِأَبِيهِ، أُوصِي امْرَأً بِمَوْلَاهُ الَّذِي يَلِيهِ، وَإِنْ كَانَتْ عَلَيْهِ مِنْهُ أَذَاةٌ تُؤْذِيهِ

حضرت ابی سلامہ حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: میں آدمی کو وصیت کرتا ہوں کہ وہ اپنی ماں سے اچھا سلوک کرے وہ اپنے باپ سے اچھا سلوک کرے اور اپنے غلاموں سے اچھا سلوک کرے اگر اس نے اس کو تکلیف دی تو اس کو تکلیف دی جائے گی۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ خِدَاشٍ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ مَنْصُورٌ

یہ حدیث خراش سے اسی سند سے روایت ہے ان سے روایت کرنے میں منصور اکیلے ہیں۔

**2450** - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا مَالِكُ بْنُ زِيَادٍ الْكُوفِيُّ قَالَ: نا مِنْدَلُ بْنُ عَلِيٍّ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ أُهْدِيَتْ إِلَيْهِ هَدِيَّةٌ، وَعِنْدَهُ قَوْمٌ، فَهُمْ شُرَكَاؤُهُ فِيهَا

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس کسی کو ہدیہ دیا جائے وہاں لوگ موجود ہوں وہ اس ہدیہ میں برابر کے شریک ہیں۔

---

**2449**- أخرجه ابن ماجة: الأدب جلد **2** صفحه **1206** رقم الحديث: **3657**، وأحمد: المسند جلد **4** صفحه **382** رقم الحديث: **18815**، والحاكم في المستدرك جلد **4** صفحه **150**، والطبراني في الكبير جلد **4** صفحه **219** رقم الحديث: **4184** .

**2450**- أخرجه الطبراني في الكبير رقم الحديث: **11183** . انظر: مجمع الزوائد جلد **4** صفحه **151** .

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَمْرٍو إِلَّا ابْنُ جُرَيْجٍ، تَفَرَّدَ بِهِ مِنْدَلٌ، وَلَا يُرْوَى عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ

یہ حدیث عمرو سے ابن جریج ہی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں مندل اکیلے ہیں' ابن عباس سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔

**2451** - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ قَالَ: نا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ أَبِي عِمْرَانَ الْجَوْنِيِّ قَالَ: كَتَبَ إِلَيَّ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَبَاحٍ، يُحَدِّثُنِي، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ: هَجَّرْتُ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَعَدْنَا بِالْبَابِ؛ فَسَمِعَ رَجُلَيْنِ اخْتَلَفَا فِي آيَةٍ، خَرَجَ إِلَيْنَا يُعْرَفُ الْغَضَبُ فِي وَجْهِهِ، فَقَالَ: إِنَّمَا هَلَكَ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ بِكَثْرَةِ اخْتِلَافِهِمْ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ میں نے حضور ﷺ کی طرف ہجرت کی' ہم دروازے کے پاس بیٹھے ہوئے تھے' آپ نے دو آدمیوں سے سنا' وہ ایک آیت میں اختلاف کر رہے ہیں' آپ ﷺ ہماری طرف نکلے تو غصہ آپ کے چہرے سے معلوم ہو رہا تھا' آپ نے فرمایا: تم سے پہلے لوگ ہلاک ہی زیادہ اختلاف کرنے کی وجہ سے ہوئے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رَبَاحٍ إِلَّا أَبُو عِمْرَانَ الْجَوْنِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ حَمَّادٌ

یہ حدیث عبداللہ بن رباح سے صرف ابوعمران الجونی ہی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں حماد اکیلے ہیں۔

**2452** - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا أَبُو عُمَرَ الضَّرِيرُ قَالَ: نا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُئِلَ عَنْ فَأْرَةٍ وَقَعَتْ فِي سَمْنٍ جَامِدٍ، فَقَالَ: يُؤْخَذُ مَا تَحْتَهَا وَمَا حَوْلَهَا فَيُلْقَى، ثُمَّ يُؤْكَلُ الْبَقِيَّةُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ سے اس چوہے کے متعلق پوچھا گیا جو جمے ہوئے گھی میں گر جائے' آپ نے فرمایا: جو اس کے اردگرد لگا ہے اس کو پھینک دو' پھر بقیہ کھالو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيدٍ إِلَّا مَعْمَرٌ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ مَعْمَرٍ إِلَّا يَزِيدُ وَعَبْدُ الْوَاحِدِ

یہ حدیث زہری سعید سے اور زہری سے صرف معمر اور معمر سے صرف یزید اور عبدالواحد بن زیاد ہی روایت

---

**2451**- أخرجه مسلم: العلم جلد4صفحه2053' وأحمد: المسند جلد2صفحه259 رقم الحديث: 6812 .

**2452**- أخرجه أبوداؤد: الأطعمة جلد3صفحه363-364 رقم الحديث: 3842' وأحمد: المسند جلد 2صفحه312 رقم الحديث: 7195 .

بْنُ زِيَادٍ

کرتے ہیں۔

2453 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ قَالَ: اَنَا شَيْبَانُ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ اَبِي عُثْمَانَ، مَوْلَى الْمُغِيرَةِ بْنِ شُعْبَةَ قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا هُرَيْرَةَ يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تُنْزَعُ الرَّحْمَةُ اِلَّا مِنْ شَقِيٍّ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: رحمت صرف بدبخت سے لی جاتی ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ شَيْبَانَ اِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ

یہ حدیث شیبان سے صرف عبداللہ ہی روایت کرتے ہیں۔

2454 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ قَالَ: اَنَا عِمْرَانُ الْقَطَّانُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي الْحَسَنِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: خَرَجَ ثَلَاثَةُ نَفَرٍ مِمَّنْ كَانَ قَبْلَكُمْ يَرْتَادُونَ لِاَهْلِيهِمْ، فَاَصَابَتْهُمُ السَّمَاءُ، فَلَجَئُوا اِلَى جَبَلٍ اَوْ اِلَى كَهْفٍ، فَوَقَعَ عَلَيْهِمْ حَجَرٌ، فَقَالَ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ: وَقَعَ الْحَجَرُ، وَعَفَا الْاَثَرُ، وَلَا يَعْلَمُ مَكَانَكُمْ اِلَّا اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ، اُدْعُوا بِاَوْثَقِ اَعْمَالِكُمْ، فَقَالَ اَحَدُهُمْ: كَانَ لِي وَالِدَانِ، فَكُنْتُ اَحْلُبُ لَهُمَا فِي اِنَاءٍ، فَاِذَا اَتَيْتُهُمَا وَهُمَا نَائِمَانِ قُمْتُ قَائِمًا حَتَّى يَسْتَيْقِظَا مَتَى اسْتَيْقَظَا، وَكَرِهْتُ اَنْ تَدُورَ سِنَتُهُمَا فِي رُئُوسِهِمَا، فَاِذَا اسْتَيْقَظَا شَرِبَا، اللّٰهُمَّ اِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اَنِّي اِنَّمَا فَعَلْتُ ذَلِكَ رَجَاءَ رَحْمَتِكَ وَخَشْيَةَ عَذَابِكَ فَافْرُجْ

حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے' انہوں نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا تین آدمیوں کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا: تین آدمی غار میں داخل ہوئے' پہاڑ سے پتھر کا ایک ٹکڑا غار کے دروازے پر گرا (غار کا منہ بند ہو گیا) اُن میں سے ایک کہنے والے نے کہا: پتھر گر پڑا ہے اور اثر مٹ گیا ہے اور تمہارا مقام صرف اللہ ہی جانتا ہے۔ تم اللہ تعالیٰ سے اپنے اُن اعمال کے وسیلہ سے دعا کرو جس پر تمہیں زیادہ بھروسہ ہے۔ پس اُن میں سے ایک نے کہا: میرے والدین تھے' میں ایک برتن میں اُن کے لیے دودھ دوہتا تھا' پس جب میں اُن کے پاس آتا تو وہ سوئے ہوئے تھے تو میں کھڑا ہو جایا کرتا تھا یہاں تک کہ وہ بذاتِ خود جاگتے جب بھی جاگتے۔ میں نے اُن کی عادت بدلنے کو ناپسند کیا' پس جب وہ بذاتِ خود جاگتے تو دودھ پیتے۔ اے اللہ! تُو اس بات سے واقف

2453- أخرجه أبو داؤد: الأدب جلد4صفحه287 رقم الحديث: 4942' والترمذي: البر والصلة جلد4صفحه323 رقم الحديث: 1923' وأحمد: المسند جلد2صفحه582 رقم الحديث: 9715 .

2454- انظر: مجمع البحرين (2830) .

عَنَّا، فَزَالَ ثُلُثُ الْحَجَرِ، وَقَالَ الْآخَرُ: اللّٰهُمَّ اِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّهُ كَانَتِ امْرَاَةٌ تُعْجِبُنِي، فَارَدْتُهَا، فَابَتْ اَنْ تُمَكِّنَنِي مِنْ نَفْسِهَا حَتّٰى جَعَلْتُ لَهَا جُعْلًا، فَلَمَّا اَخَذَتْ جُعْلَهَا، وَاسْتَقَرَّتْ نَفْسُهَا تَرَكْتُهَا، اللّٰهُمَّ اِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اَنِّي اِنَّمَا فَعَلْتُ ذٰلِكَ رَجَاءَ رَحْمَتِكَ وَخَشْيَةَ عَذَابِكَ فَافْرُجْ عَنَّا، فَزَالَ ثُلُثَا الْحَجَرِ، وَقَالَ الثَّالِثُ: اللّٰهُمَّ اِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اَنِّي اسْتَاْجَرْتُ اَجِيرًا، يَعْمَلُ يَوْمًا، فَعَمِلَ، فَجَاءَ يَطْلُبُ اَجْرَهُ، فَاَعْطَيْتُهُ، فَلَمْ يَاْخُذْهُ، وَتَسَخَّطَهُ، فَوَفَّرْتُهُ عَلَيْهِ حَتّٰى صَارَ مِنْ كُلِّ الْمَالِ، ثُمَّ جَاءَ يَطْلُبُ اَجْرَهُ، فَقُلْتُ: خُذْ هٰذَا كُلَّهُ، وَلَوْ شِئْتُ لَمْ اُعْطِهِ اِلَّا اَجْرَهُ، اللّٰهُمَّ اِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اَنِّي اِنَّمَا فَعَلْتُ ذٰلِكَ رَجَاءَ رَحْمَتِكَ وَخَشْيَةَ عَذَابِكَ، فَافْرُجْ عَنَّا، فَزَالَ ثُلُثُ الْحَجَرِ، وَخَرَجُوا يَتَمَاشَوْنَ

ہے کہ میں نے تیری رحمت کی اُمید اور تیرے عذاب کے ڈر سے یہ کام کیا۔ اس کو ہم سے دور کر! پھر پتھر کا تہائی حصہ ہٹ گیا۔ دوسرے نے کہا: اے اللہ! اگر تیرے نزدیک میرا وہ عمل کہ ایک عورت نے مجھے خوش کیا' میں نے اس سے بُرا ارادہ کیا' اس نے مجھے اپنے اوپر قدرت دینے سے انکار کیا حتیٰ کہ میں نے کئی پاپڑ بیلے' پس جب وہ میرے دام میں آ گئی تو میں نے اسے چھوڑ دیا۔ یہ تیری رحمت کی اُمید اور تیرے عذاب کے ڈر سے تھا تو اس مصیبت کو ٹال دے۔ تیسرے نے کہا: میں نے ایک مزدور رکھا تا کہ دن کو کام کرے' پس اس نے کام کیا تو وہ اپنی مزدوری لینے کے لیے آیا تو میں نے اسے دے دی۔ پس وہ نہ لیتا تھا اور ناراض ہوا' پس میں نے مزدوری زیادہ کی یہاں تک کہ تمام مال سے ہو گئی۔ پھر وہ مانگنے کے لیے آیا تو میں نے کہا: یہ سب کچھ لے لے اور اگر میں چاہتا تو اسے صرف اس کی مزدوری دیتا۔ اے اللہ! اگر تیرے نزدیک میرا یہ کام تیری رحمت کی اُمید اور تیرے عذاب کے ڈر سے تھا تو اس پتھر کو ہم سے دور کر دے! تو پتھر کا بقیہ تہائی حصہ بھی ہٹ گیا اور وہ چلتے ہوئے نکل گئے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي الْحَسَنِ اِلَّا عِمْرَانُ

یہ حدیث قتادہ' سعید بن ابی الحسن سے صرف عمران ہی روایت کرتے ہیں۔

**2455** - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ سَلَّامٍ الْعَطَّارُ قَالَ: نا ثَوْرُ بْنُ يَزِيدَ، عَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ، عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اپنی ضرورتیں چھپا کر مدد طلب کیا کرو کیونکہ ہر نعمت والے سے حسد کیا جاتا ہے۔

**2455**- انظر: مجمع البحرين (**2924**).

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اسْتَعِينُوا عَلَى انْجَاحِ الْحَوَائِجِ بِالْكِتْمَانِ، فَإِنَّ كُلَّ ذِي نِعْمَةٍ مَحْسُودٌ

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ مُعَاذٍ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ سَعِيدٌ

یہ حدیث معاذ سے صرف اسی سند سے روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں سعید اکیلے ہیں۔

**2456** - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ قَالَ: نا جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ قَالَ: سَأَلْتُ زَيْدَ بْنَ أَسْلَمَ فَحَدَّثَنِي، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، أَنَّ رَجُلًا كَانَ يَرْعَى نَاقَةً لَهُ فِي قِبَلِ أُحُدٍ، فَعَرَضَ لَهَا فَنَحَرَهَا بِوَتَدٍ، فَأَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ ذَلِكَ لَهُ، فَقَالَ: كُلْهَا قَالَ جَرِيرٌ: قُلْتُ لِزَيْدٍ: الْوَتَدُ مِنْ حَدِيدٍ أَوْ خَشَبٍ؟ قَالَ: مِنْ خَشَبٍ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک آدمی اپنی اونٹنی چراتا تھا اُحد کی طرف' اسے عارضہ لاحق ہوا' اس نے اس کو پتھر سے ذبح کر دیا' اس کے بعد وہ حضور ﷺ کے پاس آیا' اس نے اس کا ذکر کیا' آپ نے فرمایا: اس کو کھالو۔ حضرت جریر فرماتے ہیں: میں نے ولید سے کہا: وَتَد لوہا کا یا لکڑی کا تھا؟ فرمایا: لکڑی کا۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ زَيْدٍ إِلَّا مِنْ حَدِيثِ جَرِيرٍ وَرَوَى هَذَا الْحَدِيثَ حَبَّانُ بْنُ هِلَالٍ، عَنْ جَرِيرِ بْنِ حَازِمٍ، عَنْ أَيُّوبَ السَّخْتِيَانِيِّ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، قَالَ جَرِيرٌ: ثُمَّ لَقِيتُ زَيْدَ بْنَ أَسْلَمَ، فَحَدَّثَنِي بِهِ

یہ حدیث زید سے صرف جریر ہی روایت کرتے ہیں' یہ حدیث حبان بن ھلال' جریر بن حازم' وہ ایوب السختیانی سے' وہ زید بن اسلم۔ حضرت جریر فرماتے ہیں: میں زید بن اسلم سے ملا' مجھے انہوں نے یہ حدیث بیان کی۔

**2457** - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نَا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ: نا أَبَانُ بْنُ يَزِيدَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حِطَّانَ، عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ لَا يَتْرُكُ فِي بَيْتِهِ شَيْئًا فِيهِ تَصَالِيبُ إِلَّا قَضَبَهُ لَا يَرْوِي هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضور ﷺ اپنے گھر میں کوئی تصویر دیکھتے تو اس کو مٹا دیتے تھے۔ اس حدیث کو حضرت عائشہ سے صرف حضرت عمران روایت کرتے ہیں۔

---

**2456**- أخرجه النسائي: الضحايا جلد7صفحه198 (باب اباحة الذبح بالعود).

**2457**- أخرجه البخاري: اللباس جلد10صفحه398 رقم الحديث: 5952' وأبو داؤد: اللباس جلد4صفحه71 رقم الحديث: 4151' وأحمد: المسند جلد6صفحه263 رقم الحديث: 26050.

عَائِشَةَ إِلَّا عِمْرَانُ

2458 - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا الْقَعْنَبِيُّ قَالَ: نا ابْنُ أَبِي ذِئْبٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَطَاءٍ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ جَابِرِ بْنِ عَتِيكٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا حَدَّثَ الرَّجُلُ بِحَدِيثٍ، ثُمَّ الْتَفَتَ فَهِيَ أَمَانَةٌ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضورﷺ نے فرمایا: جب کوئی آدمی گفتگو کرے پھر اس کی طرف متوجہ ہو وہ امانت ہے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ ابْنُ أَبِي ذِئْبٍ

یہ حدیث جابر بن عبداللہ سے صرف اسی سند سے روایت ہے' ان سے روایت کرنے میں ابن ابی ذئب اکیلے ہیں۔

2459 - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ قَالَ: أَنَا عِمْرَانُ بْنُ يَزِيدَ التَّغْلِبِيُّ، عَنْ سَعْدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ شَرِبَ فِي آنِيَةِ الْفِضَّةِ فَإِنَّمَا يُجَرْجِرُ فِي بَطْنِهِ نَارًا

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضورﷺ نے فرمایا: جو چاندی کے برتن میں پیتا ہے' وہ اپنے پیٹ میں جہنم کی آگ بھرتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سَالِمٍ، عَنْ عَائِشَةَ إِلَّا سَعْدٌ، تَفَرَّدَ بِهِ عِمْرَانُ

یہ حدیث سالم' حضرت عائشہ سے اور سالم سے صرف سعد ہی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عمران اکیلے ہیں۔

2460 - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے

2458- أخرجه أبو داؤد: الأدب جلد4صفحه269 رقم الحديث: 4868' والترمذي: البر والصلة جلد4صفحه341 رقم الحديث: 1959' وأحمد: المسند جلد3صفحه463 رقم الحديث: 15072 .

2459- أخرجه ابن ماجة: الأشربة جلد2صفحه1130 رقم الحديث: 3415' وأحمد: المسند جلد 6صفحه109 رقم الحديث: 24716 .

2460- أخرجه الحاكم في المستدرك جلد1صفحه347 . انظر: مجمع الزوائد جلد2صفحه307 .

بْنُ رَجَاءٍ قَالَ: اَنَا عِمْرَانُ بْنُ يَزِيدَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْقَاسِمِ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَا ضَرَبَ عَلَى مُؤْمِنٍ عِرْقٌ قَطُّ اِلَّا حَطَّ اللّٰهُ عَنْهُ بِهِ خَطِيئَةً، وَكَتَبَ لَهُ حَسَنَةً، وَرَفَعَ لَهُ دَرَجَةً

حضور ﷺ سے سنا فرماتے ہوئے کہ مؤمن پر پسینہ ظاہر نہیں ہوتا ہے مگر اس سے اللہ عزوجل ایک گناہ دُور کرتا ہے اور اس کے لیے ایک نیکی لکھتا ہے اور ایک درجہ اس کے لیے بلند کرتا ہے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ عَائِشَةَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ عِمْرَانُ

یہ حدیث حضرت عائشہ سے صرف اسی سند سے روایت ہے اس کو روایت کرنے میں عمران اکیلا ہے۔

**2461** - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ قَالَ: اَنَا زُهَيْرُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ سَعْدِ بْنِ عِيَاضٍ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: اَحَبُّ الْعُرَاقِ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذِرَاعُ الشَّاةِ وَكُنَّا نَرَى اَنَّ الْيَهُودَ هُمُ الَّذِينَ سَمُّوهُ فِيهِ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ کو بکری کی دستی سب سے زیادہ پسند تھی اور ہم خیال کرتے تھے کہ یہود نے اسی لیے اس میں زہر ملایا تھا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ اِلَّا زُهَيْرٌ

ابواسحٰق سے صرف زہیر ہی روایت کرتے ہیں۔

**2462** - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا مَالِكُ بْنُ زِيَادٍ الْكُوفِيُّ قَالَ: نا حِبَّانُ بْنُ عَلِيٍّ قَالَ: نا مُسْتَلِمُ بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ زِيَادِ بْنِ مَيْمُونٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: طَلَبُ الْعِلْمِ فَرِيضَةٌ عَلَى كُلِّ مُسْلِمٍ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: علم حاصل کرنا ہر مسلمان پر فرض ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُسْتَلِمٍ اِلَّا حِبَّانُ، تَفَرَّدَ بِهِ مَالِكٌ

یہ حدیث مستلم سے صرف حبان ہی روایت کرتے ہیں اس کو روایت کرنے میں مالک اکیلے ہیں۔

**2463** - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور

---

**2461**- أخرجه أبو داؤد: الأطعمة جلد 3 صفحه 349 رقم الحديث: 3780-3781' وأحمد: المسند جلد 1 صفحه 511 رقم الحديث: 3732 .

**2462**- أخرجه ابن ماجة: المقدمة جلد 1 صفحه 81 رقم الحديث: 224 . انظر: كشف الخفاء جلد 2 صفحه 56 رقم الحديث: 1665 .

**2463**- انظر: مجمع البحرين (2952) .

عَبْدِ اللّٰهِ الْاَنْصَارِيُّ، وَإِبْرَاهِيمُ بْنُ حُمَيْدٍ الطَّوِيلُ، قَالَا: نا صَالِحُ بْنُ اَبِي الْاَخْضَرِ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ اُولِيَ مَعْرُوفًا فَلْيُكَافِءْ بِهِ، فَإِنْ لَمْ يَسْتَطِعْ فَلْيَذْكُرْهُ، فَإِنْ ذَكَرَهُ فَقَدْ شَكَرَهُ، وَالْمُتَشَبِّعُ بِمَا لَمْ يَنَلْ كَلَابِسِ ثَوْبَيْ زُورٍ

ﷺ نے فرمایا: جوکسی پر احسان کرے اس کو اس کا بدلہ دے اگر بدلہ دینے کی طاقت نہیں رکھتا ہے تو اس کا ذکر کرے اگر اس نے اس کا ذکر کیا' اس نے اس کا شکریہ ادا کیا' پیٹ بھرنے والا اُس چیز سے جس کو پانا اُس کے لیے مشکل ہے۔ جھوٹے کپڑے پہننے والے کی طرح ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ اِلَّا صَالِحٌ

یہ حدیث زہری سے صرف صالح ہی روایت کرتے ہیں۔

**2464** - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ الْحَوْضِيُّ قَالَ: نا مُرَجَّى بْنُ رَجَاءٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاهِيمَ التَّيْمِيِّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ مَعْمَرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْعَدَوِيِّ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا يَحْتَكِرُ اِلَّا خَاطِىءٌ

حضرت معمر بن عبداللہ العدوی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے حضور ﷺ سے سنا' فرماتے ہوئے کہ ذخیرہ اندوزی صرف گناہ گار ہی کرے گا یعنی یہ گناہ ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُرَجَّى اِلَّا اَبُو عُمَرَ الْحَوْضِيُّ

یہ حدیث مرجّی سے صرف ابوعمر الحوضی ہی روایت کرتے ہیں۔

**2465** - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ حَمَّادٍ الشُّعَيْثِيُّ قَالَ: نا ابْنُ عَوْنٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ كِرَى الْاَرْضِ

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے منع فرمایا زمین کو کرائے پر دینے سے۔

---

**2464**- أخرجه أبو داؤد: البيوع جلد **3** صفحه **269** رقم الحديث: **3447**' والترمذي: البيوع جلد **3** صفحه **558** رقم الحديث: **1267**' وابن ماجه: التجارات جلد **2** صفحه **728** رقم الحديث: **2154**' والدارمي: البيوع جلد **2** صفحه **323** رقم الحديث: **2543**' وأحمد: المسند جلد **3** صفحه **553** رقم الحديث: **15767-15764** .

**2465**- أخرجه البخاري: المغازي جلد **7** صفحه **371** رقم الحديث: **4013-4012**' ومسلم: البيوع جلد **3** صفحه **1183** .

**2466** - وَعَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، اَنَّ حَكِيمَ بْنَ حِزَامٍ قَالَ: نَهَانِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ اَبِيعَ مَا لَيْسَ عِنْدِي

حضرت حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ مجھے حضور ﷺ نے منع کیا اس سے جو میرے پاس نہیں ہے اس کو فروخت کرنے سے۔

**2467** - وَعَنْ مُحَمَّدٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ احْتَجَمَ وَاَجَرَهُ، وَلَوْ كَانَ خَبِيثًا لَمْ يُعْطِهِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے پچھنا لگوایا اور اس کی اُجرت بھی دی؛ اگر پچھنا لگوانا بُرا ہوتا تو آپ اس کو اُجرت نہ دیتے۔

**2468** - وَبِهِ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقْصُرُ الصَّلَاةَ فِيمَا بَيْنَ الْمَدِينَةِ وَمَكَّةَ، لَا يَخَافُ اِلَّا اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور ﷺ مدینہ اور مکہ کے درمیان حالت سفر میں نماز قصر کرتے تھے (یعنی دو رکعت ادا کرتے تھے) اور آپ کو ڈر صرف اللہ سے ہوتا تھا۔

**2469** - وَعَنْ مُحَمَّدٍ، اَنَّ جِنَازَةً، مَرَّتْ عَلَى ابْنِ عَبَّاسٍ، وَالْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ، فَقَامَ اَحَدُهُمَا، وَقَعَدَ الْآخَرُ، فَقَالَ الْقَائِمُ لِلْقَاعِدِ: اَلَيْسَ قَدْ قَامَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ فَقَالَ: بَلَى، وَقَعَدَ

حضرت محمد سے روایت ہے کہ ایک جنازہ حضرت ابن عباس اور حسن بن علی رضی اللہ عنہم کے پاس سے گزرا' ان میں ایک کھڑا ہوا اور دوسرا بیٹھا رہا' کھڑے ہونے والے نے بیٹھنے والے سے کہا: کیا حضور ﷺ کھڑے نہیں ہوتے تھے؟ بیٹھنے والے نے کہا: کیوں نہیں! آپ بیٹھے بھی رہتے تھے۔

**2470** - وَعَنْ مُحَمَّدٍ، اَنَّ اَبَا سَعِيدٍ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ سے روایت

---

**2466**- أخرجه الترمذي: البيوع جلد 3 صفحه 525 رقم الحديث: 1233' وأحمد: المسند جلد 3 صفحه 491 رقم الحديث: 15319 .

**2467**- أخرجه البخاري: الاجارة جلد 4 صفحه 536 رقم الحديث: 2279' ومسلم: المساقاة جلد 3 صفحه 1205' أخرجه البيهقي في الكبرى جلد 9 صفحه 568 رقم الحديث: 19516 .

**2468**- أخرجه الترمذي: الصلاة جلد 2 صفحه 431 رقم الحديث: 547' والنسائي: تقصير الصلاة جلد 3 صفحه 96' وأحمد: المسند جلد 1 صفحه 461 رقم الحديث: 3333 .

**2469**- أخرجه النسائي: الجنائز جلد 4 صفحه 38 (باب الرخصة في ترك القيام) .

**2470**- أخرجه البخاري: التوحيد جلد 13 صفحه 545 رقم الحديث: 7562' ومسلم: الزكاة جلد 2 صفحه 744 .

الْخُدْرِيَّ قَالَ: إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَكَرَ قَوْمًا يَقْرَئُونَ الْقُرْآنَ لَا يُجَاوِزُ تَرَاقِيَهُمْ، يَمْرُقُونَ مِنَ الدِّينِ كَمَا يَمْرُقُ السَّهْمُ مِنَ الرَّمِيَّةِ، ثُمَّ لَا يَعُودُونَ فِيهِ

ہے کہ حضور ﷺ نے ایک قوم کا ذکر کیا' (فرمایا:) وہ لوگ قرآن پڑھیں گے لیکن قرآن اُن کے حلق سے نیچے نہیں اُترے گا' وہ دین سے اس طرح نکل جائیں گے جس طرح تیر کمان سے نکل جاتا ہے' پھر واپس لوٹ کر اس میں نہیں آئیں گے۔

2471- وَعَنْ مُحَمَّدٍ، أَنَّ عَائِشَةَ، حَدَّثَتْ: أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُصَلِّي قَائِمًا وَقَاعِدًا، فَإِذَا صَلَّى قَائِمًا رَكَعَ قَائِمًا، وَإِذَا صَلَّى قَاعِدًا رَكَعَ قَاعِدًا

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ حضور ﷺ کھڑے ہو کر اور بیٹھ کر نماز پڑھتے تھے (یعنی نفل نماز) جب کھڑے ہو کر نماز پڑھتے تو رکوع بھی کھڑے ہو کر کرتے تھے' جب بیٹھ کر نماز پڑھتے تو بیٹھ کر رکوع کرتے تھے۔

2472- حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْأَنْصَارِيُّ، وَعَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ حَمَّادٍ الشُّعَيْثِيُّ، قَالَا: نا ابْنُ عَوْنٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيرٍ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: الْحَلَالُ بَيِّنٌ، وَالْحَرَامُ بَيِّنٌ، وَإِنَّ بَيْنَ ذَلِكَ أُمُورًا مُشْتَبِهَةً، وَسَأَضْرِبُ لَكُمْ فِي ذَلِكَ مَثَلًا: إِنَّ اللّٰهَ حَمَى حِمًى، وَإِنَّ حِمَى اللّٰهِ مَا حَرَّمَ، وَإِنَّهُ مَنْ يَرْعَ حَوْلَ الْحِمَى يُوشِكُ أَنْ يُخَالِطَهُ

حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے' فرماتے ہیں کہ میں نے حضور ﷺ سے سنا فرماتے ہوئے کہ حلال اور حرام واضح ہیں' ان کے درمیان ایسے اُمور ہیں جو مشکوک ہیں' میں تمہارے لیے اس کی مثال بیان کرتا ہوں کہ بے شک اللہ کی چراگاہ ہے اور اللہ کی چراگاہ وہ ہے جو اللہ نے حرام کیا ہے' جو چراگاہ کے اردگرد چراتا ہے تو قریب ہے کہ اس میں چلا جائے گا۔

2473- حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ حَمَّادٍ الشُّعَيْثِيُّ قَالَ: نا ابْنُ عَوْنٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ عَبِيدَةَ السَّلْمَانِيِّ قَالَ: أَلَا

حضرت عبیدہ سلمانی فرماتے ہیں کہ کیا میں تجھے اُس چیز سے آگاہ نہ کروں جس کی خبر مجھے حضرت علی رضی اللہ عنہ نے دی؟ فرمایا: اُن میں ایک ناقص اور چھوٹے

2471- أخرجه مسلم: صلاة لامسافرين جلد1صفحه504' وأبو داؤد: الصلاة جلد1صفحه249 رقم الحديث: 955 .

2472- أخرجه البخاري: الايمان جلد1صفحه153 رقم الحديث: 52' ومسلم: المساقاة جلد3صفحه1219-1220 .

2473- أخرجه مسلم: الزكاة جلد 2صفحه747' وأبو داؤد: السنة جلد4صفحه243 رقم الحديث: 4763' وابن ماجه المقدمة جلد1صفحه59 رقم الحديث: 167 .

أُنَبِّئُكَ إِلَى مَا نَبَّأَنِي عَلِيٌّ؟ قَالَ: فِيهِمْ مُودَنُ الْيَدِ، أَوْ مُثَدَّنُ الْيَدِ، أَوْ مُخْدَجُ الْيَدِ، لَوْلَا أَنْ تَبْطَرُوا لَأَنْبَأْتُكُمْ مَا وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِينَ يُقَاتِلُونَهُمْ عَلَى لِسَانِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قُلْنَا: أَنْتَ سَمِعْتَهُ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ؟ قَالَ: إِي وَرَبِّ الْكَعْبَةِ، حَتَّى قَالَهَا ثَلَاثًا

ہاتھوں والا ہے یا ناقص ہاتھوں والا ہے۔ فرمایا: اگر آپ لوگ پریشان نہ ہوں تو میں تمہیں اُس وعدہ سے آگاہ کروں جو اللہ تعالیٰ نے اُن لوگوں سے فرمایا جنہوں نے محمد ﷺ کی زبان پر اُن لوگوں سے جہاد کیا۔ ہم نے عرض کی: (اے علی!) آپ نے بذاتِ خود اسے رسول کریم ﷺ سے سنا ہے؟ فرمایا: ربِ کعبہ کی قسم! ہاں! یہاں تک کہ آپ نے یہ بات تین بار کہی۔

**2474** - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ حَمَّادٍ الشُّعَيْثِيُّ قَالَ: نا كَهْمَسُ بْنُ الْحَسَنِ، عَنْ أَبِي السَّلِيلِ قَالَ: قَالَ أَبُو ذَرٍّ: كَانَ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتْلُو عَلَيَّ هَذِهِ الْآيَةَ: (وَمَنْ يَتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَهُ مَخْرَجًا وَيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ وَمَنْ يَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهُ) (الطلاق: 3 ) فَجَعَلَ يُعِيدُهَا عَلَيَّ حَتَّى نَعِسْتُ. ثُمَّ قَالَ: يَا أَبَا ذَرٍّ، كَيْفَ تَصْنَعُ إِذَا أُخْرِجْتَ مِنَ الْمَدِينَةِ؟ قُلْتُ: إِلَى السَّعَةِ وَالدَّعَةِ، أَنْطَلِقُ فَأَنْطَلِقُ، فَأَكُونُ حَمَامَةً مِنْ حَمَامَةِ الْحَرَمِ قَالَ: فَكَيْفَ تَصْنَعُ إِذَا أُخْرِجْتَ مِنْ مَكَّةَ؟ قُلْتُ: إِلَى السَّعَةِ وَالدَّعَةِ، إِلَى الشَّامِ وَإِلَى الْأَرْضِ الْمُقَدَّسَةِ قَالَ: فَكَيْفَ تَصْنَعُ إِذَا أُخْرِجْتَ مِنَ الشَّامِ؟ قُلْتُ: إِذًا وَالَّذِي بَعَثَكَ بِالْحَقِّ أَضَعُ سَيْفِي عَلَى عَاتِقِي قَالَ: أَوْ خَيْرٌ مِنْ ذَلِكَ تَسْمَعُ وَتُطِيعُ وَإِنْ كَانَ عَبْدًا حَبَشِيًّا

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ میرے سامنے یہ آیت تلاوت کرتے تھے: جو اللہ سے ڈرتا ہے اللہ اس کے لیے نکلنے کا راستہ مقرر کرتا ہے اس کو ایسی جگہ سے رزق دیتا ہے جہاں سے اس کو گمان بھی نہیں ہوتا ہے اور جو اللہ پر بھروسہ کرتا ہے اللہ اس کے لیے کافی ہوتا ہے آپ اس کو بار بار پڑھنے لگے یہاں تک کہ میں رونے لگا' پھر فرمایا: اے ابوذر! وہ وقت کیا ہوگا جب تُو مدینہ سے نکالا جائے گا؟ میں نے عرض کی: میں کوشش کروں گا اور چھوڑوں گا' پھر آپ چلے اور میں بھی چلا' میں حرم کی کبوتری میں ایک کبوتری تھا' آپ نے فرمایا: تو کیا کرے گا جب آپ کو مکہ سے نکالا جائے گا۔ میں نے عرض کی: میں کوشش کروں گا اور چھوڑوں گا۔ شام کی طرف اور مقدس زمین کی طرف (بیت المقدس)۔ آپ نے فرمایا: تو تیری کیا حالت ہو گی تو کیا کرے گا جب آپ کو شام سے نکالا جائے گا؟ میں نے عرض کی: اس وقت (میں کیا کروں) اس ذات کی قسم جس نے آپ کو حق کے ساتھ

2474- انظر: مجمع الزوائد جلد5صفحه226 .

مبعوث کیا ہے' میں اپنی تلوار اپنے کندھے پر رکھوں گا' آپ نے فرمایا: کیا تُو اس سے بہتر نہیں کرے گا' تُو سن اور اطاعت کر' اگرچہ حبشی غلام ہی ہو۔

**2475** - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ حَمَّادٍ قَالَ: نا كَهْمَسٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَقِيقٍ قَالَ: قُلْتُ لِعَائِشَةَ: اَكَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي الضُّحَى؟ قَالَتْ: لَا اِلَّا اَنْ يَجِيءَ مِنْ مَغِيبِهِ قُلْتُ: اَكَانَ يُصَلِّي جَالِسًا؟ قَالَتْ: نَعَمْ، بَعْدَمَا حَطَمَهُ النَّاسُ قُلْتُ: اَفَكَانَ يَقْرِنُ السُّوَرَ؟ قَالَتْ: الْمُفَصَّلَ قُلْتُ: اَفَكَانَ يَصُومُ شَهْرًا كُلَّهُ؟ قَالَتْ: مَا عَلِمْتُهُ صَامَ شَهْرًا كُلَّهُ اِلَّا رَمَضَانَ، وَلَا اَفْطَرَ شَهْرًا كُلَّهُ حَتَّى يُصِيبَ مِنْهُ غَيْرَ رَمَضَانَ

حضرت عبداللہ بن شقیق فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے عرض کی: کیا حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم چاشت کی نماز پڑھتے تھے؟ آپ نے فرمایا: نہیں! مگر جب سفر سے واپس آتے' میں نے عرض کی: کیا آپ بیٹھ کر نماز پڑھتے تھے؟ آپ نے فرمایا: جی ہاں! اس کے بعد جب لوگوں کا رش ہوتا' میں نے عرض کی: کیا آپ سورتیں ملاتے تھے؟ فرمایا: مفصل' میں نے عرض کی: کیا آپ مکمل ماہ کے روزے رکھتے تھے؟ آپ نے فرمایا: میں نہیں جانتی کہ آپ پورا مہینہ روزے رکھتے ہوں سوائے رمضان کے' تمام ماہ افطار بھی نہیں کرتے تھے سوائے رمضان کے یہاں تک کہ اُس سے حصہ پاتے۔

**2476** - وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَقِيقٍ، عَنْ مِحْجَنِ بْنِ الْاَدْرَعِ قَالَ: بَعَثَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِحَاجَتِهِ، ثُمَّ عَرَضَ لِي وَاَنَا خَارِجٌ فِي طَرِيقِ الْمَدِينَةِ، فَاَخَذَ بِيَدِي، فَانْطَلَقْنَا حَتَّى صَعِدْنَا اِلَى اُحُدٍ، فَاَقْبَلَ عَلَى الْمَدِينَةِ، فَقَالَ: وَيْلُ اُمِّهَا، قَرْيَةٌ يَدَعُهَا اَهْلُهَا كَاَيْنَعِ مَا تَكُونُ قُلْتُ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، مَنْ يَاْكُلُ ثَمَرَتَهَا؟ قَالَ: عَافِيَةُ الطَّيْرِ وَالسِّبَاعِ، وَلَا يَدْخُلُهَا الدَّجَّالُ، كُلَّمَا اَرَادَ اَنْ يَدْخُلَهَا تَلَقَّاهُ

حضرت محجن بن ادرع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کسی کام کے لیے بھیجا' پھر مجھے کوئی بات پیش آئی اس حال میں کہ میں مدینہ کے راستے میں تھا' آپ نے میرا ہاتھ پکڑا' ہم چلنے لگے یہاں تک کہ ہم اُحد پہاڑ پر چڑھے' آپ مدینہ شریف کی طرف متوجہ ہوئے' اس کے بعد فرمایا: ہلاکت اس کی ماں کے لیے! جس بستی کے رہنے والے اُسے چھوڑ دیں گے' جیسے پکا ہوا پھل درخت کو' میں نے عرض کی: اے اللہ کے نبی! اس

---

2475- أخرجه أحمد: المسند جلد 6 صفحه 192 رقم الحديث: 25439' ومسلم: المسافرين جلد 1 صفحه 496' والنسائي: الصيام جلد 4 صفحه 124 (باب ذكر اختلاف ألفاظ الناقلين لخبر عائشة فيه) .

2476- أخرجه أحمد: المسند جلد 5 صفحه 41 رقم الحديث: 20370 .

بِكُلِّ نَقْبٍ مِنْ نِقَابِهَا مَلَكٌ، فَصَدَّهُ ثُمَّ اَقْبَلَ، حَتّٰى اِذَا كُنَّا بِبَابِ الْمَسْجِدِ اِذَا رَجُلٌ يُصَلِّي، فَقَالَ: يَقُولُهُ صَادِقًا فَقُلْتُ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ هَذَا فُلَانٌ اَكْثَرُ اَهْلِ الْمَدِينَةِ صَلَاةً، فَقَالَ: لَا تُسْمِعْهُ فَتُهْلِكَهُ

کے پھل کون کھائے گا؟ فرمایا: پرندے اور درندے اس میں دجال داخل نہیں ہوگا' جب بھی داخل ہونے کا ارادہ کرے گا' اس کی ہر گلی میں فرشتہ ہوگا وہ اس کو روکے گا' پھر آئے گا یہاں تک کہ جب مسجد کے دروازے کے پاس آئے گا تو ایک آدمی نماز پڑھ رہا ہوگا' آپ نے فرمایا: وہ اُس سے سچی بات کرے گا' میں نے عرض کی: اے اللہ کے نبی! یہ فلاں آدمی ہے جو مدینہ شریف میں سب سے زیادہ نماز پڑھنے والا ہے' آپ نے فرمایا: اُسے مت سنانا ورنہ تو اُسے ہلاک کردے گا۔

**2477** - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا عَبْدُ الرَّحْمَنِ قَالَ: نا كَهْمَسُ بْنُ الْحَسَنِ، عَنْ اَبِي نَضْرَةَ قَالَ: قُلْتُ لِاَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ: اَكْتِبْنَا قَالَ: لِمَ نُكْتِبُكُمْ؟ وَلَنْ نَجْعَلَهُ قُرْآنًا، وَلَكِنْ خُذُوا عَنَّا كَمَا كُنَّا نَاْخُذُ عَنْ نَبِيِّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَانَ اَبُو سَعِيدٍ يَقُولُ: تَحَدَّثُوا، فَاِنَّ الْحَدِيثَ يُذَكِّرُ بَعْضُهُ بَعْضًا

حضرت ابونضرہ فرماتے ہیں کہ میں نے ابوسعید الخدری سے کہا: ہمیں لکھواؤ! فرمایا: ہم تمہیں کیوں لکھوائیں؟ ہم اس کو ہرگز قرآن نہیں بنائیں گے۔ لیکن ہم سے لو! جس طرح ہم حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے حدیث سیکھتے تھے۔ حضرت ابوسعید فرماتے تھے: حدیث بیان کرو' بے شک حدیث ایک دوسرے کو یاد کرواتی ہے۔

**2478** - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا عَبْدُ الرَّحْمَنِ قَالَ: نا كَهْمَسُ بْنُ الْحَسَنِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ: رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْمِرَاءُ فِي الْقُرْآنِ كُفْرٌ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: قرآن کی تفسیر اپنی رائے سے بیان کرنا کفر ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ كَهْمَسٍ اِلَّا الشُّعَيْثِيُّ

یہ حدیث کہمس سے صرف شعیثی ہی بیان کرتے

---

**2477**- انظر: مجمع البحرين (**212**) .

**2478**- أخرجه أبو داؤد: السنة جلد **4** صفحه **199** رقم الحديث: **4603**' وأحمد: المسند جلد **2** صفحه **401** رقم الحديث: **8009** .

ہیں۔

2479 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا عَبْدُ الرَّحْمَنِ قَالَ: نا كَهْمَسٌ، عَنْ بُرْدٍ اَبِى الْعَلَاءِ، عَنْ عُبَادَةَ بْنِ نُسَيٍّ، عَنْ غُضَيْفِ بْنِ الْحَارِثِ قَالَ: قُلْتُ لِعَائِشَةَ: اَكَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُوتِرُ مِنْ اَوَّلِ اللَّيْلِ اَوْ مِنْ آخِرِهِ؟ قَالَتْ: رُبَّمَا اَوْتَرَ مِنْ اَوَّلِهِ، وَرُبَّمَا اَوْتَرَ مِنْ آخِرِهِ، قُلْتُ: اللّٰهُ اَكْبَرُ، الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِى جَعَلَ فِى الْاَمْرِ سَعَةً قُلْتُ: اَكَانَ اِذَا اَصَابَتْهُ الْجَنَابَةُ يَغْتَسِلُ مِنْ اَوَّلِ اللَّيْلِ، اَوْ مِنْ آخِرِهِ؟ قَالَتْ: رُبَّمَا اغْتَسَلَ مِنْ اَوَّلِهِ، وَرُبَّمَا اغْتَسَلَ مِنْ آخِرِهِ. قُلْتُ: اللّٰهُ اَكْبَرُ، الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِى جَعَلَ فِى الْاَمْرِ سَعَةً قُلْتُ: اَفَكَانَ يَجْهَرُ بِقِرَائَتِهِ فِى صَلَاتِهِ اَوْ يُخَافِتُ؟ قَالَتْ: رُبَّمَا جَهَرَ، وَرُبَّمَا خَافَتَ، قُلْتُ: اللّٰهُ اَكْبَرُ، الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِى جَعَلَ فِى الْاَمْرِ سَعَةً

حضرت غضیف بن حارث رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے عرض کی: کیا حضور ﷺ رات کے اوّل حصے یا آخر حصہ میں نماز وتر پڑھتے تھے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: بسا اوقات آپ رات کے اوّل حصے اور بسا اوقات رات کے آخر حصے میں وتر پڑھتے تھے میں نے کہا: اللہ بڑا ہے تمام خوبیاں اللہ کے لیے ہیں جس نے اس دین میں آسانی بنائی۔ میں نے عرض کیا: جب آپ پر غسل فرض ہوتا تو آپ رات کے اوّل حصے یا رات کے آخر میں غسل کرتے تھے؟ فرمایا: آپ بسا اوقات رات کے اوّل حصے اور بسا اوقات رات کے آخری حصے میں غسل کرتے تھے۔ میں نے کہا: اللہ بڑا ہے تمام خوبیاں اللہ کے لیے ہیں جس نے اس دین میں آسانی بنائی ہے میں نے عرض کی: کیا (نوافل میں) قرأت جہراً یا آہستہ کرتے تھے؟ آپ نے فرمایا: بسا اوقات جہراً اور بسا اوقات آہستہ پڑھتے تھے میں نے کہا: اللہ بڑا ہے تمام خوبیاں اللہ کے لیے ہیں جس نے اس دین میں آسانی بنائی ہے۔

2480 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا مُعَاذُ بْنُ فَضَالَةَ قَالَ: نا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِى الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: اَمَرَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِصَوْمِ عَاشُورَاءَ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ ہم کو عاشوراء کے روزے رکھنے کا حکم دیتے تھے۔

---

2479- أخرجه أبو داؤد: الطهارة جلد 1 صفحه 56-57 رقم الحديث: 226، وأحمد: المسند جلد 6 صفحه 82-83 رقم الحديث: 24507 .

2480- أخرجه الامام أحمد فى مسنده جلد 3 صفحه 340-348 . انظر: مجمع الزوائد جلد 3 صفحه 188 .

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ اِلَّا ابْنُ لَهِيعَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ مُعَاذٌ

یہ حدیث ابوزبیر سے صرف ابن لہیعہ ہی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں معاذ اکیلے ہیں۔

**2481** - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ حَمَّادٍ قَالَ: نا اَبُو عَوَانَةَ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ رَجُلٍ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ مِنَ الشِّعْرِ حِكْمَةً

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: بعض اشعار دانائی پر مبنی ہوتے ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْاَعْمَشِ اِلَّا اَبُو عَوَانَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ يَحْيَى

یہ حدیث اعمش سے صرف ابوعوانہ ہی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں یحییٰ اکیلے ہیں۔

**2482** - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ الْحَجَبِيُّ قَالَ: نا الْمُغِيرَةُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْحُمَّى مِنْ فَيْحِ جَهَنَّمَ، فَاَطْفِئُوهَا بِالْمَاءِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: بخار جہنم کی تپش سے ہے اس کو پانی سے بجھاؤ۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْمُغِيرَةِ اِلَّا الْحَجَبِيُّ

یہ حدیث مغیرہ سے صرف حجبی ہی روایت کرتے ہیں۔

**2483** - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ قَالَ: نا اَبُو بَكْرٍ الْهُذَلِيُّ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ عَلَى قَوْمٍ قَدْ نَصَبُوا حَمَامًا حَيًّا، وَهُمْ يَرْمُونَهُ، فَقَالَ: هَذِهِ الْمُجَثَّمَةُ لَا يَحِلُّ اَكْلُهَا

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک قوم پر نکلے' انہوں نے زندہ کبوتر کو باندھا ہوا تھا' وہ اس پر نشانہ بازی کر رہے تھے' آپ نے فرمایا: اس باندھے ہوئے کا کھانا جائز نہیں ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي بَكْرٍ اِلَّا مُسْلِمٌ

یہ حدیث ابوبکر سے صرف مسلم ہی روایت کرتے ہیں۔

---

**2481**- انظر: مجمع الزوائد جلد8صفحه126 .

**2482**- أخرجه البخاري: الطب جلد10صفحه184 رقم الحديث:5725' ومسلم: السلام جلد4صفحه1732 .

**2483**- أخرجه الطبراني في الكبير جلد11صفحه322 رقم الحديث:11876 .

**2484** - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ قَالَ: نا حَرْبُ بْنُ شَدَّادٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاهِيمَ التَّيْمِيِّ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ اَخَذَ قَيْدَ شِبْرٍ مِنَ الْاَرْضِ طَوَّقَهُ اللّٰهُ مِنْ سَبْعِ اَرْضِينَ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے ایک بالشت کسی کی زمین لی' اللہ عزوجل اس کے گلے میں ستر زمینوں کا طوق ڈالے گا۔

**2485** - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا حَفْصُ بْنُ عَمَرَ الْحَوْضِيُّ قَالَ: نا الضَّحَّاكُ بْنُ يَسَارٍ قَالَ: نا يَزِيدُ بْنُ الشِّخِّيرِ، عَنْ مُطَرِّفِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اطَّلَعْتُ فِي الْجَنَّةِ، فَرَاَيْتُ اَكْثَرَ اَهْلِهَا الضُّعَفَاءَ وَالْفُقَرَاءَ، وَاطَّلَعْتُ فِي النَّارِ، فَرَاَيْتُ اَكْثَرَ اَهْلِهَا النِّسَاءَ

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: میں نے جنت میں جھانکا' میں نے وہاں رہنے والے زیادہ کمزور اور فقیر لوگ دیکھے' میں نے جہنم میں جھانکا' وہاں رہنے والے دیکھے تو زیادہ تر عورتیں تھیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَزِيدَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ اِلَّا الضَّحَّاكُ بْنُ يَسَارٍ

یہ حدیث یزید بن عبداللہ سے صرف ضحاک بن یسار ہی روایت کرتے ہیں۔

**2486** - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ قَالَ: اَنَا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ، عَنِ الْهِرْمَاسِ بْنِ زِيَادٍ قَالَ: اَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنَا غُلَامٌ، فَغَدَوْتُ بَيْنَ يَدَيْهِ وَاَخَذْتُ بِيَدِهِ لِيُبَايِعَنِي، فَرَدَّهَا، وَلَمْ يُبَايِعْنِي

حضرت ھرماس بن زیادہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کی بارگاہ میں آیا اس حالت میں کہ میں بچہ تھا' میں آپ کے سامنے ہوا' میں نے آپ کا ہاتھ پکڑا تاکہ میں آپ کی بیعت کروں' آپ نے واپس کر دیا اور میری بیعت نہیں کی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْهِرْمَاسِ اِلَّا عِكْرِمَةُ

یہ حدیث ھرماس سے صرف عکرمہ ہی روایت کرتے ہیں۔

---

2484- أخرجه البخاري: بدء الخلق جلد6صفحه338 رقم الحديث:3195؛ ومسلم: المساقاة جلد3صفحه1231 .

2485- أخرجه البخاري في بدء الخلق جلد6صفحه318' والترمذي في أبواب جهنم جلد4صفحه115 .

2486- أخرجه النسائي: البيعة جلد7صفحه135 (باب بيعة الغلام) .

2487 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ الْخَطَّابِ الْكُوفِيُّ قَالَ: نا مِنْدَلٌ، عَنْ اَبِي جَنَابٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْاَضْحَى عَلَيَّ فَرِيضَةٌ، وَهُوَ عَلَيْكُمْ سُنَّةٌ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عِكْرِمَةَ اِلَّا اَبُو جَنَابٍ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: چاشت کی نماز مجھ پر فرض ہے اور یہی تمہارے لیے سنت ہے۔

یہ حدیث عکرمہ سے صرف ابوجناب ہی روایت کرتے ہیں۔

2488 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ الْخَطَّابِ قَالَ: نا نَاصِحُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ: كَانَ شَابٌّ يَخْدُمُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَيَخِفُّ فِي حَوَائِجِهِ، فَقَالَ: سَلْنِي حَاجَةً. فَقَالَ: ادْعُ لِي بِالْجَنَّةِ قَالَ: فَرَفَعَ رَاْسَهُ فَتَنَفَّسَ، وَقَالَ: نَعَمْ، وَلَكِنْ اَعِنِّي بِكَثْرَةِ السُّجُودِ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ایک جوان نبی کریم ﷺ کی خدمت کیا کرتا تھا اور اپنی ضروریات میں کم وقت لگاتا' تو آپ نے فرمایا: مجھ سے کسی ضرورت کا سوال کرو! تو اُس نے عرض کی: میرے لیے جنت کی دعا کیجئے! راوی کا بیان ہے کہ آپ ﷺ نے سر اُٹھا کر سانس لی اور کہا: ٹھیک ہے! لیکن سجدوں کی زیادتی سے میری مدد کرنا۔

2489 - وَبِهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ دَفَنَ ثَلَاثَةً، فَصَبَرَ عَلَيْهِمْ، وَاحْتَسَبَهُمْ، وَجَبَتْ لَهُ الْجَنَّةُ فَقَالَتْ اُمُّ اَيْمَنَ: اَوِ اثْنَيْنِ؟ فَقَالَ: مَنْ دَفَنَ اثْنَيْنِ، فَصَبَرَ عَلَيْهِمَا، وَاحْتَسَبَهُمَا، وَجَبَتْ لَهُ الْجَنَّةُ فَقَالَتْ اُمُّ اَيْمَنَ: وَوَاحِدًا؟ فَسَكَتَ وَاَمْسَكَ، ثُمَّ قَالَ: يَا اُمَّ اَيْمَنَ، مَنْ دَفَنَ وَاحِدًا فَصَبَرَ عَلَيْهِ وَاحْتَسَبَ وَجَبَتْ لَهُ الْجَنَّةُ

اور اسی راوی سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے اپنے تین (بچے) دفن کیے' ان پر صبر بھی کیا ثواب کی نیت سے' اس کے لیے جنت واجب ہوگئی۔ حضرت اُم ایمن رضی اللہ عنہا نے عرض کی: (اگر) دو ہوں؟ آپ نے فرمایا: جس نے دو دفن کیے اور ان پر صبر کیا اور صبر حاصل کیا' اس کے لیے بھی جنت واجب ہو گئی۔ حضرت اُم ایمن رضی اللہ عنہا نے عرض کی: ایک؟ آپ خاموش ہو گئے' یا رُک گئے' پھر فرمایا: اے اُم ایمن!

---

2487- أخرجه الطبراني في الكبير جلد11صفحه260 رقم الحديث:11674 .

2488- أخرجه الطبراني في الكبير جلد2صفحه245 رقم الحديث:2029 . انظر: مجمع الزوائد جلد2صفحه252 .

2489- أخرجه الطبراني في الكبير جلد2صفحه273 رقم الحديث:2030 . انظر: مجمع الزوائد جلد3صفحه31 .

جس نے ایک بھی دفن کیا' اس پر صبر کیا اور ثواب حاصل کیا اس کے لیے جنت واجب ہوگئی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنْ سِمَاكٍ إِلَّا نَاصِحٌ

یہ دونوں حدیثیں سماک سے صرف ناصح ہی روایت کرتے ہیں۔

**2490** - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ الْخَطَّابِ قَالَ: نا أَبُو مَعْشَرٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: مَرَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِأَصْحَابِ الطَّعَامِ فَرَأَى طَعَامًا حَسَنًا، فَأَدْخَلَ يَدَهُ فِيهِ، فَإِذَا تَحْتَهُ طَعَامٌ رَدِيءٌ، قَالَ: بِعْ ذَا عَلَى حِدَةٍ وَذَا عَلَى حِدَةٍ، مَنْ غَشَّنَا فَلَيْسَ مِنَّا

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ نَافِعٍ إِلَّا أَبُو مَعْشَرٍ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور ﷺ کھانے والوں کے پاس سے گزرے' آپ نے اچھا کھانا دیکھا' آپ نے اپنا دست مبارک اس میں داخل کیا تو اس کے نیچے ردّی گندم تھی' آپ نے فرمایا: اس کو علیحدہ فروخت کرو' اور اُس کو علیحدہ فروخت کرو' جس نے ملاوٹ کی' اس کا تعلق ہم سے نہیں ہے۔

یہ حدیث نافع سے صرف ابومعشر روایت کرتے ہیں۔

**2590** - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا عَارِمٌ اَبُو النُّعْمَانِ قَالَ: نا جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ، عَنْ زُبَيْدٍ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ مُصَرِّفٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْسَجَةَ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ مَنَحَ مَنِيحَةَ وَرِقٍ اَوْ سَقَى لَبَنًا، اَوْ اَهْدَى زِقَاقًا، كَانَ عِدْلَ رَقَبَةٍ، وَمَنْ قَالَ: لَا اِلَهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ، وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ، عَشْرَ مَرَّاتٍ، كَانَ لَهُ عِدْلُ رَقَبَةٍ وَكَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَاْتِينَا يَمْسَحُ عَوَاتِقَنَا وصُدُورَنَا وَيَقُولُ: لَا تَخْتَلِفُ صُفُوفُكُمْ فَتَخْتَلِفَ قُلُوبُكُمْ، اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ وَمَلَائِكَتَهُ يُصَلُّونَ عَلَى الصُّفُوفِ الْاُوَلِ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ زُبَيْدٍ اِلَّا جَرِيرٌ

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے کسی کو دودھ والا جانور دیا یا دودھ پینے کے لیے دیا یا جس نے اندھے آدمی کو راستہ دکھایا' اس کے لیے ایک غلام آزاد کرنے کے برابر ثواب ہے' جس نے لا الہ الا اللّٰہ وحدہٗ لا شریک لہ' لہ الملک ولہ الحمد وھو علیٰ کل شیء قدیر دس مرتبہ پڑھا' اس کے لیے بھی ایک غلام آزاد کرنے کے برابر ثواب ہے' حضور ﷺ ہمارے کندھے اور ہمارے سینے برابر کرتے تھے اور فرماتے: اپنی صفیں ٹیڑھی نہ کرو ورنہ تمہارے دل ٹیڑھے ہو جائیں گے' بے شک اللہ عزوجل اور اسکے فرشتے اس کے لیے رحمت بھیجتے ہیں جو پہلی صف میں شریک ہوتے ہیں۔

یہ حدیث زبید سے صرف جریر ہی روایت کرتے ہیں۔

**2591** - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ قَالَ: اَنَا شَيْبَانُ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ عُبَيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: سَاَلْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَيُّ النَّاسِ خَيْرٌ؟ قَالَ: قَرْنِي، ثُمَّ الَّذِينَ يَلُونَهُمْ، ثُمَّ الَّذِينَ يَلُونَهُمْ، ثُمَّ يَجِيءُ قَوْمٌ تَسْبِقُ شَهَادَةُ اَحَدِهِمْ يَمِينَهُ، وَيَمِينُهُ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے حضور ﷺ سے پوچھا: لوگوں میں افضل کون ہے؟ آپ نے فرمایا: میرے صحابہ' پھر جو میرے صحابہ سے ملے' پھر میرے صحابہ کے ملنے والے سے ملے' پھر ایسے لوگ آئیں گے جو گواہی دینے میں بڑی جلدی کریں گے' ان میں ایک قسم کی گواہی اور دوسرا گواہی کی

**2590**- أخرجه الامام أحمد في مسنده جلد**4**صفحه**285**' والحاكم في مستدركه جلد **1**صفحه**501** . انظر: مجمع الزوائد جلد**10**صفحه**88** .

**2591**- أخرجه البخاري: الأيمان والنذور جلد**11**صفحه**552** رقم الحديث: **6658**' ومسلم: فضائل الصحابة جلد **4** صفحه**1963** .

شَهَادَتَهُ

قسم دے گا۔

**2592** - وَبِهِ عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ اَبِي وَائِلٍ، عَنْ اَبِي مُوسَى قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَطْعِمُوا الْجَائِعَ، وَعُودُوا الْمَرِيضَ، وَفُكُّوا الْعَانِيَ

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: بھوکے کو کھانا کھلاؤ' مریض کی عیادت کرو' قیدی کو آزاد کراؤ۔

**2593** - وَبِهِ عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِي الْجَعْدِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا مِنْ اَحَدٍ اِلَّا وُكِّلَ بِهِ قَرِينُهُ مِنَ الْجِنِّ ، قَالُوا: وَاِيَّاكَ؟ قَالَ: وَاِيَّايَ، وَلٰكِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ اَعَانَنِي عَلَيْهِ فَاَسْلَمَ، فَلَا يَاْمُرُنِي اِلَّا بِخَيْرٍ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ہر ایک کے ساتھ اس کا ساتھی جن ہے۔ صحابہ کرام نے عرض کی: آپ کے ساتھ بھی؟ آپ نے فرمایا: میرے ساتھ بھی لیکن اللہ عزوجل نے میری مدد کی اس کے حوالہ سے' وہ مجھ پر اسلام لایا ہے وہ مجھے صرف بھلائی کے لیے عرض کرتا ہے۔

**2594** - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا عِمْرَانُ بْنُ مَيْسَرَةَ الْاَدَمِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ حَرْبٍ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبُو خَالِدٍ الدَّالَانِيُّ، عَنْ اَبِي يَحْيَى، مَوْلَى آلِ جَعْدَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَخَذَ جِبْرِيلُ بِيَدِي، فَاَرَانِي بَابَ الْجَنَّةِ الَّذِي تَدْخُلُ مِنْهُ اُمَّتِي فَقَالَ اَبُو بَكْرٍ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، وَدِدْتُ اَنِّي كُنْتُ مَعَكَ حَتّٰى اُرَاهُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَمَا اِنَّكَ اَوَّلُ مَنْ يَدْخُلُ الْجَنَّةَ مِنْ اُمَّتِي

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جبریل نے میرا ہاتھ پکڑا مجھے جنت کا وہ دروازہ دکھایا جس سے میری اُمت داخل ہو گی۔ حضرت ابوبکر نے عرض کی: میں پسند کرتا ہوں کہ میں آپ کے ساتھ ہوتا جس وقت آپ نے دیکھا تھا' آپ ﷺ نے فرمایا: تُو میری اُمت سے جنت میں سب سے پہلے داخل ہوگا۔

---

**2592**- أخرجه البخاري: الجهاد جلد 6 صفحه 193 رقم الحديث: 3046' وأبو داؤد: الجنائز جلد 3 صفحه 183 رقم الحديث: 3105' وأحمد: المسند جلد 4 صفحه 481 رقم الحديث: 19536 .

**2593**- أخرجه مسلم: المنافقين جلد 4 صفحه 2167' وأحمد: المسند جلد 1 صفحه 520 رقم الحديث: 3801 .

**2594**- أخرجه الحاكم في المستدرك جلد 3 صفحه 73 .

**2595** - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ قَالَ: نا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِينَارٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَعِسَ عَبْدُ الدِّينَارِ، تَعِسَ عَبْدُ الدِّرْهَمِ، تَعِسَ عَبْدُ الْخَمِيصَةِ، إِنْ أُعْطِيَ رَضِيَ، وَإِنْ مُنِعَ سَخِطَ، تَعِسَ وَانْتَكَسَ، وَإِذَا شِيكَ فَلَا انْتَقَشَ، طُوبَى لِعَبْدٍ آخِذٍ بِعِنَانِ فَرَسِهِ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، أَشْعَثُ رَأْسُهُ، مُغْبَرَّةٌ قَدَمَاهُ، وَإِنْ كَانَتِ الْحِرَاسَةُ كَانَ فِي الْحِرَاسَةِ، وَإِنْ كَانَتِ السَّاقَةُ كَانَ فِي السَّاقَةِ، إِنْ شَفَعَ لَمْ يُشَفَّعْ، وَإِنِ اسْتَأْذَنَ لَمْ يُؤْذَنْ لَهُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: دینار اور درہم کے لالچی آدمی کے لیے ہلاکت ہے' ہلاکت ہے خمیصہ (دھاری دار سرخ یا سیاہ کپڑے) والے کے لیے اگر اسکو دیا جائے تو وہ خوش ہوتا ہے اگر نہ دیا جائے تو ناراض ہوتا ہے' خوشخبری ہے اس کے لیے جو گھوڑے کی لگام پکڑے اللہ کی راہ میں' اس کے بال بکھرے ہوئے ہوں' اس کے قدم غبار آلود ہوں' اگر وہ حفاظت میں ہوتا ہے تو وہ حفاظت کرتا ہے' جب وہ چلتا ہے تو وہ چلنے میں ہوتا ہے' اگر وہ کسی کی سفارش کرے تو اس کی سفارش مانی نہیں جاتی' اگر اجازت مانگے تو اس کو اجازت نہیں دی جاتی۔

**2596** - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا عَبَّادُ بْنُ مُوسَى أَبُو عُقْبَةَ الْأَزْرَقُ قَالَ: نا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ مَطَرِ بْنِ عُكَامِسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا قَضَى اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ لِرَجُلٍ أَنْ يَمُوتَ بِأَرْضٍ جَعَلَ لَهُ فِيهَا حَاجَةً

حضرت مطر بن عکامس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب اللہ عزوجل کسی آدمی کے لیے کسی جگہ مرنے کا فیصلہ کر دیتا ہے تو وہاں اس کے لیے کام رکھ دیتا ہے۔

**2597** - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا دَاوُدُ بْنُ شَبِيبٍ قَالَ: نا هَمَّامُ بْنُ يَحْيَى قَالَ: نا قَتَادَةُ، عَنْ مُوَرِّقٍ الْعِجْلِيِّ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: آدمی کا باجماعت نماز ادا کرنا اکیلے نماز ادا کرنے سے پچیس گنا نماز کے ثواب

---

2595- أخرجه البخاری: الجهاد جلد 6 صفحه 95 رقم الحديث: 2887' والبيهقی فی الكبرٰی جلد 9 صفحه 268 رقم الحديث: 18498 .

2596- أخرجه الترمذی: القدر جلد 4 صفحه 452 رقم الحديث: 2146' وأحمد: المسند جلد 5 صفحه 269 رقم الحديث: 22043 .

2597- أخرجه الطبرانی فی الكبير جلد 10 صفحه 127 رقم الحديث: 10098' والامام أحمد فی مسنده جلد 1 صفحه 376 .

مَسْعُودٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: صَلَاةُ الرَّجُلِ فِي جَمَاعَةٍ تَزِيدُ عَلَى صَلَاتِهِ خَمْسًا وَعِشْرِينَ دَرَجَةً

میں اضافہ کر دیتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ مُوَرِّقٍ إِلَّا هَمَّامٌ

یہ حدیث قتادہ سے وہ مورق سے اور قتادہ سے صرف ہمام ہی روایت کرتے ہیں۔

**2598** - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ قَالَ: أَنا الْمَسْعُودِيُّ، عَنْ عَوْنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَخِيهِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: أَتَى رَجُلٌ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِجَارِيَةٍ سَوْدَاءَ، فَقَالَ: إِنَّ عَلَيَّ رَقَبَةً مُؤْمِنَةً، فَقَالَ لَهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ رَبُّكِ؟ فَأَشَارَتْ إِلَى السَّمَاءِ، فَقَالَتْ: اللّٰهُ، فَقَالَ: فَمَنْ أَنَا؟ فَقَالَتْ: رَسُولُهُ، وَأَوْمَأَتْ بِيَدِهَا إِلَى الْأَرْضِ، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَعْتِقْهَا، فَإِنَّهَا مُؤْمِنَةٌ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک آدمی حضور ﷺ کے پاس آیا کالی لونڈی لے کر' اس نے عرض کی: مجھ پر مؤمنہ لونڈی واجب ہوئی ہے۔ حضور ﷺ نے اس لونڈی کو فرمایا: تیرا رب کون ہے؟ اس نے اشارہ کیا آسمان کی طرف' اس نے عرض کی: اللہ میرا رب ہے' آپ نے فرمایا: میں کون ہوں؟ اس نے عرض کی: آپ اس کے رسول ہیں اور اس نے اشارہ کیا اپنے ہاتھ کے ساتھ زمین کی طرف' حضور ﷺ نے اس آدمی کو فرمایا: اس کو آزاد کر دو یہ مؤمنہ ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَوْنٍ إِلَّا الْمَسْعُودِيُّ

یہ حدیث عون سے صرف مسعودی ہی روایت کرتے ہیں۔

**2599** - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ قَالَ: أَنا إِسْرَائِيلُ، عَنْ مُسْلِمٍ الْأَعْوَرِ، عَنْ حَبَّةَ الْعُرَنِيِّ، عَنْ عَلِيٍّ قَالَ: أَمَرَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِأَكْلِ الثُّومِ، وَقَالَ: لَوْلَا أَنَّ الْمَلَكَ يَنْزِلُ عَلَيَّ لَأَكَلْتُهُ

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے ہم کو لہسن کھانے کا حکم دیا اور فرمایا: اگر فرشتہ نہ آتا (ہوتا میرے پاس) میں ضرور اس کو کھاتا۔

**2600** - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ قَالَ: أَنا عِمْرَانُ الْقَطَّانُ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے' فرماتے ہیں کہ میں ابوطلحہ کے پیچھے بیٹھا ہوا تھا خیبر

**2599**- انظر: مجمع الزوائد جلد5صفحه49 .

**2600**- أخرجه البخاري: الصلاة جلد1صفحه572 رقم الحديث: 271' ومسلم: الجهاد جلد3صفحه1426 .

أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: كُنْتُ رَدِيفَ أَبِي طَلْحَةَ بِخَيْبَرَ، وَقَدِ اشْتَدَّ الْقِتَالُ، فَسَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اللّٰهُ أَكْبَرُ، فُتِحَتْ خَيْبَرُ، خَرِبَتْ خَيْبَرُ، إِنَّا إِذَا نَزَلْنَا بِسَاحَةِ قَوْمٍ فَسَاءَ صَبَاحُ الْمُنْذَرِينَ

میں لڑائی بڑی سخت تھی' میں نے حضور ﷺ سے سنا فرماتے ہوئے: اللہ بڑا ہے' خیبر فتح ہوگیا' خیبر ویران ہوا' ہم جب کسی قوم کے میدان میں نازل ہوتے ہیں تو وہ دن ان کے لیے بہت بُرا ہوتا ہے۔

**2601** - وَعَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: أَصَابَ أَهْلَ الْمَدِينَةِ قَحْطٌ وَمَجَاعَةٌ شَدِيدَةٌ، فَقَامَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْمِنْبَرِ، فَخَطَبَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ، فَقَامَ نَاسٌ، فَقَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، هَلَكَتِ الْأَمْوَالُ، وَخَشِينَا الْهَلَاكَ عَلَى أَنْفُسِنَا، وَغَلَا السِّعْرُ، وَقَحَطَ الْمَطَرُ، ادْعُ اللّٰهَ أَنْ يَسْقِيَنَا، قَالَ أَنَسٌ: وَمَا أَرَى فِي السَّمَاءِ مِنْ بَيْضَاءَ، فَمَدَّ يَدَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَدَعَا، فَوَاللّٰهِ مَا ضَمَّ إِلَيْهِ يَدَهُ حَتَّى رَأَيْتُ السَّحَابَ يَجِيءُ مِنْ هَاهُنَا وَمِنْ هَاهُنَا، وَصَارَتْ رُكَامًا، ثُمَّ سَالَتْ سَبْعَةَ أَيَّامٍ، حَتَّى وَاللّٰهِ إِنَّ الرَّجُلَ الشَّابَّ لَيَهُمُّ أَنْ يَرْجِعَ إِلَى أَهْلِهِ مِنْ شِدَّةِ الْمَطَرِ، فَلَمَّا كَانَتِ الْجُمُعَةُ الْأُخْرَى، وَخَطَبَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَامَ نَاسٌ مِنَ الْمَسْجِدِ، فَقَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، تَهَدَّمَتِ الْبُيُوتُ، وَانْقَطَعَتِ الطُّرُقُ، ادْعُ اللّٰهَ أَنْ يَحْبِسَهَا عَنَّا، فَرَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَبَسَّمَ، فَرَفَعَ يَدَيْهِ، فَقَالَ: حَوَالَيْنَا وَلَا عَلَيْنَا قَالَ أَنَسٌ: فَمَا أَرَى فِي السَّمَاءِ مِنْ خَضْرَاءَ، فَلَا وَاللّٰهِ، مَا قَبَضَ يَدَهُ حَتَّى رَأَيْتُ السَّمَاءَ تَتَقَطَّعُ مِنْ هَاهُنَا وَهَاهُنَا عَنِ الْمَدِينَةِ،

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مدینہ میں رہنے والوں کو سخت قحط اور بھوک کا سامنا کرنا پڑا' حضور ﷺ منبر پر تشریف فرما ہوئے' آپ نے جمعہ کے دن خطبہ دیا' کچھ لوگ کھڑے ہوئے' انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! مال ہلاک ہو گئے اور ہم کو اپنے اوپر ہلاکت کا خوف ہے اور بھاؤ بڑھ گیا ہے اور بارش نہیں برس رہی ہے' اللہ سے دعا کریں کہ ہم پر بارش برسے! حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ آسمان پر میں نے ذرّہ برابر بھی بادل نہیں دیکھے' آپ ﷺ نے اپنے ہاتھ کشادہ کیے' آپ نے دعا فرمائی: اللہ کی قسم! آپ نے اپنے ہاتھ نیچے نہیں کیے یہاں تک کہ بادل چاروں طرف سے آئے' پھر برسنے لگے پھر سات دن تک برستے رہے' یہاں تک کہ اللہ کی قسم! ایک نوجوان آدمی شدتِ بارش کی وجہ سے اپنے گھر واپس آتا تو وہ بھیگا ہوتا تھا' جب دوسرا جمعہ آیا تو نبی کریم ﷺ نے خطبہ دیا' کچھ لوگ مسجد میں کھڑے ہوئے' انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! گھر گرنے شروع ہو گئے ہیں اور راستے بند ہو گئے ہیں' اللہ سے دعا کریں کہ ہم سے روک لے۔ میں نے رسول اللہ ﷺ کو تبسم فرماتے ہوئے

**2601**- أخرجه البخاري: الاستسقاء جلد2صفحه603 رقم الحديث: 1033' ومسلم: الاستسقاء جلد2صفحه612 .

فَاَصْبَحَتْ وَاِنَّ مَا حَوْلَهَا كُوْرٌ

دیکھا' آپ نے اپنے دونوں ہاتھ اُٹھائے' آپ نے عرض کی: اے اللہ! ہمارے اردگرد برسا! ہم پر نہ برسا! حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے آسمان میں تروتازگی میں سے کوئی چیز نہیں دیکھی' اللہ کی قسم! آپ نے اپنے ہاتھ نہیں سمیٹے یہاں تک کہ آسمان سے مدینہ شریف کے اندر بارش نہیں برس رہی تھی' پس آسمان صاف ہوگیا اور اس کے اردگرد بارش برس رہی تھی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنْ عِمْرَانَ الْقَطَّانِ اِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ

یہ دونوں حدیثیں عمران القطان سے صرف عبداللہ بن رجاء ہی روایت کرتے ہیں۔

**2602** - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ الْحَجَبِيُّ قَالَ: نا عَلِيُّ بْنُ اَبِي سَارَةَ قَالَ: نا ثَابِتٌ الْبُنَانِيُّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: بَعَثَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّةً رَجُلًا اِلَى رَجُلٍ مِنْ فَرَاعِنَةِ الْعَرَبِ، اَنِ ادْعُهُ لِي، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنَّهُ اَعْتَى مِنْ ذَلِكَ، فَقَالَ: اذْهَبْ اِلَيْهِ، فَادْعُهُ، فَاَتَاهُ، فَقَالَ لَهُ: يَدْعُوكَ رَسُولُ اللّٰهِ، فَقَالَ: رَسُولُ اللّٰهِ وَمَا اللّٰهُ؟ اَمِنْ ذَهَبٍ هُوَ، اَوْ مِنْ فِضَّةٍ، اَوْ مِنْ نُحَاسٍ؟ فَرَجَعَ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَخْبَرَهُ، وَقَالَ: قَدْ اَخْبَرْتُكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَنَّهُ اَعْتَى مِنْ ذَلِكَ، فَقَالَ: ارْجِعْ اِلَيْهِ، فَادْعُهُ فَاَتَاهُ فَاَعَادَ عَلَيْهِ الْقَوْلَ الْاَوَّلَ، فَاَعَادَ عَلَيْهِ مِثْلَ جَوَابِهِ الْاَوَّلِ، فَرَجَعَ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَخْبَرَهُ، فَقَالَ: ارْجِعْ اِلَيْهِ، فَادْعُهُ، فَرَجَعَ اِلَيْهِ الثَّالِثَةَ، فَبَيْنَمَا هُمَا يَتَرَاجَعَانِ الْكَلَامَ بَيْنَهُمَا اِذْ بَعَثَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے عرب کے ایک قبیلہ فراعنہ کے ایک آدمی کی طرف کسی کو بھیجا کہ اس کو میرے پاس بلانا (وہ آدمی واپس آیا) عرض کی: یارسول اللہ! وہ ان سے بے پرواہ ہے' آپ نے فرمایا: اس کے پاس جاؤ! اس کو بلا کر لاؤ' وہ اُس کے پاس آیا' اس نے کہا: آپ کو رسول اللہ ﷺ بلا رہے ہیں' تو اُس نے کہا: اللہ کا رسول اور وہ اللہ کیا ہے؟ کیا وہ سونے کا' چاندی یا پیتل کا بنا ہوا ہے؟ وہ آدمی دوبار رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ میں واپس آیا' اس نے آپ کو بتایا' عرض کی: یارسول اللہ! میں نے آپ کو بتایا تھا کہ وہ اس سے بے پرواہ ہے۔ آپ نے فرمایا: دوبارہ واپس جاؤ اس کو بلا کر لاؤ' وہ آدمی اس کے پاس آیا' اس نے دوبارہ پہلی والی بات کہی' وہ آدمی حضور ﷺ کی طرف آیا' آپ کو بتایا' آپ ﷺ نے فرمایا: دوبارہ جاؤ اس کو بلا کر لاؤ! وہ آدمی تیسری بار اس کے پاس لوٹ کر

---

**2602**- أخرجه البزار جلد3صفحه54 . انظر: مجمع الزوائد جلد7صفحه45 .

بِسَحَابَةٍ حِيَالَ رَأْسِهِ، فَرَعَدَتْ وابَرَقَتْ، وَوَقَعَ مِنْهَا صَاعِقَةٌ ذَهَبَتْ بِقَحْفِ رَأْسِهِ، فَاَنْزَلَ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ: (وَيُرْسِلُ الصَّوَاعِقَ فَيُصِيبُ بِهَا مَنْ يَشَاءُ وَهُمْ يُجَادِلُونَ فِي اللّٰهِ وَهُوَ شَدِيدُ الْمِحَالِ) (الرعد: 13)

گیا تو اس اثناء میں کہ وہ دونوں باتیں کر رہے تھے جب اللہ تعالیٰ نے اس کے سر کے اوپر ایک بادل بھیجا جو گرجا اور اس میں سے بجلی ظاہر ہوئی۔ اس بجلی میں سے ایک کڑک نے اس کے سر کو کچل کے رکھ دیا۔ تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی: اللہ تعالیٰ بجلیاں بھیجتا ہے اور ان کے ساتھ جس کو چاہتا ہے مصیبت کا شکار کرتا ہے جبکہ وہ لوگ اللہ کے بارے مجادلہ کر رہے ہوتے ہیں اور اللہ سخت عذاب والا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ ثَابِتٍ اِلَّا عَلِيُّ بْنُ اَبِي سَارَةَ

اس حدیث کو ثابت سے صرف علی بن ابی یسار ہی روایت کرتے ہیں۔

**2603** - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ الْحَجَبِيُّ قَالَ: نا الْحَارِثُ بْنُ عُبَيْدٍ اَبُو قُدَامَةَ، عَنْ اَبِي عِمْرَانَ الْجَوْنِيِّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يُؤْتَى يَوْمَ الْقِيَامَةِ بِصُحُفٍ مُخَتَّمَةٍ، فَتُنْصَبُ بَيْنَ يَدَيِ اللّٰهِ تَبَارَكَ وَتَعَالَى، فَيَقُولُ تَبَارَكَ وَتَعَالَى: اَلْقُوا هَذِهِ، واقْبَلُوا هَذِهِ، فَتَقُولُ الْمَلَائِكَةُ: وَعِزَّتِكَ مَا رَاَيْنَا اِلَّا خَيْرًا، فَيَقُولُ عَزَّ وَجَلَّ: اِنَّ هَذَا كَانَ لِغَيْرِ وَجْهِي، وَاِنِّي لَا اَقْبَلُ الْيَوْمَ مِنَ الْعَمَلِ اِلَّا مَا ابْتُغِيَ بِهِ وَجْهِي

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: قیامت کے دن ایک صحیفہ لایا جائے گا اس پر مہر لگی ہوگی اس کو اللہ عزوجل کے سامنے رکھا جائے گا اللہ عزوجل فرمائے گا: اس کو پھینک دو اور اس دوسرے کی طرف متوجہ ہو فرشتے عرض کریں گے: تیری عزت کی قسم! ہم نے صرف بھلائی ہی دیکھی ہے اللہ عزوجل فرمائے گا: یہ کام میری رضا کے لیے نہیں کیا گیا میں آج وہی عمل قبول کروں گا جو میری رضا کے لیے کیا ہوگا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي عِمْرَانَ اِلَّا الْحَارِثُ بْنُ عُبَيْدٍ

یہ حدیث ابوعمران سے صرف حارث بن عبید ہی روایت کرتے ہیں۔

**2604** - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ اِبْرَاهِيمُ بْنُ عَبْدِ

حضرت اُم عبداللہ بنت ملقام اپنے والد ملقام

2603- أخرجه البزار جلد4صفحه157 . انظر: مجمع الزوائد جلد10صفحه353 .

2604- انظر: مجمع البحرين (2909) .

اللّٰـهِ الْـكَشِّيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الرَّقَاشِيُّ قَـالَ: نـا غَالِبُ بْنُ حَجْرَةَ قَالَ: حَدَّثَتْنِي أُمُّ عَبْدِ اللّٰهِ ابْـنَةُ مِـلْـقَـامٍ، عَـنْ اَبِيهَا مِلْقَامٍ، عَنْ جَدِّهِ التَّلِبِّ، اَنَّ رَسُـولَ اللّٰـهِ صَـلَّـى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الضِّيَافَةُ ثَلَاثَةُ اَيَّامٍ، فَمَا زَادَ فَهُوَ صَدَقَةٌ

سے روایت کرتے ہیں اوران کے والد تلب سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: مہمان نوازی تین دن ہے جواس سے زیادہ ہووہ صدقہ ہے۔

لَا يُـرْوَى هَـذَا الْـحَـدِيـثُ عَنِ التَّلِبِّ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ غَالِبُ بْنُ حَجْرَةَ

یہ حدیث تلب سے صرف اسی سند سے روایت ہے' اس کوروایت کرنے میں غالب بن حجرہ اکیلے ہیں۔

**2605** - حَـدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْـدِ الْـوَهَّـابِ الْحَجَبِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُـحَـمَّـدٍ الدَّرَاوَرْدِيُّ قَالَ: نا يَزِيدُ بْنُ خُصَيْفَةَ، عَنْ مُـحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ ثَوْبَانَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَـالَ: قَـالَ رَسُـولُ اللّٰـهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا رَاَيْتُـمُ الـرَّجُـلَ يَنْشُدُ ضَالَّةً فِي الْمَسْجِدِ، قُولُوا: لَا وَجَـدْتَ، وَاِذَا رَاَيْتُـمُوهُ يَبِيعُ فِي الْمَسْجِدِ، فَقُولُوا: لَا اَرْبَحَ اللّٰهُ تِجَارَتَكَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب تم کسی آدمی کو دیکھو کہ وہ مسجد میں گم شدہ شی کا اعلان کررہا ہےتو تم کہو: وہ شی نہ ملے' اور جب تم دیکھو کہ کوئی آدمی مسجد میں کاروبار کررہا ہےتو تم کہو: اللہ عزوجل تیری تجارت میں نفع نہ دے۔

لَـمْ يَـرْوِ هَـذَا الْـحَدِيثَ عَنْ يَزِيدَ بْنِ خُصَيْفَةَ، مُتَّصِلَ الْاِسْنَادِ، اِلَّا الدَّرَاوَرْدِيُّ

یہ حدیث یزید بن خصیفہ سے سند متصلاً کے ساتھ روایت نہیں کی گئی ہے مگرالدراوردی کے لحاظ سے۔

**2606** - حَـدَّثَـنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا سُلَيْمَانُ بْنُ حَـرْبٍ قَـالَ: نـا اَبُو هِلَالٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ قَالَ: مَا خَطَبَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا قَالَ: لَا اِيمَانَ لِمَنْ لَا اَمَانَةَ لَهُ، وَلَا دِينَ لِمَنْ لَا عَهْدَ لَهُ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ہم کو خطبہ دیا' فرمایا: جس میں امانت نہیں اس کا ایمان قابلِ قبول نہیں ہے' جس میں وعدہ کی پاسداری نہیں ہے اس کے دین کا کوئی اعتبار نہیں ہے۔

**2607** - حَـدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ

حضرت یوسف بن عبدالحمید فرماتے ہیں کہ میں

**2606**- أخرجه أحمد: المسند جلد3صفحه166 رقم الحديث: 12392 ـ انظر: مجمع الزوائد جلد1صفحه101 .

**2607**- انظر: مجمع الزوائد جلد9صفحه176 .

بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ الْحَجَبِيُّ قَالَ: نا خَالِدُ بْنُ حَارِثٍ قَالَ: حَدَّثَنِي طَرِيفُ بْنُ عِيسَى الْعَنْبَرِيُّ قَالَ: نا يُوسُفُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ قَالَ: لَقِيتُ ثَوْبَانَ، مَوْلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَحَدَّثَنَا اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَعَا لِاَهْلِهِ، فَذَكَرَ عَلِيًّا وَفَاطِمَةَ وَغَيْرَهُمَا . فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ: مِنْ اَهْلِ الْبَيْتِ اَنَا؟ قَالَ: نَعَمْ، مَا لَمْ تَقُمْ عَلَى بَابِ سُدَّةٍ، اَوْ تَأْتِي اَمِيرًا تَسْاَلُهُ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ طَرِيفٍ اِلَّا خَالِدٌ

حضرت ثوبان جو حضور ﷺ کے غلام ہیں' اُن سے ملا' ہم کو بیان کیا کہ حضور ﷺ نے اپنے خاندان کے لوگوں کو بلوایا' آپ نے حضرت علی و فاطمہ رضی اللہ عنہما کا ذکر کیا' ان دونوں کے علاوہ اور کا' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں آپ کی اہل بیت سے نہیں ہوں؟ آپ نے فرمایا: جی ہاں! تم شامل ہو اہل بیت میں جب تک کسی بند دروازے پر کھڑے نہ ہو اور کسی امیر کے پاس مانگنے کے لیے نہ جاؤ۔

یہ حدیث طریف سے صرف خالد ہی روایت کرتے ہیں۔

**2608** - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا اَبُو عُمَرَ الضَّرِيرُ قَالَ: اَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ، عَنْ سُمَيَّةَ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: وَجَدَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى صَفِيَّةَ فِي شَيْءٍ، فَقَالَتْ لِي صَفِيَّةُ: هَلْ لَكِ اَنْ تُرْضِيَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَكِ يَوْمِي؟ فَلَبِسْتُ خِمَارًا لِي كَانَ مَصْبُوغًا بِزَعْفَرَانَ، وَنَضَحْتُهُ بِمَاءٍ، ثُمَّ جِئْتُ فَجَلَسْتُ اِلَى جَنْبِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ لِي: اِلَيْكِ عَنِّي، فَاِنَّهُ لَيْسَ بِيَوْمِكِ فَقُلْتُ: ذَلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيهِ مَنْ يَشَاءُ، وَاَخْبَرْتُهُ الْخَبَرَ، فَرَضِيَ عَنْهَا

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا کے حوالہ سے کوئی شی پائی' حضرت صفیہ نے مجھے کہا: کیا آپ رسول اللہ ﷺ کو خوش کریں گی' (میں) اپنی باری کا دن آپ کو دیتی ہوں؟ میں نے ایک اوڑھنی کو زیب تن کیا جو میرے پاس زعفران سے رنگی ہوئی تھی' میں نے اس پر پانی چھڑک دیا' پھر میں آئی' میں حضور ﷺ کے قریب بیٹھ گئی' آپ نے مجھے فرمایا: مجھ سے دُور چلی جاؤ آج آپ کی باری کا دن تو نہیں ہے؟ میں نے عرض کی: یہ اللہ کا فضل ہے جسے چاہے عطا کرے' میں نے آپ کو سارے معاملہ کی خبر دی تو آپ حضرت صفیہ سے راضی ہو گئے۔

**2609** - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا اَبُو عُمَرَ الضَّرِيرُ قَالَ: اَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ ایک سفر میں تھے' ہم آپ کے ساتھ تھے تو

2608- أخرجه ابن ماجة: النكاح جلد1صفحه634 رقم الحديث:1973' وأحمد: المسند جلد6صفحه162 .

2609- انظر: مجمع الزوائد جلد4صفحه326 .

سُمَيَّةَ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي سَفَرٍ وَنَحْنُ مَعَهُ، فَاعْتَلَّ بَعِيرٌ لِصَفِيَّةَ، وَكَانَ مَعَ زَيْنَبَ فَضْلُ ظَهْرٍ، فَقَالَ لَهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ بَعِيرَ صَفِيَّةَ قَدِ اعْتَلَّ، فَلَوْ اَعْطَيْتِهَا بَعِيرًا لَكِ، فَقَالَتْ: اَنَا اُعْطِي هَذِهِ الْيَهُودِيَّةَ؟ فَغَضِبَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وهَجَرَهَا بَقِيَّةَ ذِي الْحِجَّةِ وَالْمُحَرَّمَ وَصَفَرَ، وأيَّامًا مِنْ شَهْرِ رَبِيعِ الْاَوَّلِ، حَتَّى رَفَعَتْ مَتَاعَهَا وَسَرِيرَهَا، فَظَنَّتْ اَنَّهُ لَا حَاجَةَ لَهُ فِيهَا، فَبَيْنَمَا هِيَ ذَاتَ يَوْمٍ قَاعِدَةٌ بِنِصْفِ النَّهَارِ، رَاَتْ ظِلَّهُ قَدْ اَقْبَلَ فَاَعَادَتْ سَرِيرَهَا وَمَتَاعَهَا

حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا کا اونٹ تھک گیا' آپ کے ساتھ حضرت زینب رضی اللہ عنہا بھی تھیں' ان کے پاس زیادہ سواری تھی' حضور ﷺ نے حضرت زینب رضی اللہ عنہا سے فرمایا: صفیہ کا اونٹ تھک گیا' اگر آپ اس کو اپنا اونٹ دے دیں' حضرت زینب رضی اللہ عنہا نے عرض کی: میں اس یہودیہ کو دوں؟ حضور ﷺ غصہ ہوئے آپ نے حضرت زینب رضی اللہ عنہا کے ساتھ ذی الحجہ کے چند (یا) محرم' صفر اور ربیع الثانی کے چند' ان کو چھوڑے رکھا یہاں تک کہ آپ نے اپنا سامان اور چارپائی اُٹھالی' میں نے گمان کیا کہ آپ کو ان سے کوئی ضرورت نہیں ہے' اس لحاظ سے ایک دن بیٹھے ہوئے تھے دوپہر کے وقت' ایک سایہ دیکھا آپ آ رہے ہیں' آپ نے اپنی چارپائی اور سامان واپس رکھ دیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنْ ثَابِتٍ اِلَّا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ

یہ دونوں حدیثیں ثابت سے صرف حماد بن سلمہ ہی روایت کرتے ہیں۔

**2610** - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا اَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ قَالَ: نا اَبُو شِهَابٍ الْحَنَّاطُ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِي خَالِدٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ اَبِي حَازِمٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَحِلُّ لِمُسْلِمٍ اَنْ يَهْجُرَ اَخَاهُ فَوْقَ ثَلَاثَةِ اَيَّامٍ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: کسی مسلمان کے لیے جائز نہیں ہے کہ وہ اپنے بھائی سے تین دن سے زیادہ لاتعلق رکھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اِسْمَاعِيلَ اِلَّا اَبُو شِهَابٍ

یہ حدیث اسماعیل سے صرف ابوشہاب ہی روایت کرتے ہیں۔

**2610**- أخرجه ابن ماجة: المقدمة جلد **1** صفحه **18** رقم الحديث: **46**' والطبراني في الكبير جلد **10** صفحه **184** رقم الحديث: **10399** .

2611 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ ابْنُ عَائِشَةَ قَالَ: نا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ قَالَ: اَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ الْقَاسِمِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَمْرَةَ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: نَزَلَ الْقُرْآنُ: اَنَّهُ لَا يُحَرِّمُ اِلَّا عَشْرُ رَضَعَاتٍ مَعْلُومَاتٍ اَوْ خَمْسٌ مَعْلُومَاتٌ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ قرآن نازل ہوا اس میں یہ آیت تھی کہ حرمتِ رضاعت ثابت نہیں ہوتی ہے مگر دس یا پانچ گھونٹ دودھ پینے سے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْقَاسِمِ اِلَّا حَمَّادٌ

یہ حدیث عبدالرحمٰن بن قاسم سے صرف حماد ہی روایت کرتے ہیں۔

2612 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا حَجَّاجُ بْنُ نُصَيْرٍ قَالَ: نا هِشَامٌ الدَّسْتُوَائِيُّ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَقُولَنَّ اَحَدُكُمْ: خَبُثَتْ نَفْسِي، وَلَكِنْ لِيَقُلْ: لَقِسَتْ نَفْسِي

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: تم میں سے کوئی ایک یہ نہ کہے: میرا نفس پلید ہو گیا ہے لیکن یہ کہے کہ میرا دل سخت ہو گیا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ هِشَامٍ اِلَّا حَجَّاجٌ

اس حدیث کو ہشام سے صرف حجاج ہی روایت کرتے ہیں۔

2613 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا سَهْلُ بْنُ بَكَّارٍ قَالَ: نا يَزِيدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ التُّسْتَرِيُّ قَالَ: نا الْحَسَنُ، وَاِبْرَاهِيمُ بْنُ الْعَلَاءِ الْغَنَوِيُّ، قَالَا: فِي خُطْبَةِ عُتْبَةَ بْنِ غَزْوَانَ بِالْبَصْرَةِ: اَلَا اِنَّ الدُّنْيَا قَدْ اَذِنَتْ بِصَرْمٍ وَوَلَّتْ حَذَّاءَ، اَلَا وَلَمْ يَبْقَ مِنْهَا اِلَّا صُبَابَةٌ كَصُبَابَةِ الْاِنَاءِ يَصُبُّهَا اَحَدُكُمْ، اَلَا وَاِنَّكُمْ

حضرت حسن اور ابراہیم بن علاء الغنوی دونوں فرماتے ہیں: عقبہ بن غزوان کے بصرہ والے خطبہ کے متعلق: خبردار دنیا اپنے ختم ہونے کی بات کر رہی ہے اور پیٹھ پھیر کر پلٹنے والی ہے اس دنیا سے صرف اتنا ہی باقی رہ گیا ہے جتنا برتن میں کوئی شی باقی رہ جاتی ہے جسے تم پھینک دیتے ہو تمہارا اس دنیا سے پلٹنا ضروری ہے تم

2611- أخرجه مسلم: الرضاع جلد2صفحه1075، وأبو داؤد: النكاح جلد 3صفحه230 رقم الحديث: 2062، والنسائي: النكاح جلد 6صفحه83 (باب القدر الذي يحرم من الرضاعة)، ومالك في الموطأ: الرضاع جلد 2 صفحه608 رقم الحديث: 17، والدارمي: النكاح جلد2صفحه209 رقم الحديث: 2253 .

2612- أخرجه البخاري: الأدب جلد10صفحه579 رقم الحديث: 6179، ومسلم: الألفاظ جلد4صفحه1765 .

2613- أخرجه مسلم: الزهد جلد4صفحه2278، وأحمد: المسند جلد4صفحه214 رقم الحديث: 17588 .

مُنْتَقِلُونَ مِنْهَا لَا مَحَالَةَ، فَانْتَقِلُوا بِخَيْرِ مَا بِحَضْرَتِكُمْ، أَلَا وَلَقَدْ كُنْتُ سَابِعَ سَبْعَةٍ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا لَنَا طَعَامٌ إِلَّا وَرَقُ الشَّجَرِ، حَتَّى قَرِحَتْ أَشْدَاقُنَا، وَلَقَدْ أَصْبَحْنَا وَمَا مِنَّا إِلَّا أَمِيرٌ، وَلَقَدْ رَأَيْتُنِي وَسَبْعَةً أَصَبْنَا بُرْدَةً فَشَقَقْنَاهَا بَيْنَنَا، أَلَا وَإِنَّ مِنَ الْعَجَبِ أَنَّ الصَّخْرَةَ الْعَظِيمَةَ لَتُطْرَحُ فِي جَهَنَّمَ، فَتَهْوِي سَبْعِينَ خَرِيفًا لَا تَبْلُغُ قَعْرَهَا، أَلَا وَإِنَّ مِنَ الْعَجَبِ أَنَّ مَا بَيْنَ مِصْرَاعَيْنِ مِنْ مَصَارِيعِ الْجَنَّةِ أَرْبَعِينَ يَوْمًا، وَلَيَأْتِيَنَّ عَلَيْهِ يَوْمٌ وَهُوَ كَظِيظُ الزِّحَامِ

اس حالت میں دنیا سے جاؤ کہ تم نیکیاں ہی نیکیاں لے کر جاؤ' خبردار! میں ان سات افراد میں ساتواں تھا جو حضور ﷺ کے ساتھ تھے' ہمارے پاس صرف درخت کے پتے تھے یہاں تک کہ درختوں کے پتے کھا کھا کر ہماری باچھیں پھٹ گئیں' ہم نے اس حال میں صبح کی کہ میں سے ایک امیر تھا اور میں نے اپنے آپ کو دیکھا۔ میں نے دیکھا میں ان میں ساتواں تھا' ہم کو ایک چادر ملی' ہم نے آدھی آدھی کر کے آپس میں لے لی' خبردار! اس سے عجیب بات یہ ہے کہ ایک بڑا پتھر جہنم میں گرایا گیا' ستر سال پہلے وہ اس کی تہہ تک نہ پہنچ سکا۔ خبردار! اس سے بھی تعجب والی بات ہے کہ جنت ایک حد سے دوسری حد تک چالیس دن تک چلتے رہنے کی مسافت جتنا فاصلہ ہے' اس لیے ایک دن ایسا ضرور آئے گا کہ یہ رش سے بھر جائے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَزِيدَ بْنِ إِبْرَاهِيمَ إِلَّا سَهْلٌ

یہ حدیث یزید بن ابراہیم سے صرف سہل ہی روایت کرتے ہیں۔

**2614** - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ الْعَبْدِيُّ قَالَ: نا هَمَّامُ بْنُ يَحْيَى، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَقِيقٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّ رَجُلًا مِنْ أَهْلِ الْبَادِيَةِ سَأَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ صَلَاةِ اللَّيْلِ؟ فَقَالَ بِإِصْبَعِهِ هَكَذَا: مَثْنَى مَثْنَى، وَالْوِتْرُ رَكْعَةٌ مِنْ آخِرِ اللَّيْلِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ ایک دیہات کے آدمی نے رسول اللہ ﷺ سے رات کی نماز کے متعلق پوچھا: آپ نے اپنی انگلی مبارک سے اس طرح اشارہ کیا' فرمایا: دو دو رکعتیں ہیں اور ایک رکعت ساتھ ملا کر وتر کرلیا کرو۔

---

**2614**- أخرجه البخاري: الصلاة جلد 1صفحه669 رقم الحديث: 472' ومسلم: المسافرين جلد 1صفحه516' وأبو داؤد: الصلاة جلد2صفحه63 رقم الحديث: 1421 .

**2615** - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ الْحَجَبِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ الدَّرَاوَرْدِيُّ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: طَافَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَامَ الْفَتْحِ بِالْبَيْتِ عَلَى رَاحِلَتِهِ يَسْتَلِمُ الرُّكْنَ بِمِحْجَنِهِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضورﷺ نے فتح مکہ والے سال کعبہ شریف کا طواف کیا اپنی سواری پر اور حجر اسود کو استلام کیا چھڑی کے ساتھ۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ هِشَامٍ اِلَّا الدَّرَاوَرْدِيُّ

یہ حدیث ہشام سے صرف الدراوردی ہی روایت کرتے ہیں۔

**2616** - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا اَبُو عُمَرَ الضَّرِيرُ قَالَ: اَنَا اَبُو عَوَانَةَ، عَنْ جَابِرٍ الْجُعْفِيِّ، عَنْ طَاوُسٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: صَلَّى الْعِيدَ بِغَيْرِ اَذَانٍ وَلَا اِقَامَةٍ، ثُمَّ خَطَبَ بَعْدَ الصَّلَاةِ، ثُمَّ اَتَى النِّسَاءَ وَمَعَهُ بِلَالٌ، فَوَقَفَ عَلَيْهِنَّ وَحَثَّهُنَّ عَلَى الصَّدَقَةِ، فَكَمْ مِنْ خَاتَمٍ وَقِلَادَةٍ قَدْ اُلْقِيَ فِي ثَوْبِ بِلَالٍ، حَتَّى مَلَا ثَوْبَهُ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے عید کی نماز پڑھائی بغیر اذان اور اقامت کے' پھر نماز کے بعد خطبہ دیا' پھر آپ عورتوں کے پاس آئے' آپ کے ساتھ حضرت بلال رضی اللہ عنہ بھی تھے' آپ ان کے پاس رُکے' ان کو صدقہ دینے پر ترغیب دلائی' ان عورتوں نے اپنی انگوٹھیاں اور ہار حضرت بلال رضی اللہ عنہ کے کپڑے میں ڈالنا شروع کیے یہاں تک کہ کپڑا بھر گیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ جَابِرٍ اِلَّا اَبُو عَوَانَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ اَبُو عُمَرَ

یہ حدیث حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے صرف ابوعوانہ ہی روایت کرتے ہیں' ان سے روایت کرنے میں ابوعمر اکیلے ہیں۔

**2617** - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ قَالَ: اَنَا عِمْرَانُ الْقَطَّانُ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: مؤمن کو مظلوماً مال کی حفاظت کرتے ہوئے قتل کیا جانے پر شہادت کا ثواب ملتا ہے۔

---

2615- انظر: مجمع الزوائد جلد3صفحه247 .

2616- أخرجه البخاري: التفسير جلد8صفحه506 رقم الحديث:4895' ومسلم: العيدين جلد2صفحه602 .

2617- أخرجه البخاري: المظالم جلد5صفحه147 رقم الحديث:2480' ومسلم: الأيمان جلد1صفحه124 .

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: قَتْلُ الْمُؤْمِنِ مَظْلُومًا دُونَ مَالِهِ شَهَادَةٌ

**2618** - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ قَالَ: نا هِشَامٌ الدَّسْتُوَائِيُّ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَمْنَعَنَّ اَحَدُكُمْ جَارَهُ اَنْ يَضَعَ خَشَبَةً فِي جِدَارِهِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تم میں کوئی بھی اپنے پڑوسی کو منع نہ کرے اس کو گاڈر اپنی دیوار میں رکھنے سے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيدٍ اِلَّا مَعْمَرٌ

یہ حدیث زہری سے' وہ سعید سے اور زہری سے صرف معمر ہی روایت کرتے ہیں۔

**2619** - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا اَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ قَالَ: نا عَمْرُو بْنُ الْعَلَاءِ الْيَشْكُرِيُّ، عَنْ صَالِحِ بْنِ سَرْجٍ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حِطَّانَ قَالَ: دَخَلْنَا عَلَى عَائِشَةَ، فَذَكَرُوا الْقَضَاءَ، فَقَالَتْ عَائِشَةُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اِنَّهُ يُؤْتَى بِالْقَاضِي الْعَدْلِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، فَيَلْقَى مِنْ شِدَّةِ الْحِسَابِ مَا يَتَمَنَّى اَنْ يَكُونَ قَضَى بَيْنَ اثْنَيْنِ فِي تَمْرَةٍ قَطُّ

حضرت عمران بن حطان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس آئے' آپ کے پاس قاضی بننے کا ذکر کیا' حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: میں نے رسول اللہ سے سنا فرماتے ہوئے کہ قیامت کے دن عادل قاضی کو لایا جائے گا' اس کو سخت حساب میں ڈالا جائے گا' وہ خواہش کرے گا کہ وہ کبھی بھی دو آدمیوں کے درمیان کھجور کا فیصلہ کرنے کے لیے بھی قاضی نہ بنتا۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ عَائِشَةَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ عَمْرُو بْنُ الْعَلَاءِ

یہ حدیث حضرت عائشہ سے صرف اسی سند سے روایت کی گئی ہے' اس کو روایت کرنے میں عمرو بن علاء اکیلے ہیں۔

**2620** - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا اَبُو عُمَرَ

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ مرفوعاً روایت

---

2618- أخرجه البخاري: المظالم جلد5صفحه131 رقم الحديث: 2463' ومسلم: المساقاة جلد3صفحه1230 .

2619- انظر: مجمع الزوائد جلد4صفحه195 .

2620- أخرجه مسلم: الايمان جلد1صفحه100' وأبو داؤد: الجنائز جلد3صفحه190 رقم الحديث: 3130' والنسائي: الجنائز جلد4صفحه17 (باب السلق)' وأحمد: المسند جلد4صفحه503 رقم الحديث: 19712 .

الضَّرِيرُ قَالَ: نا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ رِبْعِيِّ بْنِ حِرَاشٍ، عَنْ أَبِي مُوسَى، رَفَعَهُ قَالَ: لَيْسَ مِنَّا مَنْ حَلَقَ، وَخَرَقَ، وَسَلَقَ

کرتے ہیں کہ آپ نے ارشاد فرمایا: اس کا تعلق ہم سے نہیں ہے جو گریبان پھاڑے اور بال نوچے اور کپڑے پھاڑے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ إِلَّا أَبُو عَوَانَةَ

یہ حدیث عبدالملک سے صرف ابوعوانہ ہی روایت کرتے ہیں۔

**2621** - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ: نا أَبُو لَيْلَى عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَيْسَرَةَ، عَنْ مَزِيدَةَ بْنِ جَابِرٍ، عَنْ أُمِّهِ، أَنَّ أَبَا مُوسَى قَالَ: يَوْمَ عَاشُورَاءَ: صُومُوا هَذَا الْيَوْمَ، فَإِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَرَنَا بِصَوْمِهِ

حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: یہ دن عاشوراء کا ہے اس دن روزہ رکھا کرو کیونکہ حضور ﷺ ہم کو اس دن روزہ رکھنے کا حکم دیتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَزِيدَةَ إِلَّا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَيْسَرَةَ

یہ حدیث مزیدہ سے صرف عبداللہ بن میسرہ ہی روایت کرتے ہیں۔

**2622** - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا إِبْرَاهِيمُ بْنُ بَشَّارٍ الرَّمَادِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ يَعْلَى زُنْبُورٌ قَالَ: نا عَنْبَسَةُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ نَافِعٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنِ الْقُنُوتِ فِي صَلَاةِ الصُّبْحِ

حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ صبح کی نماز میں دعائے قنوت سے منع کرتے تھے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْلَى

یہ حدیث اُم سلمہ سے اسی سند سے روایت کی گئی ہے ان سے روایت کرنے میں محمد بن یعلی اکیلے ہیں۔

**2623** - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا أَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ قَالَ: نا عَمَّارٌ أَبُو هَاشِمٍ، صَاحِبُ

حضرت قبیصہ بن وقاص رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تم پر ایسے حکمران مسلط ہوں

---

**2621**- أخرجه البخاري: الصوم جلد4صفحه287 رقم الحديث: 2005' ومسلم: الصيام جلد2صفحه796 .

**2622**- أخرجه ابن ماجة: الاقامة جلد1صفحه393 رقم الحديث: 1242' والدارقطني: سننه جلد2صفحه38 رقم الحديث: 5 .

**2623**- أخرجه أبو داؤد: الصلاة جلد1صفحه115 رقم الحديث: 434' والطبراني في الكبير جلد18صفحه375 .

الزَّعْفَرَانِ، عَنْ صَالِحِ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ قَبِيصَةَ بْنِ وَقَّاصٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَكُونُ عَلَيْكُمْ أُمَرَاءُ يُؤَخِّرُونَ الصَّلَاةَ عَنْ مَوَاقِيتِهَا، فَهِيَ لَكُمْ وَعَلَيْهِمْ، فَصَلُّوا مَعَهُمْ مَا صَلَّوْا لَكُمُ الصَّلَاةَ

گے جو نماز وقت پر ادا نہیں کریں گے' گناہ ان پر ہوگا' تمہارے لیے وقت پر ادا کرنے کا ثواب ملے گا' جو تم نماز اُن کے ساتھ پڑھنا جو بھی تمہارے لیے نماز پڑھائے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ قَبِيصَةَ بْنِ وَقَّاصٍ اللَّيْثِيِّ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ أَبُو هَاشِمٍ

یہ حدیث قبیصہ بن وقاص اللیثی سے صرف اسی سند سے روایت ہے' ان سے روایت کرنے میں ابو ہاشم اکیلے ہیں۔

**2624** - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ الْحَجَبِيُّ قَالَ: نا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ قَالَ: نا الْمُهَاجِرُ أَبُو مَخْلَدٍ، عَنْ أَبِي الْعَلَاءِ يَزِيدَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الشِّخِّيرِ، عَنْ أَبِي مُسْلِمٍ الْجُذَامِيِّ، أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا ذَرٍّ يَقُولُ: قُلْتُ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، أَيُّ اللَّيْلِ أَحَبُّ إِلَيْكَ إِنْ قُضِيَ لِي أَنْ أُصَلِّيَ فِيهِ رَكْعَتَيْنِ؟ قَالَ: نِصْفُ اللَّيْلِ، وَقَلِيلٌ فَاعِلُهُ

حضرت ابو مسلم الجذامی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ انہوں نے حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے سنا فرماتے ہوئے کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! رات کا کون سا حصہ آپ کو زیادہ پسند ہے کہ میں اس میں دو رکعت نفل ادا کروں؟ آپ نے فرمایا: آدھی رات کے وقت اور اس وقت پڑھنے والے بہت تھوڑے لوگ ہوتے ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَبِي مُسْلِمٍ إِلَّا أَبُو الْعَلَاءِ، تَفَرَّدَ بِهِ الْمُهَاجِرُ

یہ حدیث ابو مسلم سے صرف ابو العلاء ہی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں مہاجر اکیلے ہیں۔

**2625** - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا سَهْلُ بْنُ بَكَّارٍ قَالَ: نا أَبَانُ بْنُ يَزِيدَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بَابِي الْمَكِّيِّ قَالَ: صَلَّيْتُ إِلَى جَنْبِ ابْنِ عُمَرَ، فَلَمَّا صَلَّى ضَرَبَ بِيَدِهِ عَلَى فَخِذِي، فَقَالَ: أَلَا أُعَلِّمُكَ تَحِيَّةَ الصَّلَاةِ كَمَا كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُعَلِّمُنَا؟ فَتَلَا هَؤُلَاءِ الْكَلِمَاتِ:

حضرت عبداللہ بن ابی المکی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کے پہلو میں نماز پڑھی' جب نماز پڑھ لی تو آپ نے اپنا ہاتھ میری ران پر مارا' فرمایا: کیا میں آپ کو نماز کی التحیات نہ سکھاؤں جس طرح رسول اللہ ﷺ ہم کو سکھاتے تھے؟ آپ نے یہ کلمات پڑھے: تمام قولی' مالی' بدنی عبادتیں اللہ کے لیے

**2624**- أخرجه البيهقي في الكبرى جلد3صفحه6 رقم الحديث: 4664 .

**2625**- انظر: مجمع الزوائد جلد2صفحه147 .

التَّحِيَّاتُ الصَّلَوَاتُ الطَّيِّبَاتُ لِلّٰهِ، السَّلَامُ عَلَيْكَ أَيُّهَا النَّبِيُّ، وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ، السَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلَى عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِينَ، اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ

ہیں اے غیب کی خبریں دینے والے نبی! آپ پر سلام اور اللہ کی رحمت اور برکت ہو ہم پر سلام اور اللہ کے نیک بندوں پر سلام ہو میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے اور محمد اس کے بندے اور اس کے رسول ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ اِلَّا اَبَانُ، تَفَرَّدَ بِهِ سَهْلٌ

یہ حدیث قتادہ سے صرف ابان ہی روایت کرتے ہیں ان سے روایت کرنے میں سہل اکیلے ہیں۔

**2626** - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا اَبُو عُمَرَ الضَّرِيرُ قَالَ: نا مَهْدِيُّ بْنُ مَيْمُونٍ قَالَ: اَنَا وَاصِلٌ، مَوْلَى اَبِي عُيَيْنَةَ، عَنْ اَبِي وَائِلٍ شَقِيقِ بْنِ سَلَمَةَ الْاَسَدِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَيُّ الْاَعْمَالِ اَفْضَلُ؟ قَالَ: اِقَامَةُ الصَّلَاةِ لِوَقْتِهَا

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! کون سے اعمال افضل ہیں؟ آپ نے فرمایا: نماز وقت پر قائم کرنا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ وَاصِلٍ اِلَّا مَهْدِيٌّ

یہ حدیث واصل سے صرف مہدی ہی روایت کرتے ہیں۔

**2627** - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ قَالَ: اَنَا هَمَّامٌ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ فِي الْجُمُعَةِ لَسَاعَةً لَا يُوَافِقُهَا عَبْدٌ مُسْلِمٌ يَسْاَلُ اللّٰهَ خَيْرًا اِلَّا اَعْطَاهُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جمعہ کے دن میں ایک وقت ایسا ہوتا ہے جو کوئی مسلمان اس کو پالیتا ہے تو اس وقت اللہ سے کوئی بھلائی مانگتا ہے تو اللہ اس کو عطا کرتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ هَمَّامٍ اِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ

یہ حدیث ہمام سے صرف عبداللہ بن رجاء ہی روایت کرتے ہیں۔

---

2626- أخرجه البخاري: التوحيد جلد13صفحه519 رقم الحديث:7534' ومسلم: الايمان جلد1صفحه90 .

2627- أخرجه البخاري: الجمعة جلد2صفحه482 رقم الحديث:935' ومسلم: الجمعة جلد2صفحه583 .

**2628** - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ قَالَ: نا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ عَطِيَّةَ، عَنْ اَيُّوبَ، عَنْ اَبِي قِلَابَةَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا حَضَرَ الْعَشَاءُ وَاُقِيمَتِ الصَّلَاةُ، فَابْدَئُوا بِالْعَشَاءِ

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ سِمَاكٍ اِلَّا حَمَّادٌ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب رات کا کھانا حاضر ہو اور نماز کے لیے اقامت پڑھی جائے (اور تمہیں سخت بھوک لگی ہو) تو کھانا پہلے کھالیا کرو۔

یہ حدیث سماک سے صرف حماد ہی روایت کرتے ہیں۔

**2629** - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِينِيِّ قَالَ: نا مَعْنُ بْنُ عِيسَى الْقَزَّازُ قَالَ: نا الْحَارِثُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ اللَّيْثِيُّ ثُمَّ السِّمْعِيُّ النَّخَعِيُّ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ يَزِيدَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ قُسَيْطٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ الْفَضْلِ بْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: جَائَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَخَرَجْتُ اِلَيْهِ، فَوَجَدْتُهُ مَوْعُوكًا، قَدْ عَصَبَ رَاْسَهُ، فَقَالَ: خُذْ بِيَدِي يَا فَضْلُ فَاَخَذْتُ بِيَدِهِ حَتَّى انْتَهَى اِلَى الْمِنْبَرِ، فَجَلَسَ عَلَيْهِ، ثُمَّ قَالَ لِي: صِحْ فِي النَّاسِ فَصِحْتُ فِي النَّاسِ، فَاجْتَمَعُوا اِلَيْهِ، فَحَمِدَ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ وَاَثْنَى عَلَيْهِ، ثُمَّ قَالَ: يَا اَيُّهَا النَّاسُ، اِنَّهُ قَدْ دَنَى مِنِّي حُقُوقٌ مِنْ بَيْنِ اَظْهُرِكُمْ، فَمَنْ كُنْتُ جَلَدْتُ لَهُ ظَهْرًا فَهٰذَا ظَهْرِي فَلْيَسْتَقِدْ مِنْهُ، وَمَنْ كُنْتُ شَتَمْتُ لَهُ عِرْضًا فَهٰذَا عِرْضِي فَلْيَسْتَقِدْ مِنْهُ، وَمَنْ كُنْتُ اَخَذْتُ لَهُ مَالًا، فَهٰذَا مَالِي فَلْيَسْتَقِدْ مِنْهُ وَلَا يَقُولَنَّ رَجُلٌ: اِنِّي

حضرت فضل بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ میرے پاس تشریف لائے' میں آپ کے پاس گیا' میں نے آپ کو حالت نماز میں پایا' آپ نے اپنا سر مبارک باندھا ہوا تھا' آپ نے فرمایا: اے فضل! میرا ہاتھ پکڑنا! میں نے آپ کا ہاتھ پکڑا' یہاں تک کہ آپ منبر کے پاس آئے' آپ منبر پر جلوہ افروز ہوئے' پھر مجھے فرمایا: لوگوں کو بلانے کے لیے اعلان کرو! میں نے لوگوں کے بلانے کے لیے اعلان کیا' لوگ آپ کے پاس جمع ہو گئے' آپ نے اللہ کی حمد اور ثناء کی' پھر فرمایا: اے لوگو! میں تمہارے اندر موجود ہوں' تم اپنے حقوق مجھ سے لے لو' جس کو میں نے پشت پر مارا ہے' یہ میری پشت حاضر ہے وہ اس سے بدلہ لے لے' جس کو میں نے گالی دی ہو وہ گالی میں بدلہ لے لے' جس کا میں نے مال لیا ہے یہ میرا مال ہے وہ اس سے لے لے' کوئی آدمی یہ نہ کہے کہ میں رسول اللہ ﷺ سے ڈرتا ہوں' بے شک یہ میری طبیعت نہیں ہے نہ میری شان ہے' مجھے پسند وہ ہے جو مجھ سے اپنا

2628- أخرجه البخاري: الأطعمة جلد9صفحه497 رقم الحديث:5463' ومسلم: المساجد جلد1صفحه392 .

2629- أخرجه الطبراني في الكبير جلد18صفحه280 . انظر: مجمع الزوائد جلد9صفحه28-29 .

اَخْشَى الشَّحْنَاءَ مِنْ قِبَلِ رَسُولِ اللّٰهِ، اَلَا وَاِنَّ الشَّحْنَاءَ لَيْسَتْ مِنْ طَبِيعَتِي، وَلَا مِنْ شَانِي، اَلَا وَاِنَّ اَحَبَّكُمْ اِلَيَّ مَنْ اَخَذَ حَقًّا اِنْ كَانَ، اَوْ حَلَّلَنِي فَلَقِيتُ اللّٰهَ وَاَنَا طَيِّبُ النَّفْسِ، اَلَا وَاِنِّي لَا اَرَى ذٰلِكَ بِمُغْنٍ عَنِّي حَتّٰى اَقُومَ فِيكُمْ مِرَارًا ثُمَّ نَزَلَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَصَلَّى الظُّهْرَ، ثُمَّ عَادَ اِلَى الْمِنْبَرِ، فَعَادَ اِلَى مَقَالَتِهِ فِي الشَّحْنَاءِ وَغَيْرِهَا، ثُمَّ قَالَ: اَيُّهَا النَّاسُ، مَنْ كَانَ عِنْدَهُ شَيْءٌ فَلْيَرُدَّهُ، وَلَا يَقُولُ: فُضُوحُ الدُّنْيَا، اَلَا وَاِنَّ فُضُوحَ الدُّنْيَا خَيْرٌ مِنْ فُضُوحِ الْآخِرَةِ، فَقَامَ اِلَيْهِ رَجُلٌ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنَّ لِي عِنْدَكَ ثَلَاثَةَ دَرَاهِمَ، فَقَالَ: اَمَا اِنَّا لَا نُكَذِّبُ قَائِلًا، وَلَا نَسْتَحْلِفُهُ عَلَى يَمِينٍ، فَلِمَ صَارَتْ لَكَ عِنْدِي؟ قَالَ: تَذْكُرُ يَوْمَ مَرَّ بِكَ السَّائِلُ فَاَمَرْتَنِي، فَدَفَعْتُ اِلَيْهِ ثَلَاثَةَ دَرَاهِمَ؟ قَالَ: ادْفَعْهَا اِلَيْهِ يَا فَضْلُ ثُمَّ قَامَ اِلَيْهِ رَجُلٌ آخَرُ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، عِنْدِي ثَلَاثَةُ دَرَاهِمَ، كُنْتُ غَلَلْتُهَا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ قَالَ: وَلِمَ غَلَلْتَهَا؟ قَالَ: كُنْتُ اِلَيْهَا مُحْتَاجًا قَالَ: خُذْهَا مِنْهُ يَا فَضْلُ، ثُمَّ قَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ خَشِيَ مِنْكُمْ شَيْئًا فَلْيَقُمْ اَدْعُ لَهُ فَقَامَ اِلَيْهِ رَجُلٌ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنِّي لَكَذَّابٌ وَاِنِّي لَمُنَافِقٌ، وَاِنِّي لَنَئُومٌ، فَقَالَ: اللّٰهُمَّ ارْزُقْهُ صِدْقًا وَاِيمَانًا، وَاَذْهِبْ عَنْهُ النَّوْمَ اِذَا اَرَادَ ثُمَّ قَامَ اِلَيْهِ رَجُلٌ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنِّي لَكَذَّابٌ، وَاِنِّي لَمُنَافِقٌ، وَمَا مِنْ شَيْءٍ مِنَ الْاَشْيَاءِ اِلَّا وَقَدْ اَتَيْتُهُ، فَقَالَ عُمَرُ: يَا هٰذَا، فَضَحْتَ نَفْسَكَ،

حق لے لے یا مجھے معاف کر دے' میں اللہ سے ملوں اس حالت میں کہ میں اپنے نفس کو خوش پاؤں' خبردار میں اپنے آپ سے کسی کو بے پروانہیں پاتا ہوں' میں تمہارے اندر کئی مرتبہ کھڑا ہوا ہوں' پھر آپ منبر سے نیچے اترے۔ آپ نے ظہر کی نماز پڑھائی' پھر دوبارہ منبر پر تشریف فرما ہوئے' دوبارہ اس کے علاوہ والی بات دُہرائی۔ پھر فرمایا: اے لوگو! جس کے پاس کسی کی کوئی شی ہو وہ اس کو واپس کر دے وہ ترکِ دنیا کی رسوائی ہے' خبردار دنیا کی رسوائی آخرت کی رسوائی سے بہتر ہے۔ آپ کے سامنے ایک آدمی کھڑا ہوا' اس نے عرض کی: یارسول اللہ! میرے آپ کے ذمہ تین درہم ہیں' آپ نے فرمایا: ہم کہنے والے کو جھوٹا بھی نہیں کہتے ہیں اور نہ اس پر قسم لیتے ہیں' آپ میرے پاس کیسے آئے۔ میں نے عرض کی: آپ کو وہ دن یاد ہے کہ آپ کے پاس سے ایک سائل گزرا' آپ نے مجھے حکم دیا تھا تو میں نے اس کو تین درہم دیئے تھے؟ آپ نے فرمایا: اے فضل! اس کو دے دو! پھر دوسرا آدمی کھڑا ہوا' اس نے عرض کی: یارسول اللہ! میرے ذمے آپ کے تین درہم ہیں' میں نے اللہ کی راہ میں خیانت کی تھی' آپ نے فرمایا: تُو نے خیانت کیوں کی تھی؟ اس نے عرض کی: میں محتاج تھا' آپ نے فرمایا: اے فضل! اس سے لے لو! پھر حضور ﷺ نے فرمایا: تم میں سے جس کسی کو خوف ہو اپنے اوپر کسی شی کا وہ کھڑا ہو' میں اس کے لیے دعا کرتا ہوں۔ ایک آدمی کھڑا ہوا' اس نے عرض کی: یارسول اللہ! میں بہت جھوٹا ہوں اور منافق ہوں اور نیند

فَقَالَ: مَهْ يَا ابْنَ الْخَطَّابِ، فُضُوحُ الدُّنْيَا اَيْسَرُ مِنْ فُضُوحِ الْآخِرَةِ، اللّٰهُمَّ ارْزُقْهُ صِدْقًا وَإِيمَانًا، وَصَيِّرْ اَمْرَهُ اِلَى خَيْرٍ ، فَتَكَلَّمَ عُمَرُ بِكَلِمَةٍ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عُمَرُ مَعِي وَاَنَا مَعَ عُمَرَ، وَالْحَقُّ بَعْدِي مَعَ عُمَرَ حَيْثُ كَانَ

بہت زیادہ آتی ہے' آپ نے دعا فرمائی: اے اللہ! اس کو سچائی اور ایمان کی توفیق دے اور اس سے نیند دور کر دے جب یہ ارادہ کرے۔ پھر ایک اور آدمی کھڑا ہوا' اس نے عرض کی: یارسول اللہ! میں بہت جھوٹا اور منافق آدمی ہوں' مجھے ہر شی دی گئی ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: اے فلاں! تو اپنے آپ کو رسوا کر رہا ہے' آپ نے فرمایا: اے عمر! چھوڑ دو! دنیا کی رسوائی آخرت کی رسوائی سے آسان ہے' اے اللہ! اس کو سچائی اور ایمان دے' اس کو نیکی کی توفیق دے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ایک بات کی' حضور ﷺ نے فرمایا: عمر میرے ساتھ ہے' میں عمر کے ساتھ ہوں' میرے بعد حق عمر کے ساتھ ہو گا جہاں بھی ہوں گے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنِ الْفَضْلِ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ الْحَارِثُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ

یہ حدیث فضل سے اسی سند سے روایت ہے' ان سے روایت کرنے میں حارث بن عبدالملک اکیلے ہیں۔

**2630** - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا اَبُو عُمَرَ الضَّرِيرُ قَالَ: نا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عَلْقَمَةَ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ، اِنَّهُ لَيَسْمَعُ خَفْقَ نِعَالِهِمْ حِينَ يُوَلُّونَ عَنْهُ، فَاِنْ كَانَ مُؤْمِنًا كَانَتِ الصَّلَاةُ عِنْدَ رَاْسِهِ، وَالزَّكَاةُ عَنْ يَمِينِهِ، وَالصَّوْمُ عَنْ شِمَالِهِ، وَفِعْلُ الْخَيْرَاتِ وَالْمَعْرُوفُ وَالْاِحْسَانُ اِلَى النَّاسِ مِنْ قِبَلِ رِجْلَيْهِ، فَيُؤْتَى مِنْ قِبَلِ رَاْسِهِ، فَتَقُولُ الصَّلَاةُ: لَيْسَ قِبَلِي مَدْخَلٌ، فَيُؤْتَى عَنْ يَمِينِهِ، فَتَقُولُ الزَّكَاةُ: لَيْسَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے! میت دفن کر کے واپس آنے والوں کے جوتوں کی آواز سنتی ہے' اگر وہ میت ایمان والی ہوتی ہے تو نماز اس کے سر کے پاس اور زکوٰۃ دائیں جانب' روزہ بائیں جانب' صدقہ اور نیکیاں اور لوگوں کے ساتھ اچھائی سے پیش آنا اس کے پاؤں کی جانب سے منکر نکیر سر کی جانب سے آئیں گے' نماز کہے گی: میری طرف سے داخل ہونے کی جگہ نہیں ہے' وہ دائیں جانب سے آئیں گے تو زکوٰۃ کہے گی: میری طرف سے داخل ہونے

**2630**- انظر: مجمع الزوائد جلد3صفحه54 .

مِنْ قِبَلِي مَدْخَلٌ، ثُمَّ يُؤْتَى عَنْ شِمَالِهِ، فَيَقُولُ الصَّوْمُ: لَيْسَ مِنْ قِبَلِي مَدْخَلٌ، ثُمَّ يُؤْتَى مِنْ قِبَلِ رِجْلَيْهِ، فَيَقُولُ فِعْلُ الْخَيْرَاتِ وَالْمَعْرُوفُ وَالْإِحْسَانُ إِلَى النَّاسِ: لَيْسَ مِنْ قِبَلِي مَدْخَلٌ، فَيُقَالُ لَهُ: اجْلِسْ، فَيَجْلِسُ وَقَدْ مُثِّلَتْ لَهُ الشَّمْسُ لِلْغُرُوبِ، فَيُقَالُ لَهُ: مَا تَقُولُ فِي هَذَا الرَّجُلِ الَّذِي كَانَ فِيكُمْ؟ يَعْنِي النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَيَقُولُ: أَشْهَدُ أَنَّهُ رَسُولُ اللّٰهِ جَاءَنَا بِالْبَيِّنَاتِ مِنْ عِنْدِ رَبِّنَا، فَصَدَّقْنَا وَاتَّبَعْنَا، فَيُقَالُ لَهُ: صَدَقْتَ، وَعَلَى هَذَا حَيِيتَ، وَعَلَى هَذَا مِتَّ، وَعَلَيْهِ تُبْعَثُ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ، فَيُفْسَحُ لَهُ فِي قَبْرِهِ مَدَّ بَصَرِهِ، فَذَلِكَ قَوْلُ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ: (يُثَبِّتُ اللّٰهُ الَّذِينَ آمَنُوا بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَفِي الْآخِرَةِ) (ابراهيم: 27) فَيُقَالُ: افْتَحُوا لَهُ بَابًا إِلَى النَّارِ، فَيُفْتَحُ لَهُ بَابٌ إِلَى النَّارِ، فَيُقَالُ: هَذَا كَانَ مَنْزِلَكَ لَوْ عَصَيْتَ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ، فَيَزْدَادُ غِبْطَةً وَسُرُورًا، وَيُقَالُ لَهُ: افْتَحُوا لَهُ بَابًا إِلَى الْجَنَّةِ، فَيُفْتَحُ لَهُ، فَيُقَالُ: هَذَا مَنْزِلُكَ، وَمَا أَعَدَّ اللّٰهُ لَكَ، فَيَزْدَادُ غِبْطَةً وَسُرُورًا، فَيُعَادُ الْجِلْدُ إِلَى مَا بَدَأَ مِنْهُ، وَتُجْعَلُ رُوحُهُ فِي نَسَمِ طَيْرٍ تَعَلَّقُ فِي شَجَرِ الْجَنَّةِ، وَأَمَّا الْكَافِرُ، فَيُؤْتَى فِي قَبْرِهِ مِنْ قِبَلِ رَأْسِهِ، فَلَا يُوجَدُ شَيْءٌ، فَيُؤْتَى مِنْ قِبَلِ رِجْلَيْهِ فَلَا يُوجَدُ شَيْءٌ، فَيَجْلِسُ خَائِفًا مَرْعُوبًا، فَيُقَالُ لَهُ: مَا تَقُولُ فِي هَذَا الرَّجُلِ الَّذِي كَانَ فِيكُمْ؟ وَمَا تَشْهَدُ بِهِ؟ فَلَا يَهْتَدِي لِاسْمِهِ، فَيُقَالُ: مُحَمَّدٌ صَلَّى

عَنْ اَبِی وَائِلٍ شَقِيقِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: الْمُنَافِقُونَ الْيَوْمَ شَرٌّ مِنَ الْمُنَافِقِينَ الَّذِينَ كَانُوا عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَذَاكَ بِاَنَّ اُولَئِكَ اسْتَخْفُوا بِهِ، وَاَنَّ هَؤُلَاءِ اَعْلَنُوهُ

حضور ﷺ کے زمانہ میں تھے' وجہ یہ ہے کہ وہ منافقت ظاہر نہیں کرتے تھے' آج کے اعلان کرتے ہیں اپنی منافقت کا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ اَبِی وَائِلٍ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ- وَرَوَاهُ عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ اَبِی وَائِلٍ، عَنْ حُذَيْفَةَ

یہ حدیث حسن بن عمرو' ابووائل' وہ ابن مسعود سے اور حسن بن عمرو سے صرف محمد بن فضیل ہی روایت کرتے ہیں۔عبدالواحد بن زیاد' حسن بن عمرو سے' وہ ابووائل سے' وہ حذیفہ سے روایت کرتے ہیں۔

**2713** - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا اَبِی قَالَ: نا اَبُو اُسَامَةَ، عَنْ اَبِی كُدَيْنَةَ يَحْيَى بْنِ الْمُهَلَّبِ، عَنْ يَحْيَى بْنِ الْحَارِثِ التَّيْمِيِّ، عَنْ حِبَالِ بْنِ رُفَيْدَةَ، عَنْ مَسْرُوقٍ، اَنَّهُ دَخَلَ عَلَى عَائِشَةَ فِی الْيَوْمِ الَّذِی يُشَكُّ فِيهِ مِنْ رَمَضَانَ، فَقَالَتْ: يَا جَارِيَةُ، خَوِّصِی لَهُ سَوِيقًا، فَقَالَ: اِنِّی صَائِمٌ، فَقَالَتْ: تَقَدَّمْتَ الشَّهْرَ؟ فَقُلْتُ: لَا، وَلَكِنِّی صُمْتُ شَعْبَانَ كُلَّهُ، فَوَافَقَ ذَلِكَ هَذَا الْيَوْمَ، فَقَالَتْ: اِنَّ نَاسًا كَانُوا يَتَقَدَّمُونَ الشَّهْرَ، فَيَصُومُونَ قَبْلَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: (يَا اَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تُقَدِّمُوا بَيْنَ يَدَیِ اللّٰهِ وَرَسُولِهِ) (الحجرات: 1)

حضرت مسروق فرماتے ہیں کہ وہ ایک دن حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس آئے' جس دن رمضان کا روزہ رکھنے کے متعلق شک تھا' حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: اے لونڈی! اس کے لیے ستو بناؤ! حضرت مسروق نے عرض کی: میں روزہ کی حالت میں ہوں' آپ نے فرمایا: ایک مہینہ آنے سے پہلے رکھ رہے ہیں۔ میں نے عرض کی: میں نے مکمل شعبان کے روزے رکھے ہیں' آج کا دن بھی اسکی موافقت کے لیے ہے' حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: کچھ لوگ مہینہ آنے سے پہلے روزہ رکھتے ہیں اور حضور ﷺ پہلے روزہ رکھتے تھے' اللہ عزوجل نے یہ آیت نازل فرمائی: اے ایمان والو! اللہ اور اس کے رسول سے آگے نہ بڑھو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِی كُدَيْنَةَ اِلَّا اَبُو اُسَامَةَ

یہ حدیث ابوکدینہ سے صرف ابوامامہ ہی روایت کرتے ہیں۔

**2714** - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا عُبَيْدُ اللّٰهِ

حضرت فرزدق فرماتے ہیں کہ مجھے حضرت ابوہریرہ

---

2713- انظر: مجمع الزوائد جلد3صفحه151 .

ابْنُ عَائِشَةَ قَالَ: نا جُوَيْرِيَةُ ابْنُ اَسْمَاءَ قَالَ: نا الصَّعْقُ بْنُ ثَابِتٍ، عَنِ الْفَرَزْدَقِ قَالَ: قَالَ لِی اَبُو هُرَيْرَةَ: اَرَاكَ صَغِيرَ الْقَدَمَيْنِ، فَاِنِ اسْتَطَعْتَ اَنْ يَكُونَ لَهُمَا غَدًا مَوْضِعٌ عِنْدَ الْحَوْضِ فَافْعَلْ قُلْتُ: وَمَا ذَاكَ؟ قَالَ: سَمِعْتُهُ يَقُولُ، يَعْنِی: النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ لِی حَوْضًا تَرِدُ عَلَيْهِ اُمَّتِی، كَمَا بَيْنَ صَنْعَاءَ وَيَثْرِبَ

رضی اللہ عنہ نے فرمایا: آپ کے دونوں پاؤں چھوٹے ہیں اگر تو طاقت رکھتا ہے کہ کل قیامت کے دن ان کے لیے حوضِ کوثر پر جگہ ہو تو ضرور کر میں نے عرض کی: وہ کیوں؟ فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے: میرے حوض پر میری اُمت پیش کی جائے گی وہ حوض اتنا بڑا ہوگا جتنا صنعاء اور یثرب کا فاصلہ ہے۔

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنِ الْفَرَزْدَقِ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ

یہ حدیث فرزدق سے اسی سند سے روایت ہے۔

**2715** - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا عَلِیُّ بْنُ عُثْمَانَ اللَّاحِقِیُّ قَالَ: نا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ اَيُّوبَ، وَهِشَامٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ اَبِی هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَحَمَّادٌ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ، عَنْ اَبِی هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ذَرُونِی مَا تَرَكْتُكُمْ، فَاِنَّمَا اَهْلَكَ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمُ اخْتِلَافُهُمْ عَلَى اَنْبِيَائِهِمْ، فَاِذَا اَمَرْتُكُمْ بِشَیْءٍ فَاْتُوهُ، وَاِذَا نَهَيْتُكُمْ عَنْ شَیْءٍ فَاجْتَنِبُوهُ مَا اسْتَطَعْتُمْ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب تک میں تم کو چھوڑے رکھوں مجھے بھی چھوڑے رکھو تم سے پہلے لوگ اس لیے ہلاک ہوئے تھے کہ وہ اپنے انبیاء سے اختلاف کرتے تھے جب میں تم کو کسی شی کا حکم دوں تو اس کو کرو جب تم کو کسی شی سے منع کروں تو اس سے بچو جتنی تم طاقت رکھتے ہو۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ اَيُّوبَ اِلَّا حَمَّادٌ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ حَمَّادٍ اِلَّا عَلِیٌّ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ اَحْمَدَ، نا اَبِی، نَا جَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ قَالَ: نا مِسْعَرٌ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ

ایوب سے یہ حدیث حماد اور حماد سے علی روایت کرتے ہیں۔ہم سے ابراہیم بن احمد نے حدیث بیان کی ہے۔میرے باپ نے ہمیں خبر دی ہمیں جعفر بن عون نے بتایا۔ وہ فرماتے ہیں عمرو بن مرہ سے روایت کر کے مسعر نے ہمیں خبر دی۔

2715- أخرجه البخاری فی الاعتصام رقم الحديث: 7288 ومسلم فی الحج رقم الحديث: 412 .

**2716** - عَنْ اَبِی عُبَیْدَةَ، عَنْ اَبِی مُوسَی قَالَ: سَمَّی لَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ نَفْسَهُ اَسْمَاءً، مِنْهَا مَا حَفِظْنَا، فَقَالَ: اَنَا مُحَمَّدٌ، وَاَحْمَدُ، وَالْمُقَفّٰی، وَنَبِیُّ الرَّحْمَةِ، وَنَبِیُّ الْمَلْحَمَةِ

لَمْ یَرْوِهِ عَنْ مِسْعَرٍ اِلَّا جَعْفَرٌ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ جَعْفَرٍ اِلَّا الْوَکِیعِیُّ

حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے ہمیں اپنے نام بتائے' اُن میں سے جن کو ہم نے یاد کیا۔ پس آپ نے فرمایا: میں محمد واحمد ہوں' مقفّی' نبی رحمت' نبی ملحمہ ہوں۔

اس حدیث کو مسعر سے جعفر ہی روایت کرتے ہیں اور جعفر سے وکیعی روایت کرتے ہیں۔

**2717** - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِیمُ بْنُ هَاشِمٍ الْبَغَوِیُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْوَاهِبِ الْحَارِثِیُّ قَالَ: نا یَعْقُوبُ الْقُمِّیُّ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ اَبِی الْمُغِیرَةِ، عَنْ سَعِیدِ بْنِ جُبَیْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: عَادَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ رَجُلًا مِنَ الْاَنْصَارِ، فَلَمَّا دَنَا مِنْ مَنْزِلِهِ سَمِعَهُ یَتَکَلَّمُ فِی الدَّاخِلِ، فَلَمَّا اسْتَاْذَنَ عَلَیْهِ دَخَلَ فَلَمْ یَرَ اَحَدًا، فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: سَمِعْتُكَ تُکَلِّمُ غَیْرَكَ قَالَ: یَا رَسُولَ اللّٰهِ، لَقَدْ دَخَلْتُ الدَّاخِلَ اغْتِمَامًا بِکَلَامِ النَّاسِ مِمَّا بِی مِنَ الْحُمَّی، فَدَخَلَ عَلَیَّ دَاخِلٌ، مَا رَاَیْتُ رَجُلًا بَعْدَكَ قَطُّ اَکْرَمَ مَجْلِسًا، وَلَا اَحْسَنَ حَدِیثًا مِنْهُ قَالَ: ذَاكَ جِبْرِیلُ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، وَاِنَّ مِنْکُمْ لِرِجَالًا لَوْ اَنَّ اَحَدَهُمْ یُقْسِمُ عَلَی اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ لَاَبَرَّهُ

لَا یُرْوَی هَذَا الْحَدِیثُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، وَلَمْ یَرْوِهِ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْوَاهِبِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے انصار کے ایک آدمی کی بیمار پرسی کی' جب اس کے گھر کے قریب ہوئے' آپ نے سنا وہ اپنے کمرہ میں کسی سے گفتگو کر رہا ہے' جب آپ نے اجازت مانگی اور داخل ہوئے تو آپ نے وہاں کسی کو نہیں دیکھا' حضور ﷺ نے فرمایا: میں نے آپ کو سنا ہے آپ کسی دوسرے سے گفتگو کر رہے تھے' اس نے عرض کی: یارسول اللہ! میں گھر میں داخل ہوا تو میں لوگوں کی گفتگو سے پریشان تھا' میرے پاس داخل ہونے والا داخل ہوا' میں نے اس کے بعد اس کی مجلس سے محترم شخص نہیں دیکھا' نہ اس جیسی اچھی گفتگو سنی' آپ نے فرمایا: وہ حضرت جبریل علیہ السلام تھے' تم میں سے کچھ لوگ ایسے ہیں کہ اگر وہ اللہ پر قسم اُٹھالیں تو اللہ عزوجل اس کی قسم کو پورا کر دیتا ہے۔

یہ حدیث حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے اسی سند سے روایت ہے اور اس حدیث کو محمد بن عبدالوہاب

---

**2716**- أخرجه مسلم: الفضائل جلد4صفحه1828' وأحمد: المسند جلد4صفحه482 رقم الحديث: 19544 .

**2717**- أخرجه الطبراني في الكبير جلد 12صفحه11 رقم الحديث: 12321' والبزار جلد3صفحه307 . انظر: مجمع الزوائد جلد10صفحه44 .

ہی روایت کرتے ہیں۔

**2718** - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا أُمَيَّةُ بْنُ بِسْطَامٍ قَالَ: نا أُمَيَّةُ بْنُ خَالِدٍ قَالَ: نا شُعْبَةُ، عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ قَالَ: أَنَا عَلَّمْتُ ابْنَ سِيرِينَ التَّشَهُّدَ، حَدَّثْتُهُ عَنْ أَبِي نَضْرَةَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَخَذَ تَشَهُّدِي، وَتَرَكَ تَشَهُّدَهُ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے میری گواہی پکڑ لی اور دوسرے کی گواہی چھوڑ دی۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ شُعْبَةَ إِلَّا أُمَيَّةُ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ أُمَيَّةَ إِلَّا أُمَيَّةُ وَمُوسَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَيَّانَ

یہ حدیث شعبہ سے صرف اُمیہ ہی روایت کرتے ہیں اور اُمیہ سے صرف اُمیہ اور موسیٰ بن محمد بن حیان ہی روایت کرتے ہیں۔

**2719** - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ الْفَضْلِ أَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْعَلَّافُ قَالَ: نا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ الْخَطَّابِ بْنِ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي بَكْرَةَ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ أَبِي حَفْصَةَ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَوْلَا أَنَّ الْكِلَابَ أُمَّةٌ مِنَ الْأُمَمِ لَأَمَرْتُ بِقَتْلِ كُلِّ أَسْوَدَ بَهِيمٍ، فَاقْتُلُوا الْمُعَيَّنَةَ مِنَ الْكِلَابِ، فَإِنَّهَا الْمَلْعُونَةُ مِنَ الْجِنِّ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اگر کتے اُمتوں میں سے کوئی اُمت نہ ہوتے تو میں ہر سخت سیاہ کتے کو مارنے کا حکم دیتا' خاص کتوں کو مارو کیونکہ وہ جنوں سے ہیں اور لعنت کیے ہوئے ہیں۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ عُمَارَةَ إِلَّا عَبْدُ الْمَلِكِ، تَفَرَّدَ بِهِ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ الْفَضْلِ

عمارہ سے صرف عبدالملک ہی روایت کرتے ہیں اور عبدالملک بن خطاب سے صرف عبداللہ بن فضل ہی روایت کرتے ہیں۔

**2720** - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ

---

2718- انظر: مجمع الزوائد جلد2صفحه144 .

2719- أخرجه الطبرانی فی الكبير جلد11صفحه394 . انظر: مجمع الزوائد جلد4صفحه46 .

2720- انظر: مجمع الزوائد جلد3صفحه189 .

عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْعَلَّافُ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ سَوَاءٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي عَرُوبَةَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي يَزِيدَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ نَبِيَّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَكُنْ يَتَوَخَّى فَضْلَ صَوْمِ يَوْمٍ عَلَى يَوْمٍ بَعْدَ رَمَضَانَ، إِلَّا يَوْمَ عَاشُورَاءَ

حضور ﷺ رمضان کے روزہ کے بعد کسی روزے کو اتنی فضیلت نہیں دیتے تھے جتنی عاشوراء کے دن کے روزے کو دیتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَحْيَى إِلَّا سَعِيدٌ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ سَعِيدٍ إِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ سَوَاءٍ، تَفَرَّدَ بِهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ

یہ حدیث یحییٰ سے صرف سعید اور سعید سے صرف محمد بن لواء ہی روایت کرتے ہیں' محمد بن عبدالرحمٰن اکیلے محمد بن سواء سے روایت کرتے ہیں۔

**2721** - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا أُمَيَّةُ بْنُ بِسْطَامٍ: نا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، عَنْ رَوْحِ بْنِ الْقَاسِمِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ قَالَ: قَالَتْ عَائِشَةُ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهَا: مَا رَأَيْتُ أَفْضَلَ مِنْ فَاطِمَةَ غَيْرَ أَبِيهَا۔ قَالَتْ: وَكَانَ بَيْنَهُمَا شَيْءٌ، فَقَالَتْ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، سَلْهَا، فَإِنَّهَا لَا تَكْذِبُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں حضرت فاطمہ سے افضل صرف آپ کے ابا جان کو دیکھتی ہوں۔ فرماتی ہیں: ان دونوں کے درمیان کوئی شی تھی' آپ نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ اُن سے سوال کریں کیونکہ وہ جھوٹ نہیں بولتیں۔

**2722** - وَعَنْ رَوْحٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ عَدِيِّ بْنِ الْخِيَارِ، أَنَّ رَجُلَيْنِ أَتَيَا رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ يَسْأَلَانِهِ مِنَ الصَّدَقَةِ، فَرَفَعَ لَهُمَا بَصَرَهُ وَخَفَضَهُ، فَرَآهُمَا رَجُلَيْنِ جَلْدَيْنِ، فَقَالَ: إِنْ شِئْتُمَا أَعْطَيْتُكُمَا فِيهَا، وَلَا حَظَّ فِيهَا لِغَنِيٍّ، وَلَا لِقَوِيٍّ مُكْتَسِبٍ

حضرت عبیداللہ بن عدی بن الخیار رضی اللہ عنہم فرماتے ہیں کہ دو آدمی حضور ﷺ کے پاس آئے حجۃ الوداع کے موقع پر' دونوں نے صدقہ کا سوال کیا' آپ نے ان دونوں کو دیکھنے کے لیے آنکھ اُٹھائی اور جھکائی' دونوں کو آپ نے طاقت ور دیکھا' آپ نے فرمایا: اگر تم دونوں چاہو تو اس حوالہ سے میں تمہاری مدد کروں' اس میں مالدار اور طاقت ور کمانے والے کے لیے حصہ نہیں ہے۔

---

**2721**- انظر: مجمع الزوائد جلد9صفحه204 .

**2722**- أخرجه أبوداؤد في الزكاة جلد 2صفحه285' والنسائي في الزكاة جلد 5صفحه99 . انظر: مجمع الزوائد جلد 3 صفحه95 .

**2723** - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا اُمَيَّةُ قَالَ: نا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ قَالَ: نا حَبِيبُ بْنُ الْمُعَلِّمِ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْتَخْلَفَ ابْنَ اُمِّ مَكْتُومٍ بِالْمَدِينَةِ يُصَلِّي بِالنَّاسِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت ابن اُم مکتوم رضی اللہ عنہ کو مدینہ میں اپنے پیچھے چھوڑ گئے لوگوں کو نماز پڑھانے کے لیے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ هِشَامٍ اِلَّا حَبِيبٌ، تَفَرَّدَ بِهِ يَزِيدُ

یہ حدیث ہشام سے صرف حبیب ہی روایت کرتے ہیں' ان سے روایت کرنے میں یزید ہی روایت کرتے ہیں۔

**2724** - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا اُمَيَّةُ قَالَ: نا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ: سَمِعْتُ حُمَيْدًا الطَّوِيلَ، يُحَدِّثُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: اَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَعْرِضُ عَلَيْهِ بَعِيرًا لِي، فَرَاَيْتُهُ صَلَّى الضُّحَى سِتَّ رَكَعَاتٍ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آیا' میں اپنے اونٹ پر سوار تھا' میں نے آپ کو چاشت کی چھ رکعتیں پڑھتے ہوئے دیکھا۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ جَابِرٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ مُعْتَمِرٌ

یہ حدیث حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں معتمر اکیلے ہیں۔

**2725** - وَبِهِ قَالَ: سَمِعْتُ حُمَيْدًا الطَّوِيلَ، يُحَدِّثُ عَنْ اَبِي الْمُتَوَكِّلِ النَّاجِيِّ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَخَّصَ فِي الْقُبْلَةِ، وَالْحِجَامَةِ لِلصَّائِمِ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے روزہ دار کیلئے بوسہ لینے اور پچھنا لگوانے کی رخصت دی (بشرطیکہ وہ ضبط رکھتا ہو)۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ حُمَيْدٍ اِلَّا مُعْتَمِرٌ

یہ حدیث حمید سے صرف معتمر ہی روایت کرتے ہیں۔

**2726** - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا اُمَيَّةُ بْنُ

حضرت انس رضی اللہ عنہ' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اسی کی

---

2723- انظر: مجمع الزوائد جلد2صفحه68 .

2724- انظر: مجمع الزوائد جلد2صفحه241 .

2725- أخرجه البزار جلد1صفحه480 . انظر: مجمع الزوائد جلد3صفحه173 .

بِسْطَامٍ قَالَ: نا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ عَطَاءٍ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ اَنَسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، مِثْلَهُ وَقَالَ: لَا تُعَذِّبُوا صِبْيَانَكُمْ بِالْغَمْزِ مِنَ الْعَذِرَةِ

مثل روایت کرتے ہیں اور اس میں اضافہ ہے کہ آپ نے فرمایا: تم اپنے بچوں کو عذاب نہ دو تکلیف میں دبانے سے (عرب عورتوں کی عادت تھی کہ جب بچوں کا کوا لٹک جاتا تو انگلی سے دبا کر اوپر کرتیں' حضور ﷺ نے اس سے منع کیا)۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ حُمَيْدٍ اِلَّا عَبْدُ الْوَهَّابِ

یہ حدیث حمید سے صرف عبدالوہاب ہی روایت کرتے ہیں۔

**2727** - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا اُمَيَّةُ قَالَ: نا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ: سَمِعْتُ حُمَيْدًا الطَّوِيلَ، يُحَدِّثُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ قَيْسٍ، اَنَّ اُمَّ هَانِءٍ حَدَّثَتْ اَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ عَلَيْهَا زَمَنَ الْفَتْحِ فَصَلَّى الضُّحَى سِتَّ رَكَعَاتٍ

حضرت اُم ھانی رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ (میرے) پاس آئے فتح کے دن' آپ نے چاشت کی چھ رکعتیں ادا فرمائیں۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ حُمَيْدٍ اِلَّا مُعْتَمِرٌ

یہ حدیث حمید سے صرف معتمر ہی روایت کرتے ہیں۔

**2728** - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا اُمَيَّةُ قَالَ: نا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ قَالَ: نا اِسْرَائِيلُ، عَنْ حَكِيمِ بْنِ جُبَيْرٍ قَالَ: قُلْتُ لِعَلِيِّ بْنِ حُسَيْنٍ: اَشْهَدُ عَلَى عَبْدِ خَيْرٍ اَنَّهُ حَدَّثَنِي اَنَّهُ، سَمِعَ عَلِيًّا يَقُولُ عَلَى هٰذَا الْمِنْبَرِ: خَيْرُ هٰذِهِ الْاُمَّةِ بَعْدَ نَبِيِّهَا اَبُو بَكْرٍ، ثُمَّ عُمَرُ، وَقَالَ: لَوْ شِئْتُ لَسَمَّيْتُ ثَالِثًا فَضَرَبَ عَلِيُّ بْنُ حُسَيْنٍ يَدَهُ عَلَى فَخِذِي وَقَالَ: حَدَّثَنِي سَعِيدُ بْنُ الْمُسَيِّبِ اَنَّ سَعْدَ بْنَ اَبِي وَقَّاصٍ حَدَّثَنِي، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِعَلِيٍّ: اَنْتَ مِنِّي بِمَنْزِلَةِ هَارُونَ مِنْ مُوسَى

حضرت حکیم بن جبیر فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے سنا اس منبر پر ارشاد فرماتے ہوئے کہ اس اُمت میں انبیاء کے بعد بہتر حضرت ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما ہیں' اگر میں چاہوں تو تیسرے کا نام لوں تو لے سکتا ہوں۔ حضرت علی بن حسین رضی اللہ عنہما نے اپنا ہاتھ میری ران پر مارا اور فرمایا: مجھے بیان کیا سعید بن میتب نے' حضرت سعد بن وقاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے فرمایا: تیرا مقام میرے لیے ایسے ہے جس طرح حضرت ہارون علیہ السلام کا مقام حضرت موسیٰ کے ہاں تھا۔

2727- انظر: مجمع الزوائد جلد2صفحه241 .

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ حُسَيْنٍ إِلَّا حَكِيمُ بْنُ جُبَيْرٍ

یہ حدیث حضرت علی بن حسین سے صرف حکیم بن جبیر ہی روایت کرتے ہیں۔

فائدہ: معلوم ہوا کہ حضرت مولا علی رضی اللہ عنہ کو خلفاءِ راشدین سے بڑی عقیدت ومحبت تھی۔

**2729** - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا أُمَيَّةُ قَالَ: نا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ الْمَلِكِ بْنَ أَبِي جَمِيلَةَ، يُحَدِّثُ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ وَهْبٍ، أَنَّ عُثْمَانَ قَالَ لِابْنِ عُمَرَ: اذْهَبْ فَكُنْ قَاضِيًا، فَقَالَ: أَوَتُعْفِينِي يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ؟ فَإِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ كَانَ قَاضِيًا فَقَضَى بِجَهْلٍ كَانَ مِنْ أَهْلِ النَّارِ، وَمَنْ كَانَ قَاضِيًا عَالِمًا فَقَضَى بِحَقٍّ أَوْ بِعَدْلٍ، سَأَلَ التَّفَلُّتَ كَفَافًا فَمَا أَرْجُو مِنْهُ بَعْدَ هَذَا؟

حضرت عبداللہ بن وہب رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہما نے ابن عمر سے فرمایا: جاؤ قاضی بن جاؤ! حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا: اے امیر المؤمنین! آپ مجھے مصیبت میں ڈالنا چاہتے ہیں کیونکہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے: جو قاضی ہو وہ جہالت کے ساتھ فیصلہ کرے تو وہ جہنمی ہے، جو قاضی عالم ہو وہ فیصلہ حق یا عدل سے کرے وہ مانگے تو اس کو بطور کفایت دیا جائے گا' میں اس ارشاد کے بعد کیا اس کی اُمید کرسکتا ہوں؟

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنِ ابْنِ عُمَرَ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ مُعْتَمِرٌ

یہ حدیث ابن عمر سے اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں معتمر اکیلے ہیں۔

**2730** - وَبِهِ قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ الْمَلِكِ بْنَ أَبِي جَمِيلَةَ، يُحَدِّثُ، عَنْ أَبِي بَكْرِ بْنِ بَشِيرٍ، عَنْ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا كَعْبُ بْنَ عُجْرَةَ، إِذَا كَانَ عَلَيْكَ أُمَرَاءُ مَنْ دَخَلَ عَلَيْهِمْ فَصَدَّقَهُمْ بِكَذِبِهِمْ، وَأَعَانَهُمْ عَلَى ظُلْمِهِمْ فَلَيْسَ مِنِّي وَلَا أَنَا مِنْهُ، وَلَا يَرِدُ عَلَيَّ الْحَوْضَ، وَمَنْ دَخَلَ عَلَيْهِمْ، فَلَمْ يُصَدِّقْهُمْ

حضرت کعب بن عجرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اے کعب بن عجرہ! جب آپ پر ایسے حکمران مسلط ہوں جو ان کے پاس جائے' ان کے جھوٹ کی تصدیق کرے اور ان کے ظلم پر اُن کی مدد کرے' اس کا تعلق مجھ سے نہیں ہے' میں ان سے نہیں ہوں وہ میرے حوض پر نہیں آئیں گے جو ان کے پاس گیا ان کے جھوٹ کی تصدیق نہیں کی اور ان کے ظلم پر ان کی مدد نہیں

2729- أخرجه الطبراني في الكبير جلد 12 صفحه 351' والامام أحمد في مسنده جلد 1 صفحه 66 . انظر: مجمع الزوائد جلد 4 صفحه 196 .

2730- انظر: مجمع الزوائد جلد 10 صفحه 233-234 .

بِكَذِبِهِمْ، وَلَمْ يُعِنْهُمْ عَلَى ظُلْمِهِمْ فَهُوَ مِنِّي وَاَنَا مِنْهُ يَا كَعْبَ بْنَ عُجْرَةَ، اِنَّهُ لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ لَحْمٌ وَلَا دَمٌ نَبَتَا مِنْ سُحْتٍ، كُلُّ لَحْمٍ وَدَمٍ نَبَتَا مِنْ سُحْتٍ فَالنَّارُ اَوْلَى بِهِ يَا كَعْبَ بْنَ عُجْرَةَ، النَّاسُ غَادِيَانِ وَرَائِحَانِ، فَغَادٍ فِي فِكَاكِ رَقَبَتِهِ فَمُعْتِقُهَا، وَغَادٍ فَمُوبِقُهَا يَا كَعْبُ، الصَّلَاةُ بُرْهَانٌ، وَالصَّوْمُ جُنَّةٌ، وَالصَّدَقَةُ تُذْهِبُ الْخَطِيئَةَ كَمَا يَذْهَبُ الْجَلِيدُ عَلَى الصَّفَا

کی وہ مجھ سے ہیں' میں اُن سے ہوں۔ اے کعب بن عجرہ! جنت میں کوئی گوشت نہ خون جائے جو حرام سے تیار ہوا ہے ہر وہ گوشت اور خون جو حرام سے بنا ہے' ایسے کے لیے جہنم زیادہ مناسب ہے۔ اے کعب بن عجرہ! دو طرح کے لوگ صبح و شام کرتے ہیں' ایک صبح کرتا ہے تو وہ اپنے آپ کو غلامی سے آزاد کرواتا ہے' وہ آزاد ہو جاتا ہے' دوسرا صبح کرتا ہے تو وہ اپنے آپ کو ہلاکت میں ڈالتا ہے' اے کعب بن عجرہ! نماز دلیل ہے' روزہ ڈھال ہے' صدقہ گناہوں کو اس طرح ختم کرتا ہے جس طرح آگ لوہے سے زنگ دور کرتی ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي بَكْرِ بْنِ بَشِيرٍ اِلَّا عَبْدُ الْمَلِكِ، تَفَرَّدَ بِهِ مُعْتَمِرٌ

یہ حدیث ابوبکر بن بشیر سے صرف عبدالملک ہی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں معتمر اکیلے ہیں۔

**2731** - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ الْمِنْهَالِ الضَّرِيرُ قَالَ: نا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ قَالَ: نا شُعْبَةُ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي ظَبْيَانَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَيُّمَا صَبِيٍّ حَجَّ ثُمَّ بَلَغَ الْحِنْثَ عَلَيْهِ اَنْ يَحُجَّ حَجَّةً اُخْرَى، وَاَيُّمَا اَعْرَابِيٍّ حَجَّ ثُمَّ هَاجَرَ فَعَلَيْهِ اَنْ يَحُجَّ حَجَّةً اُخْرَى، وَاَيُّمَا عَبْدٍ حَجَّ ثُمَّ عُتِقَ فَعَلَيْهِ اَنْ يَحُجَّ حَجَّةً اُخْرَى

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو کوئی نابالغی کی حالت میں حج کرے' پھر بالغ ہو تو اس کے ذمہ دوبارہ حج ہے' جو کوئی دیہاتی حج کرے پھر وہ ہجرت کرے تو اس کے ذمہ دوسری مرتبہ حج ہے' جو کوئی غلام حج کرے' اس کے ذمہ ہے کہ وہ دوبارہ حج کرے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ شُعْبَةَ مَرْفُوعًا اِلَّا يَزِيدُ، تَفَرَّدَ بِهِ مُحَمَّدُ بْنُ الْمِنْهَالِ

یہ حدیث شعبہ سے مرفوعاً یزید ہی روایت کرتے ہیں' ان سے روایت کرنے میں محمد بن سقال اکیلے ہیں۔

**2731**- انظر: مجمع البحرين (1626).

2732 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْوَاهِبِ الْحَارِثِيُّ قَالَ: نا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِي الْجَعْدِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: كُنَّا اَلْفًا وَاَرْبَعَمِائَةٍ يَعْنِي: يَوْمَ عَزَّ الْمَاءُ، فَدَعَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِيضَاةٍ مِنْ مَاءٍ، فَجَعَلَ فِيهَا كَفَّهُ، فَجَعَلَ الْمَاءُ يَفُورُ مِنْ بَيْنِ اَصَابِعِهِ، فَاغْتَسَلُوا وَتَوَضَّئُوا وَشَرِبُوا

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جس دن پانی کم تھا اس دن ہماری تعداد ایک ہزار چار سو تھی، حضور ﷺ نے پانی کا ایک پیالہ منگوایا، اس میں اپنی ہتھیلی رکھی، آپ کی انگلیوں سے پانی کے چشمے جاری ہو گئے، صحابہ کرام نے غسل کیا اور وضو کیا اور پیا بھی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْاَعْمَشِ اِلَّا قَيْسٌ

یہ حدیث اعمش سے صرف قیس ہی روایت کرتے ہیں۔

2733 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا مُحْرِزُ بْنُ عَوْنٍ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ عُقْبَةَ بْنِ اَبِي الْعَيْزَارِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُحَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَرْبَعٌ قَبْلَ الظُّهْرِ كَعِدْلِهِنَّ بَعْدَ الْعِشَاءِ، وَاَرْبَعٌ بَعْدَ الْعِشَاءِ كَعِدْلِهِنَّ مِنْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ظہر سے پہلے چار رکعت ادا کرنے کا ثواب اتنا ہے جتنا عشاء کے بعد ادا کرنا ہے اور عشاء کے بعد چار ادا کرنا اس کا ثواب لیلۃ القدر جتنا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُحَادَةَ اِلَّا يَحْيَى

یہ حدیث محمد بن جحادہ سے صرف یحییٰ ہی روایت کرتے ہیں۔

2734 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْوَاهِبِ قَالَ: نا يَعْقُوبُ الْقُمِّيُّ، عَنْ لَيْثِ بْنِ اَبِي سُلَيْمٍ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ

حضرت سالم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: بے شک اللہ عزوجل نے لعنت فرمائی شراب بنانے، نچوڑنے، نچڑوانے، فروخت اور

2732- أخرجه البخاري: الأشربة جلد10صفحه104 رقم الحديث: 5639، والبيهقي في دلائل النبوة جلد 4 صفحه117 .

2733- انظر: مجمع الزوائد جلد2صفحه233 .

2734- أخرجه أبوداؤد: الأشربة جلد3صفحه324 رقم الحديث: 3674، وابن ماجه: الأشربة جلد2صفحه1121 رقم الحديث: 3380، وأحمد: المسند جلد2صفحه36 رقم الحديث: 4786 .

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ لَعَنَ الْخَمْرَ لِعَيْنِهَا، وَعَاصِرَهَا وَمُعْتَصِرَهَا وَبَائِعَهَا وَمُشْتَرِيَهَا، وَحَامِلَهَا وَالْمَحْمُولَةَ إِلَيْهِ، وَسَاقِيَهَا وَشَارِبَهَا، وَآكِلَ ثَمَنِهَا

خریدنے' اُٹھانے' اُٹھوانے' پلانے اور پینے اور اس کی کمائی کھانے والوں پر۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ لَيْثٍ إِلَّا يَعْقُوبُ

یہ حدیث لیث سے صرف یعقوب ہی روایت کرتے ہیں۔

**2735** - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ صَالِحٍ الْأَزْدِيُّ قَالَ: نا عَمْرُو بْنُ هَاشِمٍ أَبُو مَالِكٍ الْجَنْبِيُّ، عَنْ عَبَّادِ بْنِ مَنْصُورٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُثَنَّى، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا وَقَعَ الذُّبَابُ فِي إِنَاءِ أَحَدِكُمْ فَلْيَغْمِسْهُ، فَإِنَّ فِي أَحَدِ جَنَاحَيْهِ سُمًّا وَالْآخَرِ شِفَاءً

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کسی کے برتن میں مکھی گر جائے تو وہ اس کو ڈبو لے کیونکہ اس کے ایک پر میں بیماری دوسرے میں شفاء ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبَّادٍ إِلَّا عَمْرٌو

یہ حدیث عباد سے صرف عمرو ہی روایت کرتے ہیں۔

**2736** - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ قَالَ: نا عَدِيُّ بْنُ الْفَضْلِ، عَنْ يُونُسَ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ قُرَّةَ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنِّي لَآخُذُ الشَّاةَ لِأَذْبَحَهَا فَأَرْحَمُهَا، فَقَالَ: وَالشَّاةُ إِنْ رَحِمْتَهَا رَحِمَكَ اللّٰهُ

حضرت معاویہ بن قرہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں نے بکری کو پکڑا ذبح کرنے کے لیے' مجھے اس پر رحم آیا' آپ نے فرمایا: اگر تُو بکری پر رحم کرتا ہے تو اللہ تجھ پر رحم کرے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يُونُسَ إِلَّا عَدِيٌّ، تَفَرَّدَ بِهِ عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ

یہ حدیث یونس سے صرف عدی ہی روایت کرتے ہیں' یونس بن عبید سے صرف علی بن جعد ہی روایت کرتے ہیں۔

---

2735- أخرجه البزار جلد3صفحه329 . انظر: مجمع الزوائد جلد5صفحه41 .

**2737** - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِينِيِّ قَالَ: نا رَيْحَانُ بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ عَبَّادِ بْنِ مَنْصُورٍ، عَنْ اَيُّوبَ، عَنْ اَبِي قِلَابَةَ، عَنْ اَنَسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ سَيُؤَيِّدُ هَذَا الدِّينَ بِاَقْوَامٍ لَا خَلَاقَ لَهُمْ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: بے شک اللہ عزوجل اس دین کی مدد کرے گا ایسی قوم کے ساتھ جن کا کوئی تعلق دین سے نہیں ہوگا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَيُّوبَ اِلَّا عَبَّادٌ وَمَعْمَرُ بْنُ رَاشِدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ عَنْ عَبَّادٍ: رَيْحَانٌ، وَعَنْ مَعْمَرٍ: رَبَاحُ بْنُ زَيْدٍ

یہ حدیث ایوب سے صرف عباد اور معمر بن راشد روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عباد سے ریحان اکیلے ہیں' یہ معمر سے رباح بن زید اکیلے روایت کرتے ہیں۔

**2738** - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَرْعَرَةَ قَالَ: نا حُصَيْنُ بْنُ نُمَيْرٍ قَالَ: نا سُفْيَانُ بْنُ حُسَيْنٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ حُسَيْنٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ عُثْمَانَ، عَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَرِثُ الْكَافِرُ الْمُسْلِمَ، وَلَا الْمُسْلِمُ الْكَافِرَ

حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: کافر مسلمان کا اور مسلمان کافر کا وارث نہیں ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُفْيَانَ اِلَّا حُصَيْنٌ

یہ حدیث سفیان سے صرف حصین ہی روایت کرتے ہیں۔

**2739** - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخَ قَالَ: نا جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي الضُّحَى، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا تَصَدَّقَتِ الْمَرْاَةُ مِنْ مَالِ زَوْجِهَا غَيْرَ مُفْسِدَةٍ، فَلَهَا اَجْرُهَا،

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: جب عورت اپنے شوہر کے مال سے اجاڑنے کی نیت کے علاوہ صدقہ کرے' اس کے لیے اور اس کے شوہر کے لیے ثواب ہے' کمانے والے اور حفاظت کرنے والے کے لیے بھی ثواب ہے۔

---

2737- انظر: مجمع الزوائد جلد5صفحه305 .

2738- أخرجه البخاري: الفرائض جلد12صفحه51 رقم الحديث:6764' ومسلم: الفرائض جلد3صفحه1233 .

2739- أخرجه البخاري: الزكاة جلد3صفحه355 رقم الحديث:1437' ومسلم: الزكاة جلد2صفحه710 .

وَلِزَوْجِهَا اَجْرُ مَا اكْتَسَبَ، وَلِلْخَازِنِ مِثْلُ ذٰلِكَ

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي الضُّحٰى اِلَّا جَرِيرٌ وَرَوَاهُ سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، وَغَيْرُهُ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي وَائِلٍ، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَائِشَةَ

یہ حدیث اعمش' ابوضحیٰ سے اور اعمش سے صرف جریر ہی روایت کرتے ہیں' اس حدیث کو اعمش سے سفیان ثوری اور اعمش' ابووائل سے' وہ مسروق سے' وہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے۔

**2740** - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ قَالَ: نا مُبَارَكُ بْنُ فَضَالَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ اَبِي مُوسَى قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَوَضَّئُوا مِمَّا غَيَّرَتِ النَّارُ لَوْنَهُ

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اس سے وضو کرو آگ نے جس کا رنگ بدل دیا ہو۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ اَبِي مُوسَى اِلَّا مُبَارَكٌ

یہ حدیث حسن' ابوموسیٰ سے اور حسن سے مبارک ہی روایت کرتے ہیں۔

فائدہ: وضو سے مراد لغوی وضو ہے' ہاتھ دھونا اور کلی کرنا ہے۔

**2741** - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ قَالَ: نا بَحْرُ بْنُ كَنِيزٍ السَّقَّاءُ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ بَيْعِ الْحَيَوَانِ بِالْحَيَوَانِ، اثْنَيْنِ بِوَاحِدٍ نَسِيئَةً، وَلَمْ يَرَ بِهِ بَاْسًا يَدًا بِيَدٍ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ایک حیوان کی بیع دوسرے حیوان کے بدلے ایک کی دو کے بدلے اُدھار بیع سے منع کیا مگر نقد میں کوئی حرج نہیں ہے۔

**2742** - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ صَالِحٍ الْاَزْدِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ اُمِّهِ، عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: بچہ جب کھانا نہ کھاتا ہو تو اس کے پیشاب پر پانی بہا دیا جائے' اگر بچی ہو تو اس کے پیشاب کو دھویا جائے۔

---

**2740**- انظر: مجمع البحرين (436).

**2741**- أخرجه الترمذي: البيوع جلد 3 صفحه 530 رقم الحديث: 1238' وابن ماجه: التجارات جلد 2 صفحه 763 رقم الحديث: 2271' وأحمد: المسند جلد 3 صفحه 381 رقم الحديث: 14342.

**2742**- انظر: مجمع البحرين (510).

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا كَانَ الْغُلَامُ لَمْ يَطْعَمِ الطَّعَامَ صُبَّ عَلَى بَوْلِهِ، وَاِذَا كَانَتِ الْجَارِيَةُ غُسِلَ غَسْلَةً

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ اُمِّهِ اِلَّا اِسْمَاعِيلُ، تَفَرَّدَ بِهِ عَبْدُ الرَّحِيمِ

یہ حدیث حسن اپنی والدہ سے روایت کرتے ہیں اور حسن سے صرف اسماعیل اور اسماعیل سے عبدالرحیم ہی روایت کرتے ہیں۔

**2743** - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا عَمَّارُ بْنُ هَارُونَ قَالَ: نا اَبُو هِلَالٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا بُويِعَ لِخَلِيفَتَيْنِ فَاقْتُلُوا الْاَحْدَثَ مِنْهُمَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب دو خلیفوں کی بیعت کی جائے تو ان میں سے جو بدعت والا ہے اس کو ماردو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ اِلَّا اَبُو هِلَالٍ

یہ حدیث قتادہ سے صرف ابوہلال ہی روایت کرتے ہیں۔

**2744** - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ اَبِي الرَّبِيعِ السَّمَّانُ قَالَ: نا صَالِحٌ الْمُرِّيُّ، عَنْ بَكْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْمُزَنِيِّ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا لَبَّى قَالَ: لَبَّيْكَ اللّٰهُمَّ لَبَّيْكَ، لَبَّيْكَ لَا شَرِيكَ لَكَ لَبَّيْكَ، اِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَةَ لَكَ وَالْمُلْكَ، لَا شَرِيكَ لَكَ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ جب تلبیہ پڑھتے تھے تو اس طرح پڑھتے تھے: ''لبيك اللّٰهم لبيك لا شريك لك لبيك ان الحمد والنعمة لك والملك لا شريك لك''۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ صَالِحٍ اِلَّا سَعِيدٌ

یہ حدیث صالح سے صرف سعید ہی روایت کرتے ہیں۔

**2745** - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا عُثْمَانُ بْنُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ ہم حضور

---

2743- انظر: مجمع الزوائد جلد5صفحه201 .

2744- أخرجه البخارى: الحج جلد3صفحه477 رقم الحديث: 1549، ومسلم: الحج جلد2صفحه842 .

2745- أخرجه مسلم: الأشربة جلد 3صفحه1590، وأبو داؤد: الأشربة جلد 3صفحه333 رقم الحديث: 3711، والترمذى: الأشربة جلد4صفحه296 رقم الحديث: 1871 .

عَبْدِ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ قَالَ: نا اَبِى عُمَرَ، عَنْ يُونُسَ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ اُمِّهِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: كُنَّا نَنْبِذُ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي سِقَاءٍ يُوكَأُ اَعْلَاهُ عَزَالِيٌّ مُعَلَّقٌ، نَنْبِذُهُ غُدْوَةً، فَيَشْرَبُهُ عِشَاءً، وَنَنْبِذُهُ عِشَاءً، فَيَشْرَبُهُ غُدْوَةً

ﷺ کے لیے ایک مشکیزے میں نبیذ بناتی تھیں' اس کو اوپر سے باندھتی تھیں' اس کو لٹکا دیا جاتا تھا' ہم صبح نبیذ بناتیں آپ رات کو پیتے اور رات کو بناتے تو آپ صبح کو پیتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ يُونُسَ اِلَّا عَبْدُ الْوَهَّابِ

یہ حدیث یونس سے صرف عبدالوہاب ہی روایت کرتے ہیں۔

**2746** - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ، نا عُثْمَانُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ قَالَ: نا اَبِى، عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَوْمَ بَدْرٍ، وَهُوَ فِي قُبَّةٍ: اللّٰهُمَّ اَسْاَلُكَ عَهْدَكَ وَوَعْدَكَ، اللّٰهُمَّ اِنْ شِئْتَ لَمْ تُعْبَدْ بَعْدَ الْيَوْمِ، فَاَخَذَ اَبُو بَكْرٍ بِيَدِهِ، فَقَالَ: حَسْبُكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَقَدْ اَلْحَحْتَ عَلَى رَبِّكَ، وَهُوَ فِي الدِّرْعِ يُخْرِجُ يَدَهُ، وَيَقُولُ: (سَيُهْزَمُ الْجَمْعُ وَيُوَلُّونَ الدُّبُرَ بَلِ السَّاعَةُ مَوْعِدُهُمْ وَالسَّاعَةُ اَدْهَى وَاَمَرُّ) (القمر: 46)

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ بدر کے دن ایک خیمہ میں تھے' آپ نے دعا کی: اے اللہ! تجھ سے تیرے معاہدہ اور وعدہ کے مطابق سوال کرتے ہیں' اے اللہ! اگر تو چاہے تو تیری آج کے دن کے بعد عبادت نہ کی جائے۔ حضرت ابوبکر نے آپ کے ہاتھ کو پکڑ لیا' عرض کی: یارسول اللہ! بس کریں! آپ نے اپنے رب کے سامنے بہت عاجزی کی ہے۔ آپ کے زرہ اوپر لپٹی ہوئی تھی' آپ نے اپنا ہاتھ نکالا' آپ نے یہ آیت پڑھی: ''سیھزم الجمع الی آخرہ''۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ خَالِدٍ اِلَّا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ

یہ حدیث خالد سے صرف عبدالوہاب الثقفی ہی روایت کرتے ہیں۔

**2747** - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا مَنْصُورُ بْنُ

حضرت اُم حبیبہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور

---

**2746**- أخرجه البخاري: التفسير جلد **8** صفحه **485** رقم الحديث: **4875**' وأحمد: المسند جلد **1** صفحه **428** رقم الحديث: **3044**' والطبراني في الكبير جلد **11** صفحه **348** رقم الحديث: **11976**.

**2747**- أخرجه أبو داؤد: الصلاة جلد **2** صفحه **23** رقم الحديث: **1269**' والترمذي: الصلاة جلد **2** صفحه **292** رقم الحديث: **427**' والنسائي: قيام الليل جلد **3** صفحه **220** (باب الاختلاف على اسماعيل بن أبي خالد) وابن ماجه: الاقامة جلد **1** صفحه **367** رقم الحديث: **1160**' وأحمد: المسند جلد **6** صفحه **453** رقم الحديث: **27470**.

اَبِی مُزَاحِمٍ قَالَ: نا یَزِیدُ بْنُ یُوسُفَ، عَنِ الْاَوْزَاعِیِّ، عَنْ حَسَّانَ بْنِ عَطِیَّةَ، عَنْ عَنْبَسَةَ بْنِ اَبِی سُفْیَانَ، عَنْ اُمِّ حَبِیبَةَ، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ صَلَّی اَرْبَعَ رَکَعَاتٍ قَبْلَ الظُّهْرِ حَرَّمَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ لَحْمَهُ عَلَی النَّارِ

ﷺ نے فرمایا: جس نے ظہر سے پہلے چار رکعتیں ادا کیں' اللہ عزوجل اس پر جہنم کی آگ حرام کر دے گا۔

لَمْ یَرْوِ هَذَا الْحَدِیثَ عَنِ الْاَوْزَاعِیِّ اِلَّا یَزِیدُ، تَفَرَّدَ بِهِ مَنْصُورٌ

یہ حدیث اوزاعی سے صرف یزید ہی روایت کرتے ہیں' یزید سے صرف منصور ہی روایت کرتے ہیں۔

**2748** - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِیمُ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ الْمِنْهَالِ قَالَ: نا یَزِیدُ بْنُ زُرَیْعٍ، عَنْ بُرْدِ بْنِ سِنَانٍ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، عَنْ حُمَیْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ اَبِی هُرَیْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: لَا یَمْنَعَنَّ اَحَدُکُمْ جَارَهُ اَنْ یَضَعَ خَشَبَةً عَلَی جِدَارِهِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تم میں سے کوئی اپنی دیوار میں گاڈر رکھنے سے اپنے کسی پڑوسی کو منع نہ کرے۔

لَمْ یَرْوِ هَذَا الْحَدِیثَ عَنِ الزُّهْرِیِّ، عَنْ حُمَیْدٍ اِلَّا یَزِیدُ، تَفَرَّدَ بِهِ مُحَمَّدٌ

یہ حدیث زہری' حمید سے اور زہری سے یزید اور یزید سے صرف محمد ہی روایت کرتے ہیں۔

**2749** - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِیمُ قَالَ: نا مُحَمَّدٌ قَالَ: نا یَزِیدُ بْنُ زُرَیْعٍ، عَنْ سَعِیدٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَبِی الْمُتَوَکِّلِ، عَنْ اَبِی سَعِیدٍ الْخُدْرِیِّ، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِی قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ: (وَنَزَعْنَا مَا فِی صُدُورِهِمْ مِنْ غِلٍّ) (الاعراف: 43) قَالَ: اِذَا تَخَلَّصَ الْمُؤْمِنُونَ مِنَ الْحِسَابِ وُقِفُوا بِقَنْطَرَةٍ بَیْنَ النَّارِ وَالْجَنَّةِ، فَیَتَقَاصُّونَ مَظَالِمَ کَانَتْ بَیْنَهُمْ فِی الدُّنْیَا، فَاِذَا نُقُّوا اُمِرُوا بِالدُّخُولِ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا اللہ عزوجل کے ارشاد کے متعلق کہ ہم ان کے سینوں میں سے کینہ نکال دیں گے' جب مؤمن حساب سے فارغ ہوں گے جہنم اور جنت کے کنارہ پر روک لیے جائیں گے' ان سے ظلم کا سوال کیا جائے گا جو ان کے درمیان دنیا میں تھے' جب اس سے پاک صاف ہوں گے تو وہ جنت میں داخل ہوں گے' اللہ کی قسم! ان کے لیے جنت میں مقام و مرتبہ ہوگا دنیا کے مقام و مرتبہ

**2748**- تقدم تخریجه .

**2749**- أخرجه البخاری: المظالم جلد5 صفحه115 رقم الحدیث: 2440' والبیهقی فی شعب الایمان جلد1 صفحه304 رقم الحدیث: 345 .

اِلَی الْجَنَّةِ، فَوَاللّٰهِ لَهُمْ اَعْرَفُ بِمَنَازِلِهِمْ فِی الْجَنَّةِ مِنْهُمْ بِمَنَازِلِهِمْ فِی الدُّنْیَا

کی طرح۔

لَمْ یَرْوِ هٰذَا الْحَدِیثَ عَنْ قَتَادَةَ بِهٰذَا اللَّفْظِ اِلَّا سَعِیدُ بْنُ اَبِی عَرُوبَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ یَزِیدُ

یہ حدیث قتادہ سے اس لفظ سے صرف سعید بن ابی عروبہ روایت کرتے ہیں' سعید بن ابی عروبہ سے صرف یزید ہی روایت کرتے ہیں۔

**2750** - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِیمُ قَالَ: نا اِسْمَاعِیلُ بْنُ مَسْعُودٍ الْجَحْدَرِیُّ قَالَ: نا عُبَیْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَوْنٍ، عَنْ اَبِیهِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: نُهِیَ عَنْ اَكْلِ لُحُومِ الْحُمُرِ الْاَهْلِیَّةِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے منع فرمایا پالتو گدھوں کے گوشت سے۔

لَمْ یَرْوِ هٰذَا الْحَدِیثَ عَنْ عُبَیْدِ اللّٰهِ اِلَّا اِسْمَاعِیلُ

یہ حدیث عبیداللہ سے صرف اسماعیل ہی روایت کرتے ہیں۔

**2751** - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِیمُ قَالَ: نا بِشْرُ بْنُ سَیْحَانَ قَالَ: نا عُمَرُ بْنُ سَعِیدٍ الْاَبَحُّ، عَنْ سَعِیدِ بْنِ اَبِی عَرُوبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ قَالَ: كُنَّا نَعْرِفُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اَقْبَلَ اِلَیْنَا بِطِیبِ رِیحِهِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کو پہچان لیتے تھے' جب آپ ہماری طرف آتے' آپ سے خوشبو مہکتی تھی۔

**2752** - وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ: مَا مَسَسْتُ خَزًّا وَلَا قَزًّا وَلَا شَیْئًا كَانَ اَلْیَنَ مِنْ جِلْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے کسی ریشم اور ورس کو نہیں چھوا' جو حضور ﷺ کے جسم اطہر سے زیادہ نرم ہو۔

**2753** - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِیمُ قَالَ: نا اِبْرَاهِیمُ بْنُ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور

---

**2750**- أخرجه البخاری: المغازی جلد 7صفحه549 رقم الحدیث: 4215' ومسلم: الصید جلد3صفحه1538 رقم الحدیث:24 (باب تحریم أكل لحم الحمر الانسیة) .

**2751**- انظر: مجمع الزوائد جلد8صفحه285 .

**2752**- أخرجه البخاری: الصوم جلد4صفحه254 رقم الحدیث:1973' ومسلم: الفضائل جلد4صفحه1814 .

**2753**- انظر: مجمع الزوائد جلد3صفحه50 .

الْحَجَّاجِ السَّامِيُّ قَالَ: نا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثُمَامَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَنَسٍ، عَنْ اَنَسٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى عَلَى صَبِيٍّ اَوْ صَبِيَّةٍ فَقَالَ: لَوْ كَانَ نَجَا اَحَدٌ مِنْ ضَمَّةِ الْقَبْرِ لَنَجَا هَذَا الصَّبِيُّ

ﷺ نے ایک بچے یا بچی کا نمازِ جنازہ پڑھا' آپ نے فرمایا: اگر کوئی قبر میں جانے سے نجات پاتا تو یہ بچہ پاتا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ ثُمَامَةَ اِلَّا حَمَّادٌ

یہ حدیث ثمامہ سے صرف حماد ہی روایت کرتے ہیں۔

**2754** - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ طَاوُسٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُلَبِّي حَتَّى يَرْمِيَ الْجَمْرَةَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ جمرہ کو کنکریاں مارتے وقت تک تلبیہ پڑھتے رہتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ لَيْثٍ اِلَّا عَبْدُ الْوَارِثِ

یہ حدیث لیث سے صرف عبدالوارث ہی روایت کرتے ہیں۔

**2755** - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ قَالَ: نا سُكَيْنُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ قَالَ: نا الْمُثَنَّى الْعَطَّارُ الْاَصَمُّ قَالَ: حَدَّثَنِي عَبْدُ الْعَزِيزِ يَعْنِي: اَبَا سُكَيْنٍ قَالَ: اَتَيْتُ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، فَقُلْتُ: اَخْبِرْنِي عَنْ صَلَاةِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَصَلَّى بِنَا الظُّهْرَ، وَقَرَاَ قِرَائَةً هَمْسًا بِالْمُرْسَلَاتِ، وَالنَّازِعَاتِ، وَعَمَّ يَتَسَائَلُونَ، وَنَحْوِهَا مِنَ السُّوَرِ

حضرت ابوسکین رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کے پاس آیا' میں نے عرض کی: مجھے حضور ﷺ کی نماز کے متعلق بتائیں' آپ نے بتایا کہ ہم کو آپ نے ظہر کی نماز پڑھائی' اس میں سورۃ مرسلات' نازعات اور عم یتساءلون اور اس جیسی سورتیں پڑھیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ اَبِي سُكَيْنٍ اِلَّا الْمُثَنَّى الْعَطَّارُ، تَفَرَّدَ بِهِ سُكَيْنٌ

یہ حضرت عبدالعزیز بن ابی سکین سے مثنیٰ العطار روایت کرتے ہیں اور مثنیٰ سے صرف سکین ہی روایت

---

2754- أخرجه البخاري: الحج جلد 3 صفحه 473 رقم الحديث: 1543-1544' ومسلم: الحج جلد 2 صفحه 931' والنسائي: المناسك جلد 5 صفحه 217' وابن ماجه: المناسك جلد 2 صفحه 1010 رقم الحديث: 3039 .

2755- انظر: المجمع جلد 2 صفحه 119 .

کرتے ہیں۔

**2756** - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ قَالَ: نا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي عُتْبَةَ، مَوْلَى اَنَسٍ، عَنْ اَنَسٍ قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا كَرِهَ شَيْئًا رُئِيَ ذَاكَ فِي وَجْهِهِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ جب کسی شی کو ناپسند کرتے تھے تو اس کی ناپسندیدگی آپ کے چہرے سے معلوم کرلی جاتی تھی۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ اِلَّا هِشَامٌ، تَفَرَّدَ بِهِ مُعَاذٌ

یہ حدیث حضرت قتادہ سے ہشام روایت کرتے ہیں اور ہشام سے صرف معاذ ہی روایت کرتے ہیں۔

**2757** - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ: نا لَيْثُ بْنُ اَبِي سُلَيْمٍ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا سَعَى فِي بَطْنِ الْمَسِيلِ قَالَ: اللّٰهُمَّ اغْفِرْ وَارْحَمْ، وَاَنْتَ الْاَعَزُّ الْاَكْرَمُ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ مسیل کی گھاٹی میں چل رہے تھے تو آپ عرض کرتے: اے اللہ! اس کو بخش اور رحم فرما اور تُو عزت دینے والا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ اِلَّا لَيْثٌ، تَفَرَّدَ بِهِ عَبْدُ الْوَارِثِ

یہ حدیث ابواسحاق سے صرف لیث ہی روایت کرتے ہیں' لیث سے روایت کرنے میں عبدالوارث اکیلے ہیں۔

**2758** - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ قَالَ: نا عَمْرُو بْنُ عَاصِمٍ قَالَ: نا عِمْرَانُ الْقَطَّانُ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: لَمَّا كَانَ يَوْمُ حُنَيْنٍ انْهَزَمَ النَّاسُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا الْعَبَّاسَ بْنَ عَبْدِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب حنین کا دن تھا' صحابہ کرام حضور ﷺ سے علیحدہ ہوئے' مگر حضرت عباس بن عبدالمطلب اور سفیان بن حارث رضی اللہ عنہم موجود تھے' حضور ﷺ نے حکم دیا اعلان کرنے کا' اے سورۂ بقرہ کے اصحاب! اے انصار

2756- انظر: مجمع الزوائد جلد9 صفحه20 .

2757- انظر: مجمع الزوائد جلد3 صفحه251 .

2758- انظر: مجمع الزوائد جلد6 صفحه183-184 .

الْمُطَّلِبِ وَاَبُو سُفْيَانَ بْنُ الْحَارِثِ، وَاَمَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يُنَادِيَ: يَا اَصْحَابَ سُورَةِ الْبَقَرَةِ، يَا مَعْشَرَ الْاَنْصَارِ ثُمَّ، اسْتَحَرَّ النِّدَاءُ فِي بَنِي الْحَارِثِ بْنِ الْخَزْرَجِ، فَلَمَّا سَمِعُوا النِّدَاءَ اَقْبَلُوا، فَوَاللّٰهِ مَا شَبَّهْتُهُمْ اِلَّا بِالْإِبِلِ تَحِنُّ اِلَى اَوْلَادِهَا، فَلَمَّا الْتَقَوْا الْتَحَمَ الْقِتَالُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْآنَ حَمِيَ الْوَطِيسُ، وَاَخَذَ كَفًّا مِنْ حَصًى، فَرَمَى بِهِ، وَقَالَ: هُزِمُوا وَرَبِّ الْكَعْبَةِ وَكَانَ عَلِيُّ بْنُ اَبِي طَالِبٍ مِنْ اَشَدِّ النَّاسِ قِتَالًا يَوْمَئِذٍ

کے گروہ! یہ اعلان بنی حارث بن خزرج کی گئی جب انہوں نے اعلان سنا وہ پلٹے' اللہ کی قسم! وہ اس طرح آئے جس طرح اونٹ اپنی اولاد کے پاس آتے ہیں' جب وہ آئے لڑائی شروع ہوئی' حضور ﷺ نے فرمایا: ابھی جنگ کے شعلے بھڑک اُٹھے' آپ نے اپنی مٹھی میں کنکریاں لیں' ان کو پھینکا اور فرمایا: ربِ کعبہ کی قسم! بھاگ جاؤ! حضرت علی رضی اللہ عنہ اس دن تمام لوگوں سے زیادہ لڑے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ اَنَسٍ اِلَّا عِمْرَانُ، تَفَرَّدَ بِهِ عَمْرٌو

یہ حدیث معمر سے' وہ زہری سے' وہ انس سے' معمر سے صرف عمران ہی روایت کرتے ہیں اور عمران سے اکیلے عمرو ہی روایت کرتے ہیں۔

**2759** - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، عَنْ رَوْحِ بْنِ الْقَاسِمِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زِيَادِ بْنِ سَمْعَانَ، عَنْ سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنِ الْقَعْقَاعِ بْنِ حَكِيمٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: سُئِلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الرَّجُلِ يَطَاُ بِنَعْلَيْهِ فِي الْاَذَى قَالَ: التُّرَابُ لَهُمَا طَهُورٌ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: آدمی کے جوتے کو نجاست لگ جاتی ہے چلتے ہوئے' آپ نے فرمایا: مٹی ان دونوں کو پاک کرتی ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ رَوْحٍ اِلَّا يَزِيدُ

یہ حدیث روح سے صرف یزید ہی روایت کرتے ہیں۔

**2760** - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا مُحَمَّدٌ قَالَ: نا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ،

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو کسی میت کو غسل دے اس کو چاہیے کہ

**2759**- أخرجه أبو داؤد: الطهارة جلد1صفحه103 رقم الحديث: 387 . انظر: نصب الراية جلد1صفحه208-209 .

**2760**- انظر: مجمع الزوائد جلد3صفحه26 .

عَنْ اَبِيهِ، عَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ غَسَّلَ مَيِّتًا فَلْيَغْتَسِلْ

وہ غسل کرے۔(یہ حکم استحبابی ہے)۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ اِلَّا مَعْمَرٌ، وَلَا عَنْ مَعْمَرٍ اِلَّا يَزِيدُ، تَفَرَّدَ بِهِ مُحَمَّدٌ

یہ حدیث ابواسحاق سے صرف معمر اور معمر سے صرف یزید اور یزید سے روایت کرنے میں محمد اکیلے ہیں۔

**2761** - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْوَاهِبِ الْحَارِثِيُّ قَالَ: نا مُسْلِمُ بْنُ خَالِدٍ الزَّنْجِيُّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ يَحْيَى، عَنْ شُقْرَانَ قَالَ: رَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي عَلَى حِمَارٍ، مُتَوَجِّهًا اِلَى خَيْبَرَ

حضرت شقران فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا اپنے درازگوش پر نفل پڑھتے ہوئے' اس کا منہ خیبر کی طرف تھا۔

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ شُقْرَانَ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ مُسْلِمٌ

یہ حدیث شقران سے اسی سند سے روایت ہے' شقران سے روایت کرنے میں مسلم اکیلے ہیں۔

**2762** - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا الْاَزْرَقُ بْنُ عَلِيٍّ قَالَ: نا حَسَّانُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، اَنَّهُ سَمِعَ النُّعْمَانَ بْنَ بَشِيرٍ يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اِنَّ مَثَلَ الْفَاسِقِ فِي الْقَوْمِ كَمَثَلِ قَوْمٍ رَكِبُوا سَفِينَةً فِي الْبَحْرِ، فَاقْتَسَمُوهَا، فَصَارَ لِكُلِّ وَاحِدٍ مِنْهُمْ مَكَانٌ فَعَمَدَ اَحَدُهُمْ اِلَى مَكَانِهِ لِيَخْرِقَهُ، فَقَالُوا: اَتُرِيدُ اَنْ تُهْلِكَنَا؟ فَقَالَ: وَمَا اَنْتُمْ مِنْ مَكَانِي؟ فَاِنْ تَرَكُوهُ غَرِقُوا وَغَرِقَ مَعَهُمْ، وَاِنْ اَخَذُوا عَلَى يَدَيْهِ نَجَوْا وَنَجَا، فَذٰلِكَ مَثَلُ

حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ فاسق کی مثال قوم میں اس گروہ کی طرح ہے جو کشتی پر سمندر میں سوار ہوں' پس وہ اس کشتی کو تقسیم کرلیں اور اُن میں سے ہر ایک کے لیے اپنی جگہ ہو' پس اُن میں سے ایک ارادہ کرے کہ اپنی جگہ سے سوراخ کر ڈالے تو دوسرے کہیں: کیا تم ہم کو ہلاک کرنا چاہتے ہو؟ تو وہ کہے: تم میری جگہ تو نہیں ہو (میں تو اپنی جگہ کو سوراخ کر رہا ہوں) اگر وہ اس کو چھوڑ دیں' وہ خود بھی اور اُن کے ساتھ والے غرق ہو جائیں گے' اگر اس کے ہاتھوں کو پکڑ لیں خود بھی نجات اور

**2761**- انظر: مجمع الزوائد جلد2صفحه165 .

**2762**- أخرجه البخاري: الشركة جلد 5صفحه157 رقم الحديث: 2493' والترمذي: الفتن جلد4صفحه470 رقم الحديث: 2173' وأحمد: المسند جلد4صفحه329 رقم الحديث: 18391 .

الْفَاسِقِ

وہ بھی نجات پا جائیں گے فرمایا: اسی طرح فاسق کی مثال ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سَلَمَةَ إِلَّا ابْنُهُ مُحَمَّدٌ، وَلَا عَنْ مُحَمَّدٍ إِلَّا حَسَّانُ، تَفَرَّدَ بِهِ الْأَزْرَقُ

یہ حدیث سلمہ سے ان کے بیٹے محمد اور محمد سے حسان روایت کرتے ہیں حسان سے روایت کرنے میں ازرق اکیلے ہیں۔

2763 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا حَوْثَرَةُ بْنُ أَشْرَسَ الْمِنْقَرِيُّ قَالَ: نا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَوْ أَنَّ رَجُلًا دَعَا النَّاسَ إِلَى عِرْقٍ أَوْ مِرْمَاتَيْنِ لَأَجَابُوهُ، وَهُمْ يُدْعَوْنَ إِلَى هَذِهِ الصَّلَاةِ فِي جَمَاعَةٍ فَلَا يَأْتُونَهَا، لَقَدْ هَمَمْتُ أَنْ آمُرَ رَجُلًا يُصَلِّي بِالنَّاسِ فِي جَمَاعَةٍ، ثُمَّ أَنْصَرِفَ إِلَى قَوْمٍ سَمِعُوا النِّدَاءَ، فَلَمْ يُجِيبُوا فَأُضْرِمَهَا عَلَيْهِمْ نَارًا، وَإِنَّهُ لَا يَتَخَلَّفُ عَنْهَا إِلَّا مُنَافِقٌ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اگر کوئی آدمی لوگوں کو دعوت دے عرق یا مرمات کی طرف تو اس کو قبول کریں حالانکہ نماز باجماعت کی طرف بلائے جاتے ہیں اور وہ نہیں آتے۔ میں نے ارادہ کیا کہ میں کسی آدمی کو حکم دوں کہ وہ لوگوں کو نماز پڑھائے باجماعت پھر چلا جاؤں ان لوگوں کی طرف جنہوں نے اذان سنی تھی وہ نہیں آئے تھے ان کو آگ میں جلا دوں باجماعت نماز سے پیچھے صرف منافق ہی رہتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ ثَابِتٍ إِلَّا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ

یہ حدیث ثابت سے صرف حماد بن سلمہ رضی اللہ عنہ ہی روایت کرتے ہیں۔

2764 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا قَطَنُ بْنُ نُسَيْرٍ الذَّارِعُ قَالَ: نا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ الضُّبَعِيُّ قَالَ: نا أَبُو طَاهِرٍ، عَنْ أَبِي يَزِيدَ الْمَدِينِيِّ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ أَبِي ذَرٍّ قَالَ: كَانَ لِي أَخٌ يُقَالُ لَهُ أُنَيْسٌ وَكَانَ شَاعِرًا فَتَنَافَرَ هُوَ وَشَاعِرٌ آخَرُ، فَقَالَ أُنَيْسٌ: أَنَا أَشْعَرُ مِنْكَ، وَقَالَ الْآخَرُ: أَنَا أَشْعَرُ، قَالَ أُنَيْسٌ: فَمَنْ تَرْضَى أَنْ يَكُونَ بَيْنَنَا؟ قَالَ: أَرْضَى أَنْ يَكُونَ بَيْنَنَا كَاهِنُ مَكَّةَ قَالَ: نَعَمْ، فَخَرَجَا إِلَى مَكَّةَ،

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میرا ایک بھائی تھا جسے اُنیس کہا جاتا تھا وہ شاعر تھا پس اس کی دوسرے شاعر سے ٹھن گئی۔ اُنیس نے کہا: میں تجھ سے بڑا شاعر ہوں۔ دوسرے نے کہا: میں تجھ سے اچھا شاعر ہوں۔ اُنیس نے کہا: تم اپنے درمیان کس کے ثالث ہونے پر راضی ہوتے ہو؟ اس نے کہا: مکہ کا فلاں کاہن ہمارے درمیان فیصلہ کرے گا۔ اُنیس نے کہا: ٹھیک ہے! پس دونوں مکہ کی طرف چل پڑے یہاں تک کہ اس کاہن

2763- انظر: مجمع البحرين (663) .

حضرت فاطمہ بنت قیس رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آئی' عرض کی: میں استحاضہ والی ہو جاتی ہوں' ان کا گمان ہے کہ آپ نے فرمایا: وہ رگ پھٹی ہوئی ہے' جب حیض آئے تو نماز چھوڑ دے' جب وہ حیض کی مدت مکمل ہو جائے تو غسل کر اور خون دھو لے' پھر نماز پڑھ۔

اوزاعی سے یہ حدیث ابن سماعہ ہی روایت کرتے ہیں اور ابن سماعہ سے عمران روایت کرتے ہیں' فاطمہ بنت قیس ہی فاطمہ بنت ابی حبیش ہیں۔

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: دو عادتیں ہیں دونوں آسان ہیں' ان پر عمل کرنے والے تھوڑے ہیں: پانچ وقت کی نماز ادا کرنا' ہر نماز کے بعد دس مرتبہ سبحان اللہ' دس مرتبہ الحمد للہ اور دس مرتبہ اللہ اکبر' یہ ایک سو پچاس مرتبہ زبان کے لیے ہو جائے گا اور پندرہ سو مرتبہ میزان میں ہوگا' جب تُو اپنے

---

**2952**- أخرجه البخاری: الوضوء جلد **1** صفحه **396** رقم الحديث: **228**، ومسلم: الحيض جلد **1** صفحه **262**، والطبرانی فی الكبير جلد **24** صفحه **362** رقم الحديث: **900**.

**2953**- أخرجه أبو داؤد: الأدب جلد **4** صفحه **318** رقم الحديث: **5065**، والترمذی: الدعوات جلد **5** صفحه **478** رقم الحديث: **3410**، والنسائی: السهو جلد **3** صفحه **62** (باب عدد التسبيح بعد التسليم)، وأحمد: المسند جلد **2** صفحه **275** رقم الحديث: **6924**.

بِهِمَا قَلِيلٌ: الصَّلَوَاتُ الْخَمْسُ، تُسَبِّحُ فِي دُبُرِ كُلِّ صَلَاةٍ عَشْرًا، وَتَحْمَدُهُ عَشْرًا، وَتُكَبِّرُهُ عَشْرًا، فَتِلْكَ خَمْسُونَ وَمِائَةٌ بِاللِّسَانِ، وَأَلْفٌ وَخَمْسُمِائَةٍ فِي الْمِيزَانِ، وَإِذَا أَوَيْتَ إِلَى فِرَاشِكَ، سَبَّحْتَ وَكَبَّرْتَ وَحَمَّدْتَ مِائَةَ مَرَّةٍ فَلَكَ مِائَةٌ بِاللِّسَانِ وَأَلْفٌ فِي الْمِيزَانِ

بستر پر آئے تو سبحان اللہ' اللہ اکبر' الحمد للہ سو مرتبہ پڑھ لیا کر' یہ سو مرتبہ زبان سے ہوگا' میزان میں اس کا ثواب ہزار مرتبہ کے برابر ہوگا۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ مِسْعَرٍ إِلَّا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُغِيرَةِ، وَأَبُو أُسَامَةَ

مسعر سے یہ حدیث عبداللہ بن محمد بن مغیرہ اور ابواسامہ ہی روایت کرتے ہیں۔

☆☆☆☆☆

# اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْغَزَّالُ

# ابراہیم بن محمد غزال سے روایت کردہ احادیث

**2954** - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْغَزَّالُ الْمِصْرِيُّ الْمُعَدِّلُ قَالَ: نا خَلَّادُ بْنُ اَسْلَمَ قَالَ: نا النَّضْرُ بْنُ شُمَيْلٍ قَالَ: نا حَمَّادٌ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنِّي لَاَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ كُلَّ يَوْمٍ وَاَتُوبُ اِلَيْهِ مِائَةَ مَرَّةٍ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میں دن میں سومرتبہ اللہ عزوجل سے بخشش طلب کرتا ہوں (اُمت کے لیے) اور سومرتبہ اس کی طرف خصوصی رجوع کرتا ہوں۔

**2955** - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اِبْرَاهِيمَ النَّصِيبِيُّ قَالَ: نا مَيْمُونُ بْنُ الْاَصْبَغِ قَالَ: نا اَبُو بَكْرٍ الْحَنَفِيُّ قَالَ: نا مِسْعَرُ بْنُ كِدَامٍ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِي لَيْلَى، عَنْ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ قَالَ: قَالَ رَجُلٌ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، هَذَا السَّلَامُ عَلَيْكَ قَدْ عَرَفْنَاهُ، فَكَيْفَ الصَّلَاةُ؟ قَالَ: قُولُوا: اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ، وَعَلَى آلِ مُحَمَّدٍ، كَمَا صَلَّيْتَ عَلَى اِبْرَاهِيمَ اِنَّكَ حَمِيدٌ مَجِيدٌ، اللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلَى مُحَمَّدٍ وَعَلَى آلِ مُحَمَّدٍ، كَمَا بَارَكْتَ عَلَى اِبْرَاهِيمَ اِنَّكَ حَمِيدٌ مَجِيدٌ

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ سَلَمَةَ اِلَّا مِسْعَرٌ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ مِسْعَرٍ اِلَّا اَبُو بَكْرٍ الْحَنَفِيُّ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ اَبِي بَكْرٍ اِلَّا مَيْمُونٌ

حضرت کعب بن عجرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ پر سلام پڑھنے کو ہم جان گئے ہیں' آپ پر درود کیسے پڑھیں؟ آپ نے فرمایا: ''اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ، وَعَلَى آلِ مُحَمَّدٍ، كَمَا صَلَّيْتَ عَلَى اِبْرَاهِيمَ اِنَّكَ حَمِيدٌ مَجِيدٌ، اللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلَى مُحَمَّدٍ وَعَلَى آلِ مُحَمَّدٍ، كَمَا بَارَكْتَ عَلَى اِبْرَاهِيمَ اِنَّكَ حَمِيدٌ مَجِيدٌ''۔

سلمہ سے مسعر اور مسعر سے ابوبکر اور ابوبکر سے میمون روایت کرتے ہیں۔

**2955**- أخرجه البخاري: التفسير جلد8صفحه392 رقم الحديث: 4797' ومسلم: الصلاة جلد1صفحه305 .

**2956** - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا مُسْلِمُ بْنُ عَمْرٍو الْحَذَّاءُ الْمَدِينِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نَافِعٍ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ الضَّحَّاكِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقْصُرُ الصَّلَاةَ بِالْعَقِيقِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مقامِ عقیق پر نماز قصر پڑھتے تھے۔

لَا يُرْوَى عَنِ ابْنِ عُمَرَ مَرْفُوعًا اِلَّا مِنْ هَذَا الْوَجْهِ

ابن عمر سے یہ حدیث اسی سند سے مرفوعاً روایت ہے۔

**2957** - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عِرْقٍ الْيَحْصِبِيُّ الْحِمْصِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ حَفْصٍ الْاَوْصَابِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ حِمْيَرَ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ اَبِي عَبْلَةَ، عَنْ اُمِّ الدَّرْدَاءِ قَالَتْ: سَاَلْتُ عَائِشَةَ: مَا كُنْتِ اِذَا سَافَرْتِ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَوْ حَجَجْتِ اَوْ غَزَوْتِ مَعَهُ مَا كُنْتِ تُزَوِّدِينَهُ؟ قَالَتْ: كُنْتُ اُزَوِّدُهُ قَارُورَةَ دُهْنٍ وَمُشْطًا، وَمِرْآةً وَمِقَصَّيْنِ وَمُكْحُلَةً وَسِوَاكًا

حضرت ام الدرداء رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے پوچھا: جب آپ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ سفر کرتی تھیں یا حج یا جہاد کے لیے جاتی تھیں تو آپ کا زادِ راہ کیا ہوتا تھا؟ آپ نے فرمایا: ہمارا زادِ راہ ایک لکڑی کا پیالہ اور کنگھی' شیشہ' سرمہ دانی اور مسواک۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اِبْرَاهِيمَ اِلَّا مُحَمَّدٌ، تَفَرَّدَ بِهِ مُحَمَّدُ بْنُ حَفْصٍ

یہ حدیث ابراہیم سے محمد روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں محمد بن حفص اکیلے ہیں۔

☆☆☆☆☆

2956- انظر: مجمع الزوائد جلد2صفحه160 .

# اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُوسَى التَّوَّزِيُّ

# ابراہیم بن موسیٰ توزی سے روایت کردہ احادیث

**2958** - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُوسَى التَّوَّزِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ يَحْيَى الدَّبِيْلِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَغْرَاءَ قَالَ: نا جَابِرُ بْنُ يَحْيَى الْحَضْرَمِيُّ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنِ الْاَغَرِّ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ، وَاَبِي هُرَيْرَةَ قَالَا: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ قَالَ عِنْدَ مَوْتِهِ: لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَاللّٰهُ اَكْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ، لَمْ تَطْعَمْهُ النَّارُ اَبَدًا

حضرت ابوسعید اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے اپنی موت کے وقت لا الہ الا اللّٰہ واللّٰہ اکبر ولا حول ولا قوۃ الا باللّٰہ پڑھا' اس کو آگ ہمیشہ نہیں کھائے گی۔

**2959** - قَالَ: ونا جَابِرُ بْنُ يَحْيَى، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ جَرَّ اِزَارَهُ مِنَ الْخُيَلَاءِ لَمْ يَنْظُرِ اللّٰهُ اِلَيْهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَسَمِعْتُهُ يَقُولُ: لَا تَدَعَنَّ الرَّكْعَتَيْنِ قَبْلَ صَلَاةِ الْفَجْرِ، فَاِنَّ فِيهِمَا الرَّغَائِبُ وَسَمِعْتُهُ يَقُولُ: لَا تَمُوتَنَّ وَعَلَيْكَ دَيْنٌ، فَاِنَّمَا هِيَ الْحَسَنَاتُ وَالسَّيِّئَاتُ، لَيْسَ ثَمَّ دِينَارٌ وَلَا دِرْهَمٌ، جَزَاءٌ وَقِصَاصٌ لَيْسَ يَظْلِمُ اللّٰهُ اَحَدًا

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جس نے اپنا تہبند تکبر سے لٹکایا' اللہ عزوجل قیامت کے دن اس کی طرف نظر رحمت نہیں کرے گا۔ میں نے فرماتے ہوئے سنا: فجر سے پہلے کی سنتیں نہ چھوڑو' کیونکہ ان دونوں کی رغبتیں ہے۔ اور فرماتے ہوئے سنا کہ تم اس حالت میں نہ مرنا کہ تم پر قرض ہو کیونکہ یہی نیکیاں اور برائیاں ہی ہیں دینار اور درہم نہیں جزا اور بدلہ ہوگا۔ اللہ عزوجل کسی پر ظلم نہیں کرتا ہے۔

---

2958- انظر: تلخيص الحبير جلد2صفحه110 .

2959- أخرجه البخاري: اللباس جلد10صفحه266 رقم الحديث: 5784' ومسلم: اللباس جلد 3صفحه652 ' وأحمد: المسند جلد2صفحه199 رقم الحديث: 6345' والطبراني في الكبير جلد12صفحه407 رقم الحديث: 13501 .

2960 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ اَيُّوبَ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ قَالَ: نا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، اَنَّ فَاطِمَةَ بِنْتَ قَيْسٍ قَالَتْ: سَاَلْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْمُسْتَحَاضَةِ قَالَ: تَعْتَدُّ اَيَّامَ اَقْرَائِهَا، ثُمَّ تَغْتَسِلُ كُلَّ طُهْرٍ، ثُمَّ تَحْتَشِي، وَتُصَلِّي

لَمْ يَرْوِهِ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ اِلَّا جَعْفَرٌ

حضرت فاطمہ بنت قیس رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے استحاضہ والی عورت کے متعلق پوچھا' آپ ﷺ نے فرمایا: حیض کے دنوں میں نماز چھوڑ دے گی' پھر جب بھی پاکی کے دن آئیں گے تو غسل کرے گی' پھر ہر نماز کے وقت کے لیے وضو کرے پھر نماز پڑھے گی۔

ابن جریج سے صرف جعفر ہی روایت کرتے ہیں۔

2961 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ دَرَسْتُوَيْهِ الْفَسَوِيُّ قَالَ: نا اَبُو حُمَةَ مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ قَالَ: نا اَبُو قُرَّةَ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنْ طَاوُسٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَغَ مِنْ طَوَافِهِ عِنْدَ الْمَرْوَةِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ طواف سے فارغ ہوئے مقامِ مروہ کے پاس۔

2962 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْحَجْرِيُّ الْكِنْدِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْاَجْلَحِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: جَاءَ الْعَبَّاسُ يَعُودُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي مَرَضِهِ، فَرَفَعَهُ، فَاَجْلَسَهُ فِي مَجْلِسِهِ عَلَى السَّرِيرِ، فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: رَفَعَكَ اللّٰهُ يَا عَمِّ، فَقَالَ الْعَبَّاسُ: هَذَا عَلِيٌّ يَسْتَاْذِنُ. فَقَالَ: يَدْخُلُ فَدَخَلَ وَمَعَهُ الْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ، فَقَالَ الْعَبَّاسُ: هَؤُلَاءِ وَلَدُكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ قَالَ: وَهُمْ وَلَدُكَ يَا عَمِّ قَالَ: اَتُحِبُّهُمْ؟ فَقَالَ: اَحَبَّكَ اللّٰهُ كَمَا اَحَبَّهُمْ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضرت عباس' رسول اللہ ﷺ کی عیادت کرنے کے لیے آئے' آپ کی بیماری میں۔ آپ اُٹھے حضرت عباس کو چارپائی پر بٹھایا' حضور ﷺ نے ان کو فرمایا: اللہ آپ کو بلندی دے! اے چچا! حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے عرض کی: حضرت علی آپ سے اجازت مانگ رہے ہیں۔ آپ نے فرمایا: داخل ہوں' حضرت علی رضی اللہ عنہ داخل ہوئے' آپ کے ساتھ حضرت امام حسن و حسین رضی اللہ عنہما بھی تھے' حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! یہ آپ کے بچے ہیں' آپ ﷺ نے فرمایا: اے چچا! یہ آپ کے بچے ہیں' حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے عرض کی: کیا آپ ان سے محبت کرتے ہیں؟ آپ

ﷺ نے فرمایا: اللہ آپ سے محبت کرے جس طرح وہ ان سے محبت کرتا ہے۔

**2963** - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا مُحَمَّدٌ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْاَجْلَحِ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ اَبِي الضُّحَى مُسْلِمِ بْنِ صُبَيْحٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ الْعَبَّاسُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنَّا لَنَعْرِفُ الضَّغَائِنَ فِي وُجُوهِ اَقْوَامٍ. قَالَ: بِمَ تَعْرِفُهَا؟ قَالَ: تَكُونُ الْحَلْقَةُ فِي الْحَدِيثِ، فَاِذَا اطَّلَعْتُ عَلَيْهِمْ اَمْسَكُوا لِقَرَابَتِي مِنْكَ، وَلَوْ كَانُوا فِي نُصْحَةٍ لِلّٰهِ وَرَسُولِهِ مَا اَمْسَكُوا لِقَرَابَتِي مِنْكَ قَالَ: تَعْرِفُهُمْ؟ قَالَ: نَعَمْ، فَوَضَعَ الْعَبَّاسُ يَدَهُ عَلَى ذِرَاعِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ دَخَلَ الْمَسْجِدَ، فَقَالَ لَهُ الْعَبَّاسُ: هَذِهِ الْحَلْقَةُ مِنْهُمْ، فَاَخَذَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَدِ الْعَبَّاسِ، فَرَفَعَهَا، فَقَالَ: مَنْ لَمْ يُحِبَّ عَمِّي هَذَا لِلّٰهِ وَلِقَرَابَتِهِ مِنِّي فَلَيْسَ بِمُؤْمِنٍ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم قوم کے چہروں سے کینوں کو پہچانتے تھے' آپ نے فرمایا: تم کیسے پہچانتے ہو' ایک حلقہ گفتگو کرتا تھا جب میں ان کے پاس آتا تو میری آپ سے رشتے داری کی وجہ سے وہ خاموش ہو جاتے تھے' اور اگر وہ اللہ اور اس کے رسول کی نصیحت میں ہوتے تو میری رشتے داری کی وجہ سے نہ رُکتے۔ فرمایا: آپ ان کو جانتے ہیں؟ انہوں نے کہا: جی ہاں! حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے اپنا ہاتھ نبی کریم ﷺ کی کلائی پر رکھا' پھر مسجد میں داخل ہوئے' حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یہ حلقہ ان میں سے ہے' حضور ﷺ نے حضرت عباس رضی اللہ عنہ کا ہاتھ پکڑا اور فرمایا: جو میرے چچا سے محبت نہ کرے اللہ کی رضا اور میری رشتہ داری کی وجہ سے' وہ ایمان والا نہیں ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَنْصُورٍ اِلَّا ابْنُ الْاَجْلَحِ

یہ حدیث منصور سے صرف ابن اجلح ہی روایت کرتے ہیں۔

**2964** - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ الْاَصَمِّ الْعَكَّاوِيُّ، بِعَكَّا قَالَ: نا مُنَخَّلُ بْنُ مَنْصُورٍ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ حِمْيَرَ، عَنْ عُمَرَ بْنِ صُبْحٍ، عَنْ يُونُسَ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ اَبِي الْحَسَنِ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو سمندر (تری) میں اللہ کی رضا کے لیے جہاد کرتا ہے' اللہ جانتا ہے جو اس کی راہ میں جہاد کرتا ہے' اس نے اللہ کی اطاعت کا حق ادا کیا' جنت کو تلاش کر لیا اور جہنم سے دور ہو گیا۔

2963- أخرجه العقيلي في الضعفاء جلد4صفحه149 .

وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ غَزَا فِي الْبَحْرِ غَزْوَةً فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، وَاللّٰهُ أَعْلَمُ بِمَنْ يَغْزُو فِي سَبِيلِهِ، فَقَدْ أَدَّى إِلَى اللّٰهِ طَاعَتَهُ كُلَّهَا وَطَلَبَ الْجَنَّةَ كُلَّ مَطْلَبٍ، وَهَرَبَ مِنَ النَّارِ كُلَّ مَهْرَبٍ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يُونُسَ إِلَّا عُمَرُ، تَفَرَّدَ بِهِ مُحَمَّدُ بْنُ حِمْيَرَ

یہ حدیث یونس سے صرف عمر ہی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں محمد بن حمیر اکیلے ہیں۔

**2965** - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ بَيَانٍ الْجَوْهَرِيُّ الدِّمَشْقِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْجُعْفِيُّ الْكُوفِيُّ قَالَ: نا جَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ، عَنْ مِسْعَرٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْأَقْمَرِ، عَنِ الْأَغَرِّ أَبِي مُسْلِمٍ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا أَيْقَظَ الرَّجُلُ أَهْلَهُ مِنَ اللَّيْلِ، فَتَوَضَّآ، وَصَلَّيَا، كُتِبَا مِنَ الذَّاكِرِينَ اللّٰهَ كَثِيرًا وَالذَّاكِرَاتِ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب آدمی رات کو اپنی بیوی کو جگائے اور دونوں وضو کریں اور نمازیں پڑھیں تو اللہ عزوجل اُن کو کثرت سے ذکر کرنے والے مرد اور عورتوں میں لکھ دیتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مِسْعَرٍ إِلَّا جَعْفَرٌ، تَفَرَّدَ بِهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ

یہ حدیث مسعر سے جعفر روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے والے محمد بن عبدالرحمٰن اکیلے ہیں۔

☆☆☆☆☆

**2965**- أخرجه أبو داؤد: الصلاة جلد**2**صفحه**33** رقم الحديث: **1309** . انظر: الترغيب للمنذرى جلد **1** صفحه**429** رقم الحديث:**19** .

# مَنِ اسْمُهُ اِسْمَاعِيلُ

# ان شیخ کے نام سے جن کا نام اسماعیل ہے

2966 - حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اِسْحَاقَ السَّرَّاجُ النَّيْسَابُورِيُّ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ جَابِرٍ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نَهَيْتُكُمْ عَنْ زِيَارَةِ الْقُبُورِ اَلا فَزُورُوهَا، وَلَا تَقُولُوا هُجْرًا، وَنَهَيْتُكُمْ عَنِ الظُّرُوفِ فَاشْرَبُوا فِيمَا شِئْتُمْ، وَلَا تَسْكَرُوا، وَنَهَيْتُكُمْ عَنْ لُحُومِ الْاَضَاحِيِّ بَعْدَ ثَلَاثٍ، فَاَمْسِكُوا مَا شِئْتُمْ

حضرت ابو بریدہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میں تم کو قبروں کی زیارت کرنے سے منع کرتا تھا' خبردار! اب زیارت کیا کرو لیکن وہاں جا کر شریعت کے خلاف کوئی بات نہ کرو' میں تم کو برتنوں سے منع کرتا تھا' جس برتن میں تم پینا چاہو پیو' لیکن نشہ دلانے والی چیز سے بچو' میں تم کو قربانی کے گوشت کو تین دن سے زیادہ رکھنے سے منع کرتا تھا' اب روک لیا کرو جتنا تم چاہو۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ سِمَاكٍ اِلَّا مُحَمَّدٌ

سماک سے صرف محمد ہی روایت کرتے ہیں۔

2967 - حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ قَالَ: نا اِسْحَاقُ بْنُ رَاهَوَيْهِ قَالَ: اَنَا مُوسَى الْقَارِيُّ قَالَ: نا الْمُفَضَّلُ بْنُ يُونُسَ، عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا مِنْ نَبِيٍّ، وَلَا وَالٍ اِلَّا وَلَهُ بِطَانَتَانِ: بِطَانَةٌ تَاْمُرُهُ بِالْمَعْرُوفِ وَتَنْهَاهُ عَنِ الْمُنْكَرِ، وَبِطَانَةٌ لَا تَاْلُوهُ خَبَالًا، فَمَنْ وُقِيَ شَرَّهَا فَقَدْ وُقِيَ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: کوئی نبی اور کوئی والی نہیں ہے مگر اس کے ساتھ دو پوشیدہ طاقتیں ہوتی ہیں' ایک اس کو نیکی کا حکم دیتا ہے اور بُرائی سے منع کرتا ہے' ایک ان کے کرنے سے روکتا نہیں جو اس کے شر سے بچا لیا گیا' وہ بچ گیا۔

2966- أخرجه مسلم: الجنائز جلد2صفحه672' وأبو داؤد: الأشربة جلد3صفحه330 رقم الحديث: 3698 .

2967- أخرجه البخاري: الأحكام جلد 13صفحه201 رقم الحديث: 7198' والترمذي: الزهد جلد 4صفحه583 رقم الحديث: 2369' والنسائي: البيعة جلد7صفحه141 (باب بطانة الامام)' وأحمد: المسند جلد 2صفحه318 رقم الحديث: 7258 .

لَمْ يَرْوِهِ عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ اِلَّا الْمُفَضَّلُ، وَلَا رَوَاهُ عَنِ الْمُفَضَّلِ اِلَّا مُوسَى، وَهُوَ حَدِيثُ اِسْحَاقَ

اوزاعی سے صرف مفضل اور مفضل سے صرف موسیٰ ہی روایت کرتے ہیں' یہ اسحاق کی حدیث ہے۔

**2968** - حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْجَرَّاحِ قَالَ: نا زَافِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ مَالِكِ بْنِ اَنَسٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ اَنَسٍ قَالَ: لَمَّا كَانَ صَبِيحَةَ احْتَلَمْتُ دَخَلْتُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَخْبَرْتُهُ اَنِّي قَدِ احْتَلَمْتُ، فَقَالَ: لَا تَدْخُلْ عَلَى النِّسَاءِ، فَمَا اَتَى عَلَيَّ يَوْمٌ كَانَ اَشَدَّ مِنْهُ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب ایک صبح مجھے احتلام ہوا تو میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آیا' میں نے آپ کو بتایا کہ مجھے احتلام ہوا ہے' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم میری ازواج کے پاس داخل نہ ہوا کرو' (یعنی اب تم بالغ ہوگئے ہو) وہ دن مجھ پر بڑا دشوار تھا۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ يَحْيَى اِلَّا مَالِكٌ، وَلَا عَنْ مَالِكٍ اِلَّا زَافِرٌ

یحییٰ سے مالک اور مالک سے زافر روایت کرتے ہیں۔

**2969** - حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلَ بْنَ قِيرَاطٍ الدِّمَشْقِيُّ قَالَ: نا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ قَالَ: نا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ بَشِيرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ حَلْقِ الْقَفَا، اِلَّا لِلْحِجَامَةِ

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو صرف گردن منڈوانے سے منع کیا مگر پچھنے لگوانے کے لیے اجازت دی۔

**2970** - حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ قَالَ: نا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ قَالَ: نا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ اَنْفَقَ زَوْجَيْنِ مِنْ مَالِهِ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ دَعَتْهُ حَجَبَةُ الْجَنَّةِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، كُلٌّ يَدْعُوهُ اِلَى مَا عِنْدَهُ: يَا فُلُ، هَذَا خَيْرٌ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میاں بیوی پر اپنے مال سے جو خرچ کرے اللہ کی راہ میں اس کو قیامت کے دن جنت کا دربان بلائیں گے۔ ہر ایک اس کو اس چیز کی طرف بلائے گا جو اس کے پاس ہوگی۔ اے فلان! یہ بھلائی کا سامان ہے۔

---

**2970**- أخرجه البخاري: الصوم جلد**4**صفحه**133** رقم الحديث: **1897**' ومسلم: الزكاة جلد**2**صفحه **711** .

2971 - حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ قَالَ: نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْعَلَاءِ الْحِمْصِيُّ قَالَ: نا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ قَالَ: نا الْوَلِيدُ بْنُ عَبَّادٍ، عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَشْهِدُوا هٰذَا الْحَجَرَ خَيْرًا، فَاِنَّهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ شَافِعٌ مُشَفَّعٌ، لَهُ لِسَانٌ وَشَفَتَانِ، يَشْهَدُ لِمَنِ اسْتَلَمَهُ

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ اِلَّا الْوَلِيدُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اس پتھر (یعنی حجر اسود) کو بھلائی کا گواہ بنالو کیونکہ یہ قیامت کے دن سفارش کرے گا' اس کی سفارش قبول ہوگی' اس کی زبان اور دو ہونٹ ہوں گے' جس نے اس کو استلام کیا ہوگا اس کے متعلق گواہی دے گا۔

خالد حذاء سے یہ حدیث صرف ولید ہی روایت کرتے ہیں۔

2972 - حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ مُحَمَّدٍ النَّيْسَابُورِيُّ قَالَ: نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ اَحْمَدَ الْخُزَاعِيُّ قَالَ: نا الْحَكَمُ بْنُ مَيْسَرَةَ، عَنْ مُقَاتِلِ بْنِ سُلَيْمَانَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَوْلَادُ الْمُشْرِكِينَ خَدَمُ اَهْلِ الْجَنَّةِ

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ قَتَادَةَ اِلَّا مُقَاتِلٌ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: مشرکوں کے نابالغ بچے اہل جنت کے خادم ہوں گے۔

یہ حدیث قتادہ سے صرف مقاتل ہی روایت کرتے ہیں۔

2973 - حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ وَهْبِ بْنِ الْمُهَاجِرِ الْقُرَشِيُّ الْمِصْرِيُّ قَالَ: نا هِشَامُ بْنُ خَالِدٍ الْاَزْرَقُ قَالَ: نا مُبَشِّرُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ، عَنْ شُعَيْبِ بْنِ اَبِي حَمْزَةَ، عَنِ الزُّبَيْدِيِّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا قَاتَلَ اَحَدُكُمْ صَاحِبَهُ فَلْيَتَجَنَّبْ وَجْهَهُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی اپنے ساتھی کو مارنے کا ارادہ کرے تو چہرے پر مارنے سے پرہیز کرے۔

2973- أخرجه البخاري: العتق جلد5صفحه215 رقم الحديث:2559' ومسلم: البر جلد4صفحه2016 .

2974 - حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ قَالَ: نا يَعْقُوبُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ بْنِ عَلِيِّ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: نا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيدِ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ عَيَّاشٍ، عَنِ الْحَجَّاجِ بْنِ اَرْطَاةَ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِي هِنْدَ، عَنْ عَامِرٍ الشَّعْبِيِّ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ نَهَى فِي غَزْوَةِ اَوْطَاسٍ اَنْ يَقَعَ الرَّجُلُ عَلَى الْحَامِلِ حَتَّى تَضَعَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے غزوۂ اوطاس میں منع فرمایا کہ حاملہ عورت سے وطی نہ کی جائے بچہ جننے تک۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ دَاوُدَ اِلَّا الْحَجَّاجُ، وَلَا عَنِ الْحَجَّاجِ اِلَّا اِسْمَاعِيلُ

داؤد سے صرف حجاج اور حجاج سے اسماعیل روایت کرتے ہیں۔

2975 - حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الضَّبِّيُّ الْاَصْبَهَانِيُّ قَالَ: نا دَاوُدُ بْنُ حَمَّادِ بْنِ الْفَرَافِصَةِ الْبَلْخِيُّ قَالَ: نا الْخَلِيلُ بْنُ زَكَرِيَّا قَالَ: نا حَبِيبُ بْنُ الشَّهِيدِ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ اَبِي بَكْرَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اللّٰهُمَّ بَارِكْ لِاُمَّتِي فِي بُكُورِهَا لَمْ نَسْمَعْهُ اِلَّا مِنْ هَذَا الشَّيْخِ، وَلَا يُرْوَى، عَنْ اَبِي بَكْرَةَ اِلَّا مِنْ هَذَا الْوَجْهِ

حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے عرض کی: اے اللہ! میری اُمت کے صبح کے کاموں میں برکت دے۔ ہم نے اس حدیث کو اس شیخ کے علاوہ کسی سے نہیں سنا' ابوبکرہ سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔

2976 - حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ قَالَ: نا دَاوُدُ بْنُ حَمَّادٍ قَالَ: نا عَتَّابُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ شَوْذَبٍ، عَنْ عِيسَى الْاَزْرَقِ، عَنْ مَطَرٍ الْوَرَّاقِ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: وَضَّاْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَدْخَلَ يَدَهُ تَحْتَ حَنَكِهِ، فَخَلَّلَ لِحْيَتَهُ، فَقُلْتُ: مَا هَذَا؟ قَالَ: بِهَذَا اَمَرَنِي رَبِّي عَزَّ وَجَلَّ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو وضو کروایا' آپ نے اپنا ہاتھ گلے کے سامنے سے داخل کیا اور داڑھی کا خلال کیا' میں نے عرض کی: یہ کیا ہے؟ آپ نے فرمایا: مجھے میرے رب نے یہ کرنے کا حکم دیا۔

لَا يُرْوَى عَنْ مَطَرٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ

مطر سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔

2977 - حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ الْحَسَنِ

حضرت اسود بن یزید فرماتے ہیں کہ حضرت عائشہ

الْخَفَّافُ الْمِصْرِيُّ قَالَ: نا زُهَيْرُ بْنُ عَبَّادٍ قَالَ: نا يَزِيدُ بْنُ عَطَاءٍ، عَنْ أَبِي حَمْزَةَ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ النَّخَعِيِّ، عَنِ الْأَسْوَدِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّهُ سَأَلَهَا عَنِ الْأَوْعِيَةِ الَّتِي نَهَى عَنْهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ: نَهَى عَنِ الدُّبَّاءِ وَالْحَنْتَمِ وَالنَّقِيرِ وَالْمُزَفَّتِ . قُلْتُ: فَمَا هَذِهِ الْجِرَارُ الْخُضْرُ هِيَ الْحَنْتَمُ؟ قَالَتْ: لَا، هِيَ الْجِرَارُ الْحُمْرُ، كَانَ يُحْمَلُ فِيهَا زِفْتٌ، وَكَانَ يُحْمَلُ فِيهَا خَمْرٌ مِنْ مِصْرَ إِلَى الْمَدِينَةِ، فَنَهَى عَنْهَا

رضی اللہ عنہا سے اُن برتنوں کے متعلق پوچھا گیا جن میں رسول اللہ ﷺ نے پینے سے منع کیا تھا' آپ نے فرمایا: دُباء، حنتم، نقیر اور مزفت کے برتنوں میں پینے سے منع کیا' میں نے کہا: یہ سبز مٹکے تھے' حنتم کیا ہے؟ فرمایا: وہ سرخ مٹکا ہے' وہ اس کو اُٹھاتے تھے اس میں شراب اُٹھا کر لائی جاتی ہے' مصر سے مدینہ کی طرف اس سے منع کیا گیا۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ أَبِي حَمْزَةَ إِلَّا يَزِيدُ

حمزہ سے صرف یزید ہی روایت کرتے ہیں۔

**2978** - حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ قَالَ: نا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ قَالَ: نا ابْنُ أَبِي فُدَيْكٍ قَالَ: حَدَّثَنِي مُوسَى بْنُ يَعْقُوبَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي طَلْحَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو مجھ پر جان بوجھ کر جھوٹ باندھے' اس کو چاہیے کہ وہ اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنالے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ إِسْحَاقَ إِلَّا مُوسَى، تَفَرَّدَ بِهِ ابْنُ أَبِي فُدَيْكٍ

یہ حدیث ابن اسحاق سے صرف موسیٰ ہی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ابن ابی فدیک اکیلے ہیں۔

**2979** - حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ نُمَيْلٍ الْخَلَّالُ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارٍ قَالَ: نا حَفْصُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ مَنْصُورِ بْنِ حَيَّانَ، عَنْ أَبِي هَيَّاجٍ الْأَسَدِيِّ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ رَبِيعَةَ الْوَالِبِيِّ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ: أَنَّ

حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ جمعہ کے دن فجر کی نماز کی پہلی رکعت میں الم تنزیل السجدہ اور دوسری رکعت میں هل اتی علی الانسان پڑھتے تھے۔

**2978**- أخرجه مسلم: المقدمة جلد1صفحه10، والترمذي: العلم جلد 5صفحه36 رقم الحديث: 2661، وابن ماجه: المقدمة جلد1صفحه13 رقم الحديث: 32 .

رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقْرَأُ فِي صَلَاةِ الْفَجْرِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ فِي الرَّكْعَةِ الْأُولَى ب الم تَنْزِيلُ السَّجْدَةِ، وَفِي الرَّكْعَةِ الثَّانِيَةِ هَلْ اَتَى عَلَى الْإِنْسَانِ

(لا يروى هذا الحديث عن علی الا بهذا الاسناد تفرد به محمد)

(یہ حدیث حضرت علی رضی اللہ عنہ سے صرف اسی سند سے روایت ہے۔ اس حدیث کے ساتھ محمد منفرد ہیں۔)

2980 - حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ مُحَمَّدٍ اَبُو قُصَيّ الْعُذْرِيُّ الدِّمَشْقِيُّ قَالَ: نا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ قَالَ: نا خَالِدُ بْنُ يَزِيدَ الْقَسْرِيُّ قَالَ: نا الصَّلْتُ بْنُ بَهْرَامَ، عَنْ يَزِيدَ الْفَقِيرِ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: اَمَرَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ نَغْتَسِلَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ ہم کو جمعہ کے دن غسل کرنے کا حکم دیتے تھے۔

2981 - حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَحْمَدَ الْبَصْرِيُّ، وَكِيلُ اَكْثَمَ قَالَ: نا اَبُو الْخَطَّابِ زِيَادُ بْنُ يَحْيَى قَالَ: نا مَالِكُ بْنُ سُعَيْرٍ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّمَا بُعِثْتُ رَحْمَةً مُهْدَاةً

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میں رحمت اور ہدایت دینے کے لیے بھیجا گیا ہوں۔

☆☆☆☆☆

2980- أخرجه الطبرانی فی الصغير جلد 1 صفحه 95 .

2981- اخرجه الصغير جلد 1 صفحه 95 .

# مَنِ اسْمُهُ اِسْحَاقُ

# اس شیخ کے نام سے جس کا نام اسحاق ہے

**2982** - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الرَّزَّاقِ قَالَ: انا مَعْمَرٌ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ اَبِي وَائِلٍ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: قَالَ رَجُلٌ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَيْفَ لِي اَنْ اَعْلَمَ اِذَا اَحْسَنْتُ وَاِذَا اَسَاْتُ؟ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا سَمِعْتَ جِيرَانَكَ يَقُولُونَ: قَدْ اَحْسَنْتَ، فَقَدْ اَحْسَنْتَ، وَاِذَا سَمِعْتَهُمْ يَقُولُونَ: قَدْ اَسَاْتَ، فَقَدْ اَسَاْتَ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کی: مجھے کیسے علم ہوگا جب میں نیکی اور جب میں گناہ کروں گا؟ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب تو اپنے پڑوسوں سے سنے کہ وہ کہہ رہے ہیں: تُو نے نیکی کی ہے تو تُو نے نیکی کی ہے جب تم سنو کہ وہ کہہ رہے ہیں کہ تُو نے گناہ کیا ہے تو تُو نے گناہ کیا ہے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ مَنْصُورٍ اِلَّا مَعْمَرٌ، وَلَا يُرْوَى عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ اِلَّا مِنْ هَذَا الْوَجْهِ (تفرد به عبد الرزاق)

یہ حدیث منصور سے معمر اور ابن مسعود سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔ (اس حدیث کے ساتھ عبدالرزاق منفرد ہیں)

**2983** - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِي الْجَعْدِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا سَجَدَ جَافَى حَتَّى يُرَى بَيَاضُ اِبْطَيْهِ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب سجدہ کرتے تو اپنی کلائیوں کو جسم سے جدا رکھتے یہاں تک کہ آپ کی بغل کی سفیدی دکھائی دیتی تھی۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ مَنْصُورٍ اِلَّا مَعْمَرٌ، وَلَا يُرْوَى عَنْ

منصور سے معمر روایت کرتے ہیں اور جابر سے یہ

---

**2982**- أخرجه ابن ماجة: الزهد جلد 2 صفحه 1412 رقم الحديث: 4223، وأحمد: المسند جلد 1 صفحه 521 رقم الحديث: 3807 . انظر: مجمع الزوائد جلد 10 صفحه 274 .

**2983**- أخرجه الصغير رقم الحديث: 198، والكبير رقم الحديث: 1745، وأحمد جلد 3 صفحه 294، وعبد الرزاق جلد 2 صفحه 168 .

جَابِرٍ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ

حدیث اسی سند سے روایت ہے۔

**2984** - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ عَوْفٍ، عَنْ اَبِي الْمِنْهَالِ، عَنْ اَبِي بَرْزَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَنَّهُ كَرِهَ اَوْ نَهَى عَنِ النَّوْمِ قَبْلَهَا، وَالْحَدِيثِ بَعْدَهَا

حضرت ابوبرزہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے عشاء سے پہلے سونے اور عشاء کے بعد (دنیوی) گفتگو کرنے سے منع کیا یا اسے انتہائی ناپسند فرمایا۔ (مقصود عادت بنانا ہوتا ہے کبھی کبھی کسی خاص وجہ سے سو جانا مکروہ نہ ہوگا۔)

لَمْ يَرْوِهِ عَنِ الثَّوْرِيِّ اِلَّا عَبْدُ الرَّزَّاقِ

اسے ثوری سے صرف عبدالرزاق ہی روایت کرتے ہیں۔

**2985** - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ قَالَ: نا عَبْدُ الرَّزَّاقِ قَالَ: اَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَقِيلٍ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ مِنْ تَمَامِ الصَّلَاةِ اِقَامَةُ الصَّفِّ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: صف مکمل کرنے سے نماز مکمل ہوتی ہے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنِ ابْنِ عَقِيلٍ اِلَّا مَعْمَرٌ، وَلَا يُرْوَى، عَنْ جَابِرٍ اِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ

یہ حدیث ابن عقیل سے صرف معمر ہی روایت کرتے ہیں اور جابر سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔

**2986** - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي الضُّحَى، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ اَبِي مَسْعُودٍ الْاَنْصَارِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ مِمَّا اَدْرَكَ النَّاسُ مِنَ النُّبُوَّةِ الْاُولَى اِذَا لَمْ تَسْتَحِ فَاصْنَعْ

حضرت ابومسعود انصاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: لوگوں کو جو پہلی نبوت میں بات ملی ہے وہ یہ تھی کہ جب حیاء نہ رہے تو جو چاہو کرو۔

---

2984- أخرجه البخاري: المواقيت جلد2صفحه87 رقم الحديث: 599، ومسلم: المساجد جلد1صفحه447 .

2985- أخرجه أحمد: المسند جلد3صفحه395 رقم الحديث: 14467، والطبراني في الكبير جلد 2صفحه183 رقم الحديث: 1744 . انظر: مجمع الزوائد جلد2صفحه92 .

2986- أخرجه البخاري في الأدب جلد 10صفحه539 رقم الحديث: 6120، وأبو داؤد: الأدب جلد4صفحه253 رقم الحديث: 4797، وابن ماجة: الزهد جلد2صفحه1400 رقم الحديث: 4183، وأحمد: المسند جلد4 صفحه149 رقم الحديث: 17094 .

مَا شِئْتَ

لَمْ يَرْوِهِ عَنِ الْاَعْمَشِ اِلَّا مَعْمَرٌ، وَلَا عَنْ مَعْمَرٍ اِلَّا عَبْدُ الرَّزَّاقِ

اعمش معمر اور معمر عبدالرزاق سے روایت کرتے ہیں۔

**2987** - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ زِيَادِ بْنِ اَنْعَمَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ سَلْمَانَ الْفَارِسِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَدْخُلُ اَحَدٌ الْجَنَّةَ اِلَّا بِجَوَازٍ: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ، هَذَا كِتَابٌ مِنَ اللّٰهِ لِفُلَانِ بْنِ فُلَانٍ، اَدْخِلُوهُ جَنَّةً عَالِيَةً قُطُوفُهَا دَانِيَةٌ

حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جنت میں کوئی داخل نہیں ہوگا مگر اس کے ساتھ اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا' یہ کتاب اللہ کی جانب سے فلان بن فلان کے لیے بلند درجہ والی جنت میں داخل ہو' اس کا سر پھل قریب ہوگا۔

**2988** - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ ابْنِ اَبِي ذِئْبٍ، عَنْ سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ لِي عَلَى قُرَيْشٍ حَقًّا، وَاِنَّ لِقُرَيْشٍ عَلَيْكُمْ حَقًّا مَا حَكَمُوا فَعَدَلُوا، وَائْتُمِنُوا فَاَدَّوْا، وَاسْتُرْحِمُوا فَرَحِمُوا، فَمَنْ لَمْ يَفْعَلْ ذَلِكَ مِنْهُمْ فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللّٰهِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میرا قریش پر حق ہے اور قریش کا تم پر حق ہے' جب وہ فیصلہ کریں تو عدل کریں' امانت رکھی جائے تو ادا کریں' رحم مانگا جائے تو رحم کریں' جو ان میں سے ایسے نہ کرے' ان پر اللہ کی لعنت ہو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ اَبِي ذِئْبٍ اِلَّا مَعْمَرٌ، تَفَرَّدَ بِهِ عَبْدُ الرَّزَّاقِ

یہ حدیث ابن ابی ذئب سے صرف معمر ہی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عبدالرزاق اکیلے ہیں۔

**2989** - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ قَالَ: اَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ اَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ، اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا هُرَيْرَةَ يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ الْاَنْصَارَ عَيْبَتِي الَّتِي اَوَيْتُ اِلَيْهَا،

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: قریش میری گٹھڑی ہیں' میں نے ان میں پناہ لی ہے' ان کی اچھائیاں قبول کرو اور گناہوں سے درگزر کرو' کیونکہ انہوں نے اپنا حق ادا کر دیا ہے اب

2988- أخرجه أحمد جلد2صفحه270 .

فَاقْبَلُوا مِنْ مُحْسِنِهِمْ، وَتَجَاوَزُوا عَنْ مُسِيئِهِمْ، فَإِنَّهُمْ قَدْ أَدَّوُا الَّذِي عَلَيْهِمْ، وَبَقِيَ الَّذِي لَهُمْ

ان کے حقوق اُمت پر باقی رہ گئے ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ إِلَّا مَعْمَرٌ

یہ حدیث ثابت بنانی سے صرف معمر ہی روایت کرتے ہیں۔

**2990** - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ: أَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا رَأَى الْغَيْثَ قَالَ: اللَّهُمَّ صَيِّبًا هَنِيئًا

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ جب بادل دیکھتے تو فرماتے: برسا اس کو برکت کے ساتھ۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ، عَنْ أَيُّوبَ إِلَّا مَعْمَرٌ

یہ حدیث ایوب سے صرف معمر ہی روایت کرتے ہیں۔

**2991** - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ قَالَ: أَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ قَالَ: أَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ الْعَبْدَ إِذَا تَصَدَّقَ مِنْ طَيِّبٍ يَقْبَلُهَا اللَّهُ مِنْهُ، فَأَخَذَهَا بِيَمِينِهِ، وَرَبَّاهَا كَمَا يُرَبِّي أَحَدُكُمْ فَلُوَّهُ، أَوْ فَصِيلَهُ، وَإِنَّ الرَّجُلَ يَتَصَدَّقُ بِالتَّمْرَةِ، فَتَرْبُو لَهُ فِي يَدِ اللَّهِ، أَوْ قَالَ: كَفِّ اللَّهِ، حَتَّى تَكُونَ مِثْلَ الْجَبَلِ، فَتَصَدَّقُوا

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: بندہ جب صدقہ کرتا ہے اپنے مال سے تو اللہ عزوجل اس کو قبول کرتا ہے اس کو اپنے دائیں دست قدرت سے لیتا ہے اس کو بڑھاتا رہتا ہے جس طرح تم میں سے کوئی گھوڑے کا بچہ بڑا کرتا ہے ایک آدمی کھجور صدقہ کرتا ہے تو اللہ عزوجل اس کو بڑھاتا ہے یا فرمایا: اللہ عزوجل اس کو اپنی ہتھیلی (جیسے اس کی شان کے لائق ہے) میں رکھ کر بڑھاتا ہے یہاں تک کہ وہ پہاڑ کی طرح ہوجاتا ہے پس تم صدقہ کیا کرو۔ (یا راوی نے "فی کف اللہ" کے الفاظ کہے ہیں)۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ، عَنْ أَيُّوبَ إِلَّا مَعْمَرٌ

یہ حدیث ایوب سے صرف معمر ہی روایت کرتے

---

2990- أخرجه البخاري: الاستسقاء جلد 2 صفحه 601-602 رقم الحديث: 1032، وأبو داؤد: الأدب جلد 4 صفحه 328 رقم الحديث: 5099، وأحمد: المسند جلد 6 صفحه 133 رقم الحديث: 24930 .

2991- أخرجه أحمد: المسند جلد 2 صفحه 359 رقم الحديث: 7652، وأخرجه البخاري: التوحيد جلد 13 صفحه 7430، ومسلم: الزكاة جلد 2 صفحه 702 .

ہیں۔

**2992** - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ الْفَضْلِ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اَلْيَدُ الْمُنْطِيَةُ خَيْرٌ مِنَ الْيَدِ السُّفْلَى

حضرت عروہ بن محمد اپنے والد سے اُن کے والد ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ اوپر والا ہاتھ نیچے والے ہاتھ سے بہتر ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سِمَاكِ بْنِ الْفَضْلِ اِلَّا مَعْمَرٌ، وَجَدُّ عُرْوَةَ بْنِ مُحَمَّدٍ: عَطِيَّةُ السَّعْدِيُّ

یہ حدیث سماک بن فضل سے صرف معمر اور عروہ بن محمد کے دادا عطیہ سعدی بھی روایت کرتے ہیں۔

**2993** - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ قَالَ: اَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ قَالَ: اَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ سَلَّامٍ، عَنْ اَبِي سَلَّامٍ، عَنْ اَبِي اُمَامَةَ قَالَ: قَالَ رَجُلٌ: مَا الْاِثْمُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: اَلْاِثْمُ مَا حَكَّ فِي صَدْرِكَ، فَدَعْهُ قَالَ: فَمَا الْاِيمَانُ؟ قَالَ: مَنْ سَائَتْهُ سَيِّئَتُهُ وَسَرَّتْهُ حَسَنَتُهُ فَهُوَ مُؤْمِنٌ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نے عرض کی: یارسول اللہ! گناہ کیا ہے؟ آپ نے فرمایا: گناہ وہ ہے جو تیرے سینے میں کھٹکے' تو اس کو چھوڑ دے۔ اس نے عرض کی: ایمان کیا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: جس کو اچھائی خوش کردے اور بُرائی سے تکلیف ہو' وہ مؤمن ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ اِلَّا مَعْمَرٌ، وَلَا يُرْوَى، عَنْ اَبِي اُمَامَةَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ

یہ حدیث یحییٰ بن ابی کثیر سے صرف معمر ہی روایت کرتے ہیں اور یہ حدیث ابوامامہ سے اسی سند سے روایت ہے۔

**2994** - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ قَالَ: نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ قَالَ: اَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الْاَشْعَثِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: مَرَّ رَجُلٌ بِالنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعِنْدَهُ نَاسٌ، فَقَالَ رَجُلٌ مِمَّنْ عِنْدَهُ: اِنِّي لَاُحِبُّ هَذَا لِلّٰهِ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَعْلَمْتَهُ؟ قَالَ: لَا، فَقَالَ: فَقُمْ اِلَيْهِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی رسول اللہ ﷺ کے پاس سے گزرا' آپ کے پاس صحابہ کرام تھے' اُن میں سے ایک آدمی نے عرض کی: یارسول اللہ! میں اس سے اللہ کے لیے محبت کرتا ہوں' آپ نے فرمایا: کیا تم نے اسے بتایا ہے؟ اس نے عرض کی: نہیں! آپ نے فرمایا: اُٹھو اور اس کو بتاؤ! وہ اُٹھا اور

2992- أخرجه وعبد الرزاق جلد11صفحه108، وأحمد جلد4صفحه226 .

2994- أخرجه البيهقي في شعب الايمان جلد6صفحه489 رقم الحديث: 9011 .

فَاَعْلِمْهُ، فَقَامَ اِلَيْهِ فَاَعْلَمَهُ، فَقَالَ: اَحَبَّكَ الَّذِي اَحْبَبْتَنِي لَهُ قَالَ: ثُمَّ رَجَعَ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَالَهُ، فَاَخْبَرَهُ بِمَا قَالَ: فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَنْتَ مَعَ مَنْ اَحْبَبْتَ، وَلَكَ مَا احْتَسَبْتَ

اس کو بتایا' اس نے جواباً کہا: جس طرح تُو مجھ سے محبت کرتا ہے میں بھی تم سے محبت کرتا ہوں' راوی کا بیان ہے: پھر وہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف واپس آیا تو آپ نے فرمایا: اس کو بتایا! حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تُو اس کے ساتھ ہوگا جس سے محبت کرتا ہوگا اور تیرے لیے ثواب ہے' اس کا جوتُو نے اخلاص کا اظہار کیا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ، عَنْ اَشْعَثَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ اِلَّا مَعْمَرٌ

یہ حدیث اشعث بن عبداللہ سے صرف معمر ہی روایت کرتے ہیں۔

**2995** - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ قَالَ: سَمِعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَوْمًا يَتَدَارَوْنَ فَقَالَ: اِنَّمَا هَلَكَ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ بِهَذَا، ضَرَبُوا كِتَابَ اللّٰهِ بَعْضَهُ بِبَعْضٍ، وَاِنَّمَا نَزَلَ كِتَابُ اللّٰهِ يُصَدِّقُ بَعْضُهُ بَعْضًا، فَلَا تُكَذِّبُوا بَعْضَهُ بِبَعْضٍ، فَمَا عَلِمْتُمْ مِنْهُ فَقُولُوهُ وَمَا جَهِلْتُمْ فَكِلُوهُ اِلَى عَالِمِهِ

حضرت عمرو بن شعیب اپنے والد سے' ان کے والد ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کچھ لوگوں کو سنا کہ وہ کسی آیت میں گفتگو کر رہے ہیں' آپ نے فرمایا: تم سے پہلے لوگ اس وجہ سے ہلاک ہوئے تھے کہ انہوں نے کتاب کے ایک حصے کو دوسرے سے ٹکرایا۔ کتاب اللہ نازل ہوئی ہے ایک حصہ' دوسرے حصہ کی تصدیق کرتا ہے۔ تم ایک حصہ کو نہ جھٹلاؤ ایک حصہ کو مان کر' جو تم جانتے ہو اس کو بیان کرو' جو تم نہیں جانتے اس کو علم والے کے سپرد کر دو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ اِلَّا مَعْمَرٌ

یہ حدیث معمر ہی روایت کرتے ہیں۔

**2996** - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ اَيُّوبَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: كَانَتِ امْرَاَةٌ مَخْزُومِيَّةٌ تَسْتَعِيرُ الْمَتَاعَ وَتَجْحَدُهُ فَاَمَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ قبیلہ مخزومیہ کی ایک عورت تھی' وہ سامان عاریتاً لیتی تھی اور دینے سے انکار کر دیا کرتی تھی' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس کا ہاتھ کاٹنے کا حکم دیا۔

---

**2995**- أخرجه أحمد: المسند جلد**2**صفحه**250** رقم الحديث: **6750** . انظر: الدر المنثور للسيوطي جلد**2**صفحه**6** .

**2996**- أخرجه أبو داؤد: الحدود جلد **4**صفحه**136** رقم الحديث: **4395**' والنسائي: السارق جلد **8**صفحه **61** (باب ما يكون حرزاً' وما لا يكون)' وأحمد: المسند جلد**2**صفحه**204** رقم الحديث: **6388** .

بِقَطْعِ يَدِهَا

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَيُّوبَ إِلَّا مَعْمَرٌ

یہ حدیث ایوب سے صرف معمر ہی روایت کرتے ہیں۔

**2997** - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْمُؤْمِنُ يَأْكُلُ فِي مِعًى وَاحِدٍ، وَالْكَافِرُ يَأْكُلُ فِي سَبْعَةِ أَمْعَاءٍ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: مؤمن ایک آنت میں کھاتا ہے اور کافر سات آنتوں میں کھاتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَيُّوبَ إِلَّا مَعْمَرٌ

یہ حدیث ایوب سے صرف معمر ہی روایت کرتے ہیں۔

**2998** - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا شِغَارَ فِي الْإِسْلَامِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اسلام میں شغار نہیں ہے (شغار کا مطلب ہے: نکاح کے بدلے کا نکاح کرنا اور حق مہر نہ رکھنا)۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَيُّوبَ إِلَّا مَعْمَرٌ

یہ حدیث ایوب سے صرف معمر ہی روایت کرتے ہیں۔

**2999** - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ ثَابِتٍ، وَأَبَانَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا شِغَارَ فِي الْإِسْلَامِ وَالشِّغَارُ: أَنْ يُبَدِّلَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اسلام میں شغار نہیں ہے' شغار یہ ہے کہ اپنی بہن کا نکاح دوسرے آدمی سے کرنا اور اس کی بہن کا نکاح اپنے ساتھ کرنا اور آپس میں مہر نہ رکھنا' جلب

---

**2997**- أخرجه البخاری فی الأطعمة جلد9صفحه446 رقم الحديث: 5394' ومسلم فی الأشربة جلد3صفحه1631 .

**2998**- أخرجه البخاری فی الحيل جلد12صفحه349 رقم الحديث: 6960' ومسلم فی النكاح جلد 2صفحه1035' وأحمد فی المسند جلد2صفحه49 .

**2999**- وأخرجه النسائی فی النكاح جلد 6صفحه92 (باب الشغار)' وأحمد فی المسند جلد 3صفحه199 رقم الحديث: 12664 .

الرَّجُلُ لِلرَّجُلِ أُخْتَهُ بِغَيْرِ صَدَاقٍ، فَلَا شِغَارَ فِي الْإِسْلَامِ، وَلَا جَلَبَ وَلَا جَنَبَ

اور جب بھی نہیں ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ ثَابِتٍ إِلَّا مَعْمَرٌ

یہ حدیث ثابت سے صرف معمر ہی روایت کرتے ہیں۔

**3000** - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ ابْنِ طَاوُسٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ حَلَفَ فَقَالَ: إِنْ شَاءَ اللهُ، لَمْ يَحْنَثْ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے قسم اُٹھائی اس نے انشاء اللہ کہا تو اس کی قسم نہیں ٹوٹے گی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ طَاوُسٍ إِلَّا مَعْمَرٌ

یہ حدیث ابن طاؤس سے صرف معمر ہی روایت کرتے ہیں۔

**3001** - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ: أَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ قَالَ: أَنَا مَعْمَرٌ قَالَ: أَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ قَالَ: أَخْبَرَنِي عَطَاءُ بْنُ السَّائِبِ، أَنَّ عَبْدَ اللهِ بْنَ حَبِيبٍ، أَخْبَرَهُ، عَنْ عَلِيٍّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ: (وَآتُوهُمْ مِنْ مَالِ اللهِ الَّذِي آتَاكُمْ) (النور: 33) قَالَ: رُبُعُ الْكِتَابَةِ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے اس آیت: ''اللہ کے مال سے دو جو اللہ نے تم کو دیا ہے'' کی تفسیر بیان کی کہ مراد ہے: کتابت (وہ مال جو غلام اپنی آزادی کے لیے دیتا ہے) کا چوتھا حصہ دو۔

لَمْ يَرْفَعْ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ إِلَّا ابْنُ جُرَيْجٍ، تَفَرَّدَ بِهِ عَبْدُ الرَّزَّاقِ، وَعَبْدُ اللهِ بْنُ حَبِيبٍ أَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ السُّلَمِيُّ

یہ حدیث مرفوعاً عطاء بن سائب سے صرف ابن جریج ہی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عبدالرزاق اور عبداللہ بن حبیب ابوعبدالرحمٰن سلمی اکیلے ہیں۔

---

3000- أخرجه البخاری فی الکفارات جلد 11 صفحه 610 رقم الحديث: 6720' ومسلم فی الأيمان جلد 3 صفحه 1275 .

3001- أخرجه الحاكم في المستدرك جلد 2 صفحه 397' والبيهقی فی سننه جلد 10 صفحه 552 رقم الحديث: 21667 .

3002 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ اَشْعَثَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ الرَّجُلَ لَيَعْمَلُ بِعَمَلِ اَهْلِ الْخَيْرِ سَبْعِينَ سَنَةً، فَاِذَا اَوْصَى حَافَ فِي وَصِيَّتِهِ، فَخُتِمَ لَهُ بِشَرِّ عَمَلِهِ، فَيَدْخُلُ النَّارَ، وَاِنَّ الرَّجُلَ لَيَعْمَلُ بِعَمَلِ اَهْلِ الشَّرِّ سَبْعِينَ سَنَةً، فَيَعْدِلُ فِي وَصِيَّتِهِ، فَيُخْتَمُ لَهُ بِخَيْرِ عَمَلِهِ، فَيَدْخُلُ الْجَنَّةَ قَالَ: ثُمَّ يَقُولُ اَبُو هُرَيْرَةَ: واقْرَئُوا اِنْ شِئْتُمْ: (تِلْكَ حُدُودُ اللّٰهِ) (النساء: 13) اِلَى (وَلَهُ عَذَابٌ مُهِينٌ) (النساء: 14)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ایک آدمی ستر سال تک نیک اعمال کرتا ہے جب وصیت کرتا ہے تو اپنی وصیت میں بے انصافی کرتا ہے اس کا خاتمہ بُرے اعمال پر ہوتا ہے اس کو جہنم میں داخل کیا جاتا ہے اور ایک آدمی ستر سال تک بُرے عمل کرتا ہے اپنی وصیت میں انصاف کرتا ہے اس کا خاتمہ نیک اعمال پر ہوتا ہے اس کو جنت میں داخل کیا جاتا ہے۔ پھر حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے تھے: اگر تم چاہو تو یہ پڑھ لو: ''یہ اللہ کی حدیں ہیں (سے لے کر) اس کے لیے ذلت خیز عذاب ہے'' (تک)۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ اِلَّا اَشْعَثُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، وَلَا يُرْوَى عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا مِنْ حَدِيثِ اَشْعَثَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ

شہر بن حوشب سے یہ حدیث صرف اشعث بن عبداللہ ہی روایت کرتے ہیں اور حضور ﷺ سے یہ حدیث صرف اشعث بن عبداللہ ہی روایت کرتے ہیں۔

3003 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ عُثْمَانَ الْجَزَرِيِّ، عَنْ مِقْسَمٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: فَادَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُسَارَى بَدْرٍ وَكَانَ فِدَاءُ كُلِّ وَاحِدٍ مِنْهُمْ اَرْبَعَةَ آلَافٍ، وَقَتَلَ عُقْبَةَ بْنَ اَبِي مُعَيْطٍ، قَتَلَهُ قَبْلَ الْفِدَاءِ، فَقَامَ اِلَيْهِ عَلِيُّ بْنُ اَبِي طَالِبٍ فَقَتَلَهُ صَبْرًا، فَقَالَ: مَنْ لِلصِّبْيَةِ يَا مُحَمَّدُ؟ قَالَ: النَّارُ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے بدر کے قیدیوں سے فدیہ لیا' ہر ایک کا فدیہ چار ہزار تھا' عقبہ بن ابی معیط کو قتل کیا گیا' فدیہ سے پہلے حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ اس کی طرف کھڑے ہوئے' اس کو باندھ کر قتل کیا' کہنے لگا: اے محمد! یہ کیا مصیبت ہے؟ آپ نے فرمایا: جہنم!

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُثْمَانَ الْجَزَرِيِّ اِلَّا مَعْمَرٌ

یہ حدیث عثمان جزری سے صرف معمر ہی روایت کرتے ہیں۔

3002- أخرجه ابن ماجة في الوصايا جلد 2 صفحه 902 رقم الحديث: 2704، وأحمد في المسند جلد 2 صفحه 372 رقم الحديث: 7760.

**3004** - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ يَاسِينَ الزَّيَّاتِ، عَنْ حَمَّادِ بْنِ اَبِي سُلَيْمَانَ، عَنْ رِبْعِيِّ بْنِ حِرَاشٍ، عَنْ جَرِيرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: وَضَّأْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَمَسَحَ عَلَى خُفَّيْهِ بَعْدَمَا نَزَلَتْ سُورَةُ الْمَائِدَةِ

حضرت جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو وضو کروایا' آپ نے موزوں پرمسح کیا' سورۂ مائدہ نازل ہونے کے بعد۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ حَمَّادِ بْنِ اَبِي سُلَيْمَانَ، عَنْ رِبْعِيٍّ اِلَّا يَاسِينُ الزَّيَّاتُ، تَفَرَّدَ بِهِ عَبْدُ الرَّزَّاقِ وَرَوَاهُ شُعْبَةُ، عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ هَمَّامِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ جَرِيرٍ

یہ حدیث حماد بن ابی سلیمان' ربعی سے اور حماد سے صرف یاسین الزیات روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عبدالرزاق اکیلا ہے۔اس حدیث کو شعبہ نے حماد سے' انہوں نے ابراہیم سے' انہوں نے ہمام بن حارث سے اور انہوں نے جریر سے روایت کیا ہے۔

**3005** - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ قَالَ: اَخْبَرَنِي الْاَشْعَثُ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُغَفَّلٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَبُولَنَّ اَحَدُكُمْ فِي مُسْتَحَمِّهِ ثُمَّ يَتَوَضَّأُ فِيهِ، فَاِنَّ عَامَّةَ الْوَسْوَاسِ مِنْهُ

حضرت عبداللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: کھڑے پانی میں کوئی بھی پیشاب نہ کرے' اس سے وضو بھی کرنا ہو کیونکہ عام وسوسے اسی سے پیدا ہوتے ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَشْعَثَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ اِلَّا مَعْمَرٌ

یہ حدیث اشعث بن عبداللہ سے صرف معمر ہی روایت کرتے ہیں۔

**3006** - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ

حضرت قیس بن عباد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

---

**3004**- أخرجه مسلم من طريق ابراهيم النخعي عن همام عن جرير في الطهارة جلد1صفحه228' وأبو داؤد في الطهارة جلد1صفحه38 رقم الحديث: 154' والترمذي في الطهارة جلد 1صفحه155 رقم الحديث: 93' والنسائي في الطهارة جلد 1صفحه69' وابن ماجة في الطهارة جلد 1صفحه180 رقم الحديث: 543' وأحمد في المسند جلد4صفحه437 رقم الحديث: 19191 .

**3005**- أخرجه أبو داؤد في الطهارة جلد 1صفحه7 رقم الحديث: 27' والترمذي في الطهارة جلد 1صفحه32-33 رقم الحديث: 21' وابن ماجة في الطهارة جلد 1صفحه111 رقم الحديث: 304' والنسائي في الطهارة جلد 1 صفحه33' وأحمد في المسند جلد5صفحه70 رقم الحديث: 20594 .

عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ رَاشِدٍ، عَنْ خَالِدٍ يَعْنِي: الْحَذَّاءَ، عَنْ قَيْسِ بْنِ عَبَّادٍ قَالَ: قَدِمْتُ الْمَدِينَةَ، فَدَخَلْتُ الْمَسْجِدَ لِصَلَاةِ الْعَصْرِ، فَتَقَدَّمْتُ إِلَى الصَّفِّ الْأَوَّلِ، فَجَاءَ رَجُلٌ فَأَخَذَ بِمَنْكِبِي فَأَخَّرَنِي وَقَامَ مَقَامِي بَعْدَمَا كَبَّرَ الْإِمَامُ وَكَبَّرْتُ، فَلَمَّا فَرَغْنَا مِنَ الصَّلَاةِ الْتَفَتَ إِلَيَّ، فَقَالَ: إِنَّمَا أَخَّرْتُكَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَرَنَا أَنْ يُصَلِّيَ فِي الصَّفِّ الْأَوَّلِ الْمُهَاجِرُونَ وَالْأَنْصَارُ، فَعَرَفْتُ أَنَّكَ لَسْتَ مِنْهُمْ فَأَخَّرْتُكَ، فَقُلْتُ: مَنْ هَذَا؟ فَقَالُوا: أُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ إِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ رَاشِدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ عَبْدُ الرَّزَّاقِ

میں مدینہ شریف آیا' میں مسجد میں داخل ہوا عصر کی نماز کے وقت' میں پہلی صف میں شامل ہوا تو ایک آدمی آیا' اس نے میرا کندھا پکڑا' مجھے پیچھے کیا اور خود میری جگہ پر کھڑا ہو گیا' یہ امام کے تکبیر کہنے کے بعد کی بات ہے' جب ہم نماز سے فارغ ہوئے تو وہ میری طرف متوجہ ہوا' اس نے کہا: میں نے آپ کو پیچھے اس لیے کیا تھا کیونکہ رسول اللہ ﷺ نے ہم کو حکم دیا کہ پہلی صف میں مہاجرین و انصار ہوں' میں نے پہچان لیا تُو ان میں سے نہیں ہے میں نے تجھے پیچھے کیا' میں نے کہا: وہ کون تھے؟ انہوں نے کہا: ابی بن کعب رضی اللہ عنہ۔

یہ حدیث خالد الحذاء سے صرف محمد بن راشد ہی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عبدالرزاق اکیلے ہیں۔

حضرت عبداللہ بن صامت رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے اسلام کے بارے کچھ سننے سے تین سال پہلے نماز پڑھی' میں نے عرض کی: اے ابوذر! تُو نے منہ کس طرف کیا تھا؟ انہوں نے فرمایا: میں نے بس اُسی طرف منہ کیا جس طرف اللہ نے میرا منہ پھیر دیا۔ میں رات کے پہلے حصے میں نماز پڑھا کرتا تھا' جب رات کا آخری حصہ آتا تو لیٹ جاتا گویا کہ میں چھپ چھپا کے عبادت کرتا تھا یہاں تک کہ سورج مجھ پر چڑھ آتا۔ فرماتے ہیں: بنوغفار قبیلے نے حرمت والے مہینے کو حلال بنا لیا۔ پس میں اور میرا بھائی اُنیس چل نکلے اور ایمان لائے۔ ہم اپنے خالو کے گھر جا کر رہنے لگے' پس ہمارے خالو کو یہ بات پہنچی کہ میرا بھائی ان کے گھر آیا ہے اور اس نے ساری صورتِ حال سے پردہ ہٹا دیا ہے۔ پس میں نے کہا: ہمیں آپ کے پاس رہ کر چین نہیں آیا۔ آپ فرماتے ہیں: ہم نے وہاں سے کوچ کیا اور انہوں نے پردہ میں ہو کر ہماری جدائی میں رونا شروع کر دیا۔ ہم مکہ کے قریب آ کر ٹھہر گئے' ایک شاعر نے میرے بھائی سے شاعری کا مقابلہ رکھ لیا کہ کون شعر بازی میں دوسرے سے جیتتا ہے۔ ہم ایک

**3051**- أخرجه مسلم: فضائل الصحابة جلد 4 صفحه 1919 واسناد الطبراني في الأوسط ضعيف . فيه: روح بن أسلم' وهو ضعيف .

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَسَمِعَ مَا يَقُولُونَ لَهُ، فَقَضَى حَاجَتَهُ، وَرَجَعَ إِلَى أَخِيهِ، وَقَالَ: أَيْ أَخِي، رَأَيْتُ رَجُلًا بِمَكَّةَ يَدْعُو إِلَى إِلٰهِكَ الَّذِي تَعْبُدُ قَالَ: فَقَالَ أَبُو ذَرٍّ: أَيْ أَخِي، مَا يَقُولُ النَّاسُ؟ قَالَ: يَقُولُونَ: مَجْنُونٌ، وَيَقُولُونَ: شَاعِرٌ، وَيَقُولُونَ: كَاهِنٌ، وَقَدْ عَرَضْتُ قَوْلَهُ عَلَى أَقْرَاءِ الشُّعَرَاءِ، فَوَاللّٰهِ مَا هُوَ بِشَاعِرٍ، وَسَمِعْتُ قَوْلَ الْكُهَّانِ، فَلَا وَاللّٰهِ مَا هُوَ بِكَاهِنٍ، وَلَا وَاللّٰهِ مَا هُوَ بِمَجْنُونٍ، قُلْتُ: أَيْ أَخِي، فَمَا تَقُولُ؟ قَالَ: أَقُولُ: إِنَّهُ صَادِقٌ وَإِنَّهُمْ كَاذِبُونَ قَالَ: قُلْتُ: إِنِّي أُرِيدُ أَنْ أَلْقَاهُ قَالَ: أَيْ أَخِي، إِنَّ النَّاسَ قَدْ شَرِقُوا لَهُ، وَتَجَهَّمُوا لَهُ قَالَ: فَإِذَا قَدِمْتَ فَسَلْ، عَنِ الصَّابِءِ. قَالَ: فَلَمَّا قَدِمْتُ مَكَّةَ رَأَيْتُ رَجُلًا عَلَتْ عَنْهُ عَيْنِي، فَقَالَ: قُلْتُ: أَيْنَ هَذَا الصَّابِءُ؟ قَالَ: فَنَادَى: صَابِءٌ صَابِءٌ قَالَ: فَخَرَجَ مِنْ كُلِّ وَادٍ، فَرَمَوْنِي لِكُلِّ حَجَرٍ وَمَدَرٍ، حَتَّى تَرَكُونِي كَأَنِّي نَصَبٌ أَحْمَرُ قَالَ: فَتَفَرَّقُوا عَنِّي، فَأَتَيْتُ زَمْزَمَ، فَغَسَلْتُ، عَنِّي الدِّمَاءَ، وَدَخَلْتُ بَيْنَ الْكَعْبَةِ وَأَسْتَارِهَا. قَالَ: فَلَبِثْتُ ثَلَاثِينَ بَيْنَ يَوْمٍ وَلَيْلَةٍ وَلَيْسَ لِي طَعَامٌ إِلَّا مَاءُ زَمْزَمَ حَتَّى ضَرَبَ اللّٰهُ عَلَيَّ أَسْمِخَةَ أَهْلِ مَكَّةَ حَتَّى لَمْ أَرَ أَحَدًا يَطُوفُ بِالْبَيْتِ إِلَّا امْرَأَتَيْنِ، فَأَتَتَا عَلَيَّ وَهُمَا تَقُولَانِ: إِسَافُ وَنَائِلَةُ، فَقُلْتُ: أَنْكِحُوا إِحْدَيْهِمَا الْأُخْرَى بِهِنَّ مِنْ خَشَبٍ، وَلَمْ أَكُنْ يَا ابْنَ أَخِي، وَذَكَرَ كَلِمَةً، فَوَلَّتَا، وَقَالَتَا: الصَّابِءُ بَيْنَ الْكَعْبَةِ وَأَسْتَارِهَا، أَمَا وَاللّٰهِ لَوْ

کاہن کے پاس آئے کاہن نے اُنیس سے کہا: تُو نے اپنے لیے خود ہی فیصلہ کر لیا ہے اس سے پہلے کہ میں تیرے حق میں فیصلہ کروں۔ پس وہ بھی مکہ کے مضافات میں رہائش پذیر ہو گیا۔ پس اس نے ابوذر سے کہا: تُو میرا کام کر میں تیرے اونٹوں کی حفاظت کرتا ہوں۔ پس جب وہ مکہ آیا تو نبی کریم ﷺ کی باتیں بھی سنیں اور لوگوں کی باتیں بھی سنیں اس کا کام ہو گیا تو وہ اپنے بھائی کی طرف واپس لوٹ گیا اور کہا: اے بھائی! میں نے مکہ میں ایک آدمی دیکھا ہے وہ تیرے خدا کی طرف بلاتا ہے جس کی تُو عبادت کرتا ہے۔ (راوی کا بیان ہے کہ) حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ نے کہا: اے بھائی! لوگ کیا کہتے ہیں؟ اس نے کہا: لوگ کہتے ہیں کہ مجنون ہے شاعر ہے کاہن ہے لیکن میں نے ان کی باتیں شعراء کے سامنے پیش کی ہیں پس خدا کی قسم! وہ شاعر نہیں ہے میں نے بڑے بڑے کاہنوں کے اقوال سنے ہیں بخدا! وہ کاہن بھی نہیں ہے۔ بخدا! وہ مجنون بھی نہیں ہے۔ میں نے کہا: اے بھائی! تُو کیا کہتا ہے؟ اس نے کہا: میں کہتا ہوں کہ وہ آدمی سچا ہے اور لوگ جھوٹے ہیں۔ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے کہا کہ میں اس سے ملاقات کرنا چاہتا ہوں فرمایا: یہ بتا کیا تُو اسے بے دین اور جہنمی کہتے ہیں۔ اس نے کہا: جب تُو چھائے گا تو پوچھ لینا کہ صابی ہو گیا ہے۔ آپ فرماتے ہیں: جب میں مکہ میں پہنچا تو میں نے ایک آدمی دیکھا کہ میری آنکھیں جس کے اوپر سے گزر گئیں (چھوٹے قد کا تھا)۔ پس

اَنَّ هُنَا اَحَدًا مِنْ نَفَرِنَا ۔ قَالَ: وَدَخَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَبُو بَكْرٍ فَاسْتَقْبَلَتَاهُمَا، فَقَالَا: مَا هٰذَا الصَّوْتُ؟ قَالَتَا: الصَّابِءُ بَيْنَ الْكَعْبَةِ وَاَسْتَارِهَا، قَالَا: مَا يَقُولُ؟ قَالَتَا: يَقُولُ كَلِمَةً تَمْلَاُ اَفْوَاهَنَا، فَجَاءَا فَاسْتَلَمَا الْحَجَرَ، ثُمَّ طَافَا سَبْعًا، ثُمَّ صَلِيَا رَكْعَتَيْنِ قَالَ: فَعَرَفْتُ الْاِسْلَامَ، وَعَرَفْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِتَقْدِيمِ اَبِي بَكْرٍ اِيَّاهُ، فَاَتَيْتُهُمَا، فَقُلْتُ: السَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ قَالَ: وَعَلَيْكَ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ، وَعَلَيْكَ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ، وَعَلَيْكَ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ ، ثَلَاثًا، ثُمَّ قَالَ: مِمَّ اَنْتَ؟ ، قُلْتُ: اَنَا مِنْ غِفَارٍ، فَقَالَ بِيَدِهِ عَلَى جَبِينِهِ قَالَ: فَذَهَبْتُ اَتَنَاوَلُهُ، فَقَالَ اَبُو بَكْرٍ: لَا تَعْجَلْ قَالَ: ثُمَّ رَفَعَ اِلَيَّ رَاْسَهُ، فَقَالَ: مُنْذُ كَمْ اَنْتَ هَاهُنَا؟ قُلْتُ: مُنْذُ ثَلَاثِينَ مِنْ بَيْنِ يَوْمٍ وَلَيْلَةٍ، فَقَالَ: مَا طَعَامُكَ؟ قُلْتُ: مَا لِي طَعَامٌ اِلَّا مَاءُ زَمْزَمَ، وَقَدْ تَكَسَّرَتْ لِي عُكَنُ بَطْنِي، وَمَا وَجَدْتُ عَلَى كَبِدِي سُخْفَةَ جُوعٍ ۔ فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّهَا مُبَارَكَةٌ اِنَّهَا طَعَامُ طُعْمٍ، اِنَّهَا مُبَارَكَةٌ اِنَّهَا طَعَامُ طُعْمٍ، اِنَّهَا مُبَارَكَةٌ اِنَّهَا طَعَامُ طُعْمٍ ۔ فَقَالَ اَبُو بَكْرٍ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، ائْذَنْ لِي فَاُتْحِفُهُ اللَّيْلَةَ. قَالَ: فَاَذِنَ لَهُ، فَانْطَلَقَ اِلَى دَارٍ فَدَخَلَهَا، فَفَتَحَ بَابًا، فَقَبَضَ لَنَا قَبَضَاتٍ مِنْ زَبِيبٍ طَائِفِيٍّ قَالَ: فَكَانَ ذٰلِكَ اَوَّلَ طَعَامٍ اَكَلْتُهُ بِمَكَّةَ حَتّٰى خَرَجْتُ مِنْهَا ۔ فَقَالَ لِي: اُمِرْتُ اَنْ اَخْرُجَ اِلَى اَرْضٍ ذَاتِ نَخْلٍ، وَلَا اَحْسَبُهَا

فرماتے ہیں: میں نے کہا کہ وہ صابی کہاں ہے؟ فرماتے ہیں: وہ پکارا: صابی! صابی! فرماتے ہیں: ہر وادی سے لوگ نکلے انہوں نے مجھے پتھر اور روڑے مارے یہاں تک کہ انہوں نے مجھے زخمی کر کے چھوڑا۔ فرماتے ہیں: وہ مجھے چھوڑ کر منتشر ہو گئے میں زمزم کے کنویں پر آیا۔ میں نے اپنا خون دھویا اور کعبہ کے پردوں میں جا گھسا۔ فرماتے ہیں: میں تیس رات اور دن کے درمیان (یعنی پندرہ دن) ٹھہرا رہا۔ میرے لیے زمزم کے سوا کوئی کھانا نہ تھا یہاں تک کہ اللہ نے مکہ والوں کے کان بند کر دیئے۔ میں نے دو عورتوں کے سوا کسی کو طواف کرتے نہ دیکھا۔ پس میرے پاس بھی یہ کہتی ہوئی آئیں: اے اساف بت! اے نائلہ بت! پس میں نے اُن سے چپکے سے کہا: ان میں سے ایک کا دوسری کے ساتھ نکاح کر دو۔ اے ابن اخی! یہ لکڑی کے ہیں نکاح ممکن نہیں۔ پس وہ یہ کہتی ہوئی واپس جا رہی تھیں: کعبہ کے پردوں میں صابی ہے قسم بخدا! کاش ہمارے لوگوں میں سے کوئی یہاں ہوتا (جو اس کو نکال باہر کرتا)۔ فرماتے ہیں: اتنے میں رسول کریم ﷺ اور ابوبکر تشریف لائے۔ پس وہ دونوں بھی اُن کے سامنے سے (کہتی ہوئی) گزر رہی تھیں۔ پس ان دونوں نے بولا: یہ آواز کیسی ہے؟ تو انہوں نے ایک بار پھر کہا: کعبہ کے پردوں میں کوئی صابی (بے دین) ہے۔ انہوں نے کہا: وہ کیا کہتا ہے؟ انہوں نے کہا: اس نے ایک کلمہ کہہ کر ہمارے منہ بند کر دیئے ہیں۔ پس یہ دونوں حضرات خراماں خراماں! دھیرے دھیرے تشریف

إِلَّا يَثْرِبَ، فَاذْهَبْ فَأَنْتَ رَسُولُ رَسُولِ اللّٰهِ إِلَى قَوْمِكَ ، فَلَمَّا قَدِمْتُ عَلَى أَخِي قَالَ: أَيْ أَخِي، مَاذَا جِئْتَنَا بِهِ، أَوْ كَلِمَةً نَحْوَ هَذَا؟ قُلْتُ: قَدْ لَقِيتُهُ، وَأَسْلَمْتُ، وَبَايَعْتُ، وَدَعَوْتُ أَخِي إِلَى الْإِسْلَامِ قَالَ: وَأَنَا قَدْ أَسْلَمْتُ وَبَايَعْتُ، فَأَتَيْنَا أُمَّنَا، فَدَعَوْنَاهَا إِلَى الْإِسْلَامِ، فَقَالَتْ: مَا بِي عَنْ دِينِكُمَا رَغْبَةٌ، وَأَنَا قَدْ أَسْلَمْتُ وَبَايَعْتُ قَالَ: ثُمَّ ارْتَحَلْنَا، فَأَتَيْنَا قَوْمَنَا، فَدَعَوْنَاهُمْ إِلَى الْإِسْلَامِ، فَأَسْلَمَ نِصْفُهُمْ، وَأَسْلَمَ سَيِّدُهُمْ إِيمَاءُ بْنُ رَحَضَةَ، وَصَلَّى بِهِمْ، وَقَالَ النِّصْفُ الْبَاقُونَ: دَعُونَا حَتَّى يَمُرَّ بِنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: فَمَرَّ عَلَيْهِمْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَسْلَمَ النِّصْفُ الْبَاقِي قَالَ: وَقَالَتْ أَسْلَمُ: نُسْلِمُ عَلَى مَا أَسْلَمَتْ عَلَيْهِ غِفَارٌ قَالَ: فَأَسْلَمُوا، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ: أَسْلَمُ سَالَمَهَا اللّٰهُ، وَغِفَارٌ غَفَرَ اللّٰهُ لَهَا

لائے۔ حجر اسود کو بوسہ دیا' پھر سات چکر طواف کے پورے کیے' پھر طواف کی دو رکعت ادا فرمائیں۔ میں نے اللہ کے رسول ﷺ کو پہچان لیا' جب حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے (نماز کے لیے) آپ کو آگے کیا۔ میں ان دونوں حضرات کی خدمت میں حاضر ہوا اور کہا: السلام علیک یا رسول اللہ ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ! حضور ﷺ نے جواب دیا: وعلیک ورحمۃ اللہ! وعلیک ورحمۃ اللہ! وعلیک ورحمۃ اللہ! تین بار۔ پھر فرمایا: تیرا تعلق کس قبیلے سے ہے؟ میں نے عرض کی: بنوغفار سے۔ پس آپ نے اپنا ہاتھ مبارک اپنی پیشانی پر رکھ کر فرمایا جو فرمایا۔ میں آگے ہو کر آپ کا ہاتھ پکڑنے لگا تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کہا: جلدی مت کر! فرماتے ہیں: پھر آپ ﷺ نے اپنا سر اُٹھا کر فرمایا: کب سے یہاں آیا ہے؟ میں نے عرض کی: تیس رات دن ہو گئے ہیں۔ فرمایا: تیرا کھانا پینا کیا تھا؟ میں نے عرض کی: بس زمزم کا پانی جبکہ اس سے میرے پیٹ کی سلوٹیں ختم ہو گئیں (جو موٹاپے کی وجہ سے پڑ گئی تھیں) میں نے کسی قسم کی بھوک محسوس نہ کی۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: یہ برکتوں والا ہے کیونکہ بھوکوں کے لیے کھانا ہے' تین بار فرمایا۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! مجھے اجازت عنایت فرمائیں! میں اس رات انہیں کچھ پیش کروں۔ فرماتے ہیں: آپ نے انہیں اجازت عنایت فرمادی۔ پس آپ نے گھر کی طرف چل کر اس میں داخل ہو کر دروازہ کھولا اور طائف کی کشمش کے کچھ دانے پیش کیے۔ آپ

فرماتے ہیں: جب سے میں مکہ آیا تو آج پہلے دن یہ کھانا کھایا یہاں تک کہ میں وہاں سے چلا گیا۔ آپ نے مجھ سے فرمایا: مجھے کھجوروں والی زمین کی طرف ہجرت کا حکم ہوگا' میرا یقین ہے کہ وہ یثرب ہے۔ پس جاؤ! تم اپنی قوم کی طرف اللہ کے رسول کے قاصد ہو پس جب میں اپنے بھائی کے پاس آیا۔ اس نے کہا: اے میرے بھائی! تُو ہمارے پاس کیا لایا ہے؟ میں نے کہا: میں اُس ہستی سے ملا اور میں نے اسلام قبول کر لیا' بیعت کی اور میں نے اپنے بھائی کو اسلام کی دعت دی۔ اس نے کہا: میں بھی اسلام لایا اور بیعت کی' ہم دونوں مل کر والدہ محترمہ کی خدمت میں حاضر ہوئے' پس ہم دونوں نے ان کی خدمت میں دعوتِ اسلام پیش کی۔ انہوں نے فرمایا: مجھے تمہارے دین سے محبت ہے' میں بھی اسلام قبول کرتی ہوں اور بیعت کرتی ہوں۔ فرماتے ہیں: ہم نے وہاں سے رختِ سفر باندھا اور اپنی قوم کے پاس آئے۔ ہم نے انہیں اسلام کی دعوت دی' آدھے ان میں سے اسلام لائے حتیٰ کہ ان کا سردار بھی مسلمان ہو گیا' جس کا نام ایماء بن رحضہ تھا۔ اسی نے سب کو نماز پڑھائی۔ باقی آدھے بولے: ہمیں رہنے دو! یہاں تک کہ رسول کریم ﷺ ہمارے پاس سے گزریں۔ آپ فرماتے ہیں: رسول کریم ﷺ ان کے پاس سے گزرے تو باقی آدھے بھی اسلام لے آئے۔ آپ فرماتے ہیں: بنو اسلم قبیلے نے کہا: ہم بھی وہی بات قبول کرتے ہیں جس بات کو بنو غفار قبول کرتے ہیں۔ فرماتے ہیں: وہ سارے اسلام

لے آئے۔ تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا: بنواسلم قبیلے کو اللہ تعالیٰ نے سلامتی عطا فرمائی اور بنوغفار کی اللہ تعالیٰ نے مغفرت فرمادی ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بَكْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْمُزَنِيِّ اِلَّا رَوْحُ بْنُ اَسْلَمَ، وَلَا رَوَاهُ، عَنْ رَوْحِ بْنِ اَسْلَمَ اِلَّا الْمُفَضَّلُ بْنُ غَسَّانَ الْغَلَابِيُّ وَحَجَّاجُ بْنُ الشَّاعِرِ

حضرت عبداللہ بن بکر بن عبداللہ سے اس حدیث کو صرف روح بن اسلم اور ان سے مفضل بن غسان غلابی اور حجاج بن شاعر ہی روایت کرتے ہیں۔

☆☆☆☆☆

# مَنِ اسْمُهُ اَزْهَرُ

# ان شیوخ کے نام سے جن کا نام ازھر ہے

**3052** - حَدَّثَنَا اَزْهَرُ بْنُ زُفَرَ الْمِصْرِيُّ قَالَ: نَا اَبُو اَسْلَمَ مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ الرُّعَيْنِيُّ قَالَ: نَا سُلَيْمَانُ بْنُ اَبِي كَرِيمَةَ، عَنْ مَكْحُولٍ، عَنْ قَزَعَةَ بْنِ يَحْيَى، عَنْ حَبِيبِ بْنِ مَسْلَمَةَ الْفِهْرِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: زُرْ غِبًّا تَزْدَدْ حُبًّا

حضرت حبیب بن مسلمہ الفہری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: کبھی کبھی زیارت کیا کرو محبت میں اضافہ ہوگا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَكْحُولٍ اِلَّا سُلَيْمَانُ بْنُ اَبِي كَرِيمَةَ، وَلَا عَنْ سُلَيْمَانَ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ اَزْهَرُ بْنُ زُفَرَ

یہ حدیث مکحول سے صرف سلیمان بن ابی کریمہ اور سلیمان سے صرف محمد بن مخلد روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ازھر بن زفر اکیلے ہیں۔

**3053** - حَدَّثَنَا اَزْهَرُ بْنُ زُفَرَ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ الرُّعَيْنِيُّ اَبُو اَسْلَمَ قَالَ: نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: سُئِلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَنْ اَصْحَابِ الْاَعْرَافِ؟ فَقَالَ: قَوْمٌ قُتِلُوا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ وَهُمْ عُصَاةٌ لِآبَائِهِمْ، فَمَنَعَتْهُمُ الشَّهَادَةُ اَنْ يَدْخُلُوا النَّارَ، وَمَنَعَتْهُمُ الْمَعْصِيَةُ اَنْ يَدْخُلُوا الْجَنَّةَ، فَهُمْ وُقُوفٌ عَلَى سُورٍ بَيْنَ الْجَنَّةِ وَالنَّارِ، حَتَّى تَذُوبَ شُحُومُهُمْ وَتَذْبُلَ لُحُومُهُمْ، حَتَّى يَفْرُغَ اللّٰهُ مِنْ حِسَابِ الْخَلَائِقِ، فَاِذَا فَرَغَ مِنْ حِسَابِ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ سے اصحاب اعراف والوں کے متعلق پوچھا گیا' فرمایا: وہ لوگ جو اللہ کی راہ میں شہید ہوئے' وہ اپنے ماں باپ کے نافرمان تھے' ان کی شہادت نے ان کو جہنم میں جانے سے روکا' ان کی نافرمانی نے جنت میں داخل نہیں ہونے دیا' وہ جنت اور دوزخ کے درمیان روک لیے گئے' یہاں تک کہ اُن کی چربی پگھلنے لگی' گوشت گرنے لگا' جب اللہ عزوجل مخلوق کے حساب سے فارغ ہوا تو ان کو اپنی رحمت میں ڈھانپ لے گا' ان کو جنت میں داخل کرے گا۔

---

3052- أخرجه أيضًا الصغير جلد 1 صفحه 107' والكبير جلد 4 صفحه 21 وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 8 صفحه 178: وفيه محمد بن مخلد الرعيني' وهو ضعيف .

3053- أخرجه أيضًا في الصغير جلد 1 صفحه 238' وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 7 صفحه 26: وفيه محمد بن مخلد الرعيني وهو ضعيف .

الْخَلَائِقِ تَغَمَّدَهُمْ بِرَحْمَةٍ مِنْهُ، فَأَدْخِلُوا الْجَنَّةَ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ إِلَّا ابْنُهُ عَبْدُ الرَّحْمَنِ، وَلَا، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ إِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ وَلَا يُرْوَى، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ

یہ حدیث زید بن اسلم سے صرف ان کے بیٹے عبدالرحمٰن نے روایت کیا ہے اور عبدالرحمٰن سے صرف محمد بن مخلد نے روایت کیا ہے اور ابوسعید سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔

☆☆☆☆☆

# مَنِ اسْمُهُ الْاَسْوَدُ

# ان شیوخ کے نام سے جن کا نام اسود ہے

**3054** - حَدَّثَنَا الْاَسْوَدُ بْنُ مَرْوَانَ الْمَقَدِّيُّ قَالَ: نا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الدِّمَشْقِيُّ قَالَ: نا سَعْدَانُ بْنُ يَحْيَى، عَنْ صَدَقَةَ بْنِ اَبِي عِمْرَانَ، عَنْ سُلَيْمَانَ الْكَاهِلِيِّ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْإِمَامُ ضَامِنٌ، وَالْمُؤَذِّنُ مُؤْتَمَنٌ، اللّٰهُمَّ اَرْشِدِ الْاَئِمَّةَ، وَاغْفِرْ لِلْمُؤَذِّنِينَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: امام ضامن ہے' مؤذن امانت دار ہے' اے اللہ! ائمہ کو ہدایت دے اور مؤذنوں کو بخش دے۔

**3055** - حَدَّثَنَا الْاَسْوَدُ بْنُ مَرْوَانَ قَالَ: نا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ قَالَ: نا سَعْدَانُ بْنُ يَحْيَى، عَنْ صَدَقَةَ بْنِ اَبِي عِمْرَانَ، عَنْ اَبِي يَعْفُورَ، عَنْ مُصْعَبِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: صَلَّيْتُ، فَطَبَّقْتُ، فَنَهَانِي اَبِي، وَقَالَ: كُنَّا نَفْعَلُهُ، ثُمَّ اُمِرْنَا بِالرُّكَبِ

لَمْ يَرْوِ هَذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنْ صَدَقَةَ بْنِ اَبِي عِمْرَانَ اِلَّا سَعْدَانُ بْنُ يَحْيَى، تَفَرَّدَ بِهِ سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ

حضرت مصعب بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے نماز پڑھی اور میں نے طباق کیا (مراد ہے کہ رکوع میں دونوں گھٹنوں کے درمیان رکھنا' گھٹنوں کے اوپر نہیں رکھنا) میرے والد نے مجھے منع کیا اور کہا: ہم ایسے کرتے تھے پھر ہم کو گھٹنوں پر ہاتھ رکھنے کا حکم دیا۔

یہ دونوں حدیثیں صدقہ بن ابی عمران سے صرف سعدان بن یحییٰ روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں سلیمان بن عبدالرحمٰن اکیلے ہیں۔

☆☆☆☆☆

3054- أخرجه أبو داؤد في الصلاة جلد 1 صفحه 140 رقم الحديث: 517' والترمذي في الصلاة جلد 1 صفحه 402 رقم الحديث: 207' وأحمد في المسند جلد 2 صفحه 311 رقم الحديث: 7187.

3055- أخرجه البخاري في الأذان جلد 2 صفحه 319 رقم الحديث: 790' والنسائي في التطبيق جلد 2 صفحه 144 باب شرح ذلك' وأحمد في المسند جلد 1 صفحه 229 رقم الحديث: 1575.

# مَنِ اسْمُهُ أُسَامَةُ

3056 - حَدَّثَنَا أُسَامَةُ بْنُ أَحْمَدَ التُّجِيبِيُّ الْمِصْرِيُّ قَالَ: نا أَبُو الطَّاهِرِ بْنُ السَّرْحِ قَالَ: أَنَا بَكْرُ بْنُ سُلَيْمٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ السَّاعِدِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ الْإِسْلَامَ بَدَأَ غَرِيبًا وَسَيَعُودُ غَرِيبًا كَمَا بَدَأَ، فَطُوبَى لِلْغُرَبَاءِ قِيلَ: وَمَنِ الْغُرَبَاءُ؟ قَالَ: الَّذِينَ يَصْلُحُونَ إِذَا فَسَدَ النَّاسُ

# اس شیخ کے نام سے جس کا نام اسامہ ہے

حضرت سہل بن سعد الساعدی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اسلام غریبوں سے شروع ہوا تھا اور عنقریب غریبوں میں واپس آئے گا' جس طرح غریبوں سے شروع ہوا تھا' غریبوں کے لیے خوشخبری ہے۔ عرض کی گئی: غرباء کون ہیں؟ فرمایا: جب لوگوں میں فساد ہو تو وہ اصلاح کریں (امیر لوگ فساد اور خرابی کا شکار ہو جائیں گے تو وہ اس وقت بھی سیدھی راہ پر رہیں گے)۔

☆☆☆☆☆

3056- اخرجه أيضًا في الصغير جلد 1 صفحه 104' والكبير جلد 6 صفحه 202 . وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 7 صفحه 281: ورجاله رجال الصحيح . غير بكر بن سليم وهو ثقة .

# بَابُ الْبَاءِ مَنِ اسْمُهُ بِشْرٌ

# باب الباء اس شیخ کے نام سے جس کا نام بشر ہے

3057 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى بْنِ صَالِحِ بْنِ شَيْخِ بْنِ عُمَيْرَةَ الْاَسَدِيُّ قَالَ: نا مَنْصُورُ بْنُ صُقَيْرٍ قَالَ: نا مُوسَى بْنُ اَعْيَنَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ الرَّجُلَ لَيَكُونُ مِنْ اَهْلِ الصَّلَاةِ وَالزَّكَاةِ وَالْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ وَالْجِهَادِ، حَتَّى ذَكَرَ سِهَامَ الْخَيْرِ، وَمَا يُجْزِءُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ اِلَّا بِقَدْرِ عَقْلِهِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ایک آدمی نماز، روزہ، زکوٰۃ، حج و عمرہ، جہاد کرنے والا ہوگا یہاں تک کہ دیگر نیکی کے کام ذکر کیے، فرمایا: اس کو قیامت کے دن بدلہ صرف اس کی سمجھ کے مطابق دیا جائے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ اِلَّا مُوسَى بْنُ اَعْيَنَ، تَفَرَّدَ بِهِ مَنْصُورُ بْنُ صُقَيْرٍ

یہ حدیث عبیداللہ بن عمر سے صرف موسیٰ بن اعین ہی روایت کرتے ہیں، اس کو روایت کرنے میں منصور بن صقیر اکیلے ہیں۔

3058 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى قَالَ: نا خَلَّادُ بْنُ يَحْيَى قَالَ: نا هِشَامُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو اللہ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہے وہ اپنے پڑوسی کو تکلیف نہ دے، جو اللہ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہے وہ اچھی بات کرے یا خاموش

---

3057- أخرجه أيضًا الصغير جلد 1 صفحه 108 وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 8 صفحه 31: وفيه منصور ابن صقير' قال ابن معين ليس بالقوى' وسقط من الاسناد اسحاق بن عبد الله بن أبي فروة متروك .

3058- أخرجه البخاري في الرقاق جلد 11 صفحه 314 رقم الحديث: 6475 (ولفظ: وما كرامته: قال: جائزته الضيافة ثلاث ليال' فما كان بعد ذلك فهو صدقة' فقد أخرجها البخاري من طريق آخر) . وأحمد في المسند جلد 2 صفحه 358 رقم الحديث: 7644 .

بِـاللّٰـهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ فَلَا يُؤْذِ جَارَهُ، وَمَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِـاللّٰـهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ فَلْيَقُلْ خَيْرًا اَوْ لِيَصْمُتْ، وَمَنْ كَـانَ يُـؤْمِـنُ بِـاللّٰـهِ وَالْيَـوْمِ الْآخِرِ فَلْيُكْرِمْ ضَيْفَهُ. قَـالُـوا: يَـا رَسُـولَ الـلّٰهِ، وَمَا كَرَامَتُهُ؟ قَالَ: جَائِزَتُهُ الضِّيَافَةُ ثَلَاثَ لَيَالٍ، فَمَا كَانَ بَعْدَ ذٰلِكَ فَهُوَ صَدَقَةٌ

ہو رہے' جو اللہ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہے وہ مہمان کی عزت کرے۔ صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! کتنے دن مہمان نوازی کی جائے؟ فرمایا: تین دن اور تین راتیں' اس کے بعد جو کرے وہ صدقہ ہوگا۔

لَـمْ يَـرْوِ هٰـذَا الْـحَـدِيثَ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ اِلَّا هِشَامُ بْنُ سَعْدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ خَلَّادُ بْنُ يَحْيَى

یہ حدیث زید بن اسلم سے صرف ہشام بن سعد روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں خلاد بن یحییٰ اکیلے ہیں۔

**3059** - حَـدَّثَـنَـا بِشْـرُ بْـنُ مُوسَى قَالَ: نا يَـحْـيَـى بْـنُ اِسْـحَـاقَ السَّيْلَحِينِيُّ قَالَ: نا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رَبَاحٍ، عَنْ اَبِي قَتَادَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِاَبِـي بَكْرٍ: مَتَى تُوتِرُ؟ قَالَ: اُوتِرُ لِاَوَّلِ اللَّيْلِ، وَقَالَ لِـعُـمَـرَ: مَتَى تُوتِرُ؟ قَالَ: اُوتِرُ مِنْ آخِرِ اللَّيْلِ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَخَذَ اَبُو بَكْرٍ بِالْحَزْمِ، وَقَالَ لِعُمَرَ: اَخَذَ بِالْقُوَّةِ

حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے فرمایا: آپ وتر کب ادا کرتے ہیں؟ عرض کی: رات کے اوّل حصے میں' عمر سے فرمایا: آپ وتر کب ادا کرتے ہیں؟ عرض کی: رات کے آخری حصے میں' حضور ﷺ نے فرمایا: ابوبکر نے احتیاط کو لیا ہے اور حضرت عمر کے لیے فرمایا: اس نے قوت کو پکڑا ہے۔

لَمْ يُجَوِّدْ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ اِلَّا يَحْيَى بْنُ اِسْحَاقَ

یہ حدیث حماد بن سلمہ سے صرف یحییٰ بن اسحاق کے لحاظ سے عمدہ ہے۔

**3060** - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى قَالَ: نا عَبْدُ الـصَّـمَـدِ بْـنُ حَسَّـانَ الْمَرْوَذِيُّ قَالَ: نا خَارِجَةُ بْنُ مُـصْـعَـبٍ، عَـنْ مَـنْصُورٍ، عَنْ رِبْعِيِّ بْنِ حِرَاشٍ، عَنِ الْمَعْرُورِ بْنِ سُوَيْدٍ، عَنْ اَبِي ذَرٍّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَـلَّـى الـلّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَقُولُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: ابْنَ

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل ابن آدم کو فرماتا ہے: اگر تیرے گناہوں سے زمین بھر جائے بشرطیکہ تو نے میرے ساتھ کسی شی کو شریک نہ ٹھہرایا ہو تو میں زمین کو تیرے لیے بخشش سے بھر دوں گا۔

---

3059- أخرجه أبو داؤد فى الصلاة جلد2صفحه67 رقم الحديث: 1434 .

3060- أخرجه أحمد فى المسند جلد5صفحه176 رقم الحديث: 21369 .

آدَمَ، اِنْ عَمِلْتَ قُرَابَ الْاَرْضِ خَطِيئَةً وَلَمْ تُشْرِكْ بِی شَيْئًا جَعَلْتُ لَكَ قُرَابَ الْاَرْضِ مَغْفِرَةً

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ خَارِجَةَ اِلَّا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ حَسَّانَ

خارجہ سے صرف عبدالصمد بن حسان ہی روایت کرتے ہیں۔

3061 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى قَالَ: نا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ حَسَّانَ قَالَ: نا سُفْيَانُ، عَنْ اَبِی حَمْزَةَ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ اَنَّهُ قَالَ: الْاِذْنُ مِنَ النَّعْيِ، وَالنَّعْیُ مِنْ اَمْرِ الْجَاهِلِيَّةِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اذن نعی سے اور نعی جاہلیت کے کام سے ہے' نعی کا مطلب ہے: کسی کے مرنے کی خبر دینا۔

لَمْ يُجَوِّدْهُ عَنْ سُفْيَانَ اِلَّا عَبْدُ الصَّمَدِ

یہ حدیث سفیان کے حوالہ سے عمدہ ہے' جو آپ سے عبدالصمد روایت کرتے ہیں۔

3062 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ اِسْحَاقَ السَّيْلَحِينِیُّ قَالَ: نا شَرِيكٌ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ اَبِی عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، رَفَعَهُ اَنَّهُ قَالَ: خَيْرُكُمْ مَنْ قَرَاَ الْقُرْآنَ وَاَقْرَاَهُ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تم میں سے بہتر وہ ہے جو قرآن پڑھے اور دوسروں کو پڑھائے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ عَاصِمٍ اِلَّا شَرِيكٌ

یہ حدیث عاصم سے صرف شریک ہی روایت کرتے ہیں۔

3063 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ اِسْحَاقَ قَالَ: نا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ هُبَيْرَةَ، عَنْ حَسَّانَ بْنِ كُرَيْبٍ، اَنَّ غُلَامًا مِنْهُمْ تُوُفِّیَ فَوَجَدَ بِهِ اَبُوهُ اَشَدَّ الْوَجْدِ، فَقَالَ رَجُلٌ مِنْ اَصْحَابِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يُقَالُ لَهُ: حَوْشَبٌ: اَلَا اُخْبِرُكُمْ بِمِثْلِهَا شَهِدْتُهَا مِنْ رَسُولِ

حضرت حسان بن کریب فرماتے ہیں کہ ان کے قبیلہ سے ایک لڑکا فوت ہوگیا' اس کے باپ کو اس کی بڑی تکلیف ہوئی' حضور ﷺ کے صحابہ میں سے ایک آدمی نے کہا: جس کو خوشب کہا جاتا تھا: کیا میں تم کو اس کی مثل خبر نہ دوں جس کو میں نے رسول اللہ ﷺ کے حوالہ سے سنا ہے' فرمایا: ایک آدمی تھا جو حضور ﷺ کے پاس

3061- أخرجه الترمذی فی الجنائز جلد3صفحه303 رقم الحديث: 984 .

3062- أخرجه أيضًا الطبرانی فی الكبير جلد10صفحه200 .

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: كَانَ رَجُلٌ يَخْتَلِفُ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَعَهُ ابْنُهُ، فَمَكَثَ أَيَّامًا لَا يَجِيءُ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا فَعَلَ فُلَانٌ؟ قَالُوا: مَاتَ ابْنُهُ الَّذِي كَانَ يَخْتَلِفُ مَعَهُ، فَلَقِيَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: أَيَسُرُّكَ يَا فُلَانُ أَنَّ ابْنَكَ عِنْدَكَ، كَأَنْشَطِ الْغِلْمَانِ نَشَاطًا؟ أَيَسُرُّكَ يَا فُلَانُ أَنَّ ابْنَكَ كَهْلٌ كَخَيْرِ الْكُهُولِ؟ أَوْ يُقَالُ لَكَ: ادْخُلِ الْجَنَّةَ ثَوَابَ مَا أُخِذَ مِنْكَ؟

آیا جایا کرتا تھا' اس کا بیٹا اس کے ساتھ تھا' وہ چند دن حضورﷺ کے پاس نہ آیا تو آپ نے فرمایا: فلان کو کیا ہوا ہے؟ صحابہ کرام نے عرض کی: اس کا بیٹا فوت ہو گیا ہے جو آپ کے پاس آیا کرتا تھا۔ حضورﷺ اس کو ملے اور فرمایا: اے فلان! کیا تُو خوش نہیں ہے کہ تیرا بیٹا تیرے پاس ہو (قیامت کے دن) وہ کھیلے جس طرح بچے کھیلتے ہیں؟ کیا تُو خوش نہیں اے فلان کہ تیرا بیٹا بہتر بزرگی والا ہو جائے۔ یا فرمایا: تجھے کہا جائے گا کہ تُو جنت میں داخل ہو جا! اس ثواب کے بدلے جو تُو نے اس کے مرنے پر صبر کیا تھا۔

لَمْ يُسْنِدْ حَوْشَبٌ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدِيثًا غَيْرَ هَذَا

حضرت حوشب نے اس حدیث کے سوا کوئی حدیث حضورﷺ کی طرف منسوب نہیں کی ہے۔

**3064** - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ إِسْحَاقَ السَّيْلَحِينِيُّ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ وَاصِلٍ، مَوْلَى أَبِي عُيَيْنَةَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَبَوَّأُ لِبَوْلِهِ كَمَا يَتَبَوَّأُ لِمَنْزِلِهِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ پیشاب کیلئے کھود کر جگہ بناتے تھے جس طرح گھر کے لیے جگہ بناتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ وَاصِلٍ مَوْلَى أَبِي عُيَيْنَةَ إِلَّا سَعِيدُ بْنُ زَيْدٍ، وَيَحْيَى، هُوَ: يَحْيَى بْنُ عُبَيْدِ بْنِ دُجَيٍّ، لَمْ يُسْنِدْ عُبَيْدُ بْنُ دُجَيٍّ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ إِلَّا هَذَا الْحَدِيثَ

یہ حدیث واصل ابی عیینہ کے غلام سے حضرت سعید بن زید اور یحییٰ اور یحییٰ ابن عبید بن دجی ہی روایت کرتے ہیں۔ عبید بن دجی اس حدیث کے علاوہ کوئی حدیث حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی طرف منسوب نہیں کرتا ہے۔

**3065** - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى قَالَ: نا

حضرت عبداللہ بن بریدہ اپنے والد سے روایت

مُوسَى بْنُ دَاوُدَ الضَّبِّيُّ قَالَ: نا عُقْبَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الرِّفَاعِيُّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَخْرُجُ يَوْمَ الْفِطْرِ حَتَّى يَطْعَمَ، وَكَانَ لَا يَطْعَمُ يَوْمَ النَّحْرِ حَتَّى يَرْجِعَ فَيَأْكُلَ مِنْ ذَبِيحَتِهِ

کرتے ہیں کہ حضور ﷺ عیدالفطر کی نماز کے لیے کھا کر تشریف لے جاتے تھے بڑی عید کے دن نماز پڑھ کر قربانی سے کھاتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ اِلَّا عُقْبَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، وَثَوَابُ بْنُ عُتْبَةَ الْمَهْرِيُّ

یہ حدیث عبداللہ بن بریدہ سے صرف عقبہ بن عبداللہ اور ثواب بن عتبہ المہری ہی روایت کرتے ہیں

**3066** - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى قَالَ: نا مُوسَى بْنُ دَاوُدَ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُؤَمَّلِ، عَنِ ابْنِ اَبِي مُلَيْكَةَ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: قَالَ لِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا عَائِشَةُ، اِنَّ اَسْرَعَ النَّاسِ هَلَاكًا قَوْمُكِ قُلْتُ: اَمِنْ تَيْمٍ، جَعَلَنِي اللّٰهُ فِدَاكَ؟ فَقَالَ: لَا وَلَكِنَّ هَذَا الْحَيَّ مِنْ قُرَيْشٍ تَسْتَحْلِبُهُمُ الْمَنَايَا، وَتَنْفِسُ النَّاسُ عَلَيْهِمْ قُلْتُ: فَمَا بَقَاءُ النَّاسِ بَعْدَهُمْ؟ قَالَ: هُمْ صُلْبُ النَّاسِ، فَإِذَا هَلَكُوا هَلَكَ النَّاسُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے مجھے فرمایا: اے عائشہ! آپ کی قوم کے لوگ جلدی سے ہلاکت کی طرف جارہے ہیں، میں نے عرض کی: قبیلہ تیم سے؟ مجھے اللہ نے ان کے لیے بدلہ بنایا ہے، آپ نے فرمایا: نہیں! بلکہ یہ قریش کا قبیلہ ہے، موت نے ان میں اپنے پنجوں کو گاڑا ہے، لوگ ان پر پھونک رہے ہیں، میں نے عرض کی: لوگ ان کے بعد باقی رہیں گے؟ فرمایا: وہ ابھی لوگوں کی پشت میں ہیں، اگر یہ ہلاک ہو گئے تو لوگ بھی ہلاک ہو جائیں گے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ اَبِي مُلَيْكَةَ اِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُؤَمَّلِ

یہ حدیث ابوملیکہ سے صرف عبداللہ بن مؤمل ہی روایت کرتے ہیں۔

**3067** - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى قَالَ: نا

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

---

**3066**- أخرجه أيضًا البزار (كشف الأستار جلد 3 صفحه 298) من طريق موسٰى بن داؤد ......به، وأحمد جلد 6 صفحه 81 عن هاشم بن القاسم، ثنا اسحاق بن سعيد، عن أبيه، عن عائشة نحوه أطول منه . وذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 10 صفحه 31 وقال: رواه أحمد والبزار ببعضة، والطبراني في الأوسط ببعضه أيضًا، واسناد الرواية الأولى عند أحمد رجال رجاله الصحيح، وفي بقية الروايات، مقال .

**3067**- أخرجه مسلم في المسافرين جلد 1 صفحه 516، والدارمي في الصلاة جلد 1 صفحه 403-404 رقم الحديث: 1457، وأحمد في المسند جلد 4 صفحه 448 رقم الحديث: 19286 .

مُوسَى بْنُ دَاوُدَ قَالَ: نا حُسَامُ بْنُ مِصَكٍّ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ قَالَ: دَخَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَسْجِدَ قُبَاءَ، فَرَآهُمْ يُصَلُّونَ الضُّحَى، فَقَالَ: هٰذِهِ صَلَاةُ الْاَوَّابِينَ قَالَ: وَكَانُوا يُصَلُّونَهَا اِذَا رَمِضَتِ الْفِصَالُ

حضور ﷺ مسجد قبا میں داخل ہوئے' آپ نے دیکھا کہ صحابہ کرام چاشت کی نماز پڑھ رہے ہیں' آپ نے فرمایا: یہ رجوع کرنے والوں کی نماز ہے۔ صحابہ کرام نماز پڑھتے تھے جب اونٹوں کے پاؤں جلنے لگتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ حُسَامِ بْنِ مِصَكٍّ اِلَّا مُوسَى بْنُ دَاوُدَ

یہ حدیث حسام بن مصک سے صرف موسیٰ بن داؤد ہی روایت کرتے ہیں۔

**3068** - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ اِسْحَاقَ السَّيْلَحِينِيُّ قَالَ: نا شَرِيكٌ، عَنْ مِخْوَلٍ، عَنْ مُسْلِمٍ الْبَطِينِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُوتِرُ بِثَلَاثٍ: يَقْرَاُ فِي الْاُولَى بِسَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلَى، وَفِي الثَّانِيَةِ بِقُلْ يَا اَيُّهَا الْكَافِرُونَ، وَفِي الثَّالِثَةِ بِقُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ تین رکعت وتر ادا کرتے تھے' پہلی رکعت میں سبح اسم ربک الاعلیٰ' دوسری میں قل یا ایہا الکافرون' تیسری میں قل ھواللہ احد پڑھتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ مِخْوَلٍ اِلَّا شَرِيكٌ

یہ حدیث مخول سے صرف شریک ہی روایت کرتے ہیں۔

**3069** - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى قَالَ: نا اَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْمُقْرِءُ قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ عَوْنٍ، يُحَدِّثُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: نَهَى اَوْ نُهِيَ اَنْ يَبُولَ الرَّجُلُ فِي الْمَاءِ الدَّائِمِ اَوِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ منع کیا یا منع کیا گیا کہ کوئی آدمی کھڑے پانی میں پیشاب کرے' پھر اس سے وضو بھی کرے یا غسل کرے۔

---

3068- أخرجه الترمذى فى الصلاة جلد 2صفحه325 رقم الحديث: 462' والنسائى فى قيام الليل جلد 3صفحه194 باب ذكر الاختلاف على أبى اسحاق......الخ' والدارمى فى الصلاة جلد 1صفحه449-450 رقم الحديث: 1586' وأحمد فى المسند جلد1صفحه390 رقم الحديث: 2729 .

3069- أخرجه البخارى فى الوضوء جلد1صفحه412 رقم الحديث: 239' ومسلم فى الطهارة جلد 1صفحه235 (بلفظ: لا يبولن أحدكم فى الماء الدائم' أو الراكد ثم يتوضأ منه أو يغتسل منه) .

الرَّاكِدِ، ثُمَّ يَتَوَضَّأَ مِنْهُ، أَوْ يَغْتَسِلَ مِنْهُ

لَمْ يُجَوِّدْهُ عَنِ ابْنِ عَوْنٍ إِلَّا الْمُقْرِءُ

ابن عون سے مقرء کی روایت ہی عمدہ ہے۔

**3070** - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ بِشْرٍ الْعِجْلِيُّ الْعَمِّيُّ الْأَنْطَاكِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نَصْرٍ الْأَنْطَاكِيُّ، حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ عِيسَى بْنِ الطَّبَّاعِ، عَنْ مَالِكِ بْنِ أَنَسٍ، عَنْ زِيَادِ بْنِ مِخْرَاقٍ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ قُرَّةَ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنِّي لَأَذْبَحُ الشَّاةَ وَأَنَا أَرْحَمُهَا قَالَ: وَالشَّاةُ إِنْ رَحِمْتَهَا رَحِمَكَ اللّٰهُ

حضرت معاویہ بن قرہ رضی اللہ عنہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں نے بکری ذبح کرنی چاہی تو مجھے اس پر رحم آیا' آپ نے فرمایا: بکری پر اگر تجھے رحم آیا ہے تو اللہ تجھ پر رحم کرے!

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَالِكٍ إِلَّا إِسْحَاقُ بْنُ عِيسَى، تَفَرَّدَ بِهِ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نَصْرٍ

یہ حدیث مالک سے صرف اسحاق بن عیسیٰ ہی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عبداللہ بن نصر اکیلے ہیں۔

**3071** - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ بِشْرٍ الْعِجْلِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَّامٍ الْمَنْبِجِيُّ قَالَ: نا الْوَضَّاحُ بْنُ عَبَّادٍ الْكُوفِيُّ، عَنْ عَاصِمٍ الْأَحْوَلِ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: خَرَجْتُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي بَعْضِ اللَّيَالِي أَحْمِلُ لَهُ الطَّهُورَ، إِذْ سَمِعَ مُنَادِيًا، فَقَالَ: يَا أَنَسُ، صُبَّهُ فَقَالَ: اللّٰهُمَّ أَعِنِّي عَلَى مَا يُنَجِّينِي مِمَّا خَوَّفْتَنِي مِنْهُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوْ قَالَ أُخْتَهَا ، فَكَأَنَّ الرَّجُلَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں ایک رات میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ نکلا' میں آپ کے لیے وضو کا پانی اُٹھاتا تھا' اچانک آپ نے ایک آواز سنی' آپ نے فرمایا: اے انس! پانی بہادے۔ اور کہا: اے اللہ! تو اس چیز پر میری مدد فرما جس نے مجھے خوف دلانے والی چیز سے نجات دلائی۔ پس نبی کریم ﷺ نے فرمایا: لو قال اختها ۔ (اگر وہ اس کی مثل کہے) گویا کوئی آدمی رسول کریم ﷺ کے ارادے پر وصیت

---

**3070**- أخرجه أيضًا الكبير جلد 19 صفحه 23 من طرق، وأحمد جلد 3 صفحه 436، والبخارى فى الأدب المفرد، وابن أبى شيبة، والبزار، والحاكم، والبيهقى، وأبو نعيم، كلهم من طرق عن معاوية بن قرة، عن أبيه، وقال الحافظ الهيثمى فى المجمع جلد 4 صفحه 36 بعد عزوه الى أحمد، والبزار، والطبرانى فى الكبير، والصغير، رجاله ثقات .

**3071**- وقال الحافظ الهيثمى فى المجمع جلد 8 صفحه 214-215 وفيه الوضاح تكلم فيه أبو الحسين بن المنادى وشيخ الطبرانى بشر بن على بن بشر العمى لم أعرفه .

لَقِنَ مَا اَرَادَ رَسُولُ اللّٰهِ، فَقَالَ: وَارْزُقْنِي شَوْقَ الصَّادِقِينَ اِلَى مَا شَوَّقْتَهُمْ اِلَيْهِ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: حَيًّا يَا اَنَسُ، ضَعِ الطَّهُورَ، وَائْتِ هَذَا الْمُنَادِي، فَقُلْ لَهُ: اَنْ يَدْعُوَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يُعِينَهُ عَلَى مَا ابْتَعَثَهُ بِهِ، وَادْعُ لِأُمَّتِهِ اَنْ يَأْخُذُوا مَا اَتَاهُمْ بِهِ نَبِيُّهُمْ بِالْحَقِّ فَاَتَيْتُهُ فَقُلْتُ: ادْعُ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يُعِينَهُ اللّٰهُ عَلَى مَا ابْتَعَثَهُ، وَادْعُ لِأُمَّتِهِ اَنْ يَأْخُذُوا مَا اَتَاهُمْ بِهِ نَبِيُّهُمْ بِالْحَقِّ، فَقَالَ: وَمَنْ اَرْسَلَكَ؟ فَكَرِهْتُ اَنْ اُعْلِمَهُ، وَلَمْ اَسْتَاْذِنْ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْتُ: وَمَا عَلَيْكَ رَحِمَكَ اللّٰهُ بِمَا سَاَلْتُكَ؟ قَالَ: اَوَلَا تُخْبِرُنِي مَنْ اَرْسَلَكَ؟ فَاَتَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْتُ لَهُ مَا قَالَ، فَقَالَ: قُلْ لَهُ: اَنَا رَسُولُ اللّٰهِ فَقَالَ لِي: مَرْحَبًا بِرَسُولِ اللّٰهِ، وَمَرْحَبًا بِرَسُولِهِ، اَنَا كُنْتُ اَحَقَّ اَنْ آتِيَهُ، اَقْرِءْ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ السَّلَامَ، وَقُلْ لَهُ: الْخَضِرُ يُقْرِئُكَ السَّلَامَ، وَيَقُولُ لَكَ: اِنَّ اللّٰهَ قَدْ فَضَّلَكَ عَلَى النَّبِيِّينَ كَمَا فَضَّلَ شَهْرَ رَمَضَانَ عَلَى سَائِرِ الشُّهُورِ، وَفَضَّلَ اُمَّتَكَ عَلَى الْاُمَمِ كَمَا فَضَّلَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ عَلَى سَائِرِ الْاَيَّامِ، فَلَمَّا وَلَّيْتُ عَنْهُ، سَمِعْتُهُ يَقُولُ: اللّٰهُمَّ اجْعَلْنِي مِنْ هَذِهِ الْاُمَّةِ الْمَرْحُومَةِ الْمُرْشَدَةِ الْمُتَابِ عَلَيْهَا

کر رہا ہے۔ پس اُس نے کہا: مجھے سچے لوگوں کا شوق دے جس چیز کا شوق تُو نے انہیں دیا ہے۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: پانی رکھ دو اور چلو! اے انس! اس منادی کے پاس جا کر کہو کہ رسول کریم ﷺ کے لیے دعا کرو کہ اللہ تعالیٰ اس چیز پر ان کی مدد فرمائے جس کے ساتھ وہ مبعوث ہوئے اور آپ کی اُمت کے لیے دعا کرو کہ وہ اس چیز کو حاصل کریں جس کے ساتھ ان کے نبی ان کی طرف تشریف لائے ہیں۔ پس میں اس کے پاس آیا اور کہا: رسول کریم ﷺ کے لیے دعا کرو کہ اللہ تعالیٰ اس کی مدد فرمائے اس چیز پر جس کے ساتھ وہ مبعوث ہوا ہے۔ آپ دعا فرمائیں ان کی اُمت کے لیے کہ وہ حاصل کریں وہ چیز جو حق کے ساتھ اُن کا نبی لے کر آیا ہے۔ اس نے کہا: تجھے کس نے بھیجا ہے؟ سو میں نے اسے بتانا پسند نہ کیا اور نہ میں نے رسول کریم ﷺ سے اجازت لی تھی۔ پس میں نے کہا: اللہ تیرے اوپر رحم کرے! تیرے اوپر وہ کچھ دینا لازم نہیں جو میں نے تجھ سے سوال کیا ہے۔ اس نے کہا: کیا تُو مجھے نہیں بتائے گا کہ تجھے کس نے بھیجا ہے؟ پس میں رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں آیا' جو کچھ اُس نے کہا تھا عرض کر دیا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: تُو اس سے کہہ کہ میں اللہ کا رسول ہوں۔ تو اُس نے مجھ سے کہا: اللہ کے رسول کے لیے خوش آمدید! اور اس کے قاصد کے لیے بھی خوش آمدید! میرا بھی حق بنتا ہے کہ ان کی حاضری دوں۔ اللہ کے رسول کی خدمت میں میرا اسلام کہنا اور اُن سے عرض کرنا

کہ خضر آپ کی خدمت میں سلام پیش کر رہا تھا اور وہ آپ کے لیے عرض کر رہا تھا کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو سب نبیوں پر فضیلت عطا فرمائی ہے جیسے رمضان کے مہینے کو تمام مہینوں پر فضیلت بخشی ہے۔ آپ کی اُمت کو سب اُمتوں پر فضیلت عطا کی ہے جیسے جمعہ کے دن کو سارے دنوں پر فضیلت دی ہے' پس جب میں اس کے پاس آنے لگا تو اس کی زبان پر یہ الفاظ تھے: اے اللہ! مجھے اس اُمتِ مرحومہ سے بنا دے جس کی خصوصی راہنمائی کی گئی ہے' اس پر خاص عنایات فرمائی گئی ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَنَسٍ إِلَّا عَاصِمٌ الْأَحْوَلُ، وَلَا عَنْ عَاصِمٍ إِلَّا الْوَضَّاحُ بْنُ عَبَّادٍ، تَفَرَّدَ بِهِ مُحَمَّدُ بْنُ سَلَّامٍ

یہ حدیث انس سے صرف عاصم الاحول اور عاصم سے صرف وضاح بن عباد روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں محمد بن سلام اکیلے ہیں۔

**3072** - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى الْغَزِّيُّ قَالَ: نا أَيُّوبُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْهَيْصَمِ قَالَ: نا زِيَادُ بْنُ سَيَّارٍ، عَنْ عَزَّةَ ابْنَةِ عِيَاضٍ، عَنْ أَبِي قِرْصَافَةَ قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نَضَّرَ اللَّهُ عَبْدًا سَمِعَ مَقَالَتِي فَوَعَاهَا وَحَفِظَهَا، فَرُبَّ حَامِلِ عِلْمٍ إِلَى مَنْ هُوَ أَعْلَمُ مِنْهُ، ثَلَاثٌ لَا يُغِلُّ عَلَيْهِنَّ الْقَلْبُ: إِخْلَاصُ الْعَمَلِ لِلَّهِ، وَمُنَاصَحَةُ الْوُلَاةِ، وَلُزُومُ الْجَمَاعَةِ

حضرت ابوقرصافہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل خوش رکھے اس بندے کو جو میری بات سنے' اسے اپنے دل میں محفوظ کرے اور یاد کرے' بسا اوقات سیکھنے والا اُس سے زیادہ جاننے والا ہوتا ہے جس کو سکھایا جا رہا ہوتا ہے' تین چیزوں کے متعلق کوئی خیانت نہیں کرتا: اللہ کے لیے خلوص سے عمل کرنے پر' حکمرانوں کو نصیحت کرنے پر' جماعت کو لازم پکڑنے پر۔

☆☆☆☆☆

**3072**- اخرجه أيضًا الصغير جلد **1** صفحه**138** . وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد **1** صفحه**141** واسناده لم أر من ذكر أحدامنهم كذا قال' وقد قرفنا أن جميع االرواة للحديث مترجمون .

# مَنِ اسْمُهُ بَكْرٌ

# اس شیخ کے نام سے جن کا نام بکر ہے

3073 - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ الدِّمْيَاطِيُّ قَالَ: نَا شُعَيْبُ بْنُ يَحْيَى قَالَ: انا يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ مُجَمِّعِ بْنِ كَعْبٍ، عَنْ مَسْلَمَةَ بْنِ مُخَلَّدٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَعْرُوا النِّسَاءَ يَلْزَمْنَ الْحِجَالَ.

حضرت سلمہ بن مخلد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: عورتیں چھپانے کی چیزیں ہیں ان پر پردہ لازم ہے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ اِلَّا يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ يَحْيَى اِلَّا شُعَيْبُ بْنُ يَحْيَى، وَلَا يُرْوَى، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ

عمرو بن حارث سے صرف یحییٰ بن ایوب اور یحییٰ سے صرف شعیب بن یحییٰ روایت کرتے ہیں اور رسول اللہ ﷺ سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔

3074 - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ قَالَ: نَا عَمْرُو بْنُ هَاشِمٍ قَالَ: نَا هِقْلٌ، عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ قَالَ: نَا عَمْرُو بْنُ قَيْسٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ جَاءَ مِنْكُمُ الْجُمُعَةَ فَلْيَغْتَسِلْ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو تم میں سے جمعہ کے لیے آئے اس کو چاہیے کہ وہ غسل کرے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ اِلَّا الْهِقْلُ، وَلَا عَنِ الْهِقْلِ اِلَّا عَمْرُو بْنُ هَاشِمٍ، تَفَرَّدَ بِهِ بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ

اوزاعی سے صرف صقل اور صقل سے صرف عمرو بن ہاشم روایت کرتے ہیں اس کو روایت کرنے میں بکر بن سہل اکیلے ہیں۔

3075 - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ قَالَ: نَا عَمْرُو

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور

---

3073- وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد5صفحه141 وفيه مجمع بن كعب' ولم أعرفه' وبقية رجاله ثقات .

3074- أخرجه البخاري في الجمعة جلد2صفحه443 رقم الحديث: 894' ومسلم في الجمعة جلد2صفحه579 .

3075- أخرجه أبو داؤد في الأيمان والنذور جلد3صفحه222 رقم الحديث: 3261' وابن ماجة في الكفارات جلد 1 صفحه680 رقم الحديث: 2105 بلفظ: من حلف على يمين فقال: ان شاء الله فقد استثنى' والنسائي في الأيمان

بْنُ هَاشِمٍ قَالَ: سَمِعْتُ الْاَوْزَاعِيَّ يُحَدِّثُ، عَنْ حَسَّانَ بْنِ عَطِيَّةَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ حَلَفَ عَلَى يَمِينٍ، فَاسْتَثْنَى ثُمَّ اَتَى ثُمَّ اَحْلَفَ فَلَا كَفَّارَةَ عَلَيْهِ

ﷺ نے فرمایا: جس نے کسی کام پر قسم اُٹھائی' انشاء اللہ کہا' پھر آیا تو اس پر کفارہ نہیں ہے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ اِلَّا عَمْرُو بْنُ هَاشِمٍ

اوزاعی سے یہ حدیث صرف عمرو بن ہاشم ہی روایت کرتے ہیں۔

**3076** - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ قَالَ: نا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ عُقَيْلِ بْنِ خَالِدٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، اَنَّ عَبْدَ الْمَلِكِ بْنَ اَبِي بَكْرٍ، اَخْبَرَهُ، اَنَّ اَبَا بَكْرِ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، اَخْبَرَهُ اَنَّ اَبَا ذَرٍّ، اَخْبَرَهُ، اَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا تَقُومُ السَّاعَةُ حَتَّى يَغْلِبَ عَلَى الدُّنْيَا لُكَعُ بْنُ لُكَعٍ، وَاَفْضَلُ النَّاسِ مُؤْمِنٌ بَيْنَ كَرِيمَيْنِ

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: قیامت نہیں آئے گی یہاں تک کہ لکع بن لکع دنیا پر غالب آئیں' لوگوں میں افضل وہ مؤمن ہے جو دومعززوں کے درمیان ہوگا۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنِ الزُّهْرِيِّ اِلَّا عُقَيْلٌ، وَلَا عَنْ عُقَيْلٍ اِلَّا ابْنُ لَهِيعَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ، وَلَا يُرْوَى، عَنْ اَبِي ذَرٍّ اِلَّا مِنْ هَذَا الْوَجْهِ

یہ حدیث زہری سے صرف عقیل اور عقیل سے ابن لہیعہ ہی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عبداللہ بن یوسف اکیلے ہیں اور ابوذر سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔

**3077** - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ قَالَ: نا شُعَيْبُ بْنُ يَحْيَى قَالَ: اَنَا عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ عُمَرَ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: سُئِلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ فَارَةٍ وَقَعَتْ فِي سَمْنٍ؟ فَقَالَ: اطْرَحُوهَا وَمَا حَوْلَهَا

حضرت سالم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ سے گھی میں چوہے کے گرنے کے متعلق پوچھا گیا تو آپ نے فرمایا: اس کے اردگرد جو لگا ہے اس کو پھینک دو اور کھاؤ' اگر جما ہوا ہو۔ صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! اگر بہنے والا ہو؟ تو آپ ﷺ نے

والنذور جلد7 صفحہ12 باب من حلف فاستثنی ۔ بلفظ: من حلف فاستثنی فان شاء مضی وان شاء ترك غير حنث ۔

والدارمي في الأيمان والنذور جلد2 صفحہ242 رقم الحديث: 2342 ۔

3076- وقال الحافظ الهيثمي جلد7 صفحہ329: ورجاله وثقوا' وفي بعضهم ضعف ۔

وَكُلُوهُ إِنْ كَانَ جَامِدًا قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَإِنْ كَانَ مَائِعًا؟ قَالَ: انْتَفِعوا بِهِ

فرمایا: اس سے نفع اُٹھاؤ یعنی اس کوفروخت کردو۔

هٰكَذَا رَوَاهُ عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ عُمَرَ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِيهِ وَرَوَاهُ مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، وَرَوَاهُ أَصْحَابُ الزُّهْرِيِّ: عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ

عبدالجبار بن عمر' ابن جریج سے اور وہ ابن شہاب سے' وہ سالم سے' وہ اپنے والد سے۔ مسلمہ' زہری سے اور وہ سعید بن میتب سے' وہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے۔ زہری کے اصحاب زہری سے' وہ عبیداللہ بن عبداللہ سے' وہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں۔

**3078** - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ الدِّمْيَاطِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ قَالَ: نا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ شُرَيْحٍ أَبُو شُرَيْحٍ الْمَعَافِرِيُّ، أَنَّهُ سَمِعَ سَهْلَ بْنَ أَبِي أُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ يُحَدِّثُ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تُشَدِّدُوا عَلَى أَنْفُسِكُمْ، فَإِنَّمَا هَلَكَ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ بِتَشْدِيدِهِمْ عَلَى أَنْفُسِهِمْ، وَسَتَجِدُونَ بَقَايَاهُمْ فِي الصَّوَامِعِ وَالدِّيَارَاتِ

حضرت ابوامامہ بن سہل بن حنیف اپنے والد سے' وہ ان کے دادا کے حوالہ سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اپنے نفسوں کے اوپر سختی نہ کیا کرو کیونکہ تم سے پہلے لوگ ہلاک اسی لیے ہوئے کہ انہوں نے اپنی جانوں کے اوپر سختی کی' تم ان کے گرجے اور گھروں کو پاؤ گے۔

**3079** - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ قَالَ: نا أَبُو شُرَيْحٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ شُرَيْحٍ، أَنَّهُ سَمِعَ سَهْلَ بْنَ أَبِي أُمَامَةَ بْنِ سَهْلٍ، يُحَدِّثُ عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ سَأَلَ اللّٰهَ الشَّهَادَةَ صَادِقًا مِنْ قَلْبِهِ بَلَّغَهُ اللّٰهُ مَنَازِلَ الشُّهَدَاءِ وَإِنْ مَاتَ عَلَى

حضرت سہل بن ابوامامہ بن سہل اپنے والد سے' وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے صدقِ دل سے شہادت مانگی' اللہ عزوجل اس کو شہادت کا درجہ دے گا' اگرچہ وہ بستر پر ہی کیوں نہ مرے۔

3079- أخرجه مسلم في الامارة جلد3صفحه1517' وأبو داؤد في الصلاة جلد2صفحه87 رقم الحديث: 1520' والترمذي في الجهاد جلد4صفحه183 رقم الحديث:1653' والدارمي في الجهاد جلد2صفحه270 رقم الحديث:2407 .

فِرَاشِهِ

لَا يُرْوَى هَذَانِ الْحَدِيثَانِ عَنْ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ

یہ دونوں حدیثیں سہل بن حنیف سے اسی سند سے روایت ہیں۔

**3080** - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ قَالَ: نا شُعَيْبُ بْنُ يَحْيَى قَالَ: أنا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ هُرْمُزَ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ سَأَلَهُ جَارُهُ أَنْ يَغْرِزَ خَشَبَةً فِي جِدَارِهِ فَلَا يَمْنَعْهُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو اپنے پڑوسی سے اس کی دیوار پر گاڈر رکھنے کی اجازت مانگے' اس کو رکھنے سے منع نہ کرے۔

هَكَذَا رَوَاهُ شُعَيْبُ بْنُ يَحْيَى، عَنِ اللَّيْثِ

شعیب بن یحییٰ سے لیث اسی طرح روایت کرتے ہیں۔

**3081** - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ قَالَ: نا مَهْدِيُّ بْنُ جَعْفَرٍ الرَّمْلِيُّ قَالَ: نا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ قَالَ: نا عَبْدُ الْأَعْلَى بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي فَرْوَةَ، عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي طَلْحَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ بِبِنْيَةِ قُبَّةٍ لِرَجُلٍ مِنَ الْأَنْصَارِ، فَقَالَ: مَا هَذِهِ؟ قَالَ: قُبَّةٌ. فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كُلُّ بِنَاءٍ، وَأَشَارَ بِيَدِهِ هَكَذَا عَلَى رَأْسِهِ أَكْبَرُ مِنْ هَذَا، فَهُوَ وَبَالٌ عَلَى صَاحِبِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ انصار کے ایک آدمی کی قبر کے پاس سے گزرے' فرمایا: یہ کیا ہے؟ کہا: گنبد ہے' حضور ﷺ نے اس طرح اپنے دست مبارک سے اشارہ کیا اس کے سر پر۔ اس سے بڑا ہے اور یہ اپنے مالک پر قیامت کے دن وبال ہوگا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ إِلَّا عَبْدُ الْأَعْلَى بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي فَرْوَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ الْوَلِيدُ

یہ حدیث اسحاق بن عبداللہ سے صرف عبدالاعلیٰ بن عبداللہ بن ابی فروہ ہی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ولید اکیلے ہیں۔

---

**3080**- وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد4صفحه163: ورجاله رجال الصحيح خلا شعيب وهو ثقة .

**3081**- وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد4صفحه73: ورجاله ثقات .

**3082** - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ قَالَ: نا إِبْرَاهِيمُ بْنُ أَبِي الْفَيَّاضِ الْبَرْقِيُّ قَالَ: نا أَشْهَبُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، عَنِ ابْنِ لَهِيعَةَ، عَنْ مِشْرَحِ بْنِ هَاعَانَ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ تَأَنَّى أَصَابَ، أَوْ كَادَ، وَمَنْ عَجَّلَ أَخْطَأَ، أَوْ كَادَ

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے آہستہ آہستہ کام کیا وہ کامیاب ہوا' جس نے جلدی کی' اس نے غلطی کی یا غلطی کے قریب ہوا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ إِلَّا مِشْرَحٌ، وَلَا عَنْ مِشْرَحٍ إِلَّا ابْنُ لَهِيعَةَ، وَلَا عَنِ ابْنِ لَهِيعَةَ إِلَّا أَشْهَبُ، تَفَرَّدَ بِهِ إِبْرَاهِيمُ بْنُ أَبِي الْفَيَّاضِ

یہ حدیث عقبہ بن عامر سے صرف مشرح اور مشرح سے صرف ابن لہیعہ اور ابن لہیعہ سے صرف اشہب ہی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ابراہیم بن ابی الفیاض اکیلے ہیں۔

**3083** - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ قَالَ: نا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ يُوسُفَ قَالَ: نا الْهَيْثَمُ بْنُ حُمَيْدٍ قَالَ: أَخْبَرَنَا النُّعْمَانُ بْنُ الْمُنْذِرِ، عَنْ مَكْحُولٍ، عَنْ عَنْبَسَةَ بْنِ أَبِي سُفْيَانَ، عَنْ أُمِّ حَبِيبَةَ أَنَّهَا أَخْبَرَتْهُ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ حَافَظَ عَلَى أَرْبَعِ رَكَعَاتٍ قَبْلَ صَلَاةِ الْهَجِيرِ، وَأَرْبَعٍ بَعْدَهَا حَرَّمَهُ اللَّهُ عَلَى النَّارِ

حضرت اُم حبیبہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے ظہر سے پہلے چار رکعت اور چار فرض کے بعد ادا کیں' اللہ عزوجل اس پر جہنم کی آگ حرام کردے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ الْمُنْذِرِ إِلَّا الْهَيْثَمُ بْنُ حُمَيْدٍ وَيَحْيَى بْنُ حَمْزَةَ

یہ حدیث نعمان بن منذر سے صرف ہشیم بن حمید اور یحییٰ بن حمزہ روایت کرتے ہیں۔

---

**3082**- أخرجه أيضًا الكبير جلد17صفحه310 .

**3083**- أخرجه الترمذی فی الصلاة جلد2صفحه293 رقم الحديث: 428' (بلفظ: من حافظ على أربع ركعات قبل الظهر وأربع ركعات بعدها حرمه الله على النار) وقال الترمذی: هذا حديث حسن صحيح غريب من هذا الوجه' وأبو داؤد فی الصلاة جلد 2صفحه23 رقم الحديث: 1269 بنحوه والحاكم فی المستدرك جلد 1صفحه312 بنحوه . وأحمد فی المسند جلد6صفحه453 رقم الحديث: 27470 بنحوه .

3084 - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ قَالَ: نا الْهَيْثَمُ بْنُ حُمَيْدٍ، عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ مَكْحُولٍ، عَنْ عَنبَسَةَ بْنِ أَبِي سُفْيَانَ، عَنْ أُمِّ حَبِيبَةَ قَالَتْ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ مَسَّ فَرْجَهُ فَلْيَتَوَضَّأْ

حضرت اُم حبیبہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جو اپنی شرمگاہ کو چھوئے اس پر وضو ہے' مراد ہاتھ دھونا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَكْحُولٍ إِلَّا الْعَلَاءُ بْنُ الْحَارِثِ، وَلَا يُرْوَى عَنْ أُمِّ حَبِيبَةَ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ

یہ حدیث مکحول سے صرف علاء بن حارث روایت کرتے ہیں اور اُم حبیبہ سے اسی سند سے روایت ہے۔

3085 - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ قَالَ: نا الْهَيْثَمُ بْنُ حُمَيْدٍ قَالَ: أَخْبَرَنِي أَبُو مُعَيْدٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ مُوسَى، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: كُفِّنَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي ثَلَاثَةِ أَثْوَابٍ بِيضٍ سُحُولِيَّةٍ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کو کفن دیا گیا تین سفید دھاگے سے بنے ہوئے کپڑوں میں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ نَافِعٍ إِلَّا سُلَيْمَانُ بْنُ مُوسَى، وَلَا عَنْ سُلَيْمَانَ إِلَّا أَبُو مُعَيْدٍ.

یہ حدیث نافع سے صرف سلیمان بن موسیٰ اور سلیمان سے صرف ابومعید ہی روایت کرتے ہیں۔

3086 - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ قَالَ: حَدَّثَنِي اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ قَالَ: حَدَّثَنِي عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ أَبِي جَعْفَرٍ، عَنْ أَبِي الْأَسْوَدِ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ عَمْرَةَ، عَنْ عَائِشَةَ أَنَّهَا قَالَتْ فِي لُحُومِ الضَّحَايَا: كُنَّا نُصْلِحُ مِنْهُ، وَيَقْدَمُ بِهِ أُنَاسٌ إِلَى الْمَدِينَةِ، فَلَا يَأْكُلُونَهُ إِلَّا ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ، لَيْسَ بِالْعَزِيمَةِ وَلَكِنْ أَرَادَ أَنْ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ قربانی کے گوشت کے متعلق کہ ہم اس کو رکھتی تھیں' لوگ اس شہر کی طرف لے جاتے' اس کو تین دن تک ہی کھاتے تھے' یہ عزیمت نہیں ہے لیکن انہوں نے اس سے کھانے کا ارادہ کیا۔

3084- أخرجه ابن ماجة في الطهارة جلد1صفحه162 رقم الحديث: 481 .

3086- أخرجه البخاري في الأضاحي جلد10صفحه26 رقم الحديث: 5570 .

يَطْعَمُوا مِنْهُ

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ إِلَّا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، وَلَمْ يَرْوِهِ عَنِ اللَّيْثِ بْنِ سَعْدٍ إِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ

یحییٰ بن سعید سے صرف ہشام بن عروہ اور لیث بن سعد سے صرف عبداللہ بن صالح ہی روایت کرتے ہیں۔

**3087** - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي السَّرِيِّ قَالَ: نا عَطَاءُ بْنُ مُسْلِمٍ الْخَفَّافُ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ بُرْقَانَ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ الْفَضْلِ بْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي مَرَضِهِ الَّذِي مَاتَ فِيهِ: شُدُّوا رَأْسِي لَعَلِّي أَخْرُجُ إِلَى الْمَسْجِدِ ، فَشَدَدْتُ رَأْسَهُ بِعِصَابَةٍ صَفْرَاءَ، ثُمَّ خَرَجَ إِلَى الْمَسْجِدِ يُهَادَى بَيْنَ رَجُلَيْنِ

حضرت فضل بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے جس بیماری میں وصال فرمایا' فرمایا: میرا سر باندھو اور مسجد کی طرف لے چلو' میں نے آپ کا سر مبارک زرد رنگ کے پردے سے باندھا' پھر آپ مسجد کی طرف نکلے' دو آدمیوں کا سہارا لے کر۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ جَعْفَرٍ إِلَّا عَطَاءٌ

یہ حدیث جعفر سے صرف عطاء ہی روایت کرتے ہیں۔

**3088** - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي السَّرِيِّ قَالَ: نا عَبْدُ الرَّزَّاقِ قَالَ: أَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْخَيْرُ مَعْقُودٌ فِي نَوَاصِي الْخَيْلِ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ، وَالْمُنْفِقُ عَلَى الْخَيْلِ كَالْبَاسِطِ كَفَّهُ بِالنَّفَقَةِ لَا يَقْبِضُهَا

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل نے گھوڑے کی پیشانی میں قیامت کے دن تک بھلائی رکھی ہے' گھوڑے پر خرچ کرنے والا اس کی طرح ہے جس کا ہاتھ اللہ کی راہ میں دینے کے لیے بند ہوتا ہی نہیں ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ إِلَّا مَعْمَرٌ، تَفَرَّدَ بِهِ عَبْدُ الرَّزَّاقِ

یہ حدیث زہری سے صرف معمر ہی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عبدالرزاق اکیلے ہیں۔

---

3087- أخرجه الطبراني في الكبير جلد18صفحه281 رقم الحديث:719 .

3088- أخرجه أبو يعلى جلد10صفحه408 به . وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد5صفحه262: ورجاله رجال الصحيح .

**3089** - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ يُوسُفَ الْعَبْدِيُّ قَالَ: نا لَيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِي حَبِيبٍ، عَنْ اَبِي الْخَيْرِ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ الْجُهَنِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَمَّا عُرِجَ بِي اِلَى السَّمَاءِ الدُّنْيَا دَخَلْتُ جَنَّةَ عَدْنٍ، فَوَقَعَتْ فِي يَدِي تِفَّاحَةٌ، فَلَمَّا وَضَعْتُهَا فِي يَدَيَّ انْفَلَقَتْ عَنْ حَوْرَاءَ عَيْنَاءَ مَرْضِيَةٍ، اَشْفَارُ عَيْنِهَا كَمَقَادِيمِ اَجْنِحَةِ النُّسُورِ، قُلْتُ لَهَا: مَنْ اَنْتِ؟ قَالَتْ: اَنَا لِلْخَلِيفَةِ مِنْ بَعْدِكَ

حضرت عقبہ بن عامر الجہنی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب مجھے آسمانِ دنیا کی طرف سیر کروائی گئی تو میں جنت عدن میں داخل ہوا' میرے ہاتھ پر سیب گرا' جب میں نے اپنے ہاتھ میں رکھا تو وہ پھٹ گیا اور اس سے حوراء نکلی' اس کی آنکھ خوش کرنے والی تھی' اس کی آنکھوں کے ابرو چمکتے تھے' میں نے کہا: تُو کس کے لیے ہے؟ اس نے عرض کی: آپ کے بعد ہونے والے خلیفہ کے لیے ہوں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ اللَّيْثِ اِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ

یہ حدیث لیث سے صرف عبداللہ ہی روایت کرتے ہیں۔

**3090** - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا مَهْدِيُّ بْنُ جَعْفَرٍ الرَّمْلِيُّ قَالَ: نا رَوَّادُ بْنُ الْجَرَّاحِ، عَنْ اَبِي الْحَسَنِ الْحَنْظَلِيِّ، عَنْ بُكَيْرِ بْنِ شِهَابٍ الدَّامِغَانِيِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَقُولُ: تَعَوَّذُوا بِاللّٰهِ مِنْ جُبِّ الْحَزَنِ . قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، وَمَا جُبُّ الْحَزَنِ؟ قَالَ: جُبٌّ فِي وَادٍ فِي قَعْرِ جَهَنَّمَ، تَتَعَوَّذُ مِنْهُ جَهَنَّمُ كُلَّ يَوْمٍ اَرْبَعَمِائَةِ مَرَّةٍ، اَعَدَّهُ لِلْقُرَّاءِ الْمُرَائِينَ بِاَعْمَالِهِمْ، وَاِنَّ اَبْغَضَ الْخَلْقِ اِلَى اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ قَارِءٌ يَزُورُ الْعُمَّالَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ ہم پر نکلے' آپ فرما رہے تھے: اللہ عزوجل کی جُبّ حزن سے پناہ مانگو! میں نے عرض کی: جب حزن کیا ہے؟ فرمایا: جُب' جہنم کی ایک اتھاہ وادی ہے' جہنم اس سے روزانہ چار سو مرتبہ پناہ مانگتی ہے' یہ وادی ان قاریوں کے لیے تیار کی گئی ہے جو اعمال دکھاوے کے لیے کرتے ہیں' اللہ عزوجل کے ہاں بدترین مخلوق وہ قاری ہے جو حکمرانوں سے خصوصی ملاقات کو جاتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ بُكَيْرُ بْنُ شِهَابٍ، عَنِ ابْنِ سِيرِينَ اِلَّا هَذَا الْحَدِيثَ

بکیر بن شہاب' ابن سیرین سے صرف یہ حدیث ہی روایت کرتے ہیں۔

---

**3089**- أخرجه أيضًا الكبير جلد **17** صفحه **285** وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد **9** صفحه **49**: شيخه بكر بن سهل' قال الذهبي: مقارب الحديث' عن عبد الله بن سليمان العبدى وثقه ابن حبان' وبقية رجاله رجال الصحيح .

**3091** - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا عَمْرُو بْنُ هَاشِمٍ الْبَيْرُوتِيُّ قَالَ: نا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْكِلَابِيُّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي عَرُوبَةَ، عَنْ عَامِرِ بْنِ عَبْدِ الْوَاحِدِ الْاَحْوَلِ، عَنْ مَكْحُولٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَيْرِيزٍ، عَنْ اَبِي مَحْذُورَةَ قَالَ: عَلَّمَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْاَذَانَ تِسْعَ عَشْرَةَ، وَالْاِقَامَةَ سَبْعَ عَشْرَةَ كَلِمَةً

حضرت ابومحذورہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے حضور ﷺ نے اذان کے انیس کلمات سکھائے اور اقامت کے سترہ کلمات سکھائے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سَعِيدٍ اِلَّا عَبْدَةُ، تَفَرَّدَ بِهِ عَمْرٌو

یہ حدیث سعید سے صرف عبدہ ہی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عمرو اکیلے ہیں۔

**3092** - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا مَهْدِيُّ بْنُ جَعْفَرٍ الرَّمْلِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيدَ الْاِسْكَنْدَرَانِيُّ، عَنْ حَيْوَةَ بْنِ شُرَيْحٍ، عَنْ اَبِي صَخْرٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ قُسَيْطٍ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا مِنْ اَحَدٍ يُسَلِّمُ عَلَيَّ اِلَّا رَدَّ اللّٰهُ اِلَيَّ رُوحِي حَتَّى اَرُدَّ عَلَيْهِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو کوئی مجھ پر سلام بھیجتا ہے' اللہ عزوجل میری روح کو اس کی طرف متوجہ کر دیتا ہے' میں اس کا جواب دیتا ہوں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَزِيدَ اِلَّا اَبُو صَخْرٍ، وَلَا، عَنْ اَبِي صَخْرٍ اِلَّا حَيْوَةُ، تَفَرَّدَ بِهِ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيدَ

یہ حدیث یزید سے صرف ابوصخرہ اور ابوصخرہ سے صرف حیوۃ ہی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عبداللہ بن یزید اکیلے ہیں۔

---

**3091**- أخرجه أبو داؤد فی الصلاة جلد 1صفحه287' والترمذی فی الصلاة جلد 1صفحه367 رقم الحدیث: 192 قال أبو عیسٰی: هذا حدیث حسن صحیح ۔ والنسائی فی الأذان جلد 2صفحه5 باب کم الأذان من کلمة' وابن ماجة فی الأذان جلد 1صفحه235 رقم الحدیث: 709' والدارمی فی الأذان جلد 1صفحه291 رقم الحدیث: 1195' وأحمد فی المسند جلد3صفحه500 رقم الحدیث: 15385 ۔

**3092**- أخرجه أبو داؤد فی سننه کتاب الحج رقم الحدیث: 2041 ۔

**3093** - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي السَّرِيِّ الْعَسْقَلَانِيُّ قَالَ: نا رِشْدِينُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ عُمَرَ، مَوْلَى غُفْرَةَ، عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْحُبُلِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ: قَالُوا: يَا رَسُولَ اللَّهِ، إِنَّ الْمُؤَذِّنِينَ يَفْضُلُونَا قَالَ: قُولُوا كَمَا يَقُولُ الْمُؤَذِّنُ، فَإِذَا فَرَغْتُمْ فَسَلُوا تُعْطَوْا

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! مؤذن ہم سے فضیلت لے گئے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم بھی وہی کلمات کہو جو مؤذن کہتا ہے' جب اذان سن کر فارغ ہو جاؤ تو اللہ عزوجل سے مانگو تم کو عطا کیا جائے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُمَرَ مَوْلَى غُفْرَةَ إِلَّا رِشْدِينُ

یہ حدیث عمر سے اُن کے غلام غفرہ سے صرف رشدین ہی روایت کرتے ہیں۔

**3094** - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا عَمْرُو بْنُ هَاشِمٍ الْبَيْرُوتِيُّ، عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ قَالَ: حَدَّثَنِي سُلَيْمَانُ بْنُ حَبِيبٍ الْمُحَارِبِيُّ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ الْبَاهِلِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ثَلَاثٌ مَنْ كَانَ فِي وَاحِدَةٍ مِنْهُنَّ كَانَ ضَامِنًا عَلَى اللَّهِ: مَنْ خَرَجَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ، كَانَ ضَامِنًا عَلَى اللَّهِ إِنْ تَوَفَّاهُ أَدْخَلَهُ الْجَنَّةَ، وَإِنْ رَدَّهُ إِلَى أَهْلِهِ فَبِمَا نَالَ مِنْ أَجْرٍ وَغَنِيمَةٍ، وَرَجُلٌ كَانَ فِي الْمَسْجِدِ، فَهُوَ ضَامِنٌ إِنْ تَوَفَّاهُ أَدْخَلَهُ الْجَنَّةَ، وَإِنْ رَدَّهُ إِلَى أَهْلِهِ فَبِمَا نَالَ مِنْ أَجْرٍ وَغَنِيمَةٍ، وَرَجُلٌ دَخَلَ بَيْتَهُ لِيَنَامَ فَهُوَ ضَامِنٌ عَلَى اللَّهِ

حضرت ابوامامہ الباہلی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تین چیزیں جس میں ہوں' اللہ اُس کا ضامن ہے' جو اللہ کی راہ میں نکلے تو اللہ اُس کا ضامن ہے اگر وہ مر جائے' اللہ عزوجل اس کو جنت میں داخل کرے گا اگرچہ اسے گھر والوں کی طرف لوٹا دیا جائے' بدلے اس کے جو اجر اور غنیمت اس کو ملتی تھی۔ ایک وہ آدمی جو مسجد میں ہو' وہ اس کی ضمانت میں ہے' اگر مر گیا تو اللہ عزوجل اس کو جنت میں داخل کرے گا جو اجر وثواب ملا ہے اس کے اہل خانہ کی طرف لوٹا دیا جاتا ہے' ایک وہ آدمی جو اپنے گھر میں سونے کے لیے داخل ہو تو وہ اللہ کی ضمانت میں ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ حَبِيبٍ إِلَّا الْأَوْزَاعِيُّ

یہ حدیث سلیمان بن حبیب سے صرف اوزاعی ہی روایت کرتے ہیں۔

**3095** - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا عَمْرُو بْنُ هَاشِمٍ الْبَيْرُوتِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس نے نماز وقت پر پڑھی اور

3093- أخرجه أبو داؤد في الصلاة جلد 1 صفحه 142 رقم الحديث: 524، وأحمد في المسند جلد 2 صفحه 232 رقم الحديث: 6609 .

اَبِی الْجَوْنِ الْعَنْسِیُّ، عَنْ عَبَّادِ بْنِ كَثِيرٍ الْبَصْرِیِّ، عَنْ اَبِی عُبَیْدَةَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ صَلَّى الصَّلَاةَ لِوَقْتِهَا، وَاَسْبَغَ لَهَا وُضُوئَهَا، وَاَتَمَّ لَهَا قِيَامَهَا وَخُشُوعَهَا وَرُكُوعَهَا وَسُجُودَهَا خَرَجَتْ وَهِیَ بَيْضَاءُ مُسْفِرَةٌ، تَقُولُ: حَفِظَكَ اللّٰهُ كَمَا حَفِظْتَنِی، وَمَنْ صَلَّى الصَّلَاةَ لِغَيْرِ وَقْتِهَا فَلَمْ يُسْبِغْ لَهَا وُضُوئَهَا، وَلَمْ يُتِمَّ لَهَا خُشُوعَهَا وَلَا رُكُوعَهَا وَلَا سُجُودَهَا خَرَجَتْ وَهِیَ سَوْدَاءُ مُظْلِمَةٌ، تَقُولُ: ضَيَّعَكَ اللّٰهِ كَمَا ضَيَّعْتَنِی، حَتَّى اِذَا كَانَتْ حَيْثُ شَاءَ اللّٰهُ لُفَّتْ كَمَا يُلَفُّ الثَّوْبُ الْخَلَقُ، ثُمَّ ضُرِبَ بِهَا وَجْهُهُ

مکمل وضو کیا نماز کے لیے' قیام اور خشوع اور رکوع وسجود مکمل کیا' اس سے ایک سفیدی نکلتی ہے' وہ کہتی ہے: اللہ عزوجل تیری حفاظت کرے جس طرح تُو نے میری حفاظت کی ہے' جس نے وقت کے علاوہ نماز پڑھی اور وضو بھی مکمل نہیں کیا اور خشوع اور رکوع بھی مکمل نہیں کیا اور سجدہ بھی مکمل نہ کیا تو اس سے ایک کالا دانہ نکلتا ہے' وہ کہتا ہے: اللہ عزوجل تجھے ضائع کرے جس طرح تُو نے مجھے ضائع کیا' یہاں تک کہ اگر اللہ چاہے تو اس کو ایک کپڑے میں لپیٹ کر اس کے چہرے پر مار دے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ حُمَيْدٍ الطَّوِيلِ، عَنْ اَنَسٍ اِلَّا عَبَّادُ بْنُ كَثِيرٍ، تَفَرَّدَ بِهِ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ سُلَيْمَانَ، وَاَبُو عُبَيْدَةَ هُوَ حُمَيْدٌ الطَّوِيلُ

یہ حدیث حمید الطّویل' حضرت انس سے' اور حمید الطّویل سے عباد بن کثیر روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عبدالرحمٰن بن سلیمان اور ابوعبیدہ اکیلے روایت کرنے والے ہیں' ابوعبیدہ سے مراد حمید الطّویل ہیں۔

**3096** - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا عَمْرُو بْنُ هَاشِمٍ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ شُعَيْبِ بْنِ شَابُورَ قَالَ: حَدَّثَنِی يَحْيَى بْنُ الْحَارِثِ الذِّمَارِیُّ، عَنْ عَلِیِّ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ اَبِی اُمَامَةَ الْبَاهِلِیِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ قَالَ حِينَ يُصْبِحُ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ: اللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ لَا اِلٰهَ اِلَّا

حضرت ابوامامہ الباہلی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے صبح کے وقت تین مرتبہ ''اللّٰهم لَكَ الْحَمْدُ اِلٰی آخرہٖ'' پڑھی' اگر اس دن وہ مر گیا تو اللہ عزوجل اس کو جنت میں داخل کرے گا' اگر اس نے شام کے وقت تین مرتبہ ''اللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ، اَنْتَ رَبِّی، وَاَنَا عَبْدُكَ، آمَنْتُ بِكَ

**3096**- أخرجه أيضًا الكبير جلد 8 صفحه 231 . وقال الحافظ الهيثمی فی المجمع جلد 10 صفحه 117: وفيه علی بن يزيد وهو ضعيف .

اَنْتَ، اَنْتَ رَبِّي، وَاَنَا عَبْدُكَ، آمَنْتُ بِكَ مُخْلِصًا لَكَ دِينِي، اَصْبَحْتُ عَلَى عَهْدِكَ وَوَعْدِكَ مَا اسْتَطَعْتُ، اَتُوبُ اِلَيْكَ مِنْ شَرِّ عَمَلِي، وَاَسْتَغْفِرُكَ لِذُنُوبِي الَّتِي لَا يَغْفِرُهَا اِلَّا اَنْتَ، فَاِنْ مَاتَ فِي ذَلِكَ الْيَوْمِ دَخَلَ الْجَنَّةَ، وَاِنْ قَالَ حِينَ يُمْسِي ثَلَاثَ مَرَّاتٍ: اللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ لَا اِلَهَ اِلَّا اَنْتَ، اَنْتَ رَبِّي، وَاَنَا عَبْدُكَ، اَمْسَيْتُ عَلَى عَهْدِكَ وَوَعْدِكَ مَا اسْتَطَعْتُ، اَتُوبُ اِلَيْكَ مِنْ شَرِّ عَمَلِي، وَاَسْتَغْفِرُكَ لِذُنُوبِي الَّتِي لَا يَغْفِرُهَا اِلَّا اَنْتَ، فَمَاتَ فِي تِلْكَ اللَّيْلَةِ دَخَلَ الْجَنَّةَ . ثُمَّ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَحْلِفُ مَا لَا يَحْلِفُ عَلَى غَيْرِهِ، يَقُولُ: وَاللّٰهِ مَا قَالَهَا عَبْدٌ فِي يَوْمٍ حِينَ يُصْبِحُ فَيَمُوتُ فِي ذَلِكَ الْيَوْمِ اِلَّا دَخَلَ الْجَنَّةَ، وَاِنْ قَالَهَا حِينَ يُمْسِي فَتُوُفِّيَ فِي تِلْكَ اللَّيْلَةِ دَخَلَ الْجَنَّةَ

مُخْلِصًا لَكَ دِينِي، اَصْبَحْتُ عَلَى عَهْدِكَ وَوَعْدِكَ مَا اسْتَطَعْتُ، اَتُوبُ اِلَيْكَ مِنْ شَرِّ عَمَلِي، وَاَسْتَغْفِرُكَ لِذُنُوبِي الَّتِي لَا يَغْفِرُهَا اِلَّا اَنْتَ، فَاِنْ مَاتَ فِي ذَلِكَ الْيَوْمِ دَخَلَ الْجَنَّةَ، وَاِنْ قَالَ حِينَ يُمْسِي ثَلَاثَ مَرَّاتٍ: اللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ لَا اِلَهَ اِلَّا اَنْتَ، اَنْتَ رَبِّي، وَاَنَا عَبْدُكَ، اَمْسَيْتُ عَلَى عَهْدِكَ وَوَعْدِكَ مَا اسْتَطَعْتُ، اَتُوبُ اِلَيْكَ مِنْ شَرِّ عَمَلِي، وَاَسْتَغْفِرُكَ لِذُنُوبِي الَّتِي لَا يَغْفِرُهَا اِلَّا اَنْتَ ''پڑھا' اگر اس رات وہ مر گیا تو اللہ عزوجل اس کو جنت میں داخل کرے گا' پھر حضور ﷺ قسم اُٹھاتے تھے حالانکہ آپ اس کے علاوہ پر قسم نہیں اُٹھاتے تھے۔ فرماتے: اللہ کی قسم! جو بندہ صبح کے وقت یہ کہہ لے اور اس دن مر جائے تو اللہ عزوجل اس کو جنت میں داخل کرے گا اور اگر شام کے وقت پڑھے اور اس رات مر گیا تو وہ جنت میں داخل ہوگا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَحْيَى بْنِ الْحَارِثِ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ شُعَيْبٍ، تَفَرَّدَ بِهِ عَمْرُو بْنُ هَاشِمٍ

یہ حدیث یحییٰ بن حارث سے صرف محمد بن شعیب ہی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عمرو بن ہاشم اکیلے ہیں۔

**3097** - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ قَالَ: نا اَبُو مُعَاوِيَةَ قَالَ: نا هِلَالُ بْنُ عَامِرٍ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ النَّاسَ بِمِنًى عَلَى بَغْلَةٍ، عَلَيْهِ بُرْدٌ اَخْضَرُ، وَرَجُلٌ مِنْ اَهْلِ بَدْرٍ بَيْنَ يَدَيْهِ يُعَبِّرُ عَنْهُ، فَجِئْتُ حَتَّى اَدْخَلْتُ يَدَيَّ بَيْنَ قَدَمَيْهِ وَشِرَاكِهِ،

حضرت ہلال بن عامر کے والد محترم فرماتے ہیں کہ میں نے رسول کریم ﷺ کو اپنی سواری پر سوار منیٰ کے مقام پر لوگوں کو خطبہ دیتے ہوئے سنا اس حالت میں کہ آپ پر سبز چادر تھی' بدری صحابہ میں سے ایک آدمی آپ کے سامنے ترجمانی کر رہا تھا۔ سو میں آیا یہاں تک کہ اپنے ہاتھوں کو آپ کے قدموں اور تسموں میں داخل کر

فَجَعَلْتُ اَعْجَبُ مِنْ بَرْدِهَا

دیا' سو میں ان کی ٹھنڈک سے خوش ہوا تھا۔

لَمْ يَرْوِ عَامِرٌ اَبُو هِلَالٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدِيثًا غَيْرَ هٰذَا

اس حدیث کے علاوہ حضرت عامر ابو ہلال' نبی کریم ﷺ سے کوئی حدیث روایت نہیں کرتے۔

**3098** - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ قَالَ: نا اَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنْ حَجَّاجِ بْنِ اَرْطَاةَ، عَنِ الْحَكَمِ بْنِ عُتَيْبَةَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ الْجَزَّارِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى فِي فَضَاءٍ، لَيْسَ بَيْنَ يَدَيْهِ شَيْءٌ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے کھلے میدان میں نماز پڑھی اور آپ کے آگے کوئی شی نہیں تھی۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ يَحْيَى بْنِ الْجَزَّارِ اِلَّا الْحَجَّاجُ وَرَوَاهُ هُرَيْرُ بْنُ سُفْيَانَ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ مِقْسَمٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، وَرَوَاهُ اِسْمَاعِيلُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ مُجَاهِدٍ

یہ حدیث حکم' یحییٰ بن جزار سے اور حکم سے صرف حجاج ہی روایت کرتے ہیں اور ہریر بن سفیان' حکم سے' وہ مقسم سے' وہ حضرت ابن عباس سے روایت کرتے ہیں۔ اسماعیل بن مسلم' حکم سے' وہ مجاہد سے روایت کرتے ہیں۔

**3099** - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ قَالَ: نا اَبُو بَحْرِيَّةَ، عَنْ اَبِي بَكْرٍ الْهُذَلِيِّ، عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ، عَنْ تَمِيمٍ الدَّارِيِّ قَالَ: قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنَّ اُنَاسًا يُحِبُّونَ اَسْنِمَةَ الْاِبِلِ وَاَذْنَابَ الْغَنَمِ وَهِيَ اَحْيَاءٌ؟ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا قُطِعَ مِنَ الْبَهِيمَةِ وَهِيَ حَيَّةٌ فَهِيَ مَيْتَةٌ

حضرت تمیم الداری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! کچھ اونٹ کی کوہان اور بکریوں کی دُم کاٹتے ہیں زندہ حالت میں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: جس جانور سے کچھ زندہ حالت میں کاٹا جائے تو وہ مردار ہوتا ہے۔

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ تَمِيمٍ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ اَبُو بَكْرٍ

یہ حدیث تمیم سے اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں ابوبکر اکیلے ہیں۔

---

3098- أخرجه أحمد في المسند جلد1صفحه294 رقم الحديث: 1970 .

3099- أخرجه ابن ماجة في الصيد جلد 2صفحه1073 رقم الحديث: 3217' وقال ابن ماجة في الزوائد: في اسناده عبد الرحمٰن بن زيد أسلم' وهو ضعيف .

**3100** - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا شُعَيْبُ بْنُ يَحْيَى قَالَ: نا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ هُرْمُزَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ سَأَلَهُ جَارُهُ أَنْ يَغْرِزَ خَشَبَةً فِي جِدَارِهِ فَلَا يَمْنَعْهُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو اپنے پڑوسی سے اس کی دیوار پر گاڈر رکھنے کی اجازت مانگے' اس کو رکھنے سے منع نہ کرے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ إِلَّا اللَّيْثُ، وَلَا عَنِ اللَّيْثِ إِلَّا شُعَيْبٌ

یہ حدیث زہری سے لیث اور لیث سے صرف شعیب ہی روایت کرتے ہیں۔

**3101** - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ سُلَيْمَانَ الْمِصْرِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ زِيَادٍ الرَّصَاصِيُّ قَالَ: نا شُعْبَةُ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ خُمَيْرٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا وُلِدَتِ الْجَارِيَةُ بَعَثَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ إِلَيْهَا مَلَكًا يَزُفُّ الْبَرَكَةَ زَفًّا يَقُولُ: ضَعِيفَةٌ خَرَجَتْ مِنْ ضَعِيفٍ، الْقَيِّمُ عَلَيْهَا مُعَانٌ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ، وَإِذَا وُلِدَ الْغُلَامُ بَعَثَ اللَّهُ إِلَيْهِ مَلَكًا مِنَ السَّمَاءِ، فَقَبَّلَ بَيْنَ عَيْنَيْهِ، وَقَالَ: اللَّهُ يُقْرِئُكَ السَّلَامَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب بچی پیدا ہوتی ہے تو اللہ عزوجل ایک فرشتہ بھیجتا ہے' اس کو برکت سے ملتا ہے' کہتا ہے: کمزور کمزور سے نکلی ہے' اس کی مدد کے لیے قیامت کے دن کھڑے رہتے ہیں' جب بچہ پیدا ہوتا ہے تو اللہ عزوجل آسمان سے فرشتہ بھیجتا ہے' وہ اس کی دونوں آنکھوں کے درمیان بوسہ لیتا ہے اور کہتا ہے: اللہ آپ کو سلام کہہ رہا تھا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ شُعْبَةَ إِلَّا عَبْدُ الرَّحْمَنِ، تَفَرَّدَ بِهِ عَبْدُ اللَّهِ

یہ حدیث شعبہ سے صرف عبدالرحمٰن ہی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عبداللہ اکیلے ہیں۔

**3102** - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْبَرَاءِ بْنِ النَّضْرِ بْنِ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: نا شُعْبَةُ بْنُ

حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے آگے بیٹھا ہوا تھا' آپ عافیت کا ذکر کر

---

**3100**- تقدم تخقيقه برقم **3080**.

**3101**- وقال الحافظ الهيثمي جلد **8** صفحه **159**: رواه الأوسط في شيخه لكن لم ينسبه عن عبد الله بن سليمان المصرى ولم أعرفهما' وبقية رجاله ثقات.

**3102**- أخرجه أيضًا الصغير جلد **1** صفحه **110** وعزاه الحافظ الهيثمي في المجمع جلد **2** صفحه **293** أيضًا للكبير' وقال: وفيه ابراهيم بن البراء بن النضر وهو ضعيف.

الْحَجَّاجِ، عَنِ الْحَكَمِ بْنِ عُتَيْبَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ قَالَ: كُنْتُ جَالِسًا بَيْنَ يَدَيِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَذْكُرُ الْعَافِيَةَ، وَمَا أَعَدَّ اللَّهُ لِصَاحِبِهَا مِنْ عَظِيمِ الثَّوَابِ إِذَا هُوَ شَكَرَ، وَيَذْكُرُ الْبَلَاءَ، وَمَا أَعَدَّ اللَّهُ لِصَاحِبِهِ مِنْ عَظِيمِ الثَّوَابِ إِذَا هُوَ صَبَرَ. فَقُلْتُ: بِأَبِي وَأُمِّي يَا رَسُولَ اللَّهِ، لَأَنْ أُعَافَى فَأَشْكُرَ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ أَنْ أُبْتَلَى فَأَصْبِرَ، فَقَالَ لِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَرَسُولُ اللَّهِ يُحِبُّ مَعَكَ الْعَافِيَةَ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ شُعْبَةَ إِلَّا إِبْرَاهِيمُ، تَفَرَّدَ بِهِ بَكْرٌ

رہے تھے اور جو اللہ نے عافیت کہنے والے کے ثواب کو تیار کر کے رکھا ہے اس کا ذکر کر رہے تھے جب وہ شکر ادا کرتا ہے اور آزمائش کا ذکر کر رہے تھے اور اس کا جو اللہ عزوجل نے آزمائش والے کے لیے تیار کر کے رکھا ہے بشرطیکہ وہ صبر کرتا ہے۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں! مجھے عافیت اور شکر زیادہ پسند ہے کہ میں آزمایا جاؤں اور صبر کروں۔ مجھے حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ کا رسول آپ کے ساتھ عافیت کو پسند کرتا ہے۔

یہ حدیث شعبہ سے صرف ابراہیم روایت کرتے ہیں اس کو روایت کرنے میں بکرا کیلے ہیں۔

**3103** - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْبَرَاءِ بْنِ النَّضْرِ بْنِ أَنَسٍ قَالَ: نا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ أَبِي مَسْعُودٍ الْأَنْصَارِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ لِلَّهِ عَزَّ وَجَلَّ عِبَادًا يُحْيِيهِمْ فِي عَافِيَةٍ، وَيُمِيتُهُمْ فِي عَافِيَةٍ، وَيَبْعَثُهُمْ فِي عَافِيَةٍ، وَيُدْخِلُهُمُ الْجَنَّةَ فِي عَافِيَةٍ

حضرت ابومسعود انصاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل کے کچھ بندے ہیں وہ عافیت میں زندہ رہتے ہیں اور عافیت میں مرتے ہیں اور عافیت پر اُٹھائے جائیں گے اور جنت میں عافیت کے ساتھ داخل ہوں گے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْأَعْمَشِ إِلَّا حَمَّادٌ، وَلَا يُرْوَى، عَنْ أَبِي مَسْعُودٍ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ وَلَا يُحْفَظُ لِحَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ إِلَّا هَذَا الْحَدِيثُ وَقَدْ رَوَى حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنِ الْحَجَّاجِ بْنِ أَرْطَاةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، وَلَا يُنْكَرُ أَنْ يَكُونَ قَدْ سَمِعَ مِنَ الْأَعْمَشِ، لِأَنَّهُ قَدْ رَوَى عَنْ جَمَاعَةٍ مِنَ

یہ حدیث اعمش سے حماد روایت کرتے ہیں اور ابومسعود سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔ حماد بن سلمہ اعمش سے اس حدیث کو یاد رکھتے ہیں۔ حماد بن سلمہ نے حجاج بن ارطاۃ سے وہ اعمش سے۔ کسی نے بھی انکار نہیں کیا کہ حجاج نے اعمش سے نہیں سنا ہے۔ کوفہ کی ایک جماعت نے روایت کیا ہے ان میں سے سلمہ بن کہیل

الْكُوفِيِّينَ، مِنْهُمْ: سَلَمَةُ بْنُ كُهَيْلٍ، وَحَمَّادُ بْنُ أَبِي سُلَيْمَانَ، وَعَاصِمُ ابْنُ بَهْدَلَةَ، وَأَبُو حَمْزَةَ الْأَعْوَرُ وَغَيْرُهُمْ.

حماد بن ابی سلیمان اور عاصم بن بہدلہ ابوحمزہ الاعور ان کے علاوہ ہیں۔

**3104** - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا أَبُو عَطَاءٍ بِلَالُ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ صَالِحِ بْنِ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ رَاشِدٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ حَرْمَلَةَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ثَلَاثَةٌ لَا تُقْبَلُ لَهُمْ شَهَادَةُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ: الرَّاكِبُ وَالْمَرْكُوبُ، وَالرَّاكِبَةُ وَالْمَرْكُوبَةُ، وَالْإِمَامُ الْجَائِرُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تین آدمیوں کی لا الٰہ الا اللہ کی گواہی قبول نہیں کی جاتی: سوار ہونے والا مرد اور وہ مرد جس پر سوار ہوا جائے اور سوار عورت اور وہ مؤنث جس پر سوار ہوا جائے' ظالم بادشاہ کی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ حَرْمَلَةَ إِلَّا عُمَرُ بْنُ رَاشِدٍ، وَلَا عَنْ عُمَرَ إِلَّا صَالِحُ بْنُ أَبِي صَالِحٍ، تَفَرَّدَ بِهِ أَبُو عَطَاءٍ

یہ حدیث ابن حرملہ سے صرف عمر بن راشد اور عمر سے صرف صالح بن ابی صالح ہی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ابوعطاء اکیلے ہیں۔

**3105** - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ قَالَ: نا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ صَالِحٍ قَالَ: حَدَّثَنِي اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ قَالَ: حَدَّثَنِي خَالِدُ بْنُ يَزِيدَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي هِلَالٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ كَعْبٍ الْقُرَظِيِّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: أَتَى أَبُو طَلْحَةَ أُمَّ سُلَيْمٍ وَهِيَ أُمُّ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، وَأَبُو طَلْحَةَ رَابُّهُ، فَقَالَ: عِنْدَكِ يَا أُمَّ سُلَيْمٍ شَيْءٌ؟ فَإِنِّي مَرَرْتُ عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يُقْرِءُ أَصْحَابَ الصُّفَّةِ سُورَةَ النِّسَاءِ، وَقَدْ رَبَطَ عَلَى بَطْنِهِ حَجَرًا مِنَ الْجُوعِ فَقَالَتْ: كَانَ عِنْدِي شَيْءٌ مِنْ شَعِيرٍ فَطَحَنْتُهُ، ثُمَّ أَرْسَلَتْنِي إِلَى الْأَسْوَاقِ، وَالْأَسْوَاقُ حَوَائِطُ لَهُمْ، فَأَتَيْتُهُمْ بِشَيْءٍ مِنْ حَطَبٍ،

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ' حضرت اُم سلیم رضی اللہ عنہا کے پاس آئے (یہ حضرت انس رضی اللہ عنہ کی ماں تھیں) اور حضرت ابوطلحہ' حضرت انس کو پالنے والے ہیں۔ فرمایا: اے اُم سلیم! تیرے پاس (کھانے کی) کوئی شی ہے؟ کیونکہ میں رسول کریم ﷺ کے پاس سے گزرا ہوں جبکہ آپ اصحابِ صفہ کو سورۂ نساء پڑھا رہے تھے اور بھوک کی وجہ سے اپنے پیٹ پر پتھر باندھا ہوا تھا۔ انہوں نے جواب دیا: میرے پاس تھوڑے سے جَو ہیں۔ پس انہوں نے پیسا پھر مجھے بازار بھیجا جبکہ اُس وقت کے بازار بس چار دیواری کی طرح ہوتے تھے۔ میں ان کے

فَجَعَلَتْ مِنْهُ قُرْصًا، ثُمَّ قَالَ: اَعِنْدَكِ اُدْمٌ؟ فَقَالَتْ: كَانَ عِنْدِي نِحْيٌ فِيهِ سَمْنٌ، فَلَا اَدْرِي اَبَقِيَ فِيهِ شَيْءٌ فَاَتَيْتُهُ بِهِ، فَعَصَرْتُهُ، فَقَالَ: اِنَّ عَصْرَ اثْنَيْنِ اَبْلَغُ مِنْ عَصْرِ وَاحِدٍ، فَعَصَرَا جَمِيعًا، فَاَخْرَجَا مِنْهُ مِثْلَ التَّمْرَةِ، فَدَهَنَتْ بِهِ الْقُرْصَ، ثُمَّ دَعَانِي، فَقَالَ: يَا اَنَسُ، تَحَرَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْتُ: نَعَمْ، فَقَالَ: اِنِّي قَدْ تَرَكْتُهُ مَعَ اَصْحَابِ الصُّفَّةِ يُقْرِئُهُمْ، فَادْعُهُ وَلَا تَدْعُ مَعَهُ غَيْرَهُ، انْظُرْ اَنْ لَا تَفْضَحَنِي فَاَتَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا رَآنِي قَالَ: لَعَلَّ اَبَاكَ اَرْسَلَكَ اِلَيْنَا؟ قُلْتُ: نَعَمْ، فَقَالَ لِلْقَوْمِ: انْطَلِقُوا ، فَانْطَلَقُوا يَوْمَئِذٍ وَهُمْ ثَمَانُونَ رَجُلًا، فَاَمْسَكَ بِيَدِي، فَلَمَّا دَنَوْتُ مِنَ الدَّارِ نَزَعْتُ يَدِي مِنْ يَدِهِ، فَجَعَلَ اَبُو طَلْحَةَ يَطْلُبُنِي فِي الدَّارِ، وَيَرْمِينِي بِالْحِجَارَةِ، وَيَقُولُ: فَضَحْتَنِي عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ اِنَّهُ خَرَجَ اِلَيْهِ، فَاَخْبَرَهُ الْخَبَرَ، فَقَالَ: لَا يَضُرُّكَ ، فَاَمَرَهُمْ، فَجَلَسُوا، ثُمَّ دَخَلَ فَاَتَيْنَاهُ بِالْقُرْصِ، فَقَالَ: هَلْ مِنْ اُدْمٍ؟ فَقَالَتْ اُمُّ سُلَيْمٍ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قَدْ كَانَ عِنْدَنَا نِحْيٌ، وَقَدْ عَصَرْتُهُ اَنَا وَاَبُو طَلْحَةَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هَلُمُّوا، فَاِنَّ عَصْرَ الثَّلَاثَةِ اَبْلَغُ مِنْ عَصْرِ الِاثْنَيْنِ فَاُتِيَ بِهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَعَصَرَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَعَهُمَا، فَاَخْرَجُوا مِنْهُ مِثْلَ التَّمْرَةِ، فَمَسَحُوا بِهَا الْقُرْصَ، فَمَسَحَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

پاس ایندھن لایا' انہوں نے اس سے ٹکیاں بنائیں۔ پھر کہا: کیا تیرے پاس سالن ہے؟ انہوں نے جواب دیا: میرے پاس ایک مشک ہے جس میں گھی ہے۔ مجھے معلوم نہیں کہ اس میں کوئی شی باقی تھی یا نہیں' میں اسے لایا تو میں نے اسے نچوڑا۔ کہا: دو کا نچوڑنا ایک کے نچوڑنے سے بہتر ہے۔ پس ہم دونوں نے اکٹھے نچوڑا' پس اس سے کھجور کے برابر کچھ نکلا۔ انہوں نے ٹکیوں کو گھی لگایا' پھر حضرت ابوطلحہ نے مجھے بلا کر فرمایا: اے انس! صرف رسول کریم ﷺ کو کھلانے کی کوشش کرنا۔ میں نے عرض کی: جی ہاں! انہوں نے فرمایا: میں جب حضور ﷺ کے پاس سے آیا تو آپ اصحابِ صفہ کے ساتھ بیٹھے پڑھا رہے تھے۔ بس صرف حضور ﷺ کو بلا کر پیش کرنا' آپ کے علاوی کسی کو ساتھ نہ بلانا' خیال کرنا' مجھے رسول کریم ﷺ کے سامنے رسوا نہ کرنا۔ میں رسول کریم ﷺ کی خدمت میں آیا' پس جب آپ ﷺ نے مجھے دیکھا تو فرمایا: شاید تیرے باپ نے تجھے ہماری طرف بھیجا ہے؟ میں نے عرض کی: ہاں! آپ نے سب گروہ کو فرمایا: چلو! (کھانا آ گیا ہے) پس وہ اُٹھ کر چل دیئے جبکہ اس دن وہ اسی کے قریب تھے۔ حضور ﷺ نے میرا ہاتھ پکڑ لیا' پس جب میں گھر کے قریب ہوا تو میں نے اپنا ہاتھ آپ کے ہاتھ سے کھینچ لیا۔ پس حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ مجھے گھر میں تلاش کرنے لگے او رمیری طرف پتھر پھینکتے ہوئے کہہ رہے تھے: تُو نے رسول کریم ﷺ کے سامنے مجھے رسوا کر دیا ہے۔ پھر حضور ﷺ کی بارگاہ میں آئے

وَسَلَّمَ بِيَدِهِ، ثُمَّ دَعَا فِيهِ بِالْبَرَكَةِ، ثُمَّ قَالَ: ادْعُوا إِلَى عَشَرَةٍ، فَدَعَوْتُ عَشَرَةً، فَأَكَلُوا حَتَّى تَجَشَّئُوا شِبَعًا، فَمَا زَالُوا يَدْخُلُونَ عَشَرَةً عَشَرَةً حَتَّى شَبِعُوا، ثُمَّ جَلَسَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَجَلَسْنَا مَعَهُ، فَأَكَلْنَا حَتَّى فَضَلَ لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدُ بْنُ كَعْبٍ إِلَّا سَعِيدٌ، وَلَا عَنْ سَعِيدٍ إِلَّا خَالِدٌ، تَفَرَّدَ بِهِ اللَّيْثُ

اور ساری بات بتا دی۔ آپ نے فرمایا: تمہیں کوئی نقصان نہ ہوگا۔ پس آپ نے انہیں بیٹھنے کا حکم دیا' وہ بیٹھ گئے۔ پھر حضور ﷺ تشریف لائے تو ہم نے آپ کی خدمت میں ٹکیاں پیش کیں تو آپ نے فرمایا: کیا سالن ہے؟ حضرت اُم سلیم رضی اللہ عنہا نے عرض کی: ہمارے پاس مشک ہے' میں نے اور ابوطلحہ نے اسے خوب نچوڑا ہے۔ تو آپ نے فرمایا: تین کا نچوڑنا' دو کے نچوڑنے سے بہتر ہے۔ وہ حضور ﷺ کی خدمت میں پیش کی گئی' پس ان دونوں کے ساتھ آپ ﷺ نے بھی اس کو نچوڑا تو سب نے مل کر اس میں سے کھجور کے برابر کچھ نکالا۔ پس سب نے اپنے ہاتھ ٹکیوں پر ملے اور رسول کریم ﷺ نے بھی اپنے مبارک ہاتھ ملے۔ پھر اس میں برکت کی دعا کی' پھر فرمایا: میری طرف دس کو بلاؤ! پس میں نے دس کو بلایا۔ پس انہوں نے خوب سیر ہو کر کھایا' پس اسی طرح دس دس آ کر داخل ہوتے رہے اور کھاتے رہے یہاں تک کہ سارے سیر ہو گئے' پھر رسول کریم ﷺ بیٹھ گئے' ہم بھی آپ کے ساتھ مل کر بیٹھ گئے' ہم سب نے مل کر خوب سیر ہو کر کھایا پھر بھی بچ گیا۔ یہ حدیث محمد بن کعب سے صرف سعید اور سعید سے صرف خالد ہی روایت کرتے ہیں۔ اس حدیث کو روایت کرنے میں لیث منفرد ہیں۔

**3106** - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا شُعَيْبُ بْنُ يَحْيَى قَالَ: نا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ الْأَنْصَارِيُّ، عَنْ سَعْدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ شُعْبَةَ، عَنْ أَبِيهِ

حضرت عروہ بن مغیرہ بن شعبہ اپنے والد مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ سے' وہ حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ قضاء حاجت کے لیے نکلے' آپ کے پیچھے مغیرہ برتن لے کر نکلے' اس میں پانی تھا' آپ نے

3106- أخرجه البخاري في الوضوء جلد1صفحه367 رقم الحديث:203' ومسلم في الطهارة جلد1صفحه228 .

الْمُغِيرَةِ بْنِ شُعْبَةَ، عَنْ رَسُولِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَنَّهُ خَرَجَ لِحَاجَتِهِ، وَتَبِعَهُ الْمُغِيرَةُ بِالْإِدَاوَةِ وَفِيهَا مَاءٌ فَأَخْرَجَ يَدَيْهِ مِنْ تَحْتِ فَرْوَةٍ، فَتَوَضَّأَ، وَمَسَحَ عَلَى خُفَّيْهِ

آستین سے ہاتھ نکالا اور وضو کیا اور دونوں موزوں پر مسح کیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَحْيَى إِلَّا اللَّيْثُ، وَمُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ

یہ حدیث یحییٰ سے لیث اور یحییٰ سے صرف محمد بن اسحاق ہی روایت کرتے ہیں۔

**3107** - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي السَّرِيِّ الْعَسْقَلَانِيُّ قَالَ: نا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ قَالَ: نا مُعَاوِيَةُ بْنُ سَعِيدٍ التُّجِيبِيُّ، عَنْ أَبِي قَبِيلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ مَاتَ فِي يَوْمِ الْجُمُعَةِ، أَوْ لَيْلَةَ الْجُمُعَةِ وُقِيَ فِتْنَةَ الْقَبْرِ

حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو جمعہ کے دن یا جمعہ کی رات کو مر گیا وہ عذاب کے فتنے سے بچا لیا گیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُعَاوِيَةَ إِلَّا الْوَلِيدُ

یہ حدیث معاویہ سے صرف لیث ہی روایت کرتے ہیں۔

**3108** - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ قَالَ: نا أَبُو مُعَاوِيَةَ مُحَمَّدُ بْنُ خَازِمٍ قَالَ: نا أَبُو إِسْحَاقَ الشَّيْبَانِيُّ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا حَسَّانُ، اهْجُ الْمُشْرِكِينَ، وَجِبْرِيلُ مَعَكَ

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اے حسان! مشرکوں کو ان کی برائی کر کے جواب دو! کیونکہ جبریل تمہارے ساتھ ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الشَّيْبَانِيِّ إِلَّا أَبُو مُعَاوِيَةَ

یہ حدیث شیبانی سے صرف ابومعاویہ ہی روایت کرتے ہیں۔

---

3107- أخرجه أحمد في المسند جلد2صفحه238 رقم الحديث: 6654 .

3108- أخرجه البخاري في بدء الخلق جلد6صفحه351 رقم الحديث: 3213' ومسلم في فضائل الصحابة جلد4 صفحه1933 .

**3109** - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ اَبِي جَعْفَرٍ الدِّمْيَاطِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الْمَجِيدِ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ اَبِي رَوَّادٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اَحَدَكُمْ لَنْ يَمُوتَ حَتَّى يَسْتَوْفِيَ رِزْقَهُ، فَلَا تَسْتَبْطِئُوا الرِّزْقَ، وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَجْمِلُوا فِي الطَّلَبِ، خُذُوا مَا حَلَّ وَدَعُوا مَا حَرَّمَ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تم میں ہرگز کوئی نہیں کہ جب تک اس کا رزق مکمل نہ ہو جائے' رزق کے لیے پریشان نہ ہوا کرو' اللہ سے ڈرو اور طلبِ رزق کے لیے کوشش کرو' جو حلال ہو اس کو لے لو اور جو حرام ہے اس کو چھوڑ دو۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ اِلَّا ابْنُ جُرَيْجٍ، وَلَا يُرْوَى عَنْ جَابِرٍ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ

یہ حدیث ابوزبیر سے صرف ابن جریج اور جابر سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔

**3110** - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي السَّرِيِّ الْعَسْقَلَانِيُّ قَالَ: نا آدَمُ بْنُ اَبِي اِيَاسٍ قَالَ: نا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِينَارٍ الشَّامِيِّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: سَدَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَاصِيَتَهُ، كَمَا يَسْدِلُ اَهْلُ الْكِتَابِ، ثُمَّ فَرَقَ بَعْدُ كَمَا تَفْرِقُ الْعَرَبُ، وَكَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا شَكَّ فِي اَمْرٍ يَعْمَلُهُ الْمُشْرِكُونَ، وَاَهْلُ الْكِتَابِ، مَا لَمْ يَاْتِ بِهِ وَحْيٌ، عَمِلَ بِعَمَلِ اَهْلِ الْكِتَابِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ پیشانی کے بالوں کو چھوڑتے تھے جس طرح کہ اہل کتاب چھوڑتے تھے' پھر آپ مانگ نکالتے تھے جس طرح کہ اہل کتاب نکالتے تھے' آپ ﷺ کو جب شک ہوتا کسی کام کے متعلق کہ مشرک اس پر عمل کرتے ہیں یا اہل کتاب تو جب تک وحی نہ آتی تھی آپ اہل کتاب کے مطابق عمل کرتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِينَارٍ

یہ حدیث عبداللہ بن دینار سے صرف اسماعیل اور

---

**3109**- أخرجه ابن ماجة في التجارات جلد2صفحه725 رقم الحديث: 2144: وقال ابن ماجة في الزوائد: اسناده ضعيف' لأن فيها الوليد بن مسلم وابن جريج . وكل منهما كان يدلس . وكذلك أبو الزبير' وقد عنعنوه لكن لم ينفرد به المصنف من حديث أبي الزبير عن جابر . فقد رواه ابن حبان في صحيحه' باسنادين عن جابر .

**3110**- أخرجه البخاري في اللباس جلد10صفحه374 رقم الحديث: 5917' ومسلم في الفضائل جلد4 صفحه1817 .

الْبَهْرَانِيِّ إِلَّا إِسْمَاعِيلُ، وَلَا عَنْ إِسْمَاعِيلَ إِلَّا آدَمُ، تَفَرَّدَ بِهِ مُحَمَّدٌ

اسماعیل سے صرف آدم ہی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں محمد اکیلے ہیں۔

**3111** - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ يُوسُفَ قَالَ: نا ابْنُ لَهِيعَةَ قَالَ: نا أَبُو الْأَسْوَدِ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الثَّيِّبُ تُسْتَأْمَرُ فِي نَفْسِهَا، فَإِنْ سَكَتَتْ فَهُوَ إِذْنُهَا، وَإِنْ أَبَتْ فَلَا جَوَازَ عَلَيْهَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ثیبہ سے نکاح کے وقت اجازت لی جائے گی' اگر خاموش رہے تو اس کی اجازت ہے' اگر اس کے انکار کیا تو اس کی طرف سے کوئی اجازت نہیں ہے۔

**3112** - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ يُوسُفَ قَالَ: نا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُتْبَةَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مِنْبَرِي عَلَى تُرْعَةٍ مِنْ تُرَعِ الْجَنَّةِ، وَمَا بَيْنَ الْمِنْبَرِ وَبَيْنَ بَيْتِ عَائِشَةَ رَوْضَةٌ مِنْ رِيَاضِ الْجَنَّةِ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میرا منبر جنت کی کیاریوں میں سے ایک کیاری پر ہے' میرے منبر سے لے کر حضرت عائشہ کے گھر تک جگہ جنت کے باغوں میں سے ایک باغ ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ إِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ، تَفَرَّدَ بِهِ ابْنُ لَهِيعَةَ

یہ حدیث عبیداللہ بن عبداللہ سے صرف محمد بن عبداللہ ہی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ابن لہیعہ اکیلے ہیں۔

**3113** - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ يُوسُفَ، وَشُعَيْبٌ، قَالَا: نا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي جَعْفَرٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: عَلَيْكُمْ بِالسِّوَاكِ، فَإِنَّهُ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تم پر مسواک لازم ہے کیونکہ مسواک رب کی رضا اور منہ کی پاکی کا ذریعہ ہے۔

---

3111- أخرجه البخاري في الحيل جلد12صفحه356 رقم الحديث: 6970' ومسلم في النكاح جلد2صفحه1036 .

3112- وذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد3صفحه12 وقال: وهو حديث حسن ان شاء الله .

3113- أخرجه أيضًا أحمد جلد 2صفحه108' وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 1صفحه223: وفيه ابن لهيعة وهو ضعيف .

مَرْضَاةٌ لِلرَّبِّ، مَطْيَبَةٌ لِلْفَمِ

**3114** - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ قَالَ: نا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ مُوسَى بْنِ وَرْدَانَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَعَنَ اللّٰهُ اَهْلَ الْقَدَرِ، الَّذِينَ يُكَذِّبُونَ بِقَدَرٍ، وَيُصَدِّقُونَ بِقَدَرٍ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ نے لعنت فرمائی قدریہ پر' جو کچھ تقدیر کو جھٹلاتے ہیں اور تقدیر کے کچھ حصے کی تصدیق کرتے ہیں' یا کبھی تقدیر کو جھٹلاتے ہیں اور کبھی تقدیر کی تصدیق کرتے ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُوسَى اِلَّا ابْنُ لَهِيعَةَ

یہ حدیث موسیٰ سے صرف ابن لہیعہ ہی روایت کرتے ہیں۔

**3115** - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: اَنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ قَالَ: نا ابْنُ لَهِيعَةَ قَالَ: نا يَزِيدُ بْنُ اَبِي حَبِيبٍ، وَيُونُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ: اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُكَبِّرُ يَوْمَ الْفِطْرِ وَالْاَضْحَى فِي الْاُولَى سَبْعًا، وَفِي الثَّانِيَةِ خَمْسًا، قَبْلَ الْقِرَائَةِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ عیدالفطر اور عیدالاضحیٰ کی پہلی رکعت میں سات اور دوسری میں قرأت سے پہلے پانچ تکبیریں کہتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ اِلَّا يُونُسُ، وَيَزِيدُ بْنُ اَبِي حَبِيبٍ، وَخَالِدُ بْنُ يَزِيدَ، تَفَرَّدَ بِهِ ابْنُ لَهِيعَةَ

یہ حدیث زہری سے صرف یونس اور یزید بن ابی حبیب اور خالد بن یزید روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ابن لہیعہ روایت کرتے ہیں۔

**3116** - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ قَالَ: نا ابْنُ لَهِيعَةَ قَالَ: نا الْحَارِثُ بْنُ يَزِيدَ قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا الْوَرْدِ يَقُولُ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ الزُّبَيْرِ يَقُولُ: اِنَّ تَشَهُّدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بِسْمِ اللّٰهِ وَبِاللّٰهِ خَيْرِ الْاَسْمَاءِ، التَّحِيَّاتُ لِلّٰهِ

حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ التحیات یوں پڑھتے تھے: ''بِسْمِ اللّٰهِ وَبِاللّٰهِ خَيْرِ الْاَسْمَاءِ، التَّحِيَّاتُ لِلّٰهِ الطَّيِّبَاتُ الصَّلَوَاتُ، اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ، وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ،

**3115**- اخرجه أحمد فى المسند جلد**2**صفحه**474** رقم الحديث: **8700**' والبيهقى فى سننه جلد **3**صفحه**405** رقم الحديث: **6174** قال ابن التركمان: مدار هذا الحديث على ابن لهيعة' وقد ضعفه جماعة . وقال البيهقى فى باب منع التطهير بالنبيذ . ضعيف الحديث لا يحتج به .

الطَّيِّبَاتُ الصَّلَوَاتُ، اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلَهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ، وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ، اَرْسَلَهُ بِالْحَقِّ بَشِيرًا وَنَذِيرًا، وَاَنَّ السَّاعَةَ آتِيَةٌ لَا رَيْبَ فِيهَا، السَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ، السَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلَى عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِينَ، اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِي وَاهْدِنِي. هَذَا فِي الرَّكْعَتَيْنِ الْاُولَيَيْنِ

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ ابْنُ لَهِيعَةَ

**3117** - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ، وَشُعَيْبُ بْنُ يَحْيَى، قَالَا: نا ابْنُ لَهِيعَةَ قَالَ: نا يَزِيدُ بْنُ اَبِي حَبِيبٍ، عَنْ سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ عَامَ بَنِي لَحْيَانَ: لِيَخْرُجْ مِنْ كُلِّ اثْنَيْنِ مِنْكُمْ رَجُلٌ، وَلْيَخْلُفِ الْغَازِي فِي اَهْلِهِ وَمَالِهِ، وَلَهُ مِثْلُ نِصْفِ اَجْرِهِ

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ اَبِي سَعِيدٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ ابْنُ لَهِيعَةَ

**3118** - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ، وَشُعَيْبُ بْنُ يَحْيَى قَالَا: نا ابْنُ لَهِيعَةَ قَالَ: نا زَبَّانُ بْنُ فَائِدٍ، عَنْ لَهِيعَةَ بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ رَبِيعَةَ الْحَضْرَمِيِّ قَالَ: سَمِعْتُ سَلَّامَةَ بْنَ قَيْصَرٍ يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ صَامَ يَوْمًا ابْتِغَاءَ وَجْهِ اللّٰهِ اَبْعَدَهُ اللّٰهُ مِنْ جَهَنَّمَ بُعْدَ غُرَابٍ طَارَ وَهُوَ فَرْخٌ حَتَّى مَاتَ هَرَمًا

اَرْسَلَهُ بِالْحَقِّ بَشِيرًا وَنَذِيرًا، وَاَنَّ السَّاعَةَ آتِيَةٌ لَا رَيْبَ فِيهَا، السَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ، السَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلَى عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِينَ، اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِي وَاهْدِنِي ''پہلی دو رکعتوں میں یعنی دو رکعتیں پڑھ کر۔

یہ حدیث عبداللہ بن زبیر سے اسی سند سے روایت ہے اس کو روایت کرنے میں ابن لہیعہ اکیلے ہیں۔

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: بنی لحیان کے سال تم میں سے دو آدمیوں سے ایک آدمی نکلے گا' اگر کوئی غازی کے گھر میں اس کے اہل خانہ کے پاس رہے تو اس کا آدھا ثواب جہاد کرنے والے کی طرح ہوگا۔

یہ حدیث ابوسعید سے اسی سند سے روایت ہے اس کو روایت کرنے میں ابن لہیعہ اکیلے ہیں۔

حضرت سلامہ بن قیصر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ جو ایک دن اللہ کی رضا کے لیے روزہ رکھتا ہے' اللہ عزوجل اس کو جہنم سے اتنا دور کر دیتا ہے جتنا ایک کوا جو بچپن کی حالت میں اُڑنا شروع کرے یہاں تک کہ بوڑھا ہو کر مر جائے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ سَلَامَةَ بْنِ قَيْصَرٍ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ ابْنُ لَهِيعَةَ

یہ حدیث سلامہ بن قیصر سے اسی سند سے روایت ہے اس کو روایت کرنے میں ابن لہیعہ اکیلے ہیں۔

**3119** - وَبِهِ نا زَبَّانُ بْنُ فَائِدٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ مُعَاذِ بْنِ اَنَسٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي الدَّرْدَاءِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اِنَّ الصُّدَاعَ وَالْمَلِيلَةَ لَا يَزَالَانِ بِالْمُؤْمِنِ، وَاِنَّ ذُنُوبَهُ مِثْلُ اُحُدٍ، فَمَا يَدَعَانِهِ وَعَلَيْهِ مِنَ الذُّنُوبِ مِثْقَالُ حَبَّةٍ مِنْ خَرْدَلٍ

حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ درد اور بخار دونوں مؤمن کے گناہ معاف کر دیتے ہیں اگرچہ ان کے گناہ اُحد پہاڑ کی مثل ہوں جب تندرست ہوتا ہے تو اس کے نامۂ اعمال میں کوئی گناہ رائی کے دانہ برابر بھی نہیں ہوتا ہے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ اَبِي الدَّرْدَاءِ اِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ ابْنُ لَهِيعَةَ

یہ حدیث ابودرداء سے اسی سند سے روایت ہے اس کو روایت کرنے میں ابن لہیعہ اکیلے ہیں۔

**3120** - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ قَالَ: نا خَالِدُ بْنُ يَزِيدَ بْنِ صُبَيْحٍ الْمُرِّيُّ قَالَ: نا يُونُسُ بْنُ مَيْسَرَةَ بْنِ حَلْبَسٍ، عَنْ اُمِّ الدَّرْدَاءِ، عَنْ اَبِي الدَّرْدَاءِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: فَرَغَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ اِلَى كُلِّ عَبْدٍ مِنْ خَلْقِهِ، مِنْ خَمْسٍ: مِنْ عَمَلِهِ، وَاَجَلِهِ، وَرِزْقِهِ، وَاَثَرِهِ، وَمَضْجَعِهِ

حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: ہر بندے کے حوالے سے اللہ تعالیٰ نے اس کی پیدائش کے وقت سے اس کی پانچ چیزیں لکھ دی ہیں: (۱) عمل (۲) عمر (۳) رزق (۴) اثر (۵) قبر۔

لَا يُرْوَى عَنْ اَبِي الدَّرْدَاءِ اِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ خَالِدٌ

حضرت ابوالدرداء سے اسی سند سے روایت ہے حضرت خالد اس کے ساتھ منفرد ہیں۔

**3121** - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ

حضرت عقبہ بن غزوان بنی مازن بن صعصعہ کے

---

3119- أخرجه أيضًا أحمد جلد5صفحه199 .

3120- أخرجه أيضًا أحمد جلد 5صفحه197، والبزار، وعزاه الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 7صفحه198 الى الكبير أيضًا وقال: أحد اسنادى أحمد رجاله ثقات .

3121- أخرجه أيضًا الكبير، وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد7صفحه285: رواه الطبراني عن شيخه بكر بن سهل، عن عبد الله بن يوسف، وكلاهما قد وثق، وفيهما خلاف . قلت: عبد الله بن يوسف هو التنيسي . قال الخليلي: ثقة متفق عليه، وقال الذهبي: الثقة شيخ البخاري، أساء ابن عدى بذكره في الكامل، وقال ابن حجر: ثقة متقن من أثبت

يُوسُفَ قَالَ: نا خَالِدُ بْنُ يَزِيدَ بْنِ صُبَيْحٍ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ اَبِى عَبْلَةَ، عَنْ عُتْبَةَ بْنِ غَزْوَانَ، اَخِى بَنِى مَازِنِ بْنِ صَعْصَعَةَ، وَكَانَ مِنَ الصَّحَابَةِ، اَنَّ نَبِىَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ وَرَائَكُمْ اَيَّامَ الصَّبْرِ، الْمُتَمَسِّكُ فِيهِنَّ يَوْمَئِذٍ بِمِثْلِ مَا اَنْتُمْ عَلَيْهِ لَهُ كَاَجْرِ خَمْسِينَ مِنْكُمْ، قَالُوا: يَا نَبِىَّ اللّٰهِ، اَوَمِنْهُمْ؟ قَالَ: لَا، بَلْ مِنْكُمْ، قَالُوا: يَا نَبِىَّ اللّٰهِ، اَوَمِنْهُمْ؟ قَالَ: لَا، بَلْ مِنْكُمْ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، اَوْ اَرْبَعًا

بھائی ہیں' یہ صحابی ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تمہارے پیچھے صبر کرنے کے دن ہیں' ان دنوں میں دین پر ثابت قدم رہنے والے کو ثواب اتنا ملے گا جتنا تم میں آج کوئی پچاس آدمی نیکی کرتے ہیں۔ صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا آپ ان میں شامل ہوں گے؟ آپ نے فرمایا: نہیں! بلکہ تم میں ہوں گے۔ صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا آپ ان میں سے ہوں گے؟ فرمایا: تم میں سے ہوں گے' تین مرتبہ یا چار مرتبہ فرمایا۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ عُتْبَةَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ اِبْرَاهِيمُ بْنُ اَبِى عَبْلَةَ

یہ حدیث عتبہ سے اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے والے ابراہیم بن ابی علیہ اکیلے ہیں۔

**3122** - وَبِهِ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ اَبِى عَبْلَةَ، اَنَّ مَرْوَانَ بْنَ الْحَكَمِ سَاَلَ اَبَا هُرَيْرَةَ: هَلْ سَمِعْتَ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَيْئًا فِى الصَّلَاةِ عَلَى الْجِنَازَةِ؟ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اللّٰهُمَّ اَنْتَ خَلَقْتَهُ، وَاَنْتَ هَدَيْتَهُ اِلَى الْاِسْلَامِ، وَاَنْتَ قَبَضْتَ رُوحَهُ، وَاَنْتَ اَعْلَمُ بِسِرِّهِ وَعَلَانِيَتِهِ، جِئْنَاكَ شُفَعَاءَ، فَاغْفِرْ لَهُ وَارْحَمْهُ

حضرت ابراہیم بن ابی علیہ فرماتے ہیں کہ مروان بن حکم نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے پوچھا: کیا آپ نے رسول اللہ ﷺ سے نمازِ جنازہ کے متعلق کوئی شی سنی ہے؟ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ اے اللہ! تو نے اس کو پیدا کیا ہے' تو نے اس کو اسلام لانے کی ہدایت دی ہے' تو نے اس کی روح قبض کی ہے' تو اس کے علانیہ اور چھپے ہوئے گناہوں کو جانتا ہے' ہم تیری بارگاہ میں شفاعت کے لیے آئے ہیں' تو اس کو بخش دے اور اس پر رحم فرما!

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اِبْرَاهِيمَ اِلَّا خَالِدُ بْنُ يَزِيدَ، وَعِرَاكُ بْنُ خَالِدِ بْنِ يَزِيدَ

یہ حدیث ابراہیم سے صرف خالد بن یزید اور عراک بن خالد بن یزید روایت کرتے ہیں۔

---

الناس فی الموطأ' وأما شیخ الطبرانی ففیه کلام کما تقدم .

3122- أخرجه أحمد فی المسند جلد2صفحه603 رقم الحدیث:9926 بلفظ: التأنیث .

3123 - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا شُعَيْبُ بْنُ يَحْيَى، عَنْ نَافِعِ بْنِ يَزِيدَ: أَخْبَرَنِي مُعَاوِيَةُ بْنُ يَزِيدَ بْنِ شُرَحْبِيلَ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ الْوَلِيدِ بْنِ الْمُغِيرَةِ، حَدَّثَهُ، أَنَّهُ سَمِعَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ أَبِي زَكَرِيَّا، يُحَدِّثُ عَنْ شُرَحْبِيلَ بْنِ السِّمْطِ، أَنَّهُ رَأَى سَلْمَانَ الْفَارِسِيَّ وَهُوَ مُرَابِطٌ بِسَاحِلِ حِمْصٍ، فَقَالَ: مَا هٰذَا؟ قَالَ: مُرَابِطٌ، فَقَالَ سَلْمَانُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: رِبَاطُ يَوْمٍ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ كَصِيَامِ شَهْرٍ وَقِيَامِهِ، وَمَنْ مَاتَ مُرَابِطًا جَرَى عَلَيْهِ أَجْرُ عَمَلِهِ الَّذِي كَانَ يَعْمَلُ وَأَمِنَ مِنَ الْفَتَّانِ، وَبُعِثَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ شَهِيدًا

حضرت شرحبیل بن سمط رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کو حمص کے ساحل پر نگہبانی کرتے ہوئے دیکھا' آپ سے عرض کی گئی: یہ کیا ہے؟ فرمایا: نگہبانی کر رہا ہوں' حضرت سلمان نے فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ اللہ کی راہ میں ایک دن کی نگہبانی کرنے والے کو ایک ماہ کے روزوں اور قیام کے برابر ثواب ملے گا' جو اللہ کی راہ میں نگہبانی کرتے ہوئے مارا جائے اس کا عمل جاری رہے گا اور فتنوں سے امن میں رہے گا اور قیامت کے دن شہداء کے درجہ میں ہوگا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي زَكَرِيَّا إِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْوَلِيدِ، وَلَا عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ إِلَّا مُعَاوِيَةُ بْنُ يَزِيدَ، تَفَرَّدَ بِهِ نَافِعُ بْنُ يَزِيدَ

یہ حدیث عبداللہ بن ابی زکریا سے صرف عبداللہ بن الولید اور ولید سے صرف عبداللہ اور عبداللہ سے صرف معاویہ بن یزید روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں نافع بن یزید اکیلے ہیں۔

3124 - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا شُعَيْبُ بْنُ يُحْيَى قَالَ: أَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي حَبِيبٍ، عَنْ حَرْبِ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ التَّيْمِيِّ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، وَأَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، وَأَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِذَا اغْتَسَلَ الرَّجُلُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ، وَمَسَّ طِيبًا،

حضرت ابو ہریرہ اور حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب آدمی جمعہ کے دن غسل کرتا ہے اور خوشبو لگاتا ہے اور خاموش رہتا ہے' لغویات نہیں کرتا ہے یہاں تک کہ خطبہ مکمل ہو جائے اور نماز پڑھتا ہے تو اس کے ایک جمعہ سے لے کر دوسرے جمعہ تک اور تین دن اضافی طور پر اس کے گناہ معاف ہو جاتے ہیں۔

3123- أخرجه الطبراني في الكبير جلد 6 صفحه 267 رقم الحديث: 6179 وقال الحافظ الهيثمي: وفيه من لم أعرفهم. انظر: مجمع الزوائد جلد 5 صفحه 293 .

3124- أخرجه أبو داؤد في الطهارة جلد 1 صفحه 93 رقم الحديث: 343 (انفرد به أبو داؤد) .

وَأَنْصَتَ وَلَمْ يَلْغُ حَتَّى يَقْضِيَ الْإِمَامُ خُطْبَتَهُ، وَرَكَعَ شَيْئًا إِنْ بَدَا لَهُ، كُفِّرَ عَنْهُ مَا بَيْنَ الْجُمُعَةِ إِلَى الْجُمُعَةِ وَزِيَادَةُ ثَلَاثَةِ أَيَّامٍ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ، عَنْ حَرْبٍ إِلَّا يَزِيدُ، تَفَرَّدَ بِهِ ابْنُ لَهِيعَةَ

یہ حدیث حرب سے یزید ہی روایت کرتے ہیں' اس کوروایت کرنے میں ابن لہیعہ اکیلے ہیں۔

**3125** - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا شُعَيْبُ بْنُ يَحْيَى قَالَ: نا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ نَافِعِ بْنِ كَيْسَانَ، أَخْبَرَهُ أَنَّ أَبَاهُ كَيْسَانَ، أَخْبَرَهُ أَنَّهُ كَانَ يَتَّجِرُ بِالْخَمْرِ فِي زَمَانِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَقْبَلَ مِنَ الشَّامِ وَمَعَهُ خَمْرٌ فِي الزِّقَاقِ، يُرِيدُ التِّجَارَةَ، فَأَتَى رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، إِنِّي جِئْتُ بِشَرَابٍ جَيِّدٍ، قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّهَا قَدْ حُرِّمَتْ بَعْدَكَ قَالَ كَيْسَانُ: فَأَذْهَبُ فَأَبِيعُهَا يَا نَبِيَّ اللَّهِ؟ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّهَا قَدْ حُرِّمَتْ وَحُرِّمَ ثَمَنُهَا فَانْطَلَقَ كَيْسَانُ إِلَى الزِّقَاقِ، فَأَخَذَ بِأَرْجُلِهَا ثُمَّ أَهْرَاقَهَا جَمِيعًا

حضرت نافع بن کیسان رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ ان کے والد کیسان نے بتایا کہ وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمانہ میں تجارت کرتے تھے' شام سے واپس آئے تو ان کے پاس مٹکے میں شراب تھی' اس کو فروخت کرنے کا ارادہ تھا' وہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آئے' عرض کی: یارسول اللہ! میں عمدہ شراب لے کر آیا ہوں' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تیرے جانے کے بعد شراب حرام ہوگئی تھی' حضرت کیسان نے عرض کی: یارسول اللہ! میں جاؤں اور اس کو فروخت کردوں؟ آپ نے فرمایا: شراب بھی حرام' اس کی کمائی بھی حرام ہے۔ حضرت کیسان شراب کے مٹکے کی طرف گئے' اس کو نیچے سے پکڑا اور ساری شراب کو بہا دیا۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ كَيْسَانَ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ ابْنُ لَهِيعَةَ

کیسان سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے' اس کوروایت کرنے میں ابن لہیعہ اکیلے ہیں۔

**3126** - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا شُعَيْبُ بْنُ

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

---

3125- اخرجه أيضًا الكبير جلد 9 صفحه 95 رقم الحديث: 438' وأحمد جلد 4 صفحه 335-336 . وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 4 صفحه 91: وفيه نافع بن كيسان وهو مستور . قلت: وفيه أيضًا ابن لهيعة' وهو مختلط' فالحديث ضعيف الاسناد .

3126- أخرجه أيضًا أحمد جلد 2 صفحه 220' وعزاه الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 8 صفحه 25 الى الكبير' وقال: وفيه

حضرت سالم اپنے والد عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو نیزہ مارا گیا تو آپ نے اپنی بیٹی حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا کو حکم دیا کہ صحابہ کرام کی مجلس سے مشورہ کریں' حضرت حفصہ نے عرض کی: اے ابوجان! لوگ کہتے ہیں کہ یہ جو لوگ تم نے شوریٰ کے بنائے ہیں' ہم ان سے راضی نہیں ہیں۔ آپ نے فرمایا: مجھے ٹیک لگاؤ! آپ کو ٹیک لگائی گئی تو آپ نے فرمایا: وہ حضرت عثمان کے متعلق کیا کہتے ہیں؟ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ جس دن حضرت عثمان دنیا سے جائے گا اس پر آسمانی فرشتے آپ کے لیے رحمت کی دعا کریں گے۔ میں نے عرض کی: یہ عثمان کے لیے خاص ہے یا عام لوگوں بھی شامل ہیں؟ آپ نے فرمایا: عثمان کے لیے خاص ہے۔ آپ نے فرمایا: عبدالرحمٰن کے متعلق کیا کہتے ہیں؟ میں نے رسول اللہ ﷺ کو بھوک کی حالت میں دیکھا' حضرت عبدالرحمٰن برتن میں دو روٹیاں لے کر آئے اور رسول اللہ ﷺ کے آگے رکھ دیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ آپ کے لیے دنیاوی کام میں کافی ہے' میں آخرت میں آپ کا ضامن ہوں۔ تم طلحہ کے متعلق کیا

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَدْ سَقَطَ رَحْلُهُ فِي لَيْلَةٍ قَرَّةٍ، فَقَالَ: مَنْ يُسَوِّي رَحْلِي وَلَهُ الْجَنَّةُ؟ فَابْتَدَرَ طَلْحَةُ الرَّحْلَ، فَسَوَّاهُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَكَ الْجَنَّةُ عَلَيَّ يَا طَلْحَةُ غَدًا مَا عَسَى اَنْ يَقُولُوا فِي الزُّبَيْرِ؟ رَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَدْ نَامَ، فَلَمْ يَزَلْ بِالنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَذُبُّ عَنْ وَجْهِهِ حَتَّى اسْتَيْقَظَ، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَمْ تَزَلْ يَا اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ؟ قَالَ: لَمْ اَزَلْ، فِدَاكَ اَبِي وَاُمِّي قَالَ: هَذَا جِبْرِيلُ يَقْرَاُ عَلَيْكَ السَّلَامَ، وَيَقُولُ لَكَ: عَلَيَّ اَنْ اَذُبَّ عَنِ وَجْهِكَ شَرَرَ جَهَنَّمَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مَا عَسَى اَنْ يَقُولُوا فِي عَلِيٍّ؟ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: يَا عَلِيُّ، يَدُكَ مَعَ يَدِي يَوْمَ الْقِيَامَةِ، تَدْخُلُ مَعِي حَيْثُ اَدْخُلُ

کہتے ہو؟ میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا ہے کہ آپ کی سواری کا کجاوہ گرا اندھیرے میں' آپ نے فرمایا: جو میرا کجاوہ سیدھی کرے گا اس کے لیے جنت ہے؟ حضرت طلحہ نے جلدی سے آپ کا کجاوہ سیدھا کی تو حضور ﷺ نے فرمایا: اے طلحہ! تیرے لیے جنت ہے۔ تم زبیر کے متعلق کیا کہتے ہو؟ میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا کہ آپ سو رہے تھے' آپ کے چہرۂ مبارک پر سے مسلسل مچھر مکھیاں ہٹاتے رہے یہاں تک کہ آپ اُٹھے' حضور ﷺ نے فرمایا: اے ابوعبداللہ! آپ لگے ہوئے ہیں؟ عرض کی: میں مسلسل لگا رہا ہوں' میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں! آپ نے فرمایا: یہ جبریل علیہ السلام آپ کو سلام کہہ رہے ہیں' عرض کر رہے ہیں کہ اس نے آپ کو ہوا دی ہے' اللہ عزوجل قیامت کے دن اس کے چہرے کو جہنم سے دور کر دے گا۔ تم علی کے متعلق کیا کہہ رہے ہو؟ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: اے علی! قیامت کے دن آپ کا ہاتھ میرے ہاتھ کے ساتھ ہوگا' تُو میرے ساتھ جنت میں داخل ہوگا' جب میں داخل ہوں گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ اِلَّا مَعْمَرٌ، وَلَا عَنْ مَعْمَرٍ اِلَّا ابْنُ مُبَارَكٍ. تَفَرَّدَ بِهِ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَحْيَى

یہ حدیث زہری سے صرف معمر اور معمر سے صرف ابن مبارک ہی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے والے عبداللہ بن یحییٰ اکیلے ہیں۔

**3173** - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ قَالَ: نا كَثِيرُ بْنُ سُلَيْمٍ الْيَشْكُرِيُّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّ رَجُلًا جَاءَ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی حضور ﷺ کے پاس آیا' عرض کی: یارسول اللہ! میں ایسا آدمی ہوں جو تیز زبان ہوں اور اس سے

وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنِّى رَجُلٌ ذَرِبُ اللِّسَانِ، وَاَكْثَرُ ذٰلِكَ عَلَى اَهْلِى، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَيْنَ اَنْتَ مِنَ الاسْتِغْفَارِ؟ اِنِّى اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ فِى الْيَوْمِ وَاللَّيْلَةِ مِائَةَ مَرَّةٍ

زیادہ اپنی اہلیہ پر‘ حضورﷺ نے فرمایا: استغفار کیوں نہیں پڑھتے؟ میں دن رات میں سومرتبہ استغفار پڑھتا ہوں۔

**3174** - وَبِهِ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْخَيْرُ اَسْرَعُ اِلَى الْبَيْتِ الَّذِى يُغْشَى مِنَ الشَّفْرَةِ فِى سَنَامِ الْبَعِيرِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: جس گھر میں کھانا کھایا جائے اس گھر میں بھلائی اونٹ کی کوہان پر تیز چھری چلانے سے زیادہ جلدی آتی ہے۔

**3175** - وَبِهِ قَالَ: مَا رُفِعَ مِنْ بَيْنِ يَدَىْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شِوَاءٌ قَطُّ اِلَّا حُمِلَتْ مَعَهُ طِنْفِسَةٌ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ کے آگے سے آپ کی ناپسند شے اُٹھائی جاتی تو ساتھ وہ ردّی شے بھی اُٹھائی جاتی تھی۔

**3176** - وَبِهِ اَنَّ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَيْلَةَ اُسْرِىَ بِى مَا مَرَرْتُ عَلَى مَلَاٍ مِنَ الْمَلَائِكَةِ اِلَّا قَالُوا: مُرْ اُمَّتَكَ بِالْحِجَامَةِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: میں معراج کی رات میں فرشتوں کے جس گروہ کے پاس سے گزرا ہوں‘ انہوں نے عرض کی: آپ اپنی اُمت کو پچھنا لگوانے کا حکم دیں۔

**3177** - وَبِهِ اَنَّ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

---

3174- أخرجه ابن ماجة في الأطعمة جلد 2 صفحه 1114 رقم الحديث: 3356 قال ابن ماجة في الزوائد: (في اسناده جبارة وكثير، هما ضعيفان).

3175- أخرجه ابن ماجة في الأطعمة جلد 2 صفحه 1100 رقم الحديث: 3310 . (وقال ابن ماجة فيالزوائد: في اسناده جبارة، وكثير بن سلم، وهما ضعيفان).

3176- أخرجه ابن ماجة في الطب جلد 2 صفحه 1151 رقم الحديث: 3479 وقال ابن ماجة في الزوائد: قلت وان ضعف جبارة وكثير في اسناده حديث أنس، فقد رواه في حديث ابن مسعود الترمذي في الجامع والشمائل، وقال: حسن غريب . ورواه الحاكم في المستدرك من حديث ابن عباس، وقال: صحيح الاسناد . ورواه البزار في مسنده من حديث ابن عمر .

3177- أخرجه الترمذي في الزهد جلد 4 صفحه 602 رقم الحديث: 2400 قال أبو عيسى: هذا حديث حسن غريب من هذا الوجه وأبو طلال اسمه هلال .

وَسَلَّمَ قَالَ: إِذَا اَخَذَ الْجَبَّارُ عَزَّ وَجَلَّ كَرِيمَتَيْ عَبْدٍ كَانَ ثَوَابُهُ عَلَيْهِمَا الْجَنَّةُ

حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل بندہ کی دو پسندیدہ چیزیں لیتا ہے ان کے ثواب کے بدلے اس کے لیے جنت ہوتی ہے۔

**3178** - وَبِهِ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا صَلَّى وَفَرَغَ مِنْ صَلَاتِهِ مَسَحَ بِيَمِينِهِ عَلَى رَأْسِهِ، وَقَالَ: بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِي لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيمُ، اللّٰهُمَّ اَذْهِبْ عَنِّي الْهَمَّ وَالْحَزَنَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ جب نماز پڑھ لیتے تو اپنے دائیں ہاتھ کو سر پر ملتے اور پڑھتے: اللہ کے نام سے جس کے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے اے اللہ! مجھ سے غم اور پریشانی دور کر دے۔

**3179** - وَبِهِ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ ذَاتَ يَوْمٍ لِجُلَسَائِهِ: خُذُوا جُنَّتَكُمْ قَالُوا: بِاَبِينَا اَنْتَ وَاُمِّنَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَحَضَرَ عَدُوٌّ قَالَ: خُذُوا جُنَّتَكُمْ مِنَ النَّارِ، قُولُوا: سُبْحَانَ اللّٰهِ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ، وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَاللّٰهُ اَكْبَرُ، وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ، فَاِنَّهُنَّ مُقَدِّمَاتٌ، وَهُنَّ مُجَنِّبَاتٌ، وَهُنَّ مُعَقِّبَاتٌ، وَهُنَّ الْبَاقِيَاتُ الصَّالِحَاتُ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ایک دن بیٹھنے والوں کو فرمایا: تم ڈھال لو! انہوں نے عرض کی: یا رسول اللہ! ہمارے ماں باپ آپ پر فدا ہوں! کیا دشمن سامنے ہے؟ آپ نے فرمایا: جہنم سے بچنے کے لیے ڈھال لے لو پڑھو! سبحان اللہ والحمد للہ ولا الہ الا اللہ واللہ اکبر ولا حول ولا قوۃ الا باللہ 'یہ آگے کام آئیں گے' یہ ہمیشہ رہنے والے اعمال ہیں۔

**3180** - وَبِهِ اَنَّ رَجُلًا جَاءَ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنِّي اَرَى الرُّؤْيَا تُمْرِضُنِي، فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الرُّؤْيَا الْحَسَنَةُ مِنَ اللّٰهِ، وَالسَّيِّئَةُ مِنَ الشَّيْطَانِ، فَاِذَا رَاَى ذٰلِكَ اَحَدُكُمْ فَلْيَنْفُثْ عَنْ يَسَارِهِ ثَلَاثًا، وَلْيَتَعَوَّذْ مِنْ شَرِّهَا، فَاِنَّهَا لَا تَضُرُّهُ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نے حضور ﷺ کی بارگاہ میں عرض کی: یارسول اللہ! خوابوں نے مجھے بیمار کر دیا ہے' آپ ﷺ نے فرمایا: اچھے خواب اللہ کی طرف سے ہوتے ہیں اور برے خواب شیطان کی طرف سے' جب تم میں سے کوئی برا خواب دیکھے تو بائیں جانب تین مرتبہ تھوکے اور اس کے شر سے پناہ مانگے' وہ نقصان نہیں دے گا۔

**3181** - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ

حضرت ابراہیم بن ابی عبلہ فرماتے ہیں کہ میں بیٹھا

3181- أخرجه أبو داؤد في العتق جلد 4 صفحه 28 رقم الحديث: 2964' وأحمد في المسند جلد 3 صفحه 595

يُوسُفَ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَالِمٍ الْحِمْصِيُّ قَالَ: نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ اَبِي عَبْلَةَ قَالَ: كُنْتُ جَالِسًا بِاَرِيحَا، فَمَرَّ بِي وَاثِلَةُ بْنُ الْاَسْقَعِ مُتَوَكِّئًا عَلَى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الدَّيْلَمِيِّ، فَاَجْلَسَهُ، ثُمَّ جَاءَ اِلَيَّ، فَقَالَ: عَجَبًا مَا حَدَّثَنِي الشَّيْخُ، يَعْنِي: وَاثِلَةَ، قُلْتُ: مَا حَدَّثَكَ؟ قَالَ: كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي غَزْوَةِ تَبُوكَ، فَاَتَاهُ نَفَرٌ مِنْ بَنِي سُلَيْمٍ، فَقَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنَّ صَاحِبَنَا قَدْ اَوْجَبَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَعْتِقُوا عَنْهُ رَقَبَةً يُعْتِقُ اللّٰهُ بِكُلِّ عُضْوٍ مِنْهَا عُضْوًا مِنْهُ مِنَ النَّارِ

ہوا تھا کہ میرے پاس واثلہ بن اسقع' حضرت عبداللہ بن الدیلمی پر ٹیک لگائے ہوئے گزرے' آپ کو بٹھایا' پھر میرے پاس آئے اور کہا: تعجب ہے جو میرے شیخ نے یعنی واثلہ نے بیان کیا ہے' میں نے کہا: آپ کو کیا بیان کیا ہے؟ فرمایا: ہم غزوۂ تبوک میں حضور ﷺ کے ساتھ تھے' بنی سلیم سے ایک گروہ آیا' انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! ہمارے صاحب کے لیے واجب ہوگئی' حضور ﷺ نے فرمایا: تم غلام آزاد کرو! اللہ عزوجل اس کے ہر عضو کے بدلے اس کا عضو جہنم سے آزاد کرے گا۔

**3182** - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ قَالَ: نا ابْنُ لَهِيعَةَ قَالَ: نا اَبُو الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ اَسْمَاءَ بِنْتِ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ الْمُؤْمِنَ يَقْعُدُ فِي قَبْرِهِ حِينَ يَنْكَفِءُ عَنْهُ مَنْ يَشْهَدُهُ، فَيُقَالُ: مَا رَجُلٌ يُقَالُ لَهُ: مُحَمَّدٌ مَا هُوَ؟ فَاِنْ كَانَ مُؤْمِنًا قَالَ: هُوَ عَبْدُ اللّٰهِ وَرَسُولُ اللّٰهِ، فَيُقَالُ لَهُ: نَمْ، نَامَتْ عَيْنَاكَ، وَاِنْ كَانَ غَيْرَ مُؤْمِنٍ قَالَ: وَاللّٰهِ مَا اَدْرِي، سَمِعْتُ النَّاسَ يَقُولُونَ فَقُلْتُ، وَيَخُوضُونَ فَخُضْتُ، فَيُقَالُ: لَا نَامَتْ عَيْنَاكَ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ اِلَّا ابْنُ لَهِيعَةَ

حضرت اسماء بنت ابی بکر رضی اللہ عنہما فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: مؤمن کو اس کی قبر کے اندر بٹھایا جاتا ہے' اس سے گواہی لی جاتی ہے' اس کو کہا جاتا ہے: محمد کون ہیں؟ اگر وہ مؤمن ہوگا تو کہے گا: وہ اللہ کے بندے اور اللہ کے رسول ہیں' اس کو کہا جائے گا: سو جا! اللہ کرے تیری آنکھیں سو جائیں' اگر مؤمن نہیں ہوگا تو کہے گا: اللہ کی قسم! میں نہیں جانتا ہوں' میں نے جو لوگوں کو کہتے ہوئے سنا میں کہتا ہوں' وہ لوگ خود بھی دھوکہ میں رہے اور میں بھی دھوکہ میں رہا' اس سے کہا جائے گا: اللہ کرے تیری آنکھیں نہ سوئیں۔

یہ حدیث حضرت ابواسود سے صرف ابن لہیعہ ہی روایت کرتے ہیں۔

**3183** - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا شُعَيْبُ بْنُ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما' حضور ﷺ

---

رقم الحديث: 16018 نحوه .

3183- أخرجه مسلم في الحج جلد 2 صفحه 893' وأبو داؤد في المناسك جلد 2 صفحه 193 رقم الحديث: 1907 .

يَحْيَى قَالَ: اَنَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِي رَبَاحٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اِذْ اَتَاهُ اُنَاسٌ فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ، فَقَالَ بَعْضُهُمْ: حَلَقْتُ قَبْلَ اَنْ اَنْحَرَ قَالَ: لَا حَرَجَ وَقَالَ: نَحَرْتُ قَبْلَ اَنْ اَرْمِيَ، فَقَالَ: لَا حَرَجَ قَالَ: وَكُلُّ عَرَفَةَ مَوْقِفٌ، وَكُلُّ مُزْدَلِفَةَ مَوْقِفٌ، وَكُلُّ فِجَاجِ مَكَّةَ طَرِيقٌ وَمَنْحَرٌ

سے روایت کرتے ہیں کہ اچانک حجۃ الوداع کے موقع پر آپ کے پاس لوگ آئے' ان میں سے بعض کہنے لگے: میں نے قربانی کرنے سے پہلے حلق کرلیا ہے؟ آپ نے فرمایا: کوئی حرج نہیں! ایک نے عرض کی: میں نے کنکری مارنے سے پہلے قربانی کی ہے؟ آپ نے فرمایا: کوئی حرج نہیں' آپ نے فرمایا: سارا عرفات اور مزدلفہ ٹھہرنے کی جگہ ہے اور مکہ شریف کی ہر گلی میں قربانی ہوسکتی ہے۔

**3184** - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ قَالَ: حَدَّثَنِي مُوسَى بْنُ عَلِيِّ بْنِ رَبَاحٍ اللَّخْمِيُّ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ الْجُهَنِيِّ قَالَ: ثَلَاثُ سَاعَاتٍ نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ نُصَلِّيَ فِيهِنَّ، اَوْ نَدْفِنَ فِيهِنَّ مَوْتَانَا: حِينَ تَطْلُعُ الشَّمْسُ بَازِغَةً حَتَّى تَرْتَفِعَ، وَحِينَ يَقُومُ قَائِمُ الظَّهِيرَةِ حَتَّى تَمِيلَ، وَحِينَ تَضَيَّفُ الشَّمْسُ لِلْغُرُوبِ حَتَّى تَغْرُبَ

حضرت عقبہ بن عامر الجہنی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ہم کو تین اوقات میں نماز پڑھنے یا مردے دفن کرنے سے منع کیا' یہاں تک کہ سورج طلوع ہو جائے یا غروب ہو جائے یا ڈھل جائے دوپہر کے وقت سے۔

**3185** - وَبِهِ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَوْمُ عَرَفَةَ، وَيَوْمُ النَّحْرِ، وَاَيَّامُ التَّشْرِيقِ

حضرت عقبہ بن عامر الجہنی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: عرفہ' قربانی' تشریق کے دن

---

وابن ماجة فی المناسك جلد2صفحه1013 رقم الحديث: 3048' والدارمی فی المناسك جلد 2 صفحه8079 رقم الحديث: 1879 .

3184- أخرجه الترمذی: الجنائز جلد3صفحه339 رقم الحديث: 1030 وقال: حديث حسن صحيح . والنسائی: الجنائز جلد4صفحه67 (باب الساعات التی نهی عن اقبار الموتی فيهن) وابن ماجة: الجنائز جلد1صفحه486 رقم الحديث: 1519' وأحمد فی المسند جلد4صفحه187 رقم الحديث: 17387 .

3185- أخرجه أبو داؤد فی الصوم جلد2صفحه332 رقم الحديث: 2419' والترمذی فی الصوم جلد3صفحه134 رقم الحديث: 773' والنسائی فی المناسك جلد5صفحه203 باب (النهی عن صوم يوم عرفة) الدارمی فی الصيام جلد2صفحه37 رقم الحديث: 1764 .

عِيدُنَا أَهْلَ الْإِسْلَامِ، وَهُنَّ أَيَّامُ أَكْلٍ وَشُرْبٍ

ہم اہل اسلام کے عید کے دن ہیں اور یہ دن کھانے پینے کے ہیں۔

فائدہ: معلوم ہوا کہ جس دن ایمان والوں کو خوشی ملے وہ عید کا دن ہے اور جن کے صدقہ سے یہ عیدیں ملی ہیں، جس دن اس دنیا میں تشریف لائے ان کی آمد ہوئی' کیا وہ عید کا دن نہیں ہے! بلکہ وہ سب سے بڑی عید کا دن ہے۔ اللہ ہمیں حضور ﷺ کی محبت عطا کرے! آمین بحرمۃ سیّد العالمین! دستگیر غفرلہٗ

**3186** - وَبِهِ قَالَ: خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ فِي الصُّفَّةِ، فَقَالَ: أَيُّكُمْ يُحِبُّ أَنْ يَغْدُوَ فِي كُلِّ يَوْمٍ إِلَى بُطْحَانَ أَوِ الْعَقِيقِ، وَيَأْخُذَ نَاقَتَيْنِ كَوْمَاوَيْنِ زَهْرَاوَيْنِ مِنْ غَيْرِ إِثْمٍ وَلَا قَطِيعَةِ رَحِمٍ؟ قَالُوا: كُلُّنَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ يُحِبُّ ذٰلِكَ قَالَ: فَلَأَنْ يَغْدُوَ أَحَدُكُمْ كُلَّ يَوْمٍ إِلَى الْمَسْجِدِ فَيَتَعَلَّمَ آيَتَيْنِ مِنْ كِتَابِ اللّٰهِ خَيْرٌ لَهُ مِنْ نَاقَتَيْنِ، وَمِنْ ثَلَاثٍ، وَمِنْ أَعْدَادِهِنَّ مِنَ الْإِبِلِ

حضرت عقبہ بن عامر الجہنی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نکلے ہم صفہ میں تھے' آپ نے فرمایا: کیا تم میں سے کوئی پسند کرتا ہے کہ ہر دن مقامِ بطحان یا عقیق کے مقام پر آئے' وہاں سے دو اونٹنیاں نکیل ڈالی ہوئی خوبصورت لے آئے' بغیر گناہ اور صلہ رحمی ختم کیے؟ صحابہ کرام نے عرض کی: ہم سب اس کو پسند کرتے ہیں' آپ نے فرمایا: تم میں سے کوئی ہر روز مسجد میں آئے' اللہ کی کتاب کی دو آیتیں سیکھ لے' اس کے لیے بہتر ہے دو اونٹنیوں سے اور تین سے اور اونٹوں کی اتنی تعداد سے بہتر ہے۔

**3187** - وَبِهِ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: تَعَلَّمُوا كِتَابَ اللّٰهِ، وَتَعَاهَدُوهُ، وَاقْتَنُوهُ، وَتَغَنَّوْا بِهِ، فَوَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَهُوَ أَشَدُّ تَفَلُّتًا مِنْ صُدُورِ الرِّجَالِ مِنَ الْمَخَاضِ فِي الْعُقُلِ

حضرت عقبہ بن عامر الجہنی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: کتاب کو سیکھو' اس کا دور کرو! خوبصورت آواز میں پڑھو! اس کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے! یہ سینوں سے اتنی ہی جلدی نکلتا ہے جتنا اونٹ ڈھنگا چھوڑ کر بھاگتا ہے۔

---

3186- أخرجه مسلم في المسافرين جلد 1 صفحه 552' وأبو داؤد في الصلاة جلد 2 صفحه 72 رقم الحديث: 1456' وأحمد في المسند جلد 4 صفحه 191 رقم الحديث: 17418 .

3187- أخرجه أحمد: المسند جلد 4 صفحه 180 رقم الحديث: 17325' والطبراني في الكبير جلد 17 رقم الحديث: 290-291 رقم الحديث: 800-801 وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 7 صفحه 172: ورجال أحمد رجال الصحيح .

3188 - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ قَالَ: نا مُوسَى بْنُ عَلِيٍّ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَتَدْرُونَ مَنِ الْمُسْلِمُ؟ قَالُوا: اللّٰهُ وَرَسُولُهُ اَعْلَمُ قَالَ: مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُونَ مِنْ يَدِهِ وَلِسَانِهِ . قَالُوا: فَمَنِ الْمُؤْمِنُ؟ قَالَ: مَنْ اَمِنَهُ الْمُؤْمِنُونَ عَلَى اَنْفُسِهِمْ وَاَمْوَالِهِمْ قَالُوا: فَمَنِ الْمُهَاجِرُ؟ قَالَ: مَنْ هَجَرَ السُّوءَ فَاجْتَنَبَهُ

حضرت عبداللہ بن العاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: کیا تم جانتے ہو کہ مسلمان کون ہے؟ صحابہ کرام نے عرض کی: اللہ اور اس کا رسول زیادہ جانتے ہیں' آپ نے فرمایا: جس کی زبان اور ہاتھ سے دوسرا مسلمان محفوظ رہے! صحابہ کرام نے عرض کی: مؤمن کون ہے؟ آپ نے فرمایا: جس سے اُن کی جانیں اور اموال محفوظ رہیں' صحابہ کرام نے عرض کی: مہاجر کون ہے؟ آپ نے فرمایا: جو بُرائی چھوڑ دے اس سے پرہیز کرے۔

3189 - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ قَالَ: حَدَّثَنِي مُوسَى، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ قَالَ: بَعَثَ اِلَيَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: خُذْ سَيْفَكَ وَسِلَاحَكَ فَاَخَذْتُ سَيْفِي وسِلَاحِي، ثُمَّ اَقْبَلْتُ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَوَجَدْتُهُ يَتَوَضَّاُ، فَصَعَّدَ فِيَّ النَّظَرَ، ثُمَّ طَاْطَاَهُ، ثُمَّ قَالَ: يَا عَمْرُو، اِنِّي اِنْ اَبْعَثْكَ عَلَى جَيْشٍ، يُغْنِمْكَ اللّٰهُ وَيُسْلِمْكَ، وَاَزْغَبُ لَكَ فِي الْمَالِ، زَغْبَةً صَالِحَةً . فَقَالَ: وَاللّٰهِ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَا اَسْلَمْتُ لِمَالٍ، وَلَكِنِّي اَسْلَمْتُ رَغْبَةً فِي الْاِسْلَامِ، وَلَاَنْ اَكُونَ مَعَكَ، فَقَالَ: يَا عَمْرُو، نِعِمَّا بِالْمَالِ الصَّالِحِ لِلرَّجُلِ الصَّالِحِ

حضرت عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ میں گیا' آپ نے فرمایا: تلوار اور اسلحہ پکڑو' میں نے اسلحہ اور تلوار پکڑی' پھر میں رسول اللہ ﷺ کی طرف متوجہ ہوا' میں نے آپ کو وضو کرتے ہوئے پایا' آپ نے نظر اوپر اُٹھائی پھر نیچے کی' پھر فرمایا: اے عمرو! میں چاہتا ہوں کہ آپ کو ایک لشکر کی طرف بھیجوں' اللہ آپ کو غنیمت دے اور تجھے سلامت رکھے اور میں تیرے لیے اچھے مال کو پسند کرتا ہوں۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں مال حاصل کرنے کے لیے اسلام نہیں لایا ہوں' اسلام کی محبت کے لیے میں آپ کے ساتھ ہوں۔ آپ نے فرمایا: اے عمرو! اچھا مال اچھے آدمی کیلئے بہتر ہوتا ہے۔

---

3188- أخرجه أحمد: المسند جلد2صفحه277 رقم الحديث: 6939 .

3189- أخرجه أحمد فى المسند جلد4صفحه242 رقم الحديث: 17779 وانظر كشف الخفا للحافظ العجلونى جلد2صفحه424 رقم الحديث: 2823 .

**3190** - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ قَالَ: نا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ قَالَ: حَدَّثَنِي ابْنُ الْهَادِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ بُسْرِ بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ اَبِي قَيْسٍ، مَوْلَى عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ، اَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اِذَا حَكَمَ الْحَاكِمُ فَاجْتَهَدَ ثُمَّ اَصَابَ فَلَهُ اَجْرَانِ، وَاِذَا حَكَمَ فَاجْتَهَدَ ثُمَّ اَخْطَاَ فَلَهُ اَجْرٌ فَحَدَّثْتُ بِهِ اَبَا بَكْرِ بْنَ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ، فَقَالَ: هٰكَذَا حَدَّثَنِي اَبُو سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ

حضرت عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ جب مجتہد فیصلہ کرتا ہے تو فیصلہ کرنے کے لیے کوشش کرتا ہے پھر وہ درست فیصلہ کرتا ہے تو اس کے دوگنا ثواب ہے جب وہ فیصلہ کرے کوشش کرے پھر غلطی کرے تو اس کے لیے ایک اجر ہے جب یہ بات ابوبکر بن محمد بن عمرو بن حزم کو بتائی تو فرمایا: مجھے ابوسلمہؓ نے حضرت ابوہریرہ کے حوالہ سے ایسے ہی بتایا ہے۔

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ يَزِيدُ بْنُ الْهَادِ

یہ حدیث عمرو بن عاص سے اسی سند سے روایت ہے اس کو روایت کرنے والے یزید بن الھاد اکیلے ہیں۔

**3191** - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ قَالَ: نا بَكْرُ بْنُ مُضَرَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ بُكَيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْاَشَجِّ، اَنَّ مُعَاذَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ الْجُهَنِيَّ، حَدَّثَهُ، اَنَّ عُقْبَةَ بْنَ عَامِرٍ قَالَ: ضَحَّيْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِجِذَاعِ الضَّاْنِ

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ قربانی کی تو چھ ماہ کے دنبہ کے بچے کی قربانی کی۔

**3192** - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ قَالَ: حَدَّثَنِي بَكْرُ بْنُ مُضَرَ، عَنْ اَبِي زُرْعَةَ عَمْرِو بْنِ جَابِرٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، اَنَّهُ سَمِعَهُ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے رمضان کے چھ روزے اور شوال کے چھ روزے رکھے اس کے لیے ایک سال

---

3190- أخرجه البخاری فی الاعتصام جلد13 صفحه330 رقم الحديث: 7352، ومسلم فی الأقضية جلد 3 صفحه1342 .

3191- وأخرجه النسائی فی الضحايا جلد7 صفحه193 باب (المسنة والجذعة) .

3192- أخرجه أيضًا أحمد جلد3 صفحه308، والبزار، وقال الحافظ الهيثمی فی المجمع جلد3 صفحه186: وفيه عمرو بن جابر وهو ضعيف .

يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ صَامَ رَمَضَانَ وَسِتَّةَ اَيَّامٍ مِنْ شَوَّالٍ فَكَاَنَّمَا صَامَ سَنَةً

کے برابر روزوں کا ثواب ملے گا۔

**3193** - وَبِهِ اَنَّهُ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، يُحَدِّثُ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَكَرَ الطَّاعُونَ، فَقَالَ: الْفَارُّ مِنْهُ كَالْفَارِّ مِنَ الزَّحْفِ، وَالصَّابِرُ فِيهِ لَهُ اَجْرُ شَهِيدٍ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے طاعون کا ذکر کیا' فرمایا: جب یہ کسی شہر میں آئے تو اس سے بھاگنے والا ایسے ہے جیسے جنگ سے بھاگنے والا ہے' اس کے آنے پر صبر کرنے والے کے لیے شہید کا ثواب ہے۔

**3194** - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ قَالَ: حَدَّثَنِي بَكْرُ بْنُ مُضَرَ، عَنْ عَيَّاشِ بْنِ عُقْبَةَ الْحَضْرَمِيِّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ مَيْمُونٍ قَالَ: مَرَّ بِي سَهْلُ بْنُ سَعْدٍ السَّاعِدِيُّ، وَاَنَا جَالِسٌ فِي الْمَسْجِدِ، فَقَالَ: اَلَا اُحَدِّثُكَ حَدِيثًا سَمِعْتُهُ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قُلْتُ: بَلَى قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ كَانَ فِي الْمَسْجِدِ يَنْتَظِرُ الصَّلَاةَ فَهُوَ فِي صَلَاةٍ

حضرت یحییٰ بن میمون فرماتے ہیں کہ میرے پاس سے حضرت سہل بن سعد الساعدی رضی اللہ عنہ گزرے' اس حال میں کہ میں مسجد میں بیٹھا ہوا تھا' آپ نے فرمایا: کیا آپ کو حدیث نہ سناؤں جو میں نے آپ ﷺ سے سنی ہے؟ میں نے کہا: کیوں نہیں! فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جس نے مسجد میں نماز کا انتظار کیا وہ نماز ہی میں ہوتا ہے۔

**3195** - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ قَالَ: حَدَّثَنِي بَكْرُ بْنُ مُضَرَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ بُكَيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَشَجِّ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تُنْكَحُ الْمَرْاَةُ عَلَى عَمَّتِهَا وَلَا عَلَى خَالَتِهَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: عورت اور اس کی پھوپھی اور خالہ کو ایک نکاح میں جمع نہ کیا جائے۔

---

**3194**- وأخرجه النسائى فى المساجد جلد 2 صفحه 43 باب (صلاة الذى يمر على المسجد) وأحمد فى المسند جلد 5 صفحه 389 رقم الحديث: 22878' وابن حبان فى الموارد ( 120/ رقم الحديث: 424) والطبرانى فى الكبير جلد 6 صفحه 20 رقم الحديث: 6011 .

**3195**- أخرجه البخارى فى النكاح جلد 9 صفحه 64 رقم الحديث: 5110' ومسلم فى النكاح جلد 2 صفحه 1029 .

3196 - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ قَالَ: نا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي جَعْفَرٍ، عَنْ اَبَانَ بْنِ صَالِحٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الدُّعَاءُ مُخُّ الْعِبَادَةِ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبَانَ اِلَّا عُبَيْدُ اللّٰهِ، تَفَرَّدَ بِهِ ابْنُ لَهِيعَةَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: دعا عبادت کا مغز ہے۔

یہ حدیث ابان سے صرف عبیداللہ ہی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ابن لہیعہ اکیلے ہیں۔

3197 - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ قَالَ: اَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِي حَبِيبٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ شِمَاسَةَ الْمَهْرِيِّ، اَنَّهُ سَمِعَ عُقْبَةَ بْنَ عَامِرٍ الْجُهَنِيِّ يَقُولُ: صَلَّيْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَطَالَ بِنَا الْقِيَامَ، وَكَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا صَلَّى خَفَّفَ فِي قِيَامِهِ، وَفِي ذَلِكَ نَسْمَعُ مِنْهُ، يَقُولُ: يَا رَبِّ، وَاَنَا فِيهِمْ؟ ، ثُمَّ اَهْوَى بِيَمِينِهِ لِيَتَنَاوَلَ شَيْئًا، ثُمَّ اِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَكَعَ، ثُمَّ اَسْرَعَ بَعْدَ ذَلِكَ، فَلَمَّا سَلَّمَ جَلَسَ وَجَلَسْنَا حَوْلَهُ، فَقَالَ: قَدْ عَلِمْتُ اَنْ قَدْ رَابَكُمْ طُولُ قِيَامِي قُلْنَا: اَجَلْ، سَمِعْنَاكَ تَقُولُ: يَا رَبِّ، وَاَنَا فِيهِمْ؟ فَقَالَ: وَالَّذِي

حضرت عقبہ بن عامر الجہنی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم نے رسول اللہﷺ کے ساتھ نماز پڑھی' آپ نے نماز میں لمبا قیام کیا حالانکہ رسول اللہﷺ نماز میں مختصر قیام کرتے تھے' میں نے اس کا قیام میں فرماتے ہوئے سنا: اے رب! میں ان میں موجود ہوں! پھر آپ نے اپنا ہاتھ بلند کسی شی کو پکڑنے کے لیے' پھر رسول اللہﷺ نے رکوع کیا' پھر اس کے بعد جلدی کی' جب سلام پھیرا تو آپ تشریف فرما ہوئے' ہم آپ کے اردگرد بیٹھ گئے۔ آپ نے فرمایا: میں جانتا ہوں کہ تم میرے لمبے قیام کے متعلق پوچھنا چاہتے ہو! ہم نے عرض کی: جی ہاں! ہم نے آپ کو عرض کرتے ہوئے سنا: اے رب! میں ان میں موجود ہوں؟ آپ نے فرمایا: اس ذات کی

3196- أخرجه الترمذی فی الدعوات جلد5صفحه456 رقم الحديث: 3371 قال أبو عيسٰی: هذا حديث غريب من هذا الوجه لا نعرفه الا من حديث ابن لهيعة . والترغيب والترهيب فی الدعاء جلد 2صفحه482 رقم الحديث: 21 وقال الحافظ المنذری: الحديث غريب . وانظر كشف الخفا للحافظ العجلونی جلد 1صفحه485 رقم الحديث: 1294 .

3197- أخرجه أيضًا الكبير جلد17صفحه315' وذكر الهيثمی فی المجمع جلد 10صفحه389 لفظ الأوسط' وقال: وفيه ابن لهيعة' وهو ضعيف' وقد وثق' وكذلك بكر بن سهل وبقية رجاله ثقات .

نَفْسِي بِيَدِهِ مَا وُعِدْتُمْ فِي الْآخِرَةِ مِنْ شَيْءٍ إِلَّا وَقَدْ عُرِضَ عَلَيَّ فِي مَقَامِي هَذَا، حَتَّى عُرِضَ عَلَيَّ النَّارُ، فَأَقْبَلَ عَلَيَّ شَيْءٌ مِنْهَا حَتَّى حَاذَى بِمَكَانِي، فَخِفْتُ أَنْ تَغْشَاكُمْ، فَقُلْتُ: يَا رَبِّ وَأَنَا فِيهِمْ؟ فَصَرَفَهَا اللَّهُ عَنْكُمْ، فَأَقْبَلَتْ قِطَعًا كَأَنَّهَا الزَّرَابِيُّ، وَأَشْرَفْتُ فِيهَا إِشْرَافَةً فَإِذَا فِيهَا عَمْرُو بْنُ حِدْثَانَ أَخُو بَنِي غِفَارٍ مُتَّكِئًا عَلَى قَوْسِهِ فِي جَهَنَّمَ، وَإِذَا فِيهَا الْحِمْيَرِيَّةُ صَاحِبَةُ الْقِطِّ، الَّتِي رَبَطَتْهُ فَلَمْ تُطْعِمْهُ وَلَمْ تَسْقِهِ وَلَمْ تُسَرِّحْهُ يَبْتَغِي مَا يَأْكُلُ، حَتَّى مَاتَتْ عَلَى ذَلِكَ

قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے! جس شے کا تمہیں آخرت میں دینے کا وعدہ کیا ہے وہ شے میرے سامنے اس مقام پر پیش کی گئی تھی یہاں تک کہ جہنم بھی میں اس شے کی طرف متوجہ ہوا یہاں تک کہ میرے کندھے کے قریب ہوا میں ڈرا کہ تم کو ڈھانپ نہ لے۔ میں نے عرض کی: اے رب! میں ان میں موجود ہوں! اللہ عزوجل نے تم سے عذاب کو پھیر دیا میں نے اس ٹکڑے کو پکڑا وہ بہترین فرش تھا میں نے جہنم میں جھانک کر دیکھا تو وہاں پر عمرو بن حدثان تھا بنی غفار کا بھائی وہ جہنم میں اپنی کمان پر لٹکایا ہوا تھا اس میں وہ حمیر قبیلے کی بلی والی عورت تھی جس نے ایک بلی کو باندھا تھا اور اسے کھانے پینے کیلئے کچھ نہیں دیا نہ اس کو چھوڑا تاکہ وہ کھانے کی کوئی چیز تلاش کرے یہاں تک کہ وہ مرگئی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ شِمَاسَةَ إِلَّا يَزِيدُ بْنُ أَبِي حَبِيبٍ

یہ حدیث ابن شماسہ سے صرف یزید بن ابی حبیب ہی روایت کرتے ہیں۔

**3198** - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا شُعَيْبُ بْنُ يَحْيَى قَالَ: أنا اللَّيْثُ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَيُّوبَ، عَنْ أَبِي غَلَّابٍ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ خَنَقَ نَفْسَهُ فِي الدُّنْيَا فَقَتَلَهَا خَنَقَ نَفْسَهُ فِي النَّارِ، وَمَنْ طَعَنَ نَفْسَهُ طَعَنَهَا فِي النَّارِ، وَمَنِ اقْتَحَمَ نَفْسَهُ اقْتَحَمَ فِي النَّارِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو دنیا میں اپنا گلا گھونٹ کر مرا وہ جہنم میں بھی اپنا گلا گھونٹتا رہے گا جس نے خود کو نیزہ سے مارا وہ جہنم میں نیزہ مارتا رہے گا جس نے اپنے آپ کو زخم لگایا وہ جہنم میں بھی اپنے آپ کو زخم لگاتا رہے گا۔

---

**3198**- أخرجه البخاري في الجنائز جلد 3 صفحه 268 رقم الحديث: 1365 وأحمد في المسند جلد 2 صفحه 573 رقم الحديث: 9631 .

3199 - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ قَالَ: نا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِى الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: خِلْفَةُ فَمِ الصَّائِمِ اَطْيَبُ عِنْدَ اللّٰهِ مِنْ رِيحِ الْمِسْكِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: روزہ دار کے منہ کی بدبو اللہ کے ہاں مشک کی خوشبو سے زیادہ بہتر ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِى الْاَسْوَدِ اِلَّا ابْنُ لَهِيعَةَ

یہ حدیث ابواسود سے صرف ابن لہیعہ ہی روایت کرتے ہیں۔

3200 - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ قَالَ: حَدَّثَنِي اِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ صَالِحِ بْنِ كَيْسَانَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِى سُفْيَانَ الثَّقَفِيِّ، عَنْ يُوسُفَ بْنِ الْحَكَمِ اَبِى الْحَجَّاجِ بْنِ يُوسُفَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ سَعْدِ بْنِ اَبِى وَقَّاصٍ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ يُرِدْ هَوَانَ قُرَيْشٍ اَهَانَهُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جس نے قریش کو رسوا کرنا چاہا اللہ عزوجل اس کو رسوا کرے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ اِلَّا صَالِحٌ، تَفَرَّدَ بِهِ اِبْرَاهِيمُ

یہ حدیث زہری سے صرف صالح ہی روایت کرتے ہیں' ان سے روایت کرنے میں ابراہیم اکیلے ہیں۔

3201 - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور

---

3199- أخرجه أحمد: المسند جلد 6 صفحه 268 رقم الحديث: 26089 بلفظ: والذى نفس محمد بيده لخلوف فم الصائم...... .

3200- أخرجه الترمذى فى المناقب جلد 5 صفحه 714 رقم الحديث: 3905 قال أبو عيسى: هذا حديث غريب من هذا الوجه . وأحمد فى المسند جلد 1 صفحه 316 رقم الحديث: 1477 .

3201- أخرجه الترمذى فى البيوع جلد 3 صفحه 568 رقم الحديث: 1279 وقال أبو عيسى: هذا حديث فى اسناده اضطراب ولا يصح فى ثمن السنور . والنسائى فى البيوع جلد 7 صفحه 272 باب (ما استثنى) وفيه زيادة . وأحمد فى المسند جلد 3 صفحه 416 رقم الحديث: 14664 .

يُوسُفَ قَالَ: نا عِيسَى بْنُ يُونُسَ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ: اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ ثَمَنِ الْكَلْبِ وَالسِّنَّوْرِ

ﷺ نے کتے اور بلی کی قیمت لینے سے منع فرمایا (یعنی فروخت کرنے سے)۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْاَعْمَشِ اِلَّا عِيسَى وعَبْثَرِ بْنِ الْقَاسِمِ

یہ حدیث اعمش سے عیسیٰ اور عبثر بن قاسم ہی روایت کرتے ہیں۔

**3202** - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا نُعَيْمُ بْنُ حَمَّادٍ قَالَ: نا عُقْبَةُ بْنُ خَالِدٍ السَّكُونِيُّ، عَنْ مُوسَى بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا اَكَلْتُمُ الطَّعَامَ فَاخْلَعُوا نِعَالَكُمْ فَاِنَّهُ اَرْوَحُ لِاَقْدَامِكُمْ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب کھانا کھانا چاہو تو اپنے جوتوں کو اُتار لو کیونکہ اس سے تمہارے قدموں کو سکون ملے گا۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ اَنَسٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تفَرَّدَ بِهِ عُقْبَةُ

یہ حدیث حضرت انس سے اسی سند سے روایت ہے اس کو روایت کرنے میں عقبہ اکیلے ہیں۔

**3203** - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ قَالَ: نا بَكْرُ بْنُ مُضَرَ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ رَبِيعَةَ، اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا الْخَيْرِ، يُخْبِرُ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ وَعْلَةَ، اَنَّهُ سَاَلَ ابْنَ عَبَّاسٍ، فَقَالَ: اِنَّا نَغْزُو هَذَا الْمَغْرِبَ، وَهُمْ اَهْلُ دِينٍ، وَلَهُمْ قِرَبٌ يَكُونُ فِيهَا اللَّبَنُ وَالْمَاءُ؟ فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الدِّبَاغُ طُهُورٌ

حضرت عبدالرحمٰن بن وعلہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ انہوں نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے پوچھا کہ ہم مغرب میں جہاد کرتے ہیں وہاں اہل کتاب ہیں ان کے مشکیزے جس میں دودھ اور پانی ہوتا ہے اس کا کیا حکم ہے؟ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: حضور ﷺ نے فرمایا کہ دباغت (رنگنا) (کھال کو) پاک کر دیتی ہے۔

---

**3202**- أخرجه أيضًا أبو يعلىٰ والبزار. وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 5 صفحه 26: ورجال الطبراني ثقات. الا ان عقبة بن خالد السكوني لم أجد له من محمد (بن ابراهيم) بن الحارث سماعاً. قلت: عقبة بن خالد يروى عن موسىٰ بن محمد بن ابراهيم ولكن موسىٰ سقط من اسناد الأوسط، وموسىٰ هذا ضعيف جدا.

**3203**- أخرجه مسلم في الحيض جلد 1 صفحه 278، وأبو داؤد في اللباس جلد 4 صفحه 65 رقم الحديث: 4123، والنسائي في الفرع جلد 7 صفحه 153 باب (جلود الميتة)، وأحمد في المسند جلد 1 صفحه 364 رقم الحديث: 2526.

**3204** - وَبِهِ حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ رَبِيعَةَ، عَنْ اَبِي مَرْزُوقٍ التُّجِيبِيِّ، عَنْ حَنَشٍ الصَّنْعَانِيِّ، عَنْ رُوَيْفِعِ بْنِ ثَابِتٍ الْاَنْصَارِيِّ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَحِلُّ لِاَحَدٍ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ اَنْ يَسْقِيَ مَائَهُ وَلَدَ غَيْرِهِ

حضرت رویفع بن ثابت انصاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو اللہ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہے اس کے لیے مناسب نہیں ہے کہ وہ زنا کرے۔

**3205** - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ حَمْزَةَ قَالَ: حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ يَزِيدَ بْنِ جَابِرٍ قَالَ: حَدَّثَنِي زَيْدُ بْنُ اَرْطَاةَ قَالَ: سَمِعْتُ جُبَيْرَ بْنَ نُفَيْرٍ، يُحَدِّثُ، عَنْ اَبِي الدَّرْدَاءِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فُسْطَاطُ الْمُسْلِمِينَ يَوْمَ الْمَلْحَمَةِ اِلَى جَانِبِ مَدِينَةٍ يُقَالُ لَهَا: دِمَشْقُ، مِنْ خَيْرِ مَدَائِنِ الشَّامِ

حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جنگ کے دن مسلمانوں کے خیمے مدینہ کی جانب تھے اس کو دمشق کہا جاتا تھا' وہ شام کے شہروں سے بہتر تھا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْطَاةَ اِلَّا ابْنُ جَابِرٍ

یہ حدیث زید بن ارطاۃ سے صرف ابن جابر ہی روایت کرتے ہیں۔

**3206** - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا اَحْمَدُ بْنُ اِشْكِيبِ الصَّفَّارُ الْكُوفِيُّ قَالَ: نا عَلِيُّ بْنُ عَابِسٍ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ اَبِي الْاَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ،

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ جب اپنے بستر پر آتے تھے تو یہ دعا کرتے تھے: اے رب! مجھے اپنے عذاب سے بچا جس دن تو

---

**3204**- أخرجه الترمذي في النكاح جلد3صفحه428 رقم الحديث: 1131' وأبو داؤد في النكاح جلد2صفحه254 رقم الحديث: 2158' وأحمد في المسند جلد4صفحه133 رقم الحديث: 16992 .

**3205**- أخرجه أبو داؤد في الملاحم جلد4صفحه109 رقم الحديث: 4298' وأحمد في المسند جلد5صفحه235 رقم الحديث: 21783 .

**3206**- أخرجه ابن ماجة في الدعاء جلد2صفحه1276 رقم الحديث: 3877 قال ابن ماجة في الزوائد: رجال اسناده ثقات الا أنه منقطع . وأبو عبيدة لم يسمع من أبيه شيئا . وأحمد في المسند جلد 1 صفحه512 رقم الحديث: 3741 بلفظ: كان اذا وضع جنبه على فراشه قال: قني عذابك يوم تجمع عبادك .

اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا اَوَى اِلَى فِرَاشِهِ قَالَ: رَبِّ قِنِي عَذَابَكَ يَوْمَ تَبْعَثُ عِبَادَكَ

اپنے بندوں کو اُٹھائے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ اَبِي الْاَحْوَصِ اِلَّا عَلِيُّ بْنُ عَابِسٍ وَرَوَاهُ اِسْرَائِيلُ وَغَيْرُهُ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ اَبِي عُبَيْدَةَ

یہ حدیث ابواسحاق سے ابواحوص' ابواحوص سے صرف علی بن عابس ہی روایت کرتے ہیں۔ اسرائیل اور ان کے علاوہ نے روایت کیا ہے ابواسحاق سے' وہ ابوعبیدہ سے۔

**3207** - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ قَالَ: نا عُمَرُ بْنُ الْمُغِيرَةِ الْمِصِّيصِيُّ قَالَ: نا اَيُّوبُ السَّخْتِيَانِيُّ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كُلُّ مُسْكِرٍ حَرَامٌ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ہر نشہ آور شے حرام ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْمُغِيرَةِ اِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ

یہ حدیث عمر بن مغیرہ سے صرف عبداللہ بن یوسف ہی روایت کرتے ہیں۔

**3208** - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، عَنْ عَطِيَّةَ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ قَزْعَةَ بْنِ يَحْيَى، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُولُ، اِذَا قَالَ: سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهُ : اللّٰهُمَّ رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ مِلْءَ السَّمَوَاتِ وَمِلْءَ الْاَرْضِ، وَمِلْءَ مَا شِئْتَ مِنْ شَيْءٍ بَعْدُ، اَهْلَ الثَّنَاءِ وَالْمَجْدِ، اَحَقُّ مَا قَالَ الْعَبْدُ، وَكُلُّنَا لَكَ عَبْدٌ، لَا نَازِعَ لِمَا اَعْطَيْتَ، وَلَا يَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ مِنْكَ الْجَدُّ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ جب سمع اللہ لمن حمدہ کہتے تھے تو ''اَللّٰهُمَّ رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ مِلْءَ السَّمَوَاتِ وَمِلْءَ الْاَرْضِ، وَمِلْءَ مَا شِئْتَ مِنْ شَيْءٍ بَعْدُ، اَهْلَ الثَّنَاءِ وَالْمَجْدِ، اَحَقُّ مَا قَالَ الْعَبْدُ، وَكُلُّنَا لَكَ عَبْدٌ، لَا نَازِعَ لِمَا اَعْطَيْتَ، وَلَا يَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ مِنْكَ الْجَدُّ''۔

---

3- تقدم تخريجه .

جه مسلم في الصلاة جلد 1 صفحه 347، والنسائي في التطبيق جلد 2 صفحه 156 باب (ما يقوله في قيامه ذلك)

المسند جلد 3 صفحه 107 رقم الحديث: 11833 .

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ إِلَّا مِنْ حَدِيثِ قَزْعَةَ بْنِ يَحْيَى

یہ حدیث ابوسعید سے صرف قزعہ بن یحییٰ ہی روایت کرتے ہیں۔

**3209** - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا عَمْرُو بْنُ هَاشِمٍ الْبَيْرُوتِيُّ قَالَ: سَمِعْتُ الْأَوْزَاعِيَّ، يُحَدِّثُ عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ عُبَيْدِ اللَّهِ الْمَخْزُومِيِّ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الْعَبَّاسِ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: عُرِضَ عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا هُوَ مَفْتُوحٌ عَلَى أُمَّتِهِ مِنْ بَعْدِهِ كَفْرًا كَفْرًا، فَسُرَّ بِذَلِكَ، فَأَنْزَلَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ: (وَلَسَوْفَ يُعْطِيكَ رَبُّكَ فَتَرْضَى) (الضحى:5) قَالَ: فَأَعْطَاهُ اللَّهُ فِي الْجَنَّةِ أَلْفَ قَصْرٍ فِي كُلِّ قَصْرٍ مَا يَنْبَغِي لَهُ مِنَ الْوِلْدَانِ وَالْخَدَمِ

حضرت علی بن عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ پر یہ بات پیش کی گئی کہ آپ کے بعد آپ کی اُمت کو کافروں پر فتوحات دی جائیں گی' اس طرح آپ کو خوش کیا گیا۔ اللہ عزوجل نے یہ آیت نازل کی: ''عنقریب آپ کا رب آپ کو عطا کرے گا کہ آپ راضی ہو جائیں گے''۔ اللہ عزوجل نے آپ کیلئے جنت میں ایک ہزار محل تیار کیے ہیں' ہر محل میں بچے اور خدام ہوں گے جو آپ کے لیے مناسب ہوں گے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ عُبَيْدِ اللَّهِ إِلَّا الْأَوْزَاعِيُّ، وَلَا رَوَاهُ عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ إِلَّا عَمْرُو بْنُ هَاشِمٍ، وَسُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ يَحْيَى بْنُ يَمَانٍ، عَنْ سُفْيَانَ

یہ حدیث اسماعیل بن عبیداللہ سے صرف اوزاعی اور اوزاعی سے صرف عمرو بن ہاشم اور سفیان ثوری روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں یحییٰ بن یمان' حضرت سفیان سے روایت کرنے میں اکیلے ہیں۔

**3210** - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا عَمْرُو بْنُ هَاشِمٍ الْبَيْرُوتِيُّ قَالَ: نا إِدْرِيسُ بْنُ زِيَادٍ الْأَلْهَانِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ زِيَادٍ الْأَلْهَانِيُّ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِنَّ اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ جَعَلَ السَّلَامَ تَحِيَّةً لِأُمَّتِنَا وَأَمَانًا لِأَهْلِ ذِمَّتِنَا

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: اللہ عزوجل نے اسلام کو ہمارے مردوں کے لیے برکت بنایا ہے اور ہمارے ذمیوں کے لیے امن بنایا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ إِلَّا إِدْرِيسُ بْنُ زِيَادٍ، تَفَرَّدَ بِهِ عَمْرُو بْنُ هَاشِمٍ

یہ حدیث محمد بن زیاد سے صرف ادریس بن زیاد ہی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عمرو بن ہاشم

3209- أخرجه أيضًا الكبير جلد10صفحه337 . وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 7صفحه142: واسناد الكبير حسن . قلت: اسناد الكبير هو نفسه اسناد الأوسط هذا .

اکیلے ہیں۔

**3211** - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ قَالَ: حَدَّثَنِي بَكْرُ بْنُ مُضَرَ، عَنْ صَخْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حَرْمَلَةَ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِاَزْوَاجِهِ: اِنَّ اَمْرَكُنَّ لَيُهِمُّنِي بَعْدِي، وَلَنْ يَصْبِرَ عَلَيْكُنَّ اِلَّا الصَّابِرُ ثُمَّ قَالَتْ: سَقَى اللّٰهُ اَبَاكِ مِنَ السَّلْسَبِيلِ، وَكَانَ قَدْ وَصَلَ اَزْوَاجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاَرْبَعِينَ اَلْفًا

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے اپنی ازواج سے فرمایا: تمہارا معاملہ میرے بعد غم میں ڈالتا ہے تم پر صابر کے علاوہ کوئی صبر نہ کرے گا۔ پھر حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: اللہ عزوجل نے آپ کے والد کو سلسبیل سے پلائے' حضور ﷺ کی ازواج کو انہوں نے چالیس ہزار دیا تھا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ صَخْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ اِلَّا بَكْرُ بْنُ مُضَرَ

یہ حدیث صخر بن عبداللہ سے صرف بکر بن مضر ہی روایت کرتے ہیں۔

**3212** - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ قَالَ: حَدَّثَنِي بَكْرٌ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ رَبِيعَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ هُرْمُزَ الْاَعْرَجِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَالِكٍ ابْنِ بُحَيْنَةَ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا سَجَدَ جَافَى عَضُدَيْهِ عَنْ جَسَدِهِ حَتَّى يُرَى بَيَاضُ اِبِطَيْهِ

حضرت عبداللہ بن مالک بن بحینہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ جب سجدہ کرتے تھے تو اپنی کلائیوں کو اپنے جسم سے جدا رکھتے تھے' اتنا کہ آپ کی بغلوں کی سفیدی دکھائی دیتی تھی۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ بُحَيْنَةَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ بَكْرُ بْنُ مُضَرَ

یہ حدیث عبداللہ بن بحینہ سے اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں بکر بن مضر اکیلے ہیں۔

---

3211- أخرجه أحمد في المسند جلد6صفحه87 رقم الحديث: 24539 .

3212- أخرجه البخاري في الأذان جلد 2صفحه343 رقم الحديث: 807 . بلفظ: (كان اذا صلى فرج بين يديه حتى يبدو بياض ابطيه) . ذكره مسلم في الصلاة جلد 1صفحه356 . بنحوه ولفظ الحديث من طريق عمرو بن الحارث بنصه .

3213 - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ، وَشُعَيْبُ بْنُ يَحْيَى، قَالَا: نا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي جَعْفَرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي قَتَادَةَ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ قَعَدَ عَلَى فِرَاشِ مُغِيبَةٍ قُيِّضَ لَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ثُعْبَانٌ

حضرت عبداللہ بن ابی قتادہ رضی اللہ عنہما اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو بستر پر غیبت کرنے کے لیے بیٹھا' قیامت کے دن اس پر سانپ مقرر کردیئے جائیں گے۔

3214 - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي السَّرِيِّ الْعَسْقَلَانِيُّ قَالَ: نا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ اَبِي ثَابِتٍ، عَنْ شُرَيْحِ بْنِ هَانِءٍ، عَنْ بِلَالٍ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَمْسَحُ عَلَى الْخُفَّيْنِ وَالْخِمَارِ

حضرت بلال رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم موزوں اور کپڑے پر مسح کرتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ حَبِيبٍ اِلَّا اللَّيْثُ، تَفَرَّدَ بِهِ مُعْتَمِرٌ

یہ حدیث حبیب سے صرف لیث ہی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے والے معتمر اکیلے ہیں۔

3215 - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا شُعَيْبُ بْنُ يَحْيَى قَالَ: اَنَا يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، اَنَّ اَبَا الزُّبَيْرِ، اَخْبَرَهُ اَنَّهُ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ يَقُولُ: اَكَلْنَا زَمَانَ خَيْبَرَ الْخَيْلَ وَحُمُرَ الْوَحْشِ، وَنَهَانَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْحِمَارِ الْاَهْلِيِّ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ ہم خیبر میں گھوڑوں اور جنگلی گدھوں کا گوشت کھاتے تھے اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہم کو پالتو گدھوں کے گوشت سے منع کیا۔

---

3213- أخرجه أيضًا الكبير جلد 3 صفحه 272 رقم الحديث: 3278 . وأحمد جلد 5 صفحه 300 . وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 6 صفحه 216: فيه ابن لهيعة وحديثه حسن' وفيه ضعف .

3214- أخرجه مسلم في الطهارة جلد 1 صفحه 231' والترمذي في الطهارة جلد 1 صفحه 172 رقم الحديث: 101 والنسائي في الطهارة جلد 1 صفحه 64 باب (المسح على العمامة) . وابن ماجة في الطهارة جلد 1 صفحه 186 رقم الحديث: 561 .

3215- أخرجه البخاري في الذبائح جلد 9 صفحه 570 رقم الحديث: 5524' ومسلم في الصيد جلد 3 صفحه 1541 . ولفظ الحديث عن مسلم .

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ إِلَّا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ

یہ حدیث ابن جریج سے صرف یحییٰ بن ایوب ہی روایت کرتے ہیں۔

**3216** - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا شُعَيْبُ بْنُ يَحْيَى قَالَ: أَنَا عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ عُمَرَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ لَا يَلْتَفِتُ إِذَا مَشَى، وَكَانَ رُبَّمَا تَعَلَّقَ رِدَاؤُهُ بِالشَّجَرَةِ أَوِ الشَّيْءِ فَلَا يَلْتَفِتُ حَتَّى يَرْفَعُوهُ؛ لِأَنَّهُمْ كَانُوا يَمْزَحُونَ وَيَضْحَكُونَ، وَكَانُوا قَدْ أَمِنُوا الْتِفَاتَهُ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ جب چلتے تھے تو اِدھر اُدھر توجہ نہیں کرتے تھے' بسا اوقات آپ کی چادر درخت یا کسی شی سے لٹک جاتی تھی تو آپ اِدھر اُدھر لکھتے تھے یہاں تک کہ صحابہ اس کو اُٹھالیتے تھے' کیونکہ وہ آپس میں ایک دوسرے سے مزاح اور مسکراتے بھی تھے' حالانکہ لوگ آپ کی توجہ کی وجہ سے مامون ومحفوظ تھے۔

**3217** - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ قَالَ: نا عَمْرُو بْنُ هَاشِمٍ الْبَيْرُوتِيُّ قَالَ: نا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ دَرَّاجٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ هُبَيْرَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ حُجَيْرَةَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: غَفَرَ اللَّهُ لِرَجُلٍ أَمَاطَ عَنْ طَرِيقِ الْمُسْلِمِينَ غُصْنًا مِنْ شَوْكٍ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل نے ایک آدمی کو مسلمانوں کے راستے سے تکلیف دہ شے ہٹانے کی وجہ سے اس کے پہلے گناہ معاف کر دیئے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ حُجَيْرَةَ إِلَّا ابْنُ هُبَيْرَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ ابْنُ لَهِيعَةَ

یہ حدیث ابن حجیرہ سے صرف ابن ہبیرہ ہی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ابن لہیعہ اکیلے ہیں۔

**3218** - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا نُعَيْمُ بْنُ حَمَّادٍ قَالَ: نا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: أَمَرَنِي جِبْرِيلُ أَنْ أُكَبِّرَ أَوْ قَالَ: أَنْ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: مجھے حضرت جبریل علیہ السلام نے اللہ اکبر کہنے کے لیے عرض کی' یا فرمایا کہ تم تکبیر کو مقدم کرو۔

---

3217- أخرجه البخاری فی الآذان جلد2صفحه163 رقم الحديث: 652 بلفظ: بينما رجل يمشی بطريق وجد غصن شوك على الطريق' فأخره فشكر الله له' فغفر له . ومسلم فی الامارة جلد3صفحه1521 بنحوه .

قَدِّمُوا التَّكْبِيرَ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ نَافِعٍ اِلَّا اُسَامَةُ، تَفَرَّدَ بِهِ ابْنُ الْمُبَارَكِ

یہ حدیث نافع سے صرف اسامہ ہی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے والے ابن مبارک اکیلے ہیں۔

**3219** - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ اَبِي الْفَيَّاضِ الْبَرْقِيُّ قَالَ: نا اَشْهَبُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ قَالَ: نا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ مِشْرَحِ بْنِ هَاعَانَ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ، عَنْ حُذَيْفَةَ بْنِ الْيَمَانِ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَكُونَ لِاَصْحَابِي بَعْدِي زَلَّةٌ، يَغْفِرُهَا اللّٰهُ لَهُمْ بِصُحْبَتِهِمْ، وَسَيَتَاَسَّى بِهِمْ قَوْمٌ بَعْدَهُمْ، يَكُبُّهُمُ اللّٰهُ عَلَى مَنَاخِرِهِمْ فِي النَّارِ

حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اگر میرے صحابہ سے میرے بعد لغزش ہوگی لیکن میرے صحابی ہونے کی وجہ سے اللہ اُن کو بخش دے گا اور عنقریب ان کے بعد ایسی قوم آئے گی کہ اللہ عزوجل اُن کو چہروں کے بل جہنم میں گرا دے گا۔

**3220** - وَبِهِ عَنِ ابْنِ لَهِيعَةَ، عَنْ مِشْرَحِ بْنِ هَاعَانَ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ تَاَنَّى اَصَابَ اَوْ كَادَ، وَمَنْ عَجَّلَ اَخْطَاَ اَوْ كَادَ

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے آہستہ آہستہ تسلی سے کام کیا وہ کامیاب ہوا یا کامیابی کے قریب ہوا' جس نے جلدی کی' اس نے غلطی کی یا غلطی کے قریب ہوا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنْ مِشْرَحٍ اِلَّا ابْنُ لَهِيعَةَ، وَلَا عَنِ ابْنِ لَهِيعَةَ اِلَّا اَشْهَبُ، تَفَرَّدَ بِهِ اِبْرَاهِيمُ

یہ دونوں حدیثیں مشرح سے صرف ابن لہیعہ اور ابن لہیعہ سے صرف اشہب ہی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ابراہیم اکیلے ہیں۔

**3221** - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا عَمْرُو بْنُ هَاشِمٍ الْبَيْرُوتِيُّ قَالَ: نا سُلَيْمَانُ بْنُ حَيَّانَ اَبُو خَالِدٍ الْاَحْمَرُ، عَنْ حُمَيْدٍ الطَّوِيلِ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اُمِرْتُ اَنْ اُقَاتِلَ النَّاسَ حَتَّى يَقُولُوا: لَا اِلَهَ اِلَّا اللّٰهُ، فَاِذَا قَالُوهَا عَصَمُوا مِنِّي دِمَائَهُمْ وَاَمْوَالَهُمْ، اِلَّا بِحَقِّهَا قِيلَ: وَمَا حَقُّهَا؟ قَالَ: زِنًى بَعْدَ اِحْصَانٍ، اَوْ كُفْرٌ بَعْدَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے مجھے لوگوں کو قتل کرنے کا حکم دیا یہاں تک کہ لوگ لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ پڑھ لیں' جب وہ یہ پڑھ لیں گے تو انہوں نے مجھ سے اپنے خون اور اموال بچا لیے مگر حق کے ساتھ۔ عرض کی گئی؟ حق کے ساتھ قتل کرنا کیا ہے؟ فرمایا: شادی کرنے کے بعد زنا کرنا' یا اسلام کے بعد کفر کرنا یا کسی جان کو قتل کرنا' پس اس کے

---

3220- تقدم هذا الحديث برقم (3082).

اِسْلَامٍ، اَوْ قَتْلُ نَفْسٍ فَيُقْتَلُ بِهِ

بدلے اس کو قتل کر دیا جائے گا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا اللَّفْظَ الَّذِي فِي آخِرِ الْحَدِيثِ عَنْ حُمَيْدٍ اِلَّا اَبُو خَالِدٍ الْاَحْمَرُ، تَفَرَّدَ بِهِ عَمْرُو بْنُ هَاشِمٍ

حمید سے حدیث کے آخری الفاظ صرف ابوخالد الاحمر ہی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عمرو بن ہاشم اکیلے ہیں۔

**3222** - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا عَمْرٌو قَالَ: نا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ الْحُصَيْنِ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ لَا يَقْبِضُ الْعِلْمَ انْتِزَاعًا يَنْتَزِعُهُ مِنَ النَّاسِ، وَلٰكِنْ يَقْبِضُهُ بِقَبْضِ الْعُلَمَاءِ، حَتّٰى اِذَا لَمْ يَزَلْ عَالِمًا اتَّخَذَ النَّاسُ رُءُوسًا جُهَّالًا فَسُئِلُوا، فَاَفْتَوْا بِغَيْرِ عِلْمٍ، فَضَلُّوا وَاَضَلُّوا

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل لوگوں کے سینوں سے علم نہیں لے گا بلکہ علماء اُٹھا لے گا' یہاں تک کہ جب عالم نہیں ملے گا تو لوگ جاہلوں کو سردار بنائیں گے' ان سے مسائل پوچھیں گے تو وہ بغیر علم کے فتویٰ دیں گے' خود بھی گمراہ ہوں گے اور لوگوں کو بھی گمراہ کریں گے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ الْحُصَيْنِ اِلَّا عَمْرُو بْنُ هَاشِمٍ

یہ حدیث عبدالعزیز بن حصین سے صرف عمرو بن ہاشم ہی روایت کرتے ہیں۔

**3223** - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ حَمْزَةَ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ، اَنَّ نَافِعًا، حَدَّثَهُ اَنَّ ابْنَ عُمَرَ، حِينَ جَمَعَ بَيْنَ الْمَغْرِبِ وَالْعِشَاءِ قَالَ: رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْتَعْجَلَ كَذٰلِكَ، فَصَلَّاهَا مَرَّةً، ثُمَّ لَمْ اَرَهُ صَلَّاهَا قَبْلَهَا وَلَا بَعْدَهَا

حضرت نافع فرماتے ہیں کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے مغرب اور عشاء کی نماز اکٹھی پڑھی' فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو اس طرح جلدی کرتے ہوئے دیکھا' آپ نے اس طرح ایک مرتبہ پڑھی ہے' اس کے بعد اور اس سے پہلے کبھی بھی دو اکٹھی نمازیں نہیں پڑھیں۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ اِلَّا يَحْيَى بْنُ حَمْزَةَ

یہ حدیث عبدالعزیز سے صرف یحییٰ بن حمزہ ہی روایت کرتے ہیں۔

**3224** - حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ قَالَ:

حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم

---

3222- أخرجه البخاری فی العلم جلد1صفحه234 رقم الحديث:100' ومسلم فی العلم جلد4صفحه2058 .

3224- أخرجه البخاری فی الصوم جلد 4صفحه215 رقم الحديث: 1945' وأبو داؤد فی الصوم جلد 2صفحه329 رقم الحديث: 2049' وابن ماجة فی الصيام جلد1صفحه531 رقم الحديث: 1663 .

نا يَحْيَى، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ بْنِ جَابِرٍ، أَنَّ إِسْمَاعِيلَ بْنَ عُبَيْدِ اللَّهِ، حَدَّثَهُ، عَنْ أُمِّ الدَّرْدَاءِ، عَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ قَالَ: خَرَجْنَا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي بَعْضِ أَسْفَارِهِ فِي يَوْمٍ حَارٍّ، وَإِنَّ الرَّجُلَ لَيَضَعُ يَدَهُ عَلَى رَأْسِهِ مِنْ شِدَّةِ الْحَرِّ، فَمَا كَانَ مِنَّا صَائِمٌ إِلَّا نَبِيُّ اللَّهِ وَابْنُ رَوَاحَةَ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں ایک سفر میں حضور ﷺ کے ساتھ تھا' آپ سواری پر سوار ہوکر جارہے تھے' سواری آپ سے ڈرنے لگی' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ کی سواری کو کیا ہوا ہے' یہ ڈرنے لگی ہے؟ آپ نے فرمایا: اس نے اس قبر کے اندر ایک آدمی کو عذاب ہوتے ہوئے دیکھا ہے' اس لیے یہ ڈرنے لگی ہے۔

**3367** - وَبِهِ عَنْ جَابِرٍ، عَنْ اَبِی الزُّبَیْرِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: اَمَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِی غَزْوَةٍ غَزَاهَا بِالْاَجْرَاسِ اَنْ تُقْطَعَ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ایک غزوہ میں گھنٹیاں بند کرنے کا حکم دیا۔

**3368** - وَبِهِ عَنْ جَابِرٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ سَابِطٍ، عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اَجْنَبَ لَمْ یَطْعَمْ حَتَّی یَتَوَضَّاَ وُضُوئَهُ لِلصَّلَاةِ

حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ جب جنبی ہوتے تو آپ نماز جیسا وضو کر کے آپ کھانا کھاتے تھے۔

**3369** - وَبِهِ نَا جَابِرٌ، عَنْ اَبِی حَازِمٍ، عَنْ اَبِی هُرَیْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: یُجَاءُ یَوْمَ الْقِیَامَةِ بِاَمْثَالِ الْجِبَالِ مِنْ مَظَالِمِ النَّاسِ بَیْنَهُمْ وَحُقُوقِهِمْ، فَمَا یَزَالُ اللّٰهُ یَقْضِیهَا حَتَّی لَا یَبْقَی مِنْهَا شَیْءٌ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: قیامت کے دن کچھ لوگ لائے جائیں گے' ان کے نامۂ عمل میں پہاڑوں کے برابر ظلم ہوں گے اور ان کے حقوق' اللہ عزوجل اس کو کم کرتا رہے گا یہاں تک کہ اس سے کوئی شی باقی نہیں رہے گی۔

لَمْ یَرْوِ هَذِهِ الْاَحَادِیثَ عَنْ جَابِرٍ اِلَّا اَبُو

یہ احادیث حضرت جابر سے صرف ابوحمزہ ہی

**3368**- أخرجه أيضًا الصغير جلد 1 صفحه 117' وقال الهيثمي في المجمع جلد 1 صفحه 277: وفيه جابر الجعفي' وقد اختلاف في الاحتجاج به .

حَمْزَةَ، إِلَّا حَدِيثَ أَبِي حَازِمٍ، فَإِنَّ شَيْبَانَ النَّحْوِيَّ شَارَكَهُ فِي رِوَايَتِهِ

روایت کرتے ہیں اور ابو حازم' شیبان نحوی' اس کی روایت میں شریک ہیں۔

**3370** - حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ أَحْمَدَ الشَّامِيُّ الْكُوفِيُّ قَالَ: نَا أَبُو كُرَيْبٍ قَالَ: نَا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ قَالَ: نَا نَافِعُ بْنُ أَبِي نُعَيْمٍ قَالَ: نَا نَافِعٌ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَخَّصَ لِصَاحِبِ الْعَرِيَّةِ أَنْ يَبِيعَهَا بِخَرْصِهَا كَيْلًا

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے صاحبِ عریہ کو اندازہ سے ناپ کر فروخت کرنے کی رخصت دی۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ نَافِعِ بْنِ أَبِي نُعَيْمٍ إِلَّا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ أَبُو كُرَيْبٍ

نافع بن ابی نعیم سے صرف خالد بن مخلد روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ابوکریب اکیلے ہیں۔

**3371** - وَبِهِ حَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ قَالَ: نَا عُبَيْدُ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ: نَا صَبَّاحُ بْنُ يَحْيَى الْمُزَنِيُّ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِذَا عَطَسَ الرَّجُلُ، فَقَالَ: الْحَمْدُ لِلَّهِ، قَالَتِ الْمَلَائِكَةُ: رَبِّ الْعَالَمِينَ، فَإِذَا قَالَ: رَبِّ الْعَالَمِينَ، قَالَتِ الْمَلَائِكَةُ: رَحِمَكَ اللَّهُ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب کسی آدمی کو چھینک آئے تو وہ الحمد للہ کہے تو فرشتے الحمد للہ کہتے ہیں' جب وہ رب العالمین کہتا ہے تو فرشتے رحمک اللہ کہتے ہیں۔

لَمْ يَرْفَعْهُ عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ إِلَّا صَبَّاحُ بْنُ يَحْيَى

عطاء بن سائب سے صباح بن یحییٰ مرفوعاً روایت کرتے ہیں۔

**3372** - وَبِهِ حَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ قَالَ: نَا

حضرت ابن بریدہ اپنے والد سے روایت کرتے

---

3370- أخرجه البخاري في البيوع جلد 4 صفحه 456 رقم الحديث: 2192' ومسلم في البيوع جلد 3 صفحه 1169 رقم الحديث: 1539 .

3371- أخرجه أيضًا الكبير جلد 11 صفحه 453' وقال الهيثمي في المجمع جلد 8 صفحه 60: وفيه عطاء بن السائب' وقد اختلط . قلت هذا تعليل قاصر' وفيه من هو أضعف منه كما تقدم .

عُثْمَانُ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ: نَا يَحْيَى بْنُ يَمَانٍ قَالَ: نَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الزِّبْرِقَانِ، عَنْ صَالِحِ بْنِ حَيَّانَ، عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: كُلُّ مَوْلُودٍ مُرْتَهَنٌ بِعَقِيقَتِهِ

ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ہر پیدا ہونے والا بچہ عقیقہ کا مرتہن ہوتا ہے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ صَالِحٍ إِلَّا إِبْرَاهِيمُ، وَلَا عَنْ إِبْرَاهِيمَ، إِلَّا يَحْيَى، وَلَا عَنْ يَحْيَى إِلَّا عُثْمَانُ، تَفَرَّدَ بِهِ: أَبُو كُرَيْبٍ

صالح سے صرف ابراہیم اور ابراہیم سے یحییٰ اور یحییٰ سے صرف عثمان روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ابوکریب اکیلے ہیں۔

3373 - حَدَّثَنَا جَعْفَرٌ قَالَ: نَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ الْأَسَدِيُّ قَالَ: نَا عِيسَى بْنُ رَاشِدٍ، عَنِ ابْنِ شُبْرُمَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّهُ سُئِلَ: أَيْنَ صَلَّى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ دَخَلَ الْبَيْتَ؟ قَالَ: بَيْنَ الْعَمُودَيْنِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ پوچھا گیا: حضور ﷺ نے خانہ کعبہ کے اندر کہاں نماز پڑھی تھی؟ فرمایا: دوستونوں کے درمیان۔

3374 - حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ بُجَيْرٍ الْعَطَّارُ الْبَغْدَادِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَفَّانَ أَبُو بَكْرٍ قَالَ: نَا حَجَّاجُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْأَعْوَرُ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللَّهِ يُصَلِّي مِنَ اللَّيْلِ حَتَّى وَرِمَ قَدَمَاهُ، فَقِيلَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، أَلَيْسَ قَدْ غَفَرَ اللَّهُ لَكَ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِكَ وَمَا تَأَخَّرَ؟ قَالَ: أَفَلَا أَكُونُ عَبْدًا شَكُورًا

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ رات کو نماز پڑھتے تھے' اتنی دیر تک کہ آپ کے پاؤں مبارک میں ورم پڑ گئے' آپ سے عرض کی گئی: یارسول اللہ! کیا اللہ عزوجل نے آپ کے وسیلہ سے آپ کی اُمت کے پہلے اور اگلے گناہ معاف نہیں کیے ہیں؟ آپ نے فرمایا: کیا میں اللہ کا شکرگزارہ بندہ نہ بن جاؤں!

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ شُعْبَةَ إِلَّا حَجَّاجٌ، تَفَرَّدَ بِهِ عَبْدُ الرَّحْمَنِ

یہ حدیث شعبہ سے صرف حجاج روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عبدالرحمن اکیلے ہیں۔

---

3374- أخرجه أيضًا الصغير جلد1صفحه118 . وقال الهيثمي في المجمع جلد2صفحه274: وفيه عبد الرحمن بن عفان وهو ضعيف وقد وثقه ابن حبان .

3375 - حَدَّثَنَا جَعْفَرٌ الْعَطَّارُ قَالَ: نَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ التَّرْجُمَانِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الطَّلْحِيُّ، عَنْ خَالِدِ بْنِ الْوَلِيدِ الْمَخْزُومِيِّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: بَيْنَمَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسِيرُ إِذَا امْرَأَةٌ قَدْ أَقْبَلَتْ مَعَهَا ابْنٌ لَهَا، فَقَالَتْ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَلِهَذَا حَجٌّ؟ قَالَ: نَعَمْ، وَلَكِ أَجْرٌ قَالَتْ: فَمَا ثَوَابُهُ إِذَا وَقَفَ بِعَرَفَةَ؟ قَالَ: يُكْتَبُ لِوَالِدَيْهِ بِعَدَدِ كُلِّ مَنْ وَقَفَ بِالْمَوْقِفِ عَدَدُ شَعْرِ رُءُوسِهِمْ حَسَنَاتٌ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے ساتھ چل رہے تھے کہ ایک عورت آئی' اس کے ساتھ اس کا بیٹا بھی تھا' اس نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا اس کے لیے حج ہے؟ آپ نے فرمایا: جی ہاں! اور ثواب تیرے لیے ہے۔ اس نے عرض کی: عرفات میں ٹھہرنے کا کیا ثواب ہے؟ آپ نے فرمایا: اس کے والدین کے لیے جو وہاں لوگ ٹھہرے ہوں گے' ان کے سروں کے بالوں کی تعداد کے برابر ثواب لکھا جائے گا۔

لَمْ يُرْوَ هَذَا الْحَدِيثُ عَنِ الزُّهْرِيِّ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ التَّرْجُمَانِيُّ

یہ حدیث زہری سے صرف اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں ترجمانی اکیلے ہیں۔

3376 - حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ بُجَيْرٍ قَالَ: ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارِ بْنِ الرَّيَّانِ قَالَ: نَا حَفْصُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ لَيْثِ بْنِ أَبِي سُلَيْمٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ حَجَّ فَزَارَ قَبْرِي بَعْدَ مَوْتِي كَانَ كَمَنْ زَارَنِي فِي حَيَاتِي

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے حج کیا اور اس کے بعد میری وفات کے بعد میری قبر کی زیارت کی' اس نے گویا میری زندگی میں میری زیارت کی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ لَيْثٍ إِلَّا حَفْصٌ

یہ حدیث لیث سے صرف حفص ہی روایت کرتے ہیں۔

3377 - حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ النَّيْسَابُورِيُّ الْأَعْرَجُ قَالَ: نَا إِدْرِيسُ بْنُ يُونُسَ الْحَرَّانِيُّ قَالَ: نَا يَحْيَى بْنُ عُمَرَ بْنِ سَاجٍ قَالَ: نَا سُلَيْمَانُ بْنُ وَهْبٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ أَبِي عَبْلَةَ، عَنْ

حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے اپنے مسلمان بھائی کو بادشاہ سے خدمت کروائی یا اس کو خوشی دی' اللہ عزوجل اس کے جنت میں درجات بلند کرے گا۔

3376- أخرجه أيضًا في المجمع صفحه 514: وفيه حفص بن أبي داؤد القاري' وثقه أحمد' وضعفه جماعة من الأئمة قلت: سليمان هذا متروك .

خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ، عَنْ اَبِی الدَّرْدَاءِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ كَانَ وَصْلَةً لِاَخِيهِ الْمُسْلِمِ اِلَى ذِی سُلْطَانٍ فِی مَبْلَغِ بِرٍّ اَوْ اِدْخَالِ سُرُورٍ رَفَعَهُ اللّٰهُ فِی الدَّرَجَاتِ الْعُلَى مِنَ الْجَنَّةِ

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اِبْرَاهِيمَ اِلَّا سُلَيْمَانُ، وَلَا عَنْ سُلَيْمَانَ اِلَّا يَحْيَى، تَفَرَّدَ بِهِ اِدْرِيسُ بْنُ يُونُسَ

یہ حدیث ابراہیم سے صرف سلیمان اور سلیمان سے صرف یحییٰ ہی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ادریس بن یونس اکیلے ہیں۔

**3378** - حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَوَّارٍ النَّيْسَابُورِیُّ قَالَ: نَا اَحْمَدُ بْنُ حَفْصٍ قَالَ: حَدَّثَنِی اَبِی قَالَ: نَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ، عَنِ الْحَجَّاجِ بْنِ الْحَجَّاجِ، عَنْ عَبَّادِ بْنِ مَنْصُورٍ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ اَبِی هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اللّٰهَ يَقْبَلُ الصَّدَقَاتِ، وَلَا يَقْبَلُ مِنْهَا اِلَّا طَيِّبًا، وَيَقْبَلُهَا بِيَمِينِهِ، ثُمَّ يُرَبِّيهَا لِصَاحِبِهَا كَمَا يُرَبِّی الرَّجُلُ مِنْكُمْ مُهْرَهُ وَفَصِيلَهُ، حَتَّى اِنَّ اللُّقْمَةَ لَتَصِيرُ مِثْلَ اُحُدٍ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: بے شک اللہ عزوجل صدقات قبول کرتا ہے اور حلال قبول کرتا ہے' اپنے دائیں (دست مبارک) میں قبول کرتا ہے' اس کو بڑھاتا ہے اس کے مالک کے لیے' جس طرح تم میں سے کوئی اپنے گھوڑے کا بچہ یا اونٹنی کا بچہ بڑھتا ہوا ایک لقمہ بھی اُحد پہاڑ کی مثل ہو جاتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْحَجَّاجِ اِلَّا اِبْرَاهِيمُ

یہ حدیث حجاج سے صرف ابراہیم ہی روایت کرتے ہیں۔

**3379** - حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ الصَّبَّاحِ الْبَزَّارُ

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

---

3378- أخرجه الترمذی فی الزكاة جلد 3 صفحه 41 رقم الحديث: 662' وأحمد فی المسند جلد 2 صفحه 620 رقم الحديث: 10100 . وأصله متفق عليه . أخرجه البخاری فی الزكاة جلد 3 صفحه 326 رقم الحديث: 1410' ومسلم فی الزكاة جلد 2 صفحه 702 .

3379- أخرجه ابن ماجة فی الجنائز جلد 1 صفحه 476 رقم الحديث: 1485' والطبرانی فی الكبير جلد 18 صفحه 239-240 رقم الحديث: 601 وقال: اسناده واه جدًا فيه نقيع بن الحارث أبو داؤد الأعمى وهو كذاب متهم بالوضع وعلى بن الحزور متروك .

الْاَصْبَهَانِيُّ قَالَ: نَا الْحَسَنُ بْنُ حَمَّادٍ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نَا يَحْيَى بْنُ يَعْلَى الْاَسْلَمِيُّ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحَزَوَّرِ، عَنْ اَبِي دَاوُدَ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ فِي جِنَازَةٍ، فَرَاَى قَوْمًا يَمْشُونَ بِغَيْرِ اَرْدِيَةٍ، فَقَالَ: بِحَضْرَتِي يُفْعَلُ هَذَا؟ لَقَدْ هَمَمْتُ اَنْ اَدْعُوَ عَلَيْكُمْ دَعْوَةً تَمْشُونَ فِي غَيْرِ صُوَرِكُمْ قَالَ: فَمَا رُئِيَ اَحَدٌ بَعْدَ ذٰلِكَ يَمْشِي بِغَيْرِ رِدَاءٍ

حضور ﷺ ایک جنازہ میں شریک تھے کہ آپ نے ایک قوم کو دیکھا کہ وہ بغیر چادروں کے چل رہے تھے' آپ نے فرمایا: میری موجودگی میں یہ کام کیا جاتا ہے؟ میں نے ارادہ کیا کہ ان کے خلاف ایسی دعا کروں کہ تم اپنی صورتوں کے علاوہ پر چلو! حضرت عمران فرماتے ہیں: ہم نے اس کے بعد کسی کو بھی بغیر تہبند کے نہیں دیکھا۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ

یہ حدیث رسول اللہ ﷺ سے اسی سند سے روایت ہے۔

**3380** - حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مَالِكٍ الْفَزَارِيُّ الْكُوفِيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ مَرْوَانَ الْقَطَّانُ الْكُوفِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الزُّبَيْرِ الْاَسَدِيُّ، عَنْ زِيَادِ بْنِ الْمُنْذِرِ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ زَاذَانَ، عَنْ عَلِيٍّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اللّٰهَ يَقُولُ: اِنَّ الْعِزَّةَ اِزَارِي، وَالْكِبْرِيَاءَ رِدَائِي، فَمَنْ نَازَعَنِيهِمَا اُعَذِّبُهُ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل فرماتا ہے کہ عزت میرا تہبند ہے اور بڑائی میری چادر ہے' جو ان دونوں کو کھینچے گا' میں اس کو عذاب دوں گا۔

لَا يُرْوَى عَنْ عَلِيٍّ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، وَلَا يُعْلَمُ حَبِيبٌ حَدَّثَ عَنْ زَاذَانَ غَيْرَ هَذَا الْحَدِيثِ

حضرت علی سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے' یہ کوئی نہیں جانتا ہے کہ رذان سے اس سند کے علاوہ روایت ہے۔

**3381** - حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ سِنَانٍ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نَا مُوسَى بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ اَبُو طَلْحَةَ الْخُزَاعِيُّ قَالَ: نَا اَحْمَدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْحَضْرَمِيُّ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو مجھ پر جان بوجھ کر جھوٹ باندھے' اس کو چاہیے کہ وہ اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنالے۔

---

**3380**- أخرجه أيضًا الصغير جلد 1صفحه119' وقال الهيثمي في المجمع جلد 1صفحه103: وفيه عبد الله بن الزبير' والد أبي أحمد ضعفه أبو زرعة وغيره' قلت: فيه أيضًا زياد بن المنذر وهو متهم بالوضع كما تقدم .

قَالَ: نَا وُهَيْبٌ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَطَاءٍ اِلَّا وُهَيْبٌ، وَلَا عَنْ وُهَيْبٍ اِلَّا اَحْمَدُ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَبُو طَلْحَةَ

یہ حدیث عطاء سے صرف وہیب اور وہیب سے صرف احمد ہی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ابوطلحہ اکیلے ہیں۔

**3382** - حَدَّثَنَا جَعْفَرٌ قَالَ: نَا الْقَاسِمُ بْنُ عِيسَى الطَّائِيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ الْمَدَنِيُّ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ يَحْيَى، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ: اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّمَا قَامَ لِلْجَنَازَةِ الَّتِي مَرَّتْ بِهِ؛ لِاَنَّهَا كَانَتْ جِنَازَةَ يَهُودِيٍّ، فَقَامَ لَهَا

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ آپ ﷺ جنازہ کو عزت دینے کے لیے کھڑے ہوئے' جو آپ کے پاس سے گزرا' کیونکہ وہ یہودی کا جنازہ تھا' آپ اس کے لیے صرف کھڑے ہوئے (اس کے ساتھ شریک نہیں ہوئے)۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ اِلَّا مُعَاوِيَةُ، وَلَا عَنْ مُعَاوِيَةَ اِلَّا مُحَمَّدٌ، وَهُوَ وَاسِطِيٌّ، تَفَرَّدَ بِهِ الْقَاسِمُ بْنُ عِيسَى

یہ حدیث زہری سے صرف معاویہ اور معاویہ سے محمد واسطی ہی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں قاسم بن عیسیٰ اکیلے ہیں۔

**3383** - حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ سِنَانٍ قَالَ: نَا الْقَاسِمُ بْنُ عِيسَى الطَّائِيُّ قَالَ: نَا طَلْحَةُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: رَخَّصَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي السَّرَاوِيلِ لِلْمَرِيضِ اِذَا لَمْ يَجِدْ اِزَارًا، وَفِي الْخُفَّيْنِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے مریض کو شلوار پہننے کی رخصت دی' جب تہبند نہ پائے اور خفین کی اجازت دی جب کہ نعلین نہ پائے۔

---

3382- أخرجه الطبرانی فی الصغیر جلد 1 صفحه 119-120 .

3383- أخرجه الطبرانی فی الکبیر جلد 11 صفحه 157 رقم الحدیث: 1135 وأصله فی البخاری ومسلم من طریق جابر بن زید . أخرجه البخاری فی جزاء الصید جلد 4 صفحه 69 رقم الحدیث: 1841' ومسلم فی الحج جلد 2 صفحه 835 .

إِذَا لَمْ يَجِدْ نَعْلَيْنِ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ إِلَّا طَلْحَةُ

یہ حدیث قتادہ سے صرف طلحہ ہی روایت کرتے ہیں۔

3384 - حَدَّثَنَا جَعْفَرٌ قَالَ: نَا سُفْيَانُ بْنُ وَكِيعِ بْنِ الْجَرَّاحِ قَالَ: نَا أَبُو دَاوُدَ الْحَفَرِيُّ، عَنْ مُطِيعِ الْغَزَّالِ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: حَوْضِي مَا بَيْنَ أَيْلَةَ إِلَى صَنْعَاءَ، لَهُ مِيزَابَانِ، إِحْدَاهُمَا مِنْ ذَهَبٍ وَالْآخَرُ مِنْ فِضَّةٍ، آنِيَتُهُ عَدَدُ نُجُومِ السَّمَاءِ، أَشَدُّ بَيَاضًا مِنَ اللَّبَنِ، وَأَحْلَى مِنَ الْعَسَلِ، وَرِيحُهُ أَطْيَبُ مِنَ الْمِسْكِ، مَنْ شَرِبَ مِنْهُ لَمْ يَظْمَأْ أَبَدًا

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میرا حوض ایلہ سے صنعاء کے درمیان جتنی مسافت پر ہے ایک طرف سونے کا دوسری طرف چاندی کا ہے اس کے برتن آسمان کے ستاروں کی تعداد کے برابر ہیں جو دودھ سے زیادہ سفید اور شہد سے زیادہ میٹھا مشک خوشبو سے زیادہ خوشبودار ہوگا جو اس سے پئے گا وہ کبھی پیاسا نہیں ہوگا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُطِيعٍ إِلَّا أَبُو دَاوُدَ، تَفَرَّدَ بِهِ سُفْيَانُ

یہ حدیث مطیع سے صرف ابوداؤد روایت کرتے ہیں اس کو روایت کرنے میں سفیان اکیلے ہیں۔

3385 - حَدَّثَنَا جَعْفَرٌ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ صُدْرَانَ قَالَ: نَا عَنْبَسَةُ بْنُ سَالِمٍ، صَاحِبُ الْأَلْوَاحِ قَالَ: نَا عُبَيْدُ اللهِ بْنُ أَبِي بَكْرٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّهُ رَأَى رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعْتَمُّ بِعِمَامَةٍ سَوْدَاءَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا کہ آپ نے کالا عمامہ پہنا ہوا تھا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُبَيْدِ اللهِ إِلَّا عَنْبَسَةُ، تَفَرَّدَ بِهِ مُحَمَّدُ بْنُ صُدْرَانَ

یہ حدیث عبیداللہ سے صرف عنبسہ روایت کرتے ہیں اس کو روایت کرنے میں محمد بن صفوان اکیلے ہیں۔

3386 - حَدَّثَنَا جَعْفَرٌ قَالَ: نَا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ بَيَانٍ قَالَ: نَا إِسْحَاقُ الْأَزْرَقُ، عَنْ شَرِيكٍ، عَنْ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تم میں سے کوئی بھی رات کے

3386- أصله عند البخاري ومسلم . أخرجه البخاري في النكاح جلد 9 صفحه 251 رقم الحديث: 5243، ومسلم في الامارة جلد 3 صفحه 1527 رقم الحديث: 182-183 (باب كراهية الطروق، وهو الدخول ليلا، لمن ورد من سفر) .

مُغِيرَةَ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَأْتِيَنَّ اَحَدُكُمْ اَهْلَهُ طُرُوقًا

وقت (سفر سے واپس آئے تو) اپنی بیوی کے پاس نہ آئے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُغِيرَةَ اِلَّا شَرِيكٌ، تَفَرَّدَ بِهِ اِسْحَاقُ

یہ حدیث شریک سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں اسحاق اکیلے ہیں۔

**3387** - حَدَّثَنَا جَعْفَرٌ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيدَ بْنِ الرَّوَّاسِ قَالَ: نَا سَلَمَةُ بْنُ عَلْقَمَةَ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِي هِنْدٍ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: قَدِمْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ نَصْرُخُ بِالْحَجِّ صُرَاخًا، فَاَمَرَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ نَجْعَلَهَا عُمْرَةً، وَاَنْ نُحِلَّ، فَاَحْلَلْنَا

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ آئے' ہم حج کے لیے صرف تلبیہ پڑھ رہے تھے' ہمیں رسول اللہ ﷺ نے عمرہ کرنے کا اور احرام کھولنے کا حکم دیا' ہم نے عمرہ کا احرام کھول دیا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ دَاوُدَ اِلَّا سَلَمَةُ، تَفَرَّدَ بِهِ مُحَمَّدٌ

یہ حدیث داؤد سے صرف سلمہ ہی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں محمد اکیلے ہیں۔

**3388** - حَدَّثَنَا جَعْفَرٌ قَالَ: نَا الْقَاسِمُ بْنُ دِينَارٍ قَالَ: نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسَى، عَنْ اَبِي اِسْرَائِيلَ الْمُلَائِيِّ، عَنْ اَبَانَ بْنِ تَغْلِبَ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ اِيَاسٍ، عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ ہم پر نکلے' ہم کماۃ (کھنبی) کا ذکر کر رہے تھے' آپ نے فرمایا: کماۃ (کھنبی) من سے ہے' اس کا پانی آنکھوں کے لیے شفاء ہے۔

---

**3387**- أصله عند البخاری ومسلم ـ أخرجه البخاری فی الحج جلد **3** صفحه **505** رقم الحديث: **1570** من طريق أيوب قال سمعت مجاهدًا يقول: حدثنا جابر بن عبد الله رضی الله عنهما قدمنا مع رسول الله ﷺ ونحن نقول: لبيك اللّٰهم لبيك بالحج' فأمرنا رسول الله ﷺ فجعلناها عمرةً ـ ومسلم فی الحج جلد **2** صفحه **884** من طريق عبد الملك بن أبی سليمان عن عطاء' عن جابر بن عبد الله رضی الله عنهما ـ قال: أهللنا مع رسول الله ﷺ...... نحوه ـ

**3388**- أخرجه الترمذی فی الطب جلد **4** صفحه **401** رقم الحديث: **2068** وقال: حديث حسن ـ وأحمد فی المسند جلد **2** صفحه **434** رقم الحديث: **8327** ـ انظر: مجمع الزوائد جلد **1** صفحه **70** ـ

تَذَاكَرُ الْكَمْأَةَ، فَقَالَ: الْكَمْأَةُ مِنَ الْمَنِّ، وَمَاؤُهَا شِفَاءٌ لِلْعَيْنِ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبَانَ اِلَّا اِسْرَائِيلُ، تَفَرَّدَ بِهِ عُبَيْدُ اللّٰهِ

یہ حدیث ابان سے صرف اسرائیل ہی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عبیداللہ اکیلے ہیں۔

**3389** - حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ الْفَضْلِ بْنِ الْيَمَانِ الْمَخْزُومِيُّ الْمُؤَدِّبُ قَالَ: نَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ شَيْبَةَ الْحِزَامِيُّ قَالَ: نَا ابْنُ اَبِي فُدَيْكٍ قَالَ: نَا مُوسَى بْنُ يَعْقُوبَ الزَّمْعِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اِسْحَاقَ، اَنَّ اَبَا حَازِمٍ، اَخْبَرَهُ، اَنَّ نَافِعًا مَوْلَى ابْنِ عُمَرَ اَخْبَرَهُ، اَنَّهُ سَمِعَ ابْنَ عُمَرَ يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا مِنْ غَادِرٍ اِلَّا وَلَهُ لِوَاءٌ يَوْمَ الْقِيَامَةِ يُعْرَفُ بِهِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو کوئی دھوکہ یا فریب دے اس کی دھوکہ بازی کے مطابق قیامت کے دن اس کی پشت پر جھنڈا لگایا جائے گا' جس کی وجہ سے وہ پہچانا جائے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي حَازِمٍ اِلَّا عَبْدُ الرَّحْمَنِ، وَلَا عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ اِلَّا مُوسَى، وَلَا عَنْ مُوسَى اِلَّا ابْنُ فُدَيْكٍ، تَفَرَّدَ بِهِ عَبْدُ الرَّحْمَنِ

یہ حدیث ابوحازم سے صرف عبدالرحمٰن اور عبدالرحمٰن سے صرف موسیٰ اور موسیٰ سے ابن فدیک روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عبدالرحمٰن اکیلے ہیں۔

**3390** - حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْخَارِكِيُّ الْبَصْرِيُّ قَالَ: نَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ قَالَ: نَا حَمَّادُ بْنُ الْجَعْدِ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْعَجْمَاءُ جُبَارٌ وَقَضَى فِي الرِّكَازِ الْخُمُسَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: بے زبان مارے تو اس میں قصاص نہیں ہے' پوشیدہ خزانوں میں خمس ہے۔

---

338- أخرجه الطبراني في الصغير جلد1صفحه120 وأصله في البخاري ومسلم . وأخرجه البخاري في الحيل جلد 12 صفحه354 رقم الحديث: 6966' ومسلم في الجهاد جلد3صفحه1360 عن طريق عبد الله بن دينار .

3390- أخرجه البخاري في الديات جلد12صفحه265 رقم الحديث: 6912' ومسلم في الحدود جلد 3 صفحه1334 .

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ إِلَّا حَمَّادٌ، وَأَبُو مَرْيَمَ عَبْدُ الْغَفَّارِ بْنُ الْقَاسِمِ

یہ حدیث قتادہ سے صرف حماد اور ابومریم عبدالغفار بن قاسم روایت کرتے ہیں۔

**3391** - حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مَعْدَانَ الْأَهْوَازِيُّ قَالَ: نَا زَيْدُ بْنُ الْحَرِيشِ قَالَ: نَا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ، عَنْ عَبْدِ الْوَهَّابِ بْنِ مُجَاهِدٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ أَبِي سُفْيَانَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَعْجَلَنَّ إِلَى شَيْءٍ تَظُنُّ أَنَّكَ إِنِ اسْتَعْجَلْتَ إِلَيْهِ أَنَّكَ مُدْرِكُهُ، وَلَا تَسْتَأْخِرَنَّ عَنْ شَيْءٍ تَظُنُّ أَنَّكَ إِنِ اسْتَأْخَرْتَ عَنْهُ أَنَّهُ مَدْفُوعٌ عَنْكَ، إِنْ كَانَ اللّٰهُ قَدْ قَدَّرَهُ عَلَيْكَ

حضرت معاویہ بن سفیان رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تم مجھ سے کسی شی کا جلدی مطالبہ نہ کیا کرو کہ تم گمان کرتے ہو کہ یہ شے جلدی جلدی مل جائے گی' تم سے کوئی شے روکی نہ جائے گی' یہاں تک کہ تم گمان کرتے ہو کہ وہ شے چلی جائے گی' اگر اللہ نے تیرے مقدر میں لکھی ہے تو تجھے ملے گی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَّا مُعَاوِيَةُ، وَلَا يُرْوَى عَنْ مُعَاوِيَةَ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ عَبْدُ الْوَهَّابِ

یہ حدیث رسول اللہ ﷺ سے صرف معاویہ ہی روایت کرتے ہیں اور معاویہ سے اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں عبدالوہاب اکیلے ہیں۔

**3392** - حَدَّثَنَا جَعْفَرٌ قَالَ: نَا زَيْدٌ قَالَ: نَا عُثْمَانُ بْنُ الْهَيْثَمِ قَالَ: نَا عَوْفٌ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُغَفَّلٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ أَسْرَقَ النَّاسِ مَنْ سَرَقَ صَلَاتَهُ قِيلَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، وَكَيْفَ يَسْرِقُ صَلَاتَهُ؟ قَالَ: لَا يُتِمُّ رُكُوعَهَا وَلَا سُجُودَهَا، وَأَبْخَلُ النَّاسِ مَنْ بَخِلَ بِالسَّلَامِ

حضرت عبداللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: بڑا چور وہ ہے جو نماز میں چوری کرتا ہے۔ عرض کی گئی: یارسول اللہ! نماز میں کیسے چوری ہوتی ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: رکوع اور سجود مکمل نہ کرنا اور لوگوں میں سے بڑا بخیل وہ ہے جو سلام کرنے میں بخل کرتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ إِلَّا الْحَسَنُ،

یہ حدیث عبداللہ سے صرف حسن اور حسن سے

---

3391- أخرجه أيضًا الكبير جلد 17 صفحه 347 . وقال الهيثمي في المجمع جلد 7 صفحه 202: وفيه عبد الوهاب ابن مجاهد وهو ضعيف .

3392- أخرجه أيضًا الصغير جلد 1 صفحه 121 . وقال الهيثمي في المجمع جلد 2 صفحه 123 رواه الطبراني في الثلاثة ورجاله ثقات .

وَلَا عَنِ الْحَسَنِ اِلَّا عَوْفٌ، وَلَا عَنْ عَوْفٍ اِلَّا عُثْمَانُ، تَفَرَّدَ بِهِ زَيْدٌ

صرف عوف اور عوف سے صرف عثمان روایت کرتا ہے' اس کو روایت کرنے میں زید اکیلا ہے۔

**3393** - حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ يَهْمَزْدَ التُّسْتَرِيُّ قَالَ: نَا اَبُو الْاَشْعَثِ اَحْمَدُ بْنُ مِقْدَامٍ الْعِجْلِيُّ قَالَ: نَا اَبُو بَكْرٍ الْحَنَفِيُّ: قَالَ غَالِبُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ الْجَزَرِيُّ: سَمِعْتُ سَعِيدَ بْنَ الْمُسَيِّبِ، يُحَدِّثُ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ خَيْبَرَ، فَقَالَ لِرَجُلٍ مَعَهُ: هَذَا مِنْ اَهْلِ النَّارِ فَلَمَّا حَضَرَ الْقِتَالُ قَاتَلَ اَشَدَّ الْقِتَالِ حَتَّى اَثْقَلَتْهُ الْجِرَاحَاتُ، فَجَاءُوا اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، الَّذِي زَعَمْتَ اَنَّهُ مِنْ اَهْلِ النَّارِ قَاتَلَ قِتَالًا شَدِيدًا، فَقَالَ: اَمَا وَاِنَّهُ عَلَى ذَلِكَ مِنْ اَهْلِ النَّارِ ، فَلَمَّا آلَمَتْهُ الْجِرَاحَاتُ، نَالَ الْكِنَانَةَ، وَاَخْرَجَ سَهْمًا، فَانْتَحَرَ بِهِ، فَجَاءُوا اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قَدْ صَدَّقَ اللّٰهُ قَوْلَكَ، اِنَّ الَّذِي اَخْبَرْتَنَا اَنَّهُ مِنْ اَهْلِ النَّارِ اَخْرَجَ مِنْ كِنَانَتِهِ سَهْمًا فَانْتَحَرَ بِهِ، فَاَمَرَ بِلَالًا يُنَادِي فِي النَّاسِ: اَلَا اِنَّهُ لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ اِلَّا مُؤْمِنٌ، وَاِنَّ اللّٰهَ يُؤَيِّدُ هَذَا الدِّينَ بِالرَّجُلِ الْفَاجِرِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم خیبر کے دن حضورﷺ کے ساتھ تھے' آپﷺ نے ایک آدمی کے لیے فرمایا جو آپ کے ساتھ تھا: یہ جہنمی ہے۔ جب لڑائی شروع ہوئی تو وہ بہت لڑا یہاں تک کہ اس کو بڑے زخم لگے' صحابہ کرام حضورﷺ کے پاس آئے' انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! وہ آدمی جس کے متعلق آپ یقین کرتے تھے کہ وہ جہنمی ہے' وہ بڑا سخت لڑا ہے؟ آپﷺ نے فرمایا: وہ ابھی جہنمی ہو جائے گا' جب زخموں نے اس کو تنگ کیا تو اس نے کمان لی' اس سے تیر نکالا اور اس کو اپنے جسم میں لگایا اور مر گیا۔ صحابہ کرام حضورﷺ کی بارگاہ میں آئے اور عرض کرنے لگے: یارسول اللہ! اللہ عزوجل نے آپ کے ارشاد کو سچ کر دکھایا' جو آپ نے ہمیں فرمایا تھا کہ وہ جہنمی ہے' اس نے کمان سے ایک تیرا نکالا اور اس نے اپنے گلے میں گھونپا۔ آپﷺ نے حضرت بلال کو فرمایا: لوگوں میں اعلان کر دو کہ اس جنت میں صرف مؤمن ہی جائے گا اور اللہ عزوجل اس دین کی مدد بُرے آدمی سے کرتا ہے۔

لَمْ يُسْنِدْ غَالِبٌ عَنْ سَعِيدٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ غَيْرَ هَذَا، تَفَرَّدَ بِهِ اَبُو بَكْرٍ

غالب نے سعید سے' وہ ابوہریرہ سے اس سند کے علاوہ منسوب نہیں کرتے' اس کو روایت کرنے میں ابوبکر اکیلے ہیں۔

---

**3393**- أخرجه البخاری فی القدر جلد **11** صفحه **507** رقم الحديث: **6606**' ومسلم فی الايمان جلد **1** صفحه **105** بنحوه .

# مَنِ اسْمُهُ جُبَيْرٌ

3394 - حَدَّثَنَا جُبَيْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نَا جَعْفَرُ بْنُ الْفَضْلِ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نَا زَكَرِيَّا بْنُ فَرُّوخَ التَّمَّارُ، عَنْ وَكِيعِ بْنِ الْجَرَّاحِ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ شَقِيقِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَلَا أُعَلِّمُكُمُ الْكَلِمَاتِ الَّتِي تَكَلَّمَ بِهَا مُوسَى عَلَيْهِ السَّلَامُ حِينَ جَاوَزَ الْبَحْرَ بِبَنِي إِسْرَائِيلَ؟ فَقُلْنَا: بَلَى، يَا رَسُولَ اللّٰهِ قَالَ: قُولُوا: اللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ، وَإِلَيْكَ الْمُشْتَكَى، وَأَنْتَ الْمُسْتَعَانُ، وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ الْعَظِيمِ قَالَ: فَمَا تَرَكْتُهُنَّ مُنْذُ سَمِعْتُهُنَّ مِنْ شَقِيقٍ وَقَالَ شَقِيقٌ: مَا تَرَكْتُهُنَّ مُنْذُ سَمِعْتُهُنَّ مِنْ عَبْدِ اللّٰهِ، وَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: مَا تَرَكْتُهُنَّ مُنْذُ سَمِعْتُهُنَّ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْأَعْمَشُ: فَأَتَانِي آتٍ فِي مَنَامِي، فَقَالَ: يَا سُلَيْمَانُ، زِدْ فِي هَؤُلَاءِ الْكَلِمَاتِ: وَنَسْتَعِينُكَ عَلَى فَسَادٍ هُوَ فِينَا، وَنَسْأَلُكَ صَلَاحَ أَمْرِنَا كُلِّهِ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْأَعْمَشِ إِلَّا وَكِيعٌ، وَلَا عَنْ وَكِيعٍ إِلَّا زَكَرِيَّا، تَفَرَّدَ بِهِ جَعْفَرٌ، وَلَا يُرْوَى عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ

# اس شیخ کے نام سے جس کا نام جبیر ہے

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: کیا میں تمہیں ایسے کلمات نہ سکھاؤں جو موسیٰ علیہ السلام نے بنی اسرائیل کو سمندر پار کرتے وقت سکھائے گا؟ ہم نے عرض کی: یارسول اللہ! کیوں نہیں! آپ نے فرمایا: ''اللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ، وَإِلَيْكَ الْمُشْتَكَى، وَأَنْتَ الْمُسْتَعَانُ، وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ الْعَظِيمِ ''۔ حضرت اعمش فرماتے ہیں کہ جب سے ہم نے شقیق سے سنا ہے ہم نے ان کلمات کو کبھی نہیں چھوڑا۔ حضرت شقیق فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عبداللہ سے جب سے سنا ہے میں نے کبھی نہیں چھوڑا۔ حضرت عبداللہ فرماتے ہیں کہ میں نے جب سے رسول اللہ ﷺ سے سنا ہے میں نے کبھی ان کلمات پڑھنا نہیں چھوڑا۔ حضرت اعمش فرماتے ہیں کہ میرے خواب میں ایک آنے والا آیا' اس نے کہا: اے سلیمان! ان کلمات میں یہ کلمات زیادہ کرلو؟ ''وَنَسْتَعِينُكَ عَلٰى فَسَادٍ هُوَ فِينَا وَنَسْأَلُكَ صَلَاحَ أَمْرِنَا كُلِّهِ''۔

یہ حدیث اعمش سے صرف وکیع اور وکیع سے زکریا روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں جعفر اکیلے ہیں' رسول اللہ ﷺ سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔

3394- أخرجه أيضًا الصغير جلد1صفحه122، وقال الهيثمي في المجمع جلد10صفحه186: وفيه من لم أعرفهم .

3395 - حَدَّثَنَا جُبَيْرٌ قَالَ: نَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مَاهَانَ بْنِ اَبِي حَنِيفَةَ قَالَ: نَا اَبِي، عَنْ عَبَّادِ بْنِ كَثِيرٍ، عَنْ اَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَحْبِبْ حَبِيبَكَ هَوْنًا مَا عَسَى اَنْ يَكُونَ بَغِيضَكَ يَوْمًا مَا، وَاَبْغِضْ بَغِيضَكَ هَوْنًا مَا عَسَى اَنْ يَكُونَ حَبِيبَكَ يَوْمًا مَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اپنے دوست سے ایک حد تک محبت کرو' ممکن ہے ایک دن وہی تمہارا دشمن ہو اور دشمن سے دشمنی ایک حد تک رکھو' ممکن ہے وہی ایک دن تمہارا دوست ہو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي الزِّنَادِ اِلَّا عَبَّادٌ، تَفَرَّدَ بِهِ مُحَمَّدُ بْنُ مَاهَانَ

حضرت ابوالزناد سے' یہ حدیث صرف عباد نے روایت کی ہے اور محمد بن ماھان اس کے ساتھ منفرد ہیں۔

3396 - حَدَّثَنَا جُبَيْرُ بْنُ هَارُونَ الْاَصْبَهَانِيُّ قَالَ: نَا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدٍ الطَّنَافِسِيُّ قَالَ: نَا وَكِيعٌ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ صَالِحٍ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا بَعَثَ سَرِيَّةً قَالَ: اغْزُوا بِسْمِ اللّٰهِ، فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، قَاتِلُوا مَنْ كَفَرَ بِاللّٰهِ، لَا تَغُلُّوا، وَلَا تَغْدِرُوا، وَلَا تَجْبُنُوا

حضرت سلیمان بن بریدہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ جب کوئی سریہ بھیجتے تو فرماتے: جہاد کرو اللہ کا نام لے کر' اللہ کی راہ میں اس سے لڑو جو اللہ کا انکار کرے' خیانت نہ کرو' دھوکہ نہ کرو' زیادتی نہ کرو' بزدلی نہ دکھاؤ۔

☆☆☆☆☆

3395- أخرجه الترمذي في البر والصلة جلد4صفحه360 رقم الحديث: 1997 . وقال: هذا حديث غريب .

3396- أخرجه مسلم في الجهاد جلد 3صفحه1357 من حديث طويل وأبو داؤد في الجهاد جلد3صفحه38 رقم الحديث: 2613' والترمذي في السير جلد4صفحه162 رقم الحديث: 1617 .

# مَنِ اسْمُهُ جَبْرُوْنُ

# اس شیخ کے نام سے جس کا نام جبرون ہے

3397 - حَدَّثَنَا جَبْرُونُ بْنُ عِيسَى الْمَغْرِبِيُّ الْمِصْرِيُّ قَالَ: نَا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمَانَ الْجفرِيُّ الْمَغْرِبِيُّ قَالَ: نَا عَبَّادُ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ اَبُو مَعْمَرٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا بَكْرٍ الصِّدِّيقَ يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنِ اغْتَسَلَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ غُفِرَتْ لَهُ ذُنُوبُهُ وَخَطَايَاهُ، فَإِذَا اَخَذَ فِي الْمَشْيِ اِلَى الْجُمُعَةِ كَانَ لَهُ بِكُلِّ خُطْوَةٍ عَمَلَ عِشْرِينَ سَنَةً، فَإِذَا فَرَغَ مِنْ صَلَاةِ الْجُمُعَةِ اُجِيزَ بِعَمَلِ مِائَتَيْ سَنَةٍ

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس نے جمعہ کے دن غسل کیا اس کے گناہ اور غلطیاں معاف ہوں گے اور جب کوئی جمعہ کے لیے چلتا ہے تو ہر قدم کے بدلے بیس سال کے برابر نیکیاں ملتی ہیں' جب جمعہ کی نماز سے فارغ ہوتا ہے تو اس کو دو سو سال عمل کرنے کا ثواب ملتا ہے۔

لَا يُرْوَى عَنْ اَبِي بَكْرٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ يَحْيَى بْنُ سُلَيْمَانَ

ابوبکر سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں یحییٰ بن سلیمان اکیلے ہیں۔

3398 - وَبِهِ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَنَّهُ قَالَ: اِذَا طَلَبْتَ حَاجَةً فَاَحْبَبْتَ اَنْ تَنْجَحَ، فَقُلْ: لَا اِلَهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ الْعَلِيُّ الْعَظِيمُ، لَا اِلَهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ الْحَلِيمُ الْكَرِيمُ، بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِي لَا اِلَهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْحَلِيمُ، سُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ (كَاَنَّهُمْ يَوْمَ يَرَوْنَ مَا يُوعَدُونَ لَمْ يَلْبَثُوا) (الاحقاف: 35) اِلَّا سَاعَةً مِنْ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب تجھے کوئی ضرورت پیش آئے اور تو اس سے نجات پانے کو پسند کرے تو پڑھ: ''لَا اِلَهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ الْعَلِيُّ الْعَظِيمُ، لَا اِلَهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ الْحَلِيمُ الْكَرِيمُ، بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِي لَا اِلَهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْحَلِيمُ، سُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ (كَاَنَّهُمْ يَوْمَ يَرَوْنَ مَا يُوعَدُونَ لَمْ

3398- أخرجه أيضًا الصغير جلد 1 صفحه 123 . وقال الهيثمي في المجمع جلد 10 صفحه 170: وفيه عباد بن عبد الصمد وهو ضعيف .

نَهَارٍ بَلاغٌ فَهَلْ يُهْلَكُ اِلَّا الْقَوْمُ الْفَاسِقُونَ، (كَاَنَّهُمْ يَوْمَ يَرَوْنَهَا لَمْ يَلْبَثُوا اِلَّا عَشِيَّةً اَوْ ضُحَاهَا) (النازعات: 46 ) ، اللّٰهُمَّ اِنِّى اَسْاَلُكَ مُوجِبَاتِ رَحْمَتِكَ، وَعَزَائِمَ مَغْفِرَتِكَ، وَالْغَنِيمَةَ مِنْ كُلِّ بِرٍّ، وَالسَّلَامَةَ مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ، اللّٰهُمَّ لَا تَدَعْ لِى ذَنْبًا اِلَّا غَفَرْتَهُ، وَلَا هَمًّا اِلَّا فَرَّجْتَهُ، وَلَا دَيْنًا اِلَّا قَضَيْتَهُ، وَلَا حَاجَةً مِنْ حَوَائِجِ الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ اِلَّا قَضَيْتَهَا بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ اَنَسٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ يَحْيَى بْنُ سُلَيْمَانَ

يَلْبَثُوا) (الاحقاف: 35) اِلَّا سَاعَةً مِنْ نَهَارٍ بَلَاغٌ فَهَلْ يُهْلَكُ اِلَّا الْقَوْمُ الْفَاسِقُونَ، (كَاَنَّهُمْ يَوْمَ يَرَوْنَهَا لَمْ يَلْبَثُوا اِلَّا عَشِيَّةً اَوْ ضُحَاهَا) (النازعات: 46) ، اللّٰهُمَّ اِنِّى اَسْاَلُكَ مُوجِبَاتِ رَحْمَتِكَ، وَعَزَائِمَ مَغْفِرَتِكَ، وَالْغَنِيمَةَ مِنْ كُلِّ بِرٍّ، وَالسَّلَامَةَ مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ، اللّٰهُمَّ لَا تَدَعْ لِى ذَنْبًا اِلَّا غَفَرْتَهُ، وَلَا هَمًّا اِلَّا فَرَّجْتَهُ، وَلَا دَيْنًا اِلَّا قَضَيْتَهُ، وَلَا حَاجَةً مِنْ حَوَائِجِ الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ اِلَّا قَضَيْتَهَا بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ''۔

یہ حدیث حضرت انس سے اسی سند سے روایت ہے اس کو روایت کرنے میں یحییٰ بن سلیمان اکیلے ہیں۔

☆☆☆☆☆

# بَابُ الْحَاءِ
# مَنِ اسْمُهُ الْحَسَنُ

3399 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلَى الْبُوسِيُّ الصَّنْعَانِيُّ، اَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَنَا الثَّوْرِيُّ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ الشَّيْبَانِيِّ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي سَفَرٍ، فَمَرَرْنَا بِقَرْيَةِ نَمْلٍ قَدْ اُحْرِقَتْ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّهُ لَا يَنْبَغِي لِبَشَرٍ اَنْ يُعَذِّبَ بِعَذَابِ اللّٰهِ

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ سُفْيَانَ غَيْرُ عَبْدِ الرَّزَّاقِ

3400 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلَى الْبُوسِيُّ، اَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ النَّضْرِ بْنِ اَنَسٍ، عَنْ اَنَسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اللّٰهَ وَعَدَنِي اَنْ يُدْخِلَ الْجَنَّةَ مِنْ اُمَّتِي اَرْبَعَمِائَةِ اَلْفٍ . فَقَالَ لَهُ اَبُو بَكْرٍ: زِدْنَا، يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَهَكَذَا وَجَمَعَ كَفَّيْهِ، فَقَالَ عُمَرُ: حَسْبُكَ يَا اَبَا بَكْرٍ، فَقَالَ اَبُو بَكْرٍ: دَعْنِي يَا عُمَرُ، وَمَا عَلَيْكَ اَنْ

# باب الحاء
# اس شیخ کے نام سے
# جس کا نام حسن ہے

حضرت عبدالرحمٰن بن عبداللہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ ہم ایک سفر میں حضور ﷺ کے ساتھ تھے کہ ہم چیونٹیوں کی ایک وادی سے گزرے اس کو آگ لگادی گئی تھی۔ حضور ﷺ نے فرمایا: کسی انسان کے لیے مناسب نہیں ہے کہ اللہ عزوجل والا عذاب دے۔

یہ حدیث سفیان عبدالرزاق کے علاوہ کوئی نہیں روایت کرتا۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے مجھ سے میرے چارلاکھ اُمتی (بغیر حساب کے) جنت میں داخل کرنے کا وعدہ کیا ہے۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! آپ زیادہ سوال کریں۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: اور اس طرح اور اپنی دونوں ہتھیلیوں کو اکٹھا کیا۔ اتنے میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ بولے: اے ابوبکر! اب تجھے کافی ہے۔ حضرت ابوبکر

---

3400- اخرجه ايضًا أحمد جلد 3 صفحه 165 عن عبد الرزاق به . وقال الهيثمي في المجمع جلد 10 صفحه 407: ورجالهما رجال الصحيح .

يُدْخِلَنَا الْجَنَّةَ كُلَّنَا، فَقَالَ عُمَرُ: إِنَّ اللَّهَ إِنْ شَاءَ أَدْخَلَ خَلْقَهُ الْجَنَّةَ بِكَفٍّ وَاحِدٍ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: صَدَقَ عُمَرُ

رضی اللہ عنہ نے فرمایا: مجھے چھوڑ دو! اے عمر! تیرے اوپر لازم نہیں کہ تو ہم سب کو جنت میں داخل فرما دے۔ حضرت عمر نے کہا: بے شک اگر اللہ چاہے تو ایک ہی ہتھیلی سے ساری مخلوق کو جنت میں داخل کر دے۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: حضرت عمر نے سچ کہا ہے۔

هَكَذَا رَوَاهُ مَعْمَرٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ النَّضْرِ بْنِ أَنَسٍ، عَنْ أَنَسٍ وَرَوَاهُ مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَبِي بَكْرِ بْنِ أَنَسٍ، عَنْ أَبِي بَكْرِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ أَبِيهِ

اسی طرح معمر نے اس حدیث کو قتادہ سے' انہوں نے نضر بن انس سے اور انہوں نے انس سے روایت کیا ہے اور اس کو معاذ بن ہشام اپنے والد سے' وہ قتادہ سے' وہ ابوبکر بن انس سے' وہ ابوبکر بن عمیر سے اور وہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں۔

**3401** - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ جَرِيرٍ الصُّورِيُّ، نا إِسْمَاعِيلُ بْنُ أَبِي أُوَيْسٍ، نا أَبِي، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ عَمْرَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ بِنِسَاءٍ مِنَ الْأَنْصَارِ فِي عُرْسٍ لَهُنَّ يُغَنِّينَ:

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ ایک بار انصاری عورتوں کے پاس سے گزرے وہ شادی میں موجود تھیں اور یوں گا رہی تھیں:

(البحر الرجز)

وَأَهْدَى لَهَا كَبْشًا... تَنَحْنَحَ فِي الْمِرْبَدِ

وَزَوْجُكِ فِي النَّادِي... وَيَعْلَمُ مَا فِي غَدِ

فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَعْلَمُ مَا فِي غَدٍ إِلَّا اللَّهُ لَمْ يَرْوِهِ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ إِلَّا أَبُو أُوَيْسٍ

اور اس نے اس کے لیے مینڈھا ہدیہ کیا' وہ اپنے باڑے میں کھانستا ہے' آوازیں نکالتا ہے اور تیرا خاوند ڈوری پر ہے اور وہ جانتے ہیں کہ کل کیا ہوگا۔

تو یہ سن کر آپ ﷺ نے فرمایا: کوئی نہیں جانتا کہ کل کیا ہو گا مگر اللہ۔ یہ حدیث یحییٰ بن سعید سے ابواویس ہی روایت کرتے ہیں۔

**3402** - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ جَرِيرٍ، نَا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الدِّمَشْقِيُّ، نا إِسْمَاعِيلُ بْنُ

حضرت عبداللہ بن زبیر اور عبداللہ بن جعفر رضی اللہ عنہما دونوں فرماتے ہیں کہ ہم دونوں نے رسول اللہ ﷺ

3401- أخرجه أيضًا الصغير جلد1صفحه124 . وقال الهيثمي في المجمع جلد4صفحه292-293: ورجاله رجال الصحيح .

عَيَّاشٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ، وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَعْفَرٍ، اَنَّهُمَا بَايَعَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُمَا ابْنَا سَبْعِ سِنِينَ، فَلَمَّا رَآهُمَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَبَسَّمَ، وَبَسَطَ يَدَهُ فَبَايَعَهُمَا

کی بیعت کی‘ ہم دونوں سات سال کے تھے‘ جب رسول اللہ ﷺ نے ہم دونوں کو دیکھا تو آپ نے تبسم فرمایا اور اپنا ہاتھ پھیلا کر آپ نے بیعت کی۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ اِلَّا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ اِسْمَاعِيلَ اِلَّا ابْنُ بِنْتِ شُرَحْبِيلَ، وَلَا يُرْوَى عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَعْفَرٍ اِلَّا مِنْ هَذَا الْوَجْهِ، وَلَا يُرْوَى عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ

ہشام بن عروہ سے صرف اسماعیل بن عیاش اور اسماعیل سے صرف ابن بنت شرحبیل روایت کرتے ہیں اور عبداللہ بن زبیر اور عبداللہ بن جعفر سے صرف اسی سند سے روایت ہے اور حضور ﷺ کی سند سے روایت ہے۔

**3403** - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ جَرِيرٍ الصُّورِيُّ، نَا اَبُو الْجُمَاهِرِ، نَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: رُفِعَ الْقَلَمُ عَنْ ثَلَاثٍ: عَنِ النَّائِمِ حَتَّى يَسْتَيْقِظَ، وَالْمَعْتُوهِ حَتَّى يَفِيقَ، وَالصَّبِيِّ حَتَّى يَعْقِلَ، اَوْ يَحْتَلِمَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تین آدمیوں سے قلم اُٹھا لیا جاتا ہے: (۱) سونے والا یہاں تک کہ جاگ جائے (۲) پاگل یہاں تک کہ درست ہو جائے (۳) بچہ یہاں تک کہ عقل مند یا بالغ ہو جائے۔

لَا يُرْوَى عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اِلَّا مِنْ هَذَا الْوَجْهِ، وَلَمْ يُحَدِّثْ بِهِ اِلَّا اَبُو الْجُمَاهِرِ

ابن عباس سے یہ حدیث اسی وجہ سے روایت ہے‘ اور اس کو صرف ابو جماھر روایت کرتے ہیں۔

**3404** - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ جَرِيرٍ، نَا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، نَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ بَشِيرٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ: حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ طَلْحَةَ بْنِ يَزِيدَ بْنِ رُكَانَةَ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعْدِ بْنِ

حضرت ابراہیم بن سعد بن ابی وقاص اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ ایک پتھر پر اُترے‘ لوگوں سے اس کنواں کا پانی مانگا‘ پھر وہاں آرام کیا‘ جب لوگ زیادہ ہوئے تو آپ نے لوگوں کو حکم دیا کہ اس پانی

---

3403- أخرجه أيضًا الكبير جلد 11 صفحه 89 رقم الحديث: 11141‘ وقال الهيثمي في المجمع جلد 6 صفحه 254: وفيه عبد العزيز بن عبد الله بن حمزة وهو ضعيف .

اَبِی وَقَّاصٍ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: نَزَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْحِجْرِ، وَاسْتَسْقَى النَّاسُ مِنْ بِئْرِهَا ثُمَّ رَاحَ مِنْهَا فَلَمَّا اسْتَقَلَّ اَمَرَ النَّاسَ اَنْ لَا يَشْرَبُوا مِنْ مَائِهَا، وَلَا يَتَوَضَّئُوا مِنْهَا، وَمَا كَانَ مِنْ عَجِينٍ عُجِنَ مِنْ مَائِهَا اَنْ يُعْلَفَ، فَفَعَلَ النَّاسُ

سے نہ پیؤ نہ اس سے وضو کرو نہ اس پانی سے آٹا گوندھو۔ تو لوگوں نے ایسے ہی کیا۔

لَا يُرْوَى عَنْ سَعْدٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ ابْنُ بِنْتِ شُرَحْبِيلَ

حضرت سعد سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں ابن بنت شرحبیل اکیلے ہیں۔

**3405** - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ جَرِيرٍ الصُّورِيُّ، نا اَبُو الْجُمَاهِرِ، نا خُلَيْدُ بْنُ دِعْلِجٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ فَارَقَ الْمُسْلِمِينَ قِيدَ شِبْرٍ فَقَدْ خَلَعَ رِبْقَةَ الْاِسْلَامِ مِنْ عُنُقِهِ، وَمَنْ مَاتَ لَيْسَ عَلَيْهِ اِمَامٌ فَمِيتَتُهُ جَاهِلِيَّةٌ، وَمَنْ مَاتَ تَحْتَ رَايَةٍ عِمِّيَّةٍ يَنْصُرُ عَصَبِيَّةً فَقِتْلَتُهُ جَاهِلِيَّةٌ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو مسلمانوں سے ایک بالشت بھی جدا ہوا' اس نے اسلام کا طوق اپنی گردن سے اُتار دیا' جو اس حالت میں مرا کہ اس کا کوئی امام نہ ہو' وہ جاہلیت کی موت مرا' جو عصبیت کے جھنڈے کے تحت مرا اس عصبیت کی مدد کرتا رہا تو وہ جاہلیت کی موت مرا۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ قَتَادَةَ اِلَّا خُلَيْدُ بْنُ دِعْلِجٍ، وَلَا يُرْوَى عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اِلَّا مِنْ هَذَا الْوَجْهِ

حضرت قتادہ سے صرف خلید بن دعلج روایت کرتے ہیں اور ابن عباس سے اسی سند سے روایت ہے۔

**3406** - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ غُلَيْبٍ الْمِصْرِيُّ، نَا مَهْدِيُّ بْنُ جَعْفَرٍ الرَّمْلِيُّ، نَا عَبْدُ الْمَجِيدِ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ اَبِي رَوَّادٍ، عَنِ ابْنِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: کماۃ (کھنبی) من سے ہے' اس کا پانی آنکھوں کے لیے شفاء ہے اور عجوہ جنت سے ہے' یہ

**3405**- أخرجه أيضًا البزار (كشف الأستار جلد 2 صفحه 252) . وقال الهيثمي في المجمع جلد 5 صفحه 227: وفيه خليد بن دعلج وهو ضعيف .

**3406**- أخرجه أيضًا الصغير جلد 1 صفحه 125' والكبير جلد 12 صفحه 63 . وقال الهيثمي في المجمع جلد 5 صفحه 91-92: وفيه مهدي بن جعفر الرملي وهو ثقة' وفيه ضعيف' وبقية رجاله ثقات .

جُرَيْجٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُثْمَانَ بْنِ خُثَيْمٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْكَمْأَةُ مِنَ الْمَنِّ، وَمَاؤُهَا شِفَاءٌ لِلْعَيْنِ، وَالْعَجْوَةُ مِنَ الْجَنَّةِ، وَهِيَ شِفَاءٌ مِنَ السُّمِّ. قَالَ: وَنَعَتَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ عِرْقِ النَّسَا اَلْيَةَ كَبْشٍ

جادو سے شفاء ہے۔راوی کا بیان ہے کہ رسول کریم ﷺ نے عرق النساء کے لیے مینڈھے کی چربی کی تعریف فرمائی۔

لَمْ نَسْمَعْهُ اِلَّا مِنَ ابْنِ غُلَيْبٍ، وَلَا يُرْوَى عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ

امام طبرانی فرماتے ہیں: ہم نے ابن غلیب سے ہی سنا اور ابن عباس سے اسی سند سے روایت ہے۔

**3407** - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ غُلَيْبٍ، نَا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمَانَ الْجُعْفِيُّ، نَا اَبُو خَالِدٍ الْاَحْمَرُ، نَا عُثْمَانُ بْنُ الْاَسْوَدِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ اَتَى الْجُمُعَةَ فَلْيَغْتَسِلْ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو جمعہ کے لیے آئے وہ غسل کرے۔

لَمْ يَرْوِهِ اِلَّا يَحْيَى الْجُعْفِيُّ

یحییٰ جعفی سے ہی روایت کرتے ہیں۔

**3408** - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ غُلَيْبٍ، نَا سَعِيدُ بْنُ عُفَيْرٍ، نَا يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ رَزِينٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَزِيدَ بْنِ اَبِي زِيَادٍ، عَنْ اَيُّوبَ بْنِ قَطَنٍ، عَنْ عُبَادَةَ بْنِ نُسَيٍّ، عَنْ اُبَيِّ بْنِ عُمَارَةَ الْاَنْصَارِيِّ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت ابی بن عمارہ الانصاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے اپنے گھر میں نماز پڑھی، میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں نے موزوں پر مسح کیا؟ آپ نے فرمایا: جی ہاں! میں نے عرض کی: ایک دن؟ فرمایا: دو دن، میں نے عرض کی: یارسول اللہ! تین دن؟ فرمایا: جی

---

3407- أخرجه البخاري في الجمعة جلد2صفحه462 رقم الحديث: 919 من طريق: سالم عن أبيه قال: سمعت النبي ﷺ يخطب على المنبر فقال: من جاء الى الجمعة فليغتسل . ومسلم في الجمعة جلد2صفحه579 بلفظ: اذا أراد أحدكم أن يأتي الجمعة فليغتسل . والترمذي في الصلاة جلد2صفحه364 رقم الحديث: 492' وابن ماجة في الاقامة جلد1صفحه346 رقم الحديث: 1088 . وأحمد في المسند جلد2صفحه58 رقم الحديث: 5004 . انظر: نصب الراية جلد1صفحه86 .

3408- أخرجه الطبراني في الكبير جلد1صفحه203 رقم الحديث: 546 .

صَلَّى فِي بَيْتِهِ، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَمَسَحُ عَلَى الْخُفَّيْنِ؟ قَالَ: نَعَمْ، قُلْتُ: يَوْمًا؟ قَالَ: وَيَوْمَيْنِ. قُلْتُ: وَثَلَاثَةً يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: نَعَمْ، وَمَا بَدَا لَكَ

ہاں! جو تیرے لیے ظاہر ہو۔

رَوَاهُ جَمَاعَةٌ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَيُّوبَ، فَلَمْ يَذْكُرُوا عُبَادَةَ بْنَ نُسَيٍّ، وَلَمْ يَذْكُرْهُ اِلَّا سَعِيدُ بْنُ عُفَيْرٍ

یحییٰ بن ایوب سے ایک جماعت نے روایت کیا ہے اور انہوں نے عبادہ بن نسی کا ذکر نہیں کیا اور صرف سعید بن عفیر کا ذکر کیا ہے۔

**3409** - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ زُولَاقٍ الْمِصْرِيُّ، نَا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمَانَ الْجُعْفِيُّ، نَا اَبُو بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ اَبِي حُصَيْنٍ، عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَيْدَةَ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: صَلَاةُ اللَّيْلِ مَثْنَى مَثْنَى، فَاِذَا خَشِيتَ الصُّبْحَ فَاَوْتِرْ بِوَاحِدَةٍ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: رات کی نماز دو دو رکعت ہے‘ جب صبح ہونے کا خوف ہو تو ایک رکعت ملا کر وتر کرلیا کرو۔

لَمْ يَرْوِهِ اِلَّا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمَانَ

اسے صرف یحییٰ بن سلیمان ہی روایت کرتے ہیں۔

**3410** - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ زُولَاقٍ، نَا عَمْرُو بْنُ الرَّبِيعِ بْنِ طَارِقٍ، نا السَّرِيُّ بْنُ يَحْيَى، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا قَعَدَ بَيْنَ شُعَبِهَا الْاَرْبَعِ، وَاَلْزَقَ الْخِتَانَ بِالْخِتَانِ، وَجَبَ الْغُسْلُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب آدمی اپنی عورت کے چار شانوں کے درمیان بیٹھے اور شرمگاہ شرمگاہ سے مل جائے تو غسل فرض ہو جاتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ السَّرِيِّ بْنِ يَحْيَى اِلَّا عَمْرُو بْنُ الرَّبِيعِ بْنِ طَارِقٍ

یہ حدیث سری بن یحییٰ سے صرف عمرو بن ربیع بن طارق روایت کرتے ہیں۔

**3411** - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ زُولَاقٍ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور

---

3409- أخرجه البخاری فی الصلاة جلد 1 صفحه 669 رقم الحديث: 473‘ ومسلم فی المسافرين جلد 1 صفحه 516 .

3410- أخرجه البخاری فی الغسل جلد 1 صفحه 470 رقم الحديث: 291‘ ومسلم فی الحيض جلد 1 صفحه 271 بلفظ: اذا جلس بين شعبها الأربع ثم جهدها فقدم وجب الغسل . وأبو داؤد فی الطهارة جلد 1 صفحه 54 و اللفظ عنده .

3411- عند البخاری ومسلم بلفظ: لا تمنعوا اماء الله مساجد الله . أخرجه البخاری فی الجمعة جلد 2 صفحه 444

الْمِصْرِيُّ، حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ الرَّبِيعِ بْنِ طَارِقٍ، نَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَمْنَعُوا إِمَاءَ اللّٰهِ مَسَاجِدَ اللّٰهِ، وَلْيَخْرُجْنَ تَفِلَاتٍ

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ کی لونڈیوں کی اللہ کی مسجدوں میں آنے سے نہ روکو وہ باپردہ ہوکر نکلیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ إِلَّا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، تَفَرَّدَ بِهِ عَمْرُو بْنُ الرَّبِيعِ بْنِ طَارِقٍ

یہ حدیث محمد بن عجلان سے صرف یحییٰ بن ایوب روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عمرو بن ربیع بن طارق روایت کرتے ہیں۔

**3412** - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ الْمُتَوَكِّلِ الْبَغْدَادِيُّ، نَا سُلَيْمَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمُبَارَكِيُّ، نَا أَبُو شِهَابٍ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ أَبِي الْمُوَرِّعِ، عَنْ عَلِيٍّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ يَأْتِي الْمَدِينَةَ، فَلَا يَدَعُ قَبْرًا وَلَا وَثَنًا إِلَّا كَسَّرَهُ، وَلَا صُورَةً إِلَّا لَطَّخَهَا؟ فَقَامَ رَجُلٌ، فَقَالَ: أَنَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ، ثُمَّ هَابَ أَهْلَ الْمَدِينَةِ فَجَلَسَ. قَالَ عَلِيٌّ: فَذَهَبْتُ، ثُمَّ جِئْتُ، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، لَمْ أَدَعْ قَبْرًا بِالْمَدِينَةِ إِلَّا سَوَّيْتُهُ، وَلَا وَثَنًا إِلَّا كَسَّرْتُهُ، وَلَا صُورَةً إِلَّا لَطَّخْتُهَا، فَقَالَ: يَا عَلِيُّ، لَا تَكُونَنَّ فَتَّانًا وَلَا مُخْتَالًا وَلَا تَاجِرًا، إِلَّا تَاجِرَ خَيْرٍ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کون ہے جو شہر آئے وہ کسی قبر اور بُت کو ختم کر دے اور تصویر کو مٹا دے؟ ایک آدمی کھڑا ہوا' اس نے عرض کی: یارسول اللہ! میں کرتا ہوں۔ پھر وہ اس شہر والوں سے ڈر گیا اور بیٹھ گیا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! میں جاتا ہوں۔ پس میں گیا' پھر واپس آیا اور عرض کی: یارسول اللہ! میں نے شہر میں ساری قبروں کو برابر کر دیا ہے اور ہر بُت کو توڑ دیا ہے اور تصویر کو مٹا دیا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے علی! فتنہ پھیلانے والے' تکبر کرنے والے نہ ہونا' اچھے تاجر ہونا۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ شُعْبَةَ إِلَّا أَبُو شِهَابٍ

اسے شعبہ سے صرف ابوشہاب ہی روایت کرتے ہیں۔

---

رقم الحديث: 900' ومسلم فی الصلاة جلد 1 صفحه 327 .

3412- أخرجه أحمد فی المسند جلد 1 صفحه 173 رقم الحديث: 1174 . وقال الحافظ الهيثمی: وفيه أبو محمد الهدلی ويقال أبو مورع ولم أحد من وثقه وقد روی عند جماعة ولم يضعفه أحد' وبقية رجاله رجال الصحيح . انظر: مجمع الزوائد جلد 5 صفحه 175-176 . وقال الحافظ المنذری: اسناده جيد . انظر: الترغيب جلد 4 صفحه 44-45 .

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ مجھے حضرت فاطمہ بنت عمیس رضی اللہ عنہا نے بتایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے میرے لیے طلاق کے بعد گھر اور نفقہ مقرر نہیں کیا تھا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَطَاءٍ اِلَّا الْحَجَّاجُ بْنُ اَرْطَاةَ، وَلَا عَنِ الْحَجَّاجِ اِلَّا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ، وَاَبُو شِهَابٍ الْحَنَّاطُ

یہ حدیث عطاء سے صرف حجاج بن ارطاۃ اور حجاج سے صرف عبدالواحد بن زیاد اور ابوشہاب الحناط روایت کرتے ہیں۔

**3461**- أخرجه مسلم فى الطلاق جلد 2 صفحه 118' وأبو داؤد فى الطلاق جلد 2 صفحه 295 رقم الحديث: 2288 . عن طريق الشعبى .

3462 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ حَمَّادٍ، نَا يَحْيَى بْنُ حَبِيبِ بْنِ عَرَبِيٍّ، نَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنِ الْحَجَّاجِ بْنِ اَرْطَاةَ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: نُهِيَ عَنْ كَسْبِ الْحَجَّامِ، وَمَهْرِ الْبَغِيِّ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ حَمَّادِ بْنِ زَيْدٍ اِلَّا يَحْيَى بْنُ حَبِيبِ بْنِ عَرَبِيٍّ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے حجام اور زانیہ عورت کی کمائی کھانے سے منع فرمایا۔

یہ حدیث حماد بن زید سے صرف یحییٰ بن حبیب بن عربی روایت کرتے ہیں۔

☆☆☆☆☆

# مَنِ اسْمُهُ الْحُسَيْنُ

# اس شیخ کے نام سے جس کا نام حسین ہے

**3463** - حَدَّثَنِي الْحُسَيْنُ بْنُ السَّمَيْدَعِ الْاَنْطَاكِيُّ قَالَ: نا مُوسَى بْنُ اَيُّوبَ النَّصِيبِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ مِسْعَرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ: اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَعْتَقَ صَفِيَّةَ، وَجَعَلَ عِتْقَهَا صَدَاقَهَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا کو آزاد کیا اور آزاد کرنا اُن کا مہر بنایا گیا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ مِسْعَرٍ اِلَّا ابْنُ الْمُبَارَكِ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُوسَى بْنُ اَيُّوبَ

یہ حدیث مسعر سے صرف ابن مبارک روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں موسیٰ بن ایوب اکیلے ہیں۔

**3464** - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ السَّمَيْدَعِ الْاَنْطَاكِيُّ قَالَ: نا مُوسَى بْنُ اَيُّوبَ النَّصِيبِيُّ قَالَ: نا عَطَاءُ بْنُ مُسْلِمٍ الْخَفَّافُ، عَنِ الْاَعْمَشِ قَالَ: كَانَ سَالِمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَاعِدًا عِنْدَ الْحَجَّاجِ، فَقَالَ لَهُ الْحَجَّاجُ: قُمْ فَاضْرِبْ عُنُقَ هٰذَا، فَاَخَذَ سَالِمٌ السَّيْفَ وَاَخَذَ الرَّجُلَ وَتَوَجَّهَ بَابَ الْقَصْرِ، فَنَظَرَ اِلَيْهِ اَبُوهُ وَهُوَ يَتَوَجَّهُ بِالرَّجُلِ، فَقَالَ: اَتُرَاهُ فَاعِلًا - فَرَدَّهُ مَرَّتَيْنِ اَوْ ثَلَاثًا، - فَلَمَّا خَرَجَ بِهِ قَالَ لَهُ سَالِمٌ: صَلَّيْتَ الْغَدَاةَ؟ قَالَ: نَعَمْ قَالَ: فَخُذْ اَيَّ

حضرت اعمش فرماتے ہیں کہ حضرت سالم بن عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہم حجاج کے پاس بیٹھے ہوئے تھے' حجاج نے حضرت سالم سے کہا: اُٹھو اور اس کی گردن اُڑا دو! حضرت سالم نے تلوار پکڑی اور آدمی کو پکڑا اور قلعہ کے دروازہ پر لے گئے۔ آپ نے اپنے والد حضرت عبداللہ کی طرف دیکھا کہ وہ آدمی کی طرف دیکھ رہے تھے' فرمایا: کیا آپ اس کو مارنے لگے ہیں دو مرتبہ یا تین مرتبہ یہی کہا' جب آپ نکلے تو حضرت سالم نے اس کو کہا: تُو نے فجر کی نماز پڑھی ہے؟ اس نے کہا: جی ہاں! حضرت

---

**3463**- أخرجه البخارى: النكاح جلد9صفحه140 رقم الحديث: 5169' ومسلم: النكاح جلد 2صفحه1045 رقم الحديث:85 (باب فضيلة اعتاق أمة ثم يتزوجها) .

**3464**- أخرجه أيضًا فى الكبير جلد12صفحه213 من طريق يحيى الحمانى' ثنا اسحاق بن سعيد بن عمرو بن سعيد' ثنا أبى' أن الحجاج أمر سالم بن عبد الله بقتل رجل' فذكر نحوه' وذكر الهيثمى هذه الطريق جلد 1صفحه299 وقال: وفيه يحيى بن عبد الله الحمانى ضعفه أحمد ووثقه يحيى بن معين .

الطَّرِيقِ شِئْتَ، ثُمَّ جَاءَ فَطَرَحَ السَّيْفَ، فَقَالَ لَهُ الْحَجَّاجُ: اَضَرَبْتَ عُنُقَهُ؟ قَالَ: لَا قَالَ: وَلِمَ ذَاكَ؟ قَالَ: اِنِّي سَمِعْتُ اَبِي هَذَا يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ صَلَّى الْغَدَاةَ فَهُوَ فِي ذِمَّةِ اللّٰهِ حَتَّى يُمْسِيَ فَقَالَ لَهُ اَبُوهُ: مُكَيِّسٌ، اِنَّمَا سَمَّيْنَاكَ سَالِمًا لِتَسْلَمَ

سالم نے فرمایا: جس راستے سے تم جانا چاہتے ہو جاؤ! پھر حضرت سالم آئے تو آپ نے تلوار پھینک دی تھی۔ حجاج نے حضرت سالم سے کہا: کیا آپ نے اس کی گردن اُڑا دی ہے؟ حضرت سالم نے فرمایا: نہیں! حجاج نے کہا: کیوں؟ فرمایا: میں نے اپنے والد کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے کہ جو صبح کی نماز پڑھتا ہے وہ شام تک اللہ کے ذمہ میں ہوتا ہے۔ حضرت سالم کے والد نے فرمایا: تُو سمجھ دار ہے، ہم نے تمہارا نام سالم رکھا ہے، سلامتی کی وجہ سے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْاَعْمَشِ اِلَّا عَطَاءُ بْنُ مُسْلِمٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُوسَى بْنُ اَيُّوبَ

یہ حدیث اعمش سے صرف عطاء بن مسلم روایت کرتے ہیں، اس کو روایت کرنے میں موسیٰ بن ایوب اکیلے ہیں۔

**3465** - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ السَّمَيْدَعِ قَالَ: نا مُوسَى بْنُ اَيُّوبَ النَّصِيبِيُّ قَالَ: نا اَبُو اِسْحَاقَ الْفَزَارِيُّ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ شَقِيقِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كُنْتُ اَغْتَسِلُ اَنَا وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ اِنَاءٍ وَاحِدٍ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں اور حضور ﷺ ایک ہی برتن سے غسل کرتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ شَقِيقٍ، عَنْ عُرْوَةَ اِلَّا اَبُو اِسْحَاقَ الْفَزَارِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُوسَى بْنُ اَيُّوبَ

یہ حدیث اعمش، شقیق سے، وہ عروہ سے اور عروہ سے ابواسحاق الفزاری روایت کرتے ہیں، اس کو روایت کرنے میں موسیٰ بن ایوب اکیلے ہیں۔

**3466** - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مَنْصُورٍ الرُّمَّانِيُّ الْمِصِّيصِيُّ قَالَ: نا دَاوُدُ بْنُ مُعَاذٍ قَالَ: نا عَبْدُ الْوَارِثِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُحَادَةَ، عَنْ سُلَيْمَانَ

حضرت خباب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے ساتھ جہاد کرتے تھے، ہم اپنا اجر اللہ کے سپرد کرتے تھے، ہم میں سے کچھ لوگ ایسے تھے جو دنیا سے

---

**3465**- أخرجه البخاري: الغسل جلد1صفحه433 رقم الحديث: 250، ومسلم: الحيض جلد1صفحه256 .

**3466**- أخرجه البخاري: المغازي جلد7صفحه433 رقم الحديث: 4082، وأحمد: المسند جلد5صفحه135 رقم الحديث: 21134، والطبراني الكبير جلد4صفحه68 رقم الحديث: 3657-3664 .

الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِی وَائِلٍ، عَنْ خَبَّابٍ قَالَ: هَاجَرْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَوَقَعَ اَجْرُنَا عَلَى اللّٰهِ فَمِنَّا مَنْ قُبِضَ لَمْ يَاْكُلْ مِنْ اَجْرِهِ شَيْئًا، مِنْهُمْ: مُصْعَبُ بْنُ عُمَيْرٍ، قُتِلَ يَوْمَ اُحُدٍ، لَمْ يُوجَدْ لَهُ اِلَّا نَمِرَةٌ، كَانَ اِذَا غُطِّيَ بِهَا رَاْسُهُ خَرَجَتْ رِجْلَاهُ، وَاِذَا غُطِّيَ بِهَا رِجْلَاهُ خَرَجَ رَاْسُهُ فَذُكِرَ ذٰلِكَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: غَطُّوا بِهَا رَاْسَهُ وَاجْعَلُوا عَلَيْهِ اِذْخِرًا وَمِنَّا مَنْ اَيْنَعَتْ لَهُ ثَمَرَتُهُ، فَهُوَ يَهْدِبُهَا

چلے گئے' اس نے اس اجر سے کچھ نہیں کھایا' ان میں سے حضرت مصعب بن عمیر تھے جو اُحد کے دن شہید ہوئے ہیں' انہوں نے صرف چادر پائی جب آپ کے سر کو ڈھانپا جاتا تو آپ کے پاؤں ننگے ہو جاتے' جب آپ کے پاؤں ڈھانپے جاتے تو آپ کا سر ننگا ہو جاتا' اس بات کا ذکر حضور ﷺ کے ہاں ہوا' آپ نے فرمایا: اس کا سر ڈھانپ دو اور اس کے پاؤں پر اذخر گھاس رکھ دو' ہم میں سے کچھ وہ ہیں جنہوں نے پھل دار درخت لگائے اور وہ اس کو کھا رہے ہیں۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُحَادَةَ اِلَّا عَبْدُ الْوَارِثِ وَلَا رَوَاهُ عَنْ عَبْدِ الْوَارِثِ اِلَّا دَاوُدُ

یہ حدیث محمد بن جحادہ سے صرف عبدالوارث اور عبدالوارث سے صرف داؤد روایت کرتے ہیں۔

**3467** - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مَنْصُورٍ الرُّمَّانِيُّ قَالَ: نا الْمُعَافَى بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ: نا حَكِيمُ بْنُ نَافِعٍ قَالَ: نا مُوسَى بْنُ عُقْبَةَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْغُسْلُ صَاعٌ وَالْوُضُوءُ مُدٌّ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: غسل ایک صاع پانی سے اور وضو ایک مُد پانی سے کیا جائے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ اِلَّا حَكِيمُ بْنُ نَافِعٍ تَفَرَّدَ بِهِ: الْمُعَافَى بْنُ سُلَيْمَانَ

یہ حدیث موسیٰ بن عقبہ سے صرف حکیم بن نافع روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں معافی بن سلیمان اکیلے ہیں۔

**3468** - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مَنْصُورٍ الرُّمَّانِيُّ قَالَ: نا الْمُعَافَى بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ: نا حَكِيمُ بْنُ نَافِعٍ قَالَ: نا مُوسَى بْنُ عُقْبَةَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: رُبَّمَا نَازَعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْضَ اَزْوَاجِهِ فِي اِنَاءٍ وَاحِدٍ يَغْتَسِلَانِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کبھی اپنی ازواجِ پاک سے جھگڑا کرتے' ایک ہی برتن میں غسل کرنے کے سلسلے میں۔

**3469** - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مَنْصُورٍ الرُّمَّانِيُّ قَالَ: نا الْمُعَافَى بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ: نا حَكِيمُ بْنُ نَافِعٍ قَالَ: نا مُوسَى بْنُ عُقْبَةَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: مَاتَ مَيِّتٌ فَمَرُّوا عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَدَعَوْهُ لِلصَّلَاةِ عَلَيْهِ فَقَالَ عَلَى صَاحِبِكُمْ دَيْنٌ؟ قَالُوا: نَعَمْ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، دِينَارَيْنِ قَالَ صَلُّوا عَلَى صَاحِبِكُمْ فَقَالَ رَجُلٌ مِنْ قَرَابَتِهِ: هُوَ عَلَيَّ يَا رَسُولَ اللّٰهِ قَالَ: هُوَ عَلَيْكَ وَهُوَ بَرِيءٌ مِنْهَا قَالَ: نَعَمْ فَصَلَّى عَلَيْهِ رَسُولُ اللّٰهِ: فَلَقِيَهُ بَعْدُ، فَقَالَ: مَا صَنَعْتَ؟ فَقَالَ: مَا فَرَغْتُ قَالَ: بَرِّدْ عَلَى صَاحِبِكَ، ثُمَّ عَجِّلْ قَضَائَهُ ثُمَّ لَقِيَهُ، فَقَالَ: قَدْ قَضَيْتُهُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ قَالَ: الْآنَ حِينَ بَرَّدْتَ عَلَى صَاحِبِكَ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ ایک آدمی فوت ہوا تو حضور ﷺ اس کے پاس سے گزرے آپ کو اس کی نمازِ جنازہ پڑھنے کے لیے بلایا گیا' آپ نے فرمایا: تمہارے ساتھی کے ذمہ قرض ہے؟ انہوں نے عرض کی: یا رسول اللہ! جی ہاں! اس کے ذمہ دو دینار ہیں۔ آپ نے فرمایا: تم خود اس کی نمازِ جنازہ پڑھو۔ اس کے ایک قریبی آدمی نے عرض کی: یارسول اللہ! اس کا قرض میرے ذمہ ہے' آپ نے فرمایا: اب تیرے ذمہ قرض ہے' یہ اس سے بری ہے۔ اس نے عرض کی: جی ہاں! پھر آپ ﷺ نے اس کی نمازِ جنازہ پڑھائی' اس کے بعد آپ کی اس سے ملاقات ہوئی تو آپ نے فرمایا: تُو نے اس کے قرض کا کیا کیا؟ اس نے عرض کیا: ابھی فارغ نہیں ہوا ہوں' فرمایا: تیرے ساتھی پر بوجھ ہے' پھر اس نے جلدی جلدی اس کا قرض ادا کیا' پھر آپ سے ملاقات ہوئی تو اس نے عرض کی: یارسول اللہ! میں نے اس کا قرض ادا کر دیا ہے' آپ نے فرمایا: اب تیرے ساتھی کا بوجھ کم ہوا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذِهِ الثَّلَاثَةَ الْأَحَادِيثِ عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ إِلَّا حَكِيمُ بْنُ نَافِعٍ

یہ تینوں احادیث موسیٰ بن عقبہ سے صرف حکیم بن نافع ہی روایت کرتے ہیں۔

**3470** - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ حُمَيْدٍ الْعَكِّيُّ الْمِصْرِيُّ قَالَ: نا حَامِدُ بْنُ يَحْيَى التَّيْمِيُّ قَالَ: نا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عُمَرَ بْنِ سَعِيدِ بْنِ مَسْرُوقٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ قَالَ: سَمِعْتُ سَعِيدَ بْنَ جُبَيْرٍ، يَقُولُ:

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ کی طرف سے آنے والے عذاب کو کوئی برداشت نہیں کر سکے گا؟ تم اللہ کے لیے شریک ٹھہراتے ہو حالانکہ وہ تمہیں رزق اور عافیت دیتا

**3470**- أخرجه البخاري: الأدب جلد 10 صفحه 527 رقم الحديث: 6099، ومسلم: المنافقين جلد 4 صفحه 2160 ولفظه عند البخاري.

نا اَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ السُّلَمِيُّ، عَنْ اَبِي مُوسَى الْاَشْعَرِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَيْسَ اَحَدٌ اَصْبَرَ عَلَى اَذًى مِنَ اللّٰهِ، يَدْعُونَ لَهُ نِدًّا وَهُوَ يَرْزُقُهُمْ وَيُعَافِيهِمْ

ہے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ سُفْيَانَ، اِلَّا حَامِدُ بْنُ يَحْيَى، وَالْحُمَيْدِيُّ

یہ حدیث سفیان سے حامد بن یحییٰ اور حمیدی روایت کرتے ہیں۔

**3471** - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ حُمَيْدٍ الْعَكِّيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ هِشَامٍ السَّدُوسِيُّ قَالَ: نا بَكْرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ اللَّيْثِيُّ قَالَ: نا رَوْحُ بْنُ الْقَاسِمِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُثْمَانَ بْنِ خُثَيْمٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ مِنْ خَيْرِ ثِيَابِكُمُ الْبَيَاضُ، فَالْبَسُوهَا اَحْيَائَكُمْ، وَكَفِّنُوا فِيهَا مَوْتَاكُمْ، وَاِنَّ مِنْ خَيْرِ اَكْحَالِكُمُ الْاِثْمِدُ، فَاِنَّهُ يَجْلُو الْبَصَرَ وَيُنْبِتُ الشَّعْرَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: بہتر کپڑے جو تم پہنتے ہو وہ سفید کپڑے ہیں، تم زندگی میں بھی پہنو اور اپنے مُردوں کو اسی میں کفن دو، بہتر سرمہ جو تم لگاتے ہو وہ اثمد سرمہ ہے، یہ آنکھ کی بینائی کو تیز کرتا ہے اور بالوں کو اُگاتا ہے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ رَوْحِ بْنِ الْقَاسِمِ، اِلَّا بَكْرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ اللَّيْثِيُّ

روح بن قاسم سے صرف بکر بن عبداللہ لیثی روایت کرتے ہیں۔

**3472** - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْحَرَّانِيُّ اَبُو عَرُوبَةَ قَالَ: نا هَاشِمُ بْنُ الْحَارِثِ الْحَرَّانِيُّ قَالَ: نا عِيسَى بْنُ يُونُسَ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي عَبْدِ الرَّحِيمِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَبِي اُنَيْسَةَ،

حضرت عبداللہ بن ابی قتادہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں، فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ موت کے بعد تین چیزیں ملتی ہیں: نیک اولاد جو اس کے لیے دعا کرتی رہے، صدقۂ جاریہ کہ

---

**3471**- أخرجه أبو داؤد: الطب جلد4صفحه8 رقم الحديث: 3878 ولفظه: ألبسوا من ثيابكم البياض...... . و أحمد في المسند جلد1صفحه462 رقم الحديث: 3341، والطبراني في الصغير جلد1صفحه139، والطبراني في الكبير جلد12صفحه66 رقم الحديث:12493 ولفظه عندهم .

**3472**- أخرجه ابن ماجة: المقدمة جلد 1صفحه88 رقم الحديث: 241، وابن حبان (84/موارد الظمآن) انظر تلخيص الحبير جلد3صفحه78 رقم الحديث:2 .

عَنْ فُلَيْحِ بْنِ سُلَيْمَانَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِى قَتَادَةَ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: خَيْرُ مَا يَخْلُفُ الْمَرْءَ بَعْدَ مَوْتِهِ ثَلَاثٌ: وَلَدٌ صَالِحٌ يَدْعُو لَهُ، وَصَدَقَةٌ تَجْرِى يَبْلُغُهُ اَجْرُهَا، وَعِلْمٌ يُعْمَلُ بِهِ مِنْ بَعْدِهِ

اس کا اجر ملتا رہے گا' ایسا علم جس پر اس کے بعد بھی عمل کیا جاتا رہا۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، اِلَّا فُلَيْحٌ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ فُلَيْحٍ، اِلَّا زَيْدُ بْنُ اَبِى اُنَيْسَةَ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ زَيْدٍ، اِلَّا اَبُو عَبْدِ الرَّحِيمِ، وَلَمْ يَرْوِهِ مُجَوَّدًا اِلَّا اَبُو الْمُعَافَى، وَلَا يُرْوَى عَنْ اَبِى قَتَادَةَ اِلَّا مِنْ هَذَا الْوَجْهِ

زید بن اسلم سے صرف فلیح اور فلیح سے صرف زید بن ابی انیسہ اور زید سے صرف ابوعبدالرحیم روایت کرتے ہیں' اس کو عمدہ طور پر صرف ابومعافی روایت کرتے ہیں اور حضرت ابوقتادہ سے صرف اسی سند سے روایت ہے۔

**3473** - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِىُّ قَالَ: نا حَامِدُ بْنُ يَحْيَى قَالَ: نا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِى خَالِدٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ اَبِى حَازِمٍ، عَنْ سَعْدِ بْنِ اَبِى وَقَّاصٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوْ اَنَّ لِابْنِ آدَمَ وَادِيَانِ مِنْ مَالٍ لَتَمَنَّى اِلَيْهِمَا الثَّالِثَ، وَلَا يَمْلَاُ جَوْفَ ابْنِ آدَمَ اِلَّا التُّرَابُ، وَيَتُوبُ اللّٰهُ عَلَى مَنْ تَابَ

حضرت سعید بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اگر انسان کے لیے مال کی دو وادیاں ہوں تو وہ خواہش کرے گا کہ تیسری وادی بھی ہو' ابن آدم کا پیٹ صرف مٹی ہی بھرے گی اور اللہ عزوجل جس کی توبہ قبول کرنا چاہتا ہے' قبول کرتا ہے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ سُفْيَانَ، اِلَّا حَامِدُ بْنُ يَحْيَى، وَلَا رَوَاهُ عَنْ اِسْمَاعِيلَ، اِلَّا سُفْيَانُ، وَلَا يُرْوَى عَنْ سَعْدٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ

سفیان سے صرف حامد بن یحییٰ اور اسماعیل سے صرف سفیان ہی روایت کرتے ہیں اور حضرت سعد سے اسی سند سے روایت ہے۔

**3474** - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِىُّ قَالَ: نا الْعَلَاءُ بْنُ عَمْرٍو الْحَنَفِىُّ قَالَ: نا

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ قیامت کے دن اللہ عزوجل زمین و آسمانوں کو اپنے دائیں دست

3474- أخرجه البخارى: التوحيد جلد 13صفحه404 رقم الحديث: 7412 بلفظ: أن الله يقبض يوم القيامة الأرض وتكون السماوات بيمينه ثم يقول: أنا الملك . ومسلم: المنافقين جلد4صفحه2148 بلفظ: يطوى الله عزوجل السماوات يوم القيامة؛ ثم يأخذهن بيده اليمنى . ثم يقول: أنا الملك...... ثم يطوى الأرضين بشماله . ثم يقول: أنا الملك...... . واللفظ عند البخارى أقرب .

عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اِدْرِيسَ الْاَوْدِيُّ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَقْبِضُ اللّٰهُ عَلَى الْاَرْضِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَالسَّمَاوَاتُ مَطْوِيَّاتٌ بِيَمِينِهِ ثُمَّ يَهُزُّهُنَّ ثُمَّ يَقُولُ: اَنَا الْمَلِكُ

قدرت سے لپیٹے گا' پھرانہیں ہلائے گا' پھر فرمائے گا: میں بادشاہ ہوں۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اِدْرِيسَ، اِلَّا الْعَلَاءُ بْنُ عَمْرٍو

عبداللہ بن ادریس سے صرف علاء بن عمرو ہی روایت کرتے ہیں۔

**3475** - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ قَالَ: نا سَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ قَالَ: نا ابْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ، عَنِ الْحَجَّاجِ بْنِ اَرْطَاةَ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا نِكَاحَ اِلَّا بِوَلِيٍّ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: نکاح صرف ولی ہی کر سکتا ہے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنِ ابْنِ الْمُبَارَكِ، عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ، اِلَّا سَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ، عَنِ الْحَجَّاجِ بْنِ اَرْطَاةَ، عَنْ عِكْرِمَةَ وَرَوَاهُ النَّاسُ، عَنِ ابْنِ الْمُبَارَكِ، عَنِ الْحَجَّاجِ بْنِ اَرْطَاةَ

ابن عبدالمبارک' خالد الحذاء سے' وہ سہل بن عثمان سے' وہ حجاج بن ارطاۃ سے' وہ عکرمہ سے۔ لوگوں نے ابن مبارک سے' وہ حجاج بن ارطاۃ سے۔

**3476** - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ قَالَ: نا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى قَالَ: نا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ: حَدَّثَنِي حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ وُهَيْبِ بْنِ خَالِدٍ، عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ، عَنْ اَبِي الْعَالِيَةِ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم رات کو سجدۂ قرآن میں یہ پڑھتے تھے: ''سَجَدَ وَجْهِيَ لِلَّذِيْ خَلَقَهُ' وَشَقَّ سَمْعَهُ وَبَصَرَهُ '' (میں نے اُس ذات کو سجدہ کیا جس نے انسان کو پیدا کیا اور اس کے کان

---

**3475**- أخرجه ابن ماجة: النكاح جلد **1** صفحه **605** رقم الحديث: **1880**' وأحمد: المسند جلد **1** صفحه **329** رقم الحديث: **2264** . وقال الحافظ الزيلعي: والحجاج ضعيف' وفي سماعه من عكرمة نظر . انظر نصب الراية جلد **3** صفحه **188**' والطبراني في الكبير جلد **12** صفحه **64** رقم الحديث: **12483** من طريق آخر .

**3476**- أخرجه أبو داؤد: الصلاة جلد **2** صفحه **61** رقم الحديث: **1414**' والترمذي: الصلاة جلد **2** صفحه **474** رقم الحديث: **580** وقال: هذا حديث حسن صحيح . والنسائي: التطبيق جلد **2** صفحه **176** (باب نوع آخر) وأحمد: المسند جلد **6** صفحه **35** رقم الحديث: **24077** .

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُولُ فِي سُجُودِ الْقُرْآنِ بِاللَّيْلِ: سَجَدَ وَجْهِي لِلَّذِي خَلَقَهُ، وَشَقَّ سَمْعَهُ وَبَصَرَهُ

اور آنکھیں بنائیں)۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ حَمَّادِ بْنِ زَيْدٍ إِلَّا ابْنُ وَهْبٍ، وَلَا عَنِ ابْنِ وَهْبٍ إِلَّا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى

حماد بن زید سے صرف ابن وہب اور ابن وہب سے صرف حرملہ بن یحییٰ روایت کرتے ہیں۔

**3477** - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ قَالَ: نا عَلِيُّ بْنُ بَحْرٍ قَالَ: نا قَتَادَةُ بْنُ الْفُضَيْلِ بْنِ قَتَادَةَ الرُّهَاوِيُّ قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا حَاضِرٍ، عَنِ الْوَضِينِ الثَّقَفِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: يَدْخُلُ فُقَرَاءُ أُمَّتِي الْجَنَّةَ قَبْلَ أَغْنِيَائِهِمْ بِأَرْبَعِينَ خَرِيفًا قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، صِفْهُمْ لَنَا، قَالَ: هُمُ الدَّنِسَةُ ثِيَابُهُمْ، الشَّعِثَةُ رُءُوسُهُمْ، الَّذِينَ لَا يُؤْذَنُ لَهُمْ عَلَى السُّدَّاتِ، وَلَا يَنْكِحُونَ الْمُتَنَعِّمَاتِ، يُعْطُونَ كُلَّ الَّذِي عَلَيْهِمْ وَلَا يُعْطَوْنَ كُلَّ الَّذِي لَهُمْ

حضرت سالم بن عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: میری اُمت کے فقراء جنت میں داخل ہوں گے امیر لوگوں سے چالیس سال پہلے۔ میں نے عرض کی: یا رسول اللہ! ہم کو اُن کی حالت بتائیں؟ فرمایا: ان کے کپڑے میلے میلے ہوں گے' بال بکھرے ہوئے ہوں گے' ان کو اپنے گھروں میں نہیں آنے دیا جائے گا' وہ نعمتوں والیوں سے نکاح نہ کریں گے' تو اپنے حقوق ادا کریں گے جو ان پر لازم ہوں گے لیکن ان کے حقوق کوئی نہیں ادا کرے گا۔

لَا يُرْوَى عَنِ ابْنِ عُمَرَ إِلَّا مِنْ هَذَا الْوَجْهِ، وَلَمْ يُحَدِّثْ بِهِ إِلَّا عَلِيُّ بْنُ بَحْرٍ

ابن عمر سے صرف اسی سند سے روایت ہے' علی بن بحر بیان کرتے ہیں۔

**3478** - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ مَنْصُورٍ سَجَّادَةُ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دَاهِرٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْقُدُّوسِ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ حَنَشِ بْنِ الْمُعْتَمِرِ قَالَ: رَأَيْتُ أَبَا ذَرٍّ الْغِفَارِيَّ أَخَذَ بِعِضَادَتَيْ بَابِ الْكَعْبَةِ، وَهُوَ يَقُولُ: مَنْ عَرَفَنِي، فَقَدْ عَرَفَنِي وَمَنْ لَمْ يَعْرِفْنِي فَأَنَا

حضرت حنش بن معتمر روایت کرتے ہیں کہ میں نے حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کو کعبہ کے دروازے کی چوکھٹ پکڑے ہوئے دیکھا' آپ فرما رہے تھے: جس نے مجھے پہچانا اس نے مجھے پہچانا' جس نے مجھے نہیں پہچانا تو میں ابوذر غفاری ہوں' میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا' آپ نے فرمایا: میری اہل بیت کی مثال تم

---

**3478**- أخرجه أيضًا الطبراني في الصغير' والكبير' والبزار. وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 9 صفحه 171: رفي اسناد البزار الحسن بن أبي جعفر الجعفري' وفي اسناد الطبراني عبد الله ابن داهر وهما متروكان.

أَبُو ذَرٍّ الْغِفَارِيُّ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَثَلُ أَهْلِ بَيْتِي فِيكُمْ كَمَثَلِ سَفِينَةِ نُوحٍ فِي قَوْمِ نُوحٍ، مَنْ رَكِبَهَا نَجَا، وَمَنْ تَخَلَّفَ عَنْهَا هَلَكَ، وَمَثَلُ بَابِ حِطَّةٍ فِي بَنِي إِسْرَائِيلَ

میں کشتی نوح کی طرح ہے جس طرح کشتی نوح میں لوگ سوار ہوئے اور وہ نجات پا گئے' جو سوار نہیں ہوئے وہ ہلاک ہو گئے اور بنی اسرائیل کے باب حطہ والی ہے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنِ الْأَعْمَشِ إِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْقُدُّوسِ

اعمش سے صرف عبداللہ بن عبدالقدوس ہی روایت کرتے ہیں۔

**3479** - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ مَنْصُورٍ قَالَ: نا أَحْمَدُ بْنُ عُمَرَ الْوَكِيعِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نُمَيْرٍ قَالَ: نا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ أَبِي سُلَيْمَانَ، عَنْ أَبِي عَلِيٍّ الْكَاهِلِيِّ قَالَ: خَطَبَنَا أَبُو مُوسَى، فَقَالَ: خَطَبَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: أَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوا الشِّرْكَ، فَإِنَّهُ أَخْفَى مِنْ دَبِيبِ النَّمْلِ فَقَالَ: مَنْ شَاءَ اللّٰهُ أَنْ يَقُولَ: وَكَيْفَ نَتَّقِيهِ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، وَهُوَ أَخْفَى مِنْ دَبِيبِ النَّمْلِ؟ قَالَ: قُولُوا: اللّٰهُمَّ إِنَّا نَعُوذُ بِكَ أَنْ نُشْرِكَ بِكَ شَيْئًا تَعْلَمُهُ وَنَسْتَغْفِرُكَ لِمَا لَا نَعْلَمُ

حضرت ابوعلی الکاہلی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہمیں حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ نے خطبہ دیا' فرمایا: ہمیں رسول اللہ ﷺ نے خطبہ دیا' فرمایا: اے لوگو! شرک سے بچو کیونکہ شرک چیونٹی کے بل سے زیادہ مخفی ہے' فرمایا: جو اللہ کہنا چاہے! ہم نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم اس سے کیسے بچیں' وہ چیونٹی کے بل سے زیادہ پوشیدہ ہے؟ آپ نے فرمایا: تم پڑھو: ''اَللّٰهُمَّ إِنَّا نَعُوذُ بِكَ أَنْ نُشْرِكَ بِكَ شَيْئًا تَعْلَمُهُ وَنَسْتَغْفِرُكَ لِمَا لَا نَعْلَمُ''۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ أَبِي سُلَيْمَانَ إِلَّا ابْنُ نُمَيْرٍ، وَلَا يُرْوَى عَنْ أَبِي مُوسَى إِلَّا مِنْ هَذَا الْوَجْهِ

عبدالملک بن ابی سلیمان سے صرف ابن نمیر اور ابوموسیٰ سے صرف اسی سند سے روایت ہے۔

**3480** - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ جَعْفَرٍ الْقَتَّاتُ الْكُوفِيُّ قَالَ: نا إِسْمَاعِيلُ بْنُ مُحَمَّدٍ الطَّلْحِيُّ قَالَ: نا دَاوُدُ بْنُ عَطَاءٍ الْمَدَنِيُّ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ جِبْرِيلَ إِذَا جَاءَ بِالْوَحْيِ فَإِنَّ أَوَّلَ مَا

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: بے شک جبریل علیہ السلام جب وحی لے کر آتے تھے تو پہلے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھتے تھے۔

يُلْقَى عَلَيَّ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ إِلَّا دَاوُدُ بْنُ عَطَاءٍ

موسیٰ بن عقبہ سے صرف داؤد بن عطاء ہی روایت کرتے ہیں۔

**3481** - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ جَعْفَرٍ الْقَتَّاتُ قَالَ: نَا أَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ قَالَ: نَا أَبُو لَيْلَى، عَنْ أَبِي بَكْرِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ أَنَسٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ وَلِيَ مِنْ أَمْرِ الْمُسْلِمِينَ شَيْئًا فَغَشَّهُمْ فَهُوَ فِي النَّارِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو مسلمانوں کے کاموں میں کسے شے کا ولی بنا' وہ آگ میں جلے گا (یعنی جب اس میں خیانت کرے' اگر اچھے طریقے اور دینداری سے کرے تو اس وعید میں داخل نہیں ہوگا)۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ أَبِي بَكْرِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ إِلَّا أَبُو لَيْلَى، وَلَا يُرْوَى عَنْ أَنَسٍ إِلَّا مِنْ هَذَا الْوَجْهِ

ابوبکر بن عبیداللہ سے صرف ابویعلیٰ ہی روایت کرتے ہیں' حضرت انس سے اسی طریقے سے روایت ہے۔

**3482** - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَاتِمٍ الْعِجْلُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمَّارٍ الْمُوصِلِيُّ قَالَ: نَا الْقَاسِمُ بْنُ يَزِيدَ قَالَ: نَا سُفْيَانُ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ عُبَيْدِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الذُّبَابُ كُلُّهُ فِي النَّارِ إِلَّا النَّحْلَ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ساری مکھیاں جہنم میں جائیں گی مگر شہد کی مکھی کے سوا۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ سُفْيَانَ إِلَّا الْقَاسِمُ الْجَرْمِيُّ، وَلَا رَوَاهُ عَنْهُ إِلَّا ابْنُ عَمَّارٍ

سفیان سے صرف قاسم الجرمی روایت کرتے ہیں اور ان سے روایت کرنے میں ابن عمار اکیلے ہیں۔

**3483** - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَاتِمٍ الْعِجْلُ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْأَذْرَمِيُّ، قَالَ نَا الْقَاسِمُ بْنُ يَزِيدَ الْجَرْمِيُّ قَالَ: نَا سُفْيَانُ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنِ الْأَسْوَدِ، عَنْ عُمَرَ بْنِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رات کو ابطح کے مقام پر پڑاؤ ڈالنا سنت طریقے سے ہے۔

---

**3482**- أخرجه الطبراني في الكبير جلد12صفحه418-419 رقم الحديث: 13542 وقال الحافظ الهيثمي: ورجال بعض أسانيد الأوسط والكبير ثقات كلهم . انظر مجمع الزوائد جلد4صفحه44 .

الْخَطَّابِ، قَالَ مِنَ السُّنَّةِ النُّزُولُ بِالْاَبْطَحِ عَشِيَّةَ النَّفْرِ

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ سُفْيَانَ اِلَّا الْقَاسِمُ الْجَرْمِيُّ

سفیان سے صرف قاسم الجرمی روایت کرتے ہیں۔

**3484** - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَاتِمٍ قَالَ: نا اَبُو مُصْعَبٍ قَالَ: نا الْمُغِيرَةُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ اَبِي هِنْدٍ، عَنْ حَرْبِ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ عِرَاكِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ: اَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنِ الدُّبَّاءِ، وَالْحَنْتَمِ، وَالنَّقِيرِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے دباء، حنتم اورنقیر کے برتنوں میں پینے سے منع فرمایا۔

لَا نَعْلَمُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ اَبِي سَلَمَةَ رَوَى عَنْ عِرَاكِ بْنِ مَالِكٍ غَيْرَ هَذَا وَلَمْ يُحَدِّثْ بِهِ عَنِ الْمُغِيرَةِ اِلَّا اَبُو مُصْعَبٍ

ہم نہیں جانتے کہ عبداللہ بن ابی سلمہ' عراک بن مالک سے اس کے علاوہ روایت کرتے ہیں' مغیرہ سے صرف ابومصعب ہی روایت کرتے ہیں۔

**3485** - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَاتِمٍ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عَمَّارٍ الْمُوصِلِيُّ قَالَ: نا عُمَرُ بْنُ اَيُّوبَ، عَنْ مُعَاذِ بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ زِيَادِ بْنِ سَعْدٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يُورِدُ مُمْرِضٌ عَلَى مُصِحٍّ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: مریض کو تندرست کے پاس نہ لے جاؤ۔

لَا يُرْوَى عَنْ زِيَادِ بْنِ سَعْدٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ

زیاد بن سعد سے صرف اسی سند سے روایت ہے۔

**3486** - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَاتِمٍ قَالَ: نا الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ الصُّدَائِيُّ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي قَالَ: نا حَفْصُ الْغَاضِرِيُّ، عَنْ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے لا الٰہ الا اللہ پڑھا' اس کو پوری زندگی اس کا نفع ملے گا' اس کے بعد اس کو عذاب نہیں

---

3484- أخرجه مسلم: الأشربة جلد 3 صفحه 1578' وأبو داؤد: الأشربة جلد 3 صفحه 329 رقم الحديث: 3693' وأحمد: المسند جلد 2 صفحه 373 رقم الحديث: 7770 .

3485- أخرجه البخاري: الطب جلد 10 صفحه 251 رقم الحديث: 5771' ومسلم: السلام جلد 4 صفحه 1744 .

مُوسَى الصَّغِيرِ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ قَالَ: لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ نَفَعَتْهُ يَوْمًا مِنْ دَهْرِهِ وَلَوْ بَعْدَمَا يُصِيبُهُ الْعَذَابُ

ملے گا۔

لَا يُرْوَى عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ اِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ ولم يروه عن موسى الا حفص، تَفَرَّدَ بِهِ: الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ.

عبیداللہ بن عبداللہ سے اسی وجہ سے روایت ہے۔

**3487** - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْخَرَقِيُّ الْبَغْدَادِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ مِرْدَاسٍ الْاَنْصَارِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ مَرْوَانَ الْعُقَيْلِيُّ قَالَ: نا عُمَارَةُ بْنُ اَبِي حَفْصَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ بْنِ مَسْعُودٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ مَيْمُونَةَ بِنْتِ الْحَارِثِ، قَالَتْ: اَصْبَحَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ خَاثِرُ النَّفْسِ، وَاَمْسَى وَهُوَ كَذٰلِكَ، وَاَصْبَحَ وَهُوَ كَذٰلِكَ، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَا لِي اَرَاكَ خَاثِرًا قَالَ: اِنَّ جِبْرِيلَ وَعَدَنِي اَنْ يَاْتِيَنِي وَمَا اَخْلَفَنِي قَطُّ فَنَظَرُوا فَاِذَا جِرْوُ كَلْبٍ تَحْتَ نَضَدٍ لَهُمْ، فَاَمَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِذٰلِكَ الْجِرْوِ فَاُخْرِجَ، وَاَمَرَ بِذٰلِكَ الْمَكَانِ فَغُسِلَ بِالْمَاءِ، فَجَاءَ جِبْرِيلُ فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّكَ وَعَدْتَنِي اَنْ تَاْتِيَنِي وَمَا اَخْلَفْتَنِي قَطُّ؟ قَالَ: اَمَا عَلِمْتَ اَنَّا لَا نَدْخُلُ بَيْتًا

حضرت میمونہ بنت حارث رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے صبح پریشانی کی حالت میں کی اور شام بھی اسی طرح پریشانی کی حالت میں' دوسری صبح بھی پریشان حالت میں کی۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں آپ کو پریشان دیکھ رہی ہوں؟ آپ نے فرمایا: حضرت جبریل نے میرے پاس آنے کا وعدہ کیا تھا' اُنہوں نے میرے ساتھ کبھی وعدہ خلافی نہیں کی۔ پھر آپ نے دیکھا تو ایک کتے کا بچہ آپ کی چارپائی کے نیچے تھا' حضور ﷺ نے اس کو نکالنے کا حکم دیا' اس کو نکالا گیا اور اس جگہ کو دھویا گیا' اس کے بعد حضرت جبریل علیہ السلام آپ کے پاس آئے۔ حضور ﷺ نے حضرت جبریل سے فرمایا: آپ نے میرے پاس آنے کا وعدہ کیا تھا' آپ نے میرے ساتھ کبھی وعدہ خلافی نہیں کی ہے؟ حضرت جبریل علیہ السلام نے عرض کی: کیا آپ کو معلوم نہیں کہ ہم اس گھر میں داخل نہیں ہوتے ہیں

**3487**- أخرجه أبو داؤد: اللباس جلد4صفحه72 رقم الحديث: 4157' والنسائي: الصيد جلد7صفحه163 (باب امتناع الملائكة من دخول بيت فيه كلب) ولفظهما نحوه . وأحمد: المسند جلد6صفحه363 رقم الحديث: 26857 ولفظه عنده .

فِيهِ كَلْبٌ وَلَا صُورَةٌ؟

هَكَذَا رَوَاهُ عُمَارَةُ بْنُ اَبِی حَفْصَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، وَرَوَاهُ اَصْحَابُ الزُّهْرِيِّ، مِنْهُمْ: يُونُسُ بْنُ يَزِيدَ، وسُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، وَغَيْرُهُمَا، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ بْنِ السَّبَّاقِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ مَيْمُونَةَ

جس میں کتا اور تصویر ہو۔

عمارہ بن ابی حفصہ' زہری سے' وہ عبیداللہ بن عبداللہ سے' وہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے۔ زہری کے اصحاب یونس بن یزید اور سفیان بن عیینہ اور ان دونوں کے علاوہ روایت کرتے ہیں' وہ زہری سے' وہ عبیداللہ بن سباق سے' وہ ابن عباس سے' وہ حضرت میمونہ سے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ عُمَارَةَ بْنِ اَبِی حَفْصَةَ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ مَرْوَانَ

عمارہ بن ابی حفصہ سے صرف محمد بن مروان ہی روایت کرتے ہیں۔

**3488** - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْخَرَقِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ مِرْدَاسٍ قَالَ: نا مَحْبُوبُ بْنُ الْحَسَنِ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنْ سَيَّارٍ اَبِی الْحَكَمِ، عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ: اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُئِلَ عَنْ هَاتَيْنِ السُّورَتَيْنِ؟ فَقَالَ: قِيلَ لِی فَقُلْتُ فَقُولُوا كَمَا قُلْتُ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ سے دو سورتوں کے متعلق پوچھا گیا تو آپ نے فرمایا: یہ کہا گیا ہے' میں پڑھتا ہوں تم بھی پڑھو' جیسے میں پڑھتا ہوں۔

لَا يُرْوَى عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ اِلَّا مِنْ هَذَا الْوَجْهِ وَاِنَّمَا رَوَى النَّاسُ عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ، عَنْ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ

ابن مسعود سے اسی سند سے روایت ہے' لوگ زر بن حبیش سے' وہ اُبی بن کعب سے۔

**3489** - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اَحْمَدَ الْمَالِكِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ سَهْمٍ الْاَنْطَاكِيُّ قَالَ: نا عِيسَى بْنُ يُونُسَ، عَنْ مِسْعَرِ بْنِ كِدَامٍ، عَنْ سَعْدِ بْنِ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ اَبِی سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ اَبِيهِ عَبْدِ

حضرت ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن اپنے والد عبدالرحمٰن بن عوف سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ ہمارے پاس سے گزرے' ہم پیلو کے پھل چن رہے تھے۔ آپ نے فرمایا: تم کالے دانے چنو! میں چنتا رہا ہوں کیونکہ

---

**3488**- أخرجه أيضًا الطبراني في الكبير جلد**10**صفحه**163** . وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد**7**صفحه**153**: وفيه اسماعيل بن مسلم المكي وهو ضعيف .

الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ قَالَ: مَرَّ بِنَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ نَجْتَنِي ثَمَرَ الْأَرَاكِ: فَقَالَ: عَلَيْكُمْ بِالْأَسْوَدِ مِنْهُ، فَإِنِّي كُنْتُ أَجْتَنِيهِ وَأَنَا أَرْعَى الْغَنَمَ فَقَالُوا: رَعَيْتَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: نَعَمْ، وَمَا مِنْ نَبِيٍّ إِلَّا وَقَدْ رَعَاهَا

میں بکریاں چراتا رہا ہوں۔ صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ بکریاں چراتے رہے ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کوئی نبی ایسا نہیں ہے جس نے بکریاں نہ چرائی ہوں۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ مِسْعَرٍ إِلَّا عِيسَى بْنُ يُونُسَ، وَلَمْ يَرْوِهِ عَنْ عِيسَى إِلَّا ابْنُ سَهْمٍ، وَلَا يُرْوَى عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ

مسعر سے صرف عیسیٰ بن یونس اور عیسیٰ سے صرف ابن سہم روایت کرتے ہیں' حضرت عبدالرحمٰن بن عوف سے صرف اسی سند سے روایت ہے۔

**3490** - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ سَهْلِ بْنِ حُرَيْثٍ الْمِصْرِيُّ قَالَ: نا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ قَالَ: نا الرَّبِيعُ بْنُ بَدْرٍ التَّمِيمِيُّ قَالَ: نا الْجُرَيْرِيُّ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فِي الْحُبْلَى الَّتِي تَخَافُ عَلَى نَفْسِهَا أَنْ تُفْطِرَ، وَالْمُرْضِعِ الَّتِي تَخَافُ عَلَى وَلَدِهَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ کا بیان ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: حاملہ عورت جسے اپنی جان پہ خطرہ ہو وہ افطار کرسکتی ہے' دودھ پلانے والی جسے اپنے بچے پر خوف ہو' وہ بھی افطار کرسکتی ہے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنِ الْجُرَيْرِيِّ، إِلَّا الرَّبِيعُ بْنُ بَدْرٍ

جناب جریری سے اسے صرف ربیع بن بدر ہی روایت کرتے ہیں۔

**3491** - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِدْرِيسَ التُّسْتَرِيُّ قَالَ: نا الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيدِ النَّرْسِيُّ قَالَ: نا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، أَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يُؤَدِّي

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: مکاتب' آزاد ہونے کے لیے' آزاد کی دیت کے برابر ادائیگی کرے اور غلامی میں غلام کی دیت کی مقدار۔

---

3490- أخرجه ابن ماجة: الصيام جلد 1 صفحه 533 رقم الحديث: 1668' والطبراني في الصغير جلد 1 صفحه 141 .

3491- أخرجه النسائي: القسامة جلد 8 صفحه 40 (باب دية المكاتب) . وأحمد: المسند جلد 1 صفحه 341 رقم الحديث: 2360' والطبراني في الصغير جلد 1 صفحه 142' والطبراني في الكبير جلد 11 صفحه 353 رقم الحديث: 11991-11994 .

الْمُكَاتِبُ بِقَدْرِ مَا عَتَقَ مِنْهُ دِيَةَ الْحُرِّ، وَبِقَدْرِ مَا رَقَّ مِنْهُ دِيَةَ الْعَبْدِ

**3492** - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ بَيَانٍ الْعَسْكَرِيُّ قَالَ: نا سَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ قَالَ: نا اَبُو الْاَحْوَصِ، عَنْ عَاصِمٍ الْاَحْوَلِ، عَنْ اَنَسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ اَذْهَبْتُ كَرِيمَتَيْهِ فَصَبَرَ وَاحْتَسَبَ، لَمْ اَرْضَ لَهُ ثَوَابًا دُونَ الْجَنَّةِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: میں نے جس کی دومعزز چیزیں لے لیں اس نے صبر کیا اور رضائے الٰہی کی نیت کی تو میں اس کے لیے جنت سے کم ثواب پر راضی نہ ہوں گا۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ عَاصِمٍ، اِلَّا اَبُو الْاَحْوَصِ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ اَبِي الْاَحْوَصِ، اِلَّا سَهْلٌ

حضرت عاصم سے اس کو ابوالاحوص اور ابوالاحوص سے حضرت سہل روایت کرتے ہیں۔

**3493** - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ بَيَانٍ الْعَسْكَرِيُّ قَالَ: نا سَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ قَالَ: نا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ، عَنْ اِدْرِيسَ الْاَوْدِيِّ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ الْحَلِفَ يُنْفِقُ السِّلْعَةَ وَيَمْحَقُ الْكَسْبَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: قسم اُٹھا کر سودا فروخت کرنے والے کی کمائی سے برکت ختم ہو جاتی ہے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ اِدْرِيسَ الْاَوْدِيِّ، اِلَّا حَفْصٌ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ حَفْصٍ، اِلَّا سَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ

ادریس اودی سے صرف حفص اور حفص سے صرف سہل بن عثمان روایت کرتے ہیں۔

**3494** - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْخَيَّاطُ الرَّامَهُرْمُزِيُّ قَالَ: نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ رَاشِدٍ الْاَدَمِيُّ قَالَ:

حضرت ہشام بن عروہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ ایک دن حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے

---

**3492**- أخرجه الترمذي: الزهد جلد 4 صفحه 602 رقم الحديث: 2400 بلفظ: اذا أخذت كريمتي عبدي في الدنيا لم يكن له جزاء عندي الا الجنة ـ وقال: هذا حديث حسن غريب ـ وأحمد: المسند جلد 3 صفحه 347 رقم الحديث: 14029، و الطبراني في الصغير جلد 1 صفحه 142 ولفظهما ـ

**3493**- أخرجه البخاري: البيوع جلد 4 صفحه 369 رقم الحديث: 2087، ومسلم: المساقاة جلد 3 صفحه 1228 ـ

**3494**- أخرجه الطبراني في الصغير جلد 1 صفحه 142 وقال: لم يروه عن عمران الا محمد بن بلال ـ وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 1 صفحه 92: ورجاله موثقون ـ

نا مُحَمَّدُ بْنُ بِلَالٍ قَالَ: نا عِمْرَانُ الْقَطَّانُ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: اَقَامَ ابْنُ عُمَرَ ذَاتَ يَوْمِ الصَّلَاةَ، فَقَالَ لِرَجُلٍ مِنَ الْقَوْمِ: تَقَدَّمْ فَصَلِّ، فَاِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اِذَا كَانَ اَحَدُكُمْ رِزًّا فَلْيَتَوَضَّأْ

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ عِمْرَانَ الْقَطَّانِ، اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ بِلَالٍ

**3495** - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ بِسْطَامٍ الزَّعْفَرَانِيُّ قَالَ: نا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، صَاحِبُ الْهَرَوِيِّ قَالَ: نا اَبِي، عَنْ اَبِي كَعْبٍ، صَاحِبِ الْحَرِيرِ، عَنِ الْجُرَيْرِيِّ، عَنْ اَبِي السَّلِيلِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: لَمَّا بَعَثَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْعَلَاءَ بْنَ الْحَضْرَمِيِّ اِلَى الْبَحْرَيْنِ، تَبِعْتُهُ فَرَاَيْتُ مِنْهُ ثَلَاثَ خِصَالٍ، لَا اَدْرِي اَيَّتُهُنَّ اَعْجَبُ: انْتَهَيْنَا اِلَى شَاطِءِ الْبَحْرِ، فَقَالَ: سَمُّوا وَاقْتَحِمُوا، فَقَالَ: فَسَمَّيْنَا وَاقْتَحَمْنَا فَعَبَرْنَا فَمَا بَلَّ الْمَاءُ اِلَّا اَسَافِلَ خِفَافِ اِبِلِنَا، فَلَمَّا قَفَلْنَا صِرْنَا مَعَهُ بِفَلَاةٍ مِنَ الْاَرْضِ وَلَيْسَ مَعَنَا مَاءٌ، فَشَكَوْنَا اِلَيْهِ، فَصَلَّى رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ دَعَا فَاِذَا سَحَابَةٌ مِثْلُ التُّرْسِ، ثُمَّ اَرْخَتْ غَزَالِيهَا، فَسَقَيْنَا وَاسْتَقَيْنَا، وَمَاتَ فَدَفَنَّاهُ فِي الرَّمْلِ، فَلَمَّا سِرْنَا غَيْرَ بَعِيدٍ قُلْنَا: يَجِيءُ سَبُعٌ فَيَاْكُلُهُ، فَرَجَعْنَا، فَلَمْ نَرَهُ

نماز کھڑی کروائی تو قوم میں سے ایک آدمی سے فرمایا: آگے ہو اور نماز پڑھا! کیونکہ میں نے رسول کریم ﷺ سے سنا' آپ فرما رہے تھے: جب تم میں سے کوئی ایک گھنڈی والا ہو تو اُسے چاہیے کہ وہ وضو کرے۔

عمران القطان سے اسے محمد بن بلال ہی روایت کرتے ہیں۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب نبی کریم ﷺ نے حضرت علاء بن حضرمی کو بحرین کی طرف بھیجا تو میں اس کے پیچھے چلا' میں نے اس سے تین خوبیوں کو ملاحظہ کیا' میں نہیں جانتا کہ ان تین میں سے کون سی زیادہ خوش کرنے والی تھی۔ ہم سمندر کے کنارے پہنچے تو انہوں نے کہا: اللہ کا نام لے کر سمندر میں داخل ہو جاؤ۔ آپ فرماتے ہیں: ہم نے اللہ کا نام لیا اور گھس گئے' سو ہم نے سمندر پار کر لیا' لیکن تری ہمارے اونٹوں کے کھروں کے نیچے تک ہی پہنچی۔ پس جب ہم واپس لوٹے تو ہم ان کے ساتھ ایک چٹیل میدان میں تھے۔ ہمارے پاس پانی نہ تھا' ہم نے ان کی بارگاہ میں شکایت کی تو انہوں نے دو رکعت نماز پڑھی پھر دعا مانگی تو اچانک بادل ڈھال کی مانند آ گئے' پھر خوب برسے' ہم نے جانوروں کو پلایا اور خود پیا۔ وہ فوت ہوئے ہم نے انہیں ریت میں دفن کیا۔ ہم زیادہ دور نہ چلے' ہم نے کہا: مردہ خور آئے گا اور اسے کھا جائے گا۔ پس ہم واپس لوٹے تو ہم نے اسے نہ دیکھا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي كَعْبٍ، اِلَّا اِبْرَاهِيمُ صَاحِبُ الْهَرَوِيّ، وَلَمْ يَرْوِهِ عَنِ الْجُرَيْرِيّ اِلَّا اَبُو كَعْبٍ وَاسْمُ اَبِي السَّلِيلِ: ضُرَيْبُ بْنُ نُفَيْرٍ

ابی بن کعب سے اس حدیث کو ابراہیم صاحب الھروی ہی روایت کرتے ہیں۔ حریری سے ابوکعب روایت کرتے ہیں اور ابی السلیل کا نام ضریب بن نفیر ہے۔

**3496** - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ بِسْطَامٍ قَالَ: نا اَبُو هُرَيْرَةَ مُحَمَّدُ بْنُ فِرَاسٍ الصَّيْرَفِيُّ قَالَ: نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ اَبِي الْوَزِيرِ، عَنْ مُوسَى بْنِ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ شَيْبَةَ الْحَجَبِيّ، عَنْ عَمِّهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ثَلَاثٌ يُصْفِينَ لَكَ وُدَّ اَخِيكَ: تُوَسِّعُ لَهُ فِي الْمَجْلِسِ، وَتَدْعُوهُ بِاَحَبِّ الْاَسْمَاءِ اِلَيْهِ، وَتَعُودُهُ اِذَا مَرِضَ

حضرت شیبہ حجبی اپنے چچا سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تین چیزیں تمہارے لیے تیرے بھائی سے محبت کو خالص کریں گی۔ مجلس میں اس کے لیے تیری کشادگی چاہیں کہ اچھے نام سے پکارو' جب بیمار ہو جائے تو اس کی عیادت کرو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُوسَى بْنِ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ اِلَّا اِبْرَاهِيمُ بْنُ اَبِي الْوَزِيرِ

یہ حدیث موسیٰ بن عبدالملک سے صرف ابراہیم بن وزیر روایت کرتے ہیں۔

**3497** - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ تَقِيِّ بْنِ اَبِي تَقِيٍّ الْحِمْصِيُّ قَالَ: نا جَدِّي اَبُو تَقِيٍّ هِشَامُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ قَالَ: نا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيدِ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبُو صَالِحٍ الْقُرَشِيُّ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ سُلَيْمٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ حَكِيمِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا خَلَقَ اللّٰهُ مِنْ صَبَاحٍ يَعْلَمُ مَلَكٌ فِي السَّمَاءِ وَلَا فِي الْاَرْضِ بِمَا يَصْنَعُ اللّٰهُ فِي ذَلِكَ الْيَوْمِ، وَاِنَّ الْعَبْدَ لَهُ رِزْقُهُ فَلَوِ اجْتَمَعَ عَلَيْهِ الثَّقَلَانِ الْجِنُّ وَالْاِنْسُ، اَنْ يَصُدُّوا عَنْهُ شَيْئًا مِنْ ذَلِكَ مَا اسْتَطَاعُوا

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل نے صبح کو پیدا کیا ہے' آسمان و آسمان کا ایک فرشتہ جانتا ہے کہ اللہ عزوجل نے آج کے دن میں کیا کرنا ہے اور اپنے بندہ کو کیا رزق دینا ہے' اگر انسان و جن جمع ہو جائیں کہ اس سے کوئی شے روکیں تو وہ اس سے روکنے کی طاقت نہیں رکھیں گے۔

3498 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ الْكُمَيْتِ قَالَ: نا غَسَّانُ بْنُ الرَّبِيعِ قَالَ: نا جَعْفَرُ بْنُ مَيْسَرَةَ الْاَشْجَعِيُّ، عَنْ هِلَالٍ اَبِي ضِيَاءٍ، عَنِ الرَّبِيعِ بْنِ خُثَيْمٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: كُلُّ قَرْضٍ صَدَقَةٌ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ہر قرض صدقہ ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الرَّبِيعِ، اِلَّا هِلَالٌ اَبُو ضِيَاءٍ، وَلَا عَنْ هِلَالٍ، اِلَّا جَعْفَرُ بْنُ مَيْسَرَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ: غَسَّانُ بْنُ الرَّبِيعِ

یہ حدیث ربیع سے صرف ہلال ابوضیاء اور ہلال سے صرف جعفر بن میسرہ روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں غسان بن ربیع اکیلے ہیں۔

3499 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ الْكُمَيْتِ الْمَوْصِلِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ زِيَادِ بْنِ فَرْوَةَ قَالَ: نا اَبُو شِهَابٍ الْحَنَّاطُ، عَنْ عَوْفٍ الْاَعْرَابِيِّ، عَنِ الْمِنْهَالِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ زَاذَانَ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ: خَرَجْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي جَنَازَةِ رَجُلٍ مِنَ الْاَنْصَارِ، فَانْتَهَيْنَا اِلَى الْقَبْرِ، وَلَمَّا نَلْحُهُ، فَجَلَسَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَجَلَسْنَا حَوْلَهُ كَاَنَّمَا عَلَى رُئُوسِنَا الطَّيْرُ فَذَكَرَ الْحَدِيثَ بِطُولِهِ

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم ایک جنازہ میں حضور ﷺ کے ساتھ نکلے' وہ جنازہ انصار کے ایک آدمی کا تھا' جب ہم اس کو قبر کے پاس لے گئے تو ہم دفن کرنے لگے' حضور ﷺ بیٹھ گئے' ہم آپ کے اردگرد بیٹھ گئے اس طرح کہ ہمارے سروں کے اوپر پرندے ہیں' اس کے بعد لمبی حدیث ذکر کی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَوْفٍ، اِلَّا اَبُو شِهَابٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ زِيَادِ بْنِ فَرْوَةَ

حضرت عوف سے صرف ابوشہاب روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں محمد بن زیاد بن فروہ اکیلے ہیں۔

☆☆☆☆☆

3499- أخرجه النسائي: الجنائز جلد 4 صفحه 64 (باب الوقوف للجنائز)' وابن ماجة: الجنائز جلد 1 صفحه 494 رقم الحديث: 1549 .

# مَنِ اسْمُهُ حَسْنُونُ

3500 - حَدَّثَنَا حَسْنُونُ بْنُ اَحْمَدَ الْمِصْرِيُّ قَالَ: نا اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ قَالَ: اَخْبَرَنِی اُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِينَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ النَّاسَ كَاِبِلٍ مِائَةٍ لَا تَجِدُ فِيهَا رَاحِلَةً قَالَ: وَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا نَعْلَمُ شَيْئًا خَيْرًا مِنْ مِائَةٍ مِثْلِهِ اِلَّا الرَّجُلَ الْمُؤْمِنَ

لا يَرْوِی عن ابن عمر الّا بهذا الاسناد.

# اس شیخ کے نام سے جس کا نام حسنون ہے

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: لوگ سو اونٹوں کی طرح ہیں' اس میں سواری کوئی نہیں ہے۔ اور حضور ﷺ نے فرمایا: اس سے ان سو میں کوئی بھلائی کی شے نہیں سوائے مؤمن بندے کے۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے اسی سند کے ساتھ روایت ہے۔

☆☆☆☆☆

3500- أخرجه أحمد: المسند جلد 2 صفحه 149 رقم الحديث: 5885, 5886 من حديثين وفيه سحنون بن أحمد المصرى لم أجده، وعزاه الحافظ الهيثمى فى المجمع جلد 1 صفحه 67 أيضًا الى الصغير ...... ومداره على أسامة بن زيد بن أسلم وهو ضعيف جدًا .

# مَنِ اسْمُهُ حَبَابٌ

# اس شیخ کے نام سے جس کا نام حباب ہے

**3501** - حَدَّثَنَا حَبَابُ بْنُ صَالِحِ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ حَرْبٍ النَّشَائِيُّ قَالَ: نا عُمَيْرُ بْنُ عِمْرَانَ الْحَنَفِيُّ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ أَوْحَى إِلَيَّ أَنْ أُزَوِّجَ كَرِيمَتَيَّ عُثْمَانَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: بے شک اللہ عزوجل نے میری طرف وحی کی ہے کہ میں اپنی دونوں بیٹیوں کی شادی عثمان سے کروں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ جَرِيجٍ، إِلَّا عُمَيْرُ بْنُ عِمْرَانَ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ حَرْبٍ

یہ حدیث ابن جریج سے صرف عمیر بن عمران روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں محمد بن حرب اکیلے ہیں۔

**3502** - حَدَّثَنَا حَبَابُ بْنُ صَالِحِ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ حَرْبٍ النَّشَائِيُّ قَالَ: نا إِسْمَاعِيلُ بْنُ يَحْيَى بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ التَّيْمِيُّ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: عُثْمَانُ فِي الْجَنَّةِ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ عثمان جنتی ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ جَرِيجٍ، إِلَّا إِسْمَاعِيلُ بْنُ يَحْيَى التَّيْمِيُّ

یہ حدیث ابن جریج سے صرف اسماعیل بن یحییٰ تیمی ہی روایت کرتے ہیں۔

**3503** - حَدَّثَنَا حَبَابُ بْنُ صَالِحِ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ حَرْبٍ النَّشَائِيُّ قَالَ: نا نَصْرُ بْنُ حَمَّادٍ أَبُو الْحَارِثِ الْوَرَّاقُ، عَنْ رَوْحِ بْنِ جَنَاحٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: مریض کی عیادت تین دن کے بعد کرو۔

---

**3501**- أخرجه أيضًا الطبراني في الصغير . وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد9صفحه86: وفيه عمير بن عمران الحنفي وهو ضعيف بهذا الحديث وغيره .

قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يُعَادُ الْمَرِيضُ إِلَّا بَعْدَ ثَلَاثٍ

لَمْ يَرْوِ هَـذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ، إِلَّا رَوْحُ بْنُ جَنَاحٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: أَبُو الْحَارِثِ الْوَرَّاقُ

یہ حدیث زہری سے روح بن جناح روایت کرتے ہیں' ان سے روایت کرنے میں ابوحارث وراق اکیلے ہیں۔

☆☆☆☆☆

# مَنِ اسْمُهُ حُبَابٌ

# اس شیخ کے نام سے جس کا نام حباب ہے

3504 - حَدَّثَنَا حُبَابُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحُبَابِ التُّسْتَرِيُّ قَالَ: نا عُثْمَانُ بْنُ حَفْصٍ التُّومَنِيُّ قَالَ: نا سَلَّامُ بْنُ اَبِي خُبْزَةَ قَالَ: حَدَّثَنِي دَاوُدُ بْنُ اَبِي الْقَصَّافِ قَالَ: حَدَّثَنِي سَعِيدُ بْنُ جُبَيْرٍ قَالَ: كُنْتُ اَمْشِي مَعَ ابْنِ عُمَرَ، فَمَرَّ عَلَى قَوْمٍ قَدْ نَصَبُوا طَائِرًا غَرَضًا يَرْمُونَهُ، فَقَالَ ابْنُ عُمَرَ: لَعَنَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ فَعَلَ هٰذَا

حضرت سعید بن جبیر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ ہم حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کے ساتھ چل رہے تھے کہ آپ کا گزر ایک ایسی قوم کے پاس سے ہوا جنہوں نے نشانہ بازی کے لیے پرندے باندھے ہوئے تھے' حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایسا کرنے والے پر لعنت فرمائی ہے۔

لَمْ يُسْنِدْ دَاوُدُ بْنُ اَبِي الْقَصَّافِ حَدِيثًا غَيْرَ هٰذَا، وَهُوَ شَيْخٌ بَصْرِيٌّ ثِقَةٌ

داؤد بن قصاف سے اس حدیث کو روایت نہیں کیا گیا' یہ بصری کے ثقہ شیخ ہیں۔

3505 - حَدَّثَنَا حُبَابُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحُبَابِ التُّسْتَرِيُّ قَالَ: نا عُثْمَانُ بْنُ حَفْصٍ التُّومَنِيُّ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ كَثِيرٍ اَبُو النَّضْرِ قَالَ: نا عَلِيُّ بْنُ زَيْدِ بْنِ جُدْعَانَ، عَنِ الْمُهَاجِرِ، مَوْلَى آلِ زِيَادٍ قَالَ: بَيْنَمَا اَنَا عَلَى حِمَارٍ لِي تَكَادُ تُصِيبُ رِجْلِي الْاَرْضَ مِنْ صِغَرِ الْحِمَارِ، اِذْ اَنَا بِصَلْعَةِ اَمِيرِ الْمُؤْمِنِينَ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ تَبِصُّ فِي الْقَمْرَاءِ، فَقُلْتُ: يَا اَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ: اَيْنَ تُرِيدُ؟ قَالَ: حَاجَةً لِي، قُلْتُ: اَلَا تَرْكَبُ؟ قَالَ: بَلَى. فَتَخَلَّفْتُ عَلَى عَجُزِ الْحِمَارِ، فَقُلْتُ: ارْكَبْ يَا اَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ، فَقَالَ: لَا اَفْعَلُ،

آلِ زیاد کے غلام حضرت مہاجر فرماتے ہیں کہ ایک بار میں اپنے گدھے پر سوار تھا اور گدھا چھوٹا تھا' اس وجہ سے میری ٹانگیں زمین پر لگ رہی تھیں' اسی دوران امیر المؤمنین حضرت علی رضی اللہ عنہ اچانک چمکتے نظر آئے۔ میں نے عرض کی: کہاں کا ارادہ ہے؟ آپ نے فرمایا: ایک کام ہے۔ میں نے عرض کی: سوار نہیں ہوں گے؟ فرمایا: کیوں نہیں! میں نے اپنا گدھا آپ کے پیچھے کر لیا' میں نے عرض کی: اے امیر المؤمنین! اب آپ سوار ہوں! آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں سوار نہ ہوں گا کیونکہ میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا ہے کہ سواری

3504- أخرجه البخاري: الذبائح جلد 9 صفحه 558 رقم الحديث: 5515' ومسلم: الصيد جلد 3 صفحه 1550-1549 .

اِنِّی سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: صَاحِبُ الدَّابَّةِ اَحَقُّ بِصَدْرِ الدَّابَّةِ، وَصَاحِبُ الْفَرَسِ اَحَقُّ بِصَدْرِ الْفَرَسِ

کا مالک آگے بیٹھنے کا زیادہ حقدار ہے اور گھوڑے کا مالک گھوڑے پر آگے بیٹھنے کا زیادہ حق رکھتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ، اِلَّا يَحْيَى بْنُ كَثِيرٍ، وَلَا رَوَى الْمُهَاجِرُ مَوْلَى آلِ زِيَادٍ عَنْ عَلِيٍّ حَدِيثًا غَيْرَ هٰذَا

یہ حدیث حضرت علی بن زید سے صرف یحییٰ بن کثیر اور مہاجر مولی آل زیاد حضرت علی رضی اللہ عنہ سے اس حدیث کے علاوہ روایت نہیں کرتے ہیں۔

☆☆☆☆☆

# مَنِ اسْمُهُ حَاجِبٌ

# اس شیخ کے نام سے جس کا نام حاجب ہے

**3506** - حَدَّثَنَا حَاجِبُ بْنُ اَرْكِينَ الْفَرْغَانِيُّ قَالَ: نا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْمُفَضَّلِ قَالَ: نا يُونُسُ بْنُ بُكَيْرٍ قَالَ: نا الْمَسْعُودِيُّ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ اَيْمَنَ بْنِ خُرَيْمِ بْنِ فَاتِكٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نِعْمَ الْفَتَى خُرَيْمٌ لَوْ قَصَّرَ مِنْ شَعْرِهِ وَرَفَعَ مِنْ اِزَارِهِ فَقَالَ خُرَيْمٌ: لَا يُجَاوِزُ شَعْرِى اُذُنِي وَلَا اِزَارِى عَقِبِى

حضرت ایمن بن خریم بن فاتک اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: بہتر نوجوان خریم ہے اگر بال کم کروائے اور اپنے تہبند کو اونچا رکھے. حضرت خریم فرماتے ہیں کہ یہ ارشاد سننے کے بعد میرے بال میرے کانوں کی لو سے نیچے نہیں گئے اور میرا تہبند ٹخنوں سے نیچے نہیں کیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، اِلَّا الْمَسْعُودِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ: يُونُسُ بْنُ بُكَيْرٍ

یہ حدیث عبدالملک بن عمیر سے صرف مسعودی ہی روایت کرتے ہیں اس کو روایت کرنے میں یونس بن بکیر اکیلے ہیں۔

**3507** - حَدَّثَنَا حَاجِبُ بْنُ اَرْكِينَ الْفَرْغَانِيُّ قَالَ: نا سُلَيْمَانُ بْنُ شُعَيْبٍ الْكَيْسَانِيُّ قَالَ: نا الْخَصِيبُ بْنُ نَاصِحٍ قَالَ: نا حَمَّادٌ الْفُسْطَاطُ قَالَ: سَمِعْتُ الْحَسَنَ يَقُولُ: عَنْ اَبِى هُرَيْرَةَ قَالَ: اَوْصَانِى خَلِيلِى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِثَلَاثٍ لَا اَدَعُهُنَّ حَتَّى اَتَوَسَّدَ يَمِينِى: اَنْ لَا اَبِيتَ اِلَّا عَلَى وِتْرٍ، وَاَنْ اَصُومَ ثَلَاثَةَ اَيَّامٍ فِى كُلِّ شَهْرٍ، وَصَلَاةِ الضُّحَى

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میرے دوست ﷺ نے مجھے تین چیزوں کی وصیت کی جب سے میں نے سنا ہے میں نے ان کو چھوڑا نہیں ہے: رات کو سونے سے پہلے وتر پڑھنے کی ہر ماہ تین روزے رکھنے کی چاشت کی نماز کی۔

یہ حدیث اسماعیل بن ابی خالد سے صرف محمد بن جابر روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں محمد بن زبور اکیلے ہیں۔

☆☆☆☆☆

# مَنِ اسْمُهُ رَجَاءٌ

# اس شیخ کے نام سے جس کا نام رجاء ہے

**3594** - حَدَّثَنَا رَجَاءُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ زَيْدٍ الْبَغْدَادِيُّ قَالَ: نا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيعٍ قَالَ: نا يُوسُفُ بْنُ عَطِيَّةَ الصَّفَّارُ قَالَ: نا سُلَيْمَانُ التَّيْمِيُّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ قَادَ اَعْمَى اَرْبَعِينَ ذِرَاعًا كَانَ لَهُ كَعِتْقِ رَقَبَةٍ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو اندھے کے ساتھ چالیس قدم چلا اس کے لیے ایک غلام آزاد کرنے کے برابر ثواب ہے۔

**3595** - حَدَّثَنَا رَجَاءُ بْنُ اَحْمَدَ قَالَ: نا اَحْمَدُ بْنُ اَحْمَدَ الدَّوْرَقِيُّ قَالَ: نا طَلْقُ بْنُ غَنَّامٍ قَالَ: نا شَرِيكٌ، وَقَيْسٌ، عَنْ اَبِي حُصَيْنٍ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَدِّ الْاَمَانَةَ اِلَى مَنِ ائْتَمَنَكَ وَلَا تَخُنْ مَنْ خَانَكَ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو تیرے پاس امانت رکھے اس کی امانت ادا کر اس امانت میں خیانت نہ کر۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي حُصَيْنٍ، اِلَّا شَرِيكٌ، وَقَيْسٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: طَلْقٌ

یہ حدیث ابوحصین سے صرف شریک اور قیس روایت کرتے ہیں اس کو روایت کرنے میں طلق اکیلے ہیں۔

☆☆☆☆☆

---

3594- وقال الحافظ الهيثمى فى المجمع جلد3صفحه141: وفيه يوسف بن عطية الصغار وهو متروك .

3595- أخرجه أبو داؤد: البيوع جلد 3صفحه288 رقم الحديث: 3535' والترمذى: البيوع جلد3صفحه555 رقم الحديث: 1264 وقال: هذا حديث حسن غريب . وقال الحافظ الزيلعى: قال ابن القطان: والمانع من تصحيحه أن شريكًا' وقيس بن الربيع مختلف فيهما . انظر نصب الراية جلد4صفحه119 .

# بَابُ الزَّاىِ
## مَنِ اسْمُهُ
## زَكَرِيَّا

# باب الزاء
## اس شیخ کے نام سے
## جس کا نام ذکریا ہے

**3596** - حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ حَمْدُوْيه الْبَغْدَادِيُّ قَالَ: نا عَفَّانُ بْنُ مُسْلِمٍ قَالَ: نا هَمَّامُ بْنُ يَحْيَى، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا اَكَلَ اَحَدُكُمْ فَلْيَلْعَقْ اَصَابِعَهُ الثَّلَاثَ، فَاِنَّهُ لَا يَدْرِى فِى اَيَّتِهِنَّ الْبَرَكَةُ

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ، اِلَّا هَمَّامُ بْنُ يَحْيَى، تَفَرَّدَ بِهِ: عَفَّانُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی کھانا کھائے تو وہ اپنی تینوں انگلیاں چاٹ لے کیونکہ وہ نہیں جانتا ہے کہ اس کے کس حصہ میں برکت ہے۔

یہ حدیث قتادہ سے صرف ہمام بن یحییٰ روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عفان اکیلے ہیں۔

**3597** - حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّجْزِيُّ الدِّمَشْقِيُّ قَالَ: نا عُثْمَانُ بْنُ اَبِى شَيْبَةَ قَالَ: نا جَرِيرُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ، عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، عَنْ سُفْيَانَ، رَجُلٍ مِنْ اَهْلِ السُّوقِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ حُمَيْدٍ، عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ الْحَضْرَمِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَمْكُثُ رَجُلٌ مِنَ الْمُهَاجِرِينَ بِمَكَّةَ بَعْدَ مَا يَقْضِى النُّسُكَ

حضرت علاء بن حضرمی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: مہاجرین میں سے کوئی آدمی مناسک ادا کرنے کے بعد تین دنوں سے زیادہ مکہ میں نہ رہے۔

---

**3596**- أخرجه أيضًا الطبرانی فی الصغير . وقال الهيثمی فی المجمع جلد **5** صفحه **31**: ورجاله رجال الصحيح وهو عند مسلم' وأبی داؤد من فعله' كان اذا أكل طعامًا لعق أصابعه الثلاث .

**3597**- أصله فی البخاری ومسلم . أخرجه البخاری: مناقب الأنصار جلد **7** صفحه **313** (باب اقامة المهاجر بمكة' بعد قضاء نسكه) رقم الحديث: **3933** ولفظه: ثلاث للمهاجر بعد الصدر . ومسلم: الحج جلد **2** صفحه **986** بلفظ: مكث المهاجر بمكة' بعد قضاء نسكه' ثلاثًا .

فَوْقَ ثَلَاثَةِ اَيَّامٍ

سُفْيَانُ هٰذَا الَّذِى رَوٰى عَنْهُ سُفْيَانُ الثَّوْرِيِّ، هُوَ: سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ

یہ سفیان جن سے سفیان الثوری رضی اللہ عنہ روایت کی ہے وہ سفیان بن عیینہ ہیں۔

**3598** - حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِيُّ قَالَ: نَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ حَفْصٍ الْاُبُلِّيُّ قَالَ: نَا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ مُغِيرَةَ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلْمُسْلِمُ مِنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُونَ مِنْ لِسَانِهِ وَيَدِهِ، وَالْمُهَاجِرُ مَنْ هَجَرَ مَا نَهَى اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ عَنْهُ

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: مسلمان وہ ہے جس کی زبان اور ہاتھ سے دوسرا مسلمان محفوظ رہے اور مہاجر وہ ہوتا ہے جس سے اللہ نے منع کیا اس سے رُک جائے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ، اِلَّا مُعْتَمِرٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: اِسْمَاعِيلُ بْنُ حَفْصٍ

یہ حدیث سلیمان تیمی سے صرف معتمر روایت کرتے ہیں اس کو روایت کرنے میں اسماعیل بن حفص اکیلے ہیں۔

**3599** - حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِيُّ قَالَ: نَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ قَالَ: نَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رَبَاحٍ الْاَنْصَارِيِّ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَحَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِيُّ قَالَ: نَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ قَالَ: نَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ اَيُّوبَ، وهِشَامٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، فِيمَا يَحْسُبُ حَمَّادٌ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَلْقَى الرَّجُلُ اَبَاهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، فَيَقُولُ: يَا اَبَتَاهُ، اَيُّ ابْنٍ كُنْتُ لَكَ؟

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ایک آدمی کی قیامت کے دن اس کے والد سے ملاقات ہوگی تو وہ کہے گا: اے والد ماجد! میں تیرا کون سا بیٹا تھا؟ وہ کہے گا: بہتر بیٹا وہ آدمی کہے گا: کیا آج میری اطاعت کرے گا جس کا میں تجھے حکم دوں؟ وہ کہے گا: جی ہاں! تو وہ کہے گا: میرا ہاتھ پکڑ وہ اس کا ہاتھ پکڑے گا اور اس کو لے کر اللہ عزوجل کی بارگاہ میں آئے گا اللہ عزوجل مخلوق سے اعراض کرے گا فرمائے گا: اے ابن آدم! جنت کے جس دروازے سے داخل ہونا

---

**3598**- أخرجه البخاري: الايمان جلد**1**صفحه**69** رقم الحديث:**10** .وعند مسلم بلفظ: أى المسلمين خير؟ قال من سلم المسلمون من لسانه ويده .مسلم: الايمان جلد**1**صفحه**65** .

**3599**- أخرجه أيضًا البزار من طريق حماد بن سلمة' من أيوب بن نحوه .وذكر الهيثمي رواية البزار فقط في مجمع الزوائد جلد**1**صفحه**121** وقال: ورجاله ثقات .

قَالَ: خَيْرُ ابْنٍ قَالَ: هَلْ اَنْتَ مُطِيعِيَّ الْيَوْمَ بِشَيْءٍ آمُرُكَ بِهِ؟ فَيَقُولُ: نَعَمْ، فَيَقُولُ: خُذْ بِيَدِي، فَيَأْخُذُ بِيَدِهِ، فَيَنْطَلِقُ بِهِ حَتَّى يَأْتِيَ الرَّبَّ تَبَارَكَ وَتَعَالَى وَهُوَ يَعْرِضُ الْخَلْقَ، فَيَقُولُ: ابْنَ آدَمَ، ادْخُلْ مِنْ اَيِّ اَبْوَابِ الْجَنَّةِ شِئْتَ، فَيَقُولُ: اَيْ رَبِّ، وَاَبِي مَعِي، فَاِنَّكَ وَعَدْتَنِي اَلَّا تُخْزِيَنِي فَيُعْرِضُ عَنْهُ تَبَارَكَ وَتَعَالَى، وَيُقْبِلُ عَلَى الْخَلْقِ يَعْرِضُهُمْ، ثُمَّ يُقْبِلُ عَلَيْهِ، فَيَقُولُ: ابْنَ آدَمَ ادْخُلْ مِنْ اَيِّ اَبْوَابِ الْجَنَّةِ شِئْتَ فَيَقُولُ: اَيْ رَبِّ، وَاَبِي مَعِي، فَاِنَّكَ قَدْ وَعَدْتَنِي اَنْ لَا تُخْزِيَنِي، فَيُعْرِضُ عَنْهُ تَبَارَكَ وَتَعَالَى، وَيُقْبِلُ عَلَى الْخَلْقِ فَيَعْرِضُهُمْ، فَيَقُولُ: ابْنَ آدَمَ ادْخُلْ مِنْ اَيِّ اَبْوَابِ الْجَنَّةِ شِئْتَ، فَيَقُولُ: اَيْ رَبِّ، وَاَبِي مَعِي، فَاِنَّكَ قَدْ وَعَدْتَنِي اَنْ لَا تُخْزِيَنِي فَيَمْسَخُ اللّٰهُ اَبَاهُ ضِبْعَانًا، اَبْجَرَ اَوْ اَمْجَرَ، فَيُلْقَى فِي النَّارِ، فَيَأْخُذُ بِمَارِنِهِ، فَيَقُولُ: اَبُوكَ هٰذَا فَيَقُولُ: لَا، وَعِزَّتِكَ، مَا هٰذَا اَبِي قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ سِيرِينَ: فَكُنَّا نَتَحَدَّثُ اَنَّهُ اِبْرَاهِيمُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

چاہتا ہے ہو جا! وہ عرض کرے گا: میرا والد بھی میرے ساتھ ہے کیونکہ تُو نے میرے ساتھ وعدہ کیا تھا کہ رسوا نہ کرے گا۔ اللہ عزوجل اس سے اعراض کرے گا' مخلوق کی طرف توجہ کرے گا' پھر آدمی کی طرف توجہ کرے گا' فرمائے گا: اے ابن آدم! جنت کے جس دروازے میں داخل ہونا چاہتا ہے داخل ہو جا! وہ عرض کرے گا: اے رب! میرا والد بھی میرے ساتھ ہے تُو نے میرے ساتھ وعدہ کیا تھا کہ رُسوا نہ کرے گا۔ اللہ عزوجل اس سے اعراض کرے گا پھر مخلوق کی طرف دیکھے گا' اس کے بعد فرمائے گا: اے ابن آدم! جنت کے جس دروازے سے داخل ہونا چاہتا ہے داخل ہو جا! وہ عرض کرے گا: اے رب! میرا والد میرے ساتھ ہے تُو نے میرے ساتھ وعدہ کیا تھا کہ مجھے رسوا نہ کرے گا۔ اللہ عزوجل اس آدمی کے والد کو ٹکڑے ٹکڑے کر کے جہنم میں ڈال دے گا' اس کی ہڈی پکڑے گا اور فرمائے گا: یہ تیرا باپ ہے؟ وہ آدمی عرض کرے گا: نہیں! یہ میرا باپ نہیں ہے۔ محمد بن سیرین فرماتے ہیں: ہم بیان کیا کرتے تھے' وہ ابراہیم علیہ السلام تھے۔

**3600** - حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى بْنِ سُلَيْمَانَ الْاَهْوَازِيُّ الْعَدْلُ قَالَ: نا اَبُو كُرَيْبٍ قَالَ: نا مُعَاوِيَةُ بْنُ هِشَامٍ، عَنْ مُخْتَارٍ التَّمَّارِ، عَنْ اَبِي حَيَّانَ التَّيْمِيِّ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: رَاَيْتُ عَلِيًّا تَوَضَّاَ مِنْ مِطْهَرَةِ التَّيْمِ ثَلَاثًا ثَلَاثًا، وَقَالَ: هٰذَا وُضُوءُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت ابوحیان تیمی اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو وضو کرتے ہوئے دیکھا' آپ نے تمام اعضاءِ وضو کو تین تین مرتبہ دھویا اور فرمایا: یہ رسول اللہ ﷺ کا وضو ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي حَيَّانَ التَّيْمِيِّ، اِلَّا مُخْتَارٌ التَّمَّارُ وَهُوَ: مُخْتَارُ بْنُ نَافِعٍ

یہ حدیث ابوحیان تیمی سے صرف مختار التمار روایت کرتے ہیں' مختار سے مراد مختار بن نافع ہے۔

**3601** - حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى بْنِ سُلَيْمَانَ قَالَ: نا اَبُو كُرَيْبٍ قَالَ: نا مُعَاوِيَةُ بْنُ هِشَامٍ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ اَنَسٍ الْمَكِّيِّ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِي رَبَاحٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اذْكُرُوا مَحَاسِنَ مَوْتَاكُمْ وَكُفُّوا عَنْ مَسَاوِئِهِمْ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اپنے فوت شدہ لوگوں کی اچھائیوں کو یاد کرو اور ان کی برائیوں کو بیان کرنے سے رُک جاؤ۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَطَاءٍ اِلَّا عِمْرَانُ بْنُ اَنَسٍ

یہ حدیث عطاء سے صرف عمران بن انس روایت کرتے ہیں۔

**3602** - حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى بْنِ سُلَيْمَانَ قَالَ: نا الْقَاسِمُ بْنُ دِينَارٍ الْكُوفِيُّ قَالَ: نا عَلِيُّ بْنُ قَادِمٍ، عَنْ عَبْدِ السَّلَامِ بْنِ حَرْبٍ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ شَقِيقٍ اَبِي وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ اطَّلَعَ فِي قُلُوبِ الْعِبَادِ، فَوَجَدَ قَلْبَ مُحَمَّدٍ خَيْرَ قُلُوبِ الْعِبَادِ، ثُمَّ اطَّلَعَ فِي قُلُوبِ الْعِبَادِ بَعْدَ قَلْبِ مُحَمَّدٍ فَوَجَدَ قُلُوبَ اَصْحَابِهِ خَيْرَ قُلُوبِ الْعِبَادِ، فَاخْتَارَهُمْ لِدِينِهِ، يُقَاتِلُونَ عَلَى دِينِهِ، فَمَا رَآهُ الْمُسْلِمُونَ حَسَنًا فَهُوَ عِنْدَ اللّٰهِ حَسَنٌ، وَمَا رَاَوْهُ سَيِّئًا فَهُوَ عِنْدَ اللّٰهِ سَيِّءٌ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اللہ عزوجل نے اپنے بندوں کے دلوں کو دیکھا تو محمد ﷺ کا دل سب بندوں کے دلوں سے بہتر پایا' پھر محمد ﷺ کے دل کے بعد متوجہ ہوا تو محمد ﷺ کے غلام صحابہ کے دلوں کو بہتر پایا' ان کو اپنے دین کے لیے چنا اور اپنے دین کی سربلندی کے لیے جہاد کے لیے چنا' جس کو مسلمان اچھا سمجھیں وہ اللہ کے ہاں اچھا ہوتا ہے اور جس کو مسلمان بُرا سمجھیں وہ اللہ کے ہاں بُرا ہوتا ہے۔

---

**3601**- أخرجه أبو داؤد: الأدب جلد **4** صفحه **277** رقم الحديث: **4900**' والترمذي: الجنائز جلد **3** صفحه **330** رقم الحديث: **1019** وقال: هذا حديث غريب . سمعت محمدًا يقول: عمران بن أنس المكي منكر الحديث . والطبراني في الكبير جلد **12** صفحه **438** رقم الحديث: **13599** وقال: حديث ضعيف .

**3602**- أخرجه أيضًا في الكبير من طرق' وأحمد جلد **1** صفحه **379** عن أبي بكر' ثنا عاصم' عن زر بن حبيش به والبزار من طريق علي بن قادم به مختصرًا' وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد **1** صفحه **180** : ورجاله موثقون .

# مَنِ اسْمُهُ زَيْدٌ

# اس شیخ کے نام سے جس کا نام زید ہے

3603 - حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ الْمُهْتَدِي أَبُو حَبِيبٍ الْمَرْوَزِيُّ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ يَعْقُوبَ الطَّالَقَانِيُّ قَالَ: نا عُمَرُ بْنُ هَارُونَ، عَنْ يُونُسَ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أُمِرْتُ بِالنَّعْلَيْنِ وَالْخَاتَمِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: مجھے نعلین اور انگوٹھی پہننے کا حکم دیا گیا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ، إِلَّا يُونُسُ، وَلَا عَنْ يُونُسَ، إِلَّا عُمَرُ بْنُ هَارُونَ، تَفَرَّدَ بِهِ: سَعِيدُ بْنُ يَعْقُوبَ

یہ حدیث زہری سے یونس اور یونس سے عمر بن ہارون روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں سعید بن یعقوب اکیلے ہیں۔

☆☆☆☆☆

3603- أخرجه أيضًا الطبراني في الصغير' ومن طريقة الخطيب جلد8صفحه448 . وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد5صفحه141: وفيه عمر بن هارون البلخي وهو ضعيف . قلت: بل هو متروك' وماه ابن معين بالكذب (التهذيب جلد7صفحه501) .

# مَنِ اسْمُهُ زُبَيْرٌ

# اس شیخ کے نام سے جس کا نام زبیر ہے

3604 - حَدَّثَنَا الزُّبَيْرُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ سُلَيْمَانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَاصِمِ بْنِ الْمُنْذِرِ بْنِ الزُّبَيْرِ بْنِ الْعَوَّامِ قَالَ: نا دَاوُدُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ: نا عَمْرُو بْنُ جَرِيرٍ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي خَالِدٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ قَالَ: خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَفِي يَدِهِ صُرَّتَانِ أَحَدُهُمَا مِنْ ذَهَبٍ، وَالْأُخْرَى مِنْ حَرِيرٍ، فَقَالَ: هَذَانِ حَرَامٌ عَلَى الذُّكُورِ مِنْ أُمَّتِي، حَلَالٌ لِلْإِنَاثِ مِنْ أُمَّتِي

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ ہماری طرف نکلے تو آپ کے ہاتھ میں دو تھیلیاں تھیں' ایک میں سونا اور دوسرے میں ریشم تھی' آپ نے فرمایا: یہ دونوں میری اُمت کے مردوں پر حرام ہیں اور عورتوں پر حلال ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي خَالِدٍ، إِلَّا عَمْرُو بْنُ جَرِيرٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: دَاوُدُ بْنُ سُلَيْمَانَ

یہ حدیث اسماعیل بن ابی خالد سے صرف عمرو بن جریر روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں داؤد بن سلیمان اکیلے ہیں۔

☆☆☆☆☆

3604- أخرجه أيضًا الطبراني في الصغير' والبزار عن داؤدبن سليملن المؤدب به . وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 5 صفحه146: وفيه عمرو بن جرير وهو متروك .

# بَابُ السِینِ مَنِ اسْمُهُ سَعْدٌ

# باب السین اس شیخ کا نام سے جس کا نام سعد ہے

**3605** - حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ يَحْيَى الرَّقِّيُّ قَالَ: نا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِينِيِّ قَالَ: نا مُوسَى بْنُ دَاوُدَ الضَّبِّيُّ قَالَ: نا زُهَيْرُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْاِمَامُ ضَامِنٌ، وَالْمُؤَذِّنُ مُؤْتَمَنٌ اللّٰهُمَّ اَرْشِدِ الْاَئِمَّةَ وَاغْفِرْ لِلْمُؤَذِّنِينَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: امام ضامن ہوتا ہے' مؤذن امانت والے ہوتے ہیں' اے اللہ! ائمہ کو ہدایت دے اور مؤذنوں کو بخش دے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، اِلَّا زُهَيْرٌ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ زُهَيْرٍ، اِلَّا مُوسَى بْنُ دَاوُدَ الضَّبِّيُّ

یہ حدیث ابواسحاق سے زہیر اور زہیر سے موسیٰ بن داؤد الضبی روایت کرتے ہیں۔

☆☆☆☆☆

3605- أخرجه أبو داؤد: الصلاة جلد 1 صفحه 140 رقم الحديث: 517' والترمذي: الصلاة جلد 1 صفحه 402 رقم الحديث: 207' وأحمد: المسند جلد 2 صفحه 311 رقم الحديث: 7187 .

# مَنِ اسْمُهُ سَعْدُونَ

# اس شیخ کے نام سے جس کا نام سعدون ہے

3606 - حَدَّثَنَا سَعْدُونُ بْنُ سُهَيْلِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِى ذُؤَيْبِ الْعَكَّاوِيُّ قَالَ: نا اَبِى قَالَ: نا شَيْبَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ النَّحْوِيُّ، عَنْ فِرَاسِ بْنِ يَحْيَى، عَنْ عَطِيَّةَ، عَنْ اَبِى سَعِيدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ذَكَاةُ الْجَنِينِ ذَكَاةُ اُمِّهِ

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ فِرَاسٍ، اِلَّا شَيْبَانُ

حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ماں کا ذبح ہونا بچہ کا ذبح ہونا ہے۔

یہ حدیث فراس سے شیبان روایت کرتے ہیں۔

☆☆☆☆☆

---

3606- أخرجه أبو داؤد: الضحايا جلد 3صفحه103 رقم الحديث: 2827 بلفظ: ذكاته أمه . وابن ماجة: الذبائح جلد 2 صفحه1067 رقم الحديث: 3199، وأحمد: المسند جلد3صفحه48 رقم الحديث: 11349 انظر نصب الراية جلد4صفحه189 .

# مَنِ اسْمُهُ سَعِيدٌ

# اس شیخ کے نام سے جس کا نام سعید ہے

3607 - حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُغِيرَةِ الْمِصْرِيُّ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نا مُوسَى بْنُ خَلَفٍ الْعَمِّيُّ قَالَ: نا الْقَاسِمُ الْعِجْلِيُّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: بَيْنَمَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ إِذْ جَاءَ رَجُلٌ تخطى رِقَابَ النَّاسِ، حَتَّى جَلَسَ قَرِيبًا مِنَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا قَضَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَاتَهُ قَالَ: مَا مَنَعَكَ يَا فُلَانُ أَنْ تُجَمِّعَ؟ قَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، قَدْ حَرَصْتُ أَنْ أَضَعَ نَفْسِي بِالْمَكَانِ الَّذِي تَرَى قَالَ: قَدْ رَأَيْتُكَ تَخَطَّى رِقَابَ الْمُسْلِمِينَ وَتُؤْذِيهِمْ، مَنْ آذَى مُسْلِمًا فَقَدْ آذَانِي، وَمَنْ آذَانِي فَقَدْ آذَى اللَّهَ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، إِلَّا الْقَاسِمُ الْعِجْلِيُّ، وَلَا عَنِ الْقَاسِمِ، إِلَّا مُوسَى بْنُ خَلَفٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ اس دوران کہ رسول کریم ﷺ خطبہ ارشاد فرما رہے تھے۔ ایک آدمی لوگوں کی گردنیں پھلانگتا ہوا آیا اور نبی کریم ﷺ کے قریب آکر بیٹھ گیا۔ پس رسول کریم ﷺ نماز پڑھ کر فارغ ہوئے تو فرمایا: اے فلاں! جہاں جگہ ملتی تھی وہاں بیٹھ جانے سے تجھے کس چیز نے روکا؟ عرض کی: اے اللہ کے رسول! مجھے لالچ ہوا کہ میں اُس جگہ بیٹھوں جہاں آپ نے ملاحظہ فرمایا۔ آپ نے فرمایا: میں نے تجھے لوگوں کی گردنیں پھلانگتے اور ان کو تکلیف دیتے ہوئے دیکھا' جس نے مسلمان کو تکلیف دی اس نے مجھے تکلیف دی' جس نے مجھے تکلیف دی اس نے اللہ کو تکلیف دی۔

یہ حدیث حضرت انس سے قاسم عجلی' قاسم سے موسیٰ بن خلف روایت کرتے ہیں' سعید بن سلیمان اس حدیث کے ساتھ منفرد ہیں۔

3608 - حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُغِيرَةِ الْمِصْرِيُّ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ: نا

حضرت عبداللہ بن اوفیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے حج وعمرہ اکٹھا کیا کیونکہ آپ کو یقین تھا

---

3607- أخرجه أيضًا في الصغير . وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 2صفحه182: وفيه القاسم بن مطيب' قال ابن حبان: كان يخطئ كثيرًا فاستحق الترك .

3608- أخرجه أيضًا البزار من طريق سعيد بن سليمان به . وعزاه الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 3صفحه239 الى الكبير أيضًا وقال: وفيه يزيد بن عطاء وثقه أحمد وغيره وفيه كلام .

يَزِيدُ بْنُ عَطَاءٍ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِى خَالِدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِى اَوْفَى قَالَ: اِنَّمَا جَمَعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ الْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ، لِاَنَّهُ عَلِمَ اَنَّهُ لَمْ يَكُنْ خَارِجًا بَعْدَ ذٰلِكَ

کہ اس کے بعد نہیں کرنا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِى خَالِدٍ، اِلَّا يَزِيدُ بْنُ عَطَاءٍ

یہ حدیث اسماعیل بن خالد سے صرف یزید بن عطاء ہی روایت کرتے ہیں۔

**3609** - حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُغِيرَةِ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ مُجَبَّرٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ اَرَادَ هَوَانَ قُرَيْشٍ اَهَانَهُ اللّٰهُ

حضرت عامر بن سعد اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے قریش کو رسوا کرنے کی کوشش کی اللہ عزوجل اس کو رسوا کرے گا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ، اِلَّا ابْنُ مُجَبَّرٍ، وَلَا يُرْوَى عَنْ سَعْدٍ، اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ

یہ حدیث زہری سے صرف ابن مجبر روایت کرتے ہیں، حضرت سعد سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔

**3610** - حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُغِيرَةِ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ: نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ عُثْمَانَ، عَنِ الْعَبَّاسِ بْنِ ذَرِيحٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ مِنَ السَّعَادَةِ الزَّوْجَةَ الصَّالِحَةَ،

حضرت محمد بن سعد اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: نیک بختی یہ ہے کہ نیک بیوی، اچھا گھر، اچھی سواری، اور بدبختی کی علامت یہ ہے: بُری بیوی، بُرا گھر مراد چھوٹا گھر اور بُری سواری۔

---

3609- أخرجه الترمذي: المناقب جلد 5 صفحه 714 رقم الحديث: 3905 وقال: هذا حديث غريب . وأحمد: المسند جلد 1 صفحه 232 رقم الحديث: 1592 ولفظهما من يرد هوان قريش أهانه الله .

3610- أخرجه أيضًا في الكبير جلد 1 صفحه 146 رقم الحديث: 329، وأحمد، والبزار، من طريق محمد بن أبي حميد، عن اسماعيل بن محمد بن سعد بن أبي وقاص، عن أبيه، عن جده، مرفوعًا بنحوه، وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 4 صفحه 275: ورجال أحمد رجال الصحيح . قلت في سنده: محمد بن أبي حميد ابراهيم، قال ابن حجر في التقريب: ضعيف .

وَالْمَسْكَنَ الصَّالِحَ، وَالْمَرْكَبَ الصَّالِحَ، وَإِنَّ مِنَ الشَّقَاءِ الزَّوْجَةَ السُّوءَ وَالْمَرْكَبَ السُّوءَ، وَالْمَسْكَنَ السُّوءَ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْعَبَّاسِ بْنِ ذَرِيحٍ، إِلَّا إِبْرَاهِيمُ بْنُ عُثْمَانَ وَهُوَ أَبُو شَيْبَةَ

یہ حدیث عباس بن زریح سے صرف ابراہیم بن عثمان روایت کرتے ہیں' ابراہیم بن عثمان ابوشیبہ ہیں۔

**3611** - حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُغِيرَةِ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ: نا عِيسَى بْنُ مَيْمُونَ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَدْعُو يَقُولُ: اللّٰهُمَّ اجْعَلْ أَوْسَعَ رِزْقِكَ عَلَيَّ عِنْدَ كِبَرِ سِنِّي، وَانْقِطَاعِ عُمُرِي

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ یہ دعا کرتے تھے: ''اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ اِلٰی آخرہٖ''۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَّا مِنْ حَدِيثِ الْقَاسِمِ، عَنْ عَائِشَةَ

یہ حدیث رسول اللہ ﷺ سے صرف قاسم کی حدیث روایت کی جاتی ہے' حضرت عائشہ کے حوالہ سے۔

**3612** - حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ إِسْرَائِيلَ الْقُطَيْعِيُّ، قَالَ: نا حِبَّانُ بْنُ مُوسَى الْمَرْوَزِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ سُلَيْمٍ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مِنْ يُمْنِ الْمَرْأَةِ تَيْسِيرُ خِطْبَتِهَا، وَتَيْسِيرُ صَدَاقِهَا قَالَ عُرْوَةُ وَأَقُولُ أَنَا: مِنْ أَوَّلِ شُؤْمِهَا أَنْ يَكْثُرَ صَدَاقُهَا

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: یہ بات عورت کی خوش قسمتی سے ہے کہ اس کی طرف پیغامِ نکاح میں آسانی ہو اور اس کا حق مہر آسان ہو۔ حضرت عروہ بن زبیر نے کہا: میں کہتا ہوں کہ عورت کی پہلی خوش قسمتی یہ ہے کہ اس کا حق مہر زیادہ ہو۔

---

3611- وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد10صفحه185: واسناده حسن . قلت: بل اسناده ضعيف .

3612- وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد4صفحه258-284: وفي اسناده أسامة بن زيد بن أسلم وهو ضعيف' وقف وثق' وبقية رجال أحمد ثقات . وأخرجه أيضًا في الطبراني في الصغير' والبزار' والحاكم وقال: صحيح على شرط مسلم' ووافقه الذهبي وهذا يدل على أسامة بن يزيد هو الليثي فانه من رجال مسلم .

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ سُلَيْمٍ، إِلَّا أُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُ الْمُبَارَكِ، وَلَا يُرْوَى عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ

حضرت صفوان بن سلیم سے یہ حدیث اسامہ بن زید ہی روایت کرتے ہیں۔ ابن مبارک اس حدیث کے ساتھ منفرد ہیں۔ اور رسول کریم ﷺ سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔

**3613** - حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ أَوْسٍ الدِّمَشْقِيُّ الْإِسْكَافُ قَالَ: نا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ قَالَ: نا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ بَشِيرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ أَدْخَلَ فَرَسًا بَيْنَ فَرَسَيْنِ، وَهُوَ يَأْمَنُ أَنْ يُسْبَقَ، فَهُوَ قِمَارٌ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے اپنا گھوڑا دو گھوڑوں کے درمیان داخل کیا' وہ آگے نکلنے کی کوشش کرتا ہے' یہ جوا باز ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ، إِلَّا سَعِيدُ بْنُ بَشِيرٍ، وَلَا عَنْ سَعِيدٍ، إِلَّا الْوَلِيدُ، تَفَرَّدَ بِهِ: هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ

یہ حدیث قتادہ سے سعید بن جبیر اور سعید سے صرف ولید روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ہشام بن عمار اکیلے ہیں۔

**3614** - حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ سَيَّارٍ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ قَالَ: نا شَرِيكٌ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سَعْدٍ الْأَنْصَارِيِّ، عَنْ أَبِي ظَبْيَةَ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْمِقَةُ مِنَ اللَّهِ، وَالصِّيتُ فِي السَّمَاءِ، فَإِذَا أَحَبَّ اللَّهُ عَبْدًا نَادَى جِبْرِيلُ: إِنَّ رَبَّكُمْ يُحِبُّ فُلَانًا فَأَحِبُّوهُ، فَتُوضَعُ لَهُ الْمِقَةُ فِي الْأَرْضِ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: محبت اللہ کی طرف سے ہے' نافرمانی آسمان سے ہے' جب اللہ عزوجل کسی بندے سے محبت کرتا ہے تو جبریل علیہ السلام اعلان کرتے ہیں کہ تمہارا رب فلاں سے محبت کرتا ہے اس سے محبت کرو' اس کی محبت دنیا میں رکھی جاتی ہے یعنی لوگوں کے دلوں میں ڈالی جاتی ہے۔

---

**3613**- أخرجه أبو داؤد: الجهاد جلد 3 صفحه 30 رقم الحديث: 2579' وابن ماجة: الجهاد جلد 2 صفحه 960 رقم الحديث: 2876' وأحمد: المسند جلد 2 صفحه 664 رقم الحديث: 10568 . انظر تلخيص الحبير جلد 4 صفحه 180 رقم الحديث: 10 .

**3614**- أخرجه أيضًا في الكبير' وأحمد من طريق عن شريك به . وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 10 صفحه 274: ورجاله وثقوا .

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ اَبِى اُمَامَةَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تفرَّدَ بِهِ: شَرِيكٌ

یہ حدیث ابوامامہ سے اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں شریک اکیلے ہیں۔

**3615** - حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ سَيَّارٍ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى زَحْمَوَيْهِ قَالَ: نا يَزِيدُ بْنُ يُوسُفَ الشَّامِيُّ، عَنْ اَبِى بَكْرٍ الْهُذَلِيِّ، عَنِ الْحَسَنِ، وَابْنِ سِيرِينَ، عَنْ اَبِى هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَطْلُ الْغَنِيِّ ظُلْمٌ، وَاِذَا اُحِلْتَ عَلَى مَلِيءٍ فَاحْتَلْ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں' فرمایا: غنی کا (قرض وغیرہ دینے سے) ٹال مٹول کرنا ظلم کے برابر ہے۔ جب کسی ڈھیر پر تجھ سے حیلہ کیا جائے تو تیرے لیے بھی حیلہ روا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، اِلَّا اَبُو بَكْرٍ الْهُذَلِيُّ، وَلَا عَنْ اَبِى بَكْرٍ الْهُذَلِيِّ، اِلَّا يَزِيدُ بْنُ يُوسُفَ، تَفَرَّدَ بِهِ: زَحْمَوَيْهِ

محمد بن سیرین سے صرف ابوبکر ھذلی اس حدیث کو روایت کرتے ہیں اور ابوبکر ھذلی سے یزید بن یوسف' زحمویہ اس حدیث کے ساتھ منفرد ہیں۔

**3616** - حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ سَيَّارٍ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ اَبُو مَعْمَرٍ الْقَطِيعِيُّ قَالَ: نا خَلَفُ بْنُ خَلِيفَةَ، عَنْ اَبِى هَاشِمٍ الرُّمَّانِيِّ قَالَ: حَدَّثَنِى ابْنُ بُرَيْدَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَلْقُضَاةُ ثَلَاثَةٌ: فَرَجُلٌ قَضَى فَاجْتَهَدَ فَاَصَابَ فَلَهُ الْجَنَّةُ، وَرَجُلٌ قَضَى فَاجْتَهَدَ فَاَخْطَاَ فَلَهُ الْجَنَّةُ، وَرَجُلٌ قَضَى فَجَارَ فَفِى النَّارِ

حضرت ابن بریدہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: فیصلے تین طرح کے ہیں' ایک وہ آدمی جو فیصلہ کرتا ہے اس کے فیصلہ کے لیے کوشش کرتا ہے' درست فیصلہ کیا تو اس کے لیے جنت ہو گی' ایک وہ آدمی جو فیصلہ کرتا ہے' فیصلہ کے لیے کوشش کرتا ہے لیکن غلطی کرتا ہے تو اس کے لیے جنت ہو گی' ایک وہ آدمی جو فیصلہ کرتا ہے اور اس میں ظلم کرتا ہے تو وہ جہنم میں جائے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِى هَاشِمٍ الرُّمَّانِيِّ،

یہ حدیث ابوہاشم الرمانی سے صرف خلف بن خلیفہ

---

**3615**- أخرجه البخاری: الحوالة جلد **4** صفحه **542** رقم الحديث: **2287**' ومسلم: المساقاة جلد **3** صفحه **1197** من طريق: أبی الزناد ـ بلفظ: مطل الغنی ظلم' واذا اتبع أحدكم علی ملیء فليتبع ـ وأحمد: المسند جلد **2** صفحه **610** رقم الحديث: **9986** ـ انظر: نصب الراية جلد **4** صفحه **59-60** ـ

**3616**- وقال الحافظ الهيثمی فی المجمع جلد **4** صفحه **198**: ورجاله رجال الصحيح ـ قلت: خلف بن خليفة تغير فی آخره' ولم يخرج له مسلم الا فی الشواهد ـ

اِلَّا خَلَفُ بْنُ خَلِیفَةَ

روایت کرتے ہیں۔

**3617** - حَدَّثَنَا سَعِیدُ بْنُ سَیَّارٍ الْوَاسِطِیُّ قَالَ: نا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ قَالَ: نا حَفْصُ بْنُ سُلَیْمَانَ، عَنْ قَیْسِ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنْ اِبْرَاهِیمَ بْنِ جَرِیرٍ، عَنْ اَبِیهِ قَالَ: رَاَیْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ تَوَضَّاَ وَمَسَحَ عَلَی خُفَّیْهِ، لَا یَنْزِعُهُمَا، وَیُصَلِّی فِیهِمَا قِیلَ لَهُ: بَعْدَ نُزُولِ الْمَائِدَةِ؟ قَالَ: نَعَمْ

حضرت ابراہیم بن جریر اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا کہ آپ نے وضو کیا اور اپنے موزوں پر مسح کیا ان کو اُتارا نہیں' ان دونوں میں نماز پڑھی۔ حضرت ابراہیم سے پوچھا گیا کہ سورۂ مائدہ نازل ہونے کے بعد؟ فرمایا: جی ہاں!

**3618** - حَدَّثَنَا سَعِیدُ بْنُ سَیَّارٍ الْوَاسِطِیُّ قَالَ: نا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ قَالَ: نا حَفْصُ بْنُ سُلَیْمَانَ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِیزِ بْنِ رُفَیْعٍ، عَنْ اَبِی سَلَمَةَ، عَنْ اَبِی هُرَیْرَةَ، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تَزَالُ اُمَّتِی عَلَی الْفِطْرَةِ مَا اَسْفَرُوا بِالْفَجْرِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میری اُمت ہمیشہ فطرت پر رہے گی جب تک وہ فجر خوب سفید کر کے پڑھتے رہیں گے۔

**3619** - حَدَّثَنَا سَعِیدُ بْنُ سَیَّارٍ الْوَاسِطِیُّ قَالَ: نا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ قَالَ: نا حَفْصُ بْنُ سُلَیْمَانَ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِیزِ بْنِ رُفَیْعٍ، عَنْ اَبِی سَلَمَةَ، عَنِ الْمُغِیرَةِ بْنِ شُعْبَةَ: اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَسَحَ عَلَی الْخُفَّیْنِ

حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے موزوں پر مسح کیا۔

**3620** - حَدَّثَنَا سَعِیدُ بْنُ سَیَّارٍ الْوَاسِطِیُّ

حضرت زید بن خالد جہنی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں

---

**3617**- أخرجه أبو داؤد: الطهارة جلد **1** صفحه **38** رقم الحديث: **154**' والترمذي: الطهارة جلد **1** صفحه **156-157** رقم الحديث: **94** ولفظهما نحوه .

**3618**- أخرجه أيضًا البزار وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد **1** صفحه **318**: رواه البزار والطبراني في الكبير (كذا) وفيه حفص بن سليمان ضعفه ابن معين' والبخاري' وأبو حاتم' وابن حبان' وقال ابن خراش: كان يضع الحديث' ووثقه أحمد في رواية وضعفه في أخرى .

**3619**- أخرجه البخاري: الوضوء جلد **1** صفحه **367** رقم الحديث: **203**' ومسلم: الطهارة جلد **1** صفحه **228** .

**3620**- أخرجه أبو داؤد: الأدب جلد **4** صفحه **329** رقم الحديث: **5101** بلفظ: لا تسبوا الديك فانه يوقظ للصلاة .

قَالَ: نا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ قَالَ: نا حَفْصُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ رُفَيْعٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ الْجُهَنِيِّ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تَسُبُّوا الدِّيكَ، فَإِنَّهُ يُؤَذِّنُ بِوَقْتٍ

کہ حضور ﷺ نے فرمایا: مرغ کو گالی مت دو کیونکہ وہ وقت پراذان دیتا ہے۔

**3621** - حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ سَيَّارٍ قَالَ: نا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ قَالَ: اَنَا حَفْصُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ رُفَيْعٍ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تُفْتَحُ اَبْوَابُ السَّمَاءِ الْخَمْسُ لِقِرَائَةِ الْقُرْآنِ، وَلِلِقَاءِ الزَّحْفَيْنِ، وَلِنُزُولِ الْقَطْرِ، وَلِدَعْوَةِ الْمَظْلُومِ، وَلِلْاَذَانِ

حضرت سالم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: آسمان کے رحمت کے دروازے پانچ چیزوں کے لیے کھلتے ہیں: قرآن پڑھنے والے کے لیے دشمن سے لڑتے وقت بارش برستے وقت مظلوم کی بددعا کے لیے اوراذان کے لیے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذِهِ الْاَحَادِيثَ عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ رُفَيْعٍ، اِلَّا حَفْصُ بْنُ سُلَيْمَانَ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ

یہ احادیث عبدالعزیز بن رفیع سے صرف حفص بن سلیمان روایت کرتے ہیں ان سے روایت کرنے میں عمرو بن عون اکیلے ہیں۔

**3622** - حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ سَلْمِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي بَكْرَةَ اَبُو هَمَّامٍ الْبَكْرَاوِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ الْخَطَّابِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الْمَجِيدِ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ اَبِي رَوَّادٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو (روزہ رکھ کر) گانے اور جھوٹ نہیں چھوڑتا ہے اللہ عزوجل کو کوئی ضرورت نہیں ہے کہ وہ کھانا پینا چھوڑ دے۔

---

وأحمد: المسند جلد 5 صفحه 229 رقم الحديث: 21736 بلفظ: لا تسبوا الديك فانه يدعو الى الصلاة، انه يؤذن بالصلاة . وأبو نعيم فى الحلية جلد 6 صفحه 246 بلفظ: لا تسبوا الديك فانه يدعو الى الصلاة .

**3621**- أخرجه أيضًا فى الصغير: وقال الحافظ الهيثمى فى المجمع جلد 1 صفحه 331: وفيه حفص بن سليمان الأسدى ضعفه البخارى ومسلم، وابن معين، والنسائى، وابن المدينى، وثقه أحمد، وابن حبان .

**3622**- أخرجه أيضًا فى الصغير . وقال الحافظ الهيثمى فى المجمع جلد 3 صفحه 174: وفيه من لم أعرفه . قلت: رجال الاسناد كلهم معروفون ومترجمون . الا أن شيخ الطبرانى لين، فالحديث بهذا الاسناد ضعيف .

رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ لَمْ يَدَعِ الْخَنَا وَالْكَذِبَ، فَلا حَاجَةَ لِلّٰهِ فِي اَنْ يَدَعَ طَعَامَهُ وَشَرَابَهُ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، اِلَّا عَبْدُ الْمَجِيدِ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ الْخَطَّابِيُّ، وَلَا يُرْوَى عَنْ اَنَسٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ

یہ حدیث ابن جریج سے صرف عبدالمجید روایت کرتے ہیں' ان سے روایت کرنے میں عبداللہ بن عمر بن خطاب اکیلے ہیں' حضرت انس سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔

**3623** - حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الذَّرَّاعُ الْبَصْرِيُّ قَالَ: نا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ الصَّيْرَفِيُّ قَالَ: نا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنِ الْحَارِثِ، عَنْ عَلِيٍّ: اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَجَدَ فِي صَلَاةِ الصُّبْحِ بِ تَنْزِيلِ السَّجْدَةِ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے صبح کی نماز میں تنزیل السجدہ میں سجدہ کیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، اِلَّا لَيْثٌ، وَلَا عَنْ لَيْثٍ، اِلَّا مُعْتَمِرٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ ولم يروه عن عمرو بن مرة عن الحارث الا هذا.

یہ حدیث عمرو بن مرہ سے صرف لیث اور لیث سے صرف معتمر روایت کرتے ہیں' ان سے روایت کرنے میں عمرو بن علی اکیلے ہیں۔

**3624** - حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ التُّسْتَرِيُّ، قَالَ: نا عَمْرُ بْنُ شبة، قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عُمَارَةَ الْاَنْصَارِيُّ الْمَعْرُوفُ بِابْنِ الْقَدَّاحِ، سَمِعْتُ مِنْهُ بِبَغْدَادَ قَالَ: نا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ بْنِ الْحُصَيْنِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ سن پانچ ہجری میں رسول کریم ﷺ کے پاس ہمارا آنا ہوا' جنگ احزاب (خندق) والے سال ہم قریش کے ساتھ مل کر نکلے۔ میں اپنے بھائی فضل کے ساتھ تھا' ہمارے ساتھ ہمارا غلام ابورافع تھا یہاں تک کہ ہم عرج

3623- أخرجه أيضًا في الصغير . وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 2صفحه172: وفيه الحارث بن عبد الله الأعور وهو ضعيف .

3624- وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 6صفحه67: وفيه عبد الله بن محمد بن عمارة الأنصاري' وسليمان بن داؤد بن الحصين لم يوثقا' ولم يضعفا' وبقية رجاله ثقات .

عَبَّاسٍ قَالَ: كَانَ قُدُومُنَا عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِخَمْسٍ مِنَ الْهِجْرَةِ، خَرَجْنَا مُتَوَصِّلِينَ بِقُرَيْشٍ عَامَ الْأَحْزَابِ، وَأَنَا مَعَ أَخِي الْفَضْلِ، وَمَعَنَا غُلَامُنَا: أَبُو رَافِعٍ، حَتَّى انْتَهَيْنَا إِلَى الْعَرَجِ فَعَدَلْنَا فِي طَرِيقِ رُكُوبِهِ، وَأَخَذْنَا فِي تِلْكَ الطَّرِيقِ عَلَى الْجُثْجَاثَةِ، حَتَّى خَرَجْنَا عَلَى بَنِي عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ، حَتَّى دَخَلْنَا الْمَدِينَةَ، فَوَجَدْنَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْخَنْدَقِ، وَأَنَا يَوْمَئِذٍ ابْنُ ثَمَانِ سِنِينَ، وَأَخِي ابْنُ ثَلَاثَ عَشْرَةَ سَنَةً.

پہنچ گئے۔ ہم راستہ میں برابر سوار ہوتے رہے۔ ہم نے اس راہ میں جثاثہ والا راستہ اختیار کیا یہاں تک کہ ہم بنی عمرو بن عوف قبیلے کے پاس جا نکلے۔ یہاں تک کہ چلتے چلتے ہم مدینہ پہنچ گئے' ہم نے دیکھا رسول کریم ﷺ خندق میں موجود تھے۔ میں اُس وقت آٹھ سال کا تھا اور میرے بھائی (فضل) کی عمر ۱۳ سال تھی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ دَاوُدَ بْنِ الْحُصَيْنِ إِلَّا ابْنُهُ سُلَيْمَانَ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عُمَارَةَ

حضرت داؤد بن حصین سے اس حدیث کو صرف ان کے بیٹے سلیمان ہی روایت کرتے ہیں' عبداللہ بن محمد بن عمارہ اس حدیث کے ساتھ منفرد ہیں۔

**3625** - حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ التُّسْتَرِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى الْحَرَشِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عِيسَى الْخَزَّازُ قَالَ: نا يُونُسُ بْنُ عُبَيْدٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ أَبِي بَكْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أُمِرْتُ أَنْ أُقَاتِلَ النَّاسَ حَتَّى يَقُولُوا لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ، فَإِذَا قَالُوهَا عَصَمُوا مِنِّي دِمَائَهُمْ وَأَمْوَالَهُمْ إِلَّا بِحَقِّهَا، وَحِسَابُهُمْ عَلَى اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ

حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: مجھے لوگوں سے جہاد کرنے کا حکم دیا گیا ہے یہاں تک کہ وہ لا الہ الا اللہ پڑھیں' جب وہ یہ پڑھ لیں تو انہوں نے مجھ سے اپنا خون اور اموال بچا لیے مگر حق کے ساتھ' ان کا باطن کا معاملہ اللہ کے سپرد ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يُونُسَ، إِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ

یہ حدیث یونس سے صرف عبداللہ بن عیسیٰ روایت

---

**3625**- وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد**1**صفحه**28**: رواه الطبراني في الكبير والأوسط فيه عبد الله بن عيسى الخزاز وهو ضعيف لا يحتج به .

بْنُ عِيسَى، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى الْحَرَشِيُّ

کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں محمد بن عیسیٰ اکیلے ہیں۔

**3626** - حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ التُّسْتَرِيُّ قَالَ: نا حَبِيبُ بْنُ بِشْرٍ، اَخُو اَبِي الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيِّ، لِاُمِّهِ قَالَ: نا مَحْبُوبُ بْنُ الْحَسَنِ قَالَ: نا يُونُسُ بْنُ عُبَيْدٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ: اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ فِي بَعْضِ مَخَارِجِهِ وَمَعَهُ نَاسٌ مِنْ اَصْحَابِهِ، فَحَضَرَتِ الصَّلَاةُ، فَلَمْ يَجِدِ الْقَوْمُ مَاءً يَتَوَضَّئُونَ بِهِ، فَقَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَا نَجِدُ مَاءً نَتَوَضَّأُ بِهِ، فَانْطَلَقَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ فَجَاءَ بِقَدَحٍ مَاءٍ يَسِيرٍ، فَتَوَضَّأَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ مَدَّ اَصَابِعَهُ عَلَى الْقَدَحِ، فَتَوَضَّأَ الْقَوْمُ كُلُّهُمْ حَتَّى بَلَغُوا مَا يُرِيدُونَ وَشَكَّ اَنَسٌ كَمْ كَانُوا قَرِيبًا مِنَ السَّبْعِينَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کسی راستے پر موجود تھے اور آپ کے ساتھ آپ کے صحابہ کرام بھی تھے' نماز کا وقت ہو گیا تو قوم کے پاس وضو کے لیے پانی نہیں تھا۔ انہوں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! ہم وضو کے لیے پانی نہیں پاتے ہیں۔ ان میں سے ایک آدمی گیا اور پانی کا پیالہ لایا جس میں تھوڑا سا پانی تھا۔ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس سے وضو فرما کر اس میں اپنی انگلیاں رکھ کر پھیلا دیں (جن سے پانی جاری ہو گیا) تمام موجود صحابہ نے وضو کیا' بعد ازاں چل کر اپنی منزلِ مقصود تک پہنچے۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ کا خیال ہے کہ اس وقت تقریباً ستر صحابہ تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يُونُسَ، اِلَّا مَحْبُوبُ بْنُ الْحَسَنِ، تَفَرَّدَ بِهِ: حَبِيبُ بْنُ بِشْرٍ

حضرت یونس سے اس حدیث کو صرف محبوب بن حسین نے روایت کیا اور حبیب بن بشر اکیلے ہیں۔

**3627** - حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ عَبْدِ رَبِّهِ الصَّفَّارُ الْبَغْدَادِيُّ قَالَ: نا الرَّبِيعُ بْنُ ثَعْلَبٍ قَالَ: نا فَرَجُ بْنُ فَضَالَةَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ عَمْرَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: فَقَدْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ لَيْلَةٍ مِنْ فِرَاشِهِ، وظَنَنْتُ اَنَّهُ قَامَ اِلَى جَارِيَتِهِ مَارِيَةَ فَقُمْتُ اَلْتَمِسُ الْجِدَارَ، فَوَجَدْتُهُ قَائِمًا يُصَلِّي،

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے ایک رات رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اپنے بستر پر نہ دیکھا اور گمان کیا کہ آپ اپنی لونڈی حضرت ماریہ کے پاس تشریف لے گئے ہیں' میں تلاش کرنے کے لیے کھڑی ہوئی تو میں نے آپ کو دیکھا کہ آپ کھڑے نماز پڑھ رہے ہیں' پس میں نے اپنے ہاتھ آپ کے بالوں

3626- أخرجه البخاري: المناقب جلد6صفحه672 رقم الحديث:3574' والطبراني في الصغير جلد1صفحه170 .

3627- أخرجه النسائي: عشرة النساء جلد7صفحه65 (باب الغيرة) .

فَاَدْخَلْتُ يَدِى فِى شَعْرِهِ لِاَنْظُرَ اغْتَسَلَ اَمْ لَا؟ فَلَمَّا انْصَرَفَ قَالَ: اَخَذَكِ شَيْطَانُكِ يَا عَائِشَةُ؟ قُلْتُ: وَلِى شَيْطَانٌ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: نَعَمْ قُلْتُ: وَلِجَمِيعِ بَنِى آدَمَ؟ قَالَ: نَعَمْ قُلْتُ: وَلَكَ؟ قَالَ: نَعَمْ، وَلٰكِنَّ اللّٰهَ اَعَانَنِى عَلَيْهِ فَاَسْلَمَ

میں داخل کیے کہ آپ نے غسل کیا ہے یا نہیں؟ پس جب آپ واپس لوٹے تو آپ نے فرمایا: اے عائشہ! تیرے پاس تیرا شیطان آ گیا تھا؟ میں نے عرض کی: کیا میرے لیے کوئی شیطان ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ہاں! میں نے عرض کی: کیا ہر آدمی کے لیے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ہاں! میں نے عرض کی: آپ کے لیے بھی ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ہے لیکن میرے رب نے اسے مسلمان بنا دیا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ عَمْرَةَ، اِلَّا فَرَجُ بْنُ فَضَالَةَ

یہ حدیث یحییٰ بن سعید سے ہے وہ عمرہ سے روایت کرتے ہیں اور یحییٰ سے روایت صرف فرج بن فضالہ ہی روایت کرتے ہیں۔

☆☆☆☆☆

# مَنِ اسْمُهُ سَهْلٌ

# اس شیخ کے نام سے جس کا نام سہل ہے

3628 - حَدَّثَنَا سَهْلُ بْنُ اَبِی سَهْلٍ الْوَاسِطِیُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِی صَفْوَانَ الثَّقَفِیُّ قَالَ: نا اِبْرَاهِیمُ بْنُ اَبِی الْوَزِیرِ قَالَ: نا عُمَرُ بْنُ عُبَیْدٍ، عَنْ اِبْرَاهِیمَ بْنِ مُهَاجِرٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اثْنَانِ لَا تُجَاوِزُ صَلَاتُهُمَا رُئُوسَهُمَا: عَبْدٌ اَبَقَ مِنْ مَوَالِيهِ حَتّٰى يَرْجِعَ اِلَيْهِمْ، وَامْرَاَةٌ عَصَتْ زَوْجَهَا حَتّٰى تَرْجِعَ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: دو آدمیوں کی نماز اُن کے سروں سے اوپر نہیں جاتی ہیں: وہ غلام جو اپنے آقا سے بھاگا ہوا ہو یہاں تک کہ واپس آ جائے اور وہ عورت جو اپنے شوہر کی نافرمانی کرتی ہے یہاں تک کہ نافرمانی سے باز آ جائے۔

لَمْ يَرْوِهِ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ مُهَاجِرٍ، اِلَّا عُمَرُ بْنُ عُبَيْدٍ، وَلَا رَوَاهُ، عَنْ عُمَرَ بْنِ عُبَيْدٍ، اِلَّا اِبْرَاهِيمُ بْنُ اَبِی الْوَزِيرِ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُ اَبِی صَفْوَانَ

یہ حدیث ابراہیم بن مہاجر سے عمر بن عبید اور عمر بن عبید سے صرف ابراہیم بن ابی الوزیر روایت کرتے ہیں' ان سے روایت کرنے میں ابن ابی صفوان اکیلے ہیں۔

3629 - حَدَّثَنَا سَهْلُ بْنُ اَبِی سَهْلٍ الْوَاسِطِیُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِی صَفْوَانَ الثَّقَفِیُّ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ اَبِی كَثِيرٍ اَبُو غَسَّانَ الْعَنْبَرِیُّ قَالَ: نا الْهَيْثَمُ بْنُ الْجَهْمِ اَبُو عُثْمَانَ الْمُؤَذِّنُ قَالَ: نا خُزَاعِیُّ بْنُ زِيَادٍ قَالَ: كُنَّا جُلُوسًا عِنْدَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُغَفَّلٍ، فَحَدَّثَنَا، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت خزاعی بن زیاد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضرت عبداللہ بن مغفل کے پاس بیٹھے ہوئے تھے انہوں نے بیان کیا کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ٹھیکری نہ مارو کیونکہ اس کے ساتھ نہ شکار ہوتا ہے نہ دشمن مرتا ہے' یہ یا تو دانت توڑتی ہے یا آنکھ پھوڑتی ہے۔

---

3628- أخرجه أيضًا في الصغير' و الحاكم من طريق محمد بن منده الأصبهاني' ثنا بكر بن بكار' ثنا عمر بن عبيد به وسكت عنه الحاكم' والذهبي .وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد4صفحه316: ورجاله ثقات .

3629- عند البخاري ومسلم من طريق كهمس بن الحسن عن عبد الله بن بريد عن عبد الله بن مغفل نحوه .أخرجه البخاري: الذبائح جلد9صفحه522 رقم الحديث: 5479' ومسلم: الصيد والذبائح جلد3صفحه1547 .

وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تَخْذِفُوا، فَإِنَّهُ لَا يُصَادُ بِهَا صَيْدٌ، وَلَا يُنْكَأُ بِهِ عَدُوٌّ وَلَكِنَّهَا تَكْسِرُ السِّنَّ، وَتَفْقَأُ الْعَيْنَ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ خُزَاعِيِّ بْنِ زِيَادٍ، إِلَّا الْهَيْثَمُ بْنُ الْجَهْمِ

یہ حدیث خزاعی بن زیاد سے صرف ہیثم بن جہم روایت کرتے ہیں۔

**3630** - حَدَّثَنَا سَهْلُ بْنُ أَبِي سَهْلٍ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نا هِلَالُ بْنُ بِشْرٍ الذَّارِعُ قَالَ: نا سَالِمُ بْنُ نُوحٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ عَامِرٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ السَّرَّاجِ، عَنْ نَافِعٍ قَالَ: كُنْتُ مَعَ ابْنِ عُمَرَ فِي سَفَرٍ، فَأَسْرَعَ السَّيْرَ حَتَّى غَرَبَتِ الشَّمْسُ، فَنَادَيْتُهُ: يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ، الصَّلَاةَ، فَسَارَ حَتَّى اشْتَبَكَتِ النُّجُومُ، ثُمَّ نَزَلَ فَصَلَّى الْمَغْرِبَ، وَصَلَّى الْعِشَاءَ رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ قَالَ: إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا عَجِلَ بِهِ أَمْرٌ صَلَّى هَكَذَا

حضرت نافع فرماتے ہیں کہ میں ایک سفر میں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کے ساتھ تھا' آپ جلدی چلے یہاں تک کہ سورج غروب ہو گیا' میں نے آپ کو آواز دی: اے ابوعبدالرحمٰن! نماز! آپ چلنے لگے یہاں تک کہ ستارے نکلنے لگے' پھر آپ اُترے اور آپ نے مغرب کی نماز پڑھی اور عشاء کی دو رکعتیں ادا کیں۔ پھر فرمایا: حضور ﷺ کو جب جلدی ہوتی تھی تو آپ اسی طرح نماز پڑھتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ السَّرَّاجِ، إِلَّا عُمَرُ بْنُ عَامِرٍ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ عُمَرَ، إِلَّا سَالِمُ بْنُ نُوحٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: هِلَالُ بْنُ بِشْرٍ

یہ حدیث عبدالرحمٰن السراج سے صرف عمر بن عامر اور عمر سے صرف سالم بن نوح روایت کرتے ہیں' ان سے روایت کرنے میں ہلال بن بشیر اکیلے ہیں۔

**3631** - حَدَّثَنَا سَهْلُ بْنُ أَبِي سَهْلٍ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ السَّكَنِ قَالَ: نا حِبَّانُ بْنُ هِلَالٍ قَالَ: نا يَزِيدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ التُّسْتَرِيُّ قَالَ: نا الْحَسَنُ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ إِلَى جِذْعٍ، فَلَمَّا اتَّخَذَ الْمِنْبَرَ حَنَّ الْجِذْعُ، فَنَزَلَ إِلَيْهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ ایک تنے کا سہارا لے کر خطبہ دیتے تھے' جب منبر بن گیا تو وہ تنا سسکیاں لینے لگا' آپ ﷺ منبر سے نیچے اُترے' اس تنے کو اپنے ساتھ چمٹا لیا تو وہ خاموش ہو گیا۔

---

**3630**- عند البخاری من طریق سالم نحوه . أخرجه البخاری: تقصیر الصلاة جلد2صفحه666 رقم الحدیث: 1092 .

**3631**- أخرجه الترمذی: المناقب جلد5صفحه594 رقم الحدیث: 3627 وقال: هذا حدیث حسن صحیح و ابن ماجة: الاقامة جلد1صفحه454 رقم الحدیث: 1415 فی الزوائد: اسناده صحیح ورجاله ثقات .

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاحْتَضَنَهُ، فَسَكَنَ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَزِيدَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ، اِلَّا حِبَّانُ بْنُ هِلَالٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ السَّكَنِ

یہ حدیث یزید بن ابراہیم سے صرف حبان بن ہلال روایت کرتے ہیں' ان سے روایت کرنے میں یحییٰ بن سکن اکیلے ہیں۔

**3632** - حَدَّثَنَا سَهْلُ بْنُ اَبِي سَهْلٍ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نا عِيسَى بْنُ شَاذَانَ قَالَ: نا الصَّلْتُ بْنُ مُحَمَّدٍ اَبُو هَمَّامٍ الْخَارَكِيُّ قَالَ: نا مَنْصُورُ بْنُ سَعْدٍ قَالَ: سَمِعْتُ حَمَّادًا، يَقُولُ: اَخْبَرَنِي اِبْرَاهِيمُ، اَنَّ الْاَسْوَدَ بْنَ يَزِيدَ، حَدَّثَهُ، اَنَّ عَائِشَةَ اَخْبَرَتْهُ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّا كُنَّا نَهَيْنَاكُمْ عَنْ زِيَارَةِ الْقُبُورِ، فَزُورُوهَا، فَاِنَّهَا تُذَكِّرُ الْآخِرَةَ وَنَهَيْتُكُمْ عَنْ اَنْ تَنْتَبِذُوا فِي الدُّبَّاءِ وَالْحَنْتَمِ وَالْمُزَفَّتِ، فَانْتَبِذُوا فِيمَا بَدَا لَكُمْ وَاجْتَنِبُوا كُلَّ مُسْكِرٍ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں تم کو قبروں کی زیارت کرنے سے منع کرتا تھا لیکن اب قبروں کی زیارت کیا کرو کیونکہ یہ آخرت کی یاد دلاتی ہیں' میں تمہیں دباء' حنتم اور مزفت (جن میں شراب تیار کی جاتی تھی) کے برتنوں میں نبیذ بنانے سے منع کرتا تھا' اب جس میں چاہو نبیذ بناؤ' ہر نشہ آور شے سے بچو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ حَمَّادِ بْنِ اَبِي سُلَيْمَانَ، اِلَّا مَنْصُورُ بْنُ سَعْدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَبُو هَمَّامٍ الْخَارَكِيُّ

یہ حدیث حماد بن سلیمان سے صرف منصور بن سعد روایت کرتے ہیں' ان سے روایت کرنے میں ابوہمام الخارکی اکیلے ہیں۔

**3633** - حَدَّثَنَا سَهْلُ بْنُ مُوسَى شِيرَانُ الرَّامَهُرْمُزِيُّ قَالَ: نا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ الضَّبِّيُّ قَالَ: نا زِيَادُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَكَّائِيُّ قَالَ: نا الرُّحَيْلُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، اَخُو زُهَيْرٍ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ اَبِي الْاَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَقَدْ هَمَمْتُ اَنْ آمُرَ رَجُلًا فَيُصَلِّيَ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں نے ارادہ کیا کہ کسی کو نماز پڑھانے کا حکم دوں تو وہ لوگوں کو نمازِ جمعہ پڑھائے' پھر ان لوگوں کو ان کے گھروں کے اندر جلا دوں جو نمازِ جمعہ نہیں پڑھتے ہیں۔

---

3633- أخرجه مسلم: المساجد جلد1صفحه452' وأحمد: المسند جلد1صفحه522 رقم الحديث: 3815 .

الْـجُمُعَةَ بِالنَّاسِ، ثُمَّ أُحَرِّقَ عَلَى قَوْمٍ يَتَخَلَّفُونَ عَنْهَا بُيُوتَهُمْ

لَـمْ يَـرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الرُّحَيْلِ بْنِ مُعَاوِيَةَ، اِلَّا زِيَادٌ الْبَكَّائِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ

یہ حدیث رحیل بن معاویہ سے صرف زیاد البکائی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں احمد بن عبدہ اکیلے ہیں۔

**3634** - حَـدَّثَـنَـا سَهْـلُ بْـنُ مُوسَى قَالَ: نا عِيسَـى بْـنُ شَاذَانَ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ قَزَعَةَ، مِنْ اَهْلِ مَـكَّةَ، كُـوفِـيُّ الْاَصْـلِ قَـالَ: نا عُمَرُ بْنُ اَبِي عَائِشَةَ الْـمَـدَنِـيُّ قَـالَ: سَـمِعْتُ ابْنَ مِسْمَارٍ يَعْنِي مُهَاجِرًا مَـوْلَـى آلِ سَعْدِ بْنِ اَبِي وَقَّاصٍ يُذْكَرُ، عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدِ بْنِ اَبِي وَقَّاصٍ، اَنَّ عَمَّارَ بْنَ يَاسِرٍ قَالَ: لِسَعْدِ بْـنِ اَبِـي وَقَّـاصٍ: مَـا لَكَ لَا تَـخْرُجُ مَعَ عَلِيٍّ، اَمَا سَـمِـعْـتَ رَسُـولَ الـلّٰـهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَـخْـرُجُ قَـوْمٌ مِـنْ اُمَّتِـي يَـمْـرُقُونَ مِنَ الدِّينِ مُرُوقَ السَّهْمِ مِنَ الرَّمِيَّةِ، يَقْتُلُهُمْ عَلِيُّ بْنُ اَبِي طَالِبٍ، قَالَهَا ثَلَاثَ مِـرَارٍ قَـالَ: اِي وَالـلّٰـهِ، لَـقَـدْ سَمِعْتُهُ وَلَكِنِّي اَحْبَبْـتُ الْـعُزْلَةَ حَتَّى اَجِدَ سَيْفًا يَقْطَعُ الْكَافِرَ، وَيَنْبُو عَنِ الْمُؤْمِنِ

حضرت عامر بن سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضرت عمار بن یاسر نے حضرت سعد بن وقاص سے فرمایا: آپ کو کیا تھا کہ آپ میرے ساتھ نہ نکلے' کیا آپ نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے نہیں سنا کہ میری اُمت سے کچھ لوگ دین سے اس طرح نکل جائیں گے جس طرح تیر کمان سے نکلتا ہے' علی بن ابی طالب اُن کو قتل کریں گے' آپ نے یہ تین مرتبہ فرمایا تھا؟ حضرت سعد نے عرض کی: اللہ کی قسم! میں نے سنا ہے لیکن میں خلوت پسند کرتا ہوں' یہاں تک کہ ایسی تلوار پاؤں جو کافر کو کاٹے اور مؤمن کو بچائے۔

لَا يُـرْوَى هَـذَا الْحَدِيثُ عَنْ عَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: عِيسَى بْنُ شَاذَانَ

یہ حدیث حضرت عمار بن یاسر سے اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں یحییٰ بن شاذان اکیلے ہیں۔

☆☆☆☆☆

**3634**- وعزاه الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 6 صفحه 238 الى الكبير أيضًا وقال: وفيه عمر بن أبي عائشة ذكره الذهبي في الميزان وذكر له هذا الحديث وقال: هذا حديث منكر .

# مَنِ اسْمُهُ سَلَمَةُ

# اس شیخ کے نام سے جس کا نام سلمہ ہے

**3635** - حَدَّثَنَا سَلَمَةُ بْنُ اَحْمَدَ الْفَوْزِيُّ الْحِمْصِيُّ قَالَ: نا جَدِّي لِأُمِّي خَطَّابُ بْنُ عُثْمَانَ الْفَوْزِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ حِمْيَرٍ قَالَ: نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ اَبِي عَبْلَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْمُطَّلِبِ بْنِ اَبِي وَدَاعَةَ، عَنْ حَفْصَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَنَّهَا قَالَتْ: لَمْ اَرَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَاعِدًا فِي سُبْحَةٍ حَتّٰى كَانَ قَبْلَ مَوْتِهِ بِعَامٍ وَاحِدٍ اَوِ اثْنَيْنِ، فَرَاَيْتُهُ يُصَلِّي قَاعِدًا فِي سُبْحَتِهِ، وَيُرَتِّلُ السُّورَةَ حَتّٰى تَكُونَ قِرَائَتُهُ اِيَّاهَا اَطْوَلَ مِنْ اَطْوَلَ مِنْهَا

حضرت حفصہ زوجہ نبی ﷺ فرماتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو کبھی بیٹھ کر نفل پڑھتے ہوئے نہیں دیکھا' اپنی وفات کے ایک سال یا دو سال پہلے آپ بیٹھ کر نفل پڑھتے تھے اور سورۃ کو ترتیل سے پڑھتے تھے یہاں تک کہ آپ بیٹھ کر نفل پڑھتے ہوئے زیادہ قرأت کرتے تھے' کھڑے ہو کر پڑھنے سے۔

**3636** - حَدَّثَنَا سَلَمَةُ بْنُ اَحْمَدَ الْفَوْزِيُّ الْحِمْصِيُّ قَالَ: نا خَطَّابُ بْنُ عُثْمَانَ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ حِمْيَرٍ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ اَبِي عَبْلَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَكِبَ فَرَسًا، فَصُرِعَ عَنْهُ، فَجُحِشَ شِقُّهُ الْاَيْمَنُ، فَصَلّٰى لَنَا يَوْمًا صَلَاةً مِنَ الصَّلَوَاتِ وَهُوَ قَاعِدٌ، فَصَلَّيْنَا وَرَائَهُ قُعُودًا، ثُمَّ قَالَ حِينَ سَلَّمَ: اِنَّمَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ گھوڑے پر سوار ہوئے' پس اس سے گر پڑے تو آپ کی دائیں طرف زخمی ہوگئی' آپ ہمیں بیٹھ کر نماز پڑھاتے رہے اور ہم آپ کے پیچھے بیٹھ کر پڑھتے تھے' پھر جس وقت آپ نے سلام پھیرا تو فرمایا: امام اس لیے ہوتا ہے کہ اس کی اقتداء کی جائے' جب کھڑا ہو کر پڑھے تو تم بھی کھڑے ہو کر پڑھو' جب رکوع کرے تو تم بھی رکوع

---

**3635**- أخرجه مسلم: المسافرين جلد1صفحه507' وأحمد: المسند جلد6صفحه317 رقم الحديث: 26497 .

**3636**- أخرجه البخاري: الأذان جلد 2صفحه204 رقم الحديث: 689 من طريق مالك عن ابن شهاب ولم يذكر: واذا سجد فاسجدوا' ولكنه ذكر هذا اللفظ في موضوع آخر من طريق حميد الطويل في الصلاة جلد 1صفحه581 رقم الحديث: 378 . ومسلم: الصلاة جلد 1صفحه308 ولم يذكر: واذا ركع فاركعوا . والترمذي: الصلاة جلد 2 صفحه194 رقم الحديث: 361 ولفظه عنده .

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل نے میری اُمت کی ان چیزوں کو معاف کر دیا ہے جو ان کے دلوں میں وسوسے آتے ہیں بشرطیکہ جب تک وہ کام کر نہ لیں یا اس کی گفتگو نہ کر لیں۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ يُونُسَ بْنِ عُبَيْدٍ اِلَّا سَالِمُ بْنُ نُوحٍ

یہ حدیث یونس بن عبید سے سالم بن نوح روایت کرتے ہیں۔

**4996** - حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ عَبَّادٍ الْخَطَّابِىُّ قَالَ: نَا هَاشِمُ بْنُ الْوَلِيدِ الْهَرَوِىُّ قَالَ: نَا وَكِيعُ بْنُ الْجَرَّاحِ، عَنْ عُمَرَ بْنِ حُسَيْلِ بْنِ حُذَيْفَةَ بْنِ الْيَمَانِ قَالَ: سَمِعْتُ الشَّعْبِىَّ، يَقُولُ: قَالَ دِحْيَةُ بْنُ خَلِيفَةَ الْكَلْبِىُّ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَلَا نُنْزِى لَكَ حِمَارًا عَلَى فَرَسٍ، فَتُنْتِجَ لَكَ بَغْلَةً تَرْكَبُهَا؟ فَقَالَ: اِنَّمَا يَفْعَلُ ذٰلِكَ الَّذِينَ لَا يَعْلَمُونَ

حضرت شعبی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت دحیہ بن خلیفہ الکلبی رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا ہم آپ کے لیے گدھے کو گھوڑی پر کودوائیں' اس سے آپ کے لیے خچر پیدا ہوگی' آپ اس پر سوار ہونا؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ایسا وہ لوگ کرتے ہیں جو علم نہیں رکھتے ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ دِحْيَةَ اِلَّا الشَّعْبِىُّ،

یہ حدیث دحیہ سے شعبی اور شعبی سے عمر بن حُسیل

---

**4995**- أخرجه البخاري: الطلاق جلد9صفحه300 رقم الحديث:5269' ومسلم: الايمان جلد1صفحه116 بلفظ: وان الله تجاوز...... .

**4996**- اسناده فيه: جابر هو ابن يزيد الجعفي: ضعيف رافضي . وانظر مجمع الزوائد جلد5صفحه267 .

وَلَا عَنِ الشَّعْبِيِّ إِلَّا عُمَرُ بْنُ حُسَيْلٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: وَكِيعٌ

روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں وکیع اکیلے ہیں۔

**4997** - حَدَّثَنَا أَبُو الْفَضْلِ الْقَاسِمُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْبِرْتِيُّ بِبَغْدَادَ قَالَ: نَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زُرَارَةَ الرَّقِّيُّ قَالَ: نَا يَعْلَى بْنُ الْأَشْدَقِ قَالَ: سَمِعْتُ عَمِّي عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ جَرَادٍ، يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: حُجُّوا، فَإِنَّ الْحَجَّ يَغْسِلُ الذُّنُوبَ كَمَا يَغْسِلُ الْمَاءُ الدَّرَنَ

حضرت یعلٰی بن اشدق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے اپنے چچا عبداللہ بن جراد کو فرماتے ہوئے سنا کہ حضور ﷺ نے فرمایا: حج کرو کیونکہ حج گناہوں کو اس طرح ختم کرتا ہے جس طرح پانی میل کو ختم کرتا ہے۔

☆☆☆☆☆

**4997**- ذكره الحافظ الهيثمى فى المجمع جلد3صفحه212 وقال: وفيه يعلى بن الأشدق وهو كذاب . وذكره الحافظ المنذرى فى الترغيب جلد2صفحه166 رقم الحديث:14 .

# مَنِ اسْمُهُ قَيْسٌ

# اس شیخ کے نام سے جن کا نام قیس ہے

**4998** - حَدَّثَنَا قَيْسُ بْنُ اَبِى قَيْسٍ الْبُخَارِيُّ قَالَ: نَا عَلِيُّ بْنُ حَجَرٍ الْمَرْوَزِيُّ قَالَ: نَا الْفَضْلُ بْنُ مُوسَى السِّينَانِيُّ، عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ وَاقِدٍ، عَنْ اَبِى اِسْحَاقَ، عَنِ الْحَارِثِ، عَنْ عَلِيٍّ قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا عَلِيُّ، اَلَا اُعَلِّمُكَ دُعَاءً اِذَا دَعَوْتَ بِهِ غُفِرَ لَكَ، وَاِنْ كُنْتَ مَغْفُورًا لَكَ؟ قَالَ: بَلَى ـ قَالَ: لَا اِلَهَ اِلَّا اللّٰهُ الْعَلِيُّ الْعَظِيمُ، لَا اِلَهَ اِلَّا اللّٰهُ الْعَلِيُّ الْكَرِيمُ، لَا اِلَهَ اِلَّا اللّٰهُ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيمُ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے حضورﷺ نے فرمایا: اے علی! کیا میں تمہیں ایسی دعا نہ سکھاؤں کہ جس کی وجہ سے آپ کے گناہ معاف ہو جائیں' اگرچہ! آپ کے گناہ بخشے ہوئے ہیں' میں نے عرض کی: کیوں نہیں! آپ نے فرمایا: (وہ دعا یہ ہے:) ''لا الٰہ الا اللّٰہ الٰی آخرہٖ''۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِى اِسْحَاقَ، عَنِ الْحَارِثِ، عَنْ عَلِيٍّ اِلَّا الْحُسَيْنُ بْنُ وَاقِدٍ وَرَوَاهُ عَلِيُّ بْنُ صَالِحِ بْنِ حَيٍّ: عَنْ اَبِى اِسْحَاقَ، عَنِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِى لَيْلَى، عَنْ عَلِيٍّ

یہ حدیث ابواسحاق' حارث سے' وہ حضرت علی سے۔ ابواسحاق سے حسین بن واقد روایت کرتے ہیں۔ اس حدیث کو علی بن صالح بن حی' ابواسحاق سے وہ عمر ابولیلیٰ سے' وہ حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں۔

**4999** - حَدَّثَنَا قَيْسُ بْنُ مُسْلِمٍ الْبُخَارِيُّ قَالَ: نَا عَلِيُّ بْنُ حَجَرٍ الْمَرْوَزِيُّ قَالَ: نَا حَمَّادُ بْنُ عَمْرٍو النَّصِيبِيُّ، عَنْ حَمْزَةَ بْنِ اَبِى حَمْزَةَ

حضرت نافع' ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت ابن عمر سے عرض کی گئی: آپ حضرت عبداللہ بن مسعود کی تعریف کرتے ہیں؟ حضرت

---

**4998**- أخرجه الترمذي: الدعوات جلد 5 صفحه 529 رقم الحديث: 3504' وقال: غريب ـ وأحمد: المسند جلد 1 صفحه 116 رقم الحديث: 715 ـ

**4999**- اسناده فيه: أ- حماد بن عمرو النصيبي: متهم بوضع الحديث ـ انظر لسان الميزان جلد 2 صفحه 350 ـ ب- حمزة بن أبي حمزة: متروك ـ وانظر مجمع الزوائد جلد 9 صفحه 859 ـ

النَّصِيبِيّ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قِيلَ لَهُ: اِنَّكَ قَدْ اَحْسَنْتَ الثَّنَاءَ عَلَى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ؟ قَالَ: وَمَا يَمْنَعُنِي مِنْ ذَلِكَ، وَقَدْ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اقْرَءُ وا الْقُرْآنَ عَنْ اَرْبَعَةٍ: عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، وَسَالِمٍ مَوْلَى اَبِي حُذَيْفَةَ، وَاُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ، وَمُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ؟ ثُمَّ قَالَ: لَقَدْ هَمَمْتُ اَنْ اَبْعَثَهُمْ اِلَى الْاُمَمِ كَمَا بَعَثَ عِيسَى الْحَوَارِيِّينَ. قِيلَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَفَلَا تُبْعَثُ اَبَا بَكْرٍ، وَعُمَرَ فَهُمَا اَفْضَلُ؟ قَالَ: اِنَّهُ لَا غِنًى بِي عَنْهُمَا، اِنَّهُمَا مِنْ هَذَا الدِّينِ بِمَنْزِلَةِ السَّمْعِ وَالْبَصَرِ مِنَ الرَّاْسِ

ابن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا: مجھے اُن کی تعریف سے کوئی شی رکاوٹ نہیں ہے' میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ قرآن چار آدمیوں سے پڑھو' عبداللہ بن مسعود' ابوحذیفہ کے غلام سالم سے' ابی بن کعب سے' معاذ بن جبل سے۔ پھر فرمایا: میں نے ارادہ کیا کہ میں ان کو اُمتیوں کی طرف بھیجوں جس طرح عیسیٰ علیہ السلام نے حواریوں کو بھیجا تھا۔ عرض کی گئی: یارسول اللہ! کیا آپ ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما دونوں کو نہیں بھیجیں گے' دونوں افضل ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: مجھے ان دونوں کو بھیجنے کی ضرورت نہیں ہے کیونکہ یہ دونوں اس دین کے لیے ایسے ہیں جس طرح سر میں کان اور آنکھیں ہوتی ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ نَافِعٍ اِلَّا حَمْزَةُ بْنُ اَبِي حَمْزَةَ

یہ حدیث نافع سے حمزہ بن ابوحمزہ روایت کرتے ہیں۔

**5000** - حَدَّثَنَا قَيْسُ بْنُ مُسْلِمٍ الْبُخَارِيُّ قَالَ: نَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ: نَا مَعْنُ بْنُ عِيسَى الْقَزَّازُ قَالَ: نَا اِسْحَاقُ بْنُ يَحْيَى بْنِ طَلْحَةَ، عَنْ عَمِّهِ مُوسَى بْنِ طَلْحَةَ قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى مُعَاوِيَةَ بْنِ اَبِي سُفْيَانَ، فَلَمَّا خَرَجْتُ دَعَانِي قَالَ: اَضَعُ عِنْدَكَ حَدِيثًا يَا ابْنَ اَخِي، سَمِعْتُهُ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ ثُمَّ قَالَ: اَشْهَدُ لَسَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: طَلْحَةُ مِمَّنْ قَضَى

حضرت اسحاق بن یحییٰ بن طلحہ اپنے چچا موسیٰ بن طلحہ سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت معاویہ بن سفیان کے پاس آیا' جب میں نکلا تو مجھے واپس بلایا اور فرمایا: اے میرے بھائی کے بیٹے! آپ کو وہ حدیث نہ سناؤں جو میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنی ہے' پھر فرمایا: میں گواہی دیتا ہوں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ طلحہ ان لوگوں میں شامل ہے جنہوں نے اس وعدے کو پورا کردیا

---

5000- أخرجه الترمذي: التفسير جلد 5 صفحه 350 رقم الحديث: 3202' وقال: غريب . وابن ماجة: المقدمة جلد 1 صفحه 46 رقم الحديث: 126' والطبراني في الكبير جلد 19 صفحه 324 رقم الحديث: 739 .

نَحْبَهُ يَعْنِي: مَا عَاهَدَ عَلَيْهِ

ہے جوان کے ذمہ تھا۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ مُعَاوِيَةَ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: إِسْحَاقُ بْنُ يَحْيَى بْنُ طَلْحَةَ

یہ حدیث معاویہ سے اسی سند سے روایت ہے اس کو روایت کرنے میں اسحاق بن یحییٰ بن طلحہ اکیلے ہیں۔

☆☆☆☆☆

امام طبرانی کی شہرہ آفاق کتاب المُعجم الاوسط کی احادیث
کا فقہی ترتیب سے پہلی مرتبہ آسان سلیس اُردو ترجمہ مع تخریج

# المُعجم الاوسط

جلد چہارم

تالیف: الإمام الحافظ ابی القاسم سلیمان بن احمد بن ایوب اللخمی الطبرانی
المتوفی ۳۶۰ھ

مترجم: غلام دستگیر چشتی سیالکوٹی
مدرس جامعہ رسولیہ شیرازیہ رضویہ بلال گنج لاہور

پروگریسو بکس

امام طبرانی کی شہرہ آفاق کتاب المُعجم الاَوسَط کی احادیث
کا فقہی ترتیب سے پہلی مرتبہ آسان سلیس اُردو ترجمہ بمع تخریج

جلد
چہارم

# المُعجم الاَوسَط

تالیف

الإمام الحافظ ابی القاسم سلیمانؒ بن احمد بن ایوب اللخمی الطبرانی

المتوفی ۳۶۰ھ

مُترجم

غلام دستگیر چشتی سیالکوٹی

مدرس جامعہ رسولیہ شیرازیہ رضویہ بلال گنج لاہور

پروگریسو بکس لاہور
یوسف مارکیٹ ○ غزنی سٹریٹ
اُردو بازار ○ لاہور
فون 042-37124354 فیکس 042-37352795

بسم اللہ الرحمن الرحیم



# المعجم الاوسط

جلد چہارم

تالیف

الامام الحافظ ابی القاسم سلیمان بن احمد بن ایوب اللخمی الطبرانی

المتوفی ۳۶۰ھ

مترجم

غلام دستگیر چشتی سیالکوٹی

مدرس جامعہ رسولیہ شیرازیہ رضویہ بلال گنج لاہور


| | |
|---|---|
| بار اول ............ | اگست 2015ء |
| پرنٹرز ............ | آصف صدیق، پرنٹرز |
| تعداد ............ | 1100/- |
| ناشر ............ | چوہدری غلام رسول ۔ میاں جواد رسول<br>میاں شہزاد رسول |
| قیمت ............ | روپے /= |

ملنے کے پتے

ملت پبلی کیشنز
فیصل مسجد اسلام آباد Ph: 051-2254111
E-mail: millat_publication@yahoo.com

اسلام بک ڈپو
۱۲۔ گنج بخش روڈ لاہور فون 042-37112941
0323-8836776

شوروم ملت پبلی کیشنز دوکان نمبر 5- مکہ سنٹر نیو اردو بازار لاہور 0321-4146464
Ph: 042-37239201 Fax: 042-37239200

پروگریسو بکس
یوسف مارکیٹ ○ غزنی سٹریٹ
اردو بازار ○ لاہور
فون 042-37124354 فیکس 042-37352795

# فہرست
# (بلحاظِ فقہی ترتیب)

## کتاب العلم

## كتاب الحيض والنفاس



## كتاب الصلوٰة

## کتاب الجنائز



## کتاب الشہید



## کتاب الصوم

## كتاب الاضحية

## کتاب فضائل القرآن



## کتاب التفسیر

## کتاب الحج

## کتاب الجنۃ والجھنم

## کتاب فضائل سیّد الانبیاء

## كتاب فضائل الصحابة

## کتاب الذکر

## کتاب الموت



## کتاب علامات الساعة والفتن

## کتاب اللباس



## کتاب الحدود

## کتاب الاذان



## کتاب متفرق المسائل

☆☆☆☆☆

# فہرست
## (بلحاظِ حروفِ تہجی)



☆☆☆☆☆

# بَابُ الْمِيمِ
## مَنِ اسْمُهُ: مُحَمَّدٌ

# باب المیم
## اس راوی کے نام سے جن کا نام محمد ہے

**5001** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْاَزْدِيُّ قَالَ: نَا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو قَالَ: نَا زُهَيْرُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، اَنَّ سُهَيْلَ بْنَ اَبِي صَالِحٍ، حَدَّثَهُ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ اللّٰهَ اِذَا اَحَبَّ عَبْدًا قَالَ لِجِبْرِيلَ: اِنِّي اُحِبُّ عَبْدِي فُلَانًا فَاَحِبَّهُ، فَيُحِبُّهُ جِبْرِيلُ، وَيَقُولُ لِاَهْلِ السَّمَاءِ: اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ عَبْدَهُ فُلَانًا فَاَحِبُّوهُ، فَيُحِبُّهُ اَهْلُ السَّمَاءِ، وَيُوضَعُ لَهُ الْقَبُولُ فِي الْاَرْضِ

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ الْمُسَيِّبِ اِلَّا زُهَيْرٌ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: اللہ عزوجل جب کسی بندے سے محبت کرتا ہے' حضرت جبریل علیہ السلام سے فرماتا ہے: میں فلاں بندہ سے محبت کرتا ہوں' تو بھی اس سے محبت کر۔ حضرت جبریل اس سے محبت کرتے ہیں' حضرت جبریل علیہ السلام آسمان والوں کو فرماتے ہیں کہ اللہ عزوجل فلاں بندہ سے محبت کرتا ہے' تم بھی اس سے محبت کرو' آسمان والے بھی اس سے محبت کرتے ہیں اور اس کی مقبولیت زمین والوں میں رکھی جاتی ہے۔

یہ حدیث علاء بن مسیّب سے زہیر ہی روایت کرتے ہیں۔

**5002** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْاَزْدِيُّ قَالَ: نَا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو قَالَ: نَا زَائِدَةُ قَالَ: نَا سِمَاكُ بْنُ حَرْبٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْقَاسِمِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّهَا اشْتَرَتْ بَرِيرَةَ مِنْ اِنْسَانٍ مِنَ الْاَنْصَارِ، وَاشْتَرَطُوا الْوَلَاءَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى

حضرت عبدالرحمٰن بن قاسم اپنے والد سے' وہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے حضرت بریرہ کو انصار کے کسی آدمی سے خریدا' اس نے ولاء کی شرط لگائی' حضور ﷺ نے فرمایا: ولاء اس کے لیے ہے جو نعمت کا مالک ہو۔ حضور ﷺ نے حضرت

---

**5001**- أخرجه البخاري: بدء الخلق جلد6صفحه350 رقم الحديث:3209' ومسلم: البر جلد4صفحه2030 .

**5002**- أخرجه البخاري: الفرائض جلد 12صفحه48 رقم الحديث: 6760 مختصرًا' ومسلم: العتق جلد 2 صفحه1143 ولفظه لمسلم .

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْوَلَاءُ لِمَنْ وَلِيَ النِّعْمَةَ . قَالَ: وَخَيَّرَهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَكَانَ زَوْجُهَا عَبْدًا، وَاَهْدَتْ لِعَائِشَةَ لَحْمًا، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوْ صَنَعْتُمْ لَنَا مِنْ هٰذَا اللَّحْمِ؟ فَقَالَتْ عَائِشَةُ: تُصُدِّقَ بِهِ عَلَى بَرِيرَةَ . فَقَالَ: هُوَ عَلَيْهَا صَدَقَةٌ، وَهُوَ لَنَا هَدِيَّةٌ

بریرہ کو اختیار دیا' اس حالت میں حضرت بریرہ کا شوہر غلام تھا۔ حضرت عائشہ کو گوشت ہدیہ دیا گیا۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اس گوشت سے ہم کو حصہ دو گے؟ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی: یہ گوشت بریرہ کو صدقہ دیا گیا ہے' آپ نے فرمایا: اس کے لیے صدقہ ہے ہمارے لیے ہدیہ ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ اِلَّا زَائِدَةُ

یہ حدیث سماک بن حرب سے زائدہ روایت کرتے ہیں۔

**5003** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْاَزْدِيُّ قَالَ: نَا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو قَالَ: نَا زَائِدَةُ قَالَ: نَا سِمَاكُ بْنُ حَرْبٍ قَالَ: نَا عَمَّارُ بْنُ اَبِي مُعَاوِيَةَ الْبَجَلِيُّ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ قَالَ: حَدَّثَتْنِي اُمُّ سَلَمَةَ، اَنَّهَا كَانَتْ تَغْتَسِلُ وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْجَنَابَةِ مِنْ اِنَاءٍ وَاحِدٍ

حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ (میں) اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک ہی برتن سے غسل جنابت کرتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ اِلَّا زَائِدَةُ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو

یہ حدیث سماک بن حرب سے زائدہ روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں معاویہ بن عمرو اکیلے ہیں۔

**5004** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْاَزْدِيُّ قَالَ: نَا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو قَالَ: نَا زَائِدَةُ قَالَ: نَا سِمَاكُ بْنُ حَرْبٍ، عَنْ عَوْنِ بْنِ اَبِي جُحَيْفَةَ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: صَلَّى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الظُّهْرَ بِمَكَّةَ رَكْعَتَيْنِ صَلَاةَ الْمُسَافِرِ

حضرت عون بن ابو جحیفہ رضی اللہ عنہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مکہ کی طرف سفر کرتے ہوئے ظہر کی نماز دو رکعتیں پڑھائیں۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ اِلَّا

یہ حدیث سماک بن حرب سے زائدہ روایت کرتے

---

**5003**- أخرجه البخارى: الحيض جلد1صفحه503 رقم الحديث:322' ومسلم: الحيض جلد1صفحه257 .

**5004**- أخرجه البخارى: الصلاة جلد1صفحه683 رقم الحديث:495' ومسلم: الصلاة جلد1صفحه360 .

زَائِدَةُ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو

ہیں اس کوروایت کرنے میں معاویہ بن عمرو اکیلے ہیں۔

**5005** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْاَزْدِيُّ قَالَ: نَا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو قَالَ: نَا زَائِدَةُ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ اَبِي بُرْدَةَ بْنِ اَبِي مُوسَى، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: مَرِضَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: مُرُوا اَبَا بَكْرٍ فَلْيُصَلِّ بِالنَّاسِ . فَقَالَتْ عَائِشَةُ: اِنَّ اَبَا بَكْرٍ رَجُلٌ رَقِيقٌ. فَقَالَ: مُرُوا اَبَا بَكْرٍ اَنْ يُصَلِّيَ بِالنَّاسِ، فَاِنَّكُنَّ صَوَاحِبُ يُوسُفَ . قَالَ: قَامَ اَبُو بَكْرٍ فِي حَيَاةِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت ابوبردہ بن ابوموسیٰ رضی اللہ عنہما اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ بیمار ہوئے آپ نے فرمایا: ابوبکر کو حکم دو کہ لوگوں کو نماز پڑھائیں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی: ابوبکر نرم دل آدمی ہیں آپ نے فرمایا: ابوبکر کو حکم دو کہ لوگوں کو نماز پڑھائیں تم یوسف علیہ السلام کے زمانہ کی عورتوں کی طرح تکرار کرتی ہو۔ راوی حدیث فرماتے ہیں کہ حضرت ابوبکر حضور ﷺ کی زندگی میں مصلیٰ رسول پر کھڑے ہوگئے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ اِلَّا زَائِدَةُ

یہ حدیث عبدالملک بن عمیر سے زائدہ روایت کرتے ہیں۔

**5006** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْاَزْدِيُّ قَالَ: نَا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو قَالَ: نَا زَائِدَةُ قَالَ: نَا سُفْيَانُ بْنُ سَعِيدٍ الثَّوْرِيُّ، عَنْ اَيُّوبَ بْنِ مُوسَى، عَنْ عَطَاءِ بْنِ مِينَاءَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: سَجَدْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي اِذَا السَّمَاءُ انْشَقَّتْ، وَاقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ سورۃ اذا السماء انشقت اور اقراء باسم ربک میں سجدہ کرتے تھے۔

**5007** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْاَزْدِيُّ قَالَ: نَا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو قَالَ: نَا زَائِدَةُ قَالَ: نَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ مدینہ سے مکہ کی طرف نکلے

---

5005- أخرجه البخاری: الأذان جلد2صفحه192 رقم الحديث: 678، ومسلم: الصلاة جلد1صفحه316 .

5006- أخرجه مسلم: المساجد جلد1صفحه406، وأبو داؤد: الصلاة جلد 2صفحه60 رقم الحديث: 1407، والترمذی: الصلاة جلد2صفحه462 رقم الحديث: 573، والنسائی: الافتتاح جلد2صفحه125 (باب السجود فی (اقرأ باسم ربك)، والدارمی: الصلاة جلد1صفحه409 رقم الحديث: 1471 .

5007- أخرجه البخاری: التقصير جلد2صفحه653 رقم الحديث: 1081، ومسلم: المسافرين جلد1صفحه481 .

سُفْيَانُ بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي اِسْحَاقَ قَالَ: سَمِعْتُ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، يَقُولُ: خَرَجْنَا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْمَدِينَةِ اِلَى مَكَّةَ يُصَلِّي رَكْعَتَيْنِ رَكْعَتَيْنِ حَتَّى رَجَعَ، فَاَقَمْنَا بِمَكَّةَ عَشْرًا يَقْصُرُ بِهَا حَتَّى رَجَعَ

آپ واپسی تک دو دو رکعتیں پڑھاتے رہے؛ ہم مکہ میں دس دن رہے؛ نماز قصر کرتے رہے واپسی تک۔

**5008** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْاَزْدِيُّ قَالَ: نَا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو قَالَ: نَا زَائِدَةُ قَالَ: نَا سُفْيَانُ، عَنْ مِخْوَلٍ، عَنْ مُسْلِمِ الْبَطِينِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَاُ فِي صَلَاةِ الْجُمُعَةِ بِسُورَةِ الْجُمُعَةِ، وَسُورَةِ الْمُنَافِقِينَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ جمعہ کی نماز میں سورۂ جمعہ اور سورۂ منافقون پڑھتے تھے۔

**5009** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ، نَا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو قَالَ: نَا زَائِدَةُ قَالَ: نَا سُفْيَانُ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ ضَمْرَةَ، عَنْ عَلِيٍّ قَالَ: لَيْسَ الْوِتْرُ بِحَتْمٍ، وَلَكِنَّهَا سُنَّةٌ سَنَّهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ وتر فرض نہیں ہیں لیکن نبی کریم ﷺ کی سنت ہیں۔

**5010** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ قَالَ: نَا

حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ چاشت،

---

5008- أخرجه مسلم: الجمعة جلد 2 صفحه 599، وأبو داؤد: الصلاة جلد 1 صفحه 280 رقم الحديث: 1075، والترمذي: الصلاة جلد 2 صفحه 398 رقم الحديث: 520، والنسائي: الجمعة جلد 3 صفحه 91 (باب القراءة في صلاة الجمعة بسورة الجمعة والمنافقين)، وأحمد: المسند جلد 1 صفحه 298 رقم الحديث: 1998 .

5009- أخرجه الترمذي: الصلاة جلد 2 صفحه 316 رقم الحديث: 453 وقال: حسن . والنسائي: قيام الليل جلد 3 صفحه 187 (باب الأمر بالوتر)، والدارمي: الصلاة جلد 1 صفحه 447 رقم الحديث: 1579، وأحمد: المسند جلد 1 صفحه 107 رقم الحديث: 655 .

5010- أخرجه النسائي: الجمعة جلد 3 صفحه 91 (باب عدد صلاة الجمعة)، وابن ماجة: الاقامة جلد 1 صفحه 338 رقم الحديث: 1064-106[illegible]، وأحمد: المسند جلد 1 صفحه 47 رقم الحديث: 259 .

مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو قَالَ: نَا زَائِدَةُ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ زُبَيْدٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِي لَيْلَى، عَنْ عُمَرَ قَالَ: صَلَاةُ الْاَضْحَى رَكْعَتَانِ، وَصَلَاةُ الْفِطْرِ رَكْعَتَانِ، وَصَلَاةُ الْجُمُعَةِ رَكْعَتَانِ، وَصَلَاةُ الْمُسَافِرِ رَكْعَتَانِ، تَمَامٌ لَيْسَ بِقَصْرٍ عَلَى لِسَانِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

عیدالفطر' جمعہ' سفر کی نماز دو رکعتیں ہیں' ان تمام میں حضور ﷺ کی زبان سے کمی نہیں ہوئی۔

**5011** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْاَزْدِيُّ قَالَ: نَا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو قَالَ: نَا زَائِدَةُ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: كَبَّرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى النَّجَاشِيِّ اَرْبَعًا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے حضرت نجاشی کے نمازِ جنازہ میں چار تکبیریں پڑھیں۔

**5012** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ قَالَ: نَا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو قَالَ: نَا زَائِدَةُ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ ثَرْوَانَ، عَنْ هُزَيْلِ بْنِ شُرَحْبِيلَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، فِي بِنْتٍ، وَبِنْتِ ابْنٍ، وَاُخْتٍ قَالَ: لَكِنِّي اَقْضِي بِالَّذِي قَضَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لِلابْنَةِ النِّصْفُ، وَلابْنَةِ الابْنِ السُّدُسُ تَكْمِلَةَ الثُّلُثَيْنِ، وَمَا بَقِيَ فَلِلْاُخْتِ مِنَ الْاَبِ وَالْاُمِّ

حضرت ہزیل بن شرحبیل' حضرت عبداللہ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: بیٹی' پوتی' بہن کے حصہ کے لیے وہی فیصلہ کرتا ہوں جو رسول اللہ ﷺ نے کیا ہے' وہ یہ ہے کہ بیٹی کے لیے نصف' پوتی کے لیے سدس دوتہائی کو مکمل کرنے کے لیے' جو باقی بچے گا وہ حقیقی بہن کے لیے ہوگا۔

**5013** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ قَالَ: نَا

حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ

---

**5011**- أخرجه البخاري: الجنائز جلد3صفحه139 رقم الحديث:1245' ومسلم: الجنائز جلد2صفحه656 .

**5012**- أخرجه البخاري: الفرائض جلد 12صفحه18 رقم الحديث: 6736' وأبو داؤد: الفرائض جلد 3صفحه120 رقم الحديث: 2890' والترمذي: الفرائض جلد4صفحه415 رقم الحديث: 2093' وابن ماجة: الفرائض جلد2صفحه909 رقم الحديث: 2721' والدارمي: الفرائض جلد2صفحه447 رقم الحديث: 2890 .

**5013**- أخرجه البخاري: الفرائض جلد 12صفحه 51 رقم الحديث: 6764' ومسلم: الفرائض جلد 3 صفحه1233 .

مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو قَالَ: نَا زَائِدَةُ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عِيسَى، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ حُسَيْنٍ، عَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَرِثُ الْمُسْلِمُ الْمُشْرِكَ، وَلَا الْمُشْرِكُ الْمُسْلِمَ

سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: مسلمان کافر اور کافر مسلمان کا وارث نہیں بنے گا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذِهِ الْاَحَادِيثَ عَنْ زَائِدَةَ اِلَّا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، وَحُسَيْنٌ الْجُعْفِيُّ

یہ تمام احادیث زائدہ سے معاویہ بن عمرو اور حسین جعفی روایت کرتے ہیں۔

**5014** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْاَزْدِيُّ قَالَ: نَا اَبُو غَسَّانَ مَالِكُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ النَّهْدِيُّ قَالَ: نَا زُهَيْرٌ قَالَ: نَا عُتْبَةُ بْنُ حُمَيْدٍ الضَّبِّيُّ قَالَ: نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِي بَكْرِ بْنِ اَنَسٍ قَالَ: سَمِعْتُ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، يَقُولُ: مَا خَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ فِطْرٍ حَتَّى يَاْكُلَ تَمَرَاتٍ، ثَلَاثًا، اَوْ خَمْسًا، اَوْ سَبْعًا، اَوْ اَقَلَّ مِنْ ذٰلِكَ اَوْ اَكْثَرَ، وِتْرًا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عید الفطر کے دن ۳ یا ۴ یا ۷ یا اس سے کم یا زیادہ طاق مرتبہ کھجوریں کھا کر نکلتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُتْبَةَ بْنِ حُمَيْدٍ اِلَّا زُهَيْرٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَبُو غَسَّانَ

اس حدیث کو عتبہ بن حمید سے زہیر نے ہی روایت کیا۔ ان سے روایت کرنے میں ابوغسان اکیلے ہیں۔

**5015** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْاَزْدِيُّ قَالَ: نَا اَبُو غَسَّانَ مَالِكُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ قَالَ: نَا اَسْبَاطُ بْنُ نَصْرٍ، عَنِ السُّدِّيِّ، عَنْ صُبَيْحٍ، مَوْلَى اُمِّ سَلَمَةَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ،

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا حضرت علی، فاطمہ، حسن و حسین رضی اللہ عنہم کے متعلق: جو ان سے لڑے گا میں ان سے لڑوں گا، جو ان سے دوستی کرے گا میں ان سے دوستی

---

5014- أخرجه البخاري: العيدين جلد 2 صفحه 517 رقم الحديث: 953، والترمذي: الصلاة جلد 2 صفحه 427 رقم الحديث: 543، وابن ماجة: الصيام جلد 1 صفحه 558 رقم الحديث: 1754، وأحمد: المسند جلد 3 صفحه 284 رقم الحديث: 13432 .

5015- أخرجه الترمذي: المناقب جلد 5 صفحه 699 رقم الحديث: 3870، وقال: غريب . وابن ماجة: المقدمة جلد 1 صفحه 52 رقم الحديث: 145 .

أَنَّهُ قَالَ لِعَلِيٍّ، وَفَاطِمَةَ، وَحَسَنٍ، وَحُسَيْنٍ: أَنَا حَرْبٌ لِمَنْ حَارَبْتُمْ، سِلْمٌ لِمَنْ سَالَمْتُمْ

کروں گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ السُّدِّيِّ إِلَّا أَسْبَاطُ بْنُ نَصْرٍ

یہ حدیث سدی سے اسباط بن نصر روایت کرتے ہیں۔

**5016** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ قَالَ: نَا أَبُو غَسَّانَ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ قَالَ: نَا هَانِئُ بْنُ عُثْمَانَ أَبُو عُثْمَانَ بْنُ هَانِئٍ عَنْ أُمِّهِ حُمَيْضَةَ بِنْتِ يَاسِرٍ، عَنْ جَدَّتِهَا يَسِيرَةَ وَكَانَتْ إِحْدَى الْمُهَاجِرَاتِ، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا نِسَاءَ الْمُؤْمِنِينَ، عَلَيْكُنَّ بِالتَّهْلِيلِ، وَالتَّسْبِيحِ، وَالتَّقْدِيسِ، وَاعْقِدْنَ بِالْأَنَامِلِ، فَإِنَّهُنَّ مُسْتَنْطَقَاتٌ وَمَسْئُولَاتٌ، وَلَا تَغْفُلْنَ فَتَنْسَيْنَ الرَّحْمَةَ

ابوعثمان بن ھانی اپنی والدہ حمیضہ بنت یاسر' اپنی دادی یسیرہ سے روایت کرتی ہیں' فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اے ایمان والی عورتو! تم پر لازم ہے لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ' سبحان اللہ' قدوس' تم اس کو پڑھنا انگلیوں کے پوروں پر' یہ گواہی بھی دیں گی اور ان کے متعلق پوچھا بھی جائے گا کہ تم اللہ کی رحمت بھول جاتی ہو۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ يَسِيرَةَ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ

یہ حدیث یسیرہ سے اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں محمد بن بشر اکیلے ہیں۔

**5017** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ قَالَ: نَا أَبُو غَسَّانَ قَالَ: نَا زُهَيْرٌ قَالَ: نَا أَبُو حَمْزَةَ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: خَلَعَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَعْلَيْهِ وَهُوَ يُصَلِّي، فَخَلَعَ مَنْ خَلْفَهُ نِعَالَهُمْ، فَقَالَ: مَا حَمَلَكُمْ عَلَى خَلْعِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے نماز پڑھتے ہوئے اپنی نعلین شریف اتار دیں' پیچھے سے صحابہ کرام نے بھی اتار دیں' آپ نے فرمایا: تم کوکس نے اُبھارا تھا اپنی جوتیاں اُتارنے پر؟ صحابہ کرام نے عرض کی: ہم نے آپ کو

**5016**- أخرجه أبو داؤد: الصلاة جلد **2** صفحه **82** رقم الحديث: **1501**، والترمذي: الدعوات جلد **5** صفحه **571** رقم الحديث: **3583** . وقال: غريب . وأحمد: المسند جلد **6** صفحه **402** رقم الحديث: **3583** وقال: غريب . وأحمد: المسند جلد **6** صفحه **402** رقم الحديث: **27154** .

**5017**- اسناده فيه: أبو حمزة بن ميمون الأعور: ضعيف . والحديث أخرجه الطبراني في الكبير (**9972**)، والبزار (**29011**) كشف الأستار . وانظر: مجمع الزوائد (**5912**) .

نِعَالِكُمْ؟ قَالُوا: رَأَيْنَاكَ خَلَعْتَ فَخَلَعْنَا، فَقَالَ: اِنَّ جِبْرِيلَ اَخْبَرَنِي اَنَّ فِي اِحْدَيْهِمَا قَذَرًا، فَخَلَعْتُهُمَا لِذَلِكَ ، فَقَالَ: لَا تَخْلَعُوا نِعَالَكُمْ ،

اُتارتے ہوئے دیکھا تو ہم نے بھی اتار دیں۔ آپ نے فرمایا: حضرت جبریل نے مجھے بتایا کہ ان دونوں میں سے ایک کے نیچے قذر (نجاست) ہے، میں نے تو اس لیے اتاری تھیں، تم نہ اُتارو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي حَمْزَةَ اِلَّا زُهَيْرٌ

یہ حدیث ابوحمزہ سے زہیر روایت کرتے ہیں۔

فائدہ: اس حدیث سے دو باتیں معلوم ہوئیں: (۱) صحابہ کرام رضوان اللہ اجمعین کے کمال عشق کی کہ وہ نماز کے دوران حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت میں گم رہتے تھے (۲) آپ نے یہ کام تعلیمِ اُمت کے لیے کیا ورنہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کائنات کا ذرّہ بھی چھپا نہیں ہے۔ سنن کبریٰ للنسائی کی حدیث ہے کہ آپ نے فرمایا: میں پیچھے سے بھی ایسے ہی دیکھتا ہوں جس طرح میں آگے دیکھتا ہوں۔

**5018** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْاَزْدِيُّ قَالَ: نَا الْحَسَنُ بْنُ الرَّبِيعِ الْبُورَانِيُّ قَالَ: نَا اَبُو اِسْحَاقَ الْخُمَيْسِيُّ خَازِمُ بْنُ الْحُسَيْنِ، عَنْ مَالِكِ بْنِ دِينَارٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: صَلَّيْتُ خَلْفَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَخَلْفَ اَبِي بَكْرٍ، وَخَلْفَ عُمَرَ، وَخَلْفَ عُثْمَانَ، وَخَلْفَ عَلِيٍّ، فَكَانُوا يَفْتَتِحُونَ الْقِرَاءَةَ: بِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ، وَكَانُوا يَقْرَؤُنَهَا مَلِكِ يَوْمِ الدِّينِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، حضرت ابوبکر و عمر و عثمان رضی اللہ عنہم کے پیچھے نماز پڑھی، یہ سب قرأت الحمد للہ رب العالمین سے شروع کرتے تھے اور مالک یوم الدین پڑھتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَالِكِ بْنِ دِينَارٍ اِلَّا اَبُو اِسْحَاقَ الْخُمَيْسِيُّ

اس حدیث کو مالک بن دینار سے صرف ابواسحاق خمیسی نے روایت کیا۔

**5019** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْاَزْدِيُّ قَالَ: نَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ وَاقِدٍ الْحَرَّانِيُّ قَالَ: نَا زُهَيْرٌ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي سُفْيَانَ، عَنْ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوشعیب کے غلام لحام تھے، جب انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو حالت بھوک میں دیکھا تو اپنے غلام کو حکم دیا:

---

5018- أخرجه البخاري: الأذان جلد2صفحه265 رقم الحديث: 743، ومسلم: الصلاة جلد1صفحه299 .

5019- أخرجه مسلم: الأشربة جلد3صفحه1608 .

جَابِرٍ قَالَ: كَانَ لِاَبِي شُعَيْبٍ غُلَامٌ لَحَّامٌ، فَلَمَّا رَاَى مَا بِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْجَهْدِ اَمَرَ غُلَامَهُ، اَنْ يَجْعَلَ لَهُ طَعَامًا يَكْفِي خَمْسَةً، فَاَرْسَلَ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنِ ائْتِنَا خَامِسَ خَمْسَةٍ، فَقَامَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَتَبِعَهُمْ رَجُلٌ، فَلَمَّا انْتَهَى اِلَى بَابِهِ قَالَ: اِنَّكَ اَرْسَلْتَ اِلَيَّ اَنْ آتِيَكَ خَامِسَ خَمْسَةٍ، وَاِنَّ هٰذَا قَدِ اتَّبَعَنَا، فَاِنْ اَذِنْتَ لَهُ دَخَلَ، وَاِلَّا رَجَعَ قَالَ: فَاِنِّي قَدْ اَذِنْتُ لَهُ، فَلَا يَرْجِعْ

پانچ آدمیوں کا کھانا تیار کریں۔ رسول اللہ ﷺ کی طرف کسی کو بھیجا بلوانے کیلئے کہ آپ پانچ افراد کو ساتھ لے کر آئیں۔ حضور ﷺ کھڑے ہوئے' ان کے پیچھے ایک آدمی آیا' جب آپ دروازے کے پاس پہنچے تو آپ نے فرمایا: آپ نے پانچ آدمیوں کو بلوایا تھا' یہ بھی ہمارے ساتھ آ گیا ہے' اگر آپ اجازت دیتے ہیں تو داخل ہو جاتا ہے' ورنہ واپس چلا جاتا ہے' اس نے عرض کی: میں اس کو اجازت دیتا ہوں' واپس نہ جائے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي سُفْيَانَ اِلَّا زُهَيْرٌ وَرَوَاهُ الثَّوْرِيُّ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي وَائِلٍ، عَنْ اَبِي مَسْعُودٍ

یہ حدیث اعمش' ابوسفیان سے اور اعمش سے زہیر روایت کرتے ہیں۔ اس حدیث کو اعمش سے ثوری' وہ ابووائل سے' وہ ابومسعود سے روایت کرتے ہیں۔

**5020** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْاَزْدِيُّ قَالَ: نَا الْحَسَنُ بْنُ الرَّبِيعِ الْبُورَانِيُّ قَالَ: نَا اَبُو الْاَحْوَصِ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَفْطَرَ الْحَاجِمُ، وَالْمَحْجُومُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: پچھنا لگانے اور لگوانے والا روزہ افطار کریں۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي الْاَحْوَصِ اِلَّا الْحَسَنُ بْنُ الرَّبِيعِ

یہ حدیث ابواحوص سے حسن بن ربیع روایت کرتے ہیں۔

**5021** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْاَزْدِيُّ قَالَ: نَا الْحَسَنُ بْنُ الرَّبِيعِ قَالَ: نَا دَاوُدُ بْنُ عَبْدِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: پچھنا لگانے اور لگوانے والا روزہ

---

**5020**- أخرجه أحمد: المسند جلد6صفحه176 رقم الحديث: 25296 .

**5021**- أخرجه ابن ماجة: الصيام جلد1صفحه537 رقم الحديث: 1679' وأحمد: المسند جلد 2صفحه583 رقم الحديث: 8789 .

الرَّحْمَنِ الْعَطَّارُ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَفْطَرَ الْحَاجِمُ، وَالْمَحْجُومُ

افطار کریں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ إِلَّا دَاوُدُ الْعَطَّارُ

یہ حدیث ابن جریج سے داؤد عطار روایت کرتے ہیں۔

5022 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ قَالَ: نَا أَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ قَالَ: ثَنَا أَبُو الْأَحْوَصِ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ سُلَيْمَانَ، عَنْ عَوْنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ قَالَ: كَانَ لِأَبِي الْيُسْرِ عَلَى رَجُلٍ دَيْنٌ، فَأَتَاهُ يَتَقَاضَاهُ فِي أَهْلِهِ، فَقَالَ لِلْجَارِيَةِ: قُولِي لَيْسَ هُوَ هَاهُنَا، فَسَمِعَ صَوْتَهُ، فَقَالَ: اخْرُجْ، فَقَدْ سَمِعْتُ صَوْتَكَ، فَخَرَجَ إِلَيْهِ. فَقَالَ: مَا حَمَلَكَ عَلَى مَا صَنَعْتَ؟ قَالَ: الْعُسْرُ قَالَ: آللّٰهِ؟ قَالَ: آللّٰهِ. قَالَ: اذْهَبْ، فَلَكَ مَا عَلَيْكَ، إِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ أَنْظَرَ مُعْسِرًا، أَوْ وَضَعَ لَهُ كَانَ فِي ظِلِّ اللّٰهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ أَوْ فِي كَنَفِ اللّٰهِ

حضرت عون بن عبداللہ بن عتبہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: حضرت ابوالیسر کا ایک آدمی پر قرض تھا' ابوالیسر اپنا قرض لینے کے لیے ان کے گھر والوں سے قرض مانگنے لگے' اس آدمی نے اپنی لونڈی سے کہا: ان کو کہو: وہ یہاں نہیں ہے۔ حضرت ابوالیسر نے اس کی آواز سنی' کہا: نکلو! میں نے آپ کی آواز سنی ہے۔ وہ آدمی آپ کے پاس آیا' کہا: آپ کو ایسے کہنے پر کس نے اُبھارا تھا؟ اس نے کہا: تنگی نے۔ حضرت ابوالیسر نے کہا: اللہ کی قسم! اس نے کہا: اللہ کی قسم! حضرت ابوالیسر نے فرمایا: جاؤ! جو تجھے مال دیا تھا وہ تیرا ہے' کیونکہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جو تنگ دست کو مہلت دے گا یا اس کو معاف کر دے گا' اس آدمی کو اللہ تعالیٰ اپنے عرش کا سایہ دے گا' قیامت کے دن یا اللہ کی رحمت میں ہوگا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَاصِمٍ الْأَحْوَلِ إِلَّا أَبُو الْأَحْوَصِ

یہ حدیث عاصم احول سے ابواحوص روایت کرتے ہیں۔

5023 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ

حضرت سلیمان بن بریدہ اپنے والد سے روایت

---

5022- أصله عند مسلم من طريق أبي خرزة' عن عبادة بن الوليد بن عبادة بن الصامت' قال: خرجت أنا وأبي نطلب العلم في هذا الحي من الأنصار'...... فكان أول من لقينا أبا اليسر'...... فذكره . أخرجه مسلم: الزهد جلد 4 صفحه 2301' والطبراني في الكبير جلد 19 صفحه 166 رقم الحديث: 373 بلفظ واسناد الأوسط .

5023- أخرجه الترمذي: الجنة جلد 4 صفحه 681 رقم الحديث: 2543' وأحمد: المسند جلد 5 صفحه 413 .

قَالَ: نَا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ قَالَ: نَا الْمَسْعُودِيُّ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ رَجُلًا سَأَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَفِي الْجَنَّةِ خَيْلٌ؟ لِأَنِّي أُحِبُّ الْخَيْلَ، فَقَالَ: إِنْ يُدْخِلْكَ اللّٰهُ الْجَنَّةَ فَلَا تَشَاءُ أَنْ تَرْكَبَ عَلَى يَاقُوتَةٍ حَمْرَاءَ تَطِيرُ بِكَ فِي الْجَنَّةِ حَيْثُ شِئْتَ، فَجَاءَ رَجُلٌ آخَرُ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَفِي الْجَنَّةِ إِبِلٌ؟ قَالَ: فَلَمْ يَقُلْ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الَّذِي قَالَ لِصَاحِبِهِ قَالَ: إِنْ يُدْخِلْكَ اللّٰهُ الْجَنَّةَ يَكُونُ لَكَ فِيهَا مَا اشْتَهَتْ نَفْسُكَ، وَقَرَّتْ عَيْنُكَ

کرتے ہیں کہ ایک آدمی نے رسول اللہ ﷺ سے پوچھا: یارسول اللہ! کیا جنت میں گھوڑے ہوں گے؟ کیونکہ میں گھوڑوں کو پسند کرتا ہوں' آپ نے فرمایا: جب آپ کو اللہ جنت میں داخل کرے گا' آپ کو دنیا کے گھوڑے کی چاہت نہیں ہوگی' آپ سرخ یاقوت پر سوار ہوں گے' وہ آپ کو جنت میں جہاں آپ جانا چاہیں گے' اُڑا کر لے جائے گا۔ دوسرا آدمی آیا' اس نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا جنت میں اونٹ ہوں گے؟ آپ نے اس کو وہی جواب دیا جو اس کے ساتھی کو دیا تھا' فرمایا: اللہ آپ کو جنت میں داخل کرے گا' آپ کے لیے ہوگا جس کی چاہت آپ کا دل کرے گا اور تیری آنکھوں کو ٹھنڈا کرے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ، عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ أَبِيهِ، إِلَّا الْمَسْعُودِيُّ

یہ حدیث علقمہ بن مرثد' ابن بریدہ سے' وہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' علقمہ سے مسعودی ہی روایت کرتے ہیں۔

**5024** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ قَالَ: نَا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ قَالَ: نَا الْمَسْعُودِيُّ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ لِي حَوْضًا مَا بَيْنَ كَذَا إِلَى كَذَا، فِيهِ مِنَ الْآنِيَةِ عَدَدُ النُّجُومِ، أَشَدُّ بَيَاضًا مِنَ اللَّبَنِ، وَأَحْلَى مِنَ الْعَسَلِ، وَأَبْرَدُ مِنَ الثَّلْجِ، وَأَطْيَبُ مِنَ الْمِسْكِ، مَنْ شَرِبَ مِنْهُ لَمْ يَظْمَأْ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میرا حوض اتنا اتنا لمبا ہوگا' اس میں برتن ستاروں کی تعداد کے برابر ہوں گے' اس میں سفیدی دودھ سے زیادہ ہوگی' شہد سے زیادہ میٹھا ہوگا' برف سے زیادہ ٹھنڈا ہوگا' مشک سے زیادہ خوشبودار ہوگا' جو اس سے پی لے گا وہ کبھی پیاسا نہیں ہوگا' جو اس سے نہیں پیئے گا اس کی کبھی بھی پیاس ختم نہیں ہوگی۔

**5024**- اسناده فيه: المسعودي: صدوق لكنه اختلط . والحديث أخرجه البزار ( **17814**) كشف الأستار . وانظر مجمع الزوائد جلد**10**صفحه**364** .

اَبَدًا، وَمَنْ لَمْ يَشْرَبْ مِنْهُ لَمْ يَرْوِ اَبَدًا

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ اِلَّا الْمَسْعُودِيُّ

یہ حدیث عدی بن ثابت سے مسعودی روایت کرتے ہیں۔

**5025** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْاَزْدِيُّ قَالَ: نا يَزِيدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْمَعْنِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ قَالَ: سَمِعْتُ جُنَيْدَ بْنَ الْعَلَاءِ بْنِ اَبِي دَهْرَةَ يَذْكُرُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ اُمِّ الدَّرْدَاءِ، عَنْ اَبِي الدَّرْدَاءِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَفَرَّغُوا مِنْ هُمُومِ الدُّنْيَا مَا اسْتَطَعْتُمْ، فَاِنَّهُ مَنْ كَانَتِ الدُّنْيَا اَكْبَرَ هَمِّهِ اَفْشَى اللّٰهُ ضَيْعَتَهُ، وَجَعَلَ فَقْرَهُ بَيْنَ عَيْنَيْهِ، وَمَنْ كَانَتِ الْآخِرَةُ اَكْبَرَ هَمِّهِ جَمَعَ اللّٰهُ لَهُ اُمُورَهُ، وَجَعَلَ غِنَاهُ فِي قَلْبِهِ، وَمَا اَقْبَلَ عَبْدٌ بِقَلْبِهِ اِلَى اللّٰهِ اِلَّا جَعَلَ اللّٰهُ قُلُوبَ الْمُؤْمِنِينَ تَفِدُ اِلَيْهِ بِالْوُدِّ وَالرَّحْمَةِ، وَكَانَ اللّٰهُ اِلَيْهِ بِكُلِّ خَيْرٍ اَسْرَعَ

حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اپنے آپ کو دنیا کے غموں سے فارغ کرو جتنی تم طاقت رکھتے ہو جو دنیا کے غم میں رہے گا اللہ عزوجل اس کی ضروریات میں اضافہ کر دے گا اور محتاجی اس کی دونوں آنکھوں کے درمیان کر دے گا جو آخرت کے غم رکھے گا اللہ عزوجل ساری باتیں اس کے لیے جمع کر دے گا (یعنی دین و دنیا) اور غنا اس کے دل میں رکھ دے گا جو کوئی بندہ اپنے دل کو اللہ کی یاد میں رکھتا ہے تو اللہ عزوجل ایمان والوں کے دلوں میں اس کی محبت اور شفقت ڈال دیتا ہے اللہ عزوجل اس کے لیے ہر نیکی والے کام زیادہ آسان کر دیتا ہے۔

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ اَبِي الدَّرْدَاءِ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ

یہ حدیث ابوالدرداء سے اسی سند سے روایت ہے ان سے روایت کرنے میں محمد بن بشر اکیلے ہیں۔

**5026** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْاَزْدِيُّ

حضرت یوسف بن عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہما

---

**5025**- اسناده فيه: أ- جنيد بن العلاء لينه الأزدي ورماه ابن حبان بالتدليس' ووصفه بالصلاح البزار وأبو حاتم . وذكره ابن حبان في الثقات . انظر لسان الميزان جلد 2 صفحه 141 . ب- محمد بن سعيد بن حسان الأسدي الشامي المصلوب: كذاب والحديث أخرجه الطبراني في الكبير . قاله الحافظ الهيثمي . انظر مجمع الزوائد جلد 10 صفحه 250-251 .

**5026**- اسناده فيه: صدقة بن أبي سهل أبو سهل الهنائي: سكت عنه ابن أبي حاتم والبخاري' وذكره ابن حبان في الثقات . انظر التاريخ الكبير جلد 7 صفحه 213 . لسان الميزان جلد 4 صفحه 485' الثقات جلد 6 صفحه 350 . وانظر: مجمع الزوائد جلد 1 صفحه 304 .

قَالَ: نَا خَالِدُ بْنُ خِدَاشٍ قَالَ: نَا صَدَقَةُ بْنُ اَبِی سَهْلٍ اَبُو سَهْلٍ الْهُنَائِیُّ قَالَ: حَدَّثَنِی كَثِیرٌ اَبُو الْفَضْلِ، عَنْ یُوسُفَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَامٍ قَالَ: اَتَیْتُ اَبَا الدَّرْدَاءِ وَهُوَ بِالشَّامِ، فَقَالَ: مَا جَاءَ بِكَ یَا بُنَیَّ اِلَی هَذِهِ الْبَلْدَةِ؟ وَمَا عَنَّاكَ اِلَیْهَا؟ قُلْتُ: مَا جَاءَ بِی اِلَّا صِلَةُ مَا كَانَ بَیْنَكَ وَبَیْنَ اَبِی، فَاَخَذَ بِیَدِی فَاَجْلَسَنِی، فَسَانَدْتُهُ، ثُمَّ قَالَ: بِئْسَ سَاعَةُ الْكَذِبِ عَلَی رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، سَمِعْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُولُ: مَا مِنْ مُسْلِمٍ یُذْنِبُ ذَنْبًا فَیَتَوَضَّأُ، ثُمَّ یُصَلِّی رَكْعَتَیْنِ، اَوْ اَرْبَعًا، مَفْرُوضَةً اَوْ غَیْرَ مَفْرُوضَةٍ، ثُمَّ یَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ اِلَّا غَفَرَ اللّٰهُ لَهُ

فرماتے ہیں کہ میں حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ کے پاس آیا' آپ اس وقت ملک شام میں تھے' آپ نے فرمایا: اے میرے بیٹے! آپ اس شہر میں کیسے آئے ہیں؟ آپ کو یہاں کوئی کام ہے؟ میں نے عرض کی: میں صرف صلہ رحمی کے لیے آیا ہوں' جو آپ کے اور میرے والد کے درمیان ہے۔ آپ نے میرا ہاتھ پکڑا' مجھے بٹھایا' میں نے ٹیک لگائی' پھر فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اس وقت جھوٹ بولنا بہت بُرا ہے' میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ جس مسلمان سے کوئی گناہ ہو جائے تو وہ وضو کرے' دو رکعت نفل ادا کرے یا چار فرضوں کے علاوہ' پھر اللہ سے بخشش طلب کرے تو اللہ عزوجل اس کو بخش دے گا۔

لَا یُرْوَی هَذَا الْحَدِیثُ عَنْ اَبِی الدَّرْدَاءِ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: صَدَقَةُ بْنُ اَبِی سَهْلٍ

یہ حدیث ابوالدرداء سے اسی سند سے روایت ہے' ان سے روایت کرنے میں صدقہ بن ابوسہیل اکیلے ہیں۔

**5027** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْاَزْدِیُّ قَالَ: نَا خَالِدُ بْنُ خِدَاشٍ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَیَّاشِ بْنِ عَبَّاسٍ الْقِتْبَانِیُّ، عَنْ اَبِیهِ، عَنْ اَبِی عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْحُبُلِیِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ سُئِلَ عَنْ عِلْمٍ فَكَتَمَهُ اُلْجِمَ یَوْمَ الْقِیَامَةِ

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس سے علم کے متعلق پوچھا گیا' اس نے چھپایا تو اس کو قیامت کے دن آگ کی لگام پہنائی جائے گی۔

---

**5027**- اسناده فیه: عبد الله بن عیاش القتبانی: ضعیف ـ والحدیث أخرجه الحاكم وصححه علی شرط الشیخین جلد 1 صفحه 102 ووافقه الحافظ الذهبی' وعزاه الحافظ الهیثمی للكبیر والأوسط' وقال: رجاله موثقون ـ انظر: مجمع الزوائد جلد 1 صفحه 166 ـ قلت: اسناده ضعیف لما تقدم' والله أعلم ـ

بِلِجَامٍ مِنْ نَارٍ

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو اِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَيَّاشٍ

یہ حدیث عبداللہ بن عمرو سے اسی سند سے روایت ہے ان سے روایت کرنے میں عبداللہ بن عیاش اکیلے ہیں۔

**5028** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْاَزْدِيُّ قَالَ: نَا خَالِدُ بْنُ خِدَاشٍ قَالَ: نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ قَالَ: حَدَّثَنِي بِشْرُ بْنُ رَافِعٍ الْحَارِثِيُّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ، دَوَاءٌ مِنْ تِسْعَةٍ وَتِسْعِينَ دَاءً اَيْسَرُهَا الْهَمُّ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: لاحول ولاقوۃ الا باللہ بیماروں کی دواء ہے سب سے کم پریشانی کوختم کرتا ہے پڑھنے سے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ اِلَّا بِشْرُ بْنُ رَافِعٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ الرَّزَّاقِ

یہ حدیث محمد بن عجلان سے بشر بن رافع روایت کرتے ہیں اس کو روایت کرنے میں عبدالرزاق اکیلے ہیں۔

**5029** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْاَزْدِيُّ قَالَ: نَا بِشْرُ بْنُ الْوَلِيدِ الْقَاضِي قَالَ: نَا حِبَّانُ بْنُ عَلِيٍّ، عَنْ سَعْدِ بْنِ طَرِيفٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ طَلْحَةَ، عَنْ خَوْلَةَ بِنْتِ قَيْسٍ، امْرَاَةِ حَمْزَةَ، قَالَتْ: كَانَ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَسْقًا مِنْ تَمْرٍ لِرَجُلٍ فِي بَنِي سَاعِدَةَ، فَاَتَاهُ يَقْتَضِيهِ، فَاَمَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلًا مِنَ الْاَنْصَارِ اَنْ يَقْضِيَهُ، فَقَضَاهُ تَمْرًا دُونَ تَمْرِهِ، فَاَبَى اَنْ يَقْبَلَهُ،

حضرت حمزہ کی بیوی حضرت خولہ بنت قیس رضی اللہ عنہا روایت فرماتی ہیں کہ حضورصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ذمہ بنی ساعدہ کے ایک آدمی کی بطور قرض ایک وسق کھجوریں تھیں اس نے آپ سے مطالبہ کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انصار کے ایک آدمی کو ادا کرنے کا حکم دیا اس کی کھجوروں کے علاوہ اس نے قبول کرنے سے انکار کر دیا اس نے کہا: کیا آپ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر پیش کریں گے؟ دوسرے نے کہا: جی ہاں! رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے زیادہ عدل کرنے والا کون

---

**5028**- اسناده فيه: بشر بن رافع: فقيه ضعيف . وانظر مجمع الزوائد جلد**10**صفحه**101** .

**5029**- اسناده فيه: أ- حبان بن علي: ضعيف . ب - سعد بن طريف: متروك . والحديث أخرجه الطبراني في الكبير جلد**24**صفحه**2321** . وانظر مجمع الزوائد (**14314**) .

فَقَالَ: اَتَرُدُّ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: نَعَمْ، وَمَنْ اَحَقُّ بِالْعَدْلِ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ فَاكْتَحَلَتْ عَيْنَا رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِدُمُوعِهِ، ثُمَّ قَالَ: صَدَقَ، مَنْ اَحَقُّ بِالْعَدْلِ مِنِّي؟ لَا قَدَّسَ اللّٰهُ اُمَّةً لَا يَاْخُذُ ضَعِيفُهَا حَقَّهُ مِنْ شَدِيدِهَا، وَهُوَ لَا يُتَعْتِعُهُ، ثُمَّ قَالَ: يَا خَوْلَةُ، عُدِّيهِ، وَاذْهُنِيهِ، وَاقْضِيهِ، فَاِنَّهُ لَيْسَ مِنْ غَرِيمٍ يَخْرُجُ مِنْ عِنْدِ غَرِيمِهِ رَاضِيًا اِلَّا صَلَّتْ عَلَيْهِ دَوَابُّ الْاَرْضِ، وَنُونُ الْبِحَارِ، وَلَيْسَ مِنْ عَبْدٍ يَلْوِي غَرِيمَهُ، وَهُوَ يَجِدُ اِلَّا كَتَبَ اللّٰهُ عَلَيْهِ فِي كُلِّ يَوْمٍ وَلَيْلَةٍ اِثْمًا

ہے؟ میں نے رسول اللہ ﷺ کی آنکھوں سے آنسو صاف کیے ہیں' آپ نے فرمایا: سچ کہا' مجھ سے زیادہ عدل کرنے والا کون ہے؟ اللہ عزوجل اس اُمت کو پاک نہیں کرتا ہے جو اپنا حق کمزور سے سختی نہ لے۔ پھر فرمایا: اے خولہ! اس کو شمار کر اور گن اور قرض ادا کر کیونکہ مچھلیاں سمندر میں جو کوئی قرض خواہ مقروض سے قرض لے کر جاتا ہے خوشی خوشی' زمین میں جانور بھی اس کے لیے دعا کر رہے ہوتے ہیں' آدمی قرض ادا کرنے کے لیے کوئی شی پاتا ہو اور ادا نہ کرے تو اللہ عزوجل اس کے لیے ہر دن و رات ایک گناہ لکھتا ہے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ خَوْلَةَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: حِبَّانُ بْنُ عَلِيٍّ

یہ حدیث خولہ سے اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے والے حبان بن علی اکیلے ہیں۔

**5030** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْاَزْدِيُّ قَالَ: نَا وَضَّاحُ بْنُ يَحْيَى النَّهْشَلِيُّ قَالَ: نَا اَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنْ عُمَرَ بْنِ بَشِيرٍ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَلِيٍّ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَاْمُرُ بِلَالًا اَنْ يُرَتِّلَ فِي الْاَذَانِ، وَيَحْدِرُ فِي الْاِقَامَةِ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو اذان ترتیل کے ساتھ اور اقامت جلدی جلدی دینے کا حکم دیتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُمَرَ بْنِ بَشِيرٍ اِلَّا اَبُو مُعَاوِيَةَ، وَلَا يُرْوَى عَنْ عَلِيٍّ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ

یہ حدیث عمر بن بشیر سے ابو معاویہ اور حضرت علی سے اسی سند سے روایت ہے۔

**5031** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْاَزْدِيُّ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ

---

**5030**- أخرجه الدارقطني: سننه جلد**1**صفحه**238** رقم الحديث:**9**' انظر نصب الراية جلد**1**صفحه**276** .

**5031**- أخرجه الطبراني في الكبير جلد **11**صفحه**354** رقم الحديث: **11996**' وذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد**4**صفحه**108** وقال: ورجاله رجال الصحيح .

قَالَ: نَا شِهَابُ بْنُ عَبَّادٍ الْعَبْدِيُّ قَالَ: نَا دَاوُدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْعَطَّارُ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ بَيْعِ الْحَيَوَانِ بِالْحَيَوَانِ اَىْ: نَسَاءً لَمْ يَصِلْ

حضورﷺ نے جانور کو جانور کے بدلے ادھار فروخت کرنے سے منع کیا۔

هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَعْمَرٍ اِلَّا دَاوُدُ الْعَطَّارُ، وَسُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، تَفَرَّدَ بِحَدِيثِ دَاوُدَ: شِهَابٌ، وَتَفَرَّدَ بِحَدِيثِ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ: عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، عَنْ اَبِي اَحْمَدَ الزُّبَيْرِيِّ

یہ حدیث معمر سے داؤد العطار اور سفیان ثوری روایت کرتے ہیں۔ داؤد اور شہاب اس حدیث کو اکیلے روایت کرنے والے ہیں۔ سفیان ثوری' عثمان بن ابوشیبہ سے' وہ ابواحمد زبیری سے روایت کرنے میں اکیلے ہیں۔

**5032** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْاَزْدِيُّ قَالَ: نَا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو قَالَ: نَا الْمُفَضَّلُ بْنُ صَدَقَةَ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، وَاِسْمَاعِيلَ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِي رَبَاحٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: سُئِلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَامَ حَجَّ عَنِ الرَّمَلِ فَقَالَ: اِنَّ اللّٰهَ كَتَبَ عَلَيْكُمُ السَّعْىَ فَاسْعَوْا

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے' فرماتے ہیں کہ حضورﷺ سے پوچھا گیا: حج کے سال رمل کرنے کے متعلق۔ آپ نے فرمایا: اللہ عزوجل نے سعی کو فرض کیا' تم سعی کیا کرو۔

**5033** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْاَزْدِيُّ قَالَ: نَا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو قَالَ: نَا الْمُفَضَّلُ بْنُ صَدَقَةَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ، عَنِ الْاَسْوَدِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَاَنِّي اَنْظُرُ اِلَى بَصِيصِ الطِّيبِ فِي مَفْرِقِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَهُوَ مُحْرِمٌ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں اب بھی رسول اللہﷺ کے سرانور میں مانگ کی سفیدی کو دیکھ رہی ہوں جو آپ نے حالت احرام میں نکالی تھی۔

---

5032- اسناده فيه: المفضل بن صدقة أبو حماد الحنفي: ضعيف . وتركه النسائي . انظر: لسان الميزان جلد6 صفحه80 . وانظر مجمع الزوائد جلد3صفحه242 .

5033- أخرجه البخاري: الغسل جلد1صفحه454 رقم الحديث: 271' ومسلم: الحج جلد2صفحه847 .

5034 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْاَزْدِيُّ قَالَ: نَا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو قَالَ: نَا الْمُفَضَّلُ بْنُ صَدَقَةَ، عَنِ ابْنِ اَبِي لَيْلَى، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: مَا اَلْبَسُ مِنَ الثِّيَابِ اِذَا اَرَدْتُ اَنْ اُحْرِمَ؟ فَقَالَ: لَا تَلْبَسِ الْقَمِيصَ، وَلَا الْقَبَاءَ، وَلَا الْعِمَامَةَ، وَلَا السَّرَاوِيلَ، وَلَا الْخُفَّيْنِ، اِلَّا اَنْ لَا يكُونَ لَكَ نَعْلَانِ، فَاِنْ لَمْ يَكُنْ لَكَ نَعْلَانِ فَالْبَسِ الْخُفَّيْنِ، وَلَا تَلْبَسْ شَيْئًا مِنَ الثِّيَابِ مَسَّهُ زَعْفَرَانٌ، وَلَا وَرْسٌ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے ایک آدمی حضور ﷺ کے پاس آیا' اس نے عرض کی: حالت احرام میں کون سے کپڑے پہننا جائز ہیں؟ آپ نے فرمایا: قمیص' ٹوپی' عمامہ' سلوار' موزے نہیں پہن سکتا ہے مگر یہ کہ تیرے لیے نعلین نہ ہوں' اگر نعلین نہ ہوں تو موزے پہن لے اور ایسے کپڑے نہ پہنے جن کو زعفران اور ورس سے رنگا ہوا ہو۔

5035 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْاَزْدِيُّ قَالَ: نَا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو قَالَ: نَا الْمُفَضَّلُ بْنُ صَدَقَةَ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ اَيُّوبَ السَّخْتِيَانِيِّ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: مَا يَلْبَسُ الْمُحْرِمُ مِنَ الثِّيَابِ؟ قَالَ: لَا يَلْبَسُ الْقَمِيصَ، وَلَا الْعِمَامَةَ، وَلَا الْبُرْنُسَ، وَلَا السَّرَاوِيلَ، وَلَا الْخُفَّيْنِ، اِلَّا اَنْ لَا يَجِدَ نَعْلَيْنِ فَلْيَلْبَسْ خُفَّيْهِ، وَيَقْطَعُهُمَا اَسْفَلَ مِنَ الْكَعْبَيْنِ، وَلَا يَلْبَسُ ثَوْبًا مَصْبُوغًا بِزَعْفَرَانٍ وَلَا وَرْسٍ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے' ایک آدمی حضور ﷺ کے پاس آیا' اس نے عرض کی: حالت احرام میں کون سے کپڑے پہننا جائز ہیں؟ آپ نے فرمایا: قمیص' ٹوپی' عمامہ' سلوار' موزے نہیں پہن سکتا ہے مگر جب نعلین نہ ہوں' اگر نعلین نہ ہوں تو موزے پہن لے اور انہیں ٹخنوں کے نیچے سے کاٹ لے اور ایسے کپڑے نہ پہنے جن کو زعفران اور ورس سے رنگا ہوا ہو۔

5036 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْاَزْدِيُّ قَالَ: نَا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو قَالَ: نَا الْمُفَضَّلُ بْنُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں حضور ﷺ کو احرام باندھنے سے پہلے خوشبو لگاتی تھی اور

---

5034- أخرجه البخاري: العلم جلد1 صفحه278 رقم الحديث: 134' ومسلم: الحج جلد2 صفحه835 .

5035- تقدم تخريجه .

5036- أخرجه البخاري: اللباس جلد10 صفحه378 رقم الحديث: 5922' ومسلم: الحج جلد 2 صفحه847 بنحوه .

صَدَقَةَ، عَنِ ابْنِ اَبِی لَیْلَی، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: کُنْتُ اُطَیِّبُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَبْلَ اَنْ یُحْرِمَ، وَقَبْلَ اَنْ یُفِیضَ اِذَا رَمَی جَمْرَةَ الْعَقَبَةِ

جمرہ عقبہ کو کنکریاں مارتے تو طوافِ افاضہ سے پہلے۔

**5037** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْاَزْدِیُّ قَالَ: نَا مُعَاوِیَةُ بْنُ عَمْرٍو قَالَ: نَا الْمُفَضَّلُ بْنُ صَدَقَةَ، عَنْ عُبَیْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: اَهَلَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بَعْدَ الْفَجْرِ حِینَ اسْتَقَلَّتْ بِهِ رَاحِلَتُهُ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فجر کے بعد تلبیہ پڑھتے تھے جس وقت آپ سواری پر بیٹھ جاتے تھے۔

**5038** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْاَزْدِیُّ قَالَ: نَا مُعَاوِیَةُ بْنُ عَمْرٍو قَالَ: نَا الْمُفَضَّلُ بْنُ صَدَقَةَ، عَنِ ابْنِ اَبِی لَیْلَی، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: کَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِذَا لَبَّی قَالَ: لَبَّیْكَ اللّٰهُمَّ لَبَّیْكَ، لَبَّیْكَ لَا شَرِیكَ لَكَ لَبَّیْكَ، اِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَةَ لَكَ وَالْمُلْكَ، لَا شَرِیكَ لَكَ

حضرت نافع' حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب تلبیہ پڑھتے تھے تو یوں پڑھتے تھے: ''لبیك اللّٰهم لبیك الٰی آخره''۔

**5039** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْاَزْدِیُّ قَالَ: نَا مُعَاوِیَةُ بْنُ عَمْرٍو قَالَ: نَا الْمُفَضَّلُ بْنُ صَدَقَةَ، عَنْ اِسْمَاعِیلَ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: تَلَقَّنْتُ التَّلْبِیَةَ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: لَبَّیْكَ اللّٰهُمَّ لَبَّیْكَ، لَبَّیْكَ لَا شَرِیكَ لَكَ لَبَّیْكَ، اِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَةَ لَكَ وَالْمُلْكَ، لَا شَرِیكَ لَكَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جو میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے تلبیہ یاد کیا' وہ یہ ہے: ''لبیك اللّٰهم لبیك الٰی آخره''۔

**5040** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْاَزْدِیُّ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے

---

5038- أخرجه البخاری: الحج جلد3صفحه477 رقم الحدیث: 1549' ومسلم: الحج جلد2صفحه841 .

5040- تقدم تخریجه .

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے میت کی طرف سے حج کیا اس کے لیے اس کی مثل ثواب ملے گا' جس نے کسی کا روزہ افطار کروایا اس کے لیے اس کی مثل ثواب ملے گا' جس نے کسی کو نیکی کی دعوت دی تو اس کو ثواب کرنے والے کی مثل ملے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ إِلَّا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ أَبِي كَرِيمَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ عَلِيُّ بْنُ بَهْرَامَ

یہ حدیث ابن جریج سے عبدالملک بن ابوکریمہ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں علی بن بہرام اکیلے ہیں۔

**5819** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الْكِنْدِيُّ قَالَ: نا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ، عَنْ حَفْصِ بْنِ صَالِحٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ بَرَّ قَسَمَهُمَا، وَقَضَى دَيْنَهُمَا، وَلَمْ يَسْتَسِبَّ لَهُمَا كُتِبَ بَارًّا، وَإِنْ

حضرت عبدالرحمٰن بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے اپنے ماں باپ کی قسم اُٹھائی اور دونوں کا قرض ادا کیا اور ان دونوں کو گالی نہیں دی تو اس کے لیے نیکیاں لکھی جائیں گی اگرچہ وہ نافرمان ہو' جس نے ان دونوں کی قسم پوری نہیں کی اور دونوں کو قرض ادا نہیں کیا' ان دونوں کو گالیاں دیں تو اس کو

---

**5818**- اسناده فيه: على بن بهرام بن يزيد' ترجمة الخطيب فى تاريخه' ولم يذكر فيه جرحًا ولا تعديلًا . وانظر مجمع الزوائد جلد3صفحه258 .

كَانَ عَاقًّا، وَمَنْ لَمْ يَبَرَّ قَسَمَهُمَا، وَلَمْ يَقْضِ دَيْنَهُمَا، وَاسْتَسَبَّ لَهُمَا كُتِبَ عَاقًّا، وَإِنْ كَانَ بَارًّا فِي حَيَاتِهِمَا

نافرمان لکھا جائے گا اگرچہ ان دونوں کی زندگی میں نیکیاں کرتا رہا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ سَمُرَةَ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ.

یہ حدیث عبدالرحمٰن بن سمرہ سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں حفص بن غیاث اکیلے ہیں۔

**5820** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نا الْعَبَّاسُ بْنُ الْحُسَيْنِ الْقَنْطَرِيُّ قَالَ: نا الْأَسْوَدُ بْنُ عَامِرٍ قَالَ: ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ أَبِي سُفْيَانَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ مَاتَ، وَلَيْسَ عَلَيْهِ إِمَامٌ مَاتَ مِيتَةً جَاهِلِيَّةً

حضرت معاویہ بن سفیان رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو اس حالت میں دنیا سے گیا کہ اس کا پیشوا کوئی نہ ہو تو وہ جاہلیت کی موت مرے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْأَعْمَشِ إِلَّا أَبُو بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، تَفَرَّدَ بِهِ الْأَسْوَدُ بْنُ عَامِرٍ شَاذَانُ وَرَوَاهُ غَيْرُ شَاذَانَ، عَنْ أَبِي بَكْرِ بْنِ عَيَّاشٍ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ بَهْدَلَةَ

یہ حدیث اعمش سے ابوبکر بن عیاش روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں اسود بن عامر شاذان اکیلے ہیں۔ شاذان کے علاوہ یہ حدیث ابوبکر بن عیاش سے، وہ عاصم بن بہدلہ سے روایت کرتے ہیں۔

**5821** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عُيَيْنَةَ الْبَصْرِيُّ قَالَ: ثنا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدٍ السَّلَمِيُّ أَبُو الْحَسَنِ الْمَدَائِنِيُّ قَالَ: نا مَسْلَمَةُ بْنُ مُحَارِبِ بْنِ مُسْلِمِ بْنِ زِيَادٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي بَكْرَةَ، أَنَّ جِبْرِيلَ عَلَيْهِ السَّلَامُ خَتَنَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، حِينَ طَهَّرَ قَلْبَهُ

حضرت ابوبکرہ سے روایت ہے کہ حضرت جبریل علیہ السلام نے جس وقت حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے قلب کو پاک کیا اس وقت آپ کے ختنے کیے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ أَبِي بَكْرٍ إِلَّا بِهَذَا

یہ حدیث ابوبکرہ سے اسی سند سے روایت ہے۔

الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عُيَيْنَةَ

اس کو روایت کرنے میں عبدالرحمٰن بن عیینہ اکیلے ہیں۔

**5822** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: ثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَمْرِو بْنِ جَبَلَةَ الْبَاهِلِيُّ قَالَ: نا عَمْرُو بْنُ النُّعْمَانِ، عَنْ كَثِيرِ أَبِي الْفَضْلِ، عَنْ مُطَرِّفِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الشِّخِّيرِ قَالَ: سَمِعْتُ عَمَّارَ بْنَ يَاسِرٍ، يَقُولُ: خَطَبَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: أَيُّ يَوْمٍ هَذَا؟، فَقُلْنَا: يَوْمُ النَّحْرِ. فَقَالَ: أَيُّ شَهْرٍ هَذَا؟، فَقُلْنَا: ذُو الْحِجَّةِ، شَهْرٌ حَرَامٌ. قَالَ: فَأَيُّ بَلَدٍ هَذَا؟، قُلْنَا: بَلَدٌ حَرَامٌ. قَالَ: فَإِنَّ دِمَاءَكُمْ، وَأَمْوَالَكُمْ، وَأَعْرَاضَكُمْ عَلَيْكُمْ حَرَامٌ كَحُرْمَةِ يَوْمِكُمْ هَذَا، فِي شَهْرِكُمْ هَذَا، فِي بَلَدِكُمْ هَذَا، أَلَا لِيُبَلِّغَ الشَّاهِدُ الْغَائِبَ

حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہم کو خطبہ دیا' فرمایا: یہ کون سا دن ہے؟ ہم نے عرض کی: نحر کا دن' آپ نے فرمایا: یہ کون سا مہینہ ہے؟ ہم نے عرض کی: ذی الحجہ' حرمت والا مہینہ۔ آپ نے فرمایا: یہ کون سا شہر ہے؟ ہم نے عرض کی: حرمت والا شہر۔ آپ نے فرمایا: تمہارے خون اور اموال اور عزتیں ایک دوسرے پر ایسے حرام ہیں جس طرح آج کے اس دن اور مہینہ اور اس شہر میں۔ خبردار! حاضر غائب کو بتادے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ عُمَارَةَ بْنِ يَاسِرٍ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَمْرِو بْنِ جَبَلَةَ

یہ حدیث عمار بن یاسر سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں عبدالرحمٰن بن عمرو بن جبلہ اکیلے ہیں۔

**5823** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نا أَبُو كُرَيْبٍ قَالَ: نا عُثْمَانُ بْنُ زُفَرٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ الرَّبِيعِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ مَسْرُوقٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: قَالَ لِي جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ: مَا كَانَ عَلَى الْأَرْضِ شَيْءٌ أَبْغَضَ إِلَيَّ مِنْ فِرْعَوْنَ، فَلَمَّا آمَنَ بِفِيهِ جَعَلْتُ أَحْشُو فَاهُ حَمَأَةً، خَشْيَةَ أَنْ تُدْرِكَهُ الرَّحْمَةُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: مجھے حضرت جبریل علیہ السلام نے عرض کی: روئے زمین میں ناپسندیدہ شی فرعون سے زیادہ نہیں تھی' جب وہ ایمان لانے لگا تو میں اس کے منہ میں کیچڑ ڈالنے لگا' اس ڈر سے کہ اس کو رحمت نہ ملے۔

**5824** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

---

5824- أخرجه أحمد: المسند جلد4صفحه478 رقم الحديث: 19508 . وقال الهيثمي في المجمع جلد 10

الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْوَاحِدِ بْنِ عَنْبَسَةَ بْنِ عَبْدِ الْوَاحِدِ قَالَ: حَدَّثَنِي جَدِّي عَنْبَسَةُ بْنُ عَبْدِ الْوَاحِدِ، عَنْ نُصَيْرِ بْنِ الْاَشْعَثِ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ اَبِي تَمِيمَةَ الْهُجَيْمِيِّ، عَنْ اَبِي مُوسَى قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِي مَا قَدَّمْتُ، وَمَا اَخَّرْتُ، وَمَا اَسْرَرْتُ، وَمَا اَعْلَنْتُ، وَمَا اَنْتَ اَعْلَمُ بِهِ مِنِّي، اَنْتَ الْمُقَدِّمُ، وَاَنْتَ الْمُؤَخِّرُ، وَاَنْتَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ

میں نے حضور ﷺ کو عرض کرتے ہوئے سنا: ''اللّٰھم اغفرلی ما قدمت الٰی آخرہٖ''۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ نُصَيْرِ بْنِ الْاَشْعَثِ اِلَّا عَنْبَسَةُ، تَفَرَّدَ بِهِ وَلَدُهُ عَنْهُ

یہ حدیث نصیر بن اشعث سے عنبسہ روایت کرتے ہیں۔ اس کو ان کے بیٹے روایت کرنے میں اکیلے ہیں۔

**5825** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نا اَبُو بِلَالٍ الْاَشْعَرِيُّ قَالَ: ثَنَا شَرِيكٌ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ عُمَرَ، يَعْنِي: مِنْ تَمِيمٍ، عَنْ عُمَرَ، اَنَّهُ قَبَّلَ الْحَجَرَ، وَقَالَ: اِنِّي لَاَعْلَمُ اَنَّكَ حَجَرٌ لَا تَضُرُّ، وَلَا تَنْفَعُ، وَلَوْلَا اَنِّي رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُقَبِّلُكَ مَا قَبَّلْتُكَ

حضرت ابواسحاق' حضرت عمر رضی اللہ عنہما کے حوالے سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حجرِ اسود کا بوسہ لیا اور کہنے لگے: میں جانتا ہوں تو پتھر ہے' تو نفع ونقصان کا مالک نہیں ہے' اگر میں نے آمنہ کے لعل دستگیر جہاں قائد الانبیاء جناب محمد رسول اللہ ﷺ کو تیرا بوسہ لیتے نہ دیکھا تو میں تیرا بوسہ نہ لیتا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ اِلَّا شَرِيكٌ، تَفَرَّدَ بِهِ اَبُو بِلَالٍ

یہ حدیث ابواسحاق سے شریک روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ابوبلال اکیلے ہیں۔

**5826** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَسَنِ التَّغْلِبِيُّ قَالَ: نا شَرِيكٌ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ رِبْعِيِّ بْنِ حِرَاشٍ، عَنْ

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: میری اُمت سے ایک آدمی ہوگا جو مرنے کے بعد گفتگو کرے گا۔

---

صفحہ212: رواه أحمد ورجاله رجال الصحيح' الا أن بريدة قال حدثت عن الأشعرى .

5825- أخرجه البخارى: الحج جلد3صفحه540 رقم الحديث: 1597' ومسلم: الحج جلد2صفحه925 .

حُذَيْفَةَ قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُولُ: يَكُونُ فِي أُمَّتِي رَجُلٌ يَتَكَلَّمُ بَعْدَ الْمَوْتِ

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَنْصُورٍ إِلَّا شَرِيكٌ، تَفَرَّدَ بِهِ إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَسَنِ الثَّعْلَبِيُّ

یہ حدیث منصور سے شریک روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ابراہیم بن حسن ثعلبی اکیلے ہیں۔

**5827** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَسَنِ الْعَلَّافُ قَالَ: نا هِلَالُ بْنُ حَقٍّ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ، وَهِشَامِ بْنِ حَسَّانٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ قَالَ: خَرَجَ عُقْبَةُ بْنُ عَامِرٍ إِلَى مَسْلَمَةَ بْنِ مَخْلَدٍ وَهُوَ أَمِيرٌ عَلَى مِصْرَ، وَكَانَ بَيْنَهُ، وَبَيْنَ الْبَوَّابِ شَأْنٌ، فَلَمَّا أَذِنَ لَهُ دَخَلَ عَلَيْهِ، فَقَالَ: مَرْحَبًا بِأَخِي زَائِرًا ـ فَقَالَ: لَمْ آتِكَ زَائِرًا، وَلَكِنْ لِحَدِيثٍ سَمِعْتُهُ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت محمد بن سیرین فرماتے ہیں کہ حضرت عقبہ بن عامر مسلمہ بن مخلد کے پاس آئے' حضرت مسلمہ مصر کے امیر تھے' ان کے درمیان اور دربان کے درمیان رکاوٹ تھی' جب آپ کو اجازت دی یعنی عقبہ کو تو یہ داخل ہوئے' حضرت مسلمہ نے کہا: میرے زیارت کرنے والے بھائی کو خوش آمدید! حضرت عقبہ نے فرمایا: میں آپ کی زیارت کے لیے نہیں آیا بلکہ میں اس حدیث کو سننے کے لیے آیا ہوں جو آپ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنی ہے۔

**5828** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ أَبُو حُصَيْنٍ الْقَاضِي الْكُوفِيُّ قَالَ: نا أَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ قَالَ: ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو عمریٰ کرے وہ اس کے لیے ہے جو عمریٰ کرے اور اس کے بعد والوں کے لیے۔

---

5827- أخرجه أحمد: المسند جلد 4صفحه129 رقم الحديث: 16962' والطبراني في الكبير جلد 17صفحه349 رقم الحديث: 962' والترغيب للمنذري جلد 3صفحه239 رقم الحديث: 7 . وقال: رجال للطبراني رجال للصحيح . وقال الهيثمي في المجمع جلد1صفحه139: ورجال الكبير رجال الصحيح .

5828- أخرجه النسائي: العمرى جلد 6صفحه234-235 (باب ذكر اختلاف يحيى بن ابى كثير ومحمد بن عمرو على أبى سلمة فيه)' وابن ماجة: الهبات جلد 2صفحه796 رقم الحديث: 2379' وأحمد: المسند جلد 2 صفحه 474 رقم الحديث: 8707 بلفظ: لا عمرى فمن أعمر شيئًا فهو له . وقال ابن ماجة: الزوائد: اسناده صحيح على شرط الشيخين .

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ اَعْمَرَ عُمْرَى فَهِيَ لَهُ، وَلِعَقِبِهِ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو اِلَّا اَبُو بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، تَفَرَّدَ بِهِ اَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ

یہ حدیث محمد بن عمرو سے ابوبکر بن عیاش سے روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں احمد بن یونس اکیلے ہیں۔

**5829** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ اَبُو حُصَيْنٍ الْقَاضِي قَالَ: نا اَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ قَالَ: نا نُعَيْمُ بْنُ يَحْيَى السَّعِيدِيُّ، عَنْ مِسْعَرٍ، عَنْ سِمَاكٍ الْحَنَفِيِّ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: اِنَّهَا لَيْسَتْ بِقَصْرٍ، وَلَكِنَّهَا تَمَامٌ يَعْنِي: الرَّكْعَتَيْنِ فِي السَّفَرِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ سفر میں نماز قصر نہیں ہے بلکہ مکمل ہے، یعنی دو رکعت سفر میں ہیں، یعنی ابتداءً دو رکعت نماز فرض ہوئی، پھر اس کے بعد دو رکعتوں کا اضافہ کیا گیا تو اس حالت والی نماز کو سفر کی نماز کے لیے رکھ دیا۔

**5830** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ اَبُو حُصَيْنٍ الْقَاضِي قَالَ: نا اَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ قَالَ: نا نُعَيْمُ بْنُ يَحْيَى، عَنْ مِسْعَرٍ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ مَيْسَرَةَ، عَنِ النَّزَّالِ بْنِ سَبْرَةَ، عَنْ اَبِي بَكْرٍ الصِّدِّيقِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: اُخْبِرْتُ اَنَّ فِرْعَوْنَ كَانَ اَثْرَمَ

حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ بتایا گیا ہے کہ فرعون کے دانت ٹوٹے تھے۔

**5831** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ اَبُو حُصَيْنٍ قَالَ: نا اَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ قَالَ: ثنا نُعَيْمُ بْنُ يَحْيَى السَّعِيدِيُّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ قَالَ: سَمِعْتُ سَعْدًا، يَقُولُ: مَا جَمَعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَبَوَيْهِ لِاَحَدٍ قَطُّ غَيْرِي قَالَ: ارْمِ، فِدَاكَ اَبِي، وَاُمِّي

حضرت سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے میرے علاوہ کسی کے لیے ماں باپ جمع نہیں کیے، آپ نے فرمایا: آپ تیر پھینکیں! میرے ماں باپ آپ پر قربان!

لَمْ يَرْوِ هَذِهِ الْاَحَادِيثَ عَنْ نُعَيْمِ بْنِ يَحْيَى السَّعِيدِيِّ وَهُوَ كُوفِيٌّ ثِقَةٌ، عَزِيزُ الْحَدِيثِ اِلَّا اَحْمَدُ

یہ تمام احادیث نعیم بن یحیٰی السعیدی سے احمد بن یونس روایت کرتے ہیں۔ نعیم کوفی ثقہ حدیث میں

---

**5831**- أخرجه البخاري: المغازي جلد 7 صفحه 415 رقم الحديث: 4057، والترمذي: الأدب جلد 5 صفحه 131 رقم الحديث: 2830، وابن ماجة: المقدمة جلد 1 صفحه 47 رقم الحديث: 130 .

بْنُ يُونُسَ

مہارت رکھنے والے ہیں۔

**5832** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ أَبُو حُصَيْنٍ الْقَاضِي قَالَ: نا عَوْنُ بْنُ سَلَّامٍ قَالَ: نا عِيسَى بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ السَّلَمِيُّ، عَنِ السُّدِّيِّ، عَنْ أَبِي عَبْدِ اللهِ الْجَدَلِيِّ. قَالَ: قَالَتْ لِي أُمُّ سَلَمَةَ: أَيُسَبُّ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فِيكُمْ عَلَى الْمَنَابِرِ؟ قُلْتُ: سُبْحَانَ اللهِ، وَأَنَّى يُسَبُّ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَتْ: أَلَيْسَ يُسَبُّ عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ وَمَنْ يُحِبُّهُ؟ أَشْهَدُ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، كَانَ يُحِبُّهُ

حضرت ابوعبداللہ الجدلی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: کیا تم لوگ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو منبر پر گالیاں دیتے ہیں؟ میں نے عرض کی: اللہ پاک ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کوئی کیسے گالی دے سکتا ہے؟ حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: کیا تم حضرت علی بن ابوطالب اور اس سے محبت کرنے والوں کو گالیاں نہیں دیتے ہو؟ میں گواہی دیتی ہوں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حضرت علی سے محبت کرتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ السُّدِّيِّ إِلَّا عِيسَى بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ السَّلَمِيُّ

یہ حدیث سدی سے عیسیٰ بن عبدالرحمٰن السلمی روایت کرتے ہیں۔

**5833** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ أَبُو حُصَيْنٍ قَالَ: نا عُبَيْدُ بْنُ يَعِيشَ قَالَ: نا يُونُسُ بْنُ بُكَيْرٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ إِسْمَاعِيلَ بْنِ مُجَمِّعٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قُلْ هُوَ اللهُ أَحَدٌ تَعْدِلُ ثُلُثَ الْقُرْآنِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: سورۂ قل ھو اللہ احد پڑھنے کا ثواب تہائی قرآن پڑھنے کے برابر ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ إِلَّا إِبْرَاهِيمُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، وَلَا عَنْ إِبْرَاهِيمَ إِلَّا يُونُسُ بْنُ بُكَيْرٍ، تَفَرَّدَ بِهِ عُبَيْدُ بْنُ يَعِيشَ وَرَوَاهُ ابْنُ أَخِي الزُّهْرِيِّ،

یہ حدیث زہری، حمید بن عبدالرحمٰن سے، وہ ابوہریرہ سے، زہری سے ابراہیم بن اسماعیل اور ابراہیم سے یونس بن بکیر روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عبید بن یعیش اکیلے ہیں۔ اس حدیث کو زہری کے بھائی کے

**5833**- أصله عند مسلم من طريق يزيد بن كيسان' ثنا حازم' عن أبي هريرة به . أخرجه مسلم: المسافرين جلد **1** صفحه **557**' والترمذي: فضائل القرآن جلد **5** صفحه **168**' وابن ماجة: الأدب جلد **2** صفحه **1244** رقم الحديث: **3787** .

عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أُمِّهِ أُمِّ كُلْثُومَ

بیٹے زہری سے وہ حمید سے وہ اُم کلثوم کی والدہ سے۔

5834 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ أَبُو حُصَيْنٍ قَالَ: ثَنَا عُبَيْدُ بْنُ يَعِيشَ قَالَ: ثَنَا سُوَيْدُ بْنُ عَمْرٍو الْكَلْبِيُّ قَالَ: نا أَبُو كُدَيْنَةَ، عَنْ قَابُوسِ بْنِ أَبِي ظَبْيَانَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَرِيرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَطْلُعُ عَلَيْكُمْ رَجُلٌ مِنْ خَيْرِ ذِي يَمَنٍ، عَلَى وَجْهِهِ مَسْحَةُ مَلِكٍ، فَطَلَعَتُ.

حضرت جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تمہارے پاس یمن کا رہنے والا ایک آدمی آئے گا' اس کے چہرے پر خوبصورتی کے اثرات ہوں گے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَابُوسَ إِلَّا أَبُو كُدَيْنَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ سُوَيْدُ بْنُ عَمْرٍو الْكَلْبِيُّ

یہ حدیث قابوس سے ابوکدینہ روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں سوید بن عمرو الکلبی اکیلے ہیں۔

5835 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ أَبُو حُصَيْنٍ قَالَ: نا عُبَيْدُ بْنُ يَعِيشَ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ يَعْلَى، عَنْ يُونُسَ بْنِ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كُنْتُ لَكَ كَأَبِي زَرْعٍ لِأُمِّ زَرْعٍ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں آپ کے لیے ایسے ہوں جس طرح اُم زرع کے لیے ابوزرع تھے۔

5836 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ أَبُو حُصَيْنٍ قَالَ: ثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ إِسْحَاقَ الصِّينِيُّ قَالَ: ثَنَا سَوَّارُ بْنُ مُصْعَبٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ السُّلَمِيِّ، عَنْ عَلِيٍّ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَطْعَمُ يَوْمَ الْفِطْرِ قَبْلَ أَنْ يَخْرُجَ إِلَى الْمُصَلَّى

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عیدگاہ کی طرف نکلنے سے پہلے کچھ کھالیتے تھے۔

---

5835- أخرجه البخاري: النكاح جلد 9 صفحه 163 رقم الحديث: 5189' ومسلم: فضائل الصحابة جلد 4 صفحه 1896 من حديث طويل.

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ عَلِيٍّ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ سَوَّارُ بْنُ مُصْعَبٍ

یہ حدیث حضرت علی سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں سوار بن مصعب اکیلے ہیں۔

**5837** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ أَبُو حُصَيْنٍ قَالَ: نا مِنْجَابُ بْنُ الْحَارِثِ قَالَ: نا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، عَنْ أَشْعَثَ بْنِ سَوَّارٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مُغَفَّلٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنِ الْخَذْفِ، فَقَالَ: إِنَّهُ يَفْقَأُ الْعَيْنَ، وَيَكْسِرُ السِّنَّ

حضرت عبداللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے کنکری مارنے سے منع کیا' فرمایا: یہ آنکھ پھوڑتی ہے یا دانت توڑتی ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ إِلَّا الْأَشْعَثُ بْنُ سَوَّارٍ تَفَرَّدَ بِهِ عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ

یہ حدیث محمد بن سیرین سے اشعث بن سوار روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں علی بن مسہر اکیلے ہیں۔

**5838** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ أَبُو حُصَيْنٍ قَالَ: نا أَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ قَالَ: نا أَيُّوبُ بْنُ عُتْبَةَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: رَأَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَتَبَرَّزُ بَيْنَ لَبِنَتَيْنِ، مُسْتَقْبِلَ الْقِبْلَةِ، وَهُوَ عَلَى ظَهْرِ بَيْتٍ قَالَ أَيُّوبُ بْنُ عُتْبَةَ: كَأَنَّهُ فَجِئَهُ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا کہ آپ دو اینٹوں کے درمیان قضاء حاجت کر رہے تھے' آپ کا رُخ قبلہ کی جانب تھا' آپ اپنے گھر کی چھت پر تھے۔ حضرت ایوب بن عتبہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: گویا آپ نے جلدی کی۔

**5839** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ أَبُو حُصَيْنٍ قَالَ: نا أَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ قَالَ: نا أَيُّوبُ بْنُ عُتْبَةَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما' حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جو ہم پر اسلحہ اُٹھائے اس کا تعلق ہم سے نہیں ہے۔

---

5837- أخرجه البخاري: الأدب جلد10صفحه615 رقم الحديث:6220' ومسلم: الصيد جلد3صفحه1547 .

5838- أخرجه البخاري: الوضوء جلد1صفحه297 رقم الحديث:145' ومسلم: الطهارة جلد1صفحه224 .

حَمِلَ عَلَيْنَا السِّلَاحَ فَلَيْسَ مِنَّا

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ اِلَّا اَيُّوبُ بْنُ عُتْبَةَ

یہ حدیث یحییٰ بن ابوکثیر سے ایوب بن عتبہ روایت کرتے ہیں۔

**5840** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ اَبُو حُصَيْنٍ قَالَ: نا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ قَالَ: ثنا اَبِي، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ مِسْعَرٍ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ رِبْعِيِّ بْنِ حِرَاشٍ، عَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اقْتَدُوا بِاللَّذَيْنَ مِنْ بَعْدِي اَبِي بَكْرٍ، وَعُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، وَاهْتَدُوا بِهَدْيِ عَمَّارٍ، وَتَمَسَّكُوا بِعَهْدِ ابْنِ اُمِّ عَبْدٍ

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میرے بعد ابوبکر وعمر کی اقتداء کرو اور عمار والی ہدایت پر عمل کرو اور ابن اُم عبد سے وعدہ کرلو۔

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ مِسْعَرٍ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ

یہ حدیث حضرت مسعر سے' اسی سند کے ساتھ روایت ہے۔

**5841** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ اَبُو حُصَيْنٍ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ الْحِمَّانِيُّ قَالَ: نا شَرِيكٌ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ الشَّيْبَانِيِّ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ جَرِيرٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا اَبَقَ الْعَبْدُ بَرِئَتْ مِنْهُ الذِّمَّةُ

حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب غلام بھاگ جائے تو وہ ذمہ سے بَری ہو گیا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الشَّيْبَانِيِّ اِلَّا شَرِيكٌ

یہ حدیث شیبانی سے شریک روایت کرتے ہیں۔

**5842** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ اَبُو حُصَيْنٍ قَالَ: ثنا عُبَادَةُ بْنُ زِيَادٍ الْاَسَدِيُّ قَالَ: ثنا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ اَبِي الْبَخْتَرِيِّ، عَنْ حَجَرِ بْنِ عَدِيٍّ، عَنْ شَرَاحِيلَ بْنِ مُرَّةَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ،

حضرت شراحیل بن مرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو حضرت علی رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا: اے علی! آپ کے لیے خوشخبری ہو! آپ کی زندگی اور موت میرے ساتھ ہوگی۔

**5841**- أخرجه مسلم: الايمان جلد1صفحه83' وأحمد: المسند جلد4صفحه443 رقم الحديث:19234 .

يَقُولُ لِعَلِيٍّ: اَبْشِرْ يَا عَلِيُّ، حَيَاتُكَ، وَمَوْتُكَ مَعِي

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ اِلَّا قَيْسٌ، وَلَا يُرْوَى عَنْ شَرَاحِيلَ بْنِ مُرَّةَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ

یہ حدیث ابواسحاق سے قیس روایت کرتے ہیں۔ حضرت شراحیل بن مرہ سے اسی سند سے روایت ہے۔

**5843** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ اَبُو حُصَيْنٍ قَالَ: نا عَوْنُ بْنُ سَلَامٍ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ مُهَاجِرٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّهُ: كَانَ اِذَا اَرَادَ اَنْ يَسْتَلِمَ الْحَجَرَ قَالَ: اللّٰهُمَّ اِيمَانًا بِكَ، وَتَصْدِيقًا بِكِتَابِكَ، وَسُنَّةِ نَبِيِّكَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ يَسْتَلِمُهُ

حضرت نافع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما جب حجر اسود کو استلام کرتے تو یہ دعا کرتے: اے اللہ! میں تجھ پر ایمان لایا اور تیری اور تیرے پیارے حبیب کی تصدیق کی' پھر آپ استلام کرتے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ نَافِعٍ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ مُهَاجِرٍ، تَفَرَّدَ بِهِ عَوْنُ بْنُ سَلَامٍ

یہ حدیث حضرت نافع سے محمد بن مہاجر روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عون بن مسلم اکیلے ہیں۔

**5844** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ اَبُو حُصَيْنٍ قَالَ: نا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ يُونُسَ الرَّقِّيُّ قَالَ: ثنا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ حَرْبٍ، عَنْ خُصَيْفٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، لَا اَعْلَمُهُ اِلَّا قَالَ:، قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْحَجُّ عَرَفَاتٍ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: حج عرفات میں ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ خُصَيْفٍ اِلَّا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ حَرْبٍ، وَلَا يُرْوَى عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ بِهَذَا الْاِسْنَادِ

یہ حدیث خصیف سے عبدالسلام بن حرب روایت کرتے ہیں۔ ابن عباس سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔

**5845** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ اَبُو حُصَيْنٍ قَالَ: ثنا اَحْمَدُ بْنُ عِيسَى بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ

حضرت سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو حضرت علی رضی اللہ عنہ سے فرماتے

5845- أخرجه البخاري: فضائل الصحابة جلد7 صفحه716 رقم الحديث: 4416' ومسلم: فضائل الصحابة جلد4 صفحه1870 .

الْعَلَوِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي فُدَيْكٍ، أَحْسَبُهُ عَنِ ابْنِ أَبِي ذِئْبٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ قَالَ: سَمِعْتُ سَعْدًا، يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لِعَلِيٍّ: أَنْتَ مِنِّي بِمَنْزِلَةِ هَارُونَ مِنْ مُوسَى، إِلَّا أَنَّهُ لَا نَبِيَّ بَعْدِي

ہوئے سنا: آپ کا مقام ومرتبہ میرے ہاں ایسے ہے جس طرح حضرت ہارون علیہ السلام کا موسیٰ علیہ السلام کے ہاں تھا مگر (فرق یہ ہے کہ) میرے بعد کوئی نبی نہیں ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ إِلَّا ابْنُ أَبِي ذِئْبٍ، وَلَا عَنِ ابْنِ أَبِي ذِئْبٍ إِلَّا ابْنُ أَبِي فُدَيْكٍ، تَفَرَّدَ بِهِ أَحْمَدُ بْنُ عِيسَى الْعَلَوِيُّ

یہ حدیث زہری سے ابن ابوذئب اور ابن ابوذئب سے ابن ابوفدیک روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں احمد بن عیسیٰ العلوی اکیلے ہیں۔

**5846** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ أَبُو حُصَيْنٍ قَالَ: نا أَحْمَدُ بْنُ عِيسَى بْنِ عَبْدِ اللَّهِ الْعَلَوِيُّ قَالَ: نا ابْنُ أَبِي فُدَيْكٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اللَّهُمَّ ارْحَمْ خُلَفَاءَنَا، قُلْنَا: يَا رَسُولَ اللَّهِ، وَمَا خُلَفَاؤُكُمْ؟ قَالَ: الَّذِينَ يَأْتُونَ مِنْ بَعْدِي، يَرْوُونَ أَحَادِيثِي وَسُنَّتِي، وَيُعَلِّمُونَهَا النَّاسَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: اے اللہ! ہمارے خلفاء پر رحم فرما! ہم نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ کے خلفاء کون ہیں؟ آپ نے فرمایا: جو میرے بعد آئیں گے' میری حدیث سنت کو روایت کریں گے اور لوگوں کو سکھائیں گے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ إِلَّا هِشَامُ بْنُ سَعْدٍ، وَلَا عَنْ هِشَامٍ إِلَّا أَبِي فُدَيْكٍ، تَفَرَّدَ بِهِ أَحْمَدُ بْنُ عِيسَى الْعَلَوِيُّ

یہ حدیث زید بن اسلم سے ہشام بن سعد اور ہشام سے ابن ابوفدیک روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں احمد بن عیسیٰ العلوی اکیلے ہیں۔

**5847** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ أَبُو حُصَيْنٍ قَالَ: نا عُبَيْدُ بْنُ يَعِيشَ قَالَ: نا يُونُسُ بْنُ بُكَيْرٍ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ يَحْيَى، عَنْ أَبِي بُرْدَةَ بْنِ أَبِي مُوسَى قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى مُعَاوِيَةَ بْنِ أَبِي سُفْيَانَ، وَبِهِ

حضرت ابوبردہ بن موسیٰ رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں حضرت معاویہ بن سفیان کے پاس آیا' آپ اپنی پشت کو زخم لگا رہے تھے' آپ اس کی درد سے ہائے ہائے کر رہے تھے' میں نے کہا: یہ ساری درد اس سے ہے؟

قُرْحَةٌ بِظَهْرِهِ، وَهُوَ يَتَأَوَّهُ مِنْهَا تَأَوُّهًا شَدِيدًا، فَقُلْتُ: أَكُلُّ هَذَا مِنْ هَذِهِ؟ فَقَالَ: مَا يَسُرُّنِي أَنَّ هَذَا التَّأَوُّهَ لَمْ يَكُنْ، سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَا مِنْ مُسْلِمٍ يُصِيبُهُ أَذًى فِي جَسَدِهِ إِلَّا كَانَ كَفَّارَةً لِخَطَايَاهُ وَهَذَا أَشَدُّ الْأَذَى

حضرت امیر معاویہ نے فرمایا: مجھے یہ درد پسند نہیں ہے لیکن میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جس مسلمان کو اس جسم میں تکلیف پہنچے وہ تکلیف اس کے گناہ کے لیے کفارہ ہو جائے گی یہ سخت تکلیف ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ طَلْحَةَ بْنِ يَحْيَى إِلَّا يُونُسُ بْنُ بُكَيْرٍ، وَلَمْ يَرْوِهِ عَنْ مُعَاوِيَةَ إِلَّا أَبُو بُرْدَةَ

یہ حدیث طلحہ بن یحییٰ سے یونس بن بکیر روایت کرتے ہیں اور حضرت معاویہ سے ابو بردہ روایت کرتے ہیں۔

**5848** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ أَبُو حُصَيْنٍ، قَالَ ثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ قَالَ: ثَنَا زُهَيْرٌ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنِ الْأَسْوَدِ، عَنْ عَائِشَةَ، وَعَنْ مُسْلِمٍ، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَأَنِّي أَنْظُرُ إِلَى وَمِيضِ الطِّيبِ فِي مَفَارِقِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَهُوَ يُلَبِّي

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: اب بھی میں وہ منظر دیکھ رہی ہوں کہ آپ ﷺ کی مانگ میں خوشبو کو دیکھ رہی ہوں اس حالت میں کہ آپ تلبیہ پڑھ رہے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ مُسْلِمٍ، عَنْ مَسْرُوقٍ إِلَّا زُهَيْرٌ وَالْمَشْهُورُ حَدِيثُ إِبْرَاهِيمَ، عَنِ الْأَسْوَدِ

یہ حدیث اعمش، مسلم سے وہ مسروق سے اور حضرت اعمش سے زہیر روایت کرتے ہیں۔ مشہور یہ ہے کہ یہ حدیث ابراہیم اسود سے روایت کرتے ہیں۔

**5849** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ أَبُو حُصَيْنٍ قَالَ: ثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ قَالَ: نَا حَسَنُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ أَشْعَثَ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ:

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ اپنے صحابہ کے ساتھ حدیبیہ کے مقام میں قربانی کے موقع پر سات افراد میں شریک ہوئے تھے۔

---

5848- أخرجه مسلم: الحج جلد2صفحه848، وابن ماجة: المناسك جلد2صفحه976 رقم الحديث: 2827، وأحمد: المسند جلد6صفحه122 رقم الحديث: 24835 .

5849- أخرجه مسلم: الحج جلد2صفحه955، وأبو داؤد: الضحايا جلد3صفحه98 رقم الحديث: 2809، والترمذي: الحج جلد3صفحه239 رقم الحديث: 904، وفي لفظ آخر لمسلم اشتركنا مع النبي ﷺ في الحج والعمرة . كل سبعة في بدنه...... . أخرجه مسلم: الحج جلد2صفحه955 .

اَشْرَكَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، بَيْنَ اَصْحَابِهِ فِي الْحُدَيْبِيَةِ فِي الْهَدْيِ بَيْنَ سَبْعَةٍ

**5850** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ اَبُو حُصَيْنٍ قَالَ: نا عَلِيُّ بْنُ حَكِيمٍ الْاَوْدِيُّ قَالَ: نا شَرِيكٌ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ قَابُوسَ بْنِ مُخَارِقٍ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا قُدِّسَتْ اُمَّةٌ لَا يُؤْخَذُ فِيهَا لِلضَّعِيفِ حَقُّهُ غَيْرَ مُتَعْتَعٍ

حضرت قابوس بن مخارق اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اس اُمت کو پاک نہیں کیا جاتا جس میں بغیر سختی کے کمزور کا حق نہیں دیا جاتا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سِمَاكٍ اِلَّا شَرِيكٌ

یہ حدیث سماک سے شریک روایت کرتے ہیں۔

**5851** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ اَبُو حُصَيْنٍ قَالَ: نا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ يُونُسَ الرَّقِّيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحَارِثِ قَالَ: ثَنَا يُونُسُ بْنُ يَزِيدَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَوْتَرَ عَلَى رَاحِلَتِهِ

حضرت سالم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ سواری پر وتر پڑھتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ اِلَّا يُونُسُ، وَلَا عَنْ يُونُسَ اِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحَارِثِ، تَفَرَّدَ بِهِ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ يُونُسَ

یہ حدیث زہری سے یونس روایت کرتے ہیں اور یونس سے عبداللہ بن حارث روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عبدالرحمٰن بن یونس اکیلے ہیں۔

**5852** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ اَبُو حُصَيْنٍ قَالَ: نا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ الْبَجَلِيُّ الْمُقْرِءُ قَالَ: ثَنَا حَسَنُ بْنُ حُسَيْنٍ الْعُرَنِيُّ، عَنْ اَبِي اِسْرَائِيلَ الْمُلَائِيِّ، عَنْ عَطِيَّةَ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ قَالَ: قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، كَيْفَ تَعْرِفُ مَنْ لَمْ تَرَ مِنْ اُمَّتِكَ؟ قَالَ: غُرٌّ مُحَجَّلُونَ مِنَ الْوُضُوءِ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! جو آپ نے اپنی اُمت کے لوگ دیکھے نہیں ہیں' آپ ان کو کیسے پہچانیں گے؟ آپ نے فرمایا: ان کے وضو والے اعضاء چمک رہے ہوں گے۔

**5851**- أخرجه البخاری: التقصير جلد2 صفحه669 رقم الحديث: 1098' ومسلم: المسافرين جلد1 صفحه 487 .

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَبِي إِسْرَائِيلَ إِلَّا حَسَنُ بْنُ حُسَيْنٍ

یہ حدیث ابواسرائیل سے حسن بن حسین روایت کرتے ہیں۔

**5853** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ أَبُو حُصَيْنٍ قَالَ: ثَنَا عُبَيْدُ بْنُ يَعِيشَ قَالَ: ثَنَا يُونُسُ بْنُ بُكَيْرٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ عَمِّهِ مُوسَى بْنِ يَسَارٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يُؤْتَى بِالرَّجُلِ الَّذِي كَانَ يَغْتَابُ النَّاسَ فِي الدُّنْيَا، فَيُقَالُ لَهُ: كُلْ لَحْمَ أَخِيكَ مَيِّتًا كَمَا أَكَلْتَهُ حَيًّا قَالَ: فَإِنَّهُ لَيَأْكُلُهُ، وَيَصِيحُ، وَيَكْلَحُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ایک آدمی کو لایا جائے گا جو دنیا میں لوگوں کی غیبت کرتا تھا' اس کو کہا جائے گا: اپنے مردہ بھائی کو گوشت کھا جس طرح تُو زندہ کا کھاتا تھا۔ آپ نے فرمایا: وہ کھائے گا اور چیخے گا' سخت تیوری چڑھائے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُوسَى بْنِ يَسَارٍ إِلَّا ابْنُ إِسْحَاقَ

یہ حدیث موسیٰ بن یسار سے ابن اسحاق روایت کرتے ہیں۔

**5854** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ سَعِيدٍ أَبُو عُمَرَ الضَّرِيرُ الْكُوفِيُّ قَالَ: ثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ قَالَ: نا زُهَيْرُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، عَنْ زِيَادِ بْنِ خَيْثَمَةَ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: صِنْفَانِ مِنْ أَهْلِ النَّارِ لَمْ أَرَهُمَا بَعْدُ: رِجَالٌ مَعَهُمْ أَسْيَاطٌ كَأَذْنَابِ الْبَقَرِ يَضْرِبُونَ بِهَا النَّاسَ، وَنِسَاءٌ كَاسِيَاتٌ عَارِيَاتٌ مَائِلَاتٌ مُمِيلَاتٌ، عَلَى رُءُوسِهِنَّ كَأَسْنِمَةِ الْبُخْتِ، لَا يَدْخُلْنَ الْجَنَّةَ، وَلَا يَجِدْنَ رِيحَهَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جہنم میں دو قسم کے لوگ ہوں گے' ان دونوں جیسا ان کے بعد کوئی نہیں دیکھا جائے گا' تو کچھ ایسے لوگ ہوں گے ان کے پاس کوڑے ہوں گے' گائے کی دُم کی طرح اس کے ساتھ لوگوں کو ماریں گے' ایسی عورتیں ہوں گی جو ننگی اور اپنی طرف مائل کرنے والیاں' ان کے سر ایسے ہوں گے جس طرح بختی اونٹ کی کوہان ہوتی ہے' ایسے لوگ نہ جنت میں جائیں گے اور نہ جنت کی خوشبو پائیں گے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ زِيَادِ بْنِ خَيْثَمَةَ إِلَّا زُهَيْرٌ

یہ حدیث زیاد بن خیثمہ سے زہیر روایت کرتے ہیں۔

**5855** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ سَعِيدٍ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

**5854**- أخرجه مسلم: اللباس جلد**3**صفحه**1680**، وأحمد: المسند جلد**2**صفحه**472** رقم الحديث: **8686** .

اَبُو عُمَرَ الضَّرِیرُ قَالَ: نا اَحْمَدُ بْنُ یُونُسَ قَالَ: نا اَبُو بَکْرِ بْنِ عَیَّاشٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِیرِینَ، عَنْ اَبِی هُرَیْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: لَا یُبَاشِرُ الرَّجُلُ الرَّجُلَ، وَلَا تُبَاشِرُ الْمَرْاَةُ الْمَرْاَةَ

حضور ﷺ نے فرمایا: کوئی مرد دوسرے مرد کے ساتھ کوئی عورت دوسری عورت کے ساتھ نہ لیٹے۔

لَمْ یَرْوِ هٰذَا الْحَدِیثَ عَنِ ابْنِ سِیرِینَ اِلَّا هِشَامٌ، وَلَا عَنْ هِشَامٍ اِلَّا اَبُو بَکْرٍ، تَفَرَّدَ بِهِ اَحْمَدُ بْنُ یُونُسَ

یہ حدیث ابن سیرین سے ہشام اور ہشام سے ابوبکر روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں احمد بن یونس اکیلے ہیں۔

**5856** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ اَبُو عُمَرَ الضَّرِیرُ قَالَ: نا اَحْمَدُ بْنُ یُونُسَ قَالَ: نا فُضَیْلُ بْنُ عِیَاضٍ، عَنِ ابْنِ اَبِی لَیْلَی، وَعُبَیْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ اَتَی الْجُمُعَةَ فَلْیَغْتَسِلْ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو جمعہ کے لیے آئے اس کو چاہیے کہ وہ غسل کرے۔

لَمْ یَرْوِ هٰذَا الْحَدِیثَ مَقْرُونًا، عَنْ فُضَیْلِ بْنِ عِیَاضٍ، عَنِ ابْنِ اَبِی لَیْلَی، وَعُبَیْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ اِلَّا اَحْمَدُ بْنُ یُونُسَ

یہ حدیث فضیل بن عباس سے ابن ابولیلیٰ اور عبیداللہ بن عمر روایت کرتے ہیں اور فضیل سے احمد بن یونس روایت کرتے ہیں۔

**5857** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ اَبُو عُمَرَ الضَّرِیرُ قَالَ: نا اَحْمَدُ بْنُ یُونُسَ قَالَ: نا فُضَیْلُ بْنُ عِیَاضٍ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ اِبْرَاهِیمَ، عَنْ عُبَیْدَةَ، عَنْ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت جعفر رضی اللہ عنہ حضور ﷺ کی بارگاہ میں آئے عرض کرنے لگے: اے محمد ﷺ! یا اے ابوالقاسم ﷺ! اللہ

---

**5856**- أخرجه البخاری: الجمعة جلد **2** صفحه **443** رقم الحديث: **894** بلفظ: من جاء منكم الجمعة......' ومسلم: الجمعة جلد **2** صفحه **579** بلفظ: اذا أراد أحدكم أن يأتي الجمعة......' والترمذی: الصلاة جلد **2** صفحه **364** رقم الحديث: **492**' وابن ماجة: الاقامة جلد **1** صفحه **346** رقم الحديث: **1088** ولفظه عند الترمذی' وابن ماجة .

**5857**- أخرجه البخاری: التوحيد جلد **13** صفحه **482** رقم الحديث: **7513**' ومسلم: المنافقين جلد **4** صفحه **2147** .

عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: جَاءَ حَبْرٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ، اَوْ يَا اَبَا الْقَاسِمِ، اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ يُمْسِكُ السَّمٰوَاتِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَلَى اُصْبُعٍ، وَالْجِبَالَ، وَالشَّجَرَ عَلَى اُصْبُعٍ، وَالْمَاءَ، وَالثَّرَى عَلَى اُصْبُعٍ، وَسَائِرَ الْخَلَائِقِ عَلَى اُصْبُعٍ، ثُمَّ يَهُزُّهُنَّ، وَيَقُولُ: اَنَا الْمَلِكُ، اَنَا الْمَلِكُ فَضَحِكَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، تَعَجُّبًا مِمَّا قَالَ الْحَبْرُ، وَتَصْدِيقًا لَهُ، ثُمَّ قَرَاَ: (وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهِ وَالْاَرْضُ جَمِيعًا قَبْضَتُهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَالسَّمٰوَاتُ مَطْوِيَّاتٌ بِيَمِينِهِ سُبْحَانَهُ وَتَعَالَى عَمَّا يُشْرِكُونَ)

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ فُضَيْلِ بْنِ عِيَاضٍ، اِلَّا اَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ، وَيَحْيَى بْنُ الْقَطَّانِ

عزوجل آسمانوں کو قیامت کے دن ایک انگلی اور پہاڑ اور درختوں کو ایک انگلی اور تری کو ایک انگلی اور ساری مخلوق کو ایک انگلی پر روک لے گا' پھر ان کو پھینک دے گا اور فرمائے گا: میں بادشاہ ہوں' میں بادشاہ ہوں۔ حضور ﷺ مسکرائے' بڑے کی بات پر تعجب کرتے ہوئے اور اس کی تصدیق فرمائی' پھر پڑھا: انہوں نے اللہ کی قدر نہیں کی جس طرح قدر کرنے کا حق تھا' زمین ساری قیامت کے دن اس کے قبضہ میں ہوگی اور آسمانوں کو اپنے دائیں دست قدرت سے لپیٹ لے گا' وہ بلند ہے اس سے جو وہ شریک ٹھہراتے ہیں۔

یہ حدیث فضیل بن عیاض سے احمد بن یونس اور یحییٰ بن القطان روایت کرتے ہیں۔

**5858** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ اَبُو عُمَرَ الضَّرِيرُ قَالَ: نا اَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ قَالَ: نا فُضَيْلُ بْنُ عِيَاضٍ، عَنْ مَنْصُورٍ، وَحُصَيْنٍ، عَنْ شَقِيقِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اِذَا قَامَ مِنَ اللَّيْلِ يَشُوصُ فَاهُ بِالسِّوَاكِ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ فُضَيْلِ بْنِ عِيَاضٍ مَقْرُونًا، عَنْ حُصَيْنٍ، وَمَنْصُورٍ اِلَّا اَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ جب رات کو اُٹھتے تو اپنے منہ کو مسواک کے ساتھ ملتے۔

یہ حدیث فضیل بن عباس' حصین اور منصور سے اور فضیل سے احمد بن یونس روایت کرتے ہیں۔

**5859** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ اَبُو عُمَرَ الضَّرِيرُ قَالَ: نا اَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ قَالَ: نا فُضَيْلُ بْنُ عِيَاضٍ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنِ الْمِنْهَالِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ نُعَيْمِ بْنِ دَجَاجَةَ قَالَ: قَالَ عَلِيٌّ، لِاَبِي مَسْعُودٍ: اَنْتَ

حضرت نعیم بن دجاجہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے حضرت ابومسعود رضی اللہ عنہ سے فرمایا: آپ کہتے ہیں کہ لوگوں پر ایک سو سال نہیں گزرے گا کہ ان پر ان کی آنکھ چمک رہی ہو؟ تو انہوں

**5858**- أخرجه البخاري: الوضوء جلد **1** صفحه **424** رقم الحديث: **245**' ومسلم: الطهارة جلد **1** صفحه **221** .

الْقَائِلُ: لَا يَأْتِي عَلَى النَّاسِ مِائَةُ عَامٍ، وَعَلَيْهَا عَيْنٌ تَطْرِفُ؟، إِنَّمَا قَالَ: لَا يَأْتِي عَلَى النَّاسِ مِائَةُ عَامٍ، وَعَلَيْهَا عَيْنٌ تَطْرِفُ مِمَّنْ هُوَ الْيَوْمَ حَيٌّ، وَإِنَّمَا فَرَجُ هَذِهِ الْأُمَّةِ، وَرَخَاؤُهَا بَعْدَ الْمِائَةِ

نے کہا: لوگوں پر ایک سو سال نہیں گزرے گا مگر ان پر اپنی پلکوں کو حرکت دینے والی ایک آنکھ ہوگی' اس کی جو اس دن زندہ ہوگا' یقیناً اس اُمت کو وسعت ملے گی اور ان کی خوشحالی' ایک سو سال کے بعد ہوگی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ فُضَيْلِ بْنِ عِيَاضٍ إِلَّا أَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ

اس حدیث کو فضیل بن عیاض سے صرف احمد بن یونس نے روایت کیا۔

**5860** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ سَعِيدٍ الْأُمَوِيُّ قَالَ: نا أَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ قَالَ: ثَنَا مِنْدَلُ بْنُ عَلِيٍّ، عَنْ عَبْدِ الْمَجِيدِ بْنِ سُهَيْلٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُتْبَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: رِيحُ الْوَلَدِ مِنْ رِيحِ الْجَنَّةِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: بچہ کی ہوا جنت کی ہوا سے ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ إِلَّا عَبْدُ الْمَجِيدِ، وَلَا عَنْ عَبْدِ الْمَجِيدِ، إِلَّا مِنْدَلُ بْنُ عَلِيٍّ

یہ حدیث عبیداللہ بن عمر' عبداللہ سے اور عبدالمجید سے مندل بن علی روایت کرتے ہیں۔

**5861** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ أَبُو عُمَرَ الضَّرِيرُ قَالَ: نا أَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ قَالَ: نا فُضَيْلُ بْنُ عِيَاضٍ، عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّمَا هَذِهِ الْمَسَائِلُ كَدٌّ يَكُدُّ بِهَا الرَّجُلُ وَجْهَهُ، فَمَنْ شَاءَ

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: مانگنے والا یعنی گداگر اپنے چہرے کو نوچے گا' جو چاہے اپنے چہرے پر گوشت باقی رکھنا جو چاہے سوال کرنا چھوڑ دے' ہاں بادشاہ سے وہ چیز مانگنے والا اپنے چہرے کا گوشت نہیں نوچے گا' جس کی اُسے سخت ضرورت ہے۔

---

5861- اخرجه أبو داؤد: الزكاة جلد 2صفحه123 رقم الحديث: 1639' والترمذي: الزكاة جلد 3صفحه56 رقم الحديث: 681 . وقال: حسن صحيح . والنسائي: الزكاة جلد 5صفحه75 (باب مسألة الرجل ذا سلطان)' وأحمد: المسند جلد5صفحه26 رقم الحديث: 20241' والطبراني في الكبير جلد 7صفحه183 رقم الحديث: 6770-6771 .

اَبْقَى عَلَى وَجْهِهِ، وَمَنْ شَاءَ تَرَكَ، اِلَّا اَنْ يَسْاَلَ الرَّجُلُ ذَا سُلْطَانٍ لَا يَجِدُ مِنْهُ بُدًّا

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ فُضَيْلِ بْنِ عِيَاضٍ اِلَّا اَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ

یہ حدیث فضیل بن عیاض سے احمد بن یونس روایت کرتے ہیں۔

**5862** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ اَبُو عُمَرَ الضَّرِيرُ قَالَ: نا اَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ قَالَ: نا فُضَيْلُ بْنُ عِيَاضٍ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنِ الْمَعْرُورِ بْنِ سُوَيْدٍ، عَنْ اَبِي ذَرٍّ قَالَ: كُنْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْمَسْجِدِ، فَقَالَ: انْظُرْ اَيَّ رَجُلٍ تَرَى فِي عَيْنِكَ اَرْفَعَ فَنَظَرْتُ، فَاِذَا رَجُلٌ عَلَيْهِ حُلَّةٌ، وَحَوْلَهُ نَاسٌ، قُلْتُ: هٰذَا . قَالَ: انْظُرْ اَيَّ رَجُلٍ تَرَى اَدْنَى فِي عَيْنِكَ فَنَظَرْتُ فَاِذَا رَجُلٌ عَلَيْهِ كِسَاءٌ، قُلْتُ: هٰذَا . قَالَ: هٰذَا خَيْرٌ عِنْدَ اللّٰهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مِنْ قِرَابِ الْاَرْضِ مِثْلَ هٰذَا

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے ساتھ مسجد میں تھا' آپ نے فرمایا: دیکھو! آپ کی نگاہ میں کون بڑا ہے' میں نے دیکھا ایک آدمی تھا' اس نے حلّہ پہنا ہوا تھا اور اس کے اردگرد لوگ تھے۔ میں نے عرض کی: یہ ہے' آپ نے فرمایا: ایسے آدمی کو دیکھو جو آپ کی نگاہ میں حقیر ہو' میں نے ایک آدمی کو دیکھا کہ چادر لی ہوئی تھی' میں نے عرض کی: یہ ہے' آپ نے فرمایا: یہ آدمی اللہ کے ہاں قیامت کے دن بہتر ہوگا' ان کی مثل سے جو زمین بھر ہوگی۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ فُضَيْلِ بْنِ عِيَاضٍ اِلَّا اَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ

یہ حدیث فضیل بن عیاض سے احمد بن یونس روایت کرتے ہیں۔

**5863** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ اَبُو عُمَرَ الضَّرِيرُ قَالَ: نا اَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ قَالَ: نا فُضَيْلُ بْنُ عِيَاضٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانَ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قُبِضَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَدِرْعُهُ مَرْهُونَةٌ عِنْدَ رَجُلٍ مِنَ الْيَهُودِ، بِثَلَاثِينَ صَاعًا

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کا وصال اس حالت میں ہوا کہ آپ کی زرہ مبارک ایک یہودی آدمی کے پاس گروی رکھی ہوئی تھی جس کے بدلے آپ نے تیس صاع جَو لیے تھے اپنے گھر والوں کے کھانے کے لیے۔

---

**5863**- أخرجه الترمذي: البيوع جلد**3**صفحه**510** رقم الحديث: **1214** . وقال: حسن صحيح . والنسائي: البيوع جلد**7**صفحه**267** (باب مبايعة أهل الكتاب) وابن ماجة: الرهون جلد**2**صفحه**815** رقم الحديث: **2439** . في الزوائد: اسناده صحيح ورجاله ثقات .

مِنْ شَعِيرٍ، اَخَذَهُ طَعَامًا لِاَهْلِهِ

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ فُضَيْلٍ اِلَّا اَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ

یہ حدیث فضیل سے احمد بن یونس روایت کرتے ہیں۔

**5864** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ سَعِيدٍ اَبُو عُمَرَ الضَّرِيرُ قَالَ: نا اَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ قَالَ: نا اَبُو بَكْرِ بْنِ عَيَّاشٍ، عَنِ ابْنِ سَعِيدِ بْنِ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ الْجَزَرِيِّ، عَنْ زِيَادِ بْنِ الْجَرَّاحِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَعْقِلٍ قَالَ: سَمِعْتُ اَبِي، يَقُولُ: لِعَبْدِ اللّٰهِ: اَسَمِعْتَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: النَّدَمُ تَوْبَةٌ؟ قَالَ: نَعَمْ

حضرت عبداللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت اُبی کو حضرت عبداللہ کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ کیا آپ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے کہ ندامت توبہ ہے؟ فرمایا: جی ہاں!

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ سَعِيدٍ اِلَّا اَبُو بَكْرِ بْنِ عَيَّاشٍ، تَفَرَّدَ بِهِ اَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ

یہ حدیث ابن سعید سے ابوبکر بن عیاش روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں احمد بن یونس اکیلے ہیں۔

**5865** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عُقْبَةَ الشَّيْبَانِيُّ الْكُوفِيُّ قَالَ: نا اَبُو كُرَيْبٍ قَالَ: ثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ هِشَامٍ، عَنْ شَيْبَانَ، عَنْ فِرَاسٍ، عَنْ عَطِيَّةَ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ سَمَّعَ سَمَّعَ اللّٰهُ بِهِ، وَمَنْ رَاءَى رَاءَى اللّٰهُ بِهِ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جو شہرت حاصل کرنا چاہتا ہو تو اللہ اس کی شہرت کروا دے گا' جو ریاکاری کرے گا' اللہ عزوجل اس کی ریاکاری کروا دے گا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ فِرَاسٍ اِلَّا شَيْبَانُ، تَفَرَّدَ بِهِ مُعَاوِيَةُ بْنُ هِشَامٍ

یہ حدیث فراس سے شیبان روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں معاویہ بن ہشام اکیلے ہیں۔

**5864**- أخرجه ابن ماجة: الزهد جلد 2 صفحه 1420 رقم الحديث: 4252، وأحمد: المسند جلد 1 صفحه 490 رقم الحديث: 3567، والحاكم فى المستدرك جلد 4 صفحه 243 وقال الذهبي صحيح .

**5865**- أخرجه الترمذي: الزهد جلد 4 صفحه 591 رقم الحديث: 2381 . وقال: حسن صحيح . وابن ماجة: الزهد جلد 2 صفحه 1407 رقم الحديث: 4206 في الزوائد: في اسناده عطية العوفي، وهو ضعيف، وكذلك محمد بن أبي ليلى . وأحمد: المسند جلد 3 صفحه 49 رقم الحديث: 11363 .

5866 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عُقْبَةَ قَالَ: ثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْحُلْوَانِيُّ قَالَ: ثَنَا نَصْرُ بْنُ حَمَّادٍ اَبُو الْحَارِثِ الْوَرَّاقُ قَالَ: نا شُعْبَةُ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِعَلِيٍّ: اَنْتَ مِنِّي بِمَنْزِلَةِ هَارُونَ مِنْ مُوسَى، وَلَا نَبِيَّ بَعْدِي

حضرت سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو حضرت علی رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا: آپ کا مقام و مرتبہ میرے ہاں ایسے ہے جس طرح حضرت ہارون علیہ السلام کا موسیٰ علیہ السلام کے ہاں تھا مگر (فرق یہ ہے کہ) میرے بعد کوئی نبی نہیں ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ ......

یہ حدیث روایت نہیں ہے..........

5867 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ رَبِيعَةَ الْكِلَابِيُّ الْكُوفِيُّ اَبُو مُلَيْلٍ قَالَ: نا اَبِي قَالَ: نا الْوَلِيدُ بْنُ عُقْبَةَ قَالَ: نا زَائِدَةُ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ الشَّيْبَانِيِّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ وَثَّابٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ اَتَى مِنْكُمُ الْجُمُعَةَ فَلْيَغْتَسِلْ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جو جمعہ کے لیے آئے اس کو چاہیے کہ وہ غسل کرے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ زَائِدَةَ، عَنْ اِسْحَاقَ الشَّيْبَانِيِّ اِلَّا الْوَلِيدُ بْنُ عُقْبَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ عَبْدُ الْعَزِيزِ وَرَوَاهُ مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، وَغَيْرُهُ، عَنْ زَائِدَةَ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ السَّبِيعِيِّ

یہ حدیث زائدہ' اسحاق شیبانی سے اور زائدہ سے ولید بن عقبہ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عبدالعزیز اکیلے ہیں۔ اس حدیث کو معاویہ بن عمرو اور ان کے علاوہ زائدہ سے' وہ ابواسحاق سبیعی سے۔

5868 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ رَبِيعَةَ الْكِلَابِيِّ قَالَ: ثَنَا اَبِي قَالَ: ثَنَا مُصْعَبُ بْنُ الْمِقْدَامِ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ صَالِحٍ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: رَاَيْتُهُ، يَعْنِي النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَذْبَحُهُمَا، وَاضِعًا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور ﷺ کو دیکھا' آپ نے اپنا قدم مبارک اس کی گردن پر رکھا' بسم اللہ واللہ اکبر پڑھ کر' ذبح کرتے ہوئے' دو سینگوں والے کالے مینڈھے ذبح کیے۔

5868- أخرجه البخاري: الأضاحي جلد10 صفحه25 رقم الحديث: 5564-5565' ومسلم: الأضاحي جلد3 صفحه1556 .

قَدَمَهُ عَلَى صَفَحَاتِهِمَا، يُسَمِّي، وَيُكَبِّرُ، كَبْشَيْنِ اَقْرَنَيْنِ اَمْلَحَيْنِ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ صَالِحٍ اِلَّا مُصْعَبُ بْنُ الْمِقْدَامِ

یہ حدیث حسن بن صالح سے مصعب بن المقدام روایت کرتے ہیں۔

**5869** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ اَبُو مُلَيْلٍ الْكِلَابِيُّ، ثَنَا اَبِي، ثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ عُقْبَةَ، ثَنَا زَائِدَةُ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ الشَّيْبَانِيِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَبَانَ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ اَتَى الْجُمُعَةَ فَلْيَغْتَسِلْ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جو جمعہ کے لیے آئے اس کو چاہیے کہ وہ غسل کرے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ الشَّيْبَانِيِّ اِلَّا الْوَلِيدُ، تَفَرَّدَ بِهِ عَبْدُ الْعَزِيزِ وَرَوَاهُ مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو وَغَيْرُهُ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ السَّبِيعِيِّ

یہ حدیث ابواسحاق شیبانی سے ولید روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عبدالعزیز اکیلے ہیں۔ معاویہ بن عمرو اور ان کے علاوہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ ابواسحاق سبیعی سے روایت کرتے ہیں۔

**5870** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ رَبِيعَةَ الْكِلَابِيُّ قَالَ: نا اَبِي قَالَ: نا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ اَبِي حَمَّادٍ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ الصَّائِغِ، عَنْ عَطِيَّةَ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اِنَّمَا مَثَلُ اَهْلِ بَيْتِي مَثَلُ سَفِينَةِ نُوحٍ، مَنْ رَكِبَهَا نَجَا، وَمَنْ تَخَلَّفَ عَنْهَا غَرِقَ. اِنَّمَا مَثَلُ اَهْلِ بَيْتِي فِيكُمْ مَثَلُ بَابِ حِطَّةٍ فِي بَنِي اِسْرَائِيلَ، مَنْ دَخَلَ غُفِرَ لَهُ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: میرے اہل بیت کی مثال کشتی نوح کی طرح ہے جو اس پر سوار ہوا وہ نجات پا گیا' جو سوار نہیں ہوا وہ غرق ہو گیا اور میرے اہل بیت کی مثال بنی اسرائیل کے دروازہ حطہ کی طرح ہے جو اس میں داخل ہوا' اس کو بخش دیا گیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي سَلَمَةَ الصَّائِغِ اِلَّا

یہ حدیث ابوسلمہ صائغ سے عبدالرحمن بن ابوحماد

**5869**- تقدم تخریجه .

**5870**- أخرجه الطبرانی فی الصغیر جلد2صفحه22 وقال: لم یروه عن أبی سلمة الا ابن أبی حماد . تفرد به: عبد العزیز بن محمد . وقال الهیثمی فی المجمع جلد9صفحه171 وقال: وفیه جماعة لم أعرفهم .

عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ اَبِی حَمَّادٍ، تَفَرَّدَ بِهِ عَبْدُ الْعَزِیزِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ رَبِیعَةَ

روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عبدالعزیز بن محمد بن ربیعہ اکیلے ہیں۔

**5871** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِیزِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ رَبِیعَةَ الْكِلَابِیُّ قَالَ: نا اَبِی قَالَ: نا یَحْیَی بْنُ آدَمَ، عَنْ عَبْدِ السَّلَامِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ یَزِیدَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ اَبِی خَالِدٍ الدَّالَانِیِّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ اَبِی الْبَخْتَرِیِّ، عَنْ اَبِی سَعِیدٍ الْخُدْرِیِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَوْمَ الْفَتْحِ: هَذَا مَا وَعَدَنِی رَبِّی، ثُمَّ قَرَاَ: اِذَا جَاءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ قَالَ: لَمَّا دَخَلَ النَّاسُ فِی دِینِ اللّٰهِ اَفْوَاجًا، فَظَهَرَ دِینُ اللّٰهِ عَلَى الدِّینِ كُلِّهِ، فَالنَّاسُ خَیْرٌ، وَنَحْنُ خَیْرٌ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فتح مکہ کے دن فرمایا: یہ وہ ہے جس کا مجھ سے میرے رب نے وعدہ کیا تھا' پھر آپ نے پڑھا: جب اللہ کی طرف سے مدد اور فتح آئے گی' فرمایا: جب لوگ اللہ کے دین میں گروہ در گروہ داخل ہوں گے تو اللہ عزوجل کا دین سب پر غالب آ جائے گا' لوگ بھی بہتر اور ہم بھی بہتر۔

لَمْ یَرْوِ هَذَا الْحَدِیثَ عَنْ اَبِی خَالِدٍ الدَّالَانِیِّ اِلَّا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ حَرْبٍ، تَفَرَّدَ بِهِ یَحْیَی بْنُ آدَمَ

یہ حدیث ابوخالد الدالانی سے عبدالسلام بن حرب روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں یحییٰ بن آدم اکیلے ہیں۔

**5969** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الْاَحْمَرُ النَّاقِدُ قَالَ: نا عُمَرُ بْنُ مُوسَى الْحَادِي قَالَ: نا اَبُو هِلَالٍ قَالَ: نا جَابِرٌ اَبُو الْوَازِعِ، عَنْ اَبِي بُرْدَةَ، عَنْ اَبِي مُوسَى قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوْ اَنَّ رَجُلًا فِي حِجْرِهِ دَرَاهِمُ يُقَسِّمُهَا، وَآخَرُ يَذْكُرُ اللّٰهَ، كَانَ الذَّاكِرُ لِلّٰهِ اَفْضَلُ

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اگر کوئی اپنے گھر سے ایک درہم (اللہ کی راہ) میں تقسیم کرے' دوسرا آدمی اللہ کا ذکر کرے تو اللہ کا ذکر کرنے والا افضل ہے۔

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ اَبِي مُوسَى اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ عُمَرُ بْنُ مُوسَى

یہ حدیث ابوموسیٰ سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں عمر بن یونس اکیلے ہیں۔

**5970** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الْاَحْمَرُ النَّاقِدُ قَالَ: نا اَيُّوبُ بْنُ يُونُسَ اَبُو اُمَيَّةَ الصَّفَّارُ قَالَ: ثَنَا وُهَيْبُ بْنُ خَالِدٍ، عَنْ اَيُّوبَ، وَخَالِدٍ الْحَذَّاءِ، عَنْ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو اپنے مال کی حفاظت کرتے ہوئے قتل ہو جائے' وہ شہید ہے۔

---

5970- اخرجه ابن ماجة: الحدود جلد 2 صفحه 861 رقم الحديث: 2581 من طريق يزيد بن سنان' عن ميمون ابن مهران بلفظ: من أتى عند ماله' فقوتل فقاتل فقتل' فهو شهيد . وفي الزوائد: في اسناده يزيد بن سنان التيمي' ابو فرة الرهاوي' ضعفه أحمد وغيره .

اَبِی قِلَابَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ قُتِلَ دُونَ مَالِهِ فَهُوَ شَهِيدٌ

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَيُّوبَ وَخَالِدٍ اِلَّا وُهَيْبٌ

یہ حدیث ایوب اور خالد سے وہیب روایت کرتے ہیں۔

**5971** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الْاَحْمَرُ النَّاقِدُ قَالَ: ثَنَا اَيُّوبُ بْنُ يُونُسَ الصَّفَّارُ قَالَ: نَا وُهَيْبٌ، عَنْ مُصْعَبِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ شُرَحْبِيلَ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّمَا جُعِلَ الْاِمَامُ لِيُؤْتَمَّ بِهِ، اِذَا كَبَّرَ فَكَبِّرُوا، وَلَا تُكَبِّرُوا حَتَّى يُكَبِّرَ، وَاِذَا رَكَعَ فَارْكَعُوا، وَلَا تَرْكَعُوا حَتَّى يَرْكَعَ، وَاِذَا قَالَ: سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهُ فَقُولُوا: رَبَّنَا وَلَكَ الْحَمْدُ، وَاِذَا سَجَدَ فَاسْجُدُوا، وَلَا تَسْجُدُوا حَتَّى يَسْجُدَ، وَاِذَا رَفَعَ رَاْسَهُ فَارْفَعُوا، وَلَا تَرْفَعُوا حَتَّى يَرْفَعَ، وَاِنْ صَلَّى جَالِسًا فَصَلُّوا جُلُوسًا اَجْمَعُونَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: امام ہوتا ہی اس لیے ہے کہ اس کی اقتداء کی جائے' جب وہ تکبیر کہے تو تم بھی تکبیر کہو' تم اس وقت تک تکبیر نہ کہو جب تک امام تکبر نہ کہے' جب وہ رکوع کرے تو تم بھی رکوع کرو' جب وہ سمع اللہ لمن حمدہ کہے تو تم ربنا لک الحمد کہو' جب وہ سجدہ کرے تو تم بھی سجدہ کرو' جب وہ سر اُٹھائے تو تم بھی اُٹھاؤ' جب تک وہ نہ اُٹھائے اس وقت تک تم نہ اُٹھاؤ' جب بیٹھ کر نماز پڑھائے تو تم بھی بیٹھ کر پڑھو۔

**5972** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الْاَحْمَرُ النَّاقِدُ قَالَ: نَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ قَالَ: اَخْبَرَنِي اَبِي، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ النَّضْرِ الْحُدَّانِيِّ قَالَ: سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ سِيرِينَ، سَاَلَهُ رَجُلٌ عَنِ الْوَهْمِ، فَقَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو هُرَيْرَةَ، اَنَّهُ: صَلَّى مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، صَلَاةً مِنْ صَلَاةِ النَّهَارِ، وَاَنَّهُ صَلَّى رَكْعَتَيْنِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ انہوں نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ نماز پڑھی' دن کی نمازوں میں سے کوئی نماز' آپ نے دو رکعت پڑھا کر سلام پھیر دیا' لوگ جلدی سے نکلے' انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا نماز میں کمی ہوگئی ہے؟ قوم میں حضرت ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما دونوں موجود تھے' وہ دونوں آپ

**5971**- أخرجه البخاري: الأذان جلد 2 صفحه 244 رقم الحديث: 722' ومسلم: الصلاة جلد 1 صفحه 309 بنحوه . وأبو داؤد: الصلاة جلد 1 صفحه 161 رقم الحديث: 603 ولفظه عند أبي داؤد .

**5972**- أخرجه البخاري: السهو جلد 3 صفحه 119 رقم الحديث: 1229' ومسلم: المساجد جلد 1 صفحه 403 .

ثُمَّ سَلَّمَ، فَخَرَجَ سُرْعَانُ النَّاسِ، فَقَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَقَصُرَتِ الصَّلَاةُ؟ وَفِي الْقَوْمِ اَبُو بَكْرٍ، وَعُمَرُ فَهَابَاهُ اَنْ يُكَلِّمَاهُ، فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْمُسْلِمِينَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَقَصُرَتِ الصَّلَاةُ اَمْ نَسِيتَ؟ فَقَالَ: لَمْ تُقْصَرِ، وَلَمْ اَنْسَ، فَقَالَ رَجُلٌ: بِاَبِي وَاُمِّي نَسِيتَ، اِنَّمَا صَلَّيْتَ رَكْعَتَيْنِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَحَقٌّ مَا يَقُولُ ذُو الْيَدَيْنِ؟ فَقَالُوا: صَدَقَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَقَامَ فَرَكَعَ رَكْعَتَيْنِ اِلَى رَكْعَتَيْهِ الْاُولَيَيْنِ، ثُمَّ سَلَّمَ، ثُمَّ سَجَدَ سَجْدَتَيْنِ نَحْوًا مِنْ سُجُودِهِ فِي صَلَاتِهِ، اَوْ اَطْوَلَ

سے گفتگو کرنے سے ڈرتے تھے‘ مسلمانوں میں سے ایک آدمی نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا نماز کی رکعتیں کم ہوئی ہیں یا آپ بھلا دیئے گئے؟ آپ نے فرمایا: نہ رکعتیں کم ہوئی ہیں نہ میں بھلایا گیا ہوں۔ ایک آدمی نے عرض کی: میرے ماں باپ آپ پر فدا ہوں! آپ بھلا دیئے گئے ہیں‘ آپ نے دو رکعتیں پڑھائی ہیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو ذوالیدین کہہ رہا ہے‘ کیا یہ حق ہے؟ صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! اس نے سچ کہا ہے۔ پس آپ کھڑے ہوئے‘ پہلی دو رکعتوں کے ساتھ دو اور رکعتیں پڑھیں‘ پھر سلام پھیر دیا‘ پھر دو سجدے کیے‘ نماز کے سجدوں کی طرح یا اس سے لمبے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ طَلْحَةَ بْنِ نَضْرٍ الْحُدَّانِيِّ اِلَّا عَلِيُّ بْنُ نَصْرٍ، وَيَحْيَى بْنُ اَبِي بُكَيْرٍ الْكِرْمَانِيُّ

یہ حدیث طلحہ بن نضر الحدانی سے علی بن نصر اور یحییٰ بن ابوبکر الکرمانی روایت کرتے ہیں۔

**5973** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الْاَحْمَرُ النَّاقِدُ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ الْبُخَارِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ بِلَالٍ قَالَ: نا هَمَّامٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ سَمُرَةَ قَالَ: نَهَانَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَنْ تُنْكَحَ الْمَرْاَةُ عَلَى عَمَّتِهَا، اَوْ عَلَى خَالَتِهَا

حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: نکاح میں پھوپھی اور بھانجی اور خالہ اور بھتیجی جمع نہ کی جائیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ اِلَّا هَمَّامٌ، وَلَا عَنْ هَمَّامٍ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ بِلَالٍ، تَفَرَّدَ بِهِ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ الْبُخَارِيُّ

یہ حدیث قتادہ سے ہمام اور ہمام سے محمد بن بلال روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں محمد بن اسماعیل بخاری اکیلے ہیں۔

**5974** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الْاَحْمَرُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا‘ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے

النَّاقِدُ قَالَ: نا النَّضْرُ بْنُ طَاهِرٍ قَالَ: ثَنَا مُعَاذُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْخُرَاسَانِيُّ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَمَّا اَهْبَطَ اللّٰهُ آدَمَ اِلَى الْاَرْضِ قَامَ وِجَاهَ الْكَعْبَةِ، فَصَلَّى رَكْعَتَيْنِ، فَاَلْهَمَهُ اللّٰهُ هٰذَا الدُّعَاءَ: اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ تَعْلَمُ سَرِيرَتِي، وَعَلَانِيَتِي فَاقْبَلْ مَعْذِرَتِي، وَتَعْلَمُ حَاجَتِي فَاَعْطِنِي سُؤْلِي، وَتَعْلَمُ مَا فِي نَفْسِي فَاغْفِرْ لِي ذَنْبِي. اَللّٰهُمَّ اِنِّي اَسْاَلُكَ اِيمَانًا يُبَاشِرُ قَلْبِي، وَيَقِينًا صَادِقًا حَتّٰى اَعْلَمَ اَنَّهُ لَا يُصِيبُنِي اِلَّا مَا كَتَبْتَ لِي، وَرِضًا بِمَا قَسَمْتَ لِي. فَاَوْحَى اللّٰهُ اِلَيْهِ: يَا آدَمُ، اِنِّي قَدْ قَبِلْتُ تَوْبَتَكَ، وَغَفَرْتُ لَكَ ذَنْبَكَ، وَلَنْ يَدْعُونِي اَحَدٌ بِهٰذَا الدُّعَاءِ اِلَّا غَفَرْتُ لَهُ ذَنْبَهُ، وَكَفَيْتُهُ الْمُهِمَّ مِنْ اَمْرِهِ، وَزَجَرْتُ عَنْهُ الشَّيْطَانَ، وَاتَّجَرْتُ لَهُ مِنْ وَرَاءِ كُلِّ تَاجِرٍ، وَاَقْبَلَتْ اِلَيْهِ الدُّنْيَا رَاغِمَةً، وَاِنْ لَمْ يُرِدْهَا

روایت کرتی ہیں کہ آپ نے فرمایا: جب اللہ عزوجل نے حضرت آدم علیہ السلام کو زمین پر اُتارا تو آپ کھڑے ہوئے' کعبہ کے پاس آئے' دو رکعتیں پڑھیں' اللہ عزوجل نے یہ دعا آپ کے دل میں ڈالی: ''اللّٰهم انك تعلم الى آخره''۔ اللہ عزوجل نے وحی کی: اے آدم! میں نے آپ کی توبہ قبول کر لی' میں نے آپ کی لغزش سے صرف نظر کیا' جو کوئی بھی یہ دعا کرے گا تو میں اس سے درگزر کروں گا' اس کے کاموں کی مشکل کے لیے کافی ہوں گا' اس کے ذریعے شیطان کو ذلیل کروں گا' اس کے پیچھے ہر تاجر کو چلا دوں گا' اس کے پاس دنیا ذلیل ہو کر آئے گی' اگرچہ اس کو واپس نہ کرے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ اِلَّا مُعَاذُ بْنُ مُحَمَّدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ النَّضْرُ بْنُ طَاهِرٍ

یہ حدیث ہشام بن عروہ سے معاذ بن محمد روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں نضر بن طاہر اکیلے ہیں۔

**5975** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْاَحْمَرِ النَّاقِدُ قَالَ: نا رَوْحُ بْنُ عَبْدِ الْمُؤْمِنِ الْمُقْرِءُ قَالَ: نا قَزْعَةُ بْنُ سُوَيْدٍ، عَنْ حُمَيْدٍ الْاَعْرَجِ، عَنِ الزُّهْرِيِّ،

حضرت شداد بن اوس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کسی کے وصال کا وقت قریب آئے تو اس کی آنکھیں بند کر دو کیونکہ آنکھ

**5975**- أخرجه ابن ماجة: الجنائز جلد 1 صفحه 467 رقم الحديث: 1455 . في الزوائد: اسناده حسن' لأن قزعة ابن سويد مختلف فيه . وباقي رجاله ثقات . وأحمد: المسند جلد 4 صفحه 155 رقم الحديث: 17141' والطبراني في الكبير جلد 7 صفحه 291 رقم الحديث: 7168 .

عَنْ مَحْمُودِ بْنِ لَبِيدٍ، عَنْ شَدَّادِ بْنِ أَوْسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا حَضَرْتُمْ مَوْتَاكُمْ فَأَغْمِضُوا الْبَصَرَ، فَإِنَّ الْبَصَرَ يَتْبَعُ الرُّوحَ، وَقُولُوا خَيْرًا، فَإِنَّ الْمَلَائِكَةَ تُؤَمِّنُ عَلَى مَا قَالَ أَهْلُ الْمَيِّتِ

روح کا پیچھا کرتی ہے اور اس کے متعلق اچھائی کہو کیونکہ فرشتے آمین کہتے ہیں اس بات پر جو اس کے گھر والے کہتے ہیں۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ شَدَّادِ بْنِ أَوْسٍ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ قَزْعَةُ بْنُ سُوَيْدٍ

یہ حدیث شداد بن اوس سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں قزعہ بن سوید اکیلے ہیں۔

**5976** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْأَحْمَرِ النَّاقِدُ قَالَ: نا عَمَّارُ بْنُ طَالُوتَ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي عَدِيٍّ، عَنْ حُسَيْنٍ الْمُعَلِّمِ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنِ الْجَهْمِ بْنِ فَضَالَةَ الْبَاهِلِيِّ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ الْبَاهِلِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَجِيءُ الظَّالِمُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، حَتَّى إِذَا كَانَ عَلَى جِسْرِ جَهَنَّمَ بَيْنَ الظُّلْمَةِ، وَالْوَعْرَةِ لَقِيَهُ الْمَظْلُومُ فَعَرَفَهُ، وَعَرَفَ مَا ظَلَمَهُ بِهِ، فَمَا يَبْرَحُ الَّذِينَ ظُلِمُوا يَقْضُونَ مِنَ الَّذِينَ ظَلَمُوا، حَتَّى يَنْزِعُوا مَا فِي أَيْدِيهِمْ مِنَ الْحَسَنَاتِ، فَإِنْ لَمْ يَكُنْ لَهُمْ حَسَنَاتٌ أُدْرِكَ عَلَيْهِمْ مِنْ سَيِّئَاتِهِمْ مِثْلَ مَا ظَلَمُوا، حَتَّى يُورِدُوا الدَّرْكَ الْأَسْفَلَ مِنَ النَّارِ

حضرت ابوامامہ باہلی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ظالم قیامت کے دن آئے گا' جب جہنم کے پل پر اندھیرے میں چڑھے گا تو سخت کٹھن مرحلہ میں ہوگا' مظلوم اس کو ملے گا تو اس کو پہچان لے گا اور پہچان لے گا جو اس پر ظلم کیا تھا' ظلم کرنے والے ہٹیں گے نہیں' وہ مظلوموں کا حق ادا کریں گے یہاں تک کہ جو نیکیاں ان کے پاس ہوں گی وہ ختم ہو جائیں گی' اگر ان کے پاس نیکیاں نہ ہوئیں تو مظلوموں کے گناہ لے کر ان کے نامۂ اعمال والے پلڑے میں ڈالیں گے' یہاں تک کہ جہنم کے نچلے درجے میں ہوں گے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَيُّوبَ إِلَّا حُسَيْنٌ الْمُعَلِّمُ، تَفَرَّدَ بِهِ ابْنُ أَبِي عَدِيٍّ

یہ حدیث ایوب سے حسین معلم روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ابن ابی عدی اکیلے ہیں۔

**5977** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْأَحْمَرِ

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

---

**5977**- أخرجه أحمد: المسند جلد 5 صفحه 175 رقم الحديث: 21360 . وعزاه الهيثمي في المجمع جلد 5 صفحه 109 أيضًا الى البزار . وقال: ورجال أحمد ثقات .

النَّاقِدِ قَالَ: ثَنَا طَالُوتُ بْنُ عَبَّادٍ قَالَ: نا دَيْلَمُ بْنُ غَزْوَانَ قَالَ: نا وَهْبُ بْنُ اَبِي دُبَيٍّ، عَنْ اَبِي حَرْبِ بْنِ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ مِحْجَنٍ، عَنْ اَبِي ذَرٍّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ الْعَيْنَ لَتُولَعُ بِالرَّجُلِ بِاِذْنِ اللّٰهِ، حَتّٰى يَصْعَدَ حَالِقًا فَيَتَرَدّٰى مِنْهَا

نے فرمایا: آنکھ لگنا آدمی کو اللہ کے حکم سے گرا دیتا ہے' یہاں تک کہ اس کے حلق پر چڑھ جاتی ہے' اس کے بعد اس سے گراتی ہے۔

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ اَبِي ذَرٍّ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ دَيْلَمُ بْنُ غَزْوَانَ

یہ حدیث ابوذر سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں دیلم بن غزوان اکیلے ہیں۔

**5978** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْاَحْمَرِ النَّاقِدُ قَالَ: نا طَالُوتُ بْنُ عَبَّادٍ قَالَ: نا دَيْلَمُ بْنُ غَزْوَانَ قَالَ: ثَنَا وَهْبُ بْنُ اَبِي دُبَيٍّ، عَنْ اَبِي حَرْبٍ، اَوِ اَبِي الطُّفَيْلِ قَالَ: بَيْنَمَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فِي مَسِيرٍ لَهُ، بَيْنَ يَدَيْهِ رَجُلٌ يَنْظُرُ هَلْ فِي الطَّرِيقِ شَيْءٌ يَكْرَهُهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَيُمِيطُهُ عَنْهُ، فَاِذَا هُوَ بِامْرَاَةٍ عَجُوزٍ لَا تَوَارِي عُرْيًا، فَقَالَ: اِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَدْ اَظَلَّكِ فَاَعْرَضَتْ، وَقَالَ لَهَا ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، كُلَّ مَرَّةٍ تُعْرِضُ عَنْهُ، قَالَتْ: فَمَا تَاْمُرُنِي اِنْ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَدْ اَظَلَّنِي؟ فَسَمِعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَقَالَتَهَا، فَقَالَ: اَعْرِضْ عَنْهَا فَاِنَّهَا جُبَارَةٌ

حضرت ابوطفیل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ چل رہے تھے' آپ آگے تھے' ایک آدمی تھا وہ دیکھ رہا تھا کہ راستے میں کوئی ایسی شی تو نہیں پڑی جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو تکلیف دے' وہ اس کو ہٹا دیتا تھا۔ ایک بوڑھی عورت تھی جو ننگا پن نہ چھپاتی تو اس آدمی نے کہا: بے شک رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تیرے اوپر سایہ فرمایا ہے' سو اس نے اعراض کیا۔ اس آدمی نے اُسے تین بار کہا۔ ہر بار اس نے اعراض کیا' اس عورت نے کہا: اگر اللہ کے رسول نے مجھ پر سایہ کیا تھا تو مجھے تُو کیا حکم دیتا ہے؟ پس رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس کی بات سن لی۔ تو آپ نے فرمایا: اس سے منہ موڑ لو' یہ فضول عورت ہے (تم نے حجت پوری کردی ہے)۔

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ اَبِي الطُّفَيْلِ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ دَيْلَمُ بْنُ غَزْوَانَ

یہ حدیث ابوطفیل سے اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں دیلم بن غزوان اکیلے ہیں۔

**5979** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْاَحْمَرِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے' وہ

5979- أخرجه مسلم: البر والصلة جلد 4 صفحه 1990 . وانظر الترغيب للمنذري جلد 2 صفحه 66-67

النَّاقِدُ قَالَ: ثَنَا طَالُوتُ بْنُ عَبَّادٍ قَالَ: ثَنَا سَلَّامُ بْنُ مِسْكِينَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَقُولُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ يَوْمَ الْقِيَامَةِ: اسْتَطْعَمَكَ عَبْدِي فَلَمْ تُطْعِمْهُ، وَلَوْ اَطْعَمْتَهُ اَطْعَمْتُكَ، وَاسْتَسْقَاكَ عَبْدِي فَلَمْ تَسْقِهِ، وَلَوْ سَقَيْتَهُ سَقَيْتُكَ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سَلَّامُ بْنُ مِسْكِينٍ اِلَّا طَالُوتُ بْنُ عَبَّادٍ

فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ عزوجل قیامت کے دن فرمائے گا: میرے بندے! میں نے تجھ سے کھانا مانگا تھا' تو نے کھانا نہیں دیا' اگر تو کھانا دیتا تو میں اس کو کھاتا' میرے بندے! میں نے تجھ سے پینے کے لیے پانی مانگا تو نے پینے کے لیے پانی نہیں دیا' اگر تو دیتا تو میں پیتا۔

یہ حدیث سلام بن مسکین سے روایت کرنے میں طالوت بن عبادہ اکیلے ہیں۔

**5980** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيّ بْنِ الْاَحْمَرِ النَّاقِدُ قَالَ: ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فِرَاسٍ اَبُو هُرَيْرَةَ الصَّيْرَفِيُّ قَالَ: نا سَلْمُ بْنُ قُتَيْبَةَ اَبُو قُتَيْبَةَ قَالَ: ثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِينَارٍ قَالَ: ثَنَا اُسَيْدُ بْنُ اَبِي اُسَيْدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي قَتَادَةَ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَيَسُرُّ اَحَدُكُمْ اَنْ تَحَلَّى حَبِيبَتُهُ بِسِوَارٍ مِنْ نَارٍ؟ قَالُوا: لَا۔ قَالَ: فَلَا تَحَلُّوا مِنَ الذَّهَبِ، لَكِنَّ الْفِضَّةَ الْعَبُوا بِهَا لَعِبًا

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ. . . . . . .

حضرت عبداللہ بن قتادہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کیا تم میں سے کوئی پسند کرتا ہے کہ اپنے دوست کو آگ کا کنگن پہنائے؟ صحابہ کرام نے عرض کی: نہیں! آپ نے فرمایا: سونے کو حلال نہ جانو لیکن چاندی سے کھیلو یعنی پہنو۔

یہ حدیث روایت نہیں ہے..........

**5981** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيّ بْنِ الْاَحْمَرِ النَّاقِدُ قَالَ: ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْاَزْدِيُّ قَالَ: ثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ حَفْصٍ قَالَ: نا حَفْصُ بْنُ النَّضْرِ السَّلَمِيُّ قَالَ: نا عَامِرُ بْنُ خَارِجَةَ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ اَبِيهِ،

حضرت خارجہ بن سعد اپنے والد سے' وہ ان کے دادا سعد سے روایت کرتے ہیں کہ ایک قوم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے بارش نہ ہونے کی شکایت کی تو آپ نے فرمایا: گھٹنوں کے بل گر جاؤ اور کہو: اے رب! اے رب!

---

رقم الحديث: 17 .

5980- أخرجه أحمد: المسند جلد4صفحه506 رقم الحديث: 19741 بنحوه . وقال الهيثمي في المجمع جلد 5 صفحه150 : رواه أحمد وقد روى أسيد هذا عن موسى بن أبي موسى الأشعري' وعبد الله بن أبي قتادة فان كانا هما اللذين أبهما فالحديث حسن وان كان غيرهما فلم أعرفهما .

عَنْ جَدِّهِ سَعْدٌ، اَنَّ قَوْمًا شَكَوْا اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَحْطَ الْمَطَرِ، فَقَالَ: اجْثُوا عَلَى الرُّكَبِ، وَقُولُوا: يَا رَبِّ، يَا رَبِّ وَرَفَعَ السَّبَّابَةَ اِلَى السَّمَاءِ، فَفَعَلُوا، فَسُقُوا حَتَّى اَحَبُّوا اَنْ يُكْشَفَ عَنْهُمْ

آپ نے اپنی سبابہ انگلی آسمان کی طرف اُٹھائی' انہوں نے ایسے ہی کیا تو بارش برسنے لگی یہاں تک کہ انہوں نے پسند کیا کہ بارش آنا رک جائے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ سَعْدٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْاَزْدِيُّ

یہ حدیث سعد سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں محمد بن یحییٰ ازدی اکیلے ہیں۔

**5982** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْاَحْمَرِ النَّاقِدُ قَالَ: نا عَمَّارُ بْنُ طَالُوتَ قَالَ: نا سَهْلُ بْنُ حَسَّانَ الْكُوفِيُّ قَالَ: ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ خُثَيْمِ بْنِ عِرَاكِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، كَانَ يُكْثِرُ اَنْ يَدْعُوَ بِهَذَا الدُّعَاءِ: اللّٰهُمَّ اجْعَلْنِي اَخْشَاكَ حَتَّى كَاَنِّي اَرَاكَ اَبَدًا حَتَّى اَلْقَاكَ، وَاَسْعِدْنِي بِتَقْوَاكَ، وَلَا تُشْقِنِي بِمَعْصِيَتِكَ، وَخِرْ لِي فِي قَضَائِكَ، وَبَارِكْ لِي فِي قَدَرِكَ حَتَّى لَا اُحِبَّ تَعْجِيلَ مَا اَخَّرْتَ، وَلَا تَاْخِيرَ مَا عَجَّلْتَ، وَاجْعَلْ غِنَائِي فِي نَفْسِي، وَاَمْتِعْنِي بِسَمْعِي وَبَصَرِي، وَاجْعَلْهُمَا الْوَارِثَ مِنِّي، وَانْصُرْنِي عَلَى مَنْ ظَلَمَنِي، وَاَرِنِي فِيهِ ثَارِي، وَاَقِرَّ بِذَلِكَ عَيْنِي

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ کثرت سے یہ دعا کرتے تھے: ''اللّٰھم اجعلنی الٰی آخرہٖ''۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ عِرَاكِ بْنِ مَالِكٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ عَمَّارُ بْنُ طَالُوتَ

یہ حدیث عراک بن مالک سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں عمار بن طالوت اکیلے ہیں۔

**5983** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ

5983- اخرجه مسلم: الجنائز جلد 2 صفحه 667' والترمذي: الجنائز جلد 3 صفحه 359 رقم الحديث: 1052'

الصَّابُونِيُّ الْبَصْرِيُّ قَالَ: ثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيدِ النَّرْسِيُّ قَالَ: نا عَدِيُّ بْنُ الْفَضْلِ، عَنْ اَشْعَثَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ تَجْصِيصِ الْقُبُورِ، وَالْبِنَاءِ عَلَيْهَا، وَالْقُعُودِ عَلَيْهَا

حضور ﷺ نے قبروں کو گچ اور اس پر دیوار بنانے سے اور اس پر بیٹھنے سے منع فرمایا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَشْعَثَ اِلَّا عَدِيُّ بْنُ الْفَضْلِ

یہ حدیث اشعث سے عدی بن فضل روایت کرتے ہیں۔

**5984** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ الصَّبَّاحِ الْبَصْرِيُّ قَالَ: ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْقُطَعِيُّ قَالَ: ثَنَا رَوْحُ بْنُ عَطَاءِ بْنِ اَبِي مَيْمُونَةَ قَالَ: نا خَالِدٌ الْحَذَّاءُ، عَنْ اَبِي قِلَابَةَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: كَانَتِ الصَّلَاةُ اِذَا حَضَرَتْ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، سَعَى رَجُلٌ اِلَى الطَّرِيقِ فَنَادَى: الصَّلَاةَ، الصَّلَاةَ، فَاشْتَدَّ ذَلِكَ عَلَى النَّاسِ، فَقَالُوا: لَوِ اتَّخَذْنَا نَاقُوسًا، يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: ذَلِكَ لِلنَّصَارَى، قَالُوا: فَلَوِ اتَّخَذْنَا بُوقًا؟ قَالَ: ذَلِكَ لِلْيَهُودِ قَالَ: فَاُمِرَ بِلَالٌ اَنْ يَشْفَعَ الْاَذَانَ، وَيُوتِرَ الْاِقَامَةَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب حضور ﷺ کے زمانے میں نماز کا وقت ہوتا تو ایک آدمی راستے پر چلتا اور آواز دیتا: نماز نماز! لوگوں پر یہ معاملہ دشوار گزرا تو انہوں نے کہا: یارسول اللہ! اگر ہم ناقوس بنالیں؟ آپ نے فرمایا: یہ نصاریٰ کا طریقہ ہے۔ صحابہ کرام نے عرض کی: اگر ہم بوق بنالیں (نماز کی اطلاع کرنے کے لیے)؟ آپ نے فرمایا: یہ یہود کا طریقہ ہے۔ آپ نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو اذان کے الفاظ دو دو دفعہ کہنے کا حکم دیا اور اقامت کے الفاظ ایک دفعہ کہنے کا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ بِهَذَا التَّمَامِ عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ اِلَّا رَوْحُ بْنُ عَطَاءِ بْنِ اَبِي مَيْمُونَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْقُطَعِيُّ

یہ حدیث حضرت خالد الحذاء سے روح بن عطاء بن ابومیمونہ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں محمد بن یحییٰ القطعی اکیلے ہیں۔

---

والنسائی: الجنائز جلد4صفحه71 (باب الزيادة على القبر).

5984- أصلـه عند البخاری ومسلم مختصرًا . أخرجه البخاری: الأذان جلد2صفحه98 رقم الحديث: 606، ومسلم: الصلاة جلد1صفحه286، والبيهقی فی الكبرىٰ جلد1صفحه574 رقم الحديث:1833 ولفظه للبيهقی .

5985 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ الصَّبَّاحِ قَالَ: ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الصَّبَّاحِ الْعَطَّارُ قَالَ: ثَنَا مَحْبُوبُ بْنُ الْحَسَنِ، عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءُ، عَنْ اَبِي قِلَابَةَ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ اَبِي سُفْيَانَ قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ رُكُوبِ النِّمَارِ

حضرت معاویہ بن سفیان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے چیتے پر سواری کرنے سے منع کیا۔

5986 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ الصَّبَّاحِ قَالَ: ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الصَّبَّاحِ الْعَطَّارُ قَالَ: ثَنَا مَحْبُوبُ بْنُ الْحَسَنِ، عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ، عَنْ اَبِي قِلَابَةَ، عَنْ اَبِي الْمُهَلَّبِ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، لَمَّا بَلَغَهُ وَفَاةُ النَّجَاشِيِّ قَالَ: اِنَّ اَخَاكُمُ النَّجَاشِيَّ قَدْ مَاتَ، فَصَلُّوا عَلَيْهِ، فَقَامَ، فَصَلَّى عَلَيْهِ، وَالنَّاسُ خَلْفَهُ

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کو جب نجاشی کی وفات کی خبر ہوئی تو آپ نے فرمایا: تمہارا بھائی نجاشی فوت ہوگیا ہے' اس کی نمازِ جنازہ پڑھو' آپ کھڑے ہوئے اور نمازِ جنازہ پڑھائی اور لوگ آپ کے پیچھے کھڑے ہوئے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ اِلَّا مَحْبُوبُ بْنُ الْحَسَنِ

یہ دونوں حدیثیں خالد الحذاء سے محبوب بن حسن روایت کرتے ہیں۔

5987 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ الصَّبَّاحِ قَالَ: ثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ الْمُنْذِرِ الْكُوفِيُّ قَالَ: نَا اَبِي قَالَ: نَا اَبُو مَرْيَمَ عَبْدُ الْغَفَّارِ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ،

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تمہارے پاس یمن کے رہنے والے آئیں گے' وہ دلوں کے نرم ہوں گے' ایمان یمن والوں کا اور فقہ یمن والوں کا اور حکمت یمن والوں کی ہے۔

---

5985- أخرجه أبو داؤد: اللباس جلد 4صفحه66 رقم الحديث: 4129 بنحوه . وأحمد: المسند جلد 4 صفحه115 رقم الحديث: 16850 ولفظه عند أحمد .

5986- أخرجه مسلم: الجنائز جلد 2صفحه657' والترمذي: الجنائز جلد3صفحه348 رقم الحديث: 1039' والنسائي: الجنائز جلد 4صفحه56 (باب الصفوف على الجنازة)' وابن ماجة: الجنائز جلد 1صفحه491 رقم الحديث: 1535 .

5987- أخرجه البخاري: المغازي جلد 7صفحه701 رقم الحديث: 4388-4390' ومسلم: الايمان جلد 1 صفحه71 .

عَنْ اَبِی هُرَیْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: اَتَاکُمْ اَهْلُ الْیَمَنِ، هُمْ اَرَقُّ اَفْئِدَةً، الْاِیمَانُ یَمَانٍ، وَالْفِقْهُ یَمَانٍ، وَالْحِکْمَةُ یَمَانِیَةٌ

5988 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ الصَّبَّاحِ قَالَ: نا اَحْمَدُ بْنُ یَحْیَی بْنِ الْمُنْذِرِ قَالَ: نا اَبِی قَالَ: نا اَبُو مَرْیَمَ عَبْدُ الْغَفَّارِ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِیرِینَ، عَنْ اَبِی هُرَیْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ الْفَخْرَ وَالْخُیَلَاءَ فِی اَصْحَابِ الْخَیْلِ، وَالْاِبِلِ وَالْوَقَارَ وَالسَّکِینَةَ فِی اَصْحَابِ الْغَنَمِ، وَالْفَدَّادِینَ هُمْ اَهْلُ الْوَبَرِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: فخر اور تکبر گھوڑے اور اونٹ والوں میں ہے اور وقار اور سکونت بکریوں والوں میں ہے' دلی سختی دیہات والوں میں۔

لَمْ یَرْوِ هٰذَیْنِ الْحَدِیثَیْنِ عَنْ اَبِی مَرْیَمَ، عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ اِلَّا یَحْیَی بْنُ الْمُنْذِرِ

یہ دونوں حدیثیں ابومریم' خالد الحذاء سے روایت کرتے ہیں۔ ابومریم سے یحییٰ بن منذر روایت کرتے ہیں۔

5989 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ الصَّبَّاحِ قَالَ: نا یَحْیَی بْنُ عَیَّاشٍ الْقَطَّانُ قَالَ: نا عُمَرُ بْنُ حَبِیبٍ الْقَاضِی، عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ، عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ، عَنْ اَبِی هُرَیْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: اِنِّی کُنْتُ نَهَیْتُکُمْ عَنِ الْاَوْعِیَةِ اَنْ تَنْتَبِذُوا فِیهَا، اِنَّ الْاَوْعِیَةَ لَا تُحِلُّ شَیْئًا، وَلَا تُحَرِّمُهُ، فَانْتَبِذُوا فِیمَا بَدَا لَکُمْ، وَاجْتَنِبُوا کُلَّ مُسْکِرٍ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میں تم کو ان برتنوں میں نبیذ بنانے سے منع کرتا تھا' برتن کسی شے کو حلال وحرام نہیں کرتے ہیں' جو تمہارے لیے ظاہر ہو اس میں نبیذ بناؤ' ہر نشہ آور شی سے بچو۔

لَمْ یَرْوِ هٰذَا الْحَدِیثَ عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ اِلَّا

یہ حدیث خالد الحذاء سے عمر بن حبیب روایت

5988- أخرجه البخاری: بدء الخلق جلد6صفحه403 رقم الحدیث: 3301' ومسلم: الایمان جلد1صفحه72 .

عُمَرُ بْنُ حَبِيبٍ

**5990** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ الصَّبَّاحِ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْاَزْدِيُّ قَالَ: ثَنَا دَاوُدُ بْنُ الْمُحَبَّرِ قَالَ: ثَنَا هَمَّامٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ كَانَتِ الدُّنْيَا هَمَّهُ، وَسَدَمَهُ، لَهَا يَشْخَصُ، وَاِيَّاهَا يَنْوِي، جَعَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ الْفَقْرَ بَيْنَ عَيْنَيْهِ، وَشَتَّتَ عَلَيْهِ ضَيْعَتَهُ، وَلَمْ يَاْتِهِ مِنْهَا اِلَّا مَا كُتِبَ لَهُ ۔ وَمَنْ كَانَتِ الْآخِرَةُ هَمَّهُ، وَسَدَمَهُ، لَهَا يَشْخَصُ، وَاِيَّاهَا يَنْوِي، جَعَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ الْغِنَى فِي قَلْبِهِ، وَجَمَعَ عَلَيْهِ ضَيْعَتَهُ، وَاَتَتْهُ الدُّنْيَا وَهِيَ صَاغِرَةٌ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ هَمَّامٍ اِلَّا دَاوُدُ بْنُ الْمُحَبَّرِ، تَفَرَّدَ بِهِ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْاَزْدِيُّ

کرتے ہیں۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس کو دنیا کا غم اور ھم اس کے خیال اور اس کی نیت ہو تو اللہ عزوجل محتاجی اس کی دونوں آنکھوں کے درمیان رکھ دے گا' جو اس کے حصول کے متعلق کوشش کرے اس کو وہی ملے گا جو اس کے مقدر میں لکھا ہے' جس کو آخرت کا غم اور صدمہ ہو' اس کے خیال میں ہو' اس کی نیت ہو' اللہ عزوجل غناء اس کے دل میں ڈال دے گا' اس کے لیے کوشش جمع کر دے گا تو دنیا اس کے پاس ذلیل ہو کر آئے گی۔

یہ حدیث ہمام سے داؤد بن محبر روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں محمد بن یحییٰ ازدی اکیلے ہیں۔

**5991** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِمْرَانَ النَّاقِطُ الْبَصْرِيُّ قَالَ: نا مُسْلِمُ بْنُ حَاتِمٍ الْاَنْصَارِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَنْصَارِيُّ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ قَالَ: قَالَ اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ: قَدِمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِينَةَ، وَاَنَا يَوْمَئِذٍ ابْنُ ثَمَانِ سِنِينَ، فَذَهَبَتْ بِي اُمِّي اِلَيْهِ، فَقَالَتْ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اِنَّ رِجَالَ الْاَنْصَارِ، وَنِسَاءَهُمْ قَدْ اَتْحَفُوكَ غَيْرِي، وَاِنِّي لَمْ اَجِدْ مَا اُتْحِفُكَ بِهِ اِلَّا بُنَيَّ هَذَا، فَاقْبَلْهُ مِنِّي يَخْدِمُكَ مَا بَدَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ مدینہ تشریف لائے' میری عمر اس وقت اٹھارہ سال تھی' مجھے میری والدہ آپ کے پاس لے کر آئی' عرض کرنے لگی: انصار کے مرد اور عورتیں میرے علاوہ سارے تحفہ لے کر آئے ہیں' میرے پاس آپ کے لیے تحفہ لانے کو کوئی شی نہیں تھی سوائے میرے اس بیٹے کے تو میری طرف سے آپ اسی کو قبول کریں' جب تک آپ چاہیں آپ کی خدمت کرے گا۔ حضرت انس فرماتے ہیں: میں نے رسول اللہ ﷺ کی دس سال خدمت کی'

لَكَ قَالَ: فَخَدَمْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَشْرَ سِنِينَ، فَلَمْ يَضْرِبْنِي ضَرْبَةً، وَلَمْ يَسُبَّنِي، وَلَمْ يَعْبَسْ فِي وَجْهِي وَكَانَ اَوَّلُ مَا اَوْصَانِي اَنْ قَالَ: يَا بُنَيَّ، اكْتُمْ سِرِّي تَكُنْ مُؤْمِنًا فَمَا اَخْبَرْتُ بِسِرِّهِ اَحَدًا قَطُّ، وَاِنَّ اُمِّي وَاَزْوَاجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، سَاَلُونِي فَمَا اَخْبَرْتُهُنَّ بِسِرِّهِ، وَلَا اُخْبِرُ سِرَّهُ اَحَدًا اَبَدًا ثُمَّ قَالَ: يَا بُنَيَّ، اَسْبِغِ الْوُضُوءَ يَزِدْ فِي عُمُرِكَ، وَيُحِبُّكَ حَافِظَاكَ ثُمَّ قَالَ: يَا بُنَيَّ، اِنِ اسْتَطَعْتَ اَلَّا تَبِيتَ اِلَّا عَلَى وَضُوءٍ فَافْعَلْ، فَاِنَّهُ مَنْ اَتَاهُ الْمَوْتُ، وَهُوَ عَلَى وَضُوءٍ اُعْطِيَ الشَّهَادَةَ ثُمَّ قَالَ: يَا بُنَيَّ، اِنِ اسْتَطَعْتَ اَلَّا تَزَالَ تُصَلِّي فَافْعَلْ، فَاِنَّ الْمَلَائِكَةَ لَا تَزَالُ تُصَلِّي عَلَيْكَ مَا دُمْتَ تُصَلِّي ثُمَّ قَالَ: يَا بُنَيَّ، اِيَّاكَ وَالِالْتِفَاتَ فِي الصَّلَاةِ، فَاِنَّ الِالْتِفَاتَ فِي الصَّلَاةِ هَلَكَةٌ، فَاِنْ كَانَ لَا بُدَّ فَفِي التَّطَوُّعِ لَا فِي الْفَرِيضَةِ ثُمَّ قَالَ لِي: يَا بُنَيَّ، اِذَا رَكَعْتَ فَضَعْ كَفَّيْكَ عَلَى رُكْبَتَيْكَ، وَفَرِّجْ بَيْنَ اَصَابِعِكَ، وَارْفَعْ يَدَيْكَ عَنْ جَنْبَيْكَ، فَاِذَا رَفَعْتَ رَاْسَكَ مِنَ الرُّكُوعِ فَمَكِّنْ لِكُلِّ عُضْوٍ مَوْضِعَهُ، فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يَنْظُرُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ اِلَى مَنْ لَا يُقِيمُ صُلْبَهُ ثُمَّ قَالَ لِي: يَا بُنَيَّ، اِذَا سَجَدْتَ فَلَا تَنْقُرْ كَمَا يَنْقُرُ الدِّيكُ، وَلَا تُقْعِ كَمَا يُقْعِي الْكَلْبُ، وَلَا تَفْرِشْ ذِرَاعَيْكَ الْاَرْضَ افْتِرَاشَ السَّبُعِ، وَافْرِشْ ظَهْرَ قَدَمَيْكَ بِالْاَرْضِ، وَضَعْ اِلْيَتَيْكَ عَلَى عَقِبَيْكَ، فَاِنَّ ذٰلِكَ اَيْسَرُ عَلَيْكَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فِي

مجھے آپ نے کبھی مارا بھی نہیں نہ کبھی گالی دی' نہ کبھی میرے چہرے کو میلا کیا۔ سب سے پہلی مجھے جو وصیت کی' وہ یہ تھی کہ آپ نے فرمایا: اے میرے بیٹے! میرے راز کو چھپا تو مؤمن ہو جائے گا۔ مجھے آپ نے کوئی راز بتایا ہے جو میں نے کبھی کسی کو نہیں بتایا۔ میری والدہ اور حضور ﷺ کی ازواج مجھ سے پوچھتیں لیکن میں نے کسی کو نہیں بتایا' نہ زندگی بھر کسی کو بتاؤں گا۔ پھر فرمایا: اے میرے بیٹے! مکمل وضو کر تیری عمر میں اضافہ ہوگا' تیری حفاظت کرنے والے فرشتے تجھ سے محبت کریں گے۔ پھر فرمایا: اے میرے بیٹے! اگر رات باوضو گزار سکے تو ایسا کر کیونکہ جس کو موت حالتِ وضو میں آئی تو اس کو شہادت والا ثواب ملے گا۔ پھر فرمایا: اے میرے بیٹے! اگر ہمیشہ نماز پڑھ سکے تو پڑھ کیونکہ فرشتے مسلسل اس کے لیے دعا کرتے ہیں جو نماز میں ہوتا ہے' پھر فرمایا: اے بیٹے! نماز میں اِدھر اُدھر توجہ کرنے سے بچ کیونکہ نماز میں اِدھر اُدھر توجہ کرنا ہلاکت ہے' اگر کرنی ہے تو نفل میں کر فرضوں میں نہیں' پھر مجھے فرمایا: اے میرے بیٹے! جب تُو رکوع کرے تو اپنے ہاتھ گھٹنوں پر رکھ اور اپنی انگلیاں کھلی رکھ اور اپنے دونوں ہاتھ اپنے پہلو سے جدا رکھ' جب تُو رکوع سے سر اُٹھائے تو ہر عضو کو اپنی جگہ پر رکھ' بے شک اللہ عزوجل قیامت کے دن اس کی طرف نظرِ رحمت نہیں کرتا ہے جو اپنی پشت سیدھی نہیں رکھتا ہے' پھر مجھے فرمایا: اے میرے بیٹے! جب تُو سجدہ کرے تو ایسے ٹھونگا نہ مار جس طرح مرغ ٹھونگے مارتا ہے' کتے کی طرح اپنے پاؤں نہ

حِسَابِكَ ثُمَّ قَالَ لِي: يَا بُنَيَّ، بَالِغْ فِي الْغُسْلِ مِنَ الْجَنَابَةِ، تَخْرُجْ مِنْ مُغْتَسَلِكَ لَيْسَ عَلَيْكَ ذَنْبٌ، وَلَا خَطِيئَةٌ قُلْتُ: بِأَبِي، وَأُمِّي، مَا الْمُبَالَغَةُ فِي الْغُسْلِ؟ قَالَ: تُبِلُّ أُصُولَ الشَّعْرِ، وَتُنَقِّي الْبَشَرَةَ ثُمَّ قَالَ لِي: يَا بُنَيَّ، إِنْ قَدِرْتَ أَنْ تَجْعَلَ مِنْ صَلَاتِكَ فِي بَيْتِكَ شَيْئًا فَافْعَلْ، فَإِنَّهُ يُكْثِرُ خَيْرُ بَيْتِكَ ثُمَّ قَالَ لِي: يَا بُنَيَّ، إِذَا دَخَلْتَ عَلَى أَهْلِكَ فَسَلِّمْ، يَكُونُ بَرَكَةً عَلَيْكَ، وَعَلَى أَهْلِ بَيْتِكَ ثُمَّ قَالَ لِي: يَا بُنَيَّ، إِذَا خَرَجْتَ مِنْ أَهْلِكَ فَلَا يَقَعَنَّ بَصَرُكَ عَلَى أَحَدٍ مِنْ أَهْلِ الْقِبْلَةِ إِلَّا سَلَّمْتَ عَلَيْهِ، تَرْجِعُ وَقَدْ زِيدَ فِي حَسَنَاتِكَ ثُمَّ قَالَ: يَا بُنَيَّ، إِنْ قَدِرْتَ أَنْ تُمْسِيَ، وَتُصْبِحَ لَيْسَ فِي قَلْبِكَ غِشٌّ لِأَحَدٍ فَافْعَلْ ثُمَّ قَالَ لِي: يَا أَنَسُ، إِذَا خَرَجْتَ مِنْ أَهْلِكَ فَلَا يَقَعَنَّ بَصَرُكَ عَلَى أَحَدٍ مِنْ أَهْلِ الْقِبْلَةِ إِلَّا ظَنَنْتَ أَنَّ لَهُ الْفَضْلَ عَلَيْكَ فَافْعَلْ ثُمَّ قَالَ لِي: يَا بُنَيَّ، إِنَّ ذَلِكَ مِنْ سُنَّتِي، فَمَنْ أَحْيَا سُنَّتِي، فَقَدْ أَحَبَّنِي، وَمَنْ أَحَبَّنِي كَانَ مَعِي فِي الْجَنَّةِ ثُمَّ قَالَ لِي: يَا بُنَيَّ، إِنْ حَفِظْتَ وَصِيَّتِي فَلَا يَكُونُ شَيْءٌ أَحَبَّ إِلَيْكَ مِنَ الْمَوْتِ

بچھا' اپنی کلائیاں درندوں کی طرح نہ بچھا' پانی قوم کی پشت زمین پر بچھا اور اپنی سرین پاؤں پر رکھ کیونکہ ایسا کرنے سے قیامت کے دن تیرا حساب آسان ہوگا' پھر مجھے فرمایا: اے میرے بیٹے! غسل جنابت کرتے وقت خوب مبالغہ کر' جب تُو غسل کر کے نکلے گا تو تیرے سارے گناہ اور غلطیاں معاف ہو جائیں گی۔ میں نے عرض کی: میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں! غسل میں مبالغہ کرنے سے مراد کیا ہے؟ آپ نے فرمایا: بالوں کی جلد تک پانی پہنچانا اور جلد کو صاف کرنا' پھر مجھے فرمایا: اے میرے بیٹے! اگر طاقت رکھتا ہے تو نماز کا کچھ حصہ اپنے گھر میں بھی پڑھ' تو ایسا کر کیونکہ ایسا کرنے سے تیرے گھر میں بھلائی ہوگی۔ پھر فرمایا: اے میرے بیٹے! جب تُو اپنے گھر میں داخل ہو تو سلام کرے کیونکہ ایسا کرنے سے تیرے اور تیرے گھر والوں کے لیے برکت ہوگی۔ پھر مجھے فرمایا: اے میرے بیٹے! جب تُو اپنے گھر سے نکلے پھر جس مسلمان سے ملاقات ہو تو اس کو سلام کر' تُو واپس آئے گا تو تیری نیکیاں زیادہ ہوں گی۔ پھر فرمایا: اے میرے بیٹے! اگر صبح و شام اس حالت میں کرے کہ تیرے دل میں کسی کے متعلق کوئی بات نہ ہو' پھر فرمایا: اے انس! جب تُو گھر سے نکلے تو جس مسلمان پر تیری نگاہ پڑے تو یہ یقین کر لے کہ وہ تجھ سے افضل ہے' پھر فرمایا: اے میرے بیٹے! میری سنت کو زندہ کر' جس نے میری سنت کو زندہ کیا اس نے مجھ سے محبت کی اور جس نے مجھ سے محبت کی تو وہ جنت میں میرے ساتھ ہوگا' پھر فرمایا:

اے میرے بیٹے! اگر تُو میری وصیت کو یاد رکھے گا تو تجھے موت سے زیادہ کوئی شی پسند نہیں ہوگی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ بِهَذَا التَّمَامِ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ إِلَّا عَلِيُّ بْنُ زَيْدٍ، وَلَا عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ إِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُثَنَّى، تَفَرَّدَ بِهِ مُسْلِمُ بْنُ حَاتِمٍ، عَنِ الْأَنْصَارِيِّ، عَنْ أَبِيهِ، وتَفَرَّدَ بِهِ مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ أَبِي يَزِيدَ، عَنْ عَبَّادٍ الْمِنْقَرِيِّ

یہ حدیث سعید بن میتب سے علی بن زید اور علی بن زید سے عبداللہ بن مثنیٰ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں مسلم بن حاتم انصاری سے وہ اپنے والد سے روایت کرنے میں اکیلے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں محمد بن حسن بن ابو یزید عبد منقری سے روایت کرنے میں اکیلے ہیں۔

**5992** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِمْرَانَ النَّاقِطُ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ حَبِيبِ بْنِ عَرَبِيٍّ قَالَ: نا مَرْحُومُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ الْعَطَّارُ، عَنْ عَبْدِ الرَّحِيمِ بْنِ زَيْدٍ الْعَمِّيِّ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: طَوَافَانِ يُغْفَرُ لِصَاحِبِهِمَا ذُنُوبُهُ بَالِغَةً مَا بَلَغَتْ: طَوَافٌ بَعْدَ صَلَاةِ الصُّبْحِ يَكُونُ فَرَاغُهُ عِنْدَ طُلُوعِ الشَّمْسِ، وَطَوَافٌ بَعْدَ الْعَصْرِ يَكُونُ فَرَاغُهُ عِنْدَ غُرُوبِ الشَّمْسِ قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنْ كَانَ قَبْلَ ذَلِكَ وَبَعْدَهُ؟ قَالَ: يَلْحَقُ بِهِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: دو طواف کرنے والوں کے گناہ معاف کیے جاتے ہیں جو جتنے بھی ہوں صبح کی نماز کے بعد طواف اور طلوعِ شمس کے وقت فارغ ہونا اور عصر کے بعد طواف کرنا اور سورج کے غروب ہونے کے وقت فارغ ہونا۔ صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! اگر اس سے پہلے اور بعد کیا جائے تو پھر؟ آپ نے فرمایا: اس کے ساتھ ملا دیا جائے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ إِلَّا زَيْدٌ الْعَمِّيُّ

یہ حدیث سعید بن جبیر سے زید العمی روایت کرتے ہیں۔

**5993** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِمْرَانَ النَّاقِطُ قَالَ: نا الْحَسَنُ بْنُ يَحْيَى الْأَزْدِيُّ قَالَ: نا عَاصِمُ بْنُ مِهْجَعٍ قَالَ: نا مَاهَانُ بْنُ سَرَاحٍ أَبُو خَالِدٍ قَالَ: حَدَّثَنِي الْعَلَاءُ بْنُ بُرْدٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ایسا آدمی جہنم میں ڈالا جائے گا اس کی آگ نہیں بجھے گی اس کا عذاب کم نہیں کیا جائے گا جس نے اللہ کے ساتھ کسی کو شریک ٹھہرایا ایک وہ آدمی

رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عَبْدٌ لَا يُطْفَأُ نَارُهُ، وَلَا تَمُوتُ دِيدَانُهُ، وَلَا يُخَفَّفُ عَذَابُهُ: الَّذِي يُشْرِكُ بِاللّٰهِ، وَرَجُلٌ جَرَّ رَجُلًا إِلَى سُلْطَانٍ بِغَيْرِ ذَنْبٍ فَقَتَلَهُ، وَرَجُلٌ عَقَّ وَالِدَيْهِ

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ أَنَسٍ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ عَاصِمُ بْنُ مِهْجَعٍ

جو کسی کو بادشاہ کے پاس بغیر گناہ کے لے جائے اور وہ اس کو قتل کر دے' ایک وہ آدمی جو اپنے ماں باپ کا نافرمان ہو۔

یہ حدیث حضرت انس سے اسی سند سے روایت ہے۔اس کو روایت کرنے میں عاصم بن مہجع اکیلے ہیں۔

**5994** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِمْرَانَ النَّاقِطُ قَالَ: نا عَبْدَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْخُزَاعِيُّ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ آدَمَ قَالَ: نا إِبْرَاهِيمُ بْنُ حُمَيْدٍ الرُّؤَاسِيُّ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ التَّيْمِيِّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ مِنْ بَنِي كِلَابٍ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَسَأَلَهُ عَنْ عَسْبِ الْفَحْلِ، فَنَهَاهُ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَنَا نُطْرِقُ فَنُكْرَمُ فَرَخَّصَ لَهُ فِي الْكَرَامَةِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: قبیلہ بنوکلاب کا ایک آدمی نبی کریم ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہوا' پس اس نے نر کی جفتی کے بارے میں پوچھا' تو اللہ کے نبی ﷺ نے اس سے منع فرمایا۔اس نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! ہم لوگوں کو جفتی کے لیے نر عاریۃً دیتے ہیں' تو لوگ ہماری عزت کرتے ہیں' تو آپ ﷺ نے عزت کی وجہ سے اسے اجازت دے دی۔

**5995** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِمْرَانَ النَّاقِطُ قَالَ: نا الْجَرَّاحُ بْنُ مَخْلَدٍ قَالَ: نا عُمَرُ بْنُ يُونُسَ قَالَ: نا عِيسَى بْنُ عَوْنٍ قَالَ: ثنا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ زُرَارَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا أَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَى عَبْدٍ مِنْ نِعْمَةٍ فِي أَهْلٍ أَوْ مَالٍ أَوْ وَلَدٍ، فَيَقُولُ: مَا شَاءَ اللّٰهُ، لَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ، فَيَرَى فِيهَا آفَةً دُونَ الْمَوْتِ، فَكَانَ يَتَأَوَّلُ هَذِهِ الْآيَةَ: (وَلَوْلَا إِذْ دَخَلْتَ جَنَّتَكَ قُلْتَ مَا شَاءَ اللّٰهُ لَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ) (الكهف: 39)

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل کسی بندے پر انعام کرے' اس کے اہل خانہ یا مال یا اولاد میں تو وہ پڑھے: ''ما شاء اللّٰه لا قوة الا باللّٰه'' اس میں موت کے علاوہ کوئی آفات نہیں دیکھے گا' آپ نے دراصل اس آیت کی تفسیر فرمائی: ''کیوں نہ ہوا کہ جب وہ اپنے باغ میں داخل ہوا تو وہ پڑھتا: ما شاء لا قوة الا باللّٰه''۔

---

**5994**- أخرجه الترمذي: البيوع جلد3صفحه564 رقم الحديث:1274 وقال: حسن غريب .

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ اَنَسٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ عُمَرُ بْنُ يُونُسَ

**5996** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْوَلِيدِ السَّلَمِيُّ الْبَصْرِيُّ قَالَ: ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلَى الصَّنْعَانِيُّ قَالَ: نا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ: نا كَهْمَسُ بْنُ الْحَسَنِ قَالَ: ثَنَا دَاوُدُ بْنُ اَبِي هِنْدٍ، عَنْ عَامِرٍ الشَّعْبِيِّ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، عَنْ اَبِيهِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ حَدِيثَ الضَّبِّ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، كَانَ فِي مَحْفَلٍ مِنْ اَصْحَابِهِ، اِذْ جَاءَ رَجُلٌ اَعْرَابِيٌّ مِنْ بَنِي سُلَيْمٍ قَدْ صَادَ ضَبًّا، وَجَعَلَهُ فِي كُمِّهِ، فَذَهَبَ بِهِ اِلَى رَحْلِهِ، فَرَاَى جَمَاعَةً، فَقَالَ: عَلَى مَنْ هَذِهِ الْجَمَاعَةُ؟ فَقَالُوا: عَلَى هَذَا الَّذِي يَزْعُمُ اَنَّهُ نَبِيٌّ، فَشَقَّ النَّاسَ، ثُمَّ اَقْبَلَ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ، مَا اشْتَمَلَتِ النِّسَاءُ عَلَى ذِي لَهْجَةٍ اَكْذَبُ مِنْكَ، وَلَا اَبْغَضُ، وَلَوْلَا اَنْ يُسَمِّيَنِي قَوْمِي عَجُولًا لَعَجِلْتُ عَلَيْكَ، فَقَتَلْتُكَ، فَسَرَرْتُ بِقَتْلِكَ النَّاسَ جَمِيعًا. فَقَالَ عُمَرُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، دَعْنِي اَقْتُلْهُ. فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَمَا عَلِمْتَ اَنَّ الْحَلِيمَ كَادَ اَنْ يَكُونَ نَبِيًّا؟ ثُمَّ اَقْبَلَ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: وَاللَّاتِ وَالْعُزَّى لَا آمَنْتُ بِكَ، وَقَدْ قَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا اَعْرَابِيُّ، مَا حَمَلَكَ عَلَى اَنْ قُلْتَ مَا قُلْتَ، وَقُلْتَ غَيْرَ الْحَقِّ، وَلَمْ تُكْرِمْ مَجْلِسِي؟

یہ حدیث حضرت انس سے اسی سند سے روایت ہے۔اس کو روایت کرنے میں عمر بن یونس اکیلے ہیں۔

حضرت عامر شعبی فرماتے ہیں: ہمیں حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے اپنے باپ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے روایت کر کے گوہ والی حدیث بیان فرمائی کہ رسول کریم ﷺ اپنے صحابہ کی ایک محفل میں رونق افروز تھے۔اچانک بنی سلیم قبیلہ کا ایک اعرابی آیا جس نے گوہ کا شکار کیا تھا اور اسے اپنی آستین میں چھپا کر رکھ لیا تھا۔پس وہ اُسے لے کر اپنے کجاوے اور سامان کی طرف گیا تو ایک جماعت پر اس کی نظر پڑی' اس نے کہا: یہ لوگ کس لیے جمع ہیں؟ لوگوں نے بتایا: ایک ایسے آدمی کے پاس اکٹھے ہو کر بیٹھے ہیں جس کا گمان نبی ہونے کا ہے۔سو وہ دیہاتی لوگوں کی صفوں کو چیرتا ہوا رسول کریم ﷺ کی طرف بڑھا' کہا: اے محمد! (اپنے دیہاتی انداز میں) عورتیں کسی بولنے والے پر مشتمل نہیں ہوئیں جو تجھ سے زیادہ جھوٹا ہو اور زیادہ بغض کے لائق ہو' اگر میری قوم مجھے جلد باز کا خطاب نہ دیتی تو میں آپ کو جلدی قتل کر کے تمام لوگوں کو خوش کرتا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ (اُٹھے اور اُٹھ کر ادب سے) عرض کی: اے اللہ کے رسول! اگر آپ اجازت دیں تو میں اس کا سر قلم کر دوں (یہ آپ کی گستاخی کر رہا ہے)۔ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: کیا آپ کو معلوم نہیں کہ بردبار ہی اللہ کا نبی ہوتا ہے؟ ایک بار پھر وہ نبی کریم ﷺ کی طرف متوجہ ہوا اور کہا: لات و عزیٰ کی قسم! میں تجھ پر

فَقَالَ: وَتُكَلِّمُنِي أَيْضًا، اسْتِخْفَافًا بِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاللَّاتِ وَالْعُزَّى، لَا آمَنْتُ بِكَ، أَوْ يُؤْمِنَ بِكَ هَذَا الضَّبُّ؟ فَأَخْرَجَ ضَبًّا مِنْ كُمِّهِ، وَطَرَحَهُ بَيْنَ يَدَيْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: إِنْ آمَنَ بِكَ هَذَا الضَّبُّ آمَنْتُ بِكَ. فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا ضَبُّ فَتَكَلَّمَ الضَّبُّ بِكَلَامٍ عَرَبِيٍّ مُبِينٍ، يَفْهَمُهُ الْقَوْمُ جَمِيعًا: لَبَّيْكَ وَسَعْدَيْكَ، يَا رَسُولَ رَبِّ الْعَالَمِينَ فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ تَعْبُدُ؟ قَالَ: الَّذِي فِي السَّمَاءِ عَرْشُهُ، وَفِي الْأَرْضِ سُلْطَانُهُ، وَفِي الْبَحْرِ سَبِيلُهُ، وَفِي الْجَنَّةِ رَحْمَتُهُ، وَفِي النَّارِ عَذَابُهُ. قَالَ: فَمَنْ أَنَا، يَا ضَبُّ؟ قَالَ: أَنْتَ رَسُولُ رَبِّ الْعَالَمِينَ، وَخَاتَمُ النَّبِيِّينَ، قَدْ أَفْلَحَ مَنْ صَدَّقَكَ، وَقَدْ خَابَ مَنْ كَذَّبَكَ. فَقَالَ الْأَعْرَابِيُّ: أَشْهَدُ أَنَّ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ، وَأَنَّكَ رَسُولُ اللَّهِ حَقًّا، لَقَدْ أَتَيْتُكَ وَمَا عَلَى وَجْهِ الْأَرْضِ أَحَدٌ هُوَ أَبْغَضُ إِلَيَّ مِنْكَ، وَاللَّهِ لَأَنْتَ السَّاعَةَ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ نَفْسِي، وَمِنْ وَالِدَيَّ، وَقَدْ آمَنْتُ بِكَ بِشَعْرِي، وَبَشَرِي، وَدَاخِلِي، وَخَارِجِي، وَسِرِّي، وَعَلَانِيَتِي. فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي هَدَاكَ إِلَى هَذَا الدِّينِ الَّذِي يَعْلُو، وَلَا يُعْلَى، لَا يَقْبَلُهُ اللَّهُ إِلَّا بِصَلَاةٍ، وَلَا يَقْبَلُ الصَّلَاةَ إِلَّا بِقُرْآنٍ. فَعَلَّمَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْحَمْدُ، وَقُلْ هُوَ اللَّهُ أَحَدٌ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، مَا سَمِعْتُ فِي

کبھی ایمان نہ لاؤں گا۔ نبی کریم ﷺ نے اس سے فرمایا: اے اعرابی! تجھے یہ باتیں کہنے پر کس چیز نے اُبھارا ہے جو تُو نے کہی ہیں' تُو نے ناحق باتیں کہی ہیں' تُو نے میری مجلس کی عزت کا خیال نہیں رکھا؟ پس اس نے رسول کریم ﷺ کی تحقیر کرتے ہوئے کہا: آپ بھی مجھے کہہ لیں' لات وعزیٰ کی قسم! میں تیرے اوپر ایمان کبھی نہیں لاؤں گا' کیا یہ گوہ تیرے اوپر ایمان لاتی ہے؟ پس اس نے گوہ کو اپنی آستین سے نکالا اور رسول کریم ﷺ کے سامنے پھینک دیا۔ کہا: اگر یہ گوہ تجھ پر ایمان لائی تو میں بھی ایمان لاؤں گا۔ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: اے گوہ! تو وہ گوہ فصیح عربی زبان میں بولنے لگی جو ساری قوم کی سمجھ میں آ رہی تھی۔ اس نے بولا: لبیک وسعدیک یا رسول رب العالمین! رسول کریم ﷺ نے اس سے فرمایا: تُو کس کی عبادت کرتی ہے؟ اس نے کہا: آسمان میں جس کا عرش ہے' زمین میں جس کی بادشاہی ہے' سمندر میں جس کا راستہ ہے' جنت میں جس کی رحمت ہے اور دوزخ میں جس کا عذاب ہے۔ آپ نے فرمایا: میں کون ہوں؟ اے گوہ!؟ (بول!) اس نے کہا: آپ تمام عالمین کے رب کے رسول ہیں' خاتم النبیین ہیں' فلاح پا گیا جس نے آپ کی تصدیق کی' گھاٹا پانے والا ہوا جس نے آپ کو جھٹلایا۔ (اعرابی نے جب گوہ کی اتنی گفتگو سنی) تو اعرابی بولا: ''اشهد ان لا اله الا الله وانك رسول الله حقًا '' جس وقت میں آپ کی خدمت اقدس میں حاضر ہوا' میرے نزدیک آپ سے زیادہ

الْبَسِيطِ، وَلَا فِي الرَّجَزِ اَحْسَنَ مِنْ هَذَا . فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ هَذَا كَلَامُ رَبِّ الْعَالَمِينَ، وَلَيْسَ بِشِعْرٍ، اِذَا قَرَاْتَ: (قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ) (الاخلاص: 1) مَرَّةً، فَكَاَنَّمَا قَرَاْتَ ثُلُثَ الْقُرْآنِ، وَاِذَا قَرَاْتَ: (قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ) (الاخلاص: 1) مَرَّتَيْنِ، فَكَاَنَّمَا قَرَاْتَ ثُلُثَيِ الْقُرْآنِ، وَاِذَا قَرَاْتَ: (قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ) (الاخلاص: 1) ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، فَكَاَنَّمَا قَرَاْتَ الْقُرْآنَ كُلَّهُ، فَقَالَ الْاَعْرَابِيُّ: نِعْمَ الْاِلَهُ اِلَهُنَا، يَقْبَلُ الْيَسِيرَ، وَيُعْطِي الْجَزِيلَ . فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَعْطُوا الْاَعْرَابِيَّ ، فَاَعْطَوْهُ حَتَّى اَبْطَرُوهُ، فَقَامَ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَوْفٍ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنِّي اُرِيدُ اَنْ اُعْطِيَهُ نَاقَةً اَتَقَرَّبُ بِهَا اِلَى اللّٰهِ دُونَ الْبُخْتِيِّ، وَفَوْقَ الْاَعْرَابِيِّ، وَهِيَ عُشَرَاءُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَدْ وَصَفْتَ مَا تُعْطِي، فَاَصِفُ لَكَ مَا يُعْطِيكَ اللّٰهُ جَزَاءً؟ قَالَ: نَعَمْ . قَالَ: لَكَ نَاقَةٌ مِنْ دُرَّةٍ جَوْفَاءَ، قَوَائِمُهَا مِنْ زُمُرُّدٍ اَخْضَرَ، وَعُنُقُهَا مِنْ زَبَرْجَدٍ اَصْفَرَ، عَلَيْهَا هَوْدَجٌ، وَعَلَى الْهَوْدَجِ السُّنْدُسُ، وَالْاِسْتَبْرَقُ، تَمُرُّ عَلَى الصِّرَاطِ كَالْبَرْقِ الْخَاطِفِ . فَخَرَجَ الْاَعْرَابِيُّ مِنْ عِنْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَقِيَهُ اَلْفُ اَعْرَابِيٍّ عَلَى اَلْفِ دَابَّةٍ، بِاَلْفِ رُمْحٍ، وَاَلْفِ سَيْفٍ، فَقَالَ لَهُمْ: اَيْنَ تُرِيدُونَ؟ فَقَالُوا: نُقَاتِلُ هَذَا الَّذِي يَكْذِبُ، وَيَزْعُمُ اَنَّهُ نَبِيٌّ . فَقَالَ الْاَعْرَابِيُّ:

ناپسندیدہ کوئی نہ تھا' قسم بخدا! اس گھڑی آپ سے بڑھ کر مجھے کوئی محبوب نہیں اپنی جان سے اور اپنے والدین سے بھی' میں آپ پر ایمان لایا' میرے بال' میری جلد' میرا ظاہر' میرا باطن' میرا سرّ اور میرا عین عیان سب آپ پر ایمان لائے۔ تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تمام تعریفیں اس ذات کے لیے ہیں جس نے تجھے اس دین کی طرف راہنمائی فرمائی جو سب پر بلند ہے' اس پر کوئی بلند نہیں' اس کے بغیر اللہ نماز قبول نہیں کرتا اور قرآن کے بغیر بھی نماز قبول نہیں فرماتا۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اُسے الحمد اور قل ھو اللہ احد سکھائیں تو اس نے عرض کی: یارسول اللہ! میں نے کہیں بھی اس سے خوبصورت کلام نہیں سنا۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس سے فرمایا: بے شک یہ رب العالمین کا کلام ہے' شعر تو نہیں ہے' پس جب تُو نے ایک بار قل ھو اللہ احد پڑھی گویا تُو نے تیسرا حصہ قرآن پڑھ لیا' جب تُو نے دو بار پڑھی تو تُو نے دو تہائی قرآن پڑھ لیا اور جب تُو نے تین بار پڑھی تو گویا تُو نے سارا قرآن تلاوت کر لیا۔ اعرابی بولا: ہمارا معبود کتنا اچھا ہے' تھوڑا قبول فرماتا ہے' زیادہ عطا فرماتا ہے۔ تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اعرابی کو کچھ دو! صحابہ نے اُس پر عطیات کی بارش کر دی حتیٰ کہ وہ خوش ہو گیا۔ سو حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے' عرض کی: اے اللہ کے رسول! میرا ارادہ ہے کہ میں اس دیہاتی کو اونٹنی دے کر اللہ کا قرب حاصل کروں۔ بختی اونٹ کے علاوہ اور اعرابی کے اوپر وہ اونٹنی دس بچے دے چکی ہے۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

اَشْهَدُ اَلَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَاَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ. قَالُوا لَهُ: صَبَوْتَ؟ قَالَ: مَا صَبَوْتُ؟ وَحَدَّثَهُمُ الْحَدِيثَ، فَقَالُوا بِاَجْمَعِهِمْ: لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، مُحَمَّدٌ رَسُولُ اللّٰهِ، فَبَلَغَ ذٰلِكَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَتَلَقَّاهُمْ بِلَا رِدَاءٍ، فَنَزَلُوا عَنْ رِكَابِهِمْ، يُقَبِّلُونَ مَا وَلَوْا مِنْهُ، وَهُمْ يَقُولُونَ: لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَسُولُ اللّٰهِ، فَقَالُوا: مُرْنَا بِاَمْرٍ يُحِبُّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ. قَالَ: تَكُونُونَ تَحْتَ رَايَةَ خَالِدِ بْنِ الْوَلِيدِ قَالَ: فَلَيْسَ اَحَدٌ مِنَ الْعَرَبِ آمَنَ مِنْهُمْ اَلْفُ رَجُلٍ جَمِيعًا، غَيْرَ بَنِي سُلَيْمٍ

نے فرمایا: جو تُو اسے دے رہا ہے اس کی صفت بیان کر! تو اس کے بدلے اللہ جو کچھ تجھے دے گا' میں اس کی صفت بیان کروں گا۔ حضرت عبدالرحمٰن نے عرض کی: ٹھیک ہے! حضرت عبدالرحمٰن بولے: تیرے لیے یاقوتوں سے بنی ہوئی اونٹنی ہے جو اندر سے خالی ہے' اس کے پائے سبز زمرد (پتھر) کے ہیں' اس کی گردن زرد زبرجد (پتھر) کی ہے' اس پر کجاوہ ہے' کجاوے پر سندس (ریشم کی قسم) اور استبرق (ریشم کی قسم) کے کپڑے ہیں' وہ راستے پر ایسے چلتی ہے جیسے اُچک لے جانے والی بجلی دوڑتی ہے۔ پس وہ اعرابی نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس سے اُٹھ کر چلا تو کیا دیکھتا ہے کہ ہزار اعرابی' ہزار سواریوں پر سوار' ہزار نیزوں اور ہزار تلواروں کے ساتھ آ رہے ہیں۔ اس نے اُن سے کہا: کہاں کا ارادہ ہے؟ انہوں نے جواب دیا: اس جھوٹے آدمی سے جنگ کرنے چلے ہیں جو نبی ہونے کا گمان کرتا ہے۔ تو ان کی بات سن کر اعرابی نے کہا: ''اشهد ان لا الٰه الا اللّٰه وانّ محمدًا رسول اللّٰه''۔ انہوں نے اُس سے کہا: تُو بے دین ہو گیا ہے؟ اس نے کہا: میں بے دین نہیں ہوا اور ساری بات اُن سے بیان کر دی (جو اس کے ساتھ گزری تھی) پس اُن سب نے بیک زبان ہو کر کہا: لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ! پس نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اس بات کا پتہ چلا تو آپ نے چادر بھی نہ سنبھالی اور آگے جا کر اُن سے ملے' پس وہ اپنی سواریوں سے اُتر پڑے۔ بوسے دیتے ہوئے آپ کے جس عضو تک پہنچے' زبان پر جاری تھا: لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ!

انہوں نے عرض کی: ہمیں کوئی اپنا پسندیدہ کام کہیں؟ آپ نے فرمایا: تم حضرت خالد بن ولید کے جھنڈے کے نیچے ہو گے۔ فرمایا: بنی سلیم کے علاوہ ان ہزار آدمیوں سے زیادہ عربوں میں سے کوئی بھی مامون نہیں۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِي هِنْدٍ بِهٰذَا التَّمَامِ اِلَّا كَهْمَسٌ، وَلَا عَنْ كَهْمَسٍ اِلَّا مُعْتَمِرٌ، تَفَرَّدَ بِهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى

اس حدیث کو بتمامہ داؤد بن ابی ہند سے کہمس نے روایت کیا اور کہمس سے صرف معتمر نے روایت کیا۔ اس کے ساتھ محمد بن عبدالاعلیٰ اکیلے ہیں۔

**5997** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ مُكْرَمٍ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارٍ قَالَ: نا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ، قَاضِي حَلَبَ، عَنِ الشَّيْبَانِيِّ، عَنِ ابْنِ اَبِي اَوْفَى قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَوْمُ النَّحْرِ يَوْمُ الْحَجِّ الْاَكْبَرِ

حضرت ابن ابو اوفیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: نحر کا دن حج اکبر کا دن ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ مَرْفُوعًا، عَنِ الشَّيْبَانِيِّ اِلَّا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ، تَفَرَّدَ بِهِ مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارٍ

یہ حدیث مرفوعاً شیبانی، حفص بن عمر ہی سے روایت کرتے ہیں۔ ان سے روایت کرنے میں محمد بن بکار اکیلے ہیں۔

**5998** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ مُكْرَمٍ قَالَ: نا الْفَضْلُ بْنُ الصَّبَّاحِ السِّمْسَارُ قَالَ: ثنا اَبُو عُبَيْدَةَ الْحَدَّادُ قَالَ: ثنا سَعِيدُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ الثَّقَفِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بُرَيْدَةَ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ثَلَاثٌ مِنَ الْجَفَاءِ: مَسْحُ الرَّجُلِ التُّرَابَ عَنْ وَجْهِهِ قَبْلَ فَرَاغِهِ مِنْ صَلَاتِهِ، وَنَفْخُهُ فِي الصَّلَاةِ التُّرَابَ لِمَوْضِعِ وَجْهِهِ، وَاَنْ يَبُولَ وَهُوَ قَائِمٌ

حضرت عبداللہ بن بریدہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تین چیزیں انتہائی بُری ہیں: (۱) آدمی چہرے کو مٹی لگائے نماز سے فارغ ہونے سے پہلے (۲) چہرہ رکھنے کے لیے نماز میں مٹی صاف کرنا (۳) کھڑے ہو کر پیشاب کرنا۔

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ بُرَيْدَةَ اِلَّا بِهٰذَا

یہ حدیث بریدہ سے اسی سند سے روایت ہے۔ ان

الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ اَبُو عُبَيْدَةَ الْحَدَّادُ

سے روایت کرنے میں ابوعبیدہ الحداد اکیلے ہیں۔

حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: نیکی کے کام بُرائی کو ختم کر دیتے ہیں' چھپا کر صدقہ دینا' اللہ کے غضب کو ٹھنڈا کر دیتا ہے' صلہ رحمی کرنے سے عمر میں اضافہ ہوتا ہے' ہر نیکی صدقہ ہے' دنیا میں نیکی کرنے والے آخرت میں نیکی کرنے والے ہوں گے' دنیا میں بُرائی کرنے والے آخرت میں بُرائی کرنے والے ہوں گے' جنت میں سب سے پہلے نیکی کرنے والے داخل ہوں گے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ الْوَلِيدِ الْوَصَّافِيُّ

یہ حدیث اُم سلمہ سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے والے عبیداللہ بن ولید الوصافی اکیلے ہیں۔

**6087** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكْرِ بْنِ كُرْدَانَ قَالَ: نا عُثْمَانُ بْنُ دِلْهَمٍ، قَالَ ثنا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ قَالَ: نا لَيْثٌ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كُنْتُ أَغْتَسِلُ أَنَا وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ إِنَاءٍ وَاحِدٍ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں اور حضور ﷺ ایک ہی برتن سے غسل کرتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ لَيْثٍ إِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ

یہ حدیث لیث سے محمد بن کثیر روایت کرتے ہیں۔

6087- أخرجه البخاري: الغسل جلد1صفحه433 رقم الحديث:250' ومسلم: الحيض جلد1صفحه256 .

كَثِيرٍ

**6088** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكْرِ بْنِ كُرْدَانَ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ اَبِي لَقَبٍ قَالَ: ثَنَا الْاَسْوَدُ بْنُ عَامِرٍ شَاذَانُ قَالَ: نا شَرِيكٌ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، مَوْلَى آلِ طَلْحَةَ، عَنْ كُرَيْبٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يُجْنِبُ ثُمَّ يَنَامُ، ثُمَّ يَنْتَبِهُ، ثُمَّ يَنَامُ، وَلَا يَمَسُّ مَاءً

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حالتِ جنابت میں ہوتے' پھر سو جاتے' پھر اُٹھتے' پھر سوجاتے اور پانی کو ہاتھ نہیں لگاتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ كُرَيْبٍ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، وَلَا عَنْ مُحَمَّدٍ اِلَّا شَرِيكٌ، تَفَرَّدَ بِهِ شَاذَانُ

یہ حدیث کریب سے محمد بن عبدالرحمٰن اور محمد سے شریک روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں شاذان اکیلے ہیں۔

**6089** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكْرِ بْنُ كُرْدَانَ قَالَ: نا شَرِيكُ بْنُ شِهَابٍ الْقَزْوِينِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ سَابِقٍ قَالَ: نا عَمْرُو بْنُ اَبِي قَيْسٍ، عَنْ مُطَرِّفٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ قَرَظَةَ بْنِ كَعْبٍ، وَزَيدِ بْنِ صُوحَانَ، اَنَّهُمْ خَرَجُوا نَحْوَ الْكُوفَةِ، فَسَبَقَهُمْ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ، وَهُوَ مُمْسِكٌ نَعْلَيْهِ بِيَدِهِ الْيُسْرَى، فَسَبَقَهُمْ نَحْوًا مِنْ ثَلَاثَةِ اَمْيَالٍ، حَتَّى بَلَغَ بَنِي عَبْدِ الْاَشْهَلِ، فَقَالَ: اِنَّكُمْ تَقْدُمُونَ مِصْرًا لَهُمْ دَوِيٌّ كَدَوِيِّ النَّحْلِ، فَاَقِلُّوا الرِّوَايَةَ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَنَا لَكُمْ شَرِيكٌ فِي ذَلِكَ

حضرت امام شعبی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت قرظہ بن کعب اور زید بن صوحان دونوں کوفہ کی طرف نکلے' حضرت عمر بن خطاب چھوڑنے آئے تو آپ نے اپنے نعلین اپنے دائیں ہاتھ سے پکڑے ہوئے تھے' تین میل تک چھوڑنے آئے' جب بنی عبدالاشہل کے مقام پر پہنچے تو فرمایا: تم مصر جارہے ہو' وہاں تم ایسے آواز سنو گے جس طرح شہد کی مکھیاں گھنگھارتی ہیں' ان سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی روایت کو بیان کرنا' میں تمہارے لیے اس میں شریک ہوں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُطَرِّفٍ اِلَّا عَمْرُو بْنُ

یہ حدیث مطرف سے عمرو بن ابوقیس روایت کرتے

---

**6088**- أخرجه ابن ماجة: الطهارة جلد **1** صفحه **192** رقم الحديث: **581-583**، وأحمد: المسند جلد **6** صفحه **124** رقم الحديث: **24853** .

**6089**- أخرجه ابن ماجة: المقدمة جلد **1** صفحه **12** رقم الحديث: **28** .

اَبِی قَیْسٍ، تفَرَّدَ بِهِ مُحَمَّدُ بْنُ سَعِیدِ بْنِ سَابِقٍ، وَلَمْ یَقُلْ فِی هَذَا الْحَدِیثِ عَنِ الشَّعْبِیِّ، عَنْ قَرَظَةَ، وَزِیدِ بْنِ صُوحَانَ اِلَّا مُطَرِّفٌ

ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں محمد بن سعید بن سابق اکیلے ہیں۔ شعبی نے اس حدیث میں قرظہ اور زید بن صوحان صرف مطرف نے کہا ہے۔

**6090** - حَدَّثَنِی مُحَمَّدُ بْنُ بَکْرِ بْنِ کُرْدَانَ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ الْوَاسِطِیُّ قَالَ: ثنا مُعَلَّی بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْوَاسِطِیُّ قَالَ: نا سُفْیَانُ الثَّوْرِیُّ، عَنْ اِسْمَاعِیلَ بْنِ اَبِی خَالِدٍ، عَنْ فِرَاسِ بْنِ یَحْیَی، عَنْ اِبْرَاهِیمَ بْنِ یَزِیدَ التَّیْمِیِّ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اللّٰهَ، وَمَلَائِکَتَهُ یُصَلُّونَ عَلَی الصَّفِّ الْاَوَّلِ

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: بے شک اللہ اور اس کے فرشتے پہلی صف والوں پر رحمت بھیجتے ہیں۔

لَمْ یَرْوِ هَذَا الْحَدِیثَ عَنْ سُفْیَانَ اِلَّا مُعَلَّی بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ

یہ حدیث سفیان سے معلّٰی بن عبدالرحمٰن روایت کرتے ہیں۔

**6091** - حَدَّثَنِی مُحَمَّدُ بْنُ بَکْرِ بْنِ کُرْدَانَ قَالَ: نا الْعَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ التَّرْقُفِیُّ قَالَ: نا عُثْمَانُ بْنُ سَعِیدِ بْنِ کَثِیرِ بْنِ دِینَارٍ الْحِمْصِیُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ مُهَاجِرٍ، عَنْ یُونُسَ بْنِ مَیْسَرَةَ بْنِ حَلْبَسٍ، عَنْ اُمِّ الدَّرْدَاءِ، قَالَتْ: کَانَ فَضَالَةُ بْنُ عُبَیْدٍ، یَقُولُ: اللّٰهُمَّ اِنِّی اَسْاَلُكَ الرِّضَا بَعْدَ الْقَضَاءِ، وَبَرْدَ الْعَیْشِ بَعْدَ الْمَوْتِ، وَلَذَّةَ النَّظَرِ اِلَی وَجْهِكَ، وَالشَّوْقَ اِلَی لِقَائِكَ، مِنْ غَیْرِ ضَرَّاءَ مُضِرَّةٍ، وَلَا فِتْنَةٍ مُضِلَّةٍ، وَزَعَمَ اَنَّهَا دَعَوَاتٌ کَانَ یَدْعُو بِهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی

حضرت اُم الدرداء رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضرت فضالہ بن عبید یہ دعا کرتے تھے: ''اللّٰھم انی اسألك الی آخرہ'' اور خیال کرتے تھے کہ یہ دعا حضور ﷺ کرتے تھے۔

---

**6090**- أخرجه أبو داؤد: الصلاة جلد **1** صفحه **175** رقم الحديث: **664**، والنسائي: الامامة جلد **2** صفحه **70** (باب كيف يقوم الامام الصفوف)، وابن ماجة: الاقامة جلد **1** صفحه **318** رقم الحديث: **997** في الزوائد: اسناده صحيح، ورجاله ثقات . والدارمي: الصلاة جلد **1** صفحه **323** رقم الحديث: **1264**، وأحمد: المسند جلد **4** صفحه **364** رقم الحديث: **18646** .

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ فَضَالَةَ بْنِ عُبَيْدٍ إِلَّا بِهٰذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ عُثْمَانُ بْنُ سَعِيدٍ الْحِمْصِيُّ

یہ حدیث فضالہ بن عبید سے اسی سند سے روایت ہے۔اس کو روایت کرنے میں عثمان بن سعید حمصی اکیلے ہیں۔

**6092** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ تَغْلَبُ الْبَصْرِيُّ قَالَ: ثَنَا أَبُو الْخَطَّابِ زِيَادُ بْنُ يَحْيَى قَالَ: نَا عُبَيْدُ بْنُ وَاقِدٍ الْقَيْسِيُّ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْعَتَكِيِّ، عَنْ حُمَيْدٍ الطَّوِيلِ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ وَفْدَ عَبْدِ الْقَيْسِ قَدِمُوا عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَبَيْنَمَا هُمْ عِنْدَهُ قُعُودٌ إِذْ أَقْبَلَ عَلَيْهِمْ، فَقَالَ لَهُمْ: ثَمَرَةٌ تَدْعُونَهَا كَذَا وَكَذَا، وَثَمَرَةٌ تَدْعُونَهَا كَذَا ، حَتَّى وَصَفَ أَلْوَانَ ثَمَرَاتِهِمْ أَجْمَعَ، فَقَالَ لَهُ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ: بِأَبِي أَنْتَ وَأُمِّي يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَمَا وَاللّٰهِ لَوْ كُنْتُ وُلِدْتُ فِي جَوْفِ هَجَرَ مَا كُنْتُ بِأَعْلَمَ مِنْكَ السَّاعَةَ، أَشْهَدُ أَنَّكَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ أَرْضَكُمْ رُفِعَتْ لِي مُنْذُ قَعَدْتُمْ إِلَيَّ، فَنَظَرْتُ مِنْ أَدْنَاهَا إِلَى أَقْصَاهَا فَخَيْرُ ثَمَرَاتِكُمُ الْبَرْنِيُّ، يُذْهِبُ الدَّاءَ، وَلَا دَاءَ فِيهِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ عبدالقیس کا وفد حضورﷺ کے پاس آیا' وہ آپ کے پاس بیٹھے ہوئے تھے' اچانک ان پر آیا ان کو کہا: تم پھل کو اس نام سے پکارتے ہو' اس پھل کو اس نام سے پکارتے ہو' یہاں تک کہ اس نے کئی رنگ کے پھلوں کو ذکر کیا۔قوم میں سے ایک آدمی نے کہا: یارسول اللہ! میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں! اللہ کی قسم! اگرچہ میں ماں کے پیٹ میں پیدا ہوا ہوں' میں آپ سے زیادہ قیامت کے وقت کو نہیں جانتا ہوں' میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ اللہ کے رسول ہیں۔حضورﷺ نے فرمایا: تمہارا ملک میرے لیے زمین سے اُٹھایا گیا' جب سے تم میرے پاس بیٹھے ہوئے ہو' میں ابتداء سے آخر تک دیکھ رہا ہوں' تمہارے پھلوں میں سے بہتر برنی ہے وہ بیماری کو ختم کرتا ہے' اس میں کوئی بیماری نہیں ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ حُمَيْدٍ الطَّوِيلِ إِلَّا عُثْمَانُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْعَتَكِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ عُبَيْدُ بْنُ وَاقِدٍ

یہ حدیث حمید الطّویل سے عثمان بن عبداللہ عتکی روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عبید بن واقد اکیلے ہیں۔

**6093** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ تَغْلَبُ الْبَصْرِيُّ قَالَ: نَا عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ الدِّرْهَمِيُّ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: یہ کلمات ہر بیماری کی دواء ہیں:

قَالَ: نا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ اَبِي فَزَارَةَ، عَنْ مِقْسَمٍ، اَوْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: هَؤُلَاءِ الْكَلِمَاتُ دَوَاءٌ مِنْ كُلِّ دَاءٍ: اَعُوذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ، وَاَسْمَائِهِ كُلِّهَا عَامَّةً مِنْ شَرِّ السَّامَةِ وَالْهَامَةِ، وَمِنْ شَرِّ الْعَيْنِ اللَّامَّةِ، وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ، وَمِنْ شَرِّ اَبِي قَتَرَةَ، وَمَا وَلَدَ، ثَلَاثَةٌ وَثَلَاثُونَ مِنَ الْمَلَائِكَةِ اَتَوْا رَبَّهُمْ فَقَالُوا: وَصِبٌ وَصِبٌ بِاَرْضِنَا، فَقَالَ: خُذُوا تُرْبَةً مِنْ اَرْضِكُمْ، ثُمَّ امْسَحُوا بِوَصِيبِكُمْ، رُقْيَةَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، مَنْ اَخَذَ عَلَيْهَا صَفَدًا اَوْ كَتَمَهَا اَحَدًا فَلَا اَفْلَحَ اَبَدًا

''اعوذ بکلمات اللّٰہ التامات الٰی آخرہ''۔ تینتیس فرشتے اللہ کی بارگاہ میں آتے ہیں اور عرض کرتے ہیں: ہمارے ملک میں بیمار ہیں' اللہ عزوجل فرماتا ہے: تم اس ملک کی مٹی کو لو پھر بیماری کو ملو' محمد ﷺ کا دم ہے جس نے ہتھکڑی لگائی یا کسی نے چھپایا' وہ ہمیشہ کامیاب نہیں ہوگا۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ

یہ حدیث ابن عباس سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں معتمر بن سلیمان اکیلے ہیں۔

**6094** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ ثَعْلَبُ الْبَصْرِيُّ قَالَ: ثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ الدِّرْهَمِيُّ قَالَ: نا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ اَبِي شُعَيْبٍ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ صُهْبَانَ قَالَ: قُلْتُ لِعَائِشَةَ: اَرَاَيْتِ قَوْلَ اللّٰهِ جَلَّ ذِكْرُهُ: (ثُمَّ اَوْرَثْنَا الْكِتَابَ الَّذِينَ اصْطَفَيْنَا مِنْ عِبَادِنَا فَمِنْهُمْ ظَالِمٌ لِنَفْسِهِ وَمِنْهُمْ مُقْتَصِدٌ وَمِنْهُمْ سَابِقٌ بِالْخَيْرَاتِ بِاِذْنِ اللّٰهِ) (فاطر: 32) الْآيَةَ، قَالَتْ: اَمَّا السَّابِقُ فَقَدْ مَضَى فِي حَيَاةِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَشَهِدَ لَهُ بِالْجَنَّةِ، وَاَمَّا

حضرت عقبہ بن صہبان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے عرض کی: کیا آپ اللہ عزوجل کے اس ارشاد: ''پھر ہم نے کتاب کا وارث بنایا ان کو جن کو اپنے بندوں میں سے چن لیا' ان میں سے جس نے اپنی جان پر ظلم کیا' ان میں میانہ روی کرنے والے ہیں' ان میں اللہ کے حکم سے نیکی میں آگے بڑھنے والے ہیں''۔ سابق وہ لوگ ہیں جو نبی کریم ﷺ کے زمانہ میں گزر گئے اور آپ نے اُن کے لیے جنت کی گواہی دی۔ مقتصد ان کے آثار کی پیروی کرنے والے

الْمُقْتَصِدُ فَمَنِ اتَّبَعَ آثَارَهُمْ فَعَمِلَ بِمِثْلِ أَعْمَالِهِمْ حَتَّى يَلْحَقَ بِهِمْ، وَأَمَّا الظَّالِمُ لِنَفْسِهِ فَمِثْلِي وَمِثْلُكَ وَمَنِ اتَّبَعَنَا، قَالَتْ: وَكُلُّهُمْ فِي الْجَنَّةِ

اور اُن جیسے اعمال کرنے والے ہیں یہاں تک کہ ان سے مل جائیں اور اپنے نفس پر ظلم کرنے والے عام آدمی ہیں اور وہ جنہوں نے عام آدمیوں کی پیروی کی۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: وہ سارے جنتی ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ صُهْبَانَ إِلَّا أَبُو شُعَيْبٍ الصَّلْتُ بْنُ دِينَارٍ، تَفَرَّدَ بِهِ مُعْتَمِرٌ

یہ حدیث عقبہ بن صہبان سے ابوشعیب صلت بن دینار روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں معتمر اکیلے ہیں۔

**6095** - حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ ثَعْلَبُ الْبَصْرِيُّ قَالَ: نا عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ الدِّرْهَمِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الْخَالِقِ أَبُو هَانِءٍ قَالَ: حَدَّثَنِي زِيَادُ بْنُ الْأَبْرَصِ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: كَانَتْ أُمُّ سُلَيْمٍ تُدَاوِي الْجَرْحَى فِي عَسْكَرِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَتْ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، لَوْ دَعَوْتَ اللَّهَ لِابْنِي، قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أُنَيْسٌ؟ قَالَتْ: نَعَمْ، فَأَقْعَدَنِي بَيْنَ يَدَيْهِ وَمَسَحَ عَلَى رَأْسِي، فَقَالَ: يَا أُنَيْسُ، إِنَّ الْمُسْلِمِينَ يَتَمَصَّرُونَ بَعْدِي أَمْصَارًا، مِمَّا يُمَصِّرُونَ مِصْرًا، يُقَالُ لَهَا: الْبَصْرَةُ، فَإِنْ أَنْتَ وَرَدْتَهَا فَإِيَّاكَ وَفَيْضَهَا وَسُوقَهَا وَبَابَ سُلْطَانِهَا، فَإِنَّهَا سَيَكُونُ بِهَا خَسْفٌ، وَمَسْخٌ، وَقَذْفٌ، آيَةُ ذَلِكَ الزَّمَانِ أَنْ يَمُوتَ الْعَدْلُ، وَيَفْشُو فِيهِ الْجَوْرُ، وَيَكْثُرُ فِيهِ الزِّنَا، وَيَفْشُو فِيهِ شَهَادَةُ الزُّورِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت اُم سلیم رضی اللہ عنہا' رسول اللہ ﷺ کے لشکر کے زخمیوں کو دواء دیتی تھیں' آپ نے عرض کی: یا رسول اللہ! اگر آپ میرے بیٹے کے لیے اللہ سے دعا کریں! حضور ﷺ نے فرمایا: انس کیلئے؟ عرض کی: جی ہاں! مجھے آپ نے آگے بڑھایا اور میرے سر پر ہاتھ پھیرا' فرمایا: اے انس! مسلمان میرے بعد شہروں میں جائیں گے' کچھ ایسے شہر کو جائیں گے کہ اس کو بصرہ کہا جاتا ہوگا' اگر تُو وہاں جائے تو اس کے بازار اور بادشاہ کے دروازے پر جانے سے پرہیز کرنا کیونکہ عنقریب فتنہ اور شکلوں کا بگڑنا ہوگا اور تہمت لگانا ہوگا' اس زمانہ کی نشانی یہ ہوگی کہ عادل آدمی کو مارا جائے گا' ظلم عام ہوگا' زنا کثرت سے ہوگا' جھوٹی گواہیاں عام ہوں گی۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ زِيَادٍ الْأَبْرَصِ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ

یہ حدیث زیاد ابرص سے اسی سند سے روایت ہے۔

**6096** - حَدَّثَنِی مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ ثَعْلَبُ الْبَصْرِیُّ النَّحْوِیُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ یَزِیدَ الْمُقْرِءُ قَالَ: نا اَبِی قَالَ: نا هَمَّامٌ، عَنْ سُفْیَانَ بْنِ عُیَیْنَةَ، وَمَنْصُورِ بْنِ الْمُعْتَمِرِ، وَبَكْرِ بْنِ وَائِلٍ، وزِیَادِ بْنِ سَعْدٍ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ اَبِیهِ قَالَ: رَاَیْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَاَبَا بَكْرٍ، وَعُمَرَ، وَعُثْمَانَ یَمْشُونَ اَمَامَ الْجِنَازَةِ

حضرت سالم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ اور حضرت ابوبکر وعمر وعثمان رضی اللہ عنہم کو جنازہ کے آگے چلتے ہوئے دیکھا۔

لَمْ یَرْوِ هَذَا الْحَدِیثَ عَنْ مَنْصُورِ بْنِ الْمُعْتَمِرِ، وَبَكْرِ بْنِ وَائِلٍ اِلَّا هَمَّامٌ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ هَمَّامٍ اِلَّا اَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْمُقْرِءُ، وَعَمْرُو بْنُ عَاصِمٍ الْكِلَابِیُّ

یہ حدیث منصور بن معتمر اور بکر بن وائل سے صرف ہمام اور ہمام سے ابوعبدالرحمٰن المقری اور عمرو بن عاصم الکلابی روایت کرتے ہیں۔

**6097** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ ثَعْلَبٌ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ یَزِیدَ الْمُقْرِءُ قَالَ: نا اَبِی قَالَ: نا عَتَّابُ بْنُ بَشِیرٍ، عَنْ خُصَیْفٍ، عَنْ نَافِعٍ قَالَ: قِیلَ لِابْنِ عُمَرَ: هَذَا یُصَلِّی عَلَی رَاحِلَتِكَ اِذَا تَوَجَّهْتَ اِلَی مَكَّةَ، فَلِمَ تَصْنَعُ ذَلِكَ اِذَا رَجَعْتَ اِلَی الْمَدِینَةِ؟ قَالَ: لَوْ لَمْ اَرَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ صَنَعَهُ لَمْ اَصْنَعْهُ

حضرت نافع فرماتے ہیں کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے عرض کی گئی: آپ سواری پر نماز پڑھتے ہیں جب مکہ کی طرف جاتے ہیں' جب مدینہ کی طرف واپس آتے ہیں پھر ایسا کیوں نہیں کرتے؟ آپ نے فرمایا: اگر ایسا کرتے ہوئے میں نے رسول اللہ ﷺ کو نہ دیکھا ہوتا تو میں ایسے نہ کرتا۔

لَمْ یَرْوِ هَذَا الْحَدِیثَ عَنْ خُصَیْفٍ اِلَّا عَتَّابُ بْنُ بَشِیرٍ، تَفَرَّدَ بِهِ الْمُقْرِءُ

یہ حدیث خصیب سے عتاب بن بشیر روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں المقری اکیلے ہیں۔

---

**6096**- أخرجه أبو داؤد: الجنائز جلد 3 صفحه 201 رقم الحديث: 3179' والترمذي: الجنائز جلد 3 صفحه 320 رقم الحديث: 1007-1009' والنسائي: الجنائز جلد 4 صفحه 45-46 (باب مكان الماشي من الجنازة)' وابن ماجة: الجنائز جلد 1 صفحه 475 رقم الحديث: 1482 .

**6097**- أصله عند البخاري ومسلم مختصرًا . أخرجه البخاري: تقصير الصلاة جلد 2 صفحه 668 رقم الحديث: 1095' ومسلم: المسافرين جلد 1 صفحه 486 .

6098 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ ثَعْلَبٌ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيدَ الْمُقْرِءُ قَالَ: ثَنَا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ الْفَزَارِيُّ، عَنْ وَائِلِ بْنِ دَاوُدَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَهِيِّ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: اَطْعَمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَدِيجَةَ مِنْ عِنَبِ الْجَنَّةِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کو جنت سے انگور کھلائے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْبَهِيِّ اِلَّا وَائِلُ بْنُ دَاوُدَ، تَفَرَّدَ بِهِ مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ

یہ حدیث البہی سے وائل بن داؤد روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں مروان بن معاویہ اکیلے ہیں۔

6099 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ ثَعْلَبٌ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيدَ الْمُقْرِءُ قَالَ: ثَنَا سَعِيدُ بْنُ سَالِمٍ الْقَدَّاحُ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ اَبِي الشَّعْثَاءِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَكَحَ خَالَتَهُ مَيْمُونَةَ وَهُوَ مُحْرِمٌ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے میری خالہ میمونہ رضی اللہ عنہا سے حالتِ احرام میں نکاح کیا۔

لَمْ يُدْخِلْ بَيْنَ عَطَاءٍ وَبَيْنَ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَبَا الشَّعْثَاءِ فِي هَذَا الْحَدِيثِ، اَحَدٌ مِمَّنْ رَوَاهُ، عَنِ ابْنِ جَرِيحٍ اِلَّا سَعِيدُ بْنُ سَالِمٍ الْقَدَّاحُ

عطاء اور ابن عباس کے درمیان ابوالشعثاء کو اس حدیث میں صرف اس روایت میں داخل کیا ہے جو ابن جریج سعید بن سالم القداح روایت کرتے ہیں۔

6100 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَجَاءِ بْنِ مُحَمَّدٍ الْعُذْرِيُّ قَالَ: ثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَاتِمٍ قَالَ: نا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ يُونُسَ الْحَفَرِيُّ قَالَ: نا حُسْنُ بْنُ

حضرت ربیع بنت معوذ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے وضو کیا اور سر کا مسح ایک مرتبہ کیا۔

---

6099- أخرجه البخاري: الصيد جلد 4 صفحه 62 رقم الحديث: 1837، ومسلم: النكاح جلد 2 صفحه 1031 بلفظ: تزوج......، وابن ماجة: النكاح جلد 1 صفحه 632 رقم الحديث: 1965 بلفظ: نكح...... .

6100- أخرجه أبو داؤد: الطهارة جلد 1 صفحه 32 رقم الحديث: 129، والترمذي: الطهارة جلد 1 صفحه 49 رقم الحديث: 34 وقال: حسن صحيح .

عَيَّاشٍ، اَخُو اَبِي بَكْرِ بْنِ عَيَّاشٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُقَيْلٍ، عَنِ الرُّبَيِّعِ بِنْتِ مُعَوِّذٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَوَضَّاَ، وَمَسَحَ بِرَاْسِهِ مَرَّةً

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَيَّاشٍ اِلَّا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ يُونُسَ، تَفَرَّدَ بِهِ الْعَبَّاسُ

یہ حدیث حسن بن عیاش سے عبدالرحمٰن بن یونس روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں العباس اکیلے ہیں۔

**6101** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَجَاءٍ قَالَ: نا الْعَبَّاسُ بْنُ حَاتِمٍ قَالَ: نا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ صَادِرٍ الْمَدَائِنِيُّ قَالَ: نا فُضَيْلُ بْنُ سُلَيْمَانَ النُّمَيْرِيُّ، عَنْ كَثِيرِ بْنِ قَارَوَنْدَا قَالَ: ثَنَا عَوْنُ بْنُ اَبِي جُحَيْفَةَ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: حَجَجْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَجَّةَ الْوَدَاعِ، فَمَا زِلْنَا نُصَلِّي رَكْعَتَيْنِ رَكْعَتَيْنِ حَتَّى رَجَعْنَا

حضرت عون بن ابوجحیفہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ ہم نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ حجۃ الوداع کیا' ہم واپس آنے تک دو دو رکعتیں پڑھتے رہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ كَثِيرِ بْنِ قَارَوَنْدَا اِلَّا فُضَيْلُ بْنُ سُلَيْمَانَ، وَلَا عَنْ فُضَيْلٍ اِلَّا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، تَفَرَّدَ بِهِ الْعَبَّاسُ

یہ حدیث کثیر بن قاروندا سے فضیل بن سلیمان اور فضیل سے عبدالرحمٰن بن عبدالعزیز روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عباس اکیلے ہیں۔

**6102** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَجَاءٍ قَالَ: نا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ: نا يُونُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمُؤَدِّبُ قَالَ: نا هَارُونُ بْنُ مُوسَى النَّحْوِيُّ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِي هِنْدٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ اَبِي الدَّرْدَاءِ، اَنَّهُ: سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے حضور ﷺ کو ''والذکر والانثٰی'' پڑھتے سنا۔

---

6102- أخرجه البخاري: التفسير جلد 8 صفحه 577 رقم الحديث: 4933' ومسلم: المسافرين جلد 1 صفحه 566 وفيه قصة .

وَسَلَّمَ يَقْرَأُ: (وَالذَّكَرِ وَالْأُنْثَى)

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ هَارُونَ النَّحْوِيِّ، إِلَّا يُونُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ الْعَبَّاسُ

یہ حدیث ہارون نحوی سے یونس بن محمد روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عباس اکیلے ہیں۔

**6103** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدُوسٍ الْهَاشِمِيُّ الْبَصْرِيُّ قَالَ: نا عَلِيُّ بْنُ حَرْبٍ الْمُوصِلِيُّ قَالَ: ثنا سَعِيدُ بْنُ سَالِمٍ الْقَدَّاحُ، عَنْ أَبِي يُونُسَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كُلُّ مُسْكِرٍ حَرَامٌ قَالَ عَلِيُّ بْنُ حَرْبٍ: حَدَّثَنِي إِسْمَاعِيلُ بْنُ أَبَانَ، قَالَ أَبُو الْقَاسِمِ الطَّبَرَانِيُّ: إِنَّمَا سُمِّيَ أَبُو يُونُسَ الْقَوِيَّ، لِقُوَّتِهِ عَلَى الْعِبَادَةِ، قَامَ حَتَّى أُقْعِدَ، وَبَكَى حَتَّى عَمِيَ، وَصَامَ حَتَّى صَارَ كَالْخَشَبَةِ

حضرت عمرو بن شعیب اپنے والد سے وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ہر نشہ آور شی حرام ہے۔ علی بن حرب فرماتے ہیں: مجھے اسماعیل بن ابان نے بیان کیا۔ ابوالقاسم امام طبرانی فرماتے ہیں: ابویونس کا نام قوی اس لیے ہے کہ یہ عبادت کرنے کے لیے بڑی کوشش کرتے تھے کھڑے رہتے یہاں تک [illegible] جاتے اور روتے یہاں تک کہ اندھے ہو [illegible] دں سے لکڑی کی طرح ہو گئے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَبِي يُونُسَ إِلَّا سَعِيدُ بْنُ سَالِمٍ الْقَدَّاحُ، تَفَرَّدَ بِهِ عَلِيُّ بْنُ حَرْبٍ

یہ حدیث ابویونس سے سعید بن سالم القداح روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں علی بن حرب اکیلے ہیں۔

**6104** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدُوسَ الْهَاشِمِيُّ قَالَ: ثنا عَلِيُّ بْنُ حَرْبٍ الْمُوصِلِيُّ قَالَ: ثنا الْمُعَافَى بْنُ الْمِنْهَالِ الْأَرْمَنِيُّ قَالَ: نا الْوَلِيدُ بْنُ سَعِيدٍ الرَّبَعِيُّ، عَنْ زَيْدِ بْنِ جَبِيرَةَ بْنِ مَحْمُودِ بْنِ أَبِي جَبِيرَةَ الْأَنْصَارِيِّ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ أَبِي جَبِيرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْوَلَدُ

حضرت جبیرہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: بچہ اور غلام وزیر سات سال تک سردار ہوتا ہے اگر اکیس سال اپنی ذمہ داری سنبھالنے پر راضی ہو جائے ورنہ اس کی گردن پر مارے تو نے اپنا عذر اللہ کے ہاں پیش کیا۔

6103- أخرجه أبو داؤد: الأشربة جلد 3 صفحه 327 رقم الحديث: 3685، وأحمد: المسند جلد 2 صفحه 215 رقم الحديث: 6485.

سَيِّدٌ سَبْعَ سِنِينَ، وَعَبْدٌ سَبْعَ سِنِينَ، وَوَزِيرٌ سَبْعَ سِنِينَ، فَإِنْ رَضِيتَ مُكَانَفَتَهُ لِإِحْدَى وَعِشْرِينَ، وَإِلَّا فَاضْرِبْ عَلَى جَنْبِهِ، فَقَدِ اعْتَذَرْتَ إِلَى اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ

لَا يَرْوِي هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ عَلِيُّ بْنُ حَرْبٍ

رسول اللہ ﷺ سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں علی بن حرب اکیلے ہیں۔

**6105** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ الْبَاهِلِيُّ الْبَصْرِيُّ قَالَ: نا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ أَبِي غَنِيَّةَ، عَنْ حُصَيْنِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: كَانَ لِيَعْقُوبَ عَلَيْهِ السَّلَامُ أَخٌ مُوَاخِي، فَقَالَ لَهُ ذَاتَ يَوْمٍ: يَا يَعْقُوبُ مَا الَّذِي أَذْهَبَ بَصَرَكَ؟ وَمَا الَّذِي قَوَّسَ ظَهْرَكَ؟ قَالَ: أَمَّا الَّذِي أَذْهَبَ بَصَرِي فَالْبُكَاءُ عَلَى يُوسُفَ، وَأَمَّا الَّذِي قَوَّسَ ظَهْرِي، فَالْحُزْنُ عَلَى بِنْيَامِينَ، فَأَتَاهُ جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ، فَقَالَ: يَا يَعْقُوبُ، إِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ يُقْرِئُكَ السَّلَامَ، وَيَقُولُ لَكَ: أَمَا تَسْتَحِي أَنْ تَشْكُونِي إِلَى غَيْرِي، فَقَالَ يَعْقُوبُ: إِنَّمَا أَشْكُو بَثِّي، وَحُزْنِي إِلَى اللّٰهِ، فَقَالَ جِبْرِيلُ: اللّٰهُ أَعْلَمُ بِمَا تَشْكُو يَا يَعْقُوبُ، ثُمَّ قَالَ يَعْقُوبُ: أَيْ رَبِّ، أَمَا تَرْحَمُ الشَّيْخَ الْكَبِيرَ، أَذْهَبْتَ بَصَرِي، وَقَوَّسْتَ ظَهْرِي، فَارْدُدْ عَلَيَّ يُوسُفَ رَيْحَانَتِي، أَشُمُّهُ شَمَّةً قَبْلَ الْمَوْتِ، ثُمَّ اصْنَعْ بِي يَا رَبِّ مَا شِئْتَ، فَأَتَاهُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ‘ حضور ﷺ سے راوی ہیں‘ آپ نے فرمایا: حضرت یعقوب علیہ السلام نے ایک آدمی سے بھائی چارہ قائم کر رکھا تھا۔ اس نے ایک دن آپ کی خدمت میں عرض کیا: اے بھائی یعقوب! کس چیز نے آپ کی آنکھیں لیں؟ اور کس چیز نے آپ کی کمر کو دُہرا کر دیا؟ آپ نے فرمایا: جہاں تک تعلق ہے آنکھوں کی بینائی کے جانے کا تو میں یوسف علیہ السلام پر روتا رہا اور بنیامین پر غم کھانے کی وجہ سے میری کمر جھک گئی۔ حضرت جبریل علیہ السلام ان کے پاس تشریف لائے‘ کہا: اے یعقوب! اللہ آپ کو سلام فرماتا ہے‘ اور کہتا ہے: تجھے میرے غیر کے سامنے شکایت کرتے ہوئے جھجک محسوس نہیں ہوتی! تو یعقوب علیہ السلام کے منہ سے نکلا: بس میں تو اپنی تکلیف و پریشانی کی شکایت اللہ سے کرتا ہوں۔ حضرت جبریل علیہ السلام نے کہا: اے یعقوب! اللہ کو معلوم ہے جو آپ شکایت کر رہے ہیں۔ پھر حضرت یعقوب علیہ السلام نے کہا: اے میرے رب! بڑے بوڑھے پر کیا تو رحم نہیں فرمائے گا۔ تو

جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ، فَقَالَ: يَا يَعْقُوبُ، إِنَّ اللّٰهَ يُقْرِئُكَ السَّلَامَ، وَيَقُولُ لَكَ: أَبْشِرْ، وَلْيَفْرَحْ قَلْبُكَ، وَعِزَّتِي لَوْ كَانَا مَيِّتَيْنِ لَنَشَرْتُهُمَا لَكَ، فَاصْنَعْ طَعَامًا لِلْمَسَاكِينِ، فَإِنَّ أَحَبَّ عِبَادِي إِلَيَّ الْمَسَاكِينُ، وَتَدْرِي لِمَ أَذْهَبْتُ بَصَرَكَ وَقَوَّسْتُ ظَهْرَكَ. وَصَنَعَ إِخْوَةُ يُوسُفَ مَا صَنَعُوا بِهِ؟ إِنَّكُمْ ذَبَحْتُمْ شَاةً، فَأَتَاكُمْ مِسْكِينٌ صَائِمٌ، فَلَمْ تُطْعِمُوهُ مِنْهَا شَيْئًا، وَكَانَ يَعْقُوبُ بَعْدَ ذَلِكَ إِذَا أَتَاهُ الْغَدَاءُ أَمَرَ مُنَادِيًا، فَنَادَى: أَلَا مَنْ أَرَادَ الْغَدَاءَ مِنَ الْمَسَاكِينِ فَلْيَتَغَدَّى عِنْدَ يَعْقُوبَ، وَإِنْ كَانَ صَائِمًا أَمَرَ مُنَادِيًا، فَنَادَى: أَلَا مَنْ كَانَ صَائِمًا مِنَ الْمَسَاكِينِ فَلْيُفْطِرْ مَعَ يَعْقُوبَ

نے میری بصارت بھی لے لی اور میری کمر کو کمان کی طرح بنا دیا' اب تو میرا یوسف مجھے لوٹا دے' وہ تو میرا چین اور آرام تھا' میرے لیے خوشبو کی مانند تھا' موت سے پہلے کم ازکم ایک بار تو میں اس کی خوشبو سونگھ لوں' پھر اے میرے رب! جو چاہنا' میرے ساتھ کرنا۔ پھر جبریل علیہ السلام ان کے پاس تشریف لائے' کہا: اے یعقوب! اللہ آپ کو سلام کہنے کے بعد ارشاد فرماتا ہے: خوش ہو جاؤ اور تمہارا دل' فرحت و انبساط سے پھول جانا چاہیے' مجھے میری عزت کی قسم! اگر وہ دونوں (یوسف و بنیامین) مر بھی گئے ہوتے تو میں تیرے لیے ان کو زندہ کر کے بھیج دیتا۔ اب کھانا پکا' مسکینوں کو کھلا کیونکہ مجھے میرے بندوں میں سے مسکین زیادہ پسند ہیں اور تُو جانتا ہے کہ میں نے تیری آنکھیں کیوں لیں' تیری پیٹھ کو کیوں جھکایا اور حضرت یوسف علیہ السلام کے بھائیوں نے ان کے ساتھ سلوک کیا جو کیا؟ کیونکہ تم نے ایک بکری ذبح کی' تمہارے پاس ایک مسکین آیا جو روزہ دار تھا' تم نے اس میں سے' اُسے کچھ بھی نہ دیا۔ اس کے بعد حضرت یعقوب علیہ السلام نے یہ عادت بنا لی کہ جب بھی صبح کا کھانا آتا۔ آپ منادی کو حکم دیتے کہ وہ اعلان کرے: ہے کوئی مساکین میں سے جو حضرت یعقوب کے ساتھ صبح کا کھانا کھائے اور اگر وہ روزہ دار ہے تو شام کو حضرت یعقوب کے پاس افطار کرے' جب آپ روزہ دار ہوتے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ

یہ حدیث نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اسی سند کے ساتھ مروی ہے' وہیب بن بقیہ اس کے ساتھ اکیلے ہیں۔

6106 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ يَزِيدَ بْنِ حَبِيبٍ الْمُقْرِءُ الْبَصْرِيُّ قَالَ: نا دِينَارُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، مَوْلَى اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ. قَالَ: حَدَّثَنِي مَوْلَايَ اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طُوبَى لِمَنْ رَآنِي، وَمَنْ رَاَى مَنْ رَآنِي، وَمَنْ رَاَى مَنْ رَاَى مَنْ رَآنِي ثَلَاثًا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: خوشخبری اُس کے لیے جس نے مجھے دیکھا اور جس نے مجھے دیکھنے والے کو دیکھا اور جس نے مجھے دیکھنے والے کو دیکھنے والے اور اس نے اس کو دیکھا' تین مرتبہ فرمایا۔

6107 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ بُكَيْرٍ الطَّيَالِسِيُّ الْبَصْرِيُّ قَالَ: نا اَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ قَالَ: نا سَلْمُ بْنُ زَرِيرٍ قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا رَجَاءٍ، يَقُولُ: سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ، يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِابْنِ صَائِدٍ: خَبَّاْتُ لَكَ خَبَاً قَالَ: هُوَ الدُّخُ قَالَ: اخْسَاْ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ابن صائد سے فرمایا: میں نے تجھ سے کچھ چھپایا ہے' فرمایا: وہ دھواں ہے' اور فرمایا: انتہائی کم ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي رَجَاءٍ اِلَّا سَلْمُ بْنُ زَرِيرٍ

یہ حدیث ابورجاء سے سلم بن وزیر روایت کرتے ہیں۔

6108 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ بُكَيْرٍ الطَّيَالِسِيُّ قَالَ: نا اَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ قَالَ: نا يَعْلَى بْنُ الْحَارِثِ الْمُحَارِبِيُّ قَالَ: ثَنَا اِيَاسُ بْنُ سَلَمَةَ بْنِ الْاَكْوَعِ قَالَ: قَالَ اَبِي: كُنَّا نُصَلِّي مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ، وَلَيْسَ لِلْحِيطَانِ فَيْءٌ يُسْتَظَلُّ بِهِ

حضرت ابی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ جمعہ کے دن نماز پڑھتے' اس وقت باغوں کا کوئی سایہ نہیں ہوتا تھا۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْاَكْوَعِ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ يَعْلَى بْنُ الْحَارِثِ

یہ حدیث سلمہ بن اکوع سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں یعلی بن حارث اکیلے

---

6107- أخرجه البخاري: الأدب جلد10صفحه576 رقم الحديث:6172 .

6108- أخرجه البخاري: المغازي جلد7صفحه514 رقم الحديث:4168' ومسلم: الجمعة جلد2صفحه589 .

ہیں۔

**6109** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ بُكَيْرٍ الطَّيَالِسِيُّ قَالَ: نا اَبُو الْوَلِيدُ الطَّيَالِسِيُّ قَالَ: ثَنَا شَرِيكٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُصْمٍ اَبِي عُلْوَانَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: اُمِرَ نَبِيُّكُمْ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، بِخَمْسِينَ صَلَاةً، فَسَاَلَ رَبَّهُ اَنْ يَجْعَلَهَا خَمْسَ صَلَوَاتٍ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ تمہارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو پچاس نمازوں کا حکم ہوا تھا' آپ نے اپنے رب سے کم ہونے کا مطالبہ کیا یہاں تک کہ پانچ رہ گئیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُصْمٍ اِلَّا شَرِيكٌ

یہ حدیث عبداللہ بن عاصم سے شریک روایت کرتے ہیں۔

**6110** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ بُكَيْرٍ الطَّيَالِسِيُّ قَالَ: نا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ ابْنُ عَائِشَةَ التَّيْمِيُّ قَالَ: نا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ ثَرْوَانَ، عَنْ هُزَيْلِ بْنِ شُرَحْبِيلَ، عَنْ اَبِي ذَرٍّ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، كَانَ جَالِسًا وَشَاتَانِ تَعْتَلِفَانِ، فَنَطَحَتْ اِحْدَاهُمَا الْاُخْرَى، فَاَجْهَضَتْهَا، فَضَحِكَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقِيلَ لَهُ: مَا يُضْحِكُكَ؟ فَقَالَ: عَجِبْتُ لَهَا، وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَيُقَادَنَّ لَهَا يَوْمَ الْقِيَامَةِ

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تشریف فرما تھے' دو بکریاں لڑ پڑیں' ان میں سے ایک نے دوسری کو سینگ مارا' وہ غالب آ گئی' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مسکرائے' آپ سے مسکرانے کی وجہ پوچھی گئی تو آپ نے فرمایا: مجھے اس پر تعجب ہے! اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے! قیامت کے دن اس بکری کو بدلہ دلوایا جائے گا۔

لَمْ يَرْوِ هُزَيْلُ بْنُ شُرَحْبِيلَ عَنْ اَبِي ذَرٍّ حَدِيثًا غَيْرَ هَذَا، وَلَا رَوَاهُ عَنْ هُزَيْلٍ اِلَّا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ ثَرْوَانَ اَبُو قَيْسٍ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ اَبِي قَيْسٍ اِلَّا لَيْثُ بْنُ اَبِي سُلَيْمٍ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ لَيْثٍ اِلَّا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، وَصَدَقَةُ بْنُ مُوسَى الدَّقِيقِيُّ

ہزیل بن شرحبیل' حضرت ابوذر سے اس حدیث کے علاوہ روایت نہیں کرتے ہیں اور ہزیل سے عبدالرحمن بن ثروان ابوقیس اور ابوقیس سے لیث بن ابوسلیم اور لیث سے حماد بن سلمہ اور صدقہ بن موسیٰ دقیقی روایت کرتے ہیں۔

**6111** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ بُكَيْرٍ الطَّيَالِسِيُّ قَالَ: سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ عُكَاشَةَ الْكِرْمَانِيَّ، يَقُولُ: أَخْبَرَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ حَمَّادٍ الْكِرْمَانِيُّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ: مَنِ اغْتَسَلَ لَيْلَةَ الْجُمُعَةِ وَصَلَّى رَكْعَتَيْنِ فَقَرَأَ فِيهِمَا أَلْفَ مَرَّةٍ: قُلْ هُوَ اللَّهُ أَحَدٌ، ثُمَّ نَامَ عَلَى طُهْرٍ رَأَى النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْمَنَامِ قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ عُكَاشَةَ: دُمْتُ عَلَيْهِ أَكْثَرَ مِنْ سَنَتَيْنِ أَغْتَسِلُ فِي كُلِّ لَيْلَةِ جُمُعَةٍ، أُصَلِّي رَكْعَتَيْنِ أَقْرَأُ فِيهِمَا: قُلْ هُوَ اللَّهُ أَحَدٌ أَلْفَ مَرَّةٍ طَمَعًا أَنْ أَرَى النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْمَنَامِ، فَصَلَّيْتُ لَيْلَةَ جُمُعَةٍ رَكْعَتَيْنِ، قَرَأْتُ فِيهِمَا: قُلْ هُوَ اللَّهُ أَحَدٌ أَلْفَ مَرَّةٍ، فَلَمَّا أَخَذْتُ مَضْجَعِي أَصَابَنِي حُلْمٌ، فَقُمْتُ فَاغْتَسَلْتُ، وَصَلَّيْتُ رَكْعَتَيْنِ، قَرَأْتُ فِيهِمَا: قُلْ هُوَ اللَّهُ أَحَدٌ أَلْفَ مَرَّةٍ، فَلَمَّا فَرَغْتُ مِنْهُمَا كَانَ وَقْتَ السَّحَرِ اسْتَنَدْتُ إِلَى الْحَائِطِ وَوَجْهِي إِلَى الْقِبْلَةِ، فَدَخَلَ عَلَيَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَلَى النَّعْتِ، وَالصِّفَةِ وَعَلَيْهِ بُرْدَانِ مِنْ هَذِهِ الْبُرُودِ الْيَمَانِيَةِ قَدْ تَأَزَّرَ بِوَاحِدٍ، وَارْتَدَى بِالْآخَرِ، فَجَاءَ فَاسْتَوَى عَلَى رِجْلِهِ الْيُسْرَى، وَأَقَامَ الْيُمْنَى ، قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ عُكَاشَةَ: فَأَرَدْتُ أَنْ أَقُولَ: حَيَّاكَ اللَّهُ، فَبَدَأَنِي، فَقَالَ: حَيَّاكَ اللَّهُ، وَكُنْتُ أُحِبُّ أَنْ أَرَى ثَنِيَّتَهُ الْمَكْسُورَةَ، فَتَبَسَّمَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَنَظَرْتُ إِلَى رَبَاعِيَتِهِ الْمَكْسُورَةِ . فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، إِنَّ الْفُقَهَاءَ قَدْ خَلَطُوا عَلَيَّ،

حضرت زہری فرماتے ہیں: جو آدمی جمعہ کی رات کو غسل کرے اور دو رکعت نفل پڑھے ان دونوں رکعتوں میں ایک ہزار مرتبہ قل ھواللہ احد پڑھے پھر باوضو سو جائے اس کو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت ہو گی۔ حضرت محمد بن عکاشہ فرماتے ہیں: میں دو سال سے زیادہ سے کر رہا ہوں کہ ہر جمعہ کی رات کو غسل کرتا ہوں اور دو رکعت نفل پڑھتا ہوں ان دونوں رکعتوں میں ایک ہزار مرتبہ قل ھواللہ احد پڑھتا ہوں اس طمع سے کہ مجھے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت ہو میں نے ایک جمعہ کی رات کو دو رکعت پڑھیں اور ان دونوں میں ایک ہزار مرتبہ قل ھواللہ احد پڑھی جب میں بستر پر سویا تو مجھے احتلام ہو گیا میں اُٹھا اور غسل کیا اور دو رکعت پڑھیں ان دونوں رکعتوں میں ہزار مرتبہ قل ھواللہ احد پڑھی جب میں پڑھ کر فارغ ہوا تو سحری کا وقت تھا میں نے دیوار سے ٹیک لگائی اور اپنا چہرہ قبلہ کی طرف کیا۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میرے پاس آئے اس صفت طریقے پر کہ آپ نے دو چادریں لی ہوئی تھیں یمنی اور ایک کا آپ نے تہبند پہن رکھا تھا دوسری اوپر اوڑھی ہوئی تھی۔ آپ نے بایاں پاؤں سیدھا کیا اور دائیں کو کھڑا کیا۔ محمد بن عکاشہ فرماتے ہیں: میں نے آپ سے بات کرنے کا ارادہ کیا کہ اللہ آپ کو زندہ رکھے! آپ نے مجھ سے ابتداء کی فرمایا: اللہ آپ کو سلامت رکھے! میں پسند کرتا تھا کہ آپ کا وہ دانت دیکھوں جو شہید ہوا تھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تبسم فرمایا تو میں نے شہید دانت مبارک دیکھے میں نے عرض کی: یارسول اللہ! فقہاء نے مجھ پر کچھ

وَعِنْدِي أَصْلَانِ مِنَ السُّنَّةِ، فَأَعْرِضُهُنَّ عَلَيْكَ؟ قَالَ: نَعَمْ، قُلْتُ: الرِّضَا بِقَضَاءِ اللّٰهِ، وَالتَّسْلِيمُ لِأَمْرِ اللّٰهِ، وَالصَّبْرُ عَلَى حُكْمِهِ، وَالْأَخْذُ بِمَا أَمَرَ اللّٰهُ، وَالنَّهْيُ عَمَّا نَهَى اللّٰهُ، وَإِخْلَاصُ الْعَمَلِ لِلّٰهِ، وَالْإِيمَانُ بِالْقَدَرِ خَيْرِهِ وَشَرِّهِ مِنَ اللّٰهِ، وَتَرْكُ الْمِرَاءِ وَالْخُصُومَاتِ فِي الدِّينِ، وَالْمَسْحُ عَلَى الْخُفَّيْنِ، وَالْجِهَادُ مَعَ كُلِّ خَلِيفَةٍ، وَصَلَاةُ الْجُمُعَةِ مَعَ كُلِّ بَرٍّ، وَفَاجِرٍ، وَالصَّلَاةُ عَلَى مَنْ مَاتَ مِنْ أَهْلِ الْقِبْلَةِ، وَالْإِيمَانُ قَوْلٌ وَعَمَلٌ يَزِيدُ وَيَنْقُصُ، وَالْقُرْآنُ كَلَامُ اللّٰهِ غَيْرُ مَخْلُوقٍ، وَالصَّبْرُ تَحْتَ لِوَاءِ السُّلْطَانِ عَلَى مَا كَانَ فِيهِ مِنْ عَدْلٍ أَوْ جَوْرٍ، وَلَا يُخْرَجُ عَلَى الْأُمَرَاءِ بِالسَّيْفِ وَإِنْ جَارُوا، وَلَا يُنْزَلُ أَحَدٌ مِنْ أَهْلِ الْقِبْلَةِ جَنَّةً، وَلَا نَارًا، وَلَا يُكَفَّرُ أَحَدٌ مِنْ أَهْلِ التَّوْحِيدِ، وَإِنْ عَمِلُوا بِالْكَبَائِرِ، وَالْكَفُّ عَنْ مَسَاوِءِ أَصْحَابِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَأَفْضَلُ النَّاسِ بَعْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَبُو بَكْرٍ، ثُمَّ عُمَرُ ـ قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ عُكَاشَةَ: فَوَقَفْتُ عِنْدَ عُثْمَانَ، وَعَلِيٍّ، فَإِنِّي هِبْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ أُفَضِّلَ عُثْمَانَ عَلَى عَلِيٍّ، قُلْتُ فِي نَفْسِي: عَلِيٌّ ابْنُ عَمِّهِ، وَعُثْمَانُ خَتَنُهُ، فَتَبَسَّمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَأَنَّهُ قَدْ عَلِمَ، ثُمَّ قَالَ: عُثْمَانُ، ثُمَّ عَلِيٌّ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هَذِهِ السُّنَّةُ، تَمَسَّكْ بِهَا وَضَمَّ أَصَابِعَهُ، وَعَقَدَ عَلَى ثَلَاثَةٍ وَتِسْعِينَ، وَضَمَّ إِبْهَامَهُ فَوْقَ

ملایا ہے' میرے پاس حدیث کی اصلیں ہیں' آپ کو سناؤں؟ آپ نے فرمایا: جی ہاں! میں نے عرض کی: رضا اللہ کا فیصلہ ہے' سلامتی اللہ کا حکم ہے' صبر اس کا حکم ہے' جس کا اللہ نے حکم دیا ہے اس کو پکڑنا' جس سے اللہ نے منع کیا اس سے باز رہنا' اللہ کے لیے عبادت خلوص سے کرنا' اچھی اور بُری تقدیر پر ایمان لانا' دکھاوا چھوڑنا اور دین میں جھگڑے چھوڑنا' موزوں پر مسح کرنا' ہر نائب دشمن سے جہاد کرنا' ہر اچھے بُرے کے ساتھ نمازِ جمعہ پڑھنا' جو بھی لا الٰہ الا اللہ پڑھنے والا ہو اس کا جنازہ پڑھنا' ایمان نام قول اور عمل کا ہے' زیادہ اور کم ہوتا ہے' قرآن اللہ کا کلام ہے مخلوق نہیں ہے' بادشاہ کے جھنڈے کے نیچے صبر کرنا' چاہے وہ بادشاہ عادل ہو یا ظالم ہو' کسی بادشاہ کے خلاف تلوار لے کر نکلنا درست نہیں ہے اگرچہ وہ ظالم ہو' لا الٰہ الا اللہ پڑھنے والا جنت میں جائے گا' کبیرہ گناہ کرنے والا ایمان سے نہیں نکلتا ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اصحاب کی بُرائی بیان کرنے سے رُک جانا' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد افضل ابوبکر پھر عمر ہیں۔ محمد بن عکاشہ فرماتے ہیں: میں حضرت عثمان اور حضرت علی رضی اللہ عنہما کے متعلق بات کرنے سے رُک گیا' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ڈر گیا کہ میں حضرت عثمان کو حضرت علی سے افضل قرار دوں۔ میں نے اپنے دل میں کہا: حضرت علی آپ کے چچا زاد ہیں اور حضرت عثمان آپ کے داماد ہیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تبسم فرمایا کیونکہ آپ جانتے تھے' پھر آپ نے فرمایا: عمر کے بعد افضل عثمان ہے پھر علی

اَصَابِعَهُ . قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ عُكَاشَةَ: عَرَضْتُ عَلَيْهِ هَذِهِ الْاُصُولَ ثَلَاثَ لَيَالٍ، كُلَّ لَيْلَةٍ اَقِفُ عِنْدَ عَلِيٍّ وَعُثْمَانَ، فَتَبَسَّمَ عِنْدَ وُقُوفِي، كَاَنَّهُ قَدْ عَلِمَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ يَقُولُ: عُثْمَانُ ثُمَّ عَلِيٌّ، تَمَسَّكْ بِهَا . قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ عُكَاشَةَ: كُنْتُ اَعْرِضُ عَلَيْهِ هَذِهِ الْاُصُولَ وَعَيْنَاهُ تَهْطِلَانِ بَكَّاءً، اِنْ قُلْتُ: وَالْكَفُّ عَنْ مَسَاوِءِ اَصْحَابِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ انْتَحَبَ حَتَّى عَلَا صَوْتُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ . قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ عُكَاشَةَ: وَجَدْتُ بَعْدَ رُؤْيَايَ حَلَاوَةً فِي فَمِي وَقَلْبِي، فَكُنْتُ ثَمَانِيَةَ اَيَّامٍ لَا آكُلُ طَعَامًا، حَتَّى ضَعُفْتُ عَنْ صَلَاةِ الْفَرِيضَةِ، فَلَمَّا اَكَلْتُ الطَّعَامَ ذَهَبَتْ تِلْكَ الْحَلَاوَةُ مِنْ فَمِي

ہے۔ حضور ﷺ نے فرمایا: یہ سنت ہے اس کو پکڑ‘ یعنی اس پر عمل کر۔ آپ نے اپنی انگشت مبارک ملائیں اور انگوٹھے کو انگلی کے اوپر رکھا۔ حضرت محمد بن عکاشہ فرماتے ہیں: یہ اصول تین رات تک پیش آتے رہے ہر رات میں‘ حضرت علی و عثمان کے متعلق بات کرتے ہوئے خاموش ہو جاتا‘ آپ میرے رُکنے پر تبسم فرماتے کیونکہ آپ جانتے تھے‘ پھر فرماتے: عمر کے بعد عثمان پھر علی ہیں‘ اس پر عمل کر۔ حضرت محمد بن عکاشہ فرماتے ہیں: یہ اصول میں نے آپ پر پیش کیے اس حالت میں کہ دونوں آنکھوں سے آنسو جاری تھے۔ میں نے کہا: میں حضور ﷺ کے اصحاب کی بُرائی بیان کرنے سے خاموش رہوں گا۔ حضرت محمد بن عکاشہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے خواب کے بعد اس کی مٹھاس اپنے منہ اور دل میں پائی۔ میں نے آٹھ دن تک کوئی شی نہیں کھائی یہاں تک کہ میں فرض نماز ادا کرنے سے کمزور ہو گیا‘ جب میں نے کھانا کھایا تو مجھ سے مٹھاس چلی گئی۔

**6112** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ النُّعْمَانِ بْنِ شِبْلٍ اَبُو شُبَيْلٍ قَالَ: حَدَّثَنِي النُّعْمَانُ بْنُ شِبْلٍ قَالَ: حَدَّثَنِي عَبْدُ اللّٰهِ الْمَخرمِيُّ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَطَعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي مِجَنٍّ قِيمَتُهُ ثَلَاثَةُ دَرَاهِمَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ایسی ڈھال کے چوری کرنے پر ہاتھ کاٹا جس کی قیمت تین درہم تھی۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ

یہ حدیث اسماعیل بن محمد بن سعد سے عبداللہ بن

**6112**- أخرجه النسائي: السارق جلد8صفحه69 (باب القدر الذى اذا سرقه السارق قطعت يده) بنحوه .

مُحَمَّدِ بْنِ سَعْدٍ اِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ الْمَخْزُومِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ النُّعْمَانُ بْنُ شِبْلٍ

جعفر مخزومی روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں نعمان بن شبل اکیلے ہیں۔

**6113** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ النُّعْمَانِ بْنِ شِبْلٍ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي قَالَ: ثَنَا يَحْيَى بْنُ اَبِي رَوْقٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ الضَّحَّاكِ بْنِ مُزَاحِمٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، فِي قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ: (مَا يَعْلَمُهُمْ اِلَّا قَلِيلٌ) (الكهف:22)، قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: اَنَا مِنْ اُولَئِكَ الْقَلِيلِ مكسمليثا، وتمليخا وَهُوَ الْمَبْعُوثُ بِالْوَرِقِ اِلَى الْمَدِينَةِ، وَمرطولس، وَيثبونس، وَذرتونس، وَكفاشطيطوس، وَمنطنواسيسوس وَهُوَ الرَّاعِي وَالْكَلْبُ اسْمُهُ قِطْمِيرُ، دُونَ الْكُرْدِيِّ، وَفَوْقَ الْقِبْطِيِّ، لَا اَظُنُّ فَوْقَ الْقِبْطِيِّ قَالَ اَبُو شُبَيْلٍ: قَالَ اَبِي: بَلَغَنِي اَنَّهُ مَنْ كَتَبَ هَذِهِ الْاَسْمَاءَ فِي شَيْءٍ وَطَرَحَهُ فِي حَرِيقٍ سَكَنَ الْحَرِيقُ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما' اللہ عزوجل کے اس ارشاد ''اصحابِ کہف کو بہت کم لوگ جانتے ہیں'' کے متعلق فرماتے ہیں: وہ لوگ بہت تھوڑے تھے: مکسملیثا اور تملیخا یہ شہر میں چاندی لے کر گئے تھے' مرطولس' یثبونس' ذرتونس' کفاشطیطوس' منطنواسیسوس تھے' کتے کا نام قطمیر تھا' جو کردی سے کم اور قبطی سے بڑا' میں خیال نہیں کرتا ہوں کہ وہ قبطی سے بڑا تھا۔ ابوشبیل فرماتے ہیں: مجھے میرے والد نے بتایا کہ جو یہ اصحابِ کہف کے نام کسی شی پر لکھے' اس کو آگ میں ڈالے تو وہ آگ بجھ جائے گی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي رَوْقٍ اِلَّا ابْنُهُ يَحْيَى

یہ حدیث ابوروق سے ان کے بیٹے یحییٰ روایت کرتے ہیں۔

**6114** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ النُّعْمَانِ بْنِ شِبْلٍ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي قَالَ: حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ النُّعْمَانِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَمِّ اَبِي، عَنْ يَحْيَى بْنِ الْعَلَاءِ الرَّازِيِّ، عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ اَبِي اُمَيَّةَ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ زَارَ قَبْرَ اَبَوَيْهِ اَوْ اَحَدِهِمَا فِي كُلِّ جُمُعَةٍ غُفِرَ لَهُ، وَكُتِبَ بَرًّا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو اپنے والدین دونوں یا کسی ایک کی قبر کی زیارت ہر جمعہ کو کرے' تو اس کو بخش دیا جائے گا اور اس کے لیے نیکی لکھی جائے گی۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے یہ حدیث اسی سند سے روایت

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ يَحْيَى بْنُ الْعَلَاءِ

ہے۔اس کوروایت کرنے میں یحییٰ بن علاء اکیلے ہیں۔

**6115** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ زَكَرِيَّا الْغَلَابِيُّ قَالَ: نا يَعْقُوبُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ سُلَيْمَانَ بْنِ عَلِيِّ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ رَجُلًا قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، هَلْ مِنَ الدُّعَاءِ شَيْءٌ لَا يُرَدُّ؟ قَالَ: نَعَمْ، تَقُولُ: اَسْاَلُكَ بِاسْمِكَ الْاَعْلَى الْاَعَزِّ الْاَجَلِّ الْاَكْرَمِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا ایسی دعا ہے کہ جو ردّ نہ کی جاتی ہو؟ فرمایا: جی ہاں! تُو عرض کر ”اسئلك باسمك الاعلى الاعز الاجل والاكرام“۔

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ عُثْمَانَ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ يَعْقُوبُ بْنُ جَعْفَرٍ

یہ حدیث ابن عباس سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں یعقوب بن جعفر اکیلے ہیں۔

**6116** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ زَكَرِيَّا الْغَلَابِيُّ قَالَ: نا يَعْقُوبُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ سُلَيْمَانَ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ جَدِّي، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ لِي عُثْمَانُ: قَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ زَوَّجَنِي ابْنَتَهُ الْاُخْرَى: لَوْ اَنَّ عِنْدِي عَشْرًا لَزَوَّجْتُكَهُنَّ وَاحِدَةً بَعْدَ وَاحِدَةٍ، فَاِنِّي عَنْكَ لَرَاضٍ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ مجھے حضرت عثمان نے کہا کہ مجھے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جس وقت آپ نے اپنی دوسری بیٹی کی شادی مجھ سے کی: اگر میرے ہاں دس بیٹیاں ہوتیں تو یکے بعد دیگرے دوسری سے کرتا کیونکہ میں آپ سے خوش ہوں۔

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنْ عُثْمَانَ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ يَعْقُوبُ بْنُ جَعْفَرٍ

یہ حدیث ابن عباس، حضرت عثمان سے اسی سند سے روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں یعقوب بن جعفر اکیلے ہیں۔

**6117** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ زَكَرِيَّا الْغَلَابِيُّ قَالَ: نا سُلَيْمَانُ بْنُ كُرَازٍ قَالَ: نا عُمَرُ بْنُ صُهْبَانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: قَالَ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: بھلائی نیک لوگوں کے وسیلہ سے مانگو۔

رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اطْلُبُوا الْخَيْرَ عِنْدَ حِسَانِ الْوُجُوهِ

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ اِلَّا عُمَرُ بْنُ صُهْبَانَ، تَفَرَّدَ بِهِ سُلَيْمَانُ بْنُ كُرَّانَ، وَلَا يُرْوَى عَنْ جَابِرٍ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ

یہ حدیث محمد بن منکدر سے عمر بن اصبہان روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں سلیمان بن کران اکیلے ہیں۔ حضرت جابر سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔

**6118** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ زَكَرِيَّا الْغَلَابِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ قَالَ: نا اِسْرَائِيلُ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ حَصِيرَةَ، عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَنَّهُ: رَاَى اِنْسَانًا بِهِ بَلَاءٌ، فَقَالَ: لَعَلَّكَ سَاَلْتَهُ اَنْ يُعَجِّلَ لَكَ الْبَلَاءَ قَالَ: نَعَمْ قَالَ: فَهَلَّا سَاَلْتَ اللّٰهَ الْعَافِيَةَ، وَقُلْتَ: اللّٰهُمَّ آتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً، وَفِي الْآخِرَةِ حَسَنَةً، وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ

حضرت ابن بریدہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضورﷺ نے ایک آدمی کو حالتِ آزمائش میں دیکھا' فرمایا: ہوسکتا ہے کہ تُو نے اپنے لیے جلدی آزمائش مانگ لی ہو؟ اس نے عرض کی: جی ہاں! آپ نے فرمایا: کیا تُو اللہ عزوجل سے عافیت نہیں مانگ سکتا' تُو عرض کی: اے اللہ! مجھے دنیا اور آخرت میں اچھائی عطا کر اور ہم کو عذابِ قبر سے محفوظ رکھ۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْحَارِثِ بْنِ حَصِيرَةَ اِلَّا اِسْرَائِيلُ، وَلَا يُرْوَى عَنْ بُرَيْدَةَ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ

یہ حدیث حارث بن حصیرہ سے اسرائیل روایت کرتے ہیں۔ حضرت بریدہ سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔

**6119** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ زَكَرِيَّا الْغَلَابِيُّ قَالَ: نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ بَشَّارٍ الرَّمَادِيُّ قَالَ: نا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ مِسْعَرِ بْنِ كِدَامٍ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ اَبِيهِ عُمَرَ، عَنْ اَبِيهِ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ مَرْوَانَ، عَنْ اَسْمَاءَ بِنْتِ عُمَيْسٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَمَعَ بَنِي عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، فَقَالَ لَهُمْ: اِنْ نَزَلَ

حضرت اسماء بنت عمیس رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضورﷺ نے بنی عبدالمطلب کو جمع کیا' ان کو فرمایا: اگر تم میں سے کسی پر غم' مشکل یا بیماری آئے تو وہ عرض کرے' تین مرتبہ: ''اللّٰہ ربی لا اشرك بہ شیئًا ''۔ حضرت مسعر فرماتے ہیں: یہ کلام حضرت عمر بن عبدالعزیز نے مرتے وقت کہا ہے۔

---

**6119**- أخرجه أبو داؤد: الصلاة جلد 2 صفحه 88 رقم الحديث: 1525' وابن ماجة: الدعاء جلد 2 صفحه 1277 رقم الحديث: 3882' وأحمد: المسند جلد 6 صفحه 401 رقم الحديث: 27147 بنحوه .

بِـاَحَـدِكُمْ هَمٌّ، اَوْ غَمٌّ، اَوْ كَرْبٌ، اَوْ سَقَمٌ، اَوْ لَاْوَاءَ فَلْيَقُلْ: اللّٰهُ رَبِّي، لَا اَشْرَكُ بِهِ شَيْئًا ثَلَاثَ مَرَّاتٍ قَالَ: وَكَانَ ذٰلِكَ آخِرُ كَلَامِ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ عِنْدَ الْمَوْتِ

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُفْيَانَ بْنِ عُيَيْنَةَ اِلَّا الرَّمَادِيُّ

یہ حدیث سفیانہ بن عیینہ سے رمادی روایت کرتے ہیں۔

**6120** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ زَكَرِيَّا الْغَلَابِيُّ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ بِسْطَامٍ الْاَصْفَرُ قَالَ: نا اَشْعَثُ بْنُ بَرَازٍ الْهُجَيْمِيُّ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الزُّهْدُ فِي الدُّنْيَا يُرِيحُ الْقَلْبَ، وَالْجَسَدَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: دنیا سے بے رغبتی کرنے والے کا دل و جسم راحت میں رہتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ اِلَّا اَشْعَثُ بْنُ بَرَازٍ، تَفَرَّدَ بِهِ يَحْيَى بْنُ بِسْطَامٍ

یہ حدیث حضرت علی بن زید سے اشعث بن براز روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں یحییٰ بن بسطام اکیلے ہیں۔

**6121** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ زَكَرِيَّا الْغَلَابِيُّ قَالَ: نا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ ابْنُ عَائِشَةَ التَّيْمِيُّ قَالَ: ثنا هِشَامُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْكُوفِيُّ، عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُسَلِّمُ عَنْ يَمِينِهِ حَتّٰى يُرَى بَيَاضُ خَدِّهِ الْاَيْمَنُ: السَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ، وَعَنْ يَسَارِهِ مِثْلَ ذٰلِكَ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ دائیں جانب سلام پھیرتے یہاں تک کہ آپ کا دایاں رخسار نظر آتا بائیں جانب سلام ایسے ہی پھیرتے تھے۔

---

**6121**- أخرجه أبو داؤد: الصلاة جلد 1 صفحه 260 رقم الحديث: 996' والترمذي: الصلاة جلد 2 صفحه 89 رقم الحديث: 295 . وقال: حسن صحيح . والنسائي: السهو جلد 3 صفحه 52 (باب كيف السلام على اليمين؟)' وابن ماجة: الاقامة جلد 1 صفحه 296 رقم الحديث: 914 .

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ إِلَّا هِشَامُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، وَمُحَمَّدُ بْنُ أَبَانَ

یہ حدیث حماد' ابراہیم سے' وہ علقمہ سے اور حماد بن ہشام بن عبدالرحمٰن اور محمد بن ابان روایت کرتے ہیں۔

**6122** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ زَكَرِيَّا الْغَلَابِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ رَجَاءٍ قَالَ: نا أَيُّوبُ بْنُ مُحَمَّدٍ أَبُو الْجَمَلِ، أَصْلُهُ يَمَامِيٌّ، سَكَنَ الْبَصْرَةَ، عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَيْسَ عَلَى الْمَرْأَةِ حُرُمٌ إِلَّا فِي وَجْهِهَا

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: عورت پر کوئی شی حرام نہیں ہے مگر اس کے چہرے میں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ إِلَّا أَيُّوبُ أَبُو الْجَمَلِ، تَفَرَّدَ بِهِ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ رَجَاءٍ

یہ حدیث مرفوعاً عبیداللہ بن عمر سے ایوب ابوالجمل روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عبداللہ بن رجاء اکیلے ہیں۔

**6123** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ زَكَرِيَّا الْغَلَابِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ رَجَاءٍ قَالَ: أَخْبَرَنِي جَرِيرُ بْنُ أَيُّوبَ، عَنِ الْعَيْزَارِ بْنِ حُرَيْثٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: عَجِبْتُ لِلْمُؤْمِنِ، إِنْ أَصَابَهُ خَيْرٌ حَمِدَ اللَّهَ وَشَكَرَ، وَإِنْ أَصَابَتْهُ مُصِيبَةٌ حَمِدَ رَبَّهُ وَصَبَرَ، وَفِي كُلِّ يُؤْجَرُ الْمُؤْمِنُ، حَتَّى فِي أَكْلَةٍ يَرْفَعُهَا إِلَى فِيهِ

حضرت عمر بن سعد رضی اللہ عنہما اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: مؤمن کے لیے تعجب ہے اگر اس کو بھلائی ملتی ہے تو وہ اللہ کی حمد اور اس کا شکر کرتا ہے' اگر کوئی مصیبت پہنچتی ہے تو اللہ کی حمد اور صبر کرتا ہے' مؤمن کو ہر کام پر اجر دیا جاتا ہے یہاں تک کہ جو لقمہ اپنے منہ میں ڈالے اس کا بھی ثواب ملتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ جَرِيرِ بْنِ أَيُّوبَ إِلَّا ابْنُ رَجَاءٍ

یہ حدیث جریر بن ایوب سے ابن رجاء روایت کرتے ہیں۔

**6124** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ زَكَرِيَّا الْغَلَابِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ رَجَاءٍ قَالَ: أنا جَرِيرُ بْنُ أَيُّوبَ قَالَ: نا عَامِرُ بْنُ سَعْدٍ الْبَجَلِيُّ قَالَ: سَمِعْتُ الْبَرَاءَ

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: تمہارے پاس اس راستے سے یمن کا بہتر آدمی آئے گا' اس کا چہرہ

بْنَ عَازِبٍ، يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: يَأْتِيكُمْ مِنْ هَذَا الْفَجِّ خَيْرُ ذِي يَمَنٍ، عَلَى وَجْهِهِ مِسْحَةُ مَلِكٍ قَالَ: فَمَا مِنَ الْقَوْمِ رَجُلٌ إِلَّا وَهُوَ يَتَمَنَّى أَنْ يَكُونَ مِنْهُ، إِذْ طَلَعَ عَلَيْهِمْ رَاكِبٌ، فَانْتَهَى إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَنَزَلَ عَنْ رَاحِلَتِهِ، فَأَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَخَذَ بِيَدِهِ، فَسَلَّمَ عَلَيْهِ، وَبَايَعَهُ، وَهَاجَرَ قَالَ: مَنْ أَنْتَ؟ قَالَ: أَنَا جَرِيرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَجَلِيُّ، فَأَجْلَسَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى جَنْبِهِ، وَمَسَحَ بِيَدِهِ عَلَى رَأْسِهِ وَوَجْهِهِ وَصَدْرِهِ وَبَطْنِهِ، حَتَّى انْحَنَى جَرِيرٌ حَيَاءً أَنْ يُدْخِلَ يَدَهُ تَحْتَ إِزَارِهِ، وَهُوَ يَدْعُو لَهُ بِالْبَرَكَةِ، وَلِذُرِّيَّتِهِ، ثُمَّ مَسَحَ رَأْسَهُ وَظَهْرَهُ، وَهُوَ يَدْعُو لَهُ

دُبلا اور خوبصورت ہوگا' قوم میں سے ہر آدمی تمنا کرے گا کہ ان سے وہ ہو' اچانک سوار آیا اور حضور ﷺ کے پاس اپنی سواری سے اُترا' حضور ﷺ کے پاس آیا' آپ کا دست مبارک پکڑا' آپ کو سلام کیا اور بیعت کی اور چھوڑ دیا۔ آپ نے فرمایا: تم کون ہو؟ عرض کی: میں جریر بن عبداللہ بجلی ہوں' حضور ﷺ نے اپنے پاس بٹھا لیا' اپنا دست مبارک ان کے سر اور چہرے اور سینہ اور پیٹ پر پھیرا یہاں تک کہ حیاء سے جھک گئے' اپنا ہاتھ آپ کی چادر کے نیچے داخل کرنے لگے' آپ ان کے لیے اور ان کی اولاد کے لیے برکت کی دعا کرنے لگے' پھر ان کے سر اور پیٹھ پر ہاتھ پھیرا' پھر آپ نے دعا فرمائی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ الْبَجَلِيِّ إِلَّا جَرِيرُ بْنُ أَيُّوبَ

یہ حدیث عامر بن سعد بجلی سے جریر بن ایوب روایت کرتے ہیں۔

**6125** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ زَكَرِيَّا الْغَلَابِيُّ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ بِسْطَامٍ الْأَصْفَرُ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ الْقُرَشِيُّ، عَنْ جَمِيعِ بْنِ ثَوْبٍ، عَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ: خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: أَنَا خَيْرُ النَّاسِ لِشِرَارِ أُمَّتِي قُلْنَا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَكَيْفَ أَنْتَ لِخِيَارِهَا؟ قَالَ: أَمَّا خِيَارُ أُمَّتِي فَيَدْخُلُونَ الْجَنَّةَ بِأَعْمَالِهِمْ، وَأَمَّا شِرَارُهُمْ فَيَدْخُلُونَ الْجَنَّةَ بِشَفَاعَتِي

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ ہمارے پاس تشریف لائے' آپ نے فرمایا: میں اپنی اُمت کے گنہگار لوگوں کے لیے بہتر ہوں' ہم نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ کے نیک لوگ کیا کریں گے؟ آپ نے فرمایا: میری اُمت کے نیک لوگ جنت میں اپنے اعمال کے ذریعے داخل ہوں گے اور گنہگار میری شفاعت کی وجہ سے جنت میں داخل ہوں گے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ أَبِي أُمَامَةَ إِلَّا بِهَذَا

یہ حدیث ابوامامہ سے اسی سند سے روایت ہے۔

الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ يَحْيَى بْنُ بِسْطَامٍ

**6126** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ زَكَرِيَّا الْغَلَابِيُّ قَالَ: ثَنَا الْعَلَاءُ بْنُ الْفَضْلِ بْنِ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ اَبِي سَوِيَّةَ الْمِنْقَرِيُّ قَالَ: حَدَّثَنِي عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عِكْرَاشٍ، عَنْ اَبِيهِ عِكْرَاشِ بْنِ ذُؤَيْبٍ قَالَ: بَعَثَنِي بَنُو مُرَّةَ بْنِ عُبَيْدٍ بِصَدَقَاتِ اَمْوَالِهِمْ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَدِمْتُ عَلَيْهِ الْمَدِينَةَ، فَوَجَدْتُهُ جَالِسًا بَيْنَ الْمُهَاجِرِينَ، وَالْاَنْصَارِ، فَقَدِمْتُ عَلَيْهِ بِاِبِلٍ كَاَنَّهَا عُرُوقُ الْاَرْطَى، فَقَالَ: مَنِ الرَّجُلُ؟، فَقُلْتُ: عِكْرَاشُ بْنُ ذُؤَيْبٍ قَالَ: ارْفَعْ فِي النَّسَبِ، فَقُلْتُ: ابْنُ حُرْقُوصِ بْنِ جَعْدَةَ بْنِ عَمْرِو بْنِ النَّزَّالِ بْنِ مُرَّةَ بْنِ عُبَيْدٍ، هَذِهِ صَدَقَاتُ بَنِي مُرَّةَ بْنِ عُبَيْدٍ، فَتَبَسَّمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ قَالَ: هَذِهِ اِبِلُ قَوْمِي، هَذِهِ صَدَقَاتُ قَوْمِي، ثُمَّ اَمَرَ بِهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ تُوسَمَ بِمِيسَمِ اِبِلِ الصَّدَقَةِ، فَتُضَمَّ اِلَيْهَا. ثُمَّ اَخَذَ بِيَدِي، فَانْطَلَقَ بِي اِلَى مَنْزِلِ اُمِّ سَلَمَةَ، فَقَالَ: هَلْ مِنْ طَعَامٍ؟ فَاُتِينَا بِجَفْنَةٍ كَثِيرَةِ الثَّرِيدِ، وَالْوَذْرِ، فَاَقْبَلْنَا نَاْكُلُ مِنْهَا، فَجَعَلْتُ اُخَبِّطُ بِيَدِي فِي جَوَانِبِهَا، فَقَبَضَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَدِهِ الْيُسْرَى عَلَى يَدِي

اس کو روایت کرنے میں یحییٰ بن بسطام اکیلے ہیں۔

حضرت عبیداللہ بن عکراش بن عکراش اپنے والد عکراش بن ذؤیب سے روایت کرتے ہیں، وہ فرماتے ہیں کہ مجھے بنومرہ بن عبید نے اپنے اموال کی زکوٰۃ لے کر حضورﷺ کی طرف بھیجا، میں آپ کے پاس مدینہ آیا، میں نے آپ کو مہاجرین اور انصار کے درمیان بیٹھا پایا، میں آپ کے پاس اونٹ لے کر آیا، ان اونٹوں کی رگیں لمبی تھیں، آپ نے فرمایا: کون سے آدمی ہو؟ میں نے عرض کی: عکراش بن ذؤیب، آپ نے فرمایا: اپنا نسب بیان کرو! میں نے عرض کی: ابن حرقوص بن جعدہ بن عمرو بن نزال بن مرہ بن عبید، یہ زکوٰۃ بنی مرہ بن عبید کی طرف سے ہے۔ حضورﷺ نے تبسم فرمایا، پھر فرمایا: یہ اونٹ میری قوم کے ہیں اور یہ صدقات میری قوم کے ہیں۔ پھر حضورﷺ نے ان اونٹوں کو نشان لگانے کا حکم دیا، ان کو نشان لگایا گیا، پھر آپ نے میرا ہاتھ پکڑا اور مجھے اُم سلمہ کے گھر لے گئے۔ آپ نے فرمایا: کیا کھانا ہے؟ ہمارے پاس ایک برتن لایا گیا اس میں ثرید اور وذر تھا، ہم اس سے کھانے لگے۔ میں اپنے ہاتھ کو اس پیالہ کے اردگرد گھمانے لگا۔ حضورﷺ نے اپنے بائیں ہاتھ سے میرا دایاں ہاتھ پکڑ لیا، فرمایا: اے عکراش! ایک جگہ سے کھاؤ

6126- أخرجه الترمذي: الأطعمة جلد 4 صفحه 283 رقم الحديث: 1848 . وقال: غريب لا نعرفه الا من حديث العلاء بن الفضل، وقد تفرد العلاء بهذا الحديث، ولا نعرف لعكراش، عن النبي ﷺ الا هذا الحديث . وابن ماجة: الأطعمة جلد 2 صفحه 1089 رقم الحديث: 3274 مختصرًا . والطبراني في الكبير جلد 18 صفحه 82-83 رقم الحديث: 154 . وقال: وعلاء بن الفضل ضعيف وعبيد الله بن عكراش قال البخاري: لا يثبت حديثه .

الْيُمْنَى، وَقَالَ: يَا عِكْرَاشُ، كُلْ مِنْ مَوْضِعٍ وَاحِدٍ، فَإِنَّهُ طَعَامٌ وَاحِدٌ، ثُمَّ أُتِينَا بِطَبَقٍ فِيهِ أَلْوَانٌ مِنْ رُطَبٍ، فَجَعَلْتُ آكُلُ مِنْ بَيْنِ يَدَيَّ، وَجَالَتْ يَدُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الطَّبَقِ، ثُمَّ قَالَ: يَا عِكْرَاشُ، كُلْ مِنْ حَيْثُ شِئْتَ، فَإِنَّهُ غَيْرُ طَعَامٍ وَاحِدٍ، ثُمَّ أُتِينَا بِمَاءٍ فَغَسَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَيْهِ، وَمَسَحَ بِبَلَلِ كَفَّيْهِ، وَجْهَهُ، وَذِرَاعَيْهِ، وَرَأْسَهُ، ثُمَّ قَالَ: يَا عِكْرَاشُ، هٰكَذَا الْوُضُوءُ مِمَّا غَيَّرَتِ النَّارُ

کیونکہ کھانا ایک ہی قسم کا ہے' پھر ایک تھال لایا گیا اس میں مختلف قسم کی کھجوریں تھیں' میں اپنے آگے سے کھانے لگا' حضورﷺ سارے تھال سے کھا رہے تھے۔ پھر آپ نے فرمایا: اے عکراش! جہاں سے چاہو کھاؤ کیونکہ یہ کھانا ایک ہی نہیں ہے۔ پھر ہمارے پاس پانی لایا گیا' حضورﷺ نے اپنے ہاتھوں کو دھویا' اپنے ہاتھ کی تری کو اپنے چہرے اور کلائیوں اور اپنے سر سے مل دیا۔ پھر فرمایا: اے عکراش! آگ سے پکی ہوئی چیز کھانے کے بعد اس طرح وضو کرنا چاہیے۔

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ عِكْرَاشِ بْنِ ذُؤَيْبٍ إِلَّا بِهٰذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ الْعَلَاءُ بْنُ الْفَضْلِ بْنِ أَبِي سَوِيَّةَ

یہ حدیث عکراش بن ذؤیب سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں علاء بن فضل بن ابوسویہ اکیلے ہیں۔

**6127** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ زَكَرِيَّا الْغَلَابِيُّ قَالَ: ثَنَا الْعَلَاءُ بْنُ الْفَضْلِ بْنِ عَبْدِ الْمَلِكِ، عَنْ أَبِيهِ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ أَبِي سَوِيَّةَ الْمِنْقَرِيِّ قَالَ: شَهِدْتُ قَيْسَ بْنَ عَاصِمٍ وَهُوَ يُوصِي، فَجَمَعَ بَنِيهِ، وَهُمُ اثْنَانِ وَثَلَاثُونَ ذَكَرًا، فَقَالَ: يَا بَنِيَّ، إِذَا أَنَا مِتُّ، فَسَوِّدُوا أَكْبَرَكُمْ تَخْلُفُوا أَبَاكُمْ، وَلَا تُسَوِّدُوا أَصْغَرَكُمْ فَيُزْرِي بِكُمْ ذَاكَ عِنْدَ أَكْفَائِكُمْ، وَلَا تُقِيمُوا عَلَيَّ نَائِحَةً، فَإِنِّي رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنِ النِّيَاحَةِ، وَعَلَيْكُمْ بِإِصْلَاحِ الْمَالِ، فَإِنَّهَا مَنْبَهَةٌ لِلْكَرِيمِ، وَيَسْتَغْنِي بِهِ عَنِ اللَّئِيمِ، وَلَا تُعْطُوا رِقَابَ الْإِبِلِ إِلَّا فِي حَقِّهَا، وَلَا تَمْنَعُوهَا مِنْ حَقِّهَا، وَإِيَّاكُمْ وَكُلَّ عِرْقِ سُوءٍ، فَمَهْمَا سَرَّكُمْ يَوْمٌ فَمَا

عبدالملک بن ابی سویہ منقری فرماتے ہیں: میں قیس بن عاصم کے پاس حاضر ہوا جبکہ وہ وصیتیں فرما رہے تھے' پس اس نے اپنے بیٹوں کو جمع کیا جو کہ بتیس تھے۔ اس نے کہا: اے میرے بیٹے! جب میں اس دنیا سے گزر جاؤں تو سب سے بڑے بھائی کو اپنا سردار بنانا۔ اپنے بڑوں کے طریقے پر چلنا' سب سے چھوٹے کو سردار نہ بنانا' ورنہ یہ بات برادری میں تمہارے لیے عیب ہوگی' میرے اوپر کوئی نوحہ کرنے والی کھڑی نہ کرنا کیونکہ میں نے رسول کریمﷺ کو دیکھا کہ آپ نے نوح سے منع فرمایا۔ تمہارے اوپر مال کی اصلاح لازمی ہے کیونکہ یہ عزت دار کی نیک نامی ہے اور اس کے ساتھ بندہ کے لیے آدمی سے بے پرواہ ہوتا ہے۔ تم اپنے اونٹوں کو حق کی

يَسُوءُكُمْ أَكْثَرُ، وَاحْذَرُوا أَبْنَاءَ أَعْدَائِكُمْ، فَإِنَّهُمْ لَكُمْ أَعْدَاءٌ عَلَى مِنْهَاجِ آبَائِهِمْ. وَإِذَا أَنَا مِتُّ فَادْفِنُونِي فِي مَوْضِعٍ لَا يَطَّلِعُ عَلَى أَهْلِ هَذَا الْحَيِّ مِنْ بَكْرِ بْنِ وَائِلٍ، فَإِنَّهَا كَانَتْ بَيْنِي، وَبَيْنَهُمْ خَمَاشَاتٌ فِي الْجَاهِلِيَّةِ، فَأَخَافُ أَنْ يَنْبِشُونِي مِنْ قَبْرِي فَتُفْسِدُوا عَلَيْهِمْ دُنْيَاهُمْ، فَيُفْسِدُوا عَلَيْكُمْ آخِرَتَكُمْ، ثُمَّ دَعَا بِكِنَانَتِهِ، فَأَمَرَ ابْنَهُ الْأَكْبَرَ، وَكَانَ يُسَمَّى عَلِيًّا، فَقَالَ: أَخْرِجْ سَهْمًا مِنْ كِنَانَتِي، فَأَخْرَجَ، فَقَالَ: اكْسِرْهُ، فَكَسَرَهُ، ثُمَّ قَالَ: أَخْرِجْ سَهْمَيْنِ، فَأَخْرَجَهُمَا، فَقَالَ: اكْسِرْهُمَا، فَكَسَرَهُمَا قَالَ: أَخْرِجْ ثَلَاثَةَ أَسْهُمٍ، فَأَخْرَجَهَا، فَقَالَ: اعْصُبْهَا بِوَتَرٍ فَعَصَبَهَا، ثُمَّ قَالَ: اكْسِرْهَا، فَلَمْ يَسْتَطِعْ كَسْرَهَا، فَقَالَ: يَا بَنِيَّ هَكَذَا أَنْتُمْ بِالِاجْتِمَاعِ، وَكَذَلِكَ أَنْتُمْ بِالْفُرْقَةِ، ثُمَّ أَنْشَأَ يَقُولُ:

(البحر الخفيف)

إِنَّمَا الْمَجْدُ مَا بَنَى وَالِدُ الصِّدْقِ ... وَأَحْيَى فِعَالَهُ الْمَوْلُودُ

وَكَفَى الْمَجْدُ، وَالشَّجَاعَةُ، وَالْحِلْمُ... إِذَا زَانَهَا عَفَافٌ وَجُودُ

وَثَلَاثُونَ يَا بَنِيَّ إِذَا مَا ... عَقَدْتُمْ لِلنَّائِبَاتِ

راہ پر دینا' حق ادا کرنے سے انہیں نہ روکنا' ہر بُرائی سے بچنا' بعض اوقات ایک دن بظاہر تمہیں خوش کرے اور زیادہ تکلیف کا باعث ہو۔ دشمنوں کے بیٹوں سے بھی دُور رہو کیونکہ وہ اپنے آباء کے طریقے پر تمہارے دشمن ہی ہیں' پس جب میں فوت ہو جاؤں تو مجھے ایسی جگہ دفن کرنا جہاں پر اس محلے والے بکر بن وائل کو پتہ نہ چلے کیونکہ زمانۂ جاہلیت میں ان کے اور میرے درمیان کچھ خدشات تھے۔ مجھے خوف ہے کہیں یہ لوگ مجھے قبر سے نکال دیں' اگر انہوں نے ایسا کیا تو تم ان پر ان کا جینا دوبھر کر دو گے' وہ تمہاری آخرت برباد کر دیں گے۔ پھر اس نے اپنی کمان منگوا کر اپنے بڑے بیٹے علی سے کہا: اس سے تیر نکالو! اس نے تیر نکالا' پھر کہا: اسے توڑو! اس نے توڑ دیا' پھر کہا: اب دو تیر نکالو! اس نے نکالے' انہیں توڑو! اس نے توڑ دیئے' پھر کہا: اب تین نکال کر جوڑو پھر توڑو! اس نے نکالے لیکن توڑنے سے عاجز رہا۔ اس نے کہا: اے میرے بیٹو! اگر ان تیروں کی طرح اکٹھے رہو گے تو تمہیں کوئی توڑ نہ سکے گا اور اگر بکھر کر ایک ایک ہو گئے تو پھر تم سنبھل نہ سکو گے۔ پھر اُس نے شعر کہے:

''بزرگی صرف وہ ہے جس کو سچائی نے باپ نے بنایا...... اور زندہ کیا اس کے کام کو بچوں نے...... بزرگی' بہادری اور عقلمندی کافی ہے...... جب انہیں پاکدامنی اور سخاوت مزین کرے...... اور تیس اے میرے بیٹو! بشرطیکہ حوادثات [illegible] کے لیے عقد کیا' تیس لکڑیوں کی

الْعُقُودُ

كَثَلَاثِينَ مِنْ قِدَاحٍ اِذَا مَا ... شَدَّهَا لِلزَّادِ عِقْدٌ شَدِيدُ

لَمْ تُكَسَّرْ، وَاِنْ تَبَدَّدَتِ الْاَسْهُمُ ... اَوْدَى بِجَمْعِهَا التَّبْدِيدُ

وَذُوُو السِّنِّ وَالْمُرُوءَةِ اَوْلَى ... اِنْ يَكُنْ مِثْلُهُمْ لَهُمْ تَسْوِيدُ

وَعَلَيْهِمْ حِفْظُ الْاَصَاغِرِ حَتَّى ... يَبْلُغَ الْحِنْثَ الْاَصْغَرُ الْمَجْهُودُ

مانند ہیں جو بندھی ہوئی ہوں' زادِ زاہ کے لیے سخت طریقے سے باندھنا.....انہیں توڑا نہیں جا سکے گا اور اگر تیر بکھر گئے تو زیادہ تعداد ہونے کے باوجود وہ تباہ ہو جائیں گے.....بڑی عمر اور مروّت والے بہتر ہیں اگر ان کی مثل کو سردار بنانا ممکن ہو.....اُن پر چھوٹوں کی حفاظت واجب ہے یہاں تک کہ چھوٹے بڑے ہو جائیں''۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ بِهَذَا التَّمَامِ وَالشِّعْرِ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ الْعَلَاءُ بْنُ الْفَضْلِ بْنِ اَبِي سَوِيَّةَ الْمِنْقَرِيُّ

یہ مکمل حدیث شعروں کے ساتھ صرف اسی سند سے مروی ہے۔ علاء بن فضل بن ابی سویہ منقری اس کے ساتھ اکیلے ہیں۔

**6128** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى الْاُبُلِّيُّ قَالَ: نا عُمَرُ بْنُ يَحْيَى الْاُبُلِّيُّ قَالَ: نا حَفْصُ بْنُ جَمِيعٍ، عَنْ مُغِيرَةَ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْجَزُورُ عَنْ سَبْعَةٍ، وَالْبَقَرَةُ عَنْ سَبْعَةٍ فِي الْاَضَاحِي

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: اونٹ اور گائے کی قربانی میں سات آدمی شریک ہو سکتے ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُغِيرَةَ اِلَّا حَفْصُ بْنُ جَمِيعٍ، تَفَرَّدَ بِهِ عُمَرُ بْنُ يَحْيَى

یہ حدیث مغیرہ سے حفص بن جمیع روایت کرتے ہیں۔اس کو روایت کرنے میں عمر بن یحییٰ اکیلے ہیں۔

**6129** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى الْاُبُلِّيُّ قَالَ: نا عُمَرُ بْنُ يَحْيَى الْاُبُلِّيُّ قَالَ: نا زِيَادُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَكَّائِيُّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو نماز کے وقت سویا رہا یا نماز پڑھنا بھول گیا' جب اس کو یاد آئے تو وہ پڑھے' پھر آپ نے یہ آیت پڑھی: ''نماز قائم کرو میرے ذکر کے لیے''۔

---

**6129**- أخرجه البخاري: المواقيت جلد**2**صفحه**84** رقم الحديث: **597**' ومسلم: المساجد جلد**1**صفحه**477** .

قَالَ: مَنْ نَامَ عَنْ صَلَاةٍ اَوْ نَسِيَهَا فَلْيُصَلِّهَا اِذَا ذَكَرَهَا ، ثُمَّ تَلَا: (اَقِمِ الصَّلَاةَ لِذِكْرِى) (طه: 14)

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ، اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، وَلَا عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، اِلَّا زِيَادُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، تَفَرَّدَ بِهِ عُمَرُ بْنُ يَحْيَى الْاُبُلِّيُّ

یہ حدیث زہری سے محمد بن اسحاق اور محمد بن اسحاق سے زیاد بن عبداللہ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عمر بن یحییٰ الابلی اکیلے ہیں۔

**6130** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى الْاُبُلِّيُّ قَالَ: ثَنَا عُمَرُ بْنُ يَحْيَى الْاُبُلِّيُّ قَالَ: ثنا ثُمَامَةُ بْنُ عُبَيْدَةَ، عَنْ اَبِى الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: سَمِعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلًا يَقُولُ: لَبَّيْكَ عَنْ شُبْرُمَةَ، فَقَالَ: اَحَجَجْتَ عَنْ نَفْسِكَ؟ قَالَ: لَا قَالَ: حُجَّ عَنْ نَفْسِكَ، ثُمَّ حُجَّ عَنْ شُبْرُمَةَ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ایک آدمی کو سنا وہ پڑھ رہا تھا: "لبیك عن شبرمه" آپ نے فرمایا: کیا تم نے اپنی طرف سے حج کر لیا ہے؟ اس نے عرض کی: نہیں! آپ نے فرمایا: پہلے اپنی طرف سے حج کر پھر شبرمہ کی طرف سے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِى الزُّبَيْرِ اِلَّا ثُمَامَةُ بْنُ عُبَيْدَةَ

یہ حدیث ابوزبیر سے ثمامہ بن عبیدہ روایت کرتے ہیں۔

**6131** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى الْاُبُلِّيُّ قَالَ: ثَنَا عُمَرُ بْنُ يَحْيَى الْاُبُلِّيُّ قَالَ: ثَنَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ الضُّبَعِيُّ، عَنْ سَعِيدٍ الْجُرَيْرِيِّ، عَنْ بَحْرِ بْنِ مِرَارٍ، عَنْ يُوسُفَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَامٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ اَرْبَا الرِّبَا اسْتِطَالَةُ اَحَدِكُمْ فِى عِرْضِ اَخِيهِ الْمُسْلِمِ

حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ، حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: سود سے بڑھ کر گناہ تم میں سے کسی ایک کا اپنے مسلمان بھائی کی عزت میں ہاتھ ڈالنا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ بَحْرِ بْنِ مِرَارٍ اِلَّا سَعِيدٌ الْجُرَيْرِيُّ، وَلَا عَنِ الْجُرَيْرِيِّ اِلَّا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، تَفَرَّدَ بِهِ عُمَرُ بْنُ يَحْيَى

یہ حدیث بحر بن مرار سے سعید جریری اور جریری سے جعفر بن سلیمان روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عمر بن یحییٰ اکیلے ہیں۔

**6132** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى الْاُبُلِّيُّ قَالَ: نَا عُمَرُ بْنُ يَحْيَى الْاُبُلِّيُّ قَالَ: نَا عَاصِمُ بْنُ

حضرت حذیفہ بن اسید ابوسریحہ الغفاری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ جب کعبہ شریف کو

سُلَيْمَانَ الْكُوزِيُّ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ اَبِي الطُّفَيْلِ، عَنْ حُذَيْفَةَ بْنِ اَسِيدٍ اَبِي سَرِيحَةَ الْغِفَارِيِّ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا نَظَرَ اِلَى الْبَيْتِ قَالَ: اللّٰهُمَّ زِدْ بَيْتَكَ هٰذَا تَشْرِيفًا، وَتَعْظِيمًا، وَتَكْرِيمًا، وَبِرًّا، وَمَهَابَةً، وَزِدْ مَنْ شَرَّفَهُ، وَعَظَّمَهُ مِمَّنْ حَجَّهُ اَوِ اعْتَمَرَهُ تَعْظِيمًا، وَتَشْرِيفًا، وَتَكْرِيمًا، وَبِرًّا، وَمَهَابَةً

دیکھتے تو یہ دعا کرتے: ''اللّٰهم زد بيتك هذا تشريفا الى آخره''۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ اِلَّا عَاصِمُ بْنُ سُلَيْمَانَ، تَفَرَّدَ بِهِ عُمَرُ بْنُ يَحْيَى، وَلَا يُرْوَى عَنْ اَبِي سُرَيْحَةَ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ

یہ حدیث زید بن اسلم سے عاصم بن سلیمان روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عمر بن یحییٰ اکیلے ہیں۔ ابوسریحہ سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔

**6133** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى الْاُبُلِّيُّ قَالَ: نَا عُمَرُ بْنُ يَحْيَى الْاُبُلِّيُّ قَالَ: ثَنَا الْحَارِثُ بْنُ غَسَّانَ، عَنْ اَبِي عِمْرَانَ الْجَوْنِيِّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا كَانَ يَوْمُ الْقِيَامَةِ جِيءَ بِالْاَعْمَالِ فِي صُحُفٍ مُخَتَّمَةٍ، فَيَقُولُ تَبَارَكَ وَتَعَالَى: اقْبَلُوا هٰذَا وَدَعُوا هٰذَا، فَتَقُولُ الْمَلَائِكَةُ: وَعِزَّتِكَ مَا كَتَبْنَا اِلَّا مَا عَمِلَ قَالَ: صَدَقْتُمْ، اِنَّ عَمَلَهُ كَانَ لِغَيْرِ وَجْهِي، فَاِنِّي لَا اَقْبَلُ الْيَوْمَ اِلَّا مَا كَانَ لِوَجْهِي

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب قیامت کا دن ہوگا تو اعمال ایک ایسے صحیفے میں لائے جائیں گے جن پر مہر لگی ہوگی، اللہ عزوجل فرمائے گا: اس کو لے جا اور اس کو چھوڑ دو! فرشتے عرض کریں گے: تیری عزت کی قسم! ہم نے وہی لکھا ہے جو اس نے عمل کیا ہے، اللہ عزوجل فرمائے گا: تم نے سچ کہا ہے، یہ عبادت میری رضا کے لیے نہیں کرتا تھا، آج کے دن میں اُس عمل کو قبول کروں گا جو اس نے میری رضا کے لیے کیا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي عِمْرَانَ الْجَوْنِيِّ اِلَّا الْحَارِثُ بْنُ غَسَّانَ

یہ حدیث عمران الجونی سے حارث بن غسان روایت کرتے ہیں۔

**6134** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى الْاُبُلِّيُّ قَالَ: نَا عُمَرُ بْنُ يَحْيَى الْاُبُلِّيُّ قَالَ: نَا الْحَارِثُ بْنُ غَسَّانَ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ،

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ہر بچہ فطرت پر پیدا ہوتا ہے۔

اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: كُلُّ مَوْلُودٍ یُولَدُ عَلَی الْفِطْرَةِ

لَمْ یَرْوِ هٰذَا الْحَدِیثَ عَنِ ابْنِ جُرَیْجٍ اِلَّا الْحَارِثُ بْنُ غَسَّانَ

یہ حدیث ابن جریج سے حارث بن غسان روایت کرتے ہیں۔

6135 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَی الْاُبُلِّیُّ قَالَ: نا عُمَرُ بْنُ یَحْیَی الْاُبُلِّیُّ قَالَ: نا عَبْدُ الْحَمِیدِ بْنُ الْحَسَنِ الْهِلَالِیُّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرٍ، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَوَّلُ مَا یُوضَعُ فِی مِیزَانِ الْعَبْدِ نَفَقَتُهُ عَلَی اَهْلِهِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: سب سے پہلے جو بندہ کے نامۂ اعمال میں رکھا جائے گا وہ ہوگا جو اس نے اپنی بیوی پر خرچ کیا ہوگا۔

لَمْ یَرْوِ هٰذَا الْحَدِیثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ اِلَّا عَبْدُ الْحَمِیدِ بْنُ الْحَسَنِ

یہ حدیث محمد بن منکدر سے عبدالحمید بن حسن روایت کرتے ہیں۔

6136 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَی الْاُبُلِّیُّ قَالَ: نا عُمَرُ بْنُ یَحْیَی الْاُبُلِّیُّ قَالَ: نا عَبْدُ الْحَمِیدِ بْنُ الْحَسَنِ الْهِلَالِیُّ، عَنْ نَهْشَلِ بْنِ سَعِیدٍ، عَنِ الضَّحَّاكِ بْنِ مُزَاحِمٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَمَانٌ لِاُمَّتِی مِنَ الْغَرَقِ اِذَا رَكِبُوا السُّفُنَ اَوِ الْبَحْرَ اَنْ یَقُولُوا: بِسْمِ اللّٰهِ الْمَلِكِ، (وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهِ، وَالْاَرْضُ جَمِیعًا قَبْضَتُهُ یَوْمَ الْقِیَامَةِ وَالسَّمٰوَاتُ مَطْوِیَّاتٌ بِیَمِینِهِ سُبْحَانَهُ، وَتَعَالَی عَمَّا یُشْرِكُونَ)، (بِسْمِ اللّٰهِ مَجْرَاهَا، وَمُرْسَاهَا اِنَّ رَبِّی لَغَفُورٌ رَحِیمٌ) (هود: 41)

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میری اُمت غرق ہونے سے محفوظ رہے گی' جب وہ کشتی پر سوار ہوتے وقت یہ پڑھیں گے: ''بسم اللّٰه الملك الٰی آخرہٖ''۔

لَمْ یَرْوِ هٰذَا الْحَدِیثَ عَنِ الضَّحَّاكِ بْنِ مُزَاحِمٍ اِلَّا نَهْشَلُ بْنُ سَعِیدٍ

یہ حدیث ضحاک بن مزاحم سے نہشل بن سعید روایت کرتے ہیں۔

**6137** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى الْأُبُلِّيُّ قَالَ: نا عُمَرُ بْنُ يَحْيَى الْأُبُلِّيُّ قَالَ: نا حَكِيمُ بْنُ حِزَامٍ، عَنْ أَبِي جَنَابٍ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ مِنْ مُوجِبَاتِ اللَّهِ ثَلَاثًا: إِذَا رَأَى حَقًّا مِنْ حُقُوقِ اللَّهِ لَمْ يُؤَخِّرْهُ إِلَى أَيَّامٍ لَا يُدْرِكُهَا، وَأَنْ يَعْمَلَ الْعَمَلَ الصَّالِحَ الْعَلَانِيَةَ عَلَى قِوَامٍ مِنْ عَمَلِهِ فِي السَّرِيرَةِ، وَهُوَ يَجْمَعُ مَعَ مَا يَعْمَلُ صَلَاحَ مَا يُؤَمِّلُ، قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَهَكَذَا وَلِيُّ اللَّهِ، وَعَقَدَ بِيَدِهِ ثَلَاثِينَ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ، حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تین چیزیں اللہ کی طرف سے واجب ہیں: جب اللہ کے حقوق میں کوئی حق دیکھے تو اس کو دوسرے دن تک مؤخر نہ کرے، جن کو وہ نہیں پاسکتا ہے نیک اعمال جو قوم کے سامنے کرتا ہے وہی تنہائی میں بھی کرے، جتنے نیک اعمال کی طاقت رکھتا ہے کرے۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اسی طرح اللہ کا دوست ہوگا، آپ نے اپنے ہاتھ سے تینتیس مرتبہ شمار کیا۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ حَكِيمُ بْنُ حِزَامٍ

یہ حدیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں حکیم بن حزام اکیلے ہیں۔

**6138** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى الْأُبُلِّيُّ قَالَ: ثنا عُمَرُ بْنُ يَحْيَى الْأُبُلِّيُّ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ كَثِيرٍ أَبُو النَّضْرِ، عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ أَبِي أُمَيَّةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ قَالَ: مَا خَطَبَنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَّا أَمَرَنَا بِالصَّدَقَةِ، وَنَهَانَا عَنِ الْمُثْلَةِ

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہمیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خطبہ دیا، ہمیں صدقہ کرنے کا حکم دیا اور مثلہ کرنے سے منع کیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ إِلَّا يَحْيَى بْنُ كَثِيرٍ

یہ حدیث عبدالکریم سے یحییٰ بن کثیر روایت کرتے ہیں۔

**6139** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى الْأُبُلِّيُّ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور

---

**6138**- أخرجه البخاري: المغازي جلد 7 صفحه 524 رقم الحديث: 4192 بلاغًا . وأبو داؤد: الجهاد جلد 3 صفحه 53 رقم الحديث: 2667، والدارمي: الزكاة جلد 1 صفحه 478 رقم الحديث: 1656 .

قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ اللَّيْثِ الْهَدَادِيُّ قَالَ: ثَنَا مُوسَى بْنُ اِسْمَاعِيلَ قَالَ: ثَنَا الْحَسَنُ بْنُ اَبِي جَعْفَرٍ، عَنْ اَيُّوبَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَفْطَرَ الْحَاجِمُ، وَالْمَحْجُومُ

ﷺ نے فرمایا: پچھنا لگانے اور لگوانے والا افطار کریں۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَيُّوبَ اِلَّا الْحَسَنُ بْنُ اَبِي جَعْفَرٍ، وَلَا عَنِ الْحَسَنِ اِلَّا مُوسَى بْنُ اِسْمَاعِيلَ، تَفَرَّدَ بِهِ مُحَمَّدُ بْنُ اللَّيْثِ

یہ حدیث ایوب سے حسن بن ابوجعفر اور حسن سے موسیٰ بن اسماعیل روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں محمد بن لیث اکیلے ہیں۔

**6140** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ زُهَيْرٍ الْاُبُلِّيُّ قَالَ: نا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْجُنْدِيسَابُورِيُّ قَالَ: ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رُشَيْدٍ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بَزِيعٍ، عَنْ صَدَقَةَ بْنِ اَبِي عِمْرَانَ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ اَبِي سُلَيْمَانَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِي رَبَاحٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الصَّبِيُّ عَلَى شُفْعَتِهِ حَتَّى يُدْرِكَ، فَاِذَا اَدْرَكَ اِنْ شَاءَ اَخَذَ، وَاِنْ شَاءَ تَرَكَ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: شفعہ کرنے کا حق بچہ کو بھی ہے یہاں تک کہ سمجھ دار ہو جب وہ سمجھدار ہو جائے تو اگر چاہے تو لے لے اگر چاہے تو چھوڑ دے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ صَدَقَةَ بْنِ اَبِي عِمْرَانَ اِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بَزِيعٍ، تَفَرَّدَ بِهِ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رُشَيْدٍ

یہ حدیث صدقہ بن ابوعمران سے عبداللہ بن بزیع روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عبداللہ بن رشید اکیلے ہیں۔

**6141** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ زُهَيْرٍ الْاُبُلِّيُّ قَالَ: نا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْجُنْدِيسَابُورِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رُشَيْدٍ قَالَ: نا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ عُمَرَ بْنِ ذَرٍّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرِ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے زمین کو کرائے پر دینے سے منع کیا، سونے اور چاندی کے بدلہ جائز قرار دیا۔

---

6141- أخرجه مسلم: البيوع جلد 3 صفحه 1176، وأحمد: المسند جلد 3 صفحه 475 رقم الحديث: 15190 بلفظ: نهى عن كراء الأرض .

بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ كَرْيِ الْاَرْضِ، اِلَّا بِذَهَبٍ اَوْ فِضَّةٍ

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ عُمَرَ بْنِ ذَرٍّ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رُشَيْدٍ

یہ حدیث عمر بن زر سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں عبداللہ بن رشید اکیلے ہیں۔

**6142** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ زُهَيْرٍ الْاُبُلِّيُّ قَالَ: نا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْجُنْدِيسَابُورِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رُشَيْدٍ قَالَ: نا اَبُو عُبَيْدَةَ مَجَاعَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ، عَنْ مُسْلِمِ بْنِ اَبِي عِمْرَانَ الْاَسَدِيِّ، عَنْ اَبِي وَائِلٍ شَقِيقِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: سَيَكُونُ فِي آخِرِ الزَّمَانِ اَحْدَاثُ الْاَسْنَانِ، سُفَهَاءُ الْاَحْلَامِ، يَقُولُونَ مِنْ اَحْسَنِ النَّاسِ قَوْلًا، يَمْرُقُونَ مِنَ الدِّينِ كَمَا يَمْرُقُ السَّهْمُ مِنَ الرَّمِيَّةِ، هُمْ شَرُّ الْخَلْقِ، وَالْخَلِيقَةِ، وَطُوبَى لِمَنْ قَتَلَهُمْ اَوْ قَتَلُوهُ

حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: آخر زمانہ میں بے وقوف بچے ہوں گے' لوگوں سے بڑی اچھی بات کریں گے' وہ دین سے ایسے نکل جائیں گے جس طرح تیر کمان سے نکل جاتا ہے' وہ بدترین مخلوق ہوگی' خوشخبری ان کے لیے جو انہیں قتل کریں گے' یا جن کو وہ قتل کریں گے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُسْلِمٍ اِلَّا مَجَاعَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ، تَفَرَّدَ بِهِ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رُشَيْدٍ

یہ حدیث مسلم سے مجاعہ بن زبیر روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عبداللہ بن رشید اکیلے ہیں۔

**6143** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ زُهَيْرٍ الْاُبُلِّيُّ قَالَ: ثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ قَالَ: ثَنَا عَبْدُ الْاَعْلَى، عَنْ يُونُسَ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنِ الْاَشْعَثِ بْنِ ثُرْمُلَةَ، عَنِ الزُّبَيْرِ بْنِ الْعَوَّامِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْاِيمَانُ قَيَّدَ الْفَتْكَ

حضرت زبیر بن عوام رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ایمان فتک کی قید ہے۔

---

6142- أخرجه البخاری: فضائل القرآن جلد 8 صفحه 718 رقم الحديث: 5057' وأبو داؤد: السنة جلد 4 صفحه 244 رقم الحديث: 4767 بنحوه .

لَمْ يُدْخِلْ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يُونُسَ بَيْنَ الْحَسَنِ، وَالزُّبَيْرِ: الْاَشْعَثَ بْنَ ثُرْمُلَةَ اِلَّا عَبْدُ الْاَعْلَى، تَفَرَّدَ بِهِ نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ

اس حدیث میں اشعث بن ثرملہ کو یونس، حسن اور زبیر کے درمیان عبدالاعلیٰ نے داخل کیا ہے۔ اس کو روایت کرنے میں نصر بن علی اکیلے ہیں۔

**6144** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ زُهَيْرٍ الْاُبُلِّيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ حَوْشَبٍ الرَّحَائِيُّ قَالَ: نا سَلْمُ بْنُ سُلَيْمَانَ الضَّبِّيُّ قَالَ: نا اَبُو حَرَّةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَجِيءُ اَقْوَامٌ مِنْ قِبَلِ الْمَشْرِقِ، يَقْرَءُونَ الْقُرْآنَ، لَا يُجَاوِزُ تَرَاقِيَهُمْ، يَنْتَثِرُونَهُ نَثْرَ الدَّقَلِ، يَخْرُجُونَ مِنَ الدِّينِ، ثُمَّ لَا يَعُودُونَ فِيهِ حَتَّى يَعُودَ السَّهْمُ فِي فُوقِهِ، التَّسْبِيدُ فِيهِمْ فَاشٍ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: مشرق کی جانب سے ایک قوم آئے گی جو قرآن پڑھیں گے، قرآن ان کے حلق سے نیچے نہیں اُترے گا، وہ ردّی کھجور کی طرح بکھر جائیں گے دین سے ایسے نکل جائیں گے، پھر اس میں واپس نہیں آئیں گے یہاں تک کہ تیر کمان میں واپس آ جائے، ان کی نشانی بال مونڈوانا ہوگی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي حَرَّةَ اِلَّا سَلْمُ بْنُ سُلَيْمَانَ.

یہ حدیث ابوحرہ سے سلم بن سلیمان روایت کرتے ہیں۔

**6145** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ زُهَيْرٍ الْاُبُلِّيُّ قَالَ: نا اَزْهَرُ بْنُ جَمِيلٍ قَالَ: نا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ قَالَ: نا رَوْحُ بْنُ الْقَاسِمِ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: خَيْرُكُمْ خَيْرُكُمْ لِاَهْلِهِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا، حضور ﷺ سے روایت کرتی ہیں کہ آپ نے فرمایا: تم میں سے بہتر وہ ہے جو اپنے گھر والوں کے لیے بہتر ہو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ رَوْحٍ اِلَّا يَزِيدُ، تَفَرَّدَ

یہ حدیث روح سے یزید روایت کرتے ہیں۔ اس

---

**6144**- أخرجه البخارى: التوحيد جلد 13 صفحه 545 رقم الحديث: 7562، ومسلم: الزكاة جلد 2 صفحه 744. ولفظه عند البخارى.

**6145**- أخرجه الترمذى: المناقب جلد 5 صفحه 709 رقم الحديث: 3895. وقال: حسن غريب صحيح من حديث الثورى ما أقل من رواه عن الثورى. وروى هذا عن هشام بن عروة، عن أبيه، عن النبى ﷺ مرسلًا. والدارمى: النكاح جلد 2 صفحه 212 رقم الحديث: 2260، وابن حبان (1312/موارد).

بِهِ اَزْهَرُ بْنُ جَمِيلٍ

کو روایت کرنے میں ازہر بن جمیل اکیلے ہیں۔

6146 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ زُهَيْرٍ الْاُبُلِّيُّ قَالَ: نا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ الضَّبِّيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ الدَّرَاوَرْدِيُّ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: رَشَّ عَلَى قَبْرِ ابْنِهِ اِبْرَاهِيمَ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ اپنے لخت جگر ابراہیم رضی اللہ عنہ کی قبر پر پانی چھڑکتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ اِلَّا الدَّرَاوَرْدِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ اَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ

یہ حدیث ہشام بن عروہ سے الدراوردی روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں احمد بن عبدہ اکیلے ہیں۔

6147 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ زُهَيْرٍ الْاُبُلِّيُّ قَالَ: نا اَبُو بُرَيْدٍ عَمْرُو بْنُ يَزِيدَ الْجَرْمِيُّ قَالَ: نا السَّمَيْدَعُ بْنُ وَاهِبٍ قَالَ: ثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ مَرْوَانَ الْاَصْفَرِ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: لَمَّا قَدِمَ عَلِيُّ بْنُ اَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ مِنَ الْيَمَنِ، قَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بِمَا اَهْلَلْتَ؟ قَالَ: بِاِهْلَالِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوْلَا اَنَّ مَعِي هَدْيًا لَاَحْلَلْتُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ جب یمن سے آئے تو حضور ﷺ نے ان کو فرمایا: آپ نے احرام کب کھولا تھا؟ عرض کی: جب آپ نے احرام کھولا تھا' حضور ﷺ نے فرمایا: اگر میں نے ساتھ ہدیہ کا جانور نہ لیا ہوتا تو میں احرام کھول دیتا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ شُعْبَةَ اِلَّا السَّمَيْدَعُ بْنُ وَاهِبٍ، تَفَرَّدَ بِهِ اَبُو بُرَيْدٍ

یہ حدیث شعبہ سے سَمیدع بن واہب روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ابوزید اکیلے ہیں۔

6148 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ الْفَرَجِ الْاُبُلِّيُّ الْمُؤَدِّبُ، قَالَ نا سُفْيَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفَزَارِيُّ الْمِصِّيصِيُّ، قَالَ ثَنَا هُشَيْمٌ، عَنْ يُونُسَ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: مجھے میرے رب نے جو عزت دی' وہ یہ ہے کہ میں بغیر ختنوں کے پیدا ہوا ہوں' میری شرمگاہ کسی نے نہیں دیکھی۔

---

6147- أخرجه البخاری: الحج جلد3صفحه486 رقم الحديث: 1558' ومسلم: الحج جلد2صفحه914 .

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مِنْ كَرَامَتِي عَلَى رَبِّي أَنِّي وُلِدْتُ مَخْتُونًا، وَلَمْ يَرَ أَحَدٌ سَوْأَتِي

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ يُونُسَ إِلَّا هُشَيْمٌ، تَفَرَّدَ بِهِ سُفْيَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفَزَارِيُّ

یہ حدیث یونس سے ہشیم روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں سفیان بن محمد الفرازی اکیلے ہیں۔

**6149** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَاهَانَ الْأُبُلِّيُّ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ حَكِيمٍ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي عَدِيٍّ، عَنْ عَوْفٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ قَالَ: كَانَ أَنَسٌ إِذَا حَدَّثَ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَفَرَغَ قَالَ: أَوْ كَمَا قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت محمد بن سیرین رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت انس رضی اللہ عنہ جب حضور ﷺ کی حدیث بیان کر کے فارغ ہوتے تو کہتے: ''او کما قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم''۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَوْفٍ إِلَّا ابْنُ أَبِي عَدِيٍّ

یہ حدیث عوف سے ابن ابی عدی روایت کرتے ہیں۔

**6150** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَاهَانَ الْأُبُلِّيُّ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ حَكِيمٍ قَالَ: نا الْحَسَنُ بْنُ حَبِيبِ بْنِ نُدْبَةَ قَالَ: نا أَبُو جَنَابٍ يَحْيَى بْنُ أَبِي حَيَّةَ، عَنْ أَبِي الْعَالِيَةِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: دَخَلْتُ الْجَنَّةَ فَسَمِعْتُ خَشَفَةً بَيْنَ يَدَيَّ، فَقُلْتُ: يَا جِبْرِيلُ مَا هٰذِهِ الْخَشَفَةُ قَالَ: بِلَالٌ يَمْشِي أَمَامَكَ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میں جنت میں داخل ہوا تو میں نے اپنے آگے آواز سنی میں نے کہا: اے جبریل! یہ کس کی آواز ہے؟ آپ نے فرمایا: بلال کی جو آپ کے آگے چل رہے ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَبِي الْعَالِيَةِ إِلَّا أَبُو جَنَابٍ الْكَلْبِيُّ

یہ حدیث ابوالعالیہ سے جناب الکلبی روایت کرتے ہیں۔

**6151** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَنِيفَةَ الْوَاسِطِيُّ أَبُو حَنِيفَةَ قَالَ: نا عَمِّي أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مَاهَانَ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تم سوتے وقت اثمد سرمہ استعمال

---

**6151**- أخرجه ابن ماجة: الطب جلد **2** صفحه **1156** رقم الحديث: **3496** . في الزوائد: ان المتن أخرجه عزوة من غير طريق جابر . ولم يبين اسناده حديث جابر .

بْنِ اَبِی حَنِیفَةَ قَالَ: نا اَبِی قَالَ: نا سُلَیْمَانُ بْنُ خَالِدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: عَلَیْكُمْ بِالْاِثْمِدِ عِنْدَ النَّوْمِ، فَاِنَّهُ یَجْلُو الْبَصَرَ، وَیُنْبِتُ الشَّعْرَ

کیا کرو کیونکہ یہ بینائی تیز کرتا ہے اور بال اُگاتا ہے۔

لَمْ یَرْوِ هٰذَا الْحَدِیثَ عَنْ سُلَیْمَانَ بْنِ خَالِدٍ الْوَاسِطِیِّ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ مَاهَانَ، تَفَرَّدَ بِهِ وَلَدُهُ عَنْهُ

یہ حدیث سلیمان بن خالد الواسطی سے محمد بن ماہان روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ان کے بیٹے اکیلے ہیں۔

**6152** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَنِیفَةَ الْوَاسِطِیُّ قَالَ: نا عَمِّی قَالَ: نا اَبِی، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ زَیْدٍ، عَنِ الْوَضِینِ بْنِ عَطَاءٍ، عَنْ بِلَالِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ سَتَرَ عَوْرَةً فَكَاَنَّمَا اَحْیَا مَوْءُدَةً مِنْ قَبْرِهَا

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس نے اپنے مسلمان بھائی کے عیب پر پردہ ڈالا گویا اس نے مردہ شی کو اس کی قبر سے زندہ کیا۔

لَمْ یَرْوِ هٰذَا الْحَدِیثَ عَنْ بِلَالِ بْنِ سَعْدٍ اِلَّا الْوَضِینُ، وَلَا عَنِ الْوَضِینِ اِلَّا طَلْحَةُ بْنُ یَزِیدَ، تَفَرَّدَ بِهِ مُحَمَّدُ بْنُ مَاهَانَ

یہ حدیث بلال بن سعد سے وضین اور وضین سے طلحہ بن زید روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں محمد بن ماہان اکیلے ہیں۔

**6153** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَنِیفَةَ الْوَاسِطِیُّ قَالَ: نا عَمِّی قَالَ: نا اَبِی قَالَ: نا طَلْحَةُ بْنُ زَیْدٍ، عَنِ الْوَضِینِ بْنِ عَطَاءٍ، عَنْ عُمَیْرِ بْنِ هَانِءٍ، عَنْ جُنَادَةَ بْنِ اَبِی اُمَیَّةَ، عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُولُ: اِنَّهَا سَتَكُونُ فِتَنٌ، لَا یَسْتَطِیعُ الْمُؤْمِنُ اَنْ یُغَیِّرَ فِیهَا بِیَدٍ، وَلَا بِلِسَانٍ، فَقَالَ عَلِیُّ بْنُ اَبِی طَالِبٍ: یَا رَسُولَ اللّٰهِ، هَلْ یُنْقِصُ ذٰلِكَ مِنْ اِیمَانِهِمْ؟ قَالَ: لَا، اِلَّا كَمَا یُنْقِصُ الْقَطْرُ مِنَ السِّقَاءِ قَالَ: وَلِمَ ذٰلِكَ؟ قَالَ:

حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ آپ نے فرمایا: عنقریب ایسے فتنے ہوں گے کہ کوئی مؤمن اس فتنے کو اپنے ہاتھ اور زبان سے نہیں روک سکے گا۔ حضرت علی بن ابو طالب رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا ان کا ایمان کم ہوگا؟ آپ نے فرمایا: نہیں! مگر اتنا کم ہوگا جتنا مشکیزے سے پانی کا قطرہ گرتا ہے' حضرت علی نے عرض کی: کم کیوں نہ ہو؟ آپ نے فرمایا: وہ اپنے دلوں سے اس کو ناپسند کرتے ہوں گے۔

يَكْرَهُونَهُ بِقُلُوبِهِمْ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْوَضِينِ بْنِ عَطَاءٍ إِلَّا طَلْحَةُ بْنُ زَيْدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ مُحَمَّدُ بْنُ مَاهَانَ

یہ حدیث وضین بن عطا سے طلحہ بن زید روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں محمد بن ماہان اکیلے ہیں۔

**6154** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَنِيفَةَ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نا عَمِّي قَالَ: نا أَبِي قَالَ: نا سُلَيْمَانُ بْنُ خَالِدٍ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ مُصَرِّفٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ أَبِي الْجَعْدِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ أَتَى بَيْتَهُ فَغُشِيَ بِمَظْلَمَةٍ، فَقَاتَلَ فَقُتِلَ، قُتِلَ شَهِيدًا، وَمَنْ سُئِلَ الصَّدَقَةَ فَأَعْطَى فَعُدِيَ عَلَيْهِ، فَقَاتَلَ فَقُتِلَ، قُتِلَ شَهِيدًا

حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو اپنے گھر آیا‘ ظلماً کسی نے گھیر لیا‘ وہ لڑا اور مارا گیا تو وہ شہید ہے‘ جس نے صدقہ مانگا اس کو دیا‘ اس پر اس نے زیادتی کی‘ وہ لڑا اور مارا گیا تو وہ شہید ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ طَلْحَةَ بْنِ مُصَرِّفٍ إِلَّا سُلَيْمَانُ بْنُ خَالِدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ مُحَمَّدُ بْنُ مَاهَانَ

یہ حدیث طلحہ بن مصرف سے سلیمان بن خالد روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں محمد بن ماہان اکیلے ہیں۔

**6155** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَنِيفَةَ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نا وَهْبُ بْنُ حَفْصٍ الْحَرَّانِيُّ قَالَ: نا أَبُو قَتَادَةَ الْحَرَّانِيُّ قَالَ: نا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ الزُّبَيْرِ بْنِ الْعَوَّامِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَقْبَلُ اللَّهُ صَلَاةً إِلَّا بِطَهُورٍ، وَلَا صَدَقَةً مِنْ غُلُولٍ

حضرت زبیر بن عوام رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: بغیر وضو کے اللہ عزوجل نماز قبول نہیں کرتا ہے اور خیانت والے مال سے صدقہ قبول نہیں کرتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ سَعْدٍ إِلَّا أَبُو قَتَادَةَ الْحَرَّانِيُّ، وَلَا يُرْوَى عَنِ الزُّبَيْرِ إِلَّا بِهَذَا

یہ حدیث ابن سعد سے ابوقتادہ الحرانی روایت کرتے ہیں۔ حضرت زبیر سے یہ حدیث اسی سند سے

---

**6154**- أصله عند البخاري ومسلم في شطره الأول بلفظ: من قتل دون ماله فهو شهيد . أخرجه البخاري: المظالم جلد 5 صفحه 147 رقم الحديث: 2480، ومسلم: الايمان جلد 1 صفحه 124 .

الْإِسْنَادِ

روایت ہے۔

**6156** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَنِيفَةَ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: ثنَا وَهْبُ بْنُ حَفْصٍ الْحَرَّانِيُّ قَالَ: نا جَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ، عَنْ مِسْعَرٍ، عَنْ عَطِيَّةَ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ أَذْهَبَ اللّٰهُ بَصَرَهُ فَصَبَرَ، وَاحْتَسَبَ، كَانَ حَقًّا عَلَى اللّٰهِ وَاجِبًا أَنْ لَا تَرَى عَيْنَاهُ النَّارَ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس کی نگاہ اللہ عزوجل لے جائے اور وہ صبر کرے ثواب کی نیت سے تو اللہ پر واجب ہے کہ اس کی آنکھ کو جہنم نہ دکھائے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ مِسْعَرٍ إِلَّا جَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ، تَفَرَّدَ بِهِ وَهْبُ بْنُ حَفْصٍ

یہ حدیث مسعر سے جعفر بن عون روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں وہب بن جعفی اکیلے ہیں۔

**6157** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَنِيفَةَ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نا عَمِّي قَالَ: نا أَبِي قَالَ: نا طَلْحَةُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ سِنَانٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ جَابِرٍ الدِّمَشْقِيِّ، عَنْ طَاوُسٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ قَرَأَ السُّورَةَ الَّتِي يُذْكَرُ فِيهَا آلُ عِمْرَانَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ، وَمَلَائِكَتُهُ حَتَّى تَغِيبَ الشَّمْسُ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے جمعہ کے دن اس سورت کو پڑھا جس میں آل عمران کا ذکر ہے تو اللہ عزوجل اور اس کے فرشتے سورج غروب ہونے تک اس کے اوپر رحمت بھیجیں گے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَزِيدَ بْنِ جَابِرٍ إِلَّا يَزِيدُ بْنُ سِنَانٍ، وَلَا عَنْ يَزِيدَ بْنِ سِنَانٍ إِلَّا طَلْحَةُ بْنُ زَيْدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ مُحَمَّدُ بْنُ مَاهَانَ

یہ حدیث یزید بن جابر سے یزید بن سنان اور یزید بن سنان سے طلحہ بن زید روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں محمد بن ہامان اکیلے ہیں۔

**6158** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَنِيفَةَ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نا عَمِّي قَالَ: نا أَبِي قَالَ: ثنَا خَلَفُ بْنُ خَلِيفَةَ، عَنْ أَبَانَ الْمُعَلِّمِ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ الْأَنْصَارِيِّ، عَنْ سَعْدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ، عَنِ الْحَكَمِ بْنِ مِينَاءَ، عَنْ

حضرت یزید بن جاریہ انصاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضرت معاویہ کی چارپائی کے اردگرد بیٹھے ہوئے تھے آپ نے فرمایا: تم کیا بیان کرتے ہو؟ انہوں نے کہا: ہم انصار کی حدیث بیان کرتے ہیں' حضرت

يَزِيدَ بْنِ جَارِيَةَ الْاَنْصَارِيِّ قَالَ: كُنَّا جُلُوسًا حَوْلَ سَرِيرِ مُعَاوِيَةَ، فَقَالَ: مَا كُنْتُمْ تَحَدَّثُونَهُ؟ قَالُوا: كُنَّا فِي حَدِيثٍ مِنْ حَدِيثِ الْاَنْصَارِ، فَقَالَ: اَلَا اُحَدِّثُكُمْ بِحَدِيثٍ سَمِعْتُهُ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالُوا: بَلَى قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ اَحَبَّ الْاَنْصَارَ اَحَبَّهُ اللّٰهُ، وَمَنْ اَبْغَضَ الْاَنْصَارَ اَبْغَضَهُ اللّٰهُ

معاویہ نے فرمایا: کیا میں تم کو ایسی حدیث نہ بیان کروں جو میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنی ہے؟ انہوں نے عرض کی: کیوں نہیں! فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ جس نے انصار سے محبت کی' اللہ عزوجل اس سے محبت کرے گا' جس نے انصار سے بغض رکھا' اللہ عزوجل اس سے ناراض ہوگا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبَانَ الْمُعَلِّمِ اِلَّا خَلَفُ بْنُ خَلِيفَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ مُحَمَّدُ بْنُ مَاهَانَ

یہ حدیث ابان المعلم سے خلف بن خلیفہ روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں محمد بن ماہان اکیلے ہیں۔

**6159** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَنِيفَةَ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نا عَمِّي قَالَ: نا اَبِي قَالَ: ثَنَا طَلْحَةُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ يُونُسَ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَبْدِ الْاَعْلَى بْنِ هِلَالٍ الْحِمْصِيِّ، عَنْ وَاثِلَةَ بْنِ الْاَسْقَعِ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اِنَّ اَفْرَى الْفِرَى مَنِ ادَّعَى اِلَى غَيْرِ اَبِيهِ، اَوْ كَذَبَ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَوْ كَذَبَ عَلَى عَيْنَيْهِ

حضرت واثلہ بن اسقع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: سب سے بڑا بہتان یہ ہے کہ اپنا نسب بدلنا یا رسول اللہ ﷺ پر جھوٹ باندھنا' یا جھوٹا خواب بیان کرنا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ اِلَّا يُونُسَ، وَلَا عَنْ يُونُسَ اِلَّا طَلْحَةُ بْنُ زَيْدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ مُحَمَّدُ بْنُ مَاهَانَ

یہ حدیث زہری سے یونس' یونس سے طلحہ بن زید روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں محمد بن ماہان اکیلے ہیں۔

---

**6159**- أصله عند البخاری من طریق علی بن عیاش (ح)جریر' قال: حدثنی عبد الواحد بن عبد الله النصری فذکره .

أخرجه البخاری: المناقب جلد 6صفحه624 رقم الحدیث: 3509' واحمد: المسند جلد 4صفحه132 رقم الحدیث: 16982' والطبرانی فی الکبیر جلد22صفحه93 رقم الحدیث: 224 . ولفظه عند الطبرانی

**6160** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَنِيفَةَ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: ثَنَا عَمِّي قَالَ: نا اَبِي قَالَ: نا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ يُونُسَ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ كَانَتْ لَهُ اَرْضٌ فَلْيَزْرَعْهَا، اَوْ لِيَمْنَحْهَا اَخَاهُ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس کی زمین ہو وہ اس کو آباد کرے یا اپنے بھائی کو آباد کرنے کے لیے دے۔

لَمْ يَرْوِ الْحَدِيثَ عَنْ يُونُسَ اِلَّا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ

یہ حدیث یونس سے حماد بن سلمہ روایت کرتے ہیں۔

**6161** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَنِيفَةَ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نا الْحَسَنُ بْنُ جَبَلَةَ الشِّيرَازِيُّ قَالَ: نا عُمَرُ بْنُ حَبِيبٍ الْقَاضِي، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: فِي الْجَنَّةِ بَابٌ يُقَالُ لَهُ الرَّيَّانُ، لَا يَدْخُلُهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ اِلَّا الصَّائِمُونَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جنت کا ایک دروازہ ہے اس کا نام ریان ہے' اس دروازے سے صرف روزے دار ہی داخل ہوں گے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو اِلَّا عُمَرُ بْنُ حَبِيبٍ، تَفَرَّدَ بِهِ الْحَسَنُ بْنُ جَبَلَةَ

یہ حدیث محمد بن عمرو سے عمر بن حبیب روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں حسن بن جبلہ اکیلے ہیں۔

**6162** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَنِيفَةَ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نا الْحَسَنُ بْنُ جَبَلَةَ قَالَ: نا مِهْرَانُ بْنُ اِسْحَاقَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا اَفْطَرَ عِنْدَ اَهْلِ بَيْتٍ قَالَ: اَفْطَرَ عِنْدَكُمُ الصَّائِمُونَ، وَاَكَلَ طَعَامَكُمُ الْاَبْرَارُ، وَتَنَزَّلَ عَلَيْكُمُ الْمَلَائِكَةُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب اپنے گھر والوں کے پاس افطار کرتے تو فرماتے: تمہارے پاس روزے داروں نے افطار کیا ہے' تمہارا کھانا نیک لوگوں نے کھایا ہے' تمہارے پاس رحمت کے فرشتے آئے ہیں۔

---

**6160**- أخرجه البخاري: الحرث جلد5صفحه28 رقم الحديث: 2340' ومسلم: البيوع جلد3صفحه1177 .

**6162**- أخرجه الدارمي: الصوم جلد 2صفحه40 رقم الحديث: 1772 . وقال: قال الألباني في صحيح الجامع جلد 4 صفحه209: صحيح . وأحمد: المسند جلد3صفحه145 رقم الحديث: 12184 .

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ إِلَّا مِهْرَانُ بْنُ إِسْحَاقَ، تَفَرَّدَ بِهِ الْحَسَنُ بْنُ جَبَلَةَ

یہ حدیث یحیٰی بن سعید سے مہران بن اسحاق روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں حسن بن جبلہ اکیلے ہیں۔

**6163** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَنِيفَةَ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُسْتَمِرِّ الْعُرُوقِيُّ قَالَ: ثنا عَمْرُو بْنُ عَاصِمٍ الْكِلَابِيُّ قَالَ: نا حُمَيْدُ بْنُ الْحَكَمِ الْجُرَشِيُّ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نِعْمَتَانِ مَغْبُونٌ فِيهِمَا كَثِيرٌ مِنَ النَّاسِ: الصِّحَّةُ، وَالْفَرَاغُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: دو نعمتیں ایسی ہیں جن سے اکثر لوگ نقصان میں ہیں: (۱) صحت (۲) فراغت۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْحَسَنِ إِلَّا حُمَيْدُ بْنُ الْحَكَمِ، تَفَرَّدَ بِهِ عَمْرُو بْنُ عَاصِمٍ

یہ حدیث حسن سے حمید بن حکم روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عمرو بن عاصم اکیلے ہیں۔

**6164** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَنِيفَةَ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نا أَحْمَدُ بْنُ الْفَرَجِ الْجُشَمِيُّ الْمُقْرِءُ الْجُورِيُّ قَالَ: ثنا حَفْصُ بْنُ أَبِي دَاوُدَ قَالَ: ثنا الْهَيْثَمُ بْنُ حَبِيبٍ الصَّيْرَفِيُّ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْأَقْمَرِ، عَنْ أَبِي جُحَيْفَةَ قَالَ: أَبْصَرَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، رَجُلًا يُصَلِّي، وَقَدْ سَدَلَ ثَوْبَهُ، فَدَنَا مِنْهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَعَطَفَ عَلَيْهِ ثَوْبَهُ

حضرت ابوجحیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک آدمی کو نماز پڑھتے ہوئے دیکھا' اس نے اپنا کپڑا لٹکایا ہوا تھا' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس کے قریب ہوئے اور کپڑا اس پر ڈال دیا۔

**6165** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَنِيفَةَ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نا أَحْمَدُ بْنُ الْفَرَجِ الْجُورِيُّ قَالَ: نا حَفْصُ بْنُ أَبِي دَاوُدَ، عَنِ الْهَيْثَمِ بْنِ حَبِيبٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ السَّاعِدِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا رَاحَ مُسْلِمٌ فِي سَبِيلِ اللَّهِ، مُجَاهِدًا أَوْ حَاجًّا، مُهِلًّا أَوْ مُلَبِّيًا، إِلَّا

حضرت سہل بن سعد الساعدی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو کوئی مسلمان اللہ کی راہ میں مجاہد یا حج یا تلبیہ کے لیے نکلتا ہے تو سورج کے غروب ہونے کے ساتھ اس کے سارے گناہ معاف ہو جاتے ہیں۔

غَرَبَتِ الشَّمْسُ بِذُنُوبِهِ، وَخَرَجَ مِنْهَا

لَمْ يَرْوِ هَذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنِ الْهَيْثَمِ بْنِ حَبِيبٍ إِلَّا حَفْصُ بْنُ أَبِي دَاوُدَ، تَفَرَّدَ بِهِ أَحْمَدُ بْنُ الْفَرَجِ

یہ دونوں حدیثیں ہیثم بن حبیب سے حفص بن ابوداؤد روایت کرتے ہیں۔ ان دونوں کو روایت کرنے میں احمد بن فرج اکیلے ہیں۔

**6166** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَنِيفَةَ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى الْحَرَشِيُّ قَالَ: نا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ قَالَ: أَخْبَرَنَا يَزِيدُ بْنُ عِيَاضٍ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ سُلَيْمٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا عُبِدَ اللَّهُ بِشَيْءٍ أَفْضَلَ مِنْ فِقْهٍ فِي دِينٍ، وَلَفَقِيهٌ أَشَدُّ عَلَى الشَّيْطَانِ مِنْ أَلْفِ عَابِدٍ، وَلِكُلِّ شَيْءٍ عِمَادٌ، وَعِمَادُ هَذَا الدِّينِ الْفِقْهُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: علم دین سیکھنے سے زیادہ افضل عبادت اللہ کے ہاں کوئی نہیں ہے' ایک فقیہ شیطان پر غالب ہوتا ہے' ہزار عبادت کرنے والوں سے' ہر شی کا ستون ہوتا ہے' اس دین کا ستون فقہ ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ سُلَيْمٍ إِلَّا يَزِيدُ بْنُ عِيَاضٍ

یہ حدیث صفوان بن سلیم سے یزید بن عیاض روایت کرتے ہیں۔

**6167** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَنِيفَةَ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نا إِسْحَاقُ بْنُ شَاهِينٍ قَالَ: نا الْحَكَمُ بْنُ ظُهَيْرٍ، عَنِ ابْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ بَنَى لِلَّهِ مَسْجِدًا وَلَوْ كَمَفْحَصِ قَطَاةٍ بَنَى اللَّهُ لَهُ بَيْتًا فِي الْجَنَّةِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے اللہ کے لیے مسجد بنائی' اگرچہ گھونسلے کے تنکے کے برابر حصہ ڈالا تو اللہ عزوجل اس کے لیے جنت میں گھر بنائے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ نَافِعٍ إِلَّا ابْنُ أَبِي لَيْلَى، وَلَا عَنِ ابْنِ أَبِي لَيْلَى إِلَّا الْحَكَمُ بْنُ ظُهَيْرٍ

یہ حدیث حضرت نافع سے ابن ابولیلیٰ اور ابن ابو لیلیٰ سے حکم بن ظہیر روایت کرتے ہیں۔

**6168** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَنِيفَةَ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: ثنا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي بَكْرٍ السَّالِمِيُّ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ایک آدمی جنت میں داخل ہوگا

قَالَ: نَا ابْنُ اَبِی فُدَیْكٍ قَالَ: حَدَّثَنِی رَبَاحُ بْنُ اَبِی مَعْرُوفٍ، عَنْ قَیْسِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: یَدْخُلُ الْجَنَّةَ رَجُلٌ، لَا یَبْقَی اَهْلُ دَارٍ، وَلَا غُرْفَةٍ اِلَّا قَالُوا: مَرْحَبًا مَرْحَبًا، مَرْحَبًا اِلَیْنَا، فَقَالَ اَبُو بَكْرٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ: یَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَا تَرَی هٰذَا الرَّجُلَ فِی هٰذَا الْیَوْمِ؟ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: اَجَلْ، وَاَنْتَ هُوَ یَا اَبَا بَكْرٍ

جنت میں گھر یا کمرہ میں رہنے والا ہر کوئی کہہ رہا ہوگا: ہماری طرف سے خوش آمدید! خوش آمدید! خوش آمدید! حضرت سیدنا ابوبکر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! آج وہ آدمی دیکھا جا سکتا ہے؟ حضور ﷺ نے فرمایا: جی ہاں! اے ابوبکر! تُو ہی تو ہے وہ آدمی۔

لَمْ یَرْوِ هٰذَا الْحَدِیثَ عَنْ قَیْسِ بْنِ سَعْدٍ اِلَّا رَبَاحُ بْنُ اَبِی مَعْرُوفٍ، وَلَا عَنْ رَبَاحٍ اِلَّا ابْنُ اَبِی فُدَیْكٍ، تَفَرَّدَ بِهِ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِی بَكْرٍ السَّالِمِیُّ

یہ حدیث قیس بن سعد سے رباح بن ابومعروف اور رباح سے ابن ابوفدیک روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں احمد بن محمد بن ابوبکر السلمی اکیلے ہیں۔

**6169** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَنِیفَةَ الْوَاسِطِیُّ قَالَ: ثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنْصُورٍ الْمَرْوَزِیُّ قَالَ: ثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ قَیْسٍ الضَّبِّیُّ، عَنِ النَّهَّاسِ بْنِ قَهْمٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِی رَبَاحٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: لَا نِكَاحَ اِلَّا بِوَلِیٍّ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: نکاح صرف ولی کی اجازت سے ہے۔

لَمْ یَرْوِ هٰذَا الْحَدِیثَ عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اِلَّا نَهَّاسُ بْنُ قَهْمٍ

یہ حدیث عطاءٔ ابن عباس سے اور عطاء سے نہاس بن قہم روایت کرتے ہیں۔

**6170** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَنِیفَةَ الْوَاسِطِیُّ قَالَ: نَا اَحْمَدُ بْنُ مَنْصُورٍ الْمَرْوَزِیُّ قَالَ: نَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ قَیْسٍ الضَّبِّیُّ قَالَ: ثَنَا هِلَالُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ عَلِیِّ بْنِ زَیْدٍ، عَنْ سَعِیدِ بْنِ الْمُسَیِّبِ، عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں اور حضرت حفصہ نے نفلی روزہ رکھا ہوا تھا' ہم کو ہدیہ دیا گیا' ہم کو چاہت ہوئی تو ہم نے کھایا' حضور ﷺ ہمارے پاس آئے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: حضرت حفصہ نے مجھ سے جلدی کی پوچھنے کے لیے: آپ کیونکہ بڑے باپ کی بیٹی تھیں' انہوں نے رسول اللہ ﷺ سے پوچھا' آپ نے فرمایا: کوئی گناہ نہیں ہے' اس کی جگہ روزہ رکھو۔

---

**6432**- أخرجه أبو داؤد: الفتن والملاحم جلد4صفحه95 رقم الحديث: 4250 .

**6433**- تقدم تخريجه .

مَكَانَهُ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ إِلَّا جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ، تَفَرَّدَ بِهِ ابْنُ وَهْبٍ

یہ حدیث یحییٰ بن سعید سے جریر بن حازم روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ابن وہب اکیلے ہیں۔

**6434** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الرَّبِيعِ، ثَنَا يُوسُفُ بْنُ أَبِي طَيْبَةَ، ثَنَا إِدْرِيسُ بْنُ يَحْيَى الْخَوْلَانِيُّ، حَدَّثَنِي عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عَيَّاشِ بْنِ عَبَّاسٍ الْقِتْبَانِيُّ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ سُلَيْمَانَ الطَّوِيلِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ اللَّهَ وَمَلَائِكَتَهُ يُصَلُّونَ عَلَى الْمُتَسَحِّرِينَ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ اور اس کے فرشتے سحری کرنے والوں پر رحمت بھیجتے ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ نَافِعٍ إِلَّا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ سُلَيْمَانَ، وَلَا عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ سُلَيْمَانَ إِلَّا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عَيَّاشٍ، تَفَرَّدَ بِهِ إِدْرِيسُ بْنُ يَحْيَى، وَلَا يُرْوَى عَنِ ابْنِ عُمَرَ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ

یہ حدیث نافع سے عبداللہ بن سلیمان اور عبداللہ بن سلیمان سے عبداللہ بن عیاش روایت کرتے ہیں۔ ان سے روایت کرنے میں ادریس بن یحییٰ اکیلے ہیں۔ حضرت ابن عمر سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔

**6435** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عِرْسٍ الْمِصْرِيُّ، ثَنَا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ نَضْلَةَ الْمَدِينِيُّ، ثَنَا الْحَارِثُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفِهْرِيُّ، حَدَّثَنِي إِسْمَاعِيلُ بْنُ أَبِي حَكِيمٍ، حَدَّثَنِي عُمَرُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، حَدَّثَنِي أَبُو بَكْرِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ هِشَامٍ، حَدَّثَتْنِي أُمُّ سَلَمَةَ، عَنْ خَدِيجَةَ، قَالَتْ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، يَا ابْنَ عَمِّي، هَلْ

حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! اے میرے چچا کے بیٹے! کیا آپ مجھے خبر دے سکتے ہیں جب آپ کے پاس آنے والا آئے؟ آپ نے فرمایا: اے خدیجہ! ہاں! میں اس چیز کی طاقت رکھتا ہوں۔ حضرت خدیجہ کبریٰ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: ایک دن حضرت جبریل علیہ السلام آپ کے پاس آئے' میں بھی وہاں موجود تھی۔ حضور ﷺ نے

6434- اسناده فيه: عبد الله بن عياش بن عباس القتباني ضعيف' ضعفه أبو داؤد والنسائي' وغيرهما (التهذيب' والميزان جلد2صفحه469).

6435- اسناده حسن' فيه: يحيى بن سليمان بن نضلة مستقيم الحديث . وانظر مجمع الزوائد جلد8صفحه259 .

تَسْتَطِيعُ إِذَا جَاءَ كَ الَّذِي يَأْتِيكَ اَنْ تُخْبِرَنِي بِهِ؟ فَقَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نَعَمْ يَا خَدِيجَةُ . قَالَتْ خَدِيجَةُ: فَجَاءَهُ جِبْرِيلُ ذَاتَ يَوْمٍ وَاَنَا عِنْدَهُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا خَدِيجَةُ هَذَا صَاحِبِي الَّذِي يَأْتِينِي قَدْ جَاءَ ، فَقُلْتُ لَهُ: قُمْ فَاجْلِسْ عَلَى فَخِذِيَ الْاَيْمَنِ، فَقَامَ، فَجَلَسَ عَلَى فَخِذِيَ الْاَيْمَنِ، فَقُلْتُ لَهُ: هَلْ تَرَاهُ؟ قَالَ: نَعَمْ ، فَقُلْتُ لَهُ: تَحَوَّلْ فَاجْلِسْ عَلَى فَخِذِيَ الْاَيْسَرِ، فَجَلَسَ، فَقُلْتُ: هَلْ تَرَاهُ؟ قَالَ: نَعَمْ ، فَقُلْتُ لَهُ: فَتَحَوَّلْ فَاجْلِسْ فِي حِجْرِي، فَجَلَسَ، فَقَالَتْ لَهُ: هَلْ تَرَاهُ؟ قَالَ: نَعَمْ ، قَالَتْ خَدِيجَةُ: فَتَحَسَّرْتُ وَطَرَحْتُ خِمَارِي، وَقُلْتُ لَهُ: هَلْ تَرَاهُ؟ قَالَ: لَا ، فَقُلْتُ لَهُ: هَذَا وَاللّٰهِ مَلَكٌ كَرِيمٌ، لَا وَاللّٰهِ مَا هَذَا شَيْطَانٌ، قَالَتْ خَدِيجَةُ: فَقُلْتُ لِوَرَقَةَ بْنِ نَوْفَلِ بْنِ اَسَدِ بْنِ عَبْدِ الْعُزَّى بْنِ قُصَيٍّ ذَلِكَ، كَمَا اَخْبَرَنِي بِهِ مُحَمَّدٌ رَسُولُ اللّٰهِ فَقَالَ وَرَقَةُ: حَقًّا يَا خَدِيجَةُ حَدِيثُكِ

فرمایا: اے خدیجہ! میرے پاس آنے والا میرا دوست یہ ہے جواب آ چکا ہے۔ سو میں نے عرض کی: اُٹھ کر میری دائیں ران پر تشریف رکھیں۔ آپ اُٹھ کر میری دائیں ران پر بیٹھ گئے' میں نے عرض کی: کیا آپ اُنہیں دیکھ رہے ہیں؟ آپ نے فرمایا: ہاں! میں نے عرض کی: پھر کر میری بائیں ران پہ ہو جائیں۔ آپ بیٹھ گئے تو میں نے عرض کی: آپ ان کو دیکھ رہے ہیں؟ فرمایا: ہاں! میں نے عرض کی: اب پھر کر میری گود میں ہو جائیں! آپ ہو گئے تو میں نے عرض کی: آپ ان کو دیکھ رہے ہیں؟ فرمایا: ہاں! حضرت خدیجہ فرماتی ہیں: مجھے حسرت ہوئی' میں نے اوڑھنی پھینک دی' عرض کی: اب آپ ان کو دیکھ رہے ہیں؟ فرمایا: نہیں! میں نے کہا: قسم بخدا! یہ عزت والے فرشتے ہیں۔ نہیں قسم بخدا! یہ شیطان نہیں۔ حضرت خدیجہ فرماتی ہیں: میں نے ورقہ بن نوفل سے یہ بات ذکر کی جس طرح مجھے رسول اللہ ﷺ نے خبر دی تھی تو حضرت ورقہ نے کہا: اے خدیجہ! تیری بات حق اور سچ ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ إِلَّا إِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِي حَكِيمٍ، وَلَا عَنْ إِسْمَاعِيلَ إِلَّا الْحَارِثُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفِهْرِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ يَحْيَى بْنُ سُلَيْمَانَ

عمرو بن عبد العزیز سے اس حدیث کو صرف اسماعیل بن ابی حکم روایت کرتے ہیں اور اسماعیل سے صرف حارث بن محمد فہری روایت کرتے ہیں۔ اس حدیث کو روایت کرنے میں یحییٰ بن سلیمان اکیلے ہیں۔

**6436** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ

حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ

---

6436- اسناده فيه: محمد بن عبد الله بن عرس المصرى لم أجده . تخريجه الطبرانى فى الكبير، وأحمد، وأبو يعلى . وانظر مجمع الزوائد جلد2صفحه60 .

عِرْسٍ الْمِصْرِيُّ، نا الْحَسَنُ بْنُ دَاوُدَ الْمُنْكَدِرِيُّ، نا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي فُدَيْكٍ، حَدَّثَنِي عِمْرَانُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ قَالَ: سَمِعْتُ أُمَّ سَلَمَةَ، تَقُولُ: كَانَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَصِيرَةٌ وَخُمْرَةٌ يُصَلِّي عَلَيْهَا

کے پاس ایک چٹائی اور کپڑا تھا' آپ اس پر نماز پڑھتے تھے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ الْحَسَنُ بْنُ دَاوُدَ الْمُنْكَدِرِيُّ

یہ حدیث سعید بن میّب سے اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں حسن بن داؤد المنکدری اکیلے ہیں۔

**6437** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عِرْسٍ، ثَنَا هَارُونُ بْنُ مُوسَى الْفَرْوِيُّ، ثَنَا أَبُو غَزِيَّةَ مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى، حَدَّثَنِي كَثِيرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ الْمُزَنِيُّ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْأَصَابِعُ تَجْرِي مَجْرَى السِّوَاكِ، إِذَا لَمْ يَكُنْ سِوَاكٌ .

حضرت کثیر بن عبداللہ بن عمرو بن عوف المزنی اپنے والد سے' وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: مسواک اگر نہ ہو تو انگلی اس کے قائم مقام ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ كَثِيرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْمُزَنِيِّ إِلَّا أَبُو غَزِيَّةَ، تَفَرَّدَ بِهِ هَارُونُ الْفَرْوِيُّ

یہ حدیث کثیر بن عبداللہ المزنی سے ابوغزیہ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ہارون الفروی اکیلے ہیں۔

**6438** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عِرْسٍ، ثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ الْحَسَنِ الْمَرْوَزِيُّ، ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، ثَنَا ابْنُ عَوْنٍ، حَدَّثَنِي مُجَاهِدٌ قَالَ:

حضرت مجاہد فرماتے ہیں کہ ہم اس حلقہ میں بیٹھے ہوئے تھے جس میں ابن عمر اور عبیداللہ بن عمیر موجود تھے' ہمارے پاس ایک آدمی آیا' ہم پر کھڑا ہوا' اس نے کہا:

---

**6437**- اسناده فيه: كثير بن عبد الله بن عمرو بن عوف المزني ضعيف واتهم بالكذب (التقريب' والتهذيب) . وانظر مجمع الزوائد جلد2صفحه103 .

**6438**- أخرجه أبو داؤد: الأطعمة جلد 3صفحه340 رقم الحديث: 3741' والبيهقي في الكبرى جلد 7صفحه108 رقم الحديث:13412 مختصرًا .

كُنَّا جُلُوسًا فِي حَلْقَةٍ فِيهَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، وَعُبَيْدُ بْنُ عُمَيْرٍ، فَجَاءَ نَا رَجُلٌ، فَقَامَ عَلَيْنَا، فَقَالَ: اَجِيبُوا فُلَانًا، اَجِيبُوا فُلَانًا، فَكَرِهَهَا الْقَوْمُ كَرَاهِيَةً شَدِيدَةً، وَنَكَّسَ ابْنُ عُمَرَ رَاْسَهُ، فَرَفَعَ عُبَيْدُ بْنُ عُمَيْرٍ رَاْسَهُ، فَقَالَ: يَا ابْنَ اَخِينَا، اعْفِنَا اعْفِنَا، فَرَفَعَ ابْنُ عُمَرَ رَاْسَهُ، وَقَالَ: قُومُوا بِنَا، لَيْسَ فِيهَا عَافِيَةٌ، سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُولُ: مَنْ دُعِيَ فَلَمْ يُجِبْ فَقَدْ عَصَى اللّٰهَ وَرَسُولَهُ .

فلاں فلاں کی دعوت قبول کرو! لوگوں نے اس کو سخت ناپسند کیا' ابن عمر نے اپنا سر جھکایا' عبید بن عمیر نے سر اُٹھایا' فرمایا: ہمارے بھائی کے بیٹے! ہم کو معاف کرو! حضرت ابن عمر نے اپنا سر اُٹھایا اور فرمایا: ہمارے پاس سے کھڑے ہو جاؤ' اس میں تمہارے لیے عافیت نہیں ہے' میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جس کو دعوت دی جائے وہ قبول نہ کرے تو اس نے اللہ اور اس کے رسول کی نافرمانی کی۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ عَوْنٍ اِلَّا ابْنُ الْمُبَارَكِ، تَفَرَّدَ بِهِ الْحُسَيْنُ بْنُ الْحَسَنِ الْمَرْوَزِيُّ

ابن عون سے اس حدیث کو صرف مبارک ہی روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں حسین بن حسن مروزی اکیلے ہیں۔

**6439** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عِرْسٍ الْمِصْرِيُّ، ثَنَا هَارُونُ بْنُ سَعِيدٍ الْاَيْلِيُّ، ثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، حَدَّثَنِي مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اَبُو الزَّاهِرِيَّةِ، حَدَّثَنِي جُبَيْرُ بْنُ نُفَيْرٍ، حَدَّثَنِي ثَوْبَانُ مَوْلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا اَوْتَرَ اَحَدُكُمْ فَلْيَرْكَعْ رَكْعَتَيْنِ، فَاِنْ قَامَ وَاِلَّا كَانَتَا لَهُ .

رسول اللہ ﷺ کے غلام حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب تم میں کوئی وتر پڑھے تو دو رکعتیں پڑھے' اس کے بعد کھڑا ہو ورنہ دو رکعت ہی اس کے وتر ہوں گے۔

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ ثَوْبَانَ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ ابْنُ وَهْبٍ

یہ حدیث حضرت ثوبان سے اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں ابن وہب اکیلے ہیں۔

**6440** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ

حضرت سیدہ فاطمہ بنت رسول اللہ ﷺ فرماتی

---

**6439**- اسناده فيه: محمد بن عبد الله بن عرس المصرى لم أجده . وأخرجه أيضًا الطبرانى فى الكبير . وانظر مجمع الزوائد جلد2صفحه249 .

**6440**- ذكره الحافظ الهيثمى فى المجمع جلد 2صفحه169 وقال: رواه الطبرانى فى الأوسط' ومرجانة لم تدرك افاطمة وهى مجهولة' وفيه مجاهيل غيرها .

عِرْسٍ، حَدَّثَنِي عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْكُوفِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنِي الْاَصْبَغُ بْنُ زَيْدٍ، حَدَّثَنِي زَيْدُ بْنُ عَلِيٍّ، حَدَّثَتْنِي مَرْجَانَةُ، مَوْلَاةُ عَلِيٍّ، قَالَتْ: حَدَّثَتْنِي فَاطِمَةُ بِنْتُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَنْ اَبِيهَا رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ فِي الْجُمُعَةِ لَسَاعَةً، لَا يُوَافِقُهَا عَبْدٌ مُسْلِمٌ يَسْاَلُ اللّٰهَ فِيهَا خَيْرًا اِلَّا اَعْطَاهُ اِيَّاهُ .

ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جمعہ کے دن ایک ایسی گھڑی ہوتی ہے جو کوئی بندہ مسلمان اس وقت کو پالیتا ہے اور اللہ سے اس وقت کوئی بھلائی مانگتا ہے تو اللہ اس کو عطا کرتا ہے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ فَاطِمَةَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ الْمُحَارِبِيُّ

یہ حدیث حضرت فاطمہ سے اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں محاربی اکیلے ہیں۔

**6441** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عِرْسٍ، نا مَيْمُونُ بْنُ كُلَيْبٍ، ثَنَا مُسْلِمُ بْنُ خَالِدٍ الزَّنْجِيُّ، حَدَّثَنِي جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: حَضَرْنَا عُرْسَ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ وَفَاطِمَةَ بِنْتِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَمَا رَاَيْنَا عُرْسًا كَانَ اَحْسَنَ مِنْهُ حَيْسًا، وَهَيَّاَ لَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ زَيْتًا وَتَمْرًا، فَاَكَلْنَا وَكَانَ فِرَاشُهُمَا لَيْلَةَ عُرْسِهِمَا اِهَابُ كَبْشٍ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضرت علی اور فاطمہ بنت رسول اللہ ﷺ کی شادی میں حاضر ہوئے' بڑی خوبصورت شادی تھی' اس رات ہم کو رسول اللہ ﷺ نے کھجور اور زیتون دیئے' ہم نے کھایا' اس رات جس بستر پر انہوں نے رات گزاری وہ مینڈھے کی کھال کا تھا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ اِلَّا مُسْلِمُ بْنُ خَالِدٍ الزَّنْجِيُّ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَيْمُونٍ الْقَدَّاحُ، تَفَرَّدَ بِهِ عَنْ مُسْلِمِ بْنِ خَالِدٍ مَيْمُونُ بْنُ كُلَيْبٍ

یہ حدیث جعفر بن مسلم سے مسلم بن خالد الزنجی اور عبداللہ بن میمون القداح روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں مسلم بن خالد میمون بن کلیب اکیلے ہیں۔

**6442** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں

**6441**- اسناده فيه: مسلم بن خالد الزنجي صدوق كثير الأوهام . وقال الهيثمي في المجمع جلد4صفحه53: وفيه مسلم بن خالد الزنجي وهو ضعيف' وقد وثق . قلت: وفيه أيضًا ميمون ابن كليب ولم أقف على ترجمته .

**6442**- اسناده فيه: محمد بن عبد الله بن عرس المصري' ووهب بن رزق أبو هريرة المصري لم أجدهما وأخرجه أيضًا في الكبير . وانظر: مجمع الزوائد جلد1صفحه83 .

عِرْسٍ، ثَنَا وَهْبُ اللّٰهِ بْنُ رِزْقٍ اَبُو هُرَيْرَةَ الْمِصْرِيُّ، ثَنَا بِشْرُ بْنُ بَكْرٍ، ثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ، حَدَّثَنِي عَطَاءٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اِنَّ لِلّٰهِ مَلَكًا لَوْ قِيلَ لَهُ: الْتَقِمِ السَّمَوَاتِ وَالْاَرَضِينَ السَّبْعَ بِلُقْمَةٍ وَاحِدَةٍ لَفَعَلَ، تَسْبِيحُهُ سُبْحَانَكَ حَيْثُ كُنْتَ

کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: اللہ تعالیٰ کے ہاں ایک فرشتہ ہے اگر اس کو کہا جائے کہ سات زمین و آسمان کو ایک لقمہ میں نگل جاؤ تو ایسے ہی کرے گا' اس کی تسبیح ''سبحانك حيث كنت'' ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ اِلَّا بِشْرُ بْنُ بَكْرٍ، تَفَرَّدَ بِهِ وَهْبُ اللّٰهِ بْنُ رِزْقٍ

یہ حدیث اوزاعی سے بشر بن بکر روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں وہب اللہ بن رزق اکیلے ہیں۔

**6443** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عِرْسٍ، ثَنَا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمَانَ الْمَدِينِيُّ، حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا زَالَتِ الشَّمْسُ صَلَّى الْجُمُعَةَ، فَنَرْجِعُ وَمَا نَجِدُ فَيْئًا نَسْتَظِلُّ بِهِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نمازِ جمعہ پڑھاتے جب سورج ڈھل جاتا' ہم جمعہ پڑھ کر واپس آتے تو ہم سایہ نہیں پاتے تھے کہ ہم سایہ حاصل کر سکیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بِلَالٍ اِلَّا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمَانَ

یہ حدیث سلیمان بن بلال سے یحییٰ بن سلیمان روایت کرتے ہیں۔

**6444** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عِرْسٍ، ثَنَا هَارُونُ بْنُ مُوسَى الْفَرْوِيُّ، ثَنَا اَبُو غَزِيَّةَ مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى، حَدَّثَنِي مُوسَى بْنُ عُقْبَةَ، حَدَّثَنِي ابْنُ اَبِي هِنْدٍ، حَدَّثَنِي يَزِيدُ بْنُ مُهَاجِرٍ قَالَ: سَمِعْتُ الزُّبَيْرَ بْنَ الْعَوَّامِ يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى

حضرت زبیر بن عوام رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: میرے گھر اور منبر کے درمیان والی جگہ جنت کی کیاریوں میں سے ایک کیاری ہے' اور میرا منبر میرے حوض پر ہے۔

**6443**- اسناده حسن' فيه: يحيى بن سليمان بن نضلة قال أبو حاتم: شيخ حدث أيامًا ثم توفي' وذكره ابن حبان في الثقات' فقال: يخطئ ويهم' وقال ابن عدي: عامة أحاديثه مستقيمة' وقال ابن خراش: لا يسوى شيئًا (الجرح جلد9صفحه154' واللسان جلد6صفحه261) . وانظر مجمع الزوائد جلد2صفحه186 .

**6444**- اسناده فيه: أبو غزية محمد بن موسى ضعيف . وانظر مجمع الزوائد جلد4صفحه12 .

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَا بَيْنَ بَيْتِي اِلَى مِنْبَرِي رَوْضَةٌ مِنْ رِيَاضِ الْجَنَّةِ، وَمِنْبَرِي عَلَى حَوْضِي

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ اِلَّا اَبُو غَزِيَّةَ، تَفَرَّدَ بِهِ هَارُونُ الْفَرْوِيُّ، وَابْنُ اَبِي هِنْدٍ الَّذِي رَوَى عَنْهُ مُوسَى بْنُ عُقْبَةَ هُوَ سَعِيدُ بْنُ اَبِي هِنْدٍ اَبُو عَبْدِ اللّٰهِ

یہ حدیث موسیٰ بن عقبہ سے ابوغزیہ روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ہارون الفروی اکیلے ہیں۔ ابن ابوہند سے ابوموسیٰ بن عقبہ روایت کرتے ہیں' ان کا نام سعید بن ابی ہند ابوعبداللہ ہے۔

**6445** - حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عِرْسٍ، ثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سَعِيدٍ الْهَمْدَانِيُّ، نا بِشْرُ بْنُ بَكْرٍ، ثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ، حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، حَدَّثَنِي نَافِعٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو: اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَمْكُثُ بِذِي الْحُلَيْفَةِ مَا بَدَا لَهُ، فَاِذَا اَرَادَ اَنْ يُحْرِمَ صَلَّى فِي الْمَسْجِدِ، ثُمَّ يُهِلُّ حِينَ تَسْتَوِي بِهِ رَاحِلَتُهُ .

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور ﷺ ذی الحلیفہ کے مقام پر ٹھہرتے جتنا چاہتے' جب احرام باندھنے کا ارادہ کرتے تو مسجد میں نماز پڑھتے' پھر سواری پر سیدھے بیٹھ کر تلبیہ پڑھتے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ اِلَّا بِشْرُ بْنُ بَكْرٍ، تَفَرَّدَ بِهِ اَحْمَدُ بْنُ سَعِيدٍ الْهَمْدَانِيُّ

یہ حدیث اوزاعی سے بشر بن بکر روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں احمد بن سعید الہمدانی اکیلے ہیں۔

**6446** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عِرْسٍ، ثَنَا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمَانَ الْمَدَنِيُّ، ثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ قَيْسِ بْنِ سَعْدِ بْنِ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، حَدَّثَنِي خَارِجَةُ بْنُ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ اَبِيهِ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو زیادہ نشہ دیتی ہے' اس کا تھوڑا استعمال بھی حرام ہے۔

---

**6445**- أخرجه البخاري: الحج جلد 3 صفحه 468 رقم الحديث: 1541 . بلفظ: ما أهل رسول الله ﷺ الا من عند المسجد . يعني مسجد ذي الحليفة . وأيضًا رقم الحديث: 1552 بلفظ: أهل النبي ﷺ حين استوت به راحلته قائمة . ومسلم: الحج جلد 2 صفحه 846 بنحوه .

**6446**- ذكره الهيثمي في المجمع جلد 5 صفحه 60 وقال: وفيه اسماعيل بن قيس بن سعد وهو ضعيف جدًا .

مَا اَسْكَرَ كَثِيرُهُ فَقَلِيلُهُ حَرَامٌ .

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ يَحْيَى بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ نَضْلَةَ

یہ حدیث زید بن ثابت سے اسی سند سے روایت ہے اس کو روایت کرنے میں یحییٰ بن سلیمان بن نضلہ اکیلے ہیں۔

**6447** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عِرْسٍ، ثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِي بَكْرٍ السَّالِمِيُّ، نا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ بْنُ اَبِي فُدَيْكٍ، حَدَّثَنِي عُمَرُ بْنُ طَلْحَةَ، حَدَّثَنِي اَبُو سُهَيْلٍ نَافِعُ بْنُ مَالِكٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نَزَلَتْ سُورَةُ الْاَنْعَامِ وَمَعَهَا كَوْكَبَةٌ مِنَ الْمَلَائِكَةِ، تَسُدُّ مَا بَيْنَ الْخَافِقَيْنِ، لَهُمْ زَجَلٌ بِالتَّسْبِيحِ وَالتَّقْدِيسِ، وَالْاَرْضِ تَرْتَجُّ ، وَرَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: سُبْحَانَ اللَّهِ الْعَظِيمِ، سُبْحَانَ اللَّهِ الْعَظِيمِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: سورۂ انعام کے نزول کے وقت اس کے ساتھ فرشتوں کی ایک تعداد تھی جس نے دونوں کونوں کو گھیرا ہوا تھا' ان کی آواز سبحان اللہ وقدوس زمین کانپ رہی تھی اور حضور ﷺ سبحان اللہ العظیم' سبحان اللہ العظیم پڑھ رہے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي سُهَيْلٍ نَافِعِ بْنِ مَالِكٍ اِلَّا عُمَرُ بْنُ طَلْحَةَ، وَلَا عَنْ عُمَرَ بْنِ طَلْحَةَ اِلَّا ابْنُ اَبِي فُدَيْكٍ، تَفَرَّدَ بِهِ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ السَّالِمِيُّ

یہ حدیث ابوسہیل نافع بن مالک سے عمر بن طلحہ اور عمر بن طلحہ سے ابن ابی فدیک روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں احمد بن محمد السالمی اکیلے ہیں۔

**6448** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عِرْسٍ، ثَنَا هَارُونُ بْنُ مُوسَى الْفَرْوِيُّ، ثَنَا اَبُو غَزِيَّةَ مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى الْاَنْصَارِيُّ الْقَاضِي، ثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَسْعَدَ بْنِ زُرَارَةَ، عَنْ

حضرت اسعد بن زرارہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا کہ آپ لوگوں کو خطبہ دے رہے تھے' آپ نے اِدھر اُدھر دیکھا' آپ نے حضرت ابوبکر کو نہیں دیکھا' حضور ﷺ نے فرمایا: ابوبکر! ابوبکر! کیونکہ

---

**6447**- ذكره الهيثمي في المجمع جلد 7صفحه23 وقال: رواه الطبراني' عن شيخه محمد بن عبد الله بن عرس' عن أحمد بن محمد بن أبي بكر السالمي' ولم أعرفهما' وبقية رجاله ثقات .

**6448**- اسناده فيه: أبو غزية محمد بن موسى ضعيف . وانظر مجمع الزوائد جلد9صفحه47 .

اَبِیهِ، عَنْ جَدِّهِ اَسْعَدَ بْنِ زُرَارَةَ قَالَ: رَاَیْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ خَطَبَ النَّاسَ فَالْتَفَتَ الْتِفَاتَةً، فَلَمْ یَرَ اَبَا بَکْرٍ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: اَبُو بَکْرٍ، اَبُو بَکْرٍ، اِنَّ رُوحَ الْقُدُسِ جِبْرِیلَ عَلَیْهِ السَّلَامُ اَخْبَرَنِی آنِفًا: اِنَّ خَیْرَ اُمَّتِكَ بَعْدَكَ اَبُو بَکْرٍ الصِّدِّیقُ .

روح القدس حضرت جبریل علیہ السلام نے مجھے ابھی بتایا کہ آپ کی اُمت میں آپ کے بعد افضل ابوبکر صدیق ہیں۔

لَا یُرْوَی هَذَا الْحَدِیثُ عَنْ اَسْعَدَ بْنِ زُرَارَةَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ هَارُونُ الْفَرْوِیُّ

یہ حدیث اسعد بن زرارہ سے اسی سند سے روایت ہے اس کو روایت کرنے میں ہارون الفروی اکیلے ہیں۔

**6449** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عِرْسٍ، ثَنَا الزُّبَیْرُ بْنُ عَبَّادٍ الْمَدَنِیُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ یَحْیَی بْنِ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَیْرِ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِیهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اَفْضَلَ الصَّلَاةِ عِنْدَ اللّٰهِ صَلَاةُ الْمَغْرِبِ، وَمَنْ صَلَّی بَعْدَهَا رَکْعَتَیْنِ بَنَی اللّٰهُ لَهُ بَیْتًا فِی الْجَنَّةِ، یَغْدُو فِیهِ وَیَرُوحُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ کے ہاں افضل نماز، نمازِ مغرب ہے جس نے اس کے بعد دو رکعت نفل پڑھے اللہ عزوجل اس کے لیے جنت میں گھر بنائے گا صبح وشام اس کی مہمان نوازی کی جائے گی۔

لَمْ یَرْوِ هَذَا الْحَدِیثَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ اِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ یَحْیَی بْنِ عُرْوَةَ

یہ حدیث ہشام بن عروہ سے عبداللہ بن محمد بن یحییٰ بن عروہ روایت کرتے ہیں۔

**6450** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عِرْسٍ الْمِصْرِیُّ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَیْمُونٍ الْخَیَّاطُ الْمَکِّیُّ، ثنا سُفْیَانُ بْنُ عُیَیْنَةَ، عَنْ اِسْمَاعِیلَ بْنِ اَبِی خَالِدٍ، عَنْ قَیْسِ بْنِ اَبِی حَازِمٍ، عَنْ عَلِیٍّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: ثَلَاثٌ هُنَّ حَقٌّ:

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تین چیزیں حق ہیں: جس کو اللہ نے اسلام لانے کی توفیق نہ دی اس کے لیے کوئی حصہ نہیں جو دوسرے کو دوست بناتا ہے اللہ اس کو دوست نہیں بناتا ہے جو آدمی جس قوم سے محبت کرتا ہوگا وہ ان کے ساتھ ہوگا۔

**6450**- اسناده فيه: محمد بن عبد الله بن عرس المصرى لم أجده . وأخرجه أيضًا الطبرانى فى الصغير . وانظر مجمع الزوائد جلد10صفحه283 .

لَا يَجْعَلُ اللّٰهُ مَنْ لَهُ سَهْمٌ فِي الْإِسْلَامِ كَمَنْ لَا سَهْمَ لَهُ، وَلَا يَتَوَلَّى اللّٰهَ عَبْدٌ فَيُوَلِّيهِ غَيْرَهُ، وَلَا يُحِبُّ رَجُلٌ قَوْمًا إِلَّا حُشِرَ مَعَهُمْ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ عُيَيْنَةَ إِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ مَيْمُونٍ، وَلَمْ يَرْوِهِ عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي خَالِدٍ إِلَّا ابْنُ عُيَيْنَةَ

یہ حدیث ابن عیینہ سے محمد بن میمون روایت کرتے ہیں' اسماعیل بن ابوخالد سے سفیان بن عیینہ روایت کرتے ہیں۔

**6451** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عِرْسٍ، ثنا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ نَضْلَةَ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُصْعَبِ بْنِ ثَابِتِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: دَخَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا، فَرَأَى كِسْرَةً مُلْقَاةً، فَمَشَى إِلَيْهَا فَأَخَذَهَا، فَمَسَحَهَا ثُمَّ أَكَلَهَا، ثُمَّ قَالَ: يَا عَائِشَةُ، أَحْسِنِي جِوَارَ نِعَمِ اللّٰهِ، فَإِنَّهَا قَلَّ مَا تَزُولُ عَنْ أَهْلِ بَيْتٍ فَكَادَتْ أَنْ تَعُودَ إِلَيْهِمْ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک دن تشریف لائے' آپ نے روٹی کا ٹکڑا پڑا ہوا دیکھا' آپ اس کی طرف چل کر گئے' اس کو پکڑا' اسے صاف کیا' پھر اس کو کھالیا' پھر فرمایا: اے عائشہ! اللہ کی نعمتوں کی قدر کرو کیونکہ ایسا بہت کم ہوا ہے کہ جس سے لے لی جائے' اس کو واپس کی جائے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ إِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُصْعَبٍ، وَالْقَاسِمُ بْنُ غُصْنٍ، تَفَرَّدَ بِهِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُصْعَبٍ يَحْيَى بْنُ سُلَيْمَانَ، وَتَفَرَّدَ بِهِ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ غُصْنٍ: آدَمُ بْنُ أَبِي إِيَاسٍ

یہ حدیث ہشام بن عروہ سے عبداللہ بن مصعب اور قاسم بن غصن روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عبداللہ بن مصعب یحییٰ بن سلیمان اکیلے ہیں۔ اس کو قاسم بن غصن آدم بن ابوایاس روایت کرتے ہیں۔

**6452** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ

حضرت معاویہ الدیلی فرماتے ہیں کہ میں نے

---

**6451**- أخرجه ابن ماجة: الأطعمة جلد 2 صفحه 1112 رقم الحديث: 3353 بنحوه . في الزوائد: في اسناده الوليد ابن محمد، وهو ضعيف . قال السندي: قلت أشار الدميري الى أنه متهم بالوضع . والبيهقي في شعب الايمان جلد 4 صفحه 132 رقم الحديث: 4557-4558 .

**6452**- اسناده فيه: شبل بن العلاء بن عبد الرحمٰن . قال ابن عدي: روى أحاديث مناكير، أحاديثه ليست بمحفوظة،

عِرْسٍ، ثَنَا الْحَسَنُ بْنُ دَاوُدَ الْمُنْكَدِرِيُّ، ثَنَا ابْنُ اَبِي فُدَيْكٍ، حَدَّثَنِي شِبْلُ بْنُ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، حَدَّثَنِي سُمَيٌّ، مَوْلَى اَبِي بَكْرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ اَبِي بَكْرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْحَارِثِ قَالَ: سَمِعْتُ نَوْفَلَ بْنَ مُعَاوِيَةَ الدِّيلِيَّ، يَقُولُ: رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَشْرَبُ بِثَلَاثَةِ اَنْفَاسٍ، يُسَمِّي اللّٰهَ فِي اَوَّلِهَا، وَيَحْمَدُهُ فِي آخِرِهَا

رسول اللہ ﷺ کو تین سانس میں پانی نوش کرتے ہوئے دیکھا‘ پہلے سانس میں اللہ کہتے‘ دوسرے میں الحمد للہ۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ نَوْفَلِ بْنِ مُعَاوِيَةَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ الْحَسَنُ بْنُ دَاوُدَ الْمُنْكَدِرِيُّ

یہ حدیث نوفل بن معاویہ سے اسی سند سے روایت ہے‘ اس کو روایت کرنے میں حسن بن داؤد المنکدری اکیلے ہیں۔

**6453** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عِرْسٍ، ثَنَا الزُّبَيْرُ بْنُ عَبَّادٍ الْمَدِينِيُّ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ زَبَالَةَ الْمَخْزُومِيُّ، ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ قُدَامَةَ الْجُمَحِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ جَدِّهِ قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا بَكْرٍ الصِّدِّيقَ، يَقُولُ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اللّٰهُمَّ اشْدُدِ الْاِسْلَامَ بِعُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ .

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: اے اللہ! اسلام کو حضرت عمر بن خطاب کے ذریعے مضبوط کر۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ اَبِي بَكْرٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ الزُّبَيْرُ بْنُ عَبَّادٍ

یہ حدیث ابوبکر سے اسی سند سے روایت ہے‘ اس کو روایت کرنے میں زبیر بن عباد اکیلے ہیں۔

**6454** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عِرْسٍ، ثَنَا هَارُونُ بْنُ مُوسَى الْفَرْوِيُّ، ثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ ہر سال عرب کے قبائل کے پاس جاتے کہ

---

وذكره ابن حبان في الثقات‘ وقال: روى عنه ابن أبي فديك نسخة مستقيمة (الضعفاء لابن عدى جلد 4 صفحه1367‘ واللسان جلد3صفحه136) . وانظر مجمع الزوائد جلد5صفحه84 .

6453- اسناده فيه: محمد بن الحسن بن زبالة المخزومي كذبوه . (التقريب) . وانظر مجمع الزوائد جلد9 صفحه65 .

6454- اسناده فيه: عبد الله بن عمر بن حفص العمرى ضعيف . وانظر مجمع الزوائد جلد6صفحه45 .

مُحَمَّدٍ الْفَرْوِيُّ، نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ الْقَاسِمِ، عَنْ أُمِّهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعْرِضُ نَفْسَهُ فِي كُلِّ سَنَةٍ عَلَى الْقَبَائِلِ مِنَ الْعَرَبِ أَنْ يُؤْوُوهُ إِلَى قَوْمِهِمْ، حَتَّى يُبَلِّغَ كَلَامَ اللّٰهِ وَرِسَالَاتِهِ، وَلَهُمُ الْجَنَّةَ، فَلَيْسَتْ قَبِيلَةٌ مِنَ الْعَرَبِ تَسْتَجِيبُ لَهُ حَتَّى أَرَادَ اللّٰهُ إِظْهَارَ دِينِهِ، وَنَصْرَ نَبِيِّهِ وَإِنْجَازَ مَا وَعَدَهُ، سَاقَهُ اللّٰهُ إِلَى هَذَا الْحَيِّ مِنَ الْأَنْصَارِ، فَاسْتَجَابُوا لَهُ، وَجَعَلَ اللّٰهُ لِنَبِيِّهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَارَ هِجْرَتِهِ

لوگوں کو اپنے پاس پناہ دیں تا کہ اللہ کے کلام اپنی رسالت کے پیغام کو ان تک پہنچا سکیں' ان کے لیے جنت ہو' عرب کے کسی قبیلے نے اُس وقت تک آپ کی دعوت قبول نہ کی' جب اللہ نے اپنے دین کو غالب اور اپنے نبی کی مدد اور اپنے وعدہ کو پورا کرنے کا ارادہ نہیں کیا تو اس قبیلہ کی طرف انصار آئے۔ انہوں نے دعوتِ دین قبول کی' اللہ عزوجل نے اپنے نبی کے لیے اس کو ہجرت کا گھر بنایا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْقَاسِمِ إِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، وَلَا عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ إِلَّا إِسْحَاقُ الْفَرْوِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ هَارُونُ الْفَرْوِيُّ

یہ حدیث عبدالرحمٰن بن قاسم سے عبداللہ بن عمر اور عبداللہ بن عمر سے اسحاق الفروی روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ہارون الفروی اکیلے ہیں۔

**6455** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عِرْسٍ، ثَنَا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ نَضْلَةَ الْخُزَاعِيُّ، ثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، حَدَّثَنِي أَبِي، حَدَّثَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ الزُّبَيْرِ وَنَحْنُ مَعَهُ، قَدْ خَرَجْنَا نَعْتَمِرُ، فَلَمَّا انْحَدَرْنَا مِنَ الْأَكَمَةِ فِي الْوَادِي اغْتَسَلَ ابْنُ الزُّبَيْرِ، وَصَلَّى رَكْعَتَيْنِ، وَاغْتَسَلْنَا مَعَهُ وَصَلَّيْنَا مَعَهُ رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ أَهَلَّ بِالتَّلْبِيَةِ: لَبَّيْكَ اللّٰهُمَّ لَبَّيْكَ، لَبَّيْكَ لَا شَرِيكَ لَكَ لَبَّيْكَ، إِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَةَ لَكَ وَالْمُلْكَ، لَا شَرِيكَ لَكَ فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ

حضرت عبداللہ بن عروہ بن زبیر فرماتے ہیں کہ میں نے عبداللہ بن زبیر سے سنا' اس حالت میں کہ ہم آپ کے ساتھ تھے' ہم عمرہ کے لیے نکلے' جب وادی سے نیچے ہوئے تو ابن زبیر نے غسل کیا اور دو رکعت نفل پڑھے اور ہم نے آپ کے ساتھ غسل کیا' ہم نے بھی آپ کے ساتھ دو رکعت نفل پڑھے' پھر تلبیہ پڑھا: ''لبیك اللهم لبیك' لبیك لا شریك لك لبیك' ان الحمد والنعمة لك والملك لا شریك لك''۔ حضرت عبداللہ بن عروہ نے فرمایا: میں نے ابن زبیر کو فرماتے ہوئے سنا: اللہ کی قسم! یہ اسلام کا تلبیہ ہے اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

---

**6455**- اسناده فيه: محمد بن عبد الله بن عرس لم أجده . وانظر مجمع الزوائد جلد3صفحه225 .

بْنُ عُرْوَةَ: سَمِعْتُ ابْنَ الزُّبَيْرِ يَقُولُ: هَذِهِ وَاللّٰهِ تَلْبِيَةُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَهَكَذَا فَعَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَحْرَمَ فِي دُبُرِ الصَّلَاةِ

نماز کے بعد اس طرح احرام باندھتے تھے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنِ ابْنِ الزُّبَيْرِ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ يَحْيَى بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ نَضْلَةَ

یہ حدیث ابن زبیر سے اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں سلیمان بن نضلہ اکیلے ہیں۔

**6456** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عِرْسٍ، نا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ سَلَمَةَ الْمُرَادِيُّ، ثنا ابْنُ مُعَاذٍ يُونُسُ بْنُ تَمِيمٍ الزُّرَقِيُّ، ثنا يُوسُفُ بْنُ يَعْقُوبَ الْمَدِينِيُّ، حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ عَنْبَسَةَ الْمَدِينِيُّ السَّعْدِيُّ، ثنا عُمَرُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، حَدَّثَنِي اَبُو سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، حَدَّثَنِي اَبُو هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنِ اطَّلَعَ فِي بَيْتِ جَارِهِ، فَنَظَرَ اِلَى عَوْرَةِ اَخِيهِ الْمُسْلِمِ، اَوْ شَعْرِ امْرَاَةٍ، اَوْ شَيْءٍ مِنْ جَسَدِهَا، كَانَ حَقًّا عَلَى اللّٰهِ اَنْ يُدْخِلَهُ النَّارَ .

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو اپنے پڑوسی کے گھر میں جھانکا' اس نے اپنے مسلمان بھائی کی عورت یا عورت کے بال یا اس کے جسم کی کوئی شی دیکھی' اللہ پر حق ہے کہ اس کو جہنم میں داخل کرے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ سَلَمَةَ الْمُرَادِيُّ

یہ حدیث عمر بن عبدالعزیز سے اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں محمد بن عمرو بن سلمہ المرادی اکیلے ہیں۔

**6457** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عِرْسٍ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ سَعِيدٍ الْهَمْدَانِيُّ، نا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِي جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ، حَدَّثَنِي اَيُّوبُ، عَنْ عَبْدِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں خیبر کے دن حضور ﷺ کے پاس آیا' آپ سے عرض کی گئی: یارسول اللہ! پالتو گدھے کم ہو رہے ہیں' حضور ﷺ

---

**6456**- اسناده فيه: يحيى بن عنبسة المدينى السعدى دجال يضع الحديث (اللسان جلد 6 صفحه 272) . وانظر مجمع الزوائد جلد 8 صفحه 173 .

**6457**- أخرجه البخارى: المغازى جلد 7 صفحه 534 رقم الحديث: 4199' ومسلم: الصيد جلد 3 صفحه 1540 .

اللّٰهِ بْنِ عَوْنٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: اَتَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ خَيْبَرَ، فَقِيلَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اُفْنِيَتِ الْحُمُرُ، فَاَمَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَبَا طَلْحَةَ، فَنَادَى: اِنَّ اللّٰهَ وَرَسُولَهُ يَنْهَيَانِكُمْ عَنْ لُحُومِ الْحُمُرِ الْاَهْلِيَّةِ، فَاِنَّهَا رِجْسٌ

نے ابوطلحہ کو حکم دیا کہ اعلان کرو کہ اللہ او اس کے رسول نے پالتو گدھوں کے گوشت سے منع کیا ہے کیونکہ یہ ناپاک ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ عَوْنٍ اِلَّا جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ، تَفَرَّدَ بِهِ ابْنُ وَهْبٍ

یہ حدیث ابن عون سے جریر بن حازم روایت کرتے ہیں‘ اس کو روایت کرنے میں ابن وہب اکیلے ہیں۔

**6458** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عِرْسٍ، ثَنَا هَارُونُ بْنُ مُوسَى الْفَرْوِيُّ، ثَنَا اَبُو غَزِيَّةَ مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى، ثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ سَعِيدٍ الْمَازِنِيُّ، حَدَّثَنِي ابْنُ اَبِي دَاوُدَ الْمَازِنِيُّ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ اَبِي دَاوُدَ قَالَ: خَرَجْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا جِئْنَا ذَا الْحُلَيْفَةِ، دَخَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَسْجِدَ فَصَلَّى رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ اَحْرَمَ فِي دُبُرِ الصَّلَاةِ بِحَجَّةٍ وَعُمْرَةٍ مَعًا .

حضرت ابوداؤد فرماتے ہیں کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ نکلے‘ جب ہم ذی الحلیفہ کے مقام پر آئے تو رسول اللہ ﷺ مسجد میں داخل ہوئے اور دو رکعت نفل پڑھے‘ پھر فرض نماز کے بعد حج وعمرہ کا اکٹھا احرام باندھا۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ اَبِي دَاوُدَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ هَارُونُ الْفَرْوِيُّ

یہ حدیث ابوداؤد سے اسی سند سے روایت ہے‘ اس کو روایت کرنے میں ہارون الفروی اکیلے ہیں۔

**6459** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

---

**6458**- اسناده فيه: أ- محمد بن موسٰى أبو غزية‘ ضعيف . ب - اسحاق بن سعيد بن جبير . قال البخاري: عن جعفر بن حمزة بن أبي داؤد: منكر الحديث‘ وقال أبو حاتم: مجهول . وانظر مجمع الزوائد جلد3صفحه239 .

**6459**- أخرجه الترمذي: التفسير جلد5صفحه380 رقم الحديث: 3255 بنحوه . وقال: غريب لا نعرفه مرفوعًا الا من هذا الوجه‘ وموسٰى بن عبيدة ويزيد بن أبان الرقاشي يضعفان في الحديث . وأبو نعيم في الحلية جلد 3 صفحه 53 وقال: رواه موسٰى بن عبيدة الربذي‘ عن يزيد الرقاشي مثله .

عِرْسٍ، نا مَيْمُونُ بْنُ كُلَيْبٍ، نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُهَاجِرِ بْنِ مِسْمَارٍ، ثَنَا صَفْوَانُ بْنُ سُلَيْمٍ، حَدَّثَنِي يَزِيدُ بْنُ اَبَانَ الرَّقَاشِيُّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا مِنْ اِنْسَانٍ اِلَّا وَلَهُ بَابَانِ مِنَ السَّمَاءِ، مِنْهُمَا يَصْعَدُ عَمَلُهُ وَيَنْزِلُ رِزْقُهُ، فَاِذَا مَاتَ الْعَبْدُ الْمُؤْمِنُ بَكِيَا .

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ سُلَيْمٍ اِلَّا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُهَاجِرِ بْنِ مِسْمَارٍ

**6460** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عِرْسٍ، نا اَبُو نُعَيْمٍ عَبْدُ الْاَوَّلِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْمُعَلِّمُ، ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ، نا ابْنُ لَهِيعَةَ، حَدَّثَنِي واهِبُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْمَعَافِرِيُّ قَالَ: سَمِعْتُ عُقْبَةَ بْنَ عَامِرٍ الْجُهَنِيَّ، يَقُولُ: رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَخَذَ بِيَدِ عَمِّهِ الْعَبَّاسِ، ثُمَّ قَالَ: يَا عَبَّاسُ اِنَّهُ لَا يَكُونُ نُبُوَّةٌ اِلَّا كَانَتْ بَعْدَهَا خِلَافَةٌ، وَسَيَلِي مِنْ وَلَدِكَ فِي آخِرِ الزَّمَانِ سَبْعَةَ عَشَرَ، مِنْهُمُ السَّفَّاحُ، وَمِنْهُمُ الْمَنْصُورُ، وَمِنْهُمُ الْمَهْدِيُّ، وَلَيْسَ بِمَهْدِيٍّ، وَمِنْهُمُ الْجَمُوحُ، وَمِنْهُمُ الْعَاقِبُ، وَمِنْهُمُ الْوَاهِنُ مِنْ وَلَدِكَ، وَوَيْلٌ لِاُمَّتِي مِنْهُ، كَيْفَ يَعْقِرُهَا وَيُهْلِكُهَا، وَيَذْهَبُ بِاَمْوَالِهَا هُوَ وَاَتْبَاعُهُ عَلَى غَيْرِ دِينِ الْاِسْلَامِ، فَاِذَا بُويِعَ لِصَبِيِّهِ فَعِنْدَ الثَّامِنِ عَشَرَ انْقِطَاعُ دَوْلَتِهِمْ وَخُرُوجُ اَهْلِ الْغَرْبِ مِنْ بُيُوتِهِمْ

لَا يَرْوِى هٰذَا الْحَدِيثَ عُقْبَةُ بْنُ عَامِرٍ اِلَّا بِهٰذَا

حضورﷺ نے فرمایا: ہر انسان کے لیے آسمان سے دو دروازے ہیں' ان دونوں سے ان کا عمل چڑھتا ہے اور رزق اُترتا ہے' جب بندۂ مؤمن مرتا ہے تو دونوں اس پر روتے ہیں

یہ حدیث صفوان بن سلیم سے ابراہیم بن مہاجر بن مسمار روایت کرتے ہیں۔

حضرت عقبہ بن عامر الجہنی فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہﷺ کو دیکھا' آپ نے اپنے چچا حضرت عباس کا ہاتھ پکڑا ہوا تھا' پھر فرمایا: اے عباس! میرے بعد نبوت نہیں ہوگی' خلافت ہوگی' آپ کی اولاد سے آخر زمانہ میں سترہ افراد ہوں' ان میں سفاح' منصور' مہدی (وہ امام مہدی نہیں ہیں)' جموع' عاقب' حسن' میری اُمت کی ہلاکت اس سے ہوگی' ان کو ہلاک کیا جائے گا' ان کے اموال لیے جائیں گے وہ اور ان کی اتباع کرنے والے اسلام والے نہیں ہوں گے جب اس کے بیٹے کیلئے بیعت لی جائے گی تو اٹھارہویں کے وقت ان کی حکومت ختم ہو جائے گی' اور اہل مغرب ان کے گھروں سے نکل جائیں گے۔

یہ حدیث عقبہ بن عامر سے اسی سند سے روایت

**6460**- اسناده فيه: ابن لهيعة صدوق لكنه اختلط . وانظر مجمع الزوائد جلد5صفحه190 .

الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ ابْنُ لَهِيعَةَ

ہے اس کو روایت کرنے میں ابن لہیعہ اکیلے ہیں۔

**6461** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عِرْسٍ، نا أَحْمَدُ بْنُ عُمَرَ بْنِ يُونُسَ الْيَمَامِيُّ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَدُوسٍ الصَّنْعَانِيُّ، ثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مِينَاءَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلْعَبَّاسِ: لَنْ تَذْهَبَ الدُّنْيَا، حَتَّى يَمْلِكَ مِنْ وَلَدِكَ يَا عَمُّ فِي آخِرِ الزَّمَانِ عِنْدَ انْقِطَاعِ دَوْلَتِهِمْ، وَهُوَ الثَّامِنُ عَشَرَ، يَكُونُ مَعَهُ فِتْنَةٌ عَمْيَاءُ صَمَّاءُ، يُقْتَلُ مِنْ كُلِّ عَشَرَةِ آلَافٍ تِسْعَةُ آلَافٍ وَتِسْعُمِائَةٍ، لَا يَنْجُو مِنْهَا إِلَّا الْيَسِيرُ، وَيَكُونُ قِتَالُهُمْ بِمَوْضِعٍ مِنَ الْعِرَاقِ قَالَ: فَبَكَى الْعَبَّاسُ، فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا يُبْكِيكَ؟ إِنَّهُمْ شِرَارُ أُمَّتِي، يَمْرُقُونَ مِنَ الدِّينِ مُرُوقَ السَّهْمِ مِنَ الرَّمِيَّةِ، يَطْلُبُونَ الدُّنْيَا وَلَا يَهْتَمُّونَ الْآخِرَةَ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت عباس سے فرمایا: دنیا ختم نہیں ہوگی یہاں تک کہ آپ کی اولاد سے بادشاہ نہ ہوں' آخر زمانہ میں وہ اٹھارہ ہوں گے ان کے ساتھ فتنے ہوں گے' اندھے کانے ہر دس ہزار میں سے نو ہزار نو سو قتل ہوں گے' ان سے نجات صرف قلیل ہی پائیں گے' ان کو قتل عراق میں کریں گے۔ حضرت عباس رو پڑے تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کو فرمایا: آپ کیوں روتے ہیں! کیونکہ وہ میری اُمت کے بدترین لوگ ہوں گے' وہ دین سے ایسے نکل جائیں گے جس طرح تیر کمان سے نکلتا ہے دنیا طلب کریں گے' آخرت کی فکر نہیں ہوگی۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْيَمَامِيُّ

یہ حدیث ابن مسعود سے اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں احمد بن محمد الیمامی اکیلے ہیں۔

**6462** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عِرْسٍ، ثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْيَمَامِيُّ، ثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، ثَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: صَلَّى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَاةَ الْعَصْرِ، فَلَمَّا كَانَ فِي الرَّابِعَةِ، أَقْبَلَ الْحَسَنُ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نمازِ عصر پڑھا رہے تھے' جب چوتھی رکعت پر تھے تو حضرت امام حسن و حسین رضی اللہ عنہما تشریف لائے' دونوں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پشت پر سوار ہوئے' آپ نے دونوں کو اپنے سامنے رکھ لیا' حضرت امام حسن آئے'

---

**6461**- اسناده فيه: أ- أحمد بن عمر اليمامي أبو سهل الحنفي متروك . ب- ميناء بن أبي ميناء الخزاز متروك . (التقريب) . وانظر مجمع الزوائد جلد5صفحه191 .

**6462**- اسناده فيه: أحمد بن عمر اليمامي متروك . وأخرجه أيضًا في الكبير . وانظر مجمع الزوائد جلد9 صفحه187 .

وَالْحُسَيْنُ حَتَّى رَكِبَا عَلَى ظَهْرِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَوَضَعَهُمَا بَيْنَ يَدَيْهِ، وَاَقْبَلَ الْحَسَنُ، فَحَمَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْحَسَنَ عَلَى عَاتِقِهِ الْاَيْمَنِ، وَالْحُسَيْنَ عَلَى عَاتِقِهِ الْاَيْسَرِ، ثُمَّ قَالَ: اَيُّهَا النَّاسُ، اَلَا اُخْبِرُكُمْ بِخَيْرِ النَّاسِ جَدًّا وَجَدَّةً؟ اَلَا اُخْبِرُكُمْ بِخَيْرِ النَّاسِ عَمًّا وَعَمَّةً؟ اَلَا اُخْبِرُكُمْ بِخَيْرِ النَّاسِ خَالًا وَخَالَةً؟ اَوْ اُخْبِرُكُمْ بِخَيْرِ النَّاسِ اَبًا وَاُمًّا؟ هُمَا الْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ، جَدُّهُمَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَجَدَّتُهُمَا خَدِيجَةُ بِنْتُ خُوَيْلِدٍ، وَاُمُّهُمَا فَاطِمَةُ بِنْتُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاَبُوهُمَا عَلِيُّ بْنُ اَبِي طَالِبٍ، وَعَمُّهُمَا جَعْفَرُ بْنُ اَبِي طَالِبٍ، وَعَمَّتُهُمَا اُمُّ هَانِءٍ بِنْتُ اَبِي طَالِبٍ، وَخَالُهُمَا الْقَاسِمُ ابْنُ رَسُولِ اللّٰهِ، وَخَالَتُهُمَا زَيْنَبُ، وَرُقَيَّةُ، وَاُمُّ كُلْثُومٍ، وَبَنَاتُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، جَدُّهُمَا فِي الْجَنَّةِ، وَاَبُوهُمَا فِي الْجَنَّةِ، وَجَدَّتُهُمَا فِي الْجَنَّةِ، وَاُمُّهُمَا وَعَمُّهُمَا وَعَمَّتُهُمَا فِي الْجَنَّةِ، وَخَالَاتُهُمَا فِي الْجَنَّةِ، وَخَالُهُمَا فِي الْجَنَّةِ، وَهُمَا فِي الْجَنَّةِ، وَاُخْتُهُمَا فِي الْجَنَّةِ .

حضور ﷺ نے امام حسن کو اپنے دائیں کندھے پر سوار کر لیا اور امام حسین کو بائیں کندھے پر۔ پھر فرمایا: اے لوگو! کیا میں تم کو نہ بتاؤں کہ جن کے نانا اور نانی سب لوگوں سے بہتر ہیں' کیا میں تم کو نہ بتاؤں کہ جن کے چچا اور پھوپھی سب لوگوں سے بہتر ہیں! کیا میں تم کو نہ بتاؤں جن کی خالو اور خالہ سب لوگوں سے بہتر ہیں! کیا میں تم کو نہ بتاؤں جن کے والد اور والدہ سب لوگوں سے بہتر ہیں! وہ دونوں حسن وحسین ہیں' دونوں کے نانا رسول اللہ ﷺ اور نانی خدیجہ بنت خویلد' دونوں کی والدہ فاطمہ بنت رسول اللہ' دونوں کے والد علی بن ابی طالب' دونوں کے چچا جعفر بن ابی طالب' پھوپھی اُم ہانی بنت ابوطالب' خالو قاسم ابن رسول اللہ ﷺ' خالہ زینب' رقیہ' اُم کلثوم' ان کے نانا نانی' والد والدہ' پھوپھی چچا' خالو خالہ' بہنیں جنتی ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ اِلَّا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ يُونُسَ الْيَمَامِيُّ

یہ حدیث عبدالرزاق سے احمد بن محمد بن عمرو بن یونس الیمامی روایت کرتے ہیں۔

**6463** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عِرْسٍ، نا الزُّبَيْرُ بْنُ عَبَّادٍ الْمَدِينِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ

حضرت ابوصدیق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: ہر اُمت کا کوئی

**6463**- اسناده فيه: محمد بن الحسن بن زبالة كذبوه . (التقريب) .

الْحَسَنِ بْنِ زَبَالَةَ، نا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ قُدَامَةَ، حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ جَدِّهِ قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا بَكْرٍ الصِّدِّيقَ، يَقُولُ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لِكُلِّ اُمَّةٍ اَمِينٌ، وَاِنَّ اَمِينَ هَذِهِ الْاُمَّةِ اَبُو عُبَيْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ

امین ہوتا ہے اس اُمت کا امین ابوعبیدہ بن جراح ہیں۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ اَبِي بَكْرٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ الزُّبَيْرُ بْنُ عَبَّادٍ الْمَدَنِيُّ

یہ حدیث ابوبکر سے اسی سند سے روایت ہے اس کو روایت کرنے میں زبیر بن عباد المدنی اکیلے ہیں۔

**6464** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عِرْسٍ، نا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ نَضْلَةَ الْمَدِينِيُّ، ثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَسْلَمِيُّ، ثَنَا اللَّيْثُ بْنُ اَبِي سُلَيْمٍ، حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمَنِ بن الْاَسْوَدِ، نا اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ قَالَ: صَلَّيْتُ وَرَاءَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاَبِي بَكْرٍ، وَعُمَرَ، فَكُلُّهُمْ كَانَ يَرْفَعُ يَدَيْهِ اِذَا افْتَتَحَ الصَّلَاةَ، وَاِذَا كَبَّرَ لِلرُّكُوعِ، وَاِذَا رَفَعَ رَاْسَهُ يُكَبِّرُ لِلسُّجُودِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ابوبکر و عمر کے پیچھے نماز پڑھی یہ سارے دونوں ہاتھ اُٹھاتے تھے جب نماز شروع کرتے جب رکوع کرتے اور سجدہ کرتے تو تکبیر کہتے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْاَسْوَدِ اِلَّا لَيْثُ بْنُ اَبِي سُلَيْمٍ، تَفَرَّدَ بِهِ اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَسْلَمِيُّ

یہ حدیث عبدالرحمٰن بن اسود سے لیث بن ابی سلیم روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ابراہیم بن محمد الاسلمی اکیلے ہیں۔

**6465** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عِرْسٍ، نا اِسْحَاقُ بْنُ الضَّيْفِ، ثنا عُمَرُ بْنُ سَهْلٍ الْمَازِنِيُّ، ثَنَا الْمُبَارَكُ بْنُ فَضَالَةَ، ثَنَا الْحَسَنُ، عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: مجھے لوگوں کے ساتھ لڑنے کا حکم دیا گیا یہاں تک کہ وہ لا الٰہ الا اللہ پڑھیں جب انہوں نے لا الٰہ الا اللہ پڑھ لیا تو انہوں نے مجھ سے اپنا خون اور

---

**6464**- اسناده فيه: ابراهيم بن محمد بن أبي يحيىٰ الأسلمي متروك (التقريب) . وانظر مجمع الزوائد جلد**2** صفحه**105** .

**6465**- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد **1**صفحه**28** وقال: رواه الطبراني في الأوسط وفيه مبارك بن فضالة واختلف في الاحتجاج به .

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أُمِرْتُ أَنْ أُقَاتِلَ النَّاسَ حَتَّى يَقُولُوا: لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ، فَإِذَا قَالُوهَا فَقَدْ عَصَمُوا مِنِّي دِمَاءَهُمْ وَأَمْوَالَهُمْ إِلَّا بِحَقِّهَا، وَحِسَابُهُمْ عَلَى اللَّهِ.

اموال بچا لیے مگر حق کے ساتھ' ان کا باطنی معاملہ اللہ کے سپرد ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُبَارَكِ بْنِ فَضَالَةَ إِلَّا عُمَرُ بْنُ سَهْلٍ الْمَازِنِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ إِسْحَاقُ بْنُ الضَّيْفِ

یہ حدیث مبارک بن فضالہ سے عمر بن سہل المازنی روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں اسحاق بن الضیف اکیلے ہیں۔

**6466** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عِرْسٍ الْمِصْرِيُّ، ثنا الزُّبَيْرُ بْنُ بَكَّارٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ زَبَالَةَ الْمَخْزُومِيُّ، ثنا مُوسَى بْنُ يَعْقُوبَ الزَّمْعِيُّ، حَدَّثَتْنِي قَرِيبَةُ بِنْتُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ وَهْبِ بْنِ زَمْعَةَ، عَنْ أُمِّهَا كَرِيمَةَ بِنْتِ الْمِقْدَادِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ ضُبَاعَةَ بِنْتِ الزُّبَيْرِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، قَالَتْ: كَانَ لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَعْلٌ لَهَا خَصْرَةٌ

حضرت ضباعہ بن زبیر بن عبدالمطلب فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ کی جوتی مبارک کے کنارے باریک تھے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ ضُبَاعَةَ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ الزُّبَيْرُ بْنُ بَكَّارٍ

یہ حدیث ضباعہ سے اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں زبیر بن بکار اکیلے ہیں۔

**6467** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عِرْسٍ، ثنا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى، ثنا ابْنُ وَهْبٍ، حَدَّثَنِي عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عَيَّاشِ بْنِ عَبَّاسٍ الْقِتْبَانِيُّ، نا عِيسَى بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، حَدَّثَنِي ابْنُ شِهَابٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: ضَحَّى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِكَبْشَيْنِ أَمْلَحَيْنِ، أَحَدُهُمَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ دو کالے رنگ کے مینڈھے قربان کرتے' ایک اپنے گھر والوں کی طرف سے' دوسرا اپنی اُمت کے اُن لوگوں کی طرف سے جو قربانی نہیں کر سکتے۔

---

**6466**- اسناده فيه: محمد بن الحسن بن زبالة كذبوه (التقريب) . وانظر مجمع الزوائد جلد5صفحه141 .

**6467**- اسناده فيه: عيسى بن عبد الرحمٰن متروك (التهذيب' والجرح جلد6صفحه281) . وانظر مجمع الزوائد جلد4صفحه25 .

عَنْهُ وَعَنْ اَهْلِ بَيْتِهِ، وَالْآخَرُ عَنْهُ وَعَمَّنْ لَمْ يُضَحِّ مِنْ أُمَّتِهِ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ إِلَّا عِيسَى بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ عِيسَى إِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَيَّاشٍ، تَفَرَّدَ بِهِ ابْنُ وَهْبٍ

یہ حدیث زہری سے عیسیٰ بن عبدالرحمٰن اور عیسیٰ سے عبداللہ بن عیاش روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ابن وہب اکیلے ہیں۔

**6468** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عِرْسٍ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَهْلٍ الْمَازِنِيُّ، ثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ يَحْيَى التَّمِيمِيُّ، ثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ وَهُوَ فِي حِجَّةِ الْوَدَاعِ، وَهُوَ عَلَى نَاقَتِهِ، وَيَدُهُ عَلَى مَنْكِبِ عَلِيٍّ: اللّٰهُمَّ هَلْ بَلَّغْتُ، اللّٰهُمَّ هَلْ بَلَّغْتُ، هَذَا ابْنُ عَمِّي وَاَبُو وَلَدِي، اللّٰهُمَّ كُبَّ مَنْ عَادَاهُ فِي النَّارِ .

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو حجۃ الوداع کے موقع پر اپنی اونٹنی پر فرماتے ہوئے سنا' آپ کا دست مبارک حضرت علی کے کندھے پر تھا' آپ نے فرمایا: اے اللہ! کیا میں نے پیغام پہنچا دیا! اے اللہ! کیا میں نے پیغام پہنچا دیا! یہ میرا چچازاد ہے اور میرے لخت جگروں کا باپ ہے' اے اللہ! جو اس سے عداوت رکھے اس کو جہنم میں اوندھے منہ ڈال۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ إِلَّا إِسْمَاعِيلُ بْنُ يَحْيَى التَّمِيمِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ مُحَمَّدُ بْنُ سَهْلٍ الْمَازِنِيُّ

یہ حدیث عبداللہ بن عمر سے اسماعیل بن یحییٰ تمیمی روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں محمد بن سہل المازنی اکیلے ہیں۔

**6469** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عِرْسٍ، ثَنَا اَبُو نُعَيْمٍ عَبْدُ الْاَوَّلِ الْمُعَلِّمُ، ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ، حَدَّثَنِي أُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ اللَّيْثِيُّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: شَرُّ قَتِيلٍ قُتِلَ بَيْنَ صَفَّيْنِ اَحَدُهُمَا يَطْلُبُ الْمُلْكَ .

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: دو صفوں کے درمیان قتل ہونے والا' بدترین قتل ہونے والا ہوگا' ان میں ایک بادشاہی طلب کرے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ

یہ حدیث محمد بن منکدر سے اسامہ بن زید اور اسامہ

**6469**- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد **7** صفحه**295** وقال: رواه الطبراني في الأوسط وفيه عبد الأول أبو نعيم ولم أعرفه، وبقية رجاله ثقات .

اِلَّا اُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ، وَلَا عَنْ اُسَامَةَ اِلَّا ابْنُ وَهْبٍ، تَفَرَّدَ بِهِ عَبْدُ الْاَوَّلِ الْمُعَلِّمُ

بن زید سے ابن وہب روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عبدالاوّل المعلم اکیلے ہیں۔

**6470** - حَدَّثَنِى مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عِرْسٍ، ثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سَعِيدٍ الْهَمْدَانِيُّ، ثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ الْفُرَاتِ، حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ، حَدَّثَنِي عُمَارَةُ بْنُ غَزِيَّةَ قَالَ: سَمِعْتُ نُعَيْمًا الْمُجْمِرَ، يَقُولُ: سَمِعْتُ مَرْوَانَ، يَقُولُ: لِاَبِي هُرَيْرَةَ: وَاللّٰهِ اِنِّي لَاُحِبُّكَ، لَوْلَا اَنَّكَ تُحِبُّ الْحَسَنَ بْنَ عَلِيٍّ . فَقَالَ اَبُو هُرَيْرَةَ لِمَرْوَانَ: وَمَالِيَ لَا اُحِبُّهُ، وَقَدْ رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا اَتَى بَابَهُمْ، فَقَالَ: يَا حَسَنُ ، فَخَرَجَ اِلَيْهِ الْحَسَنُ، فَاَلْقَمَهُ فَاهُ، وَمَصَّ لِسَانَهُ، وَضَمَّهُ اِلَيْهِ، فَوَاللّٰهِ لَا اَزَالُ اُحِبُّهُ .

حضرت عمارہ بن غزیہ فرماتے ہیں کہ میں نے نعیم المجمر کو فرماتے ہوئے سنا' وہ کہتے ہیں کہ میں نے مروان سے سنا حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے کہتے ہوئے: اللہ کی قسم! میں آپ سے محبت کرتا' اگر تُو حسن بن علی سے محبت نہ کرتا ہوتا۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے مروان سے کہا: میں کیوں نہ ان سے محبت کروں' میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ایک دن دیکھا' آپ دروازے پر آئے' فرمایا: اے حسن! حضرت حسن ان کی طرف آئے' اپنی زبان آپ کے منہ میں ڈال دی' آپ ان کی زبان چوسنے لگے اور اپنے ساتھ چمٹانے لگے' اللہ کی قسم! میں ہمیشہ کے لیے آپ سے محبت کرتا ہوں۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُمَارَةَ بْنِ غَزِيَّةَ اِلَّا يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ، وَلَا عَنْ يَحْيَى اِلَّا اِسْحَاقُ بْنُ الْفُرَاتِ، تَفَرَّدَ بِهِ اَحْمَدُ بْنُ سَعِيدٍ الْهَمْدَانِيُّ

یہ حدیث عمارہ بن غزیہ سے یحییٰ بن ایوب اور یحییٰ سے اسحاق بن فرات روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں احمد بن سعید الہمدانی اکیلے ہیں۔

**6471** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عِرْسٍ، نَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى، ثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، حَدَّثَنِي اِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ قَالَ: سَمِعْتُ عَمَّارَ بْنَ يَاسِرٍ، بِصِفِّينَ فِي الْيَوْمِ الَّذِي اُصِيبَ فِيهِ، وَهُوَ يُنَادِي: اِنِّي لَقِيتُ الْجَبَّارَ، وَتَزَوَّجْتُ الْحُورَ الْعِينَ، الْيَوْمَ نَلْقَى الْاَحِبَّةَ مُحَمَّدًا وَحِزْبَهُ ، عَهِدَ اِلَيَّ

حضرت ابراہیم بن سعد اپنے والد سے' وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ سے جنگ صفین کے موقع پر سنا جس دن ان کو شہید کیا گیا آپ اعلان کر رہے تھے: میں نے جبار جل مجدہ سے ملاقات کی اور حور العین سے شادی کی آج کے دن محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم محبوب اور ان کے

---

**6470**- ذكره الهيثمي في المجمع جلد9صفحه183 وقال: رواه الطبراني ورجاله ثقات . من حديث طويل بنحوه .

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کی طرف وحی کی: اے میرے دوست! تم اپنے اخلاق کو اچھا کرو! اگرچہ کافر کے ساتھ ہی کیوں نہ ہو' نیک لوگوں کی جگہ داخل ہو' بے شک میرا کلام سبقت لے گیا ہے' اس کے لیے جو اچھا اخلاق رکھتا ہے اور اس کو اپنے عرش کا سایہ دوں گا اور اس کو اپنے حظیرہ قدس (مراد جنت ہے) سے پلاؤں گا اور اس کو اپنی خاص لونڈیوں کے قریب کروں گا۔

یہ حدیث سعید المقبری سے ابوامیہ بن یعلیٰ روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں مؤمل بن عبدالرحمٰن اکیلے ہیں۔ رسول اللہ ﷺ سے یہ حدیث

**6505**- اسناده فيه: عبد المجيد بن محمد بن أبي عبس' قال أبو حاتم: لين . (الجرح جلد 6 صفحه 64' واللسان جلد 4 صفحه 55) . وانظر مجمع الزوائد جلد 4 صفحه 16 .

**6506**- اسناده فيه: أ- مؤمل بن عبد الرحمٰن بن العباس ضعيف (التقريب) . ب - أبو أمية بن يعلى ضعيف (اللسان جلد 7 صفحه 12' والميزان جلد 4 صفحه 493) وانظر مجمع الزوائد جلد 8 صفحه 23 .

بِهَذَا الْإِسْنَادِ

اسی سند سے روایت ہے۔

**6507** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ دَاوُدَ، ثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَالِكِ بْنِ اَنَسٍ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْوَلِيدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الزُّبَيْرِ، ثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، وَابْنُ اَبِي فُدَيْكٍ، قَالَا: ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، عَنِ ابْنِ اَبِي كَبْشَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الدَّنَانِيرُ وَالدَّرَاهِمُ خَوَاتِمُ اللّٰهِ فِي اَرْضِهِ، مَنْ جَاءَ بِخَاتَمِ مَوْلَاهُ قَضَيْتُ حَاجَتَهُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ درہم اور دینار اللہ کی زمین میں اس کی مہر ہے' جو اپنے مولا کی مہر کو لائے' اس کی ضرورت میں پوری کروں گا۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ اِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ

یہ حدیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اسی سند سے روایت ہے۔

**6508** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رُزَيْقِ بْنِ جَامِعٍ الْمِصْرِيُّ، ثَنَا عَبْدَةُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيمِ الْمَرْوَزِيُّ، نَا حَمْزَةُ بْنُ عُمَيْرٍ، كَاتِبُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُبَارَكِ، عَنْ اَيُّوبَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ اَبِي يَحْيَى الْمُعَلِّمِ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ الصَّائِغِ، عَنْ اَبِي خَالِدٍ الضَّبِّيِّ، عَنْ اَبِي دَاوُدَ، عَنْ مَعْقِلِ بْنِ يَسَارٍ قَالَ: اَمَرَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ اَقْضِيَ بَيْنَ قَوْمِي ، فَقُلْتُ: مَا اُحْسِنُ الْقَضَاءَ ، فَقَالَ: اقْضِ بَيْنَهُمْ، فَاِنَّ اللّٰهَ مَعَ الْقَاضِي مَا لَمْ يَحِفْ عَمْدًا

حضرت معقل بن یسار رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے حکم دیا کہ میں اپنی قوم کے درمیان فیصلہ کروں' میں نے عرض کی: میں اچھی طرح فیصلہ نہیں کرسکتا' آپ نے فرمایا: تو ان کے درمیان فیصلہ کر کیونکہ اللہ عزوجل کی رحمت قاضی کے ساتھ ہوتی ہے جب تک جان بوجھ کر غلطی نہ کرے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ مَعْقِلِ بْنِ يَسَارٍ اِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ اِبْرَاهِيمُ الصَّائِغُ، وَاَبُو خَالِدٍ

یہ حدیث معقل بن یسار سے اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں ابراہیم الصائغ اکیلے ہیں۔

---

**6507**- اسناده فيه: أحمد بن محمد بن مالك بن أنس' قال الدارقطني: ضعيف' وقال ابن حبان: منكر الحديث يأتي بالأشياء المقلوبة (اللسان جلد1صفحه292' والمجروحين جلد1صفحه140) وانظر مجمع الزوائد جلد4 صفحه68 .

**6508**- اسناده فيه: أبو داؤد وهو نقيع بن الحارث متروك . تخريجه الطبراني في الكبير' وأحمد . وانظر مجمع الزوائد جلد4صفحه196 .

الضَّبِّيُّ الَّذِي رَوَى عَنْهُ اِبْرَاهِيمُ الصَّائِغُ هَذَا الْحَدِيثَ هُوَ، مُحَمَّدُ بْنُ خَالِدٍ الضَّبِّيُّ، وَاَبُو دَاوُدَ نُفَيْعُ بْنُ الْحَارِثِ

ابوخالد الضبی جو اس حدیث کو ابراہیم الصائغ سے روایت کرتے ہیں محمد بن خالد الضبی ہیں اور ابوداؤد سے مراد نفیع بن حارث ہیں۔

**6509** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رُزَيْقِ بْنِ جَامِعٍ، نا عَبْدَةُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيمِ الْمَرْوَزِيُّ، ثَنَا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيدِ، نا مُعَاوِيَةُ بْنُ يَحْيَى، عَنِ اَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ حَدَّثَ بِحَدِيثٍ فَعَطَسَ عِنْدَهُ، فَهُوَ حَقٌّ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے کوئی بات کی اس کے بعد کسی کو اس کے پاس چھینک آئے وہ بات درست ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي الزِّنَادِ اِلَّا مُعَاوِيَةُ بْنُ يَحْيَى، تَفَرَّدَ بِهِ بَقِيَّةُ . وَلَا يُرْوَى عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ

یہ حدیث ابوزناد سے معاویہ بن یحییٰ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں بقیہ اکیلے ہیں۔ رسول اللہ ﷺ سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔

**6510** - وَبِهِ نا بَقِيَّةُ، اَنَا حَبِيبُ بْنُ عُمَرَ الْاَنْصَارِيُّ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنْ اَبِيهِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا كَانَ يَوْمُ الْقِيَامَةِ نَادَى مُنَادٍ: اَلَا لِيَقُمْ خُصَمَاءُ اللّٰهِ، اَلَا وَهُمُ الْقَدَرِيَّةُ

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب قیامت کا دن ہوگا اعلان کرنے والا اعلان کرے گا اللہ سے مقابلہ کرنے والے کھڑے ہوں تو وہ قدریہ ہوں گے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ عُمَرَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ بَقِيَّةُ

یہ حدیث حضرت عمر سے اسی سند سے روایت ہے اس کو روایت کرنے میں بقیہ اکیلے ہیں۔

**6511** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رُزَيْقٍ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ هِشَامٍ السَّدُوسِيُّ، نا يُوسُفُ بْنُ خَالِدٍ السَّمْتِيُّ،

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: قیامت کے دن جہنم والے

**6509**- اسناده فيه: معاوية بن يحيٰى الصدفي الدمشقي ضعيف . وأخرجه أيضًا أبو يعلٰى . وانظر مجمع الزوائد جلد8 صفحه62 .

**6510**- اسناده فيه: حبيب بن عمر الأنصاري ضعيف، وفيه من لم أعرفهم . وانظر مجمع الزوائد جلد7صفحه209 .

**6511**- اسناده فيه: يوسف بن خالد متروك . وأخرجه أيضًا أبو يعلٰى . وانظر مجمع الزوائد جلد10صفحه385 .

حَدَّثَنِي الْاَعْمَشُ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يُعْرَضُ اَهْلُ النَّارِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ صُفُوفًا، فَيَمُرُّ بِهِمُ الْمُؤْمِنُونَ، فَيَرَى الرَّجُلُ مِنْ اَهْلِ النَّارِ الرَّجُلَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ قَدْ عَرَفَهُ فِي دَارِ الدُّنْيَا، فَيَقُولُ: يَا فُلَانُ، اَمَا تَذْكُرُ يَوْمَ اسْتَعَنْتَ بِي فِي حَاجَةِ كَذَا وَكَذَا؟ وَيَقُولُ لَهُ: اَمَا تَذْكُرُ يَوْمَ اَعْطَيْتُكَ كَذَا وَكَذَا؟ فَيَذْكُرُ ذٰلِكَ الْمُؤْمِنُ فَيَشْفَعُ لَهُ اِلَى رَبِّهٖ فَيُشَفَّعُ فِيهِ

صفیں بنا کر پیش کیے جائیں گے' مؤمن ان کے پاس سے گزریں گے' جہنم والوں میں سے ایک آدمی ایمان والوں میں سے کسی آدمی کو دیکھے گا' وہ اس کو دنیا میں پہچانتا ہوگا' وہ اس کو کہے گا: اے فلان! کیا آپ کو فلاں دن یاد ہے' میری آپ نے اس اس طرح مدد کی تھی' وہ اس کو کہے گا: کیا آپ کو یاد ہے میں نے آپ کو اتنا اتنا دیا تھا؟ مؤمن وہ یاد کرے گا' اس کے لیے اپنے رب کے ہاں شفاعت کرے گا' اللہ عزوجل اس کی شفاعت قبول کرے گا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْاَعْمَشِ اِلَّا يُوسُفُ بْنُ خَالِدٍ السَّمْتِيُّ

یہ حدیث اعمش سے یوسف بن خالد السمتی روایت کرتے ہیں۔

**6512** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رُزَيْقِ بْنِ جَامِعٍ، ثَنَا اَبُو الطَّاهِرِ بْنُ السَّرْحِ، ثَنَا رِشْدِينُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ زُهْرَةَ بْنِ مَعْبَدٍ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ صَامَ يَوْمًا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ بَاعَدَهُ اللّٰهُ مِنَ النَّارِ سَبْعِينَ خَرِيفًا، وَمَنْ تُوُفِّيَ مُرَابِطًا وُقِيَ فِتْنَةَ الْقَبْرِ، وَجَرَى عَلَيْهِ رِزْقُهُ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس نے ایک دن اللہ کی رضا کے لیے روزہ رکھا' اللہ عزوجل اس کو جہنم سے ستّر سال کی مقدار دور کر دے گا' جو اللہ کی راہ میں نگہبانی کرتے ہوئے فوت ہوا' اس کو قبر کے عذاب سے محفوظ رکھا جائے گا' اس کا رزق جاری رہے گا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ اِلَّا زُهْرَةُ بْنُ مَعْبَدٍ، تَفَرَّدَ بِهٖ رِشْدِينُ

یہ حدیث ابوسعید المقبری سے زہرہ بن معبد روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں رشدین اکیلے ہیں۔

**6513** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رُزَيْقٍ، ثَنَا اَبُو

حضرت سہل بن رافع بن خدیج اپنے والد سے

---

6512- اسناده فيه: رشدين بن سعد ضعيف . وانظر مجمع الزوائد جلد5صفحه292 .

6513- اسناده والكلام فيه كسابقه . تخريجه الطبراني في الكبير' وأحمد بنحوه . وانظر مجمع الزوائد جلد 1 صفحه269 .

الطَّاهِرِ بْنُ السَّرْحِ، ثَنَا رِشْدِينُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ اَيُّوبَ الْغَافِقِيِّ، عَنْ سَهْلِ بْنِ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ بِهِ، فَنَادَاهُ، فَخَرَجَ اِلَيْهِ، فَمَشَى مَعَهُ حَتَّى اَتَى الْمَسْجِدَ، ثُمَّ انْصَرَفَ فَاغْتَسَلَ، ثُمَّ رَجَعَ فَرَآهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَلَيْهِ اَثَرُ الْغُسْلِ، فَسَاَلَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ غُسْلِهِ، فَقَالَ: سَمِعْتُ نِدَاءَ كَ وَاَنَا اُجَامِعُ امْرَاَتِي، فَقُمْتُ قَبْلَ اَنْ اَفْرُغَ فَاغْتَسَلْتُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّمَا الْمَاءُ مِنَ الْمَاءِ ثُمَّ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْدَ ذَلِكَ: اِذَا جَاوَزَ الْخِتَانُ الْخِتَانَ وَجَبَ الْغُسْلُ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سَهْلِ بْنِ رَافِعٍ اِلَّا مُوسَى بْنُ اَيُّوبَ، تَفَرَّدَ بِهِ رِشْدِينُ

روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ میرے گھر کے پاس سے گزرے' آپ نے آواز دی' (میں) آپ کی طرف نکلا' آپ کے ساتھ چلا یہاں تک کہ مسجد تک آیا' پھر میں چلا گیا' غسل کیا پھر واپس آیا' حضور ﷺ نے مجھے دیکھا' مجھ پر غسل کے اثرات تھے۔ آپ نے غسل کے متعلق پوچھا' (میں نے) عرض کی: میں نے آپ کی آواز سنی اس حالت میں کہ میں اپنی بیوی سے جماع کر رہا تھا' میں فارغ ہونے سے پہلے کھڑا ہوا تھا' میں نے غسل کیا۔ حضور ﷺ نے فرمایا: غسل پانی سے ہے' پھر حضور ﷺ نے اس کے بعد فرمایا: جب شرمگاہ' شرمگاہ سے مل جائے تو غسل واجب ہو جاتا ہے۔

یہ حدیث سہل بن رافع سے موسیٰ بن ایوب روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں رشدین اکیلے ہیں۔

**6514** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رُزَيْقِ بْنِ جَامِعٍ، نا اَبُو الطَّاهِرِ بْنُ السَّرْحِ، ثَنَا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي اُوَيْسٍ، عَنْ حُسَيْنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ ضُمَيْرَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ حَضَرَتْهُ الْوَفَاةُ، وَهُوَ يَمُدُّ يَدَهُ، وَهُوَ يَقُولُ: يَا جِبْرِيلُ، اَيْنَ اَنْتَ؟ ثُمَّ يَقْبِضُهَا وَيَبْسُطُهَا، فَفَعَلَ ذَلِكَ مِرَارًا وَهُوَ يَقُولُ: يَا جِبْرِيلُ، اشْفَعْ لِي عِنْدَ رَبِّي يُهَوِّنُ عَلَيَّ الْمَوْتَ .

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس وقت آپ کے وصال کا وقت قریب آیا' پھر آپ نے اپنا ہاتھ لمبا کیا' فرمایا: اے جبریل! آپ کہاں ہیں؟ آپ نے اپنا دست مبارک سمیٹا اور کھول دیا' آپ نے ایسے کئی مرتبہ کیا' آپ فرما رہے تھے: اے جبریل! میرے رب سے وصال کے وقت قریب سے ملاقات کے لیے میرے لیے اجازت لیں۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے ذکر کیا کہ انہوں نے حضرت

---

**6514**- اسناده فيه حسين بن عبد الله بن ضميرة' كذبه مالك' وقال أبو حاتم: متروك الحديث كذاب . وانظر مجمع الزوائد جلد 9 صفحه 38 .

فَذَكَرَ اَبُو هُرَيْرَةَ اَنَّهُ سَمِعَ عَائِشَةَ تَقُولُ: لَقَدْ سَمِعْتُ مَا لَمْ تَسْمَعْ اُذُنٌ مِنْ جِبْرِيلَ، وَهُوَ يَقُولُ: لَبَّيْكَ

عائشہ رضی اللہ عنہا کو فرماتے ہوئے سنا کہ میں نے سنا: جب تک حضرت جبریل علیہ السلام کے کانوں نے نہ سنا' حضرت جبریل نے عرض کی: حاضر ہوں!

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنْ عَائِشَةَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ اَبُو الطَّاهِرِ بْنُ السَّرْحِ

یہ حدیث ابوہریرہ' حضرت عائشہ سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں ابوالطاہر بن السرح اکیلے ہیں۔

**6515** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رُزَيْقٍ، نا اَبُو الطَّاهِرِ بْنُ السَّرْحِ، نا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِي فُدَيْكٍ، حَدَّثَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يُحَنَّسَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي سُفْيَانَ بْنِ سَعْدِ بْنِ الْاَخْنَسِ، عَنْ جَدَّتِهِ حُكَيْمَةَ، عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَنَّهَا سَمِعَتْ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ اَهَلَّ بِحَجَّةٍ وَعُمْرَةٍ مِنَ الْمَسْجِدِ الْاَقْصَى اِلَى الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ وَمَا تَاَخَّرَ، وَوَجَبَتْ لَهُ الْجَنَّةُ

حضرت اُم سلمہ زوجہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت ہے کہ انہوں نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: جس نے مسجد اقصیٰ سے مسجد حرام تک حج اور عمرہ کا احرام باندھا' اس کے پہلے گناہ معاف کیے جائیں گے' اگلے اور پچھلے اس کے لیے جنت واجب ہو جائے گی۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ ابْنُ اَبِي فُدَيْكٍ

یہ حدیث اُم سلمہ سے اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں ابن ابی فدیک اکیلے ہیں۔

**6516** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رُزَيْقِ بْنِ جَامِعٍ، ثَنَا اَبُو الطَّاهِرِ بْنُ السَّرْحِ، ثَنَا اَبُو بَكْرٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ الْهَاشِمِيُّ قَالَ: سَمِعْتُ اَبِي يُحَدِّثُ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: صَلَّيْتُ خَلْفَ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ صَلَاةً سَهَا بِنَا فِيهَا، فَسَجَدَ بَعْدَ السَّلَامِ، ثُمَّ الْتَفَتَ اِلَيْنَا، فَقَالَ:

حضرت ابوبکر عبداللہ بن صالح الہاشمی فرماتے ہیں کہ میں نے اپنے والد کو فرماتے ہوئے سنا: میں نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کے پیچھے کوئی نماز پڑھی' آپ اس میں بھول گئے اور سلام کے بعد سجدۂ سہو کیا' پھر ہماری طرف متوجہ ہوئے' فرمایا: میں نے ایسے ہی

6515- أخرجه أبو داؤد: المناسك جلد 2 صفحه 148 رقم الحديث: 1741' والبيهقي في الكبرىٰ جلد 5 صفحه 44-45 رقم الحديث: 8926 .

اَمَا اِنِّی لَمْ اَصْنَعْ اِلَّا كَمَا رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَصْنَعُ

کیا ہے جس طرح رسول اللہ ﷺ کرتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ صَالِحِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ اِلَّا وَلَدُهُ، تَفَرَّدَ بِهِ اَبُو الطَّاهِرِ بْنُ السَّرْحِ

یہ حدیث صالح بن علی بن عبداللہ بن عباس سے ان کے والد روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ابوالطاہر بن سرح اکیلے ہیں۔

**6517** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رُزَيْقٍ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ هِشَامٍ السَّدُوسِيُّ، نا عُبَيْدُ بْنُ وَاقِدٍ الْقَيْسِيُّ، ثَنَا يَحْيَى بْنُ اَبِي عَطَاءٍ، عَنْ عُمَيْرِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ اَبِي قُرَادٍ السَّلَمِيِّ قَالَ: كُنَّا عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَدَعَا بِطَهُورٍ، فَغَمَسَ يَدَهُ فِيهِ، ثُمَّ تَوَضَّاَ، فَتَتَبَّعْنَاهُ، فَحَسَوْنَاهُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا حَمَلَكُمْ عَلَى مَا صَنَعْتُمْ؟ قُلْنَا، حُبُّ اللّٰهِ وَرَسُولِهِ قَالَ: فَاِنْ اَحْبَبْتُمْ اَنْ يُحِبَّكُمُ اللّٰهُ وَرَسُولُهُ فَاَدُّوا اِذَا ائْتُمِنْتُمْ، وَاصْدُقُوا اِذَا حَدَّثْتُمْ، وَاَحْسِنُوا جِوَارَ مَنْ جَاوَرَكُمْ

حضرت قرار السلمی فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے پاس تھے' آپ نے وضو کے لیے پانی منگوایا' آپ نے اپنا دست مبارک ڈالا اس میں پھر وضو کیا' ہم نے آپ کی اتباع کی' وہ ہم سے کم ہو گیا' حضور ﷺ نے فرمایا: تم کو ایسا کرنے پر کس نے اُبھارا تھا؟ ہم نے عرض کی: اللہ اور اس کے رسول کی محبت نے! آپ نے فرمایا: اگر تم اللہ اور اس کے رسول سے محبت کرتے ہو تو جب تمہارے پاس امانت رکھی جائے تو اس کو ادا کرو' جب تم بات کرو تو سچ بولو' جو تمہارا پڑوسی ہو اس سے اچھا سلوک کرو۔

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ اَبِي قُرَادٍ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ عُبَيْدُ بْنُ وَاقِدٍ

یہ حدیث ابوقرار سے اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں عبید بن واقد اکیلے ہیں۔

**6518** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رُزَيْقِ بْنِ جَامِعٍ، ثَنَا اَبُو الطَّاهِرِ بْنُ السَّرْحِ، ثَنَا اِدْرِيسُ بْنُ يَحْيَى، عَنْ اَبِي الْاَشِيمِ، عَنْ وَاهِبِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْكَعْبِيِّ، عَنْ

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے اپنے بھائی کو روٹی کھلائی یہاں تک کہ وہ سیر ہو گیا' اس کو پانی پلایا یہاں تک کہ اس

---

**6517**- اسناده فيه: عبيد بن واقد القيسي ضعيف . وانظر مجمع الزوائد جلد4صفحه148 .

**6518**- اسناده فيه: أبو الأشيم هو رجاء بن أبي عطاء متهم بالوضع' قال ابن حبان: يروى عن المصريين الأشياء الموضوعة لا يحل الاحتجاج به بحال . (اللسان جلد 2صفحه456' والمجروحين جلد 1صفحه301' والميزان جلد2صفحه46) . وانظر مجمع الزوائد جلد3صفحه133 .

عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ اَطْعَمَ اَخَاهُ خُبْزًا حَتّٰى يُشْبِعَهُ، وَسَقَاهُ حَتّٰى يَرْوِيَهُ بَعَّدَهُ اللّٰهُ مِنَ النَّارِ سَبْعَ خَنَادِقَ

کی پیاس بجھ گئی' اللہ عزوجل اس کے جہنم سے سات خندقیں دُور کر دے گا۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ اِدْرِيسُ بْنُ يَحْيَى

یہ حدیث عبداللہ بن عمرو سے اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں ادریس بن یحییٰ اکیلے ہیں۔

**6519** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رُزَيْقِ بْنِ جَامِعٍ، ثَنَا اَبُو الطَّاهِرِ بْنُ السَّرْحِ، ثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِي مَخْرَمَةُ بْنُ بُكَيْرٍ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ الْمَلِكِ بْنَ سَارِيَةَ الْعَكِّيَّ، يَقُولُ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ وَاقِدٍ، يَقُولُ: اِنَّ الْيَمِينَ فِي الدَّمِ قَدْ كَانَتْ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت عبدالملک بن ساریہ العکی فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عبداللہ بن واقد رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ خون میں قسم کھانے کی عادت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمانہ میں تھی۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ وَاقِدٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ ابْنُ وَهْبٍ

یہ حدیث عبداللہ بن واقد سے اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں ابن وہب اکیلے ہیں۔

**6520** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رُزَيْقٍ، ثَنَا اَبُو الطَّاهِرِ، ثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، سَمِعْتُهُ يُحَدِّثُ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، اَنَّ رَجُلًا زَنَى بِامْرَاَةٍ، فَاَمَرَ بِهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجُلِدَ الْحَدُّ، ثُمَّ اَخْبَرَ اَنَّهُ قَدْ اُحْصِنَ، فَاَمَرَ بِهِ فَرُجِمَ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک آدمی نے کسی عورت سے زنا کیا' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس کے متعلق حکم دیا' اس کو کوڑے مارے گئے' پھر آپ کو بتایا گیا کہ یہ شادی شدہ ہے' آپ نے اس کو رجم کرنے کا حکم دیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ اِلَّا ابْنُ وَهْبٍ

یہ حدیث ابن جریج سے ابن وہب روایت کرتے ہیں۔

---

**6519**- اسناده فيه: أ- محمد بن رزيق بن جامع المصرى لم أجده . ب - عبد الملك بن سارية لم أجده . وانظر مجمع الزوائد جلد6صفحه294 .

**6520**- أخرجه أبو داؤد: الحدود جلد4صفحه149 رقم الحديث: 4438-4439 .

**6521** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رُزَيْقٍ، ثَنَا اَبُو الطَّاهِرِ، ثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ، اَنَّ زَيْدَ بْنَ اَبِي اُنَيْسَةَ حَدَّثَ اَنَّ اَبَا اِسْحَاقَ حَدَّثَ اَنَّ الْاَسْوَدَ، وَعَلْقَمَةَ حَدَّثَاهُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا نَعْلَمُ شَيْئًا، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قُولُوا فِي كُلِّ جَلْسَةٍ: التَّحِيَّاتُ لِلّٰهِ وَالصَّلَوَاتُ الطَّيِّبَاتُ لِلّٰهِ، سَلَامٌ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، السَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلَى عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِينَ، اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلَهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ تھے ہم کوئی شی نہیں جانتے تھے۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ہر قعدے میں پڑھو! تمام قولی مالی عبادتیں تیرے لیے ہیں اے غیب کی خبریں دینے والے! آپ پر سلام ہو اور اللہ کے نیک بندوں پر سلام ہو! میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے اور میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد اس کے بندے اور اس کے رسول ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ عَلْقَمَةَ اِلَّا زَيْدُ بْنُ اَبِي اُنَيْسَةَ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَبِي اُنَيْسَةَ اِلَّا عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، تَفَرَّدَ بِهِ ابْنُ وَهْبٍ

یہ حدیث ابواسحاق علقمہ سے اور ابواسحاق سے زید بن ابوانیسہ اور زید بن ابوانیسہ سے عمرو بن حارث روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ابن وہب اکیلے ہیں۔

**6522** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رُزَيْقٍ، ثَنَا اَبُو الطَّاهِرِ، ثَنَا سَلَامَةُ بْنُ رَوْحٍ الْاَيْلِيُّ ابْنُ اَخِي عَقِيلِ بْنِ خَالِدٍ، عَنْ عَقِيلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، اَخْبَرَنِي اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ الْاَنْصَارِيُّ قَالَ: بَيْنَمَا اَنَا اَسِيرُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اِذْ هَبَطَتْ بِهِ رَاحِلَتُهُ مِنْ ثَنِيَّةٍ، وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسِيرُ وَحْدَهُ، فَلَمَّا اَسْهَلَتْ بِهِ الطَّرِيقَ ضَحِكَ وَكَبَّرَ،

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ چل رہے تھے اچانک میں مقامِ ثنیہ سے اپنی سواری سے نیچے اُترا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اکیلے چل رہے تھے جب راستے کو پار کرلیا تو آپ مسکرائے اور اللہ اکبر کہا ہم نے بھی اللہ اکبر کہا پھر ہم آپ سے ملے۔ لوگوں نے عرض کی: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! ہم نے آپ کی وجہ سے اللہ اکبر کہا ہم کو معلوم نہیں ہے کہ

**6521**- أخرجه البخاري: الأذان جلد2صفحه373 رقم الحديث: 835، ومسلم: الصلاة جلد 1صفحه301، والنسائي: التطبيق جلد2صفحه189 (باب كيف التشهد الأول؟).

**6522**- اسناده فيه: محمد بن رزيق بن جامع المصري لم أجده. وانظر مجمع الزوائد جلد1صفحه25 .

فَكَبَّرْنَا لِتَكْبِيرِهِ، ثُمَّ سَارَ رَتْوَةً، ثُمَّ ضَحِكَ وَكَبَّرَ، فَكَبَّرْنَا لِتَكْبِيرِهِ، ثُمَّ أَدْرَكْنَاهُ، فَقَالَ الْقَوْمُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، كَبَّرْنَا لِتَكْبِيرِكَ، وَلَا نَدْرِي مِمَّ ضَحِكْتَ قَالَ: قَادَ النَّاقَةَ لِي جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ، فَلَمَّا أَسْهَلَتِ الْتَفَتَ إِلَيَّ، فَقَالَ: أَبْشِرْ وَبَشِّرْ أُمَّتَكَ أَنَّهُ مَنْ قَالَ: لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ دَخَلَ الْجَنَّةَ، وَقَدْ حَرَّمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ النَّارَ، فَضَحِكْتُ وَكَبَّرْتُ، فَفَرِحْتُ بِذَلِكَ لِأُمَّتِي

آپ کیوں مسکرائے؟ آپ نے فرمایا: میری اونٹنی حضرت جبریل علیہ السلام لے کر چل رہے تھے' جب راستہ طے کر لیا تو آپ میری طرف متوجہ ہوئے' عرض کی: آپ کو خوشخبری اور آپ کی اُمت کے لیے خوشخبری! جو لا الٰہ الا اللہ وحدہٗ لاشریک لہٗ پڑھے وہ جنت میں داخل ہوگا' اس پر جہنم کی آگ حرام ہوگی۔ میں مسکرایا اور اللہ اکبر کہا' میں اپنی اُمت کی وجہ سے خوش ہوا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ إِلَّا عَقِيلٌ، وَلَا عَنْ عَقِيلٍ إِلَّا سَلَامَةُ بْنُ رَوْحٍ، تَفَرَّدَ بِهِ أَبُو الطَّاهِرِ

یہ حدیث زہری سے عقیل اور عقیل سے سلامۃ بن روح روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ابوالطاہر اکیلے ہیں۔

**6523** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رُزَيْقِ بْنِ جَامِعٍ، نا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، نا مَعْنُ بْنُ عِيسَى، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ طَهْمَانَ، عَنْ جَابِرٍ الْجُعْفِيِّ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: كَانَ خَاتَمُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَرِقًا كُلُّهُ، ثُمَّ كَانَ عِنْدَ أَبِي بَكْرٍ، ثُمَّ كَانَ عِنْدَ عُمَرَ، ثُمَّ كَانَ عِنْدَ عُثْمَانَ مَا شَاءَ اللّٰهُ، ثُمَّ هَلَكَ عِنْدَ عُثْمَانَ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے' وہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی انگوٹھی مبارک مکمل چاندی کی تھی' پھر وہ حضرت ابوبکر' پھر حضرت عمر کے پاس رہی' پھر جتنا اللہ نے چاہا حضرت عثمان کے پاس رہی' پھر حضرت عثمان کے پاس سے گم ہوگئی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ جَابِرٍ إِلَّا إِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ، تَفَرَّدَ بِهِ مَعْنُ بْنُ عِيسَى

یہ حدیث حضرت جابر سے ابراہیم بن طہمان روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں معن بن عیسیٰ اکیلے ہیں۔

**6524** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رُزَيْقٍ، ثنا أَبُو

حضرت سعید بن رافع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

---

**6523**- أخرجه البخاري: اللباس جلد**10**صفحه**336** رقم الحديث: **5873**' ومسلم: اللباس جلد**3**صفحه**1656** .

**6524**- اسناده فيه: محمد بن رزيق بن جامع المصري لم أجده' وسعيد بن نافع الأنصاري ترجمه البخاري' وابن أبي حاتم' وكستا عنه' وذكره ابن حبان في الثقات . تخريجه أحمد' وأبو يعلى . وانظر مجمع الزوائد جلد**2** صفحه**229** .

الطَّاهِرِ، ثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِی مَخْرَمَةُ بْنُ بُكَيْرٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ نَافِعٍ قَالَ: رَآنِي اَبُو بَشِيرٍ الْاَنْصَارِيُّ صَاحِبُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنَا اُصَلِّي صَلَاةَ الضُّحَى حِينَ طَلَعَتِ الشَّمْسُ، فَعَابَ عَلَيَّ ذٰلِكَ وَنَهَانِي، ثُمَّ قَالَ: اِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تُصَلُّوا حَتَّى تَرْتَفِعَ الشَّمْسُ، فَاِنَّهَا تَطْلُعُ فِي قَرْنِ الشَّيْطَانِ

مجھے حضرت ابوبشیر انصاری صحابیٔ رسول ﷺ نے نمازِ چاشت پڑھتے ہوئے دیکھا' جس وقت سورج طلوع ہوا' آپ نے مجھ پر عیب لگایا اور مجھے منع کیا' پھر فرمایا کہ حضور ﷺ نے فرمایا: سورج کے بلند ہونے تک نماز نہ پڑھو کیونکہ اس وقت سورج شیطان کے سینگ پر طلوع ہوتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ بُكَيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ اِلَّا ابْنُهُ مَخْرَمَةُ، تَفَرَّدَ بِهِ ابْنُ وَهْبٍ، وَلَا يُرْوَى عَنْ اَبِي بَشِيرٍ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ

یہ حدیث بکیر بن عبداللہ سے ان کے بیٹے مخرمہ روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ابن وہب اکیلے ہیں اور حضرت ابوبشیر سے اسی سند سے روایت ہے۔

**6525** - وَبِهِ نا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِي جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ، اَنَّ قَتَادَةَ بْنَ دِعَامَةَ قَالَ: حَدَّثَنِي اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ، اَنَّ رَجُلًا جَاءَ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَدْ تَوَضَّاَ، وَقَدْ تَرَكَ عَلَى قَدَمَيْهِ مِثْلَ مَوْضِعِ الظُّفُرِ، فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ارْجِعْ، فَاَحْسِنْ وُضُوءَكَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی حضور ﷺ کے پاس آیا' اس نے وضو کیا' اپنے دونوں قدموں میں ایک ناخن کی مقدار کے برابر جگہ چھوڑ گیا' حضور ﷺ نے اس کو فرمایا: واپس جاؤ! اچھا وضو کرو!

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ اِلَّا جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ، تَفَرَّدَ بِهِ ابْنُ وَهْبٍ

یہ حدیث قتادہ سے جریر بن حازم روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ابن وہب اکیلے ہیں۔

**6526** - وَبِهِ حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، نا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَالِمٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ اَبِي عَمْرٍو، مَوْلَى

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میں نے مسواک کو ضروری کر لیا یہاں تک کہ

---

**6525**- أخرجه أبو داؤد: الطهارة جلد 1 صفحه 43 رقم الحديث: 173 وقال: هذا الحديث ليس بمعروف (عن جرير بن حازم) ولم يروه الا ابن وهب . وابن ماجة: الطهارة جلد 1 صفحه 218 رقم الحديث: 665، وأحمد: المسند جلد 3 صفحه 180 رقم الحديث: 12495 .

**6526**- اسناده فيه: محمد بن رزيق بن جامع المصرى لم أجده . وانظر مجمع الزوائد جلد 2 صفحه 102 .

الْمُطَّلِبِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَزِمْتُ السِّوَاكَ حَتَّى خَشِيتُ اَنْ يُدْرِدَنِي

مجھے خوف ہوا کہ فرض نہ ہو۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ عَائِشَةَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ ابْنُ وَهْبٍ

یہ حدیث حضرت عائشہ سے اسی سند سے روایت ہے۔اس کو روایت کرنے میں ابن وہب اکیلے ہیں۔

**6527** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رُزَيْقِ بْنِ جَامِعٍ، نا عَمْرُو بْنُ سَوَادٍ السَّرْحِيُّ، ثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِي سَعِيدُ بْنُ اَبِي اَيُّوبَ، عَنْ شَرَاحِيلَ بْنِ يَزِيدَ الْمَعَافِرِيِّ، عَنْ اَبِي عَلْقَمَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ اللّٰهَ يَبْعَثُ لِهَذِهِ الْاُمَّةِ عَلَى رَاْسِ كُلِّ مِائَةِ سَنَةٍ مَنْ يُجَدِّدُ لَهَا دِينَهَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: اللہ عزوجل ہر سو سال کے بعد اس اُمت میں ایک مجدد بھیجے گا جو دین کو ازسرنو زندہ کرے گا۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ ابْنُ وَهْبٍ

یہ حدیث رسول اللہ ﷺ سے اسی سند سے روایت ہے۔اس کو روایت کرنے میں ابن وہب اکیلے ہیں۔

**6528** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رُزَيْقٍ، ثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ الْحِزَامِيُّ، ثَنَا مَعْنُ بْنُ عِيسَى الْقَزَّازُ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ طَهْمَانَ، عَنِ الْحَجَّاجِ بْنِ الْحَجَّاجِ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: اَرَادَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَكْتُبَ اِلَى مُلُوكِ الْعَجَمِ، فَقَالَ لَهُ نَاسٌ مِنَ الْعَجَمِ عِنْدَهُ: اِنَّهُمْ يَا رَسُولَ اللّٰهِ لَا يَقْبَلُونَ كِتَابًا اِلَّا بِخَاتَمٍ، فَاتَّخَذَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے عجم کے بادشاہوں کی طرف خط لکھنے کا ارادہ کیا' آپ کے پاس عجم کے کچھ لوگ تھے' انہوں نے عرض کی: یا رسول اللہ! یہ بادشاہ بغیر مہر کے خط قبول نہیں کرتے ہیں۔آپ نے چاندی کی انگوٹھی بنوائی' گویا ابھی اس کی سفیدی آپ کی ہتھیلی میں دیکھ رہا ہوں' اس میں لکھا ہوا تھا: محمد رسول اللہ!

**6527**- أخرجه أبو داؤد: الملاحم جلد4 صفحه106 رقم الحديث: 4291' والحاكم في المستدرك جلد4 صفحه522 . وقال العجلوني: رواه أبو داؤد' والطبراني في الأوسط بسند رجاله ثقات' والحاكم من حديث ابن وهب وصححه' وقد اعتمد الأئمة هذا الحديث . انظر كشف الخفا جلد1 صفحه282 رقم الحديث: 740 .

**6528**- أخرجه البخاري: اللباس جلد10 صفحه336 رقم الحديث: 5872' ومسلم: اللباس جلد3 صفحه1657 .

خَاتَمًا مِنْ فِضَّةٍ، كَأَنِّي أَنْظُرُ إِلَى بَيَاضِهِ فِي كَفِّهِ، ثُمَّ نَقَشَ فِيهِ: مُحَمَّدٌ رَسُولُ اللّٰهِ

**6529** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رُزَيْقٍ، ثَنَا إِبْرَاهِيمُ، ثَنَا مَعْنٌ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَالَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: أَنَا أَغْنَى الشُّرَكَاءِ عَنِ الشِّرْكِ، فَمَنْ عَمِلَ عَمَلًا أَشْرَكَ فِيهِ غَيْرِي فَأَنَا مِنْهُ بَرِيءٌ وَهُوَ لِلَّذِي أَشْرَكَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل فرماتا ہے: میں شرک کرنے والوں کے شرک سے بے پرواہ ہوں' جس نے کوئی عمل کیا' اس میں میرے علاوہ کسی اور کو شریک ٹھہرایا' میں اس سے بری ہوں' وہ عمل اس کے لیے ہے جس نے شریک ٹھہرایا ہے۔

**6530** - وَبِهِ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ، عَنْ مُطَرِّفِ بْنِ طَرِيفٍ، عَنِ الْحَكَمِ بْنِ عُتَيْبَةَ، عَنِ الْحَسَنِ الْعُرَنِيِّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ حُرَيْثٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ زَيْدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْكَمْأَةُ مِنَ الْمَنِّ، وَمَاؤُهَا شِفَاءٌ لِلْعَيْنِ

حضرت سعید بن زید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: کھنبی' من سے ہے' اس کا پانی آنکھ کے لیے شفاء ہے۔

**6531** - وَبِهِ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ، عَنِ الْحَجَّاجِ بْنِ الْحَجَّاجِ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ خُبَيْبٍ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ عَلِيٍّ السَّهْمِيِّ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: نَهَانَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يَنْتَعِلَ أَحَدُنَا وَهُوَ قَائِمٌ، وَأَنْ يَسْتَنْجِيَ بِعَظْمٍ، أَوْ بِمَا يَخْرُجُ مِنْ بَطْنٍ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کھڑے ہو کر جوتا پہننے اور ہڈی سے استنجاء کرنے اور جو پیٹ سے نکلے اس سے استنجاء کرنے سے منع کرتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ طَهْمَانَ إِلَّا مَعْنُ بْنُ عِيسَى، وَحَفْصُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، إِلَّا

یہ تمام احادیث ابراہیم بن طہمان سے معن بن عیسیٰ اور حفص بن عبداللہ روایت کرتے ہیں۔

---

6529- أخرجه مسلم: الزهد جلد4صفحه2289' وابن ماجة: الزهد جلد2صفحه1405 رقم الحديث: 4202 .

6530- أخرجه البخاري: الطب جلد10صفحه172 رقم الحديث: 5708' ومسلم: الأشربة جلد3صفحه1619 .

6531- أخرجه الترمذي: اللباس جلد4صفحه243 رقم الحديث: 1775' وابن ماجة: اللباس جلد 2صفحه1195 رقم الحديث: 3618 . بلفظ: نهى رسول الله ﷺ أن ينتعل الرجل وهو قائم . وقال الترمذي: حسن غريب .

حَدِيثُ عُرْوَةَ بْنِ عَلِيٍّ، فَإِنَّ يَزِيدَ بْنَ أَبِي حَكِيمٍ قَدْ شَارَكَهُمَا فِي رِوَايَتِهِ

**6532** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رُزَيْقٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ رُمْحٍ، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ أَبِي الْأَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ الْيَهُودَ وَالنَّصَارَى لَا يَصْبُغُونَ، فَخَالِفُوهُمْ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ‘ حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: یہود و نصاریٰ بالوں کو رنگتے نہیں ہیں تم ان کی مخالفت کرو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُرْوَةَ إِلَّا أَبُو الْأَسْوَدِ، تَفَرَّدَ بِهِ ابْنُ لَهِيعَةَ

یہ حدیث عمرو سے ابواسود روایت کرتے ہیں‘ اس کو روایت کرنے میں ابولہیعہ اکیلے ہیں۔

**6533** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رُزَيْقِ بْنِ جَامِعٍ، ثنا الْحُسَيْنُ بْنُ الْفَضْلِ بْنِ أَبِي حُدَيْرَةَ الْمِصْرِيُّ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْبَالِسِيُّ، عَنْ خُصَيْفٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بُنِيَ الْإِسْلَامُ عَلَى شَهَادَةِ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَإِقَامِ الصَّلَاةِ، وَإِيتَاءِ الزَّكَاةِ، وَحَجِّ الْبَيْتِ، وَصَوْمِ رَمَضَانَ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اسلام کی بنیاد لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ کی گواہی دینے پر‘ نماز قائم کرنے‘ زکوٰۃ ادا کرنے‘ بیت اللہ کا حج کرنے اور رمضان کے روزے رکھنے پر ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ خُصَيْفٍ إِلَّا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، تَفَرَّدَ بِهِ الْحُسَيْنُ بْنُ الْفَضْلِ

یہ حدیث خصیف سے عبدالعزیز بن عبدالرحمٰن روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں حسین بن فضل اکیلے ہیں۔

**6534** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رُزَيْقٍ، نا هَارُونُ بْنُ سَعِيدٍ الْأَيْلِيُّ، نا ابْنُ وَهْبٍ، أَخْبَرَنِي مَعْرُوفُ بْنُ

حضرت علی بن رباح رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا

---

**6532**- أخرجه البخاري: أحاديث الأنبياء جلد**6**صفحه**572** رقم الحديث:**3462**‘ ومسلم: اللباس جلد **4** صفحه**1663** .

**6533**- أخرجه البخاري: الايمان جلد**1**صفحه**64** رقم الحديث:**8**‘ ومسلم: الايمان جلد**1**صفحه**45** .

**6534**- أخرجه أحمد: المسند جلد**2**صفحه**457** رقم الحديث:**8543** . بلفظ: ......واياك ودعوة المظلوم .

سُوَيْدٍ الْجُذَامِيُّ، أَنَّهُ سَمِعَ عَلِيَّ بْنَ رَبَاحٍ يَقُولُ: سَمِعْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اتَّقُوا دَعْوَةَ الْمَظْلُومِ

کہ حضور ﷺ نے فرمایا: مظلوم کی بددعا سے بچو!

**6535** - وَبِهِ، قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَحِلُّ ثَمَنُ الْكَلْبِ، وَلَا حُلْوَانُ الْكَاهِنِ، وَلَا مَهْرُ الْبَغِيِّ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: کتے کی کمائی' کاہن کی مٹھائی اور زانیہ کی کمائی حلال نہیں ہے۔

**6536** - وَبِهِ، قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا عَدْوَى، وَلَا طِيَرَةَ، وَالْعَيْنُ حَقٌّ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: کوئی چھوت چھات' کوئی فال نہیں ہے اور نظر برحق ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذِهِ الْأَحَادِيثَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ رَبَاحٍ إِلَّا مَعْرُوفُ بْنُ سُوَيْدٍ، تَفَرَّدَ بِهَا ابْنُ وَهْبٍ

یہ حدیث علی بن رباح سے معروف بن سوید روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ابن وہب اکیلے ہیں۔

**6537** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رُزَيْقٍ، نا عَمْرُو بْنُ سَوَادٍ السَّرْحِيُّ، ثنا ابْنُ وَهْبٍ، أَخْبَرَنِي عَاصِمُ بْنُ حَكِيمٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي عَمْرٍو السَّيْبَانِيِّ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ الْجُهَنِيِّ قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: صَلُّوا فِي مَرَابِضِ الْغَنَمِ، وَلَا تُصَلُّوا فِي أَعْطَانِ الْإِبِلِ

حضرت عقبہ بن عامر الجہنی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: بکریوں کے باندھنے کی جگہ نماز پڑھو' اونٹوں کے باندھنے کی جگہ نماز نہ پڑھو۔

---

**6535**- أخرجه أبو داؤد: البيوع جلد 3 صفحه 277 رقم الحديث: 3484' والنسائي: الصيد جلد 7 صفحه 167 (باب النهي عن ثمن الكلب) وذكره ابن حجر وقال: ورجاله ثقات . انظر تلخيص الحبير جلد 3 صفحه 3 رقم الحديث: 2 .

**6536**- أخرجه البخاري: الطب جلد 10 صفحه 167 رقم الحديث: 5707' ومسلم: السلام جلد 4 صفحه 1743 . بلفظ: لا عدوى ولا طيرة . وأما قوله ﷺ العين حق . أخرجه البخاري: الطب جلد 10 صفحه 213 رقم الحديث: 5740' ومسلم: السلام جلد 4 صفحه 1719 .

**6537**- اسناده فيه: محمد بن رزيق بن جامع المصري لم أجده . تخريجه الطبراني في الكبير' وأحمد . وانظر مجمع الزوائد جلد 2 صفحه 29 .

لَا يُرْوَى هَـذَا الْحَدِيثُ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ ابْنُ وَهْبٍ

یہ حدیث عقبہ بن عامر سے اسی سند سے روایت ہے۔اس کو روایت کرنے میں ابن وہب اکیلے ہیں۔

**6538** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رُزَيْقِ بْنِ جَامِعٍ، نا يُوسُفُ بْنُ الصَّبَّاحِ الْعَطَّارُ الْمِصْرِيُّ، نا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيدِ، ثنا عُمَرُ بْنُ الْمُغِيرَةِ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ أَبِي جَعْفَرٍ، عَنْ أَيُّوبَ السَّخْتِيَانِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي مُلَيْكَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: مَا كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَبُوحُ بِهِ: أَنَا عَلَى إِيمَانِ جِبْرِيلَ وَمِيكَائِيلَ عَلَيْهِمَا السَّلَامُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کثرت سے یہ نہیں کہتے تھے: میں جبریل و میکائیل کے ایمان پر ہوں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَيُّوبَ إِلَّا الْحَسَنُ بْنُ أَبِي جَعْفَرٍ، وَلَا عَنِ الْحَسَنِ إِلَّا عُمَرُ بْنُ الْمُغِيرَةِ، تَفَرَّدَ بِهِ بَقِيَّةُ

یہ حدیث ایوب سے حسن بن ابوجعفر اور حسن سے عمر بن مغیرہ روایت کرتے ہیں۔اس کو روایت کرنے میں بقیہ اکیلے ہیں۔

**6539** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رُزَيْقِ بْنِ جَامِعٍ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ الْحِزَامِيُّ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَعْدٍ الْمُؤَذِّنُ، عَنْ مَالِكِ بْنِ عُبَيْدَةَ الدِّيلِيِّ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوْلَا عِبَادٌ لِلّٰهِ رُكَّعٌ، وَصِبْيَةٌ رُضَّعٌ، وَبَهَائِمُ رُتَّعٌ لَصُبَّ عَلَيْكُمُ الْعَذَابُ صَبًّا، ثُمَّ رُضَّ رَضًّا

حضرت مالک بن عبیدہ الدیلی اپنے والد سے وہ اُن کے دادا سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اگر اللہ کے بندے نماز اور دودھ پینے والے بچے چرنے والے جانور نہ ہوتے تو تم پر ضرور عذاب بھیجا جاتا پھر ذرّہ ذرّہ کر دیا جاتا۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ الدِّيلِيِّ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ

یہ حدیث ابوعبیدہ الدیلی سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں ابراہیم بن منذر اکیلے ہیں۔

---

6538- اسناده فيه: أ- عمر بن المغيره قال البخارى منكر الحديث مجهول (الميزان جلد 3 صفحه 224) . ب- الحسن بن ابى جعفر الجفرى منكر الحديث . وانظر مجمع الزوائد جلد 1 صفحه 67 .

6539- اسناده فيه: عبد الرحمٰن بن سعد ضعيف . وأخرجه أيضًا الطبرانى فى الكبير . وانظر مجمع الزوائد جلد 10 صفحه 230 .

**6540** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رُزَيْقِ بْنِ جَامِعٍ، ثنا الْهَيْثَمُ بْنُ حَبِيبٍ، نا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ عَلِيٍّ الْهِلَالِيِّ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي شِكَاتِهِ الَّتِي قُبِضَ فِيهَا، فَإِذَا فَاطِمَةُ عِنْدَ رَأْسِهِ قَالَ: فَبَكَتْ حَتَّى ارْتَفَعَ صَوْتُهَا، فَرَفَعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طَرْفَهُ اِلَيْهَا فَقَالَ: حَبِيبَتِي فَاطِمَةُ، مَا الَّذِي يُبْكِيكِ؟ قَالَتْ: اَخْشَى الضَّيْعَةَ مِنْ بَعْدِكَ قَالَ: يَا حَبِيبَتِي، اَمَا عَلِمْتِ اَنَّ اللّٰهَ اطَّلَعَ عَلَى الْاَرْضِ اطِّلَاعَةً، فَاخْتَارَ مِنْهَا اَبَاكِ فَبَعَثَهُ بِرِسَالَتِهِ، ثُمَّ اطَّلَعَ عَلَى الْاَرْضِ اطِّلَاعَةً فَاخْتَارَ مِنْهَا بَعْلَكِ، وَاَوْحَى اِلَيَّ اَنْ اُنْكِحَكِ اِيَّاهُ . يَا فَاطِمَةُ، وَنَحْنُ اَهْلُ بَيْتٍ قَدْ اَعْطَانَا اللّٰهُ سَبْعَ خِصَالٍ، لَمْ يُعْطِ اَحَدًا قَبْلَنَا وَلَا تُعْطَى اَحَدٌ بَعْدَنَا: اَنَا خَاتَمُ النَّبِيِّينَ وَاَكْرَمُ النَّبِيِّينَ عَلَى اللّٰهِ، وَاَحَبُّ الْمَخْلُوقِينَ اِلَى اللّٰهِ، وَاَنَا اَبُوكِ، وَوَصِيِّي خَيْرُ الْاَوْصِيَاءِ وَاَحَبُّهُمْ اِلَى اللّٰهِ، وَهُوَ بَعْلُكِ، وَشَهِيدُنَا خَيْرُ الشُّهَدَاءِ وَاَحَبُّهُمْ اِلَى اللّٰهِ، وَهُوَ حَمْزَةُ بْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، وَهُوَ عَمُّ اَبِيكِ وَعَمُّ بَعْلِكِ، وَمِنَّا مَنْ لَهُ جَنَاحَانِ اَخْضَرَانِ، يَطِيرُ فِي الْجَنَّةِ مَعَ الْمَلَائِكَةِ حَيْثُ يَشَاءُ، وَهُوَ ابْنُ عَمِّ اَبِيكِ، وَاَخُو بَعْلِكِ، وَمِنَّا سِبْطَا هَذِهِ الْاُمَّةِ، وَهُمَا ابْنَاكِ الْحَسَنُ، وَالْحُسَيْنُ وَهُمَا سَيِّدَا شَبَابِ اَهْلِ الْجَنَّةِ، وَاَبُوهُمَا وَالَّذِي بَعَثَنِي بِالْحَقِّ خَيْرٌ مِنْهُمَا . يَا فَاطِمَةُ، وَالَّذِي بَعَثَنِي

حضرت علی بن علی الہلالی اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ میں حضورﷺ کے پاس آیا' آپ کی اس بیماری میں جس میں آپ کا وصال ہوا' آپ کے سر کے پاس حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا تشریف فرما تھیں' آپ رو پڑیں' یہاں تک کہ آپ کی آواز اونچی ہوئی' حضورﷺ نے اپنی نگاہ مبارک اُٹھائی' فرمایا: میری لختِ جگر فاطمہ! آپ کیوں رو رہی ہیں؟ حضرت سیدہ نے عرض کی: میں آپ کے بعد کثرتِ مشاغل کا خوف رکھتی ہوں۔ آپ نے فرمایا: اے میری محبوبہ! کیا آپ کو معلوم نہیں کہ اللہ عزوجل نے زمین پر توجہ فرمائی' ان میں سے آپ کے والد کو پسند کیا اور آپ کے والد کو رسالت دے کر بھیجا' پھر زمین پر توجہ فرمائی' اس سے آپ کے شوہر کو پسند کیا اور میری طرف وحی کی کہ اے فاطمہ! تیرا نکاح ان سے کروں! ہم اہل بیت ہیں ہم کو اللہ عزوجل نے سات فضیلتیں عطا کی ہیں' وہ سات خصلتیں ہم سے پہلے اور بعد کسی کو عطا نہیں کی گئی ہیں' میں تمام نبیوں کے آخر میں آیا ہوں' اللہ عزوجل نے تمام انبیاء پر فضیلت دی ہے' اللہ کو تمام مخلوق سے زیادہ محبوب ہوں اور میں آپ کا والد ہوں' میرا وصی تمام وصیوں سے بہتر ہے اور اللہ کو زیادہ محبوب ہے اور وہ آپ کا شوہر ہے۔ ہمارا شہید تمام شہداء سے بہتر ہیں اور اللہ کو زیادہ محبوب ہیں' وہ حضرت حمزہ بن عبدالمطلب ہیں۔ وہ آپ کے باپ اور آپ کے شوہر کے چچا ہیں' ہم میں سے ہے جس کے دو

**6540**- اسناده فيه: الهيثم بن حبيب متروك . وانظر مجمع الزوائد جلد8صفحه256 .

بِالْحَقِّ إِنَّ مِنْهُمَا لَمَهْدِيَّ هَذِهِ الْأُمَّةِ إِذَا صَارَتِ الدُّنْيَا هَرَجَ، وَمَرَجَ، وَتَظَاهَرَتِ الْفِتَنُ، وَتَقَطَّعَتِ السُّبُلُ، وَأَغَارَ بَعْضُهُمْ عَلَى بَعْضٍ، فَلَا كَبِيرَ يَرْحَمُ الصَّغِيرَ، وَلَا صَغِيرَ يُوَقِّرُ الْكَبِيرَ، فَيَبْعَثُ اللَّهُ عِنْدَ ذَلِكَ مِنْهُمَا مَنْ يَفْتَحُ حُصُونَ الضَّلَالَةِ، وَقُلُوبًا غُلْفًا يَهْدِمُهَا هَدْمًا، يَقُومُ بِالدِّينِ فِي آخِرِ الزَّمَانِ كَمَا قُمْتُ بِهِ فِي أَوَّلِ الزَّمَانِ، يَمْلَأُ الدُّنْيَا عَدْلًا كَمَا مُلِئَتْ جَوْرًا . يَا فَاطِمَةُ، لَا تَحْزَنِي وَلَا تَبْكِي، فَإِنَّ اللَّهَ أَرْحَمُ بِكِ وَأَرْأَفُ عَلَيْكِ مِنِّي، وَذَلِكَ لِمَكَانِكِ مِنِّي وَمَوْقِعِكِ مِنْ قَلْبِي، وَزَوَّجَكِ اللَّهُ زَوْجَكِ وَهُوَ أَشْرَفُ أَهْلِ بَيْتِي حَسَبًا، وَأَكْرَمُهُمْ مَنْصِبًا، وَأَرْحَمُهُمْ بِالرَّعِيَّةِ، وَأَعْدَلُهُمْ بِالسَّوِيَّةِ، وَأَبْصَرُهُمْ بِالْقَضِيَّةِ، وَقَدْ سَأَلْتُ رَبِّي أَنْ تَكُونِي أَوَّلَ مَنْ يَلْحَقُنِي مِنْ أَهْلِ بَيْتِي قَالَ عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ: فَلَمَّا قُبِضَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ تَبْقَ فَاطِمَةُ بَعْدَهُ إِلَّا خَمْسَةً وَسَبْعِينَ يَوْمًا حَتَّى أَلْحَقَهَا اللَّهُ بِهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

سبز پَر ہیں، وہ پَر جنت میں فرشتوں کے ساتھ اُڑتا ہے یہاں چاہے، وہ آپ کا چچازاد ہے اور آپ کے شوہر کا بھائی ہے۔ ہم سے اس اُمت میں دو بیٹے ہیں، وہ دونوں آپ کے لختِ جگر حسن وحسین ہیں، دونوں جنتی نوجوانوں کے سردار ہیں، ان دونوں کا باپ ان لوگوں سے بہتر ہے، اے فاطمہ! اس ذات کی قسم جس نے مجھے حق کے ساتھ بھیجا ہے، ان دونوں کی اولاد سے مہدی اس اُمت سے ہو گا، جب دنیا برباد ہوگی، فتنے ہوں گے، راستے ختم ہوں گے، آپس میں قتل و غارت ہوگی، بڑے چھوٹوں پر رحم نہیں کریں گے اور چھوٹے بڑوں کی عزت نہیں کریں گے، اس وقت اللہ عزوجل ان دونوں کی اولاد سے اُس کو بھیجے گا، جو گمراہی کو ختم کرے گا، بند دلوں کو کھول دے گا، آخر زمانہ کے لوگوں میں کھڑا ہوگا، جس طرح میں پہلے لوگوں میں کھڑا ہوا ہوں، دنیا کو حلال سے بھر دے گا جس طرح وہ ظلم سے بھری ہوئی تھی۔ اے فاطمہ! پریشان نہ ہو! اللہ آپ پر رحم کرے گا اور میری وجہ سے نرمی کرے گا، آپ کا مرتبہ میری وجہ سے ہے، آپ کی شادی اللہ عزوجل نے میری اہل بیت میں سے سب سے اچھے صبر والے سے کی ہے، جو منصب میں زیادہ عزت والا ہے، رعیت پر رحم کرنے والا ہے، عدل میں برابری کرنے والا، فیصلہ زیادہ اچھا کرنے والا ہے، میں نے اپنے رب سے مانگا ہے کہ میری اہل بیت سے مجھے سب سے پہلے ملے گی۔ حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جب رسول اللہ ﷺ کا وصال ہوا، حضرت فاطمہ ۷۵ دن زندہ رہی ہیں، اس

کے بعد اللہ عزوجل نے آپ کو آپ کے ساتھ ملا دیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ عَلِيٍّ إِلَّا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ الْهَيْثَمُ بْنُ حَبِيبٍ

یہ حدیث علی بن علی نے سفیان بن عیینہ روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے والے ہشیم بن حبیب اکیلے ہیں۔

**6541** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رُزَيْقِ بْنِ جَامِعٍ، نا عَبْدَةُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيمِ الْمَرْوَزِيُّ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْأَشْعَثِ صَاحِبِ الْفُضَيْلِ بْنِ عِيَاضٍ، نا عِيسَى بْنُ مُوسَى الْغُنْجَارُ، ثنا عُمَرُ بْنُ رَاشِدٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ كَثُرَ كَلَامُهُ كَثُرَ سَقَطُهُ، وَمَنْ كَثُرَ سَقَطُهُ كَثُرَتْ ذُنُوبُهُ، وَمَنْ كَثُرَتْ ذُنُوبُهُ كَانَتِ النَّارُ أَوْلَى بِهِ، فَمَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ فَلْيَقُلْ خَيْرًا أَوْ لِيَصْمُتْ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما' حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جو زیادہ گفتگو کرتا ہے' اس کا غلط زیادہ ہوگا' جس کے غلط زیادہ ہوں گے اس کے گناہ زیادہ ہوں گے' جس کے گناہ زیادہ ہوں گے وہ جہنم میں جلنے کا زیادہ حق دار ہے' جو اللہ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہے' وہ اچھی بات کرے یا خاموش رہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ نَافِعٍ إِلَّا يَحْيَى بْنُ أَبِي كَثِيرٍ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ يَحْيَى إِلَّا عُمَرُ بْنُ رَاشِدٍ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ عُمَرَ إِلَّا الْغُنْجَارُ، وَلَا عَنْ عِيسَى إِلَّا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْأَشْعَثِ، تَفَرَّدَ بِهِ عَبْدَةُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيمِ

یہ حدیث نافع سے یحییٰ بن ابی کثیر اور یحییٰ سے عمر بن راشد اور عمر سے عیسیٰ غنجار اور عیسیٰ سے ابراہیم بن اشعث روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عبدہ بن عبدالرحیم اکیلے ہیں۔

**6542** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رُزَيْقٍ، نا عَبْدَةُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيمِ، نا الْحَارِثُ بْنُ عِمْرَانَ الْجَعْفَرِيُّ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: تَوَضَّأَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّةً مَرَّةً

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ اعضاءِ وضو کو ایک ایک مرتبہ دھویا کرتے تھے۔

---

**6541**- اسناده فيه: أ - ابراهيم بن الأشعث ضعيف (الميزان جلد 1صفحه20) . ب- عمر بن راشد ضعيف . وانظر مجمع الزوائد جلد10صفحه305 .

**6542**- أخرجه الترمذي: الطهارة جلد 1صفحه65 رقم الحديث: 45-46' وابن ماجة: الطهارة جلد 1صفحه143 رقم الحديث: 410 .

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ جَعْفَرٍ إِلَّا الْحَارِثُ بْنُ عِمْرَانَ

یہ حدیث حضرت جعفر سے حارث بن عمران روایت کرتے ہیں۔

**6543** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رُزَيْقٍ، نا عَبْدَةُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيمِ، نا النَّضْرُ بْنُ شُمَيْلٍ، ابنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ فِي الْجَنَّةِ قَصْرًا مِنْ دُرٍّ، لَا صَدْعَ فِيهِ، وَلَا وَهَنَ، أَعَدَّهُ اللَّهُ لِخَلِيلِهِ إِبْرَاهِيمَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جنت میں موتی کا ایک محل ہے' جس میں سردرد کوئی تکلیف نہیں ہو گی' وہ اللہ عزوجل نے حضرت ابراہیم خلیل اللہ کے لیے تیار کیا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سِمَاكٍ إِلَّا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ حَمَّادٍ إِلَّا النَّضْرُ بْنُ شُمَيْلٍ، وَيَزِيدُ بْنُ هَارُونَ

یہ حدیث سماک سے حماد بن سلمہ اور حماد سے نضر بن خلیل اور یزید بن ہارون روایت کرتے ہیں۔

**6544** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رُزَيْقِ بْنِ جَامِعٍ، ثنا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ إِسْحَاقَ الطَّبَرَانِيُّ، نا ضَمْرَةُ بْنُ رَبِيعَةَ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ عَيَّاشٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْوَلِيدِ الزُّبَيْدِيِّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّ أَبَا هِنْدٍ مَوْلَى بَنِي بَيَاضَةَ كَانَ حَجَّامًا يَحْجُمُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ سَرَّهُ أَنْ يَنْظُرَ إِلَى مَنْ صَوَّرَ اللَّهُ الْإِيمَانَ فِي قَلْبِهِ فَلْيَنْظُرْ إِلَى أَبِي هِنْدٍ، وَقَالَ: أَنْكِحُوهُ، وَأَنْكِحُوا إِلَيْهِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ بنی بیاضہ کے غلام ابوہند حضور ﷺ کو پچھنا لگایا کرتے تھے' حضور ﷺ نے فرمایا: جس کو یہ دیکھنا پسند ہو کہ جس کے دل میں اللہ عزوجل ایمان کو پختہ کر دیا ہے' وہ ابوہند کو دیکھے اور فرمایا: اس کا نکاح کرو! اس کا نکاح کیا جائے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ إِلَّا الزُّبَيْدِيُّ

یہ حدیث زہری سے زبیدی روایت کرتے ہیں۔

---

**6543**- اسناده فيه: محمد بن رزيق بن جامع المصرى لم أجده .

**6544**- اسناده فيه: اسماعيل بن عياش صدوق فى روايته عن أهل بلده مخلط فى غيرهم' وفيه من لم أعرفه . وانظر مجمع الزوائد جلد9صفحه380 .

6545 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رُزَيْقِ بْنِ جَامِعٍ، نا عَمْرُو بْنُ سَوَادٍ السَّرْحِيُّ، ثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِي جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ، اَنَّ اَيُّوبَ السَّخْتِيَانِيَّ حَدَّثَهُ، اَنَّ نَافِعًا حَدَّثَهُ، اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ حَدَّثَهُ، اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ سَاَلَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ بِالْجِعْرَانَةِ، بَعْدَ اَنْ رَجَعَ مِنَ الطَّائِفِ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اِنِّي نَذَرْتُ فِي الْجَاهِلِيَّةِ اَنْ اَعْتَكِفَ يَوْمًا فِي الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ، فَكَيْفَ تَرَى؟ قَالَ: اذْهَبْ فَاعْتَكِفْ يَوْمًا . وَكَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ اَعْطَاهُ جَارِيَةً مِنَ الْخُمُسِ، فَلَمَّا اَعْتَقَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَبَايَا النَّاسِ سَمِعَ اَصْوَاتَهُمْ يَقُولُونَ: اَعْتَقَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَسَاَلَ: مَا هَذَا؟ فَقَالُوا: اَعْتَقَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَبَايَا النَّاسِ، فَقَالَ عُمَرُ: اذْهَبْ اِلَى تِلْكَ الْجَارِيَةِ فَخَلِّ سَبِيلَهَا

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضور ﷺ سے پوچھا: آپ اس وقت جعرانہ کے مقام پر تھے‘ طائف سے واپسی پر‘ عرض کی: یارسول اللہ! میں نے جاہلیت میں نذر مانی تھی‘ ایک دن مسجد حرام میں اعتکاف کرنے کی‘ آپ کی کیا رائے ہے؟ آپ نے فرمایا: جاؤ! ایک دن کا اعتکاف کرو! حضور ﷺ نے آپ کو خمس سے ایک لونڈی دی تھی‘ جب رسول اللہ ﷺ نے قیدیوں کو آزاد کیا‘ ان کی آواز سنی کہتے ہوئے کہ ہم کو رسول اللہ ﷺ نے آزاد کیا ہے۔ حضرت عمر نے فرمایا: یہ کیسی آواز ہے؟ لوگوں نے کہا: رسول اللہ ﷺ نے قیدی لوگوں کو آزاد کیا ہے‘ حضرت عمر نے کہا: اس لونڈی کی طرف جاؤ! اس کو آزاد کردو!

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ جَرِيرِ بْنِ حَازِمٍ اِلَّا ابْنُ وَهْبٍ

یہ حدیث حضرت جریر بن حازم سے ابن وہب روایت کرتے ہیں۔

6546 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رُزَيْقِ بْنِ جَامِعٍ، ثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ الضَّيْفِ، ثَنَا عَمْرُو بْنُ عَاصِمٍ الْكِلَابِيُّ، ثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ عَمَّارِ بْنِ اَبِي عَمَّارٍ، عَنْ اَبِي حَبَّةَ الْبَدْرِيِّ قَالَ: كَانَ

حضرت ابوحبہ البدری سے روایت ہے کہ حضور ﷺ حنین کے دن کسی کونے کی طرف نہیں دیکھتے تھے سوائے حضرت ابوسفیان کی لڑائی کے۔ حضور ﷺ نے فرمایا: ابوسفیان میرے خاندان سے بہتر ہے۔

6545- أخرجه البخاري: الاعتكاف جلد4صفحه333 رقم الحديث: 2043 في شطره الأول . ومسلم: الأيمان جلد1صفحه1277 .

6546- اسناده فيه: علي بن زيد (هو ابن جدعان) ضعيف (التقريب) . وأخرجه أيضًا الطبراني في الكبير . وانظر مجمع الزوائد جلد9صفحه277 .

رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ حُنَيْنٍ لَا يَنْظُرُ فِي نَاحِيَةٍ إِلَّا رَأَى أَبَا سُفْيَانَ بْنَ الْحَارِثِ يُقَاتِلُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ أَبَا سُفْيَانَ خَيْرُ أَهْلِي أَوْ: مِنْ خَيْرِ أَهْلِي

**6547** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رُزَيْقٍ، نا هَارُونُ بْنُ سَعِيدٍ الْأَيْلِيُّ، ثَنَا أَنَسُ بْنُ عِيَاضٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، عَنْ أُسَيْدِ بْنِ حُضَيْرٍ قَالَ: كُنْتُ أُصَلِّي فِي لَيْلَةٍ قَمِرَةٍ، وَقَدْ أَوْثَقْتُ فَرَسِي، فَجَالَتْ جَوْلَةً، فَفَزِعْتُ، فَدَخَلْتُ الْبَيْتَ، فَلَمَّا أَصْبَحْتُ ذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: تِلْكَ الْمَلَائِكَةُ جَاءَتْ تَسْمَعُ قِرَاءَتَكَ مِنْ آخِرِ اللَّيْلِ بِسُورَةِ الْبَقَرَةِ وَكَانَ أُسَيْدٌ حَسَنَ الصَّوْتِ

حضرت اُسید بن حضیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں چاندرات کو نماز پڑھ رہا تھا' میرا گھوڑا باندھا ہوا تھا' وہ ڈرنے لگا' میں گھبرایا' میں گھر داخل ہوا' جب میں نے صبح کی' اس بات کا ذکر حضور ﷺ کی بارگاہ میں کیا' آپ نے فرمایا: وہ فرشتہ تھا جو رات کے آخری حصے کو سورۂ بقرہ کی تلاوت سننے کے لیے آیا تھا' حضرت اُسید بن حضیر رضی اللہ عنہ کی آواز بڑی اچھی تھی۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ إِلَّا أَنَسُ بْنُ عِيَاضٍ، تَفَرَّدَ بِهِ هَارُونُ الْأَيْلِيُّ

یہ حدیث عبیداللہ بن عمر سے انس بن عیاض روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ہارون الایلی اکیلے ہیں۔

**6548** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رُزَيْقٍ، نا مُحَمَّدُ بْنُ هِشَامٍ السَّدُوسِيُّ، نا يُوسُفُ بْنُ خَالِدٍ السَّمْتِيُّ، ثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ بِشْرِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي أَوْفَى قَالَ: كَانَ مِنْ دُعَاءِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اللّٰهُمَّ بَرِّدْ قَلْبِي بِالْبَرَدِ وَالثَّلْجِ وَالْمَاءِ الْبَارِدِ، وَنَقِّنِي مِنَ الْخَطَايَا كَمَا نَقَّيْتَ

حضرت عبداللہ بن ابی اوفی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ یہ دعا کرتے تھے: ''اللّٰھم برد قلبی الخ''۔

نے نماز کے لیے اقامت کا حکم دیا' آپ نے نماز پڑھائی۔ پھر عصر کے لیے اذان دی جس وقت آدمی کا سایہ اس سے لمبا ہوگا' حضور ﷺ نے نماز کے لیے اقامت کا حکم دیا پھر آپ نے نماز پڑھائی۔ پھر جس وقت سورج ہوگیا تو آپ نے اذان کا حکم دیا' پھر حضور ﷺ نے نماز کے لیے اقامت کا حکم دیا پھر آپ نے نماز پڑھائی۔ پھر عشاء کے لیے اذان دی جس وقت دن کی سفیدی چلی گئی یعنی شفق' پھر آپ نے حکم دیا تو نماز کے لیے اقامت کہی گئی' پھر آپ نے نماز پڑھائی۔ پھر فجر کے لیے اذان کا حکم دیا جس وقت فجر طلوع ہوئی' اس کے بعد آپ نے نماز کے لیے اقامت کا حکم دیا' پھر آپ نے نماز پڑھائی۔ پھر حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو دوسرے دن جس وقت سورج ڈھل گیا تو اذان کہنے کا حکم دیا' حضور ﷺ نے اس کے بعد اقامت کا حکم دیا اور نماز پڑھائی' پھر مغرب کی اذان دی جس وقت سورج غروب ہوگیا' حضور ﷺ نے نماز مؤخر کی یہاں تک کہ دن ختم ہونے کے قریب تھا' وہ پہلی شفق تھی جو دیکھی' پھر حضور ﷺ نے نماز کے لیے اقامت پڑھنے کا حکم دیا' پھر آپ نے نماز پڑھائی۔ پھر عشاء کی نماز کے لیے اذان دی' جس وقت شفق غائب ہوگئی' ہم سو گئے' پھر کئی مرتبہ اُٹھے' پھر حضور ﷺ ہماری طرف نکلے' آپ نے فرمایا: تمہارے علاوہ کوئی نماز کے انتظار میں نہیں ہے' جب سے تم نماز کا انتظار کر رہے ہو تو کامل نماز میں ہو۔ اگر مجھے اپنی اُمت پر مشقت کا خوف نہ ہوتو میں نمازِ عشاء کو رات

هَـذِهِ الصَّلَاةَ غَيْرُكُمْ، وَإِنَّكُمْ لَنْ تَزَالُوا فِي صَلَاةٍ مَا انْتَظَرْتُمُوهَا، وَلَوْلَا أَنْ أَشُقَّ عَلَى أُمَّتِي لَأَمَرْتُ بِتَأْخِيرِ هَذِهِ الصَّلَاةِ إِلَى نِصْفِ اللَّيْلِ وَأَقْرَبَ مِنْ نِصْفِ اللَّيْلِ، ثُمَّ أَذَّنَ لِلْفَجْرِ، فَأَخَّرَهَا حَتَّى كَادَتِ الشَّمْسُ أَنْ تَطْلُعَ، فَأَمَرَهُ فَأَقَامَ الصَّلَاةَ فَصَلَّى، ثُمَّ قَالَ: الْوَقْتُ فِيمَا بَيْنَ هَذَيْنِ الْوَقْتَيْنِ

تک مؤخر کرنے کا حکم دیتا یا نصف رات کے قریب تک۔ پھر فجر کی نماز کے لیے اذان دی' اس کو سورج نکلنے کے قریب تک مؤخر کیا' اس کے بعد آپ نے نماز کے لیے اقامت پڑھنے کا حکم دیا' نماز کے لیے اقامت پڑھی' آپ نے نماز پڑھائی' پھر فرمایا: ان دونوں وقتوں کے درمیان نماز کے اوقات ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْمُطْعِمِ بْنِ الْمِقْدَامِ إِلَّا رَبَاحُ بْنُ الْوَلِيدِ، تَفَرَّدَ بِهِ: مَرْوَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ

یہ حدیث مطعم بن مقدام سے رباح بن ولید روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں مروان بن محمد اکیلے ہیں۔

**6788** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ هَارُونَ، نَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مَرْوَانَ، نَا أَبِي، نَا سُلَيْمَانُ بْنُ مُوسَى الْكُوفِيُّ، عَنْ فُضَيْلِ بْنِ غَزْوَانَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا مَنَعَ قَوْمٌ الزَّكَاةَ إِلَّا ابْتَلَاهُمُ اللّٰهُ بِالسِّنِينَ

حضرت عبداللہ بن بریدہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو لوگ زکوٰۃ نہیں دیتے ہیں' اللہ عزوجل ان کو قحط سالی میں مبتلا کرتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ فُضَيْلِ بْنِ غَزْوَانَ إِلَّا سُلَيْمَانُ بْنُ مُوسَى، تَفَرَّدَ بِهِ: مَرْوَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ

یہ حدیث فضیل بن غزوان سے سلیمان بن موسیٰ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں مروان بن محمد اکیلے ہیں۔

**6789** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ هَارُونَ، نَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيدِ الْخَلَّالُ، نَا مَرْوَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ، نَا سَعِيدُ بْنُ بَشِيرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ لَكُمْ عَلَى

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ہر شی کا تم پر حق ہے اور ان کا حق تم پر بھی ہے' جب وہ وعدہ کریں تو پورا کریں' جب ان سے رحم مانگا جائے وہ رحم کریں' جب فیصلہ کریں تو عدل کریں' جب

**6788**- اسناده فيه: أ- العباس بن الوليد: صدوق . ب- سليمان بن موسىٰ الزهري: صالح الحديث . ج- فضيل بن مرزوق: صدوق يهم . وقال الحافظ الهيثمي: رجاله ثقات . انظر: مجمع الزوائد (**6813-69**) .

**6789**- اسناده حسن لو لا شيخ الطبراني فلم أجده . فيه: العباس بن الوليد الخلال: صدوق . انظر: التقريب (**3187**) .

قُرَيْشٍ حَقًّا، وَلَهُمْ عَلَيْكُمْ حَقًّا مَا عَاهَدُوا فَوَفَّوْا، وَاسْتُرْحِمُوا فَرَحِمُوا، وَمَا حَكَمُوا فَعَدَلُوا، وَمَا ائْتُمِنُوا فَأَدَّوْا، فَمَنْ لَمْ يَفْعَلْ ذَلِكَ مِنْهُمْ فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللَّهِ وَالْمَلَائِكَةِ وَالنَّاسِ أَجْمَعِينَ

امانت رکھی جائے تو امانت ادا کریں' جو ان میں سے ایسا نہ کرے اس پر اللہ اور فرشتوں اور تمام لوگوں کی لعنت ہو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ إِلَّا سَعِيدُ بْنُ بَشِيرٍ

یہ حدیث حضرت قتادہ سے سعید بن بشیر روایت کرتے ہیں۔

**6790** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ هَارُونَ، ثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيدِ الْخَلَّالُ، ثَنَا زَيْدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ عُبَيْدٍ، نَا سَعِيدُ بْنُ بَشِيرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: آدَمُ فِي السَّمَاءِ الدُّنْيَا، وَعِيسَى وَيَحْيَى فِي الثَّانِيَةِ، وَيُوسُفُ فِي الثَّالِثَةِ، وَإِدْرِيسُ فِي الرَّابِعَةِ، وَهَارُونُ فِي الْخَامِسَةِ، وَمُوسَى فِي السَّادِسَةِ، وَإِبْرَاهِيمُ فِي السَّابِعَةِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: حضرت آدم آسمانِ دنیا میں ہیں' حضرت عیسیٰ و یحییٰ دوسرے آسمان میں ہیں' حضرت یوسف تیسرے آسمان میں حضرت ادریس چوتھے اور حضرت ہارون علیہ السلام پانچویں' حضرت موسیٰ چھٹے حضرت ابراہیم ساتویں آسمان میں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَلَى هَذَا النَّسَقِ عَنْ قَتَادَةَ إِلَّا سَعِيدُ بْنُ بَشِيرٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: زَيْدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ عُبَيْدٍ

یہ حدیث اس طریق پر قتادہ سے سعید بن بشیر روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں زید بن یحییٰ بن عبید روایت کرتے ہیں۔

**6791** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ هَارُونَ، نَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيدِ الْخَلَّالُ، نَا الْوَلِيدُ بْنُ الْوَلِيدِ، نَا سَعِيدُ بْنُ بَشِيرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ، عَنْ نَوْفٍ الْبِكَالِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ

حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: عنقریب ہجرت کے بعد ہجرت ہوگی' زمین والوں میں بہتر وہ ہوگا جو حضرت ابراہیم علیہ السلام کی جائے ہجرت کی طرف ہجرت کرے

---

**6790**- أصله عند البخاري ومسلم من حديث طويل . أخرجه البخاري: التوحيد جلد **13** صفحه **486** رقم الحديث: **7517**' ومسلم: الايمان جلد **1** صفحه **145** واللفظ لمسلم .

**6791**- أخرجه أبو داؤد: الجهاد جلد **3** صفحه **4** رقم الحديث: **2482**' وأحمد: المسند جلد **2** صفحه **267** رقم الحديث: **6885** بنحوه .

الْعَاصِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: سَتَكُونُ هِجْرَةٌ بَعْدَ هِجْرَةٍ، فَخِيَارُ اَهْلِ الْاَرْضِ اِلَى مُهَاجَرِ اِبْرَاهِيمَ عَلَيْهِ السَّلَامُ، يَبْقَى فِيهَا شِرَارُ اَهْلِهَا، تَلْفِظُهُمُ الْاَرْضُ، وَتَقْذَرُهُمْ نَفْسُ اللّٰهِ، فَيَبْعَثُ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ نَارًا تَحْشُرُهُمْ مَعَ الْقِرَدَةِ وَالْخَنَازِيرِ، تَقِيلُ اِذَا قَالُوا، وَتَرُوحُ اِذَا رَاحُوا، وَتَاْكُلُ مَنْ تَخَلَّفَ، وَيُنْشَرُ قَوْمٌ بِالْمَشْرِقِ، كُلَّمَا يَنْشَاُ قَرْنٌ قُطِعَ قَرْنٌ، يَخْرُجُ فِي عِرَاضِهِمُ الدَّجَّالُ

گا' اس میں باقی بدترین لوگ باقی رہیں گے' تو زمین ان کو نگل لے گی' اللہ کی مخلوق ان سے نفرت کرے گی' اللہ عزوجل اس پر آگ بھیجے گا' ان کو بندروں اور خنزیروں کے ساتھ اُٹھائے گا' وہ قیلولہ کریں گے جب وہ قیلولہ کریں گے' آرام کریں گے جب وہ آرام کریں گے' جو پیچھے رہ جائیں گے اس کو کھا جائے گی' مشرق کی طرف لوگ پھیلیں گے' جب دوسرا گروہ پیدا ہوگا' دوسرا گروہ ختم ہوگا' ان کی جگہ میں دجال نکلے گا۔

لَمْ يُدْخِلْ فِي هٰذَا الْحَدِيثِ بَيْنَ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ وَبَيْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو اَحَدًا مِمَّنْ رَوَاهُ عَنْ قَتَادَةَ اِلَّا سَعِيدُ بْنُ بَشِيرٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْوَلِيدُ بْنُ الْوَلِيدِ

اس حدیث میں شہر بن حوشب اور عبداللہ بن عمرو کے درمیان کسی نے داخل نہیں کیا جو قتادہ سے روایت کرتا ہو' سوائے سعید بن بشیر کے۔ اس کو روایت کرنے میں ولید بن ولید اکیلے ہیں۔

**6792** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ هَارُونَ، ثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيدِ، نَا مَرْوَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ، نَا سَعِيدُ بْنُ بَشِيرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ عَاصِمٍ الْاَحْوَلِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَرْجِسٍ قَالَ: اَتَيْتُ اُصَلِّي الْفَجْرَ وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الصَّلَاةِ، فَصَلَّيْتُ رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ دَخَلْتُ فِي الصَّلَاةِ، فَلَمَّا انْصَرَفَ، قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بِاَيِّهِمَا احْتَسَبْتَ، بِالْاُولَيَيْنِ اَمْ بِالْاُخْرَيَيْنِ؟

حضرت عبداللہ بن سرجس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے فجر کی نماز پڑھی اس حالت میں کہ حضور ﷺ نماز پڑھا رہے تھے' میں نے دو رکعتیں پڑھیں' پھر جماعت کے ساتھ شریک ہوا' جب حضور ﷺ نے سلام پھیرا تو آپ ﷺ نے فرمایا: تُو نے کون سی نماز شمار کی ہے' پہلی دو یا آخری دو!

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ اِلَّا سَعِيدُ بْنُ بَشِيرٍ، وَلَا عَنْ سَعِيدٍ اِلَّا مَرْوَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيدِ الْخَلَّالُ

یہ حدیث حضرت قتادہ سے سعید بن بشیر اور سعید سے مروان بن محمد روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں جابر بن ولید الخلال اکیلے ہیں۔

**6793** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ هَارُونَ، نَا مَرْوَانُ

حضرت عبداللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں

---

6793- أخرجه أبو داؤد: الطهارة جلد1 صفحه7 رقم الحديث: 27' والترمذي: الطهارة جلد1 صفحه32 رقم الحديث: 21

بْنُ مُحَمَّدٍ، نَا سَعِيدُ بْنُ بَشِيرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُغَفَّلٍ قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَبُولَ الرَّجُلُ فِي مُغْتَسَلِهِ، وَقَالَ: اِنَّهُ يُوَرِّثُ الْوَسْوَاسَ

کہ حضور ﷺ نے غسل کرنے والی جگہ پر پیشاب کرنے سے منع فرمایا' اس سے وسوسے پیدا ہوتے ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ اِلَّا سَعِيدُ بْنُ بَشِيرٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: مَرْوَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ وَرَوَاهُ سَعِيدُ بْنُ اَبِي عَرُوبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي الْحَسَنِ

یہ حدیث قتادہ' حسن سے اور قتادہ' سعید بن بشیر روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں مروان بن محمد اکیلے ہیں۔ اس حدیث کو سعید بن ابوعروبہ' قتادہ سے وہ سعید بن ابوالحسن سے روایت کرتے ہیں۔

**6794** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ هَارُونَ، نَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيدِ الْخَلَّالُ، نَا زَيْدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ عُبَيْدٍ، نَا سَعِيدُ بْنُ بَشِيرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ مُعَاوِيَةَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ يُرِدِ اللّٰهُ بِهِ خَيْرًا يُفَقِّهْهُ فِي الدِّينِ

حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس کے ساتھ اللہ عزوجل بھلائی کا ارادہ کرتا ہے' اس کو دین کی سمجھ دے دیتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ اِلَّا سَعِيدُ بْنُ بَشِيرٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: زَيْدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ عُبَيْدٍ

یہ حدیث قتادہ سے سعید بن بشیر روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں زید بن یحییٰ بن عبید اکیلے ہیں۔

**6795** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارٍ، نَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيدِ الْخَلَّالُ، نَا الْوَلِيدُ بْنُ الْوَلِيدِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ بَشِيرٍ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: رات و دن سورج و چاند کو گالیاں نہ دو! کیونکہ یہ چیزیں ایک قوم کے لیے رحمت' دوسروں کے لیے

---

وقال: غريب، ولا نعرفه مرفوعًا الا من حديث أشعث بن عبد الله . ويقال: أشعث الأعمى (ويعقب) الشيخ أحمد شاكر بأن أشعث ثقة والاسناد صحيح . والنسائي: الطهارة جلد 1 صفحه 33 (باب كراهية البول في المستحم) . وابن ماجة: الطهارة جلد 1 صفحه 111 رقم الحديث: 304 .

**6794**- أخرجه البخاري: الخمس جلد 6 صفحه 250 رقم الحديث: 3116، ومسلم: الامارة جلد 3 صفحه 1524 رقم الحديث: 175 .

**6795**- اسناده فيه: سعيد بن بشير: ضعيف . انظر: التقريب (2267) . ومجمع الزوائد (7418) .

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تَسُبُّوا اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ، وَلَا الشَّمْسَ وَلَا الْقَمَرَ، وَلَا الرِّيَاحَ، فَإِنَّهَا رَحْمَةٌ لِقَوْمٍ وَعَذَابٌ لِآخَرِينَ

عذاب ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ إِلَّا سَعِيدُ بْنُ بَشِيرٍ

یہ حدیث ابوزبیر سے سعید بن بشیر روایت کرتے ہیں۔

**6796** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ هَارُونَ، نَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيدِ الْخَلَّالُ، ثَنَا عُمَرُ بْنُ عَبْدِ الْوَاحِدِ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ الْمُنْذِرِ، عَنْ مَكْحُولٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ أَبِي رَبَاحٍ: أَنَّهُ سَأَلَ عَائِشَةَ: هَلْ رُخِّصَ لِلنِّسَاءِ أَنْ يُصَلِّينَ عَلَى الدَّوَابِّ؟، فَقَالَتْ: لَمْ يُرَخَّصْ لَهُنَّ فِي ذَلِكَ، فِي شِدَّةٍ وَلَا رَخَاءٍ

حضرت عطاء بن ابورباح سے روایت ہے کہ انہوں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے پوچھا: کیا عورتوں کے لیے اجازت ہے کہ وہ سواریوں پر نماز پڑھیں؟ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: ان کے تنگی وآسانی میں کوئی گنجائش نہیں ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَكْحُولٍ إِلَّا النُّعْمَانُ بْنُ الْمُنْذِرِ

یہ حدیث مکحول سے نعمان بن منذر روایت کرتے ہیں۔

**6797** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ هَارُونَ، ثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيدِ الْخَلَّالُ، نَا زَيْدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ عُبَيْدٍ، نَا مُحَمَّدُ بْنُ رَاشِدٍ، حَدَّثَنِي مَكْحُولٌ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ أَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّهُ خَطَبَ إِلَى نُعَيْمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْعَدَوِيِّ النَّحَّامِ ابْنَتَهُ، وَكَانَتْ بِكْرًا، فَقَالَ لَهُ نُعَيْمٌ: إِنَّ عِنْدِي يَتِيمًا لَسْتُ مُؤْثِرًا عَلَيْهِ أَحَدًا، فَخَرَجَتْ أُمُّ الْجَارِيَةِ امْرَأَةُ نُعَيْمٍ حَتَّى أَتَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَخْبَرَتْهُ ذَلِكَ، وَأَخْبَرَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِكَرَاهِيَتِهَا وَابْنَتِهَا الْيَتِيمَ، فَبَعَثَ النَّبِيُّ صَلَّى

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ انہوں نے نعیم بن عبداللہ العدوی کی طرف اس کی بیٹی سے نکاح کا پیغام بھیجا' وہ لڑکی کنواری تھی' نعیم نے ان کو کہا: میرے پاس ایک یتیم لڑکی ہے' اس پر کسی کو ترجیح نہیں دیتا ہوں' حضرت نعیم کی بیوی اُم جاریہ نکلیں' یہاں تک کہ نبی کریم ﷺ کے پاس آئیں۔ آپ کو بتایا' حضور ﷺ کو بتایا' اپنی ناپسندیدگی اور یتیم بیٹی کے متعلق' حضور ﷺ نے اس کے باپ کی طرف پیغام بھیجا' آپ نے فرمایا: اس کو بھی راضی کر اور اس کی بیٹی کو بھی راضی کر۔

6796- أخرجه أبو داؤد: الصلاة جلد2صفحه9 رقم الحديث: 1228 .

6797- أخرجه البيهقي في الكبرى جلد7صفحه187 رقم الحديث: 13665 .

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى اَبِيهَا، فَقَالَ: اَرْضِهَا وَاَرْضِ ابْنَتَهَا

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَكْحُولٍ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ رَاشِدٍ

یہ حدیث مکحول سے محمد بن راشد روایت کرتے ہیں۔

**6798** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ هَارُونَ، ثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيدِ الْخَلَّالُ، ثَنَا مَرْوَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثَنَا مَسْلَمَةُ الْمُعَدِّلُ، مِنْ اَهْلِ دَارِيَّا، عَنْ عُمَيْرِ بْنِ هَانِءٍ، عَنْ اَبِي الْعَذْرَاءِ، عَنْ اُمِّ الدَّرْدَاءِ، عَنْ اَبِي الدَّرْدَاءِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَجِلُّوا اللّٰهَ يَغْفِرْ لَكُمْ يَعْنِي: اَسْلِمُوا لِلّٰهِ،

حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اسلام لاؤ! اللہ تم کو بخش دے گا!

لَمْ يَقُلْ فِي هٰذَا الْحَدِيثِ عَنْ اَبِي الْعَذْرَاءِ: عَنْ اُمِّ الدَّرْدَاءِ اَحَدٌ رَوَاهُ عَنْ عُمَيْرِ بْنِ هَانِءٍ اِلَّا مَسْلَمَةُ الْمُعَدِّلُ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ مَسْلَمَةَ اِلَّا مَرْوَانُ وَرَوَاهُ ابْنُ ثَوْبَانَ، عَنْ عُمَيْرِ بْنِ هَانِءٍ، عَنْ اَبِي الْعَذْرَاءِ، عَنْ اَبِي الدَّرْدَاءِ

اس حدیث میں ابوعذراء حضرت اُم الدرداء سے روایت کرتے ہیں' یہ بات کسی نے نہیں کہی ہے۔ اس حدیث کو عمیر بن ہانی' مسلمہ مُعدّل سے اور مسلمہ سے مروان روایت کرتے ہیں۔ اس حدیث کو ابن ثوبان' عمیر بن ہانی سے' وہ ابوالعزراء سے' وہ ابوالدرداء سے روایت کرتے ہیں۔

**6799** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ هَارُونَ، نَا الْوَلِيدُ بْنُ عُتْبَةَ، نَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، ثَنَا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ ثَابِتِ بْنِ ثَوْبَانَ، عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ الْجَزَرِيِّ، عَنْ زِيَادِ بْنِ اَبِي مَرْيَمَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَعْقِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ندامت ایک قسم کی توبہ ہے۔

---

**6798**- اسناده فيه: صابر بن مرزوق الجدى: مجهول' قاله أبو حاتم . انظر: لسان الميزان جلد 2 صفحه 88 . وانظر: مجمع الزوائد جلد 10 صفحه 214 .

**6799**- أخرجه ابن ماجة: الزهد جلد 2 صفحه 1420 رقم الحديث: 4252' وأحمد: المسند جلد 1 صفحه 490 رقم الحديث: 3567 .

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: النَّدَمُ تَوْبَةٌ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ ثَوْبَانَ إِلَّا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْوَلِيدُ بْنُ عُتْبَةَ

یہ حدیث ابن ثوبان سے ولید بن مسلم روایت کرتے ہیں۔اس کو روایت کرنے میں ولید بن عقبہ اکیلے ہیں۔

**6800** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ هَارُونَ، ثنا الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيدِ الْخَلَّالُ، نَا الْوَلِيدُ بْنُ الْوَلِيدِ، ثنا ابْنُ ثَوْبَانَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ الْجَنَّةَ تَزَخْرَفَتْ لِرَمَضَانَ مِنْ رَأْسِ الْحَوْلِ إِلَى الْحَوْلِ، فَإِذَا كَانَ أَوَّلُ يَوْمٍ مِنْ رَمَضَانَ هَبَّتْ رِيحٌ مِنْ تَحْتِ الْعَرْشِ، فَصَفَقَتْ وَرَقَ الْجَنَّةِ عَنِ الْحُورِ الْعِينِ، فَقُلْنَ: يَا رَبِّ، اجْعَلْ لَنَا مِنْ عِبَادِكَ أَزْوَاجًا تَقَرُّ بِهِنَّ أَعْيُنُنَا، وَتَقَرُّ أَعْيُنُهُمْ بِنَا

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جنت کو ایک سال سے لے کر دوسرے سال تک سجایا جاتا ہے جب رمضان کا پہلا دن ہوتا ہے تو عرش کے نیچے سے ہوا آتی ہے جنت کے پتوں سے ٹکراتی ہے وہ پڑھتی ہے: اے رب! یہ رمضان کے وزے رکھنے والے ہمارے شوہر بنادے! ان کے ذریعے ہماری آنکھیں ٹھنڈی کر۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ ثَوْبَانَ إِلَّا الْوَلِيدُ بْنُ الْوَلِيدِ

یہ حدیث ابن ثوبان سے ولید بن ولید روایت کرتے ہیں۔

**6801** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ هَارُونَ، نَا أَبِي، نَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى بْنِ سُمَيْعٍ، ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَأْتِينِي أَحَدُكُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ بِبَعِيرٍ يَحْمِلُهُ عَلَى رَقَبَتِهِ لَهُ رُغَاءٌ، فَيَقُولُ: يَا مُحَمَّدُ، فَأَقُولُ: لَا أَمْلِكُ لَكَ شَيْئًا، قَدْ بَلَّغْتُ . لَا يَأْتِينِي أَحَدُكُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ بِشَاةٍ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ تم میں کوئی قیامت کے دن اس حالت میں نہ آئے کہ وہ اپنی گردن پر اونٹ اُٹھائے ہوئے ہو وہ اس پر آوازیں دے رہا ہو وہ کہے: اے محمد! میں کہوں: میں تمہارے لیے کسی شی کا مالک نہیں ہوں میں نے پیغام پہنچا دیا تم میں سے کوئی میرے پاس اس حالت میں نہ آئے کہ اس نے اپنی گردن پر بکری اُٹھائی

**6800**- عزاه الحافظ الهيثمي للكبير وقال: فيه الوليد بن الوليد القلانسي . وثقه أبو حاتم وضعفه جماعة . انظر: مجمع الزوائد جلد4صفحه145' لسان الميزان جلد6صفحه228 .

**6801**- أخرجه البخاري: الزكاة جلد3صفحه314رقم الحديث:1402' ومسلم: الامارة جلد3صفحه1461 .

يَحْمِلُهَا عَلَى رَقَبَتِهِ لَهَا يُعَارٌ، فَيَقُولُ: يَا مُحَمَّدُ، فَأَقُولُ: لَا أَمْلِكُ لَكَ شَيْئًا، قَدْ بَلَّغْتُ

ہو اور وہ اس پر آوازیں نکال رہی ہو۔ وہ کہے: اے محمد! میں کہوں گا: میں تمہارے لیے کسی شی کا مالک نہیں ہوں' میں نے پیغام پہنچا دیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ إِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى بْنِ سُمَيْعٍ

یہ حدیث عبداللہ بن عمر سے محمد بن عیسیٰ بن سمیع روایت کرتے ہیں۔

**6802** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ هَارُونَ، نَا الْعَبَّاسُ بْنُ عُثْمَانَ الْمُعَلِّمُ الدِّمَشْقِيُّ، ثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، حَدَّثَنِي أَبُو دَاوُدَ سُلَيْمَانُ بْنُ مُوسَى الْكُوفِيُّ، نَا دَلْهَمُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ مَسْرُوقٍ، أَنَّهُ دَخَلَ عَلَى عَائِشَةَ، يَوْمَ عَرَفَةَ، فَقَالَ: اسْقُونِي، فَقَالَتْ عَائِشَةُ: يَا غُلَامُ، اسْقِهِ عَسَلًا، ثُمَّ قَالَتْ: وَمَا أَنْتَ يَا مَسْرُوقُ بِصَائِمٍ؟ قَالَ: لَا، إِنِّي أَتَخَوَّفُ أَنْ يَكُونَ يَوْمَ الْأَضْحَى، فَقَالَتْ عَائِشَةُ: لَيْسَ ذَلِكَ، إِنَّمَا يَوْمُ عَرَفَةَ يَوْمَ يَعْرِفُ الْإِمَامُ، وَيَوْمُ النَّحْرِ يَوْمَ يَنْحَرُ الْإِمَامُ، أَوَ مَا سَمِعْتَ يَا مَسْرُوقُ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَعْدِلُهُ بِصِيَامِ أَلْفِ يَوْمٍ؟

حضرت ابواسحاق فرماتے ہیں کہ حضرت مسروق' حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس آئے عرفہ کے دن' عرض کی: مجھے پانی پلاؤ! حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: اے غلام! اس کو شہد پلاؤ! پھر حضرت عائشہ نے فرمایا: اے مسروق! آپ نے روزہ نہیں رکھا؟ حضرت مسروق نے عرض کی: میں ڈر گیا کہ یہ عید کا دن نہ ہو! حضرت عائشہ نے فرمایا: ایسے نہیں ہے' عرفہ کا دن جان لیا جاتا ہے' امام کے اعلان کرنے سے اور نحر کا دن امام کے نحر کرنے سے معلوم کیا جا سکتا ہے۔ اے مسروق! کیا آپ نے سنا نہیں ہے کہ حضور ﷺ اس دن کے روزے کو ہزار دن کے روزہ کے برابر قرار دیتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ إِلَّا دَلْهَمُ بْنُ صَالِحٍ، وَلَا عَنْ دَلْهَمٍ إِلَّا سُلَيْمَانُ بْنُ مُوسَى، تَفَرَّدَ بِهِ: الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ

یہ حدیث ابواسحاق سے دلھم بن صالح اور دلھم سے سلیمان بن موسیٰ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ولید بن مسلم اکیلے ہیں۔

**6803** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ هَارُونَ، نَا الْعَبَّاسُ بْنُ عُثْمَانَ الْمُعَلِّمُ، نَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، نَا

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے بیٹی' پوتی' حقیقی بہن کے لیے وارثت

---

**6802**- اسناده فيه: دلهم بن صالح الكندي: ضعيف . وانظر: مجمع الزوائد جلد3صفحه192 .

**6803**- أخرجه البخاري: الفرائض جلد 12صفحه18 رقم الحديث: 6736' وأبو داؤد: الفرائض جلد 3صفحه120 رقم الحديث: 2890' والترمذي: الفرائض جلد4صفحه415 رقم الحديث: 2093 .

شَيْبَانُ اَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ مِهْرَانَ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي قَيْسٍ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ ثَرْوَانَ، عَنْ هُزَيْلِ بْنِ شُرَحْبِيلَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: قَضَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي بِنْتٍ، وَبِنْتِ ابْنٍ، وَاُخْتٍ لِاَبٍ وَاُمٍّ: اَنَّ لِلْابْنَةِ النِّصْفَ، وَلِابْنَةِ الِابْنِ السُّدُسَ، وَلِلْاُخْتِ مَا بَقِيَ

مقرر کی کہ بیٹی کے لیے نصف' پھوپھی کے لیے سدس' بہن کے لیے جو باقی بچ جائے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْاَعْمَشِ اِلَّا شَيْبَانُ، وَعَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، تَفَرَّدَ بِهِ عَنْ شَيْبَانَ: الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ

یہ حدیث اعمش سے شیبان اور علی بن مسعر روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں شیبان الولید بن مسلم روایت کرتے ہیں۔

**6804** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ هَارُونَ، نَا عُثْمَانُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ الدِّمَشْقِيُّ، ثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، نَا ابْنُ جُرَيْجٍ، عَنْ اَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فِي بَيْضَةِ نَعَامٍ: صِيَامُ يَوْمٍ اَوْ اِطْعَامُ مِسْكِينٍ يَعْنِي: الْمُحْرِمَ،

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ شترمرغ کے انڈے کے بارے میں آپ سے پوچھا گیا' ایک دن کا روزہ یا مسکین کو کھانا کھلانا' یعنی احرام والے آدمی کا' یعنی اگر احرام والا آدمی' شترمرغ کا انڈہ توڑے تو ایک روزہ رکھے یا ایک مسکین کو کھانا کھلائے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي الزِّنَادِ اِلَّا ابْنُ جُرَيْجٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ

اس حدیث کو ابوزناد سے صرف ابن جریج نے روایت کیا' ولید بن مسلم اس کے ساتھ اکیلے ہیں۔

**6805** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ هَارُونَ، نَا الْعَبَّاسُ بْنُ عُثْمَانَ الْمُعَلِّمُ، نَا مُحَمَّدُ بْنُ شُعَيْبِ بْنِ شَابُورَ، اَخْبَرَنِي عِيسَى بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ اَبِيهِ ابْنِ عُمَرَ،

حضرت سالم بن عبداللہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ جب کسی کارندے کو صدقات پر بھیجتے' آپ زکوٰۃ لینے کا حکم دیتے کہ ان سے لے کر قریبی رشتہ داروں کو دیا جائے' پہلے پہلے درجہ پر' اگر قریبی نہ ہو تو رشتے داروں کو دیا جائے' پھر محلہ اور ان کے علاوہ

---

**6804**- أخرجه ابن ماجة: المناسك جلد2صفحه1031 رقم الحديث:3086 . في الزوائد: في اسناده على بن عبد العزيز: مجهول . وأبو المهزم' اسمه يزيد بن أبي سفيان: ضعيف .

**6805**- اسناده فيه: عثمان بن عبد الرحمن بن عمر بن سعد الوقاص: متروك . وانظر: مجمع الزوائد جلد3صفحه90 .

عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَنَّهُ كَانَ اِذَا بَعَثَ السُّعَاةَ عَلَى الصَّدَقَاتِ اَمَرَهُمْ بِمَا اَخَذُوا مِنَ الصَّدَقَاتِ، اَنْ يُجْعَلَ فِي ذَوِي قَرَابَةِ مَنْ اُخِذَ مِنْهُمْ، الْاَوَّلِ فَالْاَوَّلِ، فَاِنْ لَمْ يَكُنْ لَهُ قَرَابَةٌ، فَلِاَوْلَى الْعَشِيرَةِ، ثُمَّ لِذَوِي الْحَاجَةِ مِنَ الْجِيرَانِ وَغَيْرِهِمْ

والوں کو جو ضرورت مند ہوں ان کو دے دیا جائے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ اِلَّا عُثْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْوَقَّاصِيُّ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ عُثْمَانَ اِلَّا عِيسَى بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ شُعَيْبٍ

یہ حدیث زہری سے عثمان بن عبدالرحمٰن الوقاص اور حضرت عثمان سے عیسیٰ بن عبداللہ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں محمد بن شعیب اکیلے ہیں۔

**6806** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ هَارُونَ، نَا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، نَا يَحْيَى بْنُ حَمْزَةَ، عَنِ الْوَضِينِ بْنِ عَطَاءٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ مَرْثَدٍ، عَنْ اَبِي ذَرٍّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ اَحْسَنَ فِيمَا بَقِيَ غُفِرَ لَهُ مَا مَضَى، وَمَنْ اَسَاءَ فِيمَا بَقِيَ اُخِذَ بِمَا مَضَى وَمَا بَقِيَ

حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے بقیہ زندگی میں اچھے اعمال کیے اس کے پہلے گناہ معاف کیے جائیں گے جس نے بقیہ زندگی میں برے اعمال کیے جو پہلے گناہ کیے تھے اور جو بقیہ میں کیے کی وجہ سے پکڑا جائے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْوَضِينِ بْنِ عَطَاءٍ اِلَّا يَحْيَى بْنُ حَمْزَةَ

یہ حدیث وضین بن عطاء سے یحییٰ بن حمزہ روایت کرتے ہیں۔

**6807** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ هَارُونَ، نَا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، نَا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيدِ، حَدَّثَنِي ضُبَارَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ السَّلِيلِ، عَنْ دُوَيْدِ بْنِ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، اَنَّ اَبَا قَتَادَةَ بْنَ رِبْعِيٍّ، اَخْبَرَهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَالَ اللّٰهُ: اِنِّي فَرَضْتُ عَلَيْكَ

حضرت ابوقتادہ بن ربعی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل فرماتا ہے کہ میں نے آپ پر پانچ نمازیں فرض کی ہیں اور مجھ سے وعدہ کیا کہ جس نے ان پر ہمیشگی کی وقت پر ادا کیا اس کو جنت میں داخل کروں گا۔

---

6806- قال الحافظ الهيثمي: اسناده حسن . انظر: مجمع الزوائد جلد10صفحه205 .

6807- أخرجه أبو داؤد: الصلاة جلد 1صفحه114 رقم الحديث: 430، وابن ماجة: الاقامة جلد 1صفحه450 رقم الحديث: 1403 . في الزوائد: في اسناده نظر من أجل ضبارة ودويد .

خَمْسَ صَلَوَاتٍ، وَعَهِدْتُ عِنْدِي عَهْدًا، أَنَّهُ مَنْ حَافَظَ عَلَيْهِنَّ لِوَقْتِهِنَّ أَدْخَلْتُهُ الْجَنَّةَ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ إِلَّا دُوَيْدُ بْنُ نَافِعٍ، وَلَا عَنْ دُوَيْدٍ إِلَّا ضُبَارَةُ، تَفَرَّدَ بِهِ: بَقِيَّةُ

یہ حدیث زہری سے دوید بن نافع اور دوید سے جنادہ روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں بقیہ اکیلے ہیں۔

**6808** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ هَارُونَ، نَا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، نَا عُمَرُ بْنُ صَالِحٍ الْأَزْدِيُّ، نَا أَبُو جَمْرَةَ نَصْرُ بْنُ عِمْرَانَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: كَتَبَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى حَيٍّ مِنَ الْعَرَبِ يَدْعُوهُمْ إِلَى الْإِسْلَامِ، فَلَمْ يَقْبَلُوا الْكِتَابَ، وَرَجَعُوا إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَخْبَرُوهُ، فَقَالَ: أَمَا إِنِّي لَوْ بَعَثْتُ بِهِ إِلَى قَوْمٍ بِشَطِّ عُمَانَ مِنْ أَزْدِ شَنُوءَةَ وَأَسْلَمَ لَقَبِلُوهُ، ثُمَّ بَعَثَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى الْجُلَنْدَاءِ يَدْعُوهُ إِلَى الْإِسْلَامِ فَقَبِلَهُ، وَأَسْلَمَ، وَبَعَثَ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِهَدِيَّةٍ، فَقَدِمَتْ وَقَدْ قُبِضَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَجَعَلَ أَبُو بَكْرٍ الْهَدِيَّةَ مَوْرُوثًا، وَقَسَمَهَا بَيْنَ فَاطِمَةَ وَبَيْنَ الْعَبَّاسِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے عرب کے کسی قبیلہ کی طرف خط لکھا' ان کو اسلام لانے کی دعوت دی' انہوں نے خط قبول نہ کیا' واپس حضور ﷺ کے پاس لایا گیا' آپ کو بتایا گیا تو آپ نے فرمایا: اگر میں یہ خط قبیلہ عمار کی طرف بھیجتا اور قبیلہ اسلم کی طرف تو وہ ضرور قبول کرتے۔ پھر حضور ﷺ نے جلنداء کی طرف بھیجا اور ان کو اسلام لانے کی دعوت دی' انہوں نے اسلام قبول کیا اور رسول اللہ ﷺ کی طرف ہدیہ بھیجا' وہ ہدیہ لایا گیا تو حضور ﷺ کا وصال ہو گیا تھا' حضرت ابوبکر نے یہ ہدیہ حضور ﷺ کی وراثت قرار دیا' یہ وراثت حضرت فاطمہ اور عباس کے درمیان تقسیم کردی گئی۔

**6809** - وَبِهِ: عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَدِمَ عَلَى

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ

6808- اسناده فيه: عمر بن صالح البصری: متروك . انظر: لسان الميزان جلد4صفحه313 . والحديث أخرجه الطبرانی فی الكبير جلد12صفحه222' وابن عدی فی الكامل جلد 5صفحه1688 . وانظر: مجمع الزوائد جلد10 صفحه53 .

6809- أخرجه الطبرانی فی الكبير جلد12صفحه222 رقم الحديث: 12948 . وقال الحافظ الهيثمی فی المجمع جلد10صفحه53: وفيه عمرو (عمر) بن صالح الأزدی وهو متروك .

رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَرْبَعُمِائَةٍ مِنْ دَوْسٍ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَرْحَبًا اَحْسَنَ النَّاسِ وُجُوهًا، وَاَطْيَبَهُمْ اَفْوَاهًا، وَاَعْظَمَهُمْ اَمَانَةً

حضور ﷺ کے پاس قبیلہ دوس کے چار سو افراد آئے' حضور ﷺ نے فرمایا: خوش آمدید! لوگوں میں سب سے اچھے وہ ہیں جن کے چہرے اچھے ہوں' منہ کے میٹھے ہوں اور سب سے بڑے امانت دار ہوں۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنْ اَبِي جَمْرَةَ اِلَّا عُمَرُ بْنُ صَالِحٍ

یہ دونوں حدیثیں ابوحمزہ سے عمر بن صالح روایت کرتے ہیں۔

**6810** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ هَارُونَ، نَا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، نَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ يُونُسَ بْنِ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ مُصْعَبِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ قُتِلَ دُونَ مَالِهِ فَهُوَ شَهِيدٌ

حضرت مصعب بن سعد اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جو مال کی حفاظت کرتے ہوئے مارا جائے' وہ شہید ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ اِلَّا ابْنُهُ يُونُسُ، تَفَرَّدَ بِهِ: اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ

یہ حدیث ابواسحاق سے ان کے بیٹے یونس روایات کرتے ہیں۔ ان سے روایت کرنے میں اسماعیل بن عیاش اکیلے ہیں۔

**6811** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ هَارُونَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ بَكَّارٍ، نَا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، نَا شُعَيْبُ بْنُ اِسْحَاقَ، نَا سَعِيدُ بْنُ اَبِي عَرُوبَةَ، عَنْ خَالِدِ بْنِ مَيْمُونٍ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنِ الْاَسْوَدِ بْنِ هِلَالٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ: اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ دائیں اور بائیں جانب سلام پھیرتے' ایسے کہ آپ کے رخسار کی سفیدی دکھائی دیتی تھی۔

---

6810- أخرجه البخاري في المظالم جلد 5صفحه147 رقم الحديث: 2480' ومسلم: في الايمان جلد 1 صفحه124-125 .

6811- أخرجه أبو داؤد: الصلاة جلد 1صفحه260 رقم الحديث: 996' والترمذي: الصلاة جلد 2صفحه89 رقم الحديث: 295 . وقال: حسن صحيح . والنسائي: السهو جلد 3صفحه52 (باب كيف السلام على اليمين؟) .

وابن ماجة: الاقامة جلد1صفحه296 رقم الحديث: 914 .

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُسَلِّمُ عَنْ يَمِينِهِ وَعَنْ شِمَالِهِ، حَتَّى يُرَى بَيَاضُ خَدِّهِ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنِ الْأَسْوَدِ بْنِ هِلَالٍ إِلَّا خَالِدُ بْنُ مَيْمُونٍ، وَلَا عَنْ خَالِدِ بْنِ مَيْمُونٍ إِلَّا سَعِيدُ بْنُ أَبِي عَرُوبَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ: شُعَيْبُ بْنُ إِسْحَاقَ

یہ حدیث ابواسحاق اسود بن ہلال سے اور ابواسحاق سے خالد بن میمون اور خالد بن میمون سے سعید بن عروبہ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں شعیب بن اسحاق اکیلے ہیں۔

**6812** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ هَارُونَ، نَا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، ثَنَا أَيُّوبُ بْنُ حَسَّانَ الْجُرَشِيُّ، ثَنَا ثَوْرُ بْنُ يَزِيدَ، عَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْأَسْوَدِ الْعَنْسِيِّ، عَنْ أُمِّ حَرَامٍ بِنْتِ مِلْحَانَ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: رَأَيْتُ أَوَّلَ جَيْشٍ مِنْ أُمَّتِي يَرْكَبُونَ الْبَحْرَ قَدْ أَوْجَبُوا فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، ادْعُ اللّٰهَ أَنْ أَكُونَ مَعَهُمْ، فَقَالَ: اللّٰهُمَّ اجْعَلْهَا فِيهِمْ

حضرت اُم حرام بنت ملحان رضی اللہ عنہا' حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ میں اپنی اُمت کے ایک لشکر کو دیکھ رہا ہوں جو سمندر میں سفر کریں گے' ان کے لیے جنت واجب ہوگی۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! اللہ سے دعا کریں کہ مجھے ان میں شامل کرے! آپ نے عرض کی: اے اللہ! اس کو ان میں شامل کردے!

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ ثَوْرِ بْنِ يَزِيدَ إِلَّا أَيُّوبُ بْنُ حَسَّانَ، تَفَرَّدَ بِهِ: سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ

یہ حدیث ثور بن یزید سے ایوب بن حسان روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں سلیمان بن عبدالرحمٰن اکیلے ہیں۔

**6813** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ هَارُونَ، ثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيدِ، نَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى بْنِ سُمَيْعٍ، ثَنَا ثَوْرُ بْنُ يَزِيدَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ الْأَنْصَارِيِّ، أَنَّ عَمْرَةَ بِنْتَ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، حَدَّثَتْهُ، أَنَّ عَائِشَةَ، قَالَتْ: لَوْ رَأَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا أَحْدَثَ النِّسَاءُ مِنْ بَعْدِهِ، لَمَنَعَهُنَّ إِتْيَانَ الْمَسَاجِدِ،

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ اگر حضور ﷺ دیکھتے جو عورتوں نے آپ کے بعد کرنا تھا تو آپ ان کو ضرور مسجدوں میں آنے سے روکتے جس طرح بنی اسرائیل کی عورتوں کو منع کیا گیا تھا۔

---

**6812**- أخرجه البخاري: الجهاد جلد6 صفحه120 رقم الحديث: 2924' والبيهقي في دلائل النبوة جلد6 صفحه452 .

**6813**- أخرجه البخاري: الأذان جلد2 صفحه406 رقم الحديث: 869' ومسلم: الصلاة جلد1 صفحه329 .

كَمَا مُنِعَتْ نِسَاءُ بَنِي إِسْرَائِيلَ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ ثَوْرِ بْنِ يَزِيدَ إِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى بْنِ سُمَيْعٍ

یہ حدیث ثور بن یزید سے محمد بن عیسیٰ بن سمیع روایت کرتے ہیں۔

6814 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ هَارُونَ، نَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيدِ الْخَلَّالُ، نَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ كَثِيرٍ الطَّوِيلُ، نَا الْأَوْزَاعِيُّ، عَنْ يُونُسَ بْنِ يَزِيدَ، حَدَّثَنِي الزُّهْرِيُّ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، إِنِّي رَجُلٌ شَابٌّ، وَإِنِّي أَخَافُ الْعَنَتَ عَلَى نَفْسِي، وَلَسْتُ أَجِدُ طَوْلًا أَتَزَوَّجُ بِهِ النِّسَاءَ، أَفَتَأْذَنُ لِي أَنْ أَخْتَصِيَ؟ قَالَ: فَسَكَتَ عَنِّي، ثُمَّ قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، إِنِّي رَجُلٌ شَابٌّ، لَا أَجِدُ طَوْلًا أَتَزَوَّجُ بِهِ النِّسَاءَ، أَفَتَأْذَنُ لِي أَنْ أَخْتَصِيَ؟ وَقُلْتُ الثَّالِثَةَ مِثْلَ ذَلِكَ، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا أَبَا هُرَيْرَةَ، جَفَّ الْقَلَمُ بِمَا أَنْتَ لَاقٍ، فَاخْتَصِ عَلَى ذَلِكَ أَوْ ذَرْ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں نوجوان آدمی ہوں' میں اپنے اوپر خوف رکھتا ہوں' میں عورتوں سے شادی کی طاقت نہیں رکھتا ہوں' کیا آپ مجھے خصی ہونے کی اجازت دیتے ہیں؟ آپ ﷺ جواب دینے سے خاموش رہے' پھر میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں نوجوان آدمی ہوں' میں عورتوں سے شادی کرنے کی طاقت نہیں رکھتا ہوں' کیا آپ مجھے خصی ہونے کی اجازت دیتے ہیں؟ میں نے تیسری مرتبہ عرض کی تو حضور ﷺ نے فرمایا: اے ابوہریرہ! قلم لکھ کر خشک ہوگیا ہے جو تجھے ملنا ہے وہ مل کر رہے گا' تو خصی ہونا چھوڑ دے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ، عَنْ يُونُسَ إِلَّا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ كَثِيرٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيدِ الْخَلَّالُ

یہ حدیث اوزاعی' یونس سے اور اوزاعی سے عبداللہ بن کثیر روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عباس بن ولید الخلاص اکیلے ہیں۔

6815 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ هَارُونَ، ثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ شُعَيْبٍ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ رُوَيْمٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الدَّيْلَمِيِّ، عَنْ

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ حضرت سلیمان بن داؤد علیہما السلام نے اللہ عزوجل سے تین

6814- أخرجه البخاري: النكاح جلد 9 صفحه 20 رقم الحديث: 5076' والنسائي: النكاح جلد 6 صفحه 48-49 (باب النهي عن التبتل).

6815- أخرجه النسائي: المساجد جلد 2 صفحه 28 (باب فضل المسجد الأقصى والصلاة فيه). وابن ماجة: الاقامة جلد 1 صفحه 451 رقم الحديث: 1408' وأحمد: المسند جلد 2 صفحه 238 رقم الحديث: 6652

عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُولُ: إِنَّ سُلَيْمَانَ بْنَ دَاوُدَ سَأَلَ اللّٰهَ ثَلَاثًا، فَأَعْطَاهُ اثْنَتَيْنِ، وَأَرْجُو أَنْ يَكُونَ أَعْطَاهُ الثَّالِثَةَ، سَأَلَهُ أَنْ يَحْكُمَ بِحُكْمٍ يُوَاطِءُ حُكْمَهُ، فَأُعْطِي، وَسَأَلَهُ مُلْكًا لَا يَنْبَغِي لِأَحَدٍ مِنْ بَعْدِهِ، فَأُعْطِي، وَسَأَلَهُ أَيُّمَا عَبْدٍ أَتَى بَيْتَ الْمَقْدِسِ لَا يُرِيدُ إِلَّا الصَّلَاةَ فِيهِ أَنْ يَكُونَ مِنْ خَطِيئَتِهِ كَيَوْمِ وَلَدَتْهُ أُمُّهُ

چیزیں مانگیں، دو اللہ عزوجل نے عطا کیں، میں اُمید رکھتا ہوں کہ تیسری بھی عطا کی گئی تھی، آپ نے اللہ سے مانگا کہ میرا وہ فیصلہ تیرے فیصلہ کے مطابق ہو، آپ کو عطا کیا گیا، آپ نے ایسی بادشاہی مانگی جو آپ کے بعد کسی کے لیے مناسب نہیں ہے، آپ کو عطا کی گئی، آپ نے مانگا کہ جو کوئی بندہ بیت المقدس آئے اس کا مقصد نماز ہو تو اس کے نامۂ اعمال میں سے گناہ اس طرح ختم ہو جائیں جس طرح آج ہی اس کی ماں نے اس کو جنا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ رُوَيْمٍ إِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ شُعَيْبٍ

یہ حدیث عروہ بن رویم سے محمد بن شعیب روایت کرتے ہیں۔

**6816** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ هَارُونَ، ثنا الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيدِ الْخَلَّالُ، نا مَرْوَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ الطَّاطَرِيُّ، نا سَعِيدُ بْنُ بَشِيرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فُضِّلْتُ عَلَى النَّاسِ بِأَرْبَعٍ: بِالسَّخَاءِ، وَالشَّجَاعَةِ، وَكَثْرَةِ الْجِمَاعِ، وَشِدَّةِ الْبَطْشِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: مجھے تمام لوگوں پر چار طرح فضیلت دی گئی ہے: (۱) سخاوت (۲) بہادری (۳) زیادہ جماع کرنے کی طاقت (۴) اور گرفت کی قوت۔

**6817** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ هَارُونَ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، نا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ رِبْعِيِّ بْنِ حِرَاشٍ، عَنْ أَبِي الْأَبْيَضِ، عَنْ أَنَسِ بْنِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عصر کی نماز پڑھاتے تھے اس حالت میں کہ سورج چمک رہا ہوتا تھا۔

---

6816- اسناده فيه: سعيد بن بشير: ضعيف. وحسن الحافظ الهيثمي اسناده. انظر: مجمع الزوائد جلد 9 صفحه 16. قلت: اسناده ضعيف لما تقدم والله أعلم.

6- أخرجه البخاري: المواقيت جلد 2 صفحه 35 رقم الحديث: 550، ومسلم: المساجد جلد 1 صفحه 433، وأبو د: الصلاة جلد 1 صفحه 109 رقم الحديث: 404، والنسائي: المواقيت جلد 1 صفحه 202 (باب تعجيل لفظه عند النسائي.

813

مَالِكٍ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي الْعَصْرَ وَالشَّمْسُ بَيْضَاءُ مُحَلَّقَةٌ

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْاَعْمَشِ اِلَّا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ، وَلَا عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ اِلَّا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ

یہ حدیث اعمش سے عبدالعزیز بن عبیداللہ اور اسحاق سے اسماعیل بن عیاش روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں سلیمان بن عبدالرحمٰن اکیلے ہیں۔

**6818** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ هَارُونَ، نَا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، ثَنَا سَعِيدُ بْنُ يَحْيَى، نَا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ سُلَيْمٍ الزُّرَقِيِّ قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ، يَقُولُ: سَمِعْتُ عَلِيَّ بْنَ اَبِي طَالِبٍ، يَقُولُ: خَرَجْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، حَتَّى اِذَا كُنَّا عِنْدَ السِّقَايَةِ الَّتِي كَانَتْ لِسَعْدٍ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اللّٰهُمَّ اِنَّ اِبْرَاهِيمَ عَبْدَكَ وَخَلِيلَكَ دَعَاكَ لِاَهْلِ مَكَّةَ بِالْبَرَكَةِ، وَاِنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُكَ وَرَسُولُكَ، وَاِنِّي اَدْعُوكَ لِاَهْلِ الْمَدِينَةِ اَنْ تُبَارِكَ لَهُمْ فِي صَاعِهِمْ، وَمُدِّهِمْ مِثْلَ مَا بَارَكْتَ لِاَهْلِ مَكَّةَ، وَمَعَ الْبَرَكَةِ بَرَكَتَيْنِ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے ساتھ نکلے جب ہم مقامِ سقایہ جو بنوسعد قبیلے کا تھا وہاں پہنچے تو حضور ﷺ نے دعا کی: اے اللہ! تیرے ابراہیم بندے اور دوست نے مکہ والوں کے لیے برکت کی دعا کی تھی اور تیرا بندہ اور تیرا رسول محمد ﷺ اہل مدینہ والوں کے لیے دعا کرتا ہے کہ ان کے صاع اور مُد میں ویسے ہی برکت رکھ جو تُو نے اہل مکہ والوں کو برکت دی ہے ایک برکت کے ساتھ اور برکتیں دے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الْحَمِيدِ بْنِ جَعْفَرٍ اِلَّا سَعْدَانُ بْنُ يَحْيَى، تَفَرَّدَ بِهِ: سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، وَلَا يُرْوَى عَنِ ابْنِ عُمَرَ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ

یہ حدیث عبدالحمید بن جعفر سے سعدان بن یحییٰ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں سلیمان بن عبدالرحمٰن اکیلے ہیں۔ حضرت ابن عمر سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔

**6819** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ هَارُونَ، ثَنَا

حضرت مالک بن احمر سے روایت ہے کہ جب

---

**6818**- قال الحافظ الهيثمي: رجاله رجال الصحيح . انظر: مجمع الزوائد جلد3صفحه308 .

**6819**- اسناده فيه: صفوان بن صالح بن صفوان الثقفي: ثقة ولكنه كان يدلس تدليس التسوية . وقال الحافظ الهيثمي:

صَفْوَانُ بْنُ صَالِحٍ، ثنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، نَا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ الْجُذَامِيُّ، عَنْ جَدِّهِ مَالِكِ بْنِ اَحْمَرَ، اَنَّهُ لَمَّا بَلَغَهُ قُدُومُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَفَدَ اِلَيْهِ، فَقَبِلَ اِسْلَامَهُ، وَسَاَلَهُ اَنْ يَكْتُبَ لَهُ كِتَابًا يَدْعُو بِهِ اِلَى الْاِسْلَامِ، فَكَتَبَ لَهُ فِي رُقْعَةٍ مِنْ اَدَمٍ: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ، هَذَا كِتَابٌ مِنْ مُحَمَّدٍ رَسُولِ اللّٰهِ لِمَالِكِ بْنِ اَحْمَرَ، وَلِمَنِ اتَّبَعَهُ مِنَ الْمُسْلِمِينَ، اَمَانًا لَهُمْ مَا اَقَامُوا الصَّلَاةَ، وَآتَوَا الزَّكَاةَ، وَاتَّبَعُوا الْمُسْلِمِينَ، وجانَبُوا الْمُشْرِكِينَ، وَاَدَّوَا الْخُمُسَ مِنَ الْمَغْنَمِ، وَسَهْمَ الْغَارِمِينَ، وَسَهْمَ كَذَا، وَسَهْمَ كَذَا، فَهُمْ آمِنُونَ بِاَمَانِ اللّٰهِ وَاَمَانِ مُحَمَّدٍ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

رسول اللہ ﷺ کے پاس وفد آیا تو انہوں نے اسلام قبول کیا' انہوں نے آپ سے سوال کیا کہ ان کے لیے خط لکھتے رہیں' جس کے ذریعے اسلام کی دعوت دی جائے' آپ نے چمڑے کے ایک ٹکڑے پر لکھ کر دیا: اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان رحم کرنے والا! یہ خط محمد رسول اللہ کی طرف سے مالک بن احمر کے لیے اور جو مسلمانوں کی اتباع کریں گے ان کے لیے امان ہے' ان کے لیے امان ہے جو نماز قائم کریں' زکوٰۃ ادا کریں' مسلمانوں کی اتباع کریں' مشرکوں کی مخالفت کریں' مالِ غنیمت سے خمس اور قرض خواہوں کا حصہ اور اتنا اتنا حصہ نکالیں' وہ اللہ پر اور محمد رسول اللہ ﷺ پر ایمان لائیں۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ مَالِكِ بْنِ اَحْمَرَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ

یہ حدیث مالک بن احمر سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں ولید بن مسلم اکیلے ہیں۔

**6820** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ هَارُونَ، نَا هِشَامُ بْنُ خَالِدٍ الْاَزْرَقُ، نَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، نَا مُعَاوِيَةُ بْنُ يَحْيَى، عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِي بَكْرَةَ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَقْبَلَ مِنْ بَعْضِ نَوَاحِيَ الْمَدِينَةِ يُرِيدُ الصَّلَاةَ، فَوَجَدَ النَّاسَ قَدْ صَلَّوْا، فَذَهَبَ اِلَى مَنْزِلِهِ، فَجَمَعَ اَهْلَهُ، ثُمَّ صَلَّى بِهِمْ

حضرت عبدالرحمٰن بن بکر اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ مدینہ کے کسی حصے سے تشریف لائے' آپ کا ارادہ نماز کا تھا' آپ نے دیکھا کہ لوگ نماز پڑھ چکے ہیں' آپ نے اپنے گھر والوں کو جمع کیا' پھر ان کو نماز پڑھائی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ اِلَّا مُعَاوِيَةُ بْنُ يَحْيَى، وَلَا رَوَاهُ عَنْ مُعَاوِيَةَ اِلَّا الْوَلِيدُ بْنُ

یہ حدیث خالد الحذاء سے معاویہ بن یحییٰ اور معاویہ سے ولید بن مسلم روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت

سعيد بن منصور الجذامي لم أقف على ترجمته . انظر: مجمع الزوائد جلد 1 صفحه 31 .

مُسْلِمٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: هِشَامُ بْنُ خَالِدٍ

کرنے میں ہشام بن خالدا کیلے ہیں۔

**6821** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ هَارُونَ، نَا هِشَامٌ، نَا حَاتِمٌ، نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَجْلَانَ، عَنْ حُسَيْنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: عَلَيْكُمْ بِقِيَامِ اللَّيْلِ، وَلَوْ رَكْعَةً وَاحِدَةً، فَخَرَجَ يَوْمًا اِلَى الصُّبْحِ، فَاِذَا رَجُلٌ يَرْكَعُ فَقَالَ: هَلْ اَنْتُمْ مُنْتَهُونَ؟ اَصَلَاتَانِ مَعًا؟

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: رات کا قیام تم پر لازم ہے اگر چہ ایک ہی رکعت ہو سکے ایک دن آپ صبح کی نماز کے لیے نکلے ایک آدمی رکوع کر رہا تھا آپ نے فرمایا: کیا تم باز نہیں آؤ گے! کیا دو نمازیں ایک ساتھ پڑھتے ہو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ اِلَّا حَاتِمٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ

یہ حدیث محمد بن عجلان سے حاتم روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ہشام بن عمارا کیلے ہیں۔

**6822** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ هَارُونَ، ثَنَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، نَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ نِسْطَاسٍ، حَدَّثَنِي مِرْبَعٍ، عَنْ اُمِّ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّهَا قَالَتْ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَوْصِنِي قَالَ: اهْجُرِي الْمَعَاصِي فَاِنَّهَا اَفْضَلُ الْهِجْرَةِ، وحَافِظِي عَلَى الْفَرَائِضِ فَاِنَّهَا اَفْضَلُ الْجِهَادِ، وَاَكْثِرِي ذِكْرَ اللّٰهِ فَاِنَّكَ لَا تَاْتِينَ اللّٰهَ بِشَيْءٍ اَحَبَّ اِلَيْهِ مِنْ كَثْرَةِ ذِكْرِهِ

حضرت اُم سلیم رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھے وصیت کریں! آپ نے فرمایا: گناہ چھوڑ دے! یہ افضل ہجرت ہے فرض چیزوں کی حفاظت کر یہ افضل جہاد ہے۔ زیادہ ذکر کر کیونکہ اللہ کے ہاں ذکر سے زیادہ کوئی شی پسند نہیں ہے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ اُمِّ اَنَسٍ الْاَنْصَارِيَّةِ، وَلَيْسَتْ بِاُمِّ سُلَيْمٍ اُمِّ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، هَذِهِ امْرَاَةٌ اُخْرَى مِنَ الْاَنْصَارِ لَمْ يُرْوَ هَذَا الْحَدِيثُ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ

اُم انس انصاریہ سے یہ حدیث روایت نہیں کی گئی اور اُم انس سے مراد اُم سلیم حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کی والدہ نہیں ہیں۔ یہ ایک دوسری انصاری عورت ہیں۔ یہ حدیث صرف اسی حدیث سے روایت ہے اس حدیث کے ساتھ ہشام بن عمارا کیلے ہیں۔

**6823** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ لَبِيدٍ

حضرت عمرو بن شعیب اپنے والد سے وہ ان کے

**6821**- اسناده فيه: حسين بن عبد الله بن عبيد الله بن عباس الهاشمي المدني: ضعيف . وانظر: مجمع الزوائد جلد2 صفحه255 .

**6823**- اسناده حسن لو لا شيخ الطبراني فلم أجده' فيه: أ - عبد الحميد بن بكار الدمشقي أبو عبد الله السلمي: مقبول .

الْبَيْرُوتِيُّ، نَا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ بَكَّارٍ الدِّمَشْقِيُّ، نَا مُحَمَّدُ بْنُ شُعَيْبِ بْنِ شَابُورَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ بْنِ جَابِرٍ، اَنَّ اَبَاهُ يَزِيدَ بْنَ جَابِرٍ حَدَّثَهُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ نَهَى عَنْ اَكْلِ لُحُومِ الْاَضَاحِي بَعْدَ ثَلَاثٍ، وَعَنِ النَّبِيذِ فِي الْجَرِّ، وَعَنْ زِيَارَةِ الْقُبُورِ، فَلَمَّا كَانَ بَعْدَ ذَلِكَ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كُنْتُ نَهَيْتُكُمْ عَنْ لُحُومِ الْاَضَاحِي بَعْدَ ثَلَاثٍ، فَكُلُوا مَا شِئْتُمْ، وَنَهَيْتُكُمْ عَنْ نَبِيذِ الْجَرِّ، فَاشْرَبُوا وَكُلُّ مُسْكِرٍ حَرَامٌ، وَنَهَيْتُكُمْ عَنْ زِيَارَةِ الْقُبُورِ، فَزُورُوهَا وَلَا تَقُولُوا مَا يُسْخِطُ اللّٰهَ

دادا سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ قربانی کا گوشت تین دن سے زیادہ کھانے اور مٹکے کی نبیذ اور قبروں کی زیارت کرنے سے منع کرتے تھے۔ اس کے بعد حضور ﷺ نے فرمایا: میں تم کو قربانی کا گوشت تین دن سے زیادہ کھانے سے منع کرتا تھا' اب جتنی دیر چاہو کھاؤ' میں تم کو مٹکے کی نبیذ سے منع کرتا تھا اب پیو اور نشہ آور سے بچو! میں تم کو قبروں کی زیارت کرنے سے منع کرتا تھا' اب کیا کرو! وہاں ایسے الفاظ نہ کہو جو اللہ کی ناراضگی کا سبب بنیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَزِيدَ بْنِ جَابِرٍ اِلَّا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ يَزِيدَ، وَلَا عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ شُعَيْبٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ الْحَمِيدِ

یہ حدیث یزید بن جابر سے عبدالرحمٰن بن یزید اور حضرت عبدالرحمٰن سے محمد بن شعیب روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عبدالحمید اکیلے ہیں۔

**6824** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ لَبِيدٍ الْبَيْرُوتِيُّ، نَا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ بَكَّارٍ، نَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، نَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي غَالِبٍ، عَنْ اَبِي اُمَامَةَ، اَنَّ رَجُلًا عَرَضَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نے عرض کی: یارسول اللہ! کون سا جہاد افضل ہے؟ آپ نے فرمایا: ظالم بادشاہ کے سامنے کلمۂ حق کہنا۔

---

ب- محمد بن شعیب بن شابور: صدوق . ج- یزید بن جابر الأزدی: ذکرہ ابن حبان فی الثقات' وسکت عنه البخاری وابن أبی حاتم . انظر: التاریخ الکبیر (3318)' الجرح (25519)' لسان المیزان جلد 6 صفحه 285 . والحدیث أخرجه الطبرانی فی الصغیر (4212) . وانظر: مجمع الزوائد جلد4صفحه30 .

**6824**- أخرجه ابن ماجة: الفتن جلد 2صفحه1330 رقم الحدیث: 4012 . فی الزوائد: فی اسناده أبو غالب' وهو مختلف فیه . ضعفه ابن سعد' وأبو حاتم' والنسائی . ووثقه الدارقطنی' وقال ابن عدی: لا بأس به: وراشد بن سعید' قال فیه أبو حاتم: صدوق وباقی رجال الاسناد ثقات . وأحمد: المسند جلد5صفحه296 رقم الحدیث: 22220 .

وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَىُّ الْجِهَادِ اَفْضَلُ؟ قَالَ: كَلِمَةُ حَقٍّ عِنْدَ سُلْطَانٍ جَائِرٍ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ اِلَّا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ

یہ حدیث حماد بن سلمہ سے ولید بن مسلم روایت کرتے ہیں۔

**6825** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ لَبِيدٍ، نَا صَفْوَانُ بْنُ صَالِحٍ، نَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، نَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَزِيدَ الرَّحَبِيِّ، عَنْ اَبِى اِدْرِيسَ الْخَوْلَانِيِّ، عَنْ اَبِى مُوسَى الْاَشْعَرِيِّ قَالَ: سَاَلْتُ عَائِشَةَ، مَا كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَاُ بِهِ فِى الْوِتْرِ؟ قَالَتْ: كَانَ يَقْرَاُ فِى الرَّكْعَةِ الْاُولَى بِاُمِّ الْقُرْآنِ وقُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ، وَفِى الرَّكْعَةِ الثَّانِيَةِ بِاُمِّ الْقُرْآنِ وقُلْ اَعُوذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ، وَفِى الرَّكْعَةِ الثَّالِثَةِ بِاُمِّ الْقُرْآنِ وقُلْ اَعُوذُ بِرَبِّ النَّاسِ

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے پوچھا کہ حضور ﷺ وتر میں کیا پڑھتے تھے؟ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: پہلی رکعت میں الحمد للہ اور قل ھو اللہ احد' دوسری میں الحمد للہ اور قل اعوذ برب الفلق' تیسری میں سورۂ فاتحہ اور قل اعوذ برب الناس پڑھتے تھے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ اَبِى مُوسَى، عَنْ عَائِشَةَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ

یہ حدیث ابوموسیٰ' حضرت عائشہ سے اسی سند سے روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں اسماعیل بن عیاش اکیلے ہیں۔

**6826** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ لَبِيدٍ، نَا صَفْوَانُ بْنُ صَالِحٍ، ثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، ثَنَا سَعِيدُ بْنُ بَشِيرٍ، اَخْبَرَنِى اَبُو الزُّبَيْرِ، عَنْ طَاوُسٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: اُهْدِىَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِكُرَاعِ الْغَمِيمِ رِجْلُ حِمَارِ وَحْشٍ، فَرَدَّهُ اِلَى صَاحِبِهِ وَاعْتَذَرَ اِلَيْهِ، وَقَالَ: اِنَّا مُحْرِمُونَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور ﷺ کو وحشی گدھے کی دستی پیش کی گئی' آپ نے اس کو واپس کر دیا اور اس سے عذر کیا' فرمایا: ہم حالت احرام میں ہیں۔

**6826**- أخرجه البخاري: الهبة جلد5صفحه260 رقم الحديث: 2596' ومسلم: الحج جلد 2صفحه 581' وأحمد: المسند جلد1صفحه283 رقم الحديث: 1861 ولفظه عند أحمد .

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ اِلَّا سَعِيدُ بْنُ بَشِيرٍ، وَحَمَّادُ بْنُ شُعَيْبٍ

یہ حدیث ابوزبیر سے سعید بن بشیر اور حماد بن شعیب روایت کرتے ہیں۔

**6827** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ لَبِيدٍ، ثَنَا صَفْوَانُ بْنُ صَالِحٍ، ثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، ثَنَا الْمُثَنَّى بْنُ الصَّبَّاحِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي مَسِيرٍ لَهُ، اِذْ وَقَعَ رَجُلٌ وَهُوَ مُحْرِمٌ فَمَاتَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اغْسِلُوهُ، وَكَفِّنُوهُ فِي ثَوْبِهِ، وَلَا تُخَمِّرُوا رَاْسَهُ، فَاِنَّهُ يُبْعَثُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَهُوَ يُلَبِّي

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ چل رہے تھے کہ اچانک ایک آدمی حالت احرام میں گرا اور فوت ہو گیا' حضور ﷺ نے فرمایا: اس کو غسل دو اور اس کو اسی کپڑے میں کفن دو اور اس کا سر نہ ڈھانپو کیونکہ یہ قیامت کے دن تلبیہ پڑھتا ہوا اُٹھے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْمُثَنَّى بْنِ الصَّبَّاحِ اِلَّا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ

یہ حدیث مثنیٰ بن صباح سے ولید بن مسلم روایت کرتے ہیں۔

**6828** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ لَبِيدٍ، نَا صَفْوَانُ بْنُ صَالِحٍ، ثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، ثَنَا خُلَيْدُ بْنُ دَعْلَجٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ قَالَ: قُلْتُ لِعَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ: اِنَّ النَّاسَ يَزْعُمُونَ فِي قَوْلِ اللّٰهِ جَلَّ ذِكْرُهُ: (وَيَتْلُوهُ شَاهِدٌ مِنْهُ) (هود: 17) اَنَّكَ اَنْتَ التَّالِي؟ فَقَالَ: وَدِدْتُ اَنِّي اَنَا هُوَ، وَلَكِنَّهُ لِسَانُ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

7099 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بَكْرٍ، ثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، نَا الْمُشْمَعِلُّ بْنُ مِلْحَانَ، عَنِ النَّضْرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْخَزَّازِ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كُلُّ مُسْكِرٍ حَرَامٌ فَقَالَ عُمَرُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قَوْلُكَ: كُلُّ مُسْكِرٍ حَرَامٌ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اشْرَبْ، فَاِذَا نَشَّ فَدَعْ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ہر نشہ آور شی حرام ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ نے فرمایا: ہر نشہ آور شی حرام ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: پیو اگر نشہ دے تو چھوڑ دو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ النَّضْرِ اَبِي عُمَرَ اِلَّا الْمُشْمَعِلُّ

یہ حدیث نضر ابوعمر سے مشمعل روایت کرتے ہیں۔

7100 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بَكْرٍ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارٍ، ثَنَا عَنْبَسَةُ بْنُ عَبْدِ الْوَاحِدِ، عَنِ الدَّخِيلِ بْنِ اِيَاسٍ، عَنْ عَمِّهِ هِلَالِ بْنِ

حضرت مجاعہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بنی سلمہ سے حضرت مجاعہ بن مرارہ بنی سلمہ کو یمامہ میں زمین دی' اس کو عوزہ کہا جاتا تھا' ان کے لیے خط بھی لکھا

7099- أصله عند البخاري من طريق أبي الجويرية في شقه الأول . أخرجه البخاري: الأشربة جلد 10 صفحه 65 رقم الحديث: 5598 . ولفظه: ......فما أسكر فهو حرام . وأبو داؤد: الأشربة جلد 3 صفحه 326 رقم الحديث: 3680 . ولفظه: كل مسكر حرام .

7100- اسناده حسن' فيه: هلال بن سراج' مقبول (التقريب) . وانظر: مجمع الزوائد جلد 6 صفحه 12 .

سِرَاجٍ، عَنْ مُجَّاعَةَ قَالَ: اَعْطَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُجَّاعَةَ بْنَ مُرَارَةَ مِنْ بَنِي سَلْمَى اَرْضًا بِالْيَمَامَةِ، يُقَالُ لَهَا: الْعَوْزَةُ . قَالَ: وَكَتَبَ لَهُ بِذَلِكَ كِتَابًا: مِنْ مُحَمَّدٍ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِمُجَّاعَةَ بْنِ مُرَارَةَ مِنْ بَنِي سَلْمَى، اِنِّي اَعْطَيْتُكَ الْعَوْزَةَ، فَمَنْ خَالَفَنِي فِيهَا فَالنَّارُ وَكَتَبَ يَزِيدُ

کہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف سے مجاعہ بن مرارہ کے لیے بنی سلمیٰ سے، میں نے اس کو عوزہ دی، جو میری مخالفت کرے گا اس کا ٹھکانہ جہنم ہے اور اس خط کو یزید نے لکھا تھا۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ مُجَّاعَةَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَنْبَسَةُ

یہ حدیث مجاعہ سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں عنبسہ اکیلے ہیں۔

**7101** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بَكْرٍ، نَا الْحَسَنُ بْنُ حَمَّادٍ سَجَّادَةُ، ثَنَا الْحَسَنُ بْنُ زِيَادٍ، عَنْ اِسْرَائِيلَ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ سُوَيْدِ بْنِ غَفَلَةَ، اَنَّ عَلِيًّا، بَلَغَهُ اَنَّ قَوْمًا بِالْبَصْرَةِ ارْتَدُّوا عَنِ الْاِسْلَامِ، فَبَعَثَ اِلَيْهِمْ، فَاُتِيَ بِهِمْ فَامَالَ عَلَيْهِمُ الطَّعَامَ جُمُعَتَيْنِ، ثُمَّ دَعَاهُمْ اِلَى الْاِسْلَامِ، فَاَبَوْا، فَحَفَرَ عَلَيْهِمْ حُفْرَةً، ثُمَّ قَامَ عَلَيْهَا، فَقَالَ: لَاَمْلَاَنَّكِ شَحْمًا وَلَحْمًا، ثُمَّ اَتَى بِهِمْ فَضَرَبَ اَعْنَاقَهُمْ، وَاَلْقَاهُمْ فِي الْحُفْرَةِ، ثُمَّ اَلْقَى عَلَيْهِمُ الْحَطَبَ فَاَحْرَقَهُمْ، ثُمَّ قَالَ: صَدَقَ اللّٰهُ وَرَسُولُهُ . قَالَ سُوَيْدُ بْنُ غَفَلَةَ: فَلَمَّا انْصَرَفَ اتَّبَعْتُهُ، فَقُلْتُ: سَمِعْتُكَ تَقُولُ: صَدَقَ اللّٰهُ وَرَسُولُهُ . فَقَالَ: وَيْحَكَ، اِنَّ حَوَالَيَّ قَوْمًا جُهَّالًا، وَلَكِنْ اِذَا سَمِعْتَنِي

حضرت سوید بن غفلہ فرماتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کو خبر پہنچی کہ بصرہ میں ایک قوم اسلام سے مرتد ہوگئی ہے، آپ نے ان کی طرف آدمی بھیجا تو ان کو لایا گیا، ان کو دو جمعہ تک کھانا دیا جاتا رہا، پھر ان کو اسلام کی دعوت دی، انہوں نے انکار کر دیا، آپ نے ان کے لیے گڑھا کھودا، پھر اس پر کھڑے ہوئے، فرمایا: اے گڑھے! میں تجھے چربی اور گوشت سے بھر دوں گا۔ پھر ان کو لایا گیا، ان کی گردنیں اُڑا دی گئیں اور ان کو گڑھے میں ڈال دیا، پھر ان کے اوپر لکڑیاں ڈالی گئیں اور ان کو جلا دیا۔ پھر فرمایا: اللہ اور اس کے رسول نے سچ کہا۔ حضرت سوید بن غفلہ فرماتے ہیں: جب آپ واپس چلے تو میں آپ کے پیچھے گیا، میں نے عرض کی: میں نے آپ کو فرماتے ہوئے سنا ہے: اللہ اور اس کے رسول نے سچ کہا۔ حضرت علی

---

**7101**- اسناده فيه: الحسن بن زياد اللؤلؤي الكوفي، ضعفه ووهاه غير واحد، وقال أبو داؤد وابن معين: كذاب، وقال أبو حاتم: ليس بثقة . وانظر: مجمع الزوائد جلد6صفحه265 .

اَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَانْ اَخِرَ مِنَ السَّمَاءِ اَحَبُّ اِلَيَّ مِنْ اَنْ اَقُولَ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا لَمْ يَقُلْ

رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تیرے لیے ہلاکت! میرے اردگرد جاہلوں کی قوم ہے آپ نے مجھے کہتے ہوئے سنا کہ حضور ﷺ نے فرمایا: آسمان سے گرنا مجھے زیادہ پسند ہے اس سے کہ میں رسول اللہ ﷺ کے متعلق کہو جو آپ نے نہیں فرمایا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ سِمَاكٍ اِلَّا اسْرَائِيلُ، وَلَا عَنْ اِسْرَائِيلَ اِلَّا الْحَسَنُ بْنُ زِيَادٍ اللُّؤْلُؤِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْحَسَنُ بْنُ حَمَّادٍ

یہ حدیث سماک سے اسرائیل اور اسرائیل سے حسن بن زیاد لؤلؤی روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں حسن بن حماد اکیلے ہیں۔

**7102** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نُوحِ بْنِ حَرْبٍ الْعَسْكَرِيُّ، ثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِيُّ، نَا بَشَّارُ بْنُ الْحَكَمِ، نَا ثَابِتٌ الْبُنَانِيُّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ الْخَصْلَةَ الصَّالِحَةَ لِتَكُونُ فِي الرَّجُلِ، فَيُصْلِحُ اللّٰهُ بِهَا عَمَلَهُ كُلَّهُ، فَطُهُورُ الرَّجُلِ لِصَلَاتِهِ يُكَفِّرُ ذُنُوبَهُ، وَتَكُونُ صَلَاتُهُ نَافِلَةً

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: آدمی کے اندر ایک نیک خصلت ہونے کی وجہ سے اللہ عزوجل اس کے ذریعے اس کے ذریعے اس کے سارے اعمال درست کر دیتا ہے نماز کے لیے پاکی کی وجہ سے اس کے گناہ معاف ہو جاتے ہیں نماز اس کے لیے نفل ہو جاتی ہے۔

**7103** - وَبِهِ: عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسٍ قَالَ: لَقِيَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَبَا ذَرٍّ، فَقَالَ: يَا اَبَا ذَرٍّ، اَلَا اَدُلُّكَ عَلَى خَصْلَتَيْنِ هُمَا اَخَفُّ عَلَى الظَّهْرِ، واَثْقَلُ فِي الْمِيزَانِ مِنْ غَيْرِهِمَا؟ قَالَ: بَلَى، يَا رَسُولَ اللّٰهِ قَالَ: عَلَيْكَ بِحُسْنِ الْخُلُقِ، وَطُولِ الصَّمْتِ، فَوَالَّذِي نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهِ مَا عَمِلَ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے ملے فرمایا: اے ابوذر! دو باتیں کرنے کے لحاظ سے آسان ہیں لیکن دونوں میزان میں بھاری ہوں گی وہ نہ بتاؤں؟ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! کیوں نہیں! آپ نے فرمایا: آپ پر لازم ہے کہ اچھے اخلاق اور لمبی خاموشی

---

**7102**- اسناده فيه: بشار بن الحكم الضبي البصري، قال أبو زرعة: منكر الحديث، وقال ابن حبان: منكر الحديث جدًا، وقال ابن عدي: أرجو أنه لا بأس به . وانظر: مجمع الزوائد جلد **1** صفحه **228** .

**7103**- اسناده والكلام في الاسناد كسابقه . تخريجه: أبو يعلى، والبزار . وانظر: مجمع الزوائد جلد **8** صفحه **25** و جلد **10** صفحه **304** .

الْخَلَائِقُ عَمَلًا اَحَبَّ اِلَى اللّٰهِ مِنْهُمَا

اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے! اللہ عزوجل کو ان دو اعمال سے زیادہ کوئی پسند نہیں ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنْ ثَابِتٍ اِلَّا بَشَّارُ بْنُ الْحَكَمِ

یہ دونوں حدیثیں ثابت سے بشار بن حکم روایت کرتے ہیں۔

**7104** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نُوحِ بْنِ حَرْبٍ، نَا داهِرُ بْنُ نُوحٍ الْاَهْوَازِيُّ، نَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ شُعَيْبِ بْنِ الْحَبْحَابِ، عَنْ اَبِي الْعَالِيَةِ، اَنَّ اُمَّ الْمُؤْمِنِينَ عَائِشَةَ، قَالَتْ: خَيَّرَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمْ يَكُنْ طَلَاقًا

اُم المؤمنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہم کو اختیار دیا تھا' وہ طلاق نہیں تھی۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي الْعَالِيَةِ اِلَّا شُعَيْبٌ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ شُعَيْبٍ اِلَّا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: داهِرُ بْنُ نُوحٍ

یہ حدیث ابوالعالیہ سے شعیب اور شعیب سے حماد بن زید روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں داھر بن نوح اکیلے ہیں۔

**7105** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نُوحِ بْنِ حَرْبٍ، نَا الْخَلِيلُ بْنُ سَعِيدٍ الْاُبُلِّيُّ، نَا عُمَرُ بْنُ اَبِي عُثْمَانَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ عُبَيْدٍ، وَوَاصِلِ بْنِ عَطَاءٍ الْغَزَّالِ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا عَبْدَ الرَّحْمَنِ، لَا تَسْاَلِ الْاِمَارَةَ، فَاِنَّكَ اِنْ سَاَلْتَهَا وُكِّلْتَ اِلَيْهَا، وَاِنْ لَمْ تَسْاَلْهَا اُعِنْتَ عَلَيْهَا وَاِذَا حَلَفْتَ عَلَى يَمِينٍ فَرَاَيْتَ غَيْرَهَا خَيْرًا مِنْهَا فَاْتِ الَّذِي هُوَ خَيْرٌ، وَكَفِّرْ عَنْ يَمِينِكَ

حضرت عبدالرحمٰن بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے عبدالرحمٰن! حکومت نہ مانگنا! اگر تُو نے مانگی تو تجھے اس کے سپرد کر دیا جائے گا' اگر تُو نے مانگی نہیں اور مل گئی تو اس پر تیری مدد کی جائے گی' جب تو کسی کام پر قسم اُٹھائے پھر اس کے کرنے میں بہتری دیکھے تو قسم کا کفارہ دے اور اس کام کو کر لے جو بہتر ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ وَاصِلِ بْنِ عَطَاءٍ اِلَّا

یہ حدیث واصل بن عطاء سے عمران بن ابوعثمان

7104- أخرجه البخاري: الطلاق جلد9صفحه280 رقم الحديث: 5262، ومسلم: الطلاق جلد2صفحه1103 .

7105- أخرجه البخاري: الأحكام جلد13صفحه132 رقم الحديث: 7146، ومسلم: الأيمان جلد3صفحه1273 .

عِمْرَانُ بْنُ اَبِی عُثْمَانَ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْخَلِيلُ بْنُ سَعِيدٍ

روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں خلیل بن سعدا کیلے ہیں۔

**7106** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نُوحِ بْنِ حَرْبٍ، ثَنَا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخٍ، ثَنَا يَزِيدُ بْنُ عِيَاضٍ، عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ يَحْيَى بْنِ طَلْحَةَ، عَنْ اَبِی بُرْدَةَ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: كَانَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا صَلَّى يَرْفَعُ صَوْتَهُ حَتَّى يُسْمِعَ اَصْحَابَهُ، يَقُولُ: اللّٰهُمَّ اَصْلِحْ لِی دِينِی الَّذِی جَعَلْتَهُ لِی عِصْمَةً، ثَلَاثَ مِرَارٍ، اللّٰهُمَّ اَصْلِحْ دُنْيَایَ الَّذِی جَعَلْتَ فِيهَا مَعَاشِی، ثَلَاثَ مِرَارٍ، اللّٰهُمَّ اَصْلِحْ لِی آخِرَتِی الَّتِی جَعَلْتَ اِلَيْهَا مَرْجِعِی، ثَلَاثَ مِرَارٍ، اللّٰهُمَّ اِنِّی اَعُوذُ بِرِضَاكَ مِنْ سَخَطِكَ، ثَلَاثَ مِرَارٍ، اللّٰهُمَّ اِنِّی اَعُوذُ بِعَفْوِكَ مِنْ نِقْمَتِكَ، ثَلَاثَ مِرَارٍ، اللّٰهُمَّ اِنِّی اَعُوذُ بِكَ مِنْكَ، ثَلَاثَ مِرَارٍ، اللّٰهُمَّ لَا مَانِعَ لِمَا اَعْطَيْتَ، وَلَا مُعْطِیَ لِمَا مَنَعْتَ، وَلَا يَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ مِنْكَ الْجَدُّ

حضرت ابو بردہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب صبح کی نماز پڑھ لیتے تو اپنی آواز بلند کرتے یہاں تک کہ آپ کے صحابہ قریب آپ کی آواز سنتے۔ آپ یہ دعا کرتے: ''اللّٰهم اصلح لی دینی الٰی آخرہٖ''۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِی بُرْدَةَ اِلَّا اِسْحَاقُ بْنُ يَحْيَى، تَفَرَّدَ بِهِ: يَزِيدُ بْنُ عِيَاضٍ

یہ حدیث ابو بردہ سے اسحاق بن یحییٰ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں یزید بن عیاض اکیلے ہیں۔

**7107** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نُوحِ بْنِ حَرْبٍ، نَا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخٍ، ثَنَا سُلَيْمَانُ الْقَافِلَّانِیُّ، حَدَّثَنِی اَيُّوبُ السَّخْتِيَانِیُّ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَفْتَخِرُوا

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اپنے اُن باپوں پر فخر مت کرو جو زمانۂ جاہلیت میں کفر کی موت مرگئے۔ کیا تم ان کی وجہ سے فخر کر سکتے ہو؟ کیا میں تمہیں خبردار نہ کروں! تمہارے ان

---

**7106**- اسناده فيه: يزيد بن عياض: متهم بالكذب (التقريب). وانظر: مجمع الزوائد جلد10 صفحه114 .

**7107**- اسناده فيه: سليمان القافلاني: متروك . وانظر: مجمع الزوائد جلد4 صفحه57 .

بِـآبَـائِكُمُ الَّذِينَ مَاتُوا فِي الْجَاهِلِيَّةِ، تَفْتَخِرُونَ بِهِمْ؟ أَلَا أُنَبِّـئُـكُـمْ؟ مَثَلُ آبَائِكُمُ الَّذِينَ مَاتُوا فِي الْجَاهِلِيَّةِ كَـمَثَلِ مَلِكٍ بَنَى قَصْرًا عَلَى قَارِعَةِ الطَّرِيقِ، وَاتَّخَذَ فِيهِ طَعَامًا، وَوَكَّلَ بِهِ رِجَالًا، فَقَالَ: لَا يَمُرَّنَّ أَحَدٌ إِلَّا أَصَابَ مِنْ طَعَامِي هَذَا، فَكَانَ إِذَا مَرَّ الرَّجُلُ فِي شَارَةٍ حَسَنَةٍ، وَثِيَابٍ حَسَنَةٍ ذَهَبُوا إِلَيْهِ، فَتَعَلَّقُوا بِهِ، وَجَاءُوا بِهِ حَتَّى يَأْكُلَ مِنْ ذَلِكَ الطَّعَامِ، وَإِذَا جَاءَ رَجُلٌ فِي شَارَةٍ سَيِّئَةٍ، وَثِيَابٍ رَثَّةٍ، مَنَعُوهُ، فَلَمَّا طَالَ ذَلِكَ، بَعَثَ اللَّهُ مَلَكًا مِنَ الْمَلَائِكَةِ فِي شَارَةٍ سَيِّئَةٍ، وَثِيَابٍ رَثَّةٍ، فَمَرَّ بِجَنَبَاتِهِمْ، فَقَامُوا إِلَيْهِ، فَدَفَعُوهُ، فَقَالَ لَهُمْ: إِنِّي جَائِعٌ، وَإِنَّمَا يُصْنَعُ الطَّعَامُ لِجَائِعٍ، فَقَالُوا: لَا، إِنَّ طَعَامَ الْمَلِكِ لَا يَأْكُلُهُ إِلَّا الْأَبْرَارُ، فَدَفَعُوهُ، فَانْطَلَقَ، فَجَاءَ فِي صُورَةٍ حَسَنَةٍ، وَثِيَابٍ حَسَنَةٍ، فَمَرَّ كَأَنَّهُ لَا يُرِيدُهُمْ بَعِيدًا مِنْهُمْ، فَذَهَبُوا إِلَيْهِ، فَتَعَلَّقُوا بِهِ، فَقَالُوا: تَعَالَ، فَأَصِبْ مِنْ طَعَامِ الْمَلِكِ قَالَ: لَا أُرِيدُهُ. فَقَالُوا: لَا يَدَعُكَ الْمَلِكُ، إِنْ بَلَغَهُ أَنَّ مِثْلَكَ مَرَّ وَلَمْ يُصِبْ مِنْ طَعَامِهِ شَقَّ عَلَيْهِ، وَخَشِينَا أَنْ يُصِيبَنَا مِنْهُ عُقُوبَةٌ، فَأَكْرَهُوهُ، فَأَدْخَلُوهُ، حَتَّى جَاءُوا بِهِ إِلَى الطَّعَامِ فَقَرَّبُوا إِلَيْهِ الطَّعَامَ، فَقَالَ بِثِيَابِهِ هَكَذَا فِي الطَّعَامِ، فَقَالُوا: مَا تَصْنَعُ؟ قَالَ: إِنِّي جِئْتُكُمْ فِي شَارَةٍ سَيِّئَةٍ، وَثِيَابٍ رَثَّةٍ، فَأَخْبَرْتُكُمْ أَنِّي جَائِعٌ، فَمَنَعْتُمُونِي، وَإِنِّي جِئْتُكُمْ فِي شَارَةٍ حَسَنَةٍ، وَثِيَابٍ حَسَنَةٍ، فَأَكْرَهْتُمُونِي، وَغَلَبْتُمُونِي، وَأَبَيْتُمْ أَنْ تَدَعُونِي، فَقَبَّحَكُمُ اللَّهُ، وَقَبَّحَ مَلِكَكُمْ، وَإِنَّمَا

باپوں کی مثال جو زمانۂ جاہلیت میں مرے' اس بادشاہ کی ہے جس نے محل تعمیر کیا راستے خالی پر' اس میں کھانا رکھا' کچھ لوگوں کو اس کا وکیل بنایا' جو کوئی بھی گزرنے والا ہو' میرے اس کھانا سے کھائے۔ ہوا یوں کہ جب کوئی ایسا آدمی گزرا جو اچھی حالت' اچھے کپڑے میں ہوا' وہ لوگ اس کی طرف گئے' اس کو لانے کے لیے اس سے چمٹ گئے' اُسے لے آئے یہاں تک کہ اس نے اس کھانے سے کھایا اور جب کوئی آدمی خستہ حالت میں پرانے کپڑوں میں تھا تو اسے کھانا کھانے کے لیے آنے سے روک دیا۔ پس جب اسی حالت پر لمبا زمانہ گزر گیا تو اللہ تعالیٰ نے خستہ حالت اور پرانے کپڑوں میں ایک فرشتہ بھیجا وہ اُن کے پاس سے گزرا' وہ اس کی طرف اُٹھے اور اُسے روک دیا۔ فرشتہ نے ان سے کہا: میں بھوکا ہوں! کھانا تو بھوکے کے لیے پکایا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا: نہیں! بادشاہ کا کھانا صرف اچھے لوگ ہی کھا سکتے ہیں' انہوں نے اسے دھکے دے کر نکال دیا تو وہ چلا گیا۔ پھر وہ اچھی صورت اور اچھے کپڑوں میں آیا' سو وہ ان سے دور ہو کر اس طرح گزرا کہ گویا اسے ان سے غرض نہیں ہے۔ سو وہ اس کی طرف گئے اور اس سے چمٹ گئے۔ اُس سے عرض کی: آؤ! بادشاہ کے کھانے سے کچھ لے لو۔ اس نے کہا: مجھے خواہش نہیں ہے۔ انہوں نے کہا: بادشاہ آپ کے چھوڑنے پر راضی نہیں ہے' اگر آپ اس تک پہنچیں۔ بے شک آپ جیسا آدمی گزر جائے اور کھانا نہ کھائے تو اُس پر گراں ہو اور ہمیں سزا ملنے کا خوف ہے۔ سو انہوں نے اُسے مجبور کر کے داخل کیا' کھانے پر لائے' کھانا اُس کے

يَصْنَعُ مَلِكُكُمْ هَذَا الطَّعَامَ لِلدُّنْيَا، وَإِنَّهُ لَيْسَ لَهُ عِنْدَ اللّٰهِ خَلَاقٌ قَالَ: فَارْتَفَعَ الْمَلَكُ، وَنَزَلَ عَلَيْهِمُ الْعَذَابُ

قریب گیا تو اس نے کہا: کھانے میں اس طرح کے کپڑوں کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا: آپ کیا کہہ رہے ہیں؟ اس نے کہا: میں خستہ حالت اور پرانے کپڑوں میں آیا اور تمہیں بتایا کہ مجھے بھوک نے ستایا تو تم نے مجھے قریب نہ فرمایا' پھر جب میں اچھی حالت اور اچھے کپڑوں میں آیا تو تم نے مجھے مجبور کیا اور مجھ پر غلبہ ڈال لیا اور مجھے چھوڑنے سے انکار کر دیا۔ سو اللہ نے اسے قبیح قرار دیا ہے اور تمہارا بادشاہ بھی اسے بُرا جانتا ہے۔ تمہارے بادشاہ نے یہ کھانا سب لوگوں کے لیے بنایا ہے' اللہ کے نزدیک اس کا کوئی حصہ نہیں ہے۔ سو فرشتہ چلا گیا اور ان پر عذاب نازل ہوا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ بِهَذَا الْكَلَامِ عَنْ أَيُّوبَ إِلَّا سُلَيْمَانُ الْقَافِلَّانِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ: شَيْبَانُ، وَرَوَى الْكَلَامَ الْأَوَّلَ: لَا تَفْتَخِرُوا بِآبَائِكُمْ : هِشَامٌ الدَّسْتَوَائِيُّ، وَالْحَسَنُ بْنُ أَبِي جَعْفَرٍ الْحَفْرِيُّ

حضرت ایوب سے اس کلام کے ساتھ اس حدیث کو صرف سلیمان قافلانی نے روایت کیا۔ شیبان اس کے ساتھ اکیلے ہیں۔ پہلا کلام ''لا تفتخروا بآبائکم'' ہشام دستوائی اور حسن بن ابی جعفر حفری نے روایت کیا۔

**7108** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نُوحِ بْنِ حَرْبٍ، نَا عَبْدُ الْقُدُّوسِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْعَطَّارُ، نَا يَزِيدُ بْنُ تَمِيمِ بْنِ زَيْدٍ، حَدَّثَنِي أَبِي تَمِيمُ بْنُ زَيْدٍ، حَدَّثَنِي أَبُو مَرْحُومٍ السَّعْدِيُّ، حَدَّثَنِي الْمُنْتَصِرُ بْنُ عُمَارَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي ذَرٍّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ بَاعَ دَارًا لَمْ يَسْتَخْلِفْ، لَمْ يُبَارَكْ لَهُ فِي ثَمَنِهَا

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے گھر فروخت کیا' اس کے بعد مکان لیا نہیں' اس کے پیسوں میں برکت نہیں دی جائے گی۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ أَبِي ذَرٍّ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ الْقُدُّوسِ بْنُ مُحَمَّدٍ

یہ حدیث ابوذر سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں عبدالقدوس بن محمد اکیلے ہیں۔

---

**7108**- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد4صفحه114 وقال: وفيه جماعة لم أعرفهم .

**7109** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نُوحِ بْنِ حَرْبٍ، ثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الصَّوَّافُ، نَا بَكْرُ بْنُ بَكَّارٍ، ثَنَا سَعِيدُ بْنُ يَزِيدَ الْبَجَلِيُّ، ثَنَا عَامِرُ بْنُ شُرَحْبِيلَ الشَّعْبِيُّ، أَنَّهُ دَخَلَ عَلَى فَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ، أُخْتِ الضَّحَّاكِ بْنِ قَيْسٍ، وَزَوْجُهَا أَبُو عَمْرِو بْنُ حَفْصِ بْنِ عُمَرَ بْنِ الْمُغِيرَةِ الْمَخْزُومِيُّ، فَقَالَتْ: إِنَّ أَبَا عَمْرِو بْنَ حَفْصٍ أَرْسَلَ إِلَيَّ وَهُوَ مُنْطَلِقٌ إِلَى جَيْشٍ إِلَى الْيَمَنِ بِطَلَاقِي، فَسَأَلْتُ أَوْلِيَاءَهُ النَّفَقَةَ عَلَيَّ وَالسُّكْنَى . فَقَالَ أَوْلِيَاؤُهُ: مَا أَرْسَلَ إِلَيْنَا فِي ذَلِكَ بِشَيْءٍ، وَلَا أَوْصَانَا بِهِ، فَانْطَلَقْتُ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، إِنَّ أَبَا عَمْرِو بْنَ حَفْصٍ أَرْسَلَ إِلَيَّ بِطَلَاقِي، وَطَلَبْتُ السُّكْنَى وَالنَّفَقَةَ، فَقَالَ أَوْلِيَاؤُهُ: لَمْ يُرْسِلْ إِلَيْنَا بِشَيْءٍ، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّمَا النَّفَقَةُ وَالسُّكْنَى لِلْمَرْأَةِ إِذَا كَانَتْ لِزَوْجِهَا عَلَيْهِ رَجْعَةٌ، فَإِذَا كَانَتْ لَا تَحِلُّ لَهُ حَتَّى تَنْكِحَ زَوْجًا غَيْرَهُ، فَلَا نَفَقَةَ لَهَا وَلَا سُكْنَى

حضرت عامر بن سراحیل الشعبی فرماتے ہیں کہ وہ حضرت فاطمہ بنت قیس' حضرت ضحاک بن قیس کی بہن' ابوعمرو بن حفص بن عمر بن المغیرہ المخزومی کی بیوی فرماتی ہیں کہ ابوعمرو بن حفص نے میری طرف پیغام بھیجا کہ میں نے طلاق دے دی ہے۔ میں نے اس کے اولیاء سے نفقہ اور گھر مانگا۔ ان کے اولیاء نے کہا: ہم کو اس حوالہ سے کوئی شی نہیں پہنچی' نہ ہم کو وصیت کی گئی ہے' میں رسول اللہ ﷺ کی طرف گئی' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! ابوعمرو بن حفص نے میری طرف طلاق کا پیغام بھیجا ہے' میں نے گھر اور خرچ مانگا ہے' ان کے اولیاء نے کہا ہے: ہم کو کوئی شی نہیں پہنچی۔ حضور ﷺ نے فرمایا: نفقہ اور گھر عورت کے لیے ہے' جب اس کا شوہر واپس آئے اور یہ پہلے شوہر کے لیے حلال نہیں ہوگی یہاں تک کہ دوسرے شوہر سے وطی نہ کروالے' اس کے بعد اس کے لیے نفقہ اور گھر نہیں ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ يَزِيدَ إِلَّا بَكْرُ بْنُ بَكَّارٍ

یہ حدیث سعید بن زید سے بکر بن بکار روایت کرتے ہیں۔

**7110** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نُوحِ بْنِ حَرْبٍ، ثَنَا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخٍ، ثَنَا سَلَّامُ بْنُ مِسْكِينٍ، ثَنَا

حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: کیا تم کو نہ بتاؤں کہ جو مجھے حضرت

---

**7109**- أصله عند مسلم مختصرًا عن الشعبی' ولفظه: ليس لها سكنى ولا نفقة . أخرجه مسلم: الطلاق جلد 2 صفحه 1118 وعند النسائی' وأحمد بنحو لفظ المصنف . والنسائی: الطلاق جلد 6 صفحه 116 (باب الرخصة فی ذلك) . وأحمد: المسند جلد 6 صفحه 404 رقم الحديث: 27165 .

**7110**- اسناده فيه: محمد بن نوح بن حرب العسكری: لم أجده . وانظر: مجمع الزوائد جلد 10 صفحه 175 .

عِصْمَةُ اَبُو حُكَيْمَةَ، عَنْ اَبِي عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ، عَنْ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلَا اُعَلِّمُكَ مَا عَلَّمَنِي جِبْرِيلُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟، قُلْتُ: بَلَى يَا رَسُولَ اللّٰهِ قَالَ: قُلْ: اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِي خَطَئِي، وَعَمْدِي، وَهَزْلِي، وَجِدِّي، وَلَا تَحْرِمْنِي بَرَكَةَ مَا اَعْطَيْتَنِي، وَلَا تَفْتِنِّي فِيمَا حَرَمْتَنِي

جبریل علیہ السلام نے بتایا ہے؟ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! کیوں نہیں! آپ نے فرمایا: تُو پڑھ ''اللّٰھم اغفرلی الی آخرہٖ''۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: سَلَّامُ بْنُ مِسْكِينٍ

یہ حدیث ابی بن کعب سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں سلام بن مسکین روایت کرتے ہیں۔

**7111** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نُوحِ بْنِ حَرْبٍ، ثَنَا الْحَسَنُ بْنُ اِسْرَائِيلَ، نَا وَكِيعُ بْنُ الْجَرَّاحِ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ صَالِحٍ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ رُفَيْعٍ، عَنْ اَبِي مُجَاهِدٍ، وَاَبِي مُدِلَّةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قُلْنَا: مَا لَنَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ اِذَا كُنَّا عِنْدَكَ كَانَتْ قُلُوبُنَا فِي الْآخِرَةِ، فَاِذَا رَجَعْنَا ذَهَبَ ذَلِكَ عَنَّا؟ فَقَالَ: لَوْ كُنْتُمْ تَكُونُونَ اِذَا رَجَعْتُمْ كَهَيْئَتِكُمْ عِنْدِي، لَزَارَتْكُمُ الْمَلَائِكَةُ فِي بُيُوتِكُمْ، وَلَصَافَحَتْكُمْ بِاَكُفِّهَا، وَلَوْ كُنْتُمْ لَا تُذْنِبُونَ لَجَاءَ اللّٰهُ بِخَلْقٍ يُذْنِبُونَ، فَيَغْفِرُ لَهُمْ قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَخْبِرْنَا عَنِ الْجَنَّةِ، مَا بِنَاؤُهَا؟ قَالَ: لَبِنَةٌ مِنْ ذَهَبٍ، وَلَبِنَةٌ مِنْ فِضَّةٍ، مِلَاطُهَا الْمِسْكُ، وَحَصْبَاؤُهَا اللُّؤْلُؤُ وَالْيَاقُوتُ، وَتُرْبَتُهَا الْوَرْسُ وَالزَّعْفَرَانُ، مَنْ يَدْخُلُهَا يُخَلَّدْ لَا يَمُوتُ، وَيَنْعَمُ لَا يَبْؤُسُ، لَا تَخْرَقُ ثِيَابُهُمْ، وَلَا يَبْلَى شَبَابُهُمْ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم کو کیا ہے کہ ہم آپ کے پاس ہوتے ہیں تو ہمارے دلوں میں آخرت کا ڈر ہوتا ہے' جب ہم واپس آ جاتے ہیں تو یہ ہم سے چلا جاتا ہے؟ آپ نے فرمایا: اگر تم اس حالت پر رہو جس حالت میں تم میرے پاس سے واپس جاتے ہو تو فرشتے تمہارے گھروں کے اندر تمہاری زیارت کریں' تمہارے ساتھ کھاتے ہوئے مصافحہ کریں' اگر تم گناہ نہ کرو گے تو اللہ عزوجل تم کو لے جائے گا' ایسی مخلوق کو لائے گا جو گناہ کریں گے ان کو معاف کرے گا۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! جنت کے متعلق ہم کو بتائیں کہ کس سے بنائی ہے؟ آپ نے فرمایا: سونے اور چاندی کی اینٹ سے اس کی خوشبو مشک ہے' اس کے کنکر موتی اور یاقوت ہیں' اس کی مٹی ورس اور زعفران ہے' جو داخل ہوگا وہ ہمیشہ

**7111**- أخرجه أحمد: المسند جلد**2**صفحه**408** رقم الحديث: **8063**' وابن حبان (**2621**/موارد الظمآن).

ثَلاثٌ لَا تُرَدُّ دَعْوَتُهُمْ: اَلْإِمَامُ الْعَادِلُ، وَالصَّائِمُ حَتَّى يُفْطِرَ، وَدَعْوَةُ الْمَظْلُومِ يَرْفَعُهَا اللّٰهُ فَوْقَ السَّحَابِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

رہے گا' اس کی نعمتیں پرانی نہیں ہوں گی' اس کے کپڑے پھٹیں گے نہیں' جوان بوڑھے نہیں ہوں گے۔ تین آدمیوں کی دعا ردّ نہیں ہوتی ہے: (۱) عادل بادشاہ کی (۲) روزے دار کی یہاں تک کہ افطار کرے (۳) مظلوم کی بددعا' اللہ عزوجل اُٹھائے گا بادلوں کے اوپر قیامت کے دن۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ رُفَيْعٍ إِلَّا الْحَسَنُ بْنُ صَالِحٍ، وَلَا عَنِ الْحَسَنِ إِلَّا وَكِيعٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْحَسَنُ بْنُ إِسْرَائِيلَ

یہ حدیث عبدالعزیز بن رفیع سے حسن بن صالح اور حسن سے وکیع روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں حسن بن اسرائیل اکیلے ہیں۔

**7112** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نُوحٍ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ إِسْحَاقَ الْقَطَّانُ الرَّازِيُّ، ثنا إِسْحَاقُ بْنُ سُلَيْمَانَ الرَّازِيُّ، عَنْ أَخِيهِ طَلْحَةَ بْنِ سُلَيْمَانَ، عَنِ الْفُضَيْلِ بْنِ غَزْوَانَ، عَنْ زُبَيْدٍ الْيَامِيِّ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: مَرَّ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ بِمُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ، وَهُوَ قَاعِدٌ عِنْدَ قَبْرِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَبْكِي، فَقَالَ: يَا مُعَاذُ، مَا أَبْكَاكَ؟ لَعَلَّكَ ذَكَرْتَ أَخَاكَ، إِنْ ذَكَرْتَهُ إِنَّهُ لِذَلِكَ أَهْلٌ قَالَ: لَا، وَلَكِنْ أَبْكَانِي بِشَيْءٍ سَمِعْتُهُ مِنْهُ فِي مَجْلِسِي هَذَا، أَوْ فِي مَكَانِي هَذَا، يَقُولُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَسِيرُ الرِّيَاءِ شِرْكٌ، إِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْأَتْقِيَاءَ الْأَخْفِيَاءَ الْأَبْرِيَاءَ، الَّذِينَ إِذَا غَابُوا لَمْ يُفْتَقَدُوا، وَإِذَا حَضَرُوا لَمْ يُعْرَفُوا، قُلُوبُهُمْ مَصَابِيحُ الْهُدَى، يَخْرُجُونَ مِنْ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ' حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کے پاس سے گزرے' آپ حضور ﷺ کی قبر شریف کے پاس بیٹھے ہوئے تھے' رو رہے تھے' آپ نے فرمایا: اے معاذ! آپ کیوں رو رہے ہیں؟ ہوسکتا ہے کہ آپ کو آپ کا بھائی یاد آیا ہو' یا اپنے گھر والوں میں سے کوئی یاد آیا ہے۔ حضرت معاذ نے عرض کی: نہیں! میرے رونے کی وجہ یہ ہے جو میں نے اس جگہ اس صاحبِ قبر سے سنی ہے۔ آپ نے فرمایا: تھوڑی ریاکاری شرک ہے' اللہ عزوجل پسند کرتا ہے جو پرہیزگار نیک ہو' جب وہ موجود نہ ہو تو اس کی پروا نہ ہو' جب موجود ہو تو اس کو پہچانا نہ جائے' ان کے دل ہدایت کے چراغ ہیں' ہر فتنے سے کالے اندھیرے کی طرح نکل جائیں گے۔

7112- أخرجه ابن ماجة: الفتن جلد2صفحه1320 رقم الحديث: 3989 من طريق زيد بن أسلم' عن أبيه' عن عمر بن الخطاب رضى الله عنه فذكره . وفى الزوائد: فى اسناده عبد الله بن لهيعة' وهو ضعيف . والطبرانى فى الصغير جلد2صفحه45 .

كُلِّ فِتْنَةٍ سَوْدَاءَ مُظْلِمَةٍ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ زُبَيْدٍ إِلَّا الْفَيَّاضُ بْنُ غَزْوَانَ، وَلَا عَنِ الْفَيَّاضِ إِلَّا طَلْحَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ، تَفَرَّدَ بِهِ: إِسْحَاقُ بْنُ سُلَيْمَانَ

یہ حدیث زبید سے فیاض بن غزوان روایت کرتے ہیں اور فیاض سے طلحہ بن سلیمان روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں اسحاق بن سلیمان اکیلے ہیں۔

**7113** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نُوحِ بْنِ حَرْبٍ، ثَنَا وَهْبُ بْنُ حَفْصٍ الْحَرَّانِيُّ، ثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الطَّرَائِفِيُّ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ الْحُصَيْنِ، عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ: أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا خُطِبَ بَعْضُ بَنَاتِهِ جَلَسَ إِلَى الْخِدْرِ، فَقَالَ: إِنَّ فُلَانًا يَخْطُبُ، فَإِنْ هِيَ سَكَتَتْ، كَانَ سُكُوتُهَا رِضَاهَا، وَإِنْ هِيَ كَرِهَتْ، طَعَنَتْ فِي الْحِجَابِ، فَكَانَ ذَلِكَ مِنْهَا كَرَاهِيَةً

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ جب اپنی کسی صاحبزادی کا نکاح کرنا چاہتے تو پردے میں جاتے' فرماتے: فلاں نے آپ کو نکاح کا پیغام بھیجا ہے' جب وہ خاموش رہتی تو اس کی خاموشی رضامندی ہے' اگر ناپسند کرتی تو پردہ میں چلی جاتی' یہ اس کے ناپسند کرنے کی دلیل ہوتی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ ثَابِتٍ إِلَّا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ الْحُصَيْنِ، تَفَرَّدَ بِهِ: عُثْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ

یہ حدیث ثابت سے عبدالعزیز بن حصین روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عثمان بن عبدالرحمٰن اکیلے ہیں۔

**7114** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نُوحِ بْنِ حَرْبٍ، ثَنَا وَهْبُ بْنُ حَفْصٍ الْحَرَّانِيُّ، ثَنَا حَبِيبُ بْنُ فَرُّوخٍ، ثَنَا ابْنُ طَلْحَةَ بْنِ مُصَرِّفٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ مُرَّةَ الطَّيِّبِ، عَنْ أَبِي بَكْرٍ الصِّدِّيقِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ بَنَى مَسْجِدًا بَنَى اللّٰهُ لَهُ

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے اللہ کے لیے مسجد بنائی' اللہ اس کے لیے جنت میں گھر بنائے گا۔

---

**7113**- اسناده فيه: وهب بن حفص الحرانی: متهم بالوضع' قال الدارقطنی: كان يضع الحديث . (اللسان جلد 6 صفحه 229' والميزان جلد 4 صفحه 351) . وانظر: مجمع الزوائد جلد 4 صفحه 281 .

**7114**- اسناده والكلام فی الاسناد كسابقه . وانظر: مجمع الزوائد جلد 2 صفحه 11 .

بَيْتًا فِي الْجَنَّةِ

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ طَلْحَةَ بْنِ مُصَرِّفٍ إِلَّا ابْنُهُ وَهٰكَذَا رَوَاهُ حَبِيبُ بْنُ فَرُّوخٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي طَلْحَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ مُرَّةَ، وَرَوَاهُ الْحَكَمُ بْنُ يَعْلَى بْنِ عَطَاءٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ طَلْحَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي مَعْمَرٍ، عَنْ أَبِي بَكْرٍ

یہ حدیث طلحہ بن مصرف سے ان کے بیٹے روایت کرتے ہیں۔ اسی طرح اس حدیث کو حبیب بن فروخ' محمد بن ابوطلحہ سے' وہ ان کے والد مروہ سے۔ اس حدیث کو حکم بن یعلیٰ بن عطاء' محمد بن طلحہ سے' وہ ان کے والد سے' وہ ابومعمر سے' وہ ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے۔

**7115** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نُوحِ بْنِ حَرْبٍ، ثَنَا وَهْبُ بْنُ حَفْصٍ الْحَرَّانِيُّ، ثَنَا الْمُغِيرَةُ بْنُ سَقْلَابٍ، عَنِ الْوَازِعِ بْنِ نَافِعٍ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ أَكَلَ مِنْ هٰذَا اللَّحْمِ شَيْئًا، فَلْيَغْسِلْ يَدَيْهِ

حضرت سالم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے گوشت وغیرہ سے کوئی شی کھائی' وہ اپنے دونوں ہاتھ دھوئے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ سَالِمٍ إِلَّا الْوَازِعُ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْمُغِيرَةُ بْنُ سَقْلَابٍ

یہ حدیث سالم سے الوازع روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں مغیرہ بن سقلاب روایت کرتے ہیں۔

**7116** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نُوحٍ، ثَنَا وَهْبُ بْنُ حَفْصٍ، ثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ: أَنَّهُ صَحِبَ ابْنَ عُمَرَ، فِي السَّفَرِ، فَكَانَ إِذَا طَلَعَ سُهَيْلٌ قَالَ: لَعَنَ اللّٰهُ سُهَيْلًا، فَإِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُولُ: كَانَ عَشَّارًا يَظْلِمُهُمْ، وَيَغْصِبُهُمْ أَمْوَالَهُمْ، فَمَسَخَهُ اللّٰهُ شِهَابًا، فَجَعَلَهُ حَيْثُ تَرَوْنَ

حضرت عمرو بن دینار سے روایت ہے کہ وہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کے سفر میں ساتھی تھے' جب سہیل سامنے ہوا تو آپ نے فرمایا: سہیل پر اللہ کی لعنت ہو! کیونکہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے: ٹیکس ظلم کرنا اور مال کا غصب کرنا ہے' اللہ عزوجل نے شہاب کو مسخ کر دیا' اس کو بنا دیا جو تم دیکھ رہے ہو۔

---

**7115**- اسناده فيه: أ- وهب بن حفص: متهم بالوضع . ب- الوازع بن نافع: متروك . وانظر: مجمع الزوائد جلد 5 صفحه33 .

**7116**- اسناده فيه: أ- وهب بن حفص: متهم بالوضع . ب- ابراهيم بن يزيد الخوزي: متروك . تخريجه: الطبراني في الكبير' والبزار' وانظر: مجمع الزوائد جلد3صفحه91 .

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ إِلَّا إِبْرَاهِيمُ بْنُ يَزِيدَ

یہ حدیث عمرو بن دینار سے ابراہیم بن یزید روایت کرتے ہیں۔

7117 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نُوحِ بْنِ حَرْبٍ، ثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سُوَيْدٍ الْجَذُوعِيُّ، ثَنَا عُبَيْدُ بْنُ حُسَيْنٍ الْمُعَلِّمُ أَبُو بِشْرٍ، حَدَّثَنِي، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ الْأَسْلَمِيِّ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ قَالَ: سَأَلْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ صَلَاةِ الرَّجُلِ وَهُوَ قَاعِدٌ، فَقَالَ: مَنْ صَلَّى قَائِمًا فَهُوَ أَفْضَلُ، وَمَنْ صَلَّى قَاعِدًا فَلَهُ نِصْفُ أَجْرِ الْقَائِمِ، وَمَنْ صَلَّى نَائِمًا فَلَهُ نِصْفُ أَجْرِ الْقَاعِدِ

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے اس آدمی کی نماز کے متعلق پوچھا جو بیٹھ کر پڑھتا ہے' آپ نے فرمایا: جس نے کھڑے ہو کر نماز پڑھی' وہ زیادہ ثواب والی ہے۔ جس نے بیٹھ کر نماز پڑھی اس کو کھڑے ہو کر پڑھنے والے کے مقابلے میں آدھا ثواب ملے گا' جس نے لیٹ کر نماز پڑھی اس کے لیے بیٹھ کر پڑھنے والے سے آدھا ثواب ملے گا۔

7118 - وَبِهِ: عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ قَالَ: صَلَّيْتُ وَرَاءَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى امْرَأَةٍ مَاتَتْ فِي نِفَاسِهَا، فَقَامَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلصَّلَاةِ عَلَيْهَا وَسَطَهَا

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کے پیچھے نمازِ جنازہ پڑھی' (جب) آپ نے نفاس کی حالت میں مرنے والی کی نمازِ جنازہ پڑھائی' حضور ﷺ نمازِ جنازہ پڑھتے وقت اس کے درمیان میں کھڑے ہوئے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنْ عُبَيْدِ بْنِ حُسَيْنٍ الْمُعَلِّمِ إِلَّا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سُوَيْدٍ

یہ دونوں حدیثیں عبید بن حسین المعلم سے ابراہیم بن سوید روایت کرتے ہیں۔

7119 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نُوحِ بْنِ حَرْبٍ،

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ

---

7117- أخرجه البخاري: التقصير جلد 2 صفحه 683 رقم الحديث: 1116' وأبو داؤد: الصلاة جلد 1 صفحه 248 رقم الحديث: 951' والترمذي: الصلاة جلد 2 صفحه 207 رقم الحديث: 371' والنسائي: قيام الليل جلد 3 صفحه 183 (باب فضل صلاة القاعد على صلاة النائم)' وابن ماجة: الاقامة جلد 1 صفحه 388 رقم الحديث: 1231 .

7118- أخرجه البخاري: الجنائز جلد 3 صفحه 239 رقم الحديث: 1332' ومسلم: الجنائز جلد 2 صفحه 664 .

7119- أصله عند مسلم من طريق أبي موسى عن عائشة رضي الله عنها بلفظ: اذا جلس بين شعبها الأربع' ومس الختان الختان' فقد وجب الغسل . أخرجه مسلم: الحيض جلد 1 صفحه 271' وابن ماجة: الطهارة جلد 1 صفحه 199

ثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ الشَّيْبَانِيُّ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَنْصَارِيُّ، نَا هِشَامُ بْنُ حَسَّانَ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هِلَالٍ، عَنْ اَبِي بُرْدَةَ، عَنْ اَبِي مُوسَى، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا الْتَقَى الْخِتَانَانِ وَجَبَ الْغُسْلُ

نے فرمایا: جب دو شرمگاہیں ملیں تو غسل واجب ہو جاتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي بُرْدَةَ اِلَّا حُمَيْدُ بْنُ هِلَالٍ، وَلَا عَنْ حُمَيْدٍ اِلَّا هِشَامٌ، وَلَا عَنْ هِشَامٍ اِلَّا الْاَنْصَارِيُّ

یہ حدیث ابو بردہ سے حمید بن ہلال اور حمید سے ہشام اور ہشام سے انصاری روایت کرتے ہیں۔

**7120** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نُوحِ بْنِ حَرْبٍ، نَا مُنِيرُ بْنُ مَيْمُونٍ الْبَصْرِيُّ، ثَنَا عَبَّادُ بْنُ صُهَيْبٍ، نَا سُلَيْمَانُ بْنُ الْمُغِيرَةِ، عَنِ الْمُخْتَارِ بْنِ فُلْفُلٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَخَرَتِ الْجَنَّةُ عَلَى النَّارِ، فَقَالَتْ: اَنَا خَيْرٌ مِنْكِ، فَقَالَتِ النَّارُ: بَلْ اَنَا خَيْرٌ مِنْكِ، فَقَالَتْ لَهَا الْجَنَّةُ اسْتِفْهَامًا: وَمِمَّهْ؟ قَالَتْ: لِاَنَّ فِيَّ الْجَبَابِرَةَ، وَنَمْرُودُ، وَفِرْعَوْنُ، فَاُسْكِتَتْ، فَاَوْحَى اللّٰهُ اِلَيْهَا: لَا تَخْضَعِينَ، لَاُزَيِّنَنَّ رُكْنَيْكِ بِالْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ، فَمَاسَتْ كَمَا تَمِيسُ الْعَرُوسُ فِي خِدْرِهَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جنت نے دوزخ کے سامنے فخر کیا' کہا: میں تجھ سے بہتر ہوں' جہنم نے کہا: نہیں! میں تجھ سے بہتر ہوں! جنت نے دوزخ سے کہا: کیسے؟ جہنم نے کہا: کیونکہ میرے اندر جبار' نمرود' فرعون ہوں گے۔ جنت خاموش ہوگئی' اللہ عزوجل نے جنت کی طرف وحی کی (فرمایا:) میں تم کو رسوا نہیں کروں گا' میں تجھے حسن و حسین سے مزین کروں گا' جنت نرم ہوگئی جس طرح دلہن پردہ میں نرم ہوتی ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْمُخْتَارِ بْنِ فُلْفُلٍ اِلَّا سُلَيْمَانُ بْنُ الْمُغِيرَةِ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبَّادُ بْنُ صُهَيْبٍ

یہ حدیث مختار بن فلفل سے سلیمان بن مغیرہ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عباد بن صہیب اکیلے ہیں۔

---

رقم الحديث: 608' وأحمد: المسند جلد 6 صفحه 266 رقم الحديث: 26079 . ولفظ المصنف عند ابن ماجة' وأحمد .

7120- اسناده فيه: عباد بن صهيب: متروك . وانظر: مجمع الزوائد جلد 9 صفحه 187 .

**7121** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نُوحٍ، ثَنَا يَحْيَى بْنُ غَيْلَانَ، نَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَسْلَمِيُّ، عَنْ عُتْبَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبْزَى، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ، اَنَّهُ اَصَابَتْهُ جَنَابَةٌ، وَلَيْسَ مَعَهُ مَاءٌ، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّمَا يَكْفِيكَ اَنْ تَمْسَحَ وَجْهَكَ وَكَفَّيْكَ بِالتُّرَابِ، ضَرْبَةً لِلْوَجْهِ، وَضَرْبَةً لِلْكَفَّيْنِ

حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: مجھ پر غسل فرض ہوا' وہاں پانی نہیں تھا (تو میں زمین پر ایسے لیٹا جس طرح جانور لیٹتا ہے)۔ حضور ﷺ نے (مجھے) فرمایا: تمہارے لیے اتنا ہی کافی ہے کہ تم اپنے چہرے اور ہتھیلیوں پر مٹی سے مسح کر لیتے' ایک ضرب چہرے اور ایک ضرب دونوں ہتھیلیوں کے لیے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي عُمَيْسٍ عُتْبَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ اِلَّا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدٍ

یہ حدیث ابوعمیس عتبہ بن عبداللہ سے ابراہیم بن محمد روایت کرتے ہیں۔

**7122** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نُوحِ بْنِ حَرْبٍ، ثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الصَّوَّافُ، ثَنَا سَعِيدُ بْنُ نُوحٍ الضُّبَعِيُّ، حَدَّثَنِي خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ، وَاَحْمَدُ بْنُ الْاَشْعَثِ الضُّبَعِيَّانِ، عَنْ حُصَيْنِ بْنِ حَرْبِ بْنِ حُصَيْنٍ الضُّبَعِيِّ، عَنْ اَبِي جَمْرَةَ نَصْرِ بْنِ عِمْرَانَ الضُّبَعِيِّ، عَنْ جَدِّهِ نُوحِ بْنِ مَخْلَدٍ، اَنَّهُ اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ بِمَكَّةَ، فَسَاَلَهُ: مِمَّنْ اَنْتَ؟ قَالَ: اَنَا مِنْ بَنِي ضُبَيْعَةَ بْنِ رَبِيعَةَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: خَيْرُ رَبِيعَةَ عَبْدُ الْقَيْسِ، ثُمَّ الْحَيُّ الَّذِي اَنْتَ مِنْهُمْ، وَاَبْضَعَ مَعَهُ فِي جَيْشٍ اِلَى الْيَمَنِ

حضرت نوح بن مخلد سے روایت ہے کہ وہ حضور ﷺ کے پاس آئے مکہ میں' آپ نے پوچھا: تم کون ہو؟ عرض کی: میں ضبیعہ بن ربیعہ کے قبیلہ سے ہوں۔ حضور ﷺ نے فرمایا: قبیلہ ربیعہ سے بہتر عبدالقیس ہیں' پھر وہ قبیلہ جس میں تو ہے' آپ نے ان کے ساتھ نو آدمیوں کا گروہ یمن کی طرف بھیجا۔

---

**7121**- أخرجه البخاري: التيمم جلد **1** صفحه **543** رقم الحديث: **347**' ومسلم: الحيض جلد **1** صفحه **280**.

**7122**- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد **10** صفحه **52** وعزاه الى الطبراني في الكبير أيضًا وقال: وفيه من لم أعرفهم .

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ نُوحِ بْنِ مَخْلَدٍ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الصَّوَّافُ

یہ حدیث نوح بن مخلد سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں اسحاق بن ابراہیم الصواف اکیلے ہیں۔

7123 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نُوحِ بْنِ حَرْبٍ، ثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُعَلَّى الْآدَمِيُّ، ثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ صُبَيْحٍ الْكُوفِيُّ، ثَنَا أَبُو أُوَيْسٍ، عَنْ ثَوْرِ بْنِ يَزِيدَ، وَمُوسَى بْنِ مَيْسَرَةَ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: سُئِلَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْمُسْتَحَاضَةِ، فَقَالَ: تِلْكَ رَكْضَةٌ مِنَ الشَّيْطَانِ فِي رَحِمِهَا

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ سے مستحاضہ کے متعلق پوچھا' آپ نے فرمایا: یہ شیطان کی طرف سے رحم میں......

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ ثَوْرٍ، وَمُوسَى بْنِ مَيْسَرَةَ إِلَّا أَبُو أُوَيْسٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: إِسْمَاعِيلُ بْنُ صُبَيْحٍ

جناب ثور اور موسیٰ بن میسرہ سے اس حدیث کو ابواویس نے روایت کیا' اسماعیل بن صبیح اکیلے ہیں۔

7124 - وَبِهِ: نَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ صُبَيْحٍ، نَا مُبَارَكُ بْنُ حَسَّانَ، حَدَّثَنِي نَافِعٌ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ابْنَ آدَمَ ثِنْتَانِ، لَيْسَ لَكَ وَاحِدَةٌ مِنْهُمَا، جَعَلْتُ لَكَ نَصِيبًا فِي مَالِكَ إِذَا أَخَذْتَ بِكَظْمِكَ لِأُطَهِّرَكَ بِهِ وَأُزَكِّيَكَ، وَصَلَاةُ عِبَادِي عَلَيْكَ بَعْدَ انْقِضَاءِ أَجَلِكَ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: اے آدم کے بیٹے! دو چیزیں ہیں تیرے لیے ان میں سے ایک نہیں ہے' تیرے مال میں تیرے لیے میں نے حصہ بنایا ہے' جب تُو اسے محنت سے حاصل کرے تاکہ میں تجھے ظاہری و باطنی پاکی عطا کروں' تیری عمر گزرنے کے بعد تیرے اوپر میرے بندوں کی نماز ہے۔

---

7123- اسناده فيه: محمد بن نوح بن حرب العسكرى: لم أجده ـ تخريجه: الطبرانى فى الكبير' وانظر: مجمع الزوائد جلد1صفحه283 .

7124- أخرجه ابن ماجة: الوصايا جلد2صفحه904 رقم الحديث: 2710 ـ فى الزوائد: فى اسناده مقال' لأن صالح بن محمد بن يحيىٰ' لم أر لأحد فيه كلامًا' لا يجرح ولا غيره ـ ومبارك بن حسان وثقه ابن معين' وقال النسائى: ليس بالقوى' وقال أبو داؤد: منكر الحديث' وذكره ابن حبان فى الثقات' يخطئ ويخالف' وقال الأزدى: متروك' وباقى رجال الاسناد على شرط الشيخين .

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ نَافِعِ بْنِ مُبَارَكِ بْنِ حَسَّانَ، تَفَرَّدَ بِهِ: إِسْمَاعِيلُ بْنُ صُبَيْحٍ

یہ حدیث حضرت نافع سے مبارک بن حسان روایت کرتے ہیں۔اس کو روایت کرنے میں اسماعیل بن صبیح اکیلے ہیں۔

**7125** - وَبِهِ: حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ صُبَيْحٍ، عَنِ ابْنِ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ مُسْلِمٍ الْبَطِينِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: كَمْ تَعُدُّونَ لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْدَ خُرُوجِهِ؟ قَالُوا: عَشْرًا بِمَكَّةَ، وَعَشْرًا بِالْمَدِينَةِ قَالَ: وَإِنَّكُمْ لَتَقُولُونَ ذَلِكَ؟ قُلْنَا: نَعَمْ قَالَ: نَعَمْ، وَخَمْسٌ وَسَبْعٌ عَلَى نَحْوِ مَا قَالَ عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے لیے اُن کے تشریف لے جانے کے بعد کتنا شمار کرتے ہو؟ انہوں نے کہا: دس سال مکہ دس سال مدینہ میں۔حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: تم یہ کہتے ہو؟ ہم نے عرض کی: جی ہاں! حضرت ابن عباس نے فرمایا: جی ہاں! پانچ اور سات سال اس کے مطابق جو حضرت علی نے فرمایا ہے۔

**7126** - وَبِهِ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ السُّلَمِيِّ، عَنْ عُثْمَانَ قَالَ: بَعَثَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَفْدًا إِلَى الْيَمَنِ، فَأَمَّرَ عَلَيْهِمْ أَمِيرًا مِنْهُمْ، وَهُوَ أَصْغَرُهُمْ، فَمَكَثَ أَيَّامًا لَمْ يَسِرْ، فَلَقِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلًا مِنْهُمْ، فَقَالَ: يَا فُلَانُ، مَا لَكَ، أَمَا انْطَلَقْتَ؟ قَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، أَمِيرُنَا يَشْتَكِي رِجْلَهُ، فَأَتَاهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، إِذْ نَفَثَ عَلَيْهِ: بِسْمِ اللَّهِ وَبِاللَّهِ، أَعُوذُ بِعِزَّةِ اللَّهِ وَقُدْرَتِهِ مِنْ شَرِّ مَا فِيهَا، سَبْعَ مَرَّاتٍ، فَبَرَأَ الرَّجُلُ فَقَالَ لَهُ شَيْخٌ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، أَتُؤَمِّرُهُ عَلَيْنَا وَهُوَ أَصْغَرُنَا؟ فَذَكَرَ

حضرت عثمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ایک وفد یمن کی طرف بھیجا' ان پر ان میں سے ایک امیر بنایا' وہ ان میں چھوٹا تھا عمر میں' اب چند دن ٹھہرے آپ نہیں چلے' ان میں سے ایک آدمی حضور ﷺ سے ملا' آپ نے فرمایا: اے فلان! آپ کو کیا ہوا! آپ نہیں گئے؟ عرض کی: یارسول اللہ! ہمارے امیر کا پاؤں خراب ہے؟ اس کو حضور ﷺ کے پاس لایا گیا' آپ نے اس پر پھونک ماری' پڑھا: ''بسم اللّٰہ وباللّٰہ اعوذ بعزة اللّٰہ وقدرتہ من شر ما فیھا '' سات مرتبہ' اس کا پاؤں ٹھیک ہو گیا۔ایک بزرگ نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا آپ نے ہم پر ایسا آدمی امیر مقرر کیا جو ہم سے عمر

---

**7125**- أصله عند مسلم من طريق سفيان عن عمرو . قال: قلت لعروة: كم لبث النبي ﷺ بمكة؟ قال: عشرًا . قلت: فان ابن عباس يقول: بضع عشرة . أخرجه مسلم: الفضائل جلد4صفحه1825 .

**7126**- اسناده فيه: يحيى بن سلمة بن كهيل: متروك . وانظر: مجمع الزوائد جلد7صفحه164 .

النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قِرَاءَ تَهُ لِلْقُرْآنِ، فَقَالَ الشَّيْخُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ لَوْلَا أَنِّي أَخَافُ أَنْ أَتَوَسَّدَهُ فَلَا أَقُومُ بِهِ لَتَعَلَّمْتُهُ، فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَعَلَّمْهُ، فَإِنَّمَا مِثْلُ الْقُرْآنِ كَجِرَابٍ مَلَأْتَهُ مِسْكًا، ثُمَّ رَبَطْتَ عَلَى فِيهِ، فَإِنْ فَتَحْتَ فَاحَ رِيحُ الْمِسْكِ، وَإِنْ تَرَكْتَهُ كَانَ مِسْكًا مَوْضُوعًا، كَذَلِكَ مَثَلُ الْقُرْآنِ إِذَا قَرَأْتَهُ، أَوْ كَانَ فِي صَدْرِكَ

میں چھوٹا ہے؟ حضور ﷺ نے اس کی قرأت ذکر کی۔ بزرگ نے عرض کی: یارسول اللہ! اگر مجھے خوف نہ ہوتا' ٹیکس کا خوف نہ ہوتا تو میں قرآن سیکھ کر کھڑا ہوتا۔ حضور ﷺ نے اس بزرگ کو فرمایا: قرآن سیکھو کیونکہ قرآن کی مثال اس تھیلی کی طرح ہے جس میں مشک خوشبو بھری ہوئی ہو' پھر اوپر سے باندھ دیا گیا ہو' اگر اس کو کھولا جائے تو اس سے خوشبو مہکنا شروع ہو جائے' اگر چھوڑ دیا جائے تو اس کی خوشبو بند ہی رہے گی' اسی طرح قرآن کی مثال ہے جب تُو پڑھے یا تیرے سینے میں ہو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ إِلَّا ابْنُهُ يَحْيَى، تَفَرَّدَ بِهِمَا: إِسْمَاعِيلُ بْنُ صُبَيْحٍ

یہ دونوں حدیثیں سلمہ بن کہیل سے ان کے بیٹے یحییٰ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں اسماعیل بن صبیح اکیلے ہیں۔

**7127** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نُوحِ بْنِ حَرْبٍ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارٍ الْعَيْشِيُّ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ الْقُرَشِيُّ، ثَنَا يَزِيدُ بْنُ دِرْهَمٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: مَرَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى أُنَاسٍ بِمَكَّةَ، فَجَعَلُوا يَغْمِزُونَ فِي قَفَاهُ، وَيَقُولُونَ: هَذَا الَّذِي يَزْعُمُ أَنَّهُ نَبِيٌّ، وَمَعَهُ جِبْرِيلُ فَغَمَزَ جِبْرِيلُ بِإِصْبَعِهِ، فَوَقَعَ مِثْلُ الظُّفُرِ فِي أَجْسَادِهِمْ، فَصَارَتْ قُرُوحًا، حَتَّى نَتُنُوا، فَلَمْ يَسْتَطِعْ أَحَدٌ أَنْ يَدْنُوَ مِنْهُمْ فَأَنْزَلَ اللّٰهُ: (إِنَّا كَفَيْنَاكَ الْمُسْتَهْزِئِينَ) (الحجر: 95)

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ مکہ میں کچھ لوگوں کے پاس سے گزرے' وہ آپ پر عیب لگانے لگے اور کہنے لگے: یہ نبی ہے جو دعویٰ نبوت کا کرتا ہے۔ آپ کے ساتھ حضرت جبریل علیہ السلام تھے۔ حضرت جبریل علیہ السلام نے اپنی انگلی دبائی' ایسے معلوم ہوا کہ ناخن ان کے جسم پر لگا ہے' ان کو زخم ہو گیا یہاں تک کہ بدبو آنے لگی' ان میں سے کسی کو آگے ہونے کی جرأت نہ ہوئی۔ اللہ عزوجل نے یہ آیت نازل فرمائی: ''ہم آپ سے مذاق کرنے والے سے بدلہ لینے کے لیے کافی ہیں''۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَنَسٍ إِلَّا يَزِيدُ بْنُ

یہ حدیث حضرت انس سے یزید بن ادھم روایت

**7127**- أسناده فيه: يزيد بن درهم أبو العلاء: ضعيف . وأخرجه البزار أيضًا . وانظر: مجمع الزوائد جلد7صفحه49 .

دِرْهَمٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ الْقُرَشِيُّ

کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں محمد بن عثمان القرشی اکیلے ہیں۔

7128 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نُوحٍ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارٍ الْعَيْشِيُّ، ثَنَا رَوْحُ بْنُ عَطَاءِ بْنِ أَبِي مَيْمُونَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ تَبِعَ جَنَازَةً فَصَلَّى عَلَيْهَا فَلَهُ قِيرَاطٌ مِنَ الْأَجْرِ، فَإِنِ انْتَظَرَهَا حَتَّى يُقْضَى قَضَاؤُهَا فَلَهُ قِيرَاطَانِ، قَالُوا: وَمَا الْقِيرَاطُ يَا رَسُولَ اللَّهِ؟ قَالَ: مِثْلُ أُحُدٍ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو جنازہ کے ساتھ چلا' نمازِ جنازہ پڑھ کر واپس آیا' اس کے لیے ایک قیراط کے برابر ثواب ہوگا' اگر دفن کر کے واپس آیا تو اس کے لیے دو قیراط کے برابر ثواب ہے۔ صحابہ کرام نے عرض کی: قیراط کتنا بڑا ہوتا ہے؟ آپ نے فرمایا: اُحد پہاڑ کی طرح۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَطَاءِ بْنِ أَبِي مَيْمُونَةَ إِلَّا ابْنُهُ

اس حدیث کو عطاء بن ابی میمونہ سے صرف ان کے بیٹے نے روایت کیا۔

7129 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نُوحِ بْنِ حَرْبٍ، ثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ عَرْعَرَةَ السَّامِيُّ، ثَنَا فَضَالَةُ بْنُ حُصَيْنٍ الْعَطَّارُ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا أُتِيَ أَحَدُكُمْ بِالطِّيبِ فَلْيَمَسَّ مِنْهُ، وَإِذَا أُتِيَ بِالْحَلْوَى فَلْيُصِبْ مِنْهَا

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کسی کے پاس خوشبو لائی جائے تو وہ اس کے لیے ہے' جب کوئی میٹھی شی لے کر آئے تو اس سے ذائقہ کے طور پر لے لے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو إِلَّا فَضَالَةُ بْنُ حُصَيْنٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: إِبْرَاهِيمُ بْنُ عَرْعَرَةَ السَّامِيُّ

یہ حدیث محمد بن عمرو سے فضالہ بن حصین روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ابراہیم بن عرعرہ السامی اکیلے ہیں۔

---

7128- اسناده فيه: روح بن عطاء بن أبي ميمونة: ضعيف' ضعفه ابن معين' وغيره' وقال أحمد: منكر الحديث' وقال ابن عدى: ما أرى برواياته بأسًا . وأخرجه أيضًا أبو يعلىٰ' وانظر: مجمع الزوائد جلد3صفحه33 .

7129- اسناده فيه: فضالة بن حصطين العطار' ذكره غير واحد في الضعفاء' وقال أبو حاتم: مضطرب الحديث . وانظر: مجمع الزوائد جلد5صفحه40 .

7130 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نُوحٍ ثَنَا الصَّلْتُ بْنُ مَسْعُودٍ الْجَحْدَرِيُّ، ثَنَا عَلِيُّ بْنُ ثَابِتٍ، عَنِ الْوَازِعِ بْنِ نَافِعٍ الْعُقَيْلِيِّ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ خَوْلَةَ بِنْتِ الْيَمَانِ، أُخْتِ حُذَيْفَةَ، قَالَتْ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا خَيْرَ فِي جَمَاعَةِ النِّسَاءِ، إِلَّا عِنْدَ مَيِّتٍ، فَإِنَّهُنَّ إِذَا اجْتَمَعْنَ قُلْنَ وَقُلْنَ

حضرت خولہ بنت یمان رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو عورتوں کے پاس فرماتے ہوئے سنا: عورتوں کے جمع ہونے میں خیر نہیں ہے سوائے میت کے پاس' کیونکہ جب یہ جمع ہوتی ہیں یہ بولتی ہی بولتی ہیں۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ خَوْلَةَ بِنْتِ الْيَمَانِ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: الصَّلْتُ بْنُ مَسْعُودٍ

یہ حدیث خولہ بنت یمامہ سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں صلت بن مسعود اکیلے ہیں۔

7131 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نُوحِ بْنِ حَرْبٍ، ثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ الضَّبِّيُّ، ثَنَا الْحَسَنُ بْنُ صَالِحِ بْنِ أَبِي الْأَسْوَدِ، ثَنَا عَمِّي مَنْصُورُ بْنُ أَبِي الْأَسْوَدِ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ شِمْرِ بْنِ عَطِيَّةَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ الْأَنْصَارِيِّ قَالَ: أُتِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ بَدْرٍ بِنِطْعٍ مِنَ الْغَنِيمَةِ، فَقِيلَ: اسْتَظِلَّ بِهِ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَقَالَ: تُحِبُّونَ أَنْ يُسْتَظَلَّ بَيْنَكُمْ بِظِلٍّ مِنْ نَارٍ يَوْمَ الْقِيَامَةِ؟

حضرت ابوحازم انصاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس بدر کے دن مالِ غنیمت سے خیمہ لایا گیا' آپ سے عرض کی گئی: یارسول اللہ! آپ اس کے سایہ میں تشریف فرما ہوں' آپ نے فرمایا: تم پسند کرتے ہو کہ تمہارے درمیان قیامت کے دن کی آگ سے سایہ لیا جائے۔

7132 - وَبِهِ: عَنْ أَبِي حَازِمٍ الْأَنْصَارِيِّ قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ بَدْرٍ فِي

حضرت ابوحازم القاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سایہ میں تھے اور آپ کے صحابہ بدر کے دن

---

7130- اسناده فيه: الوازع بن نافع العقيلي: متروك . وانظر: مجمع الزوائد جلد2صفحه333 .

7131- اسناده فيه: الحسن بن صالح بن أبي الأسود الليثي' ذكره ابن حبان في الثقات جلد 8صفحه168 وترجمه الذهبي في الميزان جلد1صفحه496 وابن حجر في اللسان جلد2صفحه214 وفيهما: ابن الأسود' ونقلا عن الأزدي: زائغ حائد عن الحق . وانظر: مجمع الزوائد جلد5صفحه342 .

7132- اسناده فيه: الحسن بن صالح بن أبي الأسود: ضعيف . وانظر: مجمع الزوائد جلد6صفحه86 .

الظِّلِّ، وَاَصْحَابُهُ فِی الشَّمْسِ يُقَاتِلُونَ، فَاَتَاهُ جِبْرِيلُ، فَقَالَ: اَنْتَ فِی الظِّلِّ وَالْمُسْلِمُونَ فِی الشَّمْسِ يُقَاتِلُونَ؟ فَقَامَ، فَتَحَوَّلَ اِلَی الشَّمْسِ

لَمْ يَرْوِ هَذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنِ الْاَعْمَشِ اِلَّا مَنْصُورُ بْنُ اَبِی الْاَسْوَدِ، وَلَا رَوَاهُمَا عَنْ مَنْصُورٍ اِلَّا ابْنُ اَخِيهِ الْحَسَنُ بْنُ صَالِحِ بْنِ اَبِی الْاَسْوَدِ، تَفَرَّدَ بِهِمَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ

**7133** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نُوحِ بْنِ حَرْبٍ، ثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ، ثَنَا عَمْرُو بْنُ النُّعْمَانِ، ثَنَا عَلِیُّ بْنُ الْحَزَوَّرِ، عَنْ نُفَيْعٍ اَبِی دَاوُدَ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ، وَاَبِی بَرْزَةَ، قَالَا: كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِی جَنَازَةٍ، فَرَاَی اَقْوَامًا قَدْ طَرَحُوا اَرْدِيَتَهُمْ يَمْشُونَ فِی الْقَمِيصِ، فَقَالَ: اَبِفِعْلِ الْجَاهِلِيَّةِ تَاْخُذُونَ؟ اَوْ بِصَنِيعِ الْجَاهِلِيَّةِ تَشَبَّهُونَ؟ لَقَدْ هَمَمْتُ اَنْ اَدْعُوَ عَلَيْكُمْ دَعْوَةً تَرْجِعُونَ فِی غَيْرِ صُوَرِكُمْ، فَاَخَذَ الْقَوْمُ اَرْدِيَتَهُمْ، فَارْتَدَوْا

لَا يُرْوَی هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ الْحُصَيْنِ وَاَبِی بَرْزَةَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ

سورج کی گرمی میں لڑ رہے تھے آپ کے پاس حضرت جبریل علیہ السلام آئے عرض کی: آپ سایہ میں ہیں اور آپ کے غلام سورج کی گرمی میں لڑ رہے ہیں؟ آپ کھڑے ہوئے اور سورج کی گرمی میں چلے گئے۔

یہ دونوں حدیثیں اعمش سے منصور بن ابواسود اور ان دونوں سے منصور اور ان سے ان کے بھائی بیٹے حسن بن صالح بن ابواسود روایت کرتے ہیں۔ ان دونوں کو روایت کرنے میں احمد بن عبدہ اکیلے ہیں۔

حضرت عمران بن حصین اور ابو بردہ رضی اللہ عنہما دونوں فرماتے ہیں کہ ہم حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ تھے ایک جنازہ میں آپ نے کچھ لوگوں کو دیکھا انہوں نے اپنے تہبند اتار دیئے اور قمیص پہن کر چلنے لگے۔ آپ نے فرمایا: کیا تم جاہلیت والے کام کرتے ہو یا جاہلیت والے کام کرنے کی مشابہت کرتے ہو؟ میں نے ارادہ کیا کہ تمہارے لیے ایسی بددعا کروں کہ تمہاری صورتیں بدل جائیں لوگوں نے اپنے تہبند دوبارہ پہن لیے۔

یہ حدیث عمران بن حصین اور ابو برزہ سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں احمد بن عبدہ اکیلے ہیں۔

**7133**- أخرجه ابن ماجة: الجنائز جلد **1** صفحه **476** رقم الحديث: **1485** . وفی الزوائد: هذا اسناد ضعيف . فيه نفيع بن الحارث أبو داؤد الأعمٰی، تركه غير واحد، ونسبه يحيیٰ بن معين وغيره للوضع . وعلی بن الحزور، كذلك متروك الحديث . وقال البخاری: منكر الحديث عنده عجائب . والطبرانی فی الكبير جلد **18** صفحه **239** رقم الحديث: **601** وقال: واسناده واه جدًا .

**7134** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نُوحِ بْنِ حَرْبٍ، ثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُسْتَمِرِّ الْعُرُوقِيُّ، ثَنَا يَحْيَى بْنُ عَاصِمٍ، صَاحِبُ اَبِي عَاصِمٍ، حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ حُمْرَانَ اَبُو عَبْدِ اللّٰهِ، حَدَّثَنِي شُعَيْبُ بْنُ سَالِمٍ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ اَبِي مُوسَى، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُصَلِّي بَعْدَ الْعَصْرِ رَكْعَتَيْنِ وَكَانَ اَبُو مُوسَى يُصَلِّيهِمَا

حضرت جعفر بن ابوموسیٰ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نمازِ عصر کے بعد دو رکعت پڑھتے تھے‘ حضرت ابوموسیٰ دونوں کو پڑھتے تھے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ اَبِي مُوسَى اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُسْتَمِرِّ

یہ حدیث جعفر بن ابوموسیٰ سے اسی سند سے روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ابراہیم بن مستمر اکیلے ہیں۔

**7343** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبَانَ، نَا مُحَمَّدُ الْوَضَّاحُ الْهَاشِمِيُّ، نَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ، نَا اَبُو عَامِرٍ الْخَزَّازُ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هِلَالٍ، ثَنَا نَصْرُ بْنُ عَاصِمٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ قُرْطٍ قَالَ: مَرَرْتُ بِالْكُوفَةِ، فَدَخَلْتُ الْمَسْجِدَ، فَاِذَا اَنَا بِقَوْمٍ جُلُوسٍ كَاَنَّمَا قُطِعَتْ رُءُ وسُهُمْ، فَجَلَسْتُ فِي اَدْنَى الْقَوْمِ، فَقُلْتُ لِرَجُلٍ: يَا عَبْدَ اللّٰهِ، مَنْ هَذَا الرَّجُلُ؟ فَقَالَ: كَاَنَّكَ غَرِيبٌ، قُلْتُ: نَعَمْ قَالَ: اَمَا اِنَّكَ لَوْ كُنْتَ مِنْ اَهْلِهَا لَعَرَفْتَهُ، هَذَا حُذَيْفَةُ بْنُ الْيَمَانِ، فَاَنْشَا يُحَدِّثُ الْقَوْمَ، فَقَالَ: اِنَّ النَّاسَ كَانُوا يَسْاَلُونَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْخَيْرِ، وَاَسْاَلُهُ اَنَا عَنِ الشَّرِّ، حَتَّى اَتَّقِيَهُ، وَاَعْلَمُ اَنَّ الْخَيْرَ لَنْ يَفُوتَنِي قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، هَلْ بَعْدَ هَذَا الْخَيْرِ الَّذِي يَجِيءُ فِيهِ مِنْ شَرٍّ؟ قَالَ: يَا حُذَيْفَةُ، تَعَلَّمْ كِتَابَ اللّٰهِ وَاعْمَلْ بِمَا فِيهِ ثُمَّ قَالَ: نَعَمْ، فِتْنَةٌ وَاخْتِلَافٌ فَقُلْتُ: اَفَيَكُونُ بَعْدَ ذَلِكَ مِنْ خَيْرٍ؟ قَالَ: نَعَمْ، جَمَاعَةٌ عَلَى اَقْذَاءٍ وَهُدْنَةٌ عَلَى دَخَنٍ قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَبَعْدَ ذَلِكَ الْخَيْرِ مِنْ شَرٍّ؟ قَالَ: يَا حُذَيْفَةُ، تَعَلَّمْ كِتَابَ اللّٰهِ وَاعْمَلْ بِمَا فِيهِ ، حَتَّى سَاَلْتُهُ اَيْضًا ثَلَاثَ مِرَارٍ، يَقُولُ مِثْلَ ذَلِكَ، ثُمَّ قَالَ: نَعَمْ، يَكُونُ فِتْنَةٌ، عَلَى

حضرت عبدالرحمٰن بن قرط فرماتے ہیں کہ میں کوفہ کے پاس سے گزرا' میں مسجد میں داخل ہوا' وہاں ایک قوم بیٹھی ہوئی تھی' ایسے معلوم ہوتا تھا کہ ان کے سر کٹے ہوئے ہیں' میں قوم کے پاس بیٹھ گیا' میں نے ایک آدمی سے کہا: اے اللہ کے بندے! یہ آدمی کون ہیں؟ اس نے کہا: ایسے محسوس ہوتا ہے کہ تم مسافر ہو! میں نے کہا: جی ہاں! اس نے کہا: اگر تُو کوفہ کا ہوتا تو انہیں پہچانتا' یہ حذیفہ بن یمان ہے۔ حضرت حذیفہ لوگوں کو بتا رہے تھے کہ صحابہ کرام رسول اللہ ﷺ سے نیکیوں کے متعلق پوچھتے تھے اور میں بُرائی کے متعلق پوچھتا تھا اور اس سے پرہیز کرتا' یقین کرو نیکی ضائع نہیں ہوتی۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا نیکی کے بعد بُرائی بھی آئے گی؟ آپ نے فرمایا: اے حذیفہ! قرآن پاک کا علم حاصل کرو اور اس میں جو احکامات ہیں ان پر عمل کرو۔ پھر آپ نے فرمایا: جی ہاں! فتنے بھی ہوں گے اور اختلافات بھی ہوں گے۔ میں نے عرض کی: کیا بُرائی کے بعد خیر ہو گی؟ آپ نے فرمایا: ہاں! میں نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! کیا نیکی کے بعد بُرائی ہو گی؟ آپ نے فرمایا: اے حذیفہ! قرآن پاک پڑھو اور اس میں جو احکامات ہیں ان پر عمل کرو۔ میں نے تین مرتبہ یہ سوال کیا اور آپ نے تینوں مرتبہ یہی

---

**7343**- أخرجه البخاري: المناقب جلد**6** صفحه**712** رقم الحديث: **3606**' ومسلم: الامارة جلد**3** صفحه**1475** حدثنا من طريق الوليد قال: حدثني ابن جابر قال: حدثني بسر بن عبد الله الحضرمي قال: حدثني أبو ادريس الخولاني أنه سمع حذيفة بن اليمان يقول فذكره . وأحمد: المسند جلد **5** صفحه **451** رقم الحديث: **23344** واللفظ له .

اَبْـوَابِهَـا دُعَـاةٌ اِلَـى الـنَّارِ، فَاَنْ تَمُوتَ حِينَ تَمُوتُ وَاَنْتَ عَاضٌّ عَلَى جَذْلٍ، خَيْرٌ مِنْ اَنْ تَتْبَعَ اَحَدَهُمْ

جواب دیا اور آپ نے فرمایا: فتنوں کے دروازے پر لوگوں کو جہنم کی طرف بلایا جائے گا' اگر تُو اُس وقت مرنا چاہے اس حالت میں مرنا تو لڑائی سے دور ہو اور نیکی کی خواہش کرنے والا ہو۔

لَـمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِى عَامِرٍ الْخَزَّازِ اِلَّا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ

یہ حالت ابو عامر الخزاز' روح بن عبادہ سے روایت کرتے ہیں۔

**7344** - حَـدَّثَـنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبَانَ، نَا مُحَمَّدُ بْـنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُبَيْدِ بْنِ عَقِيلٍ الْمُقْرِءُ، نَا مُسْلِمُ بْنُ اِبْـرَاهِيـمَ، نَـا الْحَسَنُ بْنُ اَبِى جَعْفَرٍ، عَنْ اَشْعَثَ بْنِ جَابِـرٍ الْـحُـدَّانِـيِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ اَبِى هُـرَيْـرَـةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ تَابَ قَبْلَ طُلُوعِ الشَّمْسِ مِنْ مَغْرِبِهَا تَابَ اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آپ نے فرمایا: جس نے سورج مغرب سے طلوع ہونے سے پہلے توبہ کر لی تو اللہ عزوجل اس کی توبہ قبول کرے گا۔

لَـمْ يَـرْوِ هَـذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَشْعَثَ اِلَّا الْحَسَنُ بْـنُ اَبِـى جَـعْـفَـرٍ، وَلَا عَـنِ الْـحَسَنِ اِلَّا مُسْلِمُ بْنُ اِبْـرَاهِيـمَ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُبَيْدِ بْنِ عَقِيلٍ

یہ حدیث اشعث' حسن بن ابوجعفر سے اور حسن سے مسلم بن ابراہیم روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں محمد بن عبداللہ بن عبید بن عقیل اکیلے ہیں۔

**7345** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبَانَ، ثَنَا رَوْحُ بْنُ حَـاتِـمٍ اَبُـو غَسَّـانَ الْـجُذُوعِيُّ، نَا عَمْرُو بْنُ عَاصِمٍ الْـكِلَابِـيُّ، نَـا مُـعْـتَـمِـرُ بْـنُ سُلَيْمَانَ، عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ مَرْوَانَ، عَنْ غَيْلَانَ بْـنِ جَرِيـرٍ، عَنْ اَبِى بُرْدَةَ، عَنْ

حضرت ابوموسیٰ فرماتے ہیں کہ ہم حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ تھے ایک سفر میں' ہم میں سے کچھ حالتِ روزہ میں تھے اور کچھ حالتِ افطاری میں تھے۔ روزہ داروں نے افطار کرنے والوں اور افطار کرنے والوں نے روزہ

---

**7344**- اسناده فيه: الحسن بن أبى جعفر: ضعيف . وانظر: مجمع الزوائد جلد**10**صفحه**201** قلت: هذا الحديث ليس من الزوائد فقد أخرجه مسلم من طرق عن هشام بن حسان' عن محمد بن سيرين: عن أبى هريرة مرفوعًا بمثله .

**7345**- اسناده فيه: الوليد بن مروان: مجهول (اللسان جلد**6**صفحه**226**) وأخرجه أيضًا البزار . وانظر مجمع الزوائد جلد**3**صفحه**162** .

اَبِی مُوسَی قَالَ: كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي سَفَرٍ، مِنَّا الصَّائِمُ وَمِنَّا الْمُفْطِرُ، فَلَمْ يَعِبِ الصَّائِمُ عَلَى الْمُفْطِرِ، وَلَا الْمُفْطِرُ عَلَى الصَّائِمِ

داروں پر اعتراض نہیں کیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ غَيْلَانَ بْنِ جَرِيرٍ اِلَّا الْوَلِيدُ بْنُ مَرْوَانَ، وَلَا عَنِ الْوَلِيدِ اِلَّا مُعْتَمِرٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَمْرُو بْنُ عَاصِمٍ

یہ حدیث غیلان بن جریر سے ولید بن مروان اور ولید سے معتمر روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عمرو بن عاصم اکیلے ہیں۔

7346 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبَانَ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اللَّيْثِ اَبُو الصَّبَّاحِ الْهَدَادِيُّ، ثَنَا بَكْرُ بْنُ يَحْيَى بْنِ زَبَّانَ، نَا مِنْدَلُ بْنُ عَلِيٍّ، عَنِ ابْنِ اَبِي نَجِيحٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ: رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَوَضَّاَ مَرَّةً مَرَّةً، ثُمَّ قَامَ فَصَلَّى

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو اعضاءِ وضو کو ایک ایک مرتبہ دھوتے ہوئے دیکھا' پھر آپ کھڑے ہوئے اور نماز پڑھی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ اَبِي نَجِيحٍ اِلَّا مِنْدَلٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: بَكْرُ بْنُ يَحْيَى

یہ حدیث ابن ابونجیح سے مندل روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں بکر بن یحییٰ اکیلے ہیں۔

7347 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبَانَ، ثَنَا سَوَّارُ بْنُ سَهْلٍ اَبُو سَهْلٍ الْمَخْزُومِيُّ، نَا سَعِيدُ بْنُ عَامِرٍ الضُّبَعِيُّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي عَرُوبَةَ، عَنْ اَيُّوبَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا وَضَعْتُمْ مَوْتَاكُمْ فِي الْقُبُورِ فَقُولُوا: بِسْمِ اللّٰهِ وَعَلَى مِلَّةِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تم اپنے مُردوں کو قبروں میں رکھو' پڑھو: ''بسم اللّٰہ وعلیٰ ملة رسول اللّٰہ''۔

7346- اسناده فيه: مندل بن على العنزى أبو عبد الله الكوفى: ضعيف (التقريب) . وأخرجه أيضًا البزار' الوضوء فقط . وانظر مجمع الزوائد جلد1صفحه235 .

7347- أخرجه أحمد: المسند جلد2صفحه38 رقم الحديث: 4811' والحاكم فى المستدرك جلد1صفحه366 وقال: صحيح على شرط الشيخين ولم يخرجاه وقال الذهبى: على شرطهما وقد وقفه شعبة . وأبو نعيم: الحلية جلد3صفحه102 وقال: لم يرفعه عن قتادة الا همام . ورواه شعبة وهمام موقوفًا .

وَسَلَّمَ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَيُّوبَ إِلَّا سَعِيدُ بْنُ أَبِي عَرُوبَةَ، وَلَا عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي عَرُوبَةَ إِلَّا سَعِيدُ بْنُ عَامِرٍ، وَلَا عَنْ سَعِيدٍ إِلَّا سَوَّارُ بْنُ سَهْلٍ

یہ حدیث ایوب سے سعید بن ابوعروبہ اور سعید بن ابوعروبہ سے سعید بن عامر اور سعید سے سوار بن سہل روایت کرتے ہیں۔

**7348** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبَانَ، ثَنَا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ سُمَيْعٍ أَبُو هَمَّامٍ، ثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عَبْدِ الْمَجِيدِ، نَا عِمْرَانُ أَبُو الْعَوَّامِ، عَنْ عُمَرَ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَرَ مُنَادِيًا فَنَادَى فِي لَيْلَةٍ مَطِيرَةٍ، أَنْ صَلُّوا فِي رِحَالِكُمْ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے حکم دیا کہ اعلان کرو: بارش والی نماز گھروں میں پڑھ لو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عِمْرَانَ إِلَّا أَبُو عَلِيٍّ الْحَنَفِيُّ عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عَبْدِ الْمَجِيدِ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ السَّلَامِ

یہ حدیث عمران سے ابوعلی الحنفی، عبید اللہ بن عبدالمجید روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عبدالسلام اکیلے ہیں۔

**7349** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبَانَ، ثَنَا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ سُمَيْعٍ، ثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عَبْدِ الْمَجِيدِ، ثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَابِرٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَضَى بِالْيَمِينِ مَعَ الشَّاهِدِ الْوَاحِدِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ایک قسم اور گواہ کے ساتھ فیصلہ کیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ إِلَّا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عَبْدِ الْمَجِيدِ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ السَّلَامِ

یہ حدیث عبیداللہ بن عمر سے عبیداللہ بن عبدالمجید روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عبدالسلام اکیلے ہیں۔

---

**7348**- أخرجه البخاري: الأذان جلد **2** صفحه **184** رقم الحديث: **666**، ومسلم: المسافرين جلد **1** صفحه **484** .

**7349**- أخرجه الترمذي: الأحكام جلد **3** صفحه **619** رقم الحديث: **1344**، وابن ماجة: الأحكام جلد **2** صفحه **693** رقم الحديث: **2369** .

**7350** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبَانَ، نَا الْقَاسِمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبَّادٍ الْمُهَلَّبِيُّ، ثَنَا اَبُو عَاصِمٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: النَّدَمُ تَوْبَةٌ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ندامت توبہ ہی ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ اِلَّا اَبُو عَاصِمٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْقَاسِمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبَّادٍ

یہ حدیث ابن جریج سے ابوعاصم روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں قاسم بن محمد بن عباد اکیلے ہیں۔

**7351** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبَانَ، ثَنَا سَلَمَةُ بْنُ شَبِيبٍ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْغِفَارِيُّ، نَا حُرُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَذَّاءُ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ سُلَيْمٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَحَبُّ الدِّينِ اِلَى اللّٰهِ الْحَنِيفِيَّةُ السَّمْحَةُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ کا پسندیدہ دین وہ ہے جو باطل سے الگ تھلگ اور میانہ روی والا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ سُلَيْمٍ اِلَّا حُرُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اِبْرَاهِيمَ

یہ حدیث صفوان بن سلیم سے حر بن عبداللہ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عبداللہ بن ابراہیم اکیلے ہیں۔

**7352** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبَانَ، ثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبَّادٍ الْمُهَلَّبِيُّ، ثَنَا اَبُو عَاصِمٍ، نَا مَنْصُورُ بْنُ دِينَارٍ، اَخْبَرَنِي عَطَاءٌ، اَخْبَرَنِي جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ التَّمْرِ وَالْبُسْرِ، وَالزَّبِيبِ وَالتَّمْرِ، اَنْ يُنْبَذَا

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے خشک اور تر کشمش اور کھجور کو ملا کر نبیذ بنانے سے منع کیا۔

---

7350- اسناده صحيح ورجاله رجال الصحيح عدا شيخ الطبراني' وشيخه القاسم وكلاهما ثقة .

7351- اسناده فيه: عبد الله بن ابراهيم الغفاري: متروك نسبه ابن حبان الى الوضع (التقريب) . وانظر مجمع الزوائد جلد1صفحه63 .

7352- أخرجه البخاري: الأشربة جلد10صفحه69 رقم الحديث: 5601' ومسلم: الأشربة جلد3صفحه 1574 .

جَمِيعًا

**7353** - وَبِهِ: حَدَّثَنَا مَنْصُورُ بْنُ دِينَارٍ، أَخْبَرَنِي يَزِيدُ بْنُ أَبِي زِيَادٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: دَخَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَطَافَ بِالْبَيْتِ عَلَى رَاحِلَتِهِ، وَجَعَلَ يَسْتَلِمُ الرُّكْنَ بِمِحْجَنِهِ، ثُمَّ قَالَ: يَا عَبَّاسُ، هَلْ ثَمَّ شَرَابٌ؟ قَالَ: نَعَمْ قَالَ: مِمَّا خَاضَتْهُ الْحَجِيجُ بِأَيْدِيهَا، أَوْ مِمَّا فِي الْبَيْتِ؟ قَالَ: مِمَّا خَاضَتْهُ الْحَجِيجُ بِأَيْدِيهَا، فَأُتِيَ بِعُسٍّ فَرَفَعَهُ إِلَى وَجْهِهِ، فَكَرِهَهُ، ثُمَّ أَعْرَضَ، ثُمَّ قَالَ: إِنَّ لِزَبِيبِ الطَّائِفِ لَعُرَامًا، ثُمَّ قَالَ: ادْعُ لِي بِشَوْلٍ مِنْ مَاءٍ، فَأُتِيَ بِشَوْلٍ مِنْ مَاءٍ، فَشَنَّهُ عَلَيْهِ، ثُمَّ شَرِبَ وَسَقَى أَصْحَابَهُ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور ﷺ کعبہ شریف میں داخل ہوئے' آپ نے کعبہ شریف کا طواف کیا اپنی سواری پر' آپ حجر اسود کو استلام کرنے لگے چھڑی کے ساتھ' پھر فرمایا: اے ابن عباس! یہاں کوئی پانی ہے؟ انہوں نے عرض کی: ہاں! فرمایا: جس کو حاجی اپنے ہاتھ سے نکالتے ہیں اس میں سے یا گھر میں سے؟ عرض کی: اُسی میں سے جس کو حاجی نکالتے ہیں۔ ایک پیالہ لایا گیا سو آپ ﷺ نے اسے اپنے چہرے کی طرف اُٹھایا' آپ کو کراہت محسوس ہوئی' پھر آپ ﷺ نے اعراض کیا پھر فرمایا: طائف کے انگور میں نقصان ہے۔ پھر فرمایا: میرے پاس پانی بچا ہوا لاؤ! بچا ہوا پانی لایا گیا' اس کو پہلے پر ڈالا اور خود بھی پیا' تمام صحابہ کو بھی پلایا۔

**7354** - وَبِهِ: حَدَّثَنَا مَنْصُورُ بْنُ دِينَارٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي سُفْيَانَ قَالَ: قُلْتُ لِجَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ: هَلْ كُنْتُمْ تَقُولُونَ لِأَحَدٍ مِنْ أَهْلِ الْقِبْلَةِ: كَافِرٌ؟ قَالَ: لَا، قُلْتُ: وَكُنْتُمْ تَقُولُونَ: مُشْرِكٌ؟ قَالَ: مُعَاذَ اللّٰهِ

حضرت ابوسفیان فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے کہا: کیا تم میں اہل قبلہ والوں میں سے کسی کو کافر کہتے تھے؟ حضرت جابر نے فرمایا: نہیں! میں نے کہا: تم مشرک کہتے تھے: فرمایا: اللہ کی پناہ!

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَنْصُورِ بْنِ دِينَارٍ إِلَّا أَبُو عَاصِمٍ

یہ حدیث منصور بن دینار سے ابوعاصم روایت کرتے ہیں۔

---

**7353**- أخرجه أحمد: المسند جلد 1 صفحه 325 رقم الحديث: 2231 بنحوه .

**7354**- اسناده فيه: منصور بن دينار التميمي' ضعفه النسائي' وابن معين' وقال البخاري: في حديثه نظر' وذكره ابن حبان في الثقات' وقال أبو زرعة: صالح' وقال أبو حاتم: ليس به بأس (اللسان جلد 6 صفحه 95' والميزان جلد 4 صفحه 184) أخرجه أيضًا أبو يعلى في المقصد العلي' وانظر مجمع الزوائد جلد 1 صفحه 110 .

**7355** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبَانَ، نَا عَمَّارُ بْنُ خَالِدٍ الْوَاسِطِيُّ، ثَنَا عَلِيُّ بْنُ غُرَابٍ، عَنْ صَالِحِ بْنِ اَبِي الْاَخْضَرِ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ بْنِ السَّبَّاقِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ هَذَا يَوْمُ عِيدٍ جَعَلَهُ اللّٰهُ لِلْمُسْلِمِينَ، فَمَنْ جَاءَ الْجُمُعَةَ فَلْيَغْتَسِلْ، وَاِنْ كَانَ لَهُ طِيبٌ فَلْيَمَسَّ مِنْهُ، وَعَلَيْكُمْ بِالسِّوَاكِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: یہ دن مسلمانوں کے لیے عید کا دن ہے' جو جمعہ کے لیے آئے وہ غسل کرے' اگر پاس خوشبو ہو تو وہ لگائے اور مسواک تم پر لازم ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ بْنِ السَّبَّاقِ اِلَّا صَالِحُ بْنُ اَبِي الْاَخْضَرِ، وَلَا عَنْ صَالِحٍ اِلَّا عَلِيُّ بْنُ غُرَابٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَمَّارُ بْنُ خَالِدٍ وَرَوَاهُ مُعَاوِيَةُ بْنُ يَحْيَى، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ، وَرَوَاهُ ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ

یہ حدیث زہری' عبید بن سباق سے صالح بن ابوالاخضر اور صالح سے علی بن غراب روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عمار بن خالد روایت کرتے ہیں۔ اس حدیث کو معاویہ بن یحیٰی' زہری سے وہ عطاء بن یزید سے' وہ ابوایوب سے روایت کرتے ہیں۔ اس حدیث کو ابن لہیعہ' عقیل سے' وہ زہری سے' وہ حضرت انس بن مالک سے۔

**7356** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبَانَ، نَا عَمَّارُ بْنُ خَالِدٍ، نَا اَبُو صَيْفِيٍّ قَالَ: سَمِعْتُ مُجَاهِدًا اَبَا الْحَجَّاجِ، يُحَدِّثُ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ رَجُلًا اُدْخِلَ الْجَنَّةَ فَرَاَى عَبْدَهُ فَوْقَ دَرَجَتِهِ، فَقَالَ: يَا رَبِّ، هَذَا عَبْدِي فَوْقَ دَرَجَتِي فِي لْجَنَّةِ؟ فَقَالَ لَهُ: نَعَمْ، جَزَيْتُهُ بِعَمَلِهِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ایک آدمی جنت میں داخل ہوا' اس نے اپنے غلام کو اپنے سے اوپر والے درجے میں دیکھا' اس نے عرض کی: اے رب! یہ میرا غلام میرے اوپر والے درجہ میں جنت میں ہے؟ اس کو کہا جائے گا: جی ہاں! میں نے اس کو اپنے عمل اور تیری خدمت کے عمل کی جزاء دی

**7355**- أخرجه ابن ماجة: الاقامة جلد **1** صفحه **349** رقم الحديث: **1098** . وفي الزوائد: في اسناده صالح بن أبي الأخضر' لينه الجمهور وباقي رجاله ثقات . وقال المنذري: اسناده حسن . انظر الترغيب للمنذري جلد **1** صفحه **498** رقم الحديث: **5** .

**7356**- اسناده فيه: بشير بن ميمون أبو صيفي: وهو متروك' متهم بالوضع (التهذيب' والميزان) . وانظر مجمع الزوائد جلد **4** صفحه **243** .

وجَزَيْتُكَ بِعَمَلِكَ

ہے۔

**7357** - وَبِـهِ: سَـمِـعْـتُ مُـجَـاهِـدًا اَبَـا الْـحَجَّاجِ، يُحَدِّثُ، عَنْ اَبِى هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اَوَّلَ سَائِقٍ اِلَى الْجَنَّةِ مَمْلُوكٌ، اَطَاعَ اللّٰهَ، وَاَطَاعَ مَوَالِيَهُ اَوْ سَيِّدَهُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جنت میں سب سے پہلے وہ غلام جائے گا جس نے اللہ اور اپنے آقا کی اطاعت کی ہوگی۔

**7358** - وَبِـهِ: سَـمِـعْـتُ مُجَاهِدًا، يُحَدِّثُ، عَنْ اَبِى هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَـلَّـمَ: مَـا مِنْ صَدَقَةٍ اَفْضَلُ مِنْ صَدَقَةٍ تُصُدِّقَ بِهَا عَلَى مَمْلُوكٍ عِنْدَ مَلِيكٍ سُوءٍ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اپنے غلام کو صدقہ دینے سے بڑھ کر کوئی بڑا ثواب نہیں ہے۔

لَـمْ يَـرْوِ هَـذَا الْـحَـدِيـثَ عَـنْ مُجَاهِدٍ اِلَّا اَبُو صَيْفِيٍّ

یہ تمام احادیث مجاہد سے ابوصیفی روایت کرتے ہیں۔

**7359** - حَـدَّثَـنَـا مُـحَمَّدُ بْنُ اَبَانَ، ثَنَا اَحْمَدُ بْـنُ سِنَانَ الْوَاسِطِيُّ، نَا مُحَمَّدُ بْنُ حَمَّادٍ الْوَاسِطِيُّ، ثَـنَـا عُـمَـرُ اَبُـو حَـفْـصٍ، عَـنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ، عَنْ سُـلَيْـمَـانَ بْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تُرْكَزُ لَهُ عَنَزَةٌ فَيُصَلِّى اِلَيْهَا، اَظُنُّهُ قَالَ، وَالظُّعُنُ تَمُرُّ بَيْنَ يَدَيْهِ

حضرت سلیمان بن بریدہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ اپنے آگے نیزہ گاڑ لیتے' پھر اس کی طرف منہ کر کے نماز پڑھتے اور جانور اس کے آگے سے گزر رہے ہوتے۔

**7360** - حَـدَّثَـنَـا مُحَمَّدُ بْنُ اَبَانَ، ثَنَا اَحْمَدُ بْـنُ سِنَانَ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَمَّادٍ، نَا عُمَرُ اَبُو حَفْصٍ، عَـنْ عَـلْـقَمَةَ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ:

حضرت سلیمان بن بریدہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ یہ دعا کرتے: ''اللّٰھم اھدنی الٰی آخرہ''۔

---

**7357**- اسناده والكلام فى الاسناد كسابقه .

**7358**- اسناده والكلام فى الاسناد كسابقه . وانظر مجمع الزوائد جلد3صفحه133 .

**7359**- اسناده فيه: محمد بن حماد الواسطى: لم أجده . وانظر مجمع الزوائد جلد2صفحه61 .

**7360**- الكلام فى الاسناد كسابقه . وذكره الحافظ الهيثمى فى المجمع جلد 2صفحه141 وقال: أبو حفص عمر لم أجد من ترجمه . قلت: أبو حفص صدوق (التقريب) .

كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ فِي دُعَائِهِ: اللّٰهُمَّ اهْدِنِي فِيمَنْ هَدِيتَ، وَعَافِنِي فِيمَنْ عَافَيْتَ، وَتَوَلَّنِي فِيمَنْ تَوَلَّيْتَ، وَبَارِكْ لِي فِيمَا اَعْطَيْتَ، وَقِنِي شَرَّ مَا قَضَيْتَ، فَإِنَّكَ تَقْضِي وَلَا يُقْضَى عَلَيْكَ، وَإِنَّهُ لَا يَذِلُّ مَنْ وَالَيْتَ، تَبَارَكْتَ رَبَّنَا وَتَعَالَيْتَ

لَمْ يَرْوِ هَذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنْ عَلْقَمَةَ إِلَّا عُمَرُ اَبُو حَفْصٍ

یہ دونوں حدیثیں علقمہ سے عمر ابوحفص روایت کرتے ہیں۔

**7361** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبَانَ، نَا اَحْمَدُ بْنُ سِنَانَ، نَا يَعْقُوبُ بْنُ مُحَمَّدٍ الزُّهْرِيُّ، ثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَبْدِ الْاَعْلَى بْنِ نُبَيْهِ بْنِ وَهْبٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبَانَ بْنِ عُثْمَانَ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَنْكِحِ الْمُحْرِمُ، وَلَا يَخْطُبُ، وَلَا يُخْطَبُ عَلَيْهِ

حضرت ابان بن عثمان رضی اللہ عنہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: محرم حالتِ احرام میں نہ نکاح کرے نہ نکاح کا پیغام بھیجے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ عَبْدِ الْاَعْلَى إِلَّا عَبْدُ الْعَزِيزِ، تَفَرَّدَ بِهِ: يَعْقُوبُ

عبدالاعلیٰ سے عبدالعزیز روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں یعقوب اکیلے ہیں۔

**7362** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبَانَ، نَا اَحْمَدُ بْنُ سِنَانَ، نَا عَلِيُّ بْنُ عَاصِمٍ، عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ عَبِيدَةَ السَّلْمَانِيِّ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ قَالَ: شَغَلَنَا الْاَحْزَابُ يَوْمَ الْخَنْدَقِ عَنْ صَلَاةِ الْعَصْرِ، فَقَالَ: مَا لَهُمْ؟ مَلَا اللّٰهُ قُبُورَهُمْ

حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ خندق کے دن ہم کو نمازِ عصر نہ پڑھنے دی' آپ نے فرمایا: اللہ ان کی قبروں اور گھروں کو آگ سے بھر دے جنہوں نے ہم کو نمازِ عصر نہ پڑھنے دی یہاں تک کہ سورج غروب ہو گیا۔

---

**7361**- اسناده فيه: يعقوب بن محمد الزهري: صدوق كثير الوهم . وانظر مجمع الزوائد جلد **4** صفحه **271** قلت: الحديث عند مسلم' وأبو داؤد' والترمذي' والنسائي' وابن ماجة' من طرق عن نبيه بن وهب عن أبان' عن عثمان خلا قوله: ولا يخطب عليه .

**7362**- أخرجه البخاري: الجهاد جلد **6** صفحه **124** رقم الحديث: **2931**' ومسلم: المساجد جلد **1** صفحه **436** .

وَبُيُوتَهُمْ نَارًا، شَغَلُونَا عَنِ الصَّلَاةِ الْوُسْطَى حَتَّى غَرَبَتِ الشَّمْسُ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ إِلَّا عَلِيُّ بْنُ عَاصِمٍ

یہ حدیث خالد الحذاء سے علی بن عاصم روایت کرتے ہیں۔

**7363** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبَانَ، نَا أَحْمَدُ بْنُ سِنَانَ، ثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، نَا سَلِيمُ بْنُ حَيَّانَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، نَا جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّ مُعَاذَ بْنَ جَبَلٍ كَانَ يُصَلِّي مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ يَأْتِي قَوْمَهُ فَيُصَلِّي بِهِمْ، فَصَلَّى بِهِمْ صَلَاةً فَقَرَأَ بِهِمُ الْبَقَرَةَ، فَتَجَوَّزَ رَجُلٌ فَصَلَّى صَلَاةً خَفِيفَةً، فَبَلَغَ ذَلِكَ مُعَاذًا، فَقَالَ: إِنَّهُ مُنَافِقٌ، فَبَلَغَ ذَلِكَ الرَّجُلَ، فَأَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنَّا قَوْمٌ نَعْمَلُ بِأَيْدِينَا وَنَسْتَقِي بِنَوَاضِحِنَا، وَإِنَّ مُعَاذًا صَلَّى بِنَا الْبَارِحَةَ فَقَرَأَ الْبَقَرَةَ، فَتَجَوَّزْتُ، فَزَعَمَ أَنِّي مُنَافِقٌ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا مُعَاذُ، أَفَتَّانٌ أَنْتَ؟، ثَلَاثًا، يَا مُعَاذُ، اقْرَأْ وَالشَّمْسِ وَضُحَاهَا وَسَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْأَعْلَى وَنَحْوَهُمَا

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ نماز پڑھتے پھر اپنی قوم کے پاس آتے اور ان کو نماز پڑھاتے۔ جب آپ ان کو نماز پڑھاتے تو سورۂ بقرہ کی تلاوت کرتے' ایک آدمی مختصر نماز پڑھ کر چلا جاتا' یہ بات حضرت معاذ تک پہنچی تو حضرت معاذ نے فرمایا: منافق ہے! یہ بات اس آدمی تک پہنچی تو وہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آیا' عرض کی: یارسول اللہ! ہم اپنے ہاتھوں سے کام کرنے والے لوگ اور کھیتیوں کو سیراب کرتے ہیں اور حضرت معاذ ہم کو رات کی نماز پڑھاتے ہیں تو سورۂ بقرہ کی تلاوت کرتے ہیں' انہوں نے گمان کیا ہے کہ میں منافق ہوں۔ آپ نے فرمایا: اے معاذ! کیا آپ لوگوں کو فتنے میں ڈالنا چاہتے ہیں' تین مرتبہ فرمایا۔ پھر فرمایا: اے معاذ! والشمس وضحاھا اور سبح اسم ربک الاعلیٰ اور ان دونوں جیسی سورت پڑھا کرو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سَلِيمِ بْنِ حَيَّانَ إِلَّا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ

یہ حدیث سلیم بن حیان سے یزید بن ہارون روایت کرتے ہیں۔

**7364** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبَانَ، نَا نَصْرُ بْنُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

---

7363- أخرجه البخاري: الأدب جلد10صفحه532 رقم الحديث: 6106، ومسلم: الصلاة جلد1صفحه339 .

7364- أخرجه مسلم: الصيام جلد 2صفحه808، وأبو داؤد: الصوم جلد2صفحه342 رقم الحديث: 2455، والترمذي: الصوم جلد3صفحه102 رقم الحديث: 734، والنسائي: الصوم جلد4صفحه163 (باب النية في الصيام) .

عَلِيٍّ، نَا اَبِی، ثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ مَعْنٍ، نَا طَلْحَةُ بْنُ يَحْيَى، عَنْ عَائِشَةَ بِنْتِ طَلْحَةَ، وَمُجَاهِدٍ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَتَاهَا، فَقَالَ: هَلْ عِنْدَكُمْ طَعَامٌ؟ فَقُلْتُ: لَا، فَقَالَ: اِنِّي صَائِمٌ قَالَ: ثُمَّ جَاءَ يَوْمٌ آخَرُ، فَقَالَتْ عَائِشَةُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنَّا قَدْ اُهْدِيَ اِلَيْنَا حَيْسٌ، فَدَعَا بِهِ، وَقَالَ: اَمَا اِنِّي اَصْبَحْتُ الْيَوْمَ صَائِمًا

میرے پاس آئے' فرمایا: تمہارے پاس کھانا ہے؟ میں نے عرض کی: نہیں ہے! آپ فرماتے: میں روزہ کی حالت میں ہوں! پھر دوسرے دن آئے' حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم کو حیس ہدیہ دیا گیا ہے' آپ نے مانگا' فرمایا: میں نے آج کے دن روزہ رکھا تھا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مَعْنٍ اِلَّا عَلِيُّ بْنُ نَصْرٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ

یہ حدیث قاسم بن معن سے علی بن نصر روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں نصر بن علی اکیلے ہیں۔

**7365** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبَانَ، نَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَادَةَ الْوَاسِطِيُّ، نَا يَحْيَى بْنُ اِسْحَاقَ السَّيْلَحِينِيُّ، نَا جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ، عَنِ ابْنِ اَبِي نَجِيحٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِي لَيْلَى، عَنْ حُذَيْفَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تَشْرَبُوا فِي آنِيَةِ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ، وَلَا تَاْكُلُوا فِيهِمَا

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: چاندی اور سونے کے برتنوں میں نہ پیؤ' نہ ان دونوں میں کھاؤ۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ اَبِي نَجِيحٍ اِلَّا جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: يَحْيَى بْنُ اِسْحَاقَ

یہ حدیث ابن ابونجیح سے جریر بن حازم روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں یحییٰ بن اسحاق اکیلے ہیں۔

**7366** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبَانَ، ثَنَا اَحْمَدُ بْنُ ثَابِتٍ الْجَحْدَرِيُّ، ثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عُمَرَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم گھوڑوں میں بیڑی یعنی اُس رسّی کو جو اگلے

---

7365- أخرجه البخاري: الأطعمة جلد9صفحه465 رقم الحديث:5426' ومسلم: اللباس جلد3صفحه1638 .

7366- أخرجه مسلم: الامارة جلد3صفحه1494' وأبو داؤد: الجهاد جلد 3صفحه23 رقم الحديث: 2547' والترمذي: الجهاد جلد 4صفحه204 رقم الحديث:1698' والنسائي: الخيل جلد 6صفحه182 (باب الشكال في الخيل)' وابن ماجة: الجهاد جلد2صفحه933 رقم الحديث:2790 .

بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ اَبِي زُرْعَةَ بْنِ عَمْرِو بْنِ جَرِيرٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَرِهَ الشِّكَالَ فِي الْخَيْلِ

اور پچھلے پاؤں میں باندھی جائے' کو ناپسند کرتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُمَرَ بْنِ سَعِيدٍ اِلَّا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ

یہ حدیث عمر بن سعید سے سفیان بن عیینہ روایت کرتے ہیں۔

**7367** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبَانَ، نَا حَفْصُ بْنُ عَمْرٍو الرَّبَالِيُّ، نَا عُمَرُ بْنُ حَبِيبٍ الْقَاضِي، ثَنَا سَلَمَةُ بْنُ عَلْقَمَةَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ اَعْتَقَ شَقِيصًا فِي مَمْلُوكٍ وَلَهُ مَالٌ فَقَدْ عَتَقَ كُلُّهُ، وَاِلَّا فَقَدْ عَتَقَ مِنْهُ مَا عَتَقَ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے اپنے حصے کا غلام آزاد کیا' اس کے پاس مال بھی ہو تو وہ سارا آزاد کر دے ورنہ جتنا آزاد کر دیا ہے' ٹھیک ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ عَلْقَمَةَ اِلَّا عُمَرُ بْنُ حَبِيبٍ

یہ حدیث سلمہ بن علقمہ سے عمر بن حبیب روایت کرتے ہیں۔

**7368** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبَانَ، نَا مُحَمَّدُ بْنُ خَالِدِ بْنِ خِدَاشٍ، نَا سَلْمُ بْنُ قُتَيْبَةَ، نَا يُونُسُ بْنُ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ، قَالَتْ: ذُكِرَتِ الطِّيَرَةُ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالُوا: فِي الدَّارِ، وَالْمَرْاَةِ، وَالدَّابَّةِ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنْ كَانَ مِنْهَا شَيْءٌ فَفِي الْفَالِ

حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے فال کا ذکر حضور ﷺ کے پاس کیا' عرض کی: لوگ کہتے ہیں: فال گھر' عورت اور گھوڑے میں ہوتی ہے۔ آپ نے فرمایا: اگر کوئی شی ہوان سے تو فال ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ اِلَّا يُونُسُ، وَلَا عَنْ يُونُسَ اِلَّا اَبُو قُتَيْبَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ

یہ حدیث ابواسحاق سے یونس اور یونس سے ابوقتیبہ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں محمد بن خالد

---

7367- أخرجه البخاري: الشركة جلد5صفحه156 رقم الحديث: 2491' ومسلم: العتق جلد2صفحه1139 .

7368- اسناده حسن فيه: محمد بن خالد بن خداش صدوق يغرب (التقريب) . وانظر مجمع الزوائد جلد5 صفحه107 .

بْنُ خَالِدِ بْنِ خِدَاشٍ

بن خراش اکیلے ہیں۔

**7369** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبَانَ، ثَنَا اَحْمَدُ بْنُ ثَابِتٍ الْجَحْدَرِيُّ، نَا مُوسَى بْنُ مَسْعُودٍ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ مَيْسَرَةَ قَالَ: سَمِعْتُ مُجَاهِدًا، يَقُولُ: سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ، يَقُولُ: اِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَالَ: مَا مِنَ الشَّجَرِ شَجَرَةٌ فِي الشَّجَرِ مِثْلُ الرَّجُلِ الْمُسْلِمِ فِي النَّاسِ؟ قَالَ ابْنُ عُمَرَ: فَلَمْ يَمْنَعْنِي اَنْ اَسْاَلَهُ اِلَّا اَنِّي كُنْتُ اَصْغَرَ الْقَوْمِ، ثُمَّ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هِيَ النَّخْلَةُ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: کوئی ایسا درخت ہے جو مسلمان آدمی کے مشابہ ہے؟ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے جواب دینے سے رکاوٹ ہوئی کہ میں لوگوں میں چھوٹا تھا۔ پھر حضور ﷺ نے فرمایا: وہ کھجور ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ مَيْسَرَةَ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ مُسْلِمٍ، وَلَا عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ اِلَّا اَبُو حُذَيْفَةَ مُوسَى بْنُ مَسْعُودٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَحْمَدُ بْنُ ثَابِتٍ

یہ حدیث ابراہیم بن میسرہ سے محمد بن مسلم اور محمد بن مسلم سے ابوحذیفہ موسیٰ بن مسعود روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں احمد بن ثابت اکیلے ہیں۔

**7370** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبَانَ، نَا اَحْمَدُ بْنُ ثَابِتٍ، نَا اَبُو حُذَيْفَةَ مُوسَى بْنُ مَسْعُودٍ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ حَنْظَلَةَ، عَنْ طَاوُسٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، لَا اَعْلَمُهُ اِلَّا عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الطَّوَافُ صَلَاةٌ، فَاَقِلُّوا فِيهِ الْكَلَامَ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما' حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: طواف نماز کی طرح ہے' اس میں کم گفتگو کرو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُفْيَانَ اِلَّا اَبُو حُذَيْفَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَحْمَدُ بْنُ ثَابِتٍ

یہ حدیث سفیان سے ابوحذیفہ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں احمد بن ثابت اکیلے ہیں۔

**7371** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبَانَ، نَا مُحَمَّدُ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ

---

7369- أخرجه البخاري: العلم جلد1صفحه175 رقم الحديث: 61' ومسلم: المنافقين جلد4صفحه2164 .

7370- أخرجه النسائي: المناسك جلد5صفحه176 (باب اباحة الكلام في الطواف) .

7371- اسناده فيه: عباد بن آدم الهذلي البصري مجهول (التقريب) . تخريجه أحمد: المسند ... نحوه .

بْنُ عَبَّادِ بْنِ آدَمَ، ثَنَا اَبِی، عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، وَاَيُّوبَ، وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ كَعْبَ بْنَ مَالِكٍ سَاَلَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ جَارِيَةٍ لَهُ ذَبَحَتْ شَرِيطَةً، فَقَالَ: كُلْهُ

حضرت کعب بن مالک نے حضورﷺ سے پوچھا: لونڈی نے بانس کی لکڑی سے جانور ذبح کیا ہے؟ آپ نے فرمایا: اس کو کھاؤ۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ اِلَّا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ

یہ حدیث قتادہ سے حماد بن سلمہ روایت کرتے ہیں۔

**7372** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبَانَ، نَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّيْمِيُّ الْقَاضِي، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكْرٍ الْبُرْسَانِيُّ، ثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِي زِيَادٍ، ثَنَا سَالِمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنِ اقْتَنَى كَلْبًا فَاِنَّهُ يَنْقُصُ مِنْ عَمَلِهِ كُلَّ يَوْمٍ قِيرَاطٌ

حضرت سالم بن عبداللہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: جس نے شوقیہ طور پر کتا رکھا' اس کا ثواب ہر روز کم ہوگا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي زِيَادٍ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ بَكْرٍ

یہ حدیث عبیداللہ بن ابوزیاد سے محمد بن بکر روایت کرتے ہیں۔

**7373** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبَانَ، نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُعَاوِيَةَ الْحَذَّاءُ الْوَاسِطِيُّ، نَا اَبِي، نَا دَاوُدُ بْنُ الزِّبْرِقَانِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُحَادَةَ، عَنْ اَبِي حَازِمٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ كَسْبِ الْحَجَّامِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے پچھنے لگانے والے کی کمائی سے منع کیا۔

---

انظر: مجمع الزوائد جلد4صفحه36 .

7372- أخرجه البخاري: الذبائح جلد 9صفحه523 رقم الحديث: 5480 ولكنه قال قيراطان . ومسلم: المساقاة جلد3صفحه1202 .

7373- اسناده فيه: داؤد بن الزبرقان متروك وأخرجه أيضًا أحمد وزاد: وكسب الأمة . وانظر مجمع الزوائد جلد 4 صفحه96 .

**7374** - وَبِهِ: عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ مَلَكًا يُنَادِي: اللّٰهُمَّ عَجِّلْ لِمُنْفِقٍ خَلَفًا، وَلِمُمْسِكٍ تَلَفًا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ایک فرشتہ اعلان کرتا ہے: اے اللہ! (تیری راہ میں) خرچ کرنے والے کو دے' نہ خرچ کرنے والے کو نہ دے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُحَادَةَ إِلَّا دَاوُدُ بْنُ الزِّبْرِقَانِ، تَفَرَّدَ بِهِمَا: مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُعَاوِيَةَ، عَنْ أَبِيهِ

یہ دونوں حدیثیں محمد بن جحادہ سے داؤد بن زبرقان روایت کرتے ہیں۔ ان دونوں کو روایت کرنے میں محمد بن عبداللہ بن معاویہ اپنے والد سے روایت کرنے میں اکیلے ہیں۔

**7375** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبَانَ، نَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ مَخْلَدٍ الْوَاسِطِيُّ، ثَنَا أَبِي، ثَنَا سَلَّامٌ أَبُو الْمُنْذِرِ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ بَهْدَلَةَ، عَنِ الْمَعْرُورِ بْنِ سُوَيْدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الصَّامِتِ، عَنْ أَبِي ذَرٍّ قَالَ: سَمِعْتُ الصَّادِقَ الْمَصْدُوقَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُحَدِّثُ عَنْ رَبِّهِ تَبَارَكَ وَتَعَالَى قَالَ: الْحَسَنَةُ عَشْرٌ أَوْ أَزِيدُ، وَالسَّيِّئَةُ وَاحِدَةٌ أَوْ أَغْفِرُهَا، وَمَنْ لَقِيَنِي لَا يُشْرِكُ بِي شَيْئًا بِقُرَابِ الْأَرْضِ خَطَايَا جَعَلْتُ لَهُ مِثْلَهَا مَغْفِرَةً

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا' آپ اپنے آپ کے حوالہ سے بیان کرتے ہیں کہ اللہ عزوجل ارشاد فرماتا ہے: ایک نیکی کا ثواب دس گنا ہے' یا اس سے بھی زیادہ اور ایک گناہ کا گناہ ایک ہی ہے یا میں اس کو بھی معاف کر دوں' جو مجھ سے اس حالت میں کہ اس کے گناہ سے زمین بھری ہو' پھر میں اس کو اس کے مطابق ہی بخش دوں گا بشرطیکہ میرے ساتھ شریک نہ ٹھہرایا ہو۔

لَمْ يُدْخِلْ أَحَدٌ مِمَّنْ رَوَى هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَاصِمٍ بَيْنَ الْمَعْرُورِ وَأَبِي ذَرٍّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ الصَّامِتِ إِلَّا سَلَّامٌ أَبُو الْمُنْذِرِ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ، عَنْ أَبِيهِ

اس حدیث میں عاصم بن معرور اور ابوذر کے درمیان عبادہ بن صامت کو سلام ابوالمنذر نے داخل کیا ہے۔ اس کو روایت کرنے میں محمد بن عاثمان اپنے والد سے روایت کرنے میں اکیلے ہیں۔

---

7374- اسناده ولكلام فى الاسناد كسابقه .

7375- أخرجه ابن ماجة: الأدب جلد 2 صفحه 1255 رقم الحديث: 3821' وأحمد: المسند جلد 5 صفحه 214 رقم الحديث: 21620 واللفظ له .

7376 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبَانَ، نَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ مَخْلَدٍ قَالَ: وَجَدْتُ فِي كِتَابِ اَبِي، ثَنَا سَلَّامٌ اَبُو الْمُنْذِرِ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ الْاَنْصَارِيِّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَقْبَلَ حَتَّى اِذَا كَانَ بِالْجِعِرَّانَةِ اجْتَمَعَ النَّاسُ عَلَيْهِ وَتَعَلَّقَ رِدَاؤُهُ بِالشَّجَرَةِ، فَقَالَ: رُدُّوا عَلَيَّ رِدَائِي، اَتَخَافُونَ اَلَّا اَقْسِمَ بَيْنَكُمْ؟ لَوْ كَانَ مِثْلُ شَجَرِ تِهَامَةَ نَعَمًا لَقَسَمْتُهُ بَيْنَكُمْ، ثُمَّ لَا تَجِدُونِي جَبَانًا، وَلَا بَخِيلًا، وَلَا كَذُوبًا ثُمَّ قَالَ: رُدُّوا الْخِيَاطَ وَالْمَخِيطَ، فَاِنَّ الْغُلُولَ عَارٌ وَنَارٌ وَشَنَارٌ عَلَى اَهْلِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَقَالَ: مَا لِيَ مِنْ هَذَا الْفَيْءِ مِثْلُ هَذِهِ الْوَبَرَةِ، وَاَخَذَهَا مِنْ كَاهِلِ الْبَعِيرِ، اِلَّا الْخُمُسَ، وَالْخُمُسُ مَرْدُودٌ عَلَيْكُمْ

حضرت عمرو بن شعیب اپنے والد سے وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ جب حضورﷺ جعرانہ کے مقام پر واپس آئے تو لوگ آپ کے پاس جمع ہوئے آپ کی چادر مبارک درخت سے لٹک گئی آپ نے فرمایا: میری چادر واپس کردو! کیا تم خوف کرتے ہو کہ میں تمہارے درمیان تقسیم نہیں کروں گا؟ اگر میرے پاس تہامہ درخت کے برابر مال ہو تو میں تمہارے درمیان تقسیم کردوں گا' تم مجھے کنجوس' بخیل اور جھوٹا نہیں پاؤ گے۔ پھر فرمایا: دھاگہ اور سوئی واپس کردو! کیونکہ خیانت عار اور آگ ہے' قیامت کے دن اپنے گھر والوں کے سامنے شرمندگی ہے۔ فرمایا: میرے پاس مال فئی ہے' اس اُون کے برابر مال ہے جو اونٹ کی کوہان پر ہوتا ہے' سوائے خمس کے باقی تمہاری طرف واپس کردیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سَلَّامٍ اَبِي الْمُنْذِرِ اِلَّا عُثْمَانُ بْنُ مَخْلَدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُهُ

یہ حدیث سلام ابومنذر سے عثمان بن مخلد روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ان کے بیٹے اکیلے ہیں۔

7377 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبَانَ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ مَخْلَدٍ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: وَجَدْتُ فِي

حضرت ابوعبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت زبیر بن عوام سے لڑنے والا حضرت علی کے

7376- اسناده حسن فيه: أ- محمد بن عثمان بن مخلد صدوق (الجرح جلد 8صفحه25) . ب- عثمان ابن مخلد التمار الواسطی ذكره ابن حبان فی الثقات جلد 8صفحه453 وقال: يروى عن هشيم روى عنه محمد بن عبد الملك الدقيقی . فأری أنه لا بأس به' وترجمه ابن أبی حاتم فی الجرح جلد6صفحه170 . وانظر: مجمع الزوائد جلد5صفحه341 .

7377- أخرجه الترمذی: المناقب جلد 5صفحه646 رقم الحديث: 3744 وقال: حسن صحيح . وأحمد: المسند جلد1 صفحه111 رقم الحديث: 683 .

كِتَابِ اَبِي، بِخَطِّهِ ثنا سَلَّامٌ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ بَهْدَلَةَ، وَعَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ اَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ، اَنَّ قَاتِلَ الزُّبَيْرِ بْنِ الْعَوَّامِ، جَاءَ يَسْتَاْذِنُ عَلَى عَلِيٍّ، فَقَالَ: ائْذَنُوا لَهُ وَبَشِّرُوهُ بِالنَّارِ، سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اِنَّ لِكُلِّ نَبِيٍّ حَوَارِيًّا، وَاِنَّ حَوَارِيَّ الزُّبَيْرُ بْنُ الْعَوَّامِ

پاس آیا اجازت لینے کے لیے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اجازت دو اور جہنم کی خوشخبری دو! میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: ہر نبی کا حواری ہے میرا حواری میری اُمت سے زبیر بن عوام ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ وَعَاصِمٍ، عَنْ اَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ اِلَّا سَلَّامٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ مَخْلَدٍ، عَنْ اَبِيهِ وَرَوَاهُ النَّاسُ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ عَلِيٍّ

یہ حدیث عطاء بن سائب اور عاصم ابوعبدالرحمٰن سے سلام ہی روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں محمد بن عثمان بن مخلد اپنے والد سے روایت کرنے میں اکیلے ہیں۔

**7378** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبَانَ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ شَوْذَبٍ الْوَاسِطِيُّ، ثنا اَبُو الْمُسَيِّبِ سَلْمُ بْنُ سَلَّامٍ، ثنا لَيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اُسَامَةَ بْنِ الْهَادِ، عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ خَالِدٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَضْلُ مَا بَيْنَ لَذَّةِ الْمَرْاَةِ وَلَذَّةِ الرَّجُلِ كَاَثَرِ الْمَخِيطِ فِي الطِّينِ، اِلَّا اَنَّ اللّٰهَ يَسْتُرُهُنَّ بِالْحَيَاءِ

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: عورت کی لذت اور مرد کے مزے کی مثال ایسے ہے جس طرح سوئی کا اثر مٹی میں ہوتا ہے مگر یہ ہے کہ اللہ عزوجل نے ان پر حیاء کی چادر ڈالی ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ لَيْثِ بْنِ سَعْدٍ اِلَّا اَبُو الْمُسَيِّبِ

یہ حدیث لیث بن سعد سے ابومسیّب روایت کرتے ہیں۔

**7379** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبَانَ، نا اَحْمَدُ بْنُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

---

7378- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 4 صفحه 296 وقال: فيه أحمد بن علي بن شوذب، ولم أجد من ترجمه، وبقية رجاله ثقات . وقال المناوي: قال ابن القيم، هذا لا يصح عن النبي صلى الله عليه وسلم واسناده مظلم لا يحتج بمثله . (فيض القدير جلد 4 صفحه 430) .

7379- أخرجه البخاري: الحج جلد 3 صفحه 516 رقم الحديث: 1586، ومسلم: الحج جلد 2 صفحه 969 .

عَلِيِّ بْنِ شَوْذَبٍ، نَا يَعْقُوبُ بْنُ مُحَمَّدٍ الزُّهْرِيُّ، ثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوْلَا اَنَّ قَوْمَكِ حَدِيثُ عَهْدٍ بِكُفْرٍ لَهَدَمْتُ الْكَعْبَةَ، ثُمَّ اَعَدْتُها عَلَى اَسَاسِ اِبْرَاهِيمَ، وَاَدْخَلْتُ فِي الْبَيْتِ مِنَ الْحِجْرِ اَذْرُعًا، وَجَعَلْتُ لَهَا بَابَيْنِ، وَاَلْصَقْتُهُما بِالْاَرْضِ

نے فرمایا: اگر تیری قوم کا زمانہ جاہلیت کے قریب نہ ہوتا تو میں کعبہ کو گراتا' پھر اس دیوار پر بناتا جس پر حضرت ابراہیم علیہ السلام نے بنایا تھا۔ حجر اسود کو ایک ہاتھ رکھتا اور اس کے دو دروازے بناتا اور دونوں کو زمین سے ملاتا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ اِلَّا ابْنُهُ، تَفَرَّدَ بِهِ: يَعْقُوبُ بْنُ مُحَمَّدٍ الزُّهْرِيُّ

یہ حدیث زید بن اسلم سے ان کے بیٹے روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں یعقوب بن محمد الزہری اکیلے ہیں۔

**7380** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبَانَ، نَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ شَوْذَبٍ، ثَنَا اَبُو الْمُسَيَّبِ سَلَّامُ بْنُ مُسْلِمٍ، نَا لَيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِي حَبِيبٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، اَظُنُّهُ مَرْفُوعًا قَالَ: لَيْسَ مِنَّا مَنْ تَشَبَّهَ بِغَيْرِنَا، لَا تَشَبَّهُوا بِالْيَهُودِ وَلَا بِالنَّصَارَى، فَاِنَّ تَسْلِيمَ الْيَهُودِ الْاِشَارَةُ بِالْاَصَابِعِ، وَاِنَّ تَسْلِيمَ النَّصَارَى بِالْاَكُفِّ، وَلَا تَقُصُّوا النَّوَاصِي، وَاَحْفُوا الشَّوَارِبَ، وَاَعْفُوا اللِّحَى، وَلَا تَمْشُوا فِي الْمَسَاجِدِ وَالْاَسْوَاقِ وَعَلَيْكُمُ الْقُمُصُ اِلَّا وَتَحْتَها الْاُزُرُ

حضرت عمرو بن شعیب اپنے والد سے' وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو ہمارے علاوہ کسی اور کی مشابہت اور یہود اور عیسائیوں کی مشابہت اختیار کرتا ہے' اس کا تعلق ہم سے نہیں ہے' یہود ایک انگلی سے سلام کرتے ہیں اور عیسائی ہتھیلی سے سلام کرتے ہیں' مونچھیں کاٹو اور داڑھی بڑھاؤ' مسجد کو راستہ نہ بناؤ اور بازار میں نہ چلو' تم پر قمیص لازم ہے اور اس کے نیچے تہبند۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ لَيْثِ بْنِ سَعْدٍ اِلَّا اَبُو الْمُسَيَّبِ

یہ حدیث لیث بن سعد سے ابوالمسیب روایت کرتے ہیں۔

**7381** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبَانَ، نَا اِسْحَاقُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور

---

**7380**- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد8 صفحه 41 وقال: وفيه من لم أعرفه .

**7381**- أخرجه البخاري: الأطعمة جلد9 صفحه 496 (باب الطاعم الشاكر' ......معلقًا) . والترمذي: القيامة جلد4

بْنُ وَهْبٍ الْعَلَّافُ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ إِسْحَاقَ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُسْلِمٍ الطَّائِفِيُّ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ مَعْنِ بْنِ مُحَمَّدٍ الْغِفَارِيِّ، عَنْ حَنْظَلَةَ بْنِ عَلِيٍّ الْأَسْلَمِيِّ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الطَّاعِمُ الشَّاكِرُ مِثْلُ الصَّائِمِ الصَّابِرِ

ﷺ نے فرمایا: کھا کر شکریہ ادا کرنے والا ایسے ہے جس طرح صابر روزہ دار ہوتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ إِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ مُسْلِمٍ، وَلَا عَنْ مُحَمَّدٍ إِلَّا يَعْقُوبُ الْحَضْرَمِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ: إِسْحَاقُ بْنُ وَهْبٍ

یہ حدیث ابن جریج سے محمد بن مسلم اور محمد سے یعقوب الحضرمی روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں اسحاق بن وہب اکیلے ہیں۔

**7382** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبَانَ، نا إِسْحَاقُ بْنُ وَهْبٍ الْعَلَّافُ، نا مُحَمَّدُ بْنُ الْقَاسِمِ الْأَسَدِيُّ، نا مِسْعَرٌ، وَسُفْيَانُ، وَفِطْرٌ، وَخَطَّابُ بْنُ كَيْسَانَ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي جُحَيْفَةَ قَالَ: قَامَ عَلِيٌّ، عَلَى مِنْبَرِ الْكُوفَةِ قَالَ: أَلَا أُنَبِّئُكُمْ بِخَيْرِ هَذِهِ الْأُمَّةِ بَعْدَ نَبِيِّهَا؟ أَلَا إِنَّ خَيْرَ هَذِهِ الْأُمَّةِ بَعْدَ نَبِيِّهَا أَبُو بَكْرٍ ثُمَّ عُمَرُ، وَلَوْ شِئْتُ أَنْ أُخْبِرَكُمْ بِالثَّالِثِ لَأَخْبَرْتُكُمْ

حضرت ابوجحیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ کوفہ کی مسجد کے منبر پر کھڑے ہوئے فرمایا: کیا تم کو نہ بتاؤں جو اس اُمت میں حضور ﷺ کے بعد افضل ہے! خبردار! اس اُمت میں حضور ﷺ کے بعد افضل حضرت ابوبکر پھر ان کے بعد حضرت عمر ہیں اگر میں چاہوں تو تیسرے کا نام لوں تو تم کو بتا سکتا ہوں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مِسْعَرٍ وَخَطَّابِ بْنِ كَيْسَانَ إِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ الْقَاسِمِ، تَفَرَّدَ بِهِ: إِسْحَاقُ بْنُ وَهْبٍ

یہ حدیث مسعر اور خطاب بن کیسان سے محمد بن تمام روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں اسحاق بن وہب اکیلے ہیں۔

**7383** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبَانَ، ثنا إِسْحَاقُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہ فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ

---

صفحه 653 رقم الحديث: 2486 وقال: حسن الغريب . وابن ماجة: الصيام جلد 1 صفحه 561 رقم الحديث: 1764، وأحمد: المسند جلد 2 صفحه 379 رقم الحديث: 7825 .

7382- أصله عند البخاري من طريق محمد بن الحنفية به . أخرجه البخاري: فضائل الصحابة جلد 7 صفحه 24 رقم الحديث: 3671، وأحمد: المسند جلد 1 صفحه 159 رقم الحديث: 1058 بنحوه .

7383- اسناده فيه: سليمان بن أبي سليمان الزهري اليمامي ضعفه أبو حاتم، وابن عدی (الجرح جلد 4 صفحه 122،

بْـنُ وَهْـبٍ الْعَلَّافُ، ثَنَا عُمَرُ بْنُ يُونُسَ، ثَنَا سُلَيْمَانُ بْـنُ اَبِی سُلَيْمَانَ، عَنْ يَحْيَی بْنِ اَبِی كَثِيرٍ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِی حَجَّةِ الْوَدَاعِ: لَوْلَا اَنِّی اَهْدَيْتُ لَـحَلَلْتُ وَكَانَ اَهَلَّ بِعُمْرَةٍ وَحَجٍّ. فَيَرَوْنَ اَنَّ الْهَدْیَ كَـانَ يَـمْـنَعُهُ اَنْ يُحِلَّ مِنْ عُمْرَتِهِ قَبْلَ اَنْ يَحُجَّ، وَقَدْ كَانَ اَحِلَّ مِنْ اَصْحَابِهِ مَنْ لَمْ يَكُنْ اَهْدَى

نے حجۃ الوداع کے موقع پر فرمایا: اگر میں نے قربانی کا جانور نہ بھیجا ہوتا تو میں احرام کھول دیتا' آپ نے حج وعمرہ دونوں کا اکٹھا احرام باندھا تھا' آپ قربانی کا جانور بھیج کر حج سے پہلے عمرہ نہیں کرتے تھے۔ جن صحابہ نے قربانی کا جانور نہیں بھیجا تھا' انہوں نے احرام کھول دیا تھا۔

**7384** - وَبِـهِ: عَـنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّهَا اَخْبَـرَتْـهُ اَنَّهَـا اَحْرَمَتْ فِی حَجَّةِ الْوَدَاعِ بِعُمْرَةٍ قَبْلَ الْـحَجِّ، وَاَنَّهَـا حَاضَتْ فَلَمْ تَطْهُرْ فَيَطُوفَ بِالْبَيْتِ، حَتَّى كَـانَ يَـوْمُ عَـرَفَةَ، وَاَنَّهَا ذَكَرَتْ ذٰلِكَ لِرَسُولِ اللّٰـهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰـهُ عَـلَيْـهِ وَسَلَّمَ: انْقُضِی رَاْسَكِ ثُمَّ امْتَشِطِی، ثُمَّ اَهِلِّی بِـالْـحَجِّ وَاتْرُكِی الْعُمْرَةَ . فَـفَـعَلْتُ حَتَّى قَـضَيْـتُ حَـجِّی، فَبَعَثَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّـمَ مَـعِی عَبْدَ الرَّحْمَنِ بْنَ اَبِی بَكْرٍ، وَاَمَرَنِی اَنْ اَعْتَـمِرَ مِنَ التَّنْعِيمِ مَكَانَ عُمْرَتِی الَّتِی دَهَمَنِی الْحَجُّ وَلَمْ اَحْلِلْ مِنْهَا

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ میں نے حجۃ الوداع کے موقع پر حج سے پہلے عمرہ کا احرام باندھا تھا' اس حالت میں مجھے حیض آ گیا' پاک نہ ہو سکی' طواف بھی کیا جب عرفہ کا دن تھا' میں نے یہ بات حضور ﷺ کے پاس کی۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اپنے سر کو کھولو' کنگھی کرو پھر حج کا احرام باندھو اور عمرہ چھوڑ دو۔ میں نے ایسے ہی کیا' جب میں نے حج مکمل کیا تو حضور ﷺ نے میرے ساتھ عبدالرحمٰن بن ابوبکر کو بھیجا اور مجھے حکم دیا مقامِ تنعیم سے عمرہ کرنے کا' جس جگہ سے حج کا احرام باندھا تھا۔

**7385** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبَانَ، ثَنَا اِسْحَاقُ

حضرت ابان بن عثمان رضی اللہ عنہ اپنے والد سے

---

واللسان جلد 3 صفحه 95) وذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 3 صفحه 240 وقال: ورجاله ثقات .

قلت: فيه سليمان ضعفه غير واحد، ولم يوثقه أحدًا، الا أن ابن حبان ذكره في الثقات، وقال: ربما خالف .

7384- أخرجه البخاري: العمرة جلد 3 صفحه 712-713 رقم الحديث: 1786، ومسلم: الحج جلد 2 صفحه 871 .

7385- أخرجه مسلم: النكاح جلد 2 صفحه 1030، وأبو داؤد: المناسك جلد 2 صفحه 175 رقم الحديث: 1842، والنسائي: المناسك جلد 5 صفحه 151 (باب النهي عن ذلك) . وابن ماجة: النكاح جلد 1 صفحه 632 رقم الحديث: 1966 .

بْنُ وَهْبٍ الْعَلَّافُ، ثَنَا عُمَرُ بْنُ يُونُسَ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ أَبِي سُلَيْمَانَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ نُبَيْهِ بْنِ وَهْبٍ، عَنْ أَبَانَ بْنِ عُثْمَانَ قَالَ: سَمِعْتُ عُثْمَانَ، يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَنْكِحِ الْمُحْرِمُ، وَلَا يُنْكَحُ، وَلَا يَخْطُبُ

روایت کرتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: محرم حالتِ احرام میں نہ نکاح کرے نہ نکاح کا پیغام بھیجے۔

لَمْ يَرْوِ هَذِهِ الْأَحَادِيثَ عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ إِلَّا سُلَيْمَانُ بْنُ أَبِي سُلَيْمَانَ، تَفَرَّدَ بِهَا: عُمَرُ بْنُ يُونُسَ

یہ تمام احادیث یحییٰ بن ابوکثیر سے سلیمان بن ابوسلیمان روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عمر بن یونس اکیلے ہیں۔

**7386** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبَانَ، نَا إِسْحَاقُ بْنُ وَهْبٍ الْعَلَّافُ، نَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ مُجَبَّرٍ، نَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ السَّمَّانِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَامَ فَدَعَا بِدُعَاءٍ لَمْ يَسْمَعِ النَّاسُ مِثْلَهُ، وَاسْتَعَاذَ اسْتِعَاذَةً لَمْ يَسْمَعِ النَّاسُ مِثْلَهَا، فَقَالَ لَهُ بَعْضُ النَّاسِ: كَيْفَ لَنَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَنْ نَدْعُوَ بِمِثْلِ مَا دَعَوْتَ، وَأَنْ نَسْتَعِيذَ كَمَا اسْتَعَذْتَ؟ فَقَالَ: قُولُوا: اللّٰهُمَّ إِنَّا نَسْأَلُكَ مِمَّا سَأَلَكَ مُحَمَّدٌ عَبْدُكَ وَرَسُولُكَ، وَنَسْتَعِيذُ مِمَّا اسْتَعَاذَ مِنْهُ مُحَمَّدٌ عَبْدُكَ وَرَسُولُكَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ کھڑے ہوئے' آپ نے دعا کی' ایسی دعا لوگوں نے نہیں سنی اور آپ نے پناہ مانگی' ایسی پناہ کسی نے نہیں سنی۔ بعض صحابہ کرام نے عرض کی: یا رسول اللہ! ہم کیسے دعا مانگیں جیسے آپ نے دعا مانگی ہے اور کیسے پناہ مانگیں جس طرح آپ نے مانگی ہے؟ آپ نے فرمایا: تم پڑھو ''اللّٰهم انا نسألك الٰى آخره''۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ إِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُنْكَدِرِ، وَلَا عَنِ ابْنِ الْمُنْكَدِرِ إِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ مُجَبَّرٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: يَزِيدُ بْنُ

یہ حدیث عطاء بن یسار سے محمد بن منکدر اور ابن منکدر سے محمد بن عبدالرحمن بن مجبّر اکیلے ہی ان سے روایت کرتے ہیں۔ یزید بن ہارون اس کو روایت کرنے

**7386**- اسناده فيه: محمد بن عبد الرحمٰن بن محبر' قال ابن معين: ليس بشيء' وقال أبو زرعة: واهي الحديث' وقال النسائي: متروك . وانظر مجمع الزوائد جلد10صفحه182 .

هَارُونَ

**7387** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبَانَ، ثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ وَهْبٍ الْعَلَّافُ، ثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ الْاِمَامُ، ثَنَا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ اَبِی هُرَيْرَةَ قَالَ: اَخْطَاَنِی الْعِشَاءُ ذَاتَ لَيْلَةٍ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاَخْطَاَنِی اَنْ يَدْعُوَنِی اَحَدٌ مِنْ اِخْوَانِنَا، فَصَلَّيْتُ الْعِشَاءَ، ثُمَّ اَرَدْتُ اَنْ اَنَامَ فَلَمْ اَقْدِرْ، وَاَرَدْتُ اَنْ اُصَلِّيَ فَلَمْ اَقْدِرْ، فَاِذَا رَجُلٌ عِنْدَ حُجْرَةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَتَيْتُهُ فَاِذَا هُوَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي، فَصَلَّى ثُمَّ اسْتَنَدَ اِلَى السَّارِيَةِ الَّتِي كَانَ يُصَلِّي اِلَيْهَا، فَقَالَ: مَنْ هَذَا؟ اَبُو هِرٍّ؟ قُلْتُ: نَعَمْ قَالَ: اَخْطَاكَ الْعِشَاءُ مَعَنَا اللَّيْلَةَ؟ قُلْتُ: نَعَمْ قَالَ: انْطَلِقْ اِلَى الْمَنْزِلِ فَقُلْ: هَلُمُّوا الطَّعَامَ الَّذِي عِنْدَكُمْ، فَاَعْطَوْنِي صَحْفَةً فِيهَا عَصِيدَةٌ بِتَمْرٍ، فَاَتَيْتُ بِهَا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَوَضَعْتُهَا بَيْنَ يَدَيْهِ، فَقَالَ لِي: ادْعُ لِي اَهْلَ الْمَسْجِدِ، فَقُلْتُ فِي نَفْسِي: الْوَيْلُ لِي مِمَّا اَرَى مِنْ قِلَّةِ الطَّعَامِ، وَالْوَيْلُ لِي مِنَ الْمَعْصِيَةِ، فَآتِي الرَّجُلَ وَهُوَ نَائِمٌ فَاُوقِظُهُ، وَاَقُولُ: اَجِبْ، وَآتِي الرَّجُلَ وَهُوَ يُصَلِّي، فَاَقُولُ: اَجِبْ، حَتَّى اجْتَمَعُوا عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَوَضَعَ اَصَابِعَهُ فِيهَا، وَغَمَزَ نَوَاحِيَهَا، وَقَالَ: كُلُوا بِسْمِ اللّٰهِ، فَاَكَلُوا حَتَّى شَبِعُوا، وَاَكَلْتُ حَتَّى شَبِعْتُ، فَقَالَ:

میں اکیلے ہیں۔

**7472**- انظر: مجمع الزوائد جلد**1**صفحه**56** .

**7473**- اسناده حسن' فيه: أ - أحمد بن ابراهيم الزمعي: سكت عند السمعاني . انظر: الأنساب جلد **13**صفحه**78** . ب-عبد اللّٰه بن أبي جعفر عيسىٰ بن ماهان الرازي: صدوق يخطئ . انظر: التقريب (**3252**) . ج- أبو جعفر الرازي: لا بأس به . انظر: الميزان جلد**3**صفحه**319** . د- الربيع بن أنس البكري أو الحنفي: صدوق له أوهام . والحديث أخرجه الطبراني في الصغير جلد**2**صفحه**50** . وانظر: مجمع الزوائد جلد**1**صفحه**90** .

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ حُذَيْفَةَ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِي جَعْفَرٍ الرَّازِيُّ

اس حدیث کو حضرت حذیفہ سے صرف اسی سند کے ساتھ روایت کیا گیا' حضرت عبداللہ بن ابی جعفر رازی اس کے ساتھ اکیلے ہیں۔

**7474** - وَبِهِ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِي جَعْفَرٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُبَيْدَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ كَعْبٍ الْقُرَظِيِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ سَاءَتْهُ سَيِّئَتُهُ فَهُوَ مُؤْمِنٌ

حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس کو گناہ' گناہ محسوس ہو وہ مؤمن ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَنَفِيَّةِ إِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ كَعْبٍ، وَلَا عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ كَعْبٍ إِلَّا مُوسَى بْنُ عُبَيْدَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِي جَعْفَرٍ

یہ حدیث محمد بن حنیفہ سے محمد بن کعب اور محمد بن کعب سے موسیٰ بن عبیدہ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عبداللہ بن ابوجعفر اکیلے ہیں۔

**7475** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ شُعَيْبٍ، نَا يَعْقُوبُ بْنُ إِسْحَاقَ الدَّشْتَكِيُّ، نَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِي فُدَيْكٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِي عَلِيٍّ اللِّهْبِيِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَمَّا عُرِجَ بِإِبْرَاهِيمَ رَاَى رَجُلًا يَفْجُرُ بِامْرَاَةٍ فَدَعَا عَلَيْهِ، فَاُهْلِكَ، ثُمَّ رَاَى عَبْدًا عَلَى مَعْصِيَةٍ فَدَعَا عَلَيْهِ، فَاَوْحَى اللّٰهُ اِلَيْهِ: يَا اِبْرَاهِيمُ اِنَّهُ مَنْ عَبَدَنِي فَاِنَّ قَصْرَهُ مِنِّي خِصَالٌ ثَلَاثٌ: اِمَّا اَنْ يَتُوبَ فَاَتُوبَ عَلَيْهِ، وَاِمَّا اَنْ يَسْتَغْفِرَنِي فَاَغْفِرَ لَهُ، وَاِمَّا اَنْ يَخْرُجَ مِنْ صُلْبِهِ مَنْ يَعْبُدُنِي . يَا اِبْرَاهِيمُ، اَمَا عَلِمْتَ اَنَّ مِنْ اَسْمَائِي اَنِّي

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب ابراہیم علیہ السلام کو سیر کروائی گئی تو آپ نے ایک آدمی کو عورت سے زنا کرتے دیکھا' آپ نے اس کے لیے بددعا فرمائی' اس کو ہلاک کیا گیا' پھر ایک بندے کو دیکھا گناہ کرتے ہوئے تو آپ نے اس کے لیے بددعا کی' اللہ عزوجل نے وحی کی: اے ابراہیم! جس نے میری عبادت کی' اس کی کوتاہی کی صورت میں مجھے تین باتیں پسند ہیں' اگر توبہ کرے گا میں اس کی توبہ قبول کروں گا' اگر بخشش مانگے گا میں اس کو معاف کروں گا اور اس کی پشت سے ایک بچہ ہوگا جو میری عبادت کرے گا' اے ابراہیم! کیا تو جانتا نہیں ہے کہ میرے

---

7474- اسناده فيه: موسى بن عبيدة الربذى: ضعيف . وانظر: مجمع الزوائد جلد1صفحه89 .

7475- اسناده فيه: على بن أبى على اللهبى المدنى: متروك' انظر: لسان الميزان جلد4صفحه245 . وانظر: مجمع الزوائد جلد8صفحه204 .

اَنَا الصَّبُوْرُ

نامون میں سے ایک نام صبور بھی ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ اِلَّا عَلِيُّ بْنُ اَبِي عَلِيٍّ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُ اَبِي فُدَيْكٍ

یہ حدیث محمد بن منکدر سے علی بن ابوعلی روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ابن ابوفدیک اکیلے ہیں۔

**7476** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ شُعَيْبٍ، نَا مُحَمَّدُ بْنُ مُقَاتِلٍ الرَّازِيُّ، ثَنَا حَكَّامُ بْنُ سَلْمٍ، عَنْ اَبِي جَعْفَرٍ الرَّازِيِّ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَبِي الْعَالِيَةِ قَالَ: صَلَّى بِنَا اَبُو مُوسَى الْاَشْعَرِيُّ، بِاَصْبَهَانَ صَلَاةَ الْخَوْفِ، وَمَا كَانَ كَبِيرُ خَوْفٍ لِيُرِيَنَا صَلَاةَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَامَ، فَكَبَّرَ، وَكَبَّرَ مَعَهُ طَائِفَةٌ مِنَ الْقَوْمِ، وَطَائِفَةٌ بِإِزَاءِ الْعَدُوِّ، وَعَلَيْهِمُ السِّلَاحُ، فَصَلَّى بِهِمْ رَكْعَةً، فَانْصَرَفُوا، فَاَتَوْا مَقَامَ اِخْوَانِهِمْ، فَجَاءَتِ الطَّائِفَةُ الْاُخْرَى، فَصَلَّى بِهِمْ رَكْعَةً اُخْرَى، ثُمَّ سَلَّمَ، فَصَلَّى كُلُّ وَاحِدٍ مِنْهُمُ الرَّكْعَةَ الثَّانِيَةَ وُحْدَانًا

حضرت ابوالعالیہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہمیں حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نے مقامِ اصبہان پر نمازِ خوف پڑھائی' خوف بڑا نہیں تھا' دراصل ہم کو حضور ﷺ کی نماز دکھانی تھی۔ آپ کھڑے ہوئے' تکبیر کہی' ان کے ساتھ ایک گروہ نے تکبیر کہی' ایک گروہ دشمن کے مقابلہ میں چلا گیا' ان کے پاس اسلحہ تھا' انہوں نے آپ کے ساتھ ایک رکعت پڑھی' وہ چلے گئے وہاں اپنے بھائیوں کی جگہ کھڑے ہوئے تو دوسرا گروہ آیا' ان کو ایک رکعت پڑھائی' پھر سلام پھیر دیا' ہر گروہ نے اپنی ایک رکعت خود پڑھی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَبِي الْعَالِيَةِ، عَنْ اَبِي مُوسَى اِلَّا اَبُو جَعْفَرٍ الرَّازِيُّ، وَلَا عَنْ اَبِي جَعْفَرٍ اِلَّا حَكَّامٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ مُقَاتِلٍ

یہ حدیث قتادہ' ابوالعالیہ سے' وہ ابوموسیٰ سے اور قتادہ سے ابوجعفر الرازی روایت کرتے ہیں۔ اور ابوجعفر سے حکام روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں محمد بن مقاتل اکیلے ہیں۔

**7477** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ شُعَيْبٍ، نَا سَعِيدُ بْنُ عَنْبَسَةَ الْقَطَّانُ، ثَنَا اَبُو عُبَيْدَةَ الْحَدَّادُ، نَا اَبُو هِلَالٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: قَالَ

حضرت عبداللہ بن بریدہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: دنیا و آخرت میں تمام کھانوں کا سردار گوشت ہے' دنیا و آخرت میں تمام

---

**7476**- اسناده فيه: محمد بن مقاتل الرازي: ضعيف . وعزاه الحافظ الهيثمي للكبير وصححه . انظر: مجمع الزوائد جلد2صفحه200 .

**7477**- اسناده فيه: أبو هلال: صدوق فيه لين . وانظر: مجمع الزوائد جلد5صفحه38 .

رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: سَيِّدُ الْإِدَامِ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ اللَّحْمُ، وسَيِّدُ الشَّرَابِ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ الْمَاءُ، وسَيِّدُ الرَّيَاحِينَ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ الْفَاغِيَةُ

مشروبات کا سردار پانی ہے‘ دنیا و آخرت میں سردار خوشبو ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ إِلَّا أَبُو هِلَالٍ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ أَبِي هِلَالٍ إِلَّا أَبُو عُبَيْدَةَ الْحَدَّادُ، تفَرَّدَ بِهِ: سَعِيدٌ

یہ حدیث عبداللہ بن بریدہ سے ابو ہلال اور ابو ہلال سے ابو عبیدہ الحداد روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں سعید اکیلے ہیں۔

**7478** - حَدَّثَنَا أَبُو عُبَيْدَةَ الْحَدَّادُ، ثَنَا وَاصِلُ بْنُ يَزِيدَ بْنِ وَاصِلٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، وعُمُومَتِي، عَنْ مَالِكِ بْنِ عُمَيْرٍ قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنِّي رَجُلٌ شَاعِرٌ، فَمَا تَرَى فِي الشِّعْرِ؟ فَقَالَ: لَأَنْ يَمْتَلِءَ مَا بَيْنَ لَبَّتِكَ إِلَى عَانَتِكَ قَيْحًا وَصَدِيدًا خَيْرٌ مِنْ أَنْ يَمْتَلِءَ شِعْرًا

حضرت مالک بن عمیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں ایک شاعر آدمی ہوں‘ آپ شعر کے متعلق کیا رائے دیتے ہیں؟ آپ نے فرمایا: پیٹ سے لے کر گردن تک اپنے پیٹ کو قے سے بھرنا بہتر ہے شعر سے بھرنے سے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ مَالِكِ بْنِ عُمَيْرٍ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تفَرَّدَ بِهِ: سَعِيدُ بْنُ عَنْبَسَةَ

یہ حدیث مالک بن عمیر سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں سعید بن عنبسہ اکیلے ہیں۔

**7479** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ شُعَيْبٍ، نَا أَحْمَدُ بْنُ أَبِي سُرَيْجٍ الرَّازِيُّ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْجَهْمِ، ثَنَا عَمْرُو بْنُ أَبِي قَيْسٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ قَيْسٍ الْمَاصِرِ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، قَالَتْ: إِنَّ قُرَيْشًا أَهَمَّهُمْ شَأْنُ الْمَخْزُومِيَّةِ الَّتِي سَرَقَتْ، قَالُوا: مَنْ يُكَلِّمُ فِيهَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ قریش نے قبیلہ مخزومیہ والی عورت کے متعلق مشورہ کیا‘ جس نے چوری کی تھی کہ رسول اللہ ﷺ سے اس کے متعلق کون گفتگو کرے گا۔ انہوں نے کہا: یہ جرأت اسامہ بن زید ہی کر سکتے ہیں کیونکہ وہ رسول اللہ ﷺ کے محبوب ہیں۔ حضرت اسامہ نے بات کی تو حضور ﷺ نے فرمایا: تم

---

**7478**- أخرجه الطبراني في الكبير جلد 19 صفحه 294 وقال الحافظ الهيثمي: فيه من لم أعرفهم . انظر: مجمع الزوائد جلد 8 صفحه 123 .

**7479**- اسناده حسن‘ فيه: أ - عبد الله بن الجهم الرازي أبو عبد الرحمٰن: صدوق . ب - عمرو بن أبي قيس: صدوق له أوهام . وقال الحافظ الهيثمي: ورجاله ثقات . انظر: مجمع الزوائد جلد 6 صفحه 262 .

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ فَقَالُوا: وَمَنْ يَجْتَرِءُ عَلَيْهِ إِلَّا أُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ حِبُّ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ فَكَلَّمُوهُ فِي ذٰلِكَ، فَأَتَاهُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّمَا هَلَكَ الَّذِينَ مِنْ قَبْلِكُمْ، أَنَّهُ كَانَ إِذَا سَرَقَ الشَّرِيفُ تَرَكُوهُ، وَإِذَا سَرَقَ الضَّعِيفُ أَقَامُوا عَلَيْهِ الْحَدَّ، وَايْمُ اللّٰهِ، لَوْ كَانَتْ فَاطِمَةَ بِنْتَ مُحَمَّدٍ لَقَطَعْتُ يَدَهَا فَقَطَعَ يَدَهَا

سے پہلے لوگ اس لیے ہلاک ہوئے کہ ان کا طاقتور آدمی چوری کرتا تو اس کو چھوڑ دیتے اور اگر کمزور کرتا تو اس پر حد قائم کرتے' اللہ کی قسم! اگر فاطمہ بنت محمد نے بھی چوری کی ہوتی تو میں ان کا بھی ہاتھ کاٹتا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُمَرَ بْنِ قَيْسٍ الْمَاصِرِ إِلَّا عَمْرُو بْنُ أَبِي قَيْسٍ وَخَالَفَ عُمَرُ بْنُ قَيْسٍ أَصْحَابَ الزُّهْرِيِّ فِي إِسْنَادِ هٰذَا الْحَدِيثِ، فَقَالَ: عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ وَرَوَاهُ أَصْحَابُ الزُّهْرِيِّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ

یہ حدیث عمر بن قیس الماصر سے عمرو بن ابوقیس روایت کرتے ہیں۔ عمر بن قیس زہری کے اصحاب اس کی سند میں اختلاف کرتے ہیں' وہ کہتے ہیں: یہ حدیث عروہ سے' وہ اُم سلمہ سے روایت کرتے ہیں۔

**7480** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ، ثَنَا أَحْمَدُ بْنُ أَبِي سُرَيْجٍ، ثَنَا شُعَيْبُ بْنُ حَرْبٍ، نَا كَامِلٌ أَبُو الْعَلَاءِ، ثَنَا أَبُو صَالِحٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ امْرَأَةً دَخَلَتِ النَّارَ فِي هِرَّةٍ لَهَا، كَانَتْ رَبَطَتْهَا فَلَا تُطْعِمُهَا وَلَا تُخَلِّيهَا تَأْكُلُ مِنْ حَشَائِشِ الْأَرْضِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ایک عورت جہنم میں داخل ہوئی' ایک بلی کو باندھنے کی وجہ سے' اس نے اس کو چھوڑا نہیں کہ وہ زمین کے کیڑے کھالے اور نہ خود اس کو کھانے کے لیے کوئی شی دی۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ كَامِلٍ أَبِي الْعَلَاءِ إِلَّا شُعَيْبُ بْنُ حَرْبٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: أَحْمَدُ بْنُ أَبِي سُرَيْجٍ

یہ حدیث کامل ابوالعلاء سے شعیب بن حرب روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں احمد بن ابوسریج اکیلے ہیں۔

**7481** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ شُعَيْبٍ، نَا عَبْدُ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ

---

**7480**- أخرجه البخاري: بدء الخلق جلد**6**صفحه**409** رقم الحديث: **3318**' ومسلم: البر جلد**4**صفحه**202** .

**7481**- اسناده فيه: أ- عبد الرحمٰن بن سلمة الرازي: مستور . ب - محمد بن كريب: ضعيف . واكتفى الحافظ الهيثمي بتضعيفه بمحمد بن كريب . انظر: مجمع الزوائد (**18914**) .

الرَّحْمَنِ بْنُ سَلَمَةَ الرَّازِيُّ، ثنا أَبُو زُهَيْرٍ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَغْرَاءَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ كُرَيْبٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: مَرَّ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى رَجُلَيْنِ مَقْرُونَيْنِ حَاجَّيْنِ نَذْرًا، فَقَالَ: انْزِعَا قِرَانَكُمَا، قَالَا: يَا رَسُولَ اللَّهِ، إِنَّهُ نَذْرٌ، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: انْزِعَا قِرَانَكُمَا، ثُمَّ حُجَّا

حضور ﷺ دو آدمیوں کے پاس سے گزرے دونوں حج قران کی نذر مانے ہوئے تھے آپ نے فرمایا: حج قران کو چھوڑ دو! دونوں نے عرض کی: یارسول اللہ! نذر مانی ہے؟ حضور ﷺ نے فرمایا: دونوں حج قران کو چھوڑ دو! دونوں حج کرو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ كُرَيْبٍ إِلَّا أَبُو زُهَيْرٍ

یہ حدیث محمد بن کریب سے ابوزہیر روایت کرتے ہیں۔

7482 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ شُعَيْبٍ، نا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَلَمَةَ، ثنا أَبُو زُهَيْرٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ كُرَيْبٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَزْنِي الزَّانِي حِينَ يَزْنِي وَهُوَ مُؤْمِنٌ، وَلَا يَسْرِقُ حِينَ يَسْرِقُ وَهُوَ مُؤْمِنٌ، وَلَا يَنْتَهِبُ نُهْبَةً يَرْفَعُ الْمُؤْمِنُونَ إِلَيْهِ رُءُوسَهُمْ وَهُوَ مُؤْمِنٌ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: زانی جس وقت زنا کرتا ہے اور چور جس وقت چوری کرتا ہے ڈاکو جس وقت ڈاکہ زنی کرتا ہے ایمان والے اپنے سر اُٹھا کر اس کی طرف دیکھتے ہیں اس وقت بھی وہ مؤمن ہوتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ كُرَيْبٍ إِلَّا أَبُو زُهَيْرٍ

یہ حدیث محمد بن کریب سے ابوزہیر روایت کرتے ہیں۔

7483 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ شُعَيْبٍ، ثنا يَعْقُوبُ الدَّشْتَكِيُّ، ثنا هِشَامُ بْنُ عُبَيْدِ اللَّهِ السَّنِّيُّ، نا مُحَمَّدُ بْنُ جَابِرٍ، عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، وَالْأَسْوَدِ، قَالَا: قَالَ عَبْدُ اللَّهِ: مَا قَنَتَ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ سوائے وتر کے کسی نماز میں قنوت نہیں پڑھتے تھے۔ جب جنگ ہوتی تو آپ مشرکوں کے لیے بددعا کرنے کے لیے ساری نمازوں میں بددعا کرتے۔

7482- أخرجه البخاري: المظالم جلد5صفحه143 رقم الحديث: 2475، ومسلم: الايمان جلد1صفحه76 .

7483- اسناده فيه: محمد بن جابر بن سيار الحنفي اليمامي: صدوق ذهبت كتبه فساء حفظه وخلط كثيرًا وعمي فصار يلقن، ورجحه أبو حاتم على ابن لهيعة . انظر: التقريب (5765) . انظر: مجمع الزوائد جلد2صفحه140 .

رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي شَيْءٍ مِنَ الصَّلَوَاتِ إِلَّا فِي الْوِتْرِ، وَإِنَّهُ كَانَ إِذَا حَارَبَ يَقْنُتُ فِي الصَّلَوَاتِ كُلِّهِنَّ يَدْعُو عَلَى الْمُشْرِكِينَ وَمَا قَنَتَ أَبُو بَكْرٍ، وَلَا عُمَرُ، وَلَا عُثْمَانُ، حَتَّى مَاتُوا وَلَا قَنَتَ عَلِيٌّ، حَتَّى حَارَبَ أَهْلَ الشَّامِ، وَكَانَ يَقْنُتُ فِي الصَّلَوَاتِ كُلِّهِنَّ، وَكَانَ مُعَاوِيَةُ، يَدْعُو عَلَيْهِ أَيْضًا، يَدْعُو كُلُّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا عَلَى الْآخَرِ

حضرت ابوبکر و عمر و عثمان قنوت نہیں پڑھتے تھے یہاں تک کہ ان کا وصال ہو گیا۔ حضرت علی نے نہیں پڑھی جس وقت شام والوں سے لڑائی ہوئی' اس وقت ساری نمازوں میں دعائے قنوت بددعا کے طور پر پڑھتے تھے اور حضرت معاویہ بھی ان کے خلاف دعا کرتے تھے' ان میں سے ہر ایک دوسرے کے لیے بددعا کرتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ وَالْأَسْوَدِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ إِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ جَابِرٍ وَرَوَاهُ الْحَسَنُ بْنُ الْحُرِّ، عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنِ الْأَسْوَدِ، عَنْ عُمَرَ

یہ حدیث حماد' ابراہیم سے' وہ علقمہ اور اسود سے یہ عبداللہ سے' حماد سے محمد بن جابر ہی روایت کرتے ہیں۔ اس حدیث کو حسن بن حر' حماد سے' وہ ابراہیم سے' وہ اسود سے' وہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں۔

**7484** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ شُعَيْبٍ، ثنا الْحُسَيْنُ بْنُ عِيسَى بْنِ مَيْسَرَةَ الرَّازِيُّ، نا الْفُرَاتُ بْنُ خَالِدٍ، نا مَالِكُ بْنُ مِغْوَلٍ قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا عَوْنٍ مُحَمَّدَ بْنَ عُبَيْدِ اللّٰهِ الثَّقَفِيَّ، يُحَدِّثُ، عَنْ وَرَّادٍ، مَوْلَى الْمُغِيرَةِ بْنِ شُعْبَةَ، أَنَّ مُعَاوِيَةَ كَتَبَ إِلَيْهِ يَعْنِي الْمُغِيرَةَ، يَسْأَلُهُ عَمَّا سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ فَكَتَبَ إِلَيْهِ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِنَّ اللّٰهَ كَرِهَ لَكُمْ ثَلَاثًا: عُقُوقَ الْأُمَّهَاتِ، وَوَأْدَ الْبَنَاتِ، وَمَنْعًا وَهَاتِ، وَقِيلَ وَقَالَ، وَكَثْرَةَ السُّؤَالِ، وَإِضَاعَةَ الْمَالِ

حضرت مغیرہ بن شعبہ کے غلام سے روایت ہے کہ حضرت معاویہ نے حضرت مغیرہ کی طرف خط لکھا' پوچھا: جو آپ نے رسول اللہ ﷺ سے سنا ہے' وہ بیان کریں اور ان کی طرف لکھیں! حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے: اللہ نے تمہارے لیے تین چیزیں ناپسند کی ہیں: (۱) ماں باپ کی نافرمانی (۲) بچیوں کو زندہ دفن کرنا (۳) قیل و قال (۴) کثرتِ سوال (۵) مال کا ضائع کرنا۔

**7485** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ شُعَيْبٍ، نَا

حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ

---

**7484**- تقدم تخريجه .

**7485**- أخرجه أبو داؤد: الأدب جلد **4** صفحه **318** رقم الحديث: **5065**' والترمذى: الدعوات جلد **5** صفحه **478** رقم الحديث: **3410** . وقال: حسن صحيح . والنسائي: السهو جلد **3** صفحه **62-63** (باب عدد التسبيح بعد التسليم) .

الْحُسَيْنُ بْنُ عِيسَى، نَا الْفُرَاتُ بْنُ خَالِدٍ، عَنْ مَالِكِ بْنِ مِغْوَلٍ قَالَ: سَمِعْتُ عَطَاءَ بْنَ السَّائِبِ، يَذْكُرُ عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَنَّهُ قَالَ: خَلَّتَانِ هُمَا يَسِيرٌ، وَمَنْ يَعْمَلُ بِهِمَا قَلِيلٌ، لَا يُوَاظِبُ عَلَيْهِمَا اَحَدٌ اِلَّا دَخَلَ الْجَنَّةَ: فِي دُبُرِ كُلِّ صَلَاةٍ عَشْرُ تَكْبِيرَاتٍ، وَعَشْرُ تَسْبِيحَاتٍ، وَعَشْرُ تَحْمِيدَاتٍ، فَهَذِهِ خَمْسُونَ وَمِائَةٌ عَلَى اللِّسَانِ، وَاَلْفٌ وَخَمْسُمِائَةٍ فِي الْمِيزَانِ، وَاِذَا اَوَى اِلَى فِرَاشِهِ سَبَّحَ ثَلَاثًا وَثَلَاثِينَ، وَحَمِدَ ثَلَاثًا وَثَلَاثِينَ، وَكَبَّرَ اَرْبَعًا وَثَلَاثِينَ، فَذَاكَ مِائَةٌ عَلَى اللِّسَانِ وَاَلْفٌ فِي الْمِيزَانِ، فَاَيُّكُمْ يُذْنِبُ فِي الْيَوْمِ وَاللَّيْلَةِ اَلْفَيْنِ وَخَمْسَمِائَةِ ذَنْبٍ؟ فَقَالَ بَعْضُهُمْ: اِنَّ هَذَا اَمْرٌ الْعَمَلُ فِيهِ يَسِيرٌ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ الشَّيْطَانَ يَاْتِي اَحَدَكُمْ اِذَا فَرَغَ مِنْ صَلَاتِهِ فَيَقُولُ: اذْكُرْ حَاجَةَ كَذَا وَحَاجَةَ كَذَا

فرماتے ہیں کہ دو باتیں ہیں دونوں آسان ہیں' ہر نماز کے بعد دس مرتبہ اللہ اکبر' دس مرتبہ سبحان اللہ' دس مرتبہ الحمد للہ پڑھنے والا' یہ زبان پر ۱۵۰ ہوئے اور میزان میں ۱۵۰۰ ہوئے' جب کوئی سونے کے لیے بستر پر آئے تو تینتیس مرتبہ سبحان اللہ' تینتیس مرتبہ الحمد للہ' تینتیس مرتبہ اللہ اکبر کہے' یہ ۱۰۰ مرتبہ زبان پر پڑھے ہیں' میزان میں ہزار مرتبہ ہوگا' یہ عمل بڑا آسان ہے۔ حضور ﷺ نے فرمایا: وجہ یہ ہے کہ شیطان تم میں سے ہر کسی کے پاس آتا ہے' جب کوئی نماز سے فارغ ہوتا ہے تو کہتا ہے: فلاں فلاں کام یاد کرو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنْ مَالِكِ بْنِ مِغْوَلٍ اِلَّا الْفُرَاتُ بْنُ خَالِدٍ وَمُحَمَّدُ بْنُ سَابِقٍ

یہ دونوں حدیثیں مالک بن مغول سے فرات بن خالد اور محمد بن سابق روایت کرتے ہیں۔

**7486** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ شُعَيْبٍ، ثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ عِيسَى بْنِ مَيْسَرَةَ الرَّازِيُّ، نَا الْفُرَاتُ بْنُ خَالِدٍ، عَنِ الضَّحَّاكِ بْنِ عُثْمَانَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنِ الْاَعْرَجِ، عَنِ ابْنِ بُحَيْنَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ

حضرت ابن بحینہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ ظہر کی دو رکعتیں پڑھ کر کھڑے ہو گئے' صحابہ کرام نے تالیاں اور سبحان اللہ کہا' یہاں تک کہ آپ کو معلوم ہوا کہ کھڑا ہوا ہوں' آپ کھڑے رہے' جب نماز

7486- أخرجه البخاري: السهو جلد 3 صفحه 111 رقم الحديث: 1224-1225' ومسلم: المساجد جلد 1 صفحه 399 بنحوه .

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَامَ فِي الرَّكْعَتَيْنِ مِنَ الظُّهْرِ، فَصَفَّقَ النَّاسُ وسَبَّحُوا بِهِ، حَتَّى عَرَفَ اَنَّهُ قَدْ سَهَا، فَمَضَى حَتَّى تَمَّتْ صَلَاتُهُ، ثُمَّ سَجَدَ سَجْدَتَيْنِ وَهُوَ جَالِسٌ قَبْلَ اَنْ يُسَلِّمَ

مکمل فرمائی تو پھر آپ نے سلام پھیرنے سے پہلے بیٹھے بیٹھے دوسجدے سہو کے کیے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الضَّحَّاكِ بْنِ عُثْمَانَ اِلَّا الْفُرَاتُ بْنُ خَالِدٍ

یہ حدیث ضحاک بن عثمان سے فرات بن خالد روایت کرتے ہیں۔

**7487** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ شُعَيْبٍ، نَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَلَمَةَ الرَّازِيُّ، نَا اَبُو زُهَيْرٍ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَغْرَاءَ، عَنِ الْاَجْلَحِ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ اَبِي الْاَحْوَصِ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّهُ اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَلَيْهِ ثِيَابٌ رَدِيئَةٌ، وَهُوَ سَيِّءُ الْهَيْئَةِ، فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هَلْ لَكَ مَالٌ؟ قَالَ: نَعَمْ، مِنْ اَنْوَاعِ الْمَالِ كُلِّهِ قَالَ: فَلْيُرَ عَلَيْكَ مَا رَزَقَكَ اللّٰهُ

حضرت ابوالاحوص اپنے والد سے روایت کرتے ہیں میں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آیا' میری حالت خراب تھی' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے (مجھے) فرمایا: کیا تمہارے پاس مال نہیں ہے؟ عرض کی: ہر قسم کا مال ہے' آپ نے فرمایا: جو اللہ نے تمہیں دیا ہے وہ تم پر دکھائی دینا چاہیے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْاَجْلَحِ اِلَّا اَبُو زُهَيْرٍ

یہ حدیث اجلح سے ابوزہیر روایت کرتے ہیں۔

**7488** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ شُعَيْبٍ، ثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي سُرَيْجٍ الرَّازِيُّ، نَا عَمْرُو بْنُ مُجَمِّعٍ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِي خَالِدٍ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ مِقْسَمٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: اَمَرَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ لَا نَرْمِيَ الْجَمْرَةَ حَتَّى تَطْلُعَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہمیں حکم دیتے کہ ہم کنکری نہ ماریں یہاں تک کہ سورج طلوع ہو جائے۔

**7487**- أخرجه أبو داؤد: اللباس جلد 4صفحه50 رقم الحديث: 4063' والترمذى: البر جلد 4صفحه364 رقم الحديث: 2006 . وقال: حسن صحيح . وأحمد: المسند جلد3صفحه575 رقم الحديث: 15893 .

**7488**- أخرجه أبو داؤد: المناسك جلد 2صفحه201 رقم الحديث: 1940-1941' والترمذى: الحج جلد 3 صفحه231 رقم الحديث: 893 . وقال: حسن صحيح . والنسائى: المناسك جلد 5صفحه220 (باب النهى عن رمى جمرة العقبة قبل طلوع الشمس) . وابن ماجة: المناسك جلد2صفحه1007 رقم الحديث: 3025 .

الشَّمْسُ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ إِسْمَاعِيلَ إِلَّا عَمْرُو بْنُ مُجَمِّعٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: أَحْمَدُ بْنُ أَبِي سُرَيْجٍ

یہ حدیث اسماعیل سے عمرو بن مجمع روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں احمد بن ابوسریج اکیلے ہیں۔

**7489** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ شُعَيْبٍ، نَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَلَمَةَ، ثَنَا أَبُو زُهَيْرٍ، نَا وِقَاءُ بْنُ إِيَاسٍ الْوَالِبِيُّ قَالَ: سَمِعْتُ سُهَيْلَ بْنَ ذَكْوَانَ أَبِي صَالِحٍ، يَذْكُرُ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: أَتَى النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَابَ رَجُلٍ مِنَ الْأَنْصَارِ فَسَلَّمَ، وَالْأَنْصَارِيُّ عَلَى امْرَأَتِهِ، فَرَدَّ عَلَيْهِ وَهُوَ عَلَيْهَا، ثُمَّ سَلَّمَ الثَّانِيَةَ، فَرَدَّ عَلَيْهِ وَلَمْ يَقُمْ، ثُمَّ انْصَرَفَ لَمَّا لَمْ يَأْذَنْ لَهُ، فَقَامَ الْآخَرُ قَبْلَ أَنْ يَفْرُغَ، وَخَرَجَ فِي أَثَرِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَطْلُبُهُ، قَالَ أَبُو هُرَيْرَةَ: فَأَتَيْنَا النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ قَائِمٌ، فَاجْتَمَعْنَا إِلَيْهِ، وَاغْتَسَلَ الرَّجُلُ فِي نَهْرٍ إِلَى جَانِبِ دَارِهِ، فَأَقْبَلَ وَقَدِ اغْتَسَلَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَقَدِ اغْتَسَلَ، وَمَا وَجَبَ عَلَيْهِ الْغُسْلُ، فَجَاءَ الرَّجُلُ يَعْتَذِرُ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَخْبَرَهُ بِأَمْرِهِ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اغْتَسَلْتَ وَلَمْ يَجِبْ عَلَيْكَ الْغُسْلُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ ایک انصاری آدمی کے دروازے پر آئے' اس کو سلام کیا' انصاری اپنی بیوی کے پاس تھا' اس نے آپ کے سلام کا جواب دیا اسی حالت میں رہا۔ پھر دوسری مرتبہ آپ نے سلام کیا تو اس نے جواب دیا' کھڑا نہیں ہوا۔ جب اجازت نہ ملی تو آپ واپس آئے' وہ انزال ہونے سے پہلے کھڑا ہوا' حضور ﷺ کے پیچھے نکلا آپ کو تلاش کرنے کے لیے۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے پاس آئے تو وہ کھڑا تھا' ہم آپ کے پاس جمع ہوئے' اس آدمی نے اپنے گھر کے پاس نہر میں غسل کیا' وہ دوبارہ آیا غسل کر کے۔ حضور ﷺ نے فرمایا: تُو نے غسل کیا ہے' تجھ پر غسل فرض تھا' وہ آدمی آپ سے معذرت کرنے لگا' آپ نے اپنا معاملہ بتایا تو حضور ﷺ نے فرمایا: تُو نے غسل کیا حالانکہ تجھ پر غسل فرض نہیں تھا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ وِقَاءٍ إِلَّا أَبُو زُهَيْرٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَلَمَةَ

یہ حدیث وقاء سے ابوزہیر روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عبدالرحمٰن بن سلمہ اکیلے ہیں۔

**7489**- اسناده وروى باسنادٍ صحيح فيه: وقاء بن اياس: لين الحديث ـ انظر: التقريب (**7400**) والحديث أخرجه البزار جلد **1** صفحه **166** كشف الأستار وصحح الحافظ الهيثمي اسناد البزار' ولم يعرف شيخ الطبراني محمد بن شعيب الأصبهاني وهو معروف ـ انظر: أخبار أصبهان (**25212**)' مجمع الزوائد (**26811**) .

**7490** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ شُعَيْبٍ، نَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَلَمَةَ، نَا أَبُو زُهَيْرٍ، نَا مُحَمَّدُ بْنُ كُرَيْبٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَادَةَ قَالَ: جِئْتُ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ: تُوُفِّيَتْ أُمِّي، وَلَمْ تُوصِ، وَلَمْ تَتَصَدَّقْ، فَهَلْ يُقْبَلُ إِنْ تَصَدَّقْتُ عَنْهَا؟ قَالَ: نَعَمْ قَالَ: فَهَلْ يَنْفَعُهَا ذَلِكَ؟ قَالَ: نَعَمْ، وَلَوْ بِكُرَاعِ شَاةٍ مُحْتَرِقٍ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ كُرَيْبٍ إِلَّا أَبُو زُهَيْرٍ

حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے پاس آیا' میں نے عرض کی: میری امی فوت ہوگئی ہیں' انہوں نے کوئی وصیت نہیں کی اور صدقہ بھی نہیں کیا' اگر میں ان کی طرف سے صدقہ کروں تو کیا اس کو نفع دے گا؟ آپ نے فرمایا: جی ہاں! اس نے عرض کی: ان کو نفع دے گا؟ آپ نے فرمایا: جی ہاں! اگرچہ تُو بکری کا جلا ہوا کھر صدقہ کرے۔

یہ حدیث محمد بن کریب سے ابوزہیر روایت کرتے ہیں۔

**7491** - وَبِهِ: عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ كُرَيْبٍ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: شَهِدْتُ الْأَحْنَفَ بْنَ قَيْسٍ، يُحَدِّثُ عَنْ عَمِّهِ وَعَمُّهُ: جَارِيَةُ بْنُ قُدَامَةَ، أَنَّهُ قَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، قُلْ لِي قَوْلًا يَنْفَعُنِي اللَّهُ بِهِ، وَأَقْلِلْ لَعَلِّي أَعْقِلُهُ قَالَ: لَا تَغْضَبْ ، ثُمَّ عَادَ، فَقَالَ: لَا تَغْضَبْ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ كُرَيْبٍ إِلَّا ابْنُهُ مُحَمَّدٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: أَبُو زُهَيْرٍ وَالْمَشْهُورُ: مِنْ حَدِيثِ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنِ أَبِيهِ عَنْ جَارِيَةَ بْنِ قُدَامَةَ

حضرت جابر بن قدامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھے کوئی نفع مند بات فرمائیں جو تھوڑی ہو سمجھ آ جائے۔ آپ نے فرمایا: غصہ نہ کیا کرو۔ پھر دوبارہ اس نے عرض کی تو آپ نے فرمایا: غصہ نہ کیا کرو۔

یہ حدیث کریب سے ان کے بیٹے محمد روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ابوزہیر اکیلے ہیں۔ مشہور یہ ہے کہ یہ حدیث ہشام بن عروہ سے' وہ اپنے والد سے' وہ جابر بن قدامہ سے روایت کرتے ہیں۔

---

**7490**- اسناده فيه: أ- عبد الرحمٰن بن سلمة الرازی: مستور . ب- أبو زهير هو عبد الرحمٰن بن مغراء: صدوق تكلم فی حديثه عن الأعمش . ج- محمد بن كريب مولٰی ابن عباس: ضعيف واكتفی الحافظ الهيثمی بتضعيفه بمحمد بن كريب . انظر: مجمع الزوائد جلد3صفحه141 .

**7491**- اسناده فيه: أ- عبد الرحمٰن بن سلمة الرازی: مستور . ب- محمد بن كريب: ضعيف والحديث أخرجه الطبرانی فی الكبير رقم الحديث: 2101 . والامام أحمد فی مسنده جلد 5صفحه370 . وصححه الحافظ الهيثمی . انظر: مجمع الزوائد جلد8صفحه72 .

7492 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ شُعَيْبٍ، نَا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ عَاصِمٍ الرَّازِيُّ، نَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ حِطَّانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الرَّقَاشِيِّ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: أُعْطِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْكَفِيتُ قِيلَ لِلْحَسَنِ: وَمَا الْكَفِيتُ؟ قَالَ: الْبِضَاعُ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کو کفیت عطا کی گئی‘ حسن سے کہا گیا: کفیت سے مراد کیا ہے؟ فرمایا: بضاع۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ إِلَّا هِشَامٌ، وَلَا عَنْ هِشَامٍ إِلَّا ابْنُهُ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ عَاصِمٍ

یہ حدیث قتادہ‘ حسن سے اور قتادہ سے ہشام اور ہشام سے ان کے بیٹے روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عبدالسلام بن عاصم اکیلے ہیں۔

7493 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ شُعَيْبٍ، ثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَلَمَةَ، نَا أَبُو زُهَيْرٍ، نَا الْحَسَنُ بْنُ سَالِمِ بْنِ أَبِي الْجَعْدِ قَالَ: سَمِعْتُ نُعَيْمَ بْنَ أَبِي هِنْدٍ، نَا رِبْعِيُّ بْنُ حِرَاشٍ، حَدَّثَنِي حُذَيْفَةُ بْنُ الْيَمَانِ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: أُعْطِيتُ آيَاتٍ مِنْ بَيْتِ كَنْزٍ تَحْتَ الْعَرْشِ، لَمْ يُعْطَهُنَّ نَبِيٌّ قَبْلِي، وَلَا يُعْطَاهَا أَحَدٌ بَعْدِي، وَجُعِلَتْ لِيَ الْأَرْضُ مَسْجِدًا وَطَهُورًا، وَجُعِلَتْ صُفُوفُنَا عَلَى مِثْلِ صُفُوفِ الْمَلَائِكَةِ، وَأُيِّدْتُ بِالرُّعْبِ مِنْ مَسِيرَةِ شَهْرٍ، ثُمَّ قَرَأَ الْآيَاتِ مِنْ آخِرِ الْبَقَرَةِ: (لِلّٰهِ مَا فِي السَّمَوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ) حَتَّى خَتَمَ السُّورَةَ

حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ مجھے کچھ نشانیاں دی گئی ہیں‘ عرش کے خزانہ سے‘ جو مجھ سے پہلے کسی نبی کو نہیں دی گئی ہیں اور میرے بعد کسی کو نہیں دی جائیں گی‘ میرے لیے ساری زمین کو مسجد اور پاک بنا دیا ہے‘ ہماری صفیں فرشتوں کی صفوں کی طرح بنائی ہیں‘ میری ایک ماہ کی مسافت کے برابر رعب کے ساتھ مدد کی گئی ہے‘ پھر آپ نے سورۂ بقرہ کی آخری آیت تلاوت کی: ’’للّٰہ ما فی السموات والارض الٰی آخرہٖ‘‘۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ سَالِمِ بْنِ

اس حدیث کو حسن بن سالم بن ابی جعد سے صرف

---

7492- اسنادہ حسن‘ فیہ: عبد السلام بن عاصم الجعفی الھسنجانی الرازی: مقبول ۔ انظر: التقریب (4062) .

وانظر: مجمع الزوائد (29614) .

7493- أصلہ عند مسلم بلفظ: فضلنا علی الناس بثلاث...... فذکرہ ۔ أخرجہ مسلم: المساجد جلد 1 صفحہ 371 .

وانظر: تلخیص الحبیر جلد 1 صفحہ 157 رقم الحدیث: 7 .

اَبِی الْجَعْدِ اِلَّا اَبُو زُهَیْرٍ

ابوزہیر نے روایت کیا۔

**7494** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ شُعَیْبٍ، ثَنَا یَعْقُوبُ بْنُ اِسْحَاقَ الدِّمَشْقِیُّ، نَا الْحَارِثُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ بَحْرٍ السَّقَّاءِ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ اَبِیهِ اَنَّ رَجُلًا مِنْ ثَقِیفٍ یُقَالُ لَهُ: غَیْلَانُ بْنُ سَلَمَةَ اَسْلَمَ وَلَهُ عَشْرُ نِسْوَةٍ، فَاَمَرَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَنْ یَخْتَارَ مِنْهُنَّ اَرْبَعًا، وَیَدَعَ سِتًّا

حضرت سالم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ قبیلہ ثقیف سے ایک آدمی جس کا نام غیلان بن اسلم تھا' مسلمان ہوا' اس کے نکاح میں دس عورتیں تھیں' آپ نے چار کو رکھنے کا حکم دیا اور باقی چھوڑنے کا حکم دیا۔

**7495** - وَبِهِ: عَنِ الزُّهْرِیِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: صُمْنَا یَوْمَ عَاشُورَاءَ قَبْلَ اَنْ یَفْرِضَ اللّٰهُ صِیَامَ رَمَضَانَ، فَلَمَّا فَرَضَ اللّٰهُ صِیَامَ رَمَضَانَ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ شَاءَ مِنْكُمْ فَلْیَصُمْهُ، وَمَنْ شَاءَ فَلْیَتْرُكْهُ، وَكَانَ یَوْمًا تُسْتَرُ فِیهِ الْكَعْبَةُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ ہم عاشوراء کا روزہ رکھتے' رمضان کے روزے فرض ہونے سے پہلے' جب اللہ عزوجل نے رمضان کے روزے فرض کیے تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو تم میں سے چاہے عاشوراء کے دن کا روزہ رکھے جو چاہے چھوڑ دے' اس دن آپ کعبہ کے پردہ میں تھے۔

**7496** - وَبِهِ: عَنْ بَحْرٍ السَّقَّاءِ، عَنْ جُوَیْبِرٍ، عَنِ الضَّحَّاكِ بْنِ مُزَاحِمٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: السِّوَاكُ مَطْهَرَةٌ لِلْفَمِ، مَرْضَاةٌ لِلرَّبِّ، وَمَجْلَاةٌ لِلْبَصَرِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: مسواک منہ کی پاکی اور ربّ کی رضا اور آنکھ کی بینائی تیز کرنے کا ذریعہ ہے۔

---

**7494**- أخرجه الترمذی: النكاح جلد 3 صفحه 426 رقم الحديث: 1128 . وقال: وسمعت محمد بن اسماعيل يقول: هذا الحديث غير محفوظ . وابن ماجة: النكاح جلد 1 صفحه 628 رقم الحديث: 1953 .

**7495**- أخرجه البخاری: الصوم جلد 4 صفحه 287 رقم الحديث: 2002' ومسلم: الصيام جلد 2 صفحه 792 بنحوه .

**7496**- اسناده فيه: أ- بحر السقاء هو ابن كثير الباهلی ضعيف جدًا . ب- جويبر بن سعيد الأزدی أبو القاسم البلخی ضعيف جدًا . ج- الضحاك بن مزاحم: صدوق كثير الارسال والحديث أخرجه الطبرانی فی الكبير جلد 11 صفحه 428 .

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ بَحْرٍ السَّقَّاءِ إِلَّا الْحَارِثُ بْنُ مُسْلِمٍ

یہ تمام احادیث بحرالسقاء سے حارث بن مسلم روایت کرتے ہیں۔

**7497** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ شُعَيْبٍ، ثَنَا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ عَاصِمٍ الرَّازِيُّ، ثَنَا الصَّبَّاحُ بْنُ مُحَارِبٍ، نَا دَاوُدُ الْأَوْدِيُّ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنْ كَانَ الشُّؤْمُ فِي شَيْءٍ فَفِي الدَّارِ، وَالْمَرْأَةِ، وَالْفَرَسِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: نحوست اگر ہو تو گھر اور عورت اور گھوڑے میں ہوتی ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ دَاوُدَ الْأَوْدِيِّ إِلَّا الصَّبَّاحُ بْنُ مُحَارِبٍ

یہ حدیث داؤد اودی سے صباح بن محارب روایت کرتے ہیں۔

**7498** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ شُعَيْبٍ، نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ سَلَمَةَ الرَّازِيُّ، نَا أَبُو زُهَيْرٍ قَالَ: قَالَ الْمُفَضَّلُ بْنُ فَضَالَةَ: تَذَاكَرْنَا الْبِرَّ عِنْدَ أَبِي حَرْبِ بْنِ أَبِي الْأَسْوَدِ الدِّيلِيِّ، فَقَالَ أَبُو حَرْبٍ: تَذَاكَرْنَا الْبِرَّ عِنْدَ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ، فَقَالَ: تَذَاكَرْنَا الْبِرَّ عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَنْشَأَ يُحَدِّثُنَا قَالَ: إِنَّهُ كَانَ فِيمَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ مِنَ الْأُمَمِ رَجُلٌ مُتَعَبِّدٌ صَاحِبُ صَوْمَعَةٍ، يُقَالُ لَهُ: جُرَيْجٌ، فَكَانَتْ لَهُ امْرَأَةٌ أَوْ أُمٌّ، فَكَانَتْ تَأْتِيهِ فَتُنَادِيهِ، فَيُشْرِفُ عَلَيْهَا فَيُكَلِّمُهَا، فَأَتَتْهُ يَوْمًا وَهُوَ فِي صَلَاتِهِ مُقْبِلٌ عَلَيْهَا، فَنَادَتْهُ، فَحَكَاهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَوَضَعَ يَدَهُ عَلَى جَبْهَتِهِ، فَجَعَلَتْ تُنَادِيهِ رَافِعَةً رَأْسَهَا إِلَيْهِ، وَاضِعَةً يَدَهَا عَلَى جَبْهَتِهَا: أَيْ جُرَيْجُ،

ابوزہیر کا قول ہے: مفضل بن فضالہ نے کہا کہ ابوحرب بن ابوالاسود دیلی کے پاس، نیکی کے بارے ہم مذاکرہ کر رہے تھے، حضرت ابوحرب بولے: نیکی کے بارے مذاکرہ ہم نے عمران بن حصین کے پاس کیا۔ انہوں نے کہا: ہم نے رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں بیٹھ کر نیکی کے بارے مذاکرہ کیا۔ آپ نے ہم سے بیان کرتے ہوئے فرمایا: تم سے پہلی اُمتوں میں ایک نیکوکار آدمی تھا۔ اس نے اپنا الگ عبادت خانہ بنایا ہوا تھا۔ جریج اس کا نام تھا۔ ایک اس کی بیوی تھی، اس کی ماں بھی تھی۔ وہ ان کے پاس آتیں، اسے آواز دیتیں۔ وہ گرجا کے اوپر سے جھانک کر دیکھتا اور ان سے کلام کرتا۔ ایک دن وہ تشریف لائیں جبکہ وہ پوری توجہ کے ساتھ نماز پڑھ رہا تھا، آواز دی۔ رسول کریم ﷺ نے اس کی حکایت

---

7497- اسناده فيه: داؤد بن يزيد الأودى: ضعيف . والحديث أخرجه البزار جلد 3 صفحه 402 . كشف الأستار . وانظر: مجمع الزوائد جلد 5 صفحه 107 .

7498- اسناده حسن فيه: محمد بن خالد بن خداش: صدوق يغرب . وانظر: مجمع الزوائد جلد 5 صفحه 107 .

اَیْ جُرَیْجُ، ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، كُلُّ مَرَّةٍ ثَلَاثَ مِرَارٍ، كُلُّ ذَلِكَ يَقُولُ جُرَيْجٌ: اَیْ رَبِّ، اُمِّی اَمْ صَلَاتِی؟ فَغَضِبَتْ، فَقَالَتْ: اَللّٰهُمَّ لَا يَمُوتَنَّ جُرَيْجٌ حَتّٰى يَنْظُرَ فِی وُجُوهِ الْمُومِسَاتِ . قَالَ: وَبَلَغَتْ بِنْتُ مَلِكِ الْقَرْيَةِ، فَحَمَلَتْ فَوَلَدَتْ غُلَامًا، فَقَالُوا لَهَا: مَنْ فَعَلَ هَذَا بِكِ؟ ؟ مَنْ صَاحِبُكِ؟ قَالَتْ: هُوَ صَاحِبُ الصَّوْمَعَةِ جُرَيْجٌ، فَمَا شَعَرَ جُرَيْجٌ حَتّٰى سَمِعَ بِالْفُئُوسِ فِی اَصْلِ صَوْمَعَتِهِ، فَجَعَلَ يَسْاَلُهُمْ، وَيْلَكُمْ مَا لَكُمْ؟ فَلَمْ يُجِيبُوهُ، فَلَمَّا رَاَى ذَلِكَ اَخَذَ الْحَبْلَ فَتَدَلّٰى، فَجَعَلُوا يَجِئُونَ اَنْفَهُ، وَيَضْرِبُونَهُ، وَيَقُولُونَ: مُرَاءٍ مُخَادِعٌ النَّاسَ بِعَمَلِكَ قَالَ: وَيْلَكُمْ مَا لَكُمْ؟ قَالُوا: اَبِنْتُ صَاحِبِ الْقَرْيَةِ بِنْتُ الْمَلِكِ الَّتِی اَحْبَلْتَهَا؟ قَالَ: فَمَا فَعَلَتْ؟ قَالُوا: وَلَدَتْ غُلَامًا قَالَ: الْغُلَامُ حَیٌّ هُوَ؟ قَالُوا: نَعَمْ قَالَ: فَتَوَلَّوْا عَنِّی، فَتَوَلّٰى فَصَلّٰى رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ مَشٰى اِلَى شَجَرَةٍ فَاَخَذَ مِنْهَا غُصْنًا، ثُمَّ اَتَى الْغُلَامَ وَهُوَ فِی مَهْدِهِ، فَضَرَبَهُ بِذَلِكَ الْغُصْنِ، وَقَالَ: يَا طَاغِيَةُ، مَنْ اَبُوكَ؟ قَالَ: اَبِی فُلَانٌ الرَّاعِی، قَالُوا: اِنْ شِئْتَ بَنَيْنَا لَكَ صَوْمَعَتَكَ بِذَهَبٍ، وَاِنْ شِئْتَ بِفِضَّةٍ قَالَ: اَعِيدُوهَا كَمَا كَانَتْ فَزَعَمَ اَبُو حَرْبٍ، اَنَّهُ لَمْ يَتَكَلَّمْ فِی الْمَهْدِ اِلَّا ثَلَاثَةٌ: عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ، وَشَاهِدُ يُوسُفَ، وَصَاحِبُ جُرَيْجٍ

بیان کی اس حال میں کہ آپ اپنی پیشانی پر ہاتھ رکھے ہوئے تھے' پس وہ اس کی طرف سر اُٹھا اُٹھا کر پکارتی رہی' پانی پیشانی ہاتھ رکھتے ہوئے: اے جریج! اے جریج! تین بار آواز دی۔ ہر مرتبہ' تین بار آواز دی۔ ہر بار جناب جریج کہتے رہے: اے خدا! ایک طرف میری ماں ہے' دوسری طرف تیری نماز ہے (کس کو لازم پکڑوں' کس کو چھوڑوں)؟ ماں کو غصہ آ گیا۔ عرض کی: اے اللہ! اس کو موت نہ دینا یہاں تک کہ یہ بدکار عورتوں کے چہروں میں نظر کر لے۔ فرمایا: قریہ کے بادشاہ کی بیٹی بالغ ہوئی' حاملہ ہوئی' بچہ جنا۔ لوگوں نے اس کے لیے کہا: تجھ سے یہ کام کس نے کیا؟ (تیری شادی تو ابھی ہوئی نہیں) تیرا ساتھی کون ہے؟ اس نے کہا: وہ گرجے والا' جریج۔ جریج کو اس وقت تک پتا نہ چلا یہاں تک کہ اس نے آواز سنی کہ بسولوں سے گرجا گرایا جا رہا ہے۔ جریج نے ان سے کہنا شروع کر دیا: برباد ہو جاؤ! تمہیں کیا ہوا؟ لیکن اُنہوں نے کوئی جواب نہ دیا۔ پس جب آپ نے یہ دیکھا تو اسی کو پکڑ کر (اُترنے کے لیے) لڑھکنے لگے' وہ ناک چڑھانے لگے اور آپ کو مارنے لگے۔ زبان سے کہتے: ریاکار! اپنے عمل سے لوگوں کو دھوکہ دینے والے۔ آپ نے فرمایا: تم سارے ہلاک ہو جاؤ! تمہیں کیا ہو گیا ہے؟ (کچھ بتاؤ تو سہی!) اُنہوں نے کہا: گاؤں کے مالک' بادشاہ کی بیٹی تجھ سے حاملہ ہوئی ہے؟ آپ نے فرمایا: اس نے کیا کیا؟ اُنہوں نے جواب دیا: اس نے بچہ جنا ہے۔ آپ نے فرمایا: کیا بچہ زندہ ہے؟ اُنہوں ہاں! آپ نے

فرمایا: مجھ سے ہٹ کر اُدھر جاؤ۔ آپ نے مڑ کر دو رکعت نماز پڑھی' پھر ایک درخت کی طرف جا کر اس کی شاخ توڑی' اسے ہاتھ میں لے کر چل پڑے' بچے کے پاس آئے جو پنگھوڑے میں تھا' اس شاخ کے ساتھ اس کو مارا اور کہا: اے حرام زادے! تیرا باپ کون ہے بتا؟ اس نے جواب دیا: فلاں چرواہا! انہوں نے کہا: اگر آپ چاہیں تو آپ کا عبادت خانہ سونے یا چاندی کا بنا دیتے ہیں۔ آپ نے فرمایا: پہلے کی طرح بنا دو! ابوحرب کا گمان ہے کہ پنگھوڑے میں تین بچوں نے کلام کیا ہے: حضرت عیسیٰ بن مریم' حضرت یوسف کا گواہ اور جریج کے ساتھی نے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُفَضَّلِ بْنِ فَضَالَةَ وَهُوَ: اَخُو الْمُبَارَكِ اِلَّا اَبُو زُهَيْرٍ، وَلَا يُرْوَى عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ

اس حدیث کو مفضل بن فضالہ جو کہ مبارک کے بھائی ہیں' سے صرف ابوزہیر نے روایت کیا اور وہ اس کو عمران بن حصین سے صرف اسی سند کے ساتھ روایت کرتے ہیں۔

**7499** - وَبِهِ: حَدَّثَنَا الْمُفَضَّلُ بْنُ فَضَالَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: لَمَّا كَانَ يَوْمُ اُحُدٍ حَاصَ اَهْلُ الْمَدِينَةِ حَيْصَةً، قَالُوا: قُتِلَ مُحَمَّدٌ، حَتَّى كَثُرَتِ الصَّوَارِخُ فِي نَاحِيَةِ الْمَدِينَةِ، فَخَرَجَتِ امْرَاَةٌ مِنَ الْاَنْصَارِ مُتَحَزِّمَةً، فَاسْتُقْبِلَتْ بِابْنِهَا وَاَبِيهَا وَزَوْجِهَا وَاَخِيهَا، لَا اَدْرِي اَيُّهُمُ اسْتُقْبِلَتْ بِهِ اَوَّلَ، فَلَمَّا مَرَّتْ عَلَى آخِرِهِمْ قَالَتْ: مَنْ هٰذَا؟ قَالُوا:

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے: جب اُحد کا دن تھا تو مدینہ والوں میں ایک افواہ پھیل گئی کہ محمد ﷺ شہید کر دیئے گئے یہاں تک کہ مدینہ کے نواح میں چیخ و پکار کی آوازیں سنی گئیں۔ ایک انصاری عورت غم واندوہ کے عالم میں نکلی۔ اس کا بیٹا' باپ' خاوند اور اس کا بھائی آگے آئے لیکن وہ پہلے ان کو نہ پہچان سکی' جب دوسری بار ان کے پاس سے گزری تو پوچھا: یہ کون

**7499**- اسناده فيه: أ- عبد الرحمٰن بن سلمة الرازي: مستور . ب- المفضل بن فضالة: ضعيف ولم يعرف الحافظ الهيثمي محمد بن شعيب شيخ الطبراني . انظر: مجمع الزوائد جلد6صفحه118 .

اَبُوكِ، اَخُوكِ، زَوْجُكِ، ابْنُكِ، تَقُولُ: مَا فَعَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ يَقُولُونَ: اَمَامَكِ حَتّٰى دُفِعَتْ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَخَذَتْ بِنَاحِيَةِ ثَوْبِهِ، ثُمَّ قَالَتْ: بِاَبِي اَنْتَ وَاُمِّي يَا رَسُولَ اللّٰهِ، لَا اُبَالِي اِذْ سَلِمْتَ مَنْ عَطِبَ

ہے یہ کون ہے؟ بتایا گیا: تیرا باپ' تیرا بھائی' تیرا خاوند اور تیرا بیٹا ہیں۔ وہ کہتی جا رہی تھی: رسول کریم ﷺ کا کیا بنا؟ وہ کہہ رہے تھے: اور آگے ہیں اور آگے نہیں یہاں تک کہ اسے رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں پہنچا دیا گیا' اس نے آپ ﷺ کے کپڑے کا پلّو پکڑ کر عرض کی: میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں! اے اللہ کے رسول! اگر آپ سلامت ہیں تو کسی مرنے والے کی مجھے پرواہ نہیں۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ ثَابِتٍ اِلَّا الْمُفَضَّلُ بْنُ فَضَالَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَبُو زُهَيْرٍ

اس حدیث کو حضرت ثابت سے مفضل بن فضالہ نے روایت کیا۔ ابوزہیر اس کے ساتھ اکیلے ہیں۔

**7500** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ شُعَيْبٍ، ثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَلَمَةَ، نَا اَبُو زُهَيْرٍ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَغْرَاءَ، عَنِ الْمُفَضَّلِ بْنِ فَضَالَةَ، عَنْ بَكْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْمُزَنِيِّ، نَا اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّهُ كَانَ فِيمَنْ سَلَفَ مِنَ الْاُمَمِ رَجُلٌ يُقَالُ لَهُ: مُوَرِّقٌ، وَكَانَ مُتَعَبِّدًا، فَبَيْنَا هُوَ قَائِمٌ فِي صَلَاتِهِ ذَكَرَ النِّسَاءَ، فَاشْتَهَاهُنَّ، وَانْتَشَرَ حَتّٰى قَطَعَ صَلَاتَهُ، فَغَضِبَ، فَاَخَذَ قَوْسَهُ، فَقَطَعَ وَتَرَهُ، فَعَقَدَهُ بِخُصْيَيْهِ، وَشَدَّهُ اِلَى عَقِبَيْهِ، ثُمَّ مَدَّ رِجْلَيْهِ، فَانْتَزَعَهُمَا، ثُمَّ اَخَذَ طِمْرَيْهِ، وَنَعْلَيْهِ حَتّٰى اَتَى اَرْضًا لَا اَنِيسَ بِهَا وَلَا وَحْشَ، فَاتَّخَذَ عَرِيشًا، ثُمَّ قَامَ يُصَلِّي، فَجَعَلَ كُلَّمَا اَصْبَحَ انْصَدَعَتْ لَهُ الْاَرْضُ، فَخَرَجَ لَهُ خَارِجٌ مِنْهَا مَعَهُ اِنَاءٌ فِيهِ طَعَامٌ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ ایک دن بتانے لگے: گزشتہ اُمتوں میں ایک عبادت گزار تھا' جس کا نام ''مورّق'' تھا' ایک دن نماز کے دوران اس نے عورتوں کو یاد کیا' اسے شہوت نے آ لیا' اسے انتشار ہو گیا یہاں تک کہ اس نے نماز توڑ دی' اسے بہت غصہ آیا' اس نے کمان کو پکڑ کر اس کے وتر کو توڑا' اسے اپنے خصیوں سے باندھ کر' پیچھے باندھ دیا۔ پھر اپنی دونوں ٹانگیں پھیلا دیا اور انہیں کھینچ کر باہر نکال دیا (یعنی خود کو خصی کر لیا) پھر اس نے اپنا بستر بوریا اور جوتے اُٹھائے اور چل پڑا یہاں تک کہ ایسی زمین میں آ پہنچا جہاں کوئی انیس' کوئی وحشی جانور نہ تھا' اس نے ایک چھپر بنا لیا پھر نماز پڑھنا شروع کر دی' جب بھی صبح ہوتی تھی' اس کے لیے زمین پھٹ جاتی' اس میں سے ایک نکلنے

**7500**- اسناده فيه: المفضل بن فضالة: ضعيف . ولم يعرف الحافظ الهيثمي شيخ الطبراني . انظر: مجمع الزوائد جلد10صفحه308 . قلت: شيخ الطبراني معروف . وانظر: أخبار أصبهان جلد2صفحه252 .

فَيَأْكُلُ حَتَّى يَشْبَعَ، ثُمَّ يَدْخُلُ فَيَخْرُجُ بِإِنَاءٍ فِيهِ شَرَابٌ فَيَشْرَبُ حَتَّى يَرْوَى ثُمَّ يَدْخُلُ وتَلْتَئِمُ الْأَرْضُ، فَإِذَا أَمْسَى فَعَلَ مِثْلَ ذَلِكَ قَالَ: وَمَرَّ أُنَاسٌ قَرِيبًا مِنْهُ، فَأَتَاهُ رَجُلَانِ مِنَ الْقَوْمِ فَمَرَّا عَلَيْهِ تَحْتَ اللَّيْلِ، فَسَأَلَاهُ عَنْ قَصْدِهِمَا فَسَمَتَ لَهُمَا بِيَدِهِ قَالَ: هَذَا قَصْدُكُمَا، وَقَالَ: هَذَا قَصْدُكُمَا حَيْثُ تُرِيدَانِ، فَسَارَا غَيْرَ بَعِيدٍ، قَالَ أَحَدُهُمَا: مَا يُسْكِنُ هَذَا الرَّجُلَ هَاهُنَا، أَرْضٌ لَا أَنِيسَ بِهَا وَلَا وَحْشَ، لَوْ رَجَعْنَا إِلَيْهِ حَتَّى نَعْلَمَ عِلْمَهُ قَالَ: فَرَجَعَا، فَقَالَا لَهُ: يَا عَبْدَ اللّٰهِ، مَا يُقِيمُكَ بِهَذَا الْمَكَانِ بِأَرْضٍ لَا أَنِيسَ بِهَا وَلَا وَحْشَ قَالَ: امْضِيَا لِشَأْنِكُمَا وَدَعَانِي، فَأَبَيَا وَأَلَحَّا عَلَيْهِ قَالَ: فَإِنِّي مُخْبِرُكُمَا عَلَى أَنَّ مَنْ كَتَمَهُ عَلَيَّ مِنْكُمَا أَكْرَمَهُ اللّٰهُ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ، وَمَنْ أَظْهَرَ عَلَيَّ مِنْكُمَا أَهَانَهُ اللّٰهُ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ، قَالَا: نَعَمْ . قَالَ: فَنَزَلَا، فَلَمَّا أَصْبَحَا خَرَجَ الْخَارِجُ مِنَ الْأَرْضِ بِالَّذِي كَانَ يُخْرِجُ مِنَ الطَّعَامِ وَمِثْلَيْهِ مَعَهُ، فَأَكَلُوا حَتَّى شَبِعُوا، ثُمَّ دَخَلَ فَخَرَجَ إِلَيْهِمْ بِشَرَابٍ فِي إِنَاءٍ مِثْلِ الَّذِي كَانَ يَخْرُجُ بِهِ كُلَّ يَوْمٍ وَمِثْلَيْهِ مَعَهُ، فَشَرِبُوا حَتَّى رَوُوا، ثُمَّ دَخَلَ وَالْتَأَمَتِ الْأَرْضُ قَالَ: فَنَظَرَ أَحَدُهُمَا إِلَى صَاحِبِهِ، فَقَالَ: مَا يُعَجِّلُنَا هَذَا طَعَامٌ وَشَرَابٌ، وَقَدْ عَلِمْنَا سَمْتَنَا مِنَ الْأَرْضِ، امْكُثْ إِلَى الْعَشَاءِ، فَمَكَثَا فَخَرَجَ إِلَيْهِمْ مِنَ الْعَشَاءِ مِنَ الطَّعَامِ وَالشَّرَابِ مِثْلُ الَّذِي خَرَجَ أَوَّلَ النَّهَارِ، فَقَالَ أَحَدُهُمَا لِصَاحِبِهِ:

والا نکلتا' جس کے پاس ایک برتن ہوتا جس میں کھانا موجود ہوتا تھا۔ وہ کھاتا یہاں تک کہ سیر ہو جاتا' پھر وہ نکلنے والا زمین میں داخل ہو جاتا اور پانی لے کر آتا جسے وہ پی لیتا یہاں تک کہ سیراب ہو جاتا۔ پھر وہ داخل ہو جاتا اور زمین ہموار ہو جاتی۔ پھر جب شام ہوتی تو اسی طرح ہوتا' آپ ﷺ نے فرمایا: ایک بار ایسا ہوا کہ کچھ لوگ اس کے قریب سے گزرے' ان میں سے دو آدمی اس کے پاس آئے' رات کی تاریکی میں وہ اس کے پاس سے گزرے تھے' انہوں نے اپنے مقصود کے بارے اس سے پوچھا۔ اس نے اپنا ہاتھ بلند کر کے کہا: تمہارا مقصد یہ ہے' پھر بولا: یہ تم دونوں کا مقصد ہے جو تم چاہتے ہو۔ پس وہ دونوں کافی دور چلے گئے تو ایک نے دوسرے سے کہا: اس آدمی کو کس چیز نے یہاں ٹھہرنے پر مجبور کیا ہے جہاں نہ کوئی دوست ہے نہ دشمن۔ اگر ہم دونوں ایک بار پھر اس کے پاس جائیں یہاں تک کہ ہمیں اس کا پتہ چلے۔ آپ نے فرمایا: وہ واپس آئے۔ اس نے کہا: اے اللہ کے بندے! اس جگہ کس چیز نے آپ کو مقیم کیا ہے' ایسی زمین جہاں نہ کوئی دوست ہے نہ مسافر۔ اس نے کہا: تم اپنے کام کو جاؤ اور مجھے اپنے حال پر چھوڑ دو۔ انہوں نے اس کی بات ماننے سے انکار کر دیا اور اپنی منوانے پر اصرار کیا۔ اس نے کہا: ایک شرط یہ بتاتا ہوں کہ تم دونوں میں سے جو اس کو چھپائے گا' اللہ تعالیٰ اسے دنیا و آخرت میں عزت عطا فرمائے گا اور جو ظاہر کرے گا' اللہ سے دنیا و آخرت میں ذلیل کرے گا۔ ان دونوں نے کہا: جی ہاں!

امْكُثْ بِنَا حَتّٰى نُصْبِحَ، فَمَكَثَا فَلَمَّا اَصْبَحُوا خَرَجَ اِلَيْهِمَا مِثْلُ ذٰلِكَ، ثُمَّ رَكِبَا فَانْطَلَقَا، فَاَمَّا اَحَدُهُمَا فَلَزِمَ بَابَ الْمَلِكِ حَتّٰى كَانَ مِنْ خَاصَّتِهِ وَسَمَرِهِ، وَاَمَّا الْآخَرُ فَاَقْبَلَ عَلٰى تِجَارَتِهِ وَعَمَلِهِ ۔ وَكَانَ ذٰلِكَ الْمَلِكُ لَا يَكْذِبُ اَحَدٌ فِي زَمَانِهِ مِنْ اَهْلِ مَمْلَكَتِهِ كَذِبَةً يُعْرَفُ بِهَا اِلَّا صَلَبَهُ، فَبَيْنَا هُمْ لَيْلَةً فِي السَّمَرِ يُحَدِّثُونَهُ مِمَّا رَاَوْا مِنَ الْعَجَائِبِ، اَنْشَاَ ذٰلِكَ الرَّجُلُ يُحَدِّثُ قَالَ: لَاُحَدِّثَنَّكَ اَيُّهَا الْمَلِكُ بِحَدِيثٍ مَا سَمِعْتَ اَعْجَبَ مِنْهُ قَطُّ، فَحَدَّثَ حَدِيثَ ذٰلِكَ الرَّجُلِ الَّذِي رَاَى مِنْ اَمْرِهِ ۔ قَالَ الْمَلِكُ: مَا سَمِعْتُ بِكَذِبٍ قَطُّ اَعْظَمَ مِنْ هٰذَا، وَاللّٰهِ لَتَاْتِيَنِّي عَلٰى مَا قُلْتَ بِبَيِّنَةٍ اَوْ لَاَصْلُبَنَّكَ قَالَ: بَيِّنَتِي فُلَانٌ قَالَ: رِضًى، ائْتُونِي بِهِ، فَلَمَّا اَتَاهُ قَالَ لَهُ الْمَلِكُ: اِنَّ هٰذَا قَالَ: اِنَّكُمَا مَرَرْتُمَا بِرَجُلٍ، ثُمَّ كَانَ مِنْ اَمْرِهِ كَذَا وَكَذَا؟ قَالَ الرَّجُلُ: اَيُّهَا الْمَلِكُ اَوَلَسْتَ تَعْلَمُ اَنَّ هٰذَا كَذِبٌ، وَهٰذَا مَا لَا يَكُونُ، وَلَوْ اَنِّي حَدَّثْتُكَ بِهٰذَا كَانَ عَلَيْكَ فِي الْحَقِّ اَنْ تَصْلُبَنِي عَلَيْهِ؟ قَالَ: صَدَقْتَ وَبَرَرْتَ ۔ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَاَدْخَلَ الرَّجُلَ الَّذِي كَتَمَ عَلَيْهِ فِي خَاصَّتِهِ وَسَمَرِهِ، وَاَمَرَ بِالْآخَرِ فَصُلِبَ ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَاَمَّا الَّذِي كَتَمَ عَلَيْهِ مِنْهُمَا فَقَدْ اَكْرَمَهُ اللّٰهُ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ، وَاَمَّا الَّذِي اَظْهَرَ عَلَيْهِ مِنْهُمَا فَقَدْ اَهَانَهُ اللّٰهُ فِي الدُّنْيَا، وَهُوَ مُهِينُهُ فِي الْآخِرَةِ ثُمَّ نَظَرَ بَكْرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ اِلَى ثُمَامَةَ بْنِ عَبْدِ

وہ دونوں اس کے پاس ٹھہر گئے۔ جب دونوں نے صبح کی زمین سے نکلنے والا نکلا جو کھانا لاتا تھا اور اس کے ساتھ اس کی مثل دو اور نکلے۔ سب نے کھایا یہاں تک کہ سیر ہو گئے' پھر داخل ہو کر نکلے پانی لے کر ایک برتن میں اسی کی مثل' جو ہر روز نکلتا تھا۔ اس ایک کی مثل دو اور اس کے ساتھ تھے۔ انہوں نے سیراب ہو کر پیا' پھر وہ داخل ہوئے زمین برابر ہو گئی۔ آپ نے فرمایا: ان میں سے ایک دوسرے کی طرف دیکھ کر کہا: ہمیں کاہے کی جلدی ہے' کھانا پینا موجود ہے' ہمیں زمینی جہتیں معلوم ہیں۔ شام تک ٹھہرتے ہیں۔ وہ دونوں ٹھہر گئے۔ شام کو بھی ان کے لیے کھانا پینا آیا جیسے صبح آیا تھا۔ اب دوسرے نے کہا: چل صبح تک ٹھہرتے ہیں۔ وہ ٹھہر گئے' جب انہوں نے صبح کی تو پھر اس طرح۔ پھر وہ سوار ہوئے اور چل دیئے۔ سو ان میں سے ایک بادشاہ کے دروازے کا ملازم بنا' آہستہ آہستہ اس کے خواص لوگوں میں شامل ہو گیا۔ دوسرا اپنی تجارت اور کام کی طرف متوجہ ہوا۔ اس بادشاہ نے اپنی مملکت میں یہ قانون رائج کر رکھا تھا کہ اس کی رعایا میں جو بھی جھوٹ بولے گا اسے سولی چڑھا دیا جائے گا۔ ایک دن وہ بادشاہ اپنے خواص میں بیٹھا ہوا تھا۔ سب ایسے قصے بیان کر رہے تھے جو ان کو عجیب و غریب لگے' اچانک اس آدمی نے بیان کرنا شروع کیا۔ کہا: اے بادشاہ سلامت! میں آپ کو ایک ایسی بات بتاتا ہوں جس سے زیادہ حیرانی والی بات آپ کبھی نہ سنی ہو گی' اس نے اُسی آدمی کی بات بیان کی اور وہ سارا ماجرا جو اس نے

اللّٰهِ بْنِ اَنَسٍ، فَقَالَ: يَا اَبَا الْمُثَنّٰى، اَسَمِعْتَ جَدَّكَ يُحَدِّثُ هَذَا عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: نَعَمْ

دیکھا تھا۔ بادشاہ نے کہا: اس سے بڑا جھوٹ میں نے زندگی بھر نہیں سنا۔ اس نے کہا: قسم ہے! میں اپنی بات پر گواہ لاتا ہوں ورنہ آپ مجھے سولی چڑھا دیں۔ اس نے کہا: میرا گواہ فلان ہے۔ اس نے بڑے خوشی کے انداز میں کہا: اس کو میرے پاس لاؤ۔ جب وہ آیا تو بادشاہ نے اس سے کہا: یہ آدمی کہتا ہے کہ تم دونوں ایک آدمی کے پاس سے گزرے پھر اس کے معاملہ اس طرح اس طرح تھا؟ اس آدمی نے برملا کہا: اے بادشاہ! آپ نہیں جانتے کہ یہ جھوٹ ہے۔ یہ بات ممکن ہی نہیں اور اگر میں آپ کو ایسی بات کہوں تو آپ پر لازم ہے کہ آپ مجھے سولی دے دیں؟ بادشاہ نے کہا: تُو نے سچ بولا اور نیکی کی۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اس نے اس آدمی کو اپنے خاص بندوں میں چھپایا اور دوسرے کو پھانسی کا حکم دیا۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: پس وہ جس نے اس پر پردہ ڈالا' اللہ اسے دنیا و آخرت میں عزت دے گا۔ ان دو میں سے جس نے ظاہر کیا' اللہ اسے دنیا میں ذلیل بنا دے گا اور آخرت میں بھی وہی مہین ہے۔ پھر بکد بن عبداللہ نے ثمامہ بن عبداللہ بن انس کی طرف دیکھ کر کہا: اے ابوالمثنیٰ! کیا تُو نے اپنے دادا کو سن لیا جو وہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے حدیث بتا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا: ہاں!

**7501** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رُسْتَةَ الْاَصْبَهَانِيُّ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عِمْرَانَ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: آدمی کی اپنے

**7501**- أصله عن مسلم بلفظ: ان أبر البر صلة الولد أهل ود أبيه . أخرجه مسلم: البر جلد 4 صفحه 1979، وأبو داؤد: الأدب جلد 4 صفحه 339 رقم الحديث: 5143، والترمذي: البر جلد 4 صفحه 313 رقم الحديث: 1903 .

الْاَصْبَهَانِيُّ، ثَنَا اَبُو دَاوُدَ الطَّيَالِسِيُّ، حَدَّثَنِي هِشَامُ بْنُ زِيَادٍ، عَنْ اَخِيهِ الْوَلِيدِ بْنِ زِيَادٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مِنْ بِرِّ الرَّجُلِ اَبَاهُ بَعْدَ مَوْتِهِ حَفْظُهُ اَهْلَ وُدِّ اَبِيهِ مِنْ بَعْدِهِ

والد سے مرنے کے بعد نیکی یہ ہے کہ اپنے والد کی وفات کے بعد اس کے دوستوں سے محبت کرے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ زِيَادٍ اِلَّا اَخُوهُ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَبُو دَاوُدَ

یہ حدیث ولید بن زیاد سے ان کے بھائی روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ابوداؤد اکیلے ہیں۔

**7502** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رُسْتَهَ، نَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ الصَّيْرَفِيُّ، نَا اِسْحَاقُ بْنُ يُوسُفَ الْاَزْرَقُ، عَنْ اَبِي جَنَابٍ الْكَلْبِيِّ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ مُصَرِّفٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْسَجَةَ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ صَامَ يَوْمًا لَمْ يَخْرِقْهُ كُتِبَتْ لَهُ عَشْرُ حَسَنَاتٍ

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس نے ایک دن روزہ رکھا' اس کے لیے دس نیکیاں لکھی جائیں گی بشرطیکہ لغویات نہ کرے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ طَلْحَةَ بْنِ مُصَرِّفٍ اِلَّا اَبُو جَنَابٍ، وَلَا عَنْ اَبِي جَنَابٍ اِلَّا اِسْحَاقُ الْاَزْرَقُ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ

یہ حدیث طلحہ بن مصرف سے ابوجناب اور ابوجناب سے اسحاق الازرق روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عبدالرحمٰن بن عبدالوہاب اکیلے ہیں۔

**7503** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رُسْتَهَ، ثَنَا عَمْرُو بْنُ مَالِكٍ الرَّاسِبِيُّ، نَا فُضَيْلُ بْنُ سُلَيْمَانَ، نَا يَزِيدُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ اَبِي الْيَسَرِ، حَدَّثَنِي

حضرت ابن ابوالیسر فرماتے ہیں کہ حضرت معاذ رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھے ایسے عمل کے متعلق بتائیں جس کی وجہ سے جنت میں داخل ہو جاؤں!

**7502**- اسناده فيه: أبو جناب الكلبي هو يحيٰى بن أبي حية: ضعفوه لكثرة تدليسه' ولم يصرح بالسماع . وانظر: مجمع الزوائد جلد3صفحه174 .

**7503**- أخرجه البزار جلد4صفحه219 كشف الأستار وقال البزار: اسناده حسن' ومتنه غريب . وانظر: مجمع الزوائد جلد10صفحه303 .

اَبِی، عَنْ اَبِیهِ قَالَ: قَالَ مُعَاذٌ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مُرْنِی بِعَمَلٍ يُدْخِلُنِی الْجَنَّةَ قَالَ: آمِنْ بِاللّٰهِ، وَقُلْ خَيْرًا يُكْتَبْ لَكَ، وَلَا تَقُلْ شَرًّا فَيُكْتَبُ عَلَيْكَ قَالَ: وَإِنَّا لَنُؤَاخَذُ بِمَا نَتَكَلَّمُ بِهِ؟ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَهَلْ يَكُبُّ النَّاسَ عَلَى مَنَاخِرِهِمْ فِی النَّارِ اِلَّا حَصَائِدُ اَلْسِنَتِهِمْ؟

آپ نے فرمایا: اللہ پر ایمان لاؤ اور اچھی بات کرؤ تمہارے لیے جنت واجب ہو جائے گی اور بُری بات نہ کروتمہارے لیے جنت لکھی جائے گی۔ عرض کی: کیا ہم گفتگو کرنے کی وجہ سے پکڑے جائیں گے؟ آپ نے فرمایا: لوگ جہنم میں زبان کی وجہ سے پھینکیں جائیں گے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ اَبِی الْيَسَرِ بْنِ عَمْرٍو اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَمْرُو بْنُ مَالِكٍ

یہ حدیث ابوالیسر بن عمرو سے اسی سند سے روایت ہے۔اس کوروایت کرنے میں عمرو بن مالک اکیلے ہیں۔

**7504** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رُسْتَةَ، نَا عَمْرُو بْنُ مَالِكٍ الرَّاسِبِیُّ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ مَسْمُولٍ، ثَنَا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِی سَبْرَةَ، اَخْبَرَنِی الْقَاسِمُ بْنُ اَبِی اَشْمَطَ، حَدَّثَنِی اَبِی، عَنْ جَدِّی حِسْلٍ، اَحَدِ بَنِی عَامِرِ بْنِ لُؤَیٍّ قَالَ: مَرَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِی حَجَّتِهِ وَنَحْنُ مَعَهُ عَلَى رَجُلٍ وَقَدْ فَرَغَ مِنْ حَجِّهِ، فَقَالَ لَهُ: اَسْلَمَ لَكَ حَجُّكَ؟ قَالَ: نَعَمْ يَا رَسُولَ اللّٰهِ قَالَ: ائْتَنِفِ الْعَمَلَ

حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی مسجد میں داخل ہوتو دو رکعت (نفل) پڑھنے سے پہلے نہ بیٹھے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِی الْاَسْوَدِ اِلَّا جَعْفَرُ بْنُ رَبِيعَةَ، وَلَا عَنْ جَعْفَرٍ اِلَّا بَكْرُ بْنُ مُضَرَ، تَفَرَّدَ بِهِ اَبُو الْاَسْوَدِ

یہ حدیث ابواسود سے جعفر بن ربیعہ اور جعفر سے بکر بن مضر روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ابوالاسود اکیلے ہیں۔

**8959** - حَدَّثَنَا مِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ التِّنِّيسِيُّ، ثَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ عَيَّاشِ بْنِ عَبَّاسٍ الْقِتْبَانِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي الْعَتَمَةَ، ثُمَّ يُصَلِّي فِي الْمَسْجِدِ قَبْلَ اَنْ يَرْجِعَ اِلَى بَيْتِهِ سَبْعَ رَكَعَاتٍ، يُسَلِّمُ فِي الْاَرْبَعِ فِي كُلِّ اثْنَتَيْنِ وَيُوتِرُ بِثَلَاثٍ، يَتَشَهَّدُ فِي الْاُولَيَيْنِ مِنَ الْوِتْرِ تَشَهُّدَهُ فِي التَّسْلِيمِ، وَيُوتِرُ بِالْمُعَوِّذَاتِ، فَاِذَا رَجَعَ اِلَى بَيْتِهِ رَكَعَ رَكْعَتَيْنِ وَيَرْقُدُ، فَاِذَا انْتَبَهَ مِنْ نَوْمِهِ، قَالَ: الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي انَامَنِي فِي عَافِيَةٍ، وَاَيْقَظَنِي فِي عَافِيَةٍ ، ثُمَّ يَرْفَعُ رَاْسَهُ اِلَى السَّمَاءِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نمازِ عشاء پڑھتے تھے پھر گھر میں نماز پڑھتے' واپس جا کر سات رکعتیں' چار رکعتیں پڑھتے' دو پڑھ کر سلام پھیرتے اور تین رکعت وتر پڑھتے' وتروں کی دو رکعتوں میں التحیات پڑھتے اور تیسری میں سلام پھیرتے اور وتروں میں معوذتین پڑھتے' جب گھر واپس آتے تو دو رکعت پڑھتے اور سو جاتے' جب آپ نیند سے اُٹھتے تو یہ دعا کرتے: تمام خوبیاں اللہ کے لیے جس نے نیند سے عافیت دی اور اپنی عافیت میں جگایا۔ پھر آسمان کی طرف سر اُٹھاتے تو غور کرتے' پھر پڑھتے: اے ہمارے رب! تُو نے باطل نہیں پیدا کیا' تیرے لیے پاکی ہے' ہم کو جہنم

---

**8958**- أخرجه البخاری فی الصلاة جلد **1** صفحه **640** رقم الحديث: **444**' ومسلم فی المسافرين جلد **1** صفحه **495** .

**8959**- اسناده فيه ابن لهيعة صدوق لكنه اختلط . انظر مجمع الزوائد جلد **2** صفحه **277** .

فَيَتَفَكَّرُ، ثُمَّ يَقُولُ: (رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هَذَا بَاطِلًا سُبْحَانَكَ فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ) (آل عمران: 191) فَيَقْرَأُ حَتَّى يَبْلُغَ (إِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيعَادَ) (آل عمران: 194)، ثُمَّ يَتَوَضَّأُ، ثُمَّ يَقُومُ فَيُصَلِّي رَكْعَتَيْنِ يُطِيلُ فِيهِمَا الْقِرَاءَةَ وَالرُّكُوعَ وَالسُّجُودَ، وَيُكْثِرُ فِيهِمَا الدُّعَاءَ، حَتَّى إِنِّي لَأَرْقُدُ وَأَسْتَيْقِظُ، ثُمَّ يَنْصَرِفُ فَيَضْطَجِعُ فَيُغْفِي، ثُمَّ يَتَضَوَّرُ، ثُمَّ يَتَكَلَّمُ بِمِثْلِ مَا تَكَلَّمَ فِي الْأَوَّلِ، ثُمَّ يَقُومُ فَيَرْكَعُ رَكْعَتَيْنِ هُمَا أَطْوَلُ مِنَ الْأُولَيَيْنِ، وَهُوَ فِيهِمَا أَشَدُّ تَضَرُّعًا وَاسْتِغْفَارًا، حَتَّى أَقُولَ: هَلْ هُوَ مُنْصَرِفٌ؟ وَيَكُونُ ذَلِكَ إِلَى آخِرِ اللَّيْلِ، ثُمَّ يَنْصَرِفُ فَيُغْفِي قَلِيلًا فَأَقُولُ: هَذَا غَفَا أَمْ لَا؟ حَتَّى يَأْتِيَهُ الْمُؤَذِّنُ فَيَقُولُ مِثْلَ مَا قَالَ فِي الْأُولَى، ثُمَّ يَجْلِسُ فَيَدْعُو بِالسِّوَاكِ فَيَسْتَنُّ وَيَتَوَضَّأُ، ثُمَّ يَرْكَعُ رَكْعَتَيْنِ خَفِيفَتَيْنِ، ثُمَّ يَخْرُجُ إِلَى الصَّلَاةِ، فَكَانَتْ هَذِهِ صَلَاتُهُ ثَلَاثَ عَشَرَ رَكْعَةً

کے عذاب سے بچا' آپ ''انك لا تخلف الميعاد'' تک پڑھتے' پھر آپ وضو کرتے' پھر کھڑے ہوتے اور دو رکعت نفل پڑھتے' ان دونوں میں قرأت اور رکوع و سجود لمبا کرتے' ان میں کثرت سے دعا کرتے یہاں تک کہ میں سوتی اور جاگتی' پھر آپ سلام پھیرتے اور لیٹ جاتے۔ آپ کے لیٹنے کی آواز آتی' پھر آپ پہلے کی طرح گفتگو کرتے' پھر آپ کھڑے ہوتے اور دو رکعتیں پڑھتے' دونوں کو پہلی سے لمبا کرتے' ان دونوں میں گڑگڑاتے اور بخشش مانگتے (اپنی اُمت کے لیے) یہاں تک کہ میں کہتی: کیا آپ چھوڑیں گے! یہ آخر رات تک معاملہ رہتا' پھر آپ اُٹھتے اور تھوڑی دیر کے لیے لیٹتے' آپ کے پاس مؤذن آتا اور پہلے کی طرح عرض کرتا' آپ بیٹھتے پھر آپ مسواک کرتے اور وضو کرتے' پھر دو مختصر رکعتیں سنتیں پڑھتے' پھر نماز کے لیے نکلتے' آپ اپنی نماز کی تیرہ رکعتیں ادا کرتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَيَّاشِ بْنِ عَبَّاسٍ إِلَّا ابْنُ لَهِيعَةَ

یہ حدیث عیاش بن عباس سے ابن لہیعہ روایت کرتے ہیں۔

**8960** - حَدَّثَنَا مِقْدَامٌ، نَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ يُوسُفَ، نَا الْهَيْثَمُ بْنُ حُمَيْدٍ، ثَنَا النُّعْمَانُ بْنُ الْمُنْذِرِ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ أَبِي رَبَاحٍ، قَالَ: سَأَلْتُ عَائِشَةَ: هَلْ رُخِّصَ لِلنِّسَاءِ أَنْ يُصَلِّينَ عَلَى الدَّوَابِّ؟ فَقَالَتْ: لَمْ يُرَخَّصْ لَهُنَّ فِي ذَلِكَ فِي

حضرت عطاء بن رباح فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے پوچھا: کیا عورتوں کے لیے اجازت ہے کہ سواریوں پر نماز پڑھیں؟ آپ نے فرمایا: تنگی اور خوشحالی میں رخصت نہیں ہے۔

**8960**- أخرجه أبو داؤد في الصلاة جلد2صفحه9 رقم الحديث: 1228 .

شِدَّةٍ وَلَا فِي رَخَاءٍ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ الْمُنْذِرِ إِلَّا الْهَيْثَمُ بْنُ حُمَيْدٍ، وَيَحْيَى بْنُ حَمْزَةَ

یہ حدیث نعمان بن منذر سے ہیثم بن حمید اور یحییٰ بن حمزہ روایت کرتے ہیں۔

**8961** - حَدَّثَنَا مِقْدَامٌ، ثَنَا أَسَدٌ، ثَنَا عَدِيُّ بْنُ الْفَضْلِ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ثَلَاثٌ مَنْ حَفِظَهُنَّ فَهُوَ وَلِيِّي حَقًّا، وَمَنْ ضَيَّعَهُنَّ فَهُوَ عَدُوِّي حَقًّا: الصَّلَاةُ وَالصِّيَامُ وَالْجَنَابَةُ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تین چیزیں جس میں ہوں' وہ میرا پکا دوست ہے' جو ان کا خیال نہ کرے وہ میرا دشمن ہے' نماز' روزہ' غسل جنابت۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ حُمَيْدٍ إِلَّا عَدِيُّ بْنُ الْفَضْلِ، تَفَرَّدَ بِهِ أَسَدُ بْنُ مُوسَى

یہ حدیث حمید سے عدی بن فضل روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں اسد بن موسیٰ اکیلے ہیں۔

**8962** - حَدَّثَنَا مِقْدَامٌ، ثَنَا عَلِيُّ بْنُ مَعْبَدٍ الرَّقِّيُّ، ثَنَا وَهْبُ بْنُ رَاشِدٍ، ثَنَا مَالِكُ بْنُ دِينَارٍ، عَنْ خِلَاسِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ اللَّهَ يَقُولُ: أَنَا اللَّهُ لَا إِلَهَ إِلَّا أَنَا، مَالِكُ الْمُلُوكِ وَمَلِكُ الْمُلُوكِ، قُلُوبُ الْمُلُوكِ فِي يَدِي، وَإِنَّ الْعِبَادَ إِذَا أَطَاعُونِي حَوَّلْتُ قُلُوبَ مُلُوكِهِمْ عَلَيْهِمْ بِالرَّأْفَةِ وَالرَّحْمَةِ، وَإِنَّ الْعِبَادَ إِذَا عَصَوْنِي حَوَّلْتُ قُلُوبَهُمْ عَلَيْهِمْ بِالسَّخْطَةِ وَالنِّقْمَةِ فَسَامُوهُمْ سُوءَ الْعَذَابِ، فَلَا تَشْغَلُوا أَنْفُسَكُمْ بِالدُّعَاءِ عَلَى الْمُلُوكِ، وَلَكِنِ

حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل فرماتا ہے کہ میں اللہ ہوں میرے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے' میں مالک الملوک' بادشاہوں کا بادشاہ ہوں' بادشاہوں کے دل میرے قبضہ میں اور بندے جب میری اطاعت میں ہیں' میں ان کے بادشاہوں کے دلوں میں نرمی اور رحمت بھر دوں گا' بندے جب میری نافرمانی کریں تو ان کے دلوں میں ناراضگی اور انتقام رکھ دوں گا' ان پر بڑا عذاب کروں گا' تم اپنے رب سے بادشاہوں کے خلاف دعا نہ کرو' تم ذکر اور عاجزی میں مشغول ہو جاؤ' تم مجھ سے عاجزی مانگو۔

---

**8961**- اسناده فيه: عدى بن الفضل التيمى متروك' قاله أبو حاتم والدارقطنى' وقال النسائى: ليس بثقة (التقريب' والتهذيب) . وانظر مجمع الزوائد جلد1صفحه296 .

**8962**- اسناده فيه: وهب بن راشد متروك' قال ابن عدى: ليس حديثه بالمستقيم أحاديث كلها فيها نظر' وقال الدارقطنى: متروك' وقال ابن حبان لا يحل الاحتجاج به يحال (اللسان جلد 6صفحه230' والميزان جلد 4 صفحه351) . وانظر مجمع الزوائد جلد5صفحه252 .

اشْتَغِلُوا بِالذِّكْرِ وَالتَّضَرُّعِ اِلَيَّ اَكْفِكُمْ مُلُوكَكُمْ

میں تمہارے حکمرانوں کوتمہاری طرف سے کافی ہوں۔

**8963** - حَدَّثَنَا مِقْدَامٌ، ثَنَا عَلِيُّ بْنُ مَعْبَدٍ الرَّقِّيُّ، ثَنَا وَهْبُ بْنُ رَاشِدٍ، عَنْ مَالِكِ بْنِ دِينَارٍ، عَنْ خِلَاسِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْعَائِدُ فِي هِبَتِهِ كَالْكَلْبِ يَاْكُلُ حَتَّى يَشْبَعَ، قَاءَ ثُمَّ يَعُودُ فِي قَيْئِهِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' حضورﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: تحفہ دے کر واپس لینے والا اس کتے کی طرح ہے جو کھاتا ہے اور سیر ہو کر قے کرتا ہے' پھر دوبارہ صاف کرتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنْ مَالِكِ بْنِ دِينَارٍ اِلَّا وَهْبُ بْنُ رَاشِدٍ

یہ دونوں حدیثیں مالک بن دینار سے وہب بن راشد روایت کرتے ہیں۔

**8964** - حَدَّثَنَا مِقْدَامٌ، ثَنَا اَبُو الْاَسْوَدِ النَّضْرُ بْنُ عَبْدِ الْجَبَّارِ، ثَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْقَاسِمِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ النَّاسَ اُرُوا لَيْلَةَ الْقَدْرِ فِي السَّبْعِ الْاَوَاخِرِ مِنْ رَمَضَانَ، فَسُئِلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقِيلَ: اِنَّ النَّاسَ رَاَوْهَا فِي السَّبْعِ الْاَوَاخِرِ فَالْتَمِسُوهَا فِي السَّبْعِ الْاَوَاخِرِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ لوگوں کو لیلۃ القدر رمضان کے آخری عشرے میں دکھائی گئی' حضورﷺ سے پوچھا گیا' آپ سے عرض کی گئی تو فرمایا: لوگوں کو آخری عشرے میں دکھائی گئی' اس کو آخری سات دنوں میں تلاش کرو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْقَاسِمِ اِلَّا اَبُو الْاَسْوَدِ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ اِلَّا ابْنُ لَهِيعَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ اَبُو الْاَسْوَدِ

یہ حدیث عبدالرحمٰن بن قاسم سے ابواسود اور ابواسود سے ابن لہیعہ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ابواسود اکیلے ہیں۔

**8965** - حَدَّثَنَا مِقْدَامٌ، ثَنَا اَبُو الْاَسْوَدِ، ثَنَا

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما' حضورﷺ سے

---

8963- أخرجه ابن ماجة في الهبات جلد2صفحه797 رقم الحديث: 2384 .

8964- أخرجه البخاري: فضل ليلة القدر جلد3صفحه301 رقم الحديث: 2015' وأيضًا في كتاب التعبير جلد 12 صفحه396 رقم الحديث: 6991' ومسلم: الصيام جلد2صفحه822 .

8965- أخرجه البخاري في الشركة جلد5صفحه156 رقم الحديث: 2491' ومسلم في الايمان جلد 3 صفحه1287 .

ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ اَعْتَقَ شِقْصًا فِي مَمْلُوكٍ قُوِّمَ عَلَيْهِ بِمَنْ اَعْتَقَ فِي مَالِهِ، وَاِنْ لَمْ يَكُنْ عِنْدَهُ قُوِّمَ قِيمَةَ عَدْلِهِ، ثُمَّ اسْتَسْعَى غَيْرَ مَشْقُوقٍ

روایت کرتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: جس نے اپنے حصے کا غلام آزاد کیا' اس کے پاس پیسے ہوں تو باقی کو آزاد کروا دے' اس کے پاس پیسے نہ ہوں تو اسکے برابر قیمت لگوالے' پھر بغیر کسی ڈر کے' اُس غلام سے محنت مزدوری کروالے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ اِلَّا ابْنُ لَهِيعَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ اَبُو الْاَسْوَدِ

یہ حدیث ابوسود سے ابن لہیعہ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ابواسودا کیلے ہیں۔

**8966** - حَدَّثَنَا مِقْدَامٌ، ثَنَا اَبُو الْاَسْوَدِ، ثَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ، وَالْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُئِلَ عَنِ الرَّجُلِ يَرَى فِي مَنَامِهِ شَيْئًا وَلَا يَرَى بَلَلًا، وَيَرَى بَلَلًا ثُمَّ لَا يَرَى شَيْئًا؟ قَالَ: اِذَا وَجَدَ اَحَدُكُمْ بَلَلًا وَلَمْ يَرَ شَيْئًا فَلْيَغْتَسِلْ، وَاِذَا رَاَى شَيْئًا وَلَمْ يَرَ بَلَلًا فَلَا يَغْتَسِلْ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضورﷺ سے پوچھا گیا: آدمی خواب میں کوئی شی دیکھتا ہے' تری نہیں پاتا ہے اور تری دیکھتا ہے لیکن کوئی شی نہیں دیکھتا' آپ نے فرمایا: جب کوئی تری پائے اور کوئی شی نہ دیکھے تو غسل کرے' جب کوئی شی دیکھے اور تری نہ پائے تو غسل نہ کرے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ اِلَّا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، وَاَبُو الْاَسْوَدِ، تَفَرَّدَ بِهِ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ اَخُوهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، وَتَفَرَّدَ بِهِ عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ: ابْنُ لَهِيعَةَ

یہ حدیث قاسم بن محمد' عبداللہ بن عمر اور ابواسود روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عبیداللہ بن عمر' ان سے عبداللہ بن عمر روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ابواسود بن لہیعہ اکیلے ہیں۔

**8967** - حَدَّثَنَا مِقْدَامٌ، ثَنَا اَبُو الْاَسْوَدِ، ثَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ،

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضرت بریرہ ایک غلام کے نکاح میں تھیں' آپﷺ

---

**8966**- أخرجه أبو داؤد فی الطهارة جلد 1 صفحه 59 رقم الحديث: 236' والترمذی فی الطهارة جلد 1 صفحه 189 رقم الحديث: 113' وابن ماجة فی الطهارة جلد 1 صفحه 200 رقم الحديث: 612' وأحمد فی المسند جلد 6 صفحه 286 رقم الحديث: 26249 .

**8967**- أصله عند البخاری ومسلم: أخرجه البخاری فی الطلاق جلد 9 صفحه 315 رقم الحديث: 5279' ومسلم فی العتق جلد 2 صفحه 1144 .

عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّ بَرِيرَةَ كَانَتْ تَحْتَ مَمْلُوكٍ فَلَمَّا عُتِقَتْ قَالَ لَهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَنْتِ اَمْلَكُ بِنَفْسِكِ اِنْ شِئْتِ اَقَمْتِ مَعَ زَوْجِكِ، وَاِنْ شِئْتِ فَارَقْتِيهِ مَا لَمْ يُمْسِكْ

نے انہیں فرمایا: تُو اپنی جان کی زیادہ مالک ہے' اگر تُو چاہے تو اپنے شوہر کے ساتھ رہ' اگر تُو چاہے تو اس سے جدا رہ جب تک تجھے نہ روکے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِى الْاَسْوَدِ اِلَّا ابْنُ لَهِيعَةَ

یہ حدیث ابواسود سے ابن لہیعہ روایت کرتے ہیں۔

**8968** - حَدَّثَنَا مِقْدَامٌ، ثَنَا عَلِيُّ بْنُ مَعْبَدٍ، ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَبِى اُنَيْسَةَ، عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ، عَنِ الْاَسْوَدِ، عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُصَلِّى، وَاِنَّهَا لَاَمَامَهُ، بَيْنَ نَبِيِّ اللّٰهِ وَبَيْنَ الْقِبْلَةِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضورﷺ نماز پڑھتے تھے' میں آپ کے اور قبلہ کے درمیان ہوتی تھی۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَبِى اُنَيْسَةَ اِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، وَاَبُو عَبْدِ الرَّحِيمِ خَالِدُ بْنُ زَيْدٍ

یہ حدیث زید بن ابوانیسہ سے عبداللہ بن عمر اور ابوعبدالرحیم' خالد بن یزید روایت کرتے ہیں۔

**8969** - حَدَّثَنَا مِقْدَامٌ، ثَنَا اَبُو الْاَسْوَدِ، ثَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِى الْاَسْوَدِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَابَقَ بَيْنَ الْخَيْلِ الْمُضَمَّرَةِ، فَكَانَتْ تُرْسَلُ مِنَ الْحَفْيَاءِ، وَكَانَ اَمَدُهَا ثَنِيَّةَ الْوَدَاعِ، وَسَابَقَ الْخَيْلَ الَّتِى لَمْ تُضْمَرْ، وَكَانَتْ تُرْسَلُ، وَكَانَ اَمَدُهَا مَسْجِدَ بَنِى زُرَيْقٍ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضورﷺ سدھائے ہوئے گھوڑوں کے درمیان مقابلہ کروایا کرتے' حفیاء کے مقام سے انہیں چھوڑا جاتا تھا اور ثنیۃ الوداع اُن کی انتہا ہوتی تھی اور جن گھوڑوں کو نہیں سکھایا گیا تھا' اُن کا مقابلہ کرواتے' انہیں بھی چھوڑا جاتا تھا لیکن ان کا میدان بنی زریق کی مسجد ہوتا تھا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِى الْاَسْوَدِ اِلَّا ابْنُ

یہ حدیث ابواسود' ابن لہیعہ سے روایت کرتے

---

**8968**- أخرجه البخاری فی الصلاة جلد**1**صفحه**700** رقم الحدیث: **514**' ومسلم فی الصلاة جلد**1**صفحه**366** .

**8969**- أخرجه البخاری فی الجهاد جلد**6**صفحه**83** رقم الحدیث: **2869**' ومسلم فی الامارة جلد**3**صفحه**1491** .

لَهِيعَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ اَبُو الْاَسْوَدِ

ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ابواسود اکیلے ہیں۔

**8970** - حَدَّثَنَا مِقْدَامٌ، ثَنَا اَبُو الْاَسْوَدِ، نَا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنِ اشْتَرَى طَعَامًا فَلَا يَبِعْهُ حَتَّى يَسْتَوْفِيَهُ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضورﷺ نے فرمایا: جو طعام خریدے تو وہ اس کو فروخت نہ کرے یہاں تک کہ پہلے آدمی سے اس پورا کر کے لے لے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ اِلَّا اَبُو الْاَسْوَدِ، تَفَرَّدَ بِهِ ابْنُ لَهِيعَةَ

یہ حدیث ابواسود روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ابن لہیعہ اکیلے ہیں۔

**8971** - حَدَّثَنَا مِقْدَامٌ، ثَنَا اَبُو الْاَسْوَدِ، ثَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّهُ رَاَى رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي عَلَى الْبَعِيرِ حَيْثُ تَوَجَّهَ بِهِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضورﷺ (نفلی نماز) سواری پر پڑھتے تھے جس طرف بھی منہ ہوتا تھا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ اِلَّا اَبُو الْاَسْوَدِ، تَفَرَّدَ بِهِ ابْنُ لَهِيعَةَ

یہ حدیث عبداللہ بن عمر سے ابواسود روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ابن لہیعہ اکیلے ہیں۔

**8972** - حَدَّثَنَا مِقْدَامٌ، ثَنَا اَبُو الْاَسْوَدِ، ثَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ الْمُنْذِرِ، عَنْ اَسْمَاءَ بِنْتِ اَبِي بَكْرٍ، قَالَتْ: كُنَّا نُؤَدِّي زَكَاةَ الْفِطْرِ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُدَّيْنِ مِنَ الْقَمْحِ، بِالْمُدِّ الَّذِي يَقْتَاتُونَهُ

حضرت اسماء بنت ابوبکر رضی اللہ عنہما فرماتی ہیں کہ ہم حضورﷺ کے زمانہ میں صدقۂ فطر ادا کرتی تھیں' گندم سے دو مُد' وہ مد جس سے اکثر لوگ اندازہ کرتے تھے۔

---

**8970**- أخرجه البخاری فی البيوع جلد4صفحه398 رقم الحديث: 2124' ومسلم فی البيوع جلد 3 صفحه1160 .

**8971**- أخرجه البخاری فی الوتر جلد2صفحه567 رقم الحديث: 1000' ومسلم فی المسافرين جلد 1 صفحه486 .

**8972**- اسناده فيه: ابن لهيعة وهو صدوق لكنه اختلط . تخريجه الطبرانی فی الكبير' وأحمد فی مسنده' وانظر مجمع الزوائد جلد3صفحه84 .

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِی الْاَسْوَدِ اِلَّا ابْنُ لَهِيعَةَ

یہ حدیث ابواسود سے ابن لہیعہ روایت کرتے ہیں۔

**8973** - حَدَّثَنَا مِقْدَامٌ، ثَنَا اَبُو الْاَسْوَدِ، نَا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِی الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ اَبِی هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى اَنْ يُنْبَذَ فِی الْمُزَفَّتِ، وَالدُّبَّاءِ، وَالنَّقِيرِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مزفت' دبا اور نقیر میں نبیذ بنانے سے منع فرمایا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُرْوَةَ اِلَّا اَبُو الْاَسْوَدِ، تَفَرَّدَ بِهِ ابْنُ لَهِيعَةَ

اس حدیث کو حضرت عروہ سے صرف ابوالاسود نے روایت کیا۔ اس حدیث کو روایت کرنے میں ابن لہیعہ اکیلے ہیں۔

**8974** - حَدَّثَنَا مِقْدَامٌ، ثَنَا اَبُو الْاَسْوَدِ، ثَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِی الْاَسْوَدِ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَعْطَى سَعْدَ بْنَ اَبِی وَقَّاصٍ جَذَعًا مِنَ الْمَعْزِ فَاَمَرَهُ اَنْ يُضَحِّيَ بِهِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت سعد بن ابووقاص کو بھیڑ کا چھ ماہ کا بچہ دیا اور حکم دیا اس کی قربانی کرنے کا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِی الْاَسْوَدِ اِلَّا ابْنُ لَهِيعَةَ

یہ حدیث ابواسود سے ابن لہیعہ روایت کرتے ہیں۔

**8975** - حَدَّثَنَا مِقْدَامٌ، ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ، نَا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِی الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ زَمَانَ الْفَتْحِ اَنْ يَاْتِيَ الْبَيْتَ وَهُوَ بِالْبَطْحَاءِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت عمر بن خطاب کو حکم دیا فتح مکہ کے دن کہ بیت اللہ بطحاء کے مقام سے داخل ہونے کا اور تمام تصویریں مٹانے کا' اندر داخل ہونا تصویر مٹا کر۔

---

**8973**- أخرجه البخاری فی الأشربة جلد **10** صفحه **44** رقم الحدیث: **5587** من طریق الزهری' ومسلم فی الأشربة جلد **3** صفحه **1577-1578** .

**8974**- اسناده فیه ابن لهیعة وهو صدوق لكنه اختلط . تخریجه الطبرانی فی الكبیر' وانظر مجمع الزوائد جلد **4** صفحه **23** .

**8975**- أخرجه أحمد فی المسند جلد **3** صفحه **411** رقم الحدیث: **14608**' والبیهقی فی الدلائل جلد **5** صفحه **73** .

، يَمْحُو كُلَّ صُورَةٍ فِيهِ، وَلَمْ يَدْخُلْهُ حَتَّى مُحِيَتْ كُلُّ صُورَةٍ فِيهِ

**8976** - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ، ثَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِی الزُّبَيْرِ، قَالَ: سَمِعْتُ جَابِرًا، يَقُولُ: كَتَبَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَبْلَ اَنْ يَمُوتَ اِلَى كِسْرَى، وَقَيْصَرَ، وَالنَّجَاشِيِّ وَكُلِّ جَبَّارٍ عَنِيدٍ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے وصال سے پہلے قیصر و کسریٰ اور نجاشی اور ہر سرکش بادشاہ کی طرف لکھا۔

**8977** - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ، ثَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ خَالِدِ بْنِ اَبِی عِمْرَانَ، عَنْ اَبِی عَيَّاشٍ قَالَ: سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ الْاِسْلَامَ بَدَاَ غَرِيبًا، وَسَيَعُودُ غَرِيبًا كَمَا بَدَاَ، فَطُوبَى لِلْغُرَبَاءِ قَالُوا: وَمَا هُمْ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: الَّذِينَ يُصْلِحُونَ عِنْدَ فَسَادِ النَّاسِ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: اسلام غریبوں سے شروع ہوا تھا' غریبوں میں واپس آ جائے گا' غریبوں کے لیے خوشخبری! صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! غریب کون لوگ ہیں؟ آپ نے فرمایا: جو لوگوں کے دین پر عمل نہ کرنے کے وقت عمل کرتے ہیں۔

**8978** - وَبِاِسْنَادِهِ عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كُلُّ نَفْسٍ تُحْشَرُ عَلَى هَوَاهَا، مَنْ هَوِىَ الْكُفْرَ فَهُوَ مَعَ الْكُفْرِ، وَلَا يَنْفَعُهُ عَمَلُهُ شَيْئًا

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: ہر جان کو اس کی خواہش پر اکٹھا کیا جائے گا' کفر کی خواہش والے کو کفر کی خواہش پر' اس کا عمل کسی شی کے برابر نفع نہیں دے گا۔

**8979** - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ، نَا بَكْرُ بْنُ مُضَرَ، ثَنَا اَبُو زُرْعَةَ عَمْرُو بْنُ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: جس نے رمضان کے روزے

---

**8976**- اسناده فيه: ابن لهيعة صدوق لكنه اختلط . تخريجه أحمد فى المسند من طريق ابن لهيعة' وانظر مجمع الزوائد جلد5صفحه308 .

**8977**- الكلام فى اسناده كسابقه .

**8978**- الكلام فى اسناده كسابقه . وانظر مجمع الزوائد جلد1صفحه116 .

**8979**- اسناده فيه: أبو زرعة عمرو بن جابر الحضرمى ضعيف (التقريب)' وانظر مجمع الزوائد جلد3صفحه186 .

جَابِرٍ الْحَضْرَمِيُّ، أَنَّهُ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ صَامَ رَمَضَانَ، وَسِتًّا مِنْ شَوَّالٍ، كَانَ لَهُ صِيَامُ سَنَةٍ- أَوْ كُتِبَ لَهُ صِيَامُ سَنَةٍ-

رکھے شوال کے چھ روزے رکھے اس کے لیے سارے سال روزہ رکھنے کا ثواب لکھا جائے گا۔

**8980** - وَبِهِ عَنْ جَابِرٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فِي الطَّاعُونِ: الْفَارُّ مِنْهُ كَالْفَارِّ يَوْمَ الزَّحْفِ، وَمَنْ صَبَرَ فِيهِ كَانَ لَهُ أَجْرُ شَهِيدٍ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: طاعون میں بھاگنے والا ایسے ہے جس طرح جنگ سے بھاگنے والا ہوتا ہے جس نے صبر کیا اسے شہید کے برابر ثواب ملے گا۔

**8981** - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ، ثَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ، نَا بَكْرُ بْنُ سَوَادَةَ، عَنْ دُوَيْدِ بْنِ نَافِعٍ، عَنْ أَبِي مُوسَى، أَنَّ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ حَدَّثَهُ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى بِهِمْ صَلَاةَ الْخَوْفِ يَوْمَ مُحَارِبٍ، بِكُلِّ طَائِفَةٍ رَكْعَةً وَسَجْدَتَيْنِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے جنگ کے دن نمازِ خوف پڑھائی ہر گروہ کو ایک ایک رکعت۔

**8982** - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ، ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ، نَا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ عُتْبَةَ بْنِ أَبِي حَكِيمٍ، عَنْ حُصَيْنِ بْنِ حَرْمَلَةَ، عَنْ أَبِي مُصَبِّحٍ، عَنْ جَابِرٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْخَيْلُ مَعْقُودٌ فِي نَوَاصِيهَا الْخَيْرُ، وَالْيُمْنُ إِلَى يَوْمِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: گھوڑے کی پیشانی میں قیامت کے دن تک بھلائی اور برکت رکھ دی گئی ہے اس کے مالک کی مدد ہو گی اس کو قلادہ پہناؤ اور اوتار کو قلادہ نہ پہناؤ۔

---

**8980**- اسناده والكلام في اسناده كسابقه . تخريجه أحمد في المسند' والبزار' من طريق عمرو بن جابر الحضرمي' وانظر مجمع الزوائد جلد2صفحه318 .

**8981**- أخرجه البخاري في المغازي جلد7صفحه481 رقم الحديث: 4126' ومسلم في المسافرين جلد1 صفحه576 .

**8982**- اسناده فيه: أ- ابن لهيعة صدوق اختلط . ب- عتبة بن أبي حكيم الهمداني صدوق يخطئ كثيرًا (التقريب) . تخريجه أحمد في المسند' وانظر مجمع الزوائد جلد5صفحه264 .

الْقِيَامَةِ، وَأَهْلُهَا مُعَانُونَ عَلَيْهَا، قَلِّدُوهَا وَلَا تُقَلِّدُوهَا الْأَوْتَارَ

**8983** - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ، ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ، حَدَّثَنِي عِيسَى بْنُ يُونُسَ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُسْلِمِ بْنِ هُرْمُزَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ سَابِطٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ أَنَّ رَجُلًا قَالَ: كَيْفَ أَصْبَحْتَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ فَقَالَ: بِخَيْرٍ مِنْ رَجُلٍ لَمْ يُصْبِحْ صَائِمًا، وَلَمْ يَعُدْ سَقِيمًا، وَلَمْ يُشَيِّعْ جَنَازَةً

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک آدمی نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! آپ نے صبح کیسے کی؟ اس آدمی سے زیادہ بہتر جو روزے کی حالت میں صبح نہیں کرتا ہے، بیمار کی عیادت نہیں کرتا اور نہ جنازہ کے ساتھ جاتا ہے۔

**8984** - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ، نَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ، عَنْ مُجَالِدٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَلِجُوا عَلَى الْمُغِيبَاتِ؛ فَإِنَّ الشَّيْطَانَ يَجْرِي مِنَ الْإِنْسَانِ مَجْرَى الدَّمِ ، قَالُوا: وَمِنْكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: وَمِنِّي، وَلَكِنَّ اللّٰهَ أَعَانَنِي عَلَيْهِ فَأَسْلَمَ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: پوشیدہ چیزوں کے پیچھے نہ پڑو، کیونکہ شیطان، انسان میں ایسے چلتا ہے جیسے خون چلتا ہے۔ صحابہ نے عرض کی: اور اے اللہ کے رسول! آپ سے؟ آپ نے فرمایا: مجھ سے اسی طرح ہوتا لیکن اللہ نے اس کے خلاف میری مدد کی ہے اور میرا شیطان مسلمان ہوگیا ہے۔

**8985** - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ، ثَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ جُنْدُبِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْعَدْوَانِيِّ، عَنْ سُفْيَانَ بْنِ عَوْفٍ الْقَارِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ

حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے پاس تھے تو سورج طلوع ہوا، حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل ایسے لوگوں کو قیامت کے دن لائے گا کہ ان کا نور سورج کی

---

**8983**- أخرجه ابن ماجة في الأدب جلد 2 صفحه 1122 رقم الحديث: 3710 . في الزوائد: في اسناده عبد الله بن مسلم، هو ابن مؤمن المكي، ضعفه أحمد وابن معين وغيرهما .

**8984**- أخرجه الترمذي في الرضاع جلد 3 صفحه 466 رقم الحديث: 1172 قال أبو عيسى: هذا حديث غريب من هذا الوجه . وأحمد في المسند جلد 3 صفحه 380 رقم الحديث: 14335 .

**8985**- اسناده فيه: ابن لهيعة وهو صدوق اختلط . تخريجه أحمد في المسند، من طريق ابن لهيعة، بنحوه، وانظر مجمع الزوائد جلد 10 صفحه 261 .

قَالَ: كُنَّا عَنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَطَلَعَتِ الشَّمْسُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَأْتِي اللّٰهَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ قَوْمٌ نُورُهُمْ كَالشَّمْسِ، قَالُوا: نَحْنُ هُمْ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: لَا، وَلَكُمْ خَيْرٌ كَثِيرٌ، وَلَكِنَّهُمْ فُقَرَاءُ الْمُهَاجِرِينَ، الَّذِينَ يُحْشَرُونَ مِنْ اَقْطَارِ الْاَرْضِ

طرح ہوگا۔ صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم وہ لوگ ہوں گے؟ آپ نے فرمایا: نہیں! تمہارے لیے بڑی بھلائی ہے وہ فقراء مہاجرین ہوں گے جو زمین کے کناروں سے اکٹھے کیے جائیں گے۔

**8986** - وَبِاِسْنَادِهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: طُوبَى لِلْغُرَبَاءِ، قُلْنَا: وَمَا الْغُرَبَاءُ؟ قَالَ: قَوْمٌ صَالِحُونَ قَلِيلٌ فِي نَاسِ سَوْءٍ كَثِيرٍ، مَنْ يَعْصِيهِمْ اَكْثَرُ مِمَّنْ يُطِيعُهُمْ

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: غریبوں کے لیے خوشخبری! ہم نے عرض کی: غریب کون لوگ ہیں؟ آپ نے فرمایا: نیک لوگ! خوشحال لوگوں میں وہ تعداد کے لحاظ سے کم ہیں ان کی نافرمانی کرنے کے لیے اطاعت کرنے والے سے بہت ہوں گے۔

**8987** - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ، ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ، ثَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِي رَبَاحٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَغْرِسُ مُسْلِمٌ غَرْسًا، وَلَا يَزْرَعُ زَرْعًا فَيَاْكُلُ مِنْهُ اِنْسَانٌ، وَلَا طَائِرٌ، وَلَا شَيْءٌ، اِلَّا كَانَ لَهُ اَجْرٌ

حضرت عبداللہ بن عمرو العاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو کوئی مسلمان درخت لگاتا ہے یا کھیتی اُگاتا ہے اس سے لوگ پرندے کوئی شی بھی کھاتی ہے تو اس کے لیے ثواب ہوگا۔

**8988** - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ، ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ

حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ

---

**8986**- الكلام فى اسناده كسابقه . تخريجه أحمد فى المسند، من طريق ابن لهيعة، وانظر مجمع الزوائد جلد **7** صفحه **281** .

**8987**- الكلام فى اسناده كسابقة . وانظر مجمع الزوائد جلد **3** صفحه **137** .

**8988**- اسناده فيه: سلمة بن أكسوم، قال: الحسنى: مجهول . (تعجيل المنفعة **159**) . تخريجه أحمد فى المسند، وانظر مجمع الزوائد جلد **4** صفحه **198** .

يُوسُفَ، ثَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ أُكْسُومٍ الصَّدَفِيِّ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ الْبَرْحِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللهِ بْنَ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ يُحَدِّثُ أَنَّ خَصْمَيْنِ اخْتَصَمَا إِلَى عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ فَقَضَى بَيْنَهُمَا، فَسَخِطَ الْمَقْضِيُّ عَلَيْهِ فَأَتَى رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا قَضَى الْقَاضِي فَاجْتَهَدَ فَأَصَابَ فَإِنَّ لَهُ عَشْرَةَ أُجُورٍ، وَإِذَا اجْتَهَدَ فَأَخْطَأَ كَانَ لَهُ أَجْرَانِ

فرماتے ہیں کہ دو آدمی اپنے جھگڑا لے کر حضرت عمرو بن عاص کے پاس آئے' آپ نے دونوں کے درمیان فیصلہ کیا' جس کے خلاف فیصلہ ہوا وہ ناراض ہوا' حضورﷺ کے پاس آیا' آپﷺ نے فرمایا: جو قاضی فیصلہ کرتا ہے اور خوب کوشش کرتا ہے' اگر فیصلہ درست کیا تو اس کے لیے دس گنا ثواب ہے' جب فیصلہ کرے تو غلط ہو جائے تو اس کے لیے دوگنا ثواب ہے۔

**8989** - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ، نَا عَبْدُ اللهِ بْنُ يُوسُفَ، نَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، ثَنَا الْأَوْزَاعِيُّ، حَدَّثَنِي رَبِيعَةُ بْنُ يَزِيدَ، حَدَّثَنِي عَبْدُ اللهِ بْنُ الدَّيْلَمِيِّ، سَمِعْتُ عَبْدَ اللهِ بْنَ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِنَّ سُلَيْمَانَ بْنَ دَاوُدَ سَأَلَ اللهَ ثَلَاثًا فَأَعْطَاهُ اثْنَتَيْنِ، وَأَنَا أَرْجُو أَنْ يَكُونَ قَدْ أَعْطَاهُ الثَّالِثَةَ، سَأَلَ اللهَ حُكْمًا يُصَادِفُ حُكْمَهُ فَأَعْطَاهُ إِيَّاهُ، وَسَأَلَ مُلْكًا لَا يَنْبَغِي لِأَحَدٍ مِنْ بَعْدِهِ فَأَعْطَاهُ إِيَّاهُ، وَسَأَلَهُ أَيُّمَا رَجُلٍ خَرَجَ مِنْ بَيْتِهِ لَا يُرِيدُ إِلَّا الصَّلَاةَ فِي هَذَا الْمَسْجِدِ - يَعْنِي مَسْجِدَ بَيْتِ الْمَقْدِسِ - أَنْ يَخْرُجَ مِنْ ذُنُوبِهِ مِثْلَ يَوْمٍ وَلَدَتْهُ أُمُّهُ

حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: حضرت سلیمان بن داؤد علیہما السلام نے اللہ عزوجل سے تین چیزیں مانگیں' دو عطا کی گئیں' میں اُمید کرتا ہوں کہ تیسری بھی دی جائے گی' آپ نے قوتِ فیصلہ کے لیے دعا کی تو آپ کو عطا کی گئی' آپ نے ایسی بادشاہی مانگی کہ ان کے بعد کسی کو نہ دی جائے تو آپ کو دی گئی' آپ نے دعا کی کہ کوئی بھی مسجد اقصیٰ میں نماز پڑھے تو نماز کے لیے نکلے تو سارے گناہ معاف ہو جائیں' اس طرح کہ آج ہی اس کی ماں نے اس کو جنا ہے۔

**8990** - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ، نَا عَبْدُ اللهِ بْنُ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

**8989**- أخرجه ابن ماجة فی الاقامة جلد **1** صفحه **451** رقم الحديث: **1408**' وأحمد فی المسند جلد **2** صفحه **238** رقم الحديث: **6652** .

**8990**- أخرجه البخاری فی الرقاق جلد **11** صفحه **248** رقم الحديث: **66427**' ومسلم فی الزكاة جلد **2**

يُوسُفَ، نَا مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَخْوَفُ مَا اَخَافُ عَلَيْكُمْ مَا يُخْرِجُ اللّٰهُ لَكُمْ مِنْ بَرَكَاتِ الْاَرْضِ فَقِيلَ: مَا بَرَكَاتُ الْاَرْضِ؟ قَالَ: زَهْرَةُ الدُّنْيَا ، فَقَالَ رَجُلٌ: هَلْ يَاْتِي الْخَيْرُ بِالشَّرِّ؟ فَصَمَتَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى ظَنَنَّا اَنَّهُ سَيُنَزَّلُ عَلَيْهِ، ثُمَّ جَعَلَ يَمْسَحُ الْعَرَقَ عَنْ جَبِينِهِ، ثُمَّ قَالَ: اَيْنَ السَّائِلُ: هَلْ يَاْتِي الْخَيْرُ بِالشَّرِّ؟ فَقَالَ الرَّجُلُ: اَنَا ذَا، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ الْخَيْرَ لَا يَاْتِي اِلَّا بِالْخَيْرِ - ثَلَاثَ مَرَّاتٍ - وَاِنَّ هٰذَا الْمَالَ خَضِرَةٌ حُلْوَةٌ، وَاِنَّ كُلَّ مَا يُنْبِتُ الرَّبِيعُ حَبَطًا يَقْتُلُ اَوْ يُلِمُّ اِلَّا آكِلَةَ الْخَضِرِ تَاْكُلُ حَتّٰى اِذَا اشْتَدَّتْ خَاصِرَتَاهَا اسْتَقْبَلَتِ الشَّمْسَ فَاجْتَرَّتْ وَثَلَطَتْ وَبَالَتْ ثُمَّ عَادَتْ فَاَكَلَتْ، اِنَّ هٰذَا الْمَالَ خَضِرَةٌ حُلْوَةٌ، فَمَنْ اَخَذَهُ بِحَقِّهِ وَوَضَعَهُ فِي حَقِّهِ فَنِعْمَ الْمَعُونَةُ هُوَ، وَمَنْ اَخَذَهُ بِغَيْرِ حَقِّهِ كَانَ كَالَّذِي يَاْكُلُ وَلَا يَشْبَعُ

حضور ﷺ نے فرمایا: مجھے تم پر زیادہ خوف یہ ہے کہ تمہارے لیے اللہ عزوجل زمین کی برکات نکالے گا' عرض کی گئی: زمین کی برکات سے مراد کیا ہے؟ فرمایا: دنیا کی خوشحالی۔ ایک آدمی نے عرض کی: کیا بھلائی بھی شر لاتی ہے؟ آپ ﷺ اس کا جواب دینے سے خاموش رہے یہاں تک کہ ہم نے گمان کیا کہ عنقریب آپ پر وحی نازل ہو گی' پھر آپ نے اپنی پیشانی سے پسینہ صاف کیا' پھر فرمایا: سائل کہاں ہے جو پوچھ رہا تھا کہ بھلائی کے ذریعے شر آتا ہے؟ اس آدمی نے عرض کی: میں ہوں؟ حضور ﷺ نے فرمایا: بھلائی کے ذریعے بھلائی ہی آتی ہے' تین مرتبہ فرمایا' فرمایا: یہ مال میٹھا سرسبز ہے۔ ہر وہ چیز جو موسم بہار میں بیکار پیدا ہوتی' ختم ہو جاتی ہے یا ختم ہونے کے قریب ہوتی ہے' مگر سبزیاں تم کھاتے ہو یہاں تک کہ جب وہ مضبوط ہو جاتی ہیں' سورج کی دھوپ لگتی ہے' کھنچتی ہیں' سست ہو کر پرانی ہو جاتی ہیں' پھر دوبارہ ہوتی ہیں' وہ کھا جاتی ہیں۔ بے شک یہ مال سرسبز اور بڑا میٹھا ہے جس کے حق کے ساتھ کمایا' حق میں خرچ کیا تو یہ کمائی کتنی اچھی ہے' جس نے ناحق مال کمایا' وہ اس آدمی کی طرح ہے جو کھا کر سیر نہیں ہوا۔

**8991** - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ

صفحہ **728** .

**8991**- اسنادہ حسن فیہ: المقدام بن داؤد' قال مسلمة بن قاسم' روایاتہ لا بأس بها ـ تخریجه: ابن حبان فی موارد الظمآن' وأبو نعیم فی الحلیة' وابن عدی فی الكامل' والحاكم فی المستدرك' والخطیب فی تاریخ بغداد' والبزار فی كشف الأستار' وانظر مجمع الزوائد جلد**8**صفحه**18** .

يُوسُفَ، ثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُبَارَكِ، عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْبَرَكَةُ مَعَ اَكَابِرِكُمْ

حضور ﷺ نے فرمایا: برکت تمہارے بزرگوں کے ساتھ ہے۔

**8992** - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ، ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُغِيرَةِ، نَا كَامِلٌ اَبُو الْعَلَاءِ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: تَزَوَّجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَيْمُونَةَ وَهُوَ مُحْرِمٌ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے حضرت میمونہ سے حالتِ احرام میں شادی کی۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ كَامِلٍ اِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُغِيرَةِ، وَخَالِدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْمَخْزُومِيُّ

یہ حدیث کامل سے عبداللہ بن محمد بن مغیرہ اور خالد بن عبدالرحمٰن المخزومی روایت کرتے ہیں۔

**8993** - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُغِيرَةِ، نَا يُونُسُ بْنُ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اللّٰهَ لَيُبَاهِي بِاَهْلِ عَرَفَاتٍ اَهْلَ السَّمَاءِ - الْمَلَائِكَةَ - يَقُولُ: انْظُرُوا اِلَى عِبَادِي هٰؤُلَاءِ جَاءُوا شُعْثًا غُبْرًا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل آسمان میں فرشتوں کے سامنے فخر کرتا ہے' جب لوگ عرفات میں ٹھہرتے ہیں' فرماتا ہے: دیکھو! میرے ان بندوں کی طرف کس طرح بکھرے ہوئے بالوں کی حالت میں میرے پاس آئے ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُجَاهِدٍ اِلَّا يُونُسُ بْنُ اَبِي اِسْحَاقَ

یہ حدیث مجاہد سے یونس بن ابواسحاق روایت کرتے ہیں۔

**8994** - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ، نَا سَعِيدُ بْنُ عُفَيْرٍ، نَا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ، عَنْ كَثِيرِ بْنِ زَيْدٍ،

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: آمین' آمین' آمین! آپ سے

---

**8992**- اسناده فيه: عبد الله بن محمد بن المغيرة ضعيف . وانظر مجمع الزوائد جلد4صفحه270 .

**8993**- أخرجه أحمد في المسند جلد2صفحه408 رقم الحديث: 8067 .

**8994**- أخرجه مسلم في البر جلد 4صفحه1978 مختصرًا . والترمذي في الدعوات جلد5صفحه550 رقم الحديث: 3545 تمامه . وأحمد في المسند جلد2صفحه461 رقم الحديث: 8578 .

عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ رَبَاحٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: آمِينَ آمِينَ آمِينَ فَقِيلَ لَهُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَا كُنْتَ تَصْنَعُ هٰذَا؟ فَقَالَ: قَالَ لِي جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ: رَغِمَ اَنْفُ عَبْدٍ - اَوْ بَعُدَ - دَخَلَ عَلَيْهِ رَمَضَانُ فَلَمْ يُغْفَرْ لَهُ، فَقُلْتُ: آمِينَ، ثُمَّ قَالَ: رَغِمَ اَنْفُ عَبْدٍ - اَوْ بَعُدَ - اَدْرَكَ وَالِدَيْهِ اَوْ اَحَدَهُمَا فَلَمْ يُدْخِلْهُ الْجَنَّةَ، فَقُلْتُ: آمِينَ، ثُمَّ قَالَ: رَغِمَ اَنْفُ عَبْدٍ - اَوْ بَعُدَ - ذُكِرْتَ عِنْدَهُ فَلَمْ يُصَلِّ عَلَيْكَ، فَقُلْتُ: آمِينَ

عرض کی گئی: یارسول اللہ! یہ آپ نے کیا کہا؟ آپ نے فرمایا: مجھے حضرت جبریل علیہ السلام نے عرض کی: اس آدمی کی ناک خاک آلود ہو! یا وہ اللہ کی رحمت سے دور ہو! جس نے رمضان کے مہینے کو پایا اور اپنی بخشش نہ کروا سکا! میں نے کہا: آمین! پھر عرض کی: اس آدمی کی ناک خاک آلود ہو! یا فرمایا: وہ اللہ کی رحمت سے دور ہو جس نے اپنے والدین کو بڑھاپے میں پایا دونوں کو یا ایک کو اور جنت حاصل نہ کر سکا! میں نے کہا: آمین! پھر عرض کی: اس کی ناک خاک آلود ہو! یا وہ اللہ کی رحمت سے دور ہو جس کے پاس آپ کا ذکر کیا جائے اور آپ کی بارگاہ میں درود نہ پڑھے! میں نے کہا: آمین!

**8995** - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ، ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي مُوسَى بْنُ عَلِيِّ بْنِ رَبَاحٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: اسْتَتْبَعَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْلَةً، فَقَالَ: اِنَّ نَفَرًا مِنَ الْجِنِّ خَمْسَةَ عَشَرَ بَنُو اِخْوَةٍ وَبَنُو عَمٍّ يَأْتُونِي اللَّيْلَةَ فَاَقْرَاُ عَلَيْهِمُ الْقُرْآنَ، فَانْطَلَقْتُ مَعَهُ اِلَى الْمَكَانِ الَّذِي اَرَادَ، فَجَعَلَ لِي خَطًّا ثُمَّ اَجْلَسَنِي فِيهِ، وَقَالَ: لَا تَخْرُجَنَّ مِنْ هٰذَا، فَبِتُّ فِيهِ حَتَّى اَتَانِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَعَ السَّحَرِ، وَفِي يَدِهِ عَظْمٌ حَائِلٌ، وَرَوْثَةٌ، وَحُمَمَةٌ، فَقَالَ: اِذَا اَتَيْتَ الْخَلَاءَ فَلَا تَسْتَنْجِيَنَّ بِشَيْءٍ مِنْ هٰذَا، قَالَ: فَلَمَّا اَصْبَحْتُ قُلْتُ: لَاَعْلَمَنَّ حَيْثُ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک رات حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مجھے ساتھ لے گئے' فرمایا: بنواخواہ و بنوعم سے پندرہ جن آج رات میرے پاس آئے کہ میں ان کو قرآن پڑھاؤں' میں ان کے ساتھ جا رہا ہوں' جس جگہ کا ارادہ کیا' آپ نے میرے لیے خط کھینچا' پھر اس میں بٹھایا اور فرمایا: اس جگہ سے نہ نکلنا۔ میں نے وہاں رات گزاری یہاں تک کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میرے پاس آئے سحری کے وقت' آپ کے ہاتھ میں ہڈی' لید اور کوئلہ تھا' آپ نے فرمایا: جب تُو بیت الخلاء آئے تو ان سے استنجاء نہ کرنا' جب میں نے صبح کی تو میں نے کہا: میں بھی جاتا ہوں جس جگہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم گئے تھے' میں گیا تو میں نے دیکھا ستر اونٹوں کی جگہ۔

---

**8995**- اسناده فيه: عبد الله بن صالح صدوق كثير الغلط . وانظر مجمع الزوائد جلد**1** صفحه**213** .

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَذَهَبْتُ فَرَاَيْتُ مَوْضِعَ سَبْعِينَ بَعِيرًا

لَمْ يَرْوِ عَلِيُّ بْنُ رَبَاحٍ عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ حَدِيثًا غَيْرَ هٰذَا

یہ حدیث علی بن رباح' ابن مسعود سے اس حدیث کے علاوہ روایت نہیں کرتے تھے۔

**8996** - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ، ثَنَا اَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثَنَا الْمَسْعُودِيُّ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ يَزِيدَ الْاَوْدِيِّ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قِيلَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَا اَكْثَرُ مَا يُولِجُ النَّاسَ النَّارَ؟ فَقَالَ: الْاَجْوَفَانِ الْفَرْجُ، وَالْفَمُ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ عرض کی گئی: یارسول اللہ! اکثر لوگ جہنم میں کیسے داخل ہوں گے؟ آپ نے فرمایا: منہ اور شرمگاہ کی وجہ سے۔

**8997** - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ، ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُغِيرَةِ، ثَنَا مِسْعَرُ بْنُ كِدَامٍ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ اَبِي ثَابِتٍ، عَنْ اَبِي الْعَبَّاسِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلَمْ اُنَبَّاْ اَنَّكَ تَقُومُ اللَّيْلَ وَتَصُومُ النَّهَارَ؟ قُلْتُ: اِنِّي اَفْعَلُ ذٰلِكَ، قَالَ: فَاِنَّكَ اِذَا فَعَلْتَ بَخَصَتِ الْعَيْنَ كُلَّ شَهْرٍ ثَلَاثَةُ اَيَّامٍ، فَذَاكَ صَوْمُ الدَّهْرِ، فَقُلْتُ: اِنِّي اَجِدُ قُوَّةً، فَقَالَ: صُمْ صَوْمَ دَاوُدَ، كَانَ يَصُومُ يَوْمًا وَيُفْطِرُ يَوْمًا

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: کیا میں تمہیں بتاؤں کہ تُو رات کو قیام کرتا ہے اور دن کو روزہ رکھتا ہے؟ میں نے عرض کی: میں نے کہا ہے' آپ نے فرمایا: جب تُو کرے تو ہر ماہ کے تین روزے رکھ۔ میں نے عرض کی: میں اس سے زیادہ کی طاقت رکھتا ہوں' آپ نے فرمایا: داؤد علیہ السلام کے روزے رکھ' آپ ایک دن روزہ رکھتے تھے اور ایک دن نہیں رکھتے تھے۔

**8998** - وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ ایک آدمی حضور ﷺ کے پاس آیا جہاد کے لیے

8996- أخرجه ابن ماجة في الزهد جلد2صفحه1418 رقم الحديث: 4246' وأحمد في المسند جلد2صفحه390 رقم الحديث: 7926 .

8997- أصله عند البخارى ومسلم: أخرجه البخارى في التهجد جلد3صفحه46 رقم الحديث: 1153' ومسلم في الصيام جلد2صفحه885 .

8998- أخرجه البخارى في الجهاد جلد6صفحه162 رقم الحديث: 3004' ومسلم في البر جلد4صفحه1975 .

يَسْتَأْذِنُهُ فِي الْجِهَادِ، فَقَالَ: اَحَيٌّ وَالِدَاكَ؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: فَفِيهِمَا فَجَاهِدْ

اجازت مانگنے کے لیے آپ نے فرمایا: کیا تیرے ماں باپ زندہ ہیں؟ اس نے عرض کی: جی ہاں! فرمایا: ان دونوں کی خدمت کر یہ تیرا جہاد ہے۔

**8999** - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُغِيرَةِ، ثَنَا مِسْعَرُ بْنُ كِدَامٍ، عَنْ مُحَارِبِ بْنِ دِثَارٍ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: خِيَارُكُمْ اَحْسَنُكُمْ قَضَاءً

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تم میں بہتر وہ ہے جو فیصلہ کرنے میں بہتر ہے۔

**9000** - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ، نَا خَالِدُ بْنُ نِزَارٍ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ الْعُمَرِيُّ، عَنْ وَهْبِ بْنِ كَيْسَانَ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: خَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ مَكَّةَ فِي حَجٍّ اَوْ عُمْرَةٍ اَوْ غَزْوٍ، فَلَمَّا كَانَ بِبَعْضِ الطَّرِيقِ قَالَ: مَنْ يَمْلَأُ لَنَا حِيَاضَ الْاِثَايَةِ؟ قَالَ جَابِرٌ: فَقُلْتُ: اَنَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَمَضَيْنَا حَتّٰى اَتَيْنَا الْاِثَايَةَ فَمَلَاْتُ الْحَوْضَ، فَلَمَّا كَانَ فِي بَعْضِ اللَّيْلِ جَاءَ رَجُلٌ فَنَزَلَ، فَاِذَا هُوَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَانْطَلَقَ فَقَضَى حَاجَتَهُ، ثُمَّ جَاءَ فَتَوَضَّاَ مِنَ الْحَوْضِ، ثُمَّ جَاءَ فَصَلَّى، عَلَيْهِ اِزَارٌ مُلْتَحِفًا بِهِ، فَتَوَضَّاْتُ، ثُمَّ جِئْتُ فَقُمْتُ عَنْ يَسَارِهِ، فَاَخَذَ بِيَدِي فَجَعَلَنِي عَنْ يَمِينِهِ، فَصَلَّى رَكْعَتَيْنِ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ مکہ کی طرف نکلے حج یا عمرہ کے لیے جب آپ راستے میں تھے تو آپ نے فرمایا: ہمارے لیے برتن پانی کے لیے کون بھرے گا؟ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں! ہم چلے یہاں تک کہ میں نے حوض سے پانی کا برتن بھرا' جب رات کا کچھ حصہ گزرا تو ایک آدمی آیا' وہ اُترا تو وہ حضور ﷺ کی ذات تھی' آپ چلے قضاء حاجت فرمائی' پھر آئے اور حوض سے وضو کیا' پھر آئے نماز پڑھی' آپ نے چادر اُٹھائی ہوئی تھی' میں نے وضو کیا' میں آیا تو آپ کی بائیں جانب کھڑا ہوا' آپ نے میرا ہاتھ پکڑا' مجھے اپنی دائیں جانب کیا تو دو رکعت نفل پڑھے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ وَهْبِ بْنِ كَيْسَانَ اِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ

یہ حدیث وہب بن کیسان سے عبداللہ بن عمر روایت کرتے ہیں۔

**9001** - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ، نَا نُعَيْمُ بْنُ حَمَّادٍ،

حضرت عروہ' حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے

---

8999- اسناده فيه: عبد الله بن محمد بن المغيرة ضعيف ـ وانظر مجمع الزوائد جلد4صفحه142 .

9001- أخرجه البخارى فى الطب جلد10صفحه153 رقم الحديث: 5689' وأحمد فى المسند جلد 6صفحه90

نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ يُونُسَ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّهَا كَانَتْ تَأْمُرُ بِالتَّلْبِينَةِ لِلْمَرِيضِ، وَالْمَحْزُونِ عَلَى الْهَالِكِ، وَتَقُولُ: إِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: التَّلْبِينَةُ تُجِمُّ فُؤَادَ الْمَرِيضِ، وَتَذْهَبُ بِبَعْضِ الْحُزْنِ

روایت کرتے ہیں کہ مریض کو تلبیہ کا حکم دیتیں اور پریشان اور کسی مصیبت کی وجہ سے بھی اور فرماتی تھیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: تلبیہ مریض کے دل کو مضبوط کرتی ہے اور بعض غم لے جاتی ہے۔

**9002** - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ، ثَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ أَخِيهِ عِيسَى بْنِ لَهِيعَةَ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: لَمَّا نَزَلَتْ آيَةُ الْفَرَائِضِ فِي سُورَةِ النِّسَاءِ نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْحَبْسِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ جب سورۂ نسا میں میراث والی آیت نازل ہوئی تو حضور ﷺ نے مال روکنے سے منع کیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عِكْرِمَةَ إِلَّا عِيسَى، وَلَا يُرْوَى عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ

یہ حدیث عکرمہ سے عیسیٰ روایت کرتے ہیں اور ابن عباس سے اسی سند سے روایت ہے۔

**9003** - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ، نَا عَمِّي سَعِيدُ بْنُ عِيسَى، نَا مُفَضَّلُ بْنُ فَضَالَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ، حَدَّثَنِي الْحَارِثُ بْنُ يَزِيدَ الْعُكْلِيُّ، وَسَعِيدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْهَمْدَانِيُّ، عَنْ عَامِرٍ الشَّعْبِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ النُّعْمَانَ بْنَ بَشِيرٍ الْأَنْصَارِيَّ، يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اجْعَلُوا بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ الْحَرَامِ سُتْرَةً، مَنْ فَعَلَ ذَلِكَ

حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: تم اپنے اور حرام کے درمیان سترہ رکھ لیا کرو، جس نے ایسے کیا اس نے اپنی عزت اور دین بچا لیا، جو حرام میں پڑ گیا وہ ایسے ہے جس طرح چرواہا جانور چرا رہا ہے، ہوسکتا ہے جانور اس کھیتی میں چلے جائیں، ہر بادشاہ کی چراگاہ ہے اللہ کی چراگاہ زمین میں اس کے حرام کردہ کام ہیں۔

---

رقم الحديث: 24566 .

9002- اسناده فيه: أ- ابن لهيعة صدوق اختلط . ب- عيسى بن لهيعة ضعيف، ضعفه الدارقطني والعقيلي . تخريجه الطبراني في الكبير، وانظر مجمع الزوائد جلد7 صفحه5 .

9003- أخرجه البخاري في البيوع جلد 4 صفحه 340 رقم الحديث: 2051، ومسلم في المساقاة جلد3 صفحه 1219 .

كَانَ اَبْرَاَ لِعِرْضِهِ وَدِينِهِ، وَمَنْ وَقَعَ فِيهِ كَالْمُرْتِعِ اِلَى جَانِبِ الْحِمَى يُوشِكُ اَنْ يَقَعَ فِيهِ، وَاِنَّ لِكُلِّ مَلِكٍ حِمًى، وَاِنَّ حِمَى اللّٰهِ فِي الْاَرْضِ مَحَارِمُهُ

**9004** - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ، نَا عَمِّي سَعِيدٌ، نَا مُفَضَّلُ بْنُ فَضَالَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ، عَنْ سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْاِيمَانُ بِضْعٌ وَسَبْعُونَ شُعْبَةً، اَعْلَاهَا شَهَادَةُ اَنْ لَا اِلَهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَاَدْنَاهَا: اِمَاطَةُ الْاَذَى عَنِ الطَّرِيقِ، وَالْحَيَاءُ شُعْبَةٌ مِنَ الْاِيمَانِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ایمان کے ستر سے زیادہ شعبے ہیں' ان میں بلند لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ پڑھنا ہے' کم از کم راستے سے تکلیف دِہ اشیاء کا اُٹھانا اور حیاء ایمان کا حصہ ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ عَنِ الْمَقْبُرِيِّ اِلَّا مُفَضَّلُ بْنُ فَضَالَةَ

یہ حدیث ابن عجلان' مقبری سے اور ابن عجلان سے مفضل بن فضالہ روایت کرتے ہیں۔

**9005** - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ، نَا عَمِّي سَعِيدُ بْنُ عِيسَى، نَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ اَشْرَسَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَمَّا اُدْخِلْتُ الْجَنَّةَ رَاَيْتُ فِيهَا قَصْرًا مِنْ ذَهَبٍ، فَقُلْتُ لِجِبْرِيلَ: لِمَنْ هَذَا الْقَصْرُ؟ قَالَ: لِرَجُلٍ مِنْ قُرَيْشٍ، فَرَجَوْتُ اَنْ اَكُونَ اَنَا هُوَ، فَقُلْتُ: وَمَنْ هُوَ؟ فَقَالَ: عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ ، فَذَكَرَ ذَلِكَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِعُمَرَ، وَقَالَ: فَلَوْلَا مَا عَلِمْتُ مِنْ غَيْرَتِكَ يَا اَبَا حَفْصٍ لَدَخَلْتُهُ ، فَبَكَى عُمَرُ، وَقَالَ: بِاَبِي وَاُمِّي

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب میں جنت میں داخل ہوا تو میں نے سونے کا ایک محل دیکھا' میں نے جبریل سے پوچھا: یہ محل کس کا ہے؟ عرض کی: یہ قریش کے ایک آدمی کا ہے' میں نے اُمید کی کہ وہ میں ہی ہوں؟ میں نے کہا: وہ کون ہے؟ حضرت جبریل علیہ السلام نے عرض کی: وہ عمر بن خطاب ہیں' حضور ﷺ نے حضرت عمر کے ہاں اس کا ذکر کیا اور آپ نے فرمایا: اے ابوحفص! اگر آپ کی غیرت کے متعلق نہ جانتا ہوتا تو میں داخل ہوتا' حضرت عمر رو پڑے اور عرض کرنے لگے: میرے ماں

9004- أخرجه البخاری فی الایمان جلد1صفحه67 رقم الحديث:9' ومسلم: الايمان جلد1صفحه63 .

9005- اسناده فيه: أ- عبد الرحمٰن بن أشرس ضعيف . ب- عبد اللّٰه بن عمر ضعيف . تخريجه أحمد فی المسند' مرفوعًا' بنحوه' وانظر مجمع الزوائد جلد9صفحه77 .

اَعَلَيْكَ اَغَارُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ: وَحَدَّثَنِي زَيْدُ بْنُ اَسْلَمَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ، غَيْرَ اَنَّهُ قَالَ: وَقَالَ: عُمَرُ غَيُورٌ، وَاَنَا اَغْيَرُ مِنْهُ، وَاللّٰهُ اَغْيَرُ مِنَّا

باپ آپ پر قربان! یا رسول اللہ! میں آپ پر غیرت کروں گا۔ حضرت عبداللہ بن عمر نے فرمایا: مجھے زید بن اسلم نے اپنے والد کے حوالے سے انہوں نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے کہ وہ آپ ﷺ سے اسی کی مثل روایت کرتے ہیں اس میں کچھ اضافہ ہے کہ آپ نے فرمایا: عمر غیرت والا ہے میں عمر سے زیادہ غیرت والا ہوں اور اللہ ہم سے بھی زیادہ غیرت والا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ اِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، وَلَا عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ اِلَّا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ اَشْرَسَ، تَفَرَّدَ بِهِ سَعِيدُ بْنُ عِيسَى

یہ حدیث زید بن اسلم سے عبداللہ بن عمر اور عبداللہ سے عبدالرحمٰن بن اشرس روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں سعید بن عیسیٰ اکیلے ہیں۔

**9006** - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ، ثَنَا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ السَّمْحِ التُّجِيبِيُّ، عَنْ عَبَّادِ بْنِ كَثِيرٍ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّ زَيْنَبَ بِنْتَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَجَارَتْ اَبَا الْعَاصِ بْنَ الرَّبِيعِ بْنِ عَبْدِ شَمْسٍ فَاَجَازَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جِوَارَهَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت زینب بنت رسول اللہ ﷺ نے ابوالعاص بن ربیع بن عبد شمس کے لیے پناہ مانگی تو حضور ﷺ نے پناہ دے دی۔

**9007** - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ، ثَنَا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، ثَنَا يَحْيَى بْنُ صَالِحِ الْاَيْلِيُّ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اُمَيَّةَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِي رَبَاحٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِعَتَّابِ بْنِ اُسَيْدٍ: اِنِّي قَدْ بَعَثْتُكَ عَلَى اَهْلِ اللّٰهِ اَهْلِ مَكَّةَ، فَانْهَهُمْ عَنْ بَيْعِ مَا لَمْ يَقْبِضُوا، وَعَنْ رِبْحِ مَا لَمْ يَضْمَنُوا، وَعَنْ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے حضرت عتاب بن اسید رضی اللہ عنہ سے فرمایا: میں تمہیں اہل مکہ کے پاس بھیج رہا ہوں ان کو اس کی بیع سے منع کرنا جو ان کے پاس نہیں ہے اور ایسے نفع سے جس کے ضمان نہ ہوں اور دو شرطیں ایک شرط میں لگانے سے بیع اور قرض سے نیز بیع اور اُدھار سے

---

**9006**- اسناده فيه: عباد بن كثير: متروك . وانظر مجمع الزوائد جلد5صفحه332 .

الضَّحَايَا بَعْدَ ثَلَاثٍ، وَاَنْ يَاْكُلَ الرَّجُلُ بِشِمَالِهِ، وَاَنْ يَمْشِيَ فِي نَعْلٍ وَاحِدَةٍ

سے منع کیا اور بائیں ہاتھ سے کھانے سے اور ایک جوتی پہن کر چلنے سے۔

**9064** - وَعَنْ جَابِرٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْبَقَرَةُ عَنْ سَبْعَةٍ، وَالْجَزُورُ عَنْ سَبْعَةٍ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: گائے اور اونٹ میں سات آدمی شریک ہو سکتے ہیں۔

**9065** - وَعَنْ جَابِرٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَغْلِقُوا الْبَابَ وَاَوْكُوا السِّقَاءَ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: رات کو دروازے بند کر لو اور مشکیزہ کا منہ بند کر لو۔

**9066** - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ، ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ، ثَنَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: اشْتَرَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ اَعْرَابِيٍّ مِنْ بَنِي عَامِرِ بْنِ صَعْصَعَةَ بَعِيرًا، فَلَمَّا اَوْجَبَ لَهُ الْبَيْعَ قَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اخْتَرْ قَالَ لَهُ اَعْرَابِيٌّ: اِنْ رَاَيْتُ كَالْيَوْمِ بَيْعًا خَيْرًا مِنْ بَيْعِكَ، عَمَّرَكَ اللّٰهُ، مِمَّنْ اَنْتَ؟ قَالَ: مِنْ قُرَيْشٍ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے بنی عامر بن صعصعہ کے ایک دیہاتی سے اونٹ خریدا' جب بیع ہوگئی تو حضور ﷺ نے فرمایا: اس کو پسند کرو' اس دیہاتی نے کہا: میں نے آپ کے علاوہ آج تک ایسی بیع کرتے کسی کو نہیں دیکھا' اللہ عزوجل آپ کی عمر زیادہ فرمائے' آپ نے فرمایا: قریش سے ہوں۔

**9067** - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ، ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ

---

**9064**- أخرجه مسلم فى الحج جلد 2 صفحه 955' وأبو داؤد فى الضحايا جلد 3 صفحه 98 رقم الحديث: 2707' والترمذى فى الحج جلد 3 صفحه 239 رقم الحديث: 904' والنسائى فى الضحايا جلد 7 صفحه 195 (باب ما تجزى عنه البقرة فى الضحايا)' وابن ماجة فى الأضاحى جلد 2 صفحه 1047 رقم الحديث: 3132' والدارمى فى الأضاحى جلد 2 صفحه 107 رقم الحديث: 1956' ومالك فى الموطأ جلد 2 صفحه 486 رقم الحديث: 9 .

**9065**- أخرجه البخارى فى الأشربة جلد 10 صفحه 91 رقم الحديث: 5624' ومسلم فى الأشربة جلد 3 صفحه 1594 .

**9067**- أخرجه أبو داؤد فى الأطعمة جلد 3 صفحه 345 رقم الحديث: 3762 .

يُوسُفَ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، عَنْ خَالِدِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: أَقْبَلَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْجَبَلِ وَقَدْ قَضَى حَاجَتَهُ، وَبَيْنَ أَيْدِيهِمْ تَمْرٌ عَلَى حَجَفَةٍ، فَدَعَوْهُ إِلَيْهِ، فَقَعَدَ يَأْكُلُ مَعَنَا، وَمَا مَسَّ مَاءً

پہاڑ سے آئے' آپ نے قضاء حاجت فرمائی' آپ نے سامنے برتن میں کھجوریں تھیں' آپ نے ہمارے ساتھ بیٹھ کر کھائیں اور آپ نے پانی کو ہاتھ نہیں لگایا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ خَالِدِ بْنِ يَزِيدَ إِلَّا اللَّيْثُ

یہ حدیث خالد بن یزید سے لیث روایت کرتے ہیں۔

**9068** - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ، ثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ يُوسُفَ، نَا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ خَالِدِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: لَمَّا نَزَلَتْ: (قُلْ هُوَ الْقَادِرُ عَلَى أَنْ يَبْعَثَ عَلَيْكُمْ عَذَابًا مِنْ فَوْقِكُمْ) (الانعام: 65) قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَعُوذُ بِاللَّهِ مِنْ ذَلِكَ (أَوْ مِنْ تَحْتِ أَرْجُلِكُمْ) (الانعام: 65) قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَعُوذُ بِاللَّهِ مِنْ ذَلِكَ (أَوْ يَلْبِسَكُمْ شِيَعًا) (الانعام: 65) قَالَ: هَذَا أَيْسَرُ، وَلَوِ اسْتَعَاذَهُ لَأَعَاذَهُ.

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب یہ آیت نازل ہوئی: ''آپ فرما دیں کہ اللہ قادر ہے کہ تم پر عذاب بھیجے اوپر سے۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں اللہ کی پناہ مانگتا ہوں' اس سے یا تمہارے پاؤں کے نیچے سے۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں اللہ کی پناہ مانگتا ہوں اس سے یا تمہیں کئی گروہ کر کے ایک دوسرے سے لڑا دے' فرمایا: یہ آسان ہے' اگر اس سے آپ نے پناہ مانگی ہوتی تو اللہ آپ کو پناہ دیتا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ خَالِدِ بْنِ يَزِيدَ إِلَّا ابْنُ لَهِيعَةَ

یہ حدیث خالد بن یزید سے ابن لہیعہ روایت کرتے ہیں۔

**9069** - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ، نَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ يُوسُفَ، نَا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، أَنَّ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم غزوۂ تبوک میں اُترے آپ کھڑے ہوئے لوگوں کو

**9068**- أخرجه البخاری فی التفسير جلد 8 صفحه 141 رقم الحديث: 4628' والترمذی فی التفسير جلد 5 صفحه 261 رقم الحديث: 3065' وأحمد فی المسند جلد 3 صفحه 379 رقم الحديث: 14326 .

**9069**- اسناده فيه: ابن لهيعة صدوق لكنه ختلط . تخريجه أحمد فی المسند' والبزار فی كشف الأستار' بنحوه' وانظر مجمع الزوائد جلد 6 صفحه 197 .

رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا نَزَلَ الْحِجْرَ فِي غَزْوَةِ تَبُوكَ قَامَ فَخَطَبَ النَّاسَ، وَقَالَ: يَا أَيُّهَا النَّاسُ، لَا تَسْأَلُوا نَبِيَّكُمْ عَنِ الْآيَاتِ هَؤُلَاءِ قَوْمُ صَالِحٍ، سَأَلُوا نَبِيَّهُمْ أَنْ يَبْعَثَ لَهُمْ نَاقَةً فَفَعَلَ، فَكَانَتْ تَرْوَى مِنْ هَذَا الْفَجِّ، فَتَشْرَبُ مَاءَهُمْ يَوْمَ وِرْدِهَا، وَيَحْلِبُونَ مِنْ لَبَنِهَا مِثْلَ الَّذِي كَانُوا يُصِيبُونَ مِنْ يَوْمِ غِبِّهَا، ثُمَّ تَصْدُرُ مِنْ هَذَا الْفَجِّ، فَعَتَوْا عَنْ أَمْرِ رَبِّهِمْ فَعَقَرُوهَا، فَأَجَّلَهُمُ اللّٰهُ ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ، وَكَانَ وَعْدُ اللّٰهِ غَيْرَ مَكْذُوبٍ، ثُمَّ جَاءَتْهُمُ الصَّيْحَةُ، فَأَهْلَكَ اللّٰهُ مَنْ كَانَ مِنْهُمْ بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ إِلَّا رَجُلًا كَانَ فِي حَرَمِ اللّٰهِ، فَمَنَعَهُ حَرَمُ اللّٰهِ مِنْ عَذَابِ اللّٰهِ . قِيلَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَنْ هُوَ؟ قَالَ: أَبُو رِغَالٍ

خطبہ دیا اور فرمایا: اے لوگو! تم اپنے نبی ﷺ سے ان معجزات کے متعلق نہ پوچھو جو قومِ صالح نے پوچھے تھے انہوں نے اپنے نبی سے پوچھا تو ان کے لیے اونٹنی بھیجی انہوں نے ایسے کیا' وہ ایک دن چھوڑ کر پانی پیتی تھی' ایک دن نہیں پیتی تھی' انہوں نے اپنے رب کی نافرمانی کی' اس کی کونچیں کاٹیں' اللہ عزوجل نے اس کو تین دن کے اندر موت دی' اللہ کا وعدہ جھوٹا نہیں ہو سکتا' پھر ایک کڑک آئی تو اللہ عزوجل نے ہلاک کیا جو زمین و آسمان کے درمیان تھے سوائے ایک آدمی کے جو اللہ کے حرم میں تھا' اللہ عزوجل نے اس پر عذاب حرام کیا۔ عرض کی گئی: یا رسول اللہ! وہ کون تھا؟ فرمایا: ابورغال۔

**9070** - وَعَنْ جَابِرٍ، أَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: أَنَا فَرَطٌ لَكُمْ بَيْنَ أَيْدِيكُمْ عَلَى الْحَوْضِ، قَدْرُهُ مَا بَيْنَ أَيْلَةَ إِلَى مَكَّةَ، وَسَيَأْتِي رِجَالٌ وَنِسَاءٌ، فَلَا يَطْعَمُوا مِنْهُ شَيْئًا

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: میں تمہارا حوضِ کوثر پر انتظار کروں گا' جس کی مقدار ایلہ اور مکہ کی مسافت جتنی ہے' عنقریب مرد اور عورتیں آئیں گی اس سے کسی شی کی کمی نہیں ہوگی۔

**9071** - وَعَنْ جَابِرٍ، أَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: غِلَظُ الْقُلُوبِ وَالْجَفَاءُ فِي أَهْلِ الْمَشْرِقِ، وَالْإِيمَانُ وَالسَّكِينَةُ فِي أَهْلِ الْحِجَازِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے حضور ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: سخت دلی اور بے وفائی مشرق والوں میں ہے' ایمان اور سکونت حجاز والوں میں ہے۔

---

**9070**- الكلام في اسناده كسابقه . تخريجه البزار في كشف الأستار' وأحمد في المسند' مرفوعًا' وموقوفًا' وانظر مجمع الزوائد جلد10صفحه367 .

**9071**- أخرجه مسلم في الايمان جلد1صفحه73' وأحمد في المسند جلد3صفحه407 رقم الحديث: 14570 .

9072 - وَعَنْ جَابِرٍ، اَنَّ جَارِيَةً كَانَتْ لِبَعْضِ الْاَنْصَارِ، فَجَاءَتْ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَتْ: اِنَّ سَيِّدِي يُكْرِهُنِي عَلَى الْبِغَاءِ، فَاَنْزَلَ اللّٰهُ (وَلَا تُكْرِهُوا فَتَيَاتِكُمْ عَلَى الْبِغَاءِ اِنْ اَرَدْنَ تَحَصُّنًا) (النور: 33)

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انصار میں سے کسی کی لونڈی تھی' وہ حضور ﷺ کے پاس آئی اور عرض کی: میرا آقا مجھے بغاوت پر مجبور کرتا ہے' آپ نے فرمایا: تم اپنی لونڈیوں کو بغاوت پر مجبور نہ کرو' اگر وہ پاک دامنی کا ارادہ رکھتی ہیں۔

9073 - وَعَنْ جَابِرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اِذَا اَعْجَبَتْ اَحَدَكُمُ الْمَرْاَةُ، فَوَقَعَتْ فِي نَفْسِهِ، فَلْيَذْهَبْ اِلَى امْرَاَتِهِ فَلْيُوَاقِعْهَا؛ فَاِنَّ ذٰلِكَ يَرُدُّ مَا فِي نَفْسِهِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جب تم میں سے کسی کو کوئی عورت پسند آئے اور اس کے دل میں اس کی خواہش آئے تو وہ اپنی بیوی کے پاس جائے' اس سے جماع کرے' وہ بات چلی جائے گی جو اپنے دل میں پاتا ہے۔

9074 - وَعَنْ جَابِرٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تَسْتَبْطِئُوا الرِّزْقَ؛ فَاِنَّهُ لَا تَمُوتُ نَفْسٌ حَتّٰى تَبْلُغَ آخِرَ رِزْقِهَا، فَاَجْمِلُوا فِي الطَّلَبِ الْحَلَالِ، وَاِيَّاكُمْ وَالْحَرَامَ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: رزق کے حاصل کرنے کے لیے پریشان نہ ہو کیونکہ کوئی جان اس دنیا سے نہیں جائے گی یہاں تک کہ اپنا رزق کھا نہ لے' حلال کے لیے کوشش کرو اور حرام سے بچو!

9075 - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ، نَا اَسَدُ بْنُ مُوسَى، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ، وَالنَّضْرُ بْنُ عَبْدِ الْجَبَّارِ اَبُو الْاَسْوَدِ، قَالُوا: ثَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: ہم قیامت کے دن ایک ٹیلے پر ہوں گے' لوگوں کے اوپر سابقہ اُمتوں کو ان کے بتوں کے ساتھ پکارا جائے گا جو جس کی عبادت

9072- أخرجه أبو داؤد فی الطلاق جلد2صفحه304 رقم الحديث: 2311 .

9073- أخرجه مسلم فی النكاح جلد2صفحه1021' وأحمد فی المسند جلد3صفحه418 رقم الحديث: 14684 .

9074- أخرجه أبو نعيم فی الحلية جلد3صفحه156 غريب . والحاكم فی المستدرك جلد2صفحه4 ووافقه الذهبی . وذكره الحافظ المنذری . انظر الترغيب جلد2صفحه534 رقم الحديث: 2 .

9075- أخرجه أحمد فی المسند جلد3صفحه423 رقم الحديث: 14733 .

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: نَحْنُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَلَى كَوْمٍ فَوْقَ النَّاسِ، فَتُدْعَى الْاُمَمُ بِاَوْثَانِهَا وَمَا كَانَتْ تَعْبُدُ الْاَوَّلَ فَالْاَوَّلَ، حَتَّى يَاْتِيَنَا رَبُّنَا بَعْدَ ذَلِكَ، فَيَقُولُ: مَا تَنْتَظِرُونَ؟ فَنَقُولُ: نَنْتَظِرُ رَبَّنَا، فَيَقُولُ تَبَارَكَ وَتَعَالَى: اَنَا رَبُّكُمْ، فَيَقُولُونَ: حَتَّى نَنْظُرَ اِلَيْكَ، فَيَتَجَلَّى لَهُمْ، ثُمَّ يَنْطَلِقُ وَيَتَّبِعُونَهُ، ثُمَّ يُعْطِي كُلَّ اِنْسَانٍ مُنَافِقٍ، وَمُؤْمِنٍ يَوْمَ يَغْشَاهُ ظُلَّةٌ، ثُمَّ يَتَّبِعُونَهُ مَعَهُمُ الْمُنَافِقُونَ عَلَى جِسْرِ جَهَنَّمَ، فِيهَا كَلَالِيبُ، وَحَسَكٌ، يَاْخُذُونَ مَنْ شَاءَ اللّٰهُ، ثُمَّ يُطْفَى نُورُ الْمُنَافِقِ، وَيَنْجُو الْمُؤْمِنُ، فَيَنْجُو اَوَّلُ زُمْرَةٍ وُجُوهُهُمْ كَالْقَمَرِ لَيْلَةَ الْبَدْرِ، سَبْعُونَ اَلْفًا لَا يُحَاسَبُونَ، ثُمَّ الَّذِينَ يَلُونَهُمْ كَاَضْوَاءِ نَجْمٍ فِي السَّمَاءِ، ثُمَّ كَذَلِكَ، ثُمَّ تَحِلُّ الشَّفَاعَةُ وَيَشْفَعُونَ، حَتَّى يَخْرُجَ مَنْ قَالَ: لَا اِلَهَ اِلَّا اللّٰهُ وَفِي قَلْبِهِ مِثْقَالُ شَعِيرَةٍ مِنَ الْاِيمَانِ، فَيُجْعَلُونَ بِفِنَاءِ الْجَنَّةِ، وَيُهَرِيقُ اَهْلُ الْجَنَّةِ عَلَيْهِمْ مِنَ الْمَاءِ حَتَّى يَنْبُتُوا نَبَاتَ الْغُثَاءِ فِي السَّيْلِ، ثُمَّ يَسْاَلُوا اللّٰهَ حَتَّى يُجْعَلَ لِاَحَدِهِمْ مِثْلَ مُلْكِ الدُّنْيَا وَعَشَرَةِ اَمْثَالِهَا

کرتا ہوگا یہاں تک کہ یہ اس کے بعد ہمارا رب ہمارے پاس آئے گا' اللہ عزوجل فرمائے گا: تم کس کے انتظار میں ہو؟ ہم عرض کریں گے: ہم اپنے ربّ کے انتظار میں تھے' تو اللہ فرمائے گا: میں تمہارا ربّ ہوں۔ وہ کہیں گے: بس ہم تیرا ہی انتظار کر رہے تھے۔ اللہ ان کے لیے تجلّی فرمائے گا' پھر وہ چلا جائے گا اور وہ اس کو تلاش کرتے ہوں گے' پھر مؤمن منافق ہر انسان عطا کرے گا۔ اس دن جس کو سایہ ڈھانپ لے گا' پھر وہ اس کو تلاش کریں گے' ان کے ساتھ منافق بھی ہوں گے' وہ جہنم کی پُل پر ہوں گے' اس میں اس کو پکڑیں گے جسے اللہ چاہے گا۔ پھر منافق کا نور بجھا دیا جائے گا اور مؤمن نجات پائے گا۔ سب سے پہلے جو گروہ نجات پائے گا ان کے چہرے چودھویں کے چاند کی مانند ہوں گے' وہ ستّر ہزار ہوں گے' ان کا حساب نہ ہوگا' پھر جو ان سے ملے ہوں گے' ان کی روشنی آسمانوں کے ستاروں کی مانند ہوگی' پھر اسی طرح' پھر شفاعت کیا جازت ملے گی اور وہ سب شفاعت کریں گے یہاں تک کہ ہر اس آدمی کو جہنم سے نکال لیا جائے گا جس نے کلمہ پڑھا: لا الٰہ الا اللہ اور اس کے دل میں رائی کے برابر ایمان ہوا۔ انہیں جنت کے صحن میں ڈال دیا جائے گا۔ ان پر جنت کا پانی ڈالا جائے گا' یہاں تک کہ وہ ایسے ظاہر ہوں گے جیسے سیلاب میں نباتات ظاہر ہوتی ہیں' پھر وہ اللہ سے سوال کریں گے یہاں تک کہ ان میں سے ہر ایک کے لیے دنیا کی بادشاہی کے برابر حصہ بنا دیا جائے گا اور اس سے دس گنا

زیادہ۔

**9076** - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ، نَا سَعِيدُ بْنُ اَبِي مَرْيَمَ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ، وَالنَّضْرُ بْنُ عَبْدِ الْجَبَّارِ، قَالُوا: نَا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اِنَّ هٰذِهِ الْاُمَّةَ تُبْتَلَى فِي قُبُورِهَا، فَاِذَا دَخَلَهُ الْمُؤْمِنُ، وَتَوَلَّى عَنْهُ اَصْحَابُهُ جَاءَهُ مَلَكٌ شَدِيدُ الْانْتِهَارِ، فَيَقُولُ: مَا كُنْتَ تَقُولُ فِي هٰذَا الرَّجُلِ؟ فَيَقُولُ الْمُؤْمِنُ: اَقُولُ: اِنَّهُ رَسُولُ اللّٰهِ وَعَبْدُهُ، فَيَقُولُ لَهُ الْمَلَكُ: انْظُرْ مَقْعَدَكَ الَّذِي تَرَى مِنَ الْجَنَّةِ، وَمَقْعَدَكَ الَّذِي اَنْجَاكَ اللّٰهُ مِنْهُ مِنَ النَّارِ، فَيَرَاهُمَا كِلَاهُمَا، فَيَقُولُ الْمُؤْمِنُ: دَعُونِي اُبَشِّرُ اَهْلِي، فَيُقَالَ لَهُ: اسْكُنْ، وَاَمَّا الْمُنَافِقُ فَيَتَوَلَّى عَنْهُ اَهْلُهُ، فَيُقَالُ لَهُ: مَا كُنْتَ تَقُولُ فِي هٰذَا الرَّجُلِ؟ فَيَقُولُ: لَا اَدْرِي، اَقُولُ مَا يَقُولُ النَّاسُ، فَيُقَالَ لَهُ: لَا دَرَيْتَ، انْظُرْ اِلَى مَقْعَدِكَ الَّذِي كَانَ لَكَ مِنَ الْجَنَّةِ، قَدْ اُبْدِلْتَ مَكَانَهُ مَقْعَدَكَ مِنَ النَّارِ . قَالَ جَابِرٌ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: يُبْعَثُ كُلُّ عَبْدٍ عَلَى مَا مَاتَ عَلَيْهِ، الْمُؤْمِنُ عَلَى اِيمَانِهِ، وَالْمُنَافِقُ عَلَى نِفَاقِهِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول کریم ﷺ سے سنا: قبروں میں اس اُمت کی آزمائش کی جائے گی' جب مؤمن اس میں داخل ہوگا' اس کے پاس سخت جھڑکنے والا ایک فرشتہ آئے گا' اس کے دوست جا چکے ہوں گے' وہ کہے گا: اس ہستی کے بارے میں تُو کیا کہا کرتا تھا؟ مؤمن کہے گا: میں کہتا ہوں کہ یہ اللہ کے رسول اور بندے ہیں۔ فرشتہ اس سے کہے گا: اب دیکھ اپنا جنت والا ٹھکانہ اور دیکھ دوزخ والا جس سے تجھے بچا لیا گیا ہے۔ وہ دونوں کو دیکھے گا' مؤمن کہے گا: مجھے چھوڑو! میں اپنے گھر والوں کو خوشخبری دے لوں۔ اس سے کہا جائے گا: ٹھہر جا! لیکن منافق سے جب اس کے اہل واپس ہوں گے تو اس سے کہا جائے گا: تُو اس ہستی کے بارے کیا کہا کرتا تھا؟ وہ کہے گا: میں نہیں جانتا' میں وہی کچھ کہتا تھا جو لوگ کہتے تھے۔ اس سے کہا جائے گا: تُو نے نہیں پہچانا تو دیکھ اپنے اس ٹھکانے کی طرف جو جنت میں سے تیرا ہونا تھا' اس کی بجائے تجھے جہنم سے ٹھکانہ دیا گیا تھا۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول کریم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: ہر بندے کو اسی پر اُٹھایا جائے گا جس پر وہ مرا' مؤمن کو اپنے ایمان پر اور منافق کو اپنے نفاق پر۔

**9077** - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ

---

9076- اسناده فيه: ابن لهيعة صدوق لكنه اختلط . تخريجه أحمد فى المسند' وانظر مجمع الزوائد جلد3صفحه51 .

9077- أخرجه مسلم فى الامارة جلد3صفحه1524 . ولم يذكر: )(وبين الرجل وبين الكفر ترك الصلاة) .

يُوسُفَ، نَا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، أَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا تَزَالُ طَائِفَةٌ مِنْ أُمَّتِي يُقَاتِلُونَ عَلَى الْحَقِّ، ظَاهِرِينَ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ، وَبَيْنَ الرَّجُلِ وَبَيْنَ الْكُفْرِ تَرْكُ الصَّلَاةِ

انہوں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: میری اُمت کا ایک گروہ حق پر لڑے گا' وہ قیامت کے دن تک غالب رہیں گے' آدمی اور کفر کے درمیان فرق نماز کا انکار کرنا ہے۔

**9078** - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ، ثَنَا أَسَدُ بْنُ مُوسَى، وَسَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، قَالَا: نَا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، أَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا تَزَالُ طَائِفَةٌ مِنْ أُمَّتِي يُقَاتِلُونَ عَلَى الْحَقِّ، ظَاهِرِينَ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ، ثُمَّ يَنْزِلُ عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ، فَيَقُولُ أَمِيرُهُمْ: تَقَدَّمْ فَصَلِّ لَنَا، فَيَقُولُ: لَا، إِنَّ بَعْضَكُمْ لِبَعْضٍ أَمِيرٌ، لِيُكْرِمَ اللّٰهُ هَذِهِ الْأُمَّةَ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: میری اُمت کا ایک گروہ حق پر لڑتا رہے گا' وہ قیامت کے دن تک غالب رہیں گے' پھر عیسیٰ علیہ لسلام آئیں گے' ان کا امیر عرض کرے گا: آپ آگے بڑھیں اور ہمیں نماز پڑھائیں! حضرت عیسیٰ علیہ السلام فرمائیں گے: نہیں! تمہارے بعض' بعض کے امیر ہیں' اللہ عزوجل نے اس اُمت کو عزت دی ہے۔

**9079** - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُغِيرَةِ الْكُوفِيُّ، ثَنَا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنْ مُزَاحِمِ بْنِ زُفَرَ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: دِينَارًا أَعْطَيْتَهُ مِسْكِينًا، وَدِينَارًا أَعْطَيْتَهُ فِي رَقَبَةٍ، وَدِينَارًا أَنْفَقْتَهُ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، وَدِينَارًا أَنْفَقْتَهُ عَلَى أَهْلِكَ، أَفْضَلُهَا الدِّينَارُ الَّذِي أَنْفَقْتَهُ عَلَى أَهْلِكَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ایک دینار وہ جو مسکین کو دے' ایک دینار وہ ہے جو غلام کو دے' ایک دینار وہ ہے جو اللہ کی راہ میں خرچ کرے' ایک دینار وہ ہے جو اپنے گھر والوں پر خرچ کرے' افضل دینار وہ ہے جو تُو اپنے گھر والوں پر خرچ کرے۔

☆☆☆☆☆

9078- أخرجه مسلم في الايمان جلد1صفحه137' وأحمد في المسند جلد3صفحه423 رقم الحديث: 14732 .

9079- أخرجه مسلم في الزكاة جلد2صفحه692' وأحمد في المسند جلد2صفحه622 رقم الحديث: 10131 .

# مَنِ اسْمُهُ مَسْلَمَةُ

# اس شیخ کے نام سے جس کا نام مسلمہ ہے

9080 - حَدَّثَنَا مَسْلَمَةُ بْنُ جَابِرٍ اللَّخْمِيُّ، ثَنَا مُنَبِّهُ بْنُ عُثْمَانَ، نَا الْوَضِينُ بْنُ عَطَاءٍ، عَنْ مَحْفُوظِ بْنِ عَلْقَمَةَ، عَنِ ابْنِ عَائِذٍ، أَنَّ شُرَحْبِيلَ بْنَ السِّمْطِ، قَالَ لِعَمْرِو بْنِ عَبَسَةَ: هَلْ أَنْتَ مُحَدِّثِي حَدِيثًا سَمِعْتَهُ مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ فِيهِ نِسْيَانٌ، وَلَا كَذِبٌ؟ قَالَ: نَعَمْ؛ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: قَالَ اللَّهُ: قَدْ حَقَّتْ مَحَبَّتِي لِلَّذِينَ يَتَصَادَقُونَ مِنْ أَجْلِي، وَقَدْ حَقَّتْ مَحَبَّتِي لِلَّذِينَ يَتَنَاصَرُونَ مِنْ أَجْلِي، وَمَا مِنْ مُؤْمِنٍ وَلَا مُؤْمِنَةٍ يُقَدِّمُ اللَّهُ لَهُ ثَلَاثَةَ أَوْلَادٍ مِنْ صُلْبِهِ، لَمْ يَبْلُغُوا الْحُلُمَ إِلَّا أَدْخَلَهُ اللَّهُ الْجَنَّةَ بِفَضْلِ رَحْمَتِهِ إِيَّاهُمْ

حضرت ابن عائذ سے روایت ہے کہ حضرت شرحبیل بن سمط نے فرمایا حضرت عمرو بن عبسہ سے: کیا آپ مجھے کوئی حدیث سنائیں گے جو آپ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنی ہے اس میں بھول اور جھوٹ نہ ہو؟ فرمایا: جی ہاں! میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے: اللہ عزوجل فرماتا ہے کہ میری محبت واجب ہوگی جو میری رضا کے لیے سچ بولتے ہیں' میری محبت واجب ہوگی ان کے لیے جو میری رضا کے لیے صبر کرتے ہیں' جو مؤمن مرد و عورت سے تین بچے عدم بلوغت میں فوت ہو جائیں' اللہ عزوجل ان کو اپنے فضل سے جنت میں داخل کرے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْوَضِينِ بْنِ عَطَاءٍ إِلَّا مُنَبِّهُ بْنُ عُثْمَانَ

یہ حدیث وضین بن عطاء سے منبہ بن عثمان روایت کرتے ہیں۔

9081 - حَدَّثَنَا مَسْلَمَةُ بْنُ جَابِرٍ، نَا مُنَبِّهُ بْنُ عُثْمَانَ، حَدَّثَنِي صَدَقَةُ، نَا الْوَضِينُ بْنُ عَطَاءٍ، عَنْ عَطَاءٍ الْخُرَاسَانِيِّ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ أَبِي

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: عورت ٹیڑھی پسلی سے پیدا کی گئی ہے' ایک حالت پر نہیں رہے گی' اگر سیدھا

9080- اسناده فيه: الوضين بن عطاء: صدوق سيئ الحفظ (التقريب). تخريجه الطبراني في الصغير' وأحمد في المسند' في حديث طويل' مرفوعًا. وذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 3 صفحه 9 وقال: وفيه منبه بن عثمان' ولم أجد منت رجمه قلت: منبه بن عثمان اللخمي الدمشقي' ذكره ابن حبان في الثقات' وقال أبو حاتم: صدوق الثقات جلد 9 صفحه 198' والجرح جلد 8 صفحه 419.

9081- اسناده فيه: صدقة هو ابن عبد الله السمين: ضعيف (التهذيب).

هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْمَرْاَةُ خُلِقَتْ مِنْ ضِلَعٍ، وَلَا يَسْتَقِيمُ لَكَ عَلَى خُلُقٍ وَاحِدٍ، فَإِنْ تُقِمْهَا تَكْسِرْهَا، فَدَارِهَا تَعِشْ بِهَا

کرو گے تو ٹوٹ جائے گی' چھوٹ دے گا تو ٹیڑھی رہی رہے گی۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْوَضِينِ اِلَّا صَدَقَةُ، تَفَرَّدَ بِهِ مُنَبِّهُ بْنُ عُثْمَانَ

یہ حدیث وضین سے صدقہ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں منبہ بن عثمان اکیلے ہیں۔

**9082** - حَدَّثَنَا مَسْلَمَةُ بْنُ جَابِرٍ، ثَنَا مُنَبِّهُ بْنُ عُثْمَانَ، نَا ثَوْرُ بْنُ يَزِيدَ، عَنْ مُجَالِدٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ ذَاتَ يَوْمٍ: اَتُحِبُّونَ اَنْ يَكُونَ لَكُمْ سُدُسُ الْجَنَّةِ؟ قَالُوا: بَلَى يَا رَسُولَ اللّٰهِ، عَرْضُهَا السَّمٰوَاتُ وَالْاَرْضُ، قَالَ: فَخُمُسُهَا؟ قَالُوا: نَعَمْ، قَالَ: فَالرُّبُعُ؟ قَالُوا: فَذَاكَ اَكْثَرُ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَرْجُو اَنْ اَكُونَ اَنَا النِّصْفَ الْبَاقِي

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ آپ ﷺ نے ایک دن فرمایا: کیا تم پسند کرتے ہو کہ چھٹا حصہ تم جنت میں ہو؟ صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! کیوں نہیں! اس کی چوڑائی زمین و آسمان کے برابر ہے۔ آپ نے فرمایا: پانچواں حصہ؟ صحابہ کرام نے عرض کی: جی ہاں! آپ نے فرمایا: چوتھا حصہ؟ صحابہ کرام نے عرض کی: اس سے بھی زیادہ! حضور ﷺ نے فرمایا: میں اُمید کرتا ہوں کہ آدھے جنت میں ہم ہوں گے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ ثَوْرِ بْنِ يَزِيدَ اِلَّا مُنَبِّهُ بْنُ عُثْمَانَ

یہ حدیث ثور بن یزید سے منبہ بن عثمان روایت کرتے ہیں۔

**9083** - حَدَّثَنَا مَسْلَمَةُ بْنُ جَابِرٍ اللَّخْمِيُّ، نَا مُنَبِّهُ بْنُ عُثْمَانَ، نَا صَدَقَةُ، حَدَّثَنِي النُّعْمَانُ بْنُ الْمُنْذِرِ، عَنْ مَكْحُولٍ، وَيَحْيَى بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ اَبِي اُمَامَةَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ اَحَبَّ فِي اللّٰهِ، وَاَبْغَضَ فِي اللّٰهِ، وَاَعْطَى لِلّٰهِ، وَمَنَعَ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو اللہ کے لیے محبت کرتا ہے اور اللہ کے لیے بغض رکھتا ہے اور اللہ کے لیے دیتا ہے اور اللہ کے لیے نہیں دیتا' اس کا ایمان مکمل ہے۔

**9082**- اسناده فيه: مجالد بن سعيد: ضعيف واختلط بآخره (التهذيب)' تخريجه البزار في كشف الأستار' بنحوه' وانظر مجمع الزوائد جلد10صفحه405 .

**9083**- اسناده فيه: صدقة بن عبد الله السمين ضعيف . وانظر مجمع الزوائد جلد1صفحه93 . وهذا الحديث أخرجه أبو داؤد في سننه' من طريق يحيىٰ بن الحارث عن القاسم بن عبد الرحمٰن بن الدمشقي' عن أبي أمامة' مرفوعًا .

لِلّٰهِ فَقَدِ اسْتَكْمَلَ الْإِيمَانَ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ النُّعْمَانِ إِلَّا صَدَقَةُ، تَفَرَّدَ بِهِ مُنَبِّهُ بْنُ عُثْمَانَ

یہ حدیث نعمان سے صدقہ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں منبہ بن عثمان اکیلے ہیں۔

**9084** - حَدَّثَنَا مَسْلَمَةُ بْنُ جَابِرٍ اللَّخْمِيُّ، نَا مُنَبِّهُ بْنُ عُثْمَانَ، نَا صَفْوَانُ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ شُرَيْحِ بْنِ عُبَيْدٍ الْحَضْرَمِيِّ، أَنَّ ثَوْبَانَ مَوْلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: لَعَلَّكَ أَنْ يُنْسَأَ فِي أَجَلِكَ حَتَّى تَكُونَ مِمَّنْ يُؤَمَّرُ عَلَى عَشَرَةٍ حِينَ يَسْكُنُ النَّاسُ الْكُفُورَ، فَإِيَّاكَ أَنْ تُؤَمَّرَنَّ عَلَى عَشَرَةٍ فَمَا فَوْقَ ذَلِكَ؛ فَإِنَّهُ لَا يُقَامُ رَجُلٌ عَلَى عَشَرَةٍ فَمَا فَوْقَ ذَلِكَ إِلَّا أَتَى اللّٰهَ مَغْلُولًا يَدُهُ إِلَى عُنُقِهِ، وَلَا يَفُكُّهُ مِنْ غُلِّهِ ذَلِكَ إِلَّا عَدْلٌ إِنْ كَانَ عَدَلَ بَيْنَهُمْ، وَلَا تَعْمُرَنَّ الْكُفُورَ؛ فَإِنَّ عَامِرَ الْكُفُورِ كَعَامِرِ الْقُبُورِ

حضرت ثوبان حضور ﷺ کے غلام سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: یقیناً اللہ عزوجل آپ کو لمبی عمر دے گا یہاں تک کہ دس افراد پر آپ کو امیر بنایا جائے گا' جس وقت لوگ ناشکرے ہوں گے تو دس یا اس سے زیادہ پر امیر نہ بننا کیونکہ آدمی دس افراد پر امیر بنتا ہے یا اس سے زیادہ پر تو وہ اللہ کی بارگاہ میں لایا جائے گا اس حالت میں کہ اس کے ہاتھ بندھے ہوں گے' خیانت کی وجہ سے کھول نہیں سکے گا' اگر عادل ہوگا تو تب ٹھیک ہے' کبھی نعمتوں کا انکار کرنے والوں کو آباد نہ کرنا' کیونکہ نعمتوں کا انکار کرنے والے کو آباد کرنے والا ایسے ہے جس طرح قبروں کو آباد کرنے والا۔

لَا يُرْوَى مَا مِنْ أَمِيرِ عَشَرَةٍ عَنْ ثَوْبَانَ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ صَفْوَانُ بْنُ عَمْرٍو

یہ الفاظ ''ما من امیر عشرة'' ثوبان سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں صفوان بن عمرو اکیلے ہیں۔

**9085** - حَدَّثَنَا مَسْلَمَةُ بْنُ الْهَيْصَمِ بْنِ مَسْلَمَةَ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَرَجِ الرِّيَاشِيُّ، نَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ قُرَيْبٍ الْأَصْمَعِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ أَبِي غَالِبٍ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْخَوَارِجُ كِلَابُ النَّارِ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: خارجی جہنمی کتے ہیں۔

---

**9084**- اسناده فيه مسلمة بن رجاء اللخمي شيخ الطبراني، ولم أجد من ترجمه، وانظر مجمع الزوائد جلد 5 صفحه 210 .

**9085**- أخرجه أحمد في المسند جلد5 صفحه 299، والطبراني في الكبير جلد8 صفحه 266 رقم الحديث: 8033 .

# مَنِ اسْمُهُ مَسْعَدَةُ

# اس شیخ کے نام سے جس کا نام مسعدہ ہے

**9086** - حَدَّثَنَا مَسْعَدَةُ بْنُ سَعْدٍ الْعَطَّارُ الْمَكِّيُّ، ثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ الْحِزَامِيُّ، ثَنَا اَبُو ضَمْرَةَ اَنَسُ بْنُ عِيَاضٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ حَرْمَلَةَ، عَنْ عُمَرَ بْنِ مُنَيَّةَ، عَنْ اَبِي عَبْدِ اللّٰهِ الْقَرَّاظِ، عَنْ سَعْدِ بْنِ اَبِي وَقَّاصٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: لَا يُرِيدُ اَحَدٌ الْمَدِينَةَ بِسُوءٍ اِلَّا اَذَابَهُ اللّٰهُ كَمَا يَذُوبُ الْمِلْحُ فِي الْمَاءِ

حضرت سعد بن ابووقاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: جو مدینہ شریف آیا گنہگار ہونے کی حالت میں تو اللہ عزوجل اس سے گناہ اس طرح ختم کردے گا جس طرح نمک پانی کے اندر ختم ہو جاتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ حَرْمَلَةَ اِلَّا اَبُو ضَمْرَةَ

یہ حدیث ابن حرملہ سے ابوضمرہ روایت کرتے ہیں۔

**9087** - حَدَّثَنَا مَسْعَدَةُ بْنُ سَعْدٍ، نَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، ثَنَا اَبُو ضَمْرَةَ، عَنِ ابْنِ حَرْمَلَةَ، عَنْ سَعْدٍ الظَّفَرِيِّ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنِ الْكَيِّ

حضرت سعد الظفری سے روایت ہے کہ حضورﷺ نے داغنے سے منع کیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ حَرْمَلَةَ اِلَّا اَبُو ضَمْرَةَ

یہ حدیث ابن حرملہ سے ابوضمرہ روایت کرتے ہیں۔

**9088** - حَدَّثَنَا مَسْعَدَةُ بْنُ سَعْدٍ، ثَنَا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ، ثَنَا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ:

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا یہ تکبر ہے کہ ہم

---

**9086**- أخرجه مسلم في الحج جلد2صفحه992، وأحمد في المسند جلد1صفحه234 رقم الحديث: 1611 .

**9087**- اسناده فيه: مسعدة بن سعد العطار المكي شيخ الطبراني ولم أعرفه . تخريجه الطبراني في الكبير، وزاد فيه: وأخره الحميم . وانظر مجمع الزوائد جلد5صفحه100 .

**9088**- اسناده فيه: عبد الحميد بن سليمان الخزاعي ضعيف (التهذيب) وانظر مجمع الزوائد جلد5صفحه136 .

سَمِعْتُ عُمَارَةَ بْنَ غَزِيَّةَ، يُحَدِّثُ عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ الْحُسَيْنِ، عَنْ اَبِيهَا، اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَمْرٍو، قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَمِنَ الْكِبْرِ اَنْ يَكُونَ لِاَحَدِنَا النَّجِيبَةُ الْفَارِهَةُ؟ قَالَ: لَا ، قَالَ: فَمِنَ الْكِبْرِ اَنْ يَكُونَ لِاَحَدِنَا الْحُلَّةُ الْحَسَنَةُ؟ قَالَ: لَا ، قَالَ: فَمِنَ الْكِبْرِ اَنْ يَكُونَ لِاَحَدِنَا النَّعْلَانِ الْحَسَنَتَانِ؟ قَالَ: لَا ، قَالَ: فَمِنَ الْكِبْرِ اَنْ اَتَّخِذَ طَعَامًا فَاَدْعُو قَوْمِي فَيَمْشُونَ خَلْفِي وَيَاْكُلُونَ عِنْدِي؟ قَالَ: لَا ، قَالَ: فَمَا الْكِبْرُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: اَنْ تُسَفِّهَ الْحَقَّ، وَتَغْمِصَ النَّاسَ

میں سے کسی کے لیے؟ آپ نے فرمایا: نہیں! عرض کی: ہم میں کوئی اچھے کپڑے پہنے تو یہ تکبر ہے؟ آپ نے فرمایا: نہیں! عرض کی: یہ تکبر ہے کہ ہم میں سے کوئی اچھی جوتی پہنے؟ آپ نے فرمایا: نہیں! عرض کی: یہ تکبر ہے کہ میں کھانا پکاؤں اور اپنی قوم کی دعوت کروں وہ میرے پیچھے چل کر آئیں اور میرے پاس کھائیں؟ آپ نے فرمایا: نہیں! عرض کی: یارسول اللہ! تکبر کیا ہے؟ آپ نے فرمایا: حق اور لوگوں کو حقیر جاننا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُمَارَةَ بْنِ غَزِيَّةَ اِلَّا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ سُلَيْمَانَ، وَلَا يُرْوَى عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ

یہ حدیث عمارہ بن غزیہ سے عبدالحمید بن سلیمان سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت حسین بن علی سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔

**9089** - حَدَّثَنَا مَسْعَدَةُ بْنُ سَعْدٍ، نَا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ، نَا نُوحُ بْنُ قَيْسٍ، نَا سَلَامَةُ بْنُ الْكِنْدِيِّ، قَالَ: كَانَ عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، يُعَلِّمُ النَّاسَ الصَّلَاةَ عَلَى نَبِيِّ اللّٰهِ، يَقُولُ: اللّٰهُمَّ دَاحِيَ الْمَدْحُوَّاتِ، وَبَارِىءَ الْمَسْمُوكَاتِ، وَجَبَّارَ الْقُلُوبِ عَلَى فِطْرَاتِهَا شَقِيِّهَا وَسَعِيدِهَا، اجْعَلْ شَرَائِفَ صَلَوَاتِكَ، وَنَوَامِيَ بَرَكَاتِكَ، وَرَافِعَ تَحِيَّتِكَ عَلَى مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُولِكَ، الْخَاتِمِ لِمَا سَبَقَ، وَالْفَاتِحِ لِمَا اُغْلِقَ، وَالْمُعْلُومِ الْحَقَّ بِالْحَقِّ، وَالدَّامِغِ جَيْشَاتِ الْاَبَاطِيلِ كَمَا كَمُلَ فَاضْطَلَعَ بِاَمْرِكَ

حضرت سلامہ بن الکندی فرماتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ لوگوں کو حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں درود پڑھنا سکھاتے تھے ان الفاظ کے ذریعے: "اللّٰهم الٰی آخرہ"۔

9089- اسناده فيه: مسعدة بن سعد العطار لم أعرفه، وسلامة الكندی روايته عن علی بن أبی طالب رضی اللّٰه عنه، مرسلة.
وانظر مجمع الزوائد جلد10صفحه166 .

لِطَاعَتِكَ مُسْتَوْفِرًا فِي مَرْضَاتِكَ بِغَيْرِ مُلْكٍ فِي قَدَمٍ، وَلَا وَهَنٍ فِي عَزَمٍ، دَاعِيًا لِوَحْيِكَ، حَافِظًا لِعَهْدِكَ، مَاضِيًا عَلَى نَفَادِ اَمْرِكَ حَتّٰى اَوْرَى تَبَسُّمًا لِقَابِسٍ بِهِ هُدِيَتِ الْقُلُوبُ بَعْدَ خَرْصَاتِ الْفِتَنِ وَالْإِثْمِ بِمُوضِحَاتِ الْاَعْلَامِ، وَمَسَرَّاتِ الْإِسْلَامِ وَمَاثَرَاتِ الْاَحْكَامِ، فَهُوَ اَمِينُكَ الْمَاْمُونُ، وَخَازِنُ عِلْمِكَ الْمَخْزُونِ، وَشَهِيدُكَ يَوْمَ الدِّينِ، وَمَبْعُوثُكَ نِعْمَةً، وَرَسُولُكَ بِالْحَقِّ رَحْمَةً، اللّٰهُمَّ افْسَحْ لَهُ مُتَفَسَّحًا فِي عَدْلِكَ وَاجْزِهِ مُضَاعَفَاتِ الْخَيْرِ مِنْ فَضْلِكَ، لَهُ مُهَنِّيَاتٌ غَيْرُ مُكَدَّرَاتٍ مِنْ فَوْزِ ثَوَابِكَ الْمَعْلُومِ وَجَزِيلِ عَطَائِكَ الْمَجْلُولِ، اللّٰهُمَّ اَعْلِ عَلَى بِنَاءِ الْبَاقِينَ بِنَاءَهُ، وَاَكْرِمْ مَثْوَاهُ لَدَيْكَ وَنُزُلَهُ، وَاَتْمِمْ لَهُ نُورَهُ وَاَجْرَهُ مِنِ ابْتِعَائِكَ لَهُ، مَقْبُولَ الشَّهَادَةِ مَرْضِيَّ الْمَقَالَةِ، ذَا مَنْطِقٍ عَدْلٍ، وَكَلَامٍ فَصْلٍ، وَحُجَّةٍ وَبُرْهَانٍ عَظِيمٍ

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ نُوحُ بْنُ قَيْسٍ الطَّاحِيُّ

حضرت علی سے یہ دعا صرف اسی سند سے مروی ہے۔نوح بن قیس طاحی اس کے ساتھ اکیلے ہیں۔

**9090** - حَدَّثَنَا مَسْعَدَةُ بْنُ سَعْدٍ، نَا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ، ثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي هِنْدٍ، اَنَّ اَبَا مُرَّةَ- مَوْلَى عَقِيلِ بْنِ اَبِي طَالِبٍ- اَخْبَرَهُمْ، اَنَّ اُمَّ

حضرت اُم ھانی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے فتح مکہ کے دن بنی مخزوم کے دو آدمیوں کو پناہ دی، حضرت علی رضی اللہ عنہ میرے پاس آئے، کہنے لگے: اے اُم ہانی! یہ کیا ہے؟ میں ان دونوں کو قتل کرنے

**9090**- أخرجه البخاری فی الصلاة جلد 1 صفحه 559 رقم الحديث: 357، ومسلم فی المسافرين جلد 1 صفحه 498 .

هَانِءٍ اَخْبَرَتْهُ، اَنَّهَا اَجَارَتْ رَجُلَيْنِ مِنْ بَنِي مَخْزُومٍ يَوْمَ فَتْحِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَكَّةَ، فَدَخَلَ عَلَيْهَا عَلِيٌّ، فَقَالَ: مَا هٰذَا يَا اُمَّ هَانِءٍ؟ لَاَقْتُلَنَّهُمَا، قَالَتْ: فَاَغْلَقْتُ عَلَيْهِمَا، ثُمَّ ذَهَبْتُ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَوَجَدْتُهُ يَغْتَسِلُ، وَابْنَتُهُ فَاطِمَةُ تَسْتُرُهُ بِثَوْبٍ، فَاغْتَسَلَ، ثُمَّ اَخَذَ الثَّوْبَ، فَالْتَحَفَ، ثُمَّ صَلَّى الضُّحٰى ثَمَانِ رَكَعَاتٍ، ثُمَّ قَالَ: مَالَكِ يَا اُمَّ هَانِءٍ؟ قُلْتُ: اِنِّي قَدْ اَجَرْتُ رَجُلَيْنِ مِنْ اَحْمَائِي، فَجَاءَ عَلِيٌّ يُرِيدُ اَنْ يَقْتُلَهُمَا، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَدْ اَمَّنَّا مَنْ اَمَّنْتِ، وَاَجَرْنَا مَنْ اَجَرْتِ

لگا ہوں' میں نے ان پر دروازہ بند کر دیا' پھر میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں گئی' میں نے آپ کو غسل کرتے ہوئے پایا اور آپ کی (لختِ جگر حضرت سیّدہ طیبہ طاہرہ) فاطمۃ الزہراء رضی اللہ عنہا کپڑے کے ساتھ پردہ کیے ہوئے تھیں' آپ نے غسل کیا' پھر کپڑا لیا اور اسے لپیٹا' پھر نمازِ چاشت کی آٹھ رکعت ادا کیں' پھر فرمایا: اے اُم ہانی! کیسے آئی ہو؟ میں نے عرض کی: میں نے اپنے قبیلہ کے دو آدمیوں کو پناہ دی تھی' حضرت علی رضی اللہ عنہ میرے پاس آئے اور ان کو قتل کرنا چاہتے ہیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس کو تُو امن دے گی ہم اس کو امن دیں گے' جس کو تُو پناہ دے گی ہم اس کو پناہ دیں گے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ اِلَّا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ

یہ حدیث عبدالعزیز بن عبداللہ سے اسماعیل بن عیاش روایت کرتے ہیں۔

**9091** - حَدَّثَنَا مَسْعَدَةُ بْنُ سَعْدٍ، نَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، ثَنَا عَبَّاسُ بْنُ اَبِي شَمْلَةَ، عَنْ كَثِيرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْمُزَنِيِّ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ مِنَ الشِّعْرِ حِكْمَةً

حضرت کثیر بن عبداللہ المزنی اپنے والد سے' وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: بعض اشعار حکمت والے ہوتے ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ كَثِيرٍ اِلَّا عَبَّاسُ بْنُ اَبِي شَمْلَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ

یہ حدیث کثیر سے عباس بن ابوشملہ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ابراہیم بن منذر اکیلے ہیں۔

**9092** - حَدَّثَنَا مَسْعَدَةُ بْنُ سَعْدٍ، ثَنَا

حضرت ولید بن ابراہیم بن عبدالرحمٰن بن عوف

---

**9091**- اسناده فيه: كثير بن عبد الله المزني ضعيف . وانظر مجمع الزوائد جلد8صفحه126 .

**9092**- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد4صفحه173 وقال: رواه الطبراني في الأوسط' والبزار' بنحوه . وقال

إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، نَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ الثَّقَفِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ الْوَلِيدَ بْنَ إِبْرَاهِيمَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ، يُحَدِّثُ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: إِنِّي لَأَجِدُ التَّمْرَةَ سَاقِطَةً، فَآخُذُهَا، فَآكُلُهَا

اپنے والد سے، وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: میں گری ہوئی کھجور پاتا ہوں تو اس کو پکڑ کر کھا لیتا ہوں۔

9093 - حَدَّثَنَا مَسْعَدَةُ بْنُ سَعْدٍ، نَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، نَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ الثَّقَفِيُّ، عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تُكْرِهُوا مَرْضَاكُمْ عَلَى الطَّعَامِ وَالشَّرَابِ، فَإِنَّ اللَّهَ يُطْعِمُهُمْ وَيَسْقِيهِمْ

حضرت ولید بن ابراہیم بن عبدالرحمٰن بن عوف اپنے والد سے، وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: تم اپنے بیماروں کو کھانے اور پینے پر مجبور نہ کرو، کیونکہ اللہ اس کو کھلاتا اور پلاتا ہے۔

لَا يُرْوَى هَذَانِ الْحَدِيثَانِ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِمَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ الثَّقَفِيُّ

یہ دونوں حدیثیں عبدالرحمٰن بن عوف سے اسی سند سے روایت ہے۔ ان دونوں کو روایت کرنے میں محمد بن علاء الثقفی اکیلے ہیں۔

9094 - حَدَّثَنَا مَسْعَدَةُ بْنُ سَعْدٍ، نَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، نَا مَعْنُ بْنُ عِيسَى، ثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ حَازِمٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي بَكْرٍ، عَنْ سَالِمٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنْ حَفْصَةَ، زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا صِيَامَ لِمَنْ لَمْ يُوَرِّضْهُ قَبْلَ الْفَجْرِ - يَعْنِي: يَنْوِيهِ-

حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا حضورﷺ کی زوجہ فرماتی ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: جو فجر سے پہلے نیت نہیں کرتا ہے اس کا روزہ نہیں ہے۔

---

الطبرانی: تفرد به محمد بن العلاء النبقی عن الوليد ابراهيم بن عبد الرحمٰن بن عوف، ولم أجد من ترجمهما .

9093- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد5صفحه89 وقال: رواه البزار، والطبراني في الأوسط، وفيه الوليد عبد الرحمٰن بن عوف ولم أعرفه، ولا من روى عنه، وبقية رجاله ثقات .

9094- أخرجه ابن ماجة في الصيام جلد1صفحه542 رقم الحديث: 1700، والدارقطني في سننه جلد2صفحه172 رقم الحديث:2 .

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ حَازِمٍ اِلَّا مَعْنٌ وَرَوَى هٰذَا الْحَدِيثَ اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَيُّوبَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي بَكْرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ حَفْصَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَلَمْ يَقُلْ: يُؤَرِّضْهُ، قَالَ: يَفْرِضْهُ

یہ حدیث اسحاق بن حازم سے معن روایت کرتے ہیں۔ یہ حدیث لیث بن سعد' یحییٰ ابن ایوب سے' وہ عبداللہ بن ابوبکر سے' وہ زہری سے' وہ سالم سے' وہ اپنے والد سے' یہ حضرت حفصہ سے' یہ حضور ﷺ سے' اس حدیث شریف کے الفاظ یؤرضہ ۔فرمایا: یفرضہ اس کے علاوہ نہیں ہیں۔

**9095** - حَدَّثَنَا مَسْعَدَةُ بْنُ سَعْدٍ، ثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، ثَنَا سُفْيَانُ بْنُ حَمْزَةَ، عَنْ كَثِيرِ بْنِ زَيْدٍ، عَنِ الْمُطَّلِبِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حَنْطَبَ، عَنْ اَبِي ذَرٍّ، قَالَ: اَوْصَانِي حَبِيبِي صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِثَلَاثٍ: بِصَلَاةِ الضُّحَى، وَاَنْ لَا اَبِيتَ اِلَّا عَلَى وِتْرٍ، وَصِيَامِ ثَلَاثَةِ اَيَّامٍ مِنْ كُلِّ شَهْرٍ

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے مجھے وصیت کی تین کاموں کی: نمازِ چاشت کی' سونے سے پہلے وتر پڑھنے کی اور ہر ماہ تین روزے رکھنے کی۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْمُطَّلِبِ اِلَّا كَثِيرُ بْنُ زَيْدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ سُفْيَانُ بْنُ حَمْزَةَ

یہ حدیث مطلب سے کثیر بن زید روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں سفیان بن حمزہ اکیلے ہیں۔

**9096** - حَدَّثَنَا مَسْعَدَةُ بْنُ سَعْدٍ، نَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، نَا عَبَّاسُ بْنُ اَبِي شَمْلَةَ، عَنْ مُوسَى بْنِ يَعْقُوبَ الزَّمْعِيِّ، عَنْ قَرِيبَةَ بِنْتِ وَهْبِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَمْعَةَ، عَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ اُمِّ سَلَمَةَ، قَالَتْ: دَخَلْتُ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَغْتَسِلُ، فَاَخَذَ حَفْنَةً مِنْ مَاءٍ، فَضَرَبَ

حضرت زینب بنت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں حضور ﷺ کے پاس آئی تو آپ غسل کر رہے تھے' آپ نے پانی کا چلو برتن سے لیا اور وہ میرے چہرے پر مار کر فرمایا: پیچھے ہٹو۔

---

9095- أخرجه النسائی فی الصیام جلد4صفحه187 (باب صوم ثلاثة أيام من الشهر) .

9096- اسناده فیه: مسعدة بن سعد العطار ولم أجده . تخریجه الطبرانی فی الکبیر عن محمد بن علی الصائغ' عن ابراهیم' بالاسناد' وانظر مجمع الزوائد جلد1صفحه272 .

بِهَا وَجْهِي، وَقَالَ: وَرَاءَكِ اَیْ لُكَاعِ

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ زَيْنَبَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ

یہ حدیث زینب سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں ابراہیم بن منذر اکیلے ہیں۔

**9097** - حَدَّثَنَا مَسْعَدَةُ بْنُ سَعْدٍ، نَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، نَا عَبَّاسُ بْنُ اَبِي شَمْلَةَ، حَدَّثَنِي مُوسَى بْنُ يَعْقُوبَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْهَادِ، عَنْ اَبِي بَكْرِ بْنِ سُلَيْمَانَ بْنِ اَبِي حَثْمَةَ، عَنْ حَكِيمِ بْنِ حِزَامٍ، قَالَ: سَمِعْنَا صَوْتًا، مِنَ السَّمَاءِ وَقَعَ اِلَى الْاَرْضِ، كَاَنَّهُ صَوْتُ حَصَاةٍ وَقَعَ فِي طَسْتٍ، وَرَمَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تِلْكَ الْحَصَاةَ فَانْهَزَمْنَا

حضرت حکیم بن حزام فرماتے ہیں کہ ہم نے آسمان سے آواز سنی' زمین پر آئی' گویا وہ کنکری کی آواز تھی' جو ایک تھال میں گری ہو' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کنکری ماری' ہم بھاگے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ حَكِيمِ بْنِ حِزَامٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ مُوسَى بْنُ يَعْقُوبَ، وَلَمْ يَرْوِهِ عَنْ مُوسَى اِلَّا عَبَّاسُ بْنُ اَبِي شَمْلَةَ وَابْنُ اَبِي فُدَيْكٍ

یہ حدیث حکیم بن حزام سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں موسیٰ بن یعقوب اکیلے ہیں اور موسیٰ سے عباس بن ابوسلمہ اور ابن ابوفدیک اکیلے ہیں۔

**9098** - حَدَّثَنَا مَسْعَدَةُ بْنُ سَعْدٍ، ثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، ثَنَا عَبَّاسُ بْنُ اَبِي شَمْلَةَ، عَنْ مُوسَى بْنِ يَعْقُوبَ، عَنِ ابْنِ الْاَسْقَعِ، عَنْ رُبَيْحِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِي سَعِيدٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، اَنَّ اَبَاهُ مَالِكَ بْنَ سِنَانٍ لَمَّا اُصِيبَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي وَجْهِهِ يَوْمَ اُحُدٍ، مَصَّ دَمَ

حضرت مالک بن سنان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جب حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اُحد کے دن چہرے پر زخم لگا تو اُنہوں نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے چہرے سے خون چوس لیا اور رکھ لیا' اُن سے کہا گیا: کیا آپ نے خون نوش کیا تھا؟ فرمایا: جی ہاں! میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا خون نوش کیا تھا' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میرا خون تیرے خون کے

---

**9097**- اسنادہ فیہ: موسیٰ بن یعقوب صدوق سیئ الحفظ' تخریجہ الطبرانی فی الکبیر ۔ وانظر مجمع الزوائد جلد 6 صفحہ87 ۔

**9098**- اسنادہ والکلام فی اسنادہ کسابقہ ۔ وانظر مجمع الزوائد جلد8صفحہ273 ۔

رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَازْدَرَدَهُ، فَقِيلَ لَهُ: اَتَشْرَبُ الدَّمَ؟ قَالَ: نَعَمْ، اَشْرَبُ دَمَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: خَالَطَ دَمِي بِدَمِهِ، لَا تَمَسُّهُ النَّارُ

ساتھ مل گیا' اس کو آگ نہیں چھوئے گی۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ اَبِي سَعِيدٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ

یہ حدیث ابوسعید سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں ابراہیم بن منذر اکیلے ہیں۔

**9099** - حَدَّثَنَا مَسْعَدَةُ بْنُ سَعْدٍ، ثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، ثَنَا عَبَّاسُ بْنُ اَبِي شَمْلَةَ، عَنْ مُوسَى بْنِ يَعْقُوبَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْوَلِيدِ بْنِ عُثْمَانَ، عَنْ اَسْمَاءَ بِنْتِ اَبِي بَكْرٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ارْمُوا جَمَرَاتِ مُضَرَ ، وَكَانَتْ كُلُّ قَبِيلَةٍ تَرْمِي جَمْرَةً

حضرت اسماء بنت ابوبکر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: مُضر کے جمرات کو کنکری مارو' ہر قبیلہ والے نے کنکری ماری۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ اَسْمَاءَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ

یہ حدیث اسماء سے اسی سند سے روایت ہے۔ ان سے روایت کرنے میں ابراہیم بن منذر اکیلے ہیں۔

**9100** - حَدَّثَنَا مَسْعَدَةُ بْنُ سَعْدٍ، ثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، نَا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، نَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: سُئِلَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو: مَا اَشَدُّ مَا رَاَيْتَ مِنَ الْمُشْرِكِينَ نَالُوا مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: اَشَدُّ مَا رَاَيْتُهُمْ نَالُوا مِنْهُ اَنِّي رَاَيْتُهُمْ تَوَاعَدُوا لَهُ يَوْمًا، فَاَخَذُوا - وَهُوَ يَطُوفُ- فَاَخَذُوا بِجَامِعِ رِدَائِهِ، فَقَالُوا: اَنْتَ الَّذِي تَسُبُّ آلِهَتَنَا، وَتَنْهَانَا عَمَّا يَعْبُدُ آبَاؤُنَا؟ فَقَالَ النَّبِيُّ

حضرت ہشام بن عروہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے پوچھا گیا' میں نے مشرکین کو اتنی تکلیف دیتے ہوئے کسی کو نہیں دیکھا جتنا انہوں نے رسول اللہ ﷺ کو دی ہیں' میں نے آپ کو دیکھا کہ آپ طواف کر رہے تھے' انہوں نے آپ کو چادر کے ساتھ پکڑا' کہنے لگے: آپ وہ ہیں جو ہمارے خدا کو گالی دیتے ہیں' ہم کو منع کرتے ہیں اُن کی عبادت کرنے سے جن کی ہمارے آباؤ اجداد کرتے

---

**9099**- اسناده والكلام في اسناده كسابقه . وانظر مجمع الزوائد جلد3صفحه261 .

**9100**- أصله عند البخاري: أخرجه البخاري في التفسير جلد 8صفحه416 رقم الحديث: 4815' وأحمد في المسند جلد2صفحه274 رقم الحديث: 6922 .

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نَعَمْ، اَنَا ذَاكَ ، قَالَ: وَاَبُو بَكْرٍ يَحْتَضِنُهُ، يَقُولُ بِاَعْلَى صَوْتِهِ: اَتَقْتُلُونَ رَجُلًا اَنْ يَقُولَ رَبِّيَ اللّٰهُ، وَقَدْ جَاءَ كُمْ بِالْبَيِّنَاتِ مِنْ رَبِّكُمْ؟ وَعَيْنَاهُ تَنْضَحَانِ

تھے۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جی ہاں! میں وہی ہوں۔ حضرت ابوبکر آپ کو گود میں لے کر بلند آواز میں فرمانے لگے: کیا تم قتل کرتے ہو ایسے آدمی کو جو کہتے ہیں کہ اللہ میرا رب ہے' تمہارے پاس تمہارے رب کی نشانیاں لے کر آئے ہیں اور حضرت ابوبکر کی دونوں آنکھوں سے آنسو بہہ رہے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، تَفَرَّدَ بِهِ اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ

یہ حدیث ہشام بن عروہ سے محمد بن فلیح روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ابراہیم بن منذر اکیلے ہیں۔

**9101** - حَدَّثَنَا مَسْعَدَةُ بْنُ سَعْدٍ، ثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، نَا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ زَيْدِ بْنِ الْمُهَاجِرِ بْنِ قُنْفُذٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ، زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: صَلَاةُ الْمَرْاَةِ فِي بَيْتِهَا خَيْرٌ مِنْ صَلَاتِهَا فِي حُجْرَتِهَا، وَصَلَاتُهَا فِي حُجْرَتِهَا خَيْرٌ مِنْ صَلَاتِهَا فِي دَارِهَا، وَصَلَاتُهَا فِي دَارِهَا خَيْرٌ مِنْ صَلَاتِهَا خَارِجٍ

حضرت اُم سلمہ زوجہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: عورت کا صحن میں نماز پڑھنا بہتر ہے حجرے سے اور حجرے میں نماز پڑھنا بہتر ہے گھر میں پڑھنے سے اور گھر میں نماز پڑھنا باہر نماز پڑھنے سے بہتر ہے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ

یہ حدیث اُم سلمہ سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں ابراہیم بن منذر اکیلے ہیں۔

**9102** - حَدَّثَنَا مَسْعَدَةُ، ثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، حَدَّثَنِي اَبُو غَسَّانَ مُحَمَّدُ بْنُ مُطَرِّفٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ نَافِعٍ، عَنْ اَبِيهِ

حضرت نافع سے روایت ہے کہ ایک آدمی نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے پوچھا کہ میرے خالو نے اپنی عورت کو طلاق دی ہے' اس کے پاس داخل

---

**9101**- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد2 صفحه37 وقال: رواه الطبراني في الأوسط' ورجاله رجال الصحيح' خلا زيد بن المهاجر' فان ابن أبي حاتم لم يذكر عنه راويًا غير ابنه محمد بن زيد .

نَافِعٍ، اَنَّ رَجُلًا سَالَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ، فَقَالَ: اِنَّ لِی خَالًا فَارَقَ امْرَاَتَهُ، فَدَخَلَهُ مِنْ ذَاكَ هَمٌّ وَاَمْرٌ شَقَّ عَلَيْهِ، فَاَرَدْتُ اَنْ اَتَزَوَّجَهَا، وَلَمْ يَاْمُرْنِی بِذٰلِكَ، وَلَمْ يَعْلَمْ؟ فَقَالَ ابْنُ عُمَرَ: لَا، اِلَّا اَنْ تَنْكِحَ نِكَاحَ غِبْطَةٍ، اِنْ وَافَقَتْكَ اَمْسَكْتَ، وَاِنْ كَرِهْتَ فَارَقْتَ؛ فَاِنَّا كُنَّا نَعُدُّ هٰذَا فِی زَمَانِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ السِّفَاحَ

ہوا' معاملہ کیا ہے؟ یہ معاملہ اس پر دشوار ہے' میں اس سے نکاح کرنا چاہتا ہوں' مجھے اس کا حکم نہیں دیا گیا اور علم بھی نہیں ہے۔ حضرت ابن عمر نے فرمایا: نہیں! اس میں یہ ہے کہ نکاح غبط ہو' اگر موافق اسے روک لے' اگر ناپسند کرے تو اس کو چھوڑ دے' پھر یہ بات حضورﷺ کے زمانہ میں زنا شمار کرتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُمَرَ اِلَّا اَبُو غَسَّانٍ مُحَمَّدُ بْنُ مُطَرِّفٍ

یہ حدیث حضرت عمر سے ابوغسان محمد بن مطرف روایت کرتے ہیں۔

**9103** - حَدَّثَنَا مَسْعَدَةُ بْنُ سَعْدٍ، ثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، ثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنِی عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ الْمَخْرَمِیُّ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ مُحَمَّدٍ الْاَخْنَسِیِّ، عَنْ سَعِيدٍ الْمَقْبُرِیِّ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِی هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ وَلِیَ الْقَضَاءَ فَقَدْ ذُبِحَ بِغَيْرِ سِكِّينٍ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضورﷺ نے فرمایا: جو قاضی بنایا گیا وہ بغیر چھری کے ذبح کیا گیا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ جَعْفَرٍ اِلَّا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ

یہ حدیث اسحاق بن جعفر سے ابراہیم بن منذر روایت کرتے ہیں۔

**9104** - حَدَّثَنَا مَسْعَدَةُ بْنُ سَعْدٍ، ثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، حَدَّثَنِی خَالِی مُحَمَّدُ بْنُ

حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ لوگ حضورﷺ کے زمانہ میں نماز پڑھتے تو اپنی نگاہ

**9103**- أخرجه أبو داؤد فی الأقضية جلد 3 صفحه 297 رقم الحديث: 3571' والترمذی فی الأحكام جلد 3 صفحه 605 رقم الحديث: 1325 قال أبو عيسیٰ: هذا حديث حسن غريب . وابن ماجة فی الأحكام جلد 2 صفحه 774 رقم الحديث: 2308 .

**9104**- أخرجه ابن ماجة فی الجنائز جلد 1 صفحه 523 رقم الحديث: 1634 فی الزوائد: فی اسناده مصعب بن عبد اللّٰه' ذكره ابن حبان فی الثقات' قال العجلی: ثقة . وموسیٰ بن عبد اللّٰه' لم أر من جرحه ولا وثقه' ومحمد بن ابراهيم ذكره ابن حبان فی الثقات .

اِبْـرَاهِـيـمَ بْـنِ الْمُطَّلِبِ بْنِ السَّائِبِ بْنِ اَبِى وَدَاعَةَ، حَدَّثَنِى عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسَى بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِى اُمَيَّةَ الْمَخْزُومِيُّ، حَدَّثَنِى عَمِّى مُصْعَبُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ بِنْتِ اَبِى اُمَيَّةَ، قَالَتْ: كَانَ النَّاسُ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمُصَلِّى يُصَلِّى بِصَلَاتِهِ فَلَا يَعْدُو بَصَرُهُ مَوْضِعَ قَدَمَيْهِ، فَتُوُفِّىَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَانَ اَبُو بَكْرٍ، وَكَانَ النَّاسُ اِذَا قَامَ اَحَدُهُمْ يُصَلِّى لَا يَعْدُو بَصَرُهُ مَوْضِعَ جَبْهَتِهِ، وَتُوُفِّىَ اَبُو بَكْرٍ وَكَانَ عُمَرُ، وَكَانَ النَّاسُ اِذَا قَامَ اَحَدُهُمْ لَا يَعْدُو بَصَرُهُ مَوْضِعَ الْقِبْلَةِ، وَكَانَ عُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ، وَكَانَ النَّاسُ اِذَا قَامَ اَحَدُهُمْ لَا يَلْتَفِتُ فِى الصَّلَاةِ يَمِينًا وَشِمَالًا

قدموں کی جگہ سے نہیں اُٹھاتے تھے' حضور ﷺ کا وصال ہوا تو حضرت ابوبکر کا دورِ حکومت آیا' لوگ نماز کے لیے کھڑے ہوئے تو اپنی نگاہ قدموں کی جگہ سے نہیں اُٹھاتے تھے' حضرت ابوبکر کا وصال ہوا تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں جب نماز پڑھتے تھے تو قبلہ سے اپنی نگاہیں نہیں اُٹھاتے تھے' حضرت عثمان کا دورِ حکومت آیا' لوگ جب نماز کے لیے کھڑے ہوتے تو نماز میں دائیں بائیں جانب توجہ نہیں کرتے تھے۔

لَا يُرْوَى عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ

یہ حدیث اُم سلمہ سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں ابراہیم بن منذر اکیلے ہیں۔

**9105** - حَدَّثَنَا مَسْعَدَةُ بْنُ سَعْدٍ، ثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، ثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنِى عِكْرِمَةُ بْنُ مُصْعَبِ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ اَبِى قَتَادَةَ، قَالَ: خَرَجَ مُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ يَطْلُبُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمْ يَجِدْهُ، فَطَلَبَهُ فِى بُيُوتِهِ فَلَمْ يَجِدْهُ، فَاتَّبَعَهُ فِى سِكَّةٍ سِكَّةٍ حَتَّى دُلَّ عَلَيْهِ فِى جَبَلِ ثَوَابٍ، فَخَرَجَ حَتَّى رَقِىَ جَبَلَ ثَوَابٍ، فَنَظَرَ يَمِينًا وَشِمَالًا، فَبَصُرَ بِهِ فِى

حضرت ابوقتادہ سے روایت ہے کہ حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ کو تلاش کرنے کے لیے نکلے' آپ نہیں ملے تو آپ کو گھر میں دیکھا تو آپ گھر میں نہیں تھے' آپ کو گلی میں دیکھا تو مجھے یہ بتایا گیا کہ آپ وہاں جبل ثواب پر چڑھے' دائیں بائیں جانب دیکھا' نماز میں دیکھا جس کو لوگوں نے مسجد فتح کی طرف جانے کا راستہ بنایا تھا' دیکھا تو آپ حالتِ سجدہ میں تھے' میں پہاڑ کی چوٹی سے اُترا' آپ سجدہ کی حالت میں تھے'

**9105**- اسناده فيه: اسحاق بن ابراهيم ضعيف (التهذيب' والجرح) تخريجه الطبرانى فى الصغير' وانظر مجمع الزوائد جلد2صفحه291 .

الْكَهْفِ الَّذِى اتَّخَذَ النَّاسُ اِلَيْهِ طَرِيقًا اِلَى مَسْجِدِ الْفَتْحِ، فَاِذَا هُوَ سَاجِدٌ، فَهَبَطْتُ مِنْ رَاْسِ الْجَبَلِ وَهُوَ سَاجِدٌ، فَلَمْ يَرْفَعْ رَاْسَهُ حَتَّى اَسَاْتُ بِهِ الظَّنَّ، وَظَنَنْتُ اَنْ قَدْ قُبِضَ، فَلَمَّا رَفَعَ رَاْسَهُ قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، لَقَدْ اَسَاْتُ بِكَ الظَّنَّ، وَظَنَنْتُ اَنَّكَ قَدْ قُبِضْتَ، فَقَالَ: جَاءَ نِى جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ بِهَذَا الْمَوْضِعِ، فَقَالَ: اِنَّ اللّٰهَ تَبَارَكَ وَتَعَالَى يُقْرِئُكَ السَّلَامَ، وَيَقُولُ لَكَ: مَا تُحِبُّ اَنْ اَفْعَلَ بِاُمَّتِكَ؟ قُلْتُ: اللّٰهُ اَعْلَمُ، فَذَهَبَ ثُمَّ جَاءَ نِى، فَقَالَ: اِنَّهُ يَقُولُ: لَا اَسُوءُكَ فِى اُمَّتِكَ، فَسَجَدْتُ، فَاَفْضَلُ مَا يُتَقَرَّبُ بِهِ اِلَى اللّٰهِ السُّجُودُ

آپ نے سرنہیں اُٹھایا یہاں تک کہ مجھے آپ کے متعلق بُرا گمان ہوا' میں نے گمان کیا کہ آپ کا وصال ہو گیا ہے' جب آپ نے اپنا سر مبارک اُٹھایا تو میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں نے آپ کے متعلق یہ گمان کیا ہے' میں نے گمان کیا کہ آپ کا وصال ہو گیا ہے' آپ نے فرمایا: میرے پاس حضرت جبریل آئے تھے اس جگہ' عرض کرنے لگے: اللہ عزوجل آپ کو سلام کہتا ہے اور آپ کو فرماتا ہے کہ آپ اپنی اُمت کے ساتھ کیا کروانا پسند کرتے ہیں؟ میں نے کہا: اللہ زیادہ جانتا ہے! حضرت جبریل گئے' پھر آئے اور عرض کرنے لگے: اللہ عزوجل نے فرمایا ہے کہ میں آپ کو آپ کی اُمت کے حوالہ سے ناراض نہیں کروں گا' میں نے سجدہ کیا کیونکہ بندہ اللہ کے قریب حالتِ سجدہ میں ہوتا ہے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ اَبِى قَتَادَةَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ

یہ حدیث ابوقتادہ سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں ابراہیم بن منذر اکیلے ہیں۔

**9106** - حَدَّثَنَا مَسْعَدَةُ بْنُ سَعْدٍ، ثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَعْنٍ الْغِفَارِيُّ، نَا مُوسَى بْنُ سَعْدٍ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّهُ خَرَجَ مَعَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ اَعْطَى بَيْعَتَهُ ثُمَّ نَكَثَهَا، لَقِيَ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَلَيْسَتْ مَعَهُ يَمِينُهُ

حضرت موسیٰ بن سعد اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ وہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے ساتھ تھے' حضرت عبداللہ بن عمر نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جس نے بیعت کی پھر اس کو توڑ کر وہ اللہ عزوجل سے ملے گا تو قیامت کے دن اس کے ساتھ قسم نہیں ہو گی۔

**9106**- اسناده فيه: موسى بن سعد المدنى' قال أبو حاتم: مجهول وأبوه مجهول . (التقريب' والتهذيب) . وانظر مجمع الزوائد جلد5صفحه228 .

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُوسَى إِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ مَعْنٍ، تَفَرَّدَ بِهِ إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ

یہ حدیث موسیٰ سے محمد بن معن روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ابراہیم بن منذر اکیلے ہیں۔

**9107** - حَدَّثَنَا مَسْعَدَةُ بْنُ سَعْدٍ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، ثنا إِسْحَاقُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ الْمَخْرَمِيُّ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ الْفُضَيْلِ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَكَمِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَةَ، عَنْ أَبِي رَافِعٍ، قَالَ: قَالَ ابْنُ مَسْعُودٍ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَمْ يَكُنْ نَبِيٌّ قَطُّ إِلَّا لَهُ فِي أُمَّتِهِ حَوَارِيُّونَ مِنْ أَصْحَابِهِ، يَتَّبِعُونَ أَمْرَهُ، وَيَهْتَدُونَ بِسُنَّتِهِ

حضرت ابورافع فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ہر نبی کی اُمت میں اس کے اصحاب میں سے حواری تھے جو اس کے حکم کی اتباع کرتے اور اس کی سنت کی راہنمائی کرتے ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ جَعْفَرٍ إِلَّا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ

یہ حدیث اسحاق بن جعفر سے ابراہیم بن منذر روایت کرتے ہیں۔

**9108** - حَدَّثَنَا مَسْعَدَةُ بْنُ سَعْدٍ الْعَطَّارُ، ثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، نَا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، حَدَّثَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ حُسَيْنِ بْنِ عَطَاءٍ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ بَكْرِ بْنِ الْفُرَاتِ، عَنْ شَرِيكِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي نَمِرٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْتَسْقَى، فَخَطَبَ قَبْلَ الصَّلَاةِ، وَاسْتَقْبَلَ الْقِبْلَةَ، وَحَوَّلَ رِدَاءَهُ، ثُمَّ نَزَلَ فَصَلَّى رَكْعَتَيْنِ لَمْ يُكَبِّرْ فِيهِمَا إِلَّا تَكْبِيرَةً تَكْبِيرَةً

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بارش کے لیے دعا مانگی، آپ نے نماز سے پہلے خطبہ دیا اور قبلہ رُخ کیا اور اپنی چادر کو پلٹا، پھر آپ منبر سے اُترے، دو رکعت نفل پڑھی، ان میں صرف ایک بار اللہ اکبر کہا۔

---

**9107**- أخرجه مسلم فی الایمان جلد1صفحه70، وأحمد فی المسند جلد1صفحه597 رقم الحديث: 4401 .

**9108**- أصله عند البخاری ومسلم: أخرجه البخاری فی الاستسقاء جلد 2صفحه595 رقم الحديث: 1021، ومسلم: الاستسقاء جلد2صفحه612 .

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حُسَيْنٍ إِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، تَفَرَّدَ بِهِ إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ

یہ حدیث عبداللہ بن حسین سے محمد بن فلیح روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ابراہیم بن منذر اکیلے ہیں۔

**9109** - حَدَّثَنَا مَسْعَدَةُ بْنُ سَعْدٍ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ طَلْحَةَ التَّيْمِيُّ، حَدَّثَنِي إِسْحَاقُ بْنُ يَحْيَى بْنِ طَلْحَةَ، قَالَ: كُنْتُ مَعَ مُوسَى بْنِ طَلْحَةَ فِي الْمَسْجِدِ، فَدَخَلَ السَّائِبُ بْنُ يَزِيدَ، فَقَالَ: اذْهَبْ إِلَى ذَلِكَ الشَّيْخِ، فَقُلْ لَهُ: يَقُولُ لَكَ عَمِّي مُوسَى بْنُ طَلْحَةَ: هَلْ رَأَيْتَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ فَأَتَيْتُهُ، فَقُلْتُ: هَلْ رَأَيْتَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ فَقَالَ: قَدْ رَأَيْتُهُ، فَدَخَلْنَا عَلَيْهِ أَنَا وَغِلْمَةٌ مَعِي، فَوَجَدْنَاهُ يَأْكُلُ تَمْرًا فِي قِنَاعٍ، وَمَعَهُ نَاسٌ مِنْ أَصْحَابِهِ، فَقَبَضَ لَنَا مِنْ ذَلِكَ التَّمْرِ قَبْضَةً قَبْضَةً، وَمَسَحَ عَلَى رُءُوسِنَا

حضرت اسحاق بن یحییٰ بن طلحہ فرماتے ہیں کہ میں موسیٰ بن طلحہ کے ساتھ تھا مسجد میں تو حضرت سائب بن یزید داخل ہوئے' فرمایا: اس بزرگ کے پاس جاؤ! ان سے عرض کرو کہ آپ کو میرے چچا موسیٰ بن طلحہ فرماتے ہیں: کیا آپ نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا' میں کے پاس آیا' میں نے عرض کی: آپ نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا ہے؟ فرمایا: میں نے آپ کو دیکھا ہے' میں آپ کے پاس آیا تو میرے ساتھ ایک بچہ تھا' ہم نے پایا کہ آپ برتن میں کھجوریں تناول کر رہے تھے' آپ کے ساتھ چند صحابہ کرام بھی تھے' آپ نے ہمیں ایک مٹھی کھجوریں دیں اور ہمارے سروں پر دستِ شفقت پھیرا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ إِسْحَاقَ إِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ طَلْحَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ

یہ حدیث اسحاق سے محمد بن طلحہ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ابراہیم بن منذر اکیلے ہیں۔

**9110** - حَدَّثَنَا مَسْعَدَةُ بْنُ سَعْدٍ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نَافِعٍ، حَدَّثَنِي أَبُو مَعْشَرٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ حَمْزَةَ بْنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ شُعْبَةَ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: خَرَجَ النَّبِيُّ صَلَّى

حضرت حمزہ بن مغیرہ بن شعبہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ غزوۂ تبوک کے لیے نکلے' جب آدھا راستہ طے کیا تو آپ قضاء حاجت کے لیے گئے' میں آپ کے پیچھے ہوا' جب آپ فارغ ہوئے

**9109**- اسناده فيه: اسحاق بن يحيى بن طلحة . ضعيف .

**9110**- أصله عند البخاري ومسلم: أخرجه البخاري في الصلاة جلد 1 صفحه 564 رقم الحديث: 363' ومسلم في الطهارة جلد 1 صفحه 229 .

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي غَزْوَةِ تَبُوكَ، فَلَمَّا كَانَ بِبَعْضِ الطَّرِيقِ ذَهَبَ لِحَاجَتِهِ وَتَبِعْتُهُ، فَلَمَّا فَرَغَ قُلْتُ: هَذَا الْمَاءُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَاسْتَأْخَرَ عَنِّي، فَاسْتَأْخَرْتُ عَنْهُ، فَاسْتَنْجَى بِالْمَاءِ، ثُمَّ قَالَ: صُبَّ عَلَيَّ، فَصَبَبْتُ عَلَيْهِ، فَغَسَلَ وَجْهَهُ ثَلَاثًا، وَيَدَيْهِ ثَلَاثًا، وَمَسَحَ بِرَأْسِهِ، وَمَسَحَ عَلَى الْخُفَّيْنِ

تو میں نے عرض کی: یارسول اللہ! یہ پانی ہے' آپ مجھ سے دور ہوئے' میں آپ سے دور ہوا' آپ نے پانی سے استنجاء کیا پھر فرمایا: مجھ پر پانی ڈالو! میں نے آپ پر پانی ڈالا تو آپ نے اپنے چہرے کو تین مرتبہ اور دونوں ہاتھوں کو تین مرتبہ دھویا اور سر اور موزوں پر مسح کیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ إِلَّا أَبُو مَعْشَرٍ، وَلَا عَنْ أَبِي مَعْشَرٍ إِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نَافِعٍ، تَفَرَّدَ بِهِ إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ

یہ حدیث عبیداللہ بن عمر سے ابومعشر اور ابومعشر سے عبداللہ بن نافع روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ابراہیم بن منذر اکیلے ہیں۔

**9111** - حَدَّثَنَا مَسْعَدَةُ بْنُ سَعْدٍ، ثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، ثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ حَسَنِ بْنِ أَبِي رَافِعٍ، ثَنَا كَثِيرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ذِي الْبِجَادَيْنِ الَّذِي هَلَكَ فِي غَزْوَةِ تَبُوكَ، أَنَّهُ هَلَكَ فِي جَوْفِ اللَّيْلِ، فَنَزَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حُفْرَتِهِ، وَقَالَ لِأَبِي بَكْرٍ وَعُمَرَ: أَدْلِيَا إِلَيَّ أَخَاكُمَا، فَلَمَّا وَضَعَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي لَحْدِهِ قَالَ: اللّٰهُمَّ إِنِّي رَاضٍ عَنْهُ، فَارْضَ عَنْهُ فَقَالَ أَبُو بَكْرٍ: وَاللّٰهِ لَوَدِدْتُ أَنِّي صَاحِبُ الْحُفْرَةِ

حضرت کثیر بن عبداللہ اپنے والد سے' وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت عبداللہ ذی بجادین جو غزوۂ تبوک میں وصال کر گئے' ان کا وصال آدھی رات کے وقت ہوا' حضور ﷺ ان کی قبر میں اُترے اور حضرت ابوبکر و عمر سے فرمایا: تم دونوں اپنے بھائی کو نیچے کرو! جب حضور ﷺ نے ان کو لحد میں رکھا تو عرض کی: اے اللہ! میں اس سے راضی تھا تُو اس سے راضی ہو! حضرت ابوبکر نے فرمایا: اللہ کی قسم! میں نے خواہش کی کہ میں صاحبِ قبر میں ہوتا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ كَثِيرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ إِلَّا إِبْرَاهِيمُ بْنُ عَلِيٍّ، تَفَرَّدَ بِهِ إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ

یہ حدیث کثیر بن عبداللہ سے ابراہیم بن علی روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ابراہیم بن منذر اکیلے ہیں۔

**9111**- اسناده فيه: أ- ابراهيم بن على بن حسن بن أبي رافع' ضعيف . ب - كثير بن عبد الله المزني ضعيف . وانظر مجمع الزوائد جلد3صفحه46 .

**9112** - حَدَّثَنَا مَسْعَدَةُ بْنُ سَعْدٍ، ثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، نَا مُحَمَّدُ بْنُ طَلْحَةَ التَّيْمِيُّ، ثَنَا عَبْدُ الْحَكِيمِ بْنُ سُفْيَانَ بْنِ اَبِي نَمِرٍ، عَنْ شَرِيكِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي نَمِرٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: خَرَجْنَا فِي غَزْوَةِ ذَاتِ الرِّقَاعِ، حَتّٰى اِذَا كُنَّا بِحَرَّةِ وَاقِمٍ عَرَضَتِ امْرَاَةٌ بَدَوِيَّةٌ بِابْنٍ لَهَا، فَجَاءَتْ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَتْ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، هٰذَا ابْنِي قَدْ غَلَبَنِي عَلَيْهِ الشَّيْطَانُ، فَقَالَ: اَدْنِيهِ مِنِّي، فَاَدْنَتْهُ مِنْهُ، فَقَالَ: افْتَحِي فَمَهُ، فَفَتَحَتْهُ، فَبَصَقَ فِيهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ قَالَ: اخْسَاْ عَدُوَّ اللّٰهِ، وَاَنَا رَسُولُ اللّٰهِ - قَالَهَا ثَلَاثَ مَرَّاتٍ - ، ثُمَّ قَالَ: شَاْنُكِ بِابْنِكِ، لَيْسَ عَلَيْهِ بَاْسٌ، فَلَنْ يَعُودَ اِلَيْهِ شَيْءٌ مِمَّا كَانَ يُصِيبُهُ، ثُمَّ خَرَجْنَا فَنَزَلْنَا مَنْزِلًا، ضَحْوًا دَيْمُومَةٌ لَيْسَ فِيهَا شَجَرَةٌ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِجَابِرٍ: يَا جَابِرُ، انْطَلِقْ فَانْظُرْ لِي مَكَانًا - يَعْنِي لِلْوُضُوءِ - ، فَخَرَجْتُ اَنْطَلِقُ، فَلَمْ اَجِدْ اِلَّا شَجَرَتَيْنِ مُفْتَرِقَتَيْنِ، لَوْ اَنَّهُمَا اجْتَمَعَتَا سَتَرَتَاهُ، فَرَجَعْتُ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَا رَاَيْتُ شَيْئًا يَسْتُرُكَ اِلَّا شَجَرَتَيْنِ مُتَفَرِّقَتَيْنِ لَوْ اَنَّهُمَا اجْتَمَعَتَا سَتَرَتَاكَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: انْطَلِقْ اِلَيْهِمَا، فَقُلْ لَهُمَا:

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہم غزوۂ ذات الرقاع میں نکلے یہاں تک کہ جب ہم سخت گرمی میں تھے تو ایک بدوی عورت اپنے بیٹے کو لے کر ملی، وہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں آئی، عرض کی: اے اللہ کے رسول! مجھے شیطان نے اس پر غلبہ دیا۔ آپ نے فرمایا: اس کو میرے قریب کر۔ اس نے آپ کے قریب کیا تو آپ نے فرمایا: اس کا منہ کھولو! اس نے اس کا منہ کھولا۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس کے منہ میں اپنا لعاب دہن ڈالا، پھر فرمایا: اے اللہ کے دشمن! نکل جا! میں اللہ کے رسول ہوں! آپ نے یہ کلمات تین بار کہے، پھر فرمایا: تیرے بیٹے کے ساتھ تیرے کام کا اس پر کوئی گناہ نہیں، سو اس کو جو تکلیف پہنچ چکی ہے، پہنچ چکی ہے، اب اس کی طرف سے کوئی چیز ہرگز نہ لوٹے گی۔ پھر ہم چل کر چاشت کے وقت اپنی منزلِ مقصود پر پہنچے، جنگل نما ایسی جگہ تھی جس میں کوئی درخت نہ تھا۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے فرمایا: اے جابر! جا ہمارے لیے کوئی وضو کی جگہ دیکھ۔ میں نے جا کر دیکھا دو درخت الگ کھڑے تھے، اگر وہ اکٹھے ہوتے تو پردہ بن جاتا۔ میں واپس نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں آیا۔ میں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! میں نے پردے کے لیے ان دو درختوں کے علاوہ کوئی چیز نہیں دیکھی، اگر یہ اکٹھے ہوں تو آپ کے لیے پردہ بن سکتے ہیں۔ نبی

**9112**- اسناده فيه: عبد الحكيم بن سفيان بن أبي نمر أبو حرب، ترجمه ابن أبي حاتم، ولم يذكر راويًا عنه غير محمد بن طلحة التيمي، ولم أجد من وثقه . وانظر مجمع الزوائد جلد9صفحه11 .

إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لَكُمَا: اجْتَمِعَا قَالَ: فَخَرَجْتُ، فَقُلْتُ لَهُمَا، فَاجْتَمَعَا حَتَّى كَأَنَّهُمَا فِي أَصْلٍ وَاحِدٍ، ثُمَّ رَجَعْتُ فَأَخْبَرْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَخَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى قَضَى حَاجَتَهُ، ثُمَّ رَجَعَ، فَقَالَ: ائْتِهِمَا، فَقُلْ لَهُمَا: إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ يَقُولُ: ارْجِعَا كَمَا كُنْتُمَا، كُلُّ وَاحِدَةٍ إِلَى مَكَانِهَا ، فَرَجَعْتُ، فَقُلْتُ لَهُمَا: إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لَكُمَا: ارْجِعَا كَمَا كُنْتُمَا ، فَرَجَعَتَا ثُمَّ خَرَجْنَا فَنَزَلْنَا فِي وَادٍ مِنْ أَوْدِيَةِ بَنِي مُحَارِبٍ، فَعَرَضَ لَهُ رَجُلٌ مِنْ بَنِي مُحَارِبٍ يُقَالُ لَهُ: غَوْرَثُ بْنُ الْحَارِثِ، وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُتَقَلِّدٌ سَيْفَهُ، فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ، أَعْطِنِي سَيْفَكَ هَذَا، فَسَلَّهُ، وَنَاوَلَهُ إِيَّاهُ، فَهَزَّهُ وَنَظَرَ إِلَيْهِ سَاعَةً، ثُمَّ أَقْبَلَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ، مَا يَمْنَعُكَ مِنِّي؟ قَالَ: اللّٰهُ يَمْنَعُنِي مِنْكَ ، فَارْتَعَدَتْ يَدُهُ، حَتَّى سَقَطَ السَّيْفُ مِنْ يَدِهِ، فَتَنَاوَلَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ قَالَ: يَا غَوْرَثُ، مَنْ يَمْنَعُكَ مِنِّي؟ قَالَ: لَا أَحَدَ، بِأَبِي أَنْتَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اللّٰهُمَّ اكْفِنَا غَوْرَثًا وَقَوْمَهُ ثُمَّ أَقْبَلْنَا رَاجِعِينَ، فَجَاءَ رَجُلٌ مِنْ أَصْحَابِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِعُشِّ طَيْرٍ يَحْمِلُهُ فِيهِ فِرَاخٌ، وَأَبَوَاهُ يَتْبَعَانِهِ، وَيَقَعَانِ عَلَى يَدِ الرَّجُلِ، فَأَقْبَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ

کریم ﷺ نے فرمایا: ان دونوں کو جا کر بولو کہ رسول کریم ﷺ تمہیں فرما رہے ہیں: اکٹھے ہو جاؤ! میں نے جا کر ان سے کہا تو وہ اکٹھے ہو گئے' یوں لگتا تھا جیسے دونوں کی جڑ ایک ہے۔ پھر میں نے واپس آ کر نبی کریم ﷺ کو بتایا تو آپ نے تشریف لے جا کر قضائے حاجت کی۔ پھر آپ ﷺ تشریف لے آئے۔ آپ نے فرمایا: اب ان دونوں کو جا کر کہو کہ اپنی اپنی جگہ لوٹ جاؤ۔ ان میں سے ہر ایک اپنی جگہ ہو گیا' جب میں نے ان دونوں کو جا کر کہا کہ اپنی اپنی جگہ چلے جاؤ۔ پھر ہم چلے اور بنی محارب کی ایک وادی میں حارثہ سے' بنی محارب کا ایک آدمی سامنے آیا جس کو غورث بن حارث کہا جاتا تھا۔ نبی کریم ﷺ اپنی تلوار گلے میں لٹکائے ہوئے تھے۔ اس نے کہا: اے محمد! مجھے اپنی یہی تلوار دے دیں۔ آپ نے نیام سے باہر نکال کر دے دی۔ اس نے تلوار کو لہرایا اور آپ کی طرف ایک گھڑی دیکھا پھر نبی کریم ﷺ پر حملہ آور ہو کر کہنے لگا: اے محمد! آپ کو مجھ سے کون بچائے گا؟ آپ نے بڑے اطمینان سے فرمایا: تجھ سے مجھے میرا خدا بچائے گا۔ اس کے ہاتھ کانپنے لگے یہاں تک کہ اس کے ہاتھ سے تلوار گر گئی۔ سو آپ نے اپنی تلوار کو اُٹھا کر فرمایا: اے غورث! اب تُو بتا تجھے مجھ سے کون بچائے گا؟ اس نے کہا: کوئی بچانے والا نہیں! میرا باپ آپ پر قربان! نبی کریم ﷺ نے فرمایا: اے اللہ! تُو غورث اور اس کی قوم کے لیے کافی ہو جا۔ پھر ہم واپس لوٹے' ایک صحابی پرندے کا گھونسلا اُٹھا

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى مَنْ كَانَ مَعَهُ، فَقَالَ: اَتَعْجَبُونَ بِفِعْلِ هَذَيْنِ الطَّيْرَيْنِ بِفِرَاخِهِمَا؟ وَالَّذِي بَعَثَنِي بِالْحَقِّ، لَلَّهُ اَرْحَمُ بِعِبَادِهِ مِنْ هَذَيْنِ الطَّيْرَيْنِ بِفِرَاخِهِمَا ، ثُمَّ اَقْبَلْنَا رَاجِعِينَ، حَتَّى كُنَّا بِحَرَّةِ وَاقِمٍ عَرَضَتْ لَنَا الْاَعْرَابِيَّةُ الَّتِي جَاءَتْ بِابْنِهَا بِوَطْبٍ مِنْ لَبَنٍ وَشَاةٍ، وَاَهْدَتْهُ لَهُ، فَقَالَ: مَا فَعَلَ ابْنُكِ؟ هَلْ اَصَابَهُ شَيْءٌ مِمَّا كَانَ يُصِيبُهُ؟ قَالَتْ: وَالَّذِي بَعَثَكَ بِالْحَقِّ مَا اَصَابَهُ شَيْءٌ مِمَّا كَانَ يُصِيبُهُ، وَقَبِلَ هَدِيَّتَهَا، ثُمَّ اَقْبَلْنَا حَتَّى اِذَا كُنَّا بِمَهْبِطٍ مِنَ الْحَرَّةِ اَقْبَلَ جَمَلٌ يُرْقِلُ، فَقَالَ: اَتَدْرُونَ مَا قَالَ هَذَا الْجَمَلُ؟ قَالُوا: اللّٰهُ وَرَسُولُهُ اَعْلَمُ، قَالَ: هَذَا جَمَلٌ جَاءَنِي يَسْتَعِيذُنِي عَلَى سَيِّدِهِ، يَزْعُمُ اَنَّهُ كَانَ يَحْرُثُ عَلَيْهِ مُنْذُ سِنِينَ حَتَّى اِذَا اَجْرَبَهُ وَاَعْجَفَهُ وَكَبُرَ سِنُّهُ اَرَادَ اَنْ يَنْحَرَهُ، اذْهَبْ مَعَهُ يَا جَابِرُ اِلَى صَاحِبِهِ فَائْتِ بِهِ ، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَا اَعْرِفُ صَاحِبَهُ، قَالَ: اِنَّهُ سَيَدُلُّكَ عَلَيْهِ ، قَالَ: فَخَرَجَ بَيْنَ يَدَيَّ مُعْتَنِقًا حَتَّى وَقَفَ بِي فِي مَجْلِسِ بَنِي خَطْمَةَ، فَقُلْتُ: اَيْنَ رَبُّ هَذَا الْجَمَلِ؟ قَالُوا: فُلَانُ بْنُ فُلَانٍ، فَجِئْتُهُ، فَقُلْتُ: اَجِبْ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَخَرَجَ مَعِي حَتَّى جَاءَ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ جَمَلَكَ هَذَا يَسْتَعِيذُنِي عَلَيْكَ، يَزْعُمُ اَنَّكَ حَرَثْتَ عَلَيْهِ زَمَانًا حَتَّى اَجْرَبْتَهُ وَاَعْجَفْتَهُ وَكَبُرَ سِنُّهُ ثُمَّ اَرَدْتَ اَنْ تَنْحَرَهُ؟ قَالَ: وَالَّذِي بَعَثَكَ

کرلایا جس میں بچے تھے اور بچوں کے ماں باپ پیچھے پیچھے۔ اس آدمی کے ہاتھ سے گر رہے تھے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس آدمی کی طرف متوجہ ہوکر فرمایا: ان دونوں پرندوں کے اپنے بچوں کے ساتھ اس انداز میں محبت کا اظہار کرنے پر تعجب نہیں کرتے؟ قسم اس ذات کی جس نے مجھے حق کے ساتھ بھیجا۔ اللہ تعالیٰ ان پرندوں سے بھی زیادہ اپنے بندوں پر رحم فرمانے والا ہے جتنا یہ اپنے بچوں سے کررہے ہیں۔ پھر ہم وہاں سے لوٹے یہاں تک کہ سخت گرمی میں تھے۔ وہی دیہاتی عورت اپنا بچہ لے کر اور بکری اور دودھ کی مشک کے ساتھ آئی' اس نے وہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں تحفہ پیش کیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تیرے بیٹے کا کیا بنا؟ کیا اسے دوبارہ کوئی چیز لگی جو اسے پہلے پہنچی تھی؟ ہدیہ قبول فرمایا' پھر ہم چلے۔ یہاں تک کہ جب ہم خوب گرمی اُترنے کی جگہ پر تھے تو آگے سے ایک اونٹ ملا۔ اپنے انداز میں کچھ کہہ رہا تھا' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جانتے ہو اس اونٹ نے کیا کہا؟ سب نے عرض کی: اللہ اور اس کا رسول بہتر جانتے ہیں۔ یہ اونٹ اپنے سردار سے میری پناہ چاہتا ہے' اس کا گمان ہے کہ وہ کئی سال سے اس پر ہل چلا رہا تھا یہاں تک کہ جب یہ بیمار اور بوڑھا لاغر ہو گیا تو اس نے اسے ذبح کرنے کا ارادہ کرلیا ہے۔ اے جابر! اس کے ساتھ جاؤ۔ اس کے مالک کو ساتھ لے آؤ۔ میں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! میں اس کے مالک کو نہیں پہچانتا۔ آپ نے فرمایا: یہ اونٹ تیری

بِالْحَقِّ اِنْ ذٰلِكَ كَذٰلِكَ، فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بِعْنِيهِ ، قَالَ: نَعَمْ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَابْتَاعَهُ مِنْهُ، ثُمَّ سَيَّبَهُ فِي الشَّجَرَةِ حَتّٰى نَصَبَ سَنَامًا، وَكَانَ اِذَا اعْتَلَّ عَلَى بَعْضِ الْمُهَاجِرِينَ اَوِ الْاَنْصَارِ مِنْ نَوَاضِحِهِمْ شَيْءٌ اَعْطَاهُ اِيَّاهُ، فَمَكَثَ بِذٰلِكَ زَمَانًا ۔ قَالَ اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ: قَالَ لِي مُحَمَّدُ بْنُ طَلْحَةَ: كَانَتْ غَزْوَةُ ذَاتِ الرِّقَاعِ تُسَمَّى غَزْوَةَ الْاَعَاجِيبِ۔

راہنمائی کرے گا۔ آپ فرماتے ہیں: وہ میرے سامنے سے آزاد ہو کر نکلا اور مجھے ساتھ لے کر بنی خطمہ کی مجلس میں جا کر کھڑا ہو گیا۔ میں نے کہا: اس اونٹ کا مالک کہاں ہے؟ اُنہوں نے کہا: فلاں بن فلاں ہے' میں اس کے پاس آیا' میں نے اسے بتایا کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بلاتے ہیں' وہ نکل کر میرے ساتھ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں آیا۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس سے فرمایا: یہ تیرا اونٹ میرے پاس تیری شکایت کر رہا ہے' اس کا گمان ہے کہ ایک لمبا زمانہ تُو نے اس پر ہل چلائے یہاں تک کہ اب وہ بیمار' لاغر اور بوڑھا ہو گیا ہے تو تُو نے اس کو ذبح کرنے کا ارادہ کرلیا ہے؟ اس نے عرض کی: قسم ہے اس ذات کی جس نے آپ کو حق کے ساتھ بھیجا ہے! بات اسی طرح ہے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اسے میرے ہاتھوں بیچ دے۔ اس نے کہا: ہاں! یارسول اللہ! آپ نے اس سے خرید لیا' پھر اسے درختوں میں کھلا چھوڑ دیا یہاں تک کہ اس کی کوہان موٹی ہوگئی۔ جب کسی مہاجر یا انصاری کی کوئی فصل پکتی تو وہ ضرور اس کو آ کر ڈالتے' وہ اس طرح لمبا زمانہ رہا۔ حضرت ابراہیم بن منذر فرماتے ہیں: محمد بن طلحہ نے مجھ سے کہا: غزوۂ رقاع کا دوسرا نام غزوۃ الاعاجیب ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ شَرِيكِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ اِلَّا عَبْدُ الْحَكِيمِ بْنُ سُفْيَانَ، وَلَا عَنْ عَبْدِ الْحَكِيمِ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ طَلْحَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ

حضرت شریک سے اس حدیث کو عبدالحکیم بن سفیان اور عبدالحکیم سے محمد بن طلحہ نے ہی روایت کیا۔ ابراہیم بن منذر اس کے ساتھ اکیلے ہیں۔

**9113** - حَدَّثَنَا مَسْعَدَةُ بْنُ سَعْدٍ، ثَنَا

حضرت اُم سلیمان رضی اللہ عنہا سے روایت ہے

**9113**- اسناده فيه: خالد بن الياس متروك . تخريجه الطبراني في الكبير' وانظر مجمع الزوائد جلد6صفحه300 .

اِبْـرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نَافِعٍ، عَنْ خَالِدِ بْـنِ اِلْيَاسَ، عَنْ اَبِي بَكْرِ بْنِ سُلَيْمَانَ بْنِ اَبِي حَثْمَةَ، عَـنِ الشِّـفَـاءِ اُمِّ سُلَيْمَانَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَـلَّـمَ اسْتَعْمَلَ اَبَا جَهْمِ بْنَ حُذَيْفَةَ عَلَى الْمَغَانِمِ، فَـاَصَـابَ رَجُلًا بِـقَوْسِهِ، فَشَجَّهُ مُنَقِّلَةً، فَقَضَى فِيهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِخَمْسَ عَشَرَةَ فَرِيضَةً

کہ حضور ﷺ نے حضرت ابوجہم بن حذیفہ کو مالِ غنیمت پر مقرر فرمایا' ان کو ایک آدمی نے تیرا مارا' ان کو زخم لگا تو حضور ﷺ نے ان کے لیے پندرہ فریضے دینے کا فیصلہ کیا۔

لَا يُـرْوَى هَـذَا الْحَدِيثُ عَنِ الشِّفَاءِ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ خَالِدُ بْنُ اِلْيَاسَ

یہ حدیث شفاء سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں خالد بن الیاس اکیلے ہیں۔

**9114** - حَـدَّثَـنَـا مَسْعَـدَةُ بْـنُ سَعْدٍ، ثَنَا اِبْـرَاهِيـمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نَافِعٍ الصَّائِغُ، عَنْ عَبْـدِ الـلّٰـهِ بْـنِ عُـمَرَ بْنِ حَفْصٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ رُومَـانَ، عَـنْ عُـرْوَةَ بْـنِ الـزُّبَيْـرِ، عَنْ اَبِي حُمَيْدٍ السَّـاعِدِيِّ، قَـالَ: اسْتَـعْمَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَـلَّـمَ رَجُلًا مِـنْ اَصْحَابِهِ عَلَى الصَّدَقَاتِ، فَقَدِمَ فَـقَـالَ لَمَّا جَاءَ بِهِ: هَذَا لَكُمْ، وَهَذَا لِي، فَبَلَغَ ذَلِكَ الـنَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَخَطَبَ النَّاسَ، فَقَالَ: مَـا بَـالِـي اَسْتَـعْمِلُ اَحَدَكُمْ عَلَى اَشْيَاءِ مِمَّا وَلَّانِي الـلّٰـهُ، فَيَـقْدُمُ، فَيَقُولُ: هَذَا لَكُمْ، وَهَذَا اُهْدِيَ لِي، اَلَا يَـجْـلِـسُ اَحَدُكُمْ فِي بَيْتِ اَبِيهِ وَبَيْتِ اُمِّهِ حَتَّى يُهْـدَى لَهُ؟ ثُمَّ قَالَ: اَلَا يَقْعُدُ اَحَدُكُمْ فِي بَيْتِ اَبِيهِ وَبَيْـتِ اُمِّـهِ حَتَّـى يُهْـدَى لَـهُ؟ ثُمَّ قَـالَ: لَا يَـاْتِي اَحَـدُكُـمْ يَـوْمَ الْقِـيَـامَةِ بِبَعِيرٍ يَحْمِلُهُ عَلَى ظَهْرِهِ لَهُ

حضرت ابوحمید الساعدی فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے اپنے اصحاب میں سے کسی آدمی کو صدقات پر مقرر کیا' وہ گئے جب واپس آئے تو کہنے لگے: یہ تمہارے لیے ہے اور یہ میرے لیے! یہ بات حضور ﷺ تک پہنچی تو آپ نے لوگوں کو خطبہ دیا' فرمایا: مجھے کیا ہے کہ تم میں سے کسی کو کسی کام پر امیر مقرر کیا جاتا ہے' جس پر اللہ نے مجھے مقرر کیا ہے' وہ آتا ہے تو کہتا ہے: یہ تمہارے لیے ہے اور یہ میرے لیے ہے' جو ہدیہ دیا گیا ہے کیا تم میں سے کوئی اپنے باپ کے گھر یا ماں کے گھر بیٹھتا تو اس کو تحفے آتے؟ پھر فرمایا: کیا تم میں کوئی اپنے گھر' باپ اور ماں کے گھر بیٹھتا تو اس کو تحفے آتے؟ پھر فرمایا: تم میں کوئی قیامت کے دن آئے گا اونٹ اُٹھائے ہوئے اپنی پشت پر جو آوازیں نکال رہا ہوگا اور بکری یا گائے جو آوازیں نکال رہی ہوں گی' پھر آپ نے آسمان کی

**9114**- أخرجه البخاري في الهبة جلد5صفحه 261 رقم الحديث: 2597' ومسلم في الامارة جلد3صفحه 1463 .

رُغَاءٌ، اَوْ بَقَرَةٌ لَهَا خُوَارٌ اَوْ شَاةٌ لَهَا يُعَارٌ ثُمَّ رَفَعَ يَدَيْهِ اِلَى السَّمَاءِ، فَقَالَ: اَلَا هَلْ بَلَّغْتُ

طرف ہاتھ اُٹھایا' عرض کی: کیا میں نے پیغام پہنچا دیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَزِيدَ بْنِ رُومَانَ اِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ اِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نَافِعٍ وَدَاوُدُ بْنُ خَالِدٍ الْخَيَّاطُ

یہ حدیث یزید بن رومان سے عبداللہ بن عمر اور عبداللہ سے عبداللہ بن نافع اور داؤد بن خالد الخیاط روایت کرتے ہیں۔

**9115** - حَدَّثَنَا مَسْعَدَةُ بْنُ سَعْدٍ، ثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، ثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ الْمَخْرَمِيُّ، عَنْ اُمِّ بَكْرٍ، عَنِ الْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَةَ، اَنَّ عَبْدَ الرَّحْمَنِ بْنَ عَوْفٍ، بَاعَ كَرْمَةً مِنْ عُثْمَانَ بِاَرْبَعِينَ اَلْفَ دِينَارٍ، فَاَمَرَ عُثْمَانُ عَبْدَ اللّٰهِ بنَ سَعْدِ بْنِ اَبِي سَرْحٍ، فَاَعْطَاهُ الثَّمَنَ، فَقَسَمَهُ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بَيْنَ بَنِي زُهْرَةَ، وَبَيْنَ فُقَرَاءِ الْمُسْلِمِينَ، وَاَزْوَاجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ الْمِسْوَرُ: فَاَتَيْتُ عَائِشَةَ، فَقَالَتْ: مَا هَذَا؟ قُلْتُ: بَعَثَ بِهِ عَبْدُ الرَّحْمَنِ، فَقَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَحْنُوا عَلَيْكُنَّ بَعْدِي اِلَّا الصَّابِرُونَ ، سَقَى اللّٰهُ ابْنَ عَوْفٍ مِنْ سَلْسَبِيلِ الْجَنَّةِ

حضرت مسور بن مخرمہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت عبدالرحمٰن بن عوف نے حضرت عثمان کو کہ چالیس ہزار فروخت کیا چالیس ہزار درہموں کا۔ حضرت عثمان نے عبداللہ بن سعد بن ابوسرح کو حکم دیا کہ ان کو ثمن دیں' حضرت عبدالرحمٰن نے بنی زہراء اور مسلمان فقیر اور حضور ﷺ کی ازواج کے درمیان تقسیم کر دیا۔ حضرت مسور فرماتے ہیں کہ میں حضرت عائشہ کے پاس آیا' آپ نے فرمایا: یہ کیا ہے؟ میں نے عرض کی: حضرت عبدالرحمٰن نے بھیجے ہیں' حضرت عائشہ نے فرمایا کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تم پر میرے بعد ترجیح صبر کرنے والوں کے لیے ہے' حضرت عبدالرحمٰن بن عوف کو جنت کی سلسبیل سے پلایا گیا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ اِلَّا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ

یہ حدیث اسحاق بن جعفر بن محمد سے ابراہیم بن منذر روایت کرتے ہیں۔

**9116** - حَدَّثَنَا مَسْعَدَةُ بْنُ سَعْدٍ، ثَنَا

حضرت عبداللہ بن ابورافع اپنے والد سے روایت

---

**9115**- اسناده فيه: مسعدة بن سعد العطار شيخ الطبراني لم أجد من ترجمه . تخريجه: أحمد في المسند' والحاكم في المستدرك .

**9116**- الكلام في اسناده كسابقه . وذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 6صفحه144 وقال: رواه الطبراني في الأوسط' ورجاله ثقات .

اِبْـرَاهِيـمُ بْـنُ الْمُنْذِرِ، نَا مَعْنُ بْنُ عِيسَى، ثَنَا فَائِدٌ- مَـوْلَى عَبَادِلَ - عَـنْ عُبَيْـدِ الـلّٰهِ بْنِ اَبِي رَافِعٍ، عَنْ اَبِيـهِ، اَنَّ الـنَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَدَا اِلَى بَنِي قُرَيْظَةَ عَلَى حِمَارٍ عُرْيٍ يُقَالَ لَهُ: يَعْفُورُ

کرتے ہیں کہ حضورصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بنی قریظہ کے پاس اپنے گدھے پر سوار ہوکر آتے‘ اس گدھے کا نام یعفور تھا۔

لَا يُـرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ اَبِي رَافِعٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ

یہ حدیث ابورافع سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں ابراہیم بن منذر اکیلے ہیں۔

**9117** - حَـدَّثَـنَـا مَسْـعَـدَةُ بْـنُ سَعْدٍ، ثَنَا اِبْـرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، ثَنَا اَبُو ضَمْرَةَ، ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيـدِ بْنِ اَبِي هِنْدٍ، عَنْ عَبْدِ الْمَجِيدِ بْنِ سُهَيْلِ بْنِ عَبْـدِ الـرَّحْـمَـنِ بْنِ عَوْفٍ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي هُـرَيْـرَةَ، قَـالَ: قَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مِنْبَرِي هَذَا عَلَى تُرْعَةٍ مِنْ تُرَعِ الْجَنَّةِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضورصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے فرمایا: میرا یہ منبر جنت کی کیاریوں میں سے ایک کیاری ہے۔

**9118** - حَـدَّثَـنَـا مَسْـعَـدَةُ بْـنُ سَعْدٍ، ثَنَا اِبْـرَاهِيـمُ بْـنُ الْمُنْذِرِ، ثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِي دَاوُدُ بْـنُ عَبْـدِ الـرَّحْـمَـنِ الْـعَطَّارُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ يَحْيَى الْـمَازِنِيِّ، عَنْ يُوسُفَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ ثَابِتِ بْنِ قَيْسِ بْـنِ شَـمَّـاسٍ، عَـنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَـلَّـى الـلّٰـهُ عَـلَيْـهِ وَسَـلَّمَ، اَنَّهُ دَخَلَ عَلَيْهِ، فَقَالَ: اكْشِفِ الْبَـاسَ رَبَّ الـنَّاسِ، عَنْ ثَابِتِ بْنِ قَيْسِ بْنِ شَـمَّاسٍ ثُمَّ اَخَذَ تُرَابًا مِنْ بُطْحَانَ، فَجَعَلَهُ فِي قَدَحٍ فِيهِ مَاءٌ، فَصَبَّهُ عَلَيْهِ

حضرت یوسف بن محمد بن ثابت بن قیس بن شماس اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضورصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان کے پاس آئے‘ عرض کرنے لگے: لوگوں کے رب! ثابت بن قیس بن شماس سے بیماری لے جا! پھر بطحان سے مٹی لی‘ اس کو پانی والے برتن میں ڈالا‘ ان پر مٹی ڈالی۔

لَـمْ يَـرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يُوسُفَ بْنِ مُحَمَّدٍ

یہ حدیث یوسف بن محمد بن ثابت سے عمرو بن یحییٰ

**9117**- أخرجه أحمد في المسند جلد**2**صفحه**593** رقم الحديث: **9826** .

**9118**- أخرجه أبو داؤد في الطب جلد**4**صفحه**9** رقم الحديث: **3885** .

بْنِ ثَابِتٍ اِلَّا عَمْرُو بْنُ يَحْيَى، وَلَا رَوَى عَنْ عَمْرِو بْنِ يَحْيَى اِلَّا دَاوُدُ الْعَطَّارُ، تَفَرَّدَ بِهِ ابْنُ وَهْبٍ

اور عمرو بن یحییٰ سے داؤد العطار روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ابن وہب اکیلے ہیں۔

**9119** - حَدَّثَنَا مَسْعَدَةُ بْنُ سَعْدٍ، ثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، ثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ حَسَنِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ اَبِي رَافِعٍ، حَدَّثَنِي فَائِدٌ - مَوْلَى عَبَادِلَ -، عَنْ مَوْلَاهُ عَبَادِلَ عَنْ اَبِي رَافِعٍ، اَنَّهُ بَاعَ قِطْعَةً اَقْطَعَهُ اِيَّاهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِنْدَ دَارِ سَعْدِ بْنِ اَبِي وَقَّاصٍ مِنْ سَعْدٍ بِثَمَانِيَةِ اَلْفِ دِرْهَمٍ، قَالَ: وَكَانَ رَجُلٌ قَدْ سَبَقَهُ بِهَا قَبْلُ، فَاَعْطَاهُ عَشْرَةَ آلَافِ دِرْهَمٍ فَاَبَى مِنْهُ اَنْ يَبِيعَ مِنْهُ، فَقَالَ اَبُو رَافِعٍ: اِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اَهْلُ الرُّكْحِ اَحَقُّ بِرُكْحِهِمْ ، وَكَانَ سَعْدٌ اَسْقَبَ

حضرت ابورافع سے روایت ہے کہ میں نے ایک ٹکڑا فروخت کیا' اس کو رسول اللہ ﷺ نے دیا تھا' سعد بن ابووقاص کے گھر کے پاس سعد سے آٹھ ہزار درہم کے بدلے' ایک آدمی اس سے پہلے سبقت لے گیا تھا' اس کو دس ہزار درہم دیئے' انہوں نے اس کو اس کے ہاتھ فروخت کرنے سے انکار کر دیا۔ حضرت ابورافع فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: صحن والے' اپنے صحن کے زیادہ حق دار ہیں اور حضرت سعد سب سے زیادہ نزدیک تھے۔

لَا تُرْوَى هَذِهِ اللَّفْظَةُ اَهْلُ الرُّكْحِ اِلَّا فِي هَذَا الْحَدِيثِ بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ

حدیث کے یہ الفاظ ''اهل الركح ''اس حدیث اس سند کے ساتھ روایت ہیں۔ ان سے روایت کرنے میں ابراہیم بن منذر اکیلے ہیں۔

**9120** - حَدَّثَنَا مَسْعَدَةُ بْنُ سَعْدٍ، ثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، نَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ اَبِي رَافِعٍ، حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ اَبِي زِيَادٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: سَمِعْتُ رَبِيعَةَ بْنَ عِبَادٍ الدِّيلِيَّ، وَهُوَ يَقُولُ: اَمَّا مَا اَسْمَعُكُمْ تَقُولُونَ: اِنَّ قُرَيْشًا كَانَتْ تَنَالُ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت ربیعہ بن عباد الدیلی فرماتے ہیں کہ کیا تم نے سنا ہے کہ تم کہتے ہو: قریش نے رسول اللہ ﷺ سے سنا: میں اکثر دیکھتا ہوں کہ ان کا گھر ابولہب اور عقبہ بن ابومعیط کے گھروں کے درمیان تھا' حضور ﷺ اپنے گھر واپس آتے' اوجھ خون اور گندگی دیکھتے جن چیزوں نے دروازہ کو روک لیا ہوتا' اپنی کمان کے ذریعے

---

**9119**- اسناده فيه: ابراهيم بن حسن بن على بن أبى رافع' ضعيف . وانظر مجمع الزوائد جلد4صفحه162 .

**9120**- اسناده والكلام فى اسناده كسابقه . وانظر مجمع الزوائد جلد6صفحه24 .

وَسَلَّمَ؛ فَإِنِّي أَكْثَرُ مَا رَأَيْتُ أَنَّ مَنْزِلَهُ كَانَ بَيْنَ مَنْزِلِ أَبِي لَهَبٍ وَعُقْبَةَ بْنِ أَبِي مُعَيْطٍ، فَكَانَ يَنْقَلِبُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى بَيْتِهِ، فَيَجِدُ الْأَرْحَامَ، وَالدِّمَاءَ، وَالْأَنْجَاتَ، قَدْ تَصَدَّتْ عَلَى بَابِهِ، فَيُنَحِّي ذَلِكَ بِسِيَةِ قَوْسِهِ وَيَقُولُ: بِئْسَ الْجِوَارُ هَذَا يَا مَعْشَرَ قُرَيْشٍ

پیچھے ہٹا کر کہتے: اے قریش کے گروہ! یہ کتنا بُرا پڑوس ہے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ رَبِيعَةَ بْنِ عَبَّادٍ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ

یہ حدیث ربیعہ بن عباد سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں ابراہیم بن منذر اکیلے ہیں۔

**9121** - حَدَّثَنَا مَسْعَدَةُ بْنُ سَعْدٍ، ثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، نَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ عِمْرَانَ، حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ هِلَالٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: أَنْزَلَ اللّٰهُ جَلَّ جَلَالُهُ عَلَى نَبِيِّهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَكَّةَ: (سَيُهْزَمُ الْجَمْعُ وَيُوَلُّونَ الدُّبُرَ) (القمر: 45)، فَقَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَيُّ جَمْعٍ؟ - وَذَلِكَ قَبْلَ بَدْرٍ - ، قَالَ: فَلَمَّا كَانَ يَوْمُ بَدْرٍ وَانْهَزَمَتْ قُرَيْشٌ، نَظَرْتُ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي آثَارِهِمْ مُصْلِتًا بِالسَّيْفِ، يَقُولُ: (سَيُهْزَمُ الْجَمْعُ وَيُوَلُّونَ الدُّبُرَ) (القمر: 45)، وَكَانَتْ لِيَوْمِ بَدْرٍ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ فِيهِمْ: (حَتَّى إِذَا أَخَذْنَا مُتْرَفِيهِمْ بِالْعَذَابِ) (المؤمنون: 64) الْآيَةَ، وَأَنْزَلَ اللّٰهُ: (أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِينَ بَدَّلُوا نِعْمَةَ اللّٰهِ كُفْرًا) (ابراهيم: 28)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ اللہ عزوجل نے اپنے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر مکہ میں یہ آیت ''سیھزم الٰی آخرہ'' نازل کی' حضرت عمر بن خطاب نے عرض کی: یارسول اللہ! جمع سے مراد کیا ہے؟ آپ نے فرمایا: بدر سے پہلے جب بدر کا دن تھا قریش بھاگے' میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ان کے پیچھے تلوار سونتے ہوئے دیکھا' آپ پڑھ رہے تھے: ''سیھزم الٰی آخرہ'' بدر کے دن کے لیے' اللہ عزوجل نے یہ آیت نازل کی: ''حتٰی اذا اخذنا الٰی آخرہ'' پھر یہ آیت اُتاری: ''الم تر الٰی آخرہ'' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان پر مٹی پھینکی وہ ان سب پر پھیل گئی' یہاں تک کہ ان کی آنکھیں اور منہ بھر گئے یہاں تک کہ آدمی قتل ہوتا اس حال میں کہ اس کی دونوں آنکھوں میں مٹی پڑی ہوتی۔ سو اللہ نے یہ آیت نازل فرمائی: ''وما رمیت الٰی

**9121**- اسناده فيه: عبد العزيز بن عمران' متروك (التقريب) . وانظر مجمع الزوائد جلد6صفحه81 .

الْآيَةُ، وَرَمَاهُمْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَوَسِعَتْهُمُ الرَّمْيَةُ وَمَلَاتْ اَعْيُنَهُمْ وَاَفْوَاهَهُمْ، حَتّٰى اِنَّ الرَّجُلَ لَيُقْتَلُ وَهُوَ يُقْذِى عَيْنَيْهِ رِمَاهُ ، فَاَنْزَلَ اللّٰهُ: (وَمَا رَمَيْتَ اِذْ رَمَيْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ رَمٰى) (الانفال: 17 ) وَاَنْزَلَ اللّٰهُ فِى اِبْلِيسَ (فَلَمَّا تَرَاءَ تِ الْفِئَتَانِ نَكَصَ عَلٰى عَقِبَيْهِ وَقَالَ اِنِّى بَرِىْءٌ مِنْكُمْ اِنِّى اَرٰى مَا لَا تَرَوْنَ اِنِّى اَخَافُ اللّٰهَ وَاللّٰهُ شَدِيدُ الْعِقَابِ) (الانفال: 48 ) وَقَالَ عُتْبَةُ بْنُ رَبِيعَةَ، وَنَاسٌ مَعَهُ مِنَ الْمُشْرِكِينَ يَوْمَ بَدْرٍ: غَرَّ هٰؤُلَاءِ دِينُهُمْ، فَاَنْزَلَ اللّٰهُ: (اِذْ يَقُولُ الْمُنَافِقُونَ وَالَّذِينَ فِى قُلُوبِهِمْ مَرَضٌ غَرَّ هٰؤُلَاءِ دِينُهُمْ) (الانفال: 49 )

آخرہ ''ابلیس کے بارے یہ آیت نازل فرمائی: ''فلما تراء الٰی آخرہٖ ''۔ بدر کے دن عتبہ اوراس کے مشرک ساتھیوں نے کہا: ان لوگوں کو ان کے دین نے دھوکے میں ڈال دیا ہے۔ تو اللہ نے یہ آیت نازل کی: ''اذ یقول المنافقون الٰی آخرہٖ''۔

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ اَبِى هُرَيْرَةَ، عَنْ عُمَرَ اِلَّا بِهٰذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ

یہ حدیث ابوہریرہ' حضرت عمر سے اسی سند سے روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ابراہیم بن منذر اکیلے ہیں۔

**9122** - حَدَّثَنَا مَسْعَدَةُ بْنُ سَعْدٍ، ثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، ثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ عِمْرَانَ، حَدَّثَنِى مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ سَهْلِ بْنِ اَبِى حَثْمَةَ، اَخْبَرَنِى اَبِى، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ اَبَا بَرْزَةَ الْحَارِثِىَّ، جَاءَ يَوْمَ بَدْرٍ بِثَلَاثَةِ رُءُوسٍ يَحْمِلُهَا اِلٰى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا رَآهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ظَفِرَتْ يَمِينُكَ ، قَالَ: يَا

حضرت محمد بن یحییٰ بن سہل بن ابوحثمہ فرماتے ہیں کہ مجھے میرے والد نے بتایا کہ حضرت ابوبردہ الحارثی بدر کے دن تین آدمیوں کو لے کر حضور ﷺ کی بارگاہ میں آئے' جب حضور ﷺ نے ان کو دیکھا تو آپ نے فرمایا: آپ کے ہاتھ کو کامیابی ہو! انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! دو کو میں نے مارا ہے۔ ایک کو میں نے دیکھا کہ ایک خوبصورت چہرے اور سفید رنگ والے نے اس

**9122**- اسناده فيه: عبد العزيز بن عمران' متروك . وذكره الهيثمى فى مجمع الزوائد جلد 6 صفحه 86 وقال: رواه الطبرانى فى الأوسط وفيه عبد العزيز بن عمران' وهو ضعيف .

رَسُولَ اللّٰهِ، اَمَّا اثْنَانِ فَاَنَا قَتَلْتُهُمَا، وَاَمَّا وَاحِدٌ فَرَاَيْتُ رَجُلًا اَبْيَضَ جَمِيلًا حَسَنَ الْوَجْهِ ضَرَبَ رَاْسَهُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ذَاكَ فُلَانٌ، مَلَكٌ مِنَ الْمَلَائِكَةِ

کو مارا' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: وہ فرشتوں میں ایک فرشتہ تھا۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ سَهْلِ بْنِ اَبِي حَثْمَةَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ

یہ حدیث سہل بن ابوحثمہ سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں ابراہیم بن منذر اکیلے ہیں۔

**9123** - حَدَّثَنَا مَسْعَدَةُ بْنُ سَعْدٍ، نَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، ثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ عِمْرَانَ، حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ عَمَّارِ بْنِ اَبِي الْيُسْرِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي الْيُسْرِ، قَالَ: نَظَرْتُ اِلَى الْعَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ وَهُوَ كَاَنَّهُ صَنَمٌ، وَعَيْنَاهُ تَذْرِفَانِ، فَلَمَّا نَظَرْتُ اِلَيْهِ قُلْتُ: جَزَاكَ اللّٰهُ مِنْ ذِي رَحِمٍ شَرًّا، تُقَاتِلُ ابْنَ اَخِيكَ مَعَ عَدُوِّهِ؟ قَالَ: مَا فَعَلَ، وَهَلْ اَصَابَهُ الْقَتْلُ؟ قُلْتُ: اللّٰهُ اَعَزُّ لَهُ، وَاَنْصَرُ مِنْ ذَلِكَ، قَالَ: مَا تُرِيدُ اِلَيَّ؟ قُلْتُ: اِسَارًا، فَاِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ قَتْلِكَ، قَالَ: لَيْسَتْ بِاَوَّلِ صِلَتِهِ، فَاَسَرْتُهُ، ثُمَّ جِئْتُ بِهِ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت ابوالیسر فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عباس بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ کی طرف دیکھا' ایسے تھے کہ گویا کھڑے ہیں' آپ کی دونوں آنکھوں سے آنسو جاری تھے' جب میں نے ان کو دیکھا تو میں نے کہا: اللہ آپ کو جزاء دے! ذی رحم کیشر سے' آپ اپنے سگے بھائی کے بیٹے سے جنت کرتے ہیں' اس کے دشمن کے ساتھ مل کر؟ اُنہوں نے کہا: اس نے کیا کیا' کیا وہ قتل ہو گئے ہیں؟ میں نے کہا: اللہ ان کو طاقت و مدد دینے والا ہے اس سے۔ اُنہوں نے کہا: آپ مجھ سے کیا چاہتے ہیں؟ میں نے کہا: قیدی بنانا کیونکہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے آپ کو قتل کرنے سے منع فرمایا ہے۔ اُنہوں نے کہا: یہ ان کی صلہ رحمی پہلی بار نہیں ہے' میں اُن کو قیدی بنا کر رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں لایا۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ عَمَّارِ بْنِ اَبِي الْيُسْرِ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ

یہ حدیث عمارہ بن ابوالیسر سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں ابراہیم بن منذر اکیلے ہیں۔

---

**9123**- اسناده فيه: عبد العزيز بن عمران' متروك . وانظر مجمع الزوائد جلد6صفحه88 .

**9124** - حَدَّثَنَا مَسْعَدَةُ بْنُ سَعْدٍ، ثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، ثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ عِمْرَانَ، حَدَّثَنِي رِفَاعَةُ بْنُ يَحْيَى، عَنْ مُعَاذِ بْنِ رِفَاعَةَ بْنِ رَافِعٍ، عَنْ رِفَاعَةَ بْنِ رَافِعٍ، قَالَ: لَمَّا كَانَ يَوْمُ بَدْرٍ تَجَمَّعَ النَّاسُ عَلَى اُمَيَّةَ بْنِ خَلَفٍ، فَاَقْبَلْتُ اِلَيْهِ، فَنَظَرْتُ اِلَى قِطْعَةٍ مِنْ دِرْعِهِ قَدِ انْقَطَعَتْ مِنْ تَحْتِ اِبْطِهِ، فَطَعَنْتُهُ بِالسَّيْفِ فِيهَا طَعْنَةً فَقَتَلْتُهُ، وَرُمِيتُ بِسَهْمٍ يَوْمَ بَدْرٍ فَفُقِئَتْ عَيْنِي، فَبَصَقَ فِيهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ دَعَا لِي ، فَمَا آذَانِي فِيهَا شَيْءٌ

حضرت رفاعہ بن رافع فرماتے ہیں کہ جب بدر کا دن تھا تو لوگ اُمیہ بن خلف کے پاس جمع ہوئے' میں اس کی طرف گیا تو میں نے زرہ کا ٹکڑا دیکھا' میں نے اس کی بغل سے کاٹ لیا' میں نے اپنی تلوار کے ساتھ اس کو کاٹ لیا' میں نے بدر کے دن مارا' میری آنکھوں پھوٹ گئی' حضورﷺ نے اپنا لعاب دہن لگایا پھر میرے لیے دعا کی' مجھے اس سے کوئی تکلیف نہ ہوئی۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ رِفَاعَةَ بْنِ رَافِعٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ ابْنُ الْمُنْذِرِ

یہ حدیث رفاعہ بن رافع سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں ابن منذر اکیلے ہیں۔

**9125** - حَدَّثَنَا مَسْعَدَةُ بْنُ سَعْدٍ، ثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، ثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ عِمْرَانَ، ثَنَا اَيُّوبُ بْنُ ثَابِتٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: لَمْ تُقَاتِلِ الْمَلَائِكَةُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا يَوْمَ بَدْرٍ، وَكَانَتْ تَكُونُ فِيمَا سِوَى ذَلِكَ اِمْدَادًا، وَلَمْ يَكُنْ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْخَيْلِ اِلَّا فَرَسَانِ: اَحَدُهُمَا لِلْمِقْدَادِ بْنِ الْاَسْوَدِ، وَالْآخَرُ لِاَبِي مَرْثَدٍ الْغَنَوِيِّ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضورﷺ کے ساتھ فرشتے بدر کی جنگ میں موجود تھے' اس کے علاوہ دیگر جنگوں میں امداد کے لیے حاضر ہوتے تھے' حضورﷺ کے پاس صرف دو گھوڑے والے تھے' ایک مقداد بن اسود کا' دوسرا ابومرثد الغنوی کا۔

---

**9124**- اسناده والكلام فى اسناده كسابقه . وانظر مجمع الزوائد جلد6صفحه85 .

**9125**- أخرجه الطبرانى فى الكبير جلد11صفحه165-166 رقم الحديث: 11377' وأورده الهيثمى فى مجمع الزوائد' وقال: رواه الطبرانى فى الكبير والأوسط' وفيه عبد العزيز بن عمران' وهو ضعيف . انظر مجمع الزوائد جلد6صفحه86 قلت: اسناده ضعيف جدًا' فيه عبد العزيز بن عمران' وهو متروك' كما ذكره ابن حجر فى التقريب .

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَطَاءٍ إِلَّا أَيُّوبُ بْنُ ثَابِتٍ، وَلَا عَنْ أَيُّوبَ إِلَّا عَبْدُ الْعَزِيزِ، تَفَرَّدَ بِهِ إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ

یہ حدیث عطاء سے ایوب بن ثابت اور ایوب سے عبدالعزیز روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ابراہیم بن منذر اکیلے ہیں۔

**9126** - حَدَّثَنَا مَسْعَدَةُ بْنُ سَعْدٍ، ثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، ثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ عِمْرَانَ، ثَنَا سَعِيدُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: قَالَ أَبُو جَهْلِ بْنُ هِشَامٍ: إِنَّ مُحَمَّدًا يَزْعُمُ أَنَّكُمْ إِنْ لَمْ تُطِيعُوهُ كَانَ لَهُ فِيكُمْ ذَبْحٌ، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَأَنَا أَقُولُ ذَلِكَ، وَأَنْتَ مِنْ ذَلِكَ الذَّبْحِ فَلَمَّا نَظَرَ إِلَيْهِ يَوْمَ بَدْرٍ مَقْتُولًا قَالَ: اللَّهُمَّ قَدْ أَنْجَزْتَ لِي مَا وَعَدْتَنِي فَوَجَّهَ أَبَا سَلَمَةَ بْنَ عَبْدِ الْأَسَدِ قِبَلَ أَبِي جَهْلٍ، فَقِيلَ لِابْنِ مَسْعُودٍ: أَنْتَ قَتَلْتَهُ؟ قَالَ: بَلِ اللَّهُ قَتَلَهُ، قَالَ أَبُو سَلَمَةَ: أَنْتَ قَتَلْتَهُ؟ قَالَ: نَعَمْ، فَقَالَ أَبُو سَلَمَةَ: لَوْ شَاءَ لَجَعَلَكَ فِي كُفِّهِ، قَالَ ابْنُ مَسْعُودٍ: فَوَاللَّهِ لَقَدْ قَتَلْتُهُ وَجَرَّدْتُهُ، قَالَ: فَمَا عَلَامَتُهُ؟ قَالَ: شَامَةٌ سَوْدَاءُ بِبَطْنِ فَخِذِهِ الْيُمْنَى، فَعَرَفَ أَبُو سَلَمَةَ النَّعْتَ، فَقَالَ: جَرَّدْتُهُ، وَلَمْ نُجَرِّدْ قُرَشِيًّا غَيْرَهُ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ابوجہل بن ہشام نے کہا: محمد گمان کرتا ہے کہ اگر تم اس کی اطاعت نہ کرو گے تو تم کو مارا جائے گا۔ حضور ﷺ نے فرمایا: میں نے کہا ہے تُو مارا جائے گا' جب اس کو بدر کے دن قتل ہوا دیکھا تو آپ نے فرمایا: اے اللہ! جو تُو نے مجھ سے وعدہ کیا تھا وہ پورا کر دیا۔ ابوسلمہ بن عبدالاسد' ابوجہل کی طرف دیکھا' ابن مسعود سے کہا: آپ نے اس کو قتل کیا ہے؟ کہا: اللہ نے اس کو مارا۔ ابوسلمہ نے کہا: تُو نے اس کو قتل کیا ہے؟ فرمایا: جی ہاں! حضرت ابوسلمہ نے فرمایا: اگر چاہے تو اس کو مٹھی میں کر دے۔ حضرت ابن مسعود نے فرمایا: اللہ کی قسم! میں نے قتل کیا اور اس کو کھینچا۔ فرمایا: اس کی نشانی کیا ہے؟ فرمایا: اس کی ران پر سیاہ نکتہ تھا' ابوسلمہ نے اس کو پہچان لیا' فرمایا: میں نے اس کو کھینچا' ہم قریش کے علاوہ نے نہیں کھینچا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ إِلَّا سَعِيدُ بْنُ مُحَمَّدٍ، وَلَا عَنْ سَعِيدٍ إِلَّا عَبْدُ الْعَزِيزِ، تَفَرَّدَ بِهِ إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ

یہ حدیث محمد بن منکدر سے سعید بن محمد اور سعید سے عبدالعزیز روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ابراہیم بن منذر اکیلے ہیں۔

**9127** - حَدَّثَنَا مَسْعَدَةُ بْنُ سَعْدٍ، ثَنَا

اربد بن قیس اور عامر بن طفیل مدینہ میں رسول

---

**9126**- اسناده والكلام فی اسناده كسابقه . وانظر مجمع الزوائد جلد6صفحه81 .

**9127**- اسناده والكلام فی اسناده كسابقه . تخريجه الطبرانی فی الكبير' وانظر مجمع الزوائد جلد7صفحه44-45 .

اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، نَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ عِمْرَانَ، حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمَنِ، وَعَبْدُ اللّٰهِ، ابْنَا زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ اَبِيهِمَا، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ اَرْبَدَ بْنَ قَيْسِ بْنِ جُزَىِّ بْنِ خَالِدِ بْنِ جَعْفَرِ بْنِ كِلَابٍ، وَعَامِرَ بْنَ الطُّفَيْلِ بْنِ مَالِكِ بْنِ جَعْفَرٍ، قَدِمَا الْمَدِينَةَ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَانْتَهَيَا اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ جَالِسٌ، فَجَلَسَا بَيْنَ يَدَيْهِ، فَقَالَ عَامِرُ بْنُ الطُّفَيْلِ: يَا مُحَمَّدُ، مَا تَجْعَلُ لِي اِنْ اَسْلَمْتُ؟ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَكَ مَا لِلْمُسْلِمِينَ، وَعَلَيْكَ مَا عَلَيْهِمْ قَالَ عَامِرٌ: اَتَجْعَلُ لِيَ الْاَمْرَ اِنْ اَسْلَمْتُ مِنْ بَعْدِكَ؟ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَكَ مَا لِلْمُسْلِمِينَ، وَعَلَيْكَ مَا عَلَيْهِمْ قَالَ عَامِرٌ: اَتَجْعَلُ لِيَ الْاَمْرَ اِنْ اَسْلَمْتُ مِنْ بَعْدِكَ؟ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَيْسَ ذٰلِكَ لَكَ وَلَا لِقَوْمِكَ، وَلٰكِنْ لَكَ اَعِنَّةُ الْخَيْلِ قَالَ: اَنَا الْآنَ لِي اَعِنَّةُ الْخَيْلِ تُجَرُّ، اجْعَلْ لِيَ الْوَبَرَ وَلَكَ الْمَدَرُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا فَلَمَّا خَرَجَ اَرْبَدُ وَعَامِرٌ، قَالَ عَامِرٌ: يَا اَرْبَدُ، اِنِّي اَشْغَلُ عَنْكَ مُحَمَّدًا بِالْحَدِيثِ فَاضْرِبْهُ بِالسَّيْفِ، فَاِنَّ النَّاسَ اِذَا قَتَلْتَ مُحَمَّدًا لَمْ يَزِيدُوا عَلَى اَنْ يَرْضَوْا بِالدِّيَةِ، وَيَكْرَهُوا الْحَرْبَ، فَسَنُعْطِيهِمُ الدِّيَةَ، قَالَ اَرْبَدُ: اَفْعَلُ، قَالَ: فَاَقْبَلَا رَاجِعَيْنِ اِلَيْهِ، فَقَالَ عَامِرٌ: يَا مُحَمَّدُ، قُمْ مَعِي

کریم ﷺ کی بارگاہ میں آئے، رسول کریم ﷺ کے پاس اس حال میں پہنچے کہ آپ بیٹھے ہوئے تھے، وہ دونوں بھی آپ کے سامنے بیٹھ گئے۔ عامر بن طفیل بولا: اے محمد! اگر میں اسلام لاؤں تو آپ میرے لیے کیا بنائیں گے؟ آپ نے فرمایا: تیرے وہی حقوق ہوں گے جو دیگر مسلمانوں کے ہیں اور تجھ پر وہی فرائض ہوں گے جو دوسرے مسلمانوں پر ہیں۔ عامر نے کہا: اگر میں آپ کے بعد مسلمان بنوں تو میرے لیے حکومت ہوگی۔ آپ نے فرمایا: تیرے لیے دوسرے مسلمانوں جیسے حقوق و فرائض ہوں گے۔ عامر نے کہا: اگر میں آپ کے بعد اسلام قبول کروں تو میں والی بنوں گا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: نہ تجھے اور نہ تیری قوم کو یہ حق ملے گا، ہاں! تیرے لیے گھوڑے ہوں گے۔ اس نے کہا: گھوڑے تو اب بھی میرے پاس بہت ہیں جن کو آگے سے پکڑ کر کھینچا جاتا ہے لیکن میرے لیے اونٹ بناؤ تو آپ کے لیے پختہ گھر ہوں گے۔ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: نہیں! جب اربد اور عامر وہاں سے اُٹھ کر نکلے۔ عامر نے کہا: اے اربد! میں محمد کو باتوں میں مصروف کر کے تجھ سے بے خیال کر دوں گا تو ان کو تلوار سے مار دینا کیونکہ جب تُو نے محمد ﷺ کو شہید کر دیا تو زیادہ سے زیادہ لوگ دیت پر ہی راضی ہوں گے، جنگ کو ناپسند کریں گے اور دیت ہم ان کو دے لیں گے۔ اربد نے کہا: میں کر لوں گا۔ وہ لوٹ کر آپ کے پاس واپس آئے۔ عامر نے کہا: اے محمد! اُٹھیں! میں آپ سے چند

أُكَلِّمُكَ، فَقَامَ مَعَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُخَلِّقًا اِلَى الْجِدَارِ، وَوَقَفَ مَعَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُكَلِّمُهُ، وَسَلَّ اَرْبَدُ السَّيْفَ، فَلَمَّا وَضَعَ يَدَهُ عَلَى السَّيْفِ يَبِسَتْ عَلَى قَائِمَةِ السَّيْفِ، فَلَمْ يَسْتَطِعْ سَلَّ السَّيْفِ، وَاَبْطَاَ اَرْبَدُ عَلَى عَامِرٍ بِالضَّرْبِ، فَالْتَفَتَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَاَى عَامِرًا وَمَا يَصْنَعُ، فَانْصَرَفَ عَنْهُمَا، فَلَمَّا خَرَجَ عَامِرٌ وَاَرْبَدَ مِنْ عِنْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَضَيَا حَتَّى اِذَا كَانَا بِالْحَرَّةِ - حَرَّةِ بَنِي وَاقِمٍ - نَزَلَا، فَخَرَجَ اِلَيْهِمَا سَعْدُ بْنُ مُعَاذٍ وَاُسَيْدُ بْنُ حُضَيْرٍ، فَقَالَ: اشْخَصَا يَا عَدُوَّيِ اللّٰهِ، فَقَالَ عَامِرٌ: مَنْ هٰذَا يَا سَعْدُ؟ قَالَ: اُسَيْدُ بْنُ حُضَيْرٍ الْكَتَائِبُ، فَخَرَجَا حَتَّى اِذَا كَانَا بِالرَّقْمِ اَرْسَلَ اللّٰهُ عَلَى اَرْبَدَ صَاعِقَةً فَقَتَلَتْهُ، وَخَرَجَ عَامِرٌ حَتَّى اِذَا كَانَ بِالْخُرَيْمِ اَرْسَلَ اللّٰهُ قُرْحَةً فَاَخَذَتْهُ، فَاَدْرَكَهُ اللَّيْلُ فِي بَيْتِ امْرَاَةٍ مِنْ بَنِي سَلُولٍ، فَجَعَلَ يَمَسُّ الْقُرْحَةَ فِي حَلْقِهِ، وَيَقُولُ: غُدَّةٌ كَغُدَّةِ الْجَمَلِ فِي بَيْتِ سَلُولِيَّةٍ، يَرْغَبُ اَنْ يَمُوتَ فِي بَيْتِهَا، ثُمَّ رَكِبَ فَرَسَهُ، فَاَحْضَرَهُ حَتَّى مَاتَ عَلَيْهِ رَاجِعًا، فَاَنْزَلَ فِيهِمَا: (اَللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ كُلُّ اُنْثَى وَمَا تَغِيضُ الْاَرْحَامُ وَمَا تَزْدَادُ) (الرعد: 8) اِلَى قَوْلِهِ: (وَمَا لَهُمْ مِنْ دُونِهِ مِنْ وَالٍ) (الرعد: 11) قَالَ: الْمُعَقِّبَاتُ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ يَحْفَظُونَ مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ ذَكَرَ اَرْبَدَ وَمَا قَتَلَهُ، فَقَالَ: (هُوَ

باتیں کرنا چاہتا ہوں۔ رسول کریم ﷺ ان کے ساتھ کھڑے ہو گئے دیوار سے ٹیک لگا کر۔ اس کے ساتھ کھڑے ہو کر آپ باتیں کرنے لگے۔ اربد نے تلوار کو سونت لیا' جب اس نے تلوار پر اپنا ہاتھ رکھا تو تلوار کے دستہ کے ساتھ اس کا ہاتھ خشک ہو گیا۔ وہ تلوار سونتنے پر قادر نہ ہوا۔ عامر کے سامنے اربد نے مارنے سے دیر کی۔ رسول مکرم ﷺ متوجہ ہوئے۔ عامر اور اس کے کام کو دیکھا۔ ان دونوں سے آپ ایک طرف ہو گئے' پس جب عامر اور اربد رسول کریم ﷺ کے پاس سے نکلے تو چلتے چلتے حرہ کے مقام پر پہنچے' بنو واقم قبیلہ والا حرہ۔ وہاں اُترے' سعد بن معاذ اور اُسید بن حضیر نکل کر ان تک پہنچے۔ کہا: اے اللہ کے دشمنو! سامنے آؤ! عامر بولا: یہ کون ہے؟ اے سعد! کہا: اُسید بن حضیر۔ وہ دونوں وہاں سے نکل کر جب مقام رقم تک پہنچے تو اللہ نے اربد پر آسمانی بجلی نازل کی جس نے اس کو مار دیا۔ عامر وہاں سے نکلا جب خریم کے مقام پر گیا تو اللہ نے اس پر ایک سفیدی نازل کی جس نے اس کو آ لیا۔ بنی سلول کی ایک عورت کے گھر اسے رات آ گئی' وہ اپنے حلق میں اسے ٹٹولنے لگا اور کہتا: یہ تو سلولیہ کے گھر میں اونٹ کی غدود کی مانند کی غدود ہے' اس کو پسند کیا کہ وہ اسی کے گھر میں مر جائے' پھر وہ اپنے گھوڑے پر سوار ہوا۔ اس نے اسے حاضر کیا یہاں تک کہ واپس لوٹتے ہوئے مر گیا۔ ان دونوں کے بارے میں آیت نازل کی: ''اللّٰہ یعلم الٰی آخرہٖ'' اس قول تک: ''وما لھم الٰی آخرہٖ'' اللہ کے

الَّذِي يُرِيكُمُ الْبَرْقَ خَوْفًا وَطَمَعًا) (الرعد: 12) اِلَى قَوْلِهِ: (وَهُوَ شَدِيدُ الْمِحَالِ) (الرعد: 13)

حکم سے جو چیزیں نازل ہوتی ہیں وہ محمد ﷺ کی حفاظت کرتی ہیں' پھر اربد اور اس کے قتل کا ذکر کیا ور فرمایا: "هو الذی الی آخرہ" اس قول تک "وهو شديد المحال"۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ اِلَّا ابْنَاهُ، وَلَا رَوَاهُ عَنْهُمَا اِلَّا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ عِمْرَانَ، تَفَرَّدَ بِهِ اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ

اس حدیث کو زید بن اسلم سے اس کے بیٹوں نے ہی روایت کیا اور ان دونوں سے اس کو عبدالعزیز بن عمران نے ہی روایت کیا۔ ابراہیم بن منذر اس کے ساتھ اکیلے ہیں۔

**9128** - حَدَّثَنَا مَسْعَدَةُ بْنُ سَعْدٍ، ثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، ثَنَا فَضَالَةُ بْنُ يَعْقُوبَ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ اِسْمَاعِيلَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، اَنَّ عُرْوَةَ، حَدَّثَهُ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَلَسَ عَلَى الْمِنْبَرِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ، فَلَمَّا جَلَسَ قَالَ: اجْلِسُوا ، فَسَمِعَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَوَاحَةَ قَوْلَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اجْلِسُوا ، فَجَلَسَ فِي بَنِي غَنْمٍ، فَقِيلَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ ذَاكَ ابْنُ رَوَاحَةَ جَالِسٌ فِي بَنِي غَنْمٍ، سَمِعَكَ وَاَنْتَ تَقُولُ لِلنَّاسِ: اجْلِسُوا ، فَجَلَسَ فِي مَكَانِهِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضور ﷺ جمعہ کے دن منبر پر جلوہ افروز ہوئے' جب آپ تشریف فرما ہوئے تو آپ نے فرمایا: بیٹھو! عبداللہ بن رواحہ نے حضور ﷺ کی بات سنی' وہ بنی تمیم میں بیٹھنے لگے' عرض کی: یارسول اللہ! یہ ابن رواحہ بنی تمیم میں بیٹھ گیا آپ کا ارشاد سن کر' آپ نے فرمایا: بیٹھ جاؤ! وہ اپنی جگہ بیٹھ گئے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ اِلَّا اِبْرَاهِيمُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ، وَلَا عَنْ اِبْرَاهِيمَ اِلَّا فَضَالَةُ بْنُ يَعْقُوبَ، تَفَرَّدَ بِهِ اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ

یہ حدیث ہشام بن عروہ سے ابراہیم بن اسماعیل اور ابراہیم سے فضالہ بن یعقوب روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ابراہیم بن منذر اکیلے ہیں۔

**9129** - حَدَّثَنَا مَسْعَدَةُ بْنُ سَعْدٍ، ثَنَا

حضرت نافع بیان کرتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن

---

**9128**- اسناده فيه: ابراهيم بن اسماعيل' ضعيف . وانظر مجمع الزوائد جلد9صفحه319 .

**9129**- أخرجه أبو داؤد في كتاب الصلاة جلد 1صفحه259 رقم الحديث: 994 . بلفظ: أنه رأى رجلا يتكئ على يده اليسرى وهو قاعد في الصلاة فذكره . وأحمد في المسند جلد2صفحه116 رقم الحديث: 5977 .

اِبْـرَاهِيـمُ بْـنُ الْـمُـنْـذِرِ، ثَنَا فَضَالَةُ بْنُ يَعْقُوبَ، عَنْ اِبْـرَاهِيمَ اَبِي اِسْمَاعِيلَ، عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ، عَنْ نَافِعٍ، حَـدَّثَـهُ اَنَّ عَبْـدَ الـلّٰهِ بْنَ عُمَرَ مَرَّ بِرَجُلٍ جَالِسٍ فِي صَلَاتِـهِ، قَـدْ وَضَـعَ يَـدَهُ الْيُسْرَى فِي الصَّلَاةِ عَلَى عَيْنِـهِ، فَـقَـالَ لَـهُ: اِنَّ رَسُـولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تَجْلِسْ جِلْسَةَ قَوْمٍ قَدْ عُذِّبُوا

عمر رضی اللہ عنہما ایک آدمی کے پاس سے گزرے جو نماز میں بیٹھا ہوا تھا اور اپنا بایاں ہاتھ نماز میں آنکھ پر رکھا تھا۔ حضرت ابن عمر نے فرمایا کہ حضورﷺ نے فرمایا: اُن لوگوں کی طرح نہ بیٹھو جن کو عذاب دیا گیا۔

لَـمْ يَـرْوِ هَـذَا الْـحَـدِيـثَ عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ اِلَّا اِبْرَاهِيمُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ، تَفَرَّدَ بِهِ فَضَالَةُ بْنُ يَعْقُوبَ

یہ حدیث ابن عجلان سے ابراہیم بن اسماعیل روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں فضالہ بن یعقوب اکیلے ہیں۔

**9130** - حَـدَّثَـنَـا مَسْعَـدَةُ بْنُ سَعْدٍ، نَا اِبْـرَاهِيـمُ بْـنُ الْـمُـنْـذِرِ، ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَـحْـيَـى بْـنِ عُـرْوَةَ، عَـنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِي الـزِّنَـادِ، عَـنِ الاَعْـرَجِ، عَـنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُـولُ الـلّٰـهِ صَـلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا اسْتَيْقَظَ اَحَـدُكُـمْ مِـنْ مَنَامِهِ فَلَا يُدْخِلْ يَدَهُ فِي الْاِنَاءِ حَتَّى يَـغْسِـلَهَا؛ فَاِنَّهُ لَا يَدْرِي اَيْنَ بَاتَتْ، وَيُسَمِّي قَبْلَ اَنْ يُدْخِلَهَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضورﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی اپنی نیند سے اُٹھے تو اپنے ہاتھ برتن میں داخل نہ کرے یہاں تک کہ دھولے کیونکہ اس کو معلوم نہیں ہے کہ اس کے ہاتھوں نے رات کہاں گزاری ہے اور برتن میں داخل کرنے سے پہلے بسم اللہ پڑھے۔

لَـمْ يَـرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ اِلَّا عَبْـدُ الـلّٰـهِ بْـنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ عُرْوَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ اِبْـرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ ۔ وَلَا قَـالَ اَحَدٌ مِمَّنْ رَوَى هَذَا الْـحَدِيثَ عَنْ اَبِي الزِّنَادِ: وَيُسَمِّي قَبْلَ اَنْ يُدْخِلَهَا ، اِلَّا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ

یہ حدیث ہشام بن عروہ سے عبداللہ بن محمد بن یحییٰ بن عروہ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ابراہیم بن منذر اکیلے ہیں۔ اس حدیث میں ''ویسمی قبل ان یدخلها'' کے الفاظ ابوزناد سے ہشام بن عروہ روایت کرتے ہیں۔

**9130**- اسناده فيه: عبد الله بن محمد بن يحيىٰ بن عروة بن الزبير' متروك الحديث' ضعيف الحديث جدًا قاله أبو حاتم' وقال ابن حبان: يروى الموضوعات عن الثقات . وانظر مجمع الزوائد جلد 1 صفحه 223 . قلت: هو في الصحيح' سوى' ويسمى قبل أن يدخلها .

**9131** - حَدَّثَنَا مَسْعَدَةُ بْنُ سَعْدٍ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، نا أَبُو ضَمْرَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَامِرٍ الْأَسْلَمِيِّ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: سَبْعَةٌ يُظِلُّهُمُ اللّٰهُ فِي ظِلِّ عَرْشِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ: إِمَامٌ يُقْسِطُ، وَرَجُلٌ يَتَصَدَّقُ بِيَمِينِهِ يُخْفِيهَا مِنْ شِمَالِهِ، وَرَجُلٌ بَذَلَتْ لَهُ امْرَأَةٌ ذَاتُ حَسَبٍ وَمِيسَمٍ نَفْسَهَا، فَقَالَ: إِنِّي أَخَافُ اللّٰهَ رَبَّ الْعَالَمِينَ، وَرَجُلٌ ذُكِرَ اللّٰهُ عِنْدَهُ فَفَاضَتْ عَيْنَاهُ مِنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ، وَرَجُلٌ لَقِيَ رَجُلًا، فَقَالَ: وَاللّٰهِ إِنِّي لَأُحِبُّكَ لِلّٰهِ، فَقَالَ: وَأَنَا أُحِبُّكَ لِلّٰهِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل سات آدمیوں کو قیامت کے دن اپنے عرش کا سایہ دے گا: (۱) عادل بادشاہ (۲) ایسے آدمی کو جو دائیں ہاتھ سے اس طرح صدقہ کرے کہ بائیں کو معلوم نہ ہو' ایک وہ آدمی جو کہ حسب و نسب والی عورت کو دعوت دے' وہ کہے: میں تمام کائنات کے پالنے والے رب سے ڈرتا ہوں' ایک وہ آدمی جو اللہ کا ذکر کرے اور تنہائی میں اس کی آنکھوں سے آنسو جاری ہو جائیں اللہ کے ڈر سے' ایک وہ آدمی جو دوسرے آدمی سے کہے: اللہ کی قسم! میں اللہ کے لیے آپ سے محبت کرتا ہوں' میں اللہ کے لیے آپ سے محبت کرتا ہوں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُهَيْلِ بْنِ أَبِي صَالِحٍ إِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَامِرٍ الْأَسْلَمِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ أَبُو ضَمْرَةَ . وَالْمَشْهُورُ: مِنْ حَدِيثِ حَبِيبِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ حَفْصِ بْنِ عَاصِمٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ

یہ حدیث سہیل بن ابوصالح سے عبداللہ بن عامر اسلمی روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ابوضمرہ اکیلے ہیں۔

**9132** - حَدَّثَنَا مَسْعَدَةُ بْنُ سَعْدٍ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي فُدَيْكٍ، عَنْ كَثِيرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَمِعَ رَجُلًا يَقُولُ: هَا كَهَا خَضِرَةٌ، فَقَالَ: يَا لَبَّيْكَ، أَخَذْنَا

حضرت کثیر بن عبداللہ اپنے والد سے' وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ایک آدمی کو کہتے ہوئے سنا کہ ہاں یہ سبز ہے' آپ نے فرمایا: اے میں حاضر ہوں! ہم نے تیرے منہ سے جو بات سنی ہے' اس سے اچھی فال لیں گے۔

---

**9131**- أخرجه البخاري: كتاب الأذان جلد 2 صفحه 168 رقم الحديث: 660' ومسلم: كتاب الزكاة جلد 2 صفحه 715 بنحوه .

**9132**- اسناده فيه: كثير بن عبد الله' ضعيف' واتهم بالكذب . تخريجه: الطبراني في الكبير' وانظر مجمع الزوائد جلد 5 صفحه 109 .

فَأَلْكَ مِنْ فِيكَ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ كَثِيرٍ إِلَّا ابْنُ أَبِي فُدَيْكٍ

یہ حدیث کثیر سے ابن ابوفدیک روایت کرتے ہیں۔

**9133** - حَدَّثَنَا مَسْعَدَةُ بْنُ سَعْدٍ، ثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، ثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ عَلِيٍّ الرَّافِعِيُّ، نَا كَثِيرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: صَلَّى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى النَّجَاشِيِّ فَكَبَّرَ عَلَيْهِ خَمْسًا

حضرت کثیر بن عبداللہ اپنے والد سے وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے حضرت نجاشی کے نمازِ جنازہ میں پانچ تکبیریں پڑھیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ كَثِيرٍ إِلَّا إِبْرَاهِيمُ بْنُ عَلِيٍّ الرَّافِعِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ

یہ حدیث کثیر سے ابراہیم بن الرافعی روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ابراہیم بن منذر اکیلے ہیں۔

**9134** - حَدَّثَنَا مَسْعَدَةُ بْنُ سَعْدٍ، ثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، ثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، أَخْبَرَنِي مَخْرَمَةُ بْنُ بُكَيْرٍ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: سَمِعْتُ يُونُسَ بْنَ يُوسُفَ، يُحَدِّثُ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، قَالَ: قَالَتْ عَائِشَةُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا مِنْ يَوْمٍ أَكْثَرُ أَنْ يُعْتِقَ اللّٰهُ فِيهِ عَبْدًا مِنَ النَّارِ مِنْ يَوْمِ عَرَفَةَ، وَإِنَّهُ لَيَدْنُو فَيُبَاهِي بِهِمُ الْمَلَائِكَةَ، فَيَقُولُ: مَا أَرَادَ هَؤُلَاءِ؟

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: عرفہ کے دن اللہ عزوجل جہنم سے بندوں کو کثرت سے آزاد کرتا ہے اس کی رحمت ان کے قریب ہوتی ہے اللہ عزوجل فرشتوں کے سامنے فخر فرماتا ہے فرماتا ہے: ان کا کیا ارادہ ہے!

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ عَائِشَةَ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ مَخْرَمَةُ بْنُ بُكَيْرٍ

یہ حدیث حضرت عائشہ سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں مخرمہ بن بکیر اکیلے ہیں۔

---

**9133**- اسناده والكلام في اسناده كسابقه ـ تخريجه: الطبراني في الكبير، وانظر مجمع الزوائد جلد3صفحه41 قلت: ورواه ابن ماجة في الجنائز، خلا ذكر النجاشي .

**9134**- أخرجه مسلم في كتاب الحج جلد2صفحه983، والنسائي: كتاب الحج جلد 6صفحه202 باب ما ذكر في يوم عرفه .

**9135** - حَدَّثَنَا مَسْعَدَةُ بْنُ سَعْدٍ، ثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، ثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَيُّوبَ، عَنِ ابْنِ حَرْمَلَةَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ هِنْدٍ، اَنَّ حَمْزَةَ بْنَ عَمْرٍو الْاَسْلَمِيَّ، حَدَّثَهُ، قَالَ: رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِعَرَفَةَ، وَعَمِّي مُرْدِفِي، وَهُوَ وَاضِعٌ اِصْبَعَيْهِ اِحْدَيْهِمَا عَلَى الْاُخْرَى، فَقُلْتُ: مَا يَقُولُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: يَقُولُ: ارْمُوا الْجِمَارَ بِمِثْلِ حَصَى الْخَذْفِ

حضرت حمزہ بن عمرو الاسلمی بیان کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو عرفہ کے دن دیکھا' میرے چچا میرے پیچھے تھے' انہوں نے اپنی دونوں انگلیوں میں ایک دوسری کے اوپر رکھے ہوئے تھیں' میں نے عرض کی: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کیا فرمایا ہے؟ کہا: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ ٹھیکری کی مثل کنکری مارو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ حَرْمَلَةَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ هِنْدٍ، عَنْ حَمْزَةَ بْنِ عَمْرٍو اِلَّا يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ، تَفَرَّدَ بِهِ ابْنُ وَهْبٍ وَرَوَاهُ النَّاسُ عَنِ ابْنِ حَرْمَلَةَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ هِنْدٍ، عَنْ اَسْمَاءَ بْنِ خَارِجَةَ

یہ حدیث ابن حرملہ' یحییٰ بن ہند سے' وہ حمزہ بن عمرو سے اور ابن حرملہ سے یحییٰ بن ایوب روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ابن وہب اکیلے ہیں۔ لوگوں نے اس حدیث کو ابن حرملہ سے' وہ یحییٰ بن ہند سے' وہ اسماء بن خارجہ سے روایت کرتے ہیں۔

**9136** - حَدَّثَنَا مَسْعَدَةُ بْنُ سَعْدٍ، ثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، نَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ الْمُغِيرَةِ، عَنِ ابْنِ اَبِي الزِّنَادِ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِينَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: الدُّنْيَا سِجْنُ الْمُؤْمِنِ، وَجَنَّةُ الْكَافِرِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: دنیا مؤمن کے لیے قید خانہ اور کافر کے لیے جنت ہے۔

---

**9135**- اسناده فيه: مسعدة بن سعد' ولم أجده' وانظر مجمع الزوائد جلد3صفحه261 .

**9136**- أخرجه مسلم: كتاب الزهد والرقائق جلد 4صفحه2272' والترمذى كتاب الزهد جلد 4صفحه562 رقم الحديث: 2324 . كلاهما من حديث أبو هريرة . وقال أبو عيسىٰ (الترمذى): وفى الباب عن عبد الله بن عمرو' وعن ابن عمر' أورده الهيثمى فى مجمع الزوائد جلد10صفحه192 . وقال رواه البزار بسندين أحدهما ضعيف والآخر فيه جماعة لم أعرفهم .

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ إِلَّا ابْنُ أَبِي الزِّنَادِ، وَلَا عَنِ ابْنِ أَبِي الزِّنَادِ إِلَّا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ الْمُغِيرَةِ، تَفَرَّدَ بِهِ إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ

یہ حدیث موسیٰ بن عقبہ سے ابن ابوزناد اور ابن ابوزناد سے عبدالرحمٰن بن مغیرہ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ابراہیم بن منذر اکیلے ہیں۔

**9137** - حَدَّثَنَا مَسْعَدَةُ بْنُ سَعْدٍ، ثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ الْمُغِيرَةِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي الزِّنَادِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي عَتِيقٍ، عَنْ أَبِيهِ، - لَا أَعْلَمُهُ إِلَّا عَنْ عَائِشَةَ، - أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا كَانَ نَبِيٌّ قَطُّ إِلَّا فِي أُمَّتِهِ مُعَلِّمٌ أَوْ مُعَلِّمَانِ، وَإِنْ يَكُنْ فِي أُمَّتِي مِنْهُمْ أَحَدٌ فَهُوَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ، إِنَّ الْحَقَّ عَلَى لِسَانِ عُمَرَ وَقَلْبِهِ

حضرت عبداللہ بن محمد بن ابوعتیق اپنے والد کے حوالہ سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ہر نبی کی اُمت میں ایک مُعلم یا دو مُعلم ہوتے ہیں' اگر میری اُمت میں کوئی ہے تو حضرت عمر بن خطاب ہیں' حق عمر کی زبان اور دل پر ہے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ عَائِشَةَ: إِنَّ الْحَقَّ عَلَى لِسَانِ عُمَرَ وَقَلْبِهِ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ

یہ حدیثِ عائشہ ''ان الحق علی لسان عمر وقلبه'' کے الفاظ اسی سند سے روایت ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ابراہیم بن منذر اکیلے ہیں۔

**9138** - حَدَّثَنَا مَسْعَدَةُ بْنُ سَعْدٍ، ثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، ثَنَا ابْنُ أَبِي فُدَيْكٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ الْفَضْلِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي حُسَيْنٍ الْمَكِّيِّ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ أَبِي رَبَاحٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا كَانَ يَوْمُ الْقِيَامَةِ نُودِيَ: أَيْنَ أَبْنَاءُ السِّتِّينَ؟ وَهُوَ الْعُمُرُ الَّذِي قَالَ: (أَوَلَمْ نُعَمِّرْكُمْ مَا

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب قیامت کا دن ہوگا تو آواز دی جائے گی: کہاں ہیں ساٹھ سال کی عمر والے! یہ وہی عمر ہے جس کا ذکر اللہ نے قرآن میں کیا کہ کیا ہم نے تم کو ایسی عمر نہیں دی تھی جس میں نصیحت پکڑنے والا نصیحت پکڑ سکتا ہے اور تمہارے پاس ڈرسنانے والا آیا۔

---

**9137**- اسناده فيه: عبد الرحمٰن بن أبي الزناد' صدوق تغير لما قدم . بغداد (التقريب) . وانظر مجمع الزوائد جلد 9 صفحه 70 .

**9138**- اسناده فيه: ابراهيم بن الفضل المخزومي' متروك (التقريب) . تخريجه: الطبراني في الكبير' وانظر مجمع الزوائد جلد 7 صفحه 100 .

يَتَذَكَّرُ فِيهِ مَنْ تَذَكَّرَ وَجَاءَ كُمُ النَّذِيرُ) (فاطر: 37)

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَطَاءٍ إِلَّا ابْنُ أَبِي حُسَيْنٍ، وَلَا عَنِ ابْنِ أَبِي حُسَيْنٍ إِلَّا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْفَضْلِ، تَفَرَّدَ بِهِ ابْنُ أَبِي فُدَيْكٍ، وَلَا يُرْوَى عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ

یہ حدیث عطاء سے ابن ابوحسین اور ابوحسین سے ابراہیم بن فضیل روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ابن ابوفدیک اکیلے ہیں اور ابن عباس سے اسی سند سے روایت ہے۔

9139 - حَدَّثَنَا مَسْعَدَةُ بْنُ سَعْدٍ، ثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، نَا إِسْحَاقُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ جَعْفَرٍ الْمَخْرَمِيِّ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: قَالَ سَعْدُ بْنُ أَبِي وَقَّاصٍ: لَقَدْ شَهِدْتُ بَدْرًا وَمَا فِي وَجْهِي غَيْرُ شَعْرَةٍ، ثُمَّ أَكْثَرَ اللَّهُ بَعْدُ مِنَ اللِّحَى

حضرت سعد بن ابووقاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں بدر میں شریک تھا' میرے چہرے پر بال نہیں تھے' پھر اس کے بعد اللہ تعالیٰ نے میری داڑھی پر زیادہ بال اُگا دیئے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ جَعْفَرٍ إِلَّا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ

یہ حدیث اسحاق بن جعفر سے ابراہیم بن منذر روایت کرتے ہیں۔

9140 - حَدَّثَنَا مَسْعَدَةُ بْنُ سَعْدٍ، ثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، حَدَّثَنِي إِسْحَاقُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، ثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ جَعْفَرٍ الْمَخْرَمِيُّ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ مُحَمَّدٍ الْأَخْنَسِيِّ، عَنْ سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا بَيْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ قِبْلَةٌ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: مشرق اور مغرب کے درمیان قبلہ ہے۔

---

9139- اسناده فيه: مسعدة بن سعد العطار: لم أجده . تخريجه: البزار في كشف الأستار' وأحمد في الزهد' وفي فضائل الصحابة .

9140- أخرجه الترمذي: كتاب الصلاة جلد 2 صفحه 171 رقم الحديث: 342' والنسائي: كتاب الصيام جلد 4 صفحه 143' وابن ماجة: كتاب اقامة الصلاة والسنة فيها جلد 1 صفحه 323 رقم الحديث: 1011 . وقال أبو عيسى الترمذي: هذا حديث حسن صحيح .

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ جَعْفَرٍ اِلَّا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ

یہ حدیث ابواسحاق بن جعفر سے ابراہیم بن منذر روایت کرتے ہیں۔

**9141** - حَدَّثَنَا مَسْعَدَةُ بْنُ سَعْدٍ، ثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، نَا مَعْنُ بْنُ عِيسَى، عَنْ هِشَامِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ اَبِي رَافِعٍ، اَنَّهُ اَتَى رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِكَتِفِ شَاةٍ، فَاَكَلَهَا وَلَمْ يَتَوَضَّاْ

حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس بکری کی دستی لائی گئی تو آپ نے اس کو تناول فرمایا اور وضو نہیں کیا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ اِلَّا هِشَامُ بْنُ سَعْدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ مَعْنُ بْنُ عِيسَى

یہ حدیث زید بن اسلم سے ہشام بن سعد روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں معن بن عیسیٰ اکیلے ہیں۔

**9142** - حَدَّثَنَا مَسْعَدَةُ بْنُ سَعْدٍ، ثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسَى التَّيْمِيُّ، عَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ مُعَاذِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ خُبَيْبٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ اُسَامَةَ الْجُهَنِيِّ، قَالَ: لَقِيتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي اَصْحَابِهِ بِالسُّوقِ، فَقُلْتُ: اَيْنَ يُرِيدُ رَسُولُ اللّٰهِ؟ قَالُوا: يُرِيدُ اَنْ يَخُطَّ لِقَوْمِكَ مَسْجِدًا، قَالَ: فَاَتَيْتُ وَقَدْ خَطَّ لَهُمْ مَسْجِدًا، وَغَرَزَ فِي قِبْلَتِهِ خَشَبَةً، فَاَقَامَهَا قِبْلَةً

حضرت جابر بن اسامہ جہنی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ملا' آپ اپنے صحابہ کے ساتھ بازار میں تھے' میں نے عرض کی: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کہاں جانے کا ارادہ رکھتے ہیں؟ صحابہ کرام نے فرمایا: آپ کی قوم کے لیے خط کھینچنے کے لیے مسجد میں۔ میں آیا تو آپ نے ان کے لیے مسجد میں خط کھینچا اور قبلہ کی جانب لکڑی گاڑی' اس کے سامنے کھڑے ہوئے۔

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ جَابِرِ بْنِ اُسَامَةَ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ

یہ حدیث جابر بن اسامہ سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں ابراہیم بن منذر اکیلے

---

**9141**- اصله عند مسلم من طريق أبي غطفان' عن أبي رافع' قال: أشهد لكنت أشوى لرسول الله ﷺ بطن الشاة . ثم صلى ولم يتوضأ . أخرجه مسلم: الحيض جلد1صفحه274 .

**9142**- اسناده فيه: عبد الله بن موسىٰ التيمي' صدوق كثير الخطأ . تخريجه: الطبراني في الكبير' وانظر مجمع الزوائد جلد2صفحه18 .

ہیں۔

**9143** - حَدَّثَنَا مَسْعَدَةُ، ثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ وَهْبِ بْنِ كَيْسَانَ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، اَنَّ اَبَاهُ، تُوُفِّيَ وَتَرَكَ عَلَيْهِ ثَلَاثِينَ وَسْقًا لِرَجُلٍ مِنَ الْيَهُودِ، فَاسْتَنْظَرَهُ جَابِرٌ، فَاَبَى اَنْ يُنْظِرَهُ، وَكَلَّمَ جَابِرٌ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَشْفَعُ اِلَيْهِ، فَجَاءَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَكَلَّمَ الْيَهُودِيَّ لِيَاْخُذَ تَمْرَهُ كُلَّهُ، فَاَبَى عَلَيْهِ، وَكَلَّمَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يُنْظِرَهُ، فَاَبَى، فَدَخَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَوْفَاهُ ثَلَاثِينَ وَسْقًا، وَفَضَلَ لَهُ عَشْرَةُ اَوْسُقٍ، فَجَاءَ جَابِرٌ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَخْبَرَهُ بِالَّذِي فَضَلَ فَوَجَدَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي الْعَصْرَ، فَلَمَّا انْصَرَفَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَاءَهُ فَاَخْبَرَهُ اَنَّهُ قَدْ اَوْفَاهُ، وَاَخْبَرَهُ بِالْفَضْلِ الَّذِي فَضَلَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَخْبِرْ بِذَلِكَ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ ، فَذَهَبَ جَابِرٌ اِلَى عُمَرَ فَاَخْبَرَهُ، فَقَالَ: لَقَدْ عَلِمْتُ حِينَ مَشَى فِيهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيُبَارِكَنَّ اللّٰهُ فِيهَا

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میرے والد کا وصال ہوا' ان کے ذمہ قرض تھا' ایک یہودی کا تیس وسق۔ میں نے اس سے مہلت مانگی تو اس نے مہلت دینے سے انکار کیا' میں نے رسول اللہ ﷺ سے اس حوالہ سے سفارش کی کہ آپ سفارش کریں۔ حضور ﷺ آئے' آپ نے یہودی سے گفتگو کی تا کہ ساری کھجوریں لے لے' اس نے ماننے سے انکار کر دیا' حضور ﷺ نے اس سے مہلت لینے کی بات کی تو اس نے انکار کر دیا۔ حضور ﷺ داخل ہوئے' تیس وسق پورے ہوئے اور دس وسق بچ گئے۔ حضرت جابر آئے' آپ کو بچے ہوئے کی خبر دی' دیکھا تو حضور ﷺ نمازِ عصر پڑھا رہے ہیں' جب حضور ﷺ نے سلام پھیرا تو میں آپ کے پاس آیا' آپ کو بتایا کہ قرض پورا ادا کر دیا اور باقی بچ بھی گیا ہے۔ حضور ﷺ نے فرمایا: عمر بن خطاب کو بتاؤ! حضرت جابر' حضرت عمر کو بتانے کے لیے گئے' انہیں بتایا تو حضرت عمر نے فرمایا: مجھے یقین ہو گیا تھا کہ جس کام کے لیے حضور ﷺ چل کر گئے ہیں' اللہ اس میں ضرور برکت دے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ وَهْبِ بْنِ كَيْسَانَ اِلَّا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ هِشَامٍ اِلَّا عَبْدُ

یہ حدیث وہب بن کیسان سے ہشام بن عروہ اور ہشام سے عبداللہ بن محمد بن یحییٰ روایت کرتے ہیں۔

**9143**- أخرجه البخاري: كتاب الاستقراض جلد5صفحه73 رقم الحديث: 2396' وأخرجه ابن ماجة في كتاب الصدقات جلد2صفحه814 رقم الحديث: 2434 .

اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى، تَفَرَّدَ بِهِ اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ

اس کو روایت کرنے میں ابراہیم بن منذر اکیلے ہیں۔

**9144** - حَدَّثَنَا مَسْعَدَةُ بْنُ سَعْدٍ، ثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، نَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ اَبِي ثَابِتٍ، حَدَّثَنِي اَبُو بَكْرِ بْنُ النُّعْمَانِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: حَرَّمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الشَّجَرَ بِالْمَدِينَةِ بَرِيدًا فِي بَرِيدٍ، وَاَرْسَلَنِي فَاَعْلَمْتُ عَلَى الْحَرَمِ، عَلَى شَرَفِ ذَاتِ الْجَيْشِ، وَعَلَى شَرِيثٍ، وَعَلَى مَخِيضٍ، وَعَلَى نَبْتٍ

حضرت کعب بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے مدینہ میں درخت کاٹنے کو حرام قرار دیا تو مجھے بھیجا کہ اعلان کروں اس کی حرمت کا لشکر والی بلند جگہ پر کھڑے ہو کر پھر اونچی ہموار اور گھاس والی ہر جگہ۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ كَعْبٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ

یہ حدیث کعب سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں ابراہیم بن منذر اکیلے ہیں۔

**9145** - حَدَّثَنَا مَسْعَدَةُ بْنُ سَعْدٍ، ثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، ثَنَا اَبُو ضَمْرَةَ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ اَبِي اُسَيْدٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: لَا يَحِلُّ لِمُؤْمِنٍ اَنْ يَهْجُرَ اَخَاهُ فَوْقَ ثَلَاثَةٍ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: کسی مؤمن کے لیے جائز نہیں ہے کہ وہ اپنے بھائی سے قطع کلامی کرے تین دن سے زیادہ۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ نَافِعٍ اِلَّا اِبْرَاهِيمُ بْنُ اَبِي اُسَيْدٍ

یہ حدیث نافع سے ابراہیم بن ابومنذر روایت کرتے ہیں۔

---

**9144**- اسناده فيه: عبد العزيز بن أبي ثابت، ضعيف جدًا (التهذيب) . تخريجه الطبراني في الكبير بنحوه، وانظر مجمع الزوائد جلد3صفحه305 .

**9145**- اسناده فيه: مسعدة بن سعد المكي، شيخ الطبراني لم أجد من ترجمه . وذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد8صفحه70 وقال: رواه الطبراني في الأوسط باسنادين أحدهما ضعيف، وفي الآخر (وهو هذا) ابراهيم بن أبي أسيد ولم أعرفه، وبقية رجاله رجال الصحيح . قلت: ابراهيم بن أسيد، صدوق (التقريب، والتهذيب) .

9146 - حَدَّثَنَا مَسْعَدَةُ بْنُ سَعْدٍ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، ثَنَا مَعْنُ بْنُ عِيسَى، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ اللَّيْثِيِّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْبِضْعُ مَا بَيْنَ السَّبْعِ اِلَى الْعَشْرِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضورﷺ نے فرمایا: بضع کا لفظ سات سے دس افراد تک بولا جاتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ اِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ اِلَّا مَعْنٌ وَمُحَمَّدُ بْنُ خَالِدِ بْنِ عَثْمَةَ

یہ حدیث زہری سے عبداللہ بن عبدالعزیز اور عبداللہ بن عبدالعزیز سے معن اور محمد بن خالد بن عثمہ روایت کرتے ہیں۔

9147 - حَدَّثَنَا مَسْعَدَةُ بْنُ سَعْدٍ، نَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، نَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ عِمْرَانَ، ثَنَا شِبْلُ بْنُ الْعَلَاءِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَنَا عَرَبِيٌّ، وَالْقُرْآنُ عَرَبِيٌّ، وَلِسَانُ اَهْلِ الْجَنَّةِ عَرَبِيٌّ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: میں عربی ہوں' قرآن عربی زبان میں ہے اور جنت والوں کی زبان عربی ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ شِبْلٍ اِلَّا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ عِمْرَانَ، تَفَرَّدَ بِهِ اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، وَلَا يُرْوَى عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ

یہ حدیث شبل سے عبدالعزیز بن عمران روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ابراہیم بن منذر اکیلے ہیں۔ حضرت ابوہریرہ سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔

9148 - حَدَّثَنَا مَسْعَدَةُ بْنُ سَعْدٍ، ثَنَا

حضرت جابر رضی اللہ عنہ مرفوعاً بیان کرتے ہیں کہ

---

9146- اسناده فيه: عبد الله بن عبد العزيز بن عبد الله بن عامر الليثی' ضعيف (التقريب) . وانظر مجمع الزوائد جلد 7 صفحه92 .

9147- اسناده فيه: عبد العزيز بن عمران: متروك . وانظر مجمع الزوائد جلد10صفحه56 .

9148- أخرجه البيهقی فی الحج جلد 5صفحه183 رقم الحديث: 9874' والدارقطنی فی الحج جلد 2صفحه245 رقم الحديث: 44' والحاكم فی المناسك جلد1صفحه453 .

اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، نَا مَعْنُ بْنُ عِيسَى، عَنْ عَدِيِّ بْنِ الْفَضْلِ، عَنْ اَيُّوبَ السَّخْتِيَانِيِّ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، - رَفَعَهُ- قَالَ: الضَّبُعُ صَيْدٌ، وَنُهِيَ الْمُحْرِمُ، عَنْ قَتْلِهَا

آپ نے فرمایا: گوہ شکار ہے' محرم کے لیے اس کو مارنے سے منع کیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَيُّوبَ اِلَّا عَدِيُّ بْنُ الْفَضْلِ، وَلَا عَنْ عَدِيٍّ اِلَّا مَعْنٌ، تَفَرَّدَ بِهِ اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ

یہ حدیث ایوب سے عدی بن فضل اور عدی سے معن روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ابراہیم بن منذر اکیلے ہیں۔

**9149** - حَدَّثَنَا مَسْعَدَةُ بْنُ سَعْدٍ، ثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ صَدَقَةَ الْفَدَكِيُّ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ سَهْلِ بْنِ اَبِي حَثْمَةَ، عَنْ عَمِّهِ اَبِي عُفَيْرِ بْنِ سَهْلِ بْنِ اَبِي حَثْمَةَ، اَنَّ اَبَاهُ، قَدْ اَخْبَرَهُ، اَنَّ اَبَا بُرْدَةَ بْنَ نِيَارٍ ذَبَحَ ذَبِيحَةً بِسَحَرٍ، فَلَمَّا انْصَرَفَ ذَكَرَ ذَلِكَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: مَنْ ذَبَحَ قَبْلَ الصَّلَاةِ فَلَيْسَتْ تِلْكَ الْاُضْحِيَّةُ، اِنَّمَا الْاُضْحِيَّةُ مَا ذُبِحَ بَعْدَ الصَّلَاةِ، فَاذْهَبْ فَضَحِّ ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَا اَجِدُ شَيْئًا لِلْاُضْحِيَّةِ، وَمَا عِنْدِي اِلَّا جَذَعٌ مِنَ الْمَعْزِ، قَالَ: اذْهَبْ فَضَحِّ بِهَا، وَلَيْسَ فِيهَا رُخْصَةٌ لِاَحَدٍ بَعْدَكَ

حضرت ابوعفیر بن سہل بن ابوحثمہ سے روایت ہے کہ ان کے والد نے بتایا کہ حضرت ابوبردہ بن نیار نے سحری کے وقت قربانی کی' جب ذبح کر لیا تو حضور ﷺ کے پاس ذکر کیا' آپ نے فرمایا: جس نے نماز سے پہلے ذبح کیا' اس کی قربانی نہیں ہوئی' قربانی نماز کے بعد ہے' جاؤ! دوبارہ قربانی کرو۔ انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں قربانی کے لیے کوئی شی نہیں پاتا ہوں' ہاں! میرے پاس چھ ماہ کا بھیڑ کا بچہ ہے۔ آپ نے فرمایا: جاؤ! اس کی قربانی کرو لیکن تیرے بعد کسی کے لیے جائز نہیں۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ سَهْلِ بْنِ اَبِي حَثْمَةَ، اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ

یہ حدیث سہل بن ابوحثمہ سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں ابراہیم بن منذر اکیلے ہیں۔

---

**9149**- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 4 صفحه 27' وقال: رواه الطبراني في الأوسط (وفيه محمد بن صدقة الفدكي)' قال الذهبي: حديثه منكر وذكر له حديثًا غير هذا . قلت: محمد بن صدقة الفدكي' قال فيه أيضًا الدارقطني: ليس به بأس (اللسان جلد 5 صفحه 205' والميزان جلد 3 صفحه 585) .

**9150** - حَدَّثَنَا مَسْعَدَةُ بْنُ سَعْدٍ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، نا مُحَمَّدُ بْنُ صَدَقَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ سَهْلِ بْنِ اَبِى حَثْمَةَ الْحَارِثِيِّ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ اَبَاهُ اَبَا حَثْمَةَ خَارِصًا، فَجَاءَهُ رَجُلٌ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنَّ اَبَا حَثْمَةَ قَدْ زَادَ عَلَيَّ فَدَعَا اَبَا حَثْمَةَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ ابْنَ عَمِّكَ يَزْعُمُ اَنَّكَ قَدْ زِدْتَ عَلَيْهِ ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ قَدْ تَرَكْتُ عَرِيَّةَ اَهْلِهِ، وَمَا يُطْعِمُ الْمَسَاكِينَ، وَمَا يُصِيبُهُ الرِّيحُ . فَقَالَ: قَدْ زَادَكَ ابْنُ عَمِّكَ وَاَنْصَفَ

حضرت محمد بن یحییٰ بن سہل بن ابوحثمہ الحارثی اپنے والد سے وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ابوحثمہ کو خارص بھیجا ایک آدمی آیا اُس نے عرض کی: یارسول اللہ! ابوحثمہ نے مجھ پر زیادتی کی ہے آپ نے ابوحثمہ کو بلوایا حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تمہارا چچا خیال کرتا ہے کہ تم نے اُس پر زیادتی کی ہے۔ ابوحثمہ نے عرض کی: یارسول اللہ! میں نے ان کے گھر والوں کو نہیں چھوڑا ہے نہ مساکین کو کھانا کھلایا ہے اور نہ اس کو آندھی پہنچی ہے آپ نے فرمایا: اپنے چچازاد کے لیے اضافہ کرو اور انصاف کرو۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ سَهْلِ بْنِ اَبِى حَثْمَةَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ

یہ حدیث سہل بن ابوحثمہ سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں ابراہیم بن منذر اکیلے ہیں۔

**9151** - حَدَّثَنَا مَسْعَدَةُ بْنُ سَعْدٍ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ صَدَقَةَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ سَهْلِ بْنِ اَبِى حَثْمَةَ الْحَارِثِيُّ، عَنْ بَشِيرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مِكْتَفِ بْنِ مُحَيِّصَةَ، حَدَّثَنِي سَهْلُ بْنُ اَبِى حَثْمَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ، وَخَرَجَ مَعَهُ عَبْدُ الرَّحْمَنِ

حضرت سہل بن ابوحثمہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نکلے آپ کے ساتھ حضرت عبدالرحمٰن بن سہل بھی نکلے جب مقامِ حرہ پر پہنچے تو عبدالرحمٰن بن سہل کو سانپ نے ڈسا حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میرے پاس عمرو بن حزم کو بلاؤ آپ کو بلایا گیا تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کو دَم سکھایا اور فرمایا: اس کے ذریعے مایوس نہ

**9150**- ذكره الحافظ الهيثمى فى المجمع جلد 3 صفحه 79، وقال: رواه الطبرانى فى الأوسط، وفيه محمد بن صدقة، وهو ضعيف . قلت: لأجل التدليس فاذا بين السماع فلا بأس به .

**9151**- ذكره الحافظ الهيثمى فى المجمع جلد 5 صفحه 117 وقال: رواه الطبرانى فى الأوسط وفيه بشر بن عبد الله بن مكتف ولم أعرفه، وبقية رجاله ما بين ثقة ومستور . قلت: بشير بن عبد الله بن مكتف، ترجمه البخارى، وابن أبى حاتم، ولم يذكرا راويًا عنه غير محمد بن يحيىٰ بن سهل، فهو مجهول .

بْنُ سَهْلٍ، فَلَمَّا كَانَ بِالْحَرَّةِ نَهَشَتْ عَبْدَ الرَّحْمَنِ بْنَ سَهْلٍ حَيَّةٌ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ادْعُوا لِي عَمْرَو بْنَ حَزْمٍ ، فَدُعِيَ، فَعَرَضَ رُقْيَتَهُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: لَا بَأْسَ بِهَا، ارْقِهِ ، قَالَ: فَوَضَعَ ابْنُ حَزْمٍ يَدَهُ عَلَيْهِ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، هُوَ يَمُوتُ - أَوْ قَدْ مَاتَ - ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ارْقِهِ، وَإِنْ كَانَ قَدْ يَمُوتُ - أَوْ قَدْ مَاتَ - ، فَرَقَاهُ، فَصَحَّ عَبْدُ الرَّحْمَنِ، وَانْطَلَقَ

ہونا' دَم کرو۔ حضرت ابن حزم نے ان پر ہاتھ رکھا' عرض کرنے لگے: یارسول اللہ! یہ مر رہا ہے' یا مر گیا ہے۔ حضور ﷺ نے فرمایا: ان کو دَم کرو اگرچہ مر رہا ہے' یا مر گیا ہے۔ ابن حزم نے دَم کیا' حضرت عبدالرحمٰن ٹھیک بھی ہو گئے اور چلنے بھی لگے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ سَهْلٍ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ

یہ حدیث سہل سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں ابراہیم بن منذر اکیلے ہیں۔

☆☆☆☆☆

# مَنِ اسْمُهُ: مُصْعَبٌ

**9152** - حَدَّثَنَا مُصْعَبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ حَمْزَةَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ حَمْزَةَ بْنِ مُصْعَبِ بْنِ الزُّبَيْرِ بْنِ الْعَوَّامِ، ثنا عُبَيْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْجَحْشِيُّ، حَدَّثَنِي عَمِّي عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ، عَنْ حُمَيْدٍ الطَّوِيلِ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: خَدَمْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَشْرَ سِنِينَ، مَا دَرَيْتُ شَيْئًا قَطُّ وَافَقَهُ، وَلَا شَيْئًا قَطُّ خَالَفَهُ، رَضِيَ مِنَ اللهِ بِمَا كَانَ، وَإِنْ كَانَ بَعْضُ أَزْوَاجِهِ يَقُولُ: لَوْ فَعَلْتَ كَذَا وَكَذَا، مَا لَكَ فَعَلْتَ كَذَا؟ فَيَقُولُ: دَعُوهُ، فَإِنَّهُ لَا يَكُونُ إِلَّا مَا أَرَادَ اللهُ وَمَا رَأَيْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ انْتَقَمَ لِنَفْسِهِ مِنْ شَيْءٍ قَطُّ إِلَّا أَنْ يُنْتَهَكَ لِلّٰهِ حُرْمَةٌ، فَإِنِ انْتُهِكَتْ حُرْمَةٌ كَانَ أَشَدَّ النَّاسِ غَضَبًا لِلّٰهِ، وَمَا عُرِضَ عَلَيْهِ أَمْرَانِ قَطُّ إِلَّا اخْتَارَ أَيْسَرَهُمَا، مَا لَمْ يَكُنْ فِيهِ لِلّٰهِ سَخَطٌ، فَإِنْ كَانَ لِلّٰهِ فِيهِ سَخَطٌ كَانَ أَبْعَدَ النَّاسِ مِنْهُ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ إِلَّا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْجَحْشِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ عُبَيْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْجَحْشِيُّ

# اس شیخ کے نام سے جس کا نام مصعب ہے

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کی دس سال خدمت کی' میں کسی شی کے متعلق نہیں جانتا تھا کہ کسی شی میں آپ کی مخالفت نہیں کی' جو کیا اللہ کی رضا کے لیے کیا تھا' آپ کی بعض ازواج پاک فرماتی تھیں: آپ نے ایسے ایسے کیا ہے؟ آپ نے ایسے کیوں نہیں کیا؟ آپ فرماتے: چھوڑو! وہی ہوا جو اللہ نے چاہا۔ میں نے حضور ﷺ کو کبھی اپنی ذات کے لیے انتقام لیتے ہوئے نہیں دیکھا ہے' جب اللہ کی حدود کی بے حرمتی ہوتی تو اللہ کی رضا کے لیے سب سے زیادہ لوگوں میں حالتِ غصہ میں ہوتے تھے' آپ کو جب بھی دو کام سونپے گئے' آپ نے دونوں میں سے آسان کو اختیار کیا' آپ ناراض بھی اللہ کی رضا کے لیے ہوتے تھے' اگر اللہ کی رضا کے لیے ناراض ہوتے تو لوگوں سے دور رہتے تھے۔

یہ حدیث محمد بن عجلان سے عمر بن محمد جہنی روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عبیداللہ بن محمد الجحشی اکیلے ہیں۔

---

**9152**- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد9صفحه19 وقال: رواه الطبراني في الأوسط والصغير' وفيه من لم أعرفهم . قلت: في الصحيح طرف منه .

**9153** - حَدَّثَنَا مُصْعَبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ حَمْزَةَ الزُّبَيْرِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، نَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ الدَّرَاوَرْدِيُّ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ سُلَيْمٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِنْ أَبَى فَرُدَّهُ، فَإِنْ أَبَى فَقَاتِلْهُ؛ فَإِنَّمَا هُوَ شَيْطَانٌ - فِي الْمَارِّ بَيْنَ يَدَيِ الْمُصَلِّي-

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: (اگر نمازی کے آگے سے گزرنے والا) انکار کرے تو اس کو روکو‘ اگر پھر انکار کرے تو اس کو مارو‘ کیونکہ وہ شیطان ہے‘ یہ صرف صرف (ڈانٹ ڈپٹ کے لیے ہے نہ کہ حقیقت میں مارنا شروع کر دے)۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ سُلَيْمٍ إِلَّا الدَّرَاوَرْدِيُّ

یہ حدیث صفوان بن سلیم سے الدراوردی روایت کرتے ہیں۔

**9154** - حَدَّثَنَا مُصْعَبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ حَمْزَةَ الزُّبَيْرِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ ابْنِ أَخِي الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَمِّهِ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ رَجُلًا مِنَ الْأَعْرَابِ أَتَى رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ مَتَى تَقُومُ السَّاعَةُ؟ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَمَا أَعْدَدْتَ لِلسَّاعَةِ؟ فَقَالَ الْأَعْرَابِيُّ: مَا أَعْدَدْتُ لَهَا كَبِيرَ عَمَلٍ إِلَّا اثْنَيْنِ، إِلَّا أَنِّي أُحِبُّ اللَّهَ وَرَسُولَهُ، فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَأَنْتَ مَعَ مَنْ أَحْبَبْتَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ دیہات میں سے ایک آدمی حضور ﷺ کے پاس آیا‘ اس نے عرض کی: یارسول اللہ! قیامت کب آئے گی؟ آپ نے فرمایا: تُو نے قیامت کے لیے کیا تیاری کی ہے؟ اس دیہاتی نے عرض کی: میں نے کوئی بڑا عمل نہیں کیا سوائے دوا کے‘ میں اللہ اور اس کے رسول سے محبت کرتا ہوں۔ حضور ﷺ نے فرمایا: تُو اس کے ساتھ ہوگا جس سے محبت کرتا ہوگا۔

**9155** - حَدَّثَنَا مُصْعَبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت

---

9153- أخرجه البخاري: بدء الخلق جلد 6 صفحه 386 رقم الحديث: 3274‘ ومسلم في الصلاة جلد 1 صفحه 362 .

9154- أخرجه البخاري في الأدب جلد 10 صفحه 568 رقم الحديث: 6167‘ ومسلم في البر جلد 4 صفحه 2032 .

9155- أخرجه البخاري في الاعتصام جلد 13 صفحه 279 رقم الحديث: 7294‘ ومسلم في الفضائل جلد 4 صفحه 1832 .

حَمْزَةَ، حَدَّثَنِي اَبِي، نَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنْ عَمِّهِ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ حِينَ زَاغَتِ الشَّمْسُ، فَصَلَّى بِهِمْ صَلَاةَ الظُّهْرِ، فَلَمَّا سَلَّمَ قَامَ عَلَى الْمِنْبَرِ، فَذَكَرَ السَّاعَةَ، وَذَكَرَ اَنَّ قَبْلَهَا اُمُورًا عِظَامًا، ثُمَّ قَالَ: مَنْ اَحَبَّ اَنْ يَسْاَلَ عَنْ شَيْءٍ فَلْيَسْاَلْ عَنْهُ، فَوَاللّٰهِ لَا تَسْاَلُونِي عَنْ شَيْءٍ اِلَّا اَخْبَرْتُكُمْ بِهِ مَا دُمْتُ فِي مَقَامِي هَذَا، قَالَ اَنَسٌ: فَاَكْثَرَ النَّاسُ الْبُكَاءَ حِينَ سَمِعُوا، وَاَكْثَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَقُولَ: سَلُونِي عَمَّ شِئْتُمْ، فَقَامَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ حُذَافَةَ السَّهْمِيُّ، فَقَالَ: مَنْ اَبِي؟ قَالَ: اَبُوكَ حُذَافَةُ، فَلَمَّا اَكْثَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَقُولَ: سَلُونِي قَامَ عُمَرُ عَلَى رُكْبَتَيْهِ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، رَضِينَا بِاللّٰهِ رَبًّا، وَبِالْاِسْلَامِ دِينًا، وَبِمُحَمَّدٍ نَبِيًّا، فَسَكَتَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ قَالَ ذَلِكَ عُمَرُ، وَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ، لَقَدْ عُرِضَتْ عَلَيَّ الْجَنَّةُ وَالنَّارُ فِي عُرْضِ هَذَا الْحَائِطِ، فَلَمْ اَرَ كَالْيَوْمِ فِي الْخَيْرِ وَالشَّرِّ

ہے کہ حضور نکلے جس وقت سورج ڈھل گیا تھا تو آپ نے نمازِ ظہر پڑھائی جب سلام پھیرا تو منبر پر جلوہ افروز ہوئے اور قیامت کا ذکر کیا اور قیامت سے پہلے بڑے بڑے کاموں کا کر کیا' پھر فرمایا: جس کو پسند ہو کسی شی کے متعلق پوچھنا تو وہ اس کے متعلق پوچھے' اللہ کی قسم! مجھ سے کسی شی کے متعلق پوچھو گے تو میں تمہیں بتاؤں گا اس مقام پر کھڑے کھڑے۔ حضرت انس فرماتے ہیں کہ اکثر لوگ رونے لگے' جس وقت آپ نے ارشاد فرمایا اور حضور ﷺ بھی زیادہ ارشاد فرمانے لگے: مجھ سے پوچھو جو تم چاہو! حضرت عبداللہ بن حذیفہ السہمی کھڑے ہوئے اور عرض کرنے لگے: میرا والد کون ہے؟ آپ نے فرمایا: تیرا والد حذیفہ ہے۔ جب حضور ﷺ زیادہ مرتبہ فرمانے لگے: مجھ سے پوچھو! تو حضرت عمر گھٹنوں کے بل کھڑے ہوئے اور عرض کرنے لگے: یارسول اللہ! ہم اللہ کے رب ہونے اور اسلام کے دین ہونے اور محمد ﷺ کے نبی ہونے پر راضی ہیں! جس وقت حضرت عمر نے عرض کی تو آپ خاموش ہو گئے اور حضور ﷺ نے فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے! اس باغ میں میرے سامنے جنت و دوزخ پیش کی گئی' میں آج کے دن کی طرح بھلائی اور شر نہیں دیکھے۔

**9156** - حَدَّثَنَا مُصْعَبُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنِي اَبِي، نَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے سواری پر طوافِ کعبہ کیا اور حجر اسود کو

**9156**- أخرجه البخاري في الحج جلد3صفحه552 رقم الحديث: 1607' ومسلم في الحج جلد2صفحه926 .

بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ اَخِي الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَمِّهِ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طَافَ بِالْبَيْتِ عَلَى رَاحِلَتِهِ، يَسْتَلِمُ الرُّكْنَ بِمِحْجَنِهِ

استلام کیا اپنی چھڑی کے ساتھ۔

**9157** - حَدَّثَنَا مُصْعَبُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنِي اَبِي، نَا عَبْدُ الْعَزِيزِ، عَنِ ابْنِ اَخِي الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَمِّهِ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ حَلَفَ بِاللَّاتِ وَالْعُزَّى فَلْيَقُلْ: لَا اِلَهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَمَنْ قَالَ لِصَاحِبِهِ: تَعَالَى اُقَامِرْكَ فَلْيَتَصَدَّقْ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس نے لات اور عزیٰ کی قسم اُٹھائی' وہ پڑھے: لا الٰہ الا اللہ! جس نے اپنے ساتھی سے کہا: تُو نافرمان ہے' تو وہ صدقہ کرے۔

**9158** - حَدَّثَنَا مُصْعَبٌ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَخِي الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَمِّهِ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ مُعَاوِيَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ يُرِدِ اللّٰهُ بِهِ خَيْرًا يُفَقِّهْهُ فِي الدِّينِ، وَاِنَّمَا اَنَا قَاسِمٌ، وَيُعْطِي اللّٰهُ جَلَّ ذِكْرُهُ

حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس کے ساتھ اللہ عزوجل بھلائی کا ارادہ کرتا ہے اس کو دین کی سمجھ عطا کرتا ہے' اللہ عزوجل دیتا ہے اور میں تقسیم کرتا ہوں۔

**9159** - وَبِهِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَخِي الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَمِّهِ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ سَالِمٌ مَوْلَى اَبِي حُذَيْفَةَ - مَوْلَى امْرَاَةٍ مِنَ الْاَنْصَارِ - وَكَانَ اَبُو حُذَيْفَةَ قَدْ

انصار کی ایک عورت سے روایت ہے کہ حضرت ابوحذیفہ بھی متبنیٰ تھے جس طرح کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت حارثہ کو متبنیٰ بنایا تھا' جاہلیت میں متبنیٰ کو لوگ اپنی وراثت سے حصہ دیتے تھے یہاں تک کہ اللہ عزوجل نے

---

**9157**- أخرجه البخاری فی الأیمان والنذور جلد 11 صفحه 545 رقم الحدیث: 6650' ومسلم فی الأیمان جلد 3 صفحه 1267 .

**9158**- أخرجه البخاری فی العلم جلد 1 صفحه 197 رقم الحدیث: 71' ومسلم فی الزکاة جلد 2 صفحه 719 .

**9159**- أخرجه البخاری فی النکاح جلد 9 صفحه 34 رقم الحدیث: 5088' وأبو داؤد فی النکاح جلد 2 صفحه 229 رقم الحدیث: 2061 .

تَبَنَّاهُ كَمَا تَبَنَّى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ زَيْدَ بْنَ حَارِثَةَ، وَكَانَ مَنْ تَبَنَّى رَجُلًا فِي الْجَاهِلِيَّةِ دَعَاهُ النَّاسُ إِلَيْهِ وَوَرِثَ مِنْ مِيرَاثِهِ حَتَّى أَنْزَلَ اللّٰهُ: (ادْعُوهُمْ لِآبَائِهِمْ هُوَ أَقْسَطُ عِنْدَ اللّٰهِ) (الاحزاب: 5)

یہ حکم نازل کیا: ''ان کو ان کے باپوں کے نام سے پکارو' یہ اللہ کے ہاں زیادہ انصاف والی بات ہے''۔

**9160** - حَدَّثَنَا مُصْعَبٌ، حَدَّثَنِي أَبِي، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ أَخِي الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَمِّهِ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّ امْرَأَةً، كَانَتْ تَسْتَعِيرُ الْحُلِيَّ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَتَجْحَدُهُ، فَأَمَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِقَطْعِهَا قَالَ الزُّهْرِيُّ: وَحَدَّثَنِي الْقَاسِمُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: فَنَكَحَتْ تِلْكَ الْمَرْأَةُ رَجُلًا مِنْ بَنِي سُلَيْمٍ، وَكَانَتْ عِنْدَهُ حَسَنَةَ التَّلَبُّسِ، تَأْتِينِي فَأَرْفَعُ لَهَا حَاجَتَهَا إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ ایک عورت حضور ﷺ کے زمانہ میں زیورات اُدھار لیتی پھر دینے سے انکار کرتی تھی' حضور ﷺ نے اس کے ہاتھ کاٹنے کا حکم دیا۔ حضرت زہری فرماتے ہیں: مجھے قاسم بن محمد نے بتایا کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: بنی سلیم کی ایک عورت نے نکاح کیا تو اس کے پاس پہننے کے لیے اچھے کپڑے نہیں تھے' وہ میرے پاس آئی تو میں نے اس کی ضرورت رسول اللہ ﷺ کے حوالہ کی۔

**9161** - وَبِهِ، عَنِ ابْنِ أَخِي الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَمِّهِ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَسَفَتِ الشَّمْسُ عَلَى حَيَاةِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَصَلَّى بِالنَّاسِ - اَلْحَدِيثَ بِطُولِهِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضور ﷺ کے زمانہ میں سورج گرہن لگ گیا تو آپ نے لوگوں کو نماز پڑھائی۔

---

**9160**- أخرجه البخاری فی الأنبياء جلد 6 صفحه 593 رقم الحديث: 3475' ومسلم فی الحدود جلد 3 صفحه 1316 .

**9161**- أخرجه البخاری فی الكسوف جلد 2 صفحه 633 رقم الحديث: 1058' ومسلم فی الكسوف جلد 2 صفحه 619 . واللفظ للبخاری .

**9162** - وَبِهِ، عَنِ ابْنِ اَخِي الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَمِّهِ، عَنْ كَثِيرِ بْنِ الْعَبَّاسِ، اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَبَّاسٍ، كَانَ يُحَدِّثُ عَنْ صَلَاةِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ كَسَفَتِ الشَّمْسُ بِالْمَدِينَةِ، اَنَّهُ لَمْ يَزِدْ عَلَى رَكْعَتَيْنِ مِثْلَ صَلَاةِ الصُّبْحِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں حضور کی نماز کے متعلق کہ مدینہ شریف میں سورج گرہن لگ گیا' آپ نے فجر کی نماز کی طرح دو رکعت ہی پڑھائیں۔

**9163** - وَبِهِ، عَنِ ابْنِ اَخِي الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَمِّهِ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا طَلْحَةَ، يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا يَدْخُلُ الْمَلَائِكَةُ بَيْتًا فِيهِ كَلْبٌ وَلَا صُورَةٌ

حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ جس گھر میں کتا اور تصویر ہو' اس گھر میں رحمت کے فرشتے نہیں آتے ہیں۔

**9164** - وَبِهِ عَنِ ابْنِ اَخِي الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَمِّهِ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: بَيْنَا اَنَا نَائِمٌ رَاَيْتُنِي اَطُوفُ، فَاِذَا رَجُلٌ آدَمُ سَبِطُ الشَّعْرِ بَيْنَ رَجُلَيْنِ، يَنْطِفُ رَاْسُهُ، قُلْتُ: مَنْ هَذَا؟ قَالُوا: عِيسَى بْنُ مَرْيَمَ، فَذَهَبْتُ فَالْتَفَتُّ فَاِذَا رَجُلٌ اَحْمَرُ جَسِيمٌ جَعْدُ الرَّاْسِ اَعْوَرُ الْعَيْنِ الْيُمْنَى كَاَنَّ عَيْنَهُ عِنَبَةٌ طَافِيَةٌ، قُلْتُ: مَنْ هَذَا؟ قَالُوا: الدَّجَّالُ، اَقْرَبُ النَّاسِ بِهِ شَبَهًا ابْنُ قَطَنٍ

حضرت سالم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ آپ نے فرمایا: میں سویا ہوا تھا' میں نے دیکھا کہ میں طواف کر رہا ہوں' ایک آدمی کو دیکھا کہ اس کے بال گھنگریالے ہیں' دو آدمیوں کے درمیان ہے' اس کے سر سے خوشبو مہک رہی ہے' میں نے کہا: یہ کون ہیں؟ انہوں نے کہا: عیسیٰ ابن مریم ہیں' میں گیا تو دیکھا کہ ایک سرخ رنگ چھوٹے سر والا' دائیں آنکھ سے کھانا' اس کی آنکھ ایسے تھی کہ اس کی آنکھ کانے جانور کی طرح تھی' میں نے کہا: یہ کون ہے؟ انہوں نے کہا: دجال!

---

**9162**- أخرجه أبو داؤد في الصلاة جلد 1 صفحه 301 رقم الحديث: 1165 .

**9163**- أخرجه البخاري: بدء الخلق جلد 6 صفحه 359 رقم الحديث: 3225' ومسلم في اللباس جلد 3 صفحه 1665 .

**9164**- أخرجه البخاري في التعبير جلد 12 صفحه 435 رقم الحديث: 7026' ومسلم في الايمان جلد 1 صفحه 156 .

لوگوں میں ابن قطن اس کے مشابہ ہے۔

9165 - وَبِهِ، عَنِ ابْنِ اَخِي الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَمِّهِ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: تُقَاتِلُكُمُ الْيَهُودُ، وَتَتَسَلَّطُونَ عَلَيْهِمْ حَتَّى يَقُولَ الْحَجَرُ: يَا عَبْدَ اللّٰهِ، هَذَا يَهُودِيٌّ وَرَائِي، فَاقْتُلْهُ

حضرت سالم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ تم یہود سے لڑو گے، تم ان پر غالب رہو گے یہاں تک کہ پتھر بھی کہے گے: اے اللہ کے بندے! یہ میرے پیچھے یہودی ہے، اس کو مارو!

9166 - وَبِهِ، عَنِ ابْنِ اَخِي الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَمِّهِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: يَدْخُلُ الْجَنَّةَ مِنْ اُمَّتِي زُمْرَةٌ سَبْعُونَ اَلْفًا، وَضَوْءُ وُجُوهِهِمْ كَضَوْءِ الْقَمَرِ لَيْلَةَ الْبَدْرِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ جنت میں میری اُمت کا ایک گروہ داخل ہوگا ستر ہزار کا، ان کے چہرے ایسے چمک رہے ہوں گے جس طرح کہ چودھویں رات کا چاند چمک رہا ہوتا ہے۔

9167 - وَبِهِ، عَنِ ابْنِ اَخِي الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَمِّهِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: اِذَا قُلْتَ لِصَاحِبِكَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ: اَنْصِتْ، وَالْإِمَامُ يَخْطُبُ، فَقَدْ لَغَوْتَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب تُو اپنے ساتھی سے کہے کہ جمعہ کے دن خاموش رہے اس حالت میں کہ امام خطبہ دے رہا ہو تو تُو نے لغو بات کی۔

9168 - وَبِهِ، عَنِ ابْنِ اَخِي الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَمِّهِ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ اَبَا بَكْرٍ دَخَلَ الْمَسْجِدَ وَعُمَرُ يُكَلِّمُ النَّاسَ، فَمَضَى حَتَّى دَخَلَ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضرت ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما لوگوں سے گفتگو کر رہے تھے، اس کے بعد چلے یہاں تک کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے گھر

9165- أخرجه البخاري في الجهاد جلد6صفحه121 رقم الحديث: 2925، ومسلم: الفتن جلد4صفحه2239 .

9166- أخرجه البخاري في الرقاق جلد 11صفحه413 رقم الحديث: 6542، ومسلم في الايمان جلد 1 صفحه197 .

9167- أخرجه البخاري في الجمعة جلد2صفحه480 رقم الحديث: 934، ومسلم في الجمعة جلد2صفحه583 .

9168- أخرجه البخاري في الجنائز جلد3صفحه136 رقم الحديث: 1241-1242، ومسلم في الجنائز جلد2 صفحه651 مختصرًا .

بَيْتَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الَّذِي تُوُفِّيَ فِيهِ - وَهُوَ فِي بَيْتِ عَائِشَةَ - فَكَشَفَ عَنْ وَجْهِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بُرْدَ حِبَرَةٍ، وَكَانَ مُسَجًّا بِهِ، وَنَظَرَ إِلَى وَجْهِهِ، وَأَكَبَّ عَلَيْهِ يُقَبِّلُهُ

آئے جس میں آپ نے وصال فرمایا' وہ میرا ہی گھر تھا' حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے چہرۂ مبارک سے کپڑا اُٹھایا جو لپٹا ہوا تھا' آپ کے چہرۂ مبارک کی زیارت کی اور آپ پر جھک کر آپ کے چہرۂ مبارک کا بوسہ لیا۔

**9169** - وَبِهِ، عَنِ ابْنِ أَخِي الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَمِّهِ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّهُ سَمِعَ خُطْبَةَ عُمَرَ الْآخِرَةَ، حِينَ جَلَسَ أَبُو بَكْرٍ عَلَى مِنْبَرِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَذَاكَ الْغَدُ مِنْ يَوْمِ تُوُفِّيَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا آخری خطبہ سنا' جس وقت حضرت ابوبکر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے منبر پر تشریف فرما ہوئے' دوسرے دن جس دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا وصال مبارک ہوا۔

**9170** - وَبِهِ، عَنِ ابْنِ أَخِي الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَمِّهِ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ عَلَيْهَا وَهِيَ مُسْتَتِرَةٌ بِقِرَامٍ فِيهِ صُورَةُ تَمَاثِيلَ، فَنَقَضَهَا ثُمَّ قَالَ: إِنَّ أَشَدَّ النَّاسِ عَذَابًا الَّذِينَ يُضَاهُونَ بِخَلْقِ اللّٰهِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے' فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم میرے پاس آئے اس حالت میں کہ ایک پردہ لٹکایا ہوا تھا' جس میں تصویر تھی' آپ نے اس کو ختم کیا اور فرمایا: لوگوں میں ان لوگوں کو سخت عذاب ہوگا جو اللہ کی خلقت میں مشابہت کرتے ہیں۔

**9171** - وَبِهِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ أَخِي الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَمِّهِ، عَنْ عُبَيْدِ بْنِ السَّبَّاقِ، قَالَ: أَخْبَرَنِي ابْنُ عَبَّاسٍ، أَنَّ مَيْمُونَةَ، أَخْبَرَتْهُ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَصْبَحَ يَوْمًا وَاجِمًا، فَقَالَتْ لَهُ مَيْمُونَةُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اسْتَنْكَرْتُ هَيْئَتَكَ هَذَا الْيَوْمَ، فَأَقَامَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَهُ ذَلِكَ عَلَى ذَلِكَ، ثُمَّ

حضرت میمونہ رضی اللہ عنہ بتاتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ایک دن صبح کی پریشانی کی حالت میں' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! آج کے دن آپ پریشان لگ رہے ہیں' حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اس دن اُٹھے' پھر آپ نے دل میں خیال کیا کہ ہماری چارپائی کے نیچے کتا ہے' آپ نے اس کو نکالنے کا حکم دیا' پھر میں نے اپنے ہاتھ سے پانی لیا اس جگہ پر چھڑکا' جب رات ہوئی تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

---

**9169**- أخرجه البخاري في الأحكام جلد**13**صفحه**218** رقم الحديث: **7219** .

**9170**- أخرجه البخاري في اللباس جلد**10**صفحه**400** رقم الحديث: **5954**' والنسائي: الزينة جلد **8**صفحه**189** (باب ذكر أشد الناس عذابًا)' وأحمد في المسند جلد**6**صفحه**41** رقم الحديث: **24136** .

**9171**- تقدم تخريجه .

وَقَعَ فِي نَفْسِهِ جِرْوٌ كَانَ تَحْتَ نَضَدٍ لَنَا، فَأَمَرَ بِهِ فَأُخْرِجَ، ثُمَّ أَخَذَ بِيَدِهِ مَاءً فَنَضَحَ مَكَانَهُ، فَلَمَّا أَمْسَى لَقِيَهُ جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ، فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَدْ كُنْتَ وَاعَدْتَنِي أَنْ تَلْقَانِي الْبَارِحَةَ، فَقَالَ: أَجَلْ، وَلَكِنَّا لَا نَدْخُلُ بَيْتًا فِيهِ كَلْبٌ وَلَا صُورَةٌ

کی ملاقات ہوئی' آپ نے فرمایا: تم نے کل رات کو میرے پاس آنے کا وعدہ کیا تھا' حضرت جبریل نے عرض کی: جی ہاں! لیکن ہم اس گھر میں داخل نہیں ہوتے ہیں جس گھر میں کتا اور تصویر ہو۔

لَمْ يَرْوِ هَذِهِ الْأَحَادِيثَ عَنِ ابْنِ أَخِي الزُّهْرِيِّ إِلَّا الدَّرَاوَرْدِيُّ، تَفَرَّدَ بِهَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ حَمْزَةَ

یہ تمام احادیث زہری کے بھائی کے بیٹے سے الدراوردی روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں اُبراہیم بن حمزہ اکیلے ہیں۔

**9172** - حَدَّثَنَا مُصْعَبٌ، نَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ حَمْزَةَ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ أَبِي بَكْرِ بْنِ نَافِعٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ صَفِيَّةَ بِنْتِ أَبِي عُبَيْدٍ، قَالَتْ: سَمِعْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ، يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ أَتَى عَرَّافًا لَمْ تُقْبَلْ لَهُ صَلَاةٌ أَرْبَعِينَ لَيْلَةً

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ جو کاہن کے پاس آئے' اس کی چالیس رات کی نمازیں قبول نہیں ہوں گی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَبِي بَكْرِ بْنِ نَافِعٍ إِلَّا الدَّرَاوَرْدِيُّ

یہ حدیث ابوبکر بن نافع سے الدراوردی روایت کرتے ہیں۔

**9173** - حَدَّثَنَا مُصْعَبٌ، حَدَّثَنِي أَبِي، نَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مُصْعَبِ بْنِ ثَابِتِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ الزُّبَيْرِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَضَّلَ اللَّهُ قُرَيْشًا بِسَبْعِ خِصَالٍ: فَضَّلَهُمْ بِأَنَّهُمْ عَبَدُوا اللَّهَ

حضرت ابوزبیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ عزوجل نے قریش کو فضیلت دی ہے سات لحاظ سے' ان کو فضیلت دی ہے کہ انہوں نے دس سال اللہ کی عبادت کی' جس وقت صرف قریش ہی عبادت کرتے تھے' ان کی فضیلت یہ ہے کہ ان کی مدد کی

---

9172- اسناده حسن' فيه: مصعب بن ابراهيم بن حمزة' قال الجزرى: ضابط محقق' قرأ على قالون' وله عنه نسخة ومن جلة أصحابه (غاية النهاية جلد2صفحه2919) وانظر: مجمع الزوائد جلد5صفحه120 .

9173- اسناده ضعيف' فيه: عبد الله بن مصعب بن ثابت' ضعيف . وانظر: مجمع الزوائد جلد10صفحه27 .

عَشْرَ سِنِينَ، لَا يَعْبُدُهُ إِلَّا قُرَشِيٌّ، وَفَضَّلَهُمْ بِأَنَّهُ نَصَرَهُمْ يَوْمَ الْفِيلِ وَهُمْ مُشْرِكُونَ، وَفَضَّلَهُمْ بِأَنَّهُ نَزَلَتْ فِيهِمْ سُورَةٌ مِنَ الْقُرْآنِ لَمْ يَدْخُلْ فِيهِمْ غَيْرُهُمْ: لِإِيلَافِ قُرَيْشٍ، وَفَضَّلَهُمْ بِأَنَّ فِيهِمُ النُّبُوَّةَ، وَالْخِلَافَةَ، وَالْحِجَابَةَ، وَالسِّقَايَةَ

ہاتھی والے دن وہ مشرک جو تھے' ان کی فضیلت یہ ہے کہ قرآن میں ان پر سورة' اس سورة' ان کے علاوہ کا ذکر نہیں ہے: ''لایلیف قریش '' ان کی فضیلت یہ ہے کہ نبوت' خلافت' حجابہ' سقایہ پانی پلانا ان میں ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ إِلَّا عَبْدُ اللهِ بْنُ مُصْعَبٍ، وَلَا يُرْوَى عَنِ الزُّبَيْرِ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ

یہ حدیث ہشام بن عروہ سے عبداللہ بن مصعب روایت کرتے ہیں اور زبیر سے اسی سند سے روایت ہے۔

**9174** - حَدَّثَنَا مُصْعَبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ حَمْزَةَ، نَا عِيسَى بْنُ مِينَا قَالُونُ، نَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ أَبِي كَثِيرٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنِ الْحَارِثِ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَلَا أَدُلُّكُمْ عَلَى مَا يُذْهِبُ وَغَرَ الصَّدْرِ؟ صِيَامُ ثَلَاثَةِ أَيَّامٍ مِنْ كُلِّ شَهْرٍ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میں ایسی شی نہ بتاؤں جس کے کرنے سے تمہارے دل کے وسوسے چلے جائیں! ہر ماہ تین روزے رکھو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ إِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، تَفَرَّدَ بِهِ عِيسَى بْنُ مِينَا قَالُونُ

یہ حدیث موسیٰ بن عقبہ سے محمد بن جعفر روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عیسیٰ بن مینا قالون اکیلے ہیں۔

**9175** - حَدَّثَنَا مُصْعَبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الزُّبَيْرِيُّ، نَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ الْحِزَامِيُّ، نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ دِينَارٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ عَامِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ سُلَيْمٍ،

حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی مسجد میں داخل ہو تو بیٹھنے سے پہلے دو رکعت نفل پڑھے (بشرطیکہ مکروہ وقت نہ ہو' مثلاً نمازِ مغرب سے پہلے اور فجر کے فرضوں سے

---

**9174**- اسناده فيه: الحارث هو ابن عبد الله الأعور' ضعيف . تخريجه: البزار فى كشف الأستار' مرفوعًا' بنحوه' وانظر: مجمع الزوائد جلد3صفحه199 .

**9175**- أخرجه البخارى فى الصلاة جلد 1صفحه640 رقم الحديث: 444' ومسلم فى المسافرين جلد 1 صفحه495 .

عَنْ اَبِی قَتَادَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا دَخَلَ اَحَدُكُمُ الْمَسْجِدَ فَلَا یَجْلِسْ حَتّٰی یُصَلِّیَ رَكْعَتَیْنِ

پہلے)۔

**9176** - حَدَّثَنَا مُصْعَبٌ، حَدَّثَنِی اَبِی، نَا اَیُّوبُ بْنُ اَبِی خَالِدٍ الْخَیَّاطُ، حَدَّثَنِی عُمَارَةُ بْنُ غَزِیَّةَ، عَنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ اَبِی هُرَیْرَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: بَیْنَمَا رَجُلٌ یَمْشِی فِی حُلَّةٍ، قَدْ اَعْجَبَتْهُ نَفْسُهُ، فَخُسِفَ بِهِ، فَهُوَ یَتَجَلْجَلُ بِهِ اِلَی یَوْمِ الْقِیَامَةِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ایک آدمی حلّہ پہن کر چل رہا تھا' جو اپنے رب کو بُرا سمجھ رہا تھا' اس کو زمین میں دھنسا دیا گیا وہ قیامت کے دن تک دھنستا رہے گا۔

لَمْ یَرْوِ هٰذَا الْحَدِیثَ عَنْ عُمَارَةَ بْنِ غَزِیَّةَ اِلَّا اَیُّوبُ بْنُ اَبِی خَالِدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ اِبْرَاهِیمُ بْنُ حَمْزَةَ

یہ حدیث عمارہ بن غزیہ سے ایوب بن ابوخالد روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ابراہیم بن حمزہ اکیلے ہیں۔

☆☆☆☆☆

9176- أخرجه البخاري في اللباس جلد 10 صفحه 269 رقم الحديث: 5789؛ ومسلم في اللباس جلد 3 صفحه 1653 .

# مَنِ اسْمُهُ: مُوَرِّعٌ

# اس شیخ کا نام سے جس کا نام مورع ہے

9177 - حَدَّثَنَا مُوَرِّعُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ اَبُو ذُهْلٍ الْمِصِّيصِيُّ، نَا الْحَسَنُ بْنُ عِيسَى الْحَرْبِيُّ، ثَنَا رَوْحُ بْنُ الْمُسَيَّبِ، عَنْ يَزِيدَ الرِّشْكِ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّمَا جُعِلَتِ الشَّفَاعَةُ لِاَهْلِ الْكَبَائِرِ مِنْ اُمَّتِي

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میری شفاعت میری اُمت کے کبیرہ گناہ کرنے والوں کے لیے ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَزِيدَ الرِّشْكِ اِلَّا رَوْحُ بْنُ الْمُسَيَّبِ، تَفَرَّدَ بِهِ الْحَسَنُ بْنُ عِيسَى

یہ حدیث یزید الرشک سے روح بن میّب روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں حسن بن عیسیٰ اکیلے ہیں۔

9178 - حَدَّثَنَا مُوَرِّعُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، ثَنَا دَاوُدُ بْنُ مُعَاذٍ - ابْنُ بِنْتِ مَخْلَدِ بْنِ الْحُسَيْنِ - ، ثَنَا مِسْمَعُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ، عَنْ سِرَارِ بْنِ مُجَشِّرٍ اَبِي عُبَيْدَةَ، عَنْ اَيُّوبَ السِّخْتِيَانِيِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَيَتَعَمَّقَنَّ اَقْوَامٌ مِنْ هَذِهِ الْاُمَّةِ، حَتَّى يَقُولَ اَحَدُهُمْ: هَذَا اللّٰهُ خَلَقَنِي، فَمَنْ خَلَقَهُ؟

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: شیطان ضرور اس اُمت سے انتقام لے گا یہاں تک کہ ہر ایک سے کہے گا: اللہ نے مجھے پیدا کیا ہے' اللہ کو کس نے پیدا کیا ہے؟

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سِرَارٍ اِلَّا مِسْمَعٌ، تَفَرَّدَ بِهِ دَاوُدُ بْنُ مُعَاذٍ

یہ حدیث سرار سے مسمع روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں داؤد بن معاذ اکیلے ہیں۔

9179 - حَدَّثَنَا مُوَرِّعُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، ثَنَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور

---

9177- اسناده فيه: روح بن المسيب ضعيف . تخريجه: الطبراني في الصغير .

9178- أصله عند البخاري ومسلم: أخرجه البخاري في بدء الخلق جلد 6 صفحه 387 رقم الحديث: 3276، ومسلم في الايمان جلد 1 صفحه 120 .

9179- اسناده فيه: مورع بن عبد الله أبو دهل المصيصي ولم أجد من ترجمة وذكره الحافظ الهيثمي في المجمع

عُمَرُ بْنُ يَزِيدَ السَّيَّارِيُّ، ثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ اَبِى هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ اَتَى النِّسَاءَ فِى اَعْجَازِهِنَّ فَقَدْ كَفَرَ

ﷺ نے فرمایا: جو اپنی عورتوں کی دُبر میں وطی کرتے ہیں' وہ اللہ کی نعمت کا انکار کرنے والے ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ لَيْثٍ اِلَّا عَبْدُ الْوَارِثِ، تَفَرَّدَ بِهِ عُمَرُ بْنُ يَزِيدَ

یہ حدیث لیث سے عبدالوارث روایت کرتے ہیں۔اس کو روایت کرنے میں عمر بن یزید اکیلے ہیں۔

**9180** - حَدَّثَنَا مُوَرِّعٌ، نَا دَاوُدُ، نَا ثَابِتُ بْنُ زُهَيْرٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اللَّاعِبُ بِالنَّرْدِ كَوَاضِعِ يَدِهِ فِى لَحْمِ الْخِنْزِيرِ، وَالنَّاظِرُ اِلَيْهَا كَوَاضِعِ يَدِهِ فِى دَمِ الْخِنْزِيرِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو چوسر (کھیل کا نام) کے ساتھ کھیلے وہ ایسے ہے کہ جس طرح اپنا ہاتھ خنزیر کے گوشت پر رکھے اور ان کا کھیل دیکھنے والا ایسے ہے کہ جس طرح کوئی اپنا ہاتھ خنزیر کے خون میں رکھے۔

**9181** - حَدَّثَنَا مُوَرِّعُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، ثَنَا دَاوُدُ بْنُ مُعَاذٍ، نَا ثَابِتُ بْنُ زُهَيْرٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: جَاءَ اَعْرَابِىٌّ اِلَى النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا نَبِىَّ اللّٰهِ اِنِّى رَاَيْتُ الْبَارِحَةَ فِى الْمَنَامِ اَنَّهُ لَيْسَ مِنْ عَبْدٍ يَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَشَهِدَ اَنَّكَ رَسُولُ اللّٰهِ اِلَّا رَفَعَهُ اللّٰهُ دَرَجَةً فِى الْجَنَّةِ، اِلَّا اَصْحَابَ الشَّاهِ- وَهِىَ الشِّطْرَنْجُ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ ایک دیہاتی حضور ﷺ کی بارگاہ میں آیا' اُس نے عرض کی: یارسول اللہ! میں نے آج رات خواب دیکھا ہے کہ جو بندہ لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ کی گواہی دے' اس کا اللہ عزوجل جنت میں ایک درجہ بلند کرتا ہے سوائے شطرنج کھیلنے والوں کے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ اِلَّا ثَابِتُ بْنُ زُهَيْرٍ، تَفَرَّدَ بِهِمَا دَاوُدُ بْنُ مُعَاذٍ

یہ دونوں حدیثیں ابن عمر سے ثابت بن زہیر روایت کرتے ہیں۔ ان دونوں کو روایت کرنے میں داؤد بن معاذ اکیلے ہیں۔

---

جلد4 صفحه302 وقال: ورجاله ثقات .

9180- اسناده فيه: ثابت بن زبير أبو زهيرى: ضعيف جدًّا' ضعفه غير واحد' وقال البخارى' والدارقطنى: منكر الحديث (اللسان جلد2صفحه76) . وانظر: مجمع الزوائد جلد8صفحه116 .

9181- اسناده والكلام فى اسناده كسابقه . وانظر: مجمع الزوائد جلد8صفحه116 .

**9182** - حَدَّثَنَا مُوَرِّعُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، نَا دَاوُدُ بْنُ مُعَاذٍ، نَا ثَابِتُ بْنُ زُهَيْرٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ الْعِيرَ الَّتِي فِيهَا الْجَرَسُ لَا تَصْحَبُهَا الْمَلَائِكَةُ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: وہ اونٹ جس کے ساتھ گھنٹی ہو اس کے ساتھ فرشتے نہیں ہوتے ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ إِلَّا ثَابِتُ بْنُ زُهَيْرٍ وَرَوَاهُ النَّاسُ عَنْ نَافِعٍ، عَنْ سَالِمٍ، عَنِ الْجَرَّاحِ، عَنْ أُمِّ حَبِيبَةَ

یہ حدیث نافع' ابن عمر سے اور نافع سے ثابت بن زہیر روایت کرتے ہیں۔ لوگوں نے اس حدیث کو نافع سے' وہ سالم سے' وہ جراح سے' وہ اُم حبیبہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں۔

**9183** - حَدَّثَنَا مُوَرِّعُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، ثَنَا دَاوُدُ بْنُ مُعَاذٍ، ثَنَا أَيُّوبُ بْنُ وَاقِدٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنِ الْمِنْهَالِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ عَبَّادِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ الْأَسَدِيِّ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُعَوِّذُ الْحَسَنَ وَالْحُسَيْنَ: أُعِيذُكُمَا بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّةِ، مِنْ كُلِّ شَيْطَانٍ وَهَامَّةٍ، وَمِنْ كُلِّ عَيْنٍ لَامَّةٍ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ امام حسن و حسین رضی اللہ عنہما کے لیے دَم کرتے تھے ان الفاظ کے ساتھ ''اعیذکما بکلمات اللّٰہ الٰی آخرہٖ''۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنِ الْمِنْهَالِ، عَنْ عَبَّادٍ إِلَّا أَيُّوبُ بْنُ وَاقِدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ دَاوُدُ بْنُ مُعَاذٍ وَرَوَاهُ أَبُو حَفْصٍ الْأَبَّارُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنِ الْمِنْهَالِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ

یہ حدیث اعمش' منہال سے' وہ عباد سے اور اعمش سے ایوب بن واقد روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں داؤد بن معاذ اکیلے ہیں۔ اس حدیث کو ابوحفص الاثار' اعمش سے' وہ منہال بن عمرو سے' وہ سعید بن جبیر سے' وہ ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں۔

---

**9182**- أخرجه النسائي في الزينة جلد8صفحه157 (باب الجلاجل) بنحوه . وأحمد في المسند جلد2صفحه38 رقم الحديث: 4810 بنحوه .

**9183**- اسناده فيه: أيوب بن واقد الكوفي: متروك (التقريب) . وانظر: مجمع الزوائد جلد5صفحه116 .

**9184** - حَدَّثَنَا مُوَرِّعُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، نَا الْحَسَنُ بْنُ عِيسَى، نَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ، عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنِ الْحَكَمِ بْنِ عُتَيْبَةَ، عَنْ جَعْفَرٍ، عَنْ سَوْدَةَ بِنْتِ زَمْعَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْمُسْتَحَاضَةُ تَدَعُ الصَّلَاةَ أَيَّامَ أَقْرَائِهَا الَّتِي كَانَتْ تَجْلِسُ فِيهَا، ثُمَّ تَغْتَسِلُ غُسْلًا وَاحِدًا، ثُمَّ تَتَوَضَّأُ لِكُلِّ صَلَاةٍ

حضرت سودہ بنت زمعہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: استحاضہ والی حیض کے دنوں میں نماز چھوڑے گی، پھر ایک غسل کرے گی اور ہر نماز کے وقت کے لیے وضو کرے گی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْحَكَمِ إِلَّا الْعَلَاءُ بْنُ الْمُسَيَّبِ، وَلَا عَنِ الْعَلَاءِ إِلَّا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ، تَفَرَّدَ بِهِ الْحَسَنُ بْنُ عِيسَى

حضرت حکم سے صرف علاء بن مسیّب نے اور حفص نے علاء سے روایت کیا ہے۔ حسن بن عیسیٰ اس حدیث کو روایت کرنے میں اکیلے ہیں۔

☆☆☆☆☆

**9184**- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 1 صفحه 284 وقال: رواه الطبراني في الأوسط، وفيه جعفر عن سودة، لم أعرفه .

# مَنِ اسْمُهُ: مُفَضَّلٌ

# اس شیخ کے نام سے جس کا نام مفضل ہے

**9185** - حَدَّثَنَا مُفَضَّلُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْجَنَدِيُّ، ثَنَا عَلِيُّ بْنُ زِيَادٍ اللَّحْجِيُّ، ثَنَا اَبُو قُرَّةَ مُوسَى بْنُ طَارِقٍ، قَالَ: ذَكَرَهُ زَمْعَةُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، اَنَّهُ سَمِعَ اُمَيْمَةَ بِنْتَ رُقَيْقَةَ، تَقُولُ: بَايَعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاشْتَرَطَ عَلَيَّ مَا اشْتَرَطَ عَلَى الْمُؤْمِنَاتِ، ثُمَّ قَالَ: فِيمَا اَطَقْتِ

حضرت امیمہ بنت رقیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بیعت کی' آپ نے مجھ پر وہی شرط لگائی جو مؤمن عورتوں پر لگائی تھی' پھر فرمایا: جو تم طاقت رکھتی ہو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ اِلَّا اَبُو قُرَّةَ

یہ حدیث موسیٰ بن عقبہ سے ابوقرہ روایت کرتے ہیں۔

**9186** - حَدَّثَنَا مُفَضَّلُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْجَنَدِيُّ، ثَنَا عَلِيُّ بْنُ زِيَادٍ اللَّحْجِيُّ، ثَنَا اَبُو قُرَّةَ، قَالَ: ذَكَرَ ابْنُ جُرَيْجٍ، اَخْبَرَنِي وَرْقَاءُ بْنُ عُمَرَ، اَنَّ عَطَاءً، اَخْبَرَهُ، اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَبَّاسٍ دَعَا الْفَضْلَ يَوْمَ عَرَفَةَ فَقَالَ: اِنِّي صَائِمٌ، فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: لَا تَصُمْ، فَاِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُرِّبَ اِلَيْهِ حِلَابٌ فِيهِ لَبَنٌ، فَشَرِبَ مِنْهُ هَذَا الْيَوْمَ، وَاِنَّ النَّاسَ يَسْتَنُّونَ بِكُمْ

حضرت عطاء سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہ بن عباس نے عرفہ کے دن حضرت فضل کو کھانے کی دعوت دی' حضرت فضل رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں روزہ کی حالت میں ہوں' حضرت عبداللہ نے فرمایا: روزہ نہ رکھو کیونکہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دودھ پیش کیا گیا' آپ نے اس دن نوش کیا تھا اور لوگوں کے لیے آپ کی سنت ذریعۂ نجات ہے۔

---

**9185**- أخرجه الترمذی کتاب السیر جلد **4** صفحه **151** رقم الحدیث: **1597**' والنسائی فی کتاب البیعة جلد **7** صفحه **134** باب بیعة النساء' وابن ماجة: کتاب الجهاد جلد **2** صفحه **959** رقم الحدیث: **2874** بنحوه . وقال أبو عیسٰی: هذا حدیث حسن صحیح .

**9186**- أخرجه أحمد فی مسنده جلد **1** صفحه **321** رقم الحدیث: **2952** .

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ اِلَّا اَبُو قُرَّةَ

یہ حدیث ابن جریج سے ابوقرہ روایت کرتے ہیں۔

**9187** - حَدَّثَنَا مُفَضَّلٌ، ثَنَا عَلِيٌّ، ثنا اَبُو قُرَّةَ، قَالَ: ذَكَرَ زَمْعَةُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ زِيَادِ بْنِ سَعْدٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، اَنَّ جُبَيْرَ بْنَ مُطْعِمٍ، حَدَّثَهُ اَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ قَاطِعٌ

حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: صلہ رحمی ختم کرنے والا جنت میں داخل نہیں ہوگا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ زِيَادِ بْنِ سَعْدٍ اِلَّا زَمْعَةُ، تَفَرَّدَ بِهِ اَبُو قُرَّةَ

یہ حدیث زیاد بن سعد سے زمعہ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ابوقرہ اکیلے ہیں۔

**9188** - وَبِهِ، حَدَّثَنَا اَبُو قُرَّةَ، قَالَ: ذَكَرَ زَمْعَةُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ زِيَادِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: اَلَا اُرِيكُمْ كَيْفَ رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَوَضَّا؟ فَاَخَذَ الْمَاءَ بِاِحْدَى يَدَيْهِ، فَاسْتَنْشَقَ، ثُمَّ جَمَعَ اِلَيْهَا الْاُخْرَى فَاَفْرَغَ فَاَفَاضَ عَلَى وَجْهِهِ، وَغَسَلَ يَدَيْهِ، ثُمَّ مَسَحَ بِرَاْسِهِ وَاُذُنَيْهِ، ثُمَّ مَسَحَ عَلَى ظُهُورِ قَدَمَيْهِ فَوْقَ النَّعْلِ، ثُمَّ قَامَ فَصَلَّى

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ کیا میں تم کو بتاؤں کہ رسول اللہ ﷺ کیسے وضو کرتے تھے؟ آپ نے پانی لیا' اس کو پانے دونوں ہاتھوں پر ڈالا' کلی کی' دونوں ہاتھوں کو جمع کیا' اپنے چہرے کو دھویا اور دونوں ہاتھ دھوئے' اپنے سر اور دونوں کانوں کا مسح کیا' پھر اپنے دونوں موزوں کا مسح کیا' پھر کھڑے ہوئے اور نماز پڑھائی۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ زِيَادِ بْنِ سَعْدٍ اِلَّا زَمْعَةُ، تَفَرَّدَ بِهِ اَبُو قُرَّةَ

یہ حدیث زیاد بن سعد سے زمعہ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ابوقرہ اکیلے ہیں۔

**9189** - وَبِهِ، حَدَّثَنَا اَبُو قُرَّةَ، قَالَ: ذَكَرَ زَمْعَةُ، عَنْ زِيَادِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، حَدَّثَنِي

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ وہ ایک سفر میں حضور ﷺ کے ساتھ تھے مکہ کی

---

**9187**- أخرجه البخاري: كتاب الأدب جلد 10 صفحه 428 رقم الحديث: 5984' ومسلم: كتاب البر والصلة جلد 4 صفحه 1981 .

**9189**- اسناده فيه: زمعه بن صالح: ضعيف (التقريب) . وانظر مجمع الزوائد جلد 9 صفحه 12 .

يُونُسُ بْنُ خَبَّابٍ الْكُوفِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا عُبَيْدَةَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، يَذْكُرُ اَنَّهُ سَمِعَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُودٍ، يَقُولُ: اِنَّهُ كَانَ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي سَفَرٍ اِلَى مَكَّةَ، وَاَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا خَرَجَ اِلَى الْغَائِطِ اَبْعَدَ حَتّٰى لَا يَرَاهُ اَحَدٌ، قَالَ: فَبَصُرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِشَجَرَتَيْنِ مُتَبَاعِدَتَيْنِ، فَقَالَ: يَا ابْنَ مَسْعُودٍ، اذْهَبْ اِلَى هَاتَيْنِ الشَّجَرَتَيْنِ فَقُلْ لَهُمَا: اِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَاْمُرُكُمَا اَنْ تَجْتَمِعَا لَهُ لِيَتَوَارَى بِكُمَا فَمَشَتْ اِحْدَاهُمَا اِلَى الْاُخْرَى، فَقَضَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَاجَتَهُ، ثُمَّ رَجَعَتَا اِلَى مَكَانِهِمَا، فَمَضَى حَتّٰى اَتَيْنَا اَزِقَّةَ الْمَدِينَةِ، فَجَاءَ بَعِيرٌ يَشْتَدُّ حَتّٰى سَجَدَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ قَامَ بَيْنَ يَدَيْهِ تَذْرِفُ عَيْنَاهُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ صَاحِبُ هَذَا الْبَعِيرِ؟ قَالُوا: فُلَانٌ، فَقَالَ: ادْعُوهُ لِي ، فَاَتَوْا بِهِ، فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا شَاْنُكَ وَهَذَا الْبَعِيرُ يَشْكُوكَ؟ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، هَذَا الْبَعِيرُ كُنَّا نَسْنُوا عَلَيْهِ مُنْذُ عِشْرِينَ سَنَةً، ثُمَّ اَرَدْنَا نَحْرَهُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: شَكَا ذٰلِكَ، بِئْسَمَا جَازَيْتُمُوهُ، اسْتَعْمَلْتُمُوهُ عِشْرِينَ سَنَةً حَتّٰى اِذَا رَقَّ عَظْمُهُ وَرَقَّ جِلْدُهُ اَرَدْتُمْ نَحْرَهُ، بِعْنِيهِ قَالُوا: بَلْ هُوَ لَكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَاَمَرَ بِهِ رَسُولُ

طرف جاتے ہوئے' حضورﷺ کی عادت تھی کہ جب آپ قضاء حاجت کے لیے نکلتے تو دور جاتے تھے کہ کوئی آپ کو نہیں دیکھتا تھا' حضورﷺ نے دو درخت دیکھے دونوں دور تھے' آپ نے فرمایا: اے ابن مسعود! ان دونوں درختوں کے پاس جاؤ! ان کو کہو کہ رسول اللہﷺ تم دونوں کو فرماتے ہیں کہ تم دونوں اکٹھے ہو جاؤ تاکہ تمہارا پردہ کر سکوں۔ تو ان میں سے ایک دوسرے کی طرف چلا' حضورﷺ نے قضاء حاجت فرمائی' پھر وہ اپنی اپنی جگہ چلے گئے' آپ آگے چلے یہاں تک کہ ہم شہر کے قریب ہوئے تو ایک اونٹ دوڑتا ہوا آیا اور آ کر حضورﷺ کو سجدہ کرنے لگے' پھر آپ کے سامنے کھڑا ہو گیا' اس کی آنکھوں سے آنسو جاری ہو گئے۔ حضورﷺ نے فرمایا: اس اونٹ کا مالک کون ہے؟ انہوں نے عرض کی: فلاں ہے' آپ نے فرمایا: اس کو میرے پاس بلاؤ! اس کو لایا گیا تو آپ نے فرمایا: اس کو کیا بات ہے یہ اونٹ تمہاری شکایت کر رہا ہے؟ اس نے عرض کی: یارسول اللہ! یہ اونٹ ہم نے اس سے بیس سال تک خدمت لی ہے' پھر ہم نے اس کو ذبح کرنے کا ارادہ کیا ہے۔ آپ نے فرمایا: یہی شکایت کر رہا ہے' کتنا بُرا تُو نے اس کے متعلق سوچا ہے' اس کو بیس سال تک استعمال کیا جب اس کی ہڈیاں کمزور ہو گئیں اور چمڑا کمزور ہو گیا تو تم اس کو اپنی آنکھوں کے سامنے ذبح کرنے لگے' انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! یہ آپ کے لیے ہے۔ آپ نے اس کے متعلق حکم دیا تو اس کو

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَوَجَّهَ بِهِ مَعَ الظُّهْرِ، فَقَالَ لَهُ اَصْحَابُهُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، سَجَدَ لَكَ هٰذَا الْبَعِيرُ وَنَحْنُ اَحَقُّ بِالسُّجُودِ؟ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَعَاذَ اللّٰهِ اَنْ يَسْجُدَ اَحَدٌ لِاَحَدٍ، لَوْ سَجَدَ اَحَدٌ لِاَحَدٍ لَاَمَرْتُ الْمَرْاَةَ اَنْ تَسْجُدَ لِزَوْجِهَا

ایک طرف کیا گیا۔ صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! یہ اونٹ آپ کو سجدہ کرتا ہے ہم زیادہ حقدار ہیں کہ آپ کو سجدہ کریں۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا: اللہ کی پناہ! اللہ کے علاوہ کسی کے لیے جائز نہیں ہے کہ اس کو سجدہ کیا جائے اگر اس اُمت میں کسی کے لیے سجدہ کرنا جائز ہوتا تو میں عورت کو دیتا کہ اس کو سجدہ کرے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ زِيَادِ بْنِ سَعْدٍ اِلَّا زَمْعَةُ، تَفَرَّدَ بِهِ اَبُو قُرَّةَ

یہ حدیث زیاد بن سعد سے زمعہ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ابوقرہ اکیلے ہیں۔

**9190** - حَدَّثَنَا مُفَضَّلٌ، نَا عَلِيُّ بْنُ زِيَادٍ اللَّحْجِيُّ، ثَنَا اَبُو قُرَّةَ مُوسَى بْنِ طَارِقٍ، قَالَ: ذَكَرَ زَمْعَةُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ زِيَادِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ اللّٰهِ قَالَ: اِنْ ذَكَرَنِي عَبْدِي وَحْدَهُ ذَكَرْتُهُ وَحْدِي، وَاِنْ ذَكَرَنِي فِي مَلَإٍ ذَكَرْتُهُ فِي مَلَإٍ مِنَ الْمَلَائِكَةِ، وَاِنْ اَقْبَلَ اِلَيَّ يَمْشِي اَقْبَلْتُ اِلَيْهِ اُهَرْوِلُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ اللہ عزوجل نے فرمایا: جب میرا بندہ مجھے اکیلا یاد کرتا ہے تو میں اس کا ذکر اکیلا کرتا ہوں اگر مجھے مجلس میں یاد کرے تو میں اس کا ذکر فرشتوں کے سامنے کروں جب میرے پاس چل کر آئے تو میری رحمت دوڑ کر آئے گی۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ زِيَادِ بْنِ سَعْدٍ اِلَّا زَمْعَةُ، تَفَرَّدَ بِهِ اَبُو قُرَّةَ

یہ حدیث زیاد بن سعد سے زمعہ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ابوقرہ اکیلے ہیں۔

**9191** - وَبِهِ، حَدَّثَنَا اَبُو قُرَّةَ، قَالَ: ذَكَرَ زَمْعَةُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ زِيَادِ بْنِ سَعْدٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ مَالِكِ بْنِ اَوْسِ بْنِ الْحَدَثَانِ، عَنْ عُمَرَ بْنِ

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ اللہ عزوجل نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو مالِ فئی کے ساتھ خاص کیا آپ کے علاوہ کسی کو نہیں دیا اللہ عزوجل

**9190**- أخرجه البخاري: كتاب التوحيد جلد **13** صفحه **395** رقم الحديث: **7405**، ومسلم: كتاب الذكر والدعاء والتوبة والاستغفار جلد **4** صفحه **2061**.

**9191**- أخرجه البخاري: كتاب الجهاد جلد **6** صفحه **110** رقم الحديث: **2902**، ومسلم: كتاب الجهاد جلد **3** صفحه **1376**.

الْخَطَّابِ، اَنَّهُ قَالَ: اِنَّ اللّٰهَ خَصَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ هَذَا الْفَيْءِ بِشَيْءٍ لَمْ يُعْطِهِ اَحَدًا غَيْرَهُ، قَالَ اللّٰهُ تَعَالَى: (مَا اَفَاءَ اللّٰهُ عَلَى رَسُولِهِ مِنْهُمْ فَمَا اَوْجَفْتُمْ عَلَيْهِ مِنْ خَيْلٍ وَلَا رِكَابٍ) (الحشر:6) الْآيَةُ، فَكَانَتْ هَذِهِ خَالِصَةً لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاللّٰهِ مَا اخْتَارَهَا دُونَكُمْ، وَلَا اسْتَأْثَرَ بِهَا عَلَيْكُمْ، لَقَدْ اَعْطَاكُمُوهَا حَتَّى بَقِيَ مِنْهَا هَذَا الْمَالُ الَّذِي بَقِيَ مِنْهَا، قَالَ: وَكَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُنْفِقُ عَلَى اَهْلِهِ نَفَقَةَ سَنَتِهِمْ مِنْ هَذَا الْمَالِ، ثُمَّ يَأْخُذُ مَا بَقِيَ فَيَجْعَلُهُ مَجْعَلَ مَالِ اللّٰهِ، فَعَمِلَ بِذَلِكَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَيَاتَهُ حَتَّى تُوُفِّيَ، ثُمَّ قَالَ عُمَرُ بَعْدَ ذَلِكَ لِعُثْمَانَ وَعَبْدِ الرَّحْمَنِ وَالزُّبَيْرِ وَسَعْدٍ، وَهُمْ عِنْدَهُ: اَنْشُدُكُمَا بِاللّٰهِ هَلْ تَعْلَمَانِ ذَلِكَ؟ قَالَا: نَعَمْ

نے فرمایا: ''ما افاء اللّٰه الی آخرہ'' یہ آیت خاص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لیے ہے اللہ کی قسم! تمہارے علاوہ کسی کو اختیار نہیں کیا' تم پر کسی کو ترجیح نہیں دی یہاں تک کہ اس مال سے باقی رہے' پھر جو باقی رہ جاتے اس کو اللہ کے مال میں رکھو' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس مال سے اپنے گھر والوں کے لیے ایک سال کا خرچ رکھتے تھے پھر جو باقی بچتا اس کو اللہ کے مال میں رکھتے' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنے وصال تک اپنی زندگی میں ایسے ہی کرتے رہے۔ پھر حضرت عمر' پھر حضرت عثمان ایسے ہی کرتے رہے۔ حضرت عبدالرحمٰن بن عوف' ان کے پاس ہوئے' فرمایا: میں تم کو اللہ کی قسم دیتا ہوں! کیا تم دونوں کو جانتے ہو؟ دونوں نے کہا: جی ہاں!

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ زِيَادٍ اِلَّا زَمْعَةُ، تَفَرَّدَ بِهِ اَبُو قُرَّةَ

یہ حدیث زیاد بن زمعہ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ابوقرہ اکیلے ہیں۔

**9192** - حَدَّثَنَا مُفَضَّلُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْجَنَدِيُّ، ثَنَا عَلِيُّ بْنُ زِيَادٍ، ثَنَا اَبُو قُرَّةَ، قَالَ: ذَكَرَ زَمْعَةُ، عَنْ زِيَادِ بْنِ سَعْدٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، اَنَّ اَبَا سَلَمَةَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، حَدَّثَهُ، اَنَّهُ، سَمِعَ اَبَا هُرَيْرَةَ، يَقُولُ: اُقِيمَتِ الصَّلَاةُ، فَقُمْنَا فَعَدَّلْنَا الصُّفُوفَ قَبْلَ اَنْ يَخْرُجَ اِلَيْنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نماز کے لیے اقامت پڑھی جاتی' ہم حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نکلنے سے پہلے صفیں سیدھی کرتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ زِيَادِ بْنِ سَعْدٍ اِلَّا

یہ حدیث زیاد بن سعد سے زمعہ روایت کرتے

زَمْعَةُ، تَفَرَّدَ بِهِ اَبُو قُرَّةَ

ہیں۔اس کوروایت کرنے میں ابوقرہ اکیلے ہیں۔

**9193** - وَبِهِ، حَدَّثَنَا اَبُو قُرَّةَ، قَالَ: ذَكَرَ زَمْعَةُ، عَنْ زِيَادِ بْنِ سَعْدٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ اَبِي الدَّرْدَاءِ، عَنْ كَعْبِ بْنِ عَاصِمٍ الْاَشْعَرِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَيْسَ الْبِرُّ الصِّيَامَ فِي السَّفَرِ

حضرت کعب بن عامر اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: سفر میں روزہ رکھنا کوئی نیکی نہیں ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ زِيَادٍ اِلَّا زَمْعَةُ، تَفَرَّدَ بِهِ اَبُو قُرَّةَ

یہ حدیث زیاد سے زمعہ روایت کرتے ہیں۔اس کوروایت کرنے میں ابوقرہ اکیلے ہیں۔

**9194** - حَدَّثَنَا مُفَضَّلٌ، ثَنَا اَبُو حُمَةَ، ثَنَا اَبُو قُرَّةَ، عَنْ زَمْعَةَ بْنِ صَالِحٍ، عَنْ زِيَادِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ اَبَانٍ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ: كُنَّا اِذَا رَفَعْنَا رُءُوسَنَا مِنَ الرُّكُوعِ لَمْ يَضَعْ اَحَدٌ مِنَّا رَاْسَهُ حَتّٰى نَرَى رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَاجِدًا

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب ہم رکوع سے سر اُٹھاتے تو ہم سجدہ نہیں کرتے تھے یہاں تک کہ ہم حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو حالتِ سجدہ میں دیکھتے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ زِيَادٍ اِلَّا زَمْعَةُ، تَفَرَّدَ بِهِ اَبُو قُرَّةَ

یہ حدیث زیاد سے زمعہ روایت کرتے ہیں۔اس کوروایت کرنے میں ابوقرہ اکیلے ہیں۔

**9195** - حَدَّثَنَا مُفَضَّلٌ، نَا اَبُو حُمَةَ، نَا اَبُو قُرَّةَ، قَالَ: ذَكَرَ زَمْعَةُ، عَنْ زِيَادِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ اَبَانٍ، حَدَّثَنِي اَنَسٌ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُولُ: اِذَا نُودِيَ بِالصَّلَاةِ اَدْبَرَ الشَّيْطَانُ فِيمَا بَيْنَهُ وَبَيْنَ الرَّوْحَاءِ حَتّٰى لَا يَسْمَعَ صَوْتَ التَّاْذِينِ،

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے تھے کہ جب نماز کے لیے اذان دی جاتی ہے تو شیطان بھاگتا ہے اس جگہ سے اور روحاء کے درمیان' یہاں تک کہ وہ اذان کی آواز نہیں سنتا ہے' آسمان کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں اور جنت

---

**9193**- أخرجه النسائی فی کتاب الصیام جلد 4صفحه146 باب ما یکره فی الصیام فی السفر . وابن ماجة فی کتاب الصیام جلد 1صفحه532 رقم الحدیث: 1664' وأحمد فی المسند جلد 5صفحه434 رقم الحدیث: 23741 . وله شاهد من حدیث جابر بن عبد الله فی الصحیحین أخرجه البخاری: کتاب الصیام جلد 4 صفحه2160 رقم الحدیث: 1946 ومسلم: کتاب الصیام جلد2صفحه786 .

**9195**- اسناده فیه: زمعة بن صالح' ضعیف . وانظر: مجمع الزوائد جلد1صفحه337 .

وَفُتِحَتْ اَبْوَابُ السَّمَاءِ وَاَبْوَابُ الْجِنَانِ، وَاسْتُجِيبَ الدُّعَاءُ

کے دروازے اور دعا قبول ہوتی ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ زِيَادٍ اِلَّا زَمْعَةُ، تَفَرَّدَ بِهِ اَبُو قُرَّةَ

یہ حدیث زیاد سے زمعہ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ابوقرہ اکیلے ہیں۔

**9196** - حَدَّثَنَا مُفَضَّلٌ، ثَنَا اَبُو حُمَةَ، ثَنَا اَبُو قُرَّةَ، قَالَ: ذَكَرَ زَمْعَةُ، عَنْ زِيَادِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبِي يُحَدِّثُ عَنْ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كُلُوا الزَّيْتَ، وَادَّهِنُوا بِهِ؛ فَاِنَّهُ يَخْرُجُ مِنْ شَجَرَةٍ مُبَارَكَةٍ

حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: زیتون کھاؤ اس کا تیل لگاؤ کیونکہ یہ بابرکت درخت سے نکلتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ اِلَّا زَمْعَةُ، تَفَرَّدَ بِهِ اَبُو قُرَّةَ

یہ حدیث زمعہ سے روایت ہے اس کو روایت کرنے میں ابوقرہ اکیلے ہیں۔

**9197** - وَبِهِ، حَدَّثَنَا اَبُو قُرَّةَ، قَالَ: ذَكَرَ زَمْعَةُ، عَنْ زِيَادِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، اَنَّهُ سَمِعَ جَابِرًا، يَقُولُ: نَحَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ الْحُدَيْبِيَةِ سَبْعِينَ نَاقَةً، شَرَّكَ بَيْنَ كُلِّ سَبْعَةٍ فِي جَزُورٍ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے حدیبیہ کے دن ستر اونٹنیاں ذبح کیں ایک اونٹ میں سات آدمیوں کو شریک کیا۔

**9198** - حَدَّثَنَا مُفَضَّلٌ، نَا عَلِيُّ بْنُ زِيَادٍ اللَّحْجِيُّ، ثَنَا اَبُو قُرَّةَ، قَالَ: ذَكَرَ زَمْعَةُ، عَنْ زِيَادِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، اَنَّهُ سَمِعَ جَابِرًا، يَقُولُ: حَلَقَ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے حدیبیہ کے مقام پر بال منڈوائے آپ کے صحابہ میں سے بہت سے افراد نے بھی سر کے بال

---

**9196**- أخرجه الترمذی فی کتاب الأطعمة جلد 4 صفحه 285 رقم الحدیث: 1852، والدارمی فی کتاب الأطعمة جلد 2 صفحه 139 رقم الحدیث: 252، والحاکم فی کتاب التفسیر جلد 4 صفحه 398: وقال هذا حدیث صحیح الاسناد ولم یخرجاه . ووافقه الذهبی .

**9197**- أخرجه مسلم: الحج جلد 2 صفحه 955، والدارمی: الأضاحی جلد 2 صفحه 107 رقم الحدیث: 1955 بنحوه .

**9198**- اسناده فیه: زمعة بن صالح، ضعیف .

رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْحُدَيْبِيَةِ، فَحَلَقَ نَاسٌ كَثِيرٌ مِنْ اَصْحَابِهِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَرْحَمُ اللّٰهُ الْمُحَلِّقِينَ ، فَقَالَ رَجُلٌ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ وَالْمُقَصِّرِينَ فَقَالَ: رَحِمَ اللّٰهُ الْمُحَلِّقِينَ ، قَالَ فِي الثَّالِثَةِ: وَالْمُقَصِّرِينَ

منڈوائے' حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ رحم کرے بال منڈوانے والوں پر! ایک آدمی نے عرض کی: یارسول اللہ! بال کٹوانے والوں کے لیے دعا کریں! آپ نے فرمایا: اللہ رحم کرے بال منڈوانے والوں پر! تیسری مرتبہ فرمایا: بال کٹوانے والوں پر رحم کرے!

**9199** - وَبِهِ قَالَ: ذَكَرَ زَمْعَةُ، عَنْ زِيَادِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَذْكُرُ الْمَسِيحَ الدَّجَّالَ: اِنِّي سَاَقُولُ لَكُمْ فِيهِ كَلِمَةً مَا قَالَهَا نَبِيٌّ قَبْلِي: اِنَّهُ اَعْوَرُ، وَلَيْسَ اللّٰهُ بِاَعْوَرَ، بَيْنَ عَيْنَيْهِ كِتَابٌ: كَافِرٌ - قَالَ جَابِرٌ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ - : يَقْرَاُهُ كُلُّ مُؤْمِنٍ كَاتِبٍ وَغَيْرِ كَاتِبٍ، يَسِيحُ فِي الْاَرْضِ اَرْبَعِينَ يَوْمًا، يَرِدُ كُلَّ بَلَدٍ غَيْرَ هَاتَيْنِ: الْمَدِينَةِ وَمَكَّةَ، حَرَّمَهُمَا اللّٰهُ عَلَيْهِ، يَوْمٌ مِنْ اَيَّامِهِ كَالسَّنَةِ، وَيَوْمٌ كَالشَّهْرِ، وَيَوْمٌ كَالْجُمُعَةِ، ثُمَّ بَقِيَّةُ اَيَّامِهِ كَاَيَّامِكُمْ هَذِهِ، لَا يَبْقَى اِلَّا اَرْبَعِينَ يَوْمًا

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے مسیح دجال کا ذکر کیا' فرمایا کہ عنقریب میں تم کو ایک بات کہتا ہوں جو مجھ سے پہلے کسی نبی نے فرمائی ہے کہ دجال کانا ہے' اللہ عزوجل اس سے پاک ہے' دجال کی دونوں آنکھوں کے درمیان لکھا ہوا ہے کافر۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: اس کو ہر مؤمن پڑھے گا چاہے وہ مؤمن پڑھا لکھا ہو یا نہ پڑھا ہو' چالیس دن زمین پر پھیرے گا مکہ اور مدینہ کے علاوہ' ہر شہر میں جائے گا' ان دونوں شہروں کو اللہ نے اس پر حرام کیا' وہ دن سال کے برابر ہو گا' ایک دن مہینہ کے برابر' ایک دن جمعہ کی طرح' پھر باقی دن اسی طرح ہوں گے' وہ زمین میں چالیس دن رہے گا۔

**9200** - وَبِهِ، قَالَ: ذَكَرَ زَمْعَةُ، عَنْ زِيَادِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، اَنَّهُ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، يَقُولُ: اسْتَاْذَنَتْ اُمُّ سَلَمَةَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا نے رسول اللہ ﷺ سے پچھنے کے متعلق اجازت چاہی تو آپ نے اجازت

---

**9199**- اسناده والكلام في اسناده كسابقه ـ وانظر: مجمع الزوائد جلد7صفحه352 ـ

**9200**- أخرجه مسلم في السلام جلد4صفحه1730' وأبو داؤد في اللباس جلد 4صفحه61 رقم الحديث: 4105' وابن ماجة في الطب جلد2صفحه1151 رقم الحديث: 3480 ـ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْحِجَامَةِ، فَاَذِنَ لَهَا، فَاَرْسَلَتْ اِلَى اُمٍّ لَهَا مِنَ الرَّضَاعَةِ، فَحَجَمَتْهَا

دے دی' اُنہوں نے اپنی رضاعی ماں کی طرف پیغام بھیجا اس نے پچھنا لگایا۔

**9201** - وَبِهِ، قَالَ: ذَكَرَ زَمْعَةُ، عَنْ زِيَادِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا مِنْ عَبْدٍ اِلَّا عَلَى رَاْسِهِ حَرِيرَةٌ مُعَقَّدَةٌ، فَاِذَا اسْتَيْقَظَ فَحَمِدَ اللّٰهَ، وَقَامَ فَتَوَضَّاَ فَيُصَلِّي، حُلَّتِ الْعُقَدُ، وَاِنِ اسْتَيْقَظَ وَلَمْ يَحْمَدِ اللّٰهَ، قَالَ لَهُ الشَّيْطَانُ: عَلَيْكَ لَيْلٌ طَوِيلٌ، ارْقُدْ، فَيَعْقِدُ الشَّيْطَانُ عَلَيْهِ الْحَرِيرَ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ہر بندے کے سر کے پاس شیطان ریشم کی گرہ لگاتا ہے' جب بندہ جاگتا ہے اور اللہ کی حمد اور کھڑے ہو کر وضو کرتا ہے' نماز پڑھتا ہے تو وہ گرہ کھل جاتی ہے' اگر اُٹھ کر اللہ کی حمد نہیں کرتا ہے' شیطان اس کو کہتا ہے: سو جا لمبی رات ہے! وہ سو جاتا ہے شیطان اس پر ریشم سے گرہ لگاتا ہے۔

**9202** - حَدَّثَنَا مُفَضَّلٌ، نَا اَبُو حُمَةَ، ثَنَا اَبُو قُرَّةَ، عَنْ زَمْعَةَ بْنِ صَالِحٍ، عَنْ زِيَادِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، اَنَّهُ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، يَقُولُ: بَعَثَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَعَ اَبِي عُبَيْدَةَ بْنِ الْجَرَّاحِ، وَنَحْنُ سِتُّ مِائَةِ رَجُلٍ وَبِضْعَةَ عَشَرَ رَجُلًا، نَتَلَقَّى عِيرَ قُرَيْشٍ، فَمَا وَجَدَ لَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ زَادٍ اِلَّا جِرَابًا مِنْ تَمْرٍ، فَكَانَ يُعْطِينَا تَمْرَةً تَمْرَةً كُلَّ يَوْمٍ، نَمَصُّهَا وَنَشْرَبُ عَلَيْهَا مِنَ الْمَاءِ، فَوَجَدْنَا فَقْدَهَا حِينَ فَنِيَتْ، ثُمَّ اَقْبَلْنَا عَلَى الْخَبَطِ نَخْبِطُهُ بِعِصِيِّنَا، ثُمَّ نَسْتَفُّهُ وَنَشْرَبُ عَلَيْهِ الْمَاءَ، حَتَّى سُمِّينَا جَيْشَ الْخَبَطِ، فَمَرَرْنَا بِسَاحِلِ الْبَحْرِ، فَرَمَى الْبَحْرُ لَنَا

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہمیں حضور ﷺ نے حضرت ابوعبیدہ بن جراح کے ساتھ بھیجا' ہم چھ سو سے زیادہ افراد تھے' ہماری ملاقات قریش کے گروہ سے ہوئی' ہمیں حضور ﷺ کی طرف سے زادِ راہ کھجوروں کی ایک تھیلی تھی' ہم کو ایک ایک دی جاتی تھی ہر دن' ہم اس کو چوستے اور اس کے اوپر سے پانی پیتے' اس طرح وہ ختم ہو گئیں' پھر اس کی گٹھلیاں چوستے اور اس کے اوپر سے پانی پیتے' یہاں تک کہ ہمارا نام ہی جیش الخبط رکھا گیا' ہم سمندر کے کنارے سے گزرے تو سمندر نے ہمارے لیے ایک بہت بڑا جانور پھینکا اس کا نام عنبر تھا' بہت بڑا تھا۔ حضرت ابوعبیدہ نے فرمایا: یہ مردار ہمارے لیے حلال نہیں ہے۔ پھر فرمایا: ہم

---

**9201**- اسناده فيه: زمعة بن صالح' ضعيف (التقريب) . تخريجه: أحمد في المسند' وأبو يعلى في المقصد العلى مرفوعًا' بنحوه' وانظر: مجمع الزوائد جلد2صفحه264 .

**9202**- اسناده والكلام في اسناده كسابقه . وانظر: مجمع الزوائد جلد 10صفحه325 . قلت: هو في الصحيح' ولكنه قال: نحن ثلاثمائة وهنا ستمائة وبضعة عشر .

بِدَابَّةٍ، يُقَالُ لَهَا: الْعَنبَرُ، مِثْلُ الْكَثِيبِ، فَقَالَ اَبُو عُبَيْدَةَ: مَيْتَةٌ لَا يَحِلُّ لَنَا، ثُمَّ قَالَ بَعْدُ: بَلْ نَحْنُ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، وَنَحْنُ مُضْطَرُّونَ، فَاَكَلْنَا مِنهَا نَحْوًا مِنْ نِصْفِ شَهْرٍ وَزِيَادَةٍ، وَوَشَقْنَا وَشْقًا كَثِيرًا، فَكُنَّا نَغْرِفُ مِنْ مَوْضِعِ عَيْنِهَا الْوَدَكَ بِالْجِرَارِ حَتَّى اَنْجَزْنَاهُ، ثُمَّ جَلَسَ فِي مَوْضِعِ عَيْنِهَا ثَلَاثَةَ عَشَرَ رَجُلًا مِنَّا، ثُمَّ اَخَذَ اَبُو عُبَيْدَةَ ضِلَعًا مِنْ اَضْلَاعِهِ، فَاَقَامَهُ عَلَى طَرَفَيْهِ، وَاَمَرَ بِاَطْوَلِ بَعِيرٍ فِي الرَّكْبِ فَرَحَلَهُ، فَرَكِبَ عَلَيْهِ رَجُلٌ، فَاَجَازَ تَحْتَهُ مَا مَسَّ رَاْسَهُ، فَقَدِمْنَا عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: هَلْ مَعَكُمْ مِنْهُ شَيْءٌ؟ فَقُلْنَا: نَعَمْ، فَقَالَ: اَطْعِمُونَا مِنْهُ فَاَرْسَلْنَا اِلَيْهِ وَشِيقَةً، فَاَكَلَ مِنْهَا

اللہ کی راہ میں ہیں اور مجبور ہیں۔ ہم نے اس کو ڈیڑھ ماہ تک کھایا' وہ اتنا بڑا جانور تھا کہ اگر پسلیاں کھڑی کرتے تو نیچے سے اونٹ گزر جاتا تھا' اس کی آنکھ میں ہم میں سے تیرہ آدمی بیٹھ جاتے تھے' پھر حضرت ابوعبیدہ نے اس کی پسلی پکڑی' وہ اتنی بڑی تھی کہ اس کے نیچے سے اونٹ گزر جاتا تھا' اس سے سر نہیں ٹکراتا تھا۔ ہم حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آئے تو آپ نے فرمایا: کیا تمہارے پاس کوئی شی ہے اس سے؟ ہم نے عرض کی: جی ہاں! آپ نے فرمایا: ہمیں کھلاؤ! ہم نے ایک ٹکڑا دے دیا' آپ نے تناول فرمایا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذِهِ الْاَحَادِيثَ عَنْ زِيَادِ بْنِ سَعْدٍ اِلَّا زَمْعَةُ، تَفَرَّدَ بِهِ اَبُو قُرَّةَ

یہ تمام احادیث زیاد بن سعد سے زمعہ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ابوقرہ اکیلے ہیں۔

**9203** - حَدَّثَنَا مُفَضَّلٌ، ثنا عَلِيٌّ، ثنا اَبُو قُرَّةَ، قَالَ: ذَكَرَ زَمْعَةُ، عَنْ زِيَادِ بْنِ سَعْدٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ نَافِعٍ، مَوْلَى اَبِي قَتَادَةَ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: كَيْفَ بِكُمْ اِذَا نَزَلَ ابْنُ مَرْيَمَ وَاِمَامُكُمْ مِنْكُمْ؟

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: تم پر وہ کیسا وقت ہوگا جب ابن مریم تمہارے پاس آئیں گے اور امام تم میں سے ہوگا۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ زِيَادٍ اِلَّا زَمْعَةُ، تَفَرَّدَ بِهِ اَبُو قُرَّةَ

یہ حدیث زیاد سے زمعہ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ابوقرہ اکیلے ہیں۔

9203- أخرجه البخاری فی الأنبياء جلد6صفحه566 رقم الحديث: 3449' ومسلم فی الايمان جلد1صفحه136 .

9204 - حَدَّثَنَا مُفَضَّلُ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثَنَا عَلِيُّ بْنُ زِيَادٍ، ثَنَا اَبُو قُرَّةَ، قَالَ: ذَكَرَ زَمْعَةُ، عَنْ زِيَادِ بْنِ سَعْدٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ هِنْدِ بِنْتِ الْحَارِثِ، حَدَّثَتْهُ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَتْ: اسْتَيْقَظَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ لَيْلَةٍ وَهُوَ يَقُولُ: سُبْحَانَ اللّٰهِ، مَاذَا اُنْزِلَ مِنَ الْخَزَائِنِ؟ وَمَاذَا اُنْزِلَ مِنَ الْفِتْنَةِ؟ مَنْ يُوقِظُ صَوَاحِبَ الْحُجُرَاتِ؟ رُبَّ كَاسِيَةٍ فِي الدُّنْيَا عَارِيَةٌ فِي الْآخِرَةِ

حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک رات اُٹھے، آپ پڑھ رہے تھے: اللہ پاک ہے، کیا خزائن اُتارے گئے ہیں؟ کیا فتنے اُترے ہیں؟ ان حجرے والیوں کو کون جگائے گا؟ دنیا میں کتنی عورتیں ہیں جو پتلے خوبصورت لباس پہننے والیاں ہیں، آخرت میں ننگی ہوں گی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ زِيَادِ بْنِ سَعْدٍ اِلَّا زَمْعَةُ، تَفَرَّدَ بِهِ اَبُو قُرَّةَ

یہ حدیث زیاد بن سعد سے زمعہ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ابوقرہ اکیلے ہیں۔

9205 - حَدَّثَنَا مُفَضَّلٌ، نَا عَلِيُّ بْنُ زِيَادٍ، ثَنَا اَبُو قُرَّةَ، قَالَ: ذَكَرَ زَمْعَةُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ عَطَاءٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، اَنَّ اُمَّهُ اُمَّ كُلْثُومٍ بِنْتَ عُقْبَةَ بْنِ اَبِي مُعَيْطٍ، اَخْبَرَتْهُ اَنَّهَا، سَمِعَتْ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَيْسَ الْكَاذِبُ الَّذِي يُصْلِحُ بَيْنَ النَّاسِ، فَيَقُولُ خَيْرًا، اَوْ يُنْمِي خَيْرًا ، قَالَتْ: وَلَمْ اَسْمَعْهُ يُرَخِّصُ فِي شَيْءٍ مِمَّا يَقُولُ النَّاسُ كَذِبًا اِلَّا فِي ثَلَاثٍ: فِي الْحَرْبِ، وَفِي الْاِصْلَاحِ، وَفِي حَدِيثِ الرَّجُلِ امْرَاَتَهُ

حضرت اُم کلثوم بنت عقبہ بن ابومعیط بتاتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: لوگوں کے درمیان اچھی نیت سے صلح کروانے والا جھوٹا نہیں ہے۔ میں نے عرض کی: لوگوں کو کس شی میں جھوٹ بولنے کی اجازت نہیں ہے سوائے تین کاموں کے: جنگ، صلح کروانے کے لیے اور مرد کا عورت کو منانے کے لیے۔

---

9204- أخرجه البخاری: التهجد جلد 3 صفحه 13 رقم الحديث: 1126، والترمذی فی الفتن جلد 4 صفحه 487 رقم الحديث: 2196 .

9205- أخرجه البخاری فی الصلح جلد 5 صفحه 353 رقم الحديث: 2692، ومسلم فی البر جلد 4 صفحه 2011 .

9206 - حَدَّثَنَا مُفَضَّلُ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثَنَا عَلِيُّ بْنُ زِيَادٍ، نَا اَبُو قُرَّةَ، قَالَ: ذَكَرَ زَمْعَةُ، عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ عَطَاءٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، اَخْبَرَنِي اَبُو بَكْرِ بْنُ حَزْمٍ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: دَخَلَتْ عَلَيَّ امْرَاَةٌ مَعَهَا ابْنَانِ لَهَا، فَلَمْ اَجِدْ لَهَا شَيْئًا اِلَّا تَمْرَةً، فَاَعْطَيْتُهَا اِيَّاهَا، فَقَسَمَتْهَا بَيْنَهُمَا

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میرے پاس ایک عورت آئی' اس کے ساتھ اس کی دو بچیاں تھیں' میرے پاس ان کو دینے کے لیے کھجور تھی' میں نے ان کو دے دی۔ اس نے وہ کھجور ان دونوں کے درمیان تقسیم کر دی (اور خود بھوکی رہی)۔

9207 - وَبِهِ، قَالَ: ذَكَرَ زَمْعَةُ، عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ عَطَاءٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ اَبِي اِدْرِيسَ، اَنَّ اَبَا ثَعْلَبَةَ الْخُشَنِيَّ، اَخْبَرَهُ اَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نَهَى عَنْ كُلِّ ذِي نَابٍ مِنَ السِّبَاعِ

حضرت ابوثعلبہ خشنی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ آپ نے پھاڑنے والے درندوں کو کھانے سے منع کیا۔

9208 - وَبِهِ، قَالَ: ذَكَرَ زَمْعَةُ، عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ عَطَاءٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَنَّهُ وَقَفَ بَيْنَ الْجَمْرَتَيْنِ فِي الْحِجَّةِ الَّتِي حَجَّ، وَذٰلِكَ يَوْمَ النَّحْرِ، فَقَالَ: هٰذَا يَوْمُ الْحَجِّ الْاَكْبَرُ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور ﷺ حج کے موقع پر دو جمروں کے درمیان کھڑے تھے اور نحر کا دن تھا' آپ نے فرمایا: یہ حج اکبر کا دن ہے۔

9209 - وَبِهِ، قَالَ: ذَكَرَ زَمْعَةُ، عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ عَطَاءٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ اشْتِمَالِ الصَّمَّاءِ،

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ایک ہی کپڑے میں لپٹنے سے منع کیا' وہ اس طرح کہ شرمگاہ پر کوئی کپڑا نہ ہو۔

---

9206- أخرجه البخاري في الأدب جلد10صفحه440 رقم الحديث:5995' ومسلم في البر جلد4صفحه2047 .

9207- أخرجه البخاري في الطب جلد 10صفحه260 رقم الحديث: 5780' ومسلم في الصيد جلد 4 صفحه1533 .

9209- أخرجه البخاري في الصلاة جلد1صفحه568 رقم الحديث:367' وابن ماجة: اللباس جلد2صفحه117 رقم الحديث:3559 .

وَاَنْ يَحْتَبِيَ الرَّجُلُ فِي ثَوْبٍ وَاحِدٍ، لَيْسَ عَلَى فَرْجِهِ مِنْهُ شَيْءٌ"

**9210** - وَبِهِ، قَالَ: ذَكَرَ زَمْعَةُ، عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ عَطَاءٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا هُرَيْرَةَ، يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ اَطَاعَنِي فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ، وَمَنْ عَصَانِي فَقَدْ عَصَى اللّٰهَ، وَمَنْ اَطَاعَ اَمِيرِي فَقَدْ اَطَاعَنِي، وَمَنْ عَصَى اَمِيرِي فَقَدْ عَصَانِي

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے میری اطاعت کی اُس نے اللہ کی اطاعت کی‘ جس نے میری نافرمانی کی اس نے اللہ کی نافرمانی کی‘ جس نے بادشاہ کی اطاعت کی اس نے میری اطاعت کی‘ جس نے میرے امیر کی نافرمانی کی اُس نے میری نافرمانی کی۔

**9211** - حَدَّثَنَا مُفَضَّلُ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثَنَا اَبُو حُمَةَ، ثَنَا اَبُو قُرَّةَ، قَالَ: ذَكَرَ زَمْعَةُ، عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ عَطَاءٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ هِشَامٍ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّهَا قَالَتْ - وَذَكَرَتْ زَيْنَبَ بِنْتَ جَحْشٍ زَوْجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ - قَالَتْ: وَلَمْ اَكُنْ رَاَيْتُ امْرَاَةً قَطُّ خَيْرًا فِي الدِّينِ مِنْ زَيْنَبَ، اَتْقَى لِلّٰهِ، وَاَصْدَقَ حَدِيثًا، وَاَوْصَلَ لِلرَّحِمِ، وَاَعْظَمَ صَدَقَةً، وَاَشَدَّ ابْتِذَالًا لِنَفْسِهَا فِي الْعَمَلِ الَّذِي يُتَصَدَّقُ بِهِ، وَيُتَقَرَّبُ بِهِ اِلَى اللّٰهِ

حضرت حارث بن ہشام فرماتے ہیں کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے حضرت سیدہ زینب بنت جحش زوجہ نبی ﷺ کا ذکر کیا‘ فرمایا: میں نے زینب سے زیادہ دین میں نیکی کرنے والی نہیں دیکھی‘ آپ اللہ سے بہت زیادہ ڈرتی تھیں‘ سب سے زیادہ سچی بات کرتی تھیں‘ سب سے زیادہ صلہ رحمی کرنے والی تھیں‘ زیادہ صدقہ دینے والی تھیں‘ اپنے آپ کو اللہ کی عبادت میں لگائے رکھتی تھیں‘ اس کے ذریعے اللہ کا قرب حاصل کرتی تھیں۔

**9212** - حَدَّثَنَا مُفَضَّلٌ، ثَنَا عَلِيُّ بْنُ زِيَادٍ، ثَنَا اَبُو قُرَّةَ، قَالَ: ذَكَرَ زَمْعَةُ، عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ عَطَاءِ

حضرت عبید اللہ بن عبداللہ سے روایت ہے کہ حضرت اُم قیس بنت محصن جنہوں نے سب سے پہلے

---

**9210**- أخرجه البخاری فی الصلاة جلد1صفحه568 رقم الحديث: 367‘ وابن ماجة: اللباس جلد 2صفحه1179 رقم الحديث:3559 .

**9211**- أخرجه مسلم فی فضائل الصحابة جلد4صفحه1891‘ والنسائی فی النساء جلد7صفحه61 (باب حب الرجل بعض نسائه أكثر من بعض) .

**9212**- أخرجه البخاری فی الوضوء جلد1صفحه390 رقم الحديث:223‘ ومسلم فی الطهارة جلد1صفحه238 .

ٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ أُمِّ قَيْسٍ بِنْتِ مِحْصَنٍ، - وَكَانَتْ مِنَ الْمُهَاجِرَاتِ الْأُوَلِ اللَّائِي بَايَعْنَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَهِيَ أُخْتُ عُكَاشَةَ بْنِ مِحْصَنٍ - أَخْبَرَتْهُ، أَنَّهَا أَتَتْ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِابْنٍ لَهَا لَمْ يَبْلُغْ أَنْ يَأْكُلَ الطَّعَامَ، فَأَخْبَرَتْهُ أَنَّ ابْنَهَا بَالَ فِي حِجْرِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَدَعَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَاءٍ، فَنَضَحَ عَلَى بَوْلِهِ، وَلَمْ يَغْسِلْهُ غَسْلًا

ہجرت کے حضورﷺ کی بیعت کی تھی' یہ حضرت عکاشہ بن محصن کی ہمشیرہ تھیں' بتاتی ہیں کہ میں حضورﷺ کے پاس اپنا بچہ لے کر آئی' وہ ابھی کھاتا پیتا نہیں تھا' اس نے حضورﷺ کی گود میں پیشاب کر دیا تو حضورﷺ نے پانی منگوایا' اس کے پیشاب پر چھڑک دیا اس کو دھویا نہیں جس طرح عام طور پر دھویا جاتا ہے۔

**9213** - حَدَّثَنَا مُفَضَّلٌ، ثَنَا عَلِيُّ بْنُ زِيَادٍ، ثَنَا أَبُو قُرَّةَ، قَالَ: ذَكَرَ زَمْعَةُ، عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ عَطَاءٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، أَنَّ سَعْدَ بْنَ عُبَادَةَ، اسْتَفْتَى رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي نَذْرٍ كَانَ عَلَى أُمِّهِ أَنْ يَقْضِيَهُ، فَأَمَرَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يَقْضِيَ عَنْهَا

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ نے حضورﷺ سے اس نذر کے متعلق پوچھا جو اُن کی والدہ کے ذمہ تھی' حضورﷺ نے اس کو پوری کرنے کا حکم دیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذِهِ الْأَحَادِيثَ عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ عَطَاءٍ إِلَّا زَمْعَةُ، تَفَرَّدَ بِهَا أَبُو قُرَّةَ

9260 - حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ حَمَّادٍ الرَّمْلِيُّ، ثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الدِّمَشْقِيُّ، ثَنَا سَعْدَانُ بْنُ يَحْيَى، عَنْ صَدَقَةَ بْنِ أَبِي عِمْرَانَ، عَنْ إِيَادِ بْنِ

حضرت ابورمثہ فرماتے ہیں کہ میں اپنے والد کے ساتھ حضور ﷺ کی بارگاہ میں آیا' آپ کی زلفیں تھیں' آپ نے چادر لی ہوئی تھی' آپ نے دو سبز کپڑے پہنے

9260- أخرجه أبو داؤد في كتاب الترجل جلد 4 صفحه 83 رقم الحديث: 4206' وأخرجه أحمد في مسنده جلد 4 صفحه 202 رقم الحديث: 17510 .

لَقِيطٍ، عَنْ أَبِي رِمْثَةَ، قَالَ: انْطَلَقْتُ مَعَ أَبِي إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَإِذَا هُوَ ذُو وَفْرَةٍ، بِهَا رَدْعٌ مِنْ حِنَّاءٍ، وَعَلَيْهِ ثَوْبَانِ أَخْضَرَانِ

تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ صَدَقَةَ بْنِ أَبِي عِمْرَانَ إِلَّا سَعْدَانُ بْنُ يَحْيَى وَعَبَّادُ بْنُ صُهَيْبٍ وَرَوَاهُ يَزِيدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ التُّسْتَرِيُّ، عَنْ صَدَقَةَ، عَنْ بَابِي بْنِ مُنْقِذٍ، عَنْ أَبِي رِمْثَةَ

یہ حدیث صدقہ بن ابوعمران سے سعدان بن یحییٰ اور عباد بن صہیب روایت کرتے ہیں۔ اس حدیث کو یزید بن ابراہیم التستری' صدقہ سے' وہ بابی بن منقذ سے' یہ ابورمثہ سے روایت کرتے ہیں۔

**9261** - حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ حَمَّادٍ، ثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، نَا سَعْدَانُ بْنُ يَحْيَى، ثَنَا أَبُو الرِّجَالِ الْبَصْرِيُّ، عَنِ النَّضْرِ بْنِ أَنَسٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى بِهِمُ الْهَاجِرَةَ، فَرَفَعَ صَوْتَهُ فَقَرَأَ وَالشَّمْسِ وَضُحَاهَا، وَاللَّيْلِ إِذَا يَغْشَى، فَقَالَ لَهُ أُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، أُمِرْتَ فِي هَذِهِ الصَّلَاةِ بِشَيْءٍ؟ قَالَ: لَا، وَلَكِنِّي أَرَدْتُ أَنْ أُوَقِّتَ لَكُمْ صَلَاتَكُمْ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دوپہر کے وقت نماز پڑھائی' اس میں بلند آواز میں والشمس وضحاھا' واللیل اذا یغشی پڑھی' حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ نے حکم دیا ہے کہ اس میں بلند آواز میں قرأت کا؟ آپ نے فرمایا: نہیں! بلکہ میں نے تم کو نماز کا وقت بتایا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ النَّضْرِ بْنِ أَنَسٍ إِلَّا أَبُو الرِّجَالِ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ أَبِي الرِّجَالِ إِلَّا سَعْدَانُ بْنُ يَحْيَى وَسَلْمُ بْنُ قُتَيْبَةَ

یہ حدیث نضر بن انس سے ابورجال اور ابورجال سے سعدان بن یحییٰ اور اسلم بن قتیبہ روایت کرتے ہیں۔

**9262** - حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ حَمَّادٍ، نَا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، نَا مُحَمَّدُ بْنُ شُعَيْبٍ، عَنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ زِيَادٍ الْمَوْصِلِيِّ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: رَخَّصَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے عصا' کوڑا' رسّی اور اس جیسی شی کی اجازت دی کہ محرم پکڑے' اس سے حفاظت کرے۔

---

**9262**- أخرجه أبو داؤد فی كتاب اللقطة جلد**2**صفحه**142** رقم الحديث: **1717** .

وَسَلَّمَ فِي الْعَصَا، وَالسَّوْطِ، وَالْحَبْلِ، وَأَشْبَاهِهِ، يَلْتَقِطُهُ الْمُحْرِمُ فَيُحْرِزُهُ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ زِيَادٍ إِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ شُعَيْبٍ

یہ حدیث مغیرہ بن زیاد سے محمد بن شعیب روایت کرتے ہیں۔

**9263** - حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ، نَا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، ثَنَا سَعْدَانُ بْنُ يَحْيَى، عَنْ عَبْدِ الْحَمِيدِ بْنِ جَعْفَرٍ، عَنْ صَالِحِ بْنِ أَبِي عَرِيبٍ، عَنْ كَثِيرِ بْنِ مُرَّةَ، عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تُدِيمُوا النَّظَرَ إِلَى الْمَجْذُومِينَ

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: برصوں والوں کی طرف نظر جما کر نہ دیکھو۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ مُعَاذٍ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ

یہ حدیث معاذ سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں سلیمان بن عبدالرحمٰن اکیلے ہیں۔

**9264** - حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ، نَا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، ثَنَا خَالِدُ بْنُ أَبِي خَالِدٍ الْأَزْرَقُ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: أَفْضَلُ الْعِبَادَةِ الْفِقْهُ، وَأَفْضَلُ الدِّينِ الْوَرَعُ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ آپ نے فرمایا: افضل عبادت فقہ ہے' افضل دین پرہیزگاری ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الشَّعْبِيِّ إِلَّا ابْنُ أَبِي لَيْلَى، وَلَا عَنِ ابْنِ أَبِي لَيْلَى إِلَّا خَالِدٌ، تَفَرَّدَ بِهِ سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ

یہ حدیث شعبی سے ابن ابولیلیٰ اور ابن ابولیلیٰ سے خالد روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں سلیمان بن عبدالرحمٰن اکیلے ہیں۔

**9265** - حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ حَمَّادٍ الرَّمْلِيُّ، نَا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، ثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ نَمِرٍ الْيَحْصِبِيِّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، أَخْبَرَنِي عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ

حضرت عبدالرحمٰن بن یزید بن جاریہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: نمازِ فجر ایک دن اندھیرے میں پڑھائی لیکن اس کے بعد سفیدی میں پڑھاتے تھے' فرمایا: ان دونوں کے درمیان وقت ہے۔

ثَعْلَبَةَ الْاَنْصَارِیِّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ یَزِیدَ بْنِ جَارِیَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ صَلَّی الْفَجْرَ یَوْمًا فَغَلَّسَ، بِهَا ثُمَّ صَلَّاهَا یَوْمًا بَعْدُ فَاَسْفَرَ بِهَا، ثُمَّ قَالَ: مَا بَیْنَهُمَا وَقْتٌ

لَمْ یَرْوِ هَذَا الْحَدِیثَ عَنِ الزُّهْرِیِّ اِلَّا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ نَمِرٍ، تَفَرَّدَ بِهِ الْوَلِیدُ

یہ حدیث زہری سے عبدالرحمٰن بن عوف روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ولید اکیلے ہیں۔

**9266** - حَدَّثَنَا الْوَلِیدُ بْنُ حَمَّادٍ، نَا سُلَیْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، ثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ بَشِیرٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ اَبِی بَكْرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ اَبِی سَلَمَةَ، عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ، قَالَتْ: حَلَقَ رَاْسَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَوْمَ النَّحْرِ مَعْمَرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْعَدَوِیُّ

حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نحر کے دن سرانور کے بال مبارک کاٹنے کی سعادت حضرت معمر بن عبداللہ العدوی کو حاصل ہوئی۔

لَا یُرْوَی هَذَا الْحَدِیثُ عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ سُلَیْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ

یہ حدیث اُم سلمہ سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں سلیمان بن عبدالرحمٰن اکیلے ہیں۔

**9267** - حَدَّثَنَا الْوَلِیدُ بْنُ حَمَّادٍ، ثَنَا سُلَیْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، ثَنَا سَعْدَانُ بْنُ یَحْیَی، ثَنَا نَافِعٌ، مَوْلَی یُوسُفَ السُّلَمِیِّ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مِفْتَاحُ الصَّلَاةِ الطُّهُورُ، وَتَحْرِیمُهَا التَّكْبِیرُ، وَتَحْلِیلُهَا التَّسْلِیمُ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: نماز کی چابی وضو ہے اور نماز کے اندر تکبیر تحریمہ حرام کرنے والی اور سلام (ان چیزوں کو حلال کرنے والا ہے جو نماز میں جائز نہیں تھیں)۔

لَمْ یَرْوِ هَذَا الْحَدِیثَ عَنْ عَطَاءٍ اِلَّا نَافِعٌ، وَلَا عَنْ نَافِعٍ اِلَّا سَعْدَانُ بْنُ یَحْیَی، تَفَرَّدَ بِهِ سُلَیْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، وَلَا یُرْوَی عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اِلَّا بِهَذَا

یہ حدیث عطاء سے نافع اور نافع سے سعدان بن یحییٰ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں سلیمان بن عبدالرحمٰن اکیلے ہیں۔ حضرت ابن عباس

الْإِسْنَادِ

سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔

**9268** - حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ حَمَّادٍ، نَا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، ثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَوَّارٍ، نَا عَمْرُو بْنُ مَيْمُونِ بْنِ مِهْرَانَ، حَدَّثَنِي اَبِي مَيْمُونُ بْنُ مِهْرَانَ، عَنْ اَبِيهِ مِهْرَانَ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ لَمْ يَقْرَاْ بِاُمِّ الْكِتَابِ فِي صَلَاتِهِ فَهِيَ خِدَاجٌ

حضرت مہران رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے اپنی اکیلی نماز میں سورۂ فاتحہ نہ پڑھی اس کی نماز نہیں ہے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ مِهْرَانَ اِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ

حضرت مہران سے یہ حدیث صرف اسی سند کے ساتھ روایت ہے۔ سلیمان بن عبدالرحمٰن اس حدیث کو روایت کرنے میں اکیلے ہیں۔

**9269** - حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ، ثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، ثَنَا خَالِدُ بْنُ يَزِيدَ بْنِ اَبِي مَالِكٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِي رَبَاحٍ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اَشْقَى الْاَشْقِيَاءِ مَنِ اجْتَمَعَ عَلَيْهِ فَقْرُ الدُّنْيَا وَعَذَابُ الْآخِرَةِ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: سب سے بڑا بدبخت وہ ہے جس پر دنیا و آخرت کے عذاب جمع ہو جائے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ اَبِي سَعِيدٍ اِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ خَالِدُ بْنُ يَزِيدَ بْنِ اَبِي مَالِكٍ

یہ حدیث ابوسعید سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں خالد بن یزید بن ابو مالک اکیلے ہیں۔

**9270** - حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ حَمَّادٍ الرَّمْلِيُّ، نَا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، نَا مَطَرُ بْنُ الْعَلَاءِ، ثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ يَسَارٍ الثَّقَفِيُّ، نَا اَبُو اُمَيَّةَ الشَّعْبَانِيُّ، - وَكَانَ قَدْ اَدْرَكَ الْجَاهِلِيَّةَ - حَدَّثَنِي مُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تیس سال تک نبوت اور بادشاہت ہوگی اور تیس سال بادشاہت اور جبروت ہوگی اس کے بعد والوں میں کوئی بھلائی نہیں ہے۔

ثَلاثُونَ نُبُوَّةٌ وَمُلْكٌ، وَثَلاثُونَ مُلْكٌ وَجَبَرُوتٌ، وَمَا وَرَاءَ ذَلِكَ فَلا خَيْرَ فِيهِ

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ أَبِي أُمَيَّةَ الشَّعْبَانِيِّ، عَنْ مُعَاذٍ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ

حضرت ابوامیہ شعبانی' معاذ سے اسی سند سے روایت کرتے ہیں۔اس کو روایت کرنے میں سلیمان بن عبدالرحمٰن اکیلے ہیں۔

**9271** - حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ، نا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، نا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْقُشَيْرِيُّ، ثنا أَرْطَاةُ بْنُ الْمُنْذِرِ، عَنْ أَبِي الْبَكَرَاتِ، عَنْ أَبِي مُوسَى الْأَشْعَرِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْمَلَاحِمُ عَلَى يَدَيِ الْخَامِسِ مِنْ آلِ هِرَقْلَ

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: آلِ ہرقل سے پانچواں ہاتھ پر ملاحم ہے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ أَبِي مُوسَى إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ أَرْطَاةُ بْنُ الْمُنْذِرِ

یہ حدیث ابوموسیٰ سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں ارطاۃ بن منذر اکیلے ہیں۔

**9272** - حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْعَدَّاسُ الْمِصْرِيُّ، ثنا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي حَرْمَلَةُ بْنُ عِمْرَانَ التُّجِيبِيُّ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ الْجُهَنِيِّ، عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِذَا رَأَيْتَ اللَّهَ يُعْطِي الْعَبْدَ مَا يُحِبُّ وَهُوَ مُقِيمٌ عَلَى مَعَاصِيهِ فَإِنَّمَا ذَلِكَ لَهُ مِنْهُ اسْتِدْرَاجٌ ثُمَّ نَزَعَ بِهَذِهِ الْآيَةِ (فَلَمَّا نَسُوا مَا ذُكِّرُوا بِهِ فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ أَبْوَابَ كُلِّ شَيْءٍ حَتَّى إِذَا فَرِحُوا بِمَا أُوتُوا أَخَذْنَاهُمْ بَغْتَةً فَإِذَا هُمْ مُبْلِسُونَ فَقُطِعَ دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِينَ ظَلَمُوا وَالْحَمْدُ لِلَّهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ) (الانعام:45)

حضرت عقبہ بن عامر جہنی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب آپ دیکھیں کہ اللہ عزوجل کسی بندے کو دینار دے رہا ہے حالانکہ وہ گناہوں پر ڈٹا ہوا ہے' فرمایا: دراصل یہ اس کو ڈھیل مل رہی ہے' پھر آپ نے یہ آیت پڑھی: ''جب اُنہوں نے بھلا دیا جوان کو نصیحت کی گئی تھی تو ہم نے ان پر اُس شی کا دروازہ کھول دیا جس سے وہ خوش ہوئے جوان کو دیا گیا تھا' ہم نے اچانک پکڑ لیا اور ظالم لوگوں کی جڑ کاٹ دی اور تمام خوبیاں اللہ کے لیے ہیں جو سارے جہانوں کا پالنے والا ہے''۔

لَا يُـرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ حَرْمَلَةُ بْنُ عِمْرَانَ

یہ حدیث عقبہ بن عامر سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں حرملہ بن عمران اکیلے ہیں۔

**9273** - حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْعَدَّاسُ، ثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ الصُّنَابِحِيِّ، قَالَ: لَمَّا حَضَرَتْ عِبَادَةَ الْوَفَاةُ، وَأَنَا عِنْدَ رَأْسِهِ أَبْكِي، قَالَ: مَا يُبْكِيكَ؟ فَقُلْتُ: مَالِي لَا أَبْكِي عَنْ نَفْعِكَ إِيَّايَ وَمَنْفَعَتِي مِنْكَ؟ قَالَ: وَاللَّهِ مَا كَتَمْتُكَ كَلِمَةً سَمِعْتُهَا مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَّا وَاحِدَةً، وَأَنَا مُحَدِّثُكَهَا، سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ قَالَ: لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ، أَطَاعَ بِهَا قَلْبُهُ، وَذَلَّ بِهَا لِسَانُهُ حَرَّمَهُ اللَّهُ عَلَى النَّارِ

حضرت عبدالرحمٰن بن زید بن اسلم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ وہ صنابحی سے روایت کرتے ہیں کہ جب ان کی وفات کا وقت آیا تو میں ان کے سر کے پاس تھا' میں رو پڑا' عرض کی: آپ کیوں رو رہے ہیں؟ میں نے کہا: میں اس لیے نہیں رو رہا ہوں کہ آپ کو مجھ سے اور مجھے آپ سے نفع نہیں ہوگا؟ اللہ کی قسم! میں نے حضور ﷺ سے جو سنا تھا وہ میں نے چھپایا نہیں ہے سوائے ایک بات کے کہ میں تم کو بتاتا ہوں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جس نے لا الٰہ الا اللہ وحدہٗ لا شریک لہٗ سچے دل اور زبان سے پڑھ لیا' اُس پر اللہ عزوجل آگ حرام کر دے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ إِلَّا ابْنُهُ عَبْدُ الرَّحْمَنِ، تَفَرَّدَ بِهِ أَبُو صَالِحٍ

یہ حدیث زید بن اسلم سے ان کے بیٹے عبدالرحمٰن روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ابوصالح اکیلے ہیں۔

**9274** - حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ الْعَبَّاسِ، ثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ صَالِحٍ، ثَنَا مُفَضَّلُ بْنُ فَضَالَةَ، عَنْ يُونُسَ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ سَعْدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ أَخِيهِ الْمِسْوَرِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يُغَرَّمُ

حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب چور کو سزا دی جائے تو اس سے جرمانہ نہیں لیا جائے گا۔

---

**9274**- أخرجه البيهقي في كتاب السرقة جلد **8** صفحه **277** رقم الحديث: **17283**' والدارقطني: كتاب الحدود والديات جلد **3** صفحه **182** رقم الحديث: **297**' وأبو نعيم في حلية الأولياء جلد **8** صفحه **322** .

صَاحِبُ السَّرِقَةِ إِذَا أُقِيمَ عَلَيْهِ الْحَدُّ

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ مُفَضَّلُ بْنُ فَضَالَةَ (وليس متصل الاسناد لان المسور لم يسمع من جده.)

یہ حدیث عبدالرحمٰن بن عوف سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں مفضل بن فضالہ اکیلے ہیں۔ اس حدیث کی سند متصلاً نہیں ہے کیونکہ مسور نے اپنے دادا سے سنا نہیں ہے۔

9275 - حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ الْعَبَّاسِ، ثَنَا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، ثَنَا بَكْرُ بْنُ مُضَرَ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ رَبِيعَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّ الصَّلَاةَ فُرِضَتْ أَوَّلَ مَا فُرِضَتْ رَكْعَتَيْنِ، فَزِيدَ فِي صَلَاةِ الْحَضَرِ، وَأُقِرَّتْ صَلَاةُ السَّفَرِ رَكْعَتَيْنِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ نماز اوّلاً دو دو رکعتیں فرض ہوئی' حالت اقامت میں اضافہ کیا گیا اور سفر کی حالت میں اسی نماز کو برقرار رکھا گیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ رَبِيعَةَ إِلَّا بَكْرُ بْنُ مُضَرَ

یہ حدیث جعفر بن ربیعہ سے بکر بن مضر روایت کرتے ہیں۔

9276 - حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ الْعَبَّاسِ، نَا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، نَا الْمُغِيرَةُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنِ الضَّحَّاكِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ، أَنَّهُ سَمِعَ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ عُمَرَ، يَقُولُ: مَرَّ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِابْنِ صَيَّادٍ، وَهُوَ يَلْعَبُ مَعَ صِبْيَانٍ، فَعَرَفَهُ، فَقَدِمَهُ، فَقَالَ: أَتَشْهَدُ أَنِّي رَسُولُ اللَّهِ؟ قَالَ ابْنُ الصَّيَّادِ: أَشْهَدُ أَنَّكَ نَبِيُّ الْأُمِّيِّينَ، فَتَشْهَدُ أَنِّي رَسُولُ اللَّهِ؟ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: آمَنْتُ بِاللَّهِ وَرُسُلِهِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ابن صیاد کے پاس سے گزرے وہ بچوں کے ساتھ کھیل رہا تھا' اُس نے آپ کو پہچان لیا اور چلا گیا' آپ نے فرمایا: تُو گواہی دیتا ہے کہ میں اللہ کا رسول ہوں؟ ابن صیاد نے کہا: میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ اللہ کے نبی ہیں' اس نے کہا: آپ گواہی دیتے ہیں کہ میں اللہ کا رسول ہوں؟ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ اور اس کے رسولوں پر ایمان لایا۔

---

9275- أخرجه البخاري: كتاب الصلاة جلد 1 صفحه 553 رقم الحديث: 350' ومسلم: كتاب صلاة المسافرين وقصرها جلد 1 صفحه 478 .

9276- أخرجه البخاري: كتاب الأدب جلد 10 صفحه 576 رقم الحديث: 6173' ومسلم: كتاب الفتن جلد 4 صفحه 2244 .

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ نَافِعٍ، عَنْ سَالِمٍ إِلَّا الضَّحَّاكُ، تَفَرَّدَ بِهِ الْمُغِيرَةُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ

یہ حدیث نافع' سالم سے اور نافع سے ضحاک روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں مغیرہ بن عبدالرحمٰن اکیلے ہیں۔

**9277** - حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْعَدَّاسُ، ثَنَا أَبُو صَالِحٍ الْحُدَّانِيُّ، ثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ ضَمْضَمِ بْنِ زُرْعَةَ، عَنْ شُرَيْحِ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ أَبِي زُهَيْرٍ الْأَنْمَارِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَقْتُلُوا الْجَرَادَ؛ فَإِنَّهُ جُنْدُ اللَّهِ الْأَعْظَمُ

حضرت ابوزہیر انماری فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ٹڈیاں نہ مارو کیونکہ یہ اللہ کا بہت بڑا لشکر ہیں۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ أَبِي زُهَيْرٍ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ

یہ حدیث ابوزہیر سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں اسماعیل بن عیاش اکیلے ہیں۔

**9278** - حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ أَبَانَ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمَّارٍ الرَّازِيُّ، ثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ الْمُقْرِءُ، نَا عَمْرُو بْنُ أَبِي قَيْسٍ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تُنْسَخُ دَوَاوِينُ أَهْلِ الْأَرْضِ فِي دَوَاوِينِ أَهْلِ السَّمَاءِ فِي كُلِّ اثْنَيْنِ وَخَمِيسٍ، فَيُغْفَرُ لِكُلِّ مُسْلِمٍ لَا يُشْرِكُ بِاللَّهِ شَيْئًا إِلَّا رَجُلًا بَيْنَهُ وَبَيْنَ أَخِيهِ شَحْنَاءُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ہر سوموار اور خمیس کے دن' زمین والے فرشتے اپنے لکھے ہوئے دیوان آسمان والے فرشتوں کو لکھواتے ہیں' ہر اس مسلمان کو بخش دیا جاتا ہے جنہوں نے اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہرایا ہو سوائے اس آدمی کے جس کے اور اس کے بھائی کے درمیان ناراضگی ہو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَنْصُورٍ إِلَّا عَمْرُو بْنُ أَبِي قَيْسٍ، وَلَا عَنْ عَمْرٍو إِلَّا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، تَفَرَّدَ بِهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَمَّارٍ

یہ حدیث منصور سے عمرو بن قیس اور عمرو سے عبدالصمد بن عبدالعزیز روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں محمد بن عمار اکیلے ہیں۔

**9279** - حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ أَبَانَ، ثَنَا مُحَمَّدُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

---

9277- اسناده فيه: الوليد بن العباس: ضعيف. تخريجه: الطبراني في الكبير. وانظر مجمع الزوائد جلد4صفحه42 .

بْنُ عَمَّارٍ الرَّازِيُّ، ثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، نَا عَمْرُو بْنُ اَبِی قَيْسٍ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ اَبِی جَعْفَرٍ، عَنْ اَبِی هُرَيْرَةَ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِمَّا يَقْرَاُ فِی صَلَاةِ الْجُمُعَةِ بِالْجُمُعَةِ، فَيُحَرِّضُ بِهِ الْمُؤْمِنِينَ، وَفِی الثَّانِيَةِ بِسُورَةِ الْمُنَافِقِينَ فَيُفْزِعُ بِهِ الْمُنَافِقِينَ

حضورﷺ نمازِ جمعہ میں سورۂ جمعہ پڑھتے تھے مؤمنین کو اُبھارنے کے لیے' دوسری رکعت میں سورۂ منافقون پڑھتے' منافقوں کو پریشان کرنے کے لیے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَنْصُورٍ اِلَّا عَمْرُو بْنُ اَبِی قَيْسٍ

یہ حدیث منصور سے عمرو بن ابوقیس روایت کرتے ہیں۔

**9280** - حَدَّثَنِی الْوَلِيدُ بْنُ اَبَانَ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمَّارٍ، ثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثَنَا عَمْرُو بْنُ اَبِی قَيْسٍ، عَنْ بَشِيرِ بْنِ عَاصِمٍ، عَنْ اَبِی الْيَقْظَانِ، عَنْ زَاذَانَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ثَلَاثَةٌ لَا يَهُولُهُمُ الْفَزَعُ، وَلَا يَنَالُهُمُ الْحِسَابُ، عَلَى كَثِيبٍ مِنْ مِسْكٍ حَتَّى يَفْرُغَ اللّٰهُ مِنْ حِسَابِ الْعِبَادِ: رَجُلٌ قَرَاَ الْقُرْآنَ ابْتِغَاءَ وَجْهِ اللّٰهِ، فَاَمَّ بِهِ قَوْمًا وَهُمْ رَاضُونَ بِهِ، وَدَاعِيَةٌ يَدْعُو اِلَى الصَّلَوَاتِ الْخَمْسِ ابْتِغَاءَ وَجْهِ اللّٰهِ، وَعَبْدٌ اَحْسَنَ مَا بَيْنَهُ وَبَيْنَ رَبِّهِ، وَفِيمَا بَيْنَهُ وَبَيْنَ مَوَالِيهِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: تین آدمیوں کو پریشانی نہیں ہوگی نہ ان سے حساب لیا جائے گا' وہ کستوری کی گھاٹی پر ہوں گے یہاں تک کہ بندے اللہ کے حساب سے پریشان ہوں گے: وہ آدمی جو قرآن اللہ کی رضا کے لیے پڑھتا ہو' قوم کو امامت کرواتا ہو' لوگ بھی اس سے راضی ہوں۔ پانچ وقت اللہ کی رضا کے لیے لوگوں کو نماز کی دعوت دیتا ہو' وہ بندہ جو اللہ کا حق ادا کرتا ہو اور اپنے آقا کا بھی حق ادا کرتا ہو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ بَشِيرِ بْنِ عَاصِمٍ اِلَّا عَمْرُو بْنُ اَبِی قَيْسٍ، وَرَوَاهُ الثَّوْرِيُّ، عَنْ اَبِی الْيَقْظَانِ، عَنْ زَاذَانَ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ

یہ حدیث بشیر بن عاصم سے عمرو بن ابوقیس روایت کرتے ہیں۔ اس حدیث کو ثور ابویقظان سے' وہ زاذان سے' وہ ابن عمر سے روایت کرتے ہیں۔

**9281** - حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ

حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ فرماتے

**9281**- أخرجه البخاری: كتاب العلم جلد **1** صفحه **243** رقم الحديث: **108**' وابن ماجة جلد **1** صفحه **13** رقم الحديث: **32**.

عَـمَّارٍ، حَدَّثَنِي اَبُو الْوَلِيدِ الْجَارُودِيُّ، عَنِ ابْنِ اَبِي ذِئْـبٍ، عَـنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّاْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ

ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو مجھ پر جان بوجھ کر جھوٹ باندھے اس کو چاہیے کہ وہ اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنائے۔

لَـمْ يَـرْوِ هَـذَا الْـحَدِيثَ عَنِ ابْنِ اَبِي ذِئْبٍ اِلَّا الْجَارُودِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَمَّارٍ

یہ حدیث ابن ابوذئب سے الجارودی روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں محمد بن عمار اکیلے ہیں۔

**9282** - حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ اَبَانَ، نَا اَبُو مَعِينٍ الـرَّازِيُّ، نَـا عَبْـدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ شَيْبَةَ الْـحِزَامِيُّ، ثَنَا اَبُو قَتَادَةَ بْنُ يَعْقُوبَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ ثَـعْـلَبَةَ بْـنِ صُـعَيْرٍ الْعُذْرِيُّ، عَنِ ابْنِ اَخِي الزُّهْرِيِّ، عَـنِ الـزُّهْرِيِّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰـهُ عَـلَيْـهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَوْ كَانَ الْمُؤْمِنُ فِي جُحْرٍ لَقَيَّضَ اللّٰهُ لَهُ فِيهِ مَنْ يُؤْذِيهِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اگر مؤمن غار کے اندر بھی ہو تو اللہ عزوجل اس کو نکال لے گا جو اس کو تکلیف دے گا۔

لَـمْ يَـرْوِ هَـذَا الْـحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ اِلَّا ابْنُ اَخِيـهِ، وَلَا عَنِ ابْنِ اَخِيهِ اِلَّا اَبُو قَتَادَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ شَيْبَةَ

یہ حدیث زہری سے ان کے بھائی کے بیٹے اور ان کے بھائی کے بیٹے سے ابوقتادہ‘ اس کو روایت کرنے میں عبدالرحمٰن بن عبدالملک بن شیبہ اکیلے ہیں۔

**9283** - حَـدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ اَبَانَ، اَنَا مُحَمَّدُ بْـنُ عَمَّارٍ الرَّازِيُّ، نَا مُؤَمَّلُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ، اَنَا حَمَّادُ بْـنُ زَيْـدٍ، عَـنْ عَـلِـيِّ بْـنِ زَيْـدٍ، عَـنْ عَبْدِ اللّٰـهِ بْنِ الْـحَـارِثِ، قَالَ: كُنْتُ عِنْدَ عَائِشَةَ، وَعِنْدَهَا كَعْبٌ الْـحَبْـرُ فَـذَكَـرَ اِسْرَافِيلَ، فَقَالَتْ عَائِشَةُ: يَا كَعْبُ، اَخْبِـرْنِي عَنْ اِسْرَافِيلَ، فَقَالَ كَعْبٌ: عِنْدَكُمُ الْعِلْمُ، فَـقَـالَـتْ: اَجَـلْ، فَاَخْبِرْنِي، قَالَ: لَهُ اَرْبَعَةُ اَجْنِحَةٍ،

حضرت عبداللہ بن حارث رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: اے کعب! مجھے اسرافیل کے متعلق بتائیں! حضرت کعب نے فرمایا: تمہارے پاس علم ہے‘ حضرت عائشہ نے فرمایا: جی ہاں! عرض کی: مجھے بتائیں! حضرت کعب نے فرمایا: ان کے چار پر ہیں‘ دو ہوا میں ہیں۔ ایک پر کرتے کی شکل میں اور ایک پر اس کے کندھے پر ہے اور عرش اس کے

جَنَاحَانِ فِي الْهَوَاءِ، وَجَنَاحٌ قَدْ تَسَرْبَلَ بِهِ، وَجَنَاحٌ عَلَى كَاهِلِهِ، وَالْعَرْشُ عَلَى كَاهِلِهِ وَالْقَلَمُ عَلَى أُذُنِهِ، فَإِذَا نَزَلَ الْوَحْيُ كَتَبَ الْقَلَمُ، ثُمَّ دَرَسَتِ الْمَلَائِكَةُ وَمَلَكُ الصُّورِ جَاثٍ عَلَى إِحْدَى رُكْبَتَيْهِ، وَقَدْ نُصِبَتِ الْأُخْرَى، فَالْتَقَمَ الصُّورَ مَحْنِيٌّ ظَهْرُهُ، شَاخِصٌ بَصَرُهُ إِلَى إِسْرَافِيلَ، وَقَدْ أُمِرَ إِذَا رَأَى إِسْرَافِيلَ قَدْ ضَمَّ جَنَاحَهُ أَنْ يَنْفُخَ فِي الصُّورِ ، فَقَالَتْ عَائِشَةُ: هَكَذَا سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ حَمَّادِ بْنِ زَيْدٍ إِلَّا مُؤَمَّلٌ

کندھے پر ہے اور قلم اس کے کان پر‘ جب وحی نازل ہوتی اس کو قلم سے لکھتا ہے‘ پھر فرشتے پڑھتے ہیں‘ صور کا فرشتہ دونوں گھٹنوں میں سے ایک کے بل بیٹھا اور دوسرا کھڑا کیا ہوا ہے‘ صور کو اپنی پشت پر رکھے ہوئے اپنی آنکھیں حضرت اسرافیل کی طرف اُٹھائے ہوئے ہے‘ جب حضرت اسرافیل کو دیکھے گا تو اس کو حکم دیا جائے گا‘ وہ اپنا پَر ہلائے گا صور پھونکنے کے لیے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ سے اسی طرح سنا ہے۔

اس حدیث کو حماد بن زید سے مؤمل نے روایت کیا۔

☆☆☆☆☆

# بَابُ الْهَاءِ
# ذِكْرُ مَنِ اسْمُهُ: هَاشِمٌ

# باب الهاء
# اس شیخ کے نام سے جس کا نام ہاشم ہے

**9284** - حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ مَرْثَدَ الطَّبَرَانِيُّ، نَا اَبُو صَالِحِ الْفَرَّاءُ، ثَنَا اَبُو اِسْحَاقَ الْفَزَارِيُّ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ الشَّيْبَانِيُّ، ثَنَا مُحَارِبُ بْنُ دِثَارٍ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ يَزِيدَ، يَقُولُ عَلَى الْمِنْبَرِ: حَدَّثَنِي الْبَرَاءُ بْنُ عَازِبٍ،- وَكَانَ مَا عَلِمْتُ غَيْرَ كَذُوبٍ- اَنَّهُمْ كَانُوا يُصَلُّونَ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَإِذَا رَكَعَ رَكَعُوا، وَإِذَا قَالَ: سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهُ لَمْ يَزَالُوا قِيَامًا حَتَّى يَرَوْهُ قَدْ وَضَعَ وَجْهَهُ فِي الْاَرْضِ، ثُمَّ يَتَّبِعُونَهُ

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ وہ حضور ﷺ کے ساتھ نماز پڑھتے جب آپ رکوع کرتے تو ہم بھی رکوع کرتے' جب آپ سمع اللہ لمن حمدہ کہتے تو ہم کھڑے رہتے یہاں تک کہ آپ اپنا چہرہ زمین پر رکھتے پھر ہم رکھتے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ الشَّيْبَانِيِّ اِلَّا اَبُو اِسْحَاقَ الْفَزَارِيُّ

یہ حدیث ابواسحاق شیبانی سے ابواسحاق الفزاری روایت کرتے ہیں۔

**9285** - حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ مَرْثَدٍ، نَا يَحْيَى بْنُ مَعِينٍ، ثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبَانَ الْوَرَّاقُ، نَا مِسْعَرٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: دَخَلْتُ الْجَنَّةَ فَإِذَا اَنَا بِقَصْرٍ، فَقُلْتُ: لِمَنْ هَذَا؟ فَقِيلَ: لِعُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میں جنت میں داخل ہوا تو وہاں محل دیکھا' میں نے کہا: یہ کس کا ہے؟ عرض کی گئی: عمر بن خطاب کا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مِسْعَرٍ اِلَّا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبَانَ، تَفَرَّدَ بِهِ يَحْيَى بْنُ مَعِينٍ

یہ حدیث مسعر سے اسماعیل بن ابان روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں یحییٰ بن معین

---

**9285**- أخرجه البخاري: كتاب النكاح جلد9 صفحه 231 رقم الحديث: 5226 .

اکیلے ہیں۔

9286 - حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ مَرْثَدٍ، نَا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الدِّمَشْقِيُّ، ثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ بَشِيرٍ الشَّيْبَانِيُّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَرَاَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالنَّجْمِ، فَلَمَّا بَلَغَ السَّجْدَةَ سَجَدَ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے سورۂ نجم پڑھی' جب سجدہ کے مقام پر پہنچے تو آپ نے سجدہ کیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، وَلَا عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ اِلَّا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ بَشِيرٍ، تَفَرَّدَ بِهِ سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ

یہ حدیث زہری سے محمد بن اسحاق اور محمد بن اسحاق سے عبدالرحمٰن بن بشیر روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں سلیمان بن عبدالرحمٰن اکیلے ہیں۔

9287 - حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ مَرْثَدٍ، نَا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ كَثِيرٍ الْقَارِیءُ، ثَنَا زُهَيْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِي حُسَيْنٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ شُعْبَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَا مُغِيرَةُ، اِذَا اَرَدْتَ اَنْ تَنْكِحَ امْرَاَةً فَلَا تَنْكِحْهَا حَتَّى تَنْظُرَ اِلَيْهَا

حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: اے مغیرہ! جب تُو کسی عورت سے نکاح کرنے کا ارادہ کرے تو اسے دیکھنے سے پہلے نکاح نہ کرنا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ اَبِي حُسَيْنٍ اِلَّا زُهَيْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، وَلَا عَنْ زُهَيْرٍ اِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ كَثِيرٍ، تَفَرَّدَ بِهِ سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ

یہ حدیث ابن ابوحسین سے زہیر بن محمد اور زہیر سے عبداللہ بن کثیر روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں سلیمان عبدالرحمٰن اکیلے ہیں۔

9288 - حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ مَرْثَدٍ، ثَنَا

حضرت زینب' حضرت عبداللہ بن مسعود کی بیوی

9287- أخرجه الترمذي في النكاح جلد3صفحه388 رقم الحديث: 1087' وابن ماجة في النكاح جلد 1 صفحه599 رقم الحديث: 1865' والنسائي في النكاح جلد6صفحه57 (باب اباحة النظر قبل التزويج) .

الْـمُـعَافَى بْنُ سُلَيْمَانَ، ثَنَا مُوسَى بْنُ اَعْيَنَ، عَنْ اَبِى عَبْـدِ الـرَّحِيـمِ خَـالِدِ بْنِ اَبِى يَزِيدَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَبِى اُنَيْسَةَ، عَـنْ مُـجَـالِدِ بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ عَامِرٍ الشَّعْبِيِّ، عَـنْ مَسْـرُوقٍ، عَـنْ زَيْنَبَ، - امْـرَاَةِ عَبْـدِ اللّٰـهِ- قَـالَـتْ: جَـمَـعْـتُ مَـوْئِلًا لِـى مِنَ الصَّدَقَةِ، فَاَتَيْتُ عَـائِشَةَ، فَقُلْتُ: يَا اُمَّ الْمُؤْمِنِينَ، اِنِّى جَمَعْتُ مَوْئِلًا لِـى مِنَ الصَّدَقَةِ، فَسَلِى رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَـلَّـمَ: فِـى اَىِّ ذٰلِكَ اَجْعَلُهُ؟ اَفِى رَقَبَةٍ اُعْتِقُهَا؟ اَمْ فِـى سَبِيـلِ الـلّٰـهِ؟ اَمْ عَـلَى زَوْجٍ مَجْهُودٍ وَبَنِى اَخٍ اَيْتَامٍ؟، فَـدَخَـلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَـلَى عَائِشَةَ، فَذَكَرَتْ لَهُ عَائِشَةُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَـلَّـى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَصَدَّقُهُ عَنْ زَوْجٍ مَجْهُودٍ وَبَنِـى اَخٍ اَيْتَـامٍ، اِنَّ الـصَّدَقَةَ عَلَى ذِى الْقَـرَابَةِ تَضْعَفُ مَرَّتَيْنِ فِى الْاَجْرِ

فرماتی ہیں کہ میں نے اپنا صدقہ جمع کیا' میں حضرت عائشہ کے پاس آئی' میں نے عرض کی: اے اُم المؤمنین! میں نے اپنا صدقہ جمع کیا ہے' حضور ﷺ سے پوچھیں کہ میں اس کو کہاں خرچ کروں؟ کیا میں اس کے بدلے غلام آزاد کروں؟ یا اللہ کی راہ میں دوں؟ یا میں اپنے شوہر کو دوں اور اپنے بھائی کے یتیم بچوں کو دوں؟ حضور ﷺ حضرت عائشہ کے پاس آئے تو حضرت عائشہ نے اس کا ذکر کیا' حضور ﷺ نے فرمایا: اپنے شوہر اور اپنے بھائی کے یتیم بچوں کو دے' تو اس کا تمہیں دگنا ثواب ملے گا۔

لَـمْ يَـرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَبِى اُنَيْسَةَ اِلَّا خَالِدُ بْنُ اَبِى يَزِيدَ

یہ حدیث زید بن ابوانیسہ سے خالد بن ابویزید روایت کرتے ہیں۔

**9289** - حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ مَرْثَدٍ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ بْنِ عَيَّاشٍ الْحِمْصِىُّ، ثَنَا اَبِى، ثَنَا اَبُو الْاَشْعَثِ جَعْفَرُ بْنُ الْحَارِثِ النَّخَعِىُّ الْكُوفِىُّ، عَنْ مُـحَـمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ عُمَرَ بْنِ قَتَادَةَ، عَنْ مَحْمُودِ بْنِ لَبِيدٍ، عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ، اَنَّ النَّبِىَّ

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: فجر کی نماز خوب سفید کر کے پڑھو کیونکہ اس میں ثواب زیادہ ہے۔

---

**9289**- أخرجه الترمذي: كتاب الصلاة جلد **1** صفحه **289** رقم الحديث: **154**' والنسائي: كتاب المواقيت جلد **1** صفحه **218** (باب الاسفار) . والدارمي: كتاب الصلاة جلد **1** صفحه **301** رقم الحديث: **1217** . قال أبو عيسى: حديث رافع بن خديج حديث حسن صحيح .

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَسْفِرُوا بِالْفَجْرِ؛ فَاِنَّهُ اَعْظَمُ لِلْاَجْرِ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ الْحَارِثِ اِلَّا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، تَفَرَّدَ بِهِ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ

یہ حدیث جعفر بن حارث سے اسماعیل بن عیاش روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں محمد بن اسماعیل اکیلے ہیں۔

**9290** - حَدَّثَنَا هَاشِمٌ، ثَنَا الْمُعَافَى بْنُ سُلَيْمَانَ، نَا مُوسَى بْنُ اَعْيَنَ، عَنِ الْمُعَلَّى بْنِ عُرْفَانَ، عَنْ اَبِي وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَنَفَّسُ فِي الْاِنَاءِ ثَلَاثَةَ اَنْفَاسٍ، يُسَمِّي عِنْدَ كُلِّ نَفَسٍ، وَيَشْكُرُ فِي آخِرِهِنَّ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم برتن میں کوئی شی پیتے وقت تین سانس لیتے تھے' ہر سانس لیتے وقت بسم اللہ پڑھتے اور آخر میں شکریہ ادا کرتے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي وَائِلٍ اِلَّا الْمُعَلَّى بْنُ عُرْفَانَ، تَفَرَّدَ بِهِ مُوسَى بْنُ اَعْيَنَ

یہ حدیث ابووائل سے معلیٰ بن برقان روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں موسیٰ بن اعین اکیلے ہیں۔

**9291** - حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ مَرْثَدٍ، نَا الْمُعَافَى بْنُ سُلَيْمَانَ، نَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، قَالَ: سَمِعْتُ الزُّهْرِيَّ، يُحَدِّثُ عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا نِكَاحَ اِلَّا بِوَلِيٍّ وَشَاهِدَيْ عَدْلٍ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: نکاح ولی اور دو گواہوں کی موجودگی میں ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ اِلَّا عِيسَى بْنُ يُونُسَ

یہ حدیث عثمان بن عبدالرحمٰن بن عیسیٰ بن یونس روایت کرتے ہیں۔

**9292** - حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ مَرْثَدٍ، نَا الْمُعَافَى بْنُ سُلَيْمَانَ، نَا مُوسَى بْنُ اَعْيَنَ، عَنِ الْخَلِيلِ بْنِ مُرَّةَ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس نے قبر کھودی اللہ اس کے لیے جنت میں گھر بنائے گا' جس نے میت کو غسل دیا

اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ حفَرَ قَبْرًا بَنَى اللّٰهُ لَهُ بَيْتًا فِي الْجَنَّةِ، وَمَنْ غَسَّلَ مَيِّتًا خَرَجَ مِنَ الْخطَايَا كَيَوْمِ وَلَدَتْهُ أُمُّهُ، وَمَنْ كَفَّنَ مَيِّتًا كَسَاهُ اللّٰهُ اَثْوَابًا مِنْ حُلَلِ الْجَنَّةِ، وَمَنْ عَزَّى حَزِينًا اَلْبَسَهُ اللّٰهُ التَّقْوَى وَصَلَّى عَلَى رُوحِهِ فِي الْاَرْوَاحِ، وَمَن عَزَّى مُصَابًا كَسَاهُ اللّٰهُ حُلَّتَيْنِ مِنْ حُلَلِ الْجَنَّةِ لَا يَقُومُ لَهُمَا الدُّنْيَا، وَمَنِ اتَّبَعَ جَنَازَةً حَتَّى يُقْضَى دَفْنُهَا كُتِبَ لَهُ ثَلَاثَةُ قَرَارِيطَ، الْقِيرَاطُ مِنهَا اَعْظَمُ مِنْ جَبَلِ اُحُدٍ، وَمَنْ كَفَلَ يَتِيمًا اَوْ اَرْمَلَةً اَظَلَّهُ اللّٰهُ فِي ظِلِّهِ وَاَدْخَلَهُ جَنَّتَهُ

اس کے گناہ اس طرح معاف ہوں گے جس طرح آج ہی اس کی ماں نے جنا ہے' جس نے میت کوکفن دیا اللہ عزوجل اس کو جنت کے حلّوں میں سے حلّہ پہنائے گا' جس نے غم زدہ کے ساتھ غم بٹایا اللہ عزوجل اس کوتقویٰ کا لباس پہنائے گا' اس کی روح پر رحمت بھیجے گا' جس نے مصیبت زدہ سے تعزیت کی اس کو اللہ عزوجل جنت کے دو حلّے پہنائے گا' دونوں کو دنیا نہیں اُٹھا سکتی' جس نے جنازہ پڑھا اور دفن کر کے واپس آیا تو اس کے لیے تین قیراط کے برابر ثواب ہوگا' ایک قیراط اُحد پہاڑ سے بڑا ہے' جس نے یتیم کی کفالت کی یا بیوہ عورت کی تو اللہ عزوجل اس کو اپنی رحمت کا سایہ دے گا اور اس کو جنت میں داخل کرے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْخَلِيلِ بْنِ مُرَّةَ اِلَّا مُوسَى بْنُ اَعْيَنَ، وَلَا يُرْوَى عَنْ جَابِرٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ. وَلَمْ يُنْسَبْ لَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الَّذِي رَوَى هَذَا الْحَدِيثَ

یہ حدیث خلیل بن مرہ سے موسیٰ بن اعین اور حضرت جابر سے اسی سند سے روایت ہے۔ ہمارے ہاں اسماعیل بن ابراہیم سے اس حدیث کے علاوہ کوئی روایت نہیں ہے۔

**9293** - حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ مَرْثَدٍ، ثَنَا الْمُعَافَى بْنُ سُلَيْمَانَ، نَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي عَبْدِ الرَّحِيمِ، عَنْ عَبْدِ الْوَهَّابِ بْنِ بُخْتٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نَافِعٍ اَبِي يَعْقُوبَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اَعُوذُ بِكَ مِنْ فِتْنَةِ الْمَسِيحِ الدَّجَّالِ، وَمِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ، وَمِنْ فِتْنَةِ الْقَبْرِ، وَمِنْ شَرِّ فِتْنَةِ الْغِنَى، وَمِنْ شَرِّ فِتْنَةِ الْفَقْرِ، وَاَعُوذُ بِكَ مِنْ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یہ دعا کرتے تھے: ''اعوذ بك من فتنة الٰى آخره''۔

شَرِّ فِتْنَةِ الْمَسِيحِ الدَّجَّالِ، اللّٰهُمَّ اغْسِلْ خَطَايَايَ بِمَاءِ الثَّلْجِ وَالْبَرَدِ، وَنَقِّ قَلْبِي مِنَ الْخَطَايَا كَمَا نَقَّيْتَ الثَّوْبَ الْاَبْيَضَ مِنَ الدَّنَسِ، وَاَعُوذُ بِكَ مِنَ الْكَسَلِ وَالْهَرَمِ وَالْمَأْثَمِ وَالْمَغْرَمِ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نَافِعٍ اِلَّا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ بُخْتٍ، وَلَا عَنْ عَبْدِ الْوَهَّابِ اِلَّا خَالِدُ بْنُ اَبِي يَزِيدَ، تَفَرَّدَ بِهِ مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ

یہ حدیث عبداللہ بن نافع سے عبدالوہاب بن بخت اور عبدالوہاب سے خالد بن ابویزید روایت کرتے ہیں۔اس کو روایت کرنے میں محمد بن سلمہ اکیلے ہیں۔

**9294** - حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ مَرْثَدٍ، ثَنَا الْمُعَافَى بْنُ سُلَيْمَانَ، نَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُلَاثَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ حَلَفَ عَلَى يَمِينٍ مَصْبُورَةٍ، هُوَ فِيهَا كَاذِبٌ، فَلْيَتَبَوَّاْ لِوَجْهِهِ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے جھوٹی قسم کھائی وہ اپنے چہرے کو جہنم میں جلانے کا ٹھکانہ بنائے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ هِشَامٍ اِلَّا ابْنُ عُلَاثَةَ

یہ حدیث ہشام سے بن علاثہ روایت کرتے ہیں۔

**9295** - حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ مَرْثَدٍ، نَا الْمُعَافَى بْنُ سُلَيْمَانَ، ثَنَا مُوسَى بْنُ اَعْيَنَ، عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ رَاشِدٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: اَتَى عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، فَقِيلَ لَهُ: اِنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ يَاْمُرُ بِنِكَاحِ الْمُتْعَةِ، فَقَالَ ابْنُ عُمَرَ: سُبْحَانَ اللّٰهِ، مَا اَظُنُّ ابْنَ عَبَّاسٍ يَفْعَلُ هَذَا، قَالُوا: بَلَى، اِنَّهُ يَاْمُرُ بِهِ، فَقَالَ: وَهَلْ كَانَ ابْنُ عَبَّاسٍ اِلَّا غُلَامًا صَغِيرًا اِذْ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ قَالَ ابْنُ عُمَرَ: نَهَانَا عَنْهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت سالم بن عبداللہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے پاس آیا' آپ نے عرض کی: ابن عباس نکاحِ متعہ کا حکم دیتے ہیں؟ حضرت ابن عمر نے فرمایا: اللہ پاک ہے! میں ابن عباس کے متعلق ایسا گمان نہیں کرتا ہوں' انہوں نے کہا: کیوں نہیں! وہ اس کا حکم دیتے ہیں۔حضرت ابن عمر نے فرمایا: جب حضور ﷺ موجود تھے تو حضرت ابن عباس کی عمر تھوڑی تھی' پھر ابن عمر نے فرمایا: حضور ﷺ نے ہمیں ایسا کرنے سے منع کیا' ہم حد سے بڑھنے والے نہیں

وَسَلَّمَ، وَمَا كُنَّا مُسَافِحِينَ

ہیں۔

**9296** - حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ مَرْثَدٍ، ثَنَا الْمُعَافَى بْنُ سُلَيْمَانَ، نَا مُوسَى بْنُ أَعْيَنَ، عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ رَاشِدٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ الْمُشْرِكِينَ لَا يَصْبُغُونَ لِحَاهُمْ، فَغَيِّرُوا الشَّيْبَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: مشرکین اپنی داڑھیاں رنگتے نہیں ہیں، تم ان کی سفیدی تبدیل کرو۔

**9297** - حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ مَرْثَدٍ، ثَنَا الْمُعَافَى بْنُ سُلَيْمَانَ، ثَنَا مُوسَى بْنُ أَعْيَنَ، عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ رَاشِدٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَبِي بَكْرِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ أَكَلَ مِنْكُمْ فَلْيَأْكُلْ بِيَمِينِهِ، وَلْيَشْرَبْ بِيَمِينِهِ؛ فَإِنَّ الشَّيْطَانَ يَأْكُلُ بِشِمَالِهِ، وَيَشْرَبُ بِشِمَالِهِ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جو تم میں سے کھائے تو دائیں ہاتھ سے کھائے اور پئے تو دائیں ہاتھ سے پئے کیونکہ شیطان کھاتا اور پیتا بائیں ہاتھ سے ہے۔

**9298** - حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ مَرْثَدٍ، نَا الْمُعَافَى بْنُ سُلَيْمَانَ، نَا مُوسَى بْنُ أَعْيَنَ، عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ رَاشِدٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنِ ابْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ كَانَ لَا يَقْدُمُ مِنْ سَفَرٍ إِلَّا ضُحًى، فَيَبْدَأُ بِالْمَسْجِدِ فَيَرْكَعُ

حضرت ابن مالک اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ سفر پر واپسی پر نماز پڑھتے، مسجد میں پہلے آتے اور نفل ادا کرتے، پھر اس کے بعد اپنے گھر آتے۔

**9296**- أصله في البخارى: كتاب اللباس جلد 10 صفحه 366 رقم الحديث: 5899، ومسلم: كتاب اللباس جلد 3 صفحه 1663 .

**9297**- أخرجه مسلم: كتاب الأشربة جلد 3 صفحه 1598، وأبو داؤد: كتاب الأطعمة جلد 3 صفحه 348 رقم الحديث: 3776 .

**9298**- أخرجه البخارى: كتاب التفسير جلد 8 صفحه 193 رقم الحديث: 4677، ومسلم: كتاب التوبة جلد 4 صفحه 2120 .

فِيهِ رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ يَأْتِي أَهْلَهُ بَعْدَ ذَلِكَ

**9299** - حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ مَرْثَدٍ، نَا الْمُعَافَى بْنُ سُلَيْمَانَ، نَا مُوسَى بْنُ أَعْيَنَ، عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ رَاشِدٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُرَغِّبُ النَّاسَ فِي قِيَامِ رَمَضَانَ مِنْ غَيْرِ أَنْ يَأْمُرَهُمْ بِعَزِيمَةِ أَمْرٍ فِيهِ، ثُمَّ تُوُفِّيَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالْأَمْرُ عَلَى ذَلِكَ، ثُمَّ كَانَ الْأَمْرُ عَلَى ذَلِكَ خِلَافَةَ أَبِي بَكْرٍ وَصَدْرًا مِنْ خِلَافَةِ عُمَرَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ رمضان میں قیام کی رغبت دلاتے تھے لیکن سختی نہیں کرتے تھے پھر حضور ﷺ کا وصال ہوا‘ معاملہ ایسے ہی رہا‘ حضرت ابوبکر کے دورِ خلافت میں بھی ایسے ہی رہا‘ حضرت عمر کے ابتدائی دورِ خلافت میں ایسا قیام شروع کیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذِهِ الْأَحَادِيثَ عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ رَاشِدٍ إِلَّا مُوسَى بْنُ أَعْيَنَ

یہ تمام احادیث اسحاق بن راشد سے موسیٰ بن اعین روایت کرتے ہیں۔

**9300** - حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ مَرْثَدٍ، ثَنَا الْمُعَافَى بْنُ سُلَيْمَانَ، ثَنَا مُوسَى بْنُ أَعْيَنَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ النَّخَعِيِّ، عَنِ الْأَسْوَدِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُوتِرُ بِتِسْعِ رَكَعَاتٍ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نو رکعت وتر ادا کرتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ إِلَّا مُوسَى بْنُ أَعْيَنَ

یہ حدیث عطاء بن سائب سے موسیٰ بن اعین روایت کرتے ہیں۔

**9301** - حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ مَرْثَدٍ، ثَنَا

حضرت جریر بن عبداللہ بجلی رضی اللہ عنہ فرماتے

---

**9299**- أخرجه مسلم: كتاب صلاة المسافرين جلد 1 صفحه 523‘ وأبو داؤد: كتاب الصلاة جلد 2 صفحه 50 رقم الحديث: 1371 كلاهما من حديث أبي هريرة .

**9300**- أخرجه أبو داؤد: كتاب الصلاة جلد 2 صفحه 44 رقم الحديث: 1351‘ والترمذي: كتاب الصلاة جلد 2 صفحه 304 رقم الحديث: 443 . وقال: حديث عائشة حسن صحيح .

**9301**- أخرجه البخاري: كتاب مواقيت الصلاة جلد 2 صفحه 40 رقم الحديث: 554‘ ومسلم: كتاب المساجد جلد 1

الْمُعَافَى بْنُ سُلَيْمَانَ، نَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِى عَبْدِ الرَّحِيمِ خَالِدِ بْنِ اَبِى يَزِيدَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَبِى اُنَيْسَةَ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِى خَالِدٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ اَبِى حَازِمٍ، عَنْ جَرِيرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَجَلِيِّ، قَالَ: كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ لَيْلَةٍ وَالْقَمَرُ طَالِعٌ لَيْلَةَ الْبَدْرِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَمَا اِنَّكُمْ سَتُعَايِنُونَ رَبَّكُمْ فِي الْجَنَّةِ كَمَا تُعَايِنُونَ هَذَا الْقَمَرَ، لَا تُضَامُونَ فِي رُؤْيَتِهِ، فَاِنِ اسْتَطَعْتُمْ اَنْ لَا تُغْلَبُوا عَلَى صَلَاةٍ قَبْلَ طُلُوعِ الشَّمْسِ وَقَبْلَ غُرُوبِهَا ، ثُمَّ قَرَاَ (وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ قَبْلَ طُلُوعِ الشَّمْسِ وَقَبْلَ الْغُرُوبِ) (ق:39)

ہیں کہ ہم ایک رات حضورﷺ کے ساتھ تھے تو چودھویں رات کا چاند چمک رہا تھا' حضورﷺ نے فرمایا: تم عنقریب اپنے رب کو دیکھو گے جس طرح تم اس چاند کو دیکھ رہے ہو'اس کے دیکھنے میں تمہاری آنکھ نہیں جھپکی ہے' اگر تم طاقت رکھتے ہو تو فجر اور عصر کی نماز نہ رہے' پھر آپ نے یہ آیت پڑھی: ''اپنے رب کی تسبیح کریں طلوعِ شمس سے پہلے اور سورج غروب ہونے سے پہلے''۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَبِى اُنَيْسَةَ اِلَّا اَبُو عَبْدِ الرَّحِيمِ . وَلَمْ يَقُلْ اَحَدٌ مِمَّنْ رَوَى هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِى خَالِدٍ: تُعَايِنُونَ رَبَّكُمْ اِلَّا زَيْدُ بْنُ اَبِى اُنَيْسَةَ وَاَبُو شِهَابٍ الْحَنَّاطُ

یہ حدیث زید بن ابوانیسہ سے ابوعبدالرحیم روایت کرتے ہیں۔ اس حدیث میں اسماعیل بن ابوخالد سے تعاینون ربکم کے الفاظ صرف زید بن ابوانیسہ اور ابوشہاب الحناط روایت کرتے ہیں۔

**9302** - حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ مَرْثَدٍ، نَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ الْجَعْفَرِيُّ، ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَلَمَةَ الرَّبَعِيُّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِى صَعْصَعَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِى سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ وَسَّعَ عَلَى اَهْلِهِ فِي يَوْمِ عَاشُورَاءَ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: جس نے عاشوراء کے دن اپنے گھر والوں پر رزق کی کشادگی کی' اللہ عزوجل پورا سال اس کے رزق میں برکت دے گا۔

صفحه 439 .

9302- أصله فى البخارى: كتاب الصلاة جلد 1 صفحه 653 رقم الحديث: 454' ومسلم: كتاب صلاة العيدين جلد 2 صفحه 607-608' وبدون لفظ: انهن بنات . بل: بنى أرفدة .

اَوْسَعَ اللّٰهُ عَلَيْهِ سَنَتَهُ كُلَّهَا

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ الْجَعْفَرِيُّ

یہ حدیث ابوسعید الخدری سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں محمد بن اسماعیل الجعفری اکیلے ہیں۔

**9303** - حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ مَرْثَدٍ، نَا آدَمُ بْنُ اَبِي اِيَاسٍ، ثَنَا اِسْرَائِيلُ، عَنْ قَرَظَةَ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: خَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالْحَبَشَةُ يَلْعَبُونَ، وَاَنَا اَطَّلِعُ مِنْ خَوْخَةٍ لِي، فَدَنَا مِنِّي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَوَضَعْتُ يَدَيَّ عَلَى مَنْكِبَيْهِ، وَجَعَلْتُ اَنْظُرُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّهُنَّ بَنَاتُ اَرْفِدَةَ فَمَا زِلْتُ اَنْظُرُ وَهُمْ يَلْعَبُونَ وَيَرْقُصُونَ حَتَّى كُنْتُ اَنَا الَّذِي انْتَهَيْتُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نکلے اس حالت میں کہ حبشی لوگ کھیل رہے تھے' میں دروازے کی چوکھٹ سے دیکھ رہی تھی' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میرے قریب ہوئے' میں نے اپنے دونوں ہاتھ آپ کے کندھے پر رکھے اور میں دیکھنے لگی۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: یہ ارفدہ کی بیٹیاں ہیں! میں مسلسل دیکھتی رہی' وہ کھیل رہے تھے' یہاں تک کہ میں تھک گئی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَرَظَةَ اِلَّا اِسْرَائِيلُ، تَفَرَّدَ بِهِ آدَمُ

یہ حدیث قرظہ سے اسرائیل روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں آدم اکیلے ہیں۔

**9304** - حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ مَرْثَدٍ، ثَنَا آدَمُ، نَا حَبَّانُ بْنُ عَلِيٍّ، نَا سَعْدُ بْنُ طَرِيفٍ الْاِسْكَافُ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اَرَادَ الْحَاجَةَ اَبْعَدَ الْمَشْيَ، فَانْطَلَقَ ذَاتَ يَوْمٍ لِحَاجَتِهِ، ثُمَّ تَوَضَّا، وَلَبِسَ اَحَدَ خُفَّيْهِ، فَجَاءَ طَائِرٌ اَخْضَرُ فَاَخَذَ الْخُفَّ الْآخَرَ، فَارْتَفَعَ بِهِ ثُمَّ اَلْقَاهُ، فَخَرَجَ مِنْهُ اَسْوَدُ سَابِحٌ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هَذِهِ كَرَامَةٌ، اَكْرَمَنِي اللّٰهُ بِهَا ، ثُمَّ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب قضاء حاجت کا ارادہ کرتے تو آپ دور جاتے' ایک دن آپ قضاء حاجت کے لیے چلے' پھر آپ نے وضو کیا' آپ نے ایک موزا پہنا تو ایک سبز پرندہ آیا' اس نے دوسرا موزہ پکڑا اور اس کو لے کر اُڑ گیا' پھر اس نے پھینک دیا' اس سے تیرنے والا سیاہ سانپ نکلا' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: یہ عزت ہے' اللہ عزوجل نے مجھے اس کے ذریعے دی ہے' پھر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ دعا کی: ''اللّٰهم انی اعوذ بك الٰی آخرہ''۔

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اللّٰهُمَّ اِنِّی اَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَنْ يَمْشِي عَلَى بَطْنِهِ، وَمِنْ شَرِّ مَنْ يَمْشِي عَلَى رِجْلَيْنِ، وَمِنْ شَرِّ مَنْ يَمْشِي عَلَى اَرْبَعٍ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عِكْرِمَةَ اِلَّا سَعْدُ بْنُ طَرِيفٍ، تَفَرَّدَ بِهِ حِبَّانُ بْنُ عَلِيٍّ، وَلَا يُرْوَى عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ

یہ حدیث عکرمہ سے مخلد بن طریف روایت کرتے ہیں اس کو روایت کرنے میں حبان بن علی اکیلے ہیں۔ حضرت ابن عباس سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔

**9305** - حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ مَرْثَدٍ، ثَنَا آدَمُ، نَا ابْنُ اَبِي فُدَيْكٍ الْمَدَنِيُّ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ مُصْعَبِ بْنِ مُصْعَبٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: كَلَّمَ طَلْحَةُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَامِرَ بْنَ فُهَيْرَةَ بِشَيْءٍ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَهْلًا يَا طَلْحَةُ؛ فَاِنَّهُ قَدْ شَهِدَ بَدْرًا كَمَا شَهِدْتَهُ، وَخَيْرُكُمْ خَيْرُكُمْ لِمَوَالِيهِ

حضرت ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن بن عوف اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت طلحہ بن عبیداللہ نے عامر بن فہیرہ سے کسی معاملہ میں گفتگو کی' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے طلحہ! چھوڑ کیونکہ یہ بعد میں شریک ہوا تھا جس طرح تُو شریک ہوا تھا' تم میں سے بہتر وہ ہے جو اپنے غلاموں کے لیے بہتر ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ اِلَّا مُصْعَبُ بْنُ مُصْعَبٍ، وَلَا عَنْ مُصْعَبٍ اِلَّا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ زَيْدٍ، وَلَا عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ اِلَّا ابْنُ اَبِي فُدَيْكٍ، تَفَرَّدَ بِهِ آدَمُ، وَلَا يُرْوَى عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ

یہ حدیث زہری سے مصعب بن مصعب روایت کرتے ہیں' مصعب سے عبدالملک بن زید اور عبدالملک سے ابن ابوفدیک روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں آدم اکیلے ہیں' حضرت عبدالرحمٰن بن عوف سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔

**9306** - حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ مَرْثَدٍ، ثَنَا آدَمُ، ثَنَا شَيْبَانُ، عَنْ جَابِرٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَعْفَرٍ، قَالَ: احْتَجَمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى قَرْنِهِ بَعْدَمَا سُمَّ

حضرت عبداللہ بن جعفر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مقامِ قرن پر پچھنا لگوایا داغنے کے بعد۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ جَعْفَرٍ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ شَيْبَانُ

یہ حدیث عبداللہ بن جعفر سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں شیبان اکیلے ہیں۔

**9307** - حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ مَرْثَدٍ، ثَنَا آدَمُ، ثَنَا الْمَسْعُودِيُّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ: اضْطَجَعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى حَصِيرٍ، فَأَثَّرَ الْحَصِيرُ بِجِلْدِهِ، فَلَمَّا اسْتَيْقَظَ جَعَلْتُ أَمْسَحُ عَنْهُ، وَأَقُولُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، أَلَا آذَنْتَنِي قَبْلَ أَنْ تَنَامَ عَلَى هَذَا الْحَصِيرِ فَأَبْسُطَ لَكَ عَلَيْهِ شَيْئًا يَقِيكَ مِنْهُ؟ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا لِي وَمَا لِلدُّنْيَا، وَمَا لِلدُّنْيَا وَمَا لِي، مَا أَنَا وَالدُّنْيَا إِلَّا كَرَاكِبٍ اسْتَظَلَّ فِي فَيْءِ شَجَرَةٍ، ثُمَّ رَاحَ وَتَرَكَهَا

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ چٹائی پر لیٹے ہوئے تھے' چٹائی کے نشانات آپ کے جسم اقدس پر پڑے تھے' جب آپ اُٹھے تو میں اس کو چھونے لگا اور میں نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ بتائیے کہ آرام کرنے سے پہلے تاکہ میں آپ کے لیے بستر بچھاتا' تو آپ اس کے نشانات سے بچتے۔ حضور ﷺ نے فرمایا: مجھے دنیا سے کیا تعلق! مجھے دنیا سے کیا تعلق! ایسے ہے جس طرح سوار کا تعلق سایہ کے ساتھ ہوتا ہے' درخت کے سایہ میں اس میں آرام کرتا ہے اور چھوڑ جاتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ إِلَّا الْمَسْعُودِيُّ

یہ حدیث عمرو بن مرہ سے مسعود روایت کرتے ہیں۔

**9308** - حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ مَرْثَدٍ، ثَنَا آدَمُ، نَا وَرْقَاءُ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: لَمَّا نَزَلَتْ هَذِهِ الْآيَةُ (آمَنَ الرَّسُولُ بِمَا أُنْزِلَ إِلَيْهِ مِنْ رَبِّهِ وَالْمُؤْمِنُونَ) (البقرة: 285) قَرَأَهَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا بَلَغَ: (غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَإِلَيْكَ الْمَصِيرُ) (البقرة: 285) قَالَ اللَّهُ: قَدْ غَفَرْتُ لَكُمْ فَلَمَّا قَالَ: (رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَا إِنْ نَسِينَا أَوْ أَخْطَأْنَا)

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ جب یہ آیت نازل ہوئی: ''رسول ایمان لایا اس پر جو اس کے رب کے پاس سے اس پر اُتری ہے اور ایمان والے''۔ حضور ﷺ نے اس کو پڑھا' جب اس آیت تک پہنچے: ''تیری معافی ہو اے رب ہمارے! اور تیری طرف پھرنا ہے''۔ اللہ پاک نے فرمایا: میں نے تم کو معاف کیا' جب یہ فرمایا: اے ہمارے رب! ہمیں نہ پکڑ اگر ہم بھولیں یا چوکیں! اللہ نے فرمایا: میں تم سے مواخذہ

**9307**- أخرجه الترمذي: كتاب الزهد جلد**4** صفحه**588** رقم الحديث: **2377**' وابن ماجة: كتاب الزهد جلد **2** صفحه **1376** رقم الحديث: **4109** . وأخرجه أحمد في مسنده جلد **1** صفحه **301** رقم الحديث: **2747** من حديث عمر' وقال أبو عيسى الترمذي هذا حديث حسن صحيح . وفي الباب عن عمر وابن عباس .

(البقرة: 286 ) قَالَ اللّٰهُ: لَا أُوَاخِذُكُمْ فَلَمَّا قَالَ: (رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَا إِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهُ عَلَى الَّذِينَ مِنْ قَبْلِنَا) (البقرة:286 ) قَالَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: لَا أَحْمِلُ عَلَيْكُمْ ، فَلَمَّا قَالَ: (وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهِ) (البقرة:286 ) قَالَ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالَى: لَا أُحَمِّلُكُمْ (وَاعْفُ عَنَّا) (البقرة: 286) قَالَ: قَدْ عَفَوْتُ عَنْكُمْ ، فَلَمَّا قَالَ: (وَاغْفِرْ لَنَا) (البقرة:286 ) قَالَ: قَدْ غَفَرْتُ لَكُمْ ، فَلَمَّا قَالَ: (وَارْحَمْنَا) (البقرة:286 ) قَالَ: قَدْ رَحِمْتُكُمْ ، فَلَمَّا قَالَ: (فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكَافِرِينَ) (البقرة:286 ) قَالَ: قَدْ نَصَرْتُكُمْ عَلَى الْقَوْمِ الْكَافِرِينَ

نہیں کروں گا! جب یہ پڑھے: اے رب ہمارے! اور ہم پر بھاری بوجھ نہ رکھ جو تُو نے ہم سے اگلوں پر رکھا تھا۔ اللہ عزوجل فرماتا ہے: میں تم پر نہیں رکھوں گا جب تم پڑھو: ہم پر وہ بوجھ نہ ڈال جس کی ہم کو طاقت نہیں ہے اللہ پاک نے فرمایا: میں تم پر نہیں ڈالوں گا' عرض کی: ہم کو معاف کر' اللہ پاک نے فرمایا: میں نے تمہیں معاف کیا' عرض کی: ہم کو بخش دے! اللہ پاک نے فرمایا: میں نے تمہیں بخش دیا' جب اس جگہ پر پہنچے: ہم پر رحم کرے! اللہ پاک نے فرمایا: میں نے تم پر رحم کیا' جب اس آیت پر پہنچے: ''ہماری کافروں پر مدد فرما! اللہ پاک نے فرمایا: میں نے تمہاری کافروں پر مدد فرمائی۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَطَاءٍ إِلَّا وَرْقَاءُ، تَفَرَّدَ بِهِ آدَمُ

یہ حدیث عطاء سے ورقاء روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں آدم اکیلے ہیں۔

**9309** - حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ مَرْثَدٍ، ثَنَا آدَمُ، ثَنَا شَيْبَانُ، عَنْ مَنْصُورِ بْنِ الْمُعْتَمِرِ، عَنْ رِبْعِيِّ بْنِ حِرَاشٍ، عَنْ خَرَشَةَ بْنِ الْحُرِّ، عَنْ أَبِي ذَرٍّ قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا اسْتَيْقَظَ قَالَ: الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي أَحْيَانَا بَعْدَمَا أَمَاتَنَا وَإِلَيْهِ النُّشُورُ ، وَكَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا قَامَ قَالَ: بِاسْمِكَ اللّٰهُمَّ نَمُوتُ وَنَحْيَا

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب جاگتے تو یہ دعا کرتے: ''الحمد للّٰه الى آخره '' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کھڑے ہوتے اور یہ دعا کرتے: '' باسمك اللّٰهم الى آخره ''۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَنْصُورٍ إِلَّا شَيْبَانُ

یہ حدیث منصور سے شیبان روایت کرتے ہیں۔

---

**9309**- أخرجه البخاري: كتاب الدعوات جلد 12صفحه134 رقم الحديث: 6325 . وأخرجه مسلم من حديث البراء بن عازب جلد4صفحه283 .

**9310** - حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ مَرْثَدٍ، ثنا آدَمُ، ثنا وَرْقَاءُ، عَنْ مُغِيرَةَ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيرٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَثَلُ الْقَائِمِ عَلَى حُدُودِ اللّٰهِ وَالْمُدَاهِنِ، فِي حُدُودِ اللّٰهِ وَالرَّاكِبِ حُدُودَ اللّٰهِ كَمَثَلِ نَفَرٍ ثَلَاثَةٍ كَانُوا فِي سَفِينَةٍ، فَتَوَزَّعُوا مَنَازِلَهَا، فَصَارَ مَكَانُ النَّزِّ وَمِهْرَاقُ الْمَاءِ لِاَحَدِهِمْ، فَتَاذَّوْا بِهِ، فَاَخَذَ الْقَدُومَ فَقَرَعَ مَكَانَهُ، فَقَالَ اَحَدُ الْبَاقِينَ لِلْآخَرِ: اَلَا تَرَى هَذَا الَّذِي يُرِيدُ اَنْ يَخْرِقَ سَفِينَتَنَا فَيُغْرِقَنَا؟ فَقَالَ لَهُ الْآخَرُ: دَعْهُ؛ فَاِنَّمَا يَخْرِقُ مَكَانَهُ ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَاِنْ مَنَعُوهُ سَلِمَ وَسَلِمُوا، وَاِنْ تَرَكُوهُ غَرِقَ وَغَرِقُوا

حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اس کی مثال جو حدود اللہ کی حفاظت کرتا ہے اور اس کی مثال جو حدود اللہ کی حفاظت نہیں کرتا ہے‘ حدود کی حفاظت کرنے والے کی مثال ان آدمیوں کی طرح ہے جو کشتی میں ہیں‘ ان کا جگہ کے متعلق جھگڑا ہوا‘ انہوں نے قرعہ اندازی کر کے دوخانہ بنائے‘ ایک اوپر ایک نیچے ہوا‘ نیچے والے نے کہا: ہم کو پانی پینے کے لیے اوپر جانا پڑتا ہے‘ یہ اس سے سوراخ کر لیتے ہیں اور یہ اس کو پکڑتے ہیں تاکہ یہ غرق نہ ہو۔ دوسرے کا نظریہ ہے کہ وہ اپنی جگہ پھاڑ رہا ہے‘ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اگر منع کریں گے تو سارے بچ جائیں گے‘ اگر اس کو چھوڑ دیں گے تو خود بھی اور سارے غرق ہوں گے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ وَرْقَاءَ اِلَّا آدَمُ

یہ حدیث ورقاء سے آدم روایت کرتے ہیں۔

**9311** - حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ مَرْثَدٍ، ثنا آدَمُ، ثنا مُبَارَكُ بْنُ فَضَالَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اغْتَسَلَ مِنَ الْجَنَابَةِ غَسَلَ كَفَّيْهِ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ قَبْلَ اَنْ يَغْمِسَهَا فِي الْاِنَاءِ، ثُمَّ اَفْرَغَ بِيَمِينِهِ عَلَى شِمَالِهِ، يَغْسِلُ فَرْجَهُ حَتَّى يُنَقِّيَهُ بِشِمَالِهِ، ثُمَّ تَوَضَّاَ وُضُوءَهُ لِلصَّلَاةِ ، قَالَتْ: وَكَانَ لَهُ شَعْرٌ،

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب غسل جنابت کرتے تو آپ اپنے ہاتھ برتن میں داخل کرنے سے پہلے دھوتے‘ پھر اپنے دائیں ہاتھ کو دھوتے‘ اپنی شرمگاہ کو دھوتے‘ اس کو بائیں ہاتھ سے صاف کرتے‘ پھر نماز جیسا وضو کرتے‘ آپ کے بال مبارک تھے‘ آپ پانی لیتے اور بالوں کی جڑوں تک ڈالتے‘ اس کا خلال کرتے‘ جب جلد صاف ہو جاتی تو

**9310**- أخرجه البخاري: كتاب الشهادات جلد **5** صفحه **346** رقم الحديث: **2686**‘ والترمذي: كتاب الفتن جلد **4** صفحه **470** رقم الحديث: **2173** .

**9311**- أخرجه البخاري: كتاب الغسل جلد **1** صفحه **429** رقم الحديث: **248**‘ ومسلم: كتاب الحيض جلد **1** صفحه **253** رقم الحديث: **35316** .

وَكَانَ يَأْخُذُ الْمَاءَ فَيُدْخِلُهُ فِي أُصُولِ شَعْرِهِ يُخَلِّلُهُ، حَتَّى إِذَا اسْتَبْرَأَ الْبَشْرَةَ أَفْرَغَ عَلَى رَأْسِهِ ثَلَاثًا، ثُمَّ أَفْرَغَ عَلَى جَسَدِهِ

اپنے سرانور پر تین مرتبہ ڈالتے' پھر اپنے جسم اطہر پر ڈالتے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُبَارَكِ بْنِ فَضَالَةَ إِلَّا آدَمُ، وَأَبُو النَّضْرِ هَاشِمُ بْنُ الْقَاسِمِ

یہ حدیث مبارک بن فضالہ آدم اور ابونضر' ہاشم بن قاسم سے روایت کرتے ہیں۔

**9312** - حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ مَرْثَدٍ، ثنا آدَمُ، ثنا شَيْبَانُ، عَنْ جَابِرٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ مُرَّةَ الْهَمْدَانِيِّ، عَنْ أَبِي بَكْرٍ الصِّدِّيقِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ سَيِّءُ الْمَلَكَةِ، مَلْعُونٌ مَنْ ضَارَّ مُسْلِمًا، أَوْ غَرَّهُ

حضرت ابوصدیق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جنت میں بداخلاق' مسلمان کو نقصان اور دھوکہ دینے والا داخل نہیں ہوگا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الشَّعْبِيِّ إِلَّا جَابِرٌ الْجُعْفِيُّ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ جَابِرٍ إِلَّا شَيْبَانُ وَأَبُو حَمْزَةَ السُّكَّرِيُّ

یہ حدیث شعبی سے جابر اور جابر سے شیبان اور ابوحمزہ السکری روایت کرتے ہیں۔

**9313** - حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ مَرْثَدٍ، ثنا آدَمُ، ثنا مُبَارَكُ بْنُ فَضَالَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: قَالَتْ فَاطِمَةُ: وَاكَرْبَاهُ لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ لَهَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا بُنَيَّةُ، إِنَّهُ قَدْ حَضَرَ مِنْ أَبِيكِ أَمْرٌ لَيْسَ اللَّهُ بِتَارِكٍ أَحَدًا مِنْهُ لِمُوَافَاةِ يَوْمِ الْقِيَامَةِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی: اے رسول اللہ ﷺ کی تکلیف! حضور ﷺ نے انہیں فرمایا: اے بیٹی! آپ کے والد کا وصال قریب ہے! اللہ عزوجل قیامت کے دن تک کسی کو باقی رکھنے والا نہیں۔

---

**9312**- أخرجه الترمذي: كتاب البر والصلة جلد 4 صفحه 334 رقم الحديث: 1946' وابن ماجة: كتاب الأدب جلد 2 صفحه 1217 رقم الحديث: 3691' وأحمد في المسند جلد 1 صفحه 7 رقم الحديث: 32 قال أبو عيسى (الترمذي): هذا حديث غريب' وقد تكلم أيوب السختياني وغير واحد في فرقد السبخي من قلة حفظه' وفي زوائد ابن ماجة: في اسناده فرقد السبخي وهو وان وثقه ابن معين في رواية . فقد ضعفه في أخرى وضعفه البخاري وغيره.

**9313**- أخرجه أحمد في مسنده جلد 3 صفحه 141 رقم الحديث: 12443 .

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ ثَابِتٍ إِلَّا مُبَارَكُ بْنُ فَضَالَةَ

یہ حدیث ثابت سے مبارک بن فضالہ روایت کرتے ہیں۔

9314 - حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ مَرْثَدٍ، نَا آدَمُ، نَا شَيْبَانُ، ثَنَا قَتَادَةُ، عَنْ عَزْرَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْخُزَاعِيِّ، عَنْ رَاشِدِ بْنِ حُبَيْشٍ الْحِمْصِيِّ، قَالَ مَرَّةً: حُبَيْشٍ، عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ، قَالَ: عَادَنِي النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: هَلْ تَدْرُونَ مَنْ شُهَدَاءُ أُمَّتِي يَوْمَ الْقِيَامَةِ؟ فَأَرَمَّ الْقَوْمُ، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، الْقَتِيلُ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، الصَّابِرُ الْمُحْتَسِبُ شَهِيدٌ، فَقَالَ: إِنْ لَمْ يَكُنْ شُهَدَاءُ أُمَّتِي إِلَّا هَؤُلَاءِ إِنَّهُمْ إِذًا لَقَلِيلٌ، الْقَتِيلُ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ شَهِيدٌ، وَالْغَرِيقُ شَهِيدٌ، وَالْمَبْطُونُ شَهِيدٌ، وَالطَّاعُونُ شَهَادَةٌ، وَالنُّفَسَاءُ يَجُرُّهَا وَلَدُهَا بِسَرَرِهِ إِلَى الْجَنَّةِ

حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے میری عیادت فرمائی' فرمایا: تم جانتے ہو کہ میری اُمت میں کون لوگ شہید ہیں! سب لوگ خاموش ہو گئے' پھر لوگوں نے عرض کی: اللہ کی راہ میں جہاد کرنے والا' صبر کرنے والا شہید ہے۔ حضور ﷺ نے فرمایا: پھر تو میری اُمت میں شہداء کم ہوں گے' آپ نے فرمایا: اللہ کی راہ میں لڑنے والا شہید ہے' ڈوب کر مرنے والا شہید ہے' جل کر مرنے والا شہید ہے' پیٹ کی بیماری میں مرنے والا شہید ہے' طاعون کی بیماری میں مرنے والا شہید ہے' حالتِ نفاس میں مرنے والی عورت شہید ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ إِلَّا شَيْبَانُ وَسَعِيدُ بْنُ بَشِيرٍ، عَنْ شَيْبَانَ، تَفَرَّدَ بِهِ آدَمُ

یہ حدیث قتادہ سے شیبان اور سعید بن بشیر' شیبان سے روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں آدم اکیلے ہیں۔

9315 - حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ مَرْثَدٍ، ثَنَا آدَمُ، نَا أَبُو غَسَّانَ مُحَمَّدُ بْنُ مُطَرِّفٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنِ الصُّنَابِحِيِّ، عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: خَمْسُ صَلَوَاتٍ افْتَرَضَهُنَّ اللّٰهُ عَلَى

حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: پانچ نمازیں اللہ پاک نے اپنے بندوں پر فرض کی ہیں جس نے اچھا وضو کیا اور وقت پر نماز ادا کی اور رکوع و سجود مکمل کیا' اللہ کے ذمہ ہے کہ اس کو بخشے' جو ایسا نہیں کرے گا

9315- أخرجه أبو داؤد: كتاب الصلاة جلد 2 صفحه 63 رقم الحديث: 1420، والنسائي: كتاب الصلاة جلد 1 صفحه 186 (باب المحافظة على الصلوات الخمس) . وابن ماجة: كتاب اقامة الصلاة والسنة فيها جلد 1 صفحه 448 رقم الحديث: 1401 .

عِبَادِهِ، مَنْ اَحْسَنَ وُضُوءَ هُنَّ وَصَلَّاهُنَّ لِوَقْتِهِنَّ، وَاَتَمَّ رُكُوعَهُنَّ وَسُجُودَهُنَّ وَخُشُوعَهُنَّ، كَانَ لَهُ عَهْدٌ عَلَى اللّٰهِ اَنْ يَغْفِرَ لَهُ، وَمَنْ لَمْ يَفْعَلْ فَلَيْسَ لَهُ عَلَى اللّٰهِ عَهْدٌ، اِنْ شَاءَ عَذَّبَهُ، وَاِنْ شَاءَ غَفَرَ لَهُ

اس کے لیے اللہ کے ہاں کوئی وعدہ نہیں ہے' اگر چاہے تو عذاب دے' اگر چاہے تو بخش دے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ اِلَّا اَبُو غَسَّانَ، تَفَرَّدَ بِهِ آدَمُ

یہ حدیث زید بن اسلم سے ابوغسان روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں آدم اکیلے ہیں۔

**9316** - حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ مَرْثَدٍ، ثَنَا آدَمُ، ثَنَا شَيْبَانُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ اُمِّهِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَوَضَّاُ بِالْمُدِّ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک مُد پانی کے ساتھ وضو کرتے تھے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ قَتَادَةَ عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ اُمِّهِ، عَنْ عَائِشَةَ اِلَّا شَيْبَانُ

یہ حدیث حضرت قتادہ' حسن سے' یہ اپنی والدہ سے' یہ حضرت عائشہ سے اور قتادہ سے شیبان روایت کرتے ہیں۔

**9317** - حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ مَرْثَدٍ، ثَنَا آدَمُ، ثَنَا اَبُو جَعْفَرٍ الرَّازِيُّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِينَارٍ، عَنْ بَشِيرِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الرَّحِمُ شِجْنَةٌ مِنَ الرَّحْمَنِ، تَعَلَّقَتْ بِحَقْوَيِ الرَّحْمَنِ، تَقُولُ: اللّٰهُمَّ صِلْ مَنْ وَصَلَنِي، وَاقْطَعْ مَنْ قَطَعَنِي

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: رحم رحمٰن سے ہے' رحمٰن کے ساتھ اس کا تعلق ہے' جو کہتا ہے: اے اللہ! اس کو ملا جو مجھے ملائے' اس کو ختم کر جو مجھے ختم کرے۔

---

**9316**- أخرجه أبو داؤد: كتاب الطهارة جلد 1 صفحه 23 رقم الحديث: 92 . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 1 صفحه 224' وقال: حديث عائشة رواه أبو داؤد وغيره ومن حديث ابن عباس وعائشة وابن مسعود على مسلم بن كيسان الملائي' وقد حدث عنه شعبة وسفيان وضعفه جماعة كثيرون' وقال بعضهم انه اختلط' والظاهر أن شعبة وسفيان لا يحدثان عنه الا بما سمعاه قبل اختلاطه' والله أعلم .

**9317**- أصله أخرجه البخاري: كتاب الأدب جلد 10 صفحه 430 رقم الحديث: 5988' وأحمد في المسند جلد 2 صفحه 295 رقم الحديث: 7950 .

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ دِينَارٍ، عَنْ بَشِيرِ بْنِ يَسَارٍ إِلَّا أَبُو جَعْفَرٍ الرَّازِيُّ وَرَوَاهُ وَرْقَاءُ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ دِينَارٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ

یہ حدیث عبداللہ بن دینار' بشیر بن یسار سے اور عبداللہ سے ابوجعفر الرازی روایت کرتے ہیں۔ اس حدیث کو ورقاء' عبداللہ بن دینار سے' وہ سعید بن یسار سے' وہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں۔

**9318** - حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ مَرْثَدٍ، نَا آدَمُ، نَا أَبُو يُوسُفَ الْقَاضِي، عَنْ سَعْدِ بْنِ طَرِيفٍ، عَنِ الْأَصْبَغِ بْنِ نُبَاتَةَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ قَالَ: نَزَلْنَا مَنْزِلًا فَآذَتْنَا الْبَرَاغِيثُ فَسَبَبْنَاهَا، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَسُبُّوهَا؛ فَنِعْمَتِ الدَّابَّةُ؛ فَإِنَّهَا أَيْقَظَتْكُمْ لِذِكْرِ اللَّهِ

حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم ایک جگہ اُترے' ہم کو مچھر نے تکلیف دی' ہم نے اس کو بُرا بھلا کہا' حضور ﷺ نے فرمایا: اس کو گالی نہ دو! اچھا جانور ہے کیونکہ یہ تم کو اللہ کے ذکر کے لیے اُٹھاتا ہے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ عَلِيٍّ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ آدَمُ

یہ حدیث حضرت علی سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں آدم اکیلے ہیں۔

**9319** - حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ مَرْثَدٍ، ثَنَا آدَمُ، ثَنَا إِسْرَائِيلُ، عَنْ جَابِرٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ نُجَيٍّ، عَنْ عَلِيٍّ، رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، فِي قَوْلِ اللَّهِ: (مِنْهُمْ مَنْ قَصَصْنَا عَلَيْكَ وَمِنْهُمْ مَنْ لَمْ نَقْصُصْ عَلَيْكَ) (غافر: 78)، قَالَ: بَعَثَ اللَّهُ عَبْدًا حَبَشِيًّا نَبِيًّا، فَهُوَ مِمَّنْ لَمْ يَقْصُصْ عَلَى مُحَمَّدٍ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ' اللہ عزوجل کے ارشاد: ''ان میں سے کچھ قصے آپ کو بیان کیے ہیں اور کچھ بیان نہیں کیے ہیں''۔ فرمایا: اللہ عزوجل نے ایک حبشی نبی بنا کر بھیجا تھا' اس کا قصہ حضور ﷺ کو بیان نہیں کیا۔

لَا يُرْوَى عَنْ عَلِيٍّ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ آدَمُ

یہ حدیث حضرت علی سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں آدم اکیلے ہیں۔

**9320** - حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ مَرْثَدٍ، ثَنَا آدَمُ،

حضرت نعمان بن مقرن رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں

---

9320- أخرجه البخاري: كتاب الجزية جلد6 صفحه298 رقم الحديث: 3160 .

ثَنَا مُبَارَكُ بْنُ فَضَالَةَ، نَا زِيَادُ بْنُ جُبَيْرِ بْنِ حَيَّةَ، اَخْبَرَنِي اَبِي اَنَّ النُّعْمَانَ بْنَ مُقَرِّنٍ، قَالَ: اِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا غَزَا فَلَمْ يُقَاتِلْ اَوَّلَ النَّهَارِ، لَمْ يَعْجَلْ حَتَّى تَحْضِرَ الصَّلَوَاتُ، وَتَهُبَّ الْاَرْوَاحُ، وَيَطِيبَ الْقِتَالُ

کہ حضور ﷺ جب جہاد کرتے تو آپ دن کے شروع میں لڑائی نہیں کرتے تھے اور جلدی بھی نہیں کرتے تھے یہاں تک کہ نماز کا وقت ہو جاتا' ہوا بھی چلنے لگتی اور جہاد کرتے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ زِيَادِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ حَيَّةَ اِلَّا مُبَارَكُ بْنُ فَضَالَةَ

یہ حدیث زیاد بن بن جبیر بن حیہ سے مبارک بن فضالہ روایت کرتے ہیں۔

**9321** - حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ مَرْثَدٍ، ثَنَا آدَمُ، ثَنَا شَيْبَانُ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنِ الْعُرْيَانِ بْنِ الْهَيْثَمِ، عَنْ قَبِيصَةَ بْنِ جَابِرٍ الْاَسَدِيِّ قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُودٍ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَلْعَنُ الْمُتَنَمِّصَاتِ، وَالْمُتَفَلِّجَاتِ، وَالْمُتَوَشِّمَاتِ، وَاللَّاتِي يُغَيِّرْنَ خَلْقَ اللّٰهِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: اللہ لعنت کرے بال' دانت' ابرو سنوارنے والیوں پر اور وہ جو اللہ کی تخلیق میں تبدیلی کرتی ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ اِلَّا شَيْبَانُ

یہ حدیث عبدالملک بن عمیر سے شیبان روایت کرتے ہیں۔

**9322** - حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ مَرْثَدٍ، نَا زَكَرِيَّا بْنُ نَافِعٍ الْاَرْسُوفِيُّ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُسْلِمٍ الطَّائِفِيُّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ لَمْ يَجِدْ اِزَارًا وَهُوَ مُحْرِمٌ، فَوَجَدَ سَرَاوِيلًا فَلْيَلْبَسْهُ، وَمَنْ لَمْ يَجِدْ نَعْلَيْنِ فَلْيَلْبَسِ الْخُفَّيْنِ، فَلْيَقْطَعْهُمَا اَسْفَلَ مِنَ الْكَعْبَيْنِ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو حالتِ احرام میں تہبند نہ پائے' وہ شلوار پائے تو وہ پہن لے' جو نعلین نہ پائے تو وہ موزے پہنے اور ان کو ٹخنوں کے نیچے سے کاٹ لے۔

---

**9321**- أخرجه البخاری: کتاب اللباس جلد **10** صفحه **391** رقم الحديث: **5943**' ومسلم: كتاب اللباس والزينة جلد **3** صفحه **1678** .

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ جَابِرٍ إِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ مُسْلِمٍ

یہ حدیث عمرو بن دینار' جابر سے اور عمرو بن دینار سے محمد بن مسلم روایت کرتے ہیں۔

9323 - حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ مَرْثَدٍ، نا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ الرَّمْلِيُّ، نا أَبُو خَالِدٍ الْأَحْمَرُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنِ الْأَسْوَدِ، عَنْ عَائِشَةَ، وَعَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَأَنِّي أَنْظُرُ إِلَى وَبِيصِ الطِّيبِ فِي مَفْرِقِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يُلَبِّي

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ گویا میں اب بھی حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بال مبارک میں مانگ کی سفیدی دیکھ رہی ہوں اور آپ تلبیہ پڑھ رہے ہوتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ إِلَّا أَبُو خَالِدٍ الْأَحْمَرُ، تَفَرَّدَ بِهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ

یہ حدیث یحییٰ بن سعید سے ابوخالد الاحمر روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں محمد بن عبدالعزیز اکیلے ہیں۔

☆☆☆☆☆

9323- أخرجه البخارى: كتاب الحج جلد 3 صفحه 463 رقم الحديث: 1538، ومسلم: كتاب الحج جلد 2 صفحه 847.

# مَنِ اسْمُهُ: هَمَّامٌ

# اس شیخ کے نام سے جس کا نام ہمام ہے

**9324** - حَدَّثَنَا هَمَّامُ بْنُ يَحْيَى بْنِ هَمَّامِ بْنِ مَسْلَمَةَ بْنِ عُقْبَةَ بْنِ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ الصَّنْعَانِيُّ، ثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ أَحْمَدَ الْيَمَامِيُّ، نَا يَزِيدُ بْنُ أَبِي حَكِيمٍ، نَا يَاسِينُ الزَّيَّاتُ، عَنْ أَشْعَثَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، وَأَبِي سَعِيدٍ، قَالَا: أَوَّلُ صَلَاةٍ فُرِضَتْ عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الظُّهْرُ

حضرت ابوہریرہ اور ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہما دونوں فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر سب سے پہلے نمازِ ظہر فرض کی گئی تھی۔

**9325** - حَدَّثَنَا هَمَّامُ بْنُ يَحْيَى، نَا حَرِيزُ بْنُ الْمُسْلِمِ الصَّنْعَانِيُّ، نَا عَبْدُ الْمَجِيدِ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ أَبِي رَوَّادٍ، عَنْ يَاسِينَ الزَّيَّاتِ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَيْفَ بِكُمْ إِذَا فَسَقَ شَبَابُكُمْ، وَطَغَى نِسَاؤُكُمْ؟ قَالُوا: يَا رَسُولَ اللَّهِ، إِنَّ ذَلِكَ لَكَائِنٌ؟ قَالَ: وَشَرٌّ مِنْ ذَلِكَ سَيَكُونُ، كَيْفَ بِكُمْ إِذَا رَأَيْتُمُ الْمَعْرُوفَ مُنْكَرًا وَالْمُنْكَرَ مَعْرُوفًا؟

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم پر وہ کیسا وقت ہوگا جب تمہارے نوجوان نافرمان اور تمہاری عورتیں سرکش ہوں گی؟ صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! ایسا ہوگا؟ آپ نے فرمایا: عنقریب اس سے بھی بدتر ہوگا' تم پر کیسا وقت ہوگا جب تم نیکی کو بُرائی اور بُرائی کو نیکی شمار کرو گے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْأَعْمَشِ إِلَّا يَاسِينُ، وَلَا عَنْ يَاسِينَ إِلَّا عَبْدُ الْمَجِيدِ، تَفَرَّدَ بِهِ حَرِيزُ بْنُ الْمُسْلِمِ

یہ حدیث اعمش سے یاسین اور یاسین سے عبدالمجید روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں حریز بن مسلم اکیلے ہیں۔

**9326** - حَدَّثَنَا هَمَّامُ بْنُ يَحْيَى، نَا حَرِيزُ بْنُ الْمُسْلِمِ، نَا عَبْدُ الْمَجِيدِ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ أَبِي رَوَّادٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ لَيْثِ بْنِ أَبِي سُلَيْمٍ، عَنْ عَمْرِو

حضرت عمرو بن شعیب اپنے والد سے' وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: سفید بال نہ کاٹو کیونکہ یہ نور ہے جس نے اسلام میں

بْنِ شُعَيْبٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تَنْتِفُوا الشَّيْبَ؛ فَإِنَّهُ نُورٌ، وَمَنْ شَابَ شَيْبَةً فِي الْإِسْلَامِ كُتِبَ لَهُ بِهَا عَشْرُ حَسَنَاتٍ، وَحُطَّ عَنْهُ بِهَا خَطِيئَةٌ، وَرُفِعَ لَهُ بِهَا دَرَجَةٌ

بڑھاپا پایا اس کے لیے دس نیکیاں لکھی جائیں گے' اس کے گناہ معاف کیے جائیں گے' اس کے ذریعے اس کے درجات بلند کیے جائیں گے۔

**9327** - حَدَّثَنَا هَمَّامُ بْنُ يَحْيَى، نَا حَرِيزُ بْنُ الْمُسْلِمِ، نَا عَبْدُ الْمَجِيدِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا أَسْكَرَ الْفَرَقُ مِنْهُ، فَالْحُسْوَةُ مِنْهُ حَرَامٌ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جوشی نشہ دے اس کا چاٹنا بھی حرام ہے۔

**9328** - حَدَّثَنَا هَمَّامُ بْنُ يَحْيَى، ثَنَا حَرِيزُ بْنُ الْمُسْلِمِ، نَا عَبْدُ الْمَجِيدِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ ضَمْرَةَ، قَالَ: سَأَلْنَا عَلِيًّا عَنْ صَلَاةِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالنَّهَارِ، فَقَالَ: إِنَّكُمْ لَا تُطِيقُونَهَا، قَالُوا: إِنَّا نُحِبُّ أَنْ نَعْلَمَهَا، قَالَ: كَانَ يُمْهِلُ حَتَّى إِذَا كَانَتِ الشَّمْسُ مِنْ مَشْرِقِهَا كَنَحْوِ الْعَصْرِ مِنْ مَغْرِبِهَا أَتَى أَهْلَهُ فَيَقِيلُ إِنْ بَدَا لَهُ، فَإِذَا زَالَتِ الشَّمْسُ قَامَ فَصَلَّى أَرْبَعَ رَكَعَاتٍ، وَيُصَلِّي بَعْدَ الظُّهْرِ رَكْعَتَيْنِ، وَقَبْلَ الْعَصْرِ أَرْبَعَ رَكَعَاتٍ

حضرت عاصم بن ضمرہ فرماتے ہیں کہ ہم نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دن کی نماز کے متعلق پوچھا' آپ نے فرمایا: تم اس کے پڑھنے کی طاقت نہیں رکھتے ہو؟ انہوں نے عرض کی: ہم علم رکھنا پسند کرتے ہیں' آپ نے فرمایا: ٹھہرو! جب سورج عصر کی طرح ہو جائے مغرب سے تو وہ اپنے گھر جائے' جب سورج ڈھل جائے تو وہ کھڑا ہو' چار رکعت پڑھے اور پھر عصر کے فرض پڑھے دو رکعت اور عصر سے پہلے چار رکعتیں پڑھے۔

---

**9327**- أخرجه أبو داؤد: كتاب الأشربة جلد **3** صفحه **327** رقم الحديث: **3687**' والترمذي في الأشربة جلد **4** صفحه **293** رقم الحديث: **1866**' وأحمد جلد **6** صفحه **72** رقم الحديث: **24486** .

**9328**- أخرجه ابن ماجة: كتاب اقامة الصلاة والسنة فيها جلد **1** صفحه **367** رقم الحديث: **1161**' والنسائي: كتاب الامامة جلد **2** صفحه **92** (باب الصلاة قبل العصر) . والبيهقي: كتاب الصلاة جلد **7** صفحه **51** . وقال البيهقي: تفرد به: عاصم بن ضمرة عن علي رضي الله عنه' وكان عبد الله بن المبارك يضعفه يطعن في روايته .

لَمْ يَرْوِ هَذِهِ الْاَحَادِيثَ عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ اَبِي رَوَّادٍ اِلَّا ابْنُهُ، تَفَرَّدَ بِهِ حَرِيزُ بْنُ الْمُسْلِمِ

یہ حدیث عبدالعزیز بن ابورواد سے ان کے بیٹے روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں حریز بن مسلم اکیلے ہیں۔

☆☆☆☆☆

# مَنِ اسْمُهُ: هَارُونُ

# اس شیخ کے نام سے جس کا نام ہارون ہے

**9329** - حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ مَلُّولٍ الْمِصْرِيُّ، نَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ يَزِيدَ، - اَخُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْمُقْرِىءِ - ثَنَا حَيْوَةُ بْنُ شُرَيْحٍ، عَنْ اَبِي صَخْرٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ قُسَيْطٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا مِنْ مُسْلِمٍ يُسَلِّمُ عَلَيَّ اِلَّا رَدَّ اللَّهُ اِلَيَّ رُوحِي حَتَّى اَرُدَّ عَلَيْهِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو کوئی مسلمان مجھے سلام کرتا ہے تو اللہ عزوجل میری روح کو میری طرف متوجہ کر دیتا ہے میں اس کا جواب دیتا ہوں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ قُسَيْطٍ اِلَّا اَبُو صَخْرٍ

یہ حدیث ابن قسیط سے ابوصخر روایت کرتے ہیں۔

**9330** - حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ مَلُّولٍ، نَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ يَزِيدَ الْمُقْرِىءُ، ثَنَا حَيْوَةُ بْنُ شُرَيْحٍ، عَنْ بَشِيرِ بْنِ اَبِي عَمْرٍو الْخَوْلَانِيِّ، اَنَّ الْوَلِيدَ بْنَ قَيْسٍ التُّجِيبِيَّ، حَدَّثَهُ، اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا سَعِيدٍ الْخُدْرِيَّ، يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: يَكُونُ خَلْفٌ مِنْ بَعْدِ سِتِّينَ سَنَةً، اَضَاعُوا الصَّلَاةَ، وَاتَّبَعُوا الشَّهَوَاتِ، فَسَوْفَ يَلْقَوْنَ غَيًّا، ثُمَّ يَكُونُ خَلْفٌ يَقْرَاُونَ الْقُرْآنَ لَا يُجَاوِزُ تَرَاقِيَهُمْ، وَيَقْرَاُ الْقُرْآنَ ثَلَاثَةٌ: مُؤْمِنٌ، وَمُنَافِقٌ، وَفَاجِرٌ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ آپ نے فرمایا: اس کے بعد ساٹھ ہجری آئے گی وہ لوگ نماز ضائع کریں گے شہوات کی پیروی کریں گے ایسے لوگوں کو وادیٔ غی میں ڈالا جائے گا پھر وہ لوگ آئیں گے جو قرآن پڑھیں گے قرآن ان کے حلق سے نیچے نہیں اُترے گا قرآن تین قسم کے لوگ پڑھیں گے: مؤمن منافق فسادی۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ اَبِي سَعِيدٍ اِلَّا بِهَذَا

یہ حدیث ابوسعید سے اسی سند سے روایت ہے۔

---

**9329**- أخرجه أبو داؤد: المناسك جلد2صفحه224 رقم الحديث: 2041، وأحمد: المسند جلد2صفحه691 رقم الحديث: 10823.

الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ حَيْوَةُ

اس کو روایت کرنے میں حیوۃ اکیلے ہیں۔

**9331** - حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ مَلُّولٍ، نَا أَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْمُقْرِءُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَيَّاشٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبِي عَيَّاشَ بْنَ عَبَّاسٍ، يَقُولُ: سَمِعْتُ عِيسَى بْنَ هِلَالٍ الصَّدَفِيَّ، وَأَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْحُبُلِيَّ، قَالَا: سَمِعْنَا عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَمْرٍو، يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: سَيَكُونُ فِي آخِرِ أُمَّتِي نِسَاءٌ كَاسِيَاتٌ عَارِيَاتٌ، عَلَى رُءُوسِهِنَّ كَأَسْنِمَةِ الْبُخْتِ، الْعَنُوهُنَّ؛ فَإِنَّهُنَّ مَلْعُونَاتٌ، لَوْ كَانَ وَرَاءَكُمْ أُمَّةٌ مِنَ الْأُمَمِ خَدَمْنَهُنَّ كَمَا تَخْدُمُكُمْ نِسَاءُ الْأُمَمِ قَبْلَكُمْ

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: عنقریب میری اُمت میں ایسی عورتیں آئیں گی جو کپڑے پہننے کے باوجود ننگی ہوں گی' ان کے سروں کے بال اونٹ کی کوہان کی طرح ہوں گے' ان پر لعنت کرو کیونکہ وہ لعنت کی ہوئی ہیں' اگر تمہارے پیچھے کوئی اور اُمت ہوتی تو ان عورتوں کی خدمت کرتیں جس طرح تم سے پہلے لوگوں کی عورتیں خدمت کرتی تھیں۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَيَّاشٍ

یہ حدیث عبداللہ بن عمرو سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں عبداللہ بن عیاش اکیلے ہیں۔

**9332** - حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ مَلُّولٍ، نَا أَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْمُقْرِءُ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي أَيُّوبَ، عَنْ أَبِي الْأَسْوَدِ، عَنْ عَبَّادِ بْنِ تَمِيمٍ الْمَازِنِيِّ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَوَضَّأُ، وَيَمْسَحُ بِالْمَاءِ عَلَى رِجْلَيْهِ

حضرت عباد بن تمیم المازنی اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے حضور ﷺ کو وضو کرتے ہوئے دیکھا اور پاؤں پر موزے تھے تو ان پر مسح کیا۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ تَمِيمٍ الْمَازِنِيِّ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ سَعِيدُ بْنُ أَبِي أَيُّوبَ

یہ حدیث تمیم المازنی سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں سعید بن ابوایوب اکیلے ہیں۔

**9333** - حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ مَلُّولٍ، نَا أَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْمُقْرِءُ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي أَيُّوبَ،

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے سلمان کو بلایا' فرمایا: اللہ کا نبی ﷺ

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْوَلِيدِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ حُجَيْرَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِى هُرَيْرَةَ، قَالَ: دَعَا نَبِيُّ اللّٰه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَلْمَانَ، فَقَالَ: اِنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ يُرِيدُ اَنْ يَمْنَحَكَ كَلِمَاتٍ مِنَ الرَّحْمَنِ، تَرْغَبُ اِلَيْهِ فِيهِنَّ، وَتَدْعُو بِهِنَّ فِي اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ: اللّٰهُمَّ اِنِّى اَسْاَلُكَ صِحَّةً فِي اِيمَانٍ، وَاِيمَانًا فِي حُسْنِ خُلُقٍ، وَنَجَاةً يَتْبَعُهَا فَلَاحٌ، وَرَحْمَةً مِنْكَ وَعَافِيَةً، وَمَغْفِرَةً مِنْكَ وَرِضْوَانًا

چاہتا ہے کہ تمہیں چند کلمات سکھائے' اللہ کی طرف سے تُو ان میں رغبت رکھتا ہے' ان کلمات کے ذریعے صبح و شام دعا کرو: ''اللّٰهم انی اسألك الٰى آخرہٖ''۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ اَبِى هُرَيْرَةَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ سَعِيدُ بْنُ اَبِى اَيُّوبَ

یہ حدیث ابوہریرہ سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں سعید بن ابوایوب اکیلے ہیں۔

**9334** - حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ مَلُّولٍ، ثَنَا اَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْمُقْرِىءُ، نَا حَرْمَلَةُ بْنُ عِمْرَانَ، عَنْ اَبِى يُونُسَ سُلَيْمِ بْنِ جُبَيْرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا هُرَيْرَةَ، يَقُولُ: قَرَاَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَذِهِ الْآيَةَ: (اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُكُمْ اَنْ تُؤَدُّوا الْاَمَانَاتِ اِلَى اَهْلِهَا) (النساء: 58) اِلَى قَوْلِهِ: (اِنَّ اللّٰهَ كَانَ سَمِيعًا بَصِيرًا) (النساء: 58)، وَيَضَعُ اِبْهَامَهُ عَلَى اُذُنِهِ، وَالَّتِي تَلِيهَا عَلَى عَيْنِهِ، وَيَقُولُ لَنَا: هَكَذَا سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَاُ، وَيَضَعُ اِصْبَعَيْهِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے یہ آیت پڑھی کہ ''اللہ تم کو حکم دیتا ہے کہ تم امانتیں ان کے مالکوں کی طرف واپس کر دو' یہاں تک کہ پڑھو اللہ سننے دیکھنے والا ہے''۔ حضرت ابوہریرہ نے اپنا انگوٹھا کان پر رکھا' ساتھ والی انگلی آنکھ پر رکھی' ہم سے فرمایا: میں نے حضور ﷺ سے اس طرح سنا ہے' پڑھتے اور اپنی دونوں انگلیاں رکھتے (آنکھ پر)۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِى يُونُسَ اِلَّا

یہ حدیث ابویونس سے حرملہ بن عمران روایت

---

**9334**- أخرجه أبو داؤد: كتاب السنة جلد **4** صفحه **232** رقم الحديث: **4728** . والحاكم: كتاب الايمان جلد **1** صفحه **6**' وقال: هذا حديث صحيح ولم يخرجاه وقد احتج مسلم بحرمله بن عمران وأبى يونس والباقون متفق عليهم . ووافقه الذهبى .

حَرْمَلَةُ بْنُ عِمْرَانَ

کرتے ہیں۔

**9335** - حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ مَلُّولٍ، نَا اَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْمُقْرِىءُ، ثَنَا حَيْوَةُ بْنُ شُرَيْحٍ، عَنْ كَعْبِ بْنِ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا سَمِعْتُمُ الْمُؤَذِّنَ فَقُولُوا كَمَا يَقُولُ، ثُمَّ صَلُّوا عَلَيَّ؛ فَمَنْ صَلَّى عَلَيَّ صَلَاةً صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ عَشْرًا، وَسَلُوا اللّٰهَ لِيَ الْوَسِيلَةَ؛ فَاِنَّهَا مَنْزِلَةٌ فِي الْجَنَّةِ لَا يَنْبَغِي اَنْ تَكُونَ اِلَّا لِعَبْدٍ مِنْ عِبَادِ اللّٰهِ، وَاَرْجُو اَنْ اَكُونَ اَنَا هُوَ، فَمَنْ سَاَلَ لِيَ الْوَسِيلَةَ حَلَّتْ عَلَيْهِ الشَّفَاعَةُ

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب مؤذن کی اذان سنو تو پڑھو جس طرح مؤذن پڑھتا ہے پھر میری بارگاہ میں درود پڑھو کیونکہ جو مجھ سے ایک مرتبہ درود پڑھے گا اللہ اس پر دس رحمتیں بھیجے گا اور اللہ سے میرے لیے وسیلہ مانگو کیونکہ وسیلہ اللہ کے ہاں ایک مقام ہے یہ اللہ کے بندوں میں سے کسی بندے کے لیے ہے میں یقین کرتا ہوں کہ میں ہی ہوں جو میرے لیے وسیلہ مانگے گا اس کے لیے شفاعت حلال ہوگی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ جُبَيْرٍ اِلَّا كَعْبُ بْنُ عَلْقَمَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ حَيْوَةُ

یہ حدیث عبدالرحمٰن بن بن جبیر سے کعب بن علقمہ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں حیوۃ اکیلے ہیں۔

**9336** - حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ مَلُّولٍ، نَا اَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْمُقْرِىءُ، نَا سَعِيدُ بْنُ اَبِي اَيُّوبَ، حَدَّثَنِي يَزِيدُ بْنُ اَبِي حَبِيبٍ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا الْخَيْرِ، يَقُولُ: اَتَيْتُ عُقْبَةَ بْنَ عَامِرٍ، فَقُلْتُ: اَلَا اُعَجِّبُكَ مِنْ اَبِي تَمِيمٍ الْجَيْشَانِيِّ؟ يَرْكَعُ رَكْعَتَيْنِ قَبْلَ صَلَاةِ الْمَغْرِبِ، فَقَالَ عُقْبَةُ: اَمَا اِنَّا كُنَّا نَفْعَلُهُ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت ابوالخیر فرماتے ہیں کہ میں حضرت عقبہ بن عامر کے پاس آیا میں نے عرض کی: کیا آپ کو ابوتمیم جیشانی کے متعلق عجیب بات نہ بتاؤں؟ وہ مغرب کے دو رکعت نفل پڑھتے تھے۔ حضرت عقبہ نے فرمایا: ہم حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمانہ میں ایسے کرتے تھے۔

---

**9335**- أخرجه مسلم: كتاب الصلاة جلد 1 صفحه 288، وأبو داؤد: كتاب الصلاة جلد 1 صفحه 141 رقم الحديث: 522 .

**9336**- أخرجه البخاری: كتاب التهجد جلد 3 صفحه 71 رقم الحديث: 1184، وأحمد فی مسنده جلد 4 صفحه 155 رقم الحديث: 17426 .

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِي حَبِيبٍ اِلَّا سَعِيدُ بْنُ اَبِي اَيُّوبَ، وَلَا يُرْوَى عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ

یہ حدیث یزید بن ابوحبیب سے سعید بن ابوایوب روایت کرتے ہیں۔ حضرت عقبہ بن عامر سے صرف اسی سند سے روایت ہے۔

**9337** - حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ مَلُّولٍ، ثَنَا اَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْمُقْرِءُ، نَا سَعِيدُ بْنُ اَبِي اَيُّوبَ، ثَنَا يَزِيدُ بْنُ اَبِي حَبِيبٍ، عَنْ سُوَيْدِ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ خَدِيجٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنْ كَانَ فِي شَيْءٍ شِفَاءٌ فَفِي شَرْطَةِ مِحْجَمٍ، اَوْ فِي شَرْبَةٍ مِنْ عَسَلٍ. اَوْ كَيِّ نَارٍ يُصِيبُ الْمَا، وَمَا اُحِبُّ اَنْ اَكْتَوِيَ

حضرت معاویہ بن خدیج رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اگر کسی شی میں شفاء ہوتی تو پچھنے میں ہوتی' یا شہد کے گھونٹ میں یا گرم پانی میں' مجھے داغنا پسند نہیں ہے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ خَدِيجٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ يَزِيدُ بْنُ اَبِي حَبِيبٍ

یہ حدیث معاویہ بن خدیج سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں یزید بن ابوحبیب اکیلے ہیں۔

**9338** - حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ مَلُّولٍ، نَا اَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْمُقْرِءُ، ثَنَا سَعِيدُ بْنُ اَبِي اَيُّوبَ، عَنْ عُقَيْلٍ، وَيُونُسَ، وَابْنِ سَمْعَانَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ حَمَلَ مِنْ اُمَّتِي دَيْنًا ثُمَّ جَهَدَ فِي قَضَائِهِ فَمَاتَ قَبْلَ اَنْ يَقْضِيَهُ فَاَنَا وَلِيُّهُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب میرے اُمتی نے قرض لیا' پھر اس کے دینے کے لیے پوری کوشش کی تو وہ اس کے دینے سے پہلے فوت ہوگیا تو میں اس کا ولی ہوں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ اِلَّا عُقَيْلٌ وَيُونُسُ وَابْنُ سَمْعَانَ، وَلَا رَوَاهُ عَنْهُمْ اِلَّا سَعِيدُ بْنُ اَبِي اَيُّوبَ، تَفَرَّدَ بِهِ الْمُقْرِءُ

یہ حدیث زہری سے عقیل اور یونس سے ابن سمعان روایت کرتے ہیں۔ ان سے سعید بن ابوایوب روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں مقری اکیلے ہیں۔

**9339** - حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ مَلُّولٍ، نَا اَبُو

حضرت معاویہ بن خدیج رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں

عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْمُقْرِیءُ، ثَنَا سَعِيدُ بْنُ اَبِی اَيُّوبَ، حَدَّثَنِی عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْوَلِيدِ، عَنْ اَبِی الْخَيْرِ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ثَلَاثَةٌ اِنْ كَانَ فِي شَيْءٍ شِفَاءٌ، فَشَرْطَةُ مِحْجَمٍ، اَوْ شَرْبَةُ عَسَلٍ، اَوْ كَيٌّ بِنَارٍ تُصِيبُ اَلَمًا، وَاَنَا اَكْرَهُ الْكَيَّ وَلَا اُحِبُّهُ

کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اگر کسی شی میں شفاء ہوتی تو پچھنے میں ہوتی' یا شہد کے گھونٹ میں یا گرم پانی میں' مجھے داغنا پسند نہیں ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْوَلِيدِ اِلَّا سَعِيدُ بْنُ اَبِی اَيُّوبَ

یہ حدیث عبداللہ بن ولید سے سعید بن ایوب روایت کرتے ہیں۔

**9340** - حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ مَلُّولٍ، نَا اَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ، ثَنَا سَعِيدُ بْنُ اَبِی اَيُّوبَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِی سُلَيْمٍ، عَنْ سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ اَبِی هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ رَمَانَا بِاللَّيْلِ فَلَيْسَ مِنَّا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے ہم پر رات کو تیر مارا' اس کا تعلق ہم سے نہیں ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْمَقْبُرِيِّ اِلَّا يَحْيَى بْنُ اَبِی سُلَيْمٍ، تَفَرَّدَ بِهِ سَعِيدُ بْنُ اَبِی اَيُّوبَ

یہ حدیث مقبری سے یحییٰ بن ابوسلیم روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں سعید بن ابوایوب روایت کرتے ہیں۔

**9341** - حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ مَلُّولٍ، نَا اَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْمُقْرِیءُ، ثَنَا سَعِيدٌ، حَدَّثَنِی عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْوَلِيدِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ حُجَيْرَةَ، عَنْ اَبِيهِ عَنْ اَبِی هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: حَقُّ الْمُؤْمِنِ عَلَى الْمُؤْمِنِ سِتُّ خِصَالٍ: يُسَلِّمُ عَلَيْهِ اِذَا لَقِيَهُ، وَيُشَمِّتُهُ اِذَا عَطَسَ، وَاِذَا دَعَاهُ اَنْ يُجِيبَهُ، وَاِذَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ایک مؤمن کا حق دوسرے مؤمن پر چھ ہیں: جب ملاقات کرے تو اس کو سلام کرے' جب چھینک آئے تو اس کی چھینک کا جواب دے' جب دعوت دے تو قبول کرے' جب بیمار ہو تو عیادت کرے' جب مر جائے تو اس کے جنازہ میں شرکت کرے' جب غائب ہو تو اس کے لیے مخلص ہو۔

9341- أخرجه مسلم: كتاب السلام جلد4صفحه1750' والبخاري: كتاب الجنائز جلد 3صفحه135 رقم الحديث: 1240 . بلفظ: حق المسلم على المسلم خمس...... . ولم يذكر: واذا استنصحك فانصح له .

مَرِضَ اَنْ يَعُودَهُ، وَاِذَا مَاتَ اَنْ يَشْهَدَهُ، وَاِذَا غَابَ اَنْ يَنْصَحَهُ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ حُجَيْرَةَ اِلَّا ابْنُهُ، وَلَا عَنِ ابْنِهِ اِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْوَلِيدِ، تَفَرَّدَ بِهِ سَعِيدُ بْنُ اَبِي اَيُّوبَ

یہ حدیث ابن حجیرہ سے ان کے بیٹے اور ان کے بیٹے سے عبداللہ بن ولید روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں سعید بن ابوایوب اکیلے ہیں۔

**9342** - حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ مَلُّولٍ، ثَنَا اَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ، ثَنَا سَعِيدٌ، عَنْ عَيَّاشِ بْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ اَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْحُبُلِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَلْقَتْلُ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ يُكَفِّرُ كُلَّ شَيْءٍ، اِلَّا الدَّيْنَ

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ کی راہ میں جہاد کرنے والے کے سارے گناہ معاف ہو جاتے ہیں سوائے قرض کے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَيَّاشِ بْنِ عَبَّاسٍ اِلَّا سَعِيدُ بْنُ اَبِي اَيُّوبَ

یہ حدیث عیاش بن عباس سے سعید بن ابوایوب روایت کرتے ہیں۔

**9343** - حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ مَلُّولٍ، ثَنَا اَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْمُقْرِءُ، نَا الْحَسَنُ بْنُ عُمَارَةَ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِي الْجَعْدِ، عَنْ ثَوْبَانَ قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَا يَكْفِينِي مِنَ الدُّنْيَا؟ فَقَالَ: مَا سَدَّ جَوْعَتَكَ، وَوَارَى عَوْرَتَكَ، وَاِنْ كَانَ لَكَ بَيْتٌ يُظِلُّكَ فَذَاكَ، وَاِنْ كَانَتْ لَكَ دَابَّةٌ فَبَخٍ

حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میرے لیے دنیا کتنی کافی ہے؟ آپ نے فرمایا: اتنی کہ جس سے تیرا پیٹ بھر جائے اور تیری شرمگاہ چھپ جائے اور اگر تیرے سایہ کے لیے گھر ہو تو کافی ہے اگر جانور ہو تو برکت ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ اِلَّا الْحَسَنُ بْنُ عُمَارَةَ

یہ حدیث عدی بن ثابت سے حسن بن عمارہ روایت کرتے ہیں۔

**9344** - حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ مَلُّولٍ، نَا حَفْصُ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ

---

**9342**- أخرجه مسلم: كتاب الامارة جلد **3** صفحه **1502**، وأحمد في مسنده جلد **2** صفحه **220** رقم الحديث: **768** .

**9344**- أخرجه أحمد جلد **1** صفحه **243** رقم الحديث: **2179**، والطبراني في الكبير جلد **11** صفحه **243** رقم الحديث: **11620** .

بْنُ عُمَرَ الْعَدَنِيُّ، نَا الْحَكَمُ بْنُ اَبَانٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: رُكِزَتِ الْعَنَزَةُ بَيْنَ يَدَيِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِعَرَفَاتٍ، فَصَلَّى اِلَيْهَا، وَالْحُمُرُ تَمُرُّ مِنْ وَرَاءِ الْعَنَزَةِ

میں نے حضور ﷺ کے آگے نیزہ گاڑا مقام عرفات میں، آپ نے اس کی طرف منہ کر کے نماز پڑھی، گدھے نیزہ کے آگے سے گزر رہے تھے۔

**9345** - حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ مَلُّولٍ، نَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ الْعَدَنِيُّ، نَا الْحَكَمُ بْنُ اَبَانٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: كَسَفَتِ الشَّمْسُ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَامَ اِلَى الصَّلَاةِ، فَقَامَ مَلِيًّا، ثُمَّ رَكَعَ مَلِيًّا، ثُمَّ قَامَ مَلِيًّا، ثُمَّ رَكَعَ مَلِيًّا، ثُمَّ سَجَدَ، ثُمَّ عَادَ لِمِثْلِهَا قَالَ عِكْرِمَةُ: قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: كُنْتُ اِلَى جَنْبِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمْ اَسْمَعِ الْقِرَاءَةَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کے زمانہ میں سورج گرہن لگ گیا' آپ نماز کے لیے اُٹھے' آپ کچھ دیر کھڑے رہے' تھوڑی دیر رکوع کیا' پھر تھوڑا کھڑے رہے' پھر تھوڑی دیر رکوع کیا' پھر سجدہ کیا' پھر دوبارہ اسی طرح کیا۔ حضرت عکرمہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن عباس نے فرمایا: میں حضور ﷺ کے پاس تھا' میں نے قرآن کی آواز نہیں سنی۔

**9346** - حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ مَلُّولٍ، نَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ الْعَدَنِيُّ، نَا الْحَكَمُ بْنُ اَبَانٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَذْكُرُ فِي السَّاعَةِ الَّتِي فِي الْجُمُعَةِ عَلَى الْمِنبَرِ، يُقَلِّلُهَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جمعہ کے دن دعا کی قبولیت کے وقت کا ذکر کرتے ہوئے منبر پر' آپ نے اس وقت کا ذکر کیا کہ بہت کم وقت ہوتا ہے۔

**9347** - حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ كَامِلٍ الْمِصْرِيُّ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، حَدَّثَنِي يُونُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، حَدَّثَنِي عَطَاءُ بْنُ اَبِي رَبَاحٍ، اَنَّ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، زَعَمَ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ اَكَلَ ثُومًا اَوْ بَصَلًا فَلْيَعْتَزِلْنَا ، اَوْ لِيَعْتَزِلْ مَسْجِدَنَا ، اَوْ لِيَقْعُدْ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے لہسن یا پیاز کھایا' وہ ہم سے جدا رہے' یا فرمایا: ہماری مسجد سے جدا رہے' یا اپنے گھر میں بیٹھا رہے۔

---

**9346**- أخرجه البخاري: كتاب الجمعة جلد 2 صفحه 482 رقم الحديث: 935' ومسلم: كتاب الجمعة جلد 2 صفحه 582 .

فِي بَيْتِهِ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ إِلَّا يُونُسُ، وَمَا أَسْنَدَ الزُّهْرِيُّ عَنْ عَطَاءِ بْنِ أَبِي رَبَاحٍ حَدِيثًا غَيْرَ هَذَا

یہ حدیث زہری سے یونس روایت کرتے ہیں۔ حضرت عطاء بن ابو رباح کی طرف اس کے علاوہ کوئی حدیث منسوب نہیں ہے۔

**9348** - حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ كَامِلٍ، نَا سَعِيدُ بْنُ عُفَيْرٍ، ثَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ مُوسَى بْنِ وَرْدَانَ، عَنْ أَبِي الْهَيْثَمِ، عَنْ أَبِي بَصْرَةَ الْغِفَارِيِّ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا أَبَا بَصْرَةَ، إِنَّ الْكَافِرَ يَأْكُلُ فِي سَبْعَةِ أَمْعَاءٍ، وَالْمُؤْمِنُ يَأْكُلُ فِي مِعًى وَاحِدٍ

حضرت ابوبصرہ غفاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اے ابوبصرہ! کافر سات آنتوں میں کھاتا ہے اور مؤمن ایک آنت میں۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ أَبِي بَصْرَةَ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ ابْنُ لَهِيعَةَ

یہ حدیث ابوبصرہ سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں ابن لہیعہ اکیلے ہیں۔

**9349** - حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ كَامِلٍ، ثَنَا سَعِيدُ بْنُ عُفَيْرٍ، نَا يَحْيَى بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ ثَوْرِ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، أَنَّ الشُّرَّابَ كَانُوا يُضْرَبُونَ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْأَيْدِي وَالنِّعَالِ وَالْعِصِيِّ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کے زمانہ میں شرابی کی سزا ہاتھوں کے اور جوتوں کے ساتھ اور عصا کے ساتھ فرماتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ ثَوْرٍ إِلَّا يَحْيَى، تَفَرَّدَ بِهِ سَعِيدُ بْنُ عُفَيْرٍ

یہ حدیث ثور سے یحییٰ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں سعید بن عفیر اکیلے ہیں۔

**9350** - حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ كَامِلٍ، نَا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، ثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو اس سے زنا کرے جس سے

9350- أخرجه الترمذي: كتاب الحدود جلد4صفحه62 رقم الحديث: 1462' وابن ماجة: كتاب الحدود جلد 2 صفحه 856 رقم الحديث: 2564' والبيهقي: كتاب الحدود جلد 8صفحه234 رقم الحديث: 17037 . والحاكم: كتاب الحدود جلد4صفحه356 . وقال: هذا حديث صحيح الاسناد ولم يخرجاه وخالفه الذهبي .

حَبِيبَةَ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ الْحُصَيْنِ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ وَقَعَ عَلَى ذَاتِ مَحْرَمٍ فَاقْتُلُوهُ

نکاح کرنا حرام ہے اس کو ما رو۔

**9447** - حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِسْحَاقَ، ثَنَا يَحْيَى بْنُ رَجَاءٍ الْحَرَّانِيُّ، نَا مُوسَى بْنُ أَعْيَنَ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَهْلُ الْمَعْرُوفِ فِي الدُّنْيَا أَهْلُ الْمَعْرُوفِ فِي الْآخِرَةِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: دنیا میں نیکی کرنے والے آخرت میں نیکی کرنے والے ہوں گے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ لَيْثٍ إِلَّا مُوسَى بْنُ أَعْيَنَ

یہ حدیث لیث سے موسیٰ بن اعین روایت کرتے ہیں۔

**9448** - حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِسْحَاقَ بْنِ الزُّبَيْرِ، ثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مُحَمَّدٍ أَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْأَذْرَمِيُّ، نَا هُشَيْمٌ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ بِأَعْرَابِيٍّ وَهُوَ يَدْعُو فِي صَلَاتِهِ، وَهُوَ يَقُولُ: يَا مَنْ لَا تَرَاهُ الْعُيُونُ، وَلَا تُخَالِطُهُ الظُّنُونُ، وَلَا يَصِفُهُ الْوَاصِفُونَ، وَلَا تُغَيِّرُهُ الْحَوَادِثُ، وَلَا يَخْشَى الدَّوَائِرَ، يَعْلَمُ مَثَاقِيلَ الْجِبَالِ، وَمَكَايِيلَ الْبِحَارِ، وَعَدَدَ قَطْرِ الْأَمْطَارِ، وَعَدَدَ وَرَقِ الْأَشْجَارِ، وَعَدَدَ مَا أَظْلَمَ عَلَيْهِ اللَّيْلُ،

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ ایک دیہاتی کے پاس سے گزرے‘ وہ نماز میں دعا کر رہا تھا ان الفاظ کے ساتھ: ”یامن لا تراہ الٰی آخرہٖ“۔ حضور ﷺ نے ایک آدمی کو فرمایا: جب یہ نماز پڑھ لے تو اس کو میرے پاس لانا۔ جب اس نے نماز پڑھ لی تو اس کو لایا گیا‘ حضور ﷺ کو کسی جگہ سے سونا ہدیہ دیا گیا تھا‘ جب وہ دیہاتی آیا تو آپ نے وہ سونا اس دیہاتی کو دے دیا۔ آپ نے فرمایا: کیا تم جانتے ہو کہ میں نے تمہیں کیوں دیا ہے؟ اس نے عرض کی: اس وجہ سے کہ

**9447**- أخرجه الطبراني في الكبير جلد 11 صفحه 71 رقم الحديث: 11078 . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 7 صفحه 266 وقال: رواه الطبراني في الكبير والأوسط وفي اسناد الكبير عبد الله بن هارون الفروي وهو ضعيف‘ وفي الآخر ليث بن أبي سليم .

وَاَشْرَقَ عَلَيْهِ النَّهَارُ، لَا تُوَارِي مِنْهُ سَمَاءٌ سَمَاءً، وَلَا اَرْضٌ اَرْضًا، وَلَا بَحْرٌ مَا فِي قَعْرِهِ، وَلَا جَبَلٌ مَا فِي وَعْرِهِ، اجْعَلْ خَيْرَ عُمْرِي آخِرَهُ، وَخَيْرَ عَمَلِي خَوَاتِمَهُ، وَخَيْرَ اَيَّامِي يَوْمَ اَلْقَاكَ فِيهِ، فَوَكَّلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْاَعْرَابِيِّ رَجُلًا، فَقَالَ: اِذَا صَلَّى فَائْتِنِي بِهِ فَلَمَّا صَلَّى اَتَاهُ، وَقَدْ كَانَ اُهْدِيَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَهَبٌ مِنْ بَعْضِ الْمَعَادِنِ، فَلَمَّا اَتَاهُ الْاَعْرَابِيُّ وَهَبَ لَهُ الذَّهَبَ، وَقَالَ: مِمَّنْ اَنْتَ يَا اَعْرَابِيُّ؟ قَالَ: مِنْ بَنِي عَامِرِ بْنِ صَعْصَعَةَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ قَالَ: هَلْ تَدْرِي لِمَ وَهَبْتُ لَكَ الذَّهَبَ؟ قَالَ: لِلرَّحِمِ بَيْنَنَا وَبَيْنَكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَقَالَ: اِنَّ لِلرَّحِمِ حَقًّا، وَلَكِنْ وَهَبْتُ لَكَ الذَّهَبَ لِحُسْنِ ثَنَائِكَ عَلَى اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ

آپ کے درمیان اور میرے درمیان صلہ رحم کی وجہ سے' یا رسول اللہ! آپ نے فرمایا: صلہ رحمی حق ہے' لیکن میں نے اس لیے سونا دیا ہے کہ تم نے اپنے رب کی تعریف اچھی کی ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ حُمَيْدٍ اِلَّا هُشَيْمٌ، تَفَرَّدَ بِهِ الْاَذْرَمِيُّ

یہ حدیث حمید سے ہشیم روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں اذرمی اکیلے ہیں۔

**9449** - حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمَخْرَمِيُّ، نَا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ النَّشِيطِيُّ، نَا جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ، عَنْ حَرْمَلَةَ بْنِ عِمْرَانَ الْمِصْرِيِّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ شِمَاسَةَ الْمَهْرِيِّ، قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى عَائِشَةَ، فَقَالَتْ: مِمَّنْ اَنْتَ؟ قُلْتُ: مِنْ اَهْلِ مِصْرَ، فَقَالَتْ: كَيْفَ وَجَدْتُمُ ابْنَ خَدِيجٍ فِي غَزَاتِكُمْ هَذِهِ؟ قُلْتُ: وَجَدْنَاهُ خَيْرَ اَمِيرٍ، كُلَّمَا

حضرت عبدالرحمٰن بن شماسہ مہری فرماتے ہیں کہ میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس آیا' آپ نے فرمایا: کہاں کے رہنے والے ہو؟ میں نے عرض کی: مصر کا رہنے والا ہوں' آپ نے فرمایا: تم ابن خدیج کو اپنے اوپر امیر کیسا پاتے ہو؟ میں نے عرض کی: ہم ان کو اچھا امیر پاتے ہیں' ہم میں سے کسی آدمی کا گھوڑا مر جاتا ہے تو اس کو گھوڑا دیتے ہیں۔ حضرت عائشہ نے فرمایا: میں

**9449**- أخرجه مسلم: كتاب الامارة جلد **3** صفحه **1458**' وأحمد في مسنده جلد **6** صفحه **93** رقم الحديث: **24676**.

مَاتَ لِرَجُلٍ مِنَّا فَرَسٌ اَعْطَاهُ فَرَسًا، فَقَالَتْ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اللّٰهُمَّ مَنْ وَلِيَ مِنْ اَمْرِ اُمَّتِي شَيْئًا فَرَفَقَ بِهِمْ فَارْفُقْ بِهِ، وَمَنْ شَقَّ عَلَيْهِمْ فَاشْقُقْ عَلَيْهِ

نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے: اے اللہ! میری اُمت سے کوئی کسی کام کا ولی بن جائے تو وہ نرمی کرے تو تُو بھی اس پر نرمی کر، جو اس پر تنگی کرے تو تُو بھی اس پر تنگی کر۔

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ شِمَاسَةَ، عَنْ عَائِشَةَ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ حَرْمَلَةُ بْنُ عِمْرَانَ

یہ حدیث عبدالرحمٰن بن شماسہ، حضرت عائشہ سے اسی سند سے روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں حرملہ بن عمران اکیلے ہیں۔

**9450** - حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمَخْرَمِيُّ، ثَنَا عَلِيُّ بْنُ بَحْرِ بْنِ بَرِّيٍّ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَنَسٍ، ثَنَا مُطَرِّفُ بْنُ طَرِيفٍ، عَنْ اَبِي الْجَهْمِ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ لَا يُصَلِّي صَلَاةً مَكْتُوبَةً اِلَّا قَنَتَ فِيهَا

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کوئی فرض نماز پڑھتے تو اس میں دعائے قنوت پڑھتے تھے۔ (یہ آپ نے ایک ماہ کے لیے پڑھی، پھر آپ نے کسی وقت نہیں پڑھی)

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُطَرِّفٍ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ اَنَسٍ

یہ حدیث مطرف سے محمد بن انس روایت کرتے ہیں۔

**9451** - حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمَخْرَمِيُّ، نَا شَاذُّ بْنُ الْفَيَّاضِ، ثَنَا الْحَارِثُ بْنُ شِبْلٍ، عَنْ اُمِّ النُّعْمَانِ، عَنْ عَائِشَةَ، - اُمِّ الْمُؤْمِنِينَ - قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَخَفُّ النِّسَاءِ صَدَاقًا اَعْظَمُهُنَّ بَرَكَةً

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: عورتوں کا حق مہر جتنا تھوڑا ہوگا، اتنی ہی برکت زیادہ ہوگی۔

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ اُمِّ النُّعْمَانِ، عَنْ عَائِشَةَ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ الْحَارِثُ بْنُ شِبْلٍ

یہ حدیث اُم نعمان، حضرت عائشہ سے اسی سند سے روایت کرتی ہیں، ان سے روایت کرنے میں حارث بن شبل اکیلے ہیں۔

**9452** - حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ اِسْحَاقَ، ثَنَا يَحْيَى بْنُ زُهَيْرٍ الْقُرَشِيُّ، ثَنَا اَزْهَرُ بْنُ سَعْدٍ، عَنِ ابْنِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل کی طرف سے ایک فرشتہ ہر نماز

عَوْنٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ لِلّٰهِ مَلَكًا يُنَادِي عِنْدَ كُلِّ صَلَاةٍ: يَا بَنِي آدَمَ، قُومُوا اِلَى نِيرَانِكُمْ الَّتِي اَوْقَدْتُمُوهَا عَلَى اَنْفُسِكُمْ، فَاَطْفِئُوهَا بِالصَّلَاةِ

کے وقت اعلان کرتا ہے: اے انسانو! اُٹھو! اس آگ کو بجھاؤ' جو تم نے اپنے لیے جلائی ہے نماز کے ذریعے اس کو بجھاؤ۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ عَوْنٍ اِلَّا اَزْهَرُ، تَفَرَّدَ بِهِ يَحْيَى بْنُ زُهَيْرٍ الْقُرَشِيُّ

یہ حدیث ابن عون سے ازہر روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں یحییٰ بن زہیر القرشی اکیلے ہیں۔

**9453** - حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ اِسْحَاقَ، ثنَا عُثْمَانُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ، ثنَا اَبِي، ثنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُسْلِمٍ الطَّائِفِيُّ، عَنْ اَيُّوبَ بْنِ مُوسَى، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ذَكَاةُ الْجَنِينِ ذَكَاةُ اُمِّهِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ماں کا ذبح بچہ کا ذبح ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَيُّوبَ بْنِ مُوسَى اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ مُسْلِمٍ الطَّائِفِيُّ

یہ حدیث ایوب بن موسیٰ سے محمد بن مسلم الطائفی روایت کرتے ہیں۔

**9454** - حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمَخْرَمِيُّ، ثنَا الْعَبَّاسُ بْنُ بَكَّارٍ الضَّبِّيُّ، ثنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْجَعْدِ الْقُرَشِيُّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدِ بْنِ جُدْعَانَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ جَاءَ اَجَلُهُ وَهُوَ يَطْلُبُ الْعِلْمَ لَقِيَ اللّٰهَ وَلَمْ يَكُنْ بَيْنَهُ وَبَيْنَ النَّبِيِّينَ اِلَّا دَرَجَةُ النُّبُوَّةِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس کو موت علم حاصل کرتے ہوئے آئے تو وہ اللہ سے اس حالت میں ملے گا کہ اس کے درمیان اور اللہ کے درمیان درجۂ نبوت کا فرق ہو گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ الْجَعْدِ، تَفَرَّدَ بِهِ الْعَبَّاسُ بْنُ بَكَّارٍ

یہ حدیث زہری نے محمد بن الجعد روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عباس بن بکار اکیلے ہیں۔

**9455** - حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِسْحَاقَ، نَا طَالُوتُ بْنُ عَبَّادٍ، ثَنَا عَاصِمُ بْنُ عَبْدِ الْوَاحِدِ الْوَزَّانُ، أَنَّهُ سَمِعَ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، يَقُولُ: احْتَجَمَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَأَعْطَاهُ كِرَاءَهُ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَاصِمِ بْنِ عَبْدِ الْوَاحِدِ إِلَّا طَالُوتُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے پچھنا لگوایا اور اس کو اس کی مزدوری دی۔

یہ حدیث عاصم بن عبدالواحد سے طالوت روایت کرتے ہیں۔

**9456** - حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِسْحَاقَ الْمَخْرَمِيُّ، ثَنَا عَفَّانُ بْنُ مُسْلِمٍ، ثَنَا عَاصِمُ بْنُ عَبْدِ الْوَاحِدِ بْنِ زِيَادٍ، ثَنَا عُثْمَانُ بْنُ حَكِيمٍ، عَنْ عَامِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا قَعَدَ فِي الصَّلَاةِ جَعَلَ قَدَمَهُ الْيُسْرَى تَحْتَ فَخِذِهِ الْيُسْرَى، وَفَرَشَ قَدَمَهُ الْيُمْنَى، وَوَضَعَ يَدَهُ الْيُسْرَى عَلَى رُكْبَتِهِ، وَوَضَعَ يَدَهُ الْيُمْنَى عَلَى فَخِذِهِ الْيُمْنَى، وَأَشَارَ بِأُصْبُعِهِ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ حَكِيمٍ إِلَّا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ

حضرت عبداللہ بن زبیر اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ جب نماز میں بیٹھتے تو بائیں پاؤں کو بائیں ران کے نیچے رکھتے اور دایاں پاؤں بچھا لیتے اور بایاں ہاتھ گھٹنے پر رکھتے اور دایاں ہاتھ دائیں ران پر رکھتے اور اپنی انگلی سے اشارہ کرتے۔

یہ حدیث عثمان بن حکیم سے عبدالواحد بن زیاد روایت کرتے ہیں۔

**9457** - حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِسْحَاقَ، نَا عَفَّانُ، نَا وُهَيْبُ بْنُ خَالِدٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، حَدَّثَنِي جَدِّي، أَنَّهُ دَخَلَ الدَّارَ عَلَى عُثْمَانَ وَهُوَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عثمان نے کلام کرنے کی اجازت مانگی، آپ کو اجازت دی گئی، آپ کھڑے ہوئے اللہ کی حمد وثناء بیان

---

**9455**- أخرجه البخاری: کتاب الطب جلد **10** صفحه **158** رقم الحديث: **5696**، ومسلم: کتاب المساقاة جلد **3** صفحه **1204** .

**9456**- أخرجه أحمد جلد **2** صفحه **345** رقم الحديث: **8562**، والبيهقی فی دلائل النبوة جلد **6** صفحه **393** (باب ما جاء فی أخبار النبی ﷺ بالبلوی التی أصابت عثمان بن عفان) . والحاكم فی مستدركه: كتاب معرفة الصحابة جلد **3** صفحه **99** . وقال: هذا حديث صحيح الاسناد ولم يخرجاه ووافقه الذهبی، فقال: صحيح سمعه وهيب منهم .

مَحْصُورٌ فِيهَا، وَأَنَّهُ سَمِعَ أَبَا هُرَيْرَةَ يَسْتَأْذِنُ عُثْمَانَ فِي الْكَلَامِ، فَأَذِنَ لَهُ، فَقَامَ، فَحَمِدَ اللَّهَ، وَأَثْنَى عَلَيْهِ، ثُمَّ قَالَ: إِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: سَيَكُونُ بَعْدِي فِتَنًا وَاخْتِلَافًا، فَقَالَ قَائِلٌ مِنَ النَّاسِ: مَنْ لَنَا يَا رَسُولَ اللَّهِ؟ فَقَالَ: عَلَيْكُمْ بِالْأَمِيرِ وَأَصْحَابِهِ وَهُوَ يُشِيرُ إِلَى عُثْمَانَ.

کی' پھر فرمایا: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے: میرے بعد فتنے اور اختلاف ہوں گے' لوگوں میں سے کہنے والے نے عرض کی: یارسول اللہ! ہمارے لیے کیا ہے؟ آپ نے فرمایا: تم پر امیر اور اس کے ساتھیوں کی اطاعت ضروری ہے' اشارہ عثمان کی طرف کیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ إِلَّا وُهَيْبٌ وَجَدُّ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ إِلَى أُمِّهِ يُكَنَّى أَبَا حَبِيبَةَ

یہ حدیث موسیٰ بن عقبہ سے وہیب روایت کرتے ہیں۔ ان کی کنیت ابوحبیبہ ہے۔

**9458** - حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِسْحَاقَ، ثنا سَلْمُ بْنُ قَادِمٍ، نا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيدِ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ يَحْيَى، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: احْتَرِسُوا مِنَ النَّاسِ بِسُوءِ الظَّنِّ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: لوگوں کے متعلق بُرے گمان سے بچو۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ أَنَسٍ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ بَقِيَّةُ

یہ حدیث انس سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں بقیہ اکیلے ہیں۔

**9459** - حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ، نا عَفَّانُ، نا عِمْرَانُ الْقَطَّانُ أَبُو الْعَوَّامِ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَبِي الْخَلِيلِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يُبَايِعُ لِرَجُلٍ بَيْنَ الرُّكْنِ وَالْمَقَامِ عِدَّةُ أَهْلِ بَدْرٍ، فَيَأْتِيهِ عَصَائِبُ أَهْلِ الْعِرَاقِ، وَأَبْدَالُ أَهْلِ الشَّامِ، فَيَغْزُوهُ جَيْشٌ مِنْ أَهْلِ الشَّامِ، حَتَّى إِذَا كَانُوا بِالْبَيْدَاءِ خُسِفَ بِهِمْ، فَيَغْزُوهُمْ رَجُلٌ مِنْ قُرَيْشٍ

حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: بدر والوں کی تعداد کے برابر ایک آدمی کی رکن اور مقام کے درمیان بیعت کریں گے' عراق والوں کی طرف سے ایک گروہ آئے گا' شام والوں کے ابدال' شام والوں سے ایک گروہ جہاد کرے گا' جب بیداء کے مقام پر ہوں گے تو ان کو دھنسا دیا جائے گا' ان سے جہاد کرے گا' قبیلہ کلب کے آدمی قریش کے خالو میں سے' اللہ ان کو بھگا دے گا' نقصان میں وہ ہے جو ان

اَخْوَالُهُ مِنْ كَلْبٍ، فَيَلْتَقُونَ، فَيَهْزِمُهُمُ اللّٰهُ، فَالْخَائِبُ مَنْ خَابَ مِنْ غَنِيمَةِ كَلْبٍ

کی غنیمت سے محروم رہا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ اِلَّا عِمْرَانُ الْقَطَّانُ

یہ حدیث قتادہ سے عمران القطان روایت کرتے ہیں۔

**9460** - حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ اِسْحَاقَ، نَا عَفَّانُ، نَا عِمْرَانُ، حَدَّثَنِي قَتَادَةُ، حَدَّثَنِي اَبُو نَضْرَةَ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَمْلِكُ رَجُلٌ مِنْ اَهْلِ بَيْتِي اَجْلَى الْجَبْهَةِ، اَقْنَى الْاَنْفِ، يَمْلَأُ الْاَرْضَ قِسْطًا وَعَدْلًا كَمَا مُلِئَتْ ظُلْمًا وَجَوْرًا، يَعِيشُ هَذَا وَبَسَطَ كَفَّهُ الْيُمْنَى، وَبَسَطَ اِلَى جَنْبِهَا اُصْبُعَيْنِ، وَبَسَطَ كَفَّهُ الْيُسْرَى.

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میرے اہل بیت سے ایک آدمی ہوگا' اس کی پیشانی اور ناک میری طرح ہوگی' وہ زمین کو انصاف سے اور عدل سے بھر دے گا جس طرح وہ ظلم اور زیادتی سے بھری تھی' اپنی دائیں ہتھیلی کو پھیلائے گا' اپنی بائیں ہتھیلی کو پھیلائے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ اِلَّا عِمْرَانُ الْقَطَّانُ

یہ حدیث قتادہ سے عمران القطان روایت کرتے ہیں۔

**9461** - حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمَخْرَمِيُّ، نَا عَفَّانُ، نَا يَزِيدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، نَا لَيْثُ بْنُ اَبِي سُلَيْمٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: نُهِينَا اَنْ نَتْبَعَ جِنَازَةً مَعَهَا رَانَّةٌ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: ہمیں ایسا جنازہ پڑھنے سے منع کیا گیا ہے جس کے ساتھ آگ ہو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَزِيدَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ اِلَّا

یہ حدیث یزید بن ابراہیم سے عفان روایت

---

**9460**- أخرجه أبو داؤد: كتاب المهدى جلد4صفحه105 رقم الحديث: 4285 بنحوه . وأحمد فى مسنده جلد3 صفحه17 رقم الحديث: 11136 .

**9461**- أخرجه ابن ماجة: كتاب الجنائز جلد2صفحه504 رقم الحديث: 1583' وأحمد فى مسنده جلد2صفحه92 رقم الحديث: 5670' وفى الزوائد: فى اسناده أبو يحيىٰ القتات الكوفى زاذان' وقيل: دينار . قال الامام أحمد: روى عنه اسرائيل أحاديث كثيرة' مناكير جدًا' وقال ابن معين: فى حديثه ضعف' وقال يعقوب بن سفيان والبزار: لا بأس به .

عَفَّانُ

کرتے ہیں۔

**9462** - حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِسْحَاقَ، نَا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ النَّشِيطِيُّ، نَا جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ عَلَى بَابِي دُرْنُوكٌ فِيهِ خَيْلٌ ذَوَاتُ اَجْنِحَةٍ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلْقُوا هٰذَا

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میرے دروازے پر ایسا پردہ تھا جس میں گھوڑے کی تصویریں تھیں' حضور ﷺ نے اس کو اُتروادیا۔

**9463** - وَبِهِ، قَالَتْ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي بِاللَّيْلِ وَاَنَا مُعْتَرِضَةٌ بَيْنَهُ وَبَيْنَ الْقِبْلَةِ، فَإِذَا اَرَادَ اَنْ يُوتِرَ اَيْقَظَنِي، فَانْسَلَلْتُ مِنْ بَيْنِ يَدَيْهِ انْسِلَالًا

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ رات کو نماز پڑھتے تو میں آپ کے اور قبلہ کے درمیان لیٹی ہوتی تھی' جب آپ وتر پڑھنے کا ارادہ کرتے تو آپ مجھے اپنے ہاتھ سے جگاتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ إِلَّا هٰذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ

جریر بن حازم' ہشام بن عروہ سے یہ دونوں حدیثیں روایت کرتے ہیں۔

**9464** - حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِسْحَاقَ، نَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ الْاَنْصَارِيُّ، نَا مَعْنُ بْنُ عِيسَى الْقَزَّازُ، نَا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنِ ابْنِ اَبِي لَيْلَى، عَنْ دَاوُدَ بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: عَفَوْتُ لَكُمْ، عَنِ الْخَيْلِ وَالرَّقِيقِ وَلَيْسَ فِيمَا دُونَ الْمِئَتَيْنِ زَكَاةٌ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میں تمہیں گھوڑے اور غلاموں سے زکوٰۃ معاف کرتا ہوں سوائے دوسو گھوڑوں کے۔

---

**9462**- أخرجه البخاري: كتاب اللباس جلد **10** صفحه **400** رقم الحديث: **5955**' ومسلم: كتاب اللباس والزينة جلد **3** صفحه **1667** .

**9463**- أخرجه البخاري: كتاب الصلاة جلد **1** صفحه **699-700** رقم الحديث: **512-514**' ومسلم: كتاب صلاة المسافرين وقصرها جلد **1** صفحه **5110** .

**9464**- أخرجه الطبراني في الصغير جلد **2** صفحه **130** بنفس الاسناد وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **3** صفحه **72** . وقال: رواه الطبراني في الصغير والأوسط . وفيه محمد بن أبي ليلى وفيه كلام .

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ مَعْنُ بْنُ عِيسَى

یہ حدیث ابن عباس سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں معن بن عیسیٰ اکیلے ہیں۔

**9465** - حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِسْحَاقَ بْنِ أَبِي إِسْرَائِيلَ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ جَابِرٍ، نا ضَمْضَمُ بْنُ جَوْسِ بْنِ ضَمْضَمٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: رَأَيْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَوَضَّأَ وَمَسَحَ رَأْسَهُ مَرَّةً وَاحِدَةً

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو وضو کرتے ہوئے دیکھا اور آپ نے سر کا مسح ایک مرتبہ کیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ ضَمْضَمِ بْنِ جَوْسٍ إِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ جَابِرٍ

یہ حدیث ضمضم بن جوس، محمد بن جابر سے روایت کرتے ہیں۔

**9466** - حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِسْحَاقَ، حَدَّثَنِي أَبِي، نا مُحَمَّدُ بْنُ جَابِرٍ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ أَبِي ثَابِتٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَكَّةُ حَرَمٌ، لَا يُخْلَى خَلَاؤُهَا، وَلَا يُعْضَدُ شَجَرُهَا، وَلَا يُخَافُ وَحْشُهَا

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: مکہ حرم ہے، اس کی گھاس اور درخت کاٹنا جائز نہیں ہیں اور اس کے وحشی کو ڈرانا جائز نہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ حَبِيبِ بْنِ أَبِي ثَابِتٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ إِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ جَابِرٍ

یہ حدیث حبیب بن ابوثابت سے ابن عباس روایت کرتے ہیں۔ حبیب بن ابوثابت سے محمد بن جابر روایت کرتے ہیں۔

**9467** - حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِسْحَاقَ، حَدَّثَنِي أَبِي، نا مُحَمَّدُ بْنُ جَابِرٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ شَقِيقِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: نَهَانَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ لُحُومِ الْحُمُرِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہمیں پالتو گدھوں کے گوشت اور ان پر سوار ہونے سے منع کیا۔

---

9466- أصله في البخاري: كتاب العلم جلد1صفحه248 رقم الحديث: 112، ومسلم: كتاب الحج جلد2 صفحه986 .

9467- اسناده فيه: يعقوب بن اسحاق شيخ الطبراني ولم أجده . تخريجه: الطبراني في الكبير بنحوه، وانظر: مجمع الزوائد جلد5صفحه50 .

الْاَهْلِيَّةِ؛ اِبْقَاءً عَلَى الظَّهْرِ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْاَعْمَشِ اِلَّا حَبَّانُ وَمُحَمَّدُ بْنُ جَابِرٍ، تَفَرَّدَ بِهِ عَنْ مُحَمَّدُ بْنُ جَابِرٍ: اِسْحَاقُ بْنُ اَبِى اِسْرَائِيلَ، وَتَفَرَّدَ بِهِ عَنْ حَبَّانَ: بَكْرُ بْنُ يَحْيَى بْنِ زَبَانٍ

یہ حدیث اعمش سے حبان اور محمد بن جابر روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں محمد بن جابر اور اسحاق بن ابواسرائیل اکیلے ہیں۔ حبان، بکر بن یحییٰ بن زبان سے روایت کرنے میں اکیلے ہیں۔

**9468** - حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ، حَدَّثَنِى اَبِى، نَا مُحَمَّدُ بْنُ جَابِرٍ، عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: لَمَّا اَتَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَمْعًا اَمَرَ ضَعَفَةَ اَهْلِهِ اَنْ يَتَقَدَّمُوا بِلَيْلٍ، وَقَالَ: لَا تَرْمُوا الْجَمْرَةَ حَتَّى تَطْلُعَ الشَّمْسُ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ جب مزدلفہ آئے تو آپ نے اپنے کمزور گھر والوں کو حکم دیا کہ رات کو چلے جائیں اور سورج طلوع ہونے سے پہلے کنکریاں نہ ماریں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ حَمَّادٍ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ جَابِرٍ وَاَبُو حَنِيفَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جَابِرٍ: اِسْحَاقُ بْنُ اَبِى اِسْرَائِيلَ، وَعَنْ اَبِى حَنِيفَةَ: عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ

یہ حدیث حماد سے محمد بن جابر اور ابوحنیفہ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں محمد بن جابر، اسحاق بن ابواسرائیل اکیلے ہیں۔ ابوحنیفہ، عبدالرحیم بن سلیمان سے روایت کرتے ہیں۔

**9469** - حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنِى اَبِى، نَا مُحَمَّدُ بْنُ جَابِرٍ، عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ عَطَاءِ بْنِ اَبِى رَبَاحٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كُلُّ مُزْدَلِفَةَ مَشْعَرٌ، وَارْتَفِعُوا عَنْ بَطْنِ عُرَنَةَ، وَكُلُّ عَرَفَاتٍ مَوْقِفٌ، وَارْتَفِعُوا عَنْ وَادِى مُحَسِّرٍ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: سارا مزدلفہ ٹھہرنے کی جگہ ہے بطن عرنہ سے چڑھو اور سارا عرفات ٹھہرنے کی جگہ ہے وادیٔ محسر میں آواز بلند کرو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ عَطَاءٍ

یہ حدیث یعقوب بن عطاء سے محمد بن جابر اور

**9468**- أخرج طرفه البخارى: كتاب الحج جلد 3 صفحه 615 رقم الحديث: 1678، ومسلم: كتاب الحج جلد 2 صفحه 941 . وأخرجه بتمامه الترمذى: كتاب الحج جلد 3 صفحه 231 رقم الحديث: 893 . وابن ماجة: كتاب الحج والمناسك جلد 2 صفحه 1007 رقم الحديث: 3025 . وقال أبو عيسىٰ الترمذى: حديث ابن عباس حسن صحيح .

اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ جَابِرٍ وَسُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ

سلیمان بن عیینہ روایت کرتے ہیں۔

**9470** - حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اَبِي اِسْرَائِيلَ، ثَنَا اَبِي، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَابِرٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ اَبِي مَعْمَرٍ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمْسَحُ مَنَاكِبَنَا فِي الصَّلَاةِ، وَيَقُولُ: سَوُّوا الْمَنَاكِبَ، وَاَقِيمُوا الصُّفُوفَ، وَلَا تَخْتَلِفُوا فَتَخْتَلِفَ قُلُوبُكُمْ

حضرت عقبہ بن عمرو رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نماز میں ہمارے کندھوں کو ملاتے اور فرماتے: اپنے کندھے ملاؤ، صفیں سیدھی رکھو اور اختلاف نہ کرو ورنہ تمہارے دل مختلف ہوں گے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ جَابِرٍ، تَفَرَّدَ بِهِ اِسْحَاقُ بْنُ اَبِي اِسْرَائِيلَ

یہ حدیث عمرو بن مرہ سے محمد بن جابر روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں اسحاق بن ابواسرائیل اکیلے ہیں۔

**9471** - حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اَبِي اِسْرَائِيلَ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَابِرٍ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ رُفَيْعٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُقَبِّلُ وَهُوَ صَائِمٌ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ حالتِ روزہ میں بوسہ لیتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ رُفَيْعٍ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ جَابِرٍ وَعُبَيْدَةُ بْنُ حُمَيْدٍ

یہ حدیث عبدالعزیز بن رفیع سے محمد بن جابر اور عبیدہ بن حمید روایت کرتے ہیں۔

**9472** - حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَابِرٍ، عَنِ ابْنِ اَبِي لَيْلَى، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: يَمْحُو اللّٰهُ مَا يَشَاءُ اِلَّا

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: اللہ جو چاہے ختم کرے سوائے بدبختی اور نیک بختی کے اور زندگی موت کے علاوہ۔

---

**9470**- أخرجه مسلم: كتاب الصلاة جلد **1** صفحه **322**، والنسائي: كتاب الامامة جلد **2** صفحه **71** (باب ما يقول الامام اذا تقدم في تسوية الصفوف).

**9471**- أخرجه البخاري: كتاب الصوم جلد **4** صفحه **176** رقم الحديث: **1927**، ومسلم: كتاب الصيام جلد **2** صفحه **776**.

الشِّقْوَةَ وَالسَّعَادَةَ، وَالْحَيَاةَ وَالْمَوْتَ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ أَبِي لَيْلَى إِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ جَابِرٍ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ نَافِعٍ إِلَّا ابْنُ أَبِي لَيْلَى.

یہ حدیث ابن ابولیلیٰ سے محمد بن جابر اور نافع سے ابن ابولیلیٰ روایت کرتے ہیں۔

**9473** - حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِسْحَاقَ، حَدَّثَنِي أَبِي، نَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، نَا عَمَّارٌ الدُّهْنِيُّ، قَالَ: قُلْتُ لِأَبِي إِسْحَاقَ: أَذَكَرْتَ؟ يَعْنِي حَدِيثَ مُسْلِمِ بْنِ نَذِيرٍ، عَنْ حُذَيْفَةَ: أَخَذَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِعَضَلَةِ سَاقِي فَحَدَّثَنِيهِ . قَالَ سُفْيَانُ: ثُمَّ لَقِيتُهُ، فَسَأَلْتُهُ فَحَدَّثَنِي بِهِ.

حضرت عمار الدھنی فرماتے ہیں کہ میں نے ابواسحاق سے عرض کی: کیا مسلم بن نذیر کی حدیث یاد ہے کہ حضرت حذیفہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے پنڈلی پکڑی' انہوں نے مجھے حدیث بیان کی۔ حضرت سفیان فرماتے ہیں کہ پھر میں ان سے ملا' میں نے پوچھا تو مجھے بیان کیا۔

**9474** - حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِسْحَاقَ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيرٍ، ثَنَا أَبِي، عَنْ قَيْسِ بْنِ سَعْدٍ، عَنِ الْحَجَّاجِ بْنِ أَرْطَاةَ، عَنِ الْمِنْهَالِ بْنِ عَمْرٍو حَدِيثَ الْقَبْرِ حَدِيثَ زَاذَانَ، عَنِ الْبَرَاءِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَ حَدِيثِ الْأَعْمَشِ.

حضرت منہال بن عمر قبر والی حدیث اور زاذان براء سے وہ نبی کریم ﷺ سے اعمش والی حدیث کی طرح روایت کرتے ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْحَجَّاجِ إِلَّا قَيْسُ بْنُ سَعْدٍ، وَلَا عَنْ قَيْسِ بْنِ سَعْدٍ إِلَّا جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ، وَلَا عَنْ جَرِيرٍ إِلَّا وَهْبٌ، تَفَرَّدَ بِهِ إِسْحَاقُ بْنُ أَبِي إِسْرَائِيلَ

یہ حدیث حجاج سے قیس بن سعد اور قیس بن سعد سے جریر بن حازم اور جریر سے وہب روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں اسحاق بن ابواسرائیل اکیلے ہیں۔

**9475** - حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِسْحَاقَ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ مَسْمُولٍ،

حضرت جابر رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: پیشانی نہ رکھو مگر سوائے

---

**9473**- أخرجه الترمذي: كتاب اللباس جلد **4** صفحه **247** رقم الحديث: **1783**' وابن ماجة: كتاب اللباس جلد **2** صفحه **1182** رقم الحديث: **3572**' وأحمد في المسند جلد **5** صفحه **382** رقم الحديث: **23305** . قال أبو عيسى الترمذي: هذا حديث حسن صحيح رواه الثوري وشعبة عن أبي اسحاق .

حَدَّثَنِي عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَابِرٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: لَا تُوضَعُ النَّوَاصِي اِلَّا فِي حَجٍّ اَوْ عُمْرَةٍ

حج وعمرہ کے۔

9476 - حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ اِسْحَاقَ، قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي، قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ مَسْمُولٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَابِرٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ضَمَّرَ الْخَيْلَ، وَسَابَقَ بَيْنَهَا، فَرَآنِي رَاكِبًا عَلَى بَعِيرٍ، فَقَالَ: يَا جَابِرُ، لَا تَزَالُ تَتَضَعُهُ اَیْ لَا تَزَالُ تَضْرِبُهُ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے میرے گھوڑے کو حرکت دی' وہ آگے نکل گیا' میں نے آپ کو اس پر سوار دیکھا' فرمایا: جابر مسلسل اس کو نہ مارنا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنْ عُمَرَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ مَسْمُولٍ

یہ دونوں حدیثیں عمر بن محمد بن منکدر سے وہ محمد بن سلیمان بن مسمول روایت کرتے ہیں۔

9477 - حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ، ثَنَا اَبُو كُرَيْبٍ، ثَنَا بَكْرُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِي لَيْلَى، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طَافَ عَلَى رَاحِلَتِهِ، وَفِي يَدِهِ مِحْجَنٌ يَسْتَلِمُ بِهِ الرُّكْنَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سواری پر طواف کیا۔ آپ کے ہاتھ مبارک میں چھڑی تھی' آپ نے ان کو چھڑی کے ساتھ استلام کیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ اِلَّا ابْنُ اَبِي لَيْلَى، تَفَرَّدَ بِهِ عِمْرَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ

یہ حدیث عبدالکریم سے ابن ابولیلیٰ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عمران بن محمد اکیلے ہیں۔

9478 - حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ بْنِ عَبَّادِ بْنِ الْعَوَّامِ الْوَاسِطِيُّ، ثَنَا يَحْيَى بْنُ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ پڑھنے والوں

9477- أخرجه البخاري: كتاب الحج جلد 3 صفحه 552 رقم الحديث: 1607' ومسلم: كتاب الحج جلد 2 صفحه 926 .

عَبْدِ الْحَمِيدِ الْحِمَّانِيُّ، نَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَيْسَ عَلَى اَهْلِ لَا اِلَهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْشَةٌ فِي قُبُورِهِمْ، وَلَا مَنْشَرِهِمْ، وَكَاَنِّي اَنْظُرُ اِلَى اَهْلِ لَا اِلَهَ اِلَّا اللّٰهُ وَهُمْ يَنْفُضُونَ التُّرَابَ عَنْ رُءُوسِهِمْ، وَيَقُولُونَ: الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي اَذْهَبَ عَنَّا الْحَزَنَ

کو قبر میں اور حشر میں پریشانی نہ ہوگی' گویا کہ میں اب بھی وہ منظر دیکھ رہا ہوں کہ لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ پڑھنے والے اپنی قبروں سے اُٹھ رہے ہیں اپنے کپڑوں سے مٹی صاف کرتے ہوئے اور پڑھ رہے ہیں: تمام خوبیاں اللہ کے لیے جو ہم سے غم لے گیا۔

**9479** - حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ اِسْحَاقَ، ثَنَا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، قَالَ: خَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي غَزَاةٍ، فَقَالَ: لَا يَصْحَبْنَا الْيَوْمَ مَنْ آذَى جَارَهُ ، فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ: اَنَا بُلْتُ فِي اَصْلِ حَائِطِ جَارِي؟ فَقَالَ: لَا تَصْحَبْنَا الْيَوْمَ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ ایک جہاد کے لیے نکلے' آپ نے فرمایا: آج ہماری صحبت میں نہ بیٹھے جس نے اپنے پڑوسی کو تکلیف دی' قوم میں سے ایک آدمی نے عرض کی: میں نے اپنے پڑوسی کے باغ میں پیشاب کیا؟ آپ ﷺ نے فرمایا: آج تو بھی ہماری صحبت اختیار نہیں کرسکتا۔

**9480** - وَبِهِ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَكْرَهُ مِنَ الشَّاةِ سَبْعًا: الْمَرَارَةَ، وَالْمَثَانَةَ، والمحياة، وَالذَّكَرَ، وَالْاُنْثَيَيْنِ، وَالْغُدَّةَ، وَالدَّمَ، وَكَانَ اَحَبَّ الشَّاةِ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُقَدَّمُهَا، قَالَ: وَاُتِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِطَعَامٍ، فَاَقْبَلَ الْقَوْمُ يُلْقِمُونَهُ اللَّحْمَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اَطْيَبَ اللَّحْمِ لَحْمُ الظَّهْرِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ بکری میں نو اعضاء کو ناپسند کرتے تھے: پتہ' مثانہ' محیاۃ' ذکر' خصیہ' غدود' خون' آپ ﷺ کو بکری کا گوشت آگے والا حصہ پسند تھا' لوگ آپ کو تحفہ کے طور پر گوشت دیتے تھے۔ حضور ﷺ نے فرمایا: سب سے اچھا گوشت پشت کا گوشت ہوتا ہے۔

**9481** - وَبِهِ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، فِي قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ: (غَافِرِ الذَّنْبِ وَقَابِلِ التَّوْبِ شَدِيدِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ اللہ عزوجل کے ارشاد: "گناہ بخشنے والا اور توبہ قبول کرنے

الْعِقَابِ ذِی الطَّوْلِ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اِلَيْهِ الْمَصِيرُ) (غافر: 3) ، قَالَ: (غَافِرِ الذَّنْبِ) (غافر: 3) لِمَنْ يَقُولُ: لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ ، (قَابِلِ التَّوْبِ) (غافر: 3) مِمَّنْ يَقُولُ: لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ (شَدِيدِ الْعِقَابِ) (البقرة: 196) لِمَنْ لَا يَقُولُ: لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ ، (ذِی الطَّوْلِ) (غافر: 3) ذِی الْغِنَى لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ، كَانَتْ كُفَّارُ قُرَيْشٍ لَا يُوَحِّدُونَهُ، فَوَحَّدَ نَفْسَهُ ، (اِلَيْهِ الْمَصِيرُ) (غافر: 3) اِلَيْهِ يَصِيرُ مَنْ يَقُولُ: لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، فَيَدْخُلُ الْجَنَّةَ، وَيَصِيرُ مَنْ لَا يَقُولُ: لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، فَيُدْخِلُهُ النَّارَ

والا' سخت عذاب دینے والا' بڑے انعام والا' اس کے سوائے کہ کوئی معبود نہیں اس کی طرف پھرنا''۔ فرمایا: گناہ بخشنے والا اس کے لیے ہے جو لا الٰہ الا اللہ پڑھتے ہیں' اس سے توبہ قبول کرنے والا ہے جو لا الٰہ الا اللہ پڑھتے ہیں' اس کو سخت عذاب دینے والا ہے جو لا الٰہ الا اللہ نہیں پڑھتے' بڑے انعام والا کفارِ قریش جو اس کی توحید کا اقرار نہیں کرتے تھے' اللہ پاک نے خود اپنی توحید بیان کی' اس کی طرف لوٹ کر جانا ہے' جو لا الٰہ الا اللہ پڑھنے والے جنت میں داخل ہوں گے' جو لا الٰہ الا اللہ نہیں پڑھتے ہیں وہ جہنم میں داخل ہوں گے۔

9482 - حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ بْنِ عَبَّادِ بْنِ الْعَوَّامِ، نَا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، نَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ، فِي قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ: (وَشَاهِدٍ وَمَشْهُودٍ) (البروج: 3) ، قَالَ: الشَّاهِدُ جَدِّی رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَالْمَشْهُودُ يَوْمُ الْقِيَامَةِ، ثُمَّ تَلَا هَذِهِ الْآيَةَ (اِنَّا اَرْسَلْنَاكَ شَاهِدًا وَمُبَشِّرًا وَنَذِيرًا) (الاحزاب: 45) ، ثُمَّ تَلَا (ذَلِكَ يَوْمٌ مَجْمُوعٌ لَهُ النَّاسُ وَذَلِكَ يَوْمٌ مَشْهُودٌ) (هود: 103)

حضرت حسین بن علی رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ وہ اللہ عزوجل کے ارشاد کی تفسیر کرتے ہوئے ''وشاھد و مشھود'' سے مراد شاہد سے مراد میرے نانا رسول اللہ ﷺ ہیں' مشہود سے مراد قیامت کا دن ہے' پھر آپ نے یہ آیت پڑھی: ''ہم نے آپ کو حاضر ناظر اور خوش خبری دینے والا اور ڈر سنانے والا بنا کر بھیجا'' پھر آپ نے یہ آیت پڑھی: ''یہ لوگوں کے جمع ہونے کا دن ہے' یہ گواہی کا دن ہے''۔

لَمْ يَرْوِ هَذِهِ الْاَحَادِيثَ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ اِلَّا ابْنُهُ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ زَيْدٍ

یہ تمام احادیث زید بن اسلم سے ان کے بیٹے عبدالرحمٰن بن زید روایت کرتے ہیں۔

9483 - حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ مُجَاهِدٍ الْبَصْرِيُّ، نَا الْمُنْذِرُ بْنُ الْوَلِيدِ الْجَارُودِيُّ، ثَنَا اَبِي،

حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے اپنا نانا رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا:

نَا الْحَسَنُ بْنُ اَبِی جَعْفَرٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُحَادَةَ، عَنِ الْحَكَمِ بْنِ عُتَيْبَةَ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ قَالَ: سَمِعْتُ جَدِّي رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَا مِنْ عَبْدٍ صَلَّى صَلَاةَ الصُّبْحِ، ثُمَّ جَلَسَ يَذْكُرُ اللّٰهَ حَتَّى تَطْلُعَ الشَّمْسُ اِلَّا كَانَ لَهُ حِجَابٌ مِنْ جَهَنَّمَ

جوکوئی بندہ صبح کی نماز پڑھ کر سورج کے طلوع ہونے تک اللہ کا ذکر کرتا ہے تو وہ اس کا بیٹھنا جہنم سے پردہ ہو جائے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُحَادَةَ اِلَّا الْحَسَنُ بْنُ اَبِی جَعْفَرٍ، تَفَرَّدَ بِهِ الْمُنْذِرُ عَنْ اَبِيهِ

یہ حدیث محمد بن جحادہ سے حسن بن ابوجعفر روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں منذر اپنے باپ سے اکیلے ہے۔

**9484** - حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ مُجَاهِدٍ، نَا الْمُنْذِرُ بْنُ الْوَلِيدِ، نَا اَبِی، نَا الْحَسَنُ بْنُ اَبِی جَعْفَرٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُحَادَةَ، عَنْ مَرْزُوقٍ، مَوْلَى اَنَسٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: اَمَرَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ نَسْتَغْفِرَ بِالْاَسْحَارِ سَبْعِينَ مَرَّةً

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کو سحری کے وقت ستر مرتبہ استغفار کرنے کا حکم دیتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُحَادَةَ اِلَّا الْحَسَنُ بْنُ اَبِی جَعْفَرٍ

یہ حدیث محمد بن جحادہ سے حسن بن ابوجعفر روایت کرتے ہیں۔

**9485** - حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ مُجَاهِدٍ، ثَنَا الْمُنْذِرُ بْنُ الْوَلِيدِ، نَا اَبِی، نَا الْحَسَنُ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جُحَادَةَ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ حَاتِمٍ، قَالَ: جَاءَ اَعْرَابٌ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي نَحْرِ الظَّهِيرَةِ، مُتَقَلِّدِي السُّيُوفِ مُجْتَابِي النِّمَارِ، فَحَثَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ النَّاسَ عَلَيْهِمْ، فَقَالَ: لِيَتَصَدَّقْ ذُو الدِّينَارِ مِنْ دِينَارِهِ، وَذُو الدِّرْهَمِ مِنْ دِرْهَمِهِ، وَذُو الْبُرِّ مِنْ

حضرت عدی بن حاتم فرماتے ہیں کہ کچھ دیہات کے لوگ حضور ﷺ کے پاس آئے دوپہر کے وقت' تلواریں لٹکائے ہوئے' تہبند پہنے ہوئے' حضور ﷺ نے لوگوں کو صدقہ پر اُبھارا' فرمایا: دینار والا اپنے دینار سے اور درہم والا اپنے درہم سے' گندم والا گندم سے' جو والا جو سے' کھجور والا کھجور سے دے' قیامت کا دن آنے سے پہلے کہ آدمی اپنے آگے' دائیں بائیں جانب' پیچھے آگ ہی دیکھے گا' اس دن جہنم سے بچنے کے لیے کوئی شی

بُـرِّهِ، وَذُو الشَّعِيرِ مِنْ شَعِيرِهِ، وَذُو التَّمرِ مِنْ تَمْرِهِ مِنْ قَبْلِ اَنْ يَاْتِيَ عَلَيْهِ يَوْمٌ، فَيَنْظُرَ اَمَامَهُ فَلا يَرَى اِلَّا النَّـارَ، وَيَـنْـظُرَ عَنْ يَمِينِهِ فَلا يَرَى اِلَّا النَّارَ، وَيَنْظُرَ عَـنْ شِـمَالِهِ فَلا يَرَى اِلَّا النَّارَ، وَيَنْظُرَ مِنْ وَرَائِهِ فَلا يَرَى اِلَّا النَّارَ، فَلا يَرَى شَيْئًا يَتَّقِي بِوَجْهِهِ النَّارَ

نہیں دیکھے گا۔

لَـمْ يَـرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُحَادَةَ اِلَّا الْحَسَنُ بْنُ اَبِي جَعْفَرٍ، تَفَرَّدَ بِهِ الْمُنْذِرُ عَنْ اَبِيهِ

یہ حدیث محمد بن جحادہ سے حسن بن ابوجعفر روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں منذر اپنے والے سے روایت کرنے میں اکیلے ہیں۔

**9486** - وَبِـهِ عَـنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُحَادَةَ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْإِمَامُ ضَامِنٌ، وَالْمُؤَذِّنُ مُؤْتَمَنٌ، اللّٰهُمَّ اَرْشِدِ الْاَئِمَّةَ، وَاغْفِرْ لِلْمُؤَذِّنِينَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: امام ضامن اور مؤذن امانت والا ہوتا ہے' اے اللہ! ائمہ کو ہدایت دے اور مؤذنوں کو بخش دے۔

**9487** - وَبِـهِ قَـالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: خَيْرُ الصَّدَقَةِ مَا اَبْقَتْ غِنًى، وَالْيَدُ الْعُلْيَا خَيْرٌ مِنَ الْيَدِ السُّفْلَى، وَابْدَاْ بِمَنْ تَعُولُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: بہتر صدقہ وہ ہے جو حالت مال داری میں دیا جائے' اوپر والا ہاتھ نیچے والے ہاتھ سے بہتر ہوتا ہے' ابتداء اس سے کر جو تیرے زیر کفالت ہیں۔

**9488** - حَـدَّثَـنَـا يَعْقُوبُ بْنُ مُجَاهِدٍ، نَا الْمُـنْـذِرُ بْنُ الْوَلِيدِ، نَا اَبِي، ثَنَا الْحَسَنُ بْنُ اَبِي جَعْفَرٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُحَادَةَ، عَنْ عَطِيَّةَ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ اَهْـلَ الْـجَنَّةِ لَيَتَرَاءَوْنَ اَهْلَ عِلِّيِّينَ كَمَا يَتَرَاءَى اَهْـلُ الـدُّنْيَا الْكَوْكَبَ الدُّرِّيَّ فِي السَّمَاءِ، وَاِنَّ اَبَا

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جنت والے اعلیٰ علیین والوں کو ایسے دیکھیں گے جس طرح دنیا والے آسمان میں چمکتے ہوئے ستاروں کو دیکھتے ہیں' ابوبکر و عمر دونوں اس سے ہیں' دونوں انعام والے ہیں۔

---

9486- أخرجه أبو داؤد: كتاب الصلاة جلد1صفحه140 رقم الحديث: 517 .

9487- أخرجه البخاري: كتاب الزكاة جلد3صفحه345 رقم الحديث: 1426 .

9488- أصله أخرجه البخاري: كتاب الرقائق جلد11صفحه424 رقم الحديث: 6556 .

بَكْرٍ وَعُمَرَ مِنْهُمْ وَأَنْعَمَا

**9489** - وَبِهِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُحَادَةَ، عَنْ فُلَانِ بْنِ صِيَاحٍ، عَنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ الْأَخْنَسِ، قَالَ: دَخَلْنَا عَلَى الْمُغِيرَةِ بْنِ شُعْبَةَ وَهُوَ أَمِيرٌ عَلَى الْكُوفَةِ، وَعِنْدَهُ سَعِيدُ بْنُ زَيْدٍ، فَدَخَلَ غُنَيْمُ بْنُ عَلْقَمَةَ، فَقَالَ: مَنْ عَلِيٌّ؟ فَقَالَ سَعِيدُ بْنُ زَيْدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ نُفَيْلٍ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: أَبُو بَكْرٍ فِي الْجَنَّةِ، وَعُمَرُ فِي الْجَنَّةِ، وَعَلِيٌّ فِي الْجَنَّةِ، وَعُثْمَانُ فِي الْجَنَّةِ

حضرت مغیرہ بن الاخنس فرماتے ہیں کہ ہم حضرت مغیرہ بن شعبہ کے پاس آئے' آپ اس وقت کوفہ کے امیر تھے' آپ کے پاس حضرت سعید بن زید تھے' حضرت تمیم بن علقمہ آئے' کہنے لگے: علی کون ہے؟ حضرت سعید بن زید بن عمرو بن نفیل فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: ابوبکر' عمر' علی' عثمان جنتی ہیں۔

یہ حدیث معجم کی آخری حدیث ہے' تمام خوبیاں اس پاک پروردگار کے لیے جو ساری کائنات کو پالنے والا ہے۔

آج راقم الحروف نے اللہ عزوجل اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے فضل و کرم سے اور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آل اطہار' صحابہ کرام رضوان اللہ اجمعین خصوصاً سیدنا امام حسن و حسین رضی اللہ عنہما اور اولیاءِ کاملین خصوصاً حضرت مولا علی رضی اللہ عنہ کی والدہ ماجدہ حضرت سیّدہ طیبہ طاہرہ فاطمہ بنت اسد رضی اللہ عنہا' راقم الحروف کو اس کتاب کا ترجمہ کرتے وقت جب بھی مشکل پیش آئی تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو آپ (یعنی سیّدہ فاطمہ بنت اسد رضی اللہ عنہا) کا وسیلہ دیا تو میری مشکل آسان ہوگئی۔ پھر خصوصاً محبوب سبحانی قطب ربانی شہباز لامکانی حضور غوث اعظم مرکز تجلیات منبع فیوض و برکات' مرجع خلائق' حضور سیدی حضرت علی بن عثمان المعروف حضور داتا گنج بخش فیض عالم' عطاءِ رسول حضور خواجہ معین الدین چشتی اور اپنے آقا نعمت سفیر عشقِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم غوث زماں امام العارفین' سید الواصلین' منبع فیوض و برکات گنج علم و عرفان حضور پیر سید غلام دستگیر مشہدی موسوی کاظمی قدس سرہ العزیز اور وارث علوم دستگیر' نائب دستگیر' عکس مشائخ سروبہ حضرت پیر سید احسان الحق مشہدی موسوی کاظمی چشتی دام اللہ ظلہ' زیب سجادہ نشین آستانہ عالیہ سروبہ شریف راولپنڈی اور جامعہ رسولیہ شیرازیہ رضویہ کے جملہ اساتذہ کرام خصوصاً شیخ الحدیث والتفسیر حضرت مفتی گل احمد خان عتیقی دام اللہ ظلہ' جانشین شیخ الحدیث محافظ ناموسِ رسالت مجالد ملت اسلامیہ' شیخ الحدیث حضرت صاحبزادہ رضائے مصطفیٰ نقشبندی' شیخ الحدیث مفتی محمد اشرف

**9489**- أخرجه أبو داؤد: كتاب السنة جلد **4** صفحه **211** رقم الحديث: **4650** مطولًا . والترمذي: كتاب المناقب جلد **5** صفحه **651** رقم الحديث: **3757** مطولًا . وابن ماجة في سننه في المقدمة جلد **1** صفحه **48** رقم الحديث: **133** مطولًا . وأحمد في مسنده جلد **1** صفحه **187** رقم الحديث: **1634** مطولًا . وأبو نعيم في الحلية جلد **1** صفحه **95** مطولًا . قال أبو عيسٰى: محمد بن عيسٰى بن سورة الترمذي: هذا حديث حسن صحيح .

بندیالوی اور مفکر اسلام شیخ الحدیث والتفسیر حضرت ڈاکٹر محمد عارف نعیمی دام اللہ ظلہم اور والد ماجد اللہ رکھا اور والدہ ماجدہ دوت وعزیز واقارب کی دعاؤں کے صدقے سے معجم الاوسط کا مکمل ترجمہ کرنے کی سعادت حاصل ہوئی۔ یہ سب میرے اللہ اور پیارے آقا جانِ کائنات حضور سرورِ کونین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے فضل سے ممکن ہوا۔ اس میں میرا بالکل کوئی کمال نہیں ہے۔ اے اللہ! اپنے پیارے بندوں کے صدقے! اس کو اپنی بارگاہ میں قبول فرما اور یہ کام میرے لیے دنیا وقبر وآخرت کے لیے ذریعۂ نجات کا سبب بنا اور آئندہ بھی مجھے مزید دینِ متین کی خدمت کی سعادت کی توفیق عطا فرما اور تکبر وغرور وحسد سے محفوظ اور حاسد کے حسد اور شریر کی شرٗ ظالم کے ظلم سے محفوظ رکھ۔ اے اللہ! اگر اس میں کوئی مجھ سے غلطی ہوئی ہے تو اس کی معافی فرما، اچھائی ہے تو اس کو قبول فرما۔ آمین بجاہ سید العالمین!

احقر العباد غلام دستگیر چشتی سیالکوٹی غفرلہ

☆☆☆☆☆